مدارج النبوت

جلد اوّل

تصنیف

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ مفتی سیّد غلام معین الدین نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

شبیر برادرز

۴۰۔ اُردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

باسمہٖ تعالیٰ

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

نام کتاب ——— مدارج النبوۃ (جلد اوّل)

تصنیف ——— حضرت شیخ محقق علامہ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

مترجم ——— الحاج مفتی غلام معین الدین نعیمی علیہ الرحمۃ

سن اشاعت ——— جولائی 2004ء

کمپوزنگ ——— words maker Lhr.

باہتمام ——— ملک شبیر حسین

مطبع ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ناشر ——— شبیر برادرز لاہور

قیمت ——— روپے (مکمل سیٹ)

ملنے کے پتے

ادارہ پیغام القرآن زبیدہ سینٹر اُردو بازار لاہور

مکتبہ اشرفیہ مریدکے (ضلع شیخوپورہ)

فہرست مضامین

مختصر تذکرہ ۹
تعارف ..... "
باب اوّل ۱۵
در بیان حسن خلقت جمال صورت یعنی سراپا مبارک ﷺ ..... "
چہرۂ انور .....
چشم مبارک ۱۸
گوشہائے مبارک ۲۰
جبین مبارک ..... "
حواجب شریف (بھنویں) ..... "
بنی شریف ۲۱
دہن شریف ..... "
لعاب دہن شریف ۲۲
تبسم شریف ..... "
آواز مبارک ۲۳
بیان فصاحت شریف ..... "
بیان جوامع الکلم ۲۴
اوّل حدیث ..... "
سر مبارک ۲۶
موئے مبارک ..... "
مسئلہ خضاب کی وضاحت ۲۸
لحیہ شریف ۲۹
عانہ شریف ۳۰
گردن شریف ۳۱
منکبین شریف ۳۱
صدر شریف ..... "
قلب اطہر ..... "
بطن اطہر ..... "
سینہ کے موئے مبارک ۳۶
بغل شریف ..... "
ظہر شریف یعنی پشت مبارک ..... "
مہر نبوت ..... "
دستہائے مبارک ۳۳
قدم مبارک ۳۵
پنڈلیاں شریف ۳۷
قامت زیبا ..... "
بے سایہ وسائبان عالم ..... "
رنگ مبارک ..... "
مستی و رفتار مبارک ۳۹
اقسام رفتار ۴۰
پسینہ وفضلات کی خوشبو ..... "
دست مبارک کی خوشبو ۴۱
بوقت قضائے حاجت زمین کا شق ہو جانا ۴۲
بول مبارک ..... "
ازدواجی زندگی مبارک ۴۳
احتلام سے محفوظ ہونا ۴۴
تکملہ ..... "

باب دوم ۴۸
در بیان اخلاقِ عظیمہ وصفاتِ کریمہ ﷺ ..... "
بعض نبیوں کے بچپنے کی حالت کا بیان ۴۹
حضور ﷺ کے اخلاقِ کریمہ کی ایک جھلک ۵۱
بیان رسالت عامہ ۵۴
علم وعقل مبارک ۵۵
صبر، حلم اور عفو ۵۶
تواضع، ادب اور احترام معاشرت ۶۲
ازواجِ مطہرات کے ساتھ حسن سلوک ۶۸
کیفیت مزاح وملاعبت ۷۰
ابتداء بالسلام ۷۱
جود وسخا ..... "
شجاعت اور بازوؤں کی قوت وطاقت ۷۶
حکایت ..... "
حیائے مبارک ۷۷
حیا کے بارے میں مشائخ کا مذہب ۷۸
شفقت، رافت اور رحمت ۷۹
وفا وحسن عہد صلہ رحمی اور عیادت ۸۰
عدل وامانت اور عفت وصدق کلامی ۸۱
عفت ۸۳
عدل ..... "
وقار ودبدبہ، خاموشی ومروّت اور راہ وروش ۸۴
زُہد ۸۷
خوف وخشیتِ الٰہی وسختی طاقت اور شدت عبادت ۸۹
قرآن پاک میں مذکورہ صفات خصائل مبارک ۹۰
باب سوم ۹۲
در بیان فضل وشرف از آیاتِ قرآنیہ واحادیث صحیحہ ..... "
بیان نور وسراج ۹۴
ندا بذکر صفات ۹۶
حق تعالیٰ کا حضور ﷺ کی قسم یاد فرمانا ۹۶
شہر حرام کی قسم ۹۷
زمانہ کی قسم ۹۸
تکریم وتنزیہہ اور تعظیم الٰہی، وعدہ اعطائے نعم ۱۰۰
سورۃ النجم ۱۰۱
سورۃ طٰہٰ یٰسین ۱۰۳
درود وسلام ۱۰۴
سورۂ فتح ۱۰۵
سورۂ کوثر ۱۰۹
آیہ میثاق ۱۱۲
باہم تفصیل رسل ۱۱۴
مسئلہ فضل بشر بھر ملک ۱۱۷
خصوصی قدر ومنزل ۱۱۸
ازالہ شبہات از بعض آیات مبہمات ۱۲۱
رفع وزر ۱۲۴
کفار اور منافقین کی عدم اطاعت کا مسئلہ ۱۲۶
نزول قرآن پر شک وتردد کا مسئلہ ۱۲۷
نسبت جہل کا مسئلہ ۱۲۹
تلاوت میں شیطان کی دخل اندازی کا مسئلہ ۱۳۰
حضرت ابن اُم مکتوم نابینا کا واقعہ ۱۳۱
منافقین کو اجازت دینے کا مسئلہ ..... "
منافقین کی طرف میلان کا مسئلہ ۱۳۲
اسیرانِ بدر سے فدیہ لینے کا مسئلہ ۱۳۳
اظہار سطوت وغلبہ ربوبیت ۱۳۵
تفصیلی علم کا مسئلہ ..... "
باب چہارم ۱۳۶
حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اُمتی ہونے کی تمنا ۱۳۹
وہ خبریں جن میں یہود کو پہلے ہی سے حضور ﷺ کی
نبوت کی صداقت کا علم تھا ۱۴۰

نوریت وانجیل وغیرہ سے بشارتیں ۱۴۱
توریت کی دوسری بشارت ۱۴۲
انجیل کی بشارتیں ..... "
زبور کی بشارتیں ۱۴۵
صحائف انبیاء میں ذکر جمیل ۱۴۶
صحیفہ ابراہیم میں ذکر جمیل ..... "
کتاب حبقوق میں ذکر جمیل ۱۴۷
صحیفہ شعیاء علیہ السلام میں ذکر جمیل ۱۴۸
بشارت پر مشتمل چند روایات ۱۴۹
باب پنجم ۱۵۵
ذکر فضائل مشترکہ مابین حضور ﷺ وانبیاء کرام علیہ السلام
ودیگر فضائل مختصہ ..... "
حضرت آدم اور ہمارے نبی علیہما السلام ..... "
حضرت ادریس اور ہمارے نبی علیہما السلام ۱۵۶
حضرت نوح اور ہمارے نبی علیہما السلام ..... "
حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور ہمارے نبی علیہما السلام ..... "
مقام خلت ومحبت ۱۵۷
شکست اصنام ..... "
تعمیر خانہ کعبہ ..... "
حضرت موسیٰ اور ہمارے نبی علیہما السلام .....
قبول دعا ۱۵۸
پانی بہانا ..... "
کلام فرمانا ..... "
فصاحت وبلاغت ..... "
حضرت یوسف کا حسن اور ہمارے نبی علیہما السلام ..... "
تعبیر خواب ۱۵۹
حضرت داؤد اور ہمارے نبی علیہما السلام ..... "
حضرت سلیمان اور ہمارے نبی علیہما السلام .....
حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ہمارے نبی علیہما السلام ۱۶۰
فضائل ومعجزات مختصہ ۱۶۱
خصائص صفات واحوال ۱۶۳
اسم مبارک پر نام رکھنا ۱۸۰
بارگاہ نبوی میں بلند آواز کی ممانعت ۱۸۱
اُمت محمدیہ ﷺ کے فضائل وخصائص ۱۹۵
عبادات میں اس اُمت کی خصوصیات ۱۹۷
اعمال میں خصوصیات ۱۹۹
اولیاء کرام اور مردان غیب ۲۰۴
قبر وحشر میں اس کے خصائص ۲۰۵
ایصال ثواب کا ثبوت ۲۰۶
ذکر معراج مبارک ۲۰۹
اثبات معراج شریف ۲۱۲
ذکر براق ۲۱۳
سدرۃ المنتہیٰ پہنچنا ۲۱۷
رویت الٰہی ۲۲۱
مراجعت از معراج شریف ۲۲۵
دیدار الٰہی میں اختلاف سلف ۲۲۶
باب ششم ۲۲۹
وہ معجزات جو رسول اللہ ﷺ کی محبت نبوت اور صداقت رسالت
پر دلیل ونشان ہیں ..... "
اُمی ہونا معجزہ ہے ۲۳۰
اعظم معجزات قرآن کریم ۲۳۱
معجزہ شق قمر ۲۳۸
سورج کا لوٹانا ۲۴۰
انگشتہائے مبارک سے پانی کا چشمہ جاری کرنا .....
کم پانی کو زیادہ کرنا ۲۴۲
معجزات در طعام وغیرہ ۲۴۴
حیوانات کا کلام کرنا اور اطاعت بجالانا ۲۴۹
کلام حیوانات ..... "

کلام گرگ ۵۰
کلام آہو ۲۵۱
کلام حمار ۲۵۲
تسخیر شیر ..... "
اطاعت نباتات ..... "
اطاعت جمادات ۲۵۴
حنین جذع یعنی استن حنانہ کا بیان ۲۵۶
پہاڑ کا کلام کرنا ..... "
کنکریوں کا تسبیح کرنا ۲۵۷
تسبیح طعام ۲۵۸
شیر خوار بچوں کا بولنا اور شہادت دینا ..... "
بیماروں کو تندرست کرنا اور مردوں کو زندہ کرنا ۲۵۹
احیائے موتیٰ ۲۶۰
اجابت دعا ۲۶۲
کرامات و برکات حضور ﷺ ۲۶۴
اطلاع بر علوم غیبیہ ۲۶۷
حفظ و عصمت سید عالم ﷺ ۲۷۷
علوم و خصائص مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء ۲۸۸
تتمہ بیان معجزات ۲۸۲
عیادت مریض یعنی بیمار پرسی اور معالجہ ۲۸۴
آیاتِ شفا ۲۸۸
نادز ہر عقرب ۲۸۹
رقیہ ہائے ماثورہ ۲۹۲
بدنظری ۲۹۳
حکایت ۲۹۴
ذکر سحر ۲۹۶
رقیہ ہائے برائے نظر اور برائے جمیع امراض و آلام و بلا ۲۹۹
خوف اور بے خوابی کی دعا ۳۰۰
کرب و غم کی دعا ..... "
لاحول ولاقوۃ کا عمل ۳۰۱
آیۃ الکرسی اور خواتیم سورۂ بقر کا عمل ..... "
جامع دعا ..... "
دعائے فقر ..... "
کیمیائے مشائخ ..... "
آگ بجھانے کی دعا ۳۰۲
مرگی کی دعا ..... "
دردسر کی دعا ..... "
دعائے درد دنداں ..... "
پتھری اور حبس بول کی دعا ۳۰۵
تپش یعنی بخار کی دعا ..... "
خراج و خارش کی دعا ۳۰۴
دعائے عسر ولادت ..... "
تکسیر کی دعا ..... "
ہر درد و بلا کی دعا ..... "
ذکر لاحول ولاقوۃ الا باللہ ۳۰۵
دعا بوقت طعام ..... "
اُم الصبیان کی دعا ..... "
دعائے حفیظ رمضان ..... "
طب نبوی ہادویہ طبیہ ۳۰۶
ذکر تعبیر رؤیا یعنی خواب ۳۰۸
سچے خواب کا وقت ۳۱۰
معبرین کو حضور ﷺ کی نصیحت ۳۱۱
آداب معبرین ..... "
خواب دیکھنے والے کے آداب ۳۱۲
رویائے نبوی اور تعبیرات نبوی ۳۱۳
روئے صحابہ اور تعبیرات نبوی ﷺ ۳۱۸
استفسار رویا کو ترک فرمانے کا سبب ۳۲۱
باب ہفتم ۳۲۴

در اسماء نبوی ﷺ ۳۲۴
اسمائے باری تعالیٰ سے حضور کو مشرف فرمانا ۳۳۰
چار سو سے زیادہ اسماء سید عالم ﷺ ۳۳۶
باب ہشتم ۳۴۱
عالم آخرت کے مخصوص درجات اور فضائل و کمالات ..... "
طواف فرشتگان بر قبر حضور ۳۴۲
لواء الحمد ۳۴۳
حوض کوثر ۳۴۵
فضیلت شفاعت اور مقام محمود ۳۴۶
حدیث شفاعت ۳۴۷
مقامات شفاعت ۳۵۰
ذکر مسافت صراط ..... "
میزان کی کیفیت ۳۵۱
ذکر مقام وسیلہ فیصلہ اور حد درجہ رفیعہ ۳۵۴
باب نہم ۳۵۹
در حقوق و واجبات نبوت ..... "
ایمان میں کمی و بیشی کا مسئلہ ۳۶۱
وجوب طاعت و اتباع سنت و اقتدائے سیرت ۳۶۲
بدعت کی بحث ۳۶۴
بدعت کے انواع ..... "
حکایت بر اتباع سنت ..... "
آداب بارگاہ نبوت ۳۶۵
خلیفہ وقت سے امام مالک کا مناظرہ ۳۶۶
وجوب محبت اور تمام مخلوق سے محبوب تر ماننا ۳۶۸
معیت و محبوبیت ۳۷۱
بیان رویت ۳۷۲
علامات محبت رسول ﷺ ۳۷۴
وجوب مناصحت و خیر خواہی ۳۸۱
صحابہ کرام کا تعظیم و توقیر بجالانا ۳۸۳
تعظیم در روایۂ حدیث رسول ﷺ ۳۸۵
اہل بیت و ازواج نبوی کی تعظیم و توقیر ۳۸۶
صحابہ کرام کی تعظیم و توقیر ۳۹۲
متعلقات نبوی یعنی اماکن و مقامات مقدسہ وغیرہ کی تعظیم و توقیر ۳۹۶
وجوب صلوٰۃ و سلام اور اس کی فضیلت ۳۹۷
تشہد میں درود کی کیفیت ۴۰۰
مقامات درود و سلام ۴۰۱
فضائل و نتائج درود و سلام ۴۰۷
ترک عادت درود پر وعید و مذمت ۴۱۱
اختلاف صلوٰۃ بر غیر آنحضرت ﷺ ۴۱۲
باب دہم ۴۱۶
انواع عبادات نبوی کے بیان میں ..... "
مقصود آفرینش عبادت رب ہے ..... "
نوع اوّل در طہارت ۴۱۷
مسواک ۴۱۸
پانی کی مقدار ۴۲۰
سر کا مسح ۴۲۳
مسح گوش ۴۲۴
پاؤں کا دھونا ..... "
داڑھی میں خلال کرنا ۴۲۵
ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال ..... "
انگوٹھی کو حرکت دینا ..... "
گردن کا مسح ..... "
اذکار وضو ۴۲۶
موزوں پر مسح کرنا ۴۲۷
مدت مسح خفین ۴۲۸
تیمم ۴۲۹
بیان غسل شریف ۴۳۰
نوع دوم در نماز حضور اکرم ﷺ ۴۳۱

ذکر اذان ۴۳۴
افتتاح صلوٰۃ (تکبیر تحریمہ) ۴۳۷
دعاہائے ماثورہ در سجدہ ۴۴۴
تشہد میں بیٹھنا ۴۴۵
عمل کثیر کی تعریف ۴۵۱
بعد نماز ذکر و دعا ۴۵۴
سجدۂ سہو ۴۵۹
سجدۂ تلاوت ۴۶۱
سجدۂ شکر ۴۶۳
نمازِ جمعہ ۴۶۴
خصائص یوم جمعہ ۴۶۶
فضیلت یوم جمعہ در روزِ آخرت ۴۶۹
خطبہ جمعہ ۴۷۱
نمازِ تہجد ۴۷۴
سنت فجر ۴۷۷
قیام در شب برات ۴۷۸
چاشت کی نماز ۴۹۰
نمازِ عید ۴۸۳
غسل در روز عیدین ۴۸۵
نمازِ استسقاء ۴۸۷
گہن میں نماز ۴۹۱
حالت خوف کی نماز ۴۹۲
سفر میں عبادت ۴۹۴
نمازِ جنازہ ۴۹۷
سنن رواتب و مؤکدہ ۵۰۲
نوع سوم در زکوٰۃ صدقات نافلہ ۵۰۵
نوع چہارم در صوم ۵۰۸
صوم وصال ۵۱۰
اُمتی کے لئے صوم وصال کا مسئلہ ۵۱۱
نوع پنجم در حج و عمرہ ۵۱۲
نوع ششم در عبادات و اذکار و دعوات و استغفار و اقرأت ۵۱۵
ذکر رسول ﷺ ..... "
قرأت نبوی ۵۲۲
مسئلہ سماع ۵۲۵
مسئلہ سماع میں نصیحت ۵۲۹
ساز و مزامیر ۵۳۰
باب یازدھم ۵۳۴
کھانے، پینے، پہننے، نکاح کرنے اور سونے میں عبادت شریف ..... "
نوع اوّل در طعام و آب ..... "
غذائے مبارک ۵۳۸
گوشت مبارک ۵۳۹
ثرید ۵۴۱
کدو ..... "
پیٹھا ..... "
پھل ۵۴۲
کھانے کا مسنون طریقہ ۵۴۴
پانی پینا ۵۴۷
نوع دوم، در لباس مبارک ۵۵۰
عمامہ نبوی ۵۵۲
پیرہن مبارک اور تہبند مبارک ۵۵۳
انگشتری مبارک ۵۵۹
خفین شریف ۵۶۱
نعلین شریف ..... "
بستر شریف ۵۶۲
نوع سوم، در نکاح مبارک ۵۶۳
وجہ حکمت کثرت الزواج رسول اللہ ﷺ ۵۶۵
خواب و استراحت رسول اللہ ﷺ ..... "

مصنف کتاب

مستطاب مدارج النبوت شیخ المحققین سیّد العلماء المدققین سند الفضلاء برکات النبلاء

حضرت علامہ محمد عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا

مختصر تذکرہ

حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی محمد عبدالحق بن سیف الدین بن سعد اللہ ترک دہلوی بخاری ہے۔ آپ کی کنیت ابوالمجد تھی۔ آپ کے آباواجداد اصل میں بخارا کے رہنے والے تھے جو دہلی میں آ کر سکونت پذیر ہوئے اور آپ شہر دہلی میں سن ۹۵۸ھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے کے فقیہہ' محقق' محدث' مدقق' بقیۃ السلف' حجۃ الخلف' مورخ اضبطہ' فخر مسلمانان برصغیر (پاک وہند) اور جامع علوم ظاہری وباطنی تھے۔

آپ ہی وہ شیخ الکامل ہیں جنہوں نے عرب سے علم حدیث لا کر اس ملک کو مالا مال کیا اور نور مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم سے جہان بھر کو منور فرمایا اور اپنی تصنیفات جلیلہ ورفیعہ سے فن حدیث کو تمام ممالک ہندو پاکستان کے خطہ خطہ میں پھلایا۔ آپ کے فن حدیث میں آپ کی تصانیف وتنقیدات سے کسی موافق ومخالف کو اصلا شک وشبہ نہیں ہوسکتا۔ ان سے ہمیں سروکار نہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے چشم بینا سے بے بہرہ کر دیا ہے یا آنکھوں میں تعصب کی پٹی باندھ رکھی ہے۔ اعاذنا اللہ تعالیٰ عنہا۔

آپ نے بائیس سال کی عمر میں اکثر وبیشتر علوم دینیہ' عقلیہ ونقلیہ سے فراغت حاصل کر کے اور حفظ قرآن کر کے مسند اقادت پر تمکن واجلاس فرمایا اور عین عالم شباب میں جذبہ الٰہی نے ایسا سرشار کیا کہ دفعتاً یار ودیار سے دل اٹھا کر حرمین شریفین کو متوجہ ہو گئے اور عرصہ دراز تک وہاں قیام فرما کر وہاں کے اولیاء کبار اور اقطاب زمانہ خصوصاً شیخ عبدالوہاب متقی' خلیفہ شیخ علی متقی کی صحبت اختیار کر کے فن حدیث کی تکمیل کی اور مع برکات فراواں وطن مالوف (دہلی) مراجعت فرمائی اور باون سال کی عمر میں ظاہر وباطن کی جمعیت سے تمکنت حاصل کر کے تکمیل فرزندان وطالبان میں مصروف ہوئے۔ اخبار الاخیار مطبع مجتبائی دہلی سن ۱۳۰۹ھ صفحہ ۲۸۹ کے خاتمہ میں شیخ نے اپنا حال اس طرح لکھا ہے کہ (ترجمہ)

''میں تین چار سال کا بچہ تھا کہ والد ماجد نے اہل حقیقت کی باتیں اس فقیر کے کام جان میں ڈالیں اور تربیت باطنی کو ضمیمہ شفقت ظاہری فرمایا۔ ان میں سے کچھ باتیں جو اس وقت میرے گوش ہوش میں ڈالی گئی تھیں۔ اب تک خزانہ خیال میں یاد ہیں۔ جو ندرت وغرابت سے خالی نہیں ہیں اور عجیب تر بات یہ ہے کہ جس وقت میرا دودھ چھڑایا گیا تھا اور میری عمر اس وقت دو ڈھائی سال کی تھی۔ اس وقت کی بات ایسی یاد ہے کہ گویا کل کی بات ہے۔ والد ماجد قرآن مجید' سبق سبق لکھتے تھے اور میں پڑھا کرتا تھا۔ یہاں تک کہ دو تین مہینے میں تمام قرآن کریم میں نے پڑھ لیا اور ایک ماہ میں کتابت کی قدرت اور انشاء کا سلیقہ حاصل ہو گیا اور نظم واشعار کی کتابوں سے بھی میں

نے چیدہ چیدہ ہدایت وارشاد کو مطالعہ کیا۔ بارہ سال کا تھا کہ شرح شمسیہ اور شرح عقائد پڑھتا تھا اور پندرھویں سال میں مختصر اور مطول ختم کی۔ بعدازاں حفظ قرآن پاک کیا اور اسی قیاس پر باقی کتابوں پر عبور حاصل کیا۔ سات آٹھ سال تک فقہا ماوراء النہر کے درس میں رہا۔ وہ فرمایا کرتے تھے ''ہم نے تجھ سے فائدہ اٹھایا ہے ہمارا تم پر کوئی احسان نہیں ہے''۔ بچپنے سے ہی میں نہیں جانتا تھا کہ کھیل کیا ہوتا ہے اور خواب وآرام کیا چیز ہے۔ تحصیل علم کے شوق میں کبھی وقت پر کھانا کھایا نہ وقت پر سویا۔ موسم گرما ہو یا موسم سرما دو میل کی مسافت طے کر کے دہلی میں روزانہ مدرسہ جایا کرتا تھا اور چراغ کی روشنی میں روزانہ ایک جزو لکھا کرتا تھا۔ باوجود تقسیم اوقات کے میں مطالعہ کتب وابحاث میں مصروف رہتا اور علم حاضر کے مطابق ان پر حواشی وشروح کو قید کتابت میں لاتا جس طرح کہ مقولہ ہے کہ ''العلم صید' والکتابته قید' تعلیم التعلم''.

مطالعہ کتب وغیرہ کے انہماک میں کئی مرتبہ میری دستار اور بالوں میں چراغ سے آگ لگی اور مجھے اس وقت پتہ چلتا جب کہ حرارت دماغ کو محسوس ہوتی۔ اس کے باوجود بچپنے سے ہی درود وسلام' اوراد ووظائف' شب خیزی اور مناجات میں اس قدر عملی جہد وسعی رہتی تھی کہ لوگ حیران تھے۔ اب تک تعلیم واستفادہ کے ساتھ زندگی بسر کر رہا ہوں اور حضور وجمعیت میرے اختلاط پر موقوف نہیں اور زید وعمر کے ذکر سے بھی جو نحوی ترکیبوں میں مذکور ہوتا ہے ملال ہے اور بموجب والد ماجد کی نصیحت وصیت کے کہ ''خبردار خشک ملا نہ بننا'' ہمیشہ عشق ومحبت رسول ﷺ میں سرشار رہنا۔ یہاں تک کہ حق تبارک وتعالیٰ اپنی طرف بلائے اور اپنے گھر کی طرف لے جائے اور جو کچھ حضور اکرم ﷺ کی بشارت سے انعام پایا ہے بیان نہیں کر سکتا انتہی۔ یہ بھی واضح کر دینا مناسب ہے کہ آپ کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ جن کا اسم گرامی سیف الدین تخلص سیفی تھا وہ ہندوستان کے اجل افاضل اور اکابر علماء کرام میں سے تھے جو سلامت سخن اور درستگی زبان میں ممتاز تھے۔ حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ والد ماجد کا سر سے ظاہری سایہ کا اٹھ جانا حضرت امیر خسرو علیہ الرحمہ کے اس مرثیہ کے مطابق تھا جو انہوں نے اپنے والد ماجد کے انتقال کے وقت فرمایا تھا۔

سیف از سرم گزشت ودل من دونیم ماندہ دریائے رواں شد ودریتیم ماندہ

آپ کی تصانیف وتالیفات کے بہت سے رسالے طریقۂ تصوف' توحید اور اشعار میں تھے۔ حضرت شیخ محقق شاہ محمد عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات وتصنیفات صغیر وکبیر کی سو جلدیں ہیں اور بحسب شمار ابیات کے پانچ لاکھ تک پہنچتی ہیں۔ آپ کی مشہور تر تصانیف یہ ہیں۔

(۱) لمعات التنقیح فی شرح مشکوٰة المصابیح' اسی ہزار ابیات کے قریب ہیں۔ اور عربی زبان میں ہے یہ کتاب ابھی تک نہیں چھپی ہے۔ قلمی نسخے' بانکی پور' رامپور' حیدرآباد دکن' دہلی اور علی گڑھ میں موجود ہیں۔

(۲) اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ' یہ فارسی زبان میں ہے۔ افسوس ہے کہ بعض حضرات دونوں کتابوں میں فرق نہیں کرتے اور سمجھتے ہیں کہ ایک ہی کتاب ہے۔ حالانکہ لمعات التنقیح ابھی تک چھپی ہی نہیں صرف قلمی نسخے پائے جاتے ہیں۔

(۳) شرح سفر السعادۃ یا طریق القویم فی شرح صراط مستقیم یا طریق الافادہ فی شرح سفر السعادۃ' (۴) اخبار الاخیار (۵) جذب القلوب الی دیار المحبوب (۶) جامع البرکات (۷) مرج البحرین فی جمع بین الطریقین درجمع بیان شریعت وطریقت (۸) زبدۃ الآثار منتخب بہجۃ الاسرار' درمناقب غوث اعظم رضی اللہ عنہ (۹) زاد المتقین (۱۰) فتح المنان فی مناقب النعمان (۱۱) تحصیل التعرف فی معرفۃ الفقہ والتصوف (۱۲) توصیل الرید الی الرد بیان الاذکار والاضراب والاوراد (۱۳) شرح فتوح الغیب (۱۴) تکمیل الایمان وتقویت

الایقان (۱۵) ماثبت من السنۃ فی ایام السنۃ' عربی زبان میں ہے (۱۶) مدارج النبوت ومراتب الفتوۃ فارسی میں ہے جس کا ترجمہ یہ مترجم غفرلہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے بایمائے حضرت مولانا محمد اطہر صاحب نعیمی مدظلہ شائع فرما رہے ہیں۔

حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات اور تصنیفات کی تفصیل ''حدائق الحنفیہ'' اور التالیف قلب الانیف بکتابۃ فہرس التوالیف میں ملاحظہ فرمائیں۔ شیخ محقق کی تصنیفات پاکستان اور ہندوستان وغیرہ میں مقبول خاص وعام ہیں اور شہرت تمام رکھتی ہیں اور تمام مفید ومحققانہ ہیں۔ آپ نے حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں ایک قصیدہ ساٹھ ابیات کا لکھا ہے اور مدینہ منورہ پہنچ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں ان کو پڑھا جس کا پہلا بیت یہ ہے

بیا اے دل دمے از ہستی خود ترک دعوی کن
میفگن چشم برصورت نظر درعین مفتی کن

آپ کی ولادت کی تاریخ ''شیخ اولیاء'' ۹۵۸ھ مطابق ۱۵۵۱ء اور تاریخ رحلت ''فخر العلماء'' ۱۰۵۲ھ اور فخر العالم ۱۰۵۲ھ ہے۔ آپ کا مقبرہ حضرت قطب صاحب رحمۃ اللہ علیہ مہرولی واقع دہلی میں حوض شمسی کے کنارہ پر واقع ہے۔

اولاد: آپ کے ایک صاحب زادے حضرت مولانا نور الحق رحمۃ اللہ علیہ بڑے فقیہہ' محدث' جامع کمالات صوری ومعنوی اور فاضل متجر اور عالم ماہر تھے جو اپنے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ ومرید' خلف السعید اور یگانۂ روزگار تھے۔ چونکہ صاحب قران' شاہجہاں ایام شہزادگی سے آپ کے جوہر استعداد عالی سے اطلاع رکھتے تھے۔ جب وہ دکن جانے لگے تو آپ کو اکبر آباد کا قاضی مقرر کر گئے۔ چنانچہ آپ نے ایک مدت تک منصب قضاء کو باحسن وخوبی ادا کیا۔ آپ نے تصانیف بھی بہت فرمائیں جس طرح کہ آپ کے والد رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمہ وتشریح مشکوۃ میں دست احسان دراز فرمایا اسی طرح آپ نے ترجمہ فارسی صحیح میں صلائے فیض عام دے کر تیسیر القاری فی شرح البخاری اور نیز شرح مسلم تصنیف فرمائی اور نوے سال کی عمر میں ۱۰۷۳ھ میں دہلی میں وفات پائی ''شیخ الاسلام'' سن ۱۰۷۳ھ مادۂ تاریخ ہے (حدائق حنفیہ)

اللہ تعالیٰ آپ کے فیوض وبرکات سے طابع وناشر' مترجم' کمپوزر اور تمام مسلمانوں کو مالا مال فرمائے اور صراط مستقیم پر قائم ودائم رکھے آمین

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین وبارك وسلم آمین۔

فقیر پُرتقصیر غلام معین الدین النعیمی غفرلہ المراد آبادی

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

وہی ذات اوّل وآخر اور ظاہر و باطن ہے اور وہی ہر شے کا جاننے والا ہے۔

یہ کلمات اعجاز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں حمد وثنا پر بھی مشتمل ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی کبریائی کے ذکر و بیان کے خطبہ میں ارشاد فرمایا اور حضور اکرم سیّد عالم ﷺ کی نعت وصفت کو بھی شامل ہیں کیونکہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے ان اسماء وصفات کے ساتھ آپ کی توصیف فرمائی باوجود یکہ یہ اسماء منجملہ اسماء حسنیٰ بھی ہیں۔ اور وحی متلو (جس کی تلاوت کی جاتی ہے جو کہ بواسط جبریل علیہ السلام خدا کا ارشاد ہوتا ہے) وحی غیر متلو (جس کی تلاوت نہ کی جائے جو بغیر کسی واسطہ کے القاء خواب اور براہ راست کلام الٰہی کا نزول ہو) ان دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کا نام نامی اسم گرامی قرار دے کر آپ کے حلیہ مبارک حسن و جمال اور کمال وخصال کا آئینہ دار بنایا۔ اگر چہ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء صفات سے متخلق ومتصف ہیں اس کے باوجود خصوصیت کے ساتھ ان میں سے کچھ صفات کو نامزد کر کے گنایا۔ مثلاً نورٌ، علیمٌ، حکیمٌ، مؤمنٌ، مهیمنٌ، ولیٌّ، هادیٌ، رؤف اور رحیمٌ وغیرہ اور یہ چاروں مذکورہ اسماء صفات یعنی اول، آخر، ظاہر، باطن بھی انہیں قبیل سے ہیں۔

حضور ﷺ کی شان اوّلیت: اب رہا یہ امر کہ حضور اکرم ﷺ کا اسم موجودات میں سب سے اوّل ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِیْ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو وجود بخشا۔ ۲- یہ کہ آپ مرتبہ نبوت میں بھی اوّل ہیں چنانچہ حدیث پاک میں ہے: كُنْتُ نَبِيًّا وَاٰدَمُ لَمُنْجَدِلٌ فِيْ طِيْنَتِهٖ (میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم اپنے خمیر میں ہی تھے)۔ ۳- یہ کہ آپ ہی روز میثاق سارے جہان سے پہلے جواب دینے والے تھے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ (کیا میں تمہارا رب نہیں؟) قَالُوْا بَلٰى سب نے کہا: ہاں؟۔ ۴- یہ کہ آپ ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں چنانچہ فرمایا: وَاَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ (اللہ پر جو سب سے پہلے ایمان لائے اور اس کے حکم کی تعمیل کی ان میں سب سے پہلے مومن ہوں) ۵- یہ کہ جب زمین شق ہوگی اور لوگ اس سے نکلیں گے تو میرے لیے سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔ ۶- یہ کہ (روز قیامت) سب سے پہلے میں ہی سجدہ کرنے کی اجازت پاؤں گا۔ ۷- یہ کہ باب شفاعت سب سے پہلے میرے لیے ہی کھلے گا۔ ۸- یہ کہ سب سے پہلے میں ہی جنت میں داخل ہوں گا۔

شان آخر: اس سبقت واولیت کے باوجود بعثت ورسالت میں آپ آخر ہیں چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ (لیکن آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں) اور ۲- یہ کہ کتابوں میں آپ کی کتاب قرآن کریم آخری اور دینوں میں آپ کا دین آخری ہے چنانچہ فرمایا: نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ تمام سبقتوں کے باوجود بعثت میں ہم آخری ہیں۔ کیونکہ بعثت میں یہ آخریت وخاتمیت اور فضیلت میں اولیت وسابقیت کا موجب ہے۔ اس لیے کہ آپ ہی گزشتہ تمام کتابوں اور دینوں کے ماحی اور ناسخ ہیں۔

شان ظاہر و باطن: اب رہا آپ کا ظاہر و باطن ہونا تو آپ ہی کے انوار نے پورے آفاق کو گھیر رکھا ہے جس سے سارا جہاں روشن ہے کسی کا ظہور آپ کے ظہور کی مانند اور کسی کا نور آپ کے نور کے ہم پلہ نہیں اور باطن سے مراد آپ کے وہ اسرار ہیں جن کی حقیقت کا ادراک ناممکن ہے اور قریب اور بعید کے لوگ آپ کے جمال اور کمال میں کھو کر رہ گئے۔

ہر شئ کے جاننے والے: وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (وہی ہر شے کا جاننے والا ہے) کا ارشاد بلاشبہ حضور اکرم ﷺ ہی کے لیے ہے۔ کیونکہ: فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ (ہر صاحب علم کے اوپر اور زیادہ جاننے والا ہے) کی صفات آپ ہی میں موجود ہیں۔ عَلَيْهِ مِنَ الصَّلٰوتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّحِيَّاتِ اَتَمُّهَا وَاَكْمَلُهَا۔

امابعد! بعد حمد وصلوٰۃ کے بندۂ مسکین (حضرت شیخ محقق شاہ) عبدالحق (محدث) بن سیف الدین دہلوی قادریؒ "وفقه الله لما يحب ويرضاه وجعل اخراه خير من اولاه"۔ اس کتاب کے جمع و تالیف کے اسباب میں کہتا ہے کہ یہ کتاب جس کا نام "مدارج النبوۃ ودرجات الفتوۃ" ہے عرصہ سے میری روح اور دل وفور شوق اور ایمانی ذوق اس کی خواہش کر رہے تھے کہ سیر مصطفوی ﷺ اور شرح احادیث نبوی ﷺ میں کوئی کتاب ہونی چاہیے جس کی اس بندہ نے حق خدمت ادا کر کے غلامی کی ہے اور اس کی تکمیل و تتمیم کی طرف مشغول ہونا چاہیے۔ ادھر فرزند عزیز نور نظر چشم بصر (مولانا) نور الحق "نصه الله تعالیٰ عزوجل بغيضه المطق" کا تاکید و اصرار برابر بڑھتا رہا مگر چونکہ ہنوز امر الٰہی مساعد نہ ہوا تھا یعنی توفیق رب شامل حال نہ ہوئی تھی۔ اس بنا پر شاہد مقصود کے جلوۂ جمال توقف میں تھا اور جب اس دور میں فساد کی بنا پر اس زمانہ کے کچھ مغرور درویشوں کے مزاج میں انحراف و روگردانی نے راہ پکڑ لی اور صلاحیتوں کے آبگینے میں تیرگی نمودار ہوئی اور حضور اقدس ﷺ کے بلند وارفع مقام کے سمجھنے میں تنگی و کوتاہی ہونے لگی اور آپ کی شان و مرتبت کے علم و معرفت میں انہیں دشواری لاحق ہونے لگی اور حق اعتقاد کی ادائیگی میں ان سے کمی و قصور سرزد ہونے لگا اور وہ جادۂ دین قویم اور صراط مستقیم سے دور ہونے لگے تو ایسے مسلمانوں کے لیے حق نصیحت ادا کرنا لازم ہو گیا۔ حالانکہ سرور انبیا ﷺ کے احوال و صفات قدسیہ کا بیان کوئی کیا کر سکتا ہے۔ تاہم بے خبروں کو حقیقت حال سے روشناس کرانا، غافلوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنا، طالبان راہ حق کو راہ پر لانا اور عاشقوں کو ذوق و شوق میں برقرار رکھنا ہی ضروری تھا لہٰذا اس کتاب کو مرتب کیا جس میں حضور اکرم ﷺ کے فضل و کرم، حسن و جمال اور مبدأ و مآل کے احوال کا ذکر و بیان ہے۔ چونکہ اس تالیف کا منشاء و مقصد ذوق و محبت کا پیدا کرنا تھا اس بنا پر حسب عادت قلیل عرصہ میں یہ کتاب منصۂ شہود میں آ گئی اور فم الحروف کو پتہ بھی نہ چلا کہ کب آغاز ہوا اور کب اختتام، واللہ ولی الرشاد الیہ المبدأ والمعاد۔ اس کتاب کی ترتیب پانچ قسموں پر مبنی ہے۔

قسم اوّل: حضور اکرم ﷺ کے فضائل و کمالات کا بیان اس میں آپ کی حسن خلقت، جمال صورت، اخلاق عظیمہ، صفات کریمہ، وہ فضل و شرف جو آیات قرآنیہ اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں، آپ کا اور آپ کی امت مرحومہ کا وہ ذکر جو گزشتہ کتابوں میں مذکور ہے، آپ کے ان فضائل کا تذکرہ جو آپ کے اور انبیاء سابقین علیہم السلام کے درمیان مشترک ہیں، ان کمالات کا ذکر جو صرف آپ ہی کے ساتھ مخصوص ہیں مثلاً معراج وغیرہ، معجزات قاہرہ اور آیات باہرہ کا ذکر، آپ کے اسماء گرامی کا ذکر، ان فضائل و کرامات اور درجات و مقامات کا بیان جو روز آخرت آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہوں گے۔ جیسے عمومی شفاعت اور مخصوص وسیلہ وغیرہ، آپ کے ان حقوق کا تذکرہ جن کی رعایت و پائیداری تمام مخلوق پر واجب ہے۔ مثلاً ایمان، اطاعت اور اتباع وغیرہ، اور آپ کی ان معظم عبادتوں کا تذکرہ جو بارگاہ الٰہی میں تقرب کا موجب ہیں اور ان مکرم عادتوں کا ذکر جو حق تعالیٰ کو محبوب و پسند ہیں یہ قسم گیارہ ابواب پر منقسم ہے۔

قسم دوم: حضورِ اکرم ﷺ کے نسب شریف، حمل، ولادت، شیر خوارگی (رضاعت) کا بیان، حضرت عبدالمطلب کی کفالت اور ان کی وفات، حضرت ابوطالب کی امداد واعانت، ان کے ساتھ حضورِ اکرم ﷺ کا ملک شام کی جانب سفر کرنا، وہاں بحیرہ راہب کا آپ کو پہچاننا اور اس کا آپ کی نبوت پر ایمان لانا، ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے آپ کا نکاح، بنائے کعبہ کا تذکرہ، ابتدائے وحی، ظہور دعوت اسلام، ابوطالب کی رحلت، کفار کی ایذا رسانی، صحابہ کی بجانب حبشہ ہجرت، حضور ﷺ کا طائف تشریف لے جانا، جنات کا بیعت کرنا، انصار مدینہ کی بیعت کرنا، مدینہ منورہ کی طرف ہجرت پر انگیز کرنا، مدینہ منورہ کی طرف تشریف لے جانا وغیرہ یہ قسم چار ابواب پر منقسم ہے۔

قسم سوم: ان ابواب کا ذکر و بیان جو باعتبار سن وسال ابتدائے ہجرت سے مرض وفات تک وقوع پذیر ہوئے۔ چونکہ ہر سال و سن کے واقعات جداگانہ ہیں اس لحاظ سے یہ قسم باعتبار معنی گیارہ ابواب پر مشتمل ہوگی مگر ابواب کے عنوانات کا ذکر نہ ہوگا۔

قسم چہارم: حدوث وامتداد مرض اور ان واقعات کا بیان جو ایام مرض اور روز وفات وقوع پذیر ہوئے اُس میں غسل، تجہیز وتکفین، نماز، دفن اور اثبات حیات انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے۔ یہ قسم تین ابواب پر مشتمل ہے۔

قسم پنجم: حضورِ اکرم ﷺ کے اولاد اطہار، ازواج مطہرات اور اہل بیت مسکن (باندیاں وغیرہ) کا ذکر اس میں آپ کے چچا، پھوپھیاں، اجداد اور دودھ شریک (رضاعی) بھائی بہن، خدام وحوائی نگہبان ودبیر، امراء، ایلچی، عمال، خطباء، شعراء، موذنین اور جنگی ساز وسامان وغیرہ کا تذکرہ ہے۔ اس ترتیب سے یہ قسم گیارہ ابواب پر مشتمل ہے۔

تکملہ: نبی کریم ﷺ کے بعض صفات کاملہ کا بیان بر طریق اہل معرفت وطریقت اور آپ سے استمداد کا کرنے کا ذکر ہے۔

قسم اول: فضائل وکمالات حضورِ اکرم ﷺ اس قسم میں گیارہ باب ہیں۔

باب اوّل

در بیان حسن خلقت و جمال صورت یعنی سراپا مبارک ﷺ

چہرۂ انور: حضورِ اکرم ﷺ کا چہرۂ انور آئینہ جمال الٰہی ومظہر انوار لامتناہی بخاری ومسلم میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ خوبرو اور خوش خو تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ

مَا رَأَیْتُ شَیْئًا اَحْسَنَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (رسول اللہ ﷺ سے زیادہ حسین وبہتر کسی چیز کو نہ دیکھا)۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے قول: مَا رَأَیْتُ شَیْئًا (کسی چیز کو نہ دیکھا) فرمایا اور مَا رَأَیْتُ اِنْسَانًا یَا رَجُلاً (کسی انسان یا مرد کو نہ دیکھا) نہیں فرمایا کیونکہ اس میں بہت زیادہ مبالغہ ہے مطلب یہ کہ آپ کی خوبی وحسن ہر چیز پر فائق تھی اور انہوں نے فرمایا کہ چہرۂ انور ایسا روشن وتاباں تھا کہ گویا آفتاب آپ کے رخ انور میں تیر رہا تھا۔

تا شب نیست روز ہستی زاد آفتابے چو تو ندارد یاد

یعنی کسی رات کے بعد ایسا دن طلوع نہ ہوا جیسا آپ کا چہرۂ انور روشن وتاباں تھا۔ مقصود یہ ہے کہ آپ کے چہرۂ انور روئے روشن کی آب وتاب بہت ہی زیادہ تھی۔

صحیح بخاری کی حدیث میں ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ کیا حضورِ اکرم ﷺ کا روئے روشن صفائی وتابانی میں شمشیر کی مانند تھا؟ فرمایا نہیں بلکہ چاند کی مانند تھا۔ کیونکہ شمشیر کی تشبیہ میں گولائی مفقود ہے اس لیے انہوں نے چاند سے تشبیہ دی۔ چاند میں چمک دمک بھی ہے اور گولائی بھی۔

صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ انہوں نے جواب دیا نہیں! بلکہ آفتاب وماہتاب کی مانند تھا یعنی مستدیر اور گولائی میں اگرچہ ماہتاب کے مقابلہ میں آفتاب میں چمک دمک زیادہ ہے لیکن ماہتاب میں جو ملاحت ہے وہ آفتاب میں نہیں اور ملاحت ایسی خوبی ہے جو دیکھنے میں پرلطف اور دل نشین ہے جس کا ذوق سلیم ہی ادراک کر سکتا ہے۔

شاہد آں نیست کہ موئے دمیانے دارد
بندۂ طلعت آں باش کہ آنے دارد

اہل سیر صباحت وملاحت کے درمیان فرق کرتے ہیں کہ صباحت حضرت یوسف علیہ السلام کی صفت تھی اور ملاحت حضورِ انور ﷺ کی نسبت مبارکہ ہے چنانچہ حضور ﷺ نے فرمایا: اَنَا اَمْلَحُ وَاَخِیْ اَصْبَحُ (مجھ میں ملاحت ہے اور میرے بھائی یوسف میں صباحت)

نبی کریم ﷺ کے چہرۂ انور کے مستدیر (گول) ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دائرہ کی مانند گول تھا کیونکہ دائرہ کی مانند گولائی حسن

وجمال کے برخلاف ہے۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ یک گونہ مستدیر تھا طویل و پردراز نہ تھا۔ یہ خوبی حسن و جمال اور عظمت و ہیبت میں داخل ہے۔ چنانچہ منقول ہے کہ آپ کا چہرۂ انور نہ مکلثم تھا نہ مطہم وہ ہے جس کی ٹھوڑی (ذقن) چھوٹی ہو اور یہ چہرہ کی گولائی کو مستلزم ہے۔ اس لیے کہ چہرہ کی لمبائی ٹھوڑی کی لمبائی سے ہوتی ہے اور ''مطہم'' بروزن معظم اس چہرے کو کہتے ہیں جو پر گوشت اور سوجا ہوا (متورم) معلوم ہو۔ قاموس میں تدویر و اجتماع کے معنی میں بھی آیا ہے اور وہیں سے معنی اخذ کیے ہیں اس کے معنی کمزور ناتواں کے بھی ہیں اور یہ دونوں معنی حسن و جمال کے منافی ہیں۔ ایک روایت میں سہل الخدین (نرم رخسار) بھی آیا ہے۔ سہل نرم و ہموار زمین کو کہتے ہیں۔ بعض روایتوں میں ''سیل الخدیت'' (رواں رخسار) بھی آیا ہے جو سیلان سے ماخوذ ہے۔ ''مواہب لدنیہ'' میں ابن اثیر سے منقول ہے کہ اسالہ در خدین بمعنی استطالہ ہے یعنی رخسار مبارک ایسے لانبے تھے کہ بلند و باہر نہ تھے۔

شیخ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ اسی روایت کے بموجب یہ بات ہر ایک کے لیے موجب استفسار بنی کہ کیا نبی کریم ﷺ کا چہرۂ انور مثل شمشیر تھا۔ یہ مقام غور و فکر ہے۔

بعض احادیث میں تشبیہ وجہہ کریم بقعۂ قمر و بشقہ قمر بمعنی پارۂ قمر اور نصف قمر واقع ہوئی ہے اور اشعار میں بھی ایسی تشبیہ کا استعمال کیا گیا ہے چنانچہ مصرعہ ہے۔

ہر دیدہ جائے آں ماہ پارہ نیست!

گویا کہ یہ تشبیہ دیکھنے والوں کے لیے چاند کی بلندی' اس کے حجم کی فراوانی اور اس کی گولائی سے ہے اور یہ خوبی دیگر اشخاص کی بہ نسبت حضور اکرم ﷺ کے چہرۂ انور میں زیادہ غالب تھی۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ جو کہ فصیح ترین شعراء صحابہ میں سے ہیں ان کے کلام میں یہ تشبیہ آتی ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اس کی مناسب توجیہہ کی جائے۔ چنانچہ کسی نے کہا کہ یہ تشبیہ حضور اکرم ﷺ کے کمال توجہ والتفات یا بعض اوقات قدرے رخ انور پھیر کر توجہ فرمانے پر محمول ہے۔ اس کی تائید میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث لاتے ہیں جو طبرانی میں ہے۔ فرمایا: ''رسول اللہ ﷺ نے ہماری جانب اس شان سے توجہ فرمائی کہ گویا چاند کا نصف پارہ ہے''۔ زیادہ عمدہ توجیہہ یہ ہے کہ یہ تشبیہ آپ کی پیشانی مبارک کی ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا!

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سُرَّ اِسْتَنَارَ وَجْهُهٗ كَاَنَّهٗ قِطْعَةُ قَمَرٍ ۔

رسول اللہ ﷺ کی پیشانی پر جب شکن پڑتی تو آپ کا چہرۂ انور پارۂ قمر کی مانند چمکنے لگتا۔

کسیکہ تشنہ لب تست باز میداند — کہ عین موج حیات است چین پیشانی

اور صراح (لغت کی کتاب) میں ہے کہ سرر بفتحتین شکن پیشانی اور اس کی جمع اسرار اور جمع الجمع اسارر ہے اور حدیث میں ہے کہ كَانَ تَبْرِقُ اَسَارِيْرُ وَجْهِهٖ یعنی آپ کے چہرۂ انور کی پیشانی کی شکنیں چمکنے لگتی تھیں۔ بعض نے کہا ہے کہ پارۂ قمر سے تشبیہ دینے سے چاند میں جو سیاہی اور جھائی ہے اس سے احتراز کی بنا پر ہے۔ یہ توجیہہ کمزور ہے۔ اس لیے کہ جب کسی چیز کی چاند سے تشبیہ دی جاتی ہے تو اس کی سیاہی یا جھائی سے قطع نظر محض چمک دمک سے دی جاتی ہے۔

سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: ''رسول اللہ ﷺ کا چہرۂ انور دائرۂ قمر کی مانند تھا''۔ دائرۂ قمر ہالہ کو کہتے ہیں جسے فارسی میں خرمن ماہ کہا جاتا ہے۔

(شیخ محقق شاہ عبدالحق دہلوی ''نور اللہ قلبہ نور الیقین'' فرماتے ہیں) کہ چاند کے نورانی جسم سے مشابہت یا ہالہ قمر سے تشبیہ کا

صریح اشارہ آپ کے چہرۂ انور کے اس نور کی طرف ہے جو انوار واضواء کی شکل میں بمنزلہ ہالہ احاطہ کیے ہوئے ہے۔ یہ تشبیہ آپ کے رخ انور کے کمال ضیاء ونورانیت اور اس کی عظمت وہیبت وجلال کا طریقہ اظہار ہے اور کوشش کرنی چاہیے کہ اس سے نظر ومشاہدہ میں کیا چیز آتی ہے اور اس تشبیہ میں مشاہدہ کرنے والے کی نظر میں حضور اکرم ﷺ کا جمال وجلال کیسے ظاہر ہوتا ہے کیونکہ یہ آنکھوں کو سیراب کرتا اور دل کو نور عظمت ومحبت سے بھرتا ہے۔

کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی دائرۂ قمر سے تشبیہ موجود ہے۔ قمر کے ساتھ تشبیہ میں بہت ظاہر ومشہور چودھویں رات کے چاند (لیلۃ البدر) کی تشبیہ ہے۔ جسے بیہقی نے ابواسحاق سے روایت کیا۔ وہ یہ کہ ایک ہمدانی عورت نے مجھ سے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا ہے میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ انور کی کیفیت تو بیان کرو اس نے کہا!

كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ — چودھویں رات کے چاند کی مانند تھا جس کی مانند نہ پہلے دیکھا نہ بعد میں۔

طالبان مشتاق ہمیشہ جمال آرا ﷺ کے مشاہدہ میں ایام بیض کی راتوں میں مشرف رہتے تھے اور اس مشاہدہ سے وہ کبھی غافل وفارغ نہ ہوتے تھے کیونکہ دیدار نقد ہے اور ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخْمًا مُفَخَّمًا يَتَلَأْلَأُ وَجْهُهٗ كَتَلَأْلُؤِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ — مشاہدہ کرنے والوں کی نظر میں حضور اکرم ﷺ عظیم بزرگ، معظم اور مہیب تھے۔ گویا کہ آپ کا چہرۂ انور چودھویں رات کے چاند کی مانند روشن وتاباں تھا۔

اور جمال جہاں آرا ﷺ کو آفتاب کے مقابلے میں چاند سے تشبیہ دینے کی ترجیح میں اہل سیر فرماتے ہیں کہ چاند چونکہ اپنے نور سے آنکھوں کو ٹھنڈک اور فرحت بخشتا ہے اور اس کے مشاہدہ سے دل کو انس ولذت حاصل ہوتی ہے اور یہ کہ اس کی طرف نظر کرنا ممکن ہے بخلاف آفتاب کے کہ وہ آنکھوں کو خیرہ کرتا اور دل کو ذوق نہیں پہنچاتا ہے۔ ہاں حضور اکرم ﷺ کی ذات عظیم الصفات کو سطوت وجلالت میں آفتاب سے تشبیہ اور فروات عالم میں آپ کے نور وظہور کو اور ذات محمدیہ ﷺ کی کنہ حقیقت کے عدم ادراک اور دور ونزدیک سے آپ کے فضل وکمال کی انتہا کے مطالعہ میں افہام وعقول کے عاجز ودرماندہ رہ جانے کی وجہ سے آفتاب سے تشبیہ دی جا سکتی ہے جیسا کہ یہ شعر ہے۔

اَعْيَا الْوَرٰى فَهْمَ مَعْنَاهُ فَلَيْسَ يُرٰى — فِى الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْفَحِمِ
كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلْعَيْنَيْنِ مِنْ بُعْدٍ — صَغِيْرَةً وَتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ اُمَمِ

مطلب یہ کہ آپ کی کنہ حقیقت فہم وادراک سے بہت بلند ہے کوئی بھی دور ونزدیک سے پوری طرح معرفت نہیں کر سکتا۔ گویا آپ آفتاب کی مانند ہیں جو دور ہو کر بھی آنکھوں کو خیرہ کرتا ہے۔ اسی طرح ساری مخلوق آپ کی کنہ حقیقت کے ادراک میں عاجز وسرگرداں رہی ہے۔

یہ تشبیہ حسب حال ہے لیکن مشاہدہ عینی وحسی میں چاند سے تشبیہ دنیا قرین ومناسب ہے۔ مواہب لدنیہ میں نہانیہ سے منقول ہے کہ حضور اکرم ﷺ جب مسرور ہوتے تو آپ کا چہرۂ انور آئینہ کے مانند ہو جاتا جس میں در ودیوار کے نقوش اور لوگوں کے چہروں کا عکس جھلکنے لگتا۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو چاندنی راتوں میں دیکھا ہے اس وقت آپ

کے جسم اطہر پر سرخ جوڑا تھا میں کبھی آپ کے روئے انور کو دیکھتا اور کبھی چاندنی کی تابانی کو خدا کی قسم میرے نزدیک چاند سے زیادہ بہتر آپ معلوم ہوتے تھے۔ ان کے الفاظ ''میرے نزدیک'' میں حضور اکرم ﷺ کے حسن و جمال سے لذت اندوز ہونے کا اظہار موجود ہے۔ یہ ان کا اپنا اظہار تلذذ ہے اور یہ حقیقت بھی ہے کہ آپ کا حسن و جمال سب سے بڑھ کر حسین تھا۔

تنبیہ: حلہ کپڑے کے اس جوڑے کو کہتے ہیں جس میں چادر اور تہ بند ہوتا ہے اور حمراء سے سرخ دھاریوں والا کپڑا مراد ہے۔ یہ محدثین کی تحقیق ہے جو لوگ حلے کو ریشمی جامے اور حمراء کو محض سرخی پر محمول کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔

حضور اکرم ﷺ کی صفات عالیہ کو شاعرانہ انداز میں بیان کرنا شعری مزاج و عادت کے ماتحت ہے ورنہ اس دنیا کی کوئی چیز بھی آپ کے اخلاقی خوبیوں اور خلقی صفتوں کے نہ تو مماثل ہو سکتی ہے اور نہ ہم پلہ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِهٖ وَحُسْنِهٖ وَاَجْمَلِهٖ وَاَتَمِّهٖ وَاَكْمَلِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ۔

چشم مبارک: حضور اکرم ﷺ کی چشم مبارک پر دو وجہوں پر بحث کی جاتی ہے پہلی وجہ خانۂ چشم اور اس کی شکل و ہیئت کے صف میں ہے چنانچہ سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے فرمایا کہ آپ کی چشم مبارک بڑی اور بھنویں دراز تھیں۔ چشم مبارک کے بڑی ہونے کا مطلب تنگی اور کوتاہی کی نفی کرنا ہے نہ کہ اتنی بڑی کہ آنکھیں باہر نکلی ہوئی تھیں۔ آپ کے اعضائے شریف کے اظہار میں قاعدۂ کلیہ توسط و اعتدال ہے کیونکہ مدار حسن و جمال اور بنائے فضل و کمال یہی توسط و اعتدال ہے۔

ایک اور حدیث میں ''اشکل العینین'' آیا ہے یعنی آپ کی چشم مبارک سفیدی میں سرخی لیے ہوئے تھیں۔ مطلب یہ کہ آنکھوں کی باریک رگیں سرخ تھیں اور ''شہلہ'' یعنی سیاہی میں سرخی ہونا۔ یہ صفت آپ کی چشم مبارک کی تعریف میں بہت ہی کم مذکور ہے لیکن نہایہ میں کہا گیا ہے کہ

كَانَ اَشْهَلَ الْعَيْنَيْنِ وَگفتهٔ اَشْهَلُ حُمْرَةٌ فِيْ سَوَادٍ — حضور ﷺ کی دونوں چشم مبارک اشہل تھیں اور سیاہی میں سرخی کو اشہل کہا جاتا ہے۔

یہ بھی محبوبوں کے آنکھ کے حسن کی ایک قسم ہے لیکن مشہور اشکل العینین (سفیدی میں سرخی) ہے اور اشعار میں جوانان تگ و تاز کی تعریف میں ''شہلا'' آیا ہے۔ قاموس (لغت کی کتاب) میں ہے کہ اشکل وہ ہے جس میں سرخی و سفیدی ممتزج ہو اور سفیدی میں سرخی کی جھلک نمودار ہوتی ہو اور شکلہ کو ''سحرہ'' بھی کہتے ہیں جو سحر سے مشتق ہے۔ ایسی آنکھ کو چشم سحر کار اور فسوں کار بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ دلوں کو موہ لیتی ہے اور بعض حضرات اشکل العینین کو طویل شق العینین یعنی دراز و باریکی چشم (پھٹا دیدہ) سے تفسیر کرتے ہیں۔ قاموس نے بھی ایسا ہی لکھا ہے۔ قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ بھی بیان کرتے ہیں۔ شمائل ترمذی میں بھی اسی قسم کی روایت ہے اور امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا قول عظیم العینین (بڑی آنکھیں) بھی بظاہر اسی معنی و مراد میں ہے۔ واللہ اعلم

ایک روایت میں ''اَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ'' بھی آیا ہے ادعج گہری سیاہ آنکھ کو کہتے ہیں اور قاموس نے اس کے معنی فراخ و کشادگی کے بھی لیے ہیں اور ایک روایت میں اَلْكَحْلَ الْعَيْنَيْنِ ہے یعنی سرگیں آنکھیں تھیں۔

بساں سرمہ سیاہ کردہ خانہ مردم — دو چشم تو کہ سیاہ ہند سرمہ نا کردہ

یعنی آپ کی چشم مبارک بغیر سرمہ لگائے سرگیں نظر آتی تھیں۔

دوسری وجہ: حضور اکرم ﷺ کی بصارت و بینائی کی تعریف میں ہے چنانچہ سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم

ﷺ رات کی تاریکی میں بھی ویسا ہی دیکھتے تھے جیسا دن کی روشنی میں (رواہ البخاری) بیہقی نے بھی سیّدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایسا ہی روایت کیا ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ ''کتاب الشفا'' میں بیان کرتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ ثریا میں گیارہ ستارے ملاحظہ فرماتے تھے اور سہیلی کے نزدیک بارہ منقول ہیں۔ آپ کی نظریں آسمان کی نسبت زمین کی طرف زیادہ رہتی تھیں یہ حد درجہ شرم وحیا کی دلیل ہے۔ حدیثوں میں جو یہ آیا ہے کہ حضور ﷺ آسمان کی طرف نظر اٹھاتے تھے۔ کبھی کم اور کبھی زیادہ! تو ایسا انتظار وحی کے سلسلے میں ہوتا تھا۔ ورنہ نظر مبارک کا زمین کی طرف رکھنا روزمرہ کے معمولات میں تھا۔ حضورِ اکرم ﷺ اکثر گوشۂ چشم سے نظر فرماتے تھے جو نظر براہ راست ہوا سے جوق و مماق کہتے ہیں۔ آپ کا گوشۂ چشم سے ملاحظہ فرمانا انتہائی حیاء ووقار کے سبب تھا لیکن جب آپ کسی کی جانب التفات فرماتے تو مکمل طور پر گھوم جاتے تھے۔ دائیں بائیں پہلو بدلنے یا محض گردن گھمالینے اور دزدیدہ نظری سے آپ گریز فرماتے تھے۔ کیونکہ یہ متکبروں اور سہل انگاروں کا شیوہ ہے آپ کی نظر مبارک سامنے اور پس پشت یکساں تھی۔ چنانچہ صحیح حدیثوں میں وارد ہے کہ آپ مقتدیوں سے فرمایا کرتے تھے کہ رکوع وسجود میں مجھ سے پہل نہ کیا کرو کیونکہ میں تمہیں اپنے آگے اور پیچھے سے یکساں دیکھتا ہوں اور مجھ سے تمہارا رکوع وسجود پوشیدہ نہیں ہے۔ اس روایت کی حقیقت کو خدا ہی جانتا ہے کہ کیا تھی۔ یہی نہیں بلکہ آپ کے تمام اعضائے شریفہ کا یہی حال ہے۔ کیونکہ ان کی کنہ حقیقت کو کوئی نہیں پہنچ سکتا اور ان کی کنہ تک جاننے کا دعویٰ ایسا ہی ہے جیسا کہ متشابہات کی تاویل وتفسیر کا حکم ہے۔ عقل وقیاس اور فکر ونظر کی رو سے یہ آپ کی فضیلت ہے لیکن آپ کی یہ بینائی چشم رخ سے ہے یا دل کی آنکھ سے؟ یا تو یہ حالت نماز کے ساتھ مخصوص ہوگی جو محل انکشاف تام اور موجب ازدیاد نور ہے یا پھر یہ صفت تمام احوال واوقات میں عام ہوگی اور یہ روایت بصری چہرہ مبارک کی چشم میں ہی ہوگی۔ ورنہ پروردگار عالم اس پر بھی قادر ہے کہ قوت بصریہ بدن کے ہر حصہ اور جزو میں پیدا فرمادے یا یہ کہ یہ بینائی آپ کو بطریق اعجاز بلاشرط مقابلہ حاصل تھی۔

بعض کہتے ہیں کہ آپ کے دونوں شانوں کے درمیان سوئی کے ناکہ کی مانند دو آنکھیں تھیں جن سے آپ پس پشت بھی دیکھ لیا کرتے تھے۔ آپ اسے کپڑوں سے نہیں ڈھانپتے تھے یا یہ کہ قبلہ کی دیوار پر مثل آئینہ مقتدیوں کی صورتیں منعکس ہو جاتی تھیں اور آپ ان کے افعال کا مشاہدہ فرمالیتے تھے۔ یہ دونوں باتیں عجیب وغریب ہیں۔ اگر یہ کسی صحیح روایت میں ہوں تو ہم ان پر ایمان لے آئیں گے ورنہ محل تامل ہے کیونکہ اہل سیر کے نزدیک باسناد صحیحہ ثابت نہیں ہیں۔

اگر یہاں رویت قلبی مراد ہے تو یہ وہ علم ہے جو بطریق وحی واعلام اور کشف والہام آپ کو حاصل تھا اہل سیر کے نزدیک درست بات یہی ہے کیونکہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب اطہر کو معقولات کے علم وادراک میں وسعت اور احاطہ عنایت فرمایا ہے اسی طرح آپ کے حواس لطیف میں بھی محسوسات کے ادراک میں احاطہ مرحمت فرمایا ہو اور شش جہات کو ایک ہی جہت بنادیا ہو۔ واللہ اعلم

کچھ لوگ اس جگہ یہ اشکال لاتے ہیں کہ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ''میں بندہ ہوں میں نہیں جانتا کہ اس دیوار کے پیچھے کیا ہے'' اس کلام کی کوئی اصل نہیں ہے اور نہ اس قسم کی کوئی صحیح روایت وارد ہے۔ بفرض محال اگر ہو بھی تو ہم جواب میں کہیں گے کہ یہ انکشاف حالت نماز کے ساتھ مخصوص ہے اور اگر علم ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے بتانے اور آپ میں ایسا علم پیدا فرمانے کے ساتھ موقوف ہے جس طرح تمام غیوبات کے حال کا علم ہے۔ اس لیے ایسے موقع پر یہ لوگ اس روایت سے استدلال لاتے ہیں جو اونٹنی کی گمشدگی کے سلسلے میں منقول ہے۔ چنانچہ کچھ منافقوں نے کہا تھا کہ محمد (ﷺ) آسمان کی خبریں تو دیتے ہیں مگر (معاذ اللہ) اتنا نہیں جانتے کہ ان کی اونٹنی کہاں ہے؟'' جب منافقوں کی یہ بدگوئی حضور ﷺ کی بارگاہ میں پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: کہ میں (ازخود) نہیں

جانتا اور نہ (از خود) پاتا ہوں مگر اتنا ہی جتنا اللہ نے مجھے علم دیا اور عنایت فرمایا اور آپ برابر یہی فرماتے رہے۔ یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے آپ کی رہنمائی فرمائی کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے اور اس کی مہار ایک درخت سے الجھی ہوئی ہے۔ چنانچہ لوگ وہاں پہنچے تو اونٹنی کو اسی مذکورہ حال میں پایا گویا ثابت ہوا کہ حضورِ اکرم ﷺ ذاتی علم نہیں رکھتے تھے مگر اتنا ہی جتنا اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم عطا فرمایا خواہ یہ نماز میں ہو یا نماز کے سوا' اس میں کوئی اشکال و دشواری نہیں ہے۔

گوشہائے مبارک: حضورِ اکرم ﷺ کی سماعت شریفہ کے بارے میں ایک حدیث میں وارد ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں ان چیزوں کو دیکھتا ہوں جن کو تم نہیں دیکھ سکتے اور میں ان آوازوں کو سنتا ہوں جن کو تم نہیں سن سکتے۔ میں آسمان کی اطیط (خاص قسم کی آواز ہے) کو سن رہا ہوں اونٹ کے پالان کی آواز' خالی معدہ کی آواز' درد و کرب سے اونٹ کے بلبلانے کی آواز یا کسی قسم کی آواز ہو ان سب کو ''اطیطہ'' کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: آسمان کو بھی لائق ہے کہ آواز نکالے کیونکہ آسمان میں ایک بالشت (ایک روایت میں چار انگل) کی جگہ بھی ایسی نہیں ہے جہاں کسی فرشتے نے سجدہ نہ کیا ہو۔ ایک روایت میں ہے کہ بکثرت فرشتے سجدے میں ہیں یا قیام میں سیر کی کتابوں میں آپ کے گوش مبارک کے تمام صفات و ہیئت کا تذکرہ نہیں ہے۔ ہاں جامع صغیر میں ایک روایت ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کے گوشہائے مبارک کامل و مکمل تھے۔

جبین مبارک: حضورِ اکرم ﷺ کی جبین مبارک کی تعریف و توصیف میں سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ واضح الجبین (کشادہ پیشانی) تھی۔ ایک دوسری روایت میں ''صلت الجبین'' بمعنی کشادہ پیشانی آیا ہے۔ ایک اور حدیث میں ''واسع الجبین'' ایک روایت میں ''واسع الجبہہ'' منقول ہے۔ ان سب کے معنی فراخ پیشانی ہے۔ چہرۂ انور کے تذکرہ میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے گزر چکا ہے کہ جب آپ کی پیشانی شکن آلود ہوتی تو ایسا معلوم ہوتا کہ گویا چاند کا ٹکڑا ہے۔ اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ آپ کی پیشانی مبارک سے نیک بختی' سعادتمندی اور نورانیت مترشح ہوتی رہتی تھی اور سرنوشت (جو شکم مادر میں لکھا جاتا ہے) کا مقام پیشانی ہے۔ بسا اوقات اس معنی کا مشاہدہ خانۂ کعبہ کے دروازے میں ہوتا ہے۔ جب یہاں عادتاً پیشانی کو اس سے رگڑتے اور ملتے ہیں تو پیشانی سے نیک بختی و سعادت مندی کے آثار خوب واضح طریقہ پر ظاہر ہو جاتے ہیں۔

حواجب شریف بھنویں: حضورِ اکرم ﷺ کے بھنوؤں کی توصیف میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے اپنی حدیث میں بیان فرمایا وَاضِحُ الْجَبِیْنِ مَقْرُوْنُ الْحَاجِبِیْنِ۔ یعنی پیشانی کشادہ اور بھنویں ملی ہوئی تھیں۔ قرن ابرو کا مطلب بھنوؤں کے بالوں کا ملا ہوا ہونا ہے لیکن ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ جو کہ واصفان حلیہ شریف میں سے ہیں ان کی حدیث میں من غیر قرن (ابرو کے بال ملے ہوئے نہ تھے) آیا ہے ان دونوں روایتوں میں اختلاف ہے۔

ارباب سیر کہتے ہیں کہ صحیح روایت یہ ہے کہ آپ غیر متصل ابرو تھے اور بظاہر یہ اتصال بہت گہرا نہ تھا جس سے دونوں ابرو کے بال باہم خوب پیوست ہو گئے ہوں اور نہ درمیان میں اتنی خالی جگہ تھی جسے غیر متصل کہا جائے بلکہ چند خفیف بالوں کا اتصال تھا۔ اس بنا پر اتصال و عدم اتصال کا اطلاق بادی النظر والخیال میں صحیح ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم

اہل سیر فرماتے ہیں کہ دونوں ابرو کے درمیان ایک رگ تھی جو حالت غضب میں نمودار ہوتی تھی۔ نیز ابن ابی ہالہ کی حدیث میں ''اَزَجُّ الْحَوَاجِبِ'' آیا ہے۔ ازج کے معنی لمبی کمان' کثیر بال اور کشیدہ ابرو کے ہیں۔ ایک دوسری روایت میں ''اَزَجُّ الْحَوَاجِبِ وَسَوَابِغُ'' (کشیدہ ابرو و گھنے بال) آیا ہے۔ قاموس اور صحاح میں زج کے معنی باریکی ابرو یا درازی ابرو کے ہیں۔ جیسے فارسی میں کمان

ابرو کہتے ہیں اور بیہقی میں بعض صحابہ سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا ''میں نے رسول اللہ ﷺ کو ''اَحْسَنُ الْوَجْهِ عَظِيْمُ الْجَبْهَهِ دَقِيْقُ الْحَاجِبَيْنِ'' دیکھا ہے یعنی آپ کا چہرہ نہایت حسین، عظیم پیشانی اور ابرو باریک تھے۔ باریکی کا مطلب یہ ہے کہ ابرو کے بالوں کا گچھا نہ تھا اور بالوں کی کثرت کا یہ مطلب ہے کہ بال کم اور کہیں کہیں نہ تھے۔ یہ نہ تو پراگندہ تھے نہ چھدرے۔

بینی شریف: حضور اکرم ﷺ کی بینی مبارک کے بارے میں ''اَقْنَى الْاَنْفِ وَاَقْنَى الْعِرَنِيْنِ'' وارد ہے۔ عُرَنِيْن (بکسر عین مہملہ وسکون راء وکسر نون) بمعنی بلندی جو موئے ابرو کے اتصال کے نیچے ہے اور اقنی کی تفسیر ''سائل الحاجبین'' یعنی مرتفع الوسط سے کی گئی ہے۔ سائل سیلان سے مشتق ہے جس کے معنی ناک کی لمبائی اور باریکی میں یک گونہ ہمواری کے بھی منقول ہیں اور لفظ دقت (باریکی) سیلان کے ہم معنی بھی آتا ہے جس کا مطلب ناک کے موٹاپے کی نفی کرنا ہے۔

حضور اکرم ﷺ کی بینی مبارک ایسی نورانی اور روشن تھی کہ دیکھنے والا جب تک بغور نہ دیکھے یہی گمان کرتا تھا کہ آپ کی بینی شریف بلند ہے حالانکہ بلند نہ تھی بلکہ یہ بلندی نور کی تھی جو ہر ایک شئے کو نمایاں دکھاتا تھا۔ نیز اس خوبی میں سے نیک بختی اور سعادت مندی کی نشانی بھی ہے۔

دہن شریف: حضور اکرم ﷺ کے دہن مبارک کے بارے میں صحیح مسلم میں سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَلِيْعُ الْفَمِ رسول اللہ ﷺ فراخ دہان تھے۔ اس طرح حضرت ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے جو شمائل ترمذی میں حلیۂ مبارک کی طویل حدیث میں مذکور ہے۔ اہل عرب مردوں کے لیے فراخ دہنی کو قابل تعریف اور تنگ دہنی کو لائق مذمت ٹھہراتے تھے۔ عرب کے شعراء تنگ دہن کو معشوق اور محبوب سے نسبت دیتے تھے۔ گویا کہ ان کے نزدیک وہ عورتوں کے حکم میں تھے۔ لیکن بعضوں نے کہا کہ یہ کم سخنی اور محجوبی سے کنایہ ہے۔ دوسری حدیث میں لفظ ''ضیلع الفم'' (فراخ دہنی) کے بعد یہ عبارت زیادہ کی ہے جس سے فراخ دہن مراد لیتے ہیں۔ ''يَفْتَحُ الْكَلَامَ وَيَخْتِمُهُ بِاَشْدَاقِهٖ یعنی حضور اکرم ﷺ کلام کو کشادگی دہن سے آغاز فرماتے اور اپنے شدق سے اسے ختم کرتے۔ شدق بکسر شین کنج دہاں اور شدق بتحریک فراخی دہاں کو کہتے ہیں۔ ''خطیب اشدق'' تالو کشادہ اور متشدق فصاحت سے بولنے والے کو کہتے ہیں۔ مطلب یہ کہ آپ کے دہن مبارک سے کلام تام کامل اور بھرا ہوا نکلتا تھا۔ شکستہ وناقص الفاظ نہ نکلتے تھے۔ لہٰذا اس بیان سے فصاحت اور اثبات فصاحت دونوں کا اجتماع حاصل ہو گیا اور معلوم ہوا کہ آپ فصیح کامل تھے۔ ایسا تشدق لسانی مذموم وقبیح ہے جو بطریق تکلف، بناوٹ اور ناحق ہو۔ بعض اہل سیر نے کشادگی دہن سے ہونٹوں کی نزدیکی مراد لی ہے۔

آپ ''مُفْلِجُ الْاِسْنَانِ'' تھے یعنی سامنے کے دانت کشادہ تھے۔ صراح میں فلج کے معنی سامنے کے دانتوں کی کشادگی ہے۔ ایک اور حدیث میں ''اشنب مفلج الثنایا'' یعنی سامنے کے دانت روشن تر آبدار اور کشادہ مروی ہے۔ اشنب کے معنی دانتوں کی آبداری وتابانی کے ہیں اور قاموس میں اشنب بحرکۃ باء ''ورقه وبرند غذدبته فی الاسنان'' کے معنی بیان کیے ہیں۔ علی مرتضیٰ کی حدیث میں مبلج الثنایا (سامنے کے دانت روشن وتاباں) آیا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے انہوں نے بیان کیا کہ آپ کے لبہائے مبارک کشادہ تھے جب گفتگو فرماتے تو ایسا دیکھا جاتا کہ گویا سامنے کے دندانہائے مبارک کی کشادگی کے درمیان سے نور نکل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ بوصیری پر رحم فرمائے کیا خوب شعر کہا ہے

كَاَنَّمَا اللُّؤلُؤ الْمَكْنُوْنِ فِيْ صَدَفٍ مِنْ مَّعْدَنِ مَنْطِقٍ مِّنْهُ وَمُبْتَسِمِ

گویا کہ دندانہائے مبارک صدف میں چھپے ہوئے ہیں جو اپنے معدن میں بولتے اور تبسم فرماتے ہیں۔ طبرانی نے اوسط میں

روایت کیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کے لبہائے مبارک اور دہن شریف کا مہرہ تمام لوگوں سے زیادہ حسین ولطیف تھا اور ایک روایت میں عظیم الاسنان (دندانہائے مبارک عظیم تھے) بھی آیا ہے۔ ان سب روایتوں کا مفہوم یہی ہے کہ آپ کا دہن شریف (حسن وجمال کے مطابق) درست وصحیح تھا۔

لعابِ دہن شریف: حضورِ اکرم ﷺ کا لعاب دہن بیماروں اور دلفگاروں کے لیے شفائے کامل تھا۔ چنانچہ وہ حدیث جس میں روز خیبر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں کے آشوب میں لعاب دہن لگانا اور اسی وقت صحیح وتندرست ہو جانا مذکور ہے' مشہور ہے۔ آپ ﷺ کے حضور پانی کا ایک ڈول لایا گیا اور آپ نے پانی کا ایک گھونٹ لے کر اس میں کلی کر دی پھر جب اس ڈول کے پانی کو کنویں میں ڈال دیا گیا تو اس کنویں سے کستوری کی مانند خوشبو پھیل گئی تھی اور یہ کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے مکان کے کنویں میں جب آپ نے لعاب دہن ڈالا تو مدینہ طیبہ میں کوئی کنواں اس سے زیادہ شیریں نہ تھا۔ اسی طرح ایک مرتبہ آپ ﷺ کی خدمت میں کچھ شیر خوار بچے لائے گئے آپ نے ان کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈال دیا۔ پھر تو وہ ایسے سیراب ہوئے کہ اس دن انہوں نے دودھ ہی نہ پیا۔ ایک دن حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ سخت تشنگی میں تھے آپ نے اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں دے دی۔ وہ اسے چوستے رہے پھر وہ سارے دن سیراب رہے۔ اس قسم کے بے شمار معجزات مروی ہیں۔

تبسم شریف: صحیح بخاری میں ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے کبھی بھی آپ کو اس طرح قہقہہ لگا کر ہنستے نہ دیکھا جس سے آپ کے لہوات نظر آ جائیں۔ لہوات تمام حروف کے فتح کے ساتھ لہاۃ کی جمع ہے اور فتح لام سے وہ گوشت کا ٹکڑا جو خجرے کے اوپر منہ کے آخر میں ہوتا ہے۔ (جسے اردو میں کوا کہتے ہیں)

حضورِ اکرم ﷺ ہمیشہ متبسم رہا کرتے تھے اور یہ جو بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ اتنا ہنسے کہ آپ کے نواجذ یعنی سب سے پچھلی داڑھ ظاہر ہوگئی۔ نواجذ اس آخری داڑھ کو کہتے ہیں جس کا نام عقل داڑھ ہے اور جو بعد بلوغ اور کمال عقل پر نکلتی ہے۔ اس بیان ضحک میں مبالغہ ہے۔ حقیقت کا اظہار نہیں' کیونکہ اس کو شدت ضحک کے بیان میں مثال کے طور پر بولتے ہیں۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ اس جگہ نواجذ سے مراد عام داڑھ اور دانت ہیں۔ آپ کی ہنسی زیادہ تر مسکرانے تک تھی۔ ضحک کا بالکل ابتدائی مرحلہ مسکرانا ہے جس میں فرط خوشی سے دانت نمایاں ہو جاتے ہیں اگر ہنسی کی یہ آواز قلقہ سے سنی جائے تو اسے قہقہہ کہیں گے۔ ورنہ اسے ضحک کہیں گے اور اگر آواز بالکل ہی نہ ہو تو اسے تبسم یا مسکرانا کہتے ہیں اور صراح میں لبوں کے ملانے کو تبسم کہا گیا ہے۔ مگر مشہور یہ ہے کہ دانتوں کی سفیدی ظاہر ہو جانے کا نام تبسم ہے۔

حضرت شیخ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' تمام حدیثوں سے ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ بڑی سے بڑی حالتوں اور اکثر اوقات میں تبسم سے آگے تجاوز نہیں فرماتے تھے۔ ممکن ہے کبھی اس سے تجاوز بھی کیا ہو مگر ضحک (تبسم) کی حد سے آگے نہ بڑھے ہوں گے لیکن یہ قہقہہ تو ہرگز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ مکروہ ہے۔ کثرت کے ساتھ ہنسنے اور اس میں زیادتی کرنے سے آدمی کا وقار جاتا رہتا ہے (بیہقی) نے بروایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ جب رسول اکرم ﷺ ضحک فرماتے تھے تو دیواریں روشن ہو جاتی تھیں اور ان پر آپ کے دندانہائے مبارک کا نور آفتاب کی شعاعوں کی طرح جلوہ افروز ہوتا تھا۔ یہی حال آپ کی گریہ کا تھا۔ آواز قطعاً بلند نہ ہوتی تھی۔ البتہ! چشم مبارک سے آنسو جاری ہو جاتے اور سینہ اطہر سے ایک مخصوص آواز سنائی دیتی تھی۔ ایسی آواز جیسے تانبے کی دیگ میں جوش آ گیا ہو۔ بعض روایتوں میں اسے چکی کی آواز کی مانند کہا گیا ہے آپ کا فعل گریہ فرمانا اللہ تعالیٰ کے جلالی صفت کی تجلی یا امت مرحومہ پر شفقت فرمانے یا میت پر طلب رحمت کی بناء پر ہوتا تھا۔ یہ کیفیت اکثر قرآن کریم سنتے وقت یا بعض اوقات رات کی نماز میں طاری ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے

آپ کو جماہی لینے سے محفوظ رکھا ہے۔ کیونکہ جماہی کسلمندی اور اعضاء کی سستی کی نشانی ہے۔ تاریخ بخاری اور مصنف ابن ابی شیبہ میں منقول ہے کہ لَمْ یَتَثَاءَبْ نَبِیٌّ قَطُّ نبی کریم ﷺ نے کبھی جماہی نہ لی۔ بعض روایتوں میں کم تثاءب نبی قط یعنی کسی نبی نے کبھی جماہی نہ لی تھی وارد ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ جماہی شیطان کی طرف سے ہے اور اگر جماہی غلبہ کرے تو چاہیے کہ بایاں ہاتھ منہ پر رکھے یا لبوں کو دانتوں میں دبائے۔ وہ لوگ جو ہاہاہایا آہ آہ کی آواز نکالتے ہیں۔ وہ حد درجہ فعل قبیح کے مرتکب ہوتے ہیں۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جو ایسا کرتا ہے شیطان اس کے منہ میں ہنستا ہے۔

آواز مبارک: حضور اکرم ﷺ کی آواز مبارک غایت درجہ پیاری تھی۔ آپ کی آواز اور اس کی شیرینی تمام آوازوں سے زیادہ حسین و دلکش تھی اور کوئی شخص بھی آپ سے بڑھ کر خوش آواز و شیریں کلام نہیں گزرا۔ آپ کے کلام کی توصیف میں آیا ہے ''اَصْدَقُ النَّاسِ لَهْجَةً'' آیا ہے جس کے معنی ہیں کیونکہ آپ کی زبان مبارک مخارج سے کلام فرمانے میں جیسا کہ اس کا حق ہے سب سے بڑھ کر راست تر، درست تر اور بہتر تھی۔ آج تک کوئی ایک بھی اس پر قادر نہ ہو سکا۔ فصاحت کے ساتھ کلام فرمانے کو صدق لہجہ کہتے ہیں۔

سیّدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو نہ بھیجا مگر خوش آواز اور خوش روحتیٰ کہ ہمارے نبی ﷺ ان اوصاف میں سب سے فائق تھے۔ اسی مقام پر کسی نے کہا ہے کہ

دردل ہر امتی گر حق مزہ است روئے آواز پیغمبر معجزہ است

جہاں تک کسی کی آواز نہ پہنچ سکتی تھی وہاں تک آپ کی آواز مبارک بے تکلف پہنچ جاتی تھی۔ خصوصاً ایسے خطبوں کی آواز جس میں نصیحت، تخویف یا خدا سے ڈرانا ہوتا تھا۔ چنانچہ پردہ میں بیٹھی ہوئی مستورات بھی آپ کی آواز سنتی تھیں۔ آپ ﷺ نے ایام حج میں منیٰ میں جو خطبہ دیا تھا اس نے تمام لوگوں کے کان کھول دیئے اور ہر ایک نے اس خطبہ کو اپنی اپنی منزلوں میں سنا۔ (منیٰ میں دور و نزدیک جو بھی تھا ہر ایک نے سنا) وہ جو دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ منیٰ میں خطبہ دیتے تھے اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ حضور ﷺ سے آگے اس کی تعبیر کرتے جاتے تھے تو اس سے مراد کلام کی تفسیر و توضیح اور شرح و بیان اور اس سے رفع اشتباہ ہے نہ کہ آواز کو سنوانا۔

بیان فصاحت شریف: حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک کی فصاحت، جوامع کلم، انوکھا اظہار بیان اور عجیب و غریب حکم و فیصلے اتنے زیادہ ہیں کہ شاید ہی کوئی فکر و اندیشہ کا محاسب اس کے حصر و احاطہ کے گرد پھر سکے۔ آپ کے اوصاف کا بیان اور ان کے بیان کا زبان کے ساتھ اظہار ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ سے زیادہ فصیح و شیریں بیان دوسرا پیدا ہی نہ فرمایا۔ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا یا رسول اللہ نہ تو آپ کہیں باہر تشریف لے گئے اور نہ آپ نے لوگوں میں نشست و برخاست رکھی پھر آپ ایسی فصاحت کہاں سے لے آئے۔ آپ نے فرمایا: حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی لغت اور اصطلاح جو ناپید اور فنا ہو چکی تھی اسے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام لے کر آئے جسے میں نے یاد کر لیا ہے نیز آپ نے فرمایا:

اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَادِیْبِیْ میرے رب نے مجھے ادب سکھایا تو میرے ادب کو بہت اچھا کر دیا۔

عربیت کا وہ علم جو زبان عرب اور اس کی فصاحت و بلاغت سے تعلق رکھتا ہے اسے ادب کہتے ہیں نیز آپ نے فرمایا: میری نشو و نما قبیلہ بنی سعد بن بکر میں ہوئی ہے۔ یہ آپ کی دائی حلیمہ سعدیہ کا قبیلہ ہے۔ بنی سعد کے لوگ پورے عرب میں سب سے زیادہ فصیح اللسان تھے اور یہ جو منقول ہے کہ آپ نے فرمایا: ''میں ضاد کو اس کے مخرج سے ادا کرنے میں اس سے زیادہ فصیح ہوں جو ضاد کو ادا کرتا ہے''۔ اگرچہ اس حدیث کی صحت میں بعض اپنی مقرر کردہ اصطلاح حدیث کے تحت کلام کرتے ہیں لیکن اس کے معنی صحیح ہیں۔ حاصل کلام اس

طرف راجع ہے کہ آپ نے فرمایا: میں تمام عرب میں افصح ہوں کیونکہ حرف ضاد عرب کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔ دنیا کی کسی دوسری زبان میں یہ حرف نہیں ہے۔ اور حضورِ اکرم کے سوا اہل عرب میں ایک بھی ایسا نہیں ہے جو اس حرف کو کما حقہ ادا کر سکے۔ اس حرف ضاد کا مخرج داہنے یا بائیں اضراس یعنی عقل داڑھ ہے۔ کہتے ہیں کہ بائیں طرف سے اس کی ادائیگی زیادہ آسان ہے لیکن صحابہ کبار میں سے کچھ حضرات اس کا دونوں جانب سے اخراج کرتے تھے۔

حضورِ اکرم ﷺ خوب واضح اور مفصل کلام کے ساتھ تکلم فرماتے تھے اور جدا جدا ان کلمات کو گنا جا سکتا تھا۔ آپ ایک کلمہ کی تین تین بار تکرار فرمایا کرتے تھے تاکہ خوب سمجھ لیا جائے۔ یہ تکرار گفتگو کے ابہام و اشتباہ کو دور کرنے کے لیے ہوتی ہوگی ورنہ آپ ہر بات اور ہر کلام میں ایسا نہ کرتے ہوں گے۔ واللہ اعلم

بیان جوامع الکلم: خاتم الانبیاء احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کے کلام مبارک کے خصائص میں آپ کا ارشاد ہے فرمایا:

اُوتِیْتُ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَاُخْتُصِرَ لِیَ الْکَلَامُ مجھے جوامع الکلم دیا گیا اور میرے لیے کلام مختصر کیا گیا۔ جوامع الکلم سے مراد وہ کلمات ہیں جو غایت اختصار میں ہوں اور معانی کثیرہ کے حامل ہوں۔ علماء نے اپنی وسعت اور طاقت کے اعتبار سے بعض ایسے کلمات جمع فرمائے ہیں اور خاص کر وہ خطوط و پیغامات جن کو حضور ﷺ نے بادشاہوں، حاکموں اور بڑے بڑے امرائے وقت کو ارسال فرمایا تھا ان میں ہر قوم کو اسی کی زبان میں مخاطب فرمایا تھا۔ علماء نے انہیں جمع کر کے ان کی شرح و تفسیر بیان کی ہے۔ ان میں سے کچھ کلمات جو آپ کے حلیہ کمال اور زینت جمال کے حکم میں ہیں۔ تصور و خیال سے بیان کرتا ہوں کہ یہ کلمات آپ کی زبان مبارک سے صادر ہوئے ہوں گے۔

حرف از دہان دوست شنیدن چہ خوش بود باز از دہاں آنکہ شنید از دہان دوست

اوّل حدیث: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ہر عمل کا دارومدار نیت پر ہے

یہ حدیث اصول دین سے اصل عظیم اور تمام حدیثوں میں جامع تر اور مفید ترین ہے۔ بعض حضرات تو اسے علم دین کا تہائی حصہ کہتے ہیں بایں لحاظ کہ دین، قول و عمل اور نیت پر مشتمل ہے اور بعض نے اسے نصف علم دین قرار دیا ہے۔ اس اعتبار سے کہ اعمال دو قسم کے ہیں ایک عمل بالقلب دوسرا عمل بالجوارح۔ اعمال قلب میں نیت سب سے زیادہ افضل ہے۔ اس بنا پر عمل، اس نصف علم (نیت) سے متعلق ہوگا۔ بلکہ دونوں نصفوں میں بہت بڑا۔ دراصل نیت ہی قلبی، جسمانی اعمال اور جملہ عبادات کی اصل بنیاد ہے اگر اس اعتبار سے اسے تمام علم کہیں تو یہ مبالغہ بھی درست ہوگا۔

(۲) مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُهٗ مَالَا یَعْنِیْهِ جو مرد عمدہ طریق پر اسلام لایا اس نے ہر لغویت سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔

(۳) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ یَدِهٖ وَلِسَانِهٖ مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے تمام مسلمان محفوظ رہیں۔

(٤) لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

(٥) اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ کُلُّهٗ دین، اوّل تا آخر نصیحت و بھلائی ہے۔

(٦) اَلْبَلَاءُ مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ گویائی مصیبتیں پیدا کرتی ہے۔

(۷) اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ محفلوں کی باتیں امانت ہیں۔

(۸) اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ — جس سے مشورہ لیا جائے وہ بات کا امین ہے۔

(۹) تَرْكُ الشَّرِّ صَدَقَةٌ — برائی کو چھوڑنا صدقہ ہے۔

(۱۰) اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ — حیاء کامل بھلائی ہے۔

(۱۱) فَضْلُ الْعِلْمِ خَيْرٌ مِّنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ — علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے۔

(۱۲) اَلصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنَتَانِ فِيْهِمَا اَكْثَرُ النَّاسِ — صحت وفراغت خسارے کی نعمتیں ہیں ان دونوں میں اکثر لوگ مبتلا ہیں۔

(۱۳) مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا — جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔

(۱۴) اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ — نیکی کی راہ دکھانے والا ایسا ہی ہے جیسے اس نے نیکی کی۔

(۱۵) حُبُّ الشَّيْءِ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ — کسی چیز کی محبت اسے اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

(۱۶) اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ — آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت رکھتا ہے۔

(۱۷) لَا تَرْفَعْ عَصَاكَ عَنْ اَهْلِكَ — اپنی اہل سے اپنی لاٹھی کو نہ اٹھاؤ۔

(۱۸) خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ — تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی اہل کے لیے بہتر ہے۔

(۱۹) مَنْ اَبْطَأَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ — جس کا عمل سست ہے اس کا نسب چست نہ کریگا۔

(۲۰) زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا — زیارت کرنا ناغہ کے ساتھ توشہ کر محبت کے ساتھ۔

(۲۱) اِيَّاكُمْ وَخَضْرَ الدِّمَنِ — بچو تم امن کی فراخیوں سے

(۲۲) لَنْ يَّشَاءَ الدِّيْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ — ہرگز نہیں چاہتا کوئی دین داری مگر وہ اس پر غالب ہوتا ہے۔

(۲۳) اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ — جو اپنے نفس کو دین دار بنا کر تھیلی تیار کرے وہ عمل کرے موت کے بعد کے لیے

(۲۴) اَلْفَاجِرُ مَنِ اتَّبَعَ نَفْسَهٗ وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ — فاجر وہ ہے جو اپنی خواہش کی پیروی کرے۔

(۲۵) لَيْسَ الشَّدِيْدُ مَنْ غَلَبَ النَّاسَ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ مَنْ غَلَبَ نَفْسَهٗ — لوگوں کا غالب ہونا شدید نہیں البتہ! اپنے نفس کا غالب ہونا شدید ہے۔

(۲۶) اَلثَّنَاءُ رَبِيْعُ الْمُؤْمِنِ — حمد وثناء کرنا مومن کی بہار ہے۔

(۲۷) اَلْقَنَاعَةُ كَنْزٌ لَا يَفْنٰى — قناعت ایسا خزانہ ہے جو کبھی ناپید نہیں ہوتا

(۲۸) اَلْاِقْتِصَادُ فِى النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ — خرچ میں میانہ روی نصف معیشت ہے۔

(۲۹) اَلتَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ — لوگوں سے محبت کا برتاؤ کرنا آدھی عقلمندی ہے۔

(۳۰) حُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ — عمدہ طریق سے پوچھنا آدھا علم ہے۔

(۳۱) لَاعَقْلَ كَالتَّدْبِيْرِ — تدبیر کی مانند عقل نہیں ہے۔

(۳۲) لَا وَرَعَ كَالْكَفِّ — زبان روکنے کی مانند پارسائی نہیں ہے۔

(۳۳) لَاحُبَّ كَحُسْنِ الْخُلُقِ — خوش اخلاقی کی مانند محبت نہیں ہے۔
(۳٤) اَلرَّضَاعُ بِغَيْرِ الطِّبَاعِ — رضاعت غیر طبعی ہے۔
(۳۵) اَلْاِيْمَانُ يَمَانٍ — ایمان حفاظت ہے۔
(۳٦) لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ — جو امانت دار نہیں وہ ایمان دار نہیں۔
(۳۷) لَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ — جو عہد کو پورا نہ کرے وہ دیندار نہیں۔
(۳۸) جَمَالُ الرَّجُلِ فَصَاحَةُ لِسَانِهٖ — آدمی کی خوبصورتی اس کی زبان کی فصاحت ہے۔
(۳۹) لَا فَقْرَ اَشَدُّ مِنَ الْجَهْلِ — جہالت سے بڑھ کر سخت محتاجی نہیں ہے۔
(٤۰) لَامَالَ اَعَزُّ مِنَ الْعَقْلِ — عقل سے زیادہ پیاری تونگری نہیں ہے۔
(٤۱) مَاجَمَعَ شَيْءٌ اَحْسَنَ مِنْ عِلْمٍ اِلٰى عِلْمٍ — کسی چیز کو کسی چیز سے جمع کرنا علم کو علم سے زیادہ اچھا نہیں ہے۔
(٤۲) كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْكَعَابِرِيْ سَبِيْلٍ وَّعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ — دنیا میں مثل مسافر یا راہ چلنے کی مانند رہو اور اپنے آپ کو صاحب قبر شمار کرو۔
(٤۳) اَلْعَفْوُ لَا يَزِيْدُ الْعَبْدَ اِلَّا عِزًّا — درگزری بندے میں عزت کو بڑھاتی ہے۔
(٤٤) اَلتَّوَاضُعُ لَا يَزِيْدُ اِلَّا رِفْعَتَهٗ — نگونساری درجہ کی بلندی ہی کو زیادہ کرتی ہے۔
(٤۵) مَانَقَصَ مَالٌ مِّنْ صَدَقَتِهٖ — صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا۔
(٤٦) كُنُوْزُ الْبِرِّ كِتْمَانُ الْمَصَائِبِ — نیکی کا خزانہ مصائب کے چھپانے میں ہے۔
(٤۷) لَا تَظْهَرِ الشَّمَاتَةَ بِاَخِيْكَ فَيُعَافِيْهُ اللّٰهُ وَيَبْلِيْكَ — اپنے بھائی کو شرمسار نہ کرو کہیں خدا تمہاری گرفت نہ کرے اور تمہیں بھی اس میں آلودہ کردے۔

ان کلمات سے ہر ایک کلمہ عجائب وغرائب اور دین ودنیا کے آداب پر مشتمل ہے اور یہ قاعدے دنیا وآخرت میں نیک بختی کو شامل ہیں۔ اس قسم کے کلمات بے شمار اور بے اندازہ ہیں۔ بالفعل اس وقت جو نظر میں آئے انہیں لکھ دیا۔ ان میں سے ہر ایک کی شرح اور تفصیل اگر بیان کی جائے تو دفتر کے دفتر سیاہ ہو جائیں لیکن کام ختم نہ ہو۔

حدیث مبارک: اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ كُلُّهٗ (دین اوّل تا آخر نصیحت وبھلائی ہے) یہ اولین وآخرین کے تمام علوم پر مشتمل ہے۔ اگر دنیا کے تمام علماء جمع ہو کر اس کی تشریح میں لب کشائی کریں تو اس کے ایک حصہ سے بھی عہدہ برآ نہ ہو سکیں گے۔ کیونکہ وہ جو کچھ بھی کہیں گے اپنے علم وحوصلہ اور فہم کی سطح کے مطابق کہیں گے۔ فارسی کے رسالے میں اس کا اشارہ کیا گیا ہے۔

سر مبارک: حضور اکرم ﷺ کے سر مبارک کی توصیف میں ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مرقوم ہے کہ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَظِيْمُ الْهَامَةِ رسول اللہ ﷺ کا سر مبارک عظیم تھا۔ سر کی بزرگی، وفورِ عقل اور جودت فکر کی اس بنا پر دلیل ہے کہ سر جو ہر دماغ کا عامل ہوتا ہے یہاں پر سر کو عظیم کہنے سے کوتاہی اور اس کی چھوٹائی کی نفی کرنا مقصود ہے۔ ورنہ آپ کے تمام اعضاء وجوارح میں وجود اعتدال کی رعایت کی گئی ہے جیسا کہ پہلے بھی اس طرف اشارہ کیا جا چکا ہے اور ہر جگہ اس قاعدہ کلیہ کو یاد رکھنا چاہیے۔

موئے مبارک: حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کے بالوں کے بارے میں دریافت

کیا تو فرمایا آپ کے بال رَجل (نرم) تھے۔ رجل بفتح راو کسر جیم اور فتح سے بھی آیا ہے۔ اسی طرح سبط وقطط مراد ہے۔ سبط بفتح سین وسکون باء وکسر باء بمعنی نرم و لٹکے ہوئے بال اور قطط بفتح قاف وکسر طاء وفتح طاء ایسے بال جو سخت اور پیچیدہ ہوں جیسے حبشیوں کے ہوتے ہیں اردو میں انہیں گھونگریالے بال کہا جاتا ہے۔ بعض حدیثوں میں آپ کے موئے مبارک کو ''جعد'' بمعنی سخت پیچیدہ بتایا گیا ہے حالانکہ مکمل جعد نہ تھے۔ بلکہ قطط اور جعد یعنی نرم دراز اور گھونگریالے تھے۔ سبط وقطط کی ضد کے معنی میں جعد کا اطلاق جائز نہ ہوگا اور بعض حدیثوں میں جعد کی نفی کی گئی ہے۔ جعد بہت سخت اور بل کھائے ہوئے بالوں کو کہتے ہیں اور صراح میں جعد بمعنی مرغول اور قطط بمعنی مرغول اور بسط بمعنی لٹکے ہوئے بال لکھا ہے۔ لہٰذا حضور اکرم ﷺ کے بال بسط تھے نہ قطط بلکہ دونوں کے درمیان تھے جسے رجل کہتے ہیں۔

آپ کے بالوں کی لمبائی کانوں کے درمیان تک دوسری روایت میں کانوں تک اور ایک تیسری روایت کے بموجب کانوں کی لو تک تھی۔ ان کے علاوہ کندھوں کے قریب تک کی روایتیں بھی ہیں۔ ان سب روایتوں میں باہمی مطابقت اس طرح ہے کہ آپ کبھی تیل لگاتے یا کنگھی فرماتے تو بال دراز ہو جاتے ورنہ اس کے برعکس رہتے یا پھر بال ترشوانے سے پہلے اور بعد ان میں اختصار طول ہوتا رہتا تھا۔ مواہب لدنیہ میں اور اس کے موافق ''مجمع البحار'' میں یہ مذکور ہے کہ جب بالوں کے ترشوانے میں طویل وقفہ ہو جاتا تو بال لمبے اور جب ترشواتے تو چھوٹے ہو جاتے تھے۔ اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور ﷺ بالوں کو ترشواتے تھے۔ مونڈواتے نہ تھے لیکن حلق (مونڈوانے) کے بارے میں خود فرماتے ہیں کہ آپ حج وعمرہ کے دو موقعوں کے سوا بال نہیں منڈواتے تھے۔ واللہ اعلم

اور ام ہانی رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ مکہ مکرمہ میں رونق افروز ہوئے تو آپ کے بالوں کی چار لٹیں تھیں اور سر کے بالوں کا چھوڑنا سنت ہے۔ زمانہ قدیم سے عربوں میں یہ عادت تھی لیکن یہ ضروری ہے کہ بالوں کی نگہداشت کی جائے۔ یعنی تیل اور کنگھی وغیرہ ہوتی رہنی چاہیے۔ حضور اکرم ﷺ بالوں میں کثرت سے کنگھی کیا کرتے تھے۔ آپ جس کسی کے پراگندہ اور ابتر بال دیکھتے تو کراہت سے فرماتے کہ تم میں سے کسی کو وہ نظر آیا ہے یہ اشارہ شیطان کی طرف ہے۔ اسی طرح آپ بہت زیادہ بنے سنورے اور لمبے بالوں والوں سے بھی کراہت فرماتے تھے۔ اعتدال اور درمیانہ روی آپ کو بہت پسند تھی۔ جو کوئی بالوں میں تیل کنگھی نہیں کر سکتا اس کے لیے بالوں کا ترشوانا بہتر ہے۔ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: کہ میں نے سر کے بالوں کو اس وقت سے دشمن جانا ہے جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ سنا ہے کہ ہر بال کے بیچ میں جنابت یعنی ناپاکی ہے۔ ورنہ ہر اہل زمانہ خصوصاً مشائخ وزہاد عباد میں بالوں کے ترشوانے کا جو رواج ہوا ہے اس کی بظاہر یہ وجہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ یا تو بالوں میں تیل و کنگھی کی استطاعت نہ رکھتے تھے یا انہیں اس کی فرصت نہ ملتی ہوگی۔

فائدہ: بالوں کے بارے میں سنت وہی ہے جسے اوپر بیان کیا گیا ہے اور سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں وارد ہے کہ حضور اکرم ﷺ بالوں میں ''سدل'' فرماتے تھے۔ اہل کتاب بھی سدل کرتے تھے لیکن مشرکین اپنے بالوں میں ''فرق'' کرتے تھے۔ ''سدل'' سے مراد بالوں کا پیشانی کے اطراف پر لٹکانا ہے اور ''فرق'' کا مطلب بالوں کو ایک دوسرے سے جدا کر کے اس طرح سنوارنا کہ درمیان میں مانگ نکل آئے اسے مفرق یعنی تارک سر کہتے ہیں۔ جسے مانگ کہا جاتا ہے۔ چونکہ حضور اکرم ﷺ ان امور میں جن کا حکم الٰہی نہ ہو اہل کتاب کی موافقت کو پسند کرتے ہیں۔ اس کے بعد حضور ﷺ ''فرق'' فرمانے لگے۔ یعنی بالوں کے درمیان سے مانگ نکالنے لگے۔ اس بناء پر علماء فرماتے ہیں کہ فرق کرنا سنت ہے کیونکہ حضور ﷺ نے ''سدل'' سے ''فرق'' کی طرف رجوع فرمایا۔ مگر اصل بات یہ ہے کہ آپ کو ایسا حکم دیا گیا۔ لہٰذا ''سدل'' منسوخ ہو گیا۔ اس کا بھی احتمال ہے کہ ''فرق'' کو اختیار فرمانا اجتہاد سے ہے کہ اس

صحابہ رضی اللہ عنہم کبار لبوں کے گوشوں کو چھوڑ دیا کرتے تھے۔ اس لیے کہ وہ منہ کو نہیں ڈھانپتے اور نہ کھانے سے آلودہ ہوتے ہیں اور مونڈانے اور زیر لب جسے عنفقہ کہتے ہیں ان کے بالوں کے چھوڑنے میں بھی اختلاف ہے اور افضل ان کا چھوڑنا ہے لیکن عنفقہ کے دونوں کناروں کے مونڈنے میں مضائقہ نہیں ہے اور داڑھی کے بڑھانے کے حد میں بھی اختلاف ہے۔ مذہب حنفی میں چار انگل ہے جس سے مراد یہ ہے کہ اس سے کم نہ ہو۔ لیکن ایک روایت میں یہ ہے کہ اس سے زائد بالوں کو کاٹنا واجب ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اگر علماء ومشائخ اس سے زائد بڑھائیں تو بھی درست ہے جس کی دلیل یہ ہے کہ صحیح بخاری میں کتاب اللباس کے آخر میں مذکور ہے کہ سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنی داڑھی کو مٹھی میں لے کر اس سے زائد بال قطع کرادیا کرتے تھے۔

كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا حَجَّ اَوِ اعْتَمَرَ قَبَضَ عَلٰى لِحْيَتِهٖ فَمَا فَضَلَ اَخَذَهٗ

حضرت ابن عمر جب حج یا عمرہ کرتے تو اپنی داڑھی کو مٹھی میں لیتے اور جو اس سے زائد بال ہوتے قطع کرادیتے۔

حضرت نافع نے بروایت ابن عمر حدیث نقل کی ہے کہ:

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْهِكُوْا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللُّحٰى

لبوں کے تراشنے میں مبالغہ کرو اور داڑھی کو اپنے حال پر چھوڑ دو۔ اس سے تعرض نہ کرو۔

جب داڑھی کو اپنے حال پر چھوڑنا مامور بہ ہے تو پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کیوں مابعد القبضہ کتراتے تھے حالانکہ وہی اس حدیث کے راوی ہیں۔ شارحین اس کا یہ جواب دیتے تھے کہ ان کا کتروانا حج وعمرہ کے ساتھ مخصوص تھا اور عجمیوں کی مانند عمل کرنے کی ممانعت کی گئی ہے اور اس باب میں حلف کی عادت مختلف تھی۔ بیان کرتے ہیں کہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی داڑھی ان کے سینوں کو بھرتی تھی۔ اسی طرح سیّدنا عمر فاروق اور عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے اور حضرت سیّدنا غوث الاعظم محی الدین شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کی داڑھی طویل وعریض تھی۔

عانہ شریف: موئے زیر ناف صاف کرنے کے بارے میں بعض حدیثوں میں آیا ہے مونڈتے تھے اور بعض میں آیا ہے کہ نورہ استعمال کرتے تھے۔ دونوں جانب کی حدیثیں ضعیف ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ حمام تشریف لے گئے نہ اسے دیکھا۔ حمام کا ظہور آپ کی رحلت کے بعد بلاد عجم فتح ہوتے وقت ہوا۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حمام کے ہونے کی خبر دے دی تھی اور عورتوں کو حمام میں جانے کی ممانعت کردی تھی مگر کسی ضرورت کے تحت جیسے فصد اور علاج وغیرہ ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن بعض روایتوں میں جمعرات کے دن لبیں اور ناخونہائے مبارک ترشواتے تھے۔ ناخونوں کے کاٹنے کی کیفیت میں کوئی چیز ثابت نہیں ہے لیکن انتخابات پائی جاتی ہے کہ ناخونوں کے کاٹنے کی ابتداء سبابہ یعنی انگشت شہادت سے فرماتے اور داہنے ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرتے تھے اور وہ نظم جو حضرت علی مرتضیٰ سے منسوب ہے اس میں ہے کہ

قَلِّمِ الْاَظْفَارَ بِالسُّنَّةِ وَالْاَدَبِ لِمَنَها خواسب يسار ها او خسب

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسواک اور کنگھی کبھی جدا نہ فرماتے تھے۔ جب تیل ملتے تھے تو داڑھی شریف میں کنگھی فرماتے اور اپنے جمال شریف کو آئینہ میں ملاحظہ فرماتے تھے۔ ''الحق'' آئینہ دیکھنا آپ ہی کو سزاوار ہے کیونکہ آپ کا جمال جہاں آراء نور، مطلع نور الٰہی اور مظہر اسرار نامتناہی ہے۔

زآئینہ حسن ترا جدائی نیست: غرض تجلی حسن است خودنمائی نیست صلی اللہ علیہ وآلہ قدر حسنہ و جمالہ۔

گردن شریف: حضورِ اکرم ﷺ کی عنق یعنی گردن شریف کے بارے میں ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ

كَاَنَّ عُنُقَهٗ جِيْدٌ دُمْيَةٌ فِيْ صَفَاءِ الْفِضَّةِ — آپ کی گردن مبارک چاندی کی صفائی میں چمکدار اور دمیہ کی مانند تھی۔

''دمیہ''، بضم دال وسکون میم' وہ مجسمہ جو ہاتھی دانت سے تراشا گیا ہو'' کذا فی النہایہ'' قاموس میں ہے وہ مجسمہ جو خام یعنی سنگ سفید سے تراشا گیا ہو۔ اگرچہ آپ کی گردن مبارک کو صنم یا مجسمہ سے تشبیہہ دینے میں شان کیخلاف نظر آتا ہے لیکن چونکہ اس کی کاریگری میں خوب آراستگی اور مبالغہ کیا جاتا ہے اس لیے اس کی تحسین میں اس سے تشبیہہ دی گئی ہے۔ ''کذا فی النہایہ'' اور شمائل ترمذی کے حاشیہ میں ہے کہ ''اَلدُّمْيَةُ الْغَزَالُ ''یعنی دمیہ غزال یعنی ہرن کو کہتے ہیں اور دوسرے حاشیہ میں دمیہ ہرن کے بچہ کو کہتے ہیں لیکن لغت کی کتابوں میں یہ معنی نہیں پائے گئے۔ واللہ اعلم

اور حدیث میں الفاظ فی صفاء الفضۃ (چاندی کی صفائی میں) ظاہر عبارت سے گردن کی صفت معلوم ہوتی ہے اور مواہب کی دوسری حدیث میں ہے کہ

قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ كَانَ جِيْدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْيَضَ كَاَنَّمَا صِيْغَ مِنْ فِضَّةٍ — ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ آپ کی گردن مبارک سفید تھی گویا کہ چاندی سے بنائی گئی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی صفات میں سے یہ صفت علیحدہ ہے۔

منکبین شریف: منکب بفتح میم وکسر کاف بمعنی سر شانہ اور بازو کے اجتماع کی جگہ جسے کندھا کہتے ہیں اور صراح میں منکب' یعنی بن و بازو و شانہ ہے اس کے وصف میں واقع ہوا ہے کہ بَعِيْدٌ مَابَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ دونوں منکب کے درمیان دوری تھی بَعِيْدٌ کو بصیغہ تَصْغِيْرُ بَعِيْد بھی پڑھا ہے۔ اور بعضوں نے اس کی تفسیر ''عریض الصدر'' (سینہ کی چوڑائی) سے کی ہے۔ حالانکہ عرض صدر ایک علیحدہ صفت ہے جو کہ مروی ہے کہ عَرِيْضُ الصَّدْرِ بَعِيْدًا مَابَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ اور یہ دونوں صفتیں ایک دوسرے کے ساتھ لازم ہیں چونکہ یہ صفت دو عضو سے متعلق ہیں اس لیے جدا جدا ذکر کیے گئے ہیں۔

صدر شریف: حضورِ اکرم ﷺ کا صدر مبارک یعنی سینہ شریف سینہ کشادہ اور محسوس تھا۔ یہ صورت ظاہری کے حلیہ کے بیان میں داخل ہے اس لیے اس قدر بیان ہے ورنہ صدر معنوی وہ ہے جس کا ذکر آیت کریمہ میں یوں آیا ہے۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ اے محبوب! کیا ہم نے آپ کو شرح صدر عطا نہ فرمایا؟ یہ اس طرف اشارہ ہے کہ آپ کا مقام بہت عالی ہے کیونکہ اس کا تمام و کمال' ذات بابرکات حضرت سیّد السادات ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے۔

قلب اطہر: مواہب لدنیہ میں قلب اطہر کا بھی ذکر آیا ہے (چونکہ دل باطنی اعضاء سے ہے اور یہاں اس کی ظاہری صورت سے بحث نہیں اس لیے غور و فکر کرنا چاہیے اور بعض راویتوں میں ''عظيم مشاش المنكبين والكتد'' بھی آیا ہے کتد بفتح کاف وکسر تاء فوقانیہ اور فتح تاء وہ جگہ جہاں دونوں مونڈھے ملتے ہیں اور مشاش بضم میم سر کی ہڈیوں کو کہتے ہیں۔

بطن اطہر: نیز ایک روایت میں ''سَوَاءُ الْبَطْنِ وَالصَّدْرِ '' بھی آیا ہے یعنی نہ شکم سے بلند اور نہ شکم سینہ سے دونوں برابر اور ہموار تھے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ''مغاض البطن'' بیان ہوا ہے جس کی تفسیر ''واسع البطن'' سے کی گئی ہے جو کہ عریض الصدر کو

لازم ہے اور بعض حضرات ''مُسْتَوِی الْبَطْنِ وَالصَّدْرِ'' سے تفسیر کرتے ہیں۔

حضرت ابن ام ہانی رضی اللہ عنہ نے آپ کے بطن شریف کی توصیف میں کہا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شکم اطہر کو دیکھا ہے وہ گویا کاغذ تھا جنہیں لپیٹ کر تہ کر کے ایک دوسرے پر رکھ دیا ہے۔

سینہ کے موئے مبارک: حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سینہ مبارک کے موئے مبارک کی توصیف میں فرماتے ہیں کہ ''ذو مسربۃ'' تھے اور حدیث ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ میں دقیق مسربۃ ہے مسربۃ ان بالوں کو کہتے ہیں جو سینہ کے اوپر سے ناف تک ہوں یہ باریک تھے لہٰذا اسے خیط (ڈورا یا شاخ) سے تعبیر کرتے ہیں اور صراح میں مسربۃ بضم را' سینہ و ناف کے درمیان بالوں کو لکھا ہے بظاہر ''مسربۃ'' کا اشتقاق سرب ہے جس کے معنی راستے کے ہیں۔ صدر شکم کے علاوہ کہیں بال نہ تھے۔ لہٰذا اسی حدیث میں کہا گیا ہے عَارِیُ الثَّدْیَیْنِ وَالْبَطْنِ سِوٰی ذٰلِکَ یعنی آپ کے سینہ پر دونوں طرف اور شکم اطہر بجز اس قدر بالوں کے جنہیں سرنبہ کہا جاتا ہے خالی تھے اور بیان کرتے ہیں کہ اَلذِّرَاعَیْنِ وَالسَّاعِدَیْنِ وَالْمَنْکِبَیْنِ وَاَعَالِی الصَّدْرِ وَالسَّاقَیْنِ یعنی دونوں کلائیاں دونوں بازو دونوں کندھے سینہ مبارک کا بالائی حصہ دونوں پنڈلیاں ٹخنے تک بال والے تھے اور وہ جو آپ کے وصف شریف میں ''اجرد'' یعنی بالوں سے خالی ہونا واقع ہے وہ اشعر کے مقابل ہے۔ یعنی اشعر اسے کہتے ہیں جس کے سارے بدن پر بال ہوں۔

بغل شریف: آپ کی بغل شریف سارے بدن مبارک کی مانند سفید تھی۔ طبری کہتے ہیں کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے ورنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا تمام لوگوں کی بغل کا رنگ جدا اور اس میں سیاہی کی جھلک ہوتی ہے۔ اسی طرح قرطبی کے بیان میں اتنا زیادہ ہے کہ آپ کی بغل میں بال ہی نہ تھے لیکن کچھ لوگ اس میں کلام کرتے ہیں کہ یہ ثابت نہیں ہے جلد کی سفیدی سے یہ لازم نہیں آتا کہ بغل میں بال ہی نہ ہوں اور بعض حدیثوں میں نَتَفَ اِبْطَیْہِ بھی آیا ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم بغل کے بالوں کو اکھیڑ ڈالا کرتے تھے۔ واللہ اعلم

اور بعض حدیثوں میں عَفَرَ اِبْطَیْہِ واقع ہوا ہے عفرہ غیر قابض سفیدی کو کہتے ہیں کَذَا قَالَ الْھَرَوِی اور صراح میں ''اعفر'' ایسی سرخی و سفیدی جس میں سرخی کی جھلک ہو لکھا ہے۔

ایک صحابی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے بغل گیر ہوئے تو آپ کے بغل شریف کے پسینہ سے مشک کی مانند خوشبو مہکنے لگی۔

ظہر شریف یعنی پشت: آپ کی ظہر شریف یعنی پشت مبارک ایسی تھی جیسی پگھلی ہوئی چاندی یعنی پاک و صاف اور سفید ہموار۔

مہر نبوت: بَیْنَ کَتِفَیْہِ خَاتَمُ النُّبُوَّۃِ وَھُوَ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی کیونکہ آپ خاتم النبیین ہیں۔ مہر نبوت ایک ایسی ابھری ہوئی چیز تھی جو ہمرنگ بدن' مشابہ جسد اطہر اور صاف و نورانی تھی۔ اسی کو خاتم النبوۃ یا مہر نبوت کہتے ہیں۔ ''خاتم'' بکسر تاء ختم کا فاعل ہے جس کے معنی اتمام رسیدن بآخر یعنی آخر میں پہنچ کر مکمل کرنا اور فتح تاء سے بمعنی مہر و انگشتری کے ہیں یعنی وہ چیز جو دلیل اس پر ہے کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور آپ کو اسی نام کے ساتھ موسوم کرنے کا سبب یہ ہے کہ کتب سابقہ میں آپ کی تعریف اسی کے ساتھ کی گئی ہے۔ لہٰذا یہ وہ علامت ہے جس سے آپ پہچان لیے جائیں کہ آپ ہی وہ نبی آخر الزماں ہیں جس کی بشارت دی گئی ہے۔ مہر نبوت اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں وہ عظیم نشانی ہے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخصوص فرمایا۔ حاکم نے ''مستدرک'' میں حضرت وہب بن منبہ سے روایت کیا کہ کوئی نبی مبعوث نہ ہوا مگر یہ کہ ان کے داہنے ہاتھ میں کوئی علامت

نبوت ہوتی لیکن ہمارے نبی ﷺ کی علامت نبوت' آپ کے دونوں شانوں کے درمیان تھی کیا خوب کسی شاعر نے کہا ہے

نبوت راتواں آں نامہ درمشت کہ از تعظیم دارد مہر بر پشت

حضرت شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں کہ آپ کی مہر نبوت میں لکھا ہوا تھا۔

اَللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ تَوَجَّہُ حَیْثُ کُنْتَ فَاِنَّکَ مَنْصُوْرٌ اللہ یکتا ہے کوئی اس کا شریک نہیں آپ جس حال میں بھی ہیں توجہ فرمایئے بلاشبہ آپ ہی فتحیاب ہیں۔

روایتوں میں مرقوم ہے کہ مہر نبوت نوری تھی جو چمکتی تھی۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ آپ کی وفات کے بعد وہ مہر نبوت روپوش ہوگئی تھی اور اسی علامت سے معلوم ہوا کہ آپ نے وفات پائی ہے کیونکہ لوگوں میں شبہ اور اختلاف واقع ہوگیا تھا یا اس لیے کہ یہ دلیل نبوت تھی۔ اب اس کے اثبات کی حاجت نہ رہی تھی۔ یا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی خاص بھید ہو جسے وہی خوب جانتا ہے۔ لیکن یہ غلط ہے کہ بعد از وفات نبوت باقی نہ رہی۔ کیونکہ نبوت و رسالت موت کے بعد بھی برقرار رہتی ہے۔

اکثر روایتوں میں ''بین الکتفین'' (یعنی دونوں شانوں کے درمیان) وارد ہے کہ عِنْدَنَا غِضٌ کَتِفِہِ الْیُسْرٰی یعنی مہر نبوت بائیں شانہ کے ناغض (نرم گوشت جسے غضروف کہتے ہیں) کے پاس تھی۔

علامہ تورپشتی فرماتے ہیں کہ دونوں قولوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس لیے کہ دونوں شانوں کے درمیان ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بالکل بیچ میں ہے اگر بائیں شانہ کے جانب بھی ہے تو ''بین الکتفین'' ہے۔ یہی حال اس روایت کا ہے جس میں عِنْدَ کَتِفِہِ الْیُمْنٰی (دائیں شانہ کے پاس) آیا ہے۔ واللہ اعلم۔ راویوں نے مہر نبوت کی صورت وشکل کا بھی ذکر کیا ہے اور سمجھانے کے لیے تشبیہ استعمال کی ہے۔ چنانچہ کسی نے اسے بیضہ کبوتر سے اور کسی نے سرخ غدود سے جو عام طور پر جسم پر ہوتا ہے تشبیہ دی ہے۔ ''صراح'' میں ہے کہ غدہ جس کی جمع غدود ہے گوشت کی سخت گرہ کو کہتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ غدہ کے مشابہ اور سرخ سے مطلب مائل بہ سرخی ہے۔ لہٰذا یہ اس روایت کے منافی نہیں ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مہر نبوت کا رنگ جسم اطہر کے رنگ کے ہم رنگ تھا اس سے اس قول کا رد کرنا مقصود تھا جس میں ہے اس کا رنگ سیاہ یا سبز تھا جیسا کہ ابن حجر مکی نے شرح شمائل میں کہا ایک اور روایت میں ہے کہ مہر نبوت زرحجلہ کی مانند تھا۔ ''زر'' بتقدیم زاء مکسورہ بر رائے مشددہ بمعنی تکمہ (گھنڈی) جو پیرہن کے گریبان میں ہوتا ہے اور ''حجلہ'' بفتح حاء وجیم بمعنی وہ گوشہ جہاں دلہن کو (مائیوں) بٹھایا جاتا ہے اس کی جمع حجال ہے۔ ''کذا قال الجمھور'' اور بعض کہتے ہیں کہ حجلہ ایک مشہور پرندہ اور زر اس کا انڈہ ہے۔ یہ اس حدیث کے موافق ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مہر نبوت کبوتر کے بیضہ کی مانند تھی۔ لیکن زر لغت میں بمعنی بیضہ نہیں آیا۔ بعض کہتے ہیں کہ رزایت بتقدیم راء بر زاء بھی آیا ہے جس کے معنی بیضہ کے ہیں اور ترمذی کی ایک اور حدیث ہے جس میں ''شعرات مجتمعات'' ہے یعنی مہر نبوت گوشت کا ایک ٹکڑا تھا۔ ایک اور حدیث میں مشت (مٹھی) کی مانند آیا ہے جس میں ثاکیل کی مانند تل تھے۔ ثاکیل ان دانوں کو کہتے ہیں جو جلد کے نیچے چنے کے دانے کی مانند نکل آتے ہیں یہ سب کچھ مہر نبوت کی ظاہری شکل وصورت کے بارے میں تھا لیکن اس کے پیچھے خدا کا عظیم اثر کارفرما ہے جو حضور ﷺ کے ساتھ مخصوص تھا اور جو کسی نبی کو حاصل نہ تھا۔ واللہ اعلم

دستہائے مبارک: حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک کی توصیف میں شمائل ترمذی میں کہا گیا ہے کہ ''طویل الزندین'' یعنی پنجہ (مٹھی بند) دراز تھا۔ ''زند'' بفتح زاء وسکون نون (پنجہ) کو کہتے ہیں اور قاموس میں ہے کہ ''الزند موصل الزراع والکف وھما زندان'' یعنی کلائی اور ہتھیلی کے ملنے کی جگہ کو زند کہتے ہیں اور اس کا تثنیہ ''زندان'' ہے۔ مٹھی بند (پنجہ) کی درازی کی تفصیل واضح نہیں کی گئی باوجودیکہ

ممکن ہے کہ یہ مٹھی بند آپ کے دست مبارک میں دراز واقع ہوا ہو اور ایک روایت میں ''عبل الزراعین'' اور ایک روایت میں ''عبل العضدین'' آیا ہے یعنی دونوں بازو اور کلائیاں فربہ (موٹی) تھیں اور صراح میں ''ذرائح'' کے معنی رجب الراحۃ یعنی ہاتھ کی ہتھیلی کے ہیں اور ایک روایت ''بسط الکفین'' یعنی فراخ ہتھیلی آیا ہے۔ مطلب یہ کہ ہتھیلی بھرپور اور مکمل تھی۔ یہ ''رجب الراحۃ'' کی روایت کے موافق تھی اور صراح میں ''بسط'' بالکسر دست کشادہ کے معنی میں ہے اور قراۃ عبداللہ میں آیۂ کریمہ ''بل یداہ بسطان'' آیا ہے اور ایک اور روایت میں ''سبط الکفین'' (نرم ہتھیلیاں) بتقدیم سبق بر با بمعنی نرم آیا ہے یعنی آپ کے ہاتھوں کی ہتھیلیاں نرم تھیں اور موئے مبارک کی توصیف میں پہلے گزر چکا ہے کہ ''سبط'' یعنی لٹکے ہوئے نرم بال جو کہ ''جعد'' کے مقابل ہوں۔ گویا ''سبط الکفین'' کو اس جگہ سے لیا ہے اور ''سبط الجسم'' بمعنی مردخوش قد متناسب القامت بھی آیا ہے اور قاموس میں ''رجل'' سبط الیدین (مرد کشادہ ہاتھوں والا ہے) سبط کے معنی سخی کے ہیں یہ بھی کہا کہ سخی فراخ دست ہوتا ہے اور ''ششن الکفین'' بھی تفسیر کی گئی ہے۔ بفتح شین وسکون ثلثہ بمعنی بہت سخت جس کی سختی پکڑنے میں محسوس ہو۔ احادیث میں کف دست کی توصیف میں سین ونرم وارد ہوا ہے۔ چنانچہ ''طبرانی'' نے مستورد بن شداد سے روایت کیا ہے کہ اس نے اپنے والد سے پوچھا انہوں نے کہا کہ میں رسولِ خدا ﷺ کے حضور میں پہنچا اور میں نے آپ کے دست اقدس کو چھوا (مصافحہ کیا) آپ کا دست مبارک ریشم سے زیادہ نرم اور برف سے زیادہ سرد تھا۔ اور بخاری میں حضرت انس ابن مالکؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا میں نے رسولِ خدا ﷺ کے دست مبارک سے زیادہ نرم حریر و دیبا کو نہ پایا۔ حالانکہ حریر تمام ریشمی کپڑوں میں سب سے زیادہ نرم ہوتا ہے اپنے ہاتھ میں درشتی اور سختی کس طرح جمع ہوسکتی ہے۔ ہاں نرمی فربہی کے ساتھ جمع ہوسکتی ہے جس طرح کہ آپ کا تمام بدن اقدس نرم لطیف فربہ اور قوی تھا اسی طرح دست مبارک کی ہتھیلیاں بھی نرم اور پر گوشت تھی۔

اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ آپ کے دست مبارک کی نرمی وسختی کا انحصار وقت اور حالات پر موقوف تھا۔ چنانچہ آپ گھر میں دست مبارک سے یا جہاد میں اسلحہ استعمال کرتے یا کاروبار کرتے تو ہتھیلیاں سخت ہوتیں جب چھوڑ دیتے تو وہ اپنی اصلی اور جبلی نرمی اور ملائمت کی حالت میں آجاتیں۔

منقول ہے کہ جب اصمعی نے جو لغت کے امام ہیں ''ششن'' کی خشونت اور سختی سے تفسیر کی تو ان سے کہا گیا کہ نبی کریم ﷺ کے دست مبارک کی توصیف میں تو نرمی وملائمت وارد ہے اور آپ نے چونکہ خشونت وسختی سے تفسیر کی ہے تو اس کے بعد اصمعی نے عہد کرلیا کہ وہ حدیث کی تفسیر ہی نہیں کرینگے مگر بعد از حزم واحتیاط اصمعی غایت درجہ منصف تھے اور رسول اکرم ﷺ کی جناب میں ادب وانصاف کا بڑا خیال رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ لوگوں نے حدیث مبارک ''لیغان علی قلبی'' (بعض وقت میرے دل پر حجابات آجاتے ہیں) کی تفسیر دریافت کی پوچھا کہ یہ غین کیا ہے اور اس کی حقیقت کیا ہے جواب میں فرمایا کہ اگر تم رسول اللہ ﷺ کے قلب اطہر کے غین (حجاب) کے علاوہ کسی اور شخص کے غین (حجاب) کے بارے میں پوچھو تو میں بتا سکتا ہوں لیکن اب جو کچھ میں جانتا ہوں آپ کے سامنے اس کے بیان کرنے کی مجھ میں تاب وطاقت نہیں اس کی حقیقت بجز علام الغیوب کے کوئی نہیں جان سکتا۔

حضرت ابوعبیدہ نے ششن کی تفسیر غلظ وقصر یعنی فربہی اور کوتاہی سے کی ہے۔ قاضی عیاض (صاحب شفاء) فرماتے ہیں کہ یہ تعریف مردوں میں محمود ہے نہ کہ عورتوں میں اس کی انہوں نے نفی کی ہے۔ یہ قول اس روایت کے بموجب ہے جس میں آیا ہے کہ ''سائل الاطراف'' یعنی اعضاء کی گرہیں دراز تھیں۔ یہ انگشت ہائے مبارک کی تعبیر ہے۔ مراد یہ کہ آپ کی انگلیاں لمبی اور رواں تھیں اور شفا میں ''طویل الاصبع (لمبی انگلیاں) اور ایک دوسری روایت میں ''شائل الاطراف'' بشین معجمہ جو کہ ''شول'' سے ماخوذ ہے جس کے

معنی پتھر کھینچنا' زمین سے بوجھ اٹھانا اور اونٹنی کا اس کی طاقت بھر بوجھ اٹھانا'' وارد ہوا ہے اور ایک روایت میں ''شاین الاطراف'' بہ تبدیل لام بنون مثلاً جبریل کو جبرین آیا ہے اسے ابن الانباری نے بیان کیا ہے اور یہ صفت قصر (کوتاہی) کے منافی ہے ششن بمعنی غلیظ (فربہ) جو بغیر کوتاہی اور سختی کے ہے۔ اگرچہ صحاح اور قاموس سے بمعنی خشونت بھی معلوم ہوتے ہیں لیکن آپ کے دست مبارک کے صفات' آثار' برکات اور معجزات اتنے زائد ہیں کہ حیطہ تحریر میں نہیں لائے جاسکتے۔ تاہم مسلم کی ایک روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کے رخساروں پر دست اقدس پھیرا تو جابر رضی اللہ عنہ کو آپ کے دست اقدس سے ایسی ٹھنڈک اور خوشبو محسوس ہوئی جیسے آپ نے ابھی عطار کی ڈبیہ سے اپنا ہاتھ نکالا ہے۔ بیہقی اور طبرانی میں ہے کہ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جب بھی حضور ﷺ سے مصافحہ کرتا ہوں تو میرا ہاتھ آپ کے جسم اطہر سے مس ہونے کی وجہ سے ایسا معطر ہو جاتا ہے کہ میں تمام دن اپنے ہاتھوں کو سونگھتا رہتا ہوں اور اس میں سے مشک نافہ سے بہتر خوشبو پاتا رہتا ہوں۔

یزید بن اسود فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے ہاتھوں میں دیا تو میں نے آپ کا دست اقدس برف سے زیادہ سرد اور مشک سے زیادہ خوشبودار پایا اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ میری عیادت کو تشریف لائے اور اپنا دست مبارک میری پیشانی پر رکھا پھر آپ نے میرے چہرے' سینہ اور شکم پر مسح فرمایا تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں آج تک آپ کے دست اقدس کی ٹھنڈک اپنے جگر میں محسوس کرتا ہوں لیکن اس کو نہیں بھولنا چاہیے کہ خوشبوئے مبارک آپ ﷺ کے جسم اطہر میں موجود تھی۔ چنانچہ آپ کے پسینہ مبارک اور بول کی خوشبو کا بیان آگے آئے گا۔

اب رہا آپ کے دست اقدس سے ٹھنڈک کا محسوس ہونا اور یہ کہ اس کا مطلب کیا ہے تو یہ صحت وتندرستی کی نشانی ہے۔ کیونکہ آپ گرم ومعتدل ہیں۔ لہٰذا یہ ٹھنڈک وہ ٹھنڈک نہیں ہے جو مزاج وطبیعت کی برودت وخنکی سے ہوتی ہے اور سرد پسینہ آنے لگتا ہے اور اس کے چھونے کو لوگ ناپسند کرتے ہیں بلکہ یہ اعتدال مزاج اور عدم غلبہ حرارت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ آپ کے دست اقدس کے چھو جانے سے لذت اور راحت میسر آجاتی تھی جیسا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث اور دیگر حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے۔ فافہم وباللہ التوفیق

قدم مبارک: حضور اکرم ﷺ کے قدم مبارک کی توصیف میں بھی ''ششن القدمین'' (یعنی دونوں قدم مبارک مزید تھے) وارد ہوا ہے جس طرح ششن الکفین (دونوں دست اقدس نرم وفربہ تھے) واقع ہوا ہے لیکن مواہب میں ''غلظ اصابع'' (فربہ ونرم پاؤں کی انگلیاں) بیان ہوا ہے۔ اور ''مشارق'' میں دونوں کے معنی فخیم یعنی فربہ کے لکھے ہیں۔ ایک روایت میں ''خمصان الاخمصین'' آیا ہے۔ ''خمص'' قدم کے اس باطنی حصہ کو کہتے ہیں جو زمین پر قدم رکھتے وقت زمین سے نہ ملے اور صراح میں کف پا کی باریکی لکھا ہے اور خمصان بضم خاء خمص کا تثنیہ ہے۔ الاخمص اسے کہتے ہیں جس کے پاؤں زمین سے بہت بلند ہوں۔ اس جگہ یہ اضافت مبالغہ کے لیے ہے جیسا کہ ابن الاثیر سے منقول ہے اور ایک روایت میں ''مسیح القدمین'' آیا ہے یعنی آپ کے دونوں قدم مبارک ہموار تھے۔ جن میں آلودگی اور شکستگی بالکل نہ تھی۔ ''ینبو عنہما الماء'' اگر اس پر پانی ڈالا جائے تو اپنی لطافت وپاکیزگی کی وجہ سے بہہ جائے اور تیزی سے پانی گزر جائے اور ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی اسی طرح آیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جب آپ زمین پر قدم مبارک رکھ کر چلتے تو پورے قدم رکھ کر چلتے اور اخمص یعنی ابھری ہوئی جگہ نہ تھی۔ اسے بیہقی نے روایت کیا اور ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ کے پائے اقدس میں اخمص یعنی ابھار نہ تھا اور

زمین پر پورا قدم مبارک رکھتے۔ اسے ابن عساکر نے بیان کیا اور مسیح القدمین (ہموار قدم) کے بھی یہی معنی ومطلب ہیں اور کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی مسیح اسی معنی میں کہا جاتا ہے کیونکہ ان کے پائے مبارک میں بھی اخمص یعنی ابھار نہ تھا۔ واللہ اعلم اور ان کے نزدیک ''ینبو عنہما الماء'' (تیزی سے پانی بہہ جانا) یہ جداگانہ وصف ہے۔ مسیح القدمین سے متضمن نہیں ہے۔ اس حدیث میں منافات ظاہر ہے غایت وہ کہ جو کہا گیا اور توفیق روایت اس طرح ممکن ہے کہ قدرے اخمص یعنی ابھار تھا۔ نچلا حصہ ہموار نہ تھا اور بہت بلند بھی نہ تھا لیکن بایں تقدیر کہ اخمص (ابھار) میں مبالغہ کا اعتبار کیا جائے جیسا کہ بعض شارحوں نے کیا ہے اچھا نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ فرمایا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ الْبَشَرِ قَدَمًا رَوَاهُ ابْنُ سَعْدٍ

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کی ظاہری شکل بہت حسین تھی۔

اور آپ کی ایڑیوں کے بارے میں ''منہوس العقب'' مروی ہے یعنی آپ کی ایڑیوں پر گوشت کم تھا۔ اکثر لوگوں نے لفظ منہوس کو سین مہملہ سے روایت کیا ہے اور صاحب ''البحرین'' اور ''ابن الاثیر'' نے سین مہملہ اور شین معجمہ دونوں سے روایت کیا ہے۔ ''شارق'' میں بھی دونوں لکھے ہیں اور بعض حضرات نے منہوش بمعنی ابھری ہوئی ایڑی کہا ہے اور صراح میں منہوس بمعنی کم گوشت لکھا ہے۔

کاتب الحروف عفی اللہ عنہ (یعنی شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ) کا قول ہے کہ میرے پیر ومرشد سیّد الشیخ موسیٰ (پاک شہید ملتانی) الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایڑیاں صفاء ولطافت میں اس حد تک تھیں کہ کسی حسین وجمیل کے رخسار بھی ایسے نہ ہوں گے اور وہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک سے بہت زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔

مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت کرزم سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے میں آپ کے پائے اقدس میں انگشت سبابہ کی درازی کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ آپ کی انگشت سبابہ (پاؤں کے انگوٹھے کے برابر کی انگلی) پاؤں کے تمام انگلیوں سے بڑی تھی۔ اسے احمد وطبرانی نے روایت کیا ہے اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاءِ اقدس کی چھنگلیا متظاہر تھی اور مروی ہے کہ یہ لوگوں کی زبانوں پر مشہور ہے کہ آپ کے دست مبارک کی انگشت شہادت بہ نسبت بیچ کی انگلی کے لمبی تھی۔ اس پر حافظ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کسی نے بھی یہ کہا ہے غلط ہے البتہ! پاؤں کی انگلیوں میں قدم مبارک کی انگشت سبابہ درازتھی۔ ''مقاصد حسنہ'' میں کہا گیا ہے کہ یہ غلطی ہے جو حضرت میمونہ بنت کرزم رضی اللہ عنہا کی مطلق روایت پر بے سوچے سمجھے اعتماد کر لینے سے پیدا ہوئی ہے لیکن یہ روایت مسند امام احمد میں پاؤں کی انگشت سبابہ کے ساتھ مقید ہے۔ اسی طرح بیہقی کے نزدیک ہے۔

(حضرت شیخ) عبدالحق بن سیف الدین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حدیث پاک میں مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کو ملا کر فرمایا کہ بھیجا گیا ہوں میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی مانند''۔ آپ نے قیامت پر اپنی بعثت کے مقدم ہونے کو اسی قدر تفاوت کے ساتھ اشارہ فرمایا جتنا کہ ان دونوں انگلیوں کے درمیان تفاوت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ بعثت اور قیامت کی معیت سے مبالغہ کی طرف اشارہ ہے۔ ورنہ دونوں انگلیوں کے ملانے کی کیا حاجت تھی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں انگلیوں کے ملانے سے تقدم وتاخر کا تفاوت ظاہر ہوتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ انگشت شہادت اور بیچ کی برابر تھی اور ایک جماعت کہتی ہے کہ بطریق معجزہ اظہار معیت ومبالغہ کے لیے اس وقت میں برابر ہوگئی ہوں گی۔ واللہ اعلم

پنڈلیاں شریف: حضورِ اکرم ﷺ کی پنڈلیوں کے بارے میں ہے کہ کَانَ فِیْ سَاقَیْہِ خَمُوْشَۃٌ یعنی آپ کی دونوں پنڈلیاں باریک ولطیف تھیں پُر گوشت نہ تھیں۔ایک اور حدیث میں ہے کہ نَظَرْتُ اِلٰی سَاقَیْہِ کَاَنَّھَا جُمَّارَۃٌ یعنی میں نے آپ کی پنڈلی کی طرف نظر ڈالی تو وہ گویا درخت خرما تھا۔''جُمَّارَۃٌ'' بضم جیم وتشدید میم بمعنی درخت خرما جسے شحم النخل بھی کہتے ہیں جو کہ ہموار صاف لطیف اور سفید ہوتی ہے''ضخم الکرادیس''جن کے جوڑ فربہ کردوس بضم ان دوہڈیوں کو کہتے ہیں جو جوڑ میں پیوستہ ہوں کہتے ہیں کہ اس سے فربہی اور اعضا کا قوی ہونا مراد ہے۔صراح میں ہے کہ کردوس جوڑوں کی دوگانہ ہڈیوں کو کہتے ہیں دوشانے' بازو اور زانو وغیرہ۔

قامت زیبا: حضورِ اکرم ﷺ کا قامت زیبا یعنی قد مبارک' باغ قدس اور بوستان انس کی شاخ تھا۔یعنی لطیف' درست اور چست تھا' نہ کوتاہ نہ بہت دراز لیکن مائل بہ درازی تھا لہٰذا حدیث میں آیا ہے کہ کَانَ رَبْعَۃً مِنَ الْقَوْمِ قوم میں متوسط القامت تھے۔رَبْع بفتح راء وسکون باء معنی متوسط القامت' ایک اور حدیث میں ہے کہ اَطْوَلُ مِنَ الْمَرْبُوْعِ وَاَقْصَرُ مِنَ الْمُشَذَّبِ پستہ قد سے طویل قامت اور طویل قامت سے کوتاہ تھے۔مطلب یہ کہ پستہ قد سے درازتر اس بنا پر کہ مائل بجانب درازی تھے۔

''مشذب''بضم میم وفتح شین وذال معجمہ باتشدید بمعنی بسیار دراز جس کے کھڑے ہونے میں خوف واضطراب لاحق رہے اور ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ لَمْ یَکُنِ الطَّوِیْلُ الْمُمَغَّطُ بہت زیادہ دراز قد نہ تھے۔الممغط بضم میم اوّل ولفتح میم ثانی' مشدد وکسر غین معجمہ' نیز مہملہ سے بھی آیا ہے اور بغین مشددہ ومعجمہ طاء مہملہ بروزن اسم مفعول از باب تفعیل بھی پڑھا گیا ہے۔اسے کہتے ہیں جو دراز قد میں غایت درجہ طویل ہے۔وَلَا بِالْقَصِیْرِ الْمُتَرَدِّدِ نہ متردد کی مانند کوتاہ قد' متردد اسے کہتے ہیں جس کے جسم کے کچھ اعضاء باہر نکل آئیں مثلاً کوبڑ وغیرہ' بعض حضرات اس عبارت سے اثبات قصر بھی کرتے ہیں مگر زیادہ نہیں جتنا کہ توسط واعتدال کو لازم ہے اور ایک اور حدیث میں ہے:لَمْ یَکُنْ بِالطَّوِیْلِ الْبَائِنِ یَعْنِیْ مُفْرَطٌ یعنی طول میں سب سے جدا اور دراز قد نہ تھے۔حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے''لَیْسَ بِالذَّھَبِ طُوْلاً وَفَوْقَ الرَّبْعَۃِ اِذَا جَاءَ مَعَ الْقَوْمِ غَمَرَھُمْ یعنی آپ بہت زیادہ دراز قد نہ تھے لیکن مائل بطول ہونے کے اعتبار سے''ربعہ''سے بلند تھے۔جب آپ کسی قوم میں تشریف لاتے تو انہیں چھپا لیتے اور ان کے پست وکوتاہ قد لوگ آپ کے قریب چھپ جاتے۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ جب تنہا ہوتے تو''ربعہ''یعنی متوسط القامت معلوم ہوتے اور جب قوم کے درمیان ہوتے تو سب سے بلند وبالا معلوم ہوتے اور اس وقت منسوب بہ طویل القامت کہلاتے اور اگر دو آدمی داہنے بائیں ہوتے تو آپ دونوں سے بلند نظر آتے اور جب ان کے درمیان سے جدا ہو جاتے تو پھر منسوب بہ متوسط القامت (ربعہ) ہوتے نیز مجلس میں آپ کے دونوں شانے مبارک بلند سے بلند تر ہوتے۔ ﷺ

بے سایہ وسائبان عالم: حضورِ اکرم ﷺ کا سایہ نہ تھا' نہ آفتاب کی روشنی میں نہ چاند کی طلعت میں' اسے حکیم ترمذی نے ذکوان سے''نوادر الاصول''میں روایت کیا ہے۔ان بزرگوں پر تعجب ہے کہ چراغ کی روشنی کا ذکر نہ فرمایا''نور''آپ کے اسماء مبارکہ میں سے ایک نام ہے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا (مولانا جامی نے خوب کہا ہے)

امی ودقیقہ دان عالم　　بے سایہ وسائبان عالم

رنگ مبارک: حضورِ اکرم ﷺ کا رنگ مبارک روشن وتاباں تھا۔جمہور صحابہ کا اتفاق ہے کہ آپ کا رنگ مبارک مائل بہ سفیدی تھا۔سفیدی کے ساتھ ہی آپ کی تعریف وتوصیف کی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ''کان ابیض ملیحا''ایک اور روایت میں''ابیض ملیح الوجہ''

آیا ہے یعنی سپید رنگ، ملیح بشرہ تھا۔ اس توصیف سے مراد سفیدی وملاحت ہے حالانکہ ملاحت' آپ کے حسن و جمال اور دیدار جانفزا کی دلربائی ولذت بخشی کے اظہار بیان کے لیے علیحدہ صفت ہے۔ یا خالص سفیدی بغیر نمکینی جسے ابہق کہتے ہیں اسے سے بچنے کے لیے ہو اور ابہق کی تفسیر وہ اس طرح کرتے ہیں کہ ابہق وہ سفیدی ہے جس میں نہ سرخی ہو نہ زردی اور نہ گندم گوں ہو اور اس سفیدی کے مشابہ ہے جو برص کے مریضوں کے چہرہ پر ہوتی ہے اور جست کے ہم رنگ ہو۔

ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ آپ کا چہرۂ انور بہت سفید اور آپ کے موئے ہائے مبارک سخت سیاہ تھے۔ ابوطالب کے اس شعر میں جو انہوں نے آپ کی مدح میں کہا ہے اس میں ہے کہ

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِّلْاَرَامِلِ

یعنی آپ کے چہرۂ انور کی سفیدی سے برسنے والا سفید بادل بارش کی بھیک مانگتا ہے اور آپ یتیموں بیواؤں کی پرورش فرمانے والے ہیں۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ اَبْيَضُ مُشْرَبٌ وَاَنَّهٗ شَرَابٌ خَلَطَ لَوْنٌ بِلَوْنٍ یعنی آپ کا رنگ سفید مشربی تھا۔ مشرب اس شراب کو کہتے ہیں جس میں ایک رنگ میں دوسرے رنگ کی آمیزش ہو۔ گویا ایک رنگ ملا کر دوسرا رنگ پلایا گیا ہو۔ اس جگہ مشرب سے مراد سرخی ہے دوسری روایت میں تصریح بھی آئی ہے۔ ابیض مشرب بحمرۃ یعنی آپ کا رنگ سرخ وسفید تھا اور بعض نے ''ازہر اللون'' کہا ہے جو کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے۔ اس کی بھی یہی تفسیر کرتے ہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ اس سے ان کی مراد چمک اور تابانی ہے۔

نسائی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ ایک روز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جھرمٹ میں تشریف فرما تھے ایک بدوی اپیلی بن کر آیا اور اپنی سادگی ومحبت اور تعجب سے پوچھنے لگا ''اَيُّنَ ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ'' یعنی فرزند عبدالمطلب کہاں ہیں اور تم میں سے وہ کون ہیں؟ یعنی وہ ذات کریم جس کے حسن و جمال نے عالمگیر شہرت حاصل کی ہے اور اس کے جاہ وجلال کے غلغلہ سے سارے جہان کے کان گونج رہے ہیں۔ صحابہ فرمانے لگے هٰذا الامغر المرفق یہ مردسرخ وسفید رو جو اپنی کہنی کو تکیہ بنا کر ٹیک لگائے تشریف فرما ہیں ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ قَدْرَ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ'' قاموس میں امغر بغین معجمہ بمعنی وہ شخص جس کے چہرے پر سرخی وسفیدی ہو اور مرفق وہ ہے جو اپنی کہنی کو تکیہ بنا کر ٹیک لگائے ہوئے ہو۔ بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ ''لیس بابیض ابهق'' وہ برص کی مانند سفید نہ تھے۔ ابہق کے معنی گزر چکے ہیں از روئے قاموس ابہق کے معنی ہیں وہ سفیدی جس میں سرخی کی آمیزش نہ ہو اور اس میں رنگ کی چمک بھی نہ ہو۔ اس کے علاوہ آپ کے رنگ مبارک کی توصیف میں ''اسمر'' بھی آیا ہے۔ ''سمرہ'' سفیدی وسیاہی کے درمیان ایک رنگ ہوتا ہے اور سمراء گندمی رنگ کو بھی کہتے ہیں لیکن صراح میں سمرہ بمعنی گندمی رنگ لکھا ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ مشربی سفیدی کے ساتھ جمع ہو جاتا ہے اور اہل عرب سمراء (گندمی) کا اطلاق اسی پر کرتے ہیں اور دوسری حدیث میں ابیض آیا ہے یعنی آپ کے جسم انور کی سفیدی مائل بسمرہ (گندم گوں) کہتے ہیں کہ مشرب جب ''مبشع'' ہو تو مشابہ اسمر کے ہے لیکن ''ادمہ'' کی نفی کی گئی ہے۔ ادمہ وہ رنگ ہے جس میں سیاہی بہت گہری ہو۔ چنانچہ ترمذی کی حدیث میں آیا ہے: لَيْسَ بِالْاَبْيَضِ الْاَمْهَقِ وَلَا بِالْاَدَمِ آپ کا رنگ نہ تو مبروص کی مانند سفید تھا اور نہ بالکل سیاہ قاموس وصراح سے معلوم ہوتا ہے کہ ''آدمہ'' بمعنی سمرہ ہے اور آدم بمعنی ''اسمر'' ہے۔ اس قول کے بموجب ''لا بالادم'' کا مطلب ادمہ یعنی سخت سیاہی ہوگی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ''سمرہ'' سے مراد آمیزش شدہ سفیدی ہے اور سفیدی کے اثرات سے مراد وہ سفیدی ہے جس میں سرخی کی آمیزش ہو۔ اس خالص سفیدی کی نفی کی

ہے جسے ابہق یا مبروص کہتے ہیں۔ اس سے وہ قول ساقط ہو جاتا ہے جس حدیث میں ابن جوزی کے بقول کہا گیا ہے کہ ''کان اسمر'' یہ اس لیے غلط ہے کہ یہ مخالف احادیث ہے کیونکہ احادیث میں صریحاً ''ابیض مشرف'' (سرخی مائل سفیدی) اور لا بالآ دم واقع ہوا ہے۔ اس ادم سے اسمر (گندمی) مراد ہے اور ابن جوزی نے بیاض وسمرہ کی جمع کے سلسلے میں کہا ہے کہ آپ کے جسم اطہر کے وہ حصے جو دھوپ سے متاثر ہوتے رہتے تھے اسمر (گندم گوں) تھے اور جو حصے کپڑوں کے اندر رہتے تھے سفید تھے لیکن علماء کو اس سے اختلاف ہے کیونکہ آفتاب کی شعاعیں اور ہوا آپ کے جسم اطہر کا رنگ متغیر نہیں کر سکتی تھیں جس طرح کہ ''انوار التجرد'' ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں واقع ہوا ہے کہ بدن اطہر کا جو حصہ باہر اور کپڑوں سے کھلا رہتا تھا وہ عام لوگوں کے برعکس روشن اور سفید تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ محبت اور شیفتگی اس در کے خادم ہیں پھر یہ کس طرح کوئی ایسی توصیف بیان کر سکتا ہے جو سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہی نہ ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ آخر عمر شریف میں آپ کا رنگ مبارک پختہ ہو چکا تھا۔ اس وقت ''حمرہ'' مائل بسمرہ ہو گیا تھا۔

مشی ورفتار مبارک: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفتار مبارک کے متعلق حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشٰى تَكَفَّأَ كَاَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تو جھک جھک کر چلتے گویا کہ اوپر سے اتر رہے ہیں۔

''تکفوء'' کی تفسیر میل کر دی بجانب مشی یعنی آگے کی جانب جھک کر چلنا سے کی ہے جس طرح پھولوں والی ٹہنی جھکتی ہے اور قدم مبارک چستی، طاقت اور سرعت کے ساتھ اٹھاتے تھے۔ بزار نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زمین پر ہمیشہ پورا قدم رکھتے تھے ایک اور حدیث میں ہے کہ آپ کی رفتار مجمعاً یعنی قوت سے بھرپور بے استرخاء وسستی اعضاء تھی۔ حضرت علی مرتضیٰ سے ایک اور حدیث مروی ہے کہ آپ چلتے میں زمین سے پورا قدم اٹھاتے اور کشادہ رکھتے اور آسان وسبک اور تیز بغیر حرکت واضطراب کے چلتے اور ان کا قول ''كَاَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ'' گویا کہ زمین کی بلندی سے اس کے نشیب وپستی میں اتر رہے ہیں۔ بقیہ حسنین وصبوب زمین منحدر کو کہتے ہیں اور ''انحدار'' بلندی سے نشیب کی طرف اترنے کو کہتے ہیں۔ بلاشبہ یہ تمثیل پورے قدم پاک کے اٹھانے کی قوت کے لیے ہے نہ کہ سبکی تحرک اور اضطراب کے لیے ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کو راہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ تیز تر چلتے نہیں دیکھا۔ گویا کہ زمین آپ کے قدموں کے نیچے پھٹی جاتی تھی اور ہم آپ کی ہمراہی میں تکان اور محنت محسوس کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے کے لیے ہمیں دوڑنا پڑتا تھا جس سے ہمارے سانس پھول جاتے تھے لیکن آپ کو کچھ بھی محسوس نہ ہوتا تھا اور آپ معمول کے مطابق بے تکلف چلتے تھے اور اصلاً اضطراب نہ فرماتے تھے۔ یہ چلنا اولوالعزم اہل ہمت اور شجاعت کا آئینہ دار ہے اور یہ چلنا اقسام رفتار میں قوی واعتدال پر ہے۔ اس سے اعضاء کو راحت وآرام ملتا ہے۔ آپ کبھی نعلین مبارک پہن کر چلتے اور کبھی بغیر نعلین کے کبھی آپ پاپیادہ چلتے اور کبھی سواری پر، خصوصاً غزوات میں

سرو پیادہ خوش بود اندر چمن بناز　　آں سرو من پیادہ خوش است وسوار خوش

اور جب آپ صحابہ کرام کے ساتھ چلتے تو صحابہ کو اپنے آگے آگے چلاتے اور خود ان کے پیچھے رہتے۔ فرماتے میری پشت کو فرشتوں کے لیے خالی چھوڑ دو۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ ''كَانَ يَسُوْقُ اَصْحَابَهٗ'' آپ اپنے اصحاب کو آگے چلاتے تھے۔ ''سوق'' کے معنی سواری کے جانور کو پیچھے سے ہنکانا اور ''قود'' کے معنی جانور کو آگے سے کھینچنا۔ آپ سفر میں تمام صحابہ کو بھیجنے کے بعد روانہ

ہوتے اور ناتواں و کمزوروں کو سہارا دیتے اور رہ جانے والوں کو سوار فرماتے کبھی اپنا ردیف یعنی پیچھے بٹھاتے تھے ﷺ

اقسام رفتار: فائدہ: انواع رفتار دس ہیں۔ ایک تحادت ہے۔ یہ افسردہ اور مریل مانند خشک لکڑی کے لوگوں کی مٹھی چال ہے۔ دوسری ''ازعاج'' ہے یعنی طیش وخفت سبک سری اور اضطراب و پریشانی کی چال۔ یہ دونوں مذموم وقبیح قسمیں ہیں جو مردہ دلی پر دلالت کرتی ہیں۔ تیسری چال ''ہون'' ہے جو مکمل حرکت اور قدرے سرعت کی چال ہے اور یہی حضور اکرم ﷺ کی چال تھی جو سکون و وقار اور بلا تکبر وتحادت کی علامت ہے۔ چوتھی چال ''سعی'' ہے جو تیزی سے چلی جائے۔ پانچویں چال ''رمل'' بفتح راء ہے جو جلدی جلدی قدم اٹھا کر اور مونڈھوں کو جنبش دے کر چلی جائے' جس طرح پہلوان چلتے ہیں۔ چھٹی چال ''نسلان'' ہے جو دوڑ کر تیزی سے چلی جائے۔ یہ رفتار سعی سے تیز تر ہے۔ ساتویں چال ''خوزی'' بفتح خاء وسکون راء بازاء آخر الف مقصورہ ہے جو پنجوں کے بل چلی جائے۔ آٹھویں چال ''قہقری'' ہے جو پشت کی طرف الٹے قدم چلی جائے۔ نویں چال ''جمزی'' بفتح جیمہ ہے جو کود کر چلی جائے۔ اونٹنی کو ''جمارہ'' اسی معنی میں کہا جاتا ہے۔ دسویں چال ''تبختر'' ہے جو آہستہ خرامی سے ٹہلتے ہوئے گردن اٹھا کر متکبروں کے انداز میں چلی جائے۔ رفتار کی ان دس قسموں میں سب سے اکمل وافضل ''ہون'' ہے قرآن کریم میں بھی اس رفتار کی مدح فرمائی موجود ہے چنانچہ فرمایا:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا اللہ کے وہ بندے ہیں جو زمین پر ''ہون'' کی رفتار سے چلتے ہیں۔

پسینہ وفضلات کی خوشبو: حضور اکرم ﷺ کی نرالی وعجیب صفتوں میں سے ایک پاکیزہ وطیب خوشبو ہے۔ یہ آپ کی ذاتی تھی کسی قسم کی خوشبو استعمال کیے بغیر ہی دنیا کی کوئی خشبو آپ کے جسم اطہر کی خوشبو سے ہمسری نہ کر سکتی تھی۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے ہر ایک خوشبو خواہ مشک ہو یا عنبر سونگھی ہے لیکن نبی اکرم ﷺ کی خوشبوئے اطہر سے زیادہ کوئی نہ تھی اور ام عاصم رضی اللہ عنہا زوجہ عتبہ بن فرقد سلمی بیان کرتی ہیں کہ ہم چار عورتیں عتبہ کی زوجیت میں تھیں اور ہم میں سے ہر ایک یہی کوشش کرتی کہ زیادہ سے زیادہ خوشبو میں بس کر عتبہ کے قریب جائیں۔ ہم سب اس کوشش میں خوب خوشبو کا استعمال کرتیں لیکن ہم میں سے کسی کی خوشبو عتبہ کی خوشبو تک نہ پہنچتی تھی۔ حالانکہ عتبہ رضی اللہ عنہ خوشبو کو بھی اسی حد تک استعمال کرتے تھے کہ روغن کو اپنے ہاتھوں سے چھواتے اور اسے اپنی داڑھی پر ملتے مگر اس کی خوشبو ہم سب پر غالب رہتی اور جب عتبہ رضی اللہ عنہ باہر جاتے تو لوگ کہتے کہ ہم خوشبو استعمال کرتے ہیں لیکن کوئی خوشبو عتبہ رضی اللہ عنہ کی خوشبو سے زیادہ تیز نہیں ہے۔ ام عاصم رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے ایک دن عتبہ سے کہا ہم سب خوشبو کے استعمال میں خوب کوشش کرتی ہیں لیکن تمہاری خوشبو تک ہماری خوشبو نہیں پہنچتی۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ رسول خدا ﷺ کے زمانے میں ایک مرتبہ مجھے ''شریٰ'' یعنی گرمی دانے جسے پت کہتے ہیں نکل آئے تھے (اس مرض میں ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سارے بدن میں چنگاریاں لگی ہوئی ہیں) تو میں نے حضور ﷺ کی خدمت میں جا کر اپنے اس مرض کی شکایت کی تا کہ علاج فرما دیں۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے بدن سے کپڑے اتار دو تو میں نے کپڑے اتار کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ پھر آپ نے اپنا دست مبارک میری پشت وشکم پر ملا اس وقت سے یہ خوشبو مجھ میں پیدا ہو گئی ہے۔ اسے طبرانی نے معجم صغیر میں روایت کیا۔

ایک شخص نے اپنی لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر بھیجنے کے لیے خوشبو کی جستجو کی مگر اسے نہ مل سکی تو اس نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس لیے عرض حال کیا کہ حضور ﷺ کوئی خوشبو عطا فرما دیں مگر کوئی خوشبو موجود نہ تھی تو حضور ﷺ نے شیشی طلب فرمائی تا کہ اس میں خوشبو ڈال دی جائے۔ پھر آپ ﷺ نے اپنے جسم اقدس سے پسینہ لے کر اس شیشی میں بھر دیا اور فرمایا: جا کر اسے اپنی لڑکی کے جسم پر مل دو جب اسے ملا گیا تو سارا مدینہ اس کی خوشبو سے مہک گیا تھا اور اس گھر کا نام ہی ''بیت المطیبین'' خوشبو کا گھر رکھ دیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف لائے اور دوپہر کے وقت قیلولہ فرمایا چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں بہت پسینہ آیا کرتا تھا تو میری والدہ نے جن کا نام ''ام سلیم'' ہے شیشی لے کر آپ کا پسینہ مبارک اس میں جمع کرنے لگیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کھل گئی۔ فرمایا: اے ام سلیم! رضی اللہ عنہا کیا کر رہی ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ آپ کا پسینہ مبارک جمع کر رہی ہوں تاکہ میں بطور خوشبو استعمال کروں کیونکہ اس کی خوشبو سب سے زیادہ بہتر ہے۔ (رواہ مسلم)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ بھی منقول ہے کہ جب کوئی صحابی بقصد حضوری آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا اور آپ کو کاشانۂ اقدس میں نہ پاتا تو وہ راہ میں آپ کی اس خوشبو کو سونگھتے جو آپ کی گزرگاہ ہونے کے سبب راہ میں پھیلی ہوتی۔ مدینہ منورہ کے جس کوچے میں وہ خوشبو محسوس کرتے چلتے جاتے تھے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس راہ سے گزرے ہیں۔

آج بھی مدینہ منورہ کے در و دیوار سے آپ کی خوشبوئے جانفزا کی لپٹیں آ رہی ہیں جس سے مجنوں کے دماغ محبت معطر ہو جاتے ہیں۔ شاید کہ ایک شمہ اس خوشبو کا بعض غریب و مشتاق اور مفلس و نادار مسافروں کے شامۂ ذوق کو بھی میسر ہو۔ ابو عبداللہ عطار مدینہ طیبہ کی مدح میں کہتے ہیں۔

بِطِیبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ طَابَ نَسِیْمُھَا فَمَا الْمِسْکُ وَالْکَافُوْرُ الْمَنْدل الرَطَب

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے مدینہ طیبہ کی فضا مہک رہی ہے۔ مشک و کافور کیا ہیں ان کی مانند تو وہاں کھجوروں میں خوشبو ہے۔

حضرت شبلی جو علمائے صاحب وجدان میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ کی خاک پاک میں خاص قسم کی خوشبو ہے جو مشک و عنبر میں قطعاً نہیں اور فرماتے ہیں کہ مدینہ میں ایسی خوشبو کا ہونا عجائب و غرائب میں سے ہے۔

ھداں زمیں کہ نسیمے درزد ز طرۂ دوست چہ جائے دم زدن نافہائے تاتاریست

بروایت ابو نعیم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ کے چہرۂ انور پر پسینہ مبارک موتی کی مانند اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ ہوتی تھی۔

دست مبارک کی خوشبو: آپ کے دست مبارک کی توصیف میں حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث گزر چکی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے رخسار پر اپنا دست اقدس پھیرا تو میں نے ایسی ٹھنڈک اور خوشبو پائی کہ گویا آپ نے ابھی عطر کی ڈبیہ سے اپنا دست اقدس نکالا ہے جو کوئی بھی آپ سے مصافحہ کرتا وہ تمام دن اپنے ہاتھوں میں خوشبو پاتا۔ آپ جس بچے کے سر پر دست شفقت رکھتے وہ آپ کی خوشبو کی وجہ سے تمام بچوں میں ممتاز و معروف ہو جاتا۔

فائدہ: بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ مبارک سے گلاب کا پھول پیدا ہوا ہے۔ ایک اور جگہ مروی ہے آپ نے فرمایا: گل سفید یعنی چنبیلی میرے پسینے سے شب معراج پیدا ہوئی' گل سرخ گلاب جبریل علیہ السلام کے پسینہ سے اور گل زرد یعنی چمپا براق کے پسینہ سے' نیز مروی ہے کہ فرمایا معراج سے واپسی پر میرے پسینہ کا قطرہ زمین پر گرا تو اس سے گلاب کی روئیدگی ہوئی جو کوئی میری خوشبو سونگھنا چاہے وہ گلاب کو سونگھے ایک اور روایت میں آیا ہے کہ جب میرے پسینے کا قطرہ زمین پر گرا تو زمین ہنسی اور گلاب کے پھول کو اگایا لیکن محدثین ان حدیثوں کو اپنی ان اصطلاحوں کے بموجب جو وہ رکھتے ہیں کلام کرتے ہیں۔

مواہب لدنیہ میں ابو الفرج نہروانی سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: ان حدیثوں میں جو کچھ آیا ہے وہ نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے دریائے فضل و کرم کا ایک قطرہ ہے اور ان کثرت میں سے بہت تھوڑا ہے جن سے پروردگار نے اپنے حبیب کو مکرم فرمایا' محدثین کا ان میں کلام

کرنا اپنی ان اصطلاحات وضاعت کے مطابق ہے جوانہوں نے اسناد کی تحقیق وتصحیح میں منضبط فرمائے ہیں ایسا استبعاد ومحال یا ناممکن ہونے کی بناپرنہیں ہوا ہے۔واللہ اعلم

بوقت قضائے حاجت زمین کا شق ہوجانا: جب حضور اکرم ﷺ قضائے حاجت کا ارادہ فرماتے تو زمین میں شگاف پڑ جاتا اور زمین آپ کا بول وبراز اپنے اندر سمولیتی اور اس جگہ ایک خوشبو پھیل جاتی تھی۔آپ کے براز کو کسی نے بھی نہ دیکھا۔سیّدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ استنجا کر کے بیت الخلا سے تشریف لاتے تو میں جا کر دیکھتی تو اس جگہ از قسم براز کچھ نہ دیکھتی۔حضور ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! (رضی اللہ عنہا) تم نہیں جانتیں انبیاء کرام علیہم السلام سے جو کچھ ان کے بطن اطہر سے نکلتا ہے زمین اسے نگل جاتی ہے چنانچہ اسے دیکھا نہیں جاتا۔

ایک صحابی سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ میں ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا۔آپ قضائے حاجت کے لیے ایک جگہ تشریف لے گئے جب آپ واپس تشریف لے گئے تو میں اس جگہ گیا جہاں حضور ﷺ نے فراغت فرمائی تھی۔میں نے اس جگہ بول وبراز شریف کا کوئی نشان تک نہ دیکھا۔البتہ! چند ڈھیلے وہاں پڑے تھے میں نے اسے اٹھالیا تو اس سے نہایت لطیف وپاکیزہ خوشبو آرہی تھی۔ ﷺ

قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے شفا میں فرمایا ہے کہ اہل علم کی جماعت حضور اکرم ﷺ کے ''حدثین'' یعنی بول یا براز فرمانے کے بعد وضو کرنے کے قائل ہے اور یہی قول بعض اصحاب امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

بول مبارک: اب رہی بول مبارک کی کیفیت تو اس کا بکثرت صحابہ نے مشاہدہ کیا ہے اور حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا جو آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھیں انہوں نے اسے پیا بھی ہے چنانچہ منقول ہے کہ رات کے وقت حضور ﷺ کے تخت مبارک کے نیچے پیالہ رکھا جاتا کہ رات میں اس میں بول مبارک فرمادیں۔چنانچہ ایک رات جب آپ نے اس میں بول مبارک فرمایا اور صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے ام ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ اس تخت کے نیچے ایک پیالہ ہے اسے زمین کے سپرد کردو۔مگر انہوں نے کچھ نہ پایا۔ام ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کیا خدا کی قسم رات مجھے پیاس معلوم ہوئی میں نے اسے پی لیا تھا اس پر حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور نہ انہیں اپنا منہ دھونے کا حکم فرمایا اور نہ دوبارہ ایسا کرنے سے منع فرمایا بلکہ یہ فرمایا کہ اب تمہیں کبھی پیٹ کا درد لاحق نہ ہوگا (خوش نصیب)

ایک عورت تھی جس کا نام برکہ رضی اللہ عنہا تھا وہ بھی آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھی اس نے بھی آپ کا بول شریف پی لیا تھا اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: ''اصحمت یا ام یوسف'' اے ام یوسف! (برکہ اس کی کنیت تھی) تم ہمیشہ کے لیے تندرست بن گئیں۔کبھی بیمار نہ ہوگی۔چنانچہ وہ عورت کبھی بیمار نہ ہوئی بجز اس بیماری کے جس میں اس نے دنیا سے کوچ کیا۔بعض روایتوں میں ہے کہ ایک شخص نے آپ کا بول شریف پی لیا تھا تو اس کے جسم سے ہمیشہ خوشبو مہکتی رہی۔حتی کہ اس کی اولاد میں کئی نسلوں تک یہ خوشبو رہی۔مواہب اور شفا میں یہ دونوں روایتیں مذکور نہیں ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام آپ کے بول مبارک اور لہو شریف کو تبرک گردانتے تھے۔لہو شریف کا پینا صحابہ سے متعدد بار واقع ہوا ہے چنانچہ اس حجام نے جس نے آپ کے پچھنے لگائے تھے تو سنگھی یا چسکی سے جتنا لہو شریف نکلتا وہ اسے حلق میں اپنے شکم میں اتارتا جاتا۔حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تم خون کا کیا کرتے ہو؟ اس نے عرض کیا میں خون نکال کر اپنے شکم میں پنہاں کرتا جاتا ہوں میں نہیں چاہتا کہ حضور ﷺ کا خون مبارک زمین پر بہے۔آپ نے فرمایا: بلاشبہ تم نے اپنی پناہ تلاش کرلی اور اپنے نفس کو محفوظ بنالیا یعنی بلا اور امراض سے بچ گئے۔

غزوۂ احد کے دن جب حضورِ اکرم ﷺ مجروح ہوئے تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے والد مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے آپ کے زخموں کو اپنے منہ سے چوس کر زبان سے زخموں کو پاک وصاف کیا۔ لوگوں نے ان سے کہا کہ اپنے منہ سے خون باہر نکالو انہوں نے کہا نہیں! خدا کی قسم زمین پر آپ کے خون کو ہرگز نہ گرنے دوں گا۔ وہ خون کو نگل گئے اس پر حضورِ اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص خواہش رکھتا ہے کہ وہ کسی جنتی شخص کو دیکھے تو وہ انہیں دیکھ لے۔

حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور ﷺ نے پچھنے لگوائے اور اپنا خون مبارک مجھے دے کر فرمایا کہ اسے کسی ایسی جگہ غائب کر دو جہاں کسی کی نظر نہ پڑے۔ میں نے اسے پی لیا کیونکہ اس سے زیادہ پوشیدہ جگہ میں نہیں پاتا تھا۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: وائے تمہیں لوگوں سے اور وائے لوگوں کو تم سے یہ ان کی قوت، مردانگی، شجاعت اور بہادری سے کنایہ تھا جو انہیں اس خون مبارک کے پی لینے سے حاصل ہوئی۔ یہی وہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہیں جنہوں نے یزید پلید کی بیعت نہ فرمائی اور مکہ مکرمہ میں اقامت رکھی اور ان کے حلقہ میں حجاز و یمن اور عراق و خراساں کے لوگ آ کر جمع ہوئے لیکن عبدالملک بن مروان کے عہد امارت میں حجاج بن یوسف نے ان کو شہید کیا اور دار پر کھینچا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے خون مبارک کے پی لینے کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: لَا تَمَسَّكَ النَّارُ اِلَّا قَسَمٌ اَلْيَمِيْنِ یعنی تمہیں دوزخ کی آگ نہ چھوئے گی مگر قسم کے لیے۔

یہ حدیثیں دلالت کرتی ہیں کہ حضور ﷺ کا بول و دم طیب و طاہر ہے اور اسی قیاس پر آپ کے تمام فضلات کا حکم ہے اور عینی شارح صحیح بخاری فرماتے ہیں کہ امام اعظم امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے اور شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ کے فضلات طہارت پر بہت زیادہ اور کثرت سے روشن دلائل ہیں اور ہمارے ائمہ کرام اسے حضور ﷺ کی خصوصیات میں شمار کرتے ہیں ﷺ

ازدواجی زندگی مبارک: اب رہا حضورِ اکرم ﷺ کا اپنی بیویوں سے مباشرت فرمانے کا ذکر، اگرچہ اس وصف کا ذکر بظاہر پشت وسینہ اور شکم کے ذکر کے بعد مناسب تھا لیکن سلسلہ وسیاق کلام اور نظم وضبط مضامین کی وجہ سے بعض ان مقامات کے سبب کہ اس ذکر کو آخر میں لے جاتے ہیں لیکن میرے نزدیک اس کا یہ مقام بہتر ہے۔ نکاح کے فوائد میں سے پہلا فائدہ نسل کی حفاظت، نوع انسانی کے دوام کے بعد، حصول لذت، انتفاع نعمت اور حفظ صحت ہے۔ اس لیے کہ مادۂ تولید یعنی منی کو عرصہ تک روکے رکھنے اور جماع نہ کرنے سے امراض شدیدہ کے پیدا ہونے اور قویٰ واعضاء کے ضعف کرنے کا سبب اور انسداد مجازی کا موجب ہے۔ عورتوں سے محبت کرنا اور کئی کئی نکاح کرنا از قسم کمال ہے اور ایک ان مقامات میں سے ہے جہاں کوتاہ اندیشوں کی عقل اس کمالیت کی حقیقت سے در پردہ اور محجوب ہے۔ بیویوں سے جماع و مباشرت کو عاقبت نا اندیش نقصان وعیب کی صورت اور لہو ولعب کی قبیل سے شمار کرتے ہیں حالانکہ یہ فہم کی کمی اور رہبانیت کی طرف طبیعت مائل ہونے کی وجہ سے ہے اور نظر بحقیقت و جماعیت، فعل وانفعال اور تاثیر وتاثر جو کہ ظہور عالم کی علت غائیہ ہے جتنا اس میں ہے اور کسی دوسرے فعل میں نہیں ہے۔ حضور سیّد انبیاء ورسل ﷺ کا فعل مبارک اس کی سند وحجت کے لیے کافی ہے۔ اس بحث کا بقیہ حصہ انشاء اللہ تعالیٰ آخر کتاب میں ذکر ازواج مطہرات کے ضمن میں آئے گا۔

سیّدنا انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضورِ انور ﷺ ایک شب میں اپنی (گیارہ) بیویوں کے پاس تشریف لے جاتے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا حضور اتنی طاقت رکھتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم آپس میں گفتگو کیا کرتے تھے کہ حضورِ اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تیس مردوں کی طاقت عطا فرمائی تھی اسے بخاری نے روایت کیا اور ایک روایت میں جنتی چالیس مردوں کی قوت بتایا گیا ہے اور مروی ہے کہ ہر جنتی مرد کی قوت سو (دنیاوی) مردوں کی قوت کے برابر ہوگی اور ایک روایت میں ہے کہ

ان کو شریک فرما لیتے۔ اس کی صورت یہ تھی کہ آپ کے مخصوص اصحاب' عام لوگوں کی ضروریات اور ان کی حاجتوں کی اطلاع فرماتے پھر خواص صحابہ آپ کی مجلس مبارک کے فوائد ان عام لوگوں میں پہنچاتے مطلب یہ کہ سب سے پہلے بے واسطہ فوائد ان خواص کو پہنچتے۔ پھر دوبارہ ان خواص کے واسطے سے عام لوگوں کو پہنچتے تھے اور فوائد و نصائح میں سے حضور ذخیرہ کر کے اور لوگوں سے بچا کر کچھ نہیں رکھتے تھے۔ یعنی جو کچھ ان کے حال و استعداد کے مناسب ہوتا آپ انہیں پہنچا دیتے۔

حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور عادات کریمہ میں ایثار اور اہل فضل و علم اور صاحبان صلاح و شرف کو اجازت کے ساتھ اختیار تھا یعنی ان کو اندر آنے کی اجازت مرحمت فرماتے اور اپنی مجلس شریف کی حاضری میں مخصوص گردانتے اور ان کے فضل و مرتبت کے مطابق دین میں تقسیم فرماتے۔ مطلب یہ کہ جو شخص آپ کی مجلس میں یا دین داری میں جتنا زیادہ مخصوص و ممتاز ہوتا وہ اپنے نصیب میں حضور ﷺ کی عنایت و رعایت کا بہت زیادہ مستحق ہوتا تھا۔ آپ لوگوں کی حاجت روائی اور اصحاب کے مقاصد کی تحصیل میں مشغول رہتے اور ان کو اپنے احوال کی درستگی و اصلاح کے کاموں میں مشغول رکھتے تھے اور ارشاد فرماتے کہ تم پر لازم ہے کہ جو اس مجلس مبارک میں حاضر ہو کر سنے وہ دوسرے غیر موجود لوگوں کو پہنچائے۔ آپ فرماتے تم سب پر فرض ہے کہ مجھ تک ان لوگوں کی حاجتیں پہنچاؤ جو میرے حضور حاضر ہو کر خود نہیں پہنچا سکتے۔

فائدہ: آپ نے فرمایا: جو کسی ایسے شخص کی حاجت' سلطان حاجت یعنی حاجت روا کے پاس پہنچائے جو اپنی حاجت خود اس کے سامنے نہیں پہنچا سکتا تھا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کے قدم کو ثبات عطا فرمائیں گے۔ اس ارشاد میں حضور ﷺ نے اپنے حضور پیش کرنے کا ذکر نہیں فرمایا مگر چونکہ آپ کے حضور ایسی ہی حاجتیں پیش کی جاتی تھیں جن کی دنیا و دین میں ضرورت ہوتی ہے۔ ان کے سوا آپ کی بزم شریف میں کوئی ذکر نہ ہوتا۔ خاص کر لغو و بیکار باتیں' لوگ آپ کی بارگاہ سے علم اور خیر و برکت کا حصہ لے کر لوگوں میں جاتے اور ان کی رہنمائی کرتے۔

سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے والد علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے کاشانۂ اقدس سے حضور ﷺ کے باہر تشریف لے جانے اور صحابہ کرام کے نشست فرمانے کے بارے میں دریافت کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْزُنُ لِسَانَهٗ اِلَّا فِيْمَا يَعْنِيْهِ یعنی رسول خدا ﷺ اپنی زبان مبارک کو بند رکھتے اور اس کی حفاظت فرماتے مگر اس چیز میں اور اس بات میں جو مفید و سودمند ہوتی۔ ''یخزن'' خزن سے ہے جس کے معنی خزانہ میں مال رکھنا ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ آپ کی زبان مبارک اس دل کی جو حقائق و معرفت سے مالا مال ہے کنجی تھی۔ یعنی امت کے لیے جو سودمند و مفید ہوتا' اس کے لیے آپ زبان مبارک کھولتے ورنہ اپنی زبان کو بند رکھتے۔ آپ امت کی دلجوئی فرماتے اور اپنے قرب سے دور بھاگنے سے انہیں محفوظ رکھتے۔ درحقیقت یہ فعل الٰہی سے ہے۔ جیسا کہ فرمایا: وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ الایۃ یعنی حق تعالیٰ ایسا مہربان ہے کہ اس نے تمہارے دلوں میں محبت فرمائی..... آپ ضعیف الایمان لوگوں پر بہت زیادہ احسان و عطا فرماتے۔ ان لوگوں کو مؤلفۃ القلوب کہا جاتا ہے۔ اسی طرح ہر قوم کے معزز فرد کی عزت و احترام فرماتے اور انہیں کو ان پر حاکم مقرر فرماتے' اور آپ لوگوں سے بچتے اور ان سے اپنا تحفظ فرماتے' اور دشمنوں سے اپنی نگہداشت فرماتے تا کہ اعداء ضرر نہ پہنچائیں۔ یہ تحفظ آیہ کریمہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اللہ تعالیٰ لوگوں سے آپ کو محفوظ رکھے گا کے نازل ہونے سے پہلے تھا۔ قطع نظر اس کے اس میں علم و حکمت اور امت کے لیے تعلیم و ارشاد ہے۔ درحقیقت یہ اپنا رعب و دبدبہ قائم رکھنے اور لوگوں سے عدم اختلاط و انبساط کی جانب کنایہ ہے۔ تا کہ وہ بے خوف اور بے باک نہ ہو جائیں۔ باوجود اپنا تحفظ فرمانے کے اپنی کشادہ روئی اور خوش خلقی کا رویہ ترک نہ فرماتے۔ ان کے احوال کو دریافت کرتے اور اپنے اصحاب کی دلجوئی اور باز پرس فرماتے اور لوگوں سے

ایک دوسرے کے احوال پوچھتے تاکہ ہر ایک اچھے حال میں رہے اور باہم حسن سلوک کرتے رہیں اور اچھے کام و احوال پر ان کو شاباشی دیتے اور تقویت و تائید فرماتے۔ اگر ایسا نہ ہو تو اصلاح فرماتے برے کاموں کی مذمت فرماتے اور باز رہنے کی تلقین فرماتے۔ آپ کی عادت کریمہ ہی یہ تھی کہ اچھائی کی تعریف فرماتے اور برائی کی مذمت کرتے اور جس سے بھی یہ برائی سرزد ہوتی اس کی سرزنش فرماتے اور اس بدکار کی نہ پرواہ کرتے اور نہ اس سے خوف کرتے خواہ وہ کتنا ہی بظاہر بلند مرتبہ اور طاقتور ہوتا۔

لوگوں کے احوال ایک دوسرے سے دریافت کرنا ''تجسس'' کی قبیل سے نہ تھا۔ کیونکہ تجسس اسے کہتے ہیں کہ کسی کے پوشیدہ عیبوں کو بقصد اشاعت اور برائی پوچھا جائے۔ احوال کی یہ پرستش بقصد تربیت و اصلاح ایک دوسرے کے ظاہری احوال کی تھی' اور آپ ہر چیز میں معتدل الامر یعنی آپ کے تمام افعال کریمہ اور اوصاف شریفہ معتدل اور ہموار اور متمکن و مستقل اور پائیدار تھے۔ آپ کے کاموں میں نشیب و فراز نہ تھا' نہ اختلاف اور افراط و تفریط کی راہ پیدا ہوتی تھی' اور امت کی تعلیم و تربیت اور تادیب و تہذیب سے غافل نہ رہتے تھے' اور ہمیشہ ان کی سیاست و رہنمائی اور تدبیر کار میں مشغول رہتے' اور اس سے خوف رکھتے کہ کہیں وہ غافل نہ ہو جائیں۔ سخت شاق عبادت کا التزام دوام' اس خوف سے نہ فرماتے کہ کہیں امت پر فرض نہ کر دیئے جائیں اور حضور ﷺ ہر حال میں ہر کام کے لیے آمادہ و تیار رہتے مثلاً جنگی اسلحہ اور حربی ساز و سامان وغیرہ میں' اور ان کے مصلحتی امور کے لیے جس چیز کی ضرورت لاحق ہوتی اسے تیار کرتے اور حق میں نہ کوتاہی کرتے نہ حق سے تجاوز کرتے۔ ہمیشہ اقامت حق اور اثبات حق میں منہمک رہتے اور آپ کے تمام مقربین و ہم نشین حضرات اخیار و ابرار یعنی برگزیدہ و نیکوکار تھے۔ آپ کے حضور میں وہی فاضل تر اور مقرب تر ہوتا جو لوگوں کے لیے ناصح تر اور خیر خواہ تر ہوتا۔

سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد ماجد سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے دریافت کیا کہ حضور ﷺ کی مجلس مبارک کے آداب اور طور طریق کیا تھے اور ان کے ساتھ حضور ﷺ کی ہم نشینی کس طرح تھی۔ فرمایا: حضور اکرم ﷺ نہ بیٹھتے نہ اٹھتے مگر ذکر خدا کے ساتھ یعنی نشست و برخاست میں ہمیشہ ذکر خدا کرتے تھے اور جب مجلس مبارک میں تشریف لاتے تو جہاں بھی جگہ ہوتی بیٹھ جاتے اور کسی بلند و ممتاز جگہ کا قصد نہ فرماتے اور نہ اپنے لیے کوئی خاص جگہ متعین کر رکھی تھی' اور آپ امت کو اسی کی تلقین فرماتے اور بلند و بالا جگہ کی خواہش سے منع فرماتے تھے اور آپ اپنی عنایت اور توجہ و التفات کا حصہ تمام اہل مجلس کو مرحمت فرماتے اور کوئی بھی یہ گمان نہ کر سکتا کہ وہ ہم نشینی میں دوسرے سے بزرگ تر اور آپ سے زیادہ قریب ہے۔ ہر شخص کے ساتھ اس کے مرتبہ اور قابلیت اور اس کے حال کے مطابق عنایت فرماتے جو بھی آپ کے پاس کوئی حاجت یا ضرورت لاتا تو آپ اس وقت تک انتظار فرماتے کہ وہ شخص خود ہی واپس جائے۔ مجلس سے آپ خود اس وقت تک تشریف نہ لے جاتے جب تک کہ وہ خود اٹھ کر نہ چلا جاتا۔ آپ سے جو کوئی بھی سوال کرتا یا کسی حاجت و ضرورت کو پیش کرتا تو آپ اسے نہ منع کرتے اور نہ رد کرتے بلکہ اس کی حاجت براری فرماتے اور اگر بالفرض اس وقت کچھ موجود نہ ہوتا تو خوش خلقی سے دل جوئی کر کے میٹھی بات سے اس کو لوٹا دیتے۔ اس عادت کریمہ کی تفصیل آپ کے اخلاق شریفہ کے باب میں آپ کے جود و سخا کے ضمن میں آئے گی۔ آپ تمام لوگوں کے لیے بمنزلہ باپ کے تھے اور حق میں آپ کے نزدیک سب برابر تھے۔ آپ کی مجلس' علم' حلم' حیاء اور صبر و امانت کی مجلس تھی جہاں نہ کسی کی آواز بلند ہی ہوتی اور نہ اس میں حرام و ناشائستہ بات ہوتی تھی۔ اہل مجلس کی کسی ذلیل حرکت کو نہ تو ظاہر کیا جاتا اور نہ اسے پھیلایا جاتا۔ مطلب یہ تھا کہ بتقاضائے بشریت اگر کسی سے ذلیل یا ناشائستہ حرکت سرزد بھی ہو جاتی تو اس سے چشم پوشی کی جاتی۔ تمام اہل مجلس متساوی و موافق اور برابر تھے۔ ان میں باہم فضیلت تقوے کے اعتبار سے تھی۔ وہ باہم ایک دوسرے کی تعظیم و توقیر کرتے تھے۔ بڑے چھوٹوں پر شفقت کرتے اور چھوٹے بڑوں کی تعظیم کرتے اور محتاجوں پر ایثار کر کے اور غریب و مسافر کی رعایت کرتے تھے۔ ﷺ

باب دوم

در بیان اخلاق عظیمہ وصفات کریمہ ﷺ

اخلاق، خلق کی جمع ہے اور خلق بضم خاء باطنی سیرت کو کہتے ہیں اور خلق بفتح خاء ظاہری صورت کو قاموس میں ہے ''خلق'' خاء اور لام کے ضمہ اور سکون کے ساتھ بمعنی خصلت وطبع ہے اور صراح میں خلق بمعنی خوئے حسن اور کبھی بمعنی جوانمردی، شگفتہ رو اور لوگوں سے حسن سلوک آتا ہے، لیکن اس کے معنی اس سے کہیں زیادہ عام اور وسیع ہیں اور نبی کریم ﷺ کے خلق شریف انہیں معنوں پر موقوف نہیں ہیں۔ بلکہ جہاں آپ مسلمانوں کے ساتھ رحیم ورفیق تھے مہربان وشفیق تھے وہاں کفار پر اقامت حق وحجت میں بہت سخت وشدید تھے اور دانشمندوں کے نزدیک خلق کے معنی ایسا ملکہ ہے جس کی وجہ سے بہ سہولت وآسانی افعال صادر ہوتے ہیں۔ خلق کی تعریف وتوضیح معقولات کی کتابوں میں مستقلاً ذکر کی گئی ہے۔ البتہ! اس میں اختلاف ہے کہ خلق غریزی یعنی طبعی اور پیدائشی خصلت ہے یا یہ اکتسابی خصلت ہے جس کو بندہ ریاضت ومجاہدے اور کسب وہنر سے حاصل کرتا ہے۔ چنانچہ بعض علماء کا مذہب یہ ہے کہ یہ عزیزی یعنی طبعی وپیدائشی ہے ان کی دلیل سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے تم میں تمہارے اخلاق کو اسی طرح مقدر فرمایا جس طرح تمہارے رزق کو مقدر فرمایا۔ (رواہ النجاری) اور فرمایا: کہ ''اگر تمہیں یہ خبر پہنچے کہ پہاڑ اپنی جگہ سے جنبش کر گیا ہے تو تم اس کی تصدیق کر دو اور اگر یہ اطلاع ملے کہ فلاں آدمی نے اپنی عادت وخصلت بدل دی ہے تو اسے قبول نہ کرو'' لیکن پھر بھی خدا کے اختیار میں سب کچھ ہے۔

یہ متحقق ہے کہ لوگوں کے احوال مختلف ومتفاوت ہیں۔ کچھ لوگ تو وہ جن کے بعض اخلاق ایسے راسخ اور پختہ ہو گئے ہیں کہ ان میں تغیر وتبدل متعذر ہے۔ بلکہ ان کا چھوڑنا ناممکن ہے ورنہ وہ مجاہدہ وریاضت کے ساتھ مامور ہیں اگر ان کے زوال کی کوشش کرے اور انہیں محمود بنانا چاہے تو ممکن ہے اور بعض اخلاق ضعیف کمزور ہیں جو ریاضت سے قوی ہو جاتے ہیں اور بعض قوت سے ضعف میں آتے ہیں اور شریعت میں اخلاق کو اچھا بنانے کا حکم آیا ہے اور انبیائے کرام صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم کو اخلاق کو سنوارنے بنانے اور خلق کی ہدایت فرمانے کے لیے بھیجا گیا۔ اگر اخلاق میں تغیر وتبدل ممکن نہ ہوتا تو ان کو عمدہ بنانے اور نبیوں کو بھیجنے کا کیا فائدہ، دعائے ماثورہ میں مروی ہے کہ اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ یعنی اے اللہ! جس طرح تو نے میری تخلیق اچھی بنائی اسی طرح میری خصلت کو اچھا بنا۔ دوسری حدیث میں فرمایا: اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَایَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا وَلَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ یعنی اے اللہ! مجھے اچھے اخلاق کی رہنمائی فرما۔ تیرے سوا کوئی اچھے اخلاق کی توفیق نہیں دے سکتا اور مجھے بری عادتوں سے پھیر دے تیرے سوا کوئی بری عادت سے نہیں پھیر سکتا۔ یہ سب تعلیم وتلقین کے لیے ہے۔

اور شیخ عبدالقیس کی حدیث میں مروی ہے: اِنَّ فِیْکَ الْخَصْلَتَیْنِ یُحِبُّھُمَا اللّٰہُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاۃُ یعنی حضور ﷺ نے فرمایا: اے عبدالقیس تجھ میں دو خصلتیں ہیں جو خدا کو بہت پیاری ہیں ایک بردباری اور دوسرا وقار۔ اس نے عرض کیا ''یارسول اللہ! قدیما کان

حدیثا'' اے اللہ کے رسول ﷺ! میری یہ خصلت ہمیشہ سے ہے یا اب نمودار ہوئی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''قدیما'' ہمیشہ سے ہے۔ اس پر اس نے کہا کہ میں خدا کا شکر بجالاتا ہوں کہ اس نے میری جبلت وطبیعت میں ایسی دو خصلتیں پیدا فرمائی ہیں جن کو وہ محبوب رکھتا ہے۔ تو سوال میں تردید کا اشارہ اس طرف ہے کہ بعض اخلاق جبلی و پیدائشی ہیں اور بعض اکتسابی واختیاری۔

اس جگہ تطبیق کی ایک اور صورت بھی ہے وہ یہ کہ اخلاق' صحبت اور عادت کے سبب حاصل اور پیدا ہوتے ہیں۔ ان کا تغیر وتبدل آسان ہے لیکن بعض اخلاق' جبلی' طبعی اور دائمی ہوتے ہیں ان کا تغیر وتبدل دشوار ہے۔ اس کے باوجود حیطۂ امکان سے باہر نہیں ہیں۔ واللہ اعلم

اور یہ اعتقاد رکھنا لازم ہے کہ تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کی صورت وسیرت میں مکارم اخلاق ومحامد صفات اور ہر قسم کے کمالات وفضائل اور محاسن موجود ہوتے ہیں اور انہیں تمام بنی نوع انسان اور افراد بشری پر فوقیت اور ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ رتبوں میں ان کا رتبہ سب سے بڑا اور درجوں میں ان کا درجہ سب سے بڑا ہوتا ہے اور ان حضرات قدس کا درجہ اور مقام کتنا بلند وبالا ہوگا جن کو حق سبحانہ وتعالیٰ نے برگزیدگی میں منتخب فرمایا اور درجہ اجتہاد واصطفا سے سرفراز فرما کر اپنی کتاب میں ان کی فضیلت اور مدح وثنا بیان فرمائی۔ صلوٰت اللہ وسلامہ علیہم اجمعین۔

عقائد میں یہ ثابت شدہ ہے کہ کوئی ولی نبی کا درجہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ شیخ امام حافظ الدین نسفی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر مدارک میں فرماتے ہیں کہ بلاشبہ بعض لوگوں کے قدم ولی کو نبی پر فضیلت دینے میں بھٹک گئے ہیں۔ حالانکہ یہ کھلا کفر ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے انبیاء ورسل کو ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے چنانچہ فرماتا ہے: تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ان رسولوں میں سے ہم نے ایک دوسرے پر فضیلت دی ہے۔

شفائے قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ میں مذکور ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اخلاق کریمہ سب کے سب فطری' جبلی اور پیدائشی ہیں نہ کہ ملکیتی اور اعمال سے حاصل کردہ ہیں۔ بلکہ اوّل خلقت اور اصل فطرت میں بغیر اکتساب وریاضت کی محنت اٹھائے حاصل ہیں اور وہ سب وجود الٰہی کے اجتباء اور اس کے نامتناہی فضل کے فیض سے ہیں۔

تَبَارَكَ اللّٰهُ مَا وَحْيٌ بِمُكْتَسَبٍ وَلَا نَبِيٌّ عَلَى الْغَيْبِ بِمُتَّهَمِ

اللہ تعالیٰ بزرگ وبرتر ہے۔ کسی نبی کی وحی کسبی نہیں ہے اور نہ کوئی نبی غیبی خبریں بتانے پر متہم بالکذب ہے۔ اس شعر میں وحی سے مراد نبوت ورسالت ہے جو کہ وحی القاء اور حکمت کا مبداء اور سرچشمہ ہے۔ ورنہ اکتساب نفس وحی بیان کی حاجت نہیں رکھتا۔

بعض نبیوں کے بچپنے کی حالت کا بیان: اور بعض انبیاء کرام علیہم السلام سے اخلاق کریمہ اور منصب نبوت کا ظہور ان کی خورد سالی ہی میں ہوا جیسا کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: وَاٰتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا یعنی ہم نے انہیں خورد سالی ہی میں حکمتیں عنایت فرمادی تھیں۔ مروی ہے کہ ان کی عمر شریف دو یا تین سال کی تھی کہ بچوں نے ان سے کہا کہ آپ ہمارے ساتھ کھیل کود کیوں نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے کھیل کود کے لیے پیدا نہیں فرمایا اور آیہ کریمہ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ (اللہ کے کلمہ کی تصدیق کرنے والے) کی تفسیر میں منقول ہے کہ حضرت یحییٰ نے حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی تصدیق اس عمر میں فرمائی کہ ان کی عمر شریف تین سال کی تھی اور گواہی دی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے کلمہ اور اس کی روح ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے پنگھوڑے میں فرمایا:

اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا میں اللہ کا بندہ ہوں مجھے کتاب عطا فرما کر نبی بنایا گیا اور حضرت سلیمان علیہ السلام

اپنا فتاویٰ ارشاد فرماتے وقت بچوں کے درمیان عمر صبی رکھتے تھے۔ طبری بیان کرتے ہیں کہ آپ عنان مملکت کو سنبھالتے وقت بارہ برس کے تھے اور آیۂ کریمہ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا اِبْرَاهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ بلاشبہ ہم نے ابراہیم کو پہلے ہی سے عقل کی پختگی عنایت فرمادی تھی کی تفسیر میں مروی ہے اَیْ هَدَيْنَاهُ الصَّغِيْرَ یعنی ہم نے انہیں بچپنے میں ہی ہدایت فرمادی تھی اور ایک قول یہ ہے کہ ابداء خلق سے پہلے ولادت کے وقت ایک فرشتے کو ان کے پاس بھیجا کہ وہ کہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ دل سے مجھے پہچانو اور زبان سے میرا ذکر کرو۔ تو انہوں نے کہا بجان ودل قبول ہے اور جب نمرود نے آپ کو آگ میں ڈالا اس وقت آپ کی عمر شریف سولہ سال کی تھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کی داڑھی پکڑنا بھی اسی قبیل سے ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام کو جس وقت ان کے بھائیوں نے کنویں میں ڈالا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی فرمائی اور ہمارے نبی کریم ﷺ کا بوقت ولادت شریف اپنے دونوں ہاتھ اور اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اٹھانے کا واقعہ تو مشہور ہی ہے اور فرمایا: زمانۂ جاہلیت کے افعال کی طرف دو مرتبہ کے سوا میں نے کبھی قصد وارادہ نہ فرمایا تو اس وقت بھی حق تعالیٰ نے مجھے محفوظ فرمایا اور میرے دل میں شروع ہی سے بتوں اور شعر گوئی کی خلاف نفرت پیدا کردی گئی تھی۔ اس کے بعد انبیاء علیہم السلام کے امور پر متمکن وگامزن فرمایا گیا اور ان پر متواتر فتوحات ربانی ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ مرتبہ قصویٰ یعنی غایت درجہ مقام بلند اور درجۂ کمال میں انتہا تک فائز ہوئے یہ سب بغیر محنت وکاوش اور ریاضت ومجاہدے کے تھا۔

ارشاد ربانی ہے: وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰى اٰتَيْنَاهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا اور جب وہ عقل کے کمال پر پہنچ کر مستحکم ہوئے تو ہم نے ان کو علم وحکمت عطا فرمایا۔

بعض اولیاء کو بھی ان سے بعض صفات حاصل ہوتے ہیں لیکن تمام صفات میں نہیں اور عصمت تو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہی ہے۔ (دراصل یہ اس پہلے قول کی دلیل ہے جس میں کہا تھا کہ کوئی ولی نبی کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ فافہم مترجم)

حضور اکرم ﷺ سیّد عالم ﷺ کی ذات بابرکات عالی صفات منبع البرکات اپنے تمام اخلاق وخصائل صفات جمال وجلال میں اس قدر اعلیٰ واشرف اتم واکمل احسن واجمل اور خوب روشن واقوی ہیں جو حد ودعد اور حیطۂ ضبط وحصر سے باہر ہیں اور کمالات میں جو کچھ خزانۂ قدرت اور مرتبہ امکان میں متصور ہے وہ تمام آپ کو حاصل ہیں اور تمام انبیاء ومرسلین آپ کے آفتاب کمال کے چاند اور انوار جمال کے مظاہر ہیں۔ اللہ ہی کے لیے تمام خوبیاں ہیں۔ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا۔

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا ... فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ بِهِمِ

فَاِنَّهٗ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا ... يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ ... غَرْفًا مِنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِنَ الدِّيَمِ

یعنی تمام انبیاء ومرسلین جو نشانی بھی لے کر تشریف لائے وہ سب آپ ہی کے انوار جمال وجلال کا پرتو ہیں۔ بلاشبہ آپ ہی فضل کے آفتاب ہیں اور وہ سب آپ کے ستارے ہیں۔ جن کے انوار تاریکی میں لوگوں کے لیے مشعل نور بنے۔ وہ تمام رسول اللہ کے خوشہ چین ہیں اور آپ کے دریائے فضل کے ایک گھونٹ اور سمندر کے ایک قطرہ ہیں۔ وصلی اللہ علیہ وآلہ قدر حسنہ وجمالہ وکمالہ وبارک وسلم۔

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی ذات کریم میں مکارم اخلاق مجاہد صفات اور ان کی کثرت وقوت اور عظمت جمع ہونے کے لحاظ سے قرآن کریم میں مدح وثنا فرمائی ہے۔ ارشاد ہے:

اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○ كَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ ... بلاشبہ آپ بڑے ہی صاحب اخلاق ہیں اور فرمایا: آپ پر اللہ کا

عَظِیْمًا○ بہت بڑا فضل ہے۔

اور خود حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَکْمَلُ مَحَاسِنِ الْاَفْعَالِ یعنی مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا۔ ایک اور روایت میں ہے: بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ یعنی اچھے کاموں کو مکمل کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی ذات شریف میں تمام محاسن و مکارم اخلاق جمع تھے اور کیوں نہ ہو جب کہ آپ کا معلم حق تعالیٰ سب کچھ جاننے والا۔

حضور ﷺ کے اخلاق کریمہ کی ایک جھلک

وصل: سیّدتنا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حدیث مبارک میں ہے کہ رسولِ خدا ﷺ کے اخلاق کریمہ کے بارے میں آپ سے دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ آپ کا اخلاق قرآن تھا۔ اس کے ظاہری معنی یہ ہیں کہ جو کچھ قرآن کریم میں مکارم اخلاق اور صفات محمودہ مذکور ہیں آپ ان سب سے متصف تھے۔ ''شفا'' میں قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ مزید ذکر فرماتے ہیں کہ یَرْضٰی بِرِضَاهُ وَیَسْخُطُ بِسَخَطِهٖ یعنی آپ کی خوشنودی قرآن کی خوشنودی کے ساتھ اور آپ کی ناراضگی قرآن کی ناراضگی کے ساتھ تھی۔ مطلب یہ کہ آپ کی رضا امر الٰہی کی بجا آوری میں اور آپ کی ناراضگی حکم الٰہی کی خلاف ورزی اور ارتکاب معاصی میں تھی۔ بادی النظر میں اس کے یہی معنی ہیں جو مذکور ہوئے۔ اور ''عوارف المعارف'' میں مذکور ہے کہ سیّدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی کہ قرآن کریم حضور ﷺ کا مہذب اخلاق تھا۔ حضرت شیخ نے اسے طویل بیان کے ساتھ ذکر کیا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور ﷺ کے قلب اطہر سے حصہ شیطان کے نکالنے کے بعد اور اسے غسل و تطہیر دے کر آپ کے نفس ذکیہ کو نفوس بشریہ کی حد پر برقرار رکھ کے اس میں بشری صفات و اخلاق اس حد تک باقی رکھے کہ اس کا ظہور نزول قرآن کا موجب بنے۔ (اس لیے کہ نبی ہوتا ہی وہ ہے جس میں صفات بشریہ علی وجہ الکمال ہوں اور جو منافی کمال بشریت صفات تھے ان کا اخراج کر دیا گیا) اور وہ صفات جو تادیب و تہذیب شان نبوی ہوں باقی رکھے گئے تاکہ موجب رحمت خلق اور تہذیب اخلاق امت ہوں (مطلب یہ کہ آپ میں بعض صفات بشریہ اس لیے باقی رکھے گئے کہ لوگ آپ کے ہم شکل و صورت اور ہم جنس جان کر انس و محبت رکھیں۔ اگر خالص ملکی صفات ہی کے حامل ہوتے تو لوگ دحشت زدہ ہو کر انس و محبت سے دور ہو جاتے گویا آپ کی صفات بشریہ رحمت خلق کا موجب اور امت کے اخلاقی تہذیب و آراستگی کا باعث ہے مترجم) اس لیے کہ انسانی نفوس میں اصل صفات بشری مزید ظلمت و کثافت کے جڑ پکڑنے اور برقرار رکھنے کا موجب بنا تا ہے۔ جیسا کہ فرمایا: لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ (تاکہ تمہارے دل کو اس سے ہم ثابت و برقرار رکھیں) اور ثبات قلب اضطراب قلب کے بعد ہوتا ہے کیونکہ حرکت نفس اس کے صفات ظہور کے ساتھ ہے۔ اس لیے کہ قلب و نفس کے درمیان ایک تعلق و ربط ہے۔ جیسے کہ حضور اکرم ﷺ کی ذات شریف اس وقت حرکت میں آئی جب کہ آپ کا دندان مبارک شہید ہوا اور خون بہہ کر آپ کے چہرۂ انور پر آیا اور اس وقت آپ نے فرمایا:

كَیْفَ یَصْلُحُ قَوْمٌ خَضَبُوْا وَجْهَ نَبِیِّهِمْ وَهُوَ یَدْعُوْآ اِلٰی رَبِّهِمْ — وہ قوم کس طرح اصلاح پائیگی جس کے نبی کے چہرۂ پاک کو لہولہان کیا گیا ہو حالانکہ وہ نبی ان کو اپنے رب کی طرف بلاتا ہے۔

اس پر اللہ تعالیٰ نے ثبات قلب اطہر کے لیے نازل فرمایا:

لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ — اے محبوب! کسی معاملہ کی آپ پر کوئی ذمہ داری نہیں

اس کے بعد نبی کریم ﷺ کے قلب اطہر نے صبر کا جامہ پہنا اور اضطراب کے بعد سکون و قرار حاصل ہوا۔ چنانچہ انہیں اسباب

وعلل کی بنا پر آیات قرآنیہ مختلف اوقات میں نازل ہوتی رہیں اور حضور ﷺ کے قلب اطہر کی مہذب ومصفا بناتی رہیں اور قرآن آپ کا اخلاق بن گیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا فرمانا کہ کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ قرآن ہی آپ کا اخلاق تھا۔ اس کے یہی معنی ومطلب ہیں۔ حقیقت واقعیہ یہ ہے کہ کسی کا فہم اور کسی کا قیاس حضور سیّد عالم ﷺ کے مقام حقیقت اور آپ کے حال کی کنہ عظیم تک نہیں پہنچ سکتا اور بجز خدا کے کوئی نہیں پہچان سکتا جس طرح خدا کو حضور ﷺ کی مانند کما حقہ کوئی نہیں پہچان سکتا لَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗ اِلَّا اللّٰهُ اس کی تاویل کو بجز خدا کے کوئی نہیں جانتا۔

جز خدا نشناخت کس قدر تو زانکہ کس خدا را ہمچو تو نشناختہ؟

خدا کے سوا آپ کی قدر ومنزلت کوئی نہیں جان سکتا اس لیے کہ جس طرح آپ کی مانند خدا کو کوئی نہیں جان سکتا۔

جب کہ آپ کا مقام سب سے بلند تر ہے تو اس کی دریافت بھی لوگوں کے فہموں سے اونچی ہے۔

تراچنانکہ توئی ہر نظر کجا بیند بقدر دانش خود ہر کسے کند ادراک

آپ کو جیسے کچھ کہ آپ ہیں نظر کہاں دیکھ سکتی ہے۔

ہر شخص اپنی فہم ادراک کے مطابق ہی سمجھنے کی کوشش کرتا ہے۔

تحقیق معنی میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آپ حیطۂ ادراک سے ماوراء تھے۔ اگر آپ محسوس ہیں (یعنی ظاہری جسم شریف میں نظر بھی آتے ہیں) تو قوت باصرہ کے ادراک کی قوت سے بلند وبالا ہیں جس طرح کوہ عظیم کہ احساس باصرہ اس کا احاطہ نہیں کر سکتی اور آپ عقول ہیں (یعنی نظر سے نہیں بلکہ عقل وفہم سے تعلق ہے) تو عقل آپ کے ادراک میں احاطہ کرنے سے عاجز ہے جس طرح کہ حق تعالیٰ کی ذات وصفات کا حال ہے۔ (کہ کوئی عقل اس کی کنہ حقیقت کی رسائی نہیں کر سکتی) لہٰذا جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے خلق کریم کو عظیم فرمایا اور جو فضیلت اس نے آپ رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمائی اسے بھی عظیم فرمایا تو اس کے کنہ کے ادراک کرنے میں عقل قاصر ہے اور یہ پہلے گزر چکا ہے اور اس پر اتفاق ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اخلاق حمیدہ اور صفات حسنہ جبلی، فطری اور پیدائشی ہیں اور ان اخلاق عظیمہ کے حصول میں کسب وریاضت کا کوئی دخل نہیں ہے اور نہ اس کی احتیاج، خصوصاً سیّد انبیاء صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم جو کہ تمام اخلاق عظیمہ اور صفات حمیدہ سے آراستہ وپیراستہ تشریف لائے ہیں۔

بتعلیم وادب اوراچہ حاجت کہ اوخود ز آغاز آمد مودب

ان کو تعلیم وادب کی کیا ضرورت ہے جب کہ وہ خود ہی شروع سے سیکھے ہوئے تشریف لائے۔

اور آپ کے سر پردۂ عزت کے گرد، تغیر وتبدل کی کوئی راہ نہیں ہے۔ بعض احکام وآثار جبلت بشری کو ظاہر نہیں کرتے مگر وہ بھی گاہ بہ گاہ کبھی کبھی مخصوص مواضع میں تھے کہ جن پر قیاس کو دائر وسائر نہیں بنا سکتے اور حقیقت یہ ہے کہ رب العزت جل جلالہ ہی جانتا ہے کہ ان مواضع میں بھی کسی عالم شہود اور تجلیات ربانی میں تھے۔

ادبر تر از آنست کہ آید بخیال یعنی آپ اس سے برتر ہیں کہ کوئی خیال میں لا سکے۔

اسی سلسلہ میں غزوۂ احد کا قصہ مذکور ہے کہ جب آپ کے دندان مبارک شہید ہوئے اور آپ کا سر مبارک مجروح ہو کر آپ کے چہرۂ انور پر خون جاری ہوا تو صحابۂ کرام کو آپ کی یہ حالت سخت دشوار اور ناگوار معلوم ہوئی۔ وہ عرض کرنے لگے کہ کاش آپ ان پر بددعا فرماتے تاکہ وہ اپنے کرتوت کی سزا کو پہنچتے۔ اس پر آپ نے فرمایا: مجھے لعنت وبددعا کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا۔ بلکہ مخلوق خدا کو خدا

سے ملانے اوران پر رحمت وشفقت کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے اور یہ دعا فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَایَعْلَمُوْنَ اے خدا! میری قوم کو ہدایت فرما کیونکہ وہ جانتے نہیں۔

اس جگہ خود کمال صبر وحلم اور بردباری ہے اس جگہ جزع وفزع اور اضطراب ووحشت کہاں ہے لہٰذا شیخ صاحب عوارف المعارف کا یہ کہنا کہ حضور ﷺ کی ذات شریفہ حرکت واضطراب میں آئی اور بے صبری کا ظہور ہوا پھر آیت کریمہ کے نزول نے صبر واستقامت کا جامہ پہنایا اور اضطراب کے بعد زبان حال وقال میں سکون وقرار آیا۔ یہ مسکین (شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ) ان لفظوں کے اطلاق سے وحشت زدہ ہے (کیونکہ شان ادب کیخلاف ہے) اگرچہ علمی قاعدے اور قیاسی بنیاد سے یہ بات ٹھیک درست ہوسکتی ہے۔ نیز صاحب عوارف رحمۃ اللہ علیہ کا فرمانا کہ بعید نہیں ہے کہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے۔ ''کان خلقه القرآن'' اس میں اخلاق ربانی کی جانب ایک گہرا رمز اور باریک اشارہ ہے لیکن ام المومنین نے عظمت برقرار رکھی یعنی وہ چاہتی تھیں کہ یہ کہیں کہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق عظیمہ اخلاق الٰہی کے مظہر تھے مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت حق عزاسمہ کی جلالت شان کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے فرمایا کہ ''متخلق باخلاق اللہ'' یعنی اخلاق ربانی پر پیدا فرمائے گئے۔ لہٰذا انہوں نے اسی معنی کو اس طرح ادا فرمایا کہ ''کان خلقه القرآن'' یعنی قرآن آپ کا خلق تھا۔ یہ تعبیر حق تعالیٰ جل اسمہ سے حیاء اور حقیقت حال کو لطیف کنایہ سے مخفی کر کے بیان فرمایا۔ یہ ان کا وفور عقل اور کمال ادب ہے۔ رضی اللہ عنہا' یہ معنی حضور ﷺ کے اخلاق کی عظمت اور اس کے لامتناہی ہونے کے بیان میں بہت زیادہ داخل ہے۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ جس طرح قرآن کے معنی غیر متناہی ہیں اسی طرح حضور انور ﷺ کے انوار وآثار اور اخلاق واوصاف جمیلہ غیر متناہی ہیں اور آپ کے مکارم اخلاق اور محاسن جمیلہ ہر آن اور ہر حال میں تازہ بہ تازہ نو بہ نو ہوتے ہیں اور جو کچھ اللہ تعالیٰ آپ پر علوم ومعارف کا افاضہ فرماتا ہے اسے بجز خدا کے کوئی نہیں جان سکتا۔ لہٰذا آپ کے اوصاف کے جزئیات کے احاطہ کی طرف درپے ہونا ایسا ہی ہے جیسے کسی ایسی چیز کی طرف جو انسان کے مقدور میں نہ ہو اور نہ وہ ممکنات عادیہ میں سے ہو۔ درپے ہو۔ واللہ اعلم

بعض عرفاء سے حدیث پاک: اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ بیشک میرے دل پر بعض اوقات حجاب غینی آجاتا ہے کے بارے میں استفسار کیا گیا کہ اس حجاب غینی اور حضور اکرم ﷺ سے اس حالت کی نسبت کی حقیقت کیا ہے؟ تو اس عارف نے فرمایا: اے سائل! اگر تو رسول کریم ﷺ کے قلب اطہر اور اس کے حجاب غینی کے علاوہ کسی دوسرے کے بارے میں دریافت کرتا تو جو کچھ میں جانتا ہوں اسے بیان کر دیتا لیکن اس جگہ غین ایسے غین یعنی ذات کے ساتھ ہے جہاں غین دم نہیں مار سکتا۔ اس حدیث کی شرح رسالہ ''مرج البحرین'' میں مفصل موجود ہے۔ ہاں نبی کریم ﷺ پر بحار قدرت کے تلاطم امواج سے تقلبات اور تجلیات وارد ہوتے تھے جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف لے جاتے تھے۔ نیز احکام میں ناسخ ومنسوخ ہونا بھی اسی کی فرع ہے اور حضور اکرم ﷺ ہر حال میں ہمیشہ ترقی وکمال میں تھے اور آپ میں کسی عظیم حال سے کمی وتنزل کی راہ نہ تھی۔ لیکن بعض احوال فاضل تر اور عالی تر ہوتے ہیں مثلاً یہ کہ تمام انبیاء کامل ومعصوم ہیں مگر باوجود اس کے ''فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ان میں سے کسی کو کسی پر فضیلت بخشی گئی'' اور حضور اکرم کے اعمال وطاعات اور عبادات نہ سب مجرد تعلیم ومحض تشریح کے لیے تھے بغیر اس کے کہ آپ کی ذات شریف میں ان کے آثار وانوار رونما ہوں۔ (یہ صورت نہیں ہے) ہاں نبوت اور اس کے مقامات محض موہبی اور اصطفاء واجتباء تھے اور اس میں کسی کسب وریاضت کا کوئی دخل نہیں ہے۔ دن ورات اسرار وانوار کا ظہور' متواتر اور مسلسل اوراد واذکار پر مترتب ہے اور تمام کمالات کے حصول کی کفالت اور تمام انوار کے ظہور کی ضمانت' نزول قرآن' تعلیم ربانی' تادیب رحمانی اور الٰہی اوامر ونواہی تھے اور ذات کی خاصیت اور بشری طبیعت کا اثبات جو حسن بصری

سے تعلق رکھتا ہے یقیناً انحطاط ونقصان کا اثبات ہے جو اچھا نہیں ہے۔ (مطلب یہ کہ آپ چونکہ لباس بشری میں بحکمت الٰہی تشریف لائے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا۔ اب اس بشری لباس کے اقتضاء پر عوارض بشریہ کے اثبات کے درپے ہونا اور بشری مقتضیات کو موضوع بحث بنانا یقیناً آپ کی شان ارفع اعلیٰ میں کمی اور اس کے گھٹانے کے درپے ہونا ہے جو کہ ایک مومن ومسلم کی شان سے بعید ہے۔ مترجم

اور اگر تہذیب سے مراد یک گونہ آگاہ وخبردار کرنا ہو۔ کسی سستی کے عارض ہونے کے سبب بایں طور کہ مقام عالی میں استغراقی کیفیت ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ کا استغفار کرنا یا نسیان کا طاری ہونا وغیرہ' علماء فرماتے ہیں اگر ان کی یہ مراد ہے تو کوئی صورت بیان جواز کی بن سکتی ہے۔ ورنہ ایسی استغراقی کیفیتوں کا تذکرہ کرنا اور تہذیب واصلاح کے اطلاق پر مبنی سابقہ آلائش سے ہے بیان کرنا یقیناً مرتبہ ارفع کو گھٹانے اور فساد کرنے کا موجب ہے جو مناسب نہیں ہے۔

قاموس میں ہے کہ ''تہذیب'' ہذبہ سے ہے جس کے معنی لطافت' صفائی' درستگی اور اصلاح کے ہیں اور صراح میں ہے تہذیب کے معنی آدمی کو پاکیزہ کرنا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے رجل مہذب یعنی آدمی مظہر الاخلاق ہے۔ خلاصہ بحث یہ ہے کہ مرتبہ کمال کے اعلیٰ واکمل پر محمول کرنا اور حقیقت حال کے ادراک سے عاجز ہونے کا اعتراف کرنا آپ کے ادب وجلالت شان کے زیادہ قریب ہے۔ واللہ الموفق

بیان رسالت عامہ: حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کریمہ چونکہ اعظم الاخلاق تھے۔ بنابریں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام بنی نوع انسان کی طرف مبعوث فرمایا اور آپ کی رسالت کو محض انسان پر محدود ومقصود نہ گردانا بلکہ سارے عالم کے جن وانس اور سارے جہان کی مخلوق پر رسالت عام فرمائی۔ جس طرح حق تعالیٰ کی ربوبیت تمام اہل عالم کو شامل ہے خلق محمدی ﷺ بھی ان سب کو شامل ہے۔ صاحب مواہب لدنیہ نے بعض علماء عظام سے یہ سب نقل فرمایا ہے اور کہا ہے کہ یہ بعثت اس حد تک پھیلتی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی رسالت ملائکہ کی طرف بھی ہے۔ جیسا کہ ایک جماعت اس طرف گئی ہے اور ان کی دلیل قرآن کریم سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔ لِيَكُونَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا تا کہ آپ سارے جہاں کے لیے نذیر یعنی ڈرانے والے ہوں۔ لفظ عالمین تمام اہل عقل کو شامل ہے اور سنت حدیث سے ثابت ومسلم ہے جسے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

اُرْسِلْتُ اِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً ''مجھے ساری مخلوق کی طرف رسول بنایا گیا''۔ بعض نے کہا کہ آپ کی رسالت بعض ملائکہ پر ہے گویا ان کی مراد بعض ملائکہ سے زمین کے فرشتے ہیں۔ تخصیص کی وجہ ظاہر نہیں ہے کیونکہ دلیل عام ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ (آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام لوگوں کی طرف) یہ بھی تخصیص پر دلالت نہیں کرتی۔ جیسا کہ مذہب مختار آیہ کریمہ کے مفہوم عمومی پر ہے۔ ورنہ جنوں کی طرف بھی مبعوث نہ ہونا لازم آتا ہے۔ یہ بات اجماع کے خلاف ہے۔ بلکہ آیہ کریمہ میں ''الناس'' کا ذکر اس وجہ سے ہے کہ بعض ناس کی طرف تخصیص رسالت کے قول کی تردید ونفی مقصود ہے جس طرح کہ یہود گمان رکھتے تھے کہ آپ کی رسالت اہل عرب کے ساتھ خاص ہے۔ اسی طرح آیۂ کریمہ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا اے لوگو! میں اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف' واللہ اعلم

(حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علی طریق الحق والیقین فرماتے ہیں) کہ بعض محققین اہل بصیرت فرماتے ہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت تمام اجزائے عالم کے ساتھ ہے جس میں حیوانات' نباتات اور جمادات بھی شامل ہیں لیکن اہل عقل کی طرف بھیجنا تعلیم وتکلیف اور انہیں بشارت دینے اور غضب الٰہی سے ڈرانے کے لیے ہے اور غیر ذی العقول کی طرف بر بنائے افاضہ اور اس کمال پر پہنچانا جو ان کے حال کے لائق ہے اور تمام ذی العقول کی طرف رسالت کی عمومیت اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے کہ فرمایا:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ نہیں بھیجا آپ کو مگر سارے جہان کے لیے رحمت

یہ برطریق تغلیب شامل ہے اور جمادات کا حضور ﷺ کو سلام کرنا اور ان کا کہنا کہ ''السلام علیکم یارسول اللہ'' آپ کی رسالت پر ان کا اقرار ہے۔ ابیات

شکر فیض تو چمن چوں کند اے ابر بہار کہ اگر خاروگل ہمہ پروردۂ تست

اے غنچۂ عروس باغ درپردۂ تست آخر اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

اگر کوئی کہے کہ رسالت کو تو امر ونہی کی دعوت اور تبشیر وانذار لازم ہے۔ اس کا وقوع ملائکہ سے کہاں ہے۔ مواہب لدنیہ میں اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے یہ دعوت شب اسریٰ (معراج کی رات) میں ہوئی ہو۔ یہ بات مخفی نہ رہنی چاہیے کہ شب اسریٰ کے ساتھ تخصیص کی کوئی وجہ نہیں ہے بلکہ تمام اوقات میں احتمال رکھتا ہے کیونکہ حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اکثر اوقات میں ملائکہ کا نزول ہوتا رہا ہے۔ نیز جس طرح جنات کو دعوت دی اور قرآن کریم میں جنات کا خاص طور پر ذکر کرنا ان کی تمرد وسرکشی کی بنا پر ہے۔ (واللہ اعلم) اور ملائکہ میں نہی وانذار کی حاجت ہی نہ تھی کیونکہ ان سے معصیت کا ارتکاب ہوتا ہی نہیں۔ جیسا کہ فرمایا:

لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ○ وہ کسی بات میں پہل نہیں کرتے وہ خدا کے امر وحکم ہی کو جانتے ہیں۔

اسی بناء پر عالم ملکوت کو عالم امر کہا جاتا ہے کہ وہاں نہی وممانعت کی گنجائش ہی نہیں اور حضرت جبریل علیہ السلام کے سوا دیگر ملائکہ کا حاضر ہونا کتب احادیث میں اوقات النبی ﷺ کے باب میں مذکور ہے۔ چنانچہ مروی ہے کہ جبریل آئے اور ان کے ساتھ اسمٰعیل نامی فرشتہ تھا جو ایک لاکھ ایسے فرشتوں کا سردار ہے جن میں سے ہر فرشتہ ایک ایک لاکھ فرشتوں پر حاکم ہے اور فضائل قرآن کے باب میں اور سورۃ فاتحہ کی فضیلت میں اور سورۃ بقر کی آخری آیتوں کی فضیلت میں مروی ہے کہ ایک فرشتہ حاضر ہوا جس کے بارے میں حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا یہ وہ فرشتہ ہے جو زمین پر آج کے دن کے سوا کبھی نہیں آیا۔ سبحان اللہ اور حدیثوں میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے روضۂ انور پر تعظیم بجالانے کے لیے صبح وشام ستر ہزار فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ لہٰذا زمانہ حیات میں حضور ﷺ کے پاس کیوں نہیں آتے ہوں گے۔

علم وعقل مبارک: وصل: دربیان عقل کامل وعلم نبوی ﷺ مذکورہ دلائل سے تحقیق کے ساتھ جان لیا ہوگا کہ نبی کریم ﷺ کے اخلاق حمیدہ اعظم دائم اور کامل تر اخلاق ہیں اور ان اخلاق کی اصل ومنبع اور جائے نشو عقل ہے۔ کیونکہ عقل ہی سے علم ومعرفت کے سوتے پھوٹتے ہیں اور اسی سے رائے کی قوت' تدبیر میں جودت' فکر ونظر میں اصابت' انجام کار پر صحیح نتیجہ کی برآمد' مصالح نفس' مجاہدہ شہوت' حسن سیاست وتدبیر' خوبیوں کی اشاعت اور رذائل سے اجتناب جیسی صفات متفرع ہوتی ہیں۔

عقل کی حقیقت میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ قاموس میں کہا گیا ہے کہ عقل چیزوں کے حسن وقبح اور اس کے کمال ونقصان کی صفات کے علم کا نام ہے اور یہ علم عقل کے نتائج وثمرات سے حاصل ہوتا ہے اور عقل ایسی قوت ہے جو اس علم کا مبدأ اور سرچشمہ ہے اور بیان کیا کہ کہا جاتا ہے کہ انسان کی حرکات وسکنات میں ہیئت محمودہ کا نام عقل ہے۔ حالانکہ یہ بھی عقل کے خواص وآثار کے قبیل سے ہے۔

قول حق جسے علماء نے بیان کیا یہ ہے کہ عقل ایک روحانی نور ہے جس سے علوم ضروریہ اور نظریہ معلوم ہوتے ہیں اور عقل کا آغاز وجود بچے کی پیدائش کے ساتھ ہے پھر وہ رفتہ رفتہ نشو ونما پاتا جاتا ہے یہاں تک کہ بلوغ کے وقت کامل ہو جاتا ہے۔

اور حضور اکرم ﷺ کمال عقل وعلم میں اس مرتبہ پر تھے کہ کوئی بشر آپ کے سوا اس درجہ تک نہیں پہنچا۔ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپ پر

افاضہ فرمایا ان میں سے بعض پر عقول وافکار حیران ہیں اور جو بھی آپ کے احوال کی کیفیتوں اور آپ کی صفات حمیدہ اور محاسن افعال کی تلاش وجستجو کرتا ہے اور جوامع الکلم' حسن شمائل' نادر ولطیف خصائل' لوگوں کی سیاسی تدبیر' شرعی احکام کا اظہار وبیان' آداب جلیلہ کی تفصیل' اخلاق حسنہ کی ترغیب وتحریص' آسمانی کتابوں اور ربانی صحیفوں پر آپ کا علم' گزشتہ امتوں کے تاریخی حالات' ایام ماضیہ کے احوال' کہاوتوں اور ان کے وقائع واحوال کا بیان' اہل عرب جو مانند درندوں اور چوپائے کے تھے جن کے طبائع جہل وجفا اور نادانی وشقاوت کی بنا پر متنفر اور دور رہنے والی تھیں۔ ان کی اصلاح وتدبیر ان کے ظلم وجفا اور ایذا وتکلیفوں پر آپ کا صبر وتحمل' پھر ان کو علم وعمل' حسن اخلاق واعمال میں غایت درجہ تک پہنچانا' انہیں دنیا وآخرت کی سعادتوں سے بہرہ ور کرنا پھر کسی طرح ان سعادتوں کو اپنے نفسوں پر ان کا اختیار کرنا اور اپنے گھروں' دوستوں' عزیزوں کو آپ کی خوشنودی کی خاطر ان کا چھوڑنا' ان سب کا اگر کوئی مطالعہ کرے تو وہ جان لے گا کہ حضور ﷺ کی عقل کامل اور آپ کا علم کس مرتبہ ومقام پر تھا۔

نگار من کہ بمکتب نرفت وخط بنوشت　　بمعزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

جو بھی آپ کے احوال شریف کو ابتداء سے انتہا تک مطالعہ کرے گا دیکھے گا کہ پروردگار عالم نے آپ کو کتنا علم عطا فرمایا اور آپ پر اس کا کتنا فیضان ہے اور ما کان وما یکون یعنی گزشتہ وآئندہ کے علوم واسرار بدیہی طور پر کس طرح حاصل ہیں تو وہ بے شک وشبہہ اور بغیر وہم وخیال علم نبوت کو جان لے گا۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے حضور ﷺ کی مدح وثنا اور وفور علم کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ حَسْبَ وَصْلِهٖ وَكَمَالِهٖ　　اور جو کچھ آپ نہ جانتے تھے وہ سب نے سکھا دیا اور اللہ کا فضل آپ پر عظیم ہے۔

حضرت وہب ابن منبہ تابعی' جو ثقہ فی الاسناد' علامہ صدوق' صاحب کتب واخبار تھے فرماتے ہیں کہ میں نے متقدمین کی اکہتر کتابیں پڑھی ہیں میں نے ان تمام کتابوں میں پایا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے آغاز دنیا سے انجام دنیا تک تمام لوگوں کو جس قدر عقلیں مرحمت فرمائی ہیں ان سب کی عقلیں' نبی کریم ﷺ کی عقل مبارک کے پہلو میں دنیا بھر کے ریگستانوں کے مقابلہ میں ذرہ کی مانند ہیں۔ آپ کی رائے ان سب سے افضل واعلیٰ ہے۔ اسے ابونعیم نے حلیہ میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں روایت کیا۔

عوارف المعارف میں بعض علماء سے نقل کیا ہے کہ پوری عقل کے سو حصے ہیں ان میں سے ننانوے حصے حضور اکرم ﷺ میں ہیں اور ایک حصہ تمام مسلمانوں میں' بندۂ مسکین کہتا ہے (یعنی شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ورزقہ اللہ الثبات والیقین فرماتے ہیں) کہ اگر وہ یوں کہیں کہ عقل کے ہزار حصے ہیں جن میں سے نوسو ننانوے حصے حضور میں ہیں اور ایک حصہ تمام لوگوں میں تو اس کی بھی گنجائش ہے۔ اس لیے کہ جب آپ میں بے نہایت کمال ثابت ہے تو جو کچھ بھی کہا جائے گا بجا ہوگا۔

اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ○ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ　　بیشک ہم نے آپ کو خیر کثیر مرحمت فرمائی اور آپ کے بدگو ہی ذلیل خوار ہیں۔

اب بعض اخلاق کریمہ میں سے جو دیکھنے میں آتے ہیں اس کتاب میں لکھتا ہوں اور اکثر بیان کتاب الشفاء مواہب لدنیہ' روضۃ الاحباب اور معارج النبوۃ سے ہے۔ والتوفیق من اللہ المنعام

صبر' حلم اور عفو: وصل: یہ حضور اکرم ﷺ کے صبر' بردباری اور درگزر کرنے کے صفات میں ہیں۔ یہ نبوت کی عظیم صفتوں میں سے ہے اور ان صفتوں کی قوت کے بغیر بار نبوت نہیں اٹھایا جاسکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا — بیشک آپ سے پہلے تمام رسول جھٹلائے گئے تو انہوں نے ان کے کذب وایذا پر صبر فرمایا۔

نیز ارشاد باری ہے:

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ — تو آپ بھی اولوالعزم رسولوں کی مانند صبر فرمایئے۔

اور ارشاد ربانی ہے:

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ — تو آپ انہیں معاف فرمائیں اور درگزر فرمائیں۔

صبر کی خوبی تمام طاعات وعبادات کی جائے صدور اور تمام خیرات وحسنات کا منبع ہے کیونکہ ہر نیکی میں جب تک اس کے غیر وضد پر صبر نہ کرے اس وقت تک وجود میں نہیں آتی۔ اسی بنا پر صبر کو پورا ایمان کہا گیا ہے اور جس جگہ صبر کو نصف ایمان کہا گیا ہے۔ وہاں صبر سے معاصی کو چھوڑنا اور اس سے اجتناب کرنا مراد ہے کیونکہ اقتضائے ایمان کا نصف حصہ معاصی سے اجتناب اور دوسرا نصف حصہ طاعات بجالانا ہے اور اس جگہ صبر سے مراد لوگوں کے ایذاء پر صبر اور ان کے ظلم وجفا کو برداشت کرنا ہے اور سید الانبیاء صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم کا بلا وایذا پر صبر فرمانا ان سب سے بڑھ کر زیادہ اور سخت تر تھا چنانچہ فرمایا:

مَا اُوْذِيَ نَبِيٌّ مِثْلَ مَآ اُوْذِيْتُ اَوْ كَمَا قَالَ — کسی نبی کو اتنی ایذا نہ پہنچائی گئی جتنی مجھے دی گئی۔

یہ اس لیے کہ حضور ﷺ امت کے اسلام لانے پر سب سے بڑھ کر خواہش مند تھے۔ اسی بناء پر ان کی ایذا رسانی ان کے کفر سے زیادہ تر تھی۔

مروی ہے کہ جب آیت کریمہ معاف کرنے، امر بالمعروف اور جاہلوں سے درگزر کرنے کے بارے میں نازل ہوئی تو حضور اکرم ﷺ نے جبریل علیہ السلام سے اس کی توضیح دریافت کی۔ انہوں نے کہا جب تک میں رب العزت عزاسمہ سے دریافت نہ کرلوں عرض نہیں کرسکتا۔ چنانچہ جبریل علیہ السلام گئے اور آئے اور کہا: اے محمد ﷺ! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جو آپ سے دور ہو اس سے قریب ہوں اور جو آپ کو محروم رکھے اسے عنایت فرمائیں اور جو آپ پر ظلم وستم کرے اسے معاف فرمائیں۔

حدیث پاک میں ہے کہ رسول خدا ﷺ نے کبھی بھی اپنے ذاتی معاملہ اور مال ودولت کے سلسلے میں کسی سے انتقام نہ لیا۔ مگر اس شخص سے جس نے خدا کی حلال کردہ چیز کو حرام قرار دیا تو اس سے خدا کے لیے بدلہ لیا اور حضور ﷺ کا سب سے زیادہ اشد وسخت صبر غزوۂ احد میں تھا کہ کفار نے آپ کے ساتھ جنگ ومقابلہ کیا اور آپ کو شدید ترین رنج والم پہنچایا مگر آپ نے ان پر نہ صرف صبر وعفو پر ہی اکتفا فرمایا بلکہ ان پر شفقت ورحم فرماتے ہوئے ان کو اس جہل وظلم میں معذور گردانا اور فرمایا: اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (یعنی اے خدا! میری قوم راہ راست پر لا کیونکہ وہ جانتے نہیں) اور ایک روایت میں ہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ (اے خدا! انہیں معاف فرما دے) اور جب صحابہ کو بہت شاق گزرا تو کہنے لگے یا رسول اللہ! کاش ان پر بددعا فرماتے کہ وہ ہلاک ہوجاتے۔ آپ نے فرمایا: میں لعنت کے لیے مبعوث نہیں ہوا ہوں بلکہ میں حق کی دعوت اور جہان کے لیے رحمت ہو کر مبعوث ہوا ہوں۔

فائدہ: تعجب ہے کہ جس کسی نے یہ کہا کہ نفس نبوی ﷺ اس جگہ حرکت میں آئی اور بے صبری کا اظہار فرمایا اور فرمانے لگے "كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ (الحدیث)" (وہ قوم کیسے فلاح پائے گی جو اپنے نبی کو مجروح کرے)۔ (آخر حدیث تک) اس پر آیہ کریمہ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ (آپ پر کسی معاملہ کی کوئی ذمہ داری نہیں) نازل ہوئی۔ حالانکہ حضور ﷺ کے ارشاد "كيف يفلح" اور حق تعالیٰ کے

فرمان: لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ میں کوئی چیز ایسی نہیں جو صبر وحلم کیخلاف اور اس کے منافی ہو بلکہ حضور ﷺ کے ارشاد میں اظہار تعجب ہے جو کچھ انہوں نے سلوک کیا اور حق تعالیٰ کے ارشاد میں آپ کے لیے تسلی وتشفی ہے۔ یہ بات آپ کی ذات شریف کے حق میں خاص تھی کہ آپ نے صبر وعفو سے کام لیا لیکن کفار نے جب روز احزاب نماز سے باز رکھا تو حضور ﷺ نے ان پر دنیا وآخرت کے عذاب کی دعا کی اور فرمایا: مَلَأَ اللّٰهُ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا اللہ تعالیٰ ان کافروں کے گھروں کو اور ان کی قبروں کو آگ سے بھر دے۔ اسی طرح حضور ﷺ نے عرب کے ان قبائل پر بددعا کی جو کمزور اور ناتواں مسلمانوں کو قسم قسم کے عذاب دیتے تھے اور متفق علیہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ (آپ کے اوپر کسی معاملہ کی ذمہ داری نہیں ہے) اسی موقع پر نازل فرمائی۔ اسی طرح ان کفار پر بددعا کی جو فرار ہو گئے تھے۔ کفار پر یہ بددعائیں' دین اسلام کے حق اور مسلمانوں کے حقوق کے فوت ہونے کی وجہ سے تھیں اور اسی امر الٰہی کی بجا آوری میں تھی کہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ اے نبی! کفار ومنافقین پر جہاد کیجئے اور ان پر خوب شدت کیجئے۔

اسی طرح حضور ﷺ نے ان اشقیاء کے گروہ پر یہ دعا کی جنہوں نے نماز کی حالت میں آپ کی پشت مبارک پر اونٹ کی اوجھڑی رکھی تھی۔

احبار یعنی علمائے یہود میں سے ایک شخص ابن سعنہ تھا اس سے روایت کرتے ہیں اس نے بتایا کتب سابقہ میں سے علامات نبوت میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہی مگر حضور اکرم ﷺ کے چہرۂ انور میں جب کہ میں نے آپ کی طرف نظر ڈالی نہ دیکھ لی ہو لیکن دو باتوں کا میں امتحان نہ کر سکا تھا ایک یہ کہ توریت میں لکھا ہوا تھا کہ اس کا حلم اس کے جہل کو زیادہ نہیں کرے گا اور شدت جہل اس کے حلم ہی کو بڑھائے گی۔ چنانچہ میں نے آپ سے تلطف کیا۔ یہاں تک کہ میں نے معاملہ میں خلط ملط کیا۔ اس طرح میں نے آپ کے علم وحلم کو پہچانا۔ چنانچہ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ میں نے ایک معینہ مدت کے لیے آپ سے کھجوریں خریدیں اور اس کی قیمت مال کے قبضے سے پہلے آپ کو دے دی پھر میں وقت مقررہ سے دو تین دن پہلے آیا اور آپ کے گریبان اور چادر کو پکڑ کر غیظ وغصہ کی نظر سے آپ کو دیکھا اور میں نے کہا ''اے محمد! (ﷺ) میرا حق کیوں ادا نہیں کرتے۔ خدا کی قسم تم آل عبدالمطلب حق کی ادائیگی میں تاخیر کرتے اور ٹال مٹول کرتے ہو''۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ کہنے لگے ''او دشمن خدا! رسول اللہ ﷺ سے ایسی بات کہتا ہے۔ تیری بدتمیزی کی جو باتیں میں نے سنی ہیں اگر مجھے حضور کی نافرمانی کا خوف دامن گیر نہ ہوتا تو اپنی تلوار سے تیری گردن اتار دیتا''۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف آرام وآہستگی کے ساتھ نظر فرمائی اور تبسم کناں ہو کر فرمایا: ''اے عمر رضی اللہ عنہ! میں اور یہ شخص تمہاری زبان سے ایسی بات کے برعکس بات سننے کا متمنی تھے۔ مطلب یہ کہ مجھ سے تو حق کی عمدہ طریق سے ادائیگی کو کہتے اور اس مرد سے حسن تقاضا کی تلقین کرتے۔ اب اے عمر رضی اللہ عنہ! جاؤ اس کا حق ادا کرو اور جو کچھ تم نے اسے ڈرایا دھمکایا ہے اس کے بدلے میں اسے بیس صاع کھجوریں مزید دو''۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمان رسول ﷺ کے مطابق عمل کیا۔ پھر اس یہودی نے کہا: ''اے عمر رضی اللہ عنہ! میں حضور ﷺ کے چہرۂ انور میں نبوت کی تمام علامتوں کو پہچانتا تھا مگر ان دو خصلتوں کے بارے میں نہیں جانتا جس کا میں نے ابھی امتحان کیا۔ اب تم کو گواہ بنا کر کہتا ہوں: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ ایک دن رسول خدا ﷺ نے واقعہ ارشاد فرمایا کہ حضور ﷺ اپنی مجلس مبارک سے اٹھے اور ہم بھی اٹھ کھڑے ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ حضور ﷺ کے قریب ایک اعرابی آیا۔ اس نے حضور ﷺ کی گردن مبارک سے چادر کو اس سختی سے کھینچا کہ چادر کی درشتی سے آپ کی گردن مبارک چھل گئی۔ پھر حضور ﷺ نے اس اعرابی کی طرف نظر فرمائی کہ وہ کیا کہتا ہے۔

اس نے کہا میرے پاس جو دو اونٹ ہیں اس پر مال لاد دو کیونکہ میں بال بچے رکھتا ہوں اور آپ نہ اپنا مال لاویں گے نہ اپنے باپ کا۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: ''میں ہرگز اس وقت تک مال نہیں دوں گا جب تک تو مجھے اس چادر کی گرفت سے نہ چھوڑے گا جسے تو نے کھینچ رکھا ہے''۔ اعرابی نے کہا ''خدا کی قسم میں ہرگز چادر کو نہ ڈھیل دوں گا۔ جب تک آپ میرے ان دونوں اونٹوں کو نہ لدوا دیں''۔ حضور ﷺ نے کسی شخص کو بلا کر فرمایا ''اس کے ایک اونٹ پر کھجوریں اور دوسرے پر جو لاد دو''۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ امام بخاری نے اس حدیث کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ جا رہا تھا اور حضور ﷺ کی گردن مبارک میں نجرانی سخت حاشیہ دار چادر تھی ایک اعرابی نے قریب آ کر چادر کو پکڑ کر حضور ﷺ کو کھینچا اور چادر کو سخت لپیٹنے لگا۔ حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کی گردن مبارک کی طرف دیکھا تو سخت حاشیہ دار چادر کی لپیٹ نے آپ کی گردن مبارک کو چھیل دیا تھا۔ اس کے بعد اعرابی کہنے لگا ''اے محمد! (ﷺ) خدا کے اس مال میں سے جو آپ کے پاس ہے مجھے دینے کا حکم فرما دیں''۔ پھر حضور ﷺ نے اس کی طرف ملاحظہ فرمایا۔ اور تبسم فرمایا اور مجھے اسے دینے کا حکم فرمایا۔

حضور اکرم ﷺ کے حلم و بردباری کا یہ بیان ہے کہ کس طرح آپ اپنی جان و مال کی ایذاؤں پر صبر فرماتے اور ظلم و جفا سے درگزر کرتے تھے۔ یہ سب اس خواہش میں تالیف قلوب تھی کہ یہ لوگ اسلام لے آئیں اور آپ کے اوصاف حمیدہ میں مذکور ہے کہ آپ نہ خود سخت کلامی فرماتے تھے اور نہ کسی کی سخت کلامی کا بدلہ لیتے تھے۔ بلکہ عفو و درگزر سے کام لیتے تھے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ آپ نہ گالی دینے والے تھے نہ فحظ کلامی اور لعنت کرنے والے تھے۔ فحش میں قول و فعل اور خصلت سب شامل ہیں لیکن اس کا استعمال اکثر قول و کلام پر ہوتا ہے اور یہ صفت بیان کرنا کہ آپ کا قول نہ فاحش ہوتا نہ متفحش۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ آپ کی عادت ایسی تھی اور نہ آپ قصد و ارادہ سے سخت کلامی فرماتے۔ ''متفحش'' اسے کہتے ہیں جو قصد و ارادہ اور کثرت و تکلف سے سخت کلامی کرے اور ''فاحش'' اس سے زیادہ عام ہے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ حدیث پایۂ صحت کو پہنچی ہوئی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے عقبہ بن معیط اور عبداللہ بن خطل اور ان کے سوا وہ لوگ جو ایذائیں پہنچاتے تھے آپ نے ان کو قتل کرنے کا حکم فرمایا تو یہ کہنا کہ مَا انْتَقَمَ لِنَفْسِهٖ (اپنی ذات کے لیے کبھی بدلہ نہیں لیا) کیسے صحیح ہوگا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ لوگ ''اِنْتِهَاكِ حُرُمَاتِ اللّٰهِ'' اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کو کٹی پامال کرتے تھے اور بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ ایذا رسانی کا بدلہ نہ لینے سے مراد یہ ہے کہ ایسا سبب ہو جو حد کفر کو نہ پہنچے اس میں بدلہ نہ لیتے تھے۔ مثلاً یہی مذکورہ واقعہ جس نے آپ کی چادر مبارک کھینچی اور اس کی مثل دیگر واقعات اور داؤدی نے عدم انتقام کو ان چیزوں پر محمول کیا ہے جو مال کے ساتھ خاص ہے اور عزت و ناموس کے قبیل سے نہ ہو اور آپ کے عفو و درگزر کی مثالوں میں یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے لبید بن الاعصم یہودی کو جس نے جادو کیا تھا اور خیبر کی اس یہودیہ کو جس نے زہر آلود بکری کی ران دی تھی معاف فرمایا۔ اسی طرح آپ قیلولہ فرما رہے تھے جب حضور ﷺ نے چشم مبارک کھولی تو دیکھا کہ ایک اعرابی تلوار کھینچے آپ کے سرہانے کھڑا ہے اور کہہ رہا ہے اب آپ کو کون بچائے گا اور مجھ سے آپ کو کون محفوظ رکھے گا آپ نے فرمایا: ''اللہ'' اس کے بعد اس کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی اور حضور ﷺ نے تلوار اٹھالی اور فرمایا: اب بتا تجھے اب کون بچائے گا۔ پھر وہ کانپنے اور لرزنے لگا پھر حضور ﷺ نے اسے چھوڑ دیا اور معاف کر دیا۔ اس کے بعد وہ اپنی قوم میں آیا اور کہنے لگا کہ میں تمہارے پاس سب سے زیادہ بہتر شخص کے پاس سے آیا ہوں۔ اسی طرح آپ کے پاس ایک شخص کو لایا گیا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ شخص ارادہ رکھتا ہے کہ آپ کے دشمنوں کو قتل کر دے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا نہ ڈر اگر تو میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے تو مجھ پر قابو نہیں پا سکتا۔ یہ تمام مثالیں حضور ﷺ کے وسعت اخلاق اور آپ کے حلم پر مبنی ہیں۔

اب رہا وہ معاملہ جو منافقوں کے ساتھ حضور ﷺ کا تھا کہ غیبوبت میں وہ آپ کو ایذا پہنچاتے اور جب حاضر ہوتے تو خوشامد وچاپلوسی کرتے۔ منافقوں کی یہ حرکت ایسی ہے جس سے ہر انسان کا دل نفرت کرتا ہے مگر جسے تائید ربانی حاصل ہے۔ اگرچہ حضور اکرم ﷺ کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر شدت وتغلیظ کا ارشاد آ چکا تھا چنانچہ فرمایا:

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ — اے نبی! کفار ومنافقین سے جہاد کیجئے اور ان پر شدت برتیے۔

مگر حضور ﷺ نے ان کے لیے عفو ورحمت اور استغفار کا دروازہ کھلا رکھا اور ان کے لیے دعائیں کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ — اے محبوب! آپ ان کے لیے استغفار کریں یا نہ کریں اللہ ہرگز انہیں نہیں بخشے گا۔

پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے مختار رکھا ہے اب میں استغفار کو اختیار کرتا ہوں اور جب اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا کہ

اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً — اگر آپ ان کے لیے ستر مرتبہ بھی استغفار کریں تو.....

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ستر مرتبہ سے بھی زیادہ ان کی بخشش کی درخواست کروں گا آپ کی یہ عادت کریمہ ان کے جرم وایذا رسانی سے چشم پوشی اور عفو ودرگزر کی بے مثل مثال ہے۔ قطع نظر اس کے کہ آیۂ کریمہ کی عبادت سے تکثیر ومبالغہ کا مفہوم بھی نکلتا ہے نہ کہ کسی خاص شمار کی تحدید وتعیین، لیکن حضور سیّد عالم ﷺ نے آیۂ کریمہ کو غایت عفو ودرگزر کی بنیاد پر ظاہر الفاظ پر ہی محمول فرمایا۔ یہاں تک کہ حضور اکرم ﷺ نے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کے لڑکے کو جو کہ مخلص مسلمان تھے اپنے باپ کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم فرمایا اور جب وہ مر گیا تو حضور ﷺ نے اپنا پیرہن مبارک جسم اطہر سے اتار کر اس کو کفن بنایا اور نماز جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا اس وقت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا دامن اقدس پکڑ کر عرض کیا یا رسول اللہ ایسے منافق پر نماز پڑھ رہے ہیں جو تمام منافقوں کا سردار تھا اس پر حضور نے اپنا دامن مبارک چھڑا کر فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ! تم دور رہو۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ — اے محبوب! آپ کسی منافق کی موت پر کبھی نماز نہ پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔

اس وقت حضور ﷺ نے یہ ارادہ ترک فرمایا۔ یہ آپ کا انتہائی صبر وحلم اور شفقت ومہربانی امت پر تھی لیکن جب بارگاہ الٰہی سے ہی ممانعت آ جائے تو کیا کریں۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ اس کے لڑکے کی دلدہی کے لیے تھا کیونکہ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ کے مخلص وصالح صحابی تھے اور انہوں نے درخواست کی تھی جس کی پذیرائی فرمائی۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن ابی منافق کو قمیص مبارک پہنانا اس بنا پر تھا کہ اس نے آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو اس وقت قمیص پہنائی تھی جب کہ وہ بدر کے قیدیوں میں برہنہ اسیر ہوئے تھے اور ان کے جسم پر طویل القامت ہونے کی وجہ سے کوئی قمیص نہ آتی تھی۔

غرض کہ اس بیان میں حضور اکرم ﷺ کے مکارم اخلاق کی عظمت کا اظہار ہے باوجود یکہ منافقین ہمیشہ آپ کو برا جانتے اور اذیتیں پہنچاتے تھے مگر اس کے مقابلہ میں حضور ﷺ ان کے ساتھ حسن سلوک ہی فرماتے تھے تو اسی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مخلص مسلمانوں کے ساتھ حضور ﷺ کا کیا حال ہوگا؟ اسی مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ بلاشبہ آپ کی خو بہت بڑی ہے اور یہ کہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مطلب یہ کہ یہ ممانعت اس بنا پر ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے باغی و سرکش ہیں۔

حضور سیّد عالم ﷺ کا امت پر شفقت و مہربانی فرمانے کے قبیل سے یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ امت کے کبیرہ گناہوں کے مرتکبین کے گناہوں اور اذیتوں کی پردہ پوشی کی جائے اور فرمایا: جس سے محرمات کے ساتھ مباشرت کا گناہ سرزد ہو جائے اسے چاہیے کہ وہ گناہ کو چھپائے افشا نہ کرے اور امت پر حکم فرمایا جن لوگوں پر حد شرعی قائم ہو جائے ان کے لیے خدا سے بخشش کی دعا مانگیں اور ان پر شفقت و مہربانی کریں اور کسی پر تبرا کرنے' گالی دینے اور لعنت کرنے کی ممانعت فرمائی' چنانچہ فرمایا:

لَاتَلْعَنُوْهُ فَاِنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ کسی مسلمان پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ اللہ اور اسکے رسول سے محبت کرتا ہے۔

اس میں اشارہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ دلوں کی باطنی حالت پر نظر فرماتا ہے اگرچہ ظاہر میں اس سے کوئی خطا یا ذلیل حرکت سرزد ہوئی ہو۔

صحیح بخاری میں ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے حاضر بارگاہ ہونے کی اجازت مانگی۔ حضور ﷺ نے حاضر ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی جب دیکھا تو فرمایا یہ شخص اپنے قبیلہ کا برتر شخص ہے اور جب وہ بیٹھ گیا تو حضور ﷺ نے کشادہ روی فرمائی اور خوشی و مسرت کا اظہار کیا۔ پھر جب وہ چلا گیا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جب حضور ﷺ نے اوّل نظر مبارک ڈالی تھی تو اس کے بارے میں ایسا ایسا فرمایا تھا اور جب وہ بیٹھ گیا تو حضور ﷺ نے کشادہ روئی اور اس کے ساتھ خوشی و مسرت کا اظہار فرمایا یہ کیا بات تھی۔ فرمایا: اے عائشہ! رضی اللہ عنہا تم نے مجھے ''فحاشی'' (سخت کلام) اور درشت خو کب پایا تھا۔ یہ صحیح ہے کہ خدا کے نزدیک وہ شخص بہت برا ہے جسے لوگ ڈر اور خوف کی بناء پر چھوڑ دیں اور اس کے شر و فساد سے بچتے رہیں۔ یہ عبارت دو معنی کا احتمال رکھتی ہے ایک یہ کہ اس میں اپنی ذات گرامی کی طرف اعتذار کے طور پر اور اس شخص سے تلطف و خوشی کے اظہار کرنے میں اشارہ فرمایا اور سخت کلامی اور درشت خوئی سے منع فرمایا تا کہ لوگ قریب آنے سے نہ گھبرائیں اور دور نہ بھاگیں اور دوسرا احتمال یہ کہ اس شخص کے مال کی طرف نسبت و اشارہ فرمایا اور بیان کیا کہ وہ ایسا برا شخص ہے جس کے شر سے لوگ ڈرتے ہیں اور اس کی برائی کو اس کے سامنے نہیں لا سکتے اور اس کے شر کے خوف سے اس کی مدارات کرتے ہیں۔

علماء فرماتے ہیں کہ حضور سیّد عالم ﷺ کا اس شخص کے ساتھ حسن سلوک فرمانا تالیف قلب کے لیے تھا تا کہ وہ اس کی قوم اور اس کا قبیلہ اسلام لے آئے کیونکہ وہ اپنی قوم اور قبیلہ کا سردار تھا اور حضور ﷺ کا اسے برا کہنا غیبت کے باب سے نہیں ہے اس لیے کہ شارع یعنی نبی کو حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنی امت کے عیوب اور اس کی برائیوں کو دیکھے اور اس کا اظہار کرے۔ نبی کا ایسا کرنا' امت کی نصیحت و شفقت کے زمرہ میں سے ہے۔ بخلاف امت کے کہ وہ ایک دوسرے کی غیبت کرتے اور عیب جوئی کرتے ہیں اور یہ بھی معلن مجاہر یعنی کھلے عام فسق و فجور کرنے والے کا اظہار عیب کرنا جائز ہے باوجود ان باتوں کے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی طبعی خو بو ہی ایسی بنائی ہے جو کرم و حسن خلق پر ہے اور آپ میں تلطف و بشاشت اور خندہ پیشانی ہے۔ نیز اس میں امت کے لیے تنبیہ ہے کہ جن سرکشوں کی ایسی حالت ہو ان سے بچیں اور ان کے ساتھ تواضع و مدارات سے پیش آئیں تا کہ ان کے شر و فساد سے سلامت رہیں لیکن مداہنت کی حد تک ہرگز نہ پہنچیں اور مدارت و مداہنت میں فرق یہ ہے کہ مدارت وہ ہے جو شر سے بچنے اور اپنی عزت محفوظ رکھنے کے لیے ہے اور مداہنت وہ ہے جو دنیاوی منفعت کے لیے ہے۔ بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ وہ اسی معنی کی طرف راجع ہے۔ مثلاً یہ کہ مدارات یہ ہے کہ دنیاوی اخراجات' دنیا کی اصلاح یا دین کی اصلاح یا دونوں کی اصلاح کے لیے ہے اور یہ مباح ہے اور بسا اوقات یہ مستحسن و ممدوح بھی

ہوتا ہے اور مداہنت یہ ہے کہ دینی تصرفات کو دنیاوی صلاح وحصول کے لیے استعمال کیا جائے (اللہ تعالیٰ مداہنت سے محفوظ رکھے) اور حضور ﷺ نے اس شخص پر اپنی ان دنیاوی معاملات سے سلوک فرمایا جو اچھے برتاؤ اور نرم گفتاری سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے باوجود اپنی زبان مبارک سے اس کی مدح وتعریف نہ کی تاکہ مناقض یعنی واقعہ حال کے برخلاف نہ ہو۔ لہٰذا آپ کا قول حق کے اظہار میں تھا اور آپ کا فعل اچھے برتاؤ کے زمرہ میں، حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معلوم نہیں وہ شخص اس وقت مسلمان تھا یا نہیں، اگر مسلمان نہ تھا تو آپ کا قول یعنی اسے ''برا بتانا'' غیبت نہ ہوگا اور اگر وہ مسلمان تھا تو اس کا اسلام خالص اور ناصح نہ تھا تو حضور ﷺ نے چاہا کہ اس کا حال بیان کر دیا جائے تاکہ کوئی ناواقف شخص اس سے دھوکا نہ کھائے اور اس شخص کے حالات میں مرقوم ہے کہ اس شخص سے حضور ﷺ کی حیات ظاہرہ میں اور بعد وصال ایسی حرکتیں واقع ہوئی ہیں جو اس کے ایمان کی کمزوری پر دلالت کرتی ہیں۔ اس بناء پر حضور ﷺ کا فرمانا اخبار بالغیب غیبی خبر دنیا اور علامات نبوت میں سے ہوگا۔ لیکن آپ کا اس سے ترقی فرمانا اور انبساط کا اظہار کرنا مذکورہ قباحت کی موجودگی میں بر سبیل تالیف قلب تھا۔

تنبیہ: اس شخص کا نام عیینہ بن حصن بن حذیفہ بن بدر بن فراری تھا اور اسے لوگ ''احمق المطاع'' کہتے تھے۔ احمق اس کی حماقت اور تکبر کی بنا پر اور ''مطاع'' اس لیے کہ وہ اپنے قبیلہ کا سردار تھا۔ صحیح بخاری میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب عیینہ بن حصن بن حذیفہ اپنے بھتیجے حر بن قیس بن حصین کے پاس آیا یہ حر بن قیس ان لوگوں میں سے تھے جو امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مقرب اور آپ کی مجلس شوریٰ کے اصحاب میں سے تھے عیینہ نے اپنے بھتیجے سے کہا: اے بھتیجے! امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی جناب میں تمہاری قدر ومنزلت ہے۔ تو میرے لیے ان سے اپنی نزدیکی کی درخواست کرو کہ میں بھی ان کے مقربوں میں ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا میں درخواست کروں گا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حر بن قیس نے عیینہ کے بارے میں درخواست کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے حاضری کا شرف بخشا اور اجازت مرحمت فرمائی۔ جب عیینہ حضرت فاروق اعظم کے پاس گیا تو وہ کہنے لگا کہ اے خطاب کے فرزند! ہمیں بھی کچھ مال ومنال دیجئے۔ خدا کی قسم آپ ہمیں بہت نہیں دیتے اور ہمارے درمیان انصاف نہیں فرماتے۔ اس پر حضرت فاروق اعظم کو غصہ آیا۔ یہاں تک کہ ارادہ فرمایا کہ اسے اس کی سزا دی جائے۔ اور تعزیری حد قائم کی جائے تو حر بن قیس نے کہا اے امیر المومنین! اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو ارشاد فرمایا:

خُذِالْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ○ درگزر سے کام لیں اور بھلائی کا حکم دیں اور جاہلوں کی طرف التفات نہ فرمائیں۔

اور کہا کہ یہ شخص جاہلوں میں سے ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں خدا کی قسم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آیت سے سرمو تجاوز نہ کیا۔

اور ''فتح الباری'' میں منقول ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں عیینہ مرتد ہو گیا تھا اور اس نے مسلمانوں کیخلاف جنگ بھی کی تھی اس کے بعد وہ دوبارہ اسلام لایا اور ارتداد سے توبہ کی اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں بعض فتوحات میں شریک ہوا اور اس کتاب کے آخر میں غزوات کے باب میں اس کے ایسے کوائف وحالات انشاء اللہ آئیں گے جو اس کی بدخوئی اور شدت جفا پر دلالت کریں گے۔

تواضع، ادب اور حسن معاشرت: وصل: اس سلسلہ بیان میں حضور اکرم ﷺ کا اہل وعیال اور خدام اور اصحاب کے ساتھ جو

تواضع' ادب اور حسن معاشرت ہے اس کا ذکر ہے۔ صراح میں تواضع کے معنی انکساری دکھانے اور گردن کو جھکانے کے ہیں اور قاموس میں تواضع کے معنی تذلل وایضاع ہیں۔

اہل عرب اس کو اس وقت استعمال کرتے ہیں جب وہ اونٹ کی گردن کو نیچا کر کے اس پر پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔ تواضع وضع سے مشتق ہے اور وضع کے معنی نیچے رکھنے کے ہیں اور متواضع شخص چونکہ اپنے آپ کو اپنے مرتبہ اور مقام سے نیچے اتارتا ہے اس کی ضد تکبر ہے کہ متکبر خود کو اپنے مرتبہ سے بلند جانتا ہے اور جو اپنے مرتبہ سے کمتر رہے تو اسے تصنع اور بناوٹ کہتے ہیں۔ تواضع' تکبر اور تصنع کی درمیانی کیفیت کا نام ہے۔ لیکن چونکہ آدمیوں کو تکبر کرنے کی گنجائش ہی نہیں۔ کبھی تصنع کو تواضع کا مقام دیتے ہیں چنانچہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے دریافت کیا کہ تواضع کیا ہے فرمایا ''خفض الجناح ولین الجانب'' (بازوؤں کا جھکانا اور پہلو پر جھکنا) اور فرمایا: تَخَضَّعُ لِلْحَقِّ وَتَنْقَادُلَهُ وَتَقْبَلُهُ لِمَنْ قَالَهُ وَتَسْمَعُ مِنْهُ (حق کے آگے جھک جائے اور اس کا فرمان بردار بن جائے جو حق کہے اسے قبول کرے اور سنے) اور آپ نے فرمایا: مَنْ رَاٰی لِنَفْسِهٖ قِیْمَةً فَلَیْسَ لَهٗ فِی التَّوَاضُعِ نَصِیْبٌ (جس نے اپنے آپ کو قیمتی جانا اس کے لیے تواضع کا کوئی حصہ نہیں ہے) عرفاء فرماتے ہیں کہ کوئی بندہ اس وقت تک تواضع کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا جب تک اس کے دل میں مشاہدۂ نور کی تابانی نہ ہو۔ کیونکہ مشاہدہ نفس کو پگھلاتا اور اسے نرم کرتا ہے اور نفس کا پگھلنا تکبر وعجب کی کھوٹ سے صفائی ہے۔ چنانچہ نفس ملائم ہو جاتا ہے۔ جمال حق مثل آئینہ منطبع اور منقش ہو جاتا ہے اور کبر وعجب کے آثار فنا اور کدورت کا غبار چھٹ جاتا ہے اس کا وافر حصہ اور بلند رتبہ حضور اکرم سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے کیونکہ آپ کمال کے مرتبہ اعلیٰ پر فائز تھے۔ اس کے باوجود آپ تواضع اختیار فرماتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار مرحمت فرمایا کہ آپ یا تو نبی بادشاہ ہونا پسند فرمائیں یا نبی بندہ ہونا تو آپ نے نبی بندہ ہونا اختیار فرمایا۔ لہٰذا آپ بحکم مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ (جس نے اللہ کے لیے تواضع اختیار کی اس کا مقام بلند فرمائے گا) تمام خلائق سے افضل وبرتر ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی قدر ومنزلت سب سے رفیع وبلند گردانی اور آپ کو نوع انسانی کا سردار بنایا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مدح وثناء میں نہ مبالغہ کرنا اور نہ حد سے تجاوز کرنا جس طرح کہ نصاریٰ حضرت ابن مریم عیسیٰ علیہ السلام کو خدا یا خدا کا بیٹا (معاذ اللہ) کہنے لگے۔ میں بایں فضل وکمال خدا کا بندہ ہی ہوں لہٰذا مجھے عبداللہ اور رسول اللہ کہو۔

حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم عصا پر ٹیک لگائے ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم آپ کے لیے کھڑے ہو گئے آپ نے فرمایا: جس طرح عجمی لوگ ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے ہیں اس طرح تم نہ کھڑے ہوا کرو اور فرمایا: میں خدا کا بندہ ہوں اسی طرح کھاتا ہوں جس طرح بندے کھاتے ہیں اور اسی طرح بیٹھتا ہوں جس طرح بندے بیٹھتے ہیں۔ آپ کا یہ فرمانا آپ کی بردباری اور متواضعانہ عادت کریمہ کی وجہ سے ہے۔

آپ کی اسی متواضعانہ شان میں سے یہ بھی ہے کہ آپ اپنے خادم کو نہ جھڑکتے اور نہ سخت وست فرماتے بلکہ یہ بھی نہ فرماتے کہ ایسا کیوں کیا اور ایسا کیوں نہ کیا اور اہل وعیال کے ساتھ تو آپ سے بڑھ کر کوئی مہربان نہ تھا۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد فی سبیل اللہ کے سوا کسی کو ہاتھ سے نہ مارا اور آپ نے کسی سے دین خدا کے سوا اپنا بدلہ نہ لیا۔ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے لوگوں نے دریافت کیا کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں تشریف فرما ہوتے تھے تو آپ کی خلوت کی کیا حالت تھی۔ فرمایا: آپ لوگوں میں سب سے زیادہ نرم گفتار اور بہت زیادہ متبسم وخوش اطوار تھے اور کسی نے کبھی بھی آپ کو اپنے صحابہ کے

درمیان قدم مبارک دراز کرتے نہ دیکھا اور آپ کے صحابہ میں سے کوئی یا آپ کے اہل خانہ میں سے کوئی آپ کو مخاطب کرتا تو آپ لبیک (حاضر ہوں) کہہ کر جواب دیتے۔

حضور اکرم ﷺ کے حسن معاشرت میں یہ ہے کہ آپ لوگوں کی دلجوئی فرماتے اور ان سے بیزاری کا اظہار نہیں فرماتے تھے اور آپ ہر قوم کے سردار کی عزت کرتے اور ان کو انہیں پر حاکم مقرر فرماتے آپ اپنے صحابہ کے احوال کی جستجو فرماتے اور ان کی دلجوئی کرتے اور اپنی التفات وعنایت کا حصہ اپنے تمام ہم نشینوں کو مرحمت فرماتے اور کوئی بھی یہ گمان نہ کرسکتا تھا کہ آپ کے قرب میں اس سے زیادہ اور کوئی بزرگ ہے۔ گویا مجلسی حق سب کو برابر دیا جاتا تھا اور جو خود بھی آپ کے پاس حاضر ہوتا اور آپ کی خدمت میں کچھ عرصہ ٹھہرتا تو آپ اس وقت تک اس کے پاس سے نہ اٹھتے جب تک کہ وہ خود نہ اٹھتا اور جب کوئی آپ کے گوش مبارک میں راز کی بات کرتا تو آپ سر مبارک نہ ہٹاتے یہاں تک کہ وہ خود نہ ہٹالے اور جو کوئی آپ کے دست مبارک کو تھام لیتا تو آپ اپنا دست مبارک ڈھیلا چھوڑ دیتے اور اس کے ہاتھ سے نہ کھینچتے۔ جب تک وہ خود آپ کا دست مبارک نہ چھوڑے اور آپ لوگوں سے حذر کرتے اور اپنا بچاؤ کرتے۔ بغیر اس کے کہ کسی سے آپ کی پیشانی میں شکن آئے یا آپ کی خندہ پیشانی اور خوش خلقی میں فرق آئے اور آپ کی کشادہ روی اور خوش خلقی سے لوگ سیراب ہوجاتے تھے اور آپ سب کے لیے بمنزلہ باپ کے تھے (بلکہ اس سے کہیں زیادہ شفیق ومہربان) اور آپ کے نزدیک حصول حق میں سب برابر تھے اور آپ ہمیشہ تازہ رو خوش خلق اور نرم گفتار تھے اور آپ درشت خو، سخت گو، بلند آواز، فحش کلام اور عیب گو نہ تھے۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ خوش اخلاقی میں رسول اللہ ﷺ سے زیادہ کوئی نہ تھا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی دس سال خدمت کی ہے اور مجھے کبھی اف تک نہ فرمائی اور نہ یہ فرمایا کہ ایسا کیوں کیا یا ایسا کیوں نہ کیا۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ہمیشہ ہی رسول اللہ ﷺ کو تبسم کناں دیکھا ہے اور کبھی بھی آپ کو اپنے صحابہ کے سامنے اپنا زانوئے مبارک پھیلاتے نہ دیکھا اور جو بھی آپ کے پاس آتا آپ اس کا اعزاز فرماتے اور اس کے لیے اپنی چادر مبارک پھیلاتے اور اس کے لیے ایثار فرماتے اسے سرہانے بٹھاتے اور خود نچلی جانب تشریف رکھتے اور کسی بات کو نہ کاٹتے جب تک کہ وہ حد سے تجاوز نہ کر جاتا۔ اس وقت کھڑے ہوکر یا کسی اور طرح سے بات ختم فرماتے اور کبھی کسی آنے والے کی خاطر نماز کو ہلکا کردیتے اور اس سے اس کی حاجت دریافت فرماتے اور جب اس کی حاجت روائی فرمادیتے تو نماز کی طرف مشغول ہوجاتے۔ ناداروں کی بیمار پرسی (عیادت) کرتے اور مسکینوں کے ساتھ بیٹھ جایا کرتے اور غلاموں کی دعوت کو قبول فرمالیا کرتے تھے۔ ان کی دعوت میں جو کی روٹی اور پگھلی ہوئی کہنہ چربی ہوتی تھی۔ مگر آپ اسے ہی قبول فرماتے اور اپنے صحابہ کے ساتھ گھل مل کر بیٹھتے اور مجلس کے آخری کنارے پر جہاں جگہ ہوتی تشریف رکھتے اور کبھی دراز گوش (حمار) پر سواری فرماتے اور کسی کو ردیف بناتے۔ یعنی سواری پر اپنے پیچھے کسی کو بٹھا لیتے۔ بنی قریظہ کے دن آپ ایسے دراز گوش پر سوار تھے جس کی لگام رسن کی تھی اور پالان یعنی سواری کی نشست گاہ کھجوروں کے پوست کی تھی اور آپ نے ایسے اونٹ پر حج کیا جس کا کجاوا بہت پرانا تھا اور اس پر چار درہم قیمت کی چادر پڑی ہوئی تھی۔ یہ حج مبارک آپ کے عہد مبارک میں تھا جب کہ متعدد ممالک اور شہر مفتوح ہوچکے تھے جس دن مکہ مکرمہ فتح ہوا ہے اس وقت آپ نے سو اونٹوں کی قربانی کی تھی اور جب آپ مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ کے حضور تواضع وانکسار کی یہ شان تھی کہ آپ کا سر مبارک کجاوہ کے اگلے سرے کی لکڑی کے قریب جھکا ہوا تھا حالانکہ شاہان جبابرہ فتح کے وقت سر کو اونچا کرتے اور اکڑ کر چلتے ہیں۔

حضرت قیس بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ جو خود بھی اور ان کے والد بھی اکابر انصار میں سے تھے بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف لائے۔ واپسی کے لیے حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دراز گوش پیش کیا۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پر سوار ہوئے اور حضرت سعد نے کہا اے قیس حضور کی ہمرکابی میں جاؤ قیس کہتے ہیں کہ حضور نے فرمایا اے قیس سوار ہو جاؤ۔ میں نے ادب کی خاطر انکار کیا۔ فرمایا: یا تو تم سوار ہو جاؤ یا واپس چلے جاؤ۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے آگے سوار ہو جا کیوں کہ جانور کے مالک کا حق ہے کہ وہ آگے رہے۔

ایک اور مرتبہ کا ذکر ہے کہ ایک صحابی سوار جا رہے تھے۔ جب انہوں نے حضور کو دیکھا تو اتر پڑے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سوار کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے آگے بٹھایا۔ اس سے زیادہ عجیب وغریب بات یہ ہے جسے محب طبری نے مختصر السیر میں نقل کیا ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم بغیر پالان کے دراز گوش پر سوار قبا کی طرف تشریف لیے جا رہے تھے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پیدل رکاب میں تھے۔ فرمایا: اے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ! میں تمہیں سوار کرلوں عرض کیا جیسی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی ہو۔ فرمایا: سوار ہو جاؤ انہوں نے سوار ہونے کے لیے زقند لگائی مگر چنگل حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر لگا اور دونوں زمین پر آ گئے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور فرمایا: کیا تمہیں بھی سوار کرلوں عرض کیا جیسی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی وہ پھر سوار ہونے کی قدرت نہ پا سکے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے چمٹ گئے اور دوبارہ پھر زمین پر دونوں آ گئے۔ جب تیسری مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار ہونے کے لیے ان سے کہا تو وہ عرض کرنے لگے قسم ہے اس خدا کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا۔ اب میں نہیں چاہتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تیسری مرتبہ سواری سے زمین پر لاؤں۔

طبری بیان کرتے ہیں کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو ایک دنبہ تیار کرنے کا حکم فرمایا صحابہ اٹھے ایک کہنے لگا میں ذبح کروں گا۔ دوسرے نے کہا میں اس کی کھال اتاروں گا تیسرے نے کہا میں اسے پکاؤں گا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لکڑیاں جمع کرنا میرا کام ہے۔ صحابہ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ ہم کافی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی کیا ضرورت ہے۔ فرمایا: میں جانتا ہوں تم کافی ہو لیکن میں اسے ناپسند کرتا ہوں کہ میں تم سے ممتاز وجدا رہوں اور تمہارے درمیان متمیز ہو کر بیٹھا رہوں۔ اللہ تعالیٰ اسے ناپسند فرماتا ہے کہ کوئی بندہ اپنے ساتھیوں کے درمیان ممتاز ہو کر بیٹھے۔

ایک مرتبہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین مبارک کا بند ٹوٹا ہوا تھا۔ صحابہ میں سے کسی نے کہا یا رسول اللہ مجھے عنایت فرمایئے۔ میں اسے درست کر دوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں چاہتا میں ممتاز ہو کر رہوں اور کسی کو اپنے کام کے لیے فرماؤں (ﷺ)۔

ایک مرتبہ نجاشی بادشاہ حبشہ کے کچھ ایلچی آئے۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی خاطر مدارات کے لیے کھڑے ہو گئے تو صحابہ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ ان کی خدمت کی سعادت ہمیں عنایت فرمایئے فرمایا انہوں نے ہمارے صحابہ کی بڑی خدمت وتکریم کی ہے میں پسند کرتا ہوں کہ ان کا بدلہ ادا کروں۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اہل خانہ کے خود کام کاج کرتے اور اپنے کپڑے خود سیتے۔ اپنی نعلین مبارک خود درست فرماتے اور اپنی بکری کا دودھ خود دوہتے اور اپنے کپڑوں میں جوں وغیرہ کی خود نگہداشت فرماتے تھے۔ حدیث میں ''وَيُفْلِيْ ثَوْبَهٗ'' آیا ہے۔ ''فلی'' کے معنی ہیں کپڑے اور سر میں جوں تلاش کرنا' حالانکہ اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ آپ کے بدن مبارک میں نہ جوں پڑتی تھی اور نہ جسم اطہر پر مکھی بیٹھتی تھی۔ گویا لفظ یفلی (جوں تلاش کرنے) کے معنی یہ ہیں کہ آپ کپڑوں پر ایسی نگاہ مبارک دوڑاتے تھے جیسے جوں تلاش کر رہے ہوں اور مقصود یہ ہوتا تھا کہ کپڑوں سے گرد وغبار اور خس وخاشاک کو صاف کیا جائے۔ واللہ اعلم (نیز ایک وجہ امت کی تعلیم بھی ہو سکتی ہے

کہ وہ اپنے کپڑوں وغیرہ سے جوں کو ڈھونڈا کریں اور امت اس سنت پر عمل کر کے ثواب کی مستحق بنے مترجم غفرلہ)۔

آپ اپنی سواری کے اونٹ کو خود باندھتے اور خود ہی اس کے لیے چارہ وغیرہ ڈالتے تھے۔ آٹا گوندھنے میں خادم کی مدد فرماتے اور خادم کا ساتھ دے کر مدد فرماتے تھے۔ اس کے ساتھ کھانا کھاتے۔ مواہب لدنیہ میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ باتیں بعض اوقات کے ساتھ محمول ہیں یعنی کبھی کبھی ایسا بھی کیا کرتے تھے اس لیے کہ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچی ہوئی ہے کہ آپ بکثرت خدام اور دس غلام رکھتے تھے۔ لہٰذا بنفس نفیس کام سرانجام دیتے اور کبھی انہیں حکم فرما دیا کرتے اور کبھی ان کے ساتھ مل کر کام کرتے تھے اور بازار سے اپنا سامان خود اٹھا کر لاتے اور کسی دوسرے پر اٹھانے کے لیے نہ چھوڑتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بازار آیا اور ایک سراویل (پائجامہ) کو چار درہم میں خریدا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وزن کرنے والے سے فرمایا: قیمت میں مال کو خوب خوب..... کھینچ کر تولو (یعنی وزن میں کم یا برابر نہ لو بلکہ زیادہ لو) وہ شخص وزن کرنے والا حیرت زدہ ہو کر بولا میں نے کبھی بھی کسی کو قیمت کی ادائیگی میں ایسا کہتے نہیں سنا۔ اس پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا افسوس ہے تجھ پر کہ تو اپنے نبی کو نہیں پہچانتا پھر تو وہ شخص ترازو کو ہاتھ سے چھوڑ کر کھڑا ہو گیا اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کو بوسہ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھینچ کر فرمایا یہ عجمیوں کا دستور ہے وہ اپنے بادشاہوں اور سرداروں کے ساتھ ایسا کرتے ہیں۔ میں بادشاہ نہیں ہوں میں تو تم میں سے ایک شخص ہوں (یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ازراہ تواضع فرمایا جیسا کہ آپ کی عادت کریمہ تھی) اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سراویل کو اٹھا لیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آگے بڑھ کر ارادہ کیا کہ آپ سے سراویل کو لے لوں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سامان کے مالک ہی کو حق ہے کہ وہ اپنے سامان کو اٹھائے مگر وہ شخص جو کمزور ہے اور اٹھا نہ سکے تو اپنے اس بھائی

---

۱ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ازار پائے کو پہنا ہے۔ اگر ازار پاء سے وہی مراد ہے جو چادر کی مانند بیان کرتے ہیں تو ظاہر ہے اسے بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور اگر مراد سراویل یعنی پائجامہ ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کے پہننے میں اختلاف ہے۔ بعض اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ آپ نے سراویل نہیں پہنی لیکن شمنی شرح شفا میں کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سراویل پہنی ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سراویل خریدنا معلوم و متفق علیہ ہے چنانچہ "جامع الاصول میں ترمذی و ابوداؤد کی حدیث میں مروی ہے کہ سراویل کا یہ خریدنا مکہ مکرمہ میں تھا اور ابو علی موصلی اپنی مسند میں بہ سند ضعیف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بازار آیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سراویل چار درہم میں خریدی اور بازار والوں کا ایک وزان یعنی تولنے والا تھا جو قیمت کو وزن کرتا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: خوب خوب کھینچ کر (زیادہ) تولو۔ اس شخص نے کہا میں نے کبھی بھی کسی کو ایسا کہتے نہیں سنا کہ وہ قیمت کی ادائیگی ایسا کلمہ کہہ کر کرے اس پر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا افسوس ہے تجھ پر تو اپنے نبی کو نہیں پہنچانتا پھر وہ شخص ترازو چھوڑ کر کھڑا ہو گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کو بوسہ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھینچ کر فرمایا: یہ عجمیوں کا دستور ہے کہ وہ بادشاہوں کے ساتھ کرتے ہیں میں بادشاہ نہیں ہوں بلکہ از قبیل شاہوں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سراویل لے کر روانہ ہوئے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے سراویل کو لے لوں اور خود اٹھا کر لے چلوں۔ فرمایا: سامان کا مالک زیادہ لائق ہے کہ وہ اپنے سامان کو اٹھائے مگر وہ جو کہ کمزور و ناتواں ہو تو اسے اس کا بھائی مدد دے۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول کیا آپ سراویل کو پہنیں گے۔ فرمایا: ہاں، میں سفر و حضر اور شب و روز پہنتا ہوں۔ اس لیے کہ مجھے ستر چھپانے کا حکم دیا گیا ہے اور میں اس سراویل سے زیادہ ستر پوش کوئی جامہ نہیں پاتا اور طبرانی و دارقطنی اور عقیلی بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں لیکن سند ضعیف کے ساتھ اور اس حدیث کا دارومدار یوسف بن زیاد واسطی پر ہے جو کہ بہت ہی ضعیف ہے۔ خلاصہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خریدنا صحیح و ثابت ہے اور ابن قیم اپنی کتاب "ہدی النبی صلی اللہ علیہ وسلم" میں کہتے ہیں کہ ظاہر ہے کہ خریدنا پہننے کے لیے تھا اور روایت بھی کیا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سراویل پہنی اور آپ کے صحابہ نے بھی آپ کے زمانہ اقدس میں آپ کی اجازت سے پہنی اور امام بخاری اپنی صحیح میں ترجمہ لائے ہیں لیکن کوئی حدیث اس کے پہننے کی نہیں لائے اس لیے کہ صحیح نہ ہوگی اور اسی طریقہ اور شرط کے ساتھ جو امام بخاری کے نزدیک معتبر تھی محدثین روایت لاتے ہیں کہ امیر المومنین

کی مدد کرنی چاہیے۔

تنبیہ: سراویل سے مراد تبان یعنی پائجامہ ہے جو عجمیوں کا پہناوا ہے۔ اس حدیث سے حضورِ اکرم ﷺ کا خریدنا تو معلوم ہو گیا لیکن آپ کا اس کے پہننے میں اختلاف ہے چنانچہ ابن قیم جو کتاب الہدی میں کہتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ خریدنا پہننے کے لیے ہی تھا اور ایک روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضور ﷺ نے بھی سراویل کو پہنا اور صحابہ کرام نے آپ کے زمانۂ مبارک میں آپ کی اجازت سے پہنا لیکن ابن قیم کی اس بات کو محدثین ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (واللہ اعلم)

بعض روایتوں میں باسنادِ ضعیف آیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کیا آپ سراویل کو پہنیں گے فرمایا ہاں میں اسے سفر و حضر اور شب و روز پہنتا ہوں کیونکہ مجھے ستر پوشی کا حکم دیا گیا ہے اور اس سے زیادہ ستر پوش دوسرا جامہ نہیں پاتا۔ ابن حبان، طبرانی اور عقیلی بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں لیکن ضعیف سندوں کے ساتھ اس حدیث کا دارومدار یوسف بن زیاد واسطی پر ہے اور وہ بہت ہی ضعیف ہے۔ منقول ہے کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو جس دن شہید کیا گیا تو وہ سراویل پہنے ہوئے تھے۔ اس سلسلے میں ''شرح سفر السعادت'' میں اس سے زیادہ بحث کی گئی ہے وہاں مطالعہ کریں۔ (سفر السعادت بکا ترجمہ حاشیہ میں مذکور ہے)

ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپ کی ہیبت سے وہ لرزنے اور کانپنے لگا۔ آپ نے فرمایا: اپنے پر قابو رکھو، لرزو نہیں میں بادشاہ نہیں ہوں بلکہ مجھے والدہ نے تولد کیا ہے اور میں قریش سے ہوں جو کہ ''قدید'' کھاتے ہیں۔ ''قدید'' اس خشک کردہ گوشت کو کہتے ہیں جو فقراء و مساکین کا کھانا ہے۔ آپ کی خدمت میں ایک ایسی عورت آئی جس کی عقل میں فتور تھا۔ وہ کہنے لگی مجھے آپ سے حاجت ہے آپ نے فرمایا: بیٹھو۔ مدینہ طیبہ کے جس کوچہ و بازار میں تو چاہے میں تیرے ساتھ بیٹھوں گا اور تیری حاجت پوری کروں گا۔ حضور ﷺ اس کے پاس بیٹھے اور اس کی جو حاجت تھی اسے پورا فرما دیا۔ صحیح بخاری میں مذکور ہے کہ مدینہ طیبہ کی باندیاں آتی تھیں اور حضورِ انور ﷺ کا دست مبارک پکڑتی تھیں جہاں وہ چاہتیں حضور ﷺ ان کے ساتھ تشریف لے جاتے تھے۔ اس جگہ تواضع میں یک گونہ مبالغہ ہے اس لیے کہ عورت ہو یا مرد، باندی ہو یا آزاد جو بھی کوئی آپ کو لے جانا چاہتا آپ تشریف لے جاتے۔ اگرچہ مدینہ کے باہر ہی لے جائے۔ اس سے زیادہ تواضع اور کبر سے تنفر و بیزاری متصور نہیں ہے اور حضورِ انور ﷺ اسے عار نہ جانتے تھے کہ کسی مسکین بیوہ کے ساتھ جائیں۔

عبداللہ بن ابی الحسماء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بعثت سے پہلے میں نے حضور ﷺ کوئی چیز خریدی کچھ رقم باقی رہ گئی۔

سیدنا عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ جس دن شہید ہوئے وہ سراویل پہنے ہوئے تھے اور روایت کیا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سراویل (پائجامہ) پہننے کو لازم کرلو اس لیے کہ وہ سب سے زیادہ تمہارا استر پوش ہے اور عورتیں جو باہر نکلتی ہیں ان کو محصن و محفوظ بناتا ہے یعنی سراویل ان کے لیے زیادہ لائق و مناسب ہے۔ خصوصاً گھر سے باہر نکلنے کی حالت میں، اسی طرح بعض مصنفین رحمہم اللہ بھی روایت لاتے ہیں اور اس حدیث کو علامہ امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ ''جمع الجوامع'' میں امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے ان لفظوں کے ساتھ لائے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں رسولِ خدا ﷺ کے پاس بقیع میں بارش کے دن بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت گدھے پر سوار گزری اس کے ساتھ بوجھ تھا گدھے کا پاؤں زمین کے نشیب میں پھسلا اور وہ عورت زمین پر گر پڑی۔ حضورِ انور ﷺ نے اپنا رخ انور ادھر سے پھیر لیا۔ صحابہ کہنے لگے یارسول اللہ وہ سراویل پہنے ہوئے ہے۔ پھر دعا فرمائی: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُتَسَرْوِلَاتِ مِنْ اُمَّتِیْ یَاَیُّهَا النَّاسُ اتَّخِذُوْا السَّرَاوِیْلَاتِ فَاِنَّهَا مِنْ اَسْتَرِ ثِیَابِکُمْ وَحُصُّوا بِهَا مِنْ نِسَآءِ کُمْ یعنی اے خدا! میری امت کے پائجامہ پہننے والوں کو بخش دے۔ اے لوگو! پائجامہ پہننے کو لازم کرلو۔ یہ تمہارے کپڑوں میں سب سے زیادہ ستر پوش ہے اور تمہاری عورتیں تو اسے خاص ہی کرلیں اس حدیث کو ترمذی اور العقیلی نے ''الضعفا'' میں اور ابن عدی نے ''الآداب'' میں اور دیلمی نے ''مسند الفردوس'' میں روایت کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس حدیث کو ابن جوزی ''موضوعات'' میں لائے ہیں لیکن انہوں نے یہ درست نہیں کیا کیونکہ میرے نزدیک یہ حدیث متعدد سندوں سے ثابت ہے (انتہی واللہ اعلم شرح سفر السعادت)

حضور ﷺ سے وعدہ کیا کہ اسی جگہ لے کر حاضر ہوتا ہوں۔ پھر میں بھول گیا تین دن کے بعد مجھے یاد آیا میں وہاں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضور ﷺ اسی جگہ تشریف فرما ہیں۔ حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا: تم نے مجھے مشقت میں ڈال دیا۔ تین دن سے اسی جگہ تمہارا انتظار کرتا رہا ہوں۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ اس میں تواضع، صبر اور صدق وعدہ کی انتہا ہے۔ سیّدنا اسمٰعیل بنی اللہ علیہ السلام کے بارے میں بھی اسی طرح آیا ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: انہ کان صادق الوعد (بلاشبہ حضرت اسمٰعیل وعدے کے سچے تھے)۔ بعض متبعین شریعت نبوی ﷺ نے بھی ایسا ہی کیا ہے۔ چنانچہ مروی ہے کہ حضور غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ایک سال کامل کسی شخص کے وعدہ کے مطابق اس کے انتظار میں اسی جگہ بیٹھے رہے اور وہ شخص خضر علیہ السلام تھے۔

دستور تھا کہ مدینہ طیبہ کی باندیاں برتنوں میں پانی لے کر آتیں اور حضور اکرم ﷺ اپنا دست مبارک پانی میں ڈال دیتے اور وہ اس پانی کو بیماروں پر چھڑک دیتیں اور وہ کبھی موسم سرما میں صبح کے وقت ٹھنڈا پانی لاتیں تو حضور ﷺ ان کی خاطر اپنا دست مبارک اس میں ڈال دیتے۔ یہ دلیل ہے کہ بزرگوں سے تبرک حاصل کیا جائے۔

ازواج مطہرات کے ساتھ حسن سلوک: حضور اکرم ﷺ اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ بہت ہی بہتر سلوک فرماتے۔ ان کی پاسداری کرتے ان کے ساتھ استراحت فرماتے اور انصار کی بچیوں کو کھیلنے کے لیے حضرت عائشہ کے پاس چھوڑ دیتے۔ آپ جب پانی پیتے تو برتن کے اس جانب اپنا دہن مبارک رکھتے جس جگہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے منہ رکھ کر پانی پیا ہوتا اور حضرت عائشہ کی کلائی کو پکڑ کر برتن کے اس جانب سے پیتے جہاں سے انہوں نے پیا ہوتا اور حضور ﷺ اپنی مسواک صاف کرنے کے لیے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیتے تو وہ اسے لے کر اپنے منہ میں چبا کر نرم کرتیں۔ پھر حضور ﷺ ان کے منہ سے مسواک لے کر اپنے دہن مبارک میں لے لیتے۔ یہ غایت درجہ تواضع اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے انتہائی محبت کی دلیل ہے اور حضور ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پہلو میں ٹیک لگاتے اور ان کا بوسہ لیتے۔ حالانکہ حضور ﷺ روزہ دار ہوتے اور حضور ﷺ ان کو حبشیوں کے کھیل (یعنی تیراندازی وغیرہ) دکھاتے اور وہ اپنا رخسار حضور ﷺ کے شانۂ مبارک پر رکھے ہوتیں۔ یہ اس زمانہ کی بات ہے جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا صغرسنی میں تھیں۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ مسابقت فرمائی اور ایک دوسرے کے ساتھ دوڑے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دوڑ میں آگے نکل گئیں۔ پھر کچھ زمانہ بعد دوسری مرتبہ دوڑ ہوئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضور ﷺ آگے نکل گئے وجہ یہ تھی کہ پہلی مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا عام جسم کی تھیں دوسری مرتبہ وہ تنومند بھاری جسم کی ہوگئی تھیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پہلی مرتبہ میں تجھ سے تمہارے آگے نکل جانے کا آج تم سے میرے آگے نکل جانے میں بدلہ ہے۔

ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف فرما تھے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کھانا بھیجا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ کھانے کے برتن میں لگ گیا برتن گر کر ٹوٹ گیا اور کھانا زمین پر بکھر گیا۔ حضور ﷺ نے برتن کے ٹکڑوں کو چنا اور کھانا اٹھا کر برتن میں رکھا اور معذرت خواہی کے طور پر حاضرین سے کہا ہمیں تمہارے اس [illegible] کے معاملے میں افسوس ہے۔ بیتابی کا اظہار ہوا۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے درست پیالہ لے کر اور ایک روایت میں ہے کھانا بھی لے کر ان کے گھر خادم کے ہاتھ بھجوایا اور فرمایا: پیالہ کے بدلہ میں پیالہ اور کھانے کے بدلہ میں کھانا ہے۔ اس حدیث میں غیرت کے موقع پر عورتوں سے مواخذہ نہ کرنے پر دلیل ہے۔ اس لیے کہ ایسی حالت میں شدت غضب کی بنا پر عقل چھپ جاتی ہے کیونکہ اس معاملے میں غیرت کی جانب اشارہ کیا گیا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ عورت رشک و غیرت کی حالت میں اونچ نیچ کو نہیں پہنچانتی۔

ایک مرتبہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی خدمت میں شوربا لائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سودہ رضی اللہ عنہا سے کہا اسے پی لو تو انہوں نے نہ پیا۔ پھر کہا اسے پی لو ورنہ میں تمہارے منہ پر مل دوں گی۔ انہوں نے پھر بھی نہ پیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے چہرہ پر مل دیا اور حضورِ اکرم ﷺ ہنستے رہے آپ نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تم بھی اسے کے منہ پر مل دو۔ چنانچہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے چہرہ پر مل دیا اور حضور ﷺ ہنستے رہے۔ ازواج مطہرات کے ساتھ آپ کا یہ حال تھا کہ آپ ان کی غیرت ومزاج پر مواخذہ نہ فرماتے اور انہیں اس میں معذور رکھتے تھے اور جب ان پر عدل کی ترازو اور شریعت کے احکام قائم فرماتے تو نرمی وملائمت کے ساتھ کرتے۔

اور جو شخص حضورِ اکرم ﷺ کی سیرت مبارکہ کو اہل وعیال، اصحاب، فقراء، مساکین، یتامیٰ، بیوگان، مہمان اور آنے جانے والوں کے ساتھ سلوک کو بغور وفکر دیکھے گا تو وہ جان لے گا کہ حضور ﷺ کے قلب انور میں غایت درجہ رقت، نرمی اور مہربانی تھی جو کسی مخلوق میں متصور نہیں ہوسکتی۔ اس کے باوجود آپ اللہ تعالیٰ کے حدود اور دین کے حقوق کے معاملہ میں اتنے شدید تھے کہ کوئی اس درجہ تک نہیں پہنچ سکتا اور حضور ﷺ کے اخلاق واعمال تک کسی کی رسائی ممکن نہیں کیونکہ وہ سب کے سب معجزات اور آپ کی نبوت کی نشانیاں تھیں۔

حضورِ اکرم ﷺ ایک دوسرے کے ساتھ خوش طبع، گھلے ملے اور صحابہ کے ساتھ مل جل کر باتیں کرتے تھے اور ان کے ساتھ مزاح فرماتے مگر اس سے مقصود صرف ان کی دلجوئی اور خوشنودی ہوتی تھی۔ اگر مزاح بھی فرماتے تو کلام کا مضمون ومفہوم بھی حق اور سچا ہوتا تھا۔ بچوں کے ساتھ کھیلتے اور ان کو اپنی گود میں بیٹھاتے تھے اور ہر آزاد وغلام اور باندی ومسکین کی دعوت کو قبول فرماتے اور مدینہ منورہ کے آخری کناروں تک بیماروں کی عیادت فرماتے تھے۔ بعض حدیثوں میں جو مزاح اور ملاعبت یعنی کھیل وغیرہ کی ممانعت آئی ہے وہ کثرت اور زیادتی پر محمول ہے۔ کثرت وزیادتی کا مطلب یہ ہے کہ وہ خدا کی یاد اور دین کی مہمات پر غور وفکر سے غافل کردے اور جو اس میں صحیح ودرست رہے اس کے لیے مباح ہے اور اگر اس سے مقصود کسی کی خوشی اور قلبی الفت ودل جوئی ہے جیسا کہ حضور ﷺ کا فعل مبارک تھا تو وہ مستحب ہوگا۔

درحقیقت اگر حضورِ اکرم ﷺ کے خلق عظیم میں تواضع وموانست اور خوش طبعی نہ ہوتی تو کس میں تاب وتواں اور قدرت ومجال ہوتی کہ آپ کے حضور بیٹھ سکتا یا آپ سے کلام کرسکتا۔ کیونکہ آپ میں انتہائی درجہ کی جلالت، ہیبت، سطوت، عظمت اور دبدبہ تھا۔ اس کی حکمت میں ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ فجر کی سنت ادا فرمانے کے بعد اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیدار ہوتیں تو ان سے گفتگو فرماتے ورنہ زمین پر پہلو کے بل قدرے آرام فرماتے پھر باہر تشریف لاتے اور فرض ادا فرماتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ابتدائے رات سے قیام، تلاوت قرآن، ذکر رحمٰن میں مشغول رہنے کی بنا پر حضرت حق جل مجدہ کی جانب سے آپ پر انوار واسرار، قرب واختصاص اور حضرت جبار سے سماع کلام ومناجات کی قبولیت وغیرہ سے آپ کی ایسی حالت ہوتی کہ اس کے بیان واظہار کی کسی زبان میں تاب وطاقت نہیں۔

اور اس حالت میں کوئی شخص ملاقات کرنے یا ہم صحبت ہونے کا متحمل نہ ہوسکتا تھا۔ حضور ﷺ اپنی اس حالت کو بدلنے کے لیے یا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے گفتگو فرماتے یا پہلو کے بل زمین پر استراحت فرماتے تاکہ آپ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے موانست حاصل ہو جائے یا اس زمین کے ذریعہ جو خلقت کی اصل ہے۔ اس کے بعد جب اس علو مقام سے آپ باہر آتے تو مخلوق خدا کی طرف متوجہ ہوتے اور یہ اس وجہ سے تھا کہ آپ مسلمانوں کے ساتھ نرم اور مہربان تھے: وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا اور آپ مسلمانوں کے ساتھ مہربان

تھے یہ نکتہ وہ ہے جو مواہب لدنیہ میں ''مدخل'' میں ابن الحاج سے نقل ہوا ہے۔

بندۂ مسکین یعنی حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ثبتہ اللہ علی الطریق والیقین فرماتے ہیں کہ یہ حال اس مقام کے ساتھ ہی خصوصیت نہیں رکھتا بلکہ حضورِ اکرم ﷺ ہمیشہ ہی ''اعلیٰ علیین'' میں ''قرب وتمکین'' کے مقام میں رہتے تھے اور باطن میں کسی مخلوق سے علاقہ واتصال نہ رکھتے تھے۔ البتہ! بحکم الٰہی دعوت وتبلیغ احکام پر مامور ہونا اور اس رحمت وشفقت کی بنا پر جو مخلوق خدا سے آپ کو تھی مقام احدیت کی بلندی سے تخصیص بشریت کی طرف نزول فرماتے تھے اور ان کے ساتھ ہم جلیس ہوتے تھے اور بمصداق اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (کیا ہم نے آپ کے سینۂ مبارک کو کشادہ نہ فرمایا) آپ میں یہ کمال ودیعت فرما دیا گیا تھا کہ حضور ﷺ حق کے ساتھ دعوت خلق برطریق اتم واکمل جمع فرما سکیں۔ رات کا قیام اور صبح کا وقت آپ کے اوقات شریف میں ایک مخصوص وقت ہے اور یہ مقام بسبب کمال وتمام حضور سیّدنا علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مخصوص ہے اور آپ کے سوا اولیاء کرام کو آپ کی اتباع میں اس کا کچھ حصہ ملا ہے۔

کیفیت مزاح وملاعبت: حضورِ اکرم ﷺ کے مزاح وملاعبت کے آثار وبرکات حدوشمار سے باہر ہیں۔ ان کا شمار وحصر ناممکن ہے۔ ایک مرتبہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی جو کہ حضور ﷺ کی ربیبہ تھیں وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں۔ آپ غسل فرما کر تشریف ہی لائے تھے آپ نے مزاحاً ان کے چہرے پر پانی کی چھینٹیں ماریں اس کی برکت سے آپ کے چہرے پر وہ حسن وجمال رونما ہوا جو کبھی بھی نہ ڈھلا شباب کا عالم ہمیشہ برقرار رہا۔

محمود بن ربیع جو نوعمر صحابیوں میں ہیں جب وہ پانچ برس کے تھے تو حضور ﷺ ان کے گھر تشریف لے گئے ان کے گھر میں ایک کنواں تھا۔ حضور ﷺ نے ڈول سے پانی پیا اور بطریق مزاح آب دہن مبارک کو ان کے چہرے پر ڈالا۔ اس کی برکت سے ان کو ایسا حافظہ حاصل ہوا کہ اسی بنا پر ان کا شمار صحابہ میں ہوا ان کی حدیث بخاری میں مذکور ہے۔

حضورِ اکرم ﷺ کے مزاحی واقعات میں سے ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ دیہاتیوں میں ایک شخص ''زاہر'' نام کا تھا۔ کبھی کبھی وہ حضور ﷺ کی خدمت میں دیہات کی ایسی ترکاریاں ہدیہ میں لایا کرتا جو حضور ﷺ کو پسند تھیں اور حضور ﷺ اس کی واپسی پر شہر کی چیزیں مثلاً کپڑا وغیرہ عنایت فرمایا کرتے تھے اور حضور ﷺ اس کو دوست رکھتے تھے۔ فرماتے تھے کہ ''زاہر'' سے ہمارا دوستانہ ہے۔ ہم اس کے شہری دوست ہیں۔ ایک روز حضور ﷺ بازار تشریف لے گئے تو زاہر کو وہاں میں نے کھڑا دیکھا۔ حضور ﷺ نے اس کی پشت سے اپنا دست مبارک اس کی آنکھوں پر رکھ کر اسے اپنی جانب کھینچا اور لپٹا لیا اور اپنا سینہ مبارک اس کی پشت سے ملا دیا۔ وہ حضور ﷺ کو نہیں دیکھ سکا تھا کہنے لگا یہ کون ہے؟ اور جب پہچان لیا کہ حضور ﷺ ہیں تو اس نے اپنی پشت کو حضور کے سینۂ مبارک سے اور ملا دیا اور نہیں چاہا کہ وہ جدا ہو۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: کہ کوئی ہے جو اس غلام کو خریدے۔ زاہر نے کہا یا رسول اللہ آپ نے مجھے کھوٹا اور کم قیمت مال تصور کر لیا ہے۔ فرمایا: تم خدا کے نزدیک تو کھوٹے نہیں ہو اور نہ کم قیمت بلکہ گراں بہا ہو۔

آپ کی تواضع میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ کھانے میں کبھی عیب نہ بتاتے تھے۔ اگر چاہا تو کھا لیا ورنہ چھوڑ دیا اور یہ کبھی نہیں فرمایا کہ یہ کھانا برا ہے ترش ہے نمک زیادہ یا کم ہے شوربا گاڑھا یا پتلا ہے۔

فائدہ: اس جگہ معلوم ہوتا ہے کہ کھانے میں عیب نکالنا غلطی اور خلاف اتباع سنت ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگر طعام میں بتانے کی رو سے برائی بتائیں اور کہیں کہ برا پکا ہے اور مال ضائع کر دیا ہے تو یہ جائز ہے لیکن اس میں بھی پکانے والی کی دل شکنی ہے اگر ایسا نہ کریں تو بہتر ہے۔

حضورِ اکرم ﷺ کے تواضع اور حسن خلق میں سے یہ بھی ہے کہ عام طور پر لوگوں کی زبانوں پر دنیا کی اہانت اور اس کی تحقیر و مذمت جاری ہے مگر حضورِ اکرم ﷺ فرماتے تھے کہ دنیا کو برا نہ کہو اسے گالی نہ دو کیونکہ دنیا اچھی سواری ہے جو مومن کو شر سے خیر و نجات کی طرف لے جاتی ہے۔

فائدہ: اسی طرح حضور ﷺ نے زمانہ (دہر) کو گالی دینے سے منع فرمایا ہے۔ حدیث قدسی میں ہے کہ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاَنَا الدَّهْرُ ''یعنی زمانہ کو برا نہ کہو کیونکہ میں ہی زمانہ ہوں''۔

حضورِ اکرم ﷺ درود زبان نہ رکھتے تھے جس طرح بادشاہوں اور دنیا داروں کے ہوتے ہیں۔ ہاں! حضورِ اکرم ﷺ کے حضور میں حاضری اجازت پر موقوف تھی۔ تاکہ کوئی خلوت میں اہل و عیال میں نہ داخل ہو جائے اور آپ کی مشغولیت میں دخل انداز نہ ہو۔

حضور ﷺ کی تواضع میں سے یہ بھی تھا کہ آپ نے فرمایا: لَا تُفَضِّلُوْنِیْ عَلٰی یُوْنُسَ بْنِ مَتّٰی وَلَا تُخَیِّرُوْنِیْ عَلٰی مُوْسٰی مجھے یونس علیہ السلام ابن متی پر فضیلت نہ دو اور موسیٰ علیہ السلام پر مجھے فوقیت نہ دو (علیہم السلام) اسی کے مثل اور بھی روایتیں ہیں اور آپ کا یہ ارشاد کہ انا سیّد ولد آدم (میں اولاد آدم کا سردار ہوں) یا اس کی مانند دیگر ارشادات تو یہ بیان واقع اور تحدیث نعمت وغیرہ کے لیے اور اللہ تعالیٰ کے حکم فرماں برداری میں ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس قسم کی حدیثیں اس کے ثابت ہونے سے پہلے کی ہیں۔ جب کہ آپ کا تمام انبیاء و مرسلین پر افضل ہونا ثابت ہوا اور اس بارے میں وحی نازل ہوئی۔ اس مبحث کی تحقیق انشاء اللہ اس کے محل میں آئے گی۔

ابتداء بالسلام: آپ کی تواضع میں یہ بھی ہے کہ جو بھی آپ کے پاس آتا آپ سلام کرنے میں سبقت فرماتے تھے اور آنے والے کو سلام کا جواب بھی دیتے تھے۔ اس جگہ حضورِ انور ﷺ کے قبر انور کی زیارت کرنے والوں کے لیے یہ بشارت ہے کہ جب آپ اپنی ظاہری حیات میں اس خوبی کے ساتھ متصف رہے تو اب بھی ہر زیارت کرنے والا آپ کے سلام سے مشرف ہوتا ہوگا۔ چنانچہ بعض مقربین بارگاہ عالی ایسے ہوئے ہیں جو بطریق کرامت اپنے کانوں سے حضور ﷺ کا سلام سننے سے مشرف ہوئے ہیں۔ بلاشبہ حضور ﷺ امت کے لیے اس دنیاوی حیات میں بھی رحمت ہیں اور بعد از وفات بھی رحمت۔

جود و سخاوت

جود و سخا لغت میں ایک ہی معنی رکھتے ہیں۔ قاموس میں ہے جودٌ سخا ہے اور سخا' جود ہے۔ صراح میں جود و سخا کے معنی جوانمردی کے بیان ہوئے ہیں۔ منقول ہے کہ سخاوت صفت عزیزیہ یعنی بابطع خوبی ہے۔ اور اس کا مقابل شح یعنی بخل ہے اور یہ طبعی لوازم میں سے ہے کیونکہ یہ شح یعنی بخل آدمی کا ذاتی اور خلقی ہے اور سخی کا اطلاق ذات باری تعالیٰ پر جائز نہیں کیونکہ وہاں غریزہ یعنی طبع و نفس نہیں ہے۔ جود کا مقابل بخل ہے اور بخل بطریق عادت اکتساب کے ذریعہ راہ پاتا ہے۔ لہٰذا ہر سخی جواد ہے اور ہر جواد سخی نہیں اور جواد کی حقیقت یہ ہے کہ بے غرض اور بدلہ طلبی کے بغیر داد و دہش ہو اور یہ صفت حق سبحانہ و تعالیٰ کی ہے کیونکہ حق تبارک و تعالیٰ بغیر کسی غرض اور بدل کے تمام ظاہری و باطنی نعمتیں اور حسی و عقلی کمالات مخلوق کو مرحمت فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کے بعد تمام جوادوں کے جواد اجود الاجودین اس کے رسول ﷺ ہیں اور آپ کے بعد امت کے علماء کرام ہیں کہ علم دین کو پھیلاتے ہیں۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

اَللّٰهُ اَجْوَدُ جُوْدًا ثُمَّ اَنَا اَجْوَدُ بَنِیْ آدَمَ وَاَجْوَدُهُمْ ۞ اللہ سب سے بڑا جواد ہے پھر میں بنی آدم میں سب سے بڑا جواد ہوں

مِّنْ بَعْدِیْ رَجُلٌ عَلَّمَ عِلْمًا وَنَشَرَهٗ اِلٰی آخِرِ الحدیث اور میرے بعد بنی آدم میں وہ مرد جو علم کو سیکھائے اور اسے پھیلائے.....

قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ اس عنوان کے تحت کرم اور سماحت کو زیادہ کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جود و کرم' سخاوت اور سماحت ان سب کے معانی قریب قریب ہیں مگر علماء فرق کرتے ہیں۔ کہتے ہیں ایک ایسی چیز جو قدر و منزلت والی ہو اگر یہ خوش دلی کے ساتھ خرچ کی جائے تو یہ کرم ہے اسی کا نام ''حریت'' بھی رکھا ہے جس کے معنی مرد آزاد کے ہیں اور یہ ''نذالت'' کی ضد ہے۔ صراح میں نذالت کے معنی فرومایہ ہونا یعنی کمینہ پن ہے۔ نذل اور نذیل اسی سے ماخوذ ہیں اور قاموس میں ہے کہ اَلنَّذْلُ وَالنَّذِیْلُ الْخَسِیْسُ مِنَ النَّاسِ الْمُحْتَقَرُ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِہٖ یعنی نذل اور نذیل وہ ہے جو لوگوں میں خسیس اور اپنے تمام احوال میں ذلیل و کمینہ ہے اور کہا کہ ''سماحت'' وہ خوبی ہے جو کسی ایسی چیز کو جو اپنے زیادہ مستحق ہونے کے باوجود خوش دلی سے دوسرے کو دلوا دے۔ اس کی ضد ''شکاس'' ہے جس کے معنی سخت عادت کے ہیں جیسے کہا جاتا ہے رَجُلٌ شَکِسٌّ یہ مرد سخت طبیعت کا ہے وَقَوْمٌ شَکِسٌّ فلاں قوم سخت عادت کی ہے۔

منقول ہے کہ سخاوت نام ہے آسانی خرچ کرنے اور جو چیز اچھی نہ ہو اس کے حاصل کرنے سے پرہیز کرنے کا اور یہی جود کے معنی ہیں۔ اس کی ضد ''التقتیر'' ہے جس کے معنی خرچ میں تنگی کرنے کے ہیں۔ صراح میں ہے کہ ''التقتیر'' عیال پر خرچ کی تنگی کو کہتے ہیں۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام ایسے اخلاق و صفات جن سے سب واقف ہوتے تھے اس میں کسی کے ساتھ ہمسری و برابری نہیں کی جاتی تھی۔ انتہی

بخاری و مسلم میں سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ حسین' بہادر اور اجود تھے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی ذات' اشرف نفوس اور آپ کا مزاج سب سے زیادہ معتدل المزاج تھا اور جوان خوبیوں سے متصف ہو اس کا فعل احسن افعال' اس کی صورت املح اسکال اور اس کا خلق احسن اخلاق ہوگا اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جملہ جسمانی و روحانی کمالات کے جامع اور خوبصورتی و خوب سیرتی پر حاوی تھے اور سب سے زیادہ کریم سب سے بڑھ کر سخی اور سب سے بڑھ کر جود والے تھے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

اور احادیث صحیحہ میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی کوئی ایسا سوال نہ کیا گیا اور نہ کوئی چیز ایسی مانگی گئی جس کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لا یعنی ''نہیں'' فرمائی ہو۔ ہر شخص آپ سے جو کچھ مانگتا قبول کرتے اور مرحمت فرماتے۔ فرزدق شاعر نے آپ کی نعت میں کہا کہ

مَا قَالَ لَا قَطُّ اِلَّا فِیْ تَشَهُّدِهٖ لَوْلَا التَّشَهُّدُ کَانَتْ لَاؤُهٗ نَعَم

آپ نے بجز اپنی تشہد میں پڑھنے کے ''لا'' کبھی نہیں فرمایا۔ اگر تشہد نہ ہوتا تو آپ کی ''لا'' نعم ہوتی۔

اس بیت کا فارسی ترجمہ کسی شاعر نے کیا ہے افسوس کہ اس نے اپنے کسی ظالم کی تعریف میں کہا ہے جو اس تعریف کا مستحق نہ تھا۔ اللہ اسے معاف کرے وہ یہ ہے کہ

نرفت لا بزبان مبارکش ہرگز مگر باشہدان لا الہ الا اللہ

یعنی اس کی زبان مبارک پر کبھی ''لا'' نہیں مگر اشہدان لا الہ الا اللہ میں

اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سائل کے سوال کے موقع پر بفرض کوئی چیز نہ ہوتی تو توقف فرماتے اور اچھی باتوں کے ساتھ سائل کی دلجوئی فرماتے اور معذرت چاہتے لیکن صراحت کے ساتھ یہ نہ فرماتے کہ میں نہیں دے سکتا۔

علماء فرماتے ہیں کہ ''لا'' کے ساتھ کلام فرمانا حضورِ اکرم ﷺ سے عطا سے منع کرنے کی ہی غرض سے نہ ہوتا تھا اور یہ بھی لازم نہیں آتا کہ معذرت خواہی کے طور پر لانہیں فرماتے تھے۔ لہٰذا ایک جماعت سے معذرت کے طور پر حضور سے ''لا'' منقول ہے۔ اس جماعت نے آپ سے غزوہ جانے کے لیے سواری مانگی تھی آپ نے فرمایا:

لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ کوئی سواری ایسی نہیں پاتا جس پر میں تمہیں سوار کروں۔

باوجود اس کے علماء بیان کرتے ہیں کہ لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ کوئی سواری ایسی نہیں پاتا جس پر تمہیں سوار کروں اور لَا اَحْمِلُكُمْ (میں تمہیں سوار نہیں کرتا) کے درمیان فرق ظاہر ہے۔ اگرچہ اشعریوں کے باب میں ان کے سواری کے سوال پر لَا اَحْمِلُكُمْ بھی فرمایا ہے بلکہ بعض روایتوں میں قسم بھی یاد فرمائی ہے۔ فرمایا: وَاللّٰهِ لَا اَحْمِلُكُمْ (خدا کی قسم میں سوار نہیں کروں گا) اس مقام کی خصوصیت اس کا اقتضا کرتی ہے کہ کوئی سواری موجود نہ ہوگی اور سائلوں کو بھی معلوم ہوگا کہ کوئی سواری نہیں ہے۔ اس کے باوجود بھی اگر وہ ضد اور ہٹ دھرمی دکھاتے اور گستاخی کرتے تو ان کی طمع کو قطع کرنے کے لیے تاکید فرمائی تو یہ صورت عموم کے مقابلہ میں مستثنیٰ اور مخصوص ہوگی جیسا کہ مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے۔

بندۂ مسکین یعنی حضرت شیخ محقق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ثبتہ اللہ فی مقام الصدق والیقین فرماتے ہیں کہ درست یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کی زبان مبارک پر کلمۂ ''لا'' جاری نہ ہونے سے مراد بخل وخست کی نفی ہے جو کہ آپ کی وسعت قلبی اور فراغ دستی سے تعلق رکھتی ہے اور جس طرح بخیل وکمزور لوگ کرتے ہیں۔ ویسے آپ نہ کرتے تھے۔ یہ عبارت یعنی عدم استعمال لفظ لاء کنایہ واشارہ ہے اسی مفہوم کی طرف نہ یہ کہ یہ کلمہ آپ کی زبان پر کسی اور غرض کے لیے بھی نہ آیا۔

نیز یہ جو آیا ہے کہ ''ہر کوئی جو مانگتا اسے مل جاتا'' تو اس سے جود وسخا کا اثبات ہے اور اس کا یہ مطلب ہے کہ سائل کے لائق جو چیز ہوتی اس کی لیاقت کے مطابق عطا فرماتے تھے اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا کہ حضور ﷺ سائل کی مصلحت کی خاطر نہ دینے میں مصلحت وقت ملاحظہ فرماتے۔ مثلاً عمل اور حکومت وغیرہ کے مانگنے کے باوجود نہ عطا فرمائی تاکہ مسلمانوں کے معاملات کے انتظام اور اس شخص کے حال کی درستگی میں کوئی خلل واقع نہ ہو جائے اور کبھی مخالفت اس غرض سے ہوتی کہ وہ شخص طمع سوال اور حرص کی ذلیل عادتوں میں مبتلا نہ ہو جائے جس طرح کہ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کا معاملہ ہے باوجود یکہ وہ مقبول بارگاہ اور ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی بہن کے صاحبزادے تھے۔ انہوں نے کوئی چیز مانگی حضور ﷺ نے عطا نہ فرمائی اور فرمایا: میں خود بھی دے سکتا ہوں لیکن ایک قسم کی کدورت اور کراہیت اس کے ہمراہ ہوگی اور انہیں نصیحت فرمائی کہ جہاں تک ہو سکے کسی شخص سے سوال نہ کرنا بیان کرتے ہیں کہ اس کے بعد حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کا یہ حال ہو گیا کہ اگر کوڑا زمین پر گر جاتا تو کسی سے نہ کہتے کہ اسے اٹھا کر دے دو۔

اسی طرح حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے کسی عمل کی خواہش کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر رضی اللہ عنہ تم ضعیف وناتواں ہو۔ عمل کی خواہش نہ کرو اور کسی چیز کا سوال نہ کرو۔ یہاں تک کہ اگر تمہارا کوڑا زمین پر گر جائے تو اسے بھی کسی سے نہ اٹھواؤ۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اکابر صحابہ اور ان میں بہت بڑے زاہد تھے اور ان کا مذہب یہ تھا کہ مال جمع کرنا اور ذخیرہ اندوزی کرنا حرام ہے۔ اگرچہ ادائے زکوٰۃ کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ نے کوئی چیز کسی جماعت کو دینے کے لیے عطا فرمائی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں سفارش کی جس کے حال اور اس کے مستحق ہونے کو جانتے تھے کہا کہ هُوَ مُؤْمِنٌ فِيمَا اَعْلَمُ يَا

رَسُوْلَ اللّٰہِ اے اللہ کے رسول! اس کو اپنے علم کے مطابق مومن جانتا ہوں۔ ایسا تین مرتبہ عرض کیا۔ اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: بہت سے ایسے ہیں جن کے بارے میں پسند کرتا ہوں کہ ان کے حال کی درستگی کی خاطر جسے میں دیکھ رہا ہوں انہیں نہ دیا جائے اور دو مرتبہ حضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول کے برابر وہ مومن ہے یا مسلم ہے فرمایا: تیسری مرتبہ جب اصرار حد سے گزر گیا تو وہ فرمایا جو اوپر گزرا۔ اس جگہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق کے ساتھ اپنا اخلاق بنانا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی بندے کو جب دوست رکھتا ہے تو اسے دنیاوی آسائش سے محروم رکھتا ہے اور جس کو خدا دوست نہیں رکھتا اسے خوب دیتا ہے۔ ہاں اس کا احتمال ہے کہ ان لفظوں میں لفظ ''لا'' آپ کی زبان مبارک پر نہ آیا ہو اور کسی اور طریقے سے مدعا بیان فرما دیا ہو لیکن مفہوم و معنی پر نظر رکھنی چاہیے۔ لفظوں کا ہیر پھیر تو آسان ہے۔ واللہ اعلم

خلاصۂ کلام یہ کہ حضور اکرم ﷺ سائل کو رد نہ فرماتے۔ اگر کوئی چیز نہ ہوتی تو فرماتے ہمارے نام پر قرض لے لو جب ہمارے پاس کچھ آ جائے گا تو ادا کر دیں گے۔ ایک مرتبہ ایک سائل آیا فرمایا میرے پاس تو کچھ نہیں ہے تم جاؤ قرض لے لو۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس چیز کا مکلف نہیں بنایا جو آپ کی مقدرت میں نہ ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ بات حضور ﷺ کو ناگوار معلوم ہوئی پھر ایک انصاری نے عرض کیا یا رسول اللہ خوب داد و دہش فرمایئے اور مالک عرش سے (کمی) کا خوف نہ کھایئے۔ تو حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور آپ کے چہرۂ انور پر بشاشت تازگی اور خوشحالی نمودار ہو گئی اور فرمایا: مجھے یہی حکم دیا گیا ہے۔

ترمذی روایت کرتے ہیں کہ آپ کی خدمت میں نوے ہزار درہم لائے گئے آپ نے انہیں چٹائی پر رکھ کر تقسیم کرنا شروع کر دیا اور کسی سائل کو محروم نہ رکھا۔ یہاں تک کہ سب تقسیم فرما دیئے۔

صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ کی خدمت میں ''بحرین'' سے کچھ مال لایا گیا آپ نے فرمایا: اسے مسجد میں پھیلا دو' پھر آپ مسجد سے باہر تشریف لے آئے اور اس مال کی طرف نظر تک نہ ڈالی اور جب واپس تشریف لائے تو نماز سے فارغ ہو کر مال کے نزدیک تشریف فرما ہوئے اور ہر کسی کو وہ مال عطا ہوا۔ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے کہا یا رسول اللہ مجھے بھی اس مال میں سے عنایت فرمایئے۔ کیونکہ میں نے اپنا اور عقیل رضی اللہ عنہ کا فدیہ دیا ہے۔ حضور ﷺ نے ان کی چادر میں اتنا بھر دیا کہ وہ اٹھا نہ سکتے تھے۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ کسی کو فرمایئے کہ اسے میرے لیے اٹھا کر لے چلے فرمایا: نہیں اے چچا! جتنا تم اٹھا سکتے ہو اٹھا لو۔ یہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے طمع کے مادہ کو فنا کرنے اور ان کی تہذیب و تادیب کے لیے تھا۔ پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ اپنے کندھے پر اٹھا کر چل دیئے اور حضور اکرم ﷺ ان کی طرف دیکھتے رہے اور ان کے حرص پر تعجب فرماتے رہے۔ پھر جب حضور ﷺ اٹھے تو ایک درہم بھی باقی نہ رہا تھا۔ ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے کہ یہ ایک لاکھ درہم تھے جسے علاء بن حضری رضی اللہ عنہ نے بحرین کے خراج سے بھیجا تھا اور یہ پہلا مال تھا جو حضور ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تھا۔ ﷺ

حضور ﷺ کی جود و سخا کے اثر کا ظہور اور ابواب کرم و بخشش کا فتح حنین کے دن' حد و شمار اور حصر و قیاس سے زیادہ تھا کیونکہ اس دن ہر عربی کو سو سو اونٹ اور ہزار ہزار بکریاں ملی تھیں۔ اس دن کی بیشتر عطا تالیف قلب کے لیے تھی تاکہ ضعیف الایمان اشخاص دنیاوی امداد کے ذریعہ دین میں ثابت قدم ہو جائیں۔ صوان رضی اللہ عنہ بن امیہ بھی اسی زمرہ کا ایک فرد تھا۔ اسے پہلے سو بکریاں' دوبارہ سو بکریاں پھر سہ بارہ سو بکریاں دی گئیں۔ واقدی کی کتاب المغازی میں منقول ہے کہ اس دن صفوان رضی اللہ عنہ کے اونٹ بکریوں سے اس کی وادی بھر گئی تھی۔ اس پر صفوان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ کے سوا بخشش و عطا میں کوئی اتنی جوانمردی نہیں کر سکتا۔ لہٰذا اس عطا کے ساتھ حضور ﷺ نے اس کے اس کفر کا علاج فرمایا جو اس میں تھا۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حرب اور اس کے بیٹے بھی انہیں مؤلفۃ القلوب میں

سے تھے۔ چنانچہ ابوسفیان رضی اللہ عنہ آئے اور کہا یارسول اللہ! آج قریش میں سب سے زیادہ مالدار آپ ہی ہیں۔ اس مال میں سے کچھ ہمیں بھی عطا فرمایئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور بلال رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ چالیس دقیہ چاندی اور سو اونٹ انہیں دے دو۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے بیٹے یزید رضی اللہ عنہ کا بھی حصہ عنایت فرمایئے۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے ایک بیٹے کا نام یزید رضی اللہ عنہ تھا اور یہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بھائی تھے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کا نام اسی نام پر یزید رضی اللہ عنہ رکھا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس دقیہ چاندی اور سو اونٹ دوبارہ اسے کے حصے میں عنایت فرمائے۔ پھر ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرے دوسرے بیٹے معاویہ کا بھی حصہ عنایت ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید اتنا ہی مال اور مرحمت فرمایا۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ خدا کی قسم جنگ کے زمانہ میں بھی آپ کریم تھے اور امن کے زمانے میں بھی آپ کریم ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جائے خیر دے۔ یہ واقعات ہوازن وحنین کے فتح کے زمانے میں بھی بیان ہوں گے جو مکہ مکرمہ کی فتح کے بعد پیش آئے اگرچہ یہ مکرر ہوں گے مگر یہ مکرر نہیں هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهُ يَتَضَوَّعُ یہ مشک نافہ ہے جتنی بار کھولا جائے خوشبو کی مہک زیادہ ہوتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوازن پر ان کی چھ ہزار باندیاں واپس کر دیں۔ اس غزوہ میں غنیمتوں کا مجموعہ یہ ہے چھ ہزار آدمی تقریباً چوبیس ہزار اونٹ تقریباً چالیس ہزار بکریاں اور چار ہزار دقیہ چاندی ایک دقیہ کا وزن چالیس درہم ہے۔ (اور ایک درہم کا وزن ساڑھے تین ماشہ یا سوا چار ماشے کا ہوتا ہے) صاحب مواہب لدنیہ نے حساب لگایا ہے کہ حنین کے دنوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن لوگوں کو مال عطا فرمایا ان کی تعداد تقریباً پانچ ہزار تھی۔

بندۂ مسکین یعنی شیخ محقق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ثبتہ اللہ علی طریق الحق والیقین فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جود وسخا حد وشمار اور اندازہ وقیاس سے باہر تھا اور جو کچھ موجود تھا اسی پر آپ کی جود وسخا منحصر نہ تھی لاکھ در لاکھ گنا بھی ہوتا تو بھی ان کا یہی حال ہوتا۔

حقیقت جود وسخا اور کرم وعطا کے متحقق ہونے کے لیے بالفعل صفت کا ہونا شرط نہیں ہے۔ یہ صفت ذاتی، طبعی اور پیدائشی ہے اور اس کے اثر کا ظہور اور ہے جو کچھ ہاتھ میں آتا عطا فرما دیتے اور اس شان سے عطا کرتے کہ فقر اور مال نہ رہنے کا خوف کرتے اور نہ اندیشہ رکھتے۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی ضرورت مند محتاج کو ملاحظہ فرماتے تو اپنا کھانا پینا تک اٹھا کر عنایت فرما دیتے۔ حالانکہ اس کی آپ کو بھی ضرورت ہوتی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ عطا وتصدق میں تنوع فرمایا کرتے۔ کسی کو ہبہ فرماتے کسی کو حق دیتے، کسی کو بار قرض سے چھڑاتے، کسی کو صدقہ دیتے، کسی کو ہدیہ فرماتے اور کبھی کپڑا خریدتے اور اس کی قیمت ادا کر کے اس کپڑے والے کو وہی کپڑا بخش دیتے اور کبھی قرض لیتے اور مبلغ سے زیادہ عطا فرما دیتے اور کبھی کپڑا خرید کر اس کی قیمت سے زیادہ رقم عنایت فرما دیتے اور کبھی ہدیہ قبول فرماتے اور اس سے کئی گنا انعام عطا فرما دیتے۔

ایک عورت طباق میں ایسی کھجوریں جس پر دھاریاں اور نرم روئیں تھے لے کر آئی ایسی کھجوروں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت پسند فرمایا کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین سے آئے ہوئے سونے کے زیورات سے اس کے دونوں ہاتھ بھر دیئے۔

بہرنوع جس طرح بھی ممکن ہے آپ طرح طرح کی صورتوں میں خیرات وعطیات تقسیم فرمایا کرتے باوجود اس کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی زندگانی فقیرانہ طور پر بسر ہوتی، ایک ایک، دو دو مہینے گزر جاتے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کاشانۂ اقدس میں آگ تک نہ جلتی اور بسا اوقات شدت بھوک سے اپنے شکم اطہر پر پتھر باندھ لیا کرتے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فقر، تنگی ومجبوری اور نہ ہونے کی بنا پر نہ تھا بلکہ اس کا سبب زہد

اور جود وسخا تھا اور کبھی اپنی ازواج کے لیے ایک سال کا گزارہ مہیا فرما دیتے لیکن اپنے لیے کچھ بچا کر نہ رکھتے تھے۔

نبی کریم ﷺ بنی آدم میں علی الاطلاق سب سے زیادہ صاحب جود وسخا تھے۔ آپ کی جود وسخا کی مختلف قسمیں تھیں۔ یہ خواہ علم و مال کی لا میں ہو یا بندھوں کی ہدایت کے لیے دین حق کے اظہار میں ذاتی جہد و کوشش میں ہو۔ (وجزاہ عنا افضل ماجزی نبیا عن امتہ)

شجاعت اور بازوؤں کی قوت وطاقت: وصل: حضور اکرم ﷺ کی شجاعت اور آپ کے بازوؤں کی قوت وطاقت کا بیان صراح میں ہے کہ شجاعت' دلاوری اور خوف کی جگہ دلیری دکھانے کو کہتے ہیں۔ کتاب الشفاء میں ہے کہ شجاعت' قوت غضب کی فراوانی اور عقل کو اس کے تابع بنانے کا نام ہے۔ قاموس میں ہے کہ شجاعت' خوف کے وقت دل کو مضبوط رکھنے کا نام ہے۔ حضور اکرم ﷺ میں یہ صفت' صفت سخاوت کے کمال کی مانند تھی۔ بسا اوقات ایسے سختی اور شدت کے موقعوں میں جہاں دلاوروں اور دلیروں کے قدم اکھڑ گئے تھے اور وہاں حضور اکرم ﷺ ثابت وقائم رہے تھے اور اپنی جگہ سے جنبش تک نہ فرمائی تھی بلکہ بڑھ بڑھ کر آگے آتے تھے اور پیچھے نہ ہٹتے تھے۔ چنانچہ غزوۂ حنین کے موقع پر کفار کی تیروں کی بوچھاڑ سے صحابۂ کرام میں ایک قسم کا ہیجان' پریشانی' تزلزل اور ڈگمگاہٹ پیدا ہو گئی تھی مگر حضور اکرم ﷺ نے اپنی جگہ سے جنبش تک نہ فرمائی حالانکہ گھوڑے پر سوار تھے اور ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حارث بن عبدالمطلب آپ کے گھوڑے کی لگام پکڑے کھڑے تھے اور حضور ﷺ چاہتے تھے کہ حملہ کریں۔ چنانچہ آپ گھوڑے سے اترے اور خدا سے مدد مانگی اور زمین سے ایک مشت خاک لے کر دشمنوں کی طرف پھینکی تو کوئی کافر ایسا نہ تھا جس کی آنکھ اس خاک سے بھر نہ گئی ہو۔ حضور ﷺ نے اس وقت یہ رجز پڑھا:

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ　　اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

میں نبی ہوں اس میں کذب نہیں　　میں عبدالمطب کی اولاد سے ہوں

اس روز آپ سے زیادہ بہادر' شجاع اور دلیر کوئی نہ دیکھا گیا۔ منقول ہے کہ جب مسلمان اور کافر باہم گتھم گتھا ہوئے اور مسلمانوں نے ہزیمت کھائی تو حضور اکرم ﷺ نے اس وقت حملہ کیا۔ اسی وقت انصار کو ندا دی گئی اور مسلمان واپس ہو کر حضور ﷺ کے گرد جمع ہونے لگے بالآخر مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ پورا واقعہ اس کے اپنے مقام پر انشاء اللہ آئے گا۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم سے بڑھ کر میں نے کسی کو بہادر' دلیر' سخی اور خدا سے زیادہ راضی نہ دیکھا۔ حضرت امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب گرم ہو گئی جنگ کی آگ اور سرخ ہو گئیں اس کی آنکھیں (یہ کنایہ جنگ کی سختی وشدت کی طرف ہے) تو ہم رسول اللہ ﷺ کی پناہ کو ڈھونڈتے تھے۔ یعنی حضور ﷺ کی پناہ میں آ جاتے تھے۔ دشمنوں کے قریب حضور ﷺ سے زیادہ کوئی نہ تھا اور جنگ میں آپ سخت ترین شخص ہوتے تھے۔

ارباب سیر فرماتے ہیں کہ لوگ اسے شجاع و بہادر شمار کرتے تھے جو دشمنوں سے نزدیکی کے اعتبار سے حضور اکرم ﷺ کے زیادہ قریب ہوتا تھا۔

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی بڑے سے بڑا لشکر ایسا نہ آیا مگر یہ کہ حضور اکرم ﷺ نے سب سے پہلے اس لشکر پر حملہ نہ کیا ہو۔

حکایت: ایک رات مدینہ طیبہ میں شور وفغاں ہوا اور خوف وہراس پھیل گیا شاید کوئی چور یا دشمن گھس آیا تھا۔ آپ جلدی سے سب سے پیشتر اٹھے۔ شمشیر حمائل فرمائی اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ کیونکہ ان کا گھوڑا تیز رو اور سبک رفتار تھا۔ پھر جدھر سے آواز آئی تھی اس جانب تشریف لے گئے۔ حضور ﷺ کو واپسی میں وہ لوگ ملے جو آپ کے بعد نکل کر اس طرف جا رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: لوٹ چلو کوئی بات نہیں ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا یہ گھوڑا پہلے بہت سست رفتار تھا مگر حضور ﷺ کی سواری میں آنے کے

بعد اتنا تیز رفتار ہوا کہ کسی کا گھوڑا اس کے ساتھ نہ چل سکتا تھا۔ یہ حضور ﷺ کے معجزات میں سے ہے۔

حضورِ اکرم ﷺ قوت، زور بازو اور مضبوطی میں ایسے تھے کہ جہان بھر کے کشتی گیر (پہلوان) آپ کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے تھے۔ محمد بن اسحاق اپنی کتاب میں بیان کرتے ہیں مکہ مکرمہ میں ''رکانہ'' نامی ایک پہلوان تھا جو شدید القوت اور فن پہلوانی میں بے مثل ومنفرد تھا۔ دور دور سے لوگ اس کے مقابلے کے لیے آتے تھے۔ وہ سب کو پچھاڑ دیتا تھا۔ اچانک مکہ کی کسی گھاٹی سے وہ حضورِ اکرم ﷺ کے سامنے آ گیا۔ حضور ﷺ نے اس سے فرمایا: اے رکانہ! خدا سے کیوں نہیں ڈرتا اور میری دعوت کو کیوں قبول نہیں کرتا۔ رکانہ رضی اللہ عنہ نے کہا اے محمد! (ﷺ) اپنی صداقت پر کوئی شہادت لاؤ؟ آپ نے فرمایا: اگر میں کشتی میں تجھے پچھاڑ دوں تو کیا تو ایمان لے آئے گا؟ اس نے کہا ہاں! آپ نے فرمایا: پھر کشتی کے لیے تیار ہو جا۔ چنانچہ رکانہ رضی اللہ عنہ کشتی کے لیے تیار ہو گیا۔ حضورِ اکرم ﷺ اپنے عام لباس چادر وتہہ بند ہی میں رہے۔ حضور ﷺ اس کے قریب آئے اور اسے پکڑ کر زمین پر گرا دیا۔ رکانہ رضی اللہ عنہ حیران ومتعجب ہو کر درخواست کرنے لگا کہ چھوڑ دیا جائے۔ اس نے پھر دوبارہ اور سہ بارہ کشتی کی آپ نے اسے ہر بار گرا دیا۔ پھر تو رکانہ رضی اللہ عنہ تعجب کے ساتھ کہنے لگا آپ کی شان عجیب ہے آپ اتنی قوت وطاقت کے حامل ہیں۔ حدیث میں یہ نہیں بیان کیا گیا کہ وہ ایمان لایا یا نہیں۔ (واللہ اعلم) حضورِ اکرم سے رکانہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور لوگوں نے بھی کشتی لڑی ہے اور آپ سب پر غالب رہے ہیں۔ چنانچہ ابوالاسد جمحی ایک شخص بڑا شہ زور تھا۔ وہ گائے کی کھال پر کھڑا ہو جاتا اور لوگ اس کے نیچے سے کھال کھینچنے کی پوری قوت صرف کرتے کھال پھٹ جاتی مگر اس کے نیچے سے نکال نہ سکتے تھے۔ وہ اپنی جگہ سے ہٹتا تک نہ تھا۔ ایک روز اس نے حضور ﷺ کو پکارا کہ آپ اس کے ساتھ کشتی لڑیں۔ اس نے کہا کہ اگر آپ مجھے زمین پر گرا دیں تو میں آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ تو حضور ﷺ نے اسے زمین پر چت کر دیا مگر وہ ایمان پھر بھی نہ لایا۔ یہ طویل قصہ ہے جو اپنی جگہ مذکور ہے۔

<u>حیائے مبارک: وصل</u>: اس میں حضورِ اکرم ﷺ کی حیائے مبارک کا ذکر ہے۔ حیا کے معنی شرمیلا پن اور شرم رکھنے کے ہیں۔ اس کا مادہ حیات ہے۔ اسی لحاظ سے حیاء بمعنی بارش کے آتے ہیں کہ بارش حیات کا موجب وسبب ہے لیکن یہ متصور رہے اور شرم بھی دل کی زندگی اس کے اندازہ کے مطابق ہے جس میں جتنا زیادہ دل زندہ ہوگا اس میں حیا بھی اتنی ہی زیادہ قوی اور بیشتر ہوگی۔ لغت میں حیا کے معنی تغیر وانکساری کے ہیں۔ جو انسان کو خوف اور از قسم معیوب چیز سے عارض ہوتا ہے۔ شریعت میں حیا اس خوبی کا نام ہے جو برائی کے ارتکاب سے بچانے کا موجب اور حق دار کے حق میں کوتاہی سے محفوظ رکھنے کا باعث ہے۔ حیاء کو ایمان کا جز بھی کہا ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے ''اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ'' (حیا ایمان کا جز وہے) اگرچہ یہ صفت غریزی یعنی طبعی وخلقی ہے لیکن اس کا استعمال بقصد علم واکتساب قانون شریعت پر لازمی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس حیا سے مراد اکتساب یعنی حاصل کرنے والی صفت ہے۔ شارع نے اسے ایمان کا حصہ بتایا ہے اور اس کے حصول پر مسلمان کو مکلف گردانا ہے۔ اگر یہ غریزی یعنی طبعی وخلقی ہوتی تو تکلیف اس میں جاری نہ ہوتی لیکن جس میں یہ خوبی غریزی اور طبعی ہے تو اسے اس کے حصول پر معاون بن جاتی ہے اور رفتہ رفتہ غریزی کے حکم میں لے جاتی ہے۔ واضح رہنا چاہیے کہ یہ بحث تمام صفات غریزیہ میں جاری ہوتی ہے مثلاً سخاوت اور شجاعت وغیرہ کیونکہ ان کے بجالانے کا حکم ہے اور اس کی ضد پر ممانعت واقع ہے اور ان صفتوں میں وعد ووعید دونوں وارد ہیں اور سب ہی ایمان کی شاخیں ہیں۔

حضورِ اکرم ﷺ میں دونوں قسم کی حیاء بدرجہ کمال تھی۔ اس لیے کہ آپ کے قلب اطہر کی حیات اور اس کا مکروہات شرعیہ سے اجتناب سب سے زیادہ قوی، اتم، اکمل اور افضل تھا۔

صحیح بخاری میں بروایت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَشَدُّ حَیَاءً مِّنَ الْعَذْرَاءِ فِیْ خِدْرِھَا حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زن دوشیزہ اور اس کے حجاب سے سخت تر حیاء فرماتے تھے۔ صراح میں مخدرہ کے معنی پردہ نشین عورت کے ہیں۔ حدیث پاک میں ''خدرہا'' کا استعمال عرف وعادت کی بناء پر ہے۔ کیونکہ زن باکرہ پردہ نشین ہوتی ہے۔ بعض شراح کہتے ہیں کہ یہ قید اس بناء پر ہے کہ پردہ نشین حیاء میں بہت زیادہ ہوتی ہے یا یہ کہ باہر پھرنے والی عورت کے مقابلہ میں خلوت نشین عورت میں زیادہ شرم وحیا ہوتی ہے۔ اس کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ قید دیگر بھی حضور کی خوبی ہے۔ یعنی جب کوئی شخص آپ کے پاس آتا تو تشریف لے آتے ورنہ خلوت میں مقیم رہتے۔ کیونکہ خلوت میں موجب حیا نہیں ہے مگر ان تکلیفوں کا ذکر اس مقام رفیع میں بشاشت یعنی بے مزگی سے خالی نہیں ہے اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اس تشبیہ کا ذکر بھی ادب وتعظیم کے ذوق کے لحاظ سے بھلا نہیں معلوم ہوتا لیکن مقصود کے اظہار وبیان میں مبالغہ کے قصد وارادہ سے واقع ہوا ہے۔

حیا کے بارے میں مشائخ کا مذہب: مشائخ طریقت قدس اللہ ارواحہم کے حیاء کی تشریح وتفسیر میں کچھ اقوال ہیں۔ چنانچہ حضرت ذوالنون مصری قدس سرہ فرماتے ہیں کہ جو کچھ تم نے حق تعالیٰ کے حضور بھیجا ہے دل میں وحشت کے ساتھ ہیبت کے پائے جانے کا نام حیا ہے۔ فرمایا: اَلْحُبُّ یَنْطِقُ وَالْحَیَاءُ یَسْکُتُ وَالْخَوْفُ یَقْلَقُ مطلب یہ ہے کہ محبت محبوب کی مدح وثنا کے ساتھ محبوب کو قوت گویائی دیتی ہے اور حیاء محبوب کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کے مشاہدہ کی بناء پر ساکت بناتی ہے اور خوف زدہ اور بے آرام بناتی ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص طاعت میں خدا سے شرم رکھتا ہے خدا معصیت میں اس سے شرم رکھتا ہے اور حیاء کبھی کرم اور خوف سے رونما ہوتی ہے۔ جیسے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس جماعت سے حیا فرمانا جو حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں حاضر ہوئی تھی۔ اور آپ کی مجلس میں وہ دیر تک ٹھہرے رہے تھے اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حیا فرماتے تھے کہ ان کو کیونکر اٹھائیں اس پر حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا جب تم کھانا کھا چکو تو چلے جایا کرو۔

اور فرمایا: اِنَّ ذٰلِکُمْ کَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْکُمْ وَاللّٰہُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ بیشک تمہارا دیر تک بیٹھے رہنا نبی کریم کو تکلیف پہنچاتا ہے۔ اور نبی تم سے حیاء فرماتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ بیان حق سے حیاء نہیں فرماتا۔''

اور کبھی حیا بندگی میں ہوتی ہے کہ معبود کی عظمت وکمال کے لائق وہ بندگی کو نہیں پاتا۔

حیا کی ایک قسم اپنی ذات کے لیے خود سے ہوتی ہے ایسی حیاء شریف وبزرگ شخصوں میں ہوتی ہے۔ جو نقص اور مرتبہ کی کمی سے راضی ہونے میں ہے۔ لہٰذا لازم ہے کہ اپنے آپ کو حیادار بنائے یعنی وہ اپنی ذات سے شرم وحیا کرلے گویا کہ اس میں دو ذاتیں ہیں جو ایک ذات دوسری ذات سے حیا کرتی ہے۔ یہ حیا کی قسموں میں سب سے زیادہ کامل ہے اس لیے کہ آدمی جب اپنی ذات سے حیا کرتا ہے تو وہ دوسرے سے بطریق اولیٰ حیا کرے گا جیسا کہ مواہب لدنیہ میں مذکور ہے۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلْحَیَاءُ لَا یَاْتِیْ اِلَّا بِخَیْرٍ. یعنی حیا نہیں دیتا مگر بھلائی'' ایک اور روایت میں ہے اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّہٗ۔ حیاء سراسر بھلائی ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے کہ ایک شخص اپنے بھائی کو حیاء نہ کرنے کی نصیحت کرتا تھا۔ گویا کہ اس کا بھائی لوگوں سے شرم وحیا کی بنا پر اپنے حقوق نہیں مانگتا تھا۔ (اس بنا پر بھائی نصیحت کرتا تھا کہ اپنے حقوق مانگنے میں شرم وحیا نہ کرے۔) اس پر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: اسے چھوڑ دو۔ کیونکہ حیا ایمان کا حصہ ہے۔

حیا کے آثار میں سے لوگوں کے عیبوں سے اور ان چیزوں سے جو انسان اپنے لیے ناپسند ومکروہ رکھتا ہے تغافل وچشم پوشی کرنا

ہے اس معاملے میں حضورِ اکرم ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ شدید تھے۔

ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں ایک شخص آیا جس کے چہرے پر زرد رنگ مانند زعفران کے لگا ہوا تھا۔ جو کسی عورت سے لگا تھا۔ حضور ﷺ نے اسے کچھ نہ فرمایا (کہ وہ شرمندہ ہوگا کیونکہ حضورِ اکرم ﷺ کی عادت کریمہ تھی کہ کسی کے منہ پر ایسی بات نہ فرماتے تھے جو آپ کو ناگوار معلوم ہوتی ہو۔ اگر کسی کو کچھ کہنا ضروری ہو اور اس کہنے پر آپ مجبور ہوتے تو اشارہ کنایہ میں فرمایا کرتے) پھر جب وہ باہر گیا تو کسی سے فرمایا کہ اس سے کہو کہ چہرے کی زردی کو دھو ڈالے۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ کہہ دو اپنے جسم سے کپڑے اتار دے۔ مخفی نہ رہنا چاہیے کہ یہ ارشاد غیر واجب اور حرام میں ہوگا۔ ورنہ محض مخفی زردی کی اباحت میں روایتیں ہیں۔

منقول ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کی حیاء کی یہ شان تھی کہ کسی چہرے پر بھرپور نظر نہ ڈالتے تھے۔ اگر کسی میں کوئی بات نظر آتی جو آپ کو ناپسند و مکروہ ہوتی تو آپ یہ نہ فرماتے کہ فلاں شخص ایسا کہتا ہے یا ایسا کرتا ہے بلکہ اس طرح فرماتے کہ اس قوم کی کیا حالت ہوگی جو ایسا کرتی ہے یا ایسا کہتی ہے اور اس کی مخالفت فرماتے۔ مگر کسی کرنے والے یا کہنے والے کا خاص طور پر نام نہ لیتے۔ آپ کی عادت کریمہ میں یہ عبارت قاعدہ کلیہ کا حکم بتاتی ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے صحیح حدیث میں مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضورِ اکرم ﷺ نہ فحش گو تھے اور نہ کسی کو برا کہتے تھے۔ اور نہ اونچی آواز سے بولتے اور نہ بازاروں میں شور و غوغا کرتے تھے۔ اور نہ بدی کا بدلہ بدی سے دیتے بلکہ عفو و درگزر سے کام لیتے تھے اور اسی کلام کے مطابق توریت سے حضرت عبداللہ بن سلام اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہم نقل فرماتے ہیں۔

شفقت، رافت اور رحمت: وصل: حضورِ اکرم ﷺ کی شفقت، رافت اور رحمت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ○ — نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام جہانوں کے لیے رحمت۔

اور ارشاد فرمایا: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○ — بیشک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان رحمت فرمانے والے۔

شفقت مہربانی کو کہتے ہیں اور حضورِ اکرم ﷺ شفیق یعنی مہربانی فرمانے والے ہیں۔ اشفاق کے لغوی معنی ڈرانے کے ہیں۔ اور شفقت میں بھی یہی معنی پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ مشفق اس بات سے ڈرتا ہے کہ اسے کوئی گزند یا ضرر نہ پہنچے۔ لہٰذا حضور ﷺ کی تعریف حرص سے فرمائی گئی۔ کہ آپ صلاح و درستگی کی نصیحت فرمانے والے ہیں۔ نصوح و رافت اشد رحمت ہے۔ صراح میں ہے رحمت کے معنی بخشش کرنا اور مہربانی کرنا ہے اور رافت کے معنی بہت زیادہ بخشنا۔ اور مہربان ہونا ہے۔

حضورِ انور ﷺ امت پر شریعت و احکام اور اس کے ترک میں آسانی و تخفیف کا لحاظ فرماتے اور بعض افعال اس خوف سے کہ امت پر فرض نہ قرار دے دیئے جائیں ترک فرما دیتے۔ جیسے ہر نماز کے لیے مسواک کا ترک فرمانا یا عشا میں تاخیر کو ترک فرمانا یا صوم وصال (پے در پے روزے رکھنے) کو ترک فرمانا، اسی قسم کے اور احکام ہیں۔ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرتے کہ سب ولعن کو رحمت و قربت اور موجب طہارت بنا دے۔ جب کبھی آپ نماز با جماعت میں بچے کے رونے کی آواز سنتے اور اس کی ماں نماز میں ہوتی تو آپ نماز کو ہلکا فرما دیتے۔ تاکہ اس کی ماں فتنہ میں مبتلا نہ ہو۔ اور آپ فرمایا کرتے کہ تم میں سے کوئی شخص میرے پاس کوئی ایسی بات نہ پہنچائے جو مکروہ اور ناپسندیدہ ہو۔ اس لیے کہ میں پسند کرتا ہوں کہ جب میں تمہارے پاس آؤں تو میرا سینہ پاک و صاف ہو جب قریش

نے آپ کو جھٹلایا اور حد سے زیادہ آپ کو ایذائیں پہنچائیں تو حضرت جبرائیل نے حاضر ہو کر کہا اللہ تعالیٰ نے اس فرشتہ کو حکم فرمایا ہے جو پہاڑوں پر مقرر ہے۔ اور تمام پہاڑ اس کے قبضہ وتصرف میں ہیں کہ جو کچھ محمد (ﷺ) فرمائیں ان کا حکم بجالاؤ۔ چنانچہ پہاڑوں کے فرشتے نے عرض کیا کہ اے محمد! (ﷺ) حکم فرمایئے آپ کیا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو اخشبین نامی دونوں پہاڑوں کو ان پر زیروزبر کردوں۔ اخشبین مکہ مکرمہ میں دو پہاڑیاں ہیں جن کے درمیان آبادی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا نہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ وہ ہلاک ہوں۔ میں امید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی پشتوں میں سے ایسے لوگ نکالے گا جو خدا کی عبادت کریں گے اور اس کا شریک نہ گردانیں گے۔ یہ قصہ طویل ہے جو حصہ دوم کے سال دوم میں مذکور ہے۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ جبریل علیہ اسلام نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین اور پہاڑوں کو حکم دیا ہے کہ وہ آپ کی اطاعت کریں اور جو آپ فرمائیں اسے بجالائیں اور آپ کے دشمنوں کو ہلاک کریں۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ میں پسند کرتا ہوں کہ صبر کروں اور اپنی امت سے عذاب کی تاخیر کروں شاید کہ حق تعالیٰ انہیں بخش دے۔ اور انہیں توبہ کی توفیق دے کر ان پر رحمت فرمائے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دو باتوں کے درمیان حضور انور ﷺ کو اختیار نہیں دیا گیا مگر یہ کہ آپ ان دونوں باتوں میں سے آسان کو اختیار فرماتے اس قول کے معانی وتاویلات بہت ہیں۔ اظہر واقرب یہ ہے کہ آسان تر سے مراد امت کے لیے ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ تذکیر وموعظہ کے لیے ہماری مزاج پرسی اور تیمارداری فرماتے مطلب یہ کہ یہ کبھی کبھی کرتے ہمیشہ نہ کرتے۔

وفا وحسن عہد' صلہ رحمی اور عبادت: حضور اکرم ﷺ کے اخلاق وخصائل میں سے وفا' حسن عہد' صلہ رحمی اور عیادت ومزاج پرسی بھی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب کوئی چیز ہدیہ میں لائی جاتی تو حضور اقدس ﷺ فرماتے اسے فلاں عورت کے پاس لے جاؤ۔ کیونکہ وہ حضرت خدیجہ کی سہیلی ہے۔ ام المومنین عائشہ صدیقہ سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے جتنا رشک کرتی تھی اتنا کسی عورت سے میں نے رشک نہ کیا۔ کیونکہ حضور ﷺ انہیں بہت یاد کیا کرتے تھے۔ اگر حضور ﷺ کوئی بکری بھی ذبح فرماتے تو اس میں سے حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کو ضرور بھجوادیا کرتے تھے۔ اسی طرح ایک مرتبہ ایک عورت حضور ﷺ کی خدمت میں آئی۔ آپ نے اسے دیکھ کر بڑی خوشی وشادمانی کا اظہار فرمایا۔ اور اس کی خوب خاطر ومدارت فرمائی۔ جب وہ عورت چلی گئی تو فرمایا یہ عورت حضرت خدیجہ کے زمانہ میں یہاں آیا کرتی تھی۔ اور فرمایا حسن العهد من الايمان یعنی وضعداری کو عمدہ طریق سے پورا کرنا ایمان کی علامتوں میں سے ہے۔

حضور انور ﷺ ذوی الارحام یعنی قرابتوں کا لحاظ وپاس فرماتے اور ان کی مدد فرماتے تھے۔ آپ فرماتے ابوفلاں کی آل میری دوست نہیں ہے۔ بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ فرمایا نہیں ہے کوئی میرا دوست بجز خدا کے اور مسلمانوں میں سے نیکوکاروں کے۔ ہاں ان لوگوں کے لیے رحم ہے کہ میں نرمی کرتا ہوں ان سے رحمی قرابت کی بنا پر۔ مطلب یہ کہ ان کے ساتھ بہت کم احسان کرتا ہوں جس طرح کہ کسی کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ بیان کرتے ہیں کہ ابوفلاں سے مراد ابن ابوالعاص ہے اس جماعت کا حال معلوم ہے۔

اور حضور اکرم ﷺ امامہ بنت زینب کو گود میں لیتے اور نماز میں اپنے کندھے پر بٹھاتے اور جب سجدہ میں جاتے تو زمین پر اتار دیتے۔ پھر جب کھڑے ہوتے تو اٹھا لیتے تھے۔ آپ کی یہ عادت کریمہ اولاد کی شفقت اور مہربانی کی وجہ سے تھی۔ اور امامہ کا اٹھانا اور ان کا زمین پر رکھنا حضور ﷺ کا اپنا فعل نہ تھا بلکہ وہ خود آتیں اور لپٹ جاتیں اور جب وہ سجدہ میں جاتے تو اتر جاتیں تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ نماز میں یہ فعل کثیر تھا۔ یہ نفلی نماز میں تھا واللہ اعلم۔

حضورِ انور ﷺ کی رضاعی بہن جن کا نام شیما تھا اور وہ آپ کی رضاعی والدہ حلیمہ سعدیہ کیساتھ حضور ﷺ کی خدمت وتربیت بجالاتی تھیں۔ان کا ذکر ابن اثیر نے صحابیات میں کیا ہے۔جب وہ ہوازن کی باندیوں میں حضور ﷺ کے پاس آئیں اور انہوں نے اپنے آپ کو پہنچوایا تو حضور ﷺ نے ان کے لیے اپنی چادر مبارک بچھائی۔اور فرمایا اگر تم پسند کرو تو ہمارے ساتھ رہو عزت واکرام سے رہوگی اور مال ومنال سے بھی بہرہ مند ہوگی۔یا اگر تم اپنی قوم کی طرف جانا چاہتی ہو تو کہ دو انہوں نے اپنی قوم کی طرف جانا پسند کیا۔چنانچہ حضور ﷺ نے ان کو ساز وسامان کے ساتھ بھیج دیا۔

ابوالطفیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسولِ خدا ﷺ کو دیکھا ہے اس وقت میں بچہ تھا کہ اچانک ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی۔حضور ﷺ نے اس عورت کے لیے اپنی چادر مبارک بچھائی وہ عورت اس پر بیٹھ گئی۔میں نے دریافت کیا کہ یہ عورت کون ہے۔تو صحابہ نے کہا یہ وہ عورت ہے جس نے حضور ﷺ کو دودھ پلایا ہے ظاہر ہے کہ حلیمہ سعدیہ ہوں گی۔اور ابن عبدالبر استیعاب میں کہتے ہیں کہ وہ حلیمہ تھیں۔اور علماء یہ بھی بیان کرتے ہیں حضور ﷺ کو چونکہ آٹھ عورتوں نے دودھ پلایا تھا انہیں میں سے کوئی ہوگی۔واللہ اعلم۔

عمرو بن سائب بیان کرتے ہیں کہ رسولِ خدا ﷺ ایک روز تشریف فرما تھے کہ حضور ﷺ کے رضاعی والد آئے۔آپ نے ان کے لیے اپنی چادر مبارک بچھائی وہ اس پر بیٹھے۔پھر آپ کی رضاعی والدہ آئیں تو چادر شریف کے ایک کونے پر انہیں بٹھا دیا۔پھر آپ کے رضاعی بھائی آئے تو آپ اٹھ کھڑے ہوئے اور انہیں سامنے بٹھایا۔

حضورِ اکرم ﷺ ابولہب کی باندی ثوبیہ کو بطور صلۂ رحم کھانا اور کپڑے وغیرہ بھی بھجوایا کرتے تھے۔کیونکہ اس نے بھی آپ کو دودھ پلایا تھا۔ثوبیہ کا انتقال ہوگیا تو آپ نے دریافت کیا اس کا کوئی قریبی رشتہ دار باقی ہے لوگوں نے کہا کوئی باقی نہیں ہے۔حضرت خدیجہ الکبریٰ کی حدیث میں مروی ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ سے فرمایا:

اَبْشِرْ فَوَاللّٰهِ لَايُحْزِيْكَ اللّٰهُ اَبَدًا اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتَقْرِىْ الضَّيْفَ وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے میرے سرتاج! آپ کو بشارت ہو۔خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی بھی غمگین نہ کرے گا کیونکہ آپ صلہ رحمی فرماتے یتیموں کا بوجھ اٹھاتے معدوم کا کسب فرماتے۔مہمان کو ٹھہراتے اور حق کی دستگیری فرماتے ہیں۔ﷺ

عدل وامانت اور عفت وصدق کلامی: حضورِ اکرم ﷺ غایت درجہ عادل وامانت دار اور سب سے زیادہ مہربان اور راست گو تھے۔جن کا اعتراف آپ کے اظہار نبوت سے پہلے آپ کے دشمن وبیگانے سب ہی کرتے تھے اور وہ آپ کو ''محمد الامین'' کہا کرتے تھے۔

ابن اسحاق روایت کرتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ کا اسم گرامی ''امین'' اسی بنا پر رکھا گیا کہ آپ میں تمام اخلاق صالحہ جمع کر دیے گئے تھے۔اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد: مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ کی تفسیر میں بیشتر مفسرین اسی طرف گئے ہیں۔اس سے مراد حضور ﷺ کی ذات گرامی ہے ﷺ۔ایسا ہی شفا میں کہا گیا ہے۔

جب قریش کے چار قبیلوں میں تعمیر کعبہ کے وقت حجر اسود کو اپنی جگہ نصب کرنے میں اختلاف رونما ہوا۔تو سب کا اس پر اتفاق ہوا کہ علی الصباح جو سب سے پہلے خانہ کعبہ میں داخل ہو وہ جو کچھ حکم کرے اس پر ہم سب راضی ہوں گے۔تو اس وقت سب سے پہلے حضورِ اکرم ﷺ داخل ہوئے اس پر وہ سب کہنے لگے۔یہ تو محمد ہیں یہ امین ہیں۔(ﷺ) یہ جو کچھ فرمائیں گے ہم سب کو منظور ہے۔چنانچہ حضور ﷺ نے ایک چادر منگوائی اور اس کے درمیان حجر اسود کو رکھا۔اور چادر کے چار کونوں کو چاروں قبائل کے سرداروں کو تھما

دیا اور خود اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو اٹھا کر اس کی اپنی جگہ نصب فرما دیا۔ یہ واقعہ اظہار نبوت سے پہلے اور حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے تولد کے سال کا ہے۔ زمانہ اسلام سے پہلے قریش حضور اکرم ﷺ کو اپنا حکم اور ثالث بناتے تھے۔ حضور ﷺ فرماتے: وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَمِیْنٌ فِی السَّمَآءِ وَاَمِیْنٌ فِی الْاَرْضِ۔ خدا کی قسم! میں یقیناً آسمان میں بھی امین ہوں اور زمین میں بھی امین ہوں۔' ﷺ۔

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجیہ سے منقول ہے کہ ابوجہل لعین حضور اکرم ﷺ سے کہتا تھا ہم نہ تو آپ کی تکذیب کرتے ہیں اور نہ آپ کو دروغ گو جانتے ہیں۔ اور نہ آپ ہم میں جھوٹ بولتے ہیں۔ لیکن ہم اسے جھٹلاتے ہیں۔ جو دین کی باتیں آپ لے کر آئے ہیں۔'' یعنی اس کی یہ بات کتنی لغو نامعقول اور متناقض ہے۔ اس لیے کہ جب تم آپ کو صادق وراست جانتے ہو تو جو کچھ وہ فرمائیں تم اس کی تصدیق کرو پھر یہ عناد واستکبار کیسا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔

فَاِنَّهُمْ لَا یُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ○ بیشک یہ اے محبوب! تمہاری تکذیب نہیں کرتے لیکن یہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

اس آیت کریمہ کی اور بھی تفسیر ہے مطلب یہ کہ اے محبوب! تم فارغ ہو اس کا غم نہ کھاؤ یہ تو مجھ پر بہتان باندھ رہے ہیں۔ میں ہی ان کو سزا دوں گا۔ جس طرح کوئی جماعت کسی کے غلام کو ایذائیں اور تکلیفیں پہنچائے پھر آقا اپنے غلام سے کہے کہ یہ لوگ تمہیں آزار نہیں پہنچاتے۔ یہ مجھے ایذا پہنچاتے ہیں میں جانوں۔ میں ہی ان سے بنوں گا۔

منقول ہے کہ اخنس بن شریک روز بدر ابوجہل سے ملا۔ اخنس نے کہا اے ابوالحکم! (ابوجہل کی کنیت ہے) اس جگہ میرے اور تمہارے سوا کوئی نہیں ہے۔ جو کہ تمہاری باتوں کو سنے۔ مجھے بتاؤ کہ محمد (ﷺ) صادق ہیں یا کاذب؟ تو اس معلون نے کہا'' خدا کی قسم! بلاشبہ محمد ﷺ راستی پر ہیں اور وہ صادق ہیں ہرگز دروغ گو نہیں۔''

ہرقل بادشاہ نے ابوسفیان سے اس حدیث میں جس میں حضور اکرم ﷺ کے اوصاف واحوال کے بارے میں اس نے سوال کیے اور آپ کی نبوت پر اس نے استدلال کیا ہے۔ دریافت کیا۔ کیا تم ان میں سے تھے کہ اس مرد کو مہتم بالکذب گردانتے تھے۔ یعنی حضور اکرم ﷺ کو ان کے دعوی نبوت سے پہلے ایسا جانتے تھے۔ ابوسفیان نے جواب دیا خدا کی قسم! انہوں نے کبھی بھی دروغ گوئی نہیں کی۔ ہرقل نے کہا جب یہ بات ہے تو یہ ذات خدا پر دروغ کیسے باندھ سکتی ہے۔ ہرقل کی یہ بات علامات نبوت کی معرفت میں مفید ترین چیز ہے۔ بخاری شریف اول میں مذکور ہے اور مشکوٰۃ کی شرح میں اس کا ترجمہ اور شرح بیان کی ہے۔

نضر بن حارث نے قریش سے کہا محمد ﷺ تمہارے سامنے ہی خوردسال سے جوان ہوئے۔ تمہارے سب کاموں میں تمہارے محبوب وپسندیدہ' قول وقرار میں تم سب سے زیادہ صادق ترین اور دیانت وامانت میں تم سب سے زیادہ عظیم ترین رہے۔ اور اب جب کہ تم ان کی کنپٹیوں کے بالوں میں آثار پیری دیکھ رہے ہو اور تمہارے پاس دین وملت کی باتیں لے کر تشریف لائے ہیں تو تم انہیں جادوگر (ساحر) کہتے ہو۔ نہیں خدا کی قسم! وہ ساحر نہیں ہیں۔ یہ نضر بن حارث کافر تھا اور اس کے دل پر پردہ پڑا ہوا تھا۔ لیکن سمجھدار تھا اور انصاف رکھتا تھا۔ لیکن دوسروں کے اوپر تو غلیظ پردے پڑے ہوئے تھے۔ جب کبھی یہ پردے اٹھ بھی جاتے تھے تو پہلے سے زیادہ غلیظ پردے پھر پڑ جاتے تھے۔

ولید بن مغیرہ روساء کفار قریش سے تھا اس نے بارہا قرآن پاک سنا' رویا اور کہنے لگا' یہ بشر کا کلام نہیں ہے۔ اس کلام میں جو شیرنی اور دل نشینی ہے وہ کسی دوسرے کلام میں نہیں۔ بیشک اس میں حلاوۃ اور طلاوۃ ہے۔ صراح میں طلاوۃ کے معنی خوبی اور دل میں اثر کرنے

کے ہیں۔

اور حارث بن عامر ان شریر لوگوں میں سے تھا جو لوگوں کے سامنے حضور ﷺ کی تکذیب کیا کرتے تھے۔

لیکن جب یہ گھر والوں کے ساتھ تنہائی میں ہوتا تو کہتا خدا کی قسم! محمد ﷺ جھوٹ بولنے والوں میں سے نہیں ہے۔

ایک روز ابوجہل حضور ﷺ کے پاس آیا اور مصافحہ کیا۔ لوگوں نے کہا۔ کیا تم محمد ﷺ کے ساتھ مصافحہ کرتے ہو؟ کہنے لگا خدا کی قسم! میں جانتا ہوں کہ محمد ﷺ پیغمبر ہیں لیکن کیا کریں، ہم عبد مناف کی اولاد کے پیروکار کب تھے۔ اور مشرکین جب بھی حضور ﷺ کو دیکھتے تو کہتے خدا کی قسم! وہ نبی ہیں۔ یہ تھا مشرکوں کا حال۔

اور یہود و نصریٰ اہل کتاب تو خود حضور ﷺ کی رسالت کو بہت زیادہ جاننے والے تھے۔ اور یقین کیساتھ حضور ﷺ کو پہچانتے تھے۔ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ وہ آپ کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں۔ اور یہ پشت در پشت سے نبی آخر الزماں کے منتظر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور مرتے وقت اپنے لڑکوں کو وصیت نامے لکھ کر دے جاتے تھے کہ جب نبی آخر الزماں تشریف لائیں تو ہمارا اسلام پہنچائیں اور عرض کریں کہ ہم نے آپ کے انتظار میں جانیں دے دیں ہیں۔ ہمارے اسلام کو قبول فرمائیں اور ہمیں اپنے غلاموں میں قبول فرمائیں۔

بیان کرتے ہیں کہ شاہان یمن میں سے تبع نامی مسلمان بادشاہ تھا اور اس کی قوم کافر تھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں نہیں جانتا تبع بنی تمیم تھا یا نہیں وہ اپنی جماعت کے ساتھ آخر الزماں کا نشان پہچانتے مدینہ منورہ آیا۔ اور اس شہر مکرم میں ٹھہر گیا۔ اس کے ساتھیوں نے تبع سے کہا کہ انہیں اپنی صحبت سے معاف رکھیں۔ اور ایک قول یہ ہے کہ انصار انہیں کی اولاد سے ہیں اور جب نور مبارک نے ظہور فرمایا تو وہ سب کفر کی تاریکیوں میں بھٹکتے رہ گئے۔ نعوذ باللہ من اخذلان۔

عفت: عفت کے معنی حرام سے بچنے کے ہیں۔ اور قاموس میں ہے اَلْعِفَّةُ عَمَّا لَايَحِلُّ وَلَا يَحْمَلُ عفت اسے کہتے ہیں جو چیز حلال اور اچھی نہ ہو اس سے بچتا رہے۔ حضور اکرم ﷺ میں وجود عفت اور اس کے کمال کا کس زبان سے بیان ہو سکتا ہے۔ جہاں عصمت آ گئی وہاں سب کچھ آ گیا۔ حدیث مبارک میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے کسی عورت کا ہاتھ تک نہ چھوا جس کے آپ مالک نہ ہوں۔ یہ ایک عبارت ہے جسے اہل عرف و عادت عفت و پارسائی کے بیان میں کہتے ہیں ورنہ حضور ﷺ کے لیے عفت کی حقیقت ہی نہیں آپ کے تمام اخلاق و اوصاف کی حقیقت اس سے بالاتر ہے۔ جتنا کہ بیان کیا جا سکتا ہے اور حضور اکرم ﷺ کی صفت مبارک راست گوئی اور صدق کلامی بار بار بیان کی جا چکی ہیں۔

عدل: لیکن عدل کے معنی خواہ عدالت و انصاف اور دادگستری کے لیے جائیں یا اخلاق و صفات میں اعتدال توسط لیے جائیں۔ حضور اکرم ﷺ کی ذات گرامی میں دونوں معنی تھے اور دونوں ہی متصور ہیں۔

ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ مال تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ تمیمی نے کہا عدل فرمایئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا جو تقسیم فرما رہے ہیں مبنی بر انصاف نہیں ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر اگر میں عدل نہیں کروں گا تو دوسرا کون کرے گا۔ یہ قصہ طویل ہے۔

ابوالعباس مبرد جو علم نحو کا امام ہے کہا کہ کسریٰ شاہ فارس نے اپنے دنوں کی تقسیم کر رکھی ہے۔ ہوا کا دن سونے کے لیے ابر آلود کا دن شکار کے لیے اور بارش والا دن شراب پینے کے لیے موزوں ہے اور روز آفتاب یعنی کھلا دن لوگوں کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے اچھا ہے۔ بیان کرتے ہیں کسریٰ لوگوں کی سیاسی سوجھ بوجھ میں عقلمند نہ تھا تو وہ اپنے دین میں کہاں ہوگا۔ لیکن ہمارے نبی

سیّد عالم ﷺ نے اپنے دن کو تین جزء پر تقسیم فرما رکھا تھا۔ دن کا ایک حصہ عبادت کے لیے اور ایک حصہ اہل وعیال کے لیے اور ایک حصہ خاص اپنے لیے پھر اس تیسرے حصے کو بھی اپنے لیے اور لوگوں کی حاجتیں پوری فرمانے کے لیے تقسیم کر دیا تھا۔ اس بیان کی تفصیل حلیہ شریف کے آخر باب میں گزر چکی ہے۔ ابو جعفر طبری سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے نقل کرتے ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے کبھی دو مرتبہ کے سوا کبھی بھی جاہلیت کے اعمال کا قصد نہ کیا اور ان دو مرتبہ میں بھی ہر بار اللہ تعالیٰ میرے اور میرے ارادے کے درمیان حائل ہو گیا پھر میں نے کبھی ایسا قصد نہ کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی رسالت سے سرفراز فرمایا۔ ایک مرتبہ تو ایسا ہوا کہ میں نے ایک رات اپنے اس ساتھی سے کہا جو میرے ساتھ بکریاں چرایا کرتا تھا کہ تم میری بکریوں کا خیال رکھنا۔ میں مکہ مکرمہ ہو آؤں اور افسانے کہوں اور سنوں۔ جس طرح نوجوان لوگ کہتے اور سنتے ہیں۔ میں وہاں سے چلا اور مکہ مکرمہ کی ایک سرائے میں آیا وہاں لوگ نشانہ بازی کر رہے تھے۔ اور دف ومزامیر بجا رہے تھے۔ اس دن کسی کے گھر میں شادی تھی۔ میں بیٹھ گیا تا کہ اسے سنوں لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے سلا دیا۔ اور مجھے اس وقت بیدار کیا جبکہ آفتاب کی گرمی پھیل چکی تھی میں لوٹ آیا اور دوسری مرتبہ بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا۔ پھر میں نے کبھی بھی اس برائی کا قصد نہ کیا۔ ﷺ

وقار و دبدبہ خاموشی اور راہ و روش: وصل: وقار وتوءدت کے لغوی معنی آہستگی کے ہیں لیکن مراد رعب ہیبت اور دبدبہ ہے۔ اور صمت کے معنی خاموش رہنے کے ہیں۔ اور مروت کے معنی مردی وانسانیت کے ہیں۔ اور ہدی بمعنی سیرت اور راہ روش ہیں۔

حضور اکرم ﷺ کی ذات مبارک میں حلم ووقار تھا اور آپ کی حرکات وسکنات میں بردباری وآہستگی ایسی تھی جو کسی دوسرے میں ممکن نہیں۔ حدیث مبارک میں مروی ہے آپ مجلس مبارک میں سب لوگوں سے بڑھ کر باوقار تھے۔ اور آپ کے جسم واعضاء کا کوئی عضو باہر نہ نکلتا تھا۔ جس طرح عام طور پر کوئی ہاتھوں کو گھماتا ہے کوئی پاؤں پھیلاتا ہے۔ وغیرہ۔

اکثر آپ کی نشست مبارک احتباء کے وضع پر ہوتی۔ احتباء اس نشست کو کہتے ہیں جو سرین پر بیٹھ کر گھٹنے اٹھا کر پنڈلیوں کو ملا کر بیٹھا جائے۔ آپ اس طرح کبھی چادر مبارک لپیٹ کر کبھی بغیر اس کے تشریف رکھتے۔ اور کبھی مربع (جہاں زانوں) نشست ہوتی۔ صبح کی نماز کے بعد اس وضع پر تشریف رکھ کر وظائف واوراد پڑھتے اور کبھی بوضع فرقصا تشریف رکھتے۔ اس کی تفسیر اس طرح کی گئی ہے کہ سرین پر نشست فرماتے یعنی رانوں کو اٹھاتے اور انہیں شکم اطہر سے ملاتے۔ اور دونوں ہاتھوں سے احتباء کرتے یعنی لپیٹتے۔ اور ان کو زانوں یا پنڈلیوں پر رکھتے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ رکبتین یعنی زانوؤں کا احتباء فرماتے اور رانوں کو شکم سے ملاتے۔ اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو اپنی بغل میں لاتے۔ احتباء کی یہ ایک خاص نوع ہے کہتے ہیں کہ ایسا بیٹھنا اعراب وعربا کا ہے۔

قیلیہ بنت مخرمہ کی حدیث میں ہے کہ میں نے حضور ﷺ کو حالت خشوع میں بوضع فرقصا بیٹھتے دیکھا تو میں خوف سے کانپ گئی۔ مطلب یہ کہ حضور اکرم ﷺ کو حالت خشوع میں اس طرح دیکھنے سے مجھ پر خوف طاری ہو گیا۔ خشوع کے معنی عاجزی کے ساتھ آنکھیں بند کرنا ہے۔ خضوع کے بھی قریب قریب یہی معنی ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ خشوع کا تعلق بدن سے ہے اور خضوع کا تعلق آواز وبصر سے ہے۔

اور بعض حدیثوں میں خشوع کو باطن پر اور خضوع کو ظاہر پر محمول کیا گیا ہے اور یہ دونوں لفظ سکون وتذلل کے معنی میں مشترک ہیں۔

حضور اکرم ﷺ بہت زیادہ خاموش پسند تھے اور ضرورت کے وقت ہی کلام فرمایا کرتے تھے۔ اور جو کوئی غیر جمیل یعنی بغیر حسن وخوبی کے بات کرتا آپ اس سے رخ پھیر لیا کرتے۔ آپ کا کلام قول فیصل ہوتا۔ اظہار مطلب میں الفاظ نہ زیادہ ہوتے اور نہ کم۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ اس طرح کلام فرماتے کہ آپ کے کلمات کو شمار کیا جا سکتا تھا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ترتیل و ترسیل کے ساتھ تھا۔ صراح میں ہے کہ ترتیل کے معنی آرام کے ساتھ ہموار اور خوب واضح لفظوں سے پڑھنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا. یعنی قرآن کو خوب واضح حروف، آرام و سکون اور ہموار لفظوں سے پڑھو۔'' ترسیل کے بھی یہی معنی ہیں۔ ان کے معانی کی تحقیق ''رسالہ تجوید'' میں کی گئی ہے۔

ابن ابی ہالہ رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاموش پسندی کا سبب چار چیزیں تھیں۔ حلم، حذر یعنی خشیت الٰہی، تقدیر او تفکر یعنی غور و خوض، آپ کا ہنسنا مسکرانے کی حد تک تھا۔ اور آپ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں صحابہ کا ہنسنا بھی آپ کی پیروی اور اجتماع ہی میں تھا۔ آپ کی مجلس مبارک، حلم و حیا اور خیر و امانت کی مجلس تھی جس میں آوازیں بلند و اونچی نہ ہوتیں۔ بری باتوں سے اجتناب کیا جاتا تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کلام فرماتے تو تمام صحابہ اپنے سروں کو جھکا لیتے۔ گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر سر اٹھایا تو وہ اڑ جائیں گے۔ صاحب الشفا نے صحابہ کرام کی اس حالت کو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام فرمانے کی حالت کے ساتھ مخصوص و مقید کیا ہے۔ حالانکہ دیگر کتابوں میں مطلقاً آیا ہے کہ مجلس نبوی کی حاضری میں صحابہ کرام کی ہمہ وقت یہی حالت رہتی تھی۔

ایک اور حدیث میں کہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں منہ میں سنگریزہ رکھ کر بیٹھا کرتے تھے تاکہ سانس نہ گھٹنے پائے اور بات نہ کر سکیں۔ یہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال پر محبت کی لڑی میں پروکر نظر جمائے رکھتے تھے۔

آپ کی رفتار مبارک اور چلنے کی کیفیت حلیہ مبارک کے ضمن میں معلوم ہو گئی ہوگی۔ آپ کی مروت میں سے یہ بھی ہے کہ آپ نے کھانے پینے کو پھونک پھونک کر کھانے پینے سے منع فرمایا ہے اور سامنے رکھا ہوا سے کھانے کا حکم فرمایا اور مسواک کرنے، منہ، انگلیوں کے پوروں، گھائیوں اور جوڑوں کو خوب صاف کرنے کا حکم فرمایا۔

آپ کی سیرت مبارکہ یعنی رہ و روش بہترین سیرت تھی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ

خَيْرُ الْحَدِيْثِ كَلَامُ اللّٰهِ وَ خَيْرُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بہترین کلام کلام اللہ ہے اور بہترین سیرت حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارک ہے۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو اور معطر فضا کو محبوب رکھتے۔ خود بھی استعمال فرماتے۔ اور دوسروں کو ترغیب دیا کرتے تھے۔ چنانچہ فرمایا:

حُبِّبَ اِلَيَّ مِنْ دُنْيَاكُمُ النِّسَآءُ وَالطِّيْبُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ.

تمہاری دنیا میں مجھے تین چیزیں محبوب کی گئی ہیں۔ بیویاں، خوشبو اور نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک گردانی گئی۔

مطلب یہ کہ انہیں حق تعالیٰ نے میرے لیے محبوب بنایا ہے نہ یہ کہ میں نے اپنے اعمال و اختیار سے انہیں محبوب جانا ہے۔ نماز میری آنکھوں کے لیے آرام و قرار گردانا گیا یا میری آنکھوں کی خنکی و ٹھنڈک قرار دی گئی ہے۔ بیان کرتے ہیں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں خوشی و مسرت اور روشنی و خوشدلی پاتے اور جو ذوق و شہود حالت نماز میں آپ کو حاصل ہوتا وہ کسی دوسری عبادت اور کسی وقت نہ ہوتا۔

''قرۃ العین'' فرحت و سرور، دریافت مقصود اور انکشاف غیب سے کنایہ ہے۔ ''قرۃ'' قر سے مشتق ہے۔ جس کے معنی قرار و ثبات کے ہیں۔ چونکہ نظارہ محبوب کی دید سے قرار اور راحت و آرام حاصل ہوتا ہے۔ آپ سرور کی حالت میں دائیں بائیں دیکھتے۔ اور خوش حالی میں اپنی جگہ پر ساکن رہتے۔ محبوب کے غیر پر نظر ڈالنے سے پریشانی اور حیرانی ہوتی ہے۔ اس طرح حزن و ملا کی حالت میں بھی سرگردانی اور پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ اور آنکھیں ایسی وہ جاتی ہیں گویا ان پر موت طاری ہو گئی ہے۔'' یہ اس کی دلیل ہے۔

یاقرۃ'' قر سے مشتق ہے۔ بمعنی سردی وٹھنڈک۔ چونکہ محبوب کے مشاہدہ سے آنکھوں کو ٹھنڈک اور لذت حاصل ہوتی ہے۔ اسی بناء پر فرزند کو قرۃ العین کہتے ہیں اور یہ کہ فرمایا: فِی الصَّلٰوۃِ (نماز میں) الصلوٰۃ (نماز) نہ فرمایا اس میں یہ اشارہ ہے کہ آنکھوں کا سرور وآرام مشاہدہ حق سے ہے کہ بحکم ''کانک تراہ'' گویا کہ تم نماز میں اسے دیکھ رہے ہو۔'' یہ مشاہدہ حق حالت نماز میں حاصل ہے۔ اور نماز حق کا غیر ہے۔ اگر چہ اسی کی نعمت اور اسی کا فضل ہے۔ اور حق کی نعمت اور فضل سے خوش ہونا بھی ایک مقام بلند ہے۔ جیسا کہ فرمایا۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا فرمادو اللہ کے فضل ورحمت ہی کے ساتھ انہیں چاہیے کہ وہ مسرور ہوں۔

فضل ورحمت کا مقام مفضل ومنعم یعنی ذات باری تعالیٰ کے مشاہدے سے کم ہے اور فضل ورحمت کے ساتھ فرح وسرور ہے۔ اور حضور اکرم ﷺ کا مقام کہیں زیادہ اعلیٰ وارفع ہے۔ اسی بناپر فَلْيَفْرَحُوْا (انہیں خوش ہونا چاہیے) فرمایا اور فلتفرح نہ فرمایا کیونکہ ان میں حضور ﷺ کو خطاب ہوتا ہے۔ (مطلب یہ کہ امت کو چونکہ مقام ودرجہ بمقابلہ نبی کے کمتر ہوتا ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت پر ہی خوشی ومسرت کرنی چاہیے۔ اور نبی کا مقام اس سے بلند ہوتا ہے۔ خاص کر سیّد عالم ﷺ کا مقام جو کہیں زیادہ ارفع واعلیٰ ہے ﷺ اس لیے ان کی خوشی ومسرت مشاہدہ ذات باری تعالیٰ کے ساتھ ہے۔ (فت برازمترجم غفرلہ)۔

تنبیہ: واضح رہنا چاہیے کہ یہ کلمہ جو مذکور ہوا اس حدیث کا جزو ہے حُبِّبَ اِلَیَّ الطِّیْبُ وَالنِّسَآءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ صاحب مشکوٰۃ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمد ونسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور سخاوی ''مقاصد حسنہ'' میں فرماتے ہیں کہ طبرانی اسے ''اوسط'' اور ''الصغیر'' میں مرفوعاً لائے ہیں۔ اسی طرح خطیب ''تاریخ بغداد'' میں اور ابن عدی ''الکامل'' میں لائے ہیں۔ اور مستدرک میں بھی ہے۔ لیکن بغیر لفظ ''جعلت'' کے ہے اور کہا گیا ہے برشرط مسلم صحیح ہے۔ نسائی کے نزدیک بروایت انس ایک اور سند سے بزیادتی لفظ ''من الدنیا'' ایک مروی ہے اور بکثرت محدثین نے اسی وجہ کے ساتھ روایت کیا ہے۔ ابن قیم نے کہا کہ اسے امام احمد نے ''کتاب زہد'' میں بزیادتی لطیف روایت کیا ہے۔ وہ اضافہ یہ ہے کہ

اَصْبِرُ عَنِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ وَلَا عَنْهُنَّ کھانے پینے سے رک سکتا ہوں لیکن بیویوں سے نہیں رک سکتا۔

(وجہ یہ ہے کہ کھانا پینا اپنا ذاتی حق ہے اور ازواج کے حقوق دوسرے کا حق ہے اپنے حق کو باختیار خود چھوڑا جاسکتا ہے لیکن دوسروں کے حقوق اپنی مرضی سے کسی حال میں بھی ترک نہیں کیے جاسکتے۔ فافہم مترجم) سخاوی فرماتے ہیں کہ یہ جو مشہور ہے کہ اس حدیث میں لفظ ثلث (تین) کی زیادتی کے ساتھ ہے تو میں اس سے واقف نہیں ہوں مگر دو جگہ پر ایک ''احیا'' میں دوسرے کشاف کے سورۂ آل عمران میں۔

.....اور میں نے اس اضافہ کو اسناد حدیث میں سے کسی سند میں باوجود بہت جستجو وتلاش کے نہیں دیکھا۔ زرکشی نے اس معنی کی تصریح کی ہے اور کہا ہے کہ اس حدیث میں لفظ ''ثلث'' وارد نہیں ہوا ہے حالانکہ یہ اضافہ معنی میں خلل انداز ہوتا ہے۔ اس لیے کہ صلوٰۃ از قبیل اشیاء دنیا نہیں۔ اگر چہ اس کی تاویل بھی کی گئی ہے۔ شیخ حافظ ابن حجر عسقلانی نے رافعی کی روایت کردہ میں کہا ہے کہ لوگوں کی زبانوں پر لفظ ''ثلث'' مشہور ہوگیا ہے۔ لیکن میں نے اس لفظ کو اسناد میں کہیں نہیں پایا۔ اور ولی الدین عراقی بھی اپنی کتاب ''امالی'' میں فرماتے ہیں کہ لفظ ثلث کسی حدیث کی کتاب میں نہیں ہے اور صلوٰۃ از امور دنیا نہیں ہے۔

(انتہی کلام سخاوی) لہٰذا معلوم ہوا کہ اصل متن حدیث جس پر ائمہ حدیث کا اتفاق ہے اسی لفظ کے ساتھ ہے کہ

حُبِّبَ اِلَیَّ الطِّیْبُ وَالنِّسَآءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ میرے لیے تین چیزیں محبوب کی گئی ہیں۔ خوشبو۔ ازواج اور نماز میں آنکھوں کی ٹھنڈک اور آرام بنائی گئی۔

یہ متن بغیر اشکال کے ہے۔اور بعض روایتوں میں ''من الدنیا'' یا ''من دنیا کم'' آیا ہے۔اور بعض کتابوں میں لفظ ثلث بھی آیا ہے۔اگر ان دونوں میں ایک نہ ہوتو اشکال نہیں ہوتا۔اگر دونوں ہوں جیسا کہ لوگوں کی زبانوں پر مشہور ہے تو اشکال وارد ہوتا ہے۔اور اس کی تاول میں کوئی کہتا ہے کہ ''من الدنیا'' سے مراد دنیا میں ہوتا ہے۔

اور اس کا وجود اس جہان کی زندگانی سے ہے۔لہٰذا حاصل معنی یہ ہوئے کہ اس جہان میں مجھے تین چیزیں اچھی لگیں۔دوتو دنیاوی امور سے ہیں اور تیسرا امر اختیاری دینی ہے۔

کوئی کہتا ہے کہ از روئے ملال' تیسرا امر امور دنیا سے ہے۔اس کا ذکر نہیں کیا اور عدول کیا امر دینی سے برطریق تکمیل اور دفع توہم اس سے کہ اس میں لذت ومحبت ہے اور معاشرت ازواج میں انہماک' حق اور اس کی مناجات سے مشغولیت نہیں رکھتا۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ امر ثالث جس کا اس حدیث میں ذکر نہیں وہ خیل (گھوڑا) ہے۔والعلم عنداللہ جیسا کہ دوسری حدیث میں بروایت انس وارد ہے کہ

لَمْ يَكُنْ اَحَبَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَآءِ مِنَ الْخَيْلِ — حضور ﷺ کو ازواج کے بعد گھوڑے سے زیادہ محبوب کوئی چیز نہ تھی۔

اور یہ بھی احتمال رکھتا ہے کہ تیسرا امر طعام ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے۔فرمایا کہ رسول خدا ﷺ کو دنیا کی تین چیزیں اچھی معلوم ہوئیں۔کھانا' ازواج اور خوشبو۔تو آپ نے ان میں سے دو سے تو حظ اٹھایا اور ایک سے نہیں یعنی ازواج اور خوشبو سے تو محفوظ ہوئے اور کھانے سے نہیں اسے امام احمد نے روایت کیا (واللہ اعلم)۔

زُہد: حضور اکرم ﷺ کی صفت زہد اور اس کے کمال کا ذکر احادیث واخبار میں کافی ووافی ہے۔حضور اکرم ﷺ دنیاوی ملمع کاری سے کلیۃ مجتنب رہتے تھے۔حالانکہ آپ کے سامنے دنیا پوری چمک دمک کے ساتھ لائی گئی۔اور پے در پے فتوحات حاصل ہوئیں مگر جب آپ کا دنیا سے کوچ کرنے کا وقت آیا تو آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس گروی تھی جس سے اپنے اہل واعیال کے نفقہ کے لیے روپیہ حاصل کیا تھا۔حالانکہ آپ دعا فرمایا کرتے تھے: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا اے خدا! میرے اہل وعیال کے جان کی رمق باقی رہنے کے لیے رزق عطا فرما۔وفات کے وقت تک اس زرہ کو چھڑایا نہ جاسکا۔اور یہ سب کچھ زہد وسخاوت اور ایثار کی وجہ سے تھا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے کبھی مسلسل تین دن شکم سیر ہوکر روٹی نہ کھائی۔ایک اور روایت کے مطابق کبھی مسلسل دو دن جو کی روٹی ملاحظہ نہ فرمائی۔اگر آپ چاہتے تو اللہ تعالیٰ آپ کو اتنا دیتا کہ کسی کے وہم وخیال میں بھی نہ آسکتا تھا۔دوسری حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ کے اہل وعیال نے کبھی سیر ہوکر گندم کی روٹی نہ کھائی۔یہاں تک کہ حضور ﷺ وصال بحق ہوئے۔سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے درہم چھوڑا نہ دینار۔نہ بکری نہ اونٹ اور عمرو بن حارث کی روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے ترکہ میں کچھ نہ چھوڑا بجز ہتھیار' گھوڑا اور زمین کے۔اور اسے بھی صدقہ یعنی بحق بیت المال میں دے دیا تھا۔سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے اس حال میں رحلت فرمائی کہ گھر میں کوئی ایسی چیز نہ تھی جسے کوئی جگر والا کھا سکے مگر نصف کیل جو۔جو گھر کے ایک طاق میں پڑے ہوئے تھے۔حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً مجھ پر پیش کیا گیا کہ اگر چاہیں تو مکہ کی وادی بطحا کو میرے لیے سونا کردیا جائے۔تو میں نے عرض کیا نہیں اے رب! بس تو اتنا کردے کہ ایک دن تو بھوکا رہوں اور دوسرے دن کھاؤں۔اور جس دن بھوکا رہوں تیرے حضور ﷺ یہ گریہ وزاری کروں اور تجھ سے مانگوں۔اور جس دن کھاؤں اس دن تیرا شکر بجالاؤں۔اور تیری حمد وثنا

کروں۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جبریل نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے بعد سلام ارشاد فرمایا ہے کہ کیا آپ کو پسند ہے کہ ان سب پہاڑوں کو سونا کر دیا جائے۔ اور جہاں آپ تشریف فرما ہوں ساتھ جایا کریں۔ اس پر حضور ﷺ نے کچھ دیر سر مبارک کو جھکائے رکھا پھر فرمایا اے جبریل! دنیا اسکا گھر ہے جس کا کوئی گھر نہ ہو اور دنیا اس کا مال ہے جس کا کوئی مال نہ ہو۔ اور اسے وہی جمع کرتا ہے جسے عقل نہ ہو''۔ جبریل نے حضور ﷺ سے عرض کیا اے حبیب خدا! اللہ تعالیٰ قول ثابت پر آپ کو قائم و ثابت رکھے۔

سیّدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ ہم حضور اکرم ﷺ کی آل میں سے ہیں ہمارا یہ حال تھا کہ ہم ایک ایک مہینہ آگ نہیں جلاتے تھے اور ہمارے پاس بجز کھجور اور پانی کے کوئی خوراک نہ ہوتی تھی۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک بہت بڑا طباق کھانے کا لائے۔ اس پر آپ پر گریہ طاری ہوا اور فرمانے لگے۔ ''ہلاک شد رسول خدا ﷺ'' اور جو کی روٹی سے خود اور آپ کی ازواج مطہرات سیر نہ ہوئے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ اور آپ کی ازواجِ مطہرات مسلسل راتیں بغیر کھائے پیئے گذارتے تھے۔ اور رات کا کھانا موجود نہ ہوتا تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ نے کبھی دسترخوان یا سینی پر کھانا نوش نہ فرمایا۔ اور نہ آپ کے لیے پتلی چپاتی تیار کی گئی۔ کبھی بھی گوسفند ملیمہ یعنی دم پخت بکری آپ کے سامنے نہ دیکھی گئی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کبھی آسودہ خاطر نہ ہوئے اور نہ کبھی کسی سے اس کی شکایت فرمائی اور آپ کے نزدیک غنیٰ سے فاقہ کشی بہت زیادہ محبوب تھی اور حضور انور ﷺ فاقہ سے دن گزارتے۔ اور رات کو تمام شب بھوک سے شکم اطہر ملا کرتے۔ یہ شدت بھوک سے کنایہ ہے۔ آپ کی یہ حالت دن کے روزوں سے نہ روکتی۔ اگر آپ پروردگار سے مانگتے تو وہ آپ کو زمین کے تمام خزانے اور اس کے تمام میوے عنایت فرما دیتا۔ مجھے آپ کی محبت و شفقت کی بنا پر رونا آجاتا تھا جو کچھ کہ میں آپ کی حالت دیکھتی یا اپنے ہاتھ سے آپ کے شکم اطہر کو ملتی۔ اور بھوک سے جو کیفیت آپ پر ہوتی تو میں عرض کرتی روحی فداك یا رسول اللہ اے اللہ کے رسول! آپ پر میری جان قربان کاش کہ آپ دنیا سے اتنا لینا پسند فرماتے جو آپ کے کھانے کے لیے کافی ہوتا۔ اور قوت دیتا۔ اس پر آپ فرماتے: اے عائشہ! دنیا سے مجھے کیا سروکار؟ میں دنیا کا کیا کروں؟ میرے برادران جو کہ اولوالعزم رسول ہیں انہوں نے اس سے زیادہ سختیوں اور شدتوں پر صبر فرمایا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے حال سے گذر گئے۔ اور اپنے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچ گئے۔ اور ان کی اس مراجعت ربی کو حق تعالیٰ کے گرامی قدر بنایا اور انہیں بہت کچھ ثواب وصلہ مرحمت فرمایا۔ لہٰذا میں اپنے آپ کو پاتا ہوں اور تن آسانی سے شرماتا ہوں کہ اپنی زندگی ایسی گزاروں۔ پھر کل کو مجھے ان سے جدا کیا جائے۔ حالانکہ میرے نزدیک اپنے بھائیوں کے زمرہ میں شامل رہنے سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں ہے۔ میں ہوں اور میرے محبوب برادران۔ (ﷺ) سیّدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ اس واقعہ کے بعد حضور اکرم ﷺ دنیا میں ایک ماہ سے زیادہ اقامت نہ فرمائی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا کوئی خاص بستر نہ تھا۔ فقط ایک ایسا بچھونا جس میں روئی کی جگہ کھجور کے درخت کی چھال بھری ہوئی تھی۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول خدا ﷺ کے خانہ اقدس میں دوسوتی (پلاسی) تھی جسے میں دوتہہ کر کے بچھایا کرتی تھی۔ آپ اس پر آرام فرمایا کرتے تھے۔ ایک رات میں نے اس کی چار تہہ کر دیں تا کہ کچھ نرم ہو جائے۔ چنانچہ جب صبح بیدار ہوئی تو حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا: آج رات تم نے میرے لیے کیا بچھایا تھا۔ میں نے عرض کیا وہی بستر تھا جو روز بچھایا کرتی تھی۔ لیکن

آج رات میں نے اس کی چار تہہ کر دی تھیں۔ فرمایا اسے اسی حال پر رکھو اس لیے کہ اس کی نرمی مجھے رات کی نماز سے باز رکھتی ہے۔ آپ کی عادت کریمہ تھی کہ کبھی تخت پر آرام فرماتے یا کبھی اس کھجور کے پتوں کی چٹائی پر چٹائی کے نشانات آپ کے پہلوئے اقدس پر مرتسم ہو جاتے تھے۔ ﷺ

خوف وخشیتِ الٰہی وسختی طاعت اور شدتِ عبادت

وصل: حضورِ اکرم ﷺ کا خوف وخشیت الٰہی اور اس کی طاعت وعبادت حق تعالیٰ جل شانہ کے علم ومعرفت کے مطابق تھی۔ اور حقیقت یہ ہے کہ جو جتنا زیادہ جاننے والا اور حق تعالیٰ کے حقیقت کا شناسا ہوگا وہ اتنا ہی زیادہ اس کا خائف اور اس کا عبادت گزار ہوگا۔ اسی بنا پر حق تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا حقیقت یہ ہے کہ اس کی بندوں میں سے علماء ہی اللہ کی خشیت رکھتے ہیں

صحیح بخاری میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مروی ہے رسول ﷺ نے فرمایا اگر تم وہ جانو جو کچھ کہ میں جانتا ہوں تو تم کم ہنسو گے اور بہت زیادہ روگے" ترمذی کی روایت میں اتنا زیادہ ہے کہ فرمایا میں وہ تمام کچھ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے۔ اور میں وہ کچھ سن رہا ہوں جو تم نہیں سن سکتے۔ اور فرمایا کہ آسمان خاص قسم کی آواز نکالتا ہے اور اسی لائق ہے کہ آواز اطیط نکالے۔ "اطیط" پالان اور اونٹ کے درد وکرب سے کراہنے کی آواز کو کہتے ہیں اور آسمان کا "اطیط" کرنا ملائکہ کی کثرت واژدہام کی گراں باری کی بنا پر ہے۔ یہ کنایہ ہے اور فرمایا آسمان میں چار انگل بھی ایسی جگہ نہیں ہے۔ جہاں خدا کی حضور ﷺ فرشتے پیشانی رکھے سجدہ نہ کر رہے ہوں۔

دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا خدا کی قسم! اگر تم وہ کچھ جانو جو میں جانتا ہوں تو تم کم ہنسو گے اور بہت زیادہ روگے۔ اور اپنی بیویوں سے ہم بستری سے لذت نہ اٹھاؤ گے۔ اور زمینوں اور اس کی بلندیوں اور راہوں کی طرف نکل کھڑے ہوگے۔ اور خدا کے حضور ﷺ گڑگڑاؤ گے۔ اور فریاد کروگے۔ اور دعاؤں میں اونچی آوازوں سے پکاروگے۔ مطلب یہ کہ میں صبر وتحمل کی قوت سے ان کے بوجھ کو اٹھاتا ہوں۔ اگر تم جان لو تو ہرگز وہ بوجھ نہ اٹھا سکو گے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ جو اس حدیث کے راوی ہیں فرماتے ہیں کہ ہمہ وقت تمنا کرتا ہوں کہ کاش میں درخت ہوتا کہ کاٹ ڈالا جاتا۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کیا ملاحظہ فرما رہے ہیں؟ فرمایا میں دیکھ رہا ہوں بہشت ودوزخ کو۔

لہٰذا حق تعالیٰ نے آپ میں خشیتہ قلبیہ اور استحضار عظمت الٰہیہ کے ساتھ علم الیقین اور عین الیقین کو اس شان سے جمع فرمایا کہ کوئی دوسرا ایسا ہو ہی نہیں سکتا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کا نماز میں قیام اس طرح ہوتا کہ آپ کے پائے مبارک متورم ہو جاتے اس پر صحابہ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ اتنی محنت اور مشقت کس لیے برداشت فرماتے ہیں۔ حالانکہ حق تعالیٰ نے آپ کے سبب تمام اگلوں اور پچھلوں کے گناہوں کو معاف فرمایا ہے۔ اور آپ تو مغفور ہیں ہی۔ فرمایا کہ خدا کی اس عنایت وکرم پر کہ اس نے مغفور بنایا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ ﷺ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ کا ہر عمل لزوم ودوام لیے ہوئے ہے تم میں سے کس کی طاقت ہے جو حضور ﷺ جیسی مشقت برداشت کر سکے۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں حضورِ اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ حضور ﷺ خواب استراحت سے بیدار ہوئے۔ مسواک کی اور وضو کر کے نماز کے لیے کھڑے ہو گئے۔ تو میں بھی حضور ﷺ کے ساتھ نماز کے لیے کھڑا ہو گیا۔ پھر آپ نے سورۂ

بقر کی تلاوت شروع فرمائی تو کوئی رحمت والی آیت ایسی نہ گزری جس میں حضور ﷺ نے توقف کر کے خدا کے حضور ﷺ رحمت کی درخواست نہ کی ہو۔ اور ایسی کوئی عذاب والی آیت نہ گزری جس میں حضور ﷺ نے توقف کر کے خدا سے اس عذاب سے پناہ نہ مانگی ہو۔ پھر آپ نے قیام کے برابر طویل رکوع فرمایا۔ اور پڑھا سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَکُوْتِ وَالْعَظْمَةِ وَالْکِبْرِیَاءِ۔ پھر رکوع سے سر مبارک اٹھا کر اتنا ہی قیام فرمایا۔ اور اس میں یہی کلمات پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ کیا اس میں بھی یہی کلمات پڑھے۔ پھر دونوں سجدوں کے درمیان جلوس فرمایا۔ اس میں بھی اسی کی مانند کلمات پڑھے۔ (اس کے بعد بقیہ رکعتوں میں) سورۂ آل عمران، سورۂ نسا اور سورۂ مائدہ کی تلاوت کی۔ اور کبھی آپ ایک ہی آیت پر ساری رات قیام میں گزار دیتے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ آیت یہ ہوتی۔

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ○ اگر تو ان پر عذاب فرمائے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو تو ہی غالب حکمت والا ہے۔

اس سے مقصود امت کا عرض حال اور ان کی مغفرت کی درخواست تھی۔ منقول ہے کہ حضور ﷺ نماز ادا فرماتے ہوتے اور آپ کا شکم اطہر دیگ کے جوش مارنے سے آواز کی مانند آواز دے رہا ہوتا۔

ابن ابی ہالہ کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی یہ حالت تھی کہ آپ پر پے در پے غم آتے اور مسلسل آپ کو حزن وملال پہنچتا رہتا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اپنے رب سے روزانہ ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں اور ایک روایت میں سو بار ہے یہ سارا اندوہ وغم اور استغفار امت کے لیے تھا اس کے ماسوا اور بھی وجوہ علما بیان کرتے ہیں جسے رسالہ ''مرج البحرین'' میں ذکر کیا گیا ہے۔

سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ خدا ﷺ سے آپ سے وصال حق کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا میرے مال کی اساس معرفت ہے۔ میرے دین کی اصل عقل ہے۔ محبت میری اساس ہے۔ شوق میری سواری ہے ذکر اللہ میرا انیس ہے شفقت میرا خزانہ ہے، غم میرا رفیق ہے، علم میرا ہتھیار ہے، صبر میری چادر ہے، رضا میری غنیمت ہے۔ فقر میرا فخر ہے۔ زہد میری حرفت ہے۔ یقین میری قوت ہے۔ صدق میرا شفیق ہے۔ طاعت میری محبت ہے۔ جہاد میری خوبو ہے۔ اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک وآرام نماز میں ہے۔ میرے دل کا پھل ذکر میں ہے اور میرا غم، اپنی امت کے لیے ہے اور میرا شوق اپنے رب کی طرف ہے۔ ﷺ

قرآن پاک میں مذکورہ صفات وخصائل مبارک

وصل: صحیح بخاری میں بروایت عطاء رضی اللہ عنہ ایسی حدیث منقول ہے جو حضور اکرم ﷺ کے اکثر اخلاق کریمہ کی جامع ہے اور ان میں سے آپ کے کچھ صفات عالیہ قرآن کرم میں بھی مذکور ہیں۔ چنانچہ حدیث قدسی میں ہے:

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّحِرْزَ الْاُمِّیِّیْنَ یعنی آگاہ ہو۔ اے نبی! بیشک ہم نے آپ کو بھیجا گواہ اس کتاب پر جو ہم نے ان کی طرف بھیجی۔ ان کی تصدیق وتکذیب اور ان کی نجات وگمراہی پر گواہی دینے والا اور فرماں برداروں کو بشارت دینے والا اور نافرمانوں کو ڈرانے والا اور امیوں کے لیے یعنی اہل عرب کے لیے جو کہ حضور ﷺ کی قوم تھی ان کو پناہ دینے والا بھیجا۔ صراح میں ''حرز'' کے معنی ہموار اور اچھی جگہ کے ہیں اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ یعنی تم میرے بندہ خاص ہو اس مقام کی حقیقت اور اس مرتبہ خاص کا آپ کے سوا کوئی سزاوار نہیں۔ اور میں نے تمام مخلوق کی طرف رسول فرمایا سَمَّیْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ۔ میں نے تمہارا نام متوکل رکھا کیونکہ تمام کار اور اپنا بار تم نے میرے سپرد کر دیا۔ اور اپنی ہر ایک قوت وطاقت سے دستکش ہو گئے۔ اور تمام کاموں میں ہی

تمہارے ہر امر کا متولی ہوا لَیْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِیْظٍ۔ میرا یہ بندہ خاص ایسا ہے کہ نہ درشت خو ہے اور نہ سخت کو وَلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ نہ یہ بازاروں میں آوازیں بلند کرتا ہے۔ بازار کی قید اتفاقی ہے۔ کیونکہ بازاروں میں اکثر اونچی آوازیں ہوتی ہیں۔ اور معنوی لحاظ سے مراد یہ ہے کہ بازار میں آنے سے اجتناب فرماتے ہیں۔ کیونکہ وہ دنیاوی کاروبار کی جگہ ہے اور اہل آخرت کے لیے بلا ضرورت جانا ان کے حال کے لائق نہیں وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّئَةَ بِالسَّیِّئَةِ اور بدی کو بدی سے دور نہیں فرماتے۔ مطلب یہ ہے کہ بدی کا بدلہ بدی سے نہیں دیتے۔ اگر حد سے تجاوز نہ کیا جائے تو شریعت میں درست ہے وَلٰکِنْ یَّعْفُوْ وَیَغْفِرُ لیکن وہ معاف فرماتے چھپاتے اور بخشش کی دعا مانگتے ہیں بلکہ احسان فرماتے ہیں جیسا کہ دوسری جگہ خود ہی ارشاد فرمایا:

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ وَلَا یَقْبِضُهُ اللّٰهُ حَتّٰی یُقِیْمُ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ — بدی سے جو بہت اچھی ہو اس سے دور کرو اور اللہ روح قبض نہیں فرمائے گا جب تک آپ کے ذریعہ ٹیڑھے لوگ سیدھے نہ ہو جائیں۔

اور یہ کج رو اور ٹیڑھے لوگ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھ کر سیدھے ہو جائیں۔ وَیَفْتَحُ بِهٖ اَعْیُنًا عُمْیًا اور ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اندھی آنکھوں کو بینا فرمائے گا وَاٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا۔ اور بہرے کان اور دلوں کے پردے کھولے گا۔ اس حدیث میں بعض روایتوں میں اتنا زیادہ مروی ہے کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: اَسُدُّهٗ بِکُلِّ جَمِیْلٍ میں نے انہیں ہر خو بو اور خصلت کے ساتھ درست فرمایا ہے۔ صراح میں سداد کے معنی راست گفتاری اور راست کرداری کے ہیں وَاَهَبُّ لَهٗ کُلَّ خُلُقٍ کَرِیْمٍ اور میں نے ان کو ہر اچھی خصلت عطا فرمائی ہے: وَاَجْعَلُ السَّکِیْنَةَ لِبَاسَهٗ وَالْبِرَّ شِعَارَهٗ اور آرام واطمینان کو ان کا لباس بنایا۔ جو انہیں گھیرے ہوئے ہے۔ اور نیکی اور بھلائی کو ان کی علامت شعار بنایا۔ مانند اندرونی کپڑے کے جو آپ کے ساتھ چسپاں ہے: وَالتَّقْوٰی ضَمِیْرَهٗ اور پرہیز گاری کو ان کا ضمیر اور ان کا دل بنایا ہے۔ اس لیے کہ تقویٰ کی جڑوں میں ہوتی ہے اسی لیے حضور ﷺ نے فرمایا: اَلتَّقْوٰی هٰهُنَا۔ سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تقویٰ کی جگہ یہ ہے۔ اس کو ضمیر کے ساتھ تعبیر فرمایا کیونکہ ''اضمار'' دل میں بات چھپانے کو کہتے ہیں۔ وَالْحِکْمَةَ مَعْقُوْلَهٗ اور میں نے حکمت کو ان کی عقل مبارک بنایا۔ حکمت نام ہے اشیاء کے احوال کو جس طرح نفس الامر میں ہے۔ جاننے کا اور اس کے معنی راست گفتاری اور راست کرداری میں بھی آیا ہے۔ وَالصِّدْقَ وَالْوَفَاءَ طَبِیْعَتَهٗ اور میں نے سچائی اور ایفائے عہد کو ان کی طبیعت بنائی۔ والعفو والمعروف خلقہ درگزر فرمانا اور نیکی کا حکم کرنا ان کی خصلت رکھی وَالْعَدْلَ سِیْرَتَهٗ وَالْحَقَّ شَرِیْعَتَهٗ وَالْهُدٰی اِمَامَهٗ وَالْاِسْلَامَ مِلَّتَهٗ اور میں نے انصاف یا میانہ روی کو ان کی سیرت اور حق کو ان کی شریعت اور ہدایت کو ان کا امام اور اسلام ان کی ملت بنائی۔ و احمد اسمہ ان کا اسم گرامی احمد ہے۔ حضور اکرم ﷺ پچھلی امتوں میں محمد و احمد دونوں ناموں سے یاد کیے جاتے تھے۔ وَاَهْدِیْ بِهٖ بَعْدَ الضَّلَالَةِ۔ اور میں نے ان کے ذریعہ گمراہی کے بعد راہ راست دکھائی وَاَعْلَمُ بِهٖ بَعْدَ الْجَهَالَةِ اور جہالت کے بعد ان کے ذریعہ مینارۂ علم روشن فرمایا وَاَرْفَعُ بِهِ الْخِمَالَةَ۔ اور ان کے ذریعہ مخلوق کو پستی سے بام عروج پر پہنچایا۔ و اَسْمٰی بِهٖ بَعْدَ النَّکِرَةِ۔ اور ان کو بلند کیا اور شناسا کیا۔ جہالت اور ناشناسائی کے بعد ان کے ذریعہ وَاُکْثِرُ بِهٖ بَعْدَ الْقِلَّةِ۔ اور کمی کے بعد انہیں زیادہ کیا ان کے ذریعہ۔ وَاُغْنِیْ بِهٖ بَعْدَ الْعَیْلَةِ۔ اور ان کے ذریعہ انہیں بے نیاز کیا۔ فقر و احتیاج کے بعد وَاَلَّفُ بِهٖ بَیْنَ قُلُوْبٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَّاَهْوَاءٍ مُّتَشَتِّتَةٍ وَّاُمَمٍ مُّتَفَرِّقَةٍ۔ اور مختلف دلوں پراگندہ خیالوں اور جدا جدا ٹولوں کے درمیان ان کے ذریعہ الفت و محبت پیدا فرمائی۔ وَجَعَلَ اُمَّتَهٗ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ اور بنایا ان کی امت کو بہترین امت ان سب میں جتنی لوگوں میں امتیں نکالیں گئیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ واجمعین۔

باب سوم

در بیان فضل وشرف از آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ

اس باب میں حضورِ اکرم ﷺ کے ان فضل وشرف کا بیان ہے جو آیات قرآنیہ سے ثابت اور احادیث صحیحہ سے حاصل ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم میں نبی ﷺ کی عظمت وتعظیم امر علوشان، توقیر رہتی اور آپ کی مدح وثنا صراحت کے ساتھ موجود ہیں۔ چنانچہ پہلی دلیل کلمہ ''شاہد'' ہے جو رفعت مقام علوم مرتبت، عظمت شان اور حفظ ادب پر صادق ہے۔ اور دلالت کرتا ہے کہ کوئی بزرگی آپ کی بزرگی کے برابر اور کوئی قدر آپ کی قدر کے مساوی نہیں ہے۔ کتنی عظیم قدر ومنزلت ہے جس کی مدح وثنا پروردگارِ عالم مالک عرش عظیم فرمائے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم میں حضورِ اکرم ﷺ کے صفات، مراتب اور درجات کی جو تفصیلات ہیں ان کو حد وشمار میں لانا ناممکن ہے۔ پہلی وہ آیۃ کریمہ جو حضور ﷺ کے وجود رسالت، شفقت اور آپ کی رحمت کی خبر دیتی ہے اور بشارت بخشتی ہے۔ وہ یہ کہ فرمایا۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○

بیشک تشریف لایا تمہیں میں سے وہ رسول جن کو تمہاری مشقت میں پڑنا گراں ہے۔ تمہاری فلاح کے خواہشمند مسلمانوں کے ساتھ بہت مہربانی ورحمت فرمانے والے ہیں۔

مطلب یہ کہ تمہارے پاس اس نبی کریم کی تشریف آوری تمہارے ہی قبیل اور تمہاری ہی جنس سے ہے۔ اور تم ان کے صدق وامانت کے مقام ومرتبہ کو خوب جانتے ہو اور تمہارے درمیان وہ کبھی بھی متہم بالکذب نہ ہوئے اور تم ان کے آباؤ واجداد کو بھی جانتے ہو کہ وہ عرب میں سب سے اشرف افضل، ارفع اور طاہر ومطہر تھے کہ ان میں نہ سفاح (فحاشی وزنا کاری وغیرہ تھی)۔ اور نہ جہالیت کی خباثتیں۔ چنانچہ فرمایا: اُخْرِجَتْ مِنَ الْاَصْلَابِ الطَّاهِرَاتِ اِلَى الْاَرْحَامِ الطَّاهِرَاتِ یعنی مجھے اصلاب طاہرہ سے ارحام طاہرہ کی طرف منتقل کر کے عالم ظہور میں لایا گیا۔ اور تم ان کے شرف ذاتی، محامد صفاتی، عظایم اخلاقی اور محاسن افعالی کو دیکھتے رہے ہو۔ بعد ازاں ان کے بعض صفات کریمہ کو بیان بھی کرتے رہے ہو۔ اس کے بعد حق تعالیٰ فرماتا ہے ان پر تمہارا مشقت میں پڑنا اور دنیا وآخرت میں تمہارا زیاں کار ہونا سخت دشوار ہے۔ یہ تمہاری رشد وہدایت پر غایت حرص اور نہایت ہمت رکھتے ہیں۔ اور مسلمانوں کے ساتھ کمال رافت ورحمت اور شفقت ومہربان رکھتے ہیں۔

دوسری جگہ فرمایا:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِهِمْ.

بیشک اللہ نے مسلمانوں پر احسان فرمایا کہ انہیں میں سے ان میں رسول کو مبعوث فرمایا۔

اور فرمایا:

هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلاً مِّنْهُمْ

خدا کی یہ شان ہے کہ اس نے امیوں میں انہیں میں سے رسول کو

مبعوث فرمایا۔

اورفرمایا:

كَمَا اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلاً مِّنْكُمْ جیسا کہ ہم نے بھیجا تم میں رسول تمہیں میں سے۔

اورانہیں کی جنس سے رسول کا بھیجنا' انسیت' تصدیق' ایمان واتباع اور امتنان میں زیادہ داخل واقرب ہے۔

سیّدنا امام جعفر صادق سلام علیہ اللہ علیہ وعلی آباء الکرام فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ اپنی معرفت وطاعت میں مخلوق کے عجز کو جانتا ہے۔اس نے چاہا کہ معرفت کرائی جائے اور تعلیم دیجائے تو اس نے ان کے مابین ایسی مخلوق پیدا فرمائی جوانہیں جنس سے ہے۔اوراپنی صفت میں رحمت ورائفت کا لباس پہنا کران کا نام نبی صادق اور رسول برحق رکھا۔اوران کی اطاعت کو اپنی اطاعت کے موافق گردانا۔چنانچہ فرمایا:من یطع الرسول فقد اطاع اللہ جس نے رسول کریم کی پیروی کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اورنہیں بھیجا ہم نے مگرسارے جہاں کے لیے رحمت (انتہی کلام الامام)

حق تعالیٰ نے آپ کے ذاتی وجود کواور آپ کے شمائل وصفات کوتمام مخلوق پر رحمت بنا کر بھیجا۔لہٰذا جسے بھی رحمت کا حصہ پہنچا۔اس کے نصیب میں دنیاوآخرت میں نجات ملی۔اور ہر برائی سے محفوظ رہا۔اورمحبوب حقیقی سے واصل وفائز المرام ہوا۔جیسا کہ کتاب الشفا میں ہے اس تقدیر سے یہ مفہوم نکلتا ہے کہ حضورِاکرم ﷺ کا مومنوں پر رحمت ہونے کا مطلب یہ ہے کہ حضورِاکرم ﷺ مظہر ومصدر رحمت ہیں۔اگرکوئی انکار وعناداور استکبار کے مرض میں مبتلا ہوکر شقاوت وضلالت اور حرمان وخذلان میں پڑا رہے تو اس کا اپنے اوپر ہی ظلم ہوگا۔

یہ تقریراس توجیہہ کے موافق ومطابق ہے جواس ارشاد باری تعالیٰ کی تفسیر میں کی گئی ہے کہ فرمایا: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ (ہم نے انسان کونہیں پیدا کیا مگراس لیے کہ وہ عبادت کریں) مفسرین فرماتے ہیں کہ ان کا اس صورت پر پیدا فرمانا کہ وہ عبادت کی طرف متوجہ ہوں گویا ان میں ایسی صلاحیت واستعداد رکھی گئی ہے کہ وہ عقلوں کے ذریعہ غور وفکر کریں۔اور عقل ہی غلبہ غضبیہ کے لیے روک اور مانع ہے۔اور عقل ہی اسباب وآلات اور اجسام منقادہ اور تمام اسباب عبادت کے ایجاد کا ذریعہ ہے۔لہٰذا حضورِاکرم ﷺ مسلمانوں کے لیے بالفعل اور تمام لوگوں کے لیے بالقوہ رحمت ہیں۔اور بعض سب کے لیے بالفعل رحمت شمار کرتے ہیں۔چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ مومن کے لیے رحمت ہیں ہدایت کا ذریعہ اور منافق کے لیے رحمت ہیں قتل سے امان کے سبب اور کافروں کے لیے رحمت ہیں عذاب سے تاخیر ہونے کی وجہ سے۔دنیا میں ان پر عذاب کی جلدی کرنا اور حضور ﷺ کا ان کو قتل ونہب کرنا اور مفسدوں کو ہلاک کرنا بھی رحمت ہے۔کیونکہ اس میں نظام عالم اور درستی واصلاح کا ترتب موقوف ہے۔جس طرح کہ درخت سے خراب خشک شاخوں کا کاٹنا کہ وہ دیگر شاخوں کی درستگی واصلاح اور پھل لانے کا سبب ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسلمانوں کے لیے بھی رحمت ہیں۔اور کافروں کے لیے بھی۔اس لیے کہ انہیں سلامت رکھا ہے اس عذاب سے جوان کے سوا جھٹلانے والی امتوں کو پہنچا تھا۔

احادیث میں مذکور ہے کہ حضورِاکرم خدا کی یہ شان ہے کہ اس نے امیوں میں انہیں میں سے رسول کو نے حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ کیا تمہیں بھی میری رحمت کا حصہ ملا ہے۔عرض کیا ہاں! میں خوفزدہ رہتا تھا اپنے انجام سے اب میں بیخوف ہوگیا ہوں۔کیونکہ حق تعالیٰ نے اپنے اس ارشاد میں (جوکہ آپ پر نازل ہوا) میری تعریف فرمائی ہے۔فرمایا:ذِىْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ قوت والا عرش کے پاس مقیم اطاعت گزاروہاں امانتدار اور جبریل علیہ السلام کا یہ خوف بارگاہ قدس کی شان بے نیازی کی وجہ سے ہے جوکہ مقربان بارگاہ سے کبھی بھی جدا نہیں ہوسکتا۔

عرفاء فرماتے ہیں کہ جس دن سے ابلیس ملعون راندۂ درگاہ ہوا۔ عالم ملکوت کے رہنے والوں کا سکون جاتا رہا۔ ہمیشہ خوف زدہ رہنے لگے۔ اگرچہ بموجب وعدہ صادق امن وسکون میں رہنے کا بھروسہ ہے۔ جیسا کہ صحابہ کرام کے اصحاب مشورۃ کے حالات سے معلوم ہوتا ہے' کوئی کہتا ہے کہ ''کاش میں درخت ہوتا کہ کاٹ ڈالا جاتا۔ اور کوئی کہتا ہے'' کاش میں گوسفند ہوتا کہ لوگ ذبح کر کے کھا جاتے''۔

فائدہ: انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے یہ اقوال کہ لَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ (میں خوف نہیں کرتا اس سے جسے تم شریک گردانتے ہو مگر یہ کہ اللہ چاہے۔) اور یہ کہ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبُّنَا. (اور نہیں ہے ہمارے لیے یہ کہ ہم اس میں محفوظ رہیں مگر یہ کہ میرا رب چاہے) یہ اسی قبیل سے ہیں۔

صاحب کشاف زمخشری کا اس آیت سے حضور اکرم ﷺ سے جبریل کی افضلیت پر تمسک واستدلال کرنا کتنا ضعیف وکمزور ہے وہ اتنا نہ جان سکا کہ جبریل علیہ السلام کو یہ صفات حضور اکرم ﷺ کی رحمت کے طفیل میں حاصل ہوئی ہیں۔ اور اتنا نہ سمجھا کہ حضور اکرم ﷺ کو جتنا کمال صفت حاصل ہے اس کے پہلو میں جبریل علیہ السلام کی یہ صفت ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مضمحل اور کم حیثیت ہے اور جبریل علیہ السلام کی صفات گنتی کی ہیں اور حضور اکرم ﷺ کی صفات کا تو احصار وشمار دشوار اور ناممکن ہے۔

نیز یہ کہ دو شخص میں سے کسی ایک میں کسی خاص صفت کے بیان کرنے سے لازم نہیں آتا کہ دوسرے شخص میں بھی وہ صفت نہیں ہے۔ ہاں اقتضائے مقام کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ ان کی فضیلت قرآن کریم میں۔ بیان کر کے ان کی طرف نسبت کی گئی ہے۔ اور جب کہ نص قرآنی سے یہ ثابت ہے کہ حضور رحمتہ للعالمین ہیں اور ملائکہ بھی از زمرہ عالمیان ہیں تو ثابت وواجب ہوا کہ حضور ﷺ ان سے افضل ہیں۔ اور خود مفسرین رحمہم اللہ کی ایک جماعت ان صفات کو یعنی ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ کو حضور اکرم ﷺ پر محمول کرتے ہیں اور اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ (یہ عزت والے رسول کا فرمان ہے) میں رسول کریم سے مراد حضور اکرم ﷺ کو قرار دیتے ہیں۔

بعض علماء حضور اکرم ﷺ کے وجود گرامی سے اجزائے عالم میں رحمت کے حاصل ہونے کے بارے میں کہتے ہیں کہ مٹی کو آپ کی رحمت یہ ملی کہ وہ مطہر یعنی پاک کرنے والی ہوگئی اور پانی کو طوفان سے روک دیا گیا۔ اور ہوا شیاطین کے راستے سے سلامت ہوگئی اور آندھی کے ذریعہ کفار کو ہلاک کرنے سے محفوظ ہوگئی اور آگ صدقات کے جلانے سے بچ گئی۔ اور آسمان شیاطین کا اس تک پہنچنے اور باتوں کو چوری چھپے سننے سے محفوظ ہوگیا۔

ایک شخص نے اس بندہ مسکین (یعنی شیخ محدث دہلوی رحمتہ اللہ) سے دریافت کیا کہ ابلیس کو اس رحمت سے کیا چیز ملی۔ میں نے جواب دیا کہ حضور اکرم ﷺ کے دبدبۂ شوکت ہیبت اور حقانیت کے صدمے اور جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ (حق آیا اور باطل نابود ہوا) ورحسب ارشاد باری تعالیٰ: فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ تو اس سے ملعون کا وجود ناپید ونابود ہو جاتا۔ اور قیامت تک اس کے باقی رہنے کے لیے انتظار کا حکم جو واقع ہے وہ متغیر ومنسوخ ہو جاتا۔ لہٰذا یہ رحمت ہی کا اثر ہے کہ وہ باقی رہا۔

بیان نور وسراج: حق سبحانہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کا اسم گرامی انتہائی روشن اور منور ہونے کی بناء پر نور اور سراج منیر رکھا۔ اس لیے کہ آپ کے ذریعہ قرب ووصال حق کا طریقہ روشن وظاہر ہوا اور آپ کے جمال وکمال سے آنکھوں میں بینائی اور روشنی حاصل ہوئی۔ چنانچہ ارشاد باری ہے:

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ○ بیشک تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور روشن کتاب آئی۔

اورفرمایا:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا.

اے نبی! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا (حاضر و ناظر) بشارت دینے والا' ڈرانے والا' اللہ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بھیجا۔

علماء فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے آپ کو چراغ (سراج) سے تشبیہ دی۔ باوجود یکہ تشبیہ میں مبالغہ شمس وقمر سے زیادہ ہے۔ چراغ سے تشبیہ دینے میں حکمت یہ ہے کہ آپ کو وجود عنصری ارضی ہے۔ دوسری حکمت یہ کہ چراغ اپنا قائم مقام بناتا ہے۔ چنانچہ ایک چراغ سے لاکھوں چراغ روشن کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے برعکس چاند وسورج قائم مقام نہیں رکھتے۔ بیت

یک چراغ است دریں خانہ کہ از پرتو آں ہر کجا می نگری انجمن ساختہ اند

بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ حق تعالیٰ نے جو سراج سے تشبیہ دی ہے اس سے مراد تشبیہ بعید ہے تو بعید نہ ہوگا اس لیے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے آفتاب کو سراج فرمایا ہے۔ ارشاد ہے: وَجَعَلَ فِيْهَا سِرَاجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا (اور بنائے آسمان میں آفتاب وماہتاب روشن) اور فرمایا وجعلنا سراجاً وھاجا اور بنایا آفتاب کو چمکتا دمکتا) لہٰذا جس طرح عالم اجسام میں آفتاب افادہ نور کرتا ہے اور اپنے غیر سے مستفید نہیں ہے۔ اسی طرح حضور اکرم ﷺ کی ذات قدسی تمام نفوس بشریہ کے لیے افادہ انوار عقلیہ فرماتا ہے اور بجز ذات باری تبارک وتعالیٰ کے کسی سے استفادہ نہیں فرماتا۔ اس اعتبار سے کہ حضور ﷺ کی ذات الٰہی سے استفادہ فرماتے ہیں۔ اگر چاند سے تشبیہ دی جائے تو بھی درست ہوگا۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

اور حضور اکرم ﷺ کو 'نور' فرمانے میں اپنے اس ارشاد سے تسلیح ہے کہ 'اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ' 'اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے۔ لہٰذا آسمان وزمین میں نہیں ہے مگر نور الٰہی جو تمام موجودات میں ہویدا ہے اور وہی وجود حیات کا مالک ہے اور حضور اکرم ﷺ کا جمال وکمال اس نور الٰہی کا مظہر اتم ہے اور اس کے ظہور کا واسطہ ہے چنانچہ 'مَثَلُ نُوْرِهٖ الایہ' کی تفسیر میں مفسرین کہتے ہیں کہ قلب محمدی ﷺ میں میں ایمان کی مثال' اس مشکوٰۃ کی مانند ہے جس میں شمع روشن ہو۔ مشکوٰۃ' آپ کے صدر مبارک کی مثال ہے اور زجاجہ' آپ کے قلب اطہر کی مثال ہے اور مصباح' آپ کے قلب شریف میں جو نور معرفت وایمان ہے اس کی مثال ہے۔

اور فرمایا: اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ کیا ہم نے آپ کا انشراح صدر نہ فرمایا

آپ کے انشراح صدر میں جو عظیم نعمت ہے۔ اس نعمت کے اظہار احسان کے لیے فرمایا گیا اس سے مراد حضور اکرم ﷺ کے سینہ مبارک کی وسعت وکشادگی ہے جو کہ اللہ تعالیٰ سے تمام مناجات ودعوت خلق کے مابین' معارف کے انوار اور علوم' توحید' معرفت اور عجیب وغریب اسرار اور جہل وفکرت کی تنگی اور اعراض عن الحق اور اس کے ماسوئی سے عدم تعلق خاطر اور القائے وحی میں آسانی اور رسالت وتبلیغ کے بارہائے گراں کے برداشت کی طاقت مرحمت فرمانے کے لیے ہے۔ چنانچہ فرمایا:

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ اور ہم نے آپ سے اس بوجھ کو دور کر دیا جس نے آپ کی کمر دوہری کر رکھی تھی۔

انشراح صدر کی سب سے بڑی علت وغرض وہ نور ہے جو بندہ کے دل میں تاباں ہوتا ہے۔ چنانچہ فرمایا: وَاِذَا دَخَلَ النُّوْرُ الْقَلْبَ انْفَسَحَ وَانْشَرَحَ اور جب نور دل میں داخل ہو جاتا ہے تو وہ اسے کشادہ اور وسیع کر دیتا ہے اور اس کی بہترین خوبی یہ ہے کہ وہ دل کو صفات ذمیمہ اور بری خصلتوں سے پاک وصاف کر دیتا ہے۔ چنانچہ اس صفت میں سب سے کامل واتم اور اعلیٰ وافضل'

سید السادات فخر موجودات ﷺ کی ذات گرامی ہے۔اور آپ کی متبعین میں بقدر متابعت ومحبت ان کو بھی اس میں سے حصہ ملتا ہے۔اس بحث کو تفصیل کے ساتھ کتاب ''سفر السعادۃ'' اور بعض رسائل فارسیہ میں بیان کیا گیا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا: وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ہم نے آپ کے نام اور آپ کے ذکر کو دنیا وآخرت میں نبوت وشفاعت کے ساتھ بلند فرمایا ہے۔اور آپ کے اسم گرامی کو اپنے اسم جلالت کے ساتھ کلمہ اسلام' اذان' نماز اور تمام خطبات میں شامل وجزو قرار دیا۔کوئی خطبہ دینے والا' تشہد پڑھنے والا اور نماز ادا کرنے والا ایسا نہ ہوگا جو اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ. نہ کہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے۔رسول کریم ﷺ نے فرمایا جبریل نے آ کر عرض کیا کہ پروردگار عالم فرماتا ہے آپ جانتے ہیں کہ کس چیز کے ساتھ آپ کے ذکر کو میں نے بلند فرمایا ہے۔میں نے کہا اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے کہا اس طرح پر کہ اِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتُ مَعِيَ ۔جب آپ کا ذکر ہو تو میرے ساتھ ذکر کیا جائے۔اور میں نے پورے ایمان کو آپ کے ذکر کے ساتھ اپنے ذکر کی معیت میں لازم کیا ہے۔یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور کہا۔میں نے آپ کے ذکر کو اپنا ذکر' آپ کی اطاعت میری ہی اطاعت ہوگی۔مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ. جس نے رسول کی پیروی کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔اور آپ کی متابعت کو اپنی محبت کا مستلزم قرار دیا۔فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ فرمادو میرا اتباع کرو۔اللہ تمہیں محبوب بنالے گا۔

ندا بذکر صفات: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضور اکرم ﷺ کی جو قدر ومنزلت اور اعزاز واکرام ہے اس کا اثر یہ ہے کہ حق تعالیٰ ندا کے وقت آپ کو وصف نبوت اور رسالت کے ساتھ مخاطب فرماتا ہے چنانچہ فرمایا: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ (اے نبی! اے رسول! ﷺ) اور دیگر تمام نبیوں کو ان کے ناموں کے ساتھ یاد فرمایا ہے۔چنانچہ فرمایا۔یا آدم' یا نوح' یا موسیٰ یا عیسیٰ اور يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (اے جھرمٹ مارنے والے! يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. (اے چادر اوڑھنے والے!) جیسے محبت آمیز الفاظ سے مخاطب فرمانا یہ ارباب ذوق اور اہل محبت پر ظاہر ہے کہ اس میں کتنی محبت' پیار اور مہربانی جلوہ گر ہے۔ابونعیم نے بروایت سیّدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا کہ فرمایا جب آدم علیہ اسلام کو زمین ہند میں اتارا گیا تو وہ بہت پریشان ہوئے۔جبریل علیہ السلام نیچے آئے۔اور اذان شروع کی اور کہا: اَللّٰهُ اَكْبَرُ دوبار اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دوبار وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ دوبار آخر حدیث تک۔اور آپ کا اسم شریف عرش پر' ہر آسمان پر جنت میں ہر جگہ اور حوروں کی گردنوں میں لکھا ہوا ہے۔اور جنت میں کوئی درخت ایسا نہیں ہے جس کے پتے پتے پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ نہ لکھا ہو۔

بزار بروایت سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول خدا ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ جب مجھے آسمان کی طرف لے جایا گیا تو کوئی آسمان نہ گزرا مگر یہ کہ میں نے اپنا نام وہاں پایا وہاں لکھا تھا۔''محمد رسول اللہ' اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اسم گرامی سے آپ کے نام کو مشتق فرمایا جیسا کہ حسان بن ثابت فرماتے ہیں۔ ع فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَّهٰذَا مُحَمَّدٌ لہٰذا صاحب عرش کا نام محمود ہے۔اور آپ کا نام محمد ﷺ اور یہ کہ حق تعالیٰ نے اپنے اسماء حسنیٰ میں سے ستر ناموں کو حضور ﷺ کے نام سے موسوم فرمایا جیسا کہ انشاء تعالیٰ اسماء شریف کے باب میں آئے گا۔

حق تعالیٰ کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم یاد فرمانا: وصل: حضور اکرم ﷺ کے مناقب جلیلہ میں سے حق تعالیٰ اسمہ کا آپ کی عظمت اور قدر ومنزلت کی قسم یاد فرمانا ہے۔چنانچہ فرمایا: لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ قسم ہے آپ کی عمر کی' بے شک یہ اپنے نشے میں بہک رہے ہیں جمہور مفسرین کا یہ مذہب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کی مدت حیات وبقا کی قسم یاد فرمائی ہے۔اس میں انتہائی تعظیم اور غایت درجہ احسان وبزرگی ہے جس طرح محب اپنے محبوب کی قسم کھاتے وقت کہتا ہے تیرے سر کی قسم' تیری زندگی کی

قسم وغیرہ۔

سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک کوئی ذات' حضورِ اکرم رسولِ خدا ﷺ سے زیادہ گرامی تر پیدا نہ فرمائی۔ کیونکہ اس نے آپ کی حیات طیبہ کی قسم یاد فرمائی حالانکہ کسی اور کی ذات اور اس کی حیات کی قسم نہ فرمائی۔

اور ابوالجوزاء جو کہ بزرگ ترین تابعین میں سے ہے فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا کسی کی ذات کی قسم یاد فرمانا بجز سیّد عالم محمد ﷺ واقع نہیں ہے۔ اس لیے اس کے نزدیک آپ کی ذات گرامی ساری مخلوق سے بزرگ تر اور افضل ہے۔

علامہ قرطبی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا حضور ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کی قسم یاد فرمانا بیان صریح ہے ہمیں کب جائز ہے کہ ہم آپ کی حیاتِ مبارکہ کی قسم کھائیں۔

فائدہ: امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس نے نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ کی قسم کھائی اس پر ایفا واجب ہو جاتا ہے۔ اور اس قسم کے توڑنے پر کفارہ واجب ہوتا ہے۔ اس لیے کہ حضور ﷺ کی ذات گرامی' شہادت کے دو رکنوں میں ایک رکن ہے۔

اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ کی ذات گرامی سے قسم کا رواج آج تک جاری ہے۔ اور اہل مدینہ ہمیشہ ہی حضور ﷺ کی قسم کھایا کرتے ہیں۔ اور ان کا معمول ہے وہ کہتے ہیں کہ اسی ذات کی قسم جو اس قبر انور میں پوشیدہ ہے۔ اور اس ذات کی قسم جسے اس قبر انور نے چھپایا ہے۔ یعنی نبی کریم ﷺ۔

اللہ تعالیٰ نے ایک قسم اس طرح یاد فرمائی کہ اپنی ربوبیت کو اپنے حبیب ﷺ کی طرف نسبت کر کے قسم یاد کی۔ جیسے ''فَوَرَبِّكَ'' قسم ہے آپ کے رب کی۔

اور ''یٰسین والقران الحکیم'' (قسم ہے حکمت والے قرآن کی) میں مفسروں کا اختلاف ہے اکثر کا مذہب یہ ہے کہ یٰس حضور ﷺ کا اسم گرامی ہے جس طرح ''طٰہٰ'' ہے۔

سیّدنا امام جعفر صادق سلام اللہ علیہ وسلم وعلی آباۂ واولادہ الکرام سے منقول ہے کہ یٰس سے مراد حضور کا اسم گرامی اور خطاب ہے یعنی اے سید وسردار! بعض کہتے ہیں کہ لغت نبی طے میں اس کے معنی ''اے رجل!'' یا ''اے انسان!'' ہے۔ بہر تقدیر اس سے مراد ذات پاک مصطفیٰ ﷺ ہے۔ خواہ اس سے قسم مراد ہو یا فدا۔ یہ بھی آپ کی تعظیم اور علوشان کو متضمن ہے اور قرآن حکیم کے ساتھ قسم یاد کرنا۔ آپ کی رسالت کے تحقیق اور آپ کی ہدایت پر شہادت وگواہی کے لیے ہے۔ یعنی آپ صراط مستقیم پر گامزن ہیں۔ اور اس میں نہ کجی ہے اور نہ حق سے انحراف۔

شہر حرام کی قسم: علماء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کسی نبی کی رسالت کی قسم یاد نہ فرمائی بجز نبی کریم ﷺ کے۔ اور سورۃ مبارکہ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ۔ (قسم ہے مجھے اس شہر کی کیونکہ آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں۔) اس میں رسول کریم ﷺ کی تعظیم وتکریم کی زیادتی ہے کہ حق تعالیٰ نے قسم کو اس شہر سے جس کا نام بلد حرام اور بلد ایمن ہے۔ مقید فرمایا ہے اور جب حضورِ اکرم ﷺ نے اس شہر مبارک میں نزول اجلال فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ شہر معزز ومکرم ہو گیا۔ اور اسی مقام سے یہ مثل مشہور ہوئی کہ ''شَرُفَ الْمَكَانُ بِالْمَكِيْنِ یعنی مکان کی بزرگی رہنے والے سے ہے۔

اور آیت کریمہ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ (قسم ہے والد کی اور جو ان کے فرزند ہیں ان کی قسم) میں اگر والد سے مراد حضرت آدم علیہ السلام اور ''وَمَا وَلَدَ'' سے مراد ان کی نسل ہو تو حضورِ اکرم عموم نسل میں داخل ہیں۔ اور اگر والد سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ''ما ولد'' سے ان کی اولاد ہو تو حضورِ اکرم ﷺ مراد ہوں گے۔ غرض کہ اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی دو مرتبہ قسم یاد

فرمائی ہے۔

مواہب مدینہ میں علماء بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا بابی انت وامی یارسول اللہ اے اللہ کے رسول! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔ آپ کی فضلیت خدا کے نزدیک اس مرتبہ تک متحقق ہوگئی ہے کہ حق تعالیٰ آپ کی زندگانی کی قسم یاد فرماتا ہے اور کسی نبی کی زندگانی کی قسم یاد نہیں فرماتا۔ اور حق تعالیٰ کے نزدیک آپ کی فضلیت اس حد تک ہے وہ فرماتا ہے ''لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ'' قسم ہے مجھے اس شہر کی یعنی اس کے زمین کی قسم یاد فرماتا ہے۔ جو آپ کے قدموں کے نیچے پامال ہوتی ہے۔ گویا کہ آپ کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی ہے۔ ظاہر نظر میں یہ لفظ جناب باری عزائمہ کی نظر میں سخت معلوم ہوتا ہے۔ چونکہ انہوں نے کہا ''رسالت مآب کے خاک پا کی قسم یاد فرماتا ہے'' لیکن نظر بحقیقت' ہر غبار سے یہ معنی پاک وصاف ہیں اس کی تحقیق یہ ہے کہ رب العزت جل جلالہٗ کا اپنی ذات وصفات کے سوا کسی غیر چیز کی قسم یاد فرمانا' اظہار شرف وفضلیت دیگر اشیاء کی مقابلے میں اس چیز کو ممتاز کرنے کے لیے ہے جو لوگوں میں موجود ہے۔ تاکہ لوگ جان سکیں کہ یہ چیز نہایت عظمت وشرافت والی ہے تفصیل کلام یہ ہے کہ رب العزت جل وعلا نے کئی مرتبہ معتدد چیزوں پر قسم یاد فرمائی ہے۔ کبھی اپنی ذات وصفات کے ساتھ قسم یاد فرمائی اور کبھی ان بعض مخلوقات کی قسم یاد کی جو ذات وصفات باری تعالیٰ کی عظمت پر دلیل ونشان کے قبل سے ہیں۔ جیسے آسمان' زمین' دن اور رات وغیرہ کہ یہ اس کی آیات عظیمہ اور دلائل قدرت خارجہ میں ہیں۔ نجوم' کواکب' شمس وقمر یہ سب مطالع انوار' مظاہر اسرار اور عالم کو روشن کرنے' نسل انسانی کی مصلحتوں کو منضبط کرنے اور راہ معلوم کرنے کے اسباب وعلل اور شیاطین کو مار بھگانے کے موجب ہیں۔ بعض چیزیں ایسی ہیں جن کے اسرار کے ادراک سے کوتاہ بینوں کی نظریں عاجز وقاصر ہیں۔ پروردگار علم جل جلالہٗ نے ان کی قسم یاد فرمائی ہے۔ مثلاً وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ (الآیہ) قسم ہے انجیر کی اور قسم ہے زیتون کی۔ کون جان سکتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کتنی حکمتیں ودیعت فرمائی ہیں اور کتنے اسرار پنہاں ہیں۔ یہ سب اظہار فضلیت اور بہ نسبت دیگر اشیاء کے انہیں ممتاز فرمانے کے لیے ہے۔ یہی حال آدمیوں کی قسم کا ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات وصفات کے ساتھ قسم یاد فرمائی۔

زمانہ کی قسم: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ قسم ہے عصر کی بلاشبہ انسان یقیناً نقصان میں ہے الآیات۔

عصر کی تفسیر میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ عصر سے مراد زمانہ ہے لیکن صراح میں ہے کہ دن رات کی گردش کا نام عصر ہے اور اسی کو دہر یعنی زمانہ بھی کہتے ہیں۔ اور دہر عجیب وغریب واقعات وحادثات پر مشتمل ہے۔ جن کے بیان احصار سے زبان قاصر ہے۔ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّا الدَّهْرُ. (زمانہ کو برا نہ کہو۔ کیونکہ زمانہ میں ہوں) سے دہر مشرف ہے۔ اس میں خوشی وضرر' صحت وبیماری' آفات وخطرات' برکات وکمالات تو ام ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — بلاشبہ انسان نقصان میں ہے مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک کام کیے۔

لہٰذا حق تعالیٰ نے اس جگہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کی قسم فرمائی ہے۔ جس طرح لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ (قسم ہے مجھے اس شہر کی) میں آپ کے مکان کی اور ''لَعَمْرُكَ'' میں آپ کی زندگانی کی قسم فرمائی گئی ہے اور الم کی تفسیر میں بھی کئی قول ہیں ایک قول یہ ہے: الف سے مراد اللہ کی طرف اشارہ کرنا اور لام سے جبریل اور میم سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔ اور ''ق'' میں ایک قول کے بموجب اس سے قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت ہے۔ اس بناء پر کہ مشاہدہ ومکالمہ میں آپ تحمل فرماتے ہیں۔ اور ''وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى'' (قسم نجم کی کہ جب اترے) کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ ''النجم'' سے مراد قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور ''اذھوی'' سے انشراح صدر بالانوار اور انقطاع عن غیر اللہ

مراد ہے۔اور ہوی کے معنی اترنے کے بھی آتے ہیں۔

اور سورۂ ''والفجر'' (قسم ہے صبح روشن کی) تفسیر میں کہتے ہیں فجر سے مراد حضور اکرم ﷺ ہیں کہ آپ سے نور کی جھڑیاں برستی ہیں اور قول حق سبحانہ وتعالیٰ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الطَّارِقُ النَّجْمُ الثَّاقِبُ (اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے خوب چمکتا ہے تارا) اس سے بھی مراد حضور ﷺ کی ذات قدسی لیتے ہیں۔اور سورۂ نون میں نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ. (قسم ہے قلم کی اور جو وہ لکھے۔) حق تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ سے نفی جنون پر قسم یاد فرمائی ہے اور ثبوت ''اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ'' یعنی غیر مقطوع اجر یعنی نہ ختم ہونے والا اجر ثابت ہے اور خلق عظیم پر آپ کا ثبات استقرار ثابت ہے۔''نون'' اسماء حروف سے ہے جس طرح الم وغیرہ یا تو یہ سورتوں کے نام ہیں یا یہ اسماء الٰہی میں سے ہیں۔جیسا کہ حروف مقطعات کی تاویل میں مفسرین کے اقوال ہیں۔اور بعض کہتے ہیں کہ نون مچھلی کا نام ہے۔اور وہ مچھلی مراد ہے جس کے لیے اوپر زمین ہے اور اس کا نام بہموت ہے۔

سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا نون سے مراد دوات ہے لہٰذا دوات وقلم اور جو کچھ وہ لکھے کہ اس کی منفعت بہت عظیم ہے اور ایک قول یہ ہے کہ نون' نور کی ایک تختی ہے جس پر فرشتے قلم کے ساتھ اللہ تعالیٰ جو انہیں حکم فرمائے لکھتے رہتے ہیں۔حدیث میں آیا ہے کہ قلم یکے از آیات الٰہی ہے۔اور اولین مخلوقات میں سے ہے۔اور اس کے ذریعہ حق تعالیٰ نے مخلوق کی تقدیریں قلم بند کرائیں۔

فائدہ: اس جہان کا قلم' اسی قلم کا اعلیٰ نمونہ ہے جس کے ساتھ خدا کی شریعت اور حق تعالیٰ کی وحی لکھی جاتی ہے۔اسی کے ذریعہ دین وملت کو احاطہ میں لایا جاتا ہے۔اور اس کے ذریعہ علوم کو منضبط اور مدون کیا جاتا ہے۔پچھلوں کی خبریں اور ان کے مقالات اس سے قلم بند کیے جاتے ہیں اور اس کے ذریعہ نازل کردہ کتابیں اور آسمانی صحیفے لکھے جاتے ہیں۔اگر قلم نہ ہوتا تو دنیا وآخرت کے امور دینی اور دینوی برقرار نہ رہتے۔صاحب کشاف نے تفسیر سورۂ اقراء اور در بیان عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (سکھایا قلم سے) میں لکھتا ہے۔اگر اللہ تعالیٰ کی دقیق حکمتوں اور اس کی لطیف تدبیروں پر قلم اور خط کے سوا دوسری کوئی دلیل نہ ہوتی تو یہی کافی ہوتا اور قلم کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کے ذریعہ حمد الٰہی اور لغت مصطفوی' کتاب اللہ کی تفسیر' رسول اللہ کی حدیثوں کی شرح' اولیاء کرام کے مقالات اور ان کی نصیحتیں لکھی گئی ہیں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَسَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ○

تو افسوس ہے ان پر جو اپنے ہاتھوں سے لکھ کر کہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ ان سے کچھ رقم لے سکیں۔افسوس ہے۔ان کے لیے جو وہ کمائیں۔

اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر فرمایا:

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (اعاذنا من ذلك)

اور کہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں۔اور کہتے ہیں اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ۔(اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے پناہ میں رکھے۔آمین)۔

کفار' غایت جہل وحماقت اور عناد وتکبر سے حضور اکرم ﷺ کی طرف جنون وغیرہ کو منسوب کرتے تھے۔حالانکہ آپ کے معارضہ ومقابلہ میں کفار کے تمام عقلاء وفصحاء عاجز آ گئے تھے۔حبیب خدا ﷺ نے حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ سے وہ کچھ سیکھا اور سمجھا جہاں تک تمام عالم کی عقلوں کا گزر نہ ہو سکتا تھا اور آپ وہ کتاب لے کر تشریف لائے جس کے مقابلہ ومعارضہ سے فصحاء وبلغا عاجز رہ گئے۔اس کے بعد حق تعالیٰ نے اس عطا کی تعریف وثنا فرمائی جو اس کے تمام عطیوں میں سب سے عظیم ہے۔فرمایا: اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ بلاشبہ آپ کی خو بہت بڑی ہے۔یہ آپ کی نبوت ورسالت کی سب سے بڑی نشانیوں میں سے ہے۔سیّدہ عائشہ خلق عظیم کی تفسیر میں

فرماتی ہیں: کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآن آپ کا خلق قرآن تھا۔

تکریم وتنزیہہ اور تعظیم الٰہی وعدہ اعطائے نعم: اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی قدر ومنزلت آپ کی تعظیم وتکریم اور تنزیہہ وپاکی پر مشتمل ہے۔ یہ اس کی نعمتوں اور رحمتوں پر دلالت کرتی ہے۔ اور نعمت غیر متناہی عطا فرمانے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ ''سورۃ الضحیٰ'' میں حق تعالیٰ نے دن اور رات کی قسم یاد فرمائی۔ جو کہ مظہر آیات الٰہی ہیں۔ اور اس میں اپنے حبیب ﷺ کے دنیا وآخرت میں احوال شریف کی خبر دی گئی ہے۔ فرمایا: مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى اے حبیب! آپ کو آپ کے رب نے نہ چھوڑا۔ اور نہ دشمن بنایا جب سے کہ آپ کو برگزیدہ فرمایا۔ مفسرین ''ضحیٰ'' کو آپ کے روئے عالم آراء ہے اور ''لیل'' کو آپ کے گیسوئے عنبریں سے تعبیر کرتے ہیں جیسا کہ امام فخر الدین نے نقل کیا ہے۔ اس سورت کے بہ سلسلہ شان نزول اپنی تفسیر میں بیان کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ تک سلسلہ وحی کسی سبب یا کسی مصلحت کے بناء پر بند رہا۔ اس پر مشرکین چہ مگوئیاں کرنے لگے اور کہنے لگے کہ ان کے رب نے محمد کو چھوڑ دیا اور ان کو دشمن بنا دیا (معاذ اللہ) وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى اور آپ کی مرنے کی گھڑی پچھلی سے افضل ہے۔

مطلب یہ ہے کہ ہر آن مراتب' درجات اور وہ نعمتیں جو حق تعالیٰ نے آخرت میں رکھی ہیں مثلاً شفاعت ومقام محمود وغیرہ۔ وہ دنیا میں عطا کردہ نعمتوں سے بہتر وعالی تر ہیں۔ کیونکہ دنیا اپنی تشنگی اور گنجائش نہ رکھنے کی بنا پر اس کی جگہ نہیں رکھتی اِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا. جب آپ دیکھیں گے تو اس جگہ بڑی بڑی نعمتیں اور بہت بڑا ملک دیکھیں گے۔

یا یہ کہ آپ کے امر کی انتہا' ابتدا سے بہتر ہے۔ اس لیے کہ آپ کی ہر گھڑی' مراتب کمال اور فیضان عطا کس ترقی وعروج پر ہے۔ اور دنیا وآخرت میں جود وکرم اور بخشش وعطا اور وجوہ کرامت' انواع سعادت میں یہ آیۃ کریمہ جامع ہے کیونکہ فرمایا:

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى. عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے اپنے حبیب ﷺ سے وعدہ کیا جا رہا ہے کہ میں آپ کو اتنا عطا کروں گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ اس کا بیان حد وشمار اور حصر واحصار سے باہر ہے۔ اور شفا شریف میں بعض اہل بیت نبوت سلام علیہ علیہم اجمعین سے منقول ہے کہ قرآن کریم میں اس آیت سے زیادہ کوئی دوسری آیت موجب رضا نہیں ہے اس لیے کہ حضور اکرم ﷺ اس وقت تک راضی نہ ہوں گے۔ جب تک کہ ایک ایک امتی کو آتش دوزخ سے نہ نکال لیں۔

بندہ مسکین یعنی شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آیت کریمہ:

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو بیشک اللہ تمام گناہوں کو بخش دے گا۔

بھی موجب رجا اور باعث امیدواری ہے۔

فائدہ: لیکن یہ آیت گناہوں کی مغفرت پر منحصر ہے اور وہ آیت یعنی وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى رفع درجات اور حصول مراتب کی امید رکھنے میں بہت ہے۔ بُشْرٰى لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اے گروہ مسلمان! ہمارے لیے خوشی ہو۔

اِنَّ لَنَا مِنَ الْعِنَايَةِ رُكْنًا غَيْرَ مُنْهَدِمٍ بیشک ہمارے لیے عنایت کا ایسا کنارہ ہے جو غیر متزلزل ہے۔ صاحب مواہب الدنیہ پر تعجب ہے کہ انہوں نے کہا یہ جو جاہل لوگ ''حضور اکرم ﷺ پر افترا کرتے ہیں کہ حضور اپنے کسی امتی کو دوزخ میں داخل کیے جانے پر راضی نہ ہوں گے۔'' یہ شیطان کا دیا ہوا فریب ہے وہ ان کے ساتھ کھیل وتمسخر کرتا ہے۔ اس لیے کہ حضور اکرم ﷺ ہر اس چیز پر راضی ہیں جس پر اللہ تعالیٰ عزوجل راضی ہے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ گناہ گاروں کو دوزخ میں رکھے گا۔ اور رسول خدا ﷺ خدا کو اور اس کے حق کو

خوب پہچانتے ہیں۔ وہ اس سے بری ہیں کہ وہ خدا سے یہ کہیں کہ میں اس پر رضا مند نہیں ہوں کہ میری امت میں سے کسی کو دوزخ میں داخل کرے یا اس کا وہاں ٹھکانہ بنا دے۔ بلکہ رب العزت حضور کو شفاعت کا اذن دے گا۔ لہٰذا حضور ہر اس شخص کی شفاعت کریں گے۔ جسے خدا چاہے گا۔ حضور اسی شخص کی شفاعت کریں گے۔ جس کے بارے میں اذن و رضا حاصل ہوگی۔ انتہی کلامہ۔

پوشیدہ نہیں رہنا چاہیے کہ شفاعت والی حدیث میں آیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ مختلف گناہگاروں لوگوں مثلاً زنا کار، چوری کرنے والے اور شراب پینے والے وغیرہ کی شفاعت کریں گے۔ پھر ان میں سے وہ لوگ باقی رہ جائیں گے۔ جنہیں رائی کے دانہ کے برابر یا حبہ کے برابر ایمان ہوگا۔ اور کوئی نیکی بجز رائی کے برابر ایمان کے نہ ہوگی۔ ان کے لیے اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ میرے بندے ہیں اور میرے خاص ہیں ان کے لیے اپنے آپ سے شفاعت کروں گا تو وہ بخشے جائیں گے اور دوزخ سے نکالے جائیں گے۔ یہ سب حضور ہی کی شفاعت کبریٰ کا ثمرہ ہوگا۔ ﷺ

فائدہ: یہ ظاہر ہے کہ شفاعت باری تعالیٰ کے اذن اور رضا کے بغیر نہ ہوگی لیکن حق تعالیٰ اپنے اس وعدہ کے بموجب جو دنیا میں آپ کے راضی کرنے کا دیا ہے۔ شفاعت کا اذن اور رضا مرحمت فرمائے گا۔ اور مواہب لدنیہ جس کا قول نقل ہوا ہے اس کی مراد دوزخ میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے کے لیے ہے اور یہ مسلم ہے کہ گناہ گار ہمیشہ کے لیے دوزخ میں نہ رہیں گے اور اس قول میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ حضورِ اکرم اپنے کسی امتی کے دوزخ میں داخل ہونے سے راضی نہ ہوں گے دوسرے یہ کہ اپنے کسی امتی کے دوزخ میں باقی رہنے پر راضی نہ ہوں گے۔

اس کے بعد سورۂ ''والضحیٰ'' میں ان نعمتوں کا بیان ہے۔ جو آپ کے ابتدائی احوال کے مطابق انعام و اکرام فرمائی گئیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ آخر میں بھی ایسا ہی ہے اور اسی طرح خدا کا انعام و اکرام رہے گا۔

لَقَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ فِيْمَا مَضٰى وَكَذٰلِكَ يُحْسِنُ فِيْمَا بَقٰى بلاشبہ اللہ نے ماضی میں بہت خوب کیا اسی طرح حال و مستقبل میں بھی خوب کرے گا۔ مطلب یہ ہے کہ سب کے ہاتھ کھینچ جانے اور یتیمی و بیکسی کے بعد بھی اپنی شفقت و عنایت کے دامن میں پرورش فرمائی اور مقام عطا فرمایا۔

بعض کہتے ہیں کہ یتیم کے معنی بیگانہ اور بے نظیر کے ہیں۔ گویا آپ کی ذات گرامی کو ان جاہلوں کے درمیان جو جہالت کی گھاٹیوں اور گمراہی کے گڑھوں میں پڑے ہوئے تھے نفیس تر اور بے نظیر پایا۔ اور ان میں سے آپ کو نکال کر علم اور مقام ہدایت کی فضا میں داخل فرمایا۔ اور آپ کے قلب انور کو قناعت و بے نیازی کی دولت سے مالا مال کر کے اموال و غنائم عطا فرما کر غنی بنایا۔ اور جب آپ کو صغر سنی، بیکسی اور یتیمی میں مہجور اور محروم نہ چھوڑا تو نبوت و رسالت سے اختصاص کے بعد آپ کو کیوں چھوڑے گا۔

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ تو اپنے رب کی نعمتوں کا خوب چرچا کرو۔

اس لیے کہ اظہار نعمت اور تحدیث نعمت، شکر گذاری اور احسان شناسی کا موجب ہے۔ اور شرائع و احکام کا پہنچانا اور لوگوں کی تعلیم و ہدایت فرمانا بھی تحدیث نعمت ہی کے قبیل سے ہے۔

سورۂ النجم: ''سورۂ النجم'' حضورِ اکرم ﷺ کے فضل و شرف اور آپ کی علامتوں پر اس طرح مشتمل ہے کہ ان کا شمار و احصار ناممکن ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے النجم کی قسم یاد فرمائی۔ نجم سے مراد ستاروں کی جنبش یا ثریا ہے اکثر اسے بنات یا قرآن کے نام سے بولتے ہیں۔ نجما نجما یعنی تھوڑا تھوڑا نازل ہوا یا محمد ﷺ شب معراج آسمان سے نیچے تشریف لائے یا قلب محمد ﷺ کو مشرح بانوار اور منقطع از اغیار ہے۔ اور وہ آسمان قدس سے زمین انس پر حضور کے ثبات پر نیچے آیا۔ اور ہدایت کا طریقہ بتایا۔ اور نفسانی

خواہشات سے اسے پاک وصاف فرمایا اور حق وصداقت سے لبریز کیا۔ جیسا کہ اس پر آیت کریمہ شاہد ہیں۔ اور ارادہ قلب جو کہ محل صدق وہدایت ہے۔ بہت ہی مناسب ہے کہ اس پر قسم اٹھائی جائے۔ ارشاد باری تعالیٰ:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى. وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں سنائی جاتی ہے۔

اس سے مراد قرآن ہے۔ اور اگر حضور کا کلام اور حدیث مراد لی جائے جو کہ وحی خفی کہلاتی ہے تو دو تین مقامات کا استثنا کرنا ہوگا۔ مثلاً بدر کے قیدیوں کا واقعہ، ماریہ قبطیہ اور شہد کا واقعہ اور تابیر نخل کا قصہ اسی استثناء کے زمرہ میں آئیں گے۔ کیونکہ اس پر آگاہی واقع ہوئی ہے۔

نیز درست ہے کہ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى. حق تعالیٰ فرماتا ہے ان کا اپنا نہیں ہے بلکہ وحی ہے۔ مواہب لدنیہ میں کہتے ہیں کہ قرآن کی طرف اعادۂ ضمیر سے یہ بہتر ہے اس سے کہ نطق یعنی گویائی قرآن وسنت دونوں کو شامل ہے۔ اور دونوں ہی وحی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ (ہم نے آپ پر کتاب اور حکمت نازل فرمائی) کتاب سے مراد قرآن اور حکمت سے سنت مراد ہے۔

اوزاعی حسان بن عطیہ سے روایت کرتے ہیں کہ جبریل علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں سنت لے کر اس طرح آتے ہیں جس طرح قرآن لے کر آتے۔ اور آپ کو تعلیم دیتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نطق قرآن کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ آپ کا اجتہاد بھی وحی حق ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ کے بعد آپ کے فضائل میں قصہ اسریٰ یعنی شب معراج کا ذکر سورۂ والنجم میں کیا گیا ہے کہ حضور ''سدرۃ المنتہیٰ'' تک پہنچے۔ یہ مقام مخلوق کے علوم کے پہنچنے کی انتہا ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے بصر مبارک یعنی چشم مبارک کی تشریح فرمائی کہ وہ آنکھ نہ کسی طرف پھری اور نہ حد سے بڑھی اور حضور نے جو کچھ ملاحظہ فرمایا اور جو کچھ آپ پر مقام جبروت ولاہوت سے منکشف ہوا اور جو عجائب ملکوت کا مشاہدہ فرمایا ان کو عبارت والفاظ میں قید نہیں کیا جا سکتا۔ اور افہام وعقول میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ کم سے کم کو بھی سن کر برداشت کر سکیں۔ اسی بناء پر اللہ تعالیٰ نے ایسے رمز وکنایہ اور اشارہ سے بیان فرمایا جو آپ کی عظمت وتوقیر پر دلالت کرے۔ چنانچہ فرمایا:

فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى تو وحی فرمائی اپنے بندہ کو جو وحی فرمائی۔

اہل علم حضرات فرماتے ہیں کہ اللہ رب العزت نے اپنے حبیب ﷺ سے تین قسم کا کلام فرمایا ایک اس عبارت کے ساتھ جو لغت عرب پر ہے۔ اور جس کا ظاہر مخلوق کی سمجھ میں آتا ہے۔ دوسرے اشاروں میں جیسے قرآن کے حروف مقطعات جن کے سمجھنے اور تحقیق کرنے کی کسی میں صلاحیت اور طاقت نہیں اور تیسرے خالص ابہام میں کلام فرمایا جو کسی کے تصور وخیال میں بھی نہیں آ سکتا۔ چنانچہ فرمایا:

فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى تو وحی فرمائی اپنے بندہ کو جو وحی فرمائی۔

اب رہا رویت کا مسئلہ! جس کا اثبات اس سورۃ میں کیا گیا ہے۔ تو اس میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ آیا یہ رویت جبریل کی ہے یا یہ رویت حق، دل سے ہے یا آنکھ سے۔ محقق قول آخر کا ہی ہے یعنی رویت حق بچشم سر۔

کعب احبار فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے رویت اور کلام کو حضور اکرم ﷺ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان تقسیم فرمایا ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے دو بار کلام فرمایا اور حضور اکرم ﷺ کو دو بار دیدار کروایا۔ سیدنا ابن عباس اور اکثر صحابہ کرام

رضی اللہ عنہم کا قول یہی ہے لیکن سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس مسئلہ کے خلاف گئی ہیں۔ واللہ اعلم۔

فائدہ: بہر تقدیر یہ سورۃ مبارکہ حضور اکرم ﷺ کے انتہائی فضل و کمال پر دلالت کرتی ہے۔ جو آپ کے سوا کسی کو بھی حاصل نہیں ہے۔ اور سورۂ اذا الشمس کورت میں:

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۝ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ۝

بیشک یہ عزت والے رسول کا پڑھنا ہے جو قوت والا ہے۔ مالک عرش کے حضور عزت والا وہاں اس کا حکم مانا جاتا ہے۔

بعض مفسرین کے نزدیک یہ آیۂ کریمہ نبی کریم ﷺ کی ذاتِ مبارکہ پر محمول ہے۔ کیونکہ آپ ان صفات اور تمام فضائل و کرامات کے جامع ہیں۔ جس طرح کہ سورۂ ''الحاقۃ'' میں اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ (یہ عزت والے رسول کا پڑھنا ہے) سے حضور ﷺ کی ذات شریف مراد ہے۔ ﷺ

سورۂ طٰہٰ و یٰسین: اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے بارے میں ارشاد فرمایا: طٰهٰ وَمَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى. اے محبوب! ہم نے قرآن اس لیے نازل نہ فرمایا کہ آپ مشقت میں پڑیں۔

اس سورۂ مبارکہ کے نازل ہونے کا سبب ''سورۂ یٰس'' ہے یعنی اس کے نازل ہونے کے بعد نازل ہوئی۔ کیونکہ سورۂ یٰس میں فرمایا گیا۔

يٰسٓ. وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ. اے سیّد عالم! قسم ہے حکمت والے قرآن کی۔ بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں۔

''طٰہٰ'' کو بھی آپ کے اسماء مبارک میں شمار کرتے ہیں۔ اور انسان اور مرد بھی مراد لیتے ہیں۔ جس طرح کہ یٰسین کو ''یا سید'' پر محمول کرتے ہیں۔ اسی طرح طٰہٰ کو بمعنی یا طاہر یا ہادی پر محمول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بحساب ''ابجد'' طا کے نو اور رہا کے پانچ کل چودہ عدد بنتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اے چودھویں رات کے چاند! جیسا کہ شعر ہے۔

رخت را خواندہ طٰہٰ را مردرگاہ چو ماہ چاردہ بل چاردہ ماہ

لیکن مفسرین اس قسم کی تفسیر و تاویل کو بدعت کہتے ہیں۔ اور طٰہٰ کو اسم الٰہی بھی شمار کرتے ہیں۔ غرض کہ دونوں سورتیں حبیب خدا ﷺ کی مدح و ثنا کا افادہ کرتی ہیں۔ اسی بناء پر کہا گیا ہے۔

ترا عرلولاک تمکیں بس است ثنائے تو طٰہٰ و یٰس بس است

''یٰس'' نبی کریم ﷺ کے صراطِ مستقیم اور دین قویم پر قسم شہادت ہے۔ اور طٰہٰ میں محبت شفقت کے طریقہ پر آپ کا اعزاز و اکرام ہے۔ جب حضور اکرم ﷺ نے طاعت و عبادت اور خصوصاً تہجد اور قیام لیل میں سخت ترین مشقتیں اٹھانی شروع فرمائی کہ آپ کے پائے مبارک ورم کر جاتے اور کبھی ایک پاؤں سے قیام فرماتے اس وقت طا اتری فرمایا:

طٰهٰ ۝ مَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى. اے محبوب! ہم نے یہ قرآن اس لیے تو نازل نہ فرمایا کہ آپ مشقتیں جھیلیں۔

''طٰہٰ'' اگر آپ کا اسم ہے تو بطریق ندا ہے۔ اور اگر اسم الٰہی ہے تو بطریق قسم ہے۔ اور اگر اسے حضور اکرم کا اسم مبارک شمار کر کے قسم کے طور پر مان لیا جائے۔ تو بھی جائز ہے۔ اور اس التفات میں خطاب سے جہاں غیبت حاصل ہوتی ہے تو اس میں بھی خاص شفقت و اکرام ہے جو محبت کی چاشنی کی طریق پر لذیذ ہے فرماتا ہے: اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى نہیں ہے قرآن مگر حق یاد دلانے کے لیے اسے

جو خدا سے ڈرتا ہے۔ اس سے مراد آپ کی ذات شریف ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ جب آپ رات میں قیام فرماتے تو اپنے سینہ مبارک کو رسی سے باندھتے تا کہ نیند نہ آئے۔ اور تمام رات بیدار رہتے تھے۔

صاحب مواہب لدنیہ نے اسے بعید از قیاس بتایا ہے۔ واللہ اعلم۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ اس آیہ کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے کو مشقت میں نہ ڈالیں اور کفار کے کفر و انکار پر غم و غصہ فرما کر خود کو تکلیف نہ دیں۔ کیونکہ ہم نے قرآن کو آپ پر اسی لیے نازل فرمایا ہے کہ آپ انہیں خدا سے ڈرائیں اور تبلیغ فرمائیں جو بھی ایمان لائے گا اپنی ہی بھلائی کے لیے لائے گا اور جو بھی کفر پر قائم رہے گا وہ اپنے ہی لیے کرے گا۔ آپ کا فرض کو حکم کا پہنچانا ہے اور بس۔ جیسا کہ دوسری جگہ بھی بطریق شفقت و مہربانی ارشاد فرمایا گیا:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا۔ — تو کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے اور اس وہ بات پر ایمان نہ لائیں غم سے۔

مطلب یہ کہ اے محبوب! اگر وہ ایمان نہ لائیں تو کیا آپ اپنی جان کو غم و غصہ سے ان کی پیچھے ہلاکت میں ڈالدیں گے۔ ''الحدیث'' سے مراد قرآن ہے۔ اور فرمایا:

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ O — اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ آپ کا سینہ ان کی باتوں سے تنگ ہوتا ہے۔

اور یہ لوگ آپ اور حق تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہیں اور آپ کو جادوگر اور دیوانہ کہتے ہیں اور خدا کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں اور قرآن پر طعن کرتے ہیں۔ لہٰذا صبر فرمایئے کہ کفار کا یہی حال رہا ہے۔ اور آپ خوش رہئے۔ کہ آخر کار مدد آپ ہی کی ہوئی ہے۔ اور ہم نے قرآن کو آپ پر مشقت کے لیے تو نازل نہیں فرمایا کہ آپ ہمیشہ ہی غمگین رہیں جس طرح کہ تمام انبیاء رہے ہیں۔ اس جگہ غالباً تم کو شرح صدر کے ساتھ ضیق صدر (سینہ کی تنگی) خلجان میں ڈالے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (کیا ہم نے آپ کو انشراح صدر عطا نہ فرمایا۔) ممکن ہے یہ حال اس سے آگے کا ہو باوجود اس کے تلطف' محبت اور حق کی جانب سے دل جوئی' اس حال کے اقتضاء اور اس کلام کے صدور میں باقی ہے۔

بعض ارباب ذوق و وجدان فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ عبادت اور تکالیف شرعیہ میں باوجود غایت محبت و عنایت کے جو مشقت اٹھاتے تھے یہ اس قبیل سے ہے کہ محبوب قوی و توانا ہو اور محب ضعیف و ناتواں ہے۔ محبوب سے بغلگیر ہو کر اسے دبائے تو یہ ضعیف و ناتواں محب لامحالہ خاص قسم کی مشقت و تکلیف پائے گا۔ لیکن اس ضمن میں یہ جانا جا سکتا ہے کہ اس میں کس قدر ذوق و لذت پنہاں ہے۔ جاننے والا ہی جانتا اور سمجھنے والا ہی سمجھتا ہے۔ ع گر نکتہ داں بعشقے خوش بشنوایں حکایت۔

درود و سلام: وصل: اللہ تعالیٰ کی جانب سے حضور اکرم ﷺ کی تعظیم و تکریم' اعلائے شان' اظہار فضل و کرامت' اور رفع قدر و منزل کے سلسلے میں یہ ایک آیت کریمہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا O — بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پر خوب درود و سلام بھیجو۔

مسلمانو! تم اپنے خدا کی اطاعت کرو اور فرشتوں کی موفقت کرو اور اپنے نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجو۔ تمہارا فرشتوں کا درود بھیجنا یہی ہے کہ تم اپنے پروردگار سے دعا مانگو کہ ان پر درود بھیجے اور رحمت فرمادے۔ تم میں کہاں قدرت و طاقت ہے کہ تم ان پر درود بھیج سکو اور تم کو اتنی

کہاں پہچان کہ حضور ﷺ کی قدر ومنزلت اور شان کو جان سکو اور اس کے مطابق درود بھیج سکو۔ ہاں پروردگار عالم تقدس شانہ پہنچانتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً اَنَّہٗ لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَھَا اَھْلٌ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ. لہٰذا حق تعالیٰ نے عالم علوی وسفلی سب کو حضور ﷺ کی دعا وثنا میں مجتمع فرما کر آپ کے فضائل ومناقب کا اولین وآخرین میں اعلان فرمایا۔ اور مسلمانوں کے دلوں میں آپ کی محبت ایسی جاگزیں فرمائی کہ آپ کے ذکر سے ان کی روحیں راحت وسرور پاتیں اور آپ کا ذکر سننے سے خوشی میں ایسی لطف اندوز ہوتیں کہ آپ کی یاد میں جھوم جاتی ہیں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ آپ کی اتباع میں تمام موجودات کو لبریز کردوں گا تا کہ وہ آپ کی ثنا اور پیروی کریں۔ اور آپ پر درود وسلام بھیجیں۔ فرض نمازوں میں کوئی فرض ایسا نہیں ہے جس کو آپ نے سنت نہ بنایا ہو۔ یعنی فرض ادا کرنا آپ کی سنت کو پورا کرنا ہے۔ لہٰذا ان کی فرضیت میرے حکم سے فرض ہونے اور آپ کے حکم سے سنت ہونے میں متمسک ہے۔ حقیقت میں دونوں ہی میرے حکم اور آپ کے حکم کے ساتھ پیوست ہیں۔ یعنی ہر فرض میرے حکم اور آپ کے حکم کو شامل ہے۔ اور میں نے آپ کی اطاعت کو اپنی اطاعت' آپ کی بیعت کو اپنی بیعت بنایا۔ آپ کی فرامین کے لفظوں کو حفظ کریں گے۔ مفسرین میرے قرآن کے معنی تفسیر آپ سے کریں گے۔ واعظین آپ کی نصیحتوں کو لوگوں تک پہنچائیں گے۔ شاہان وسلاطین اور فقراء ومساکین دور دراز سے سفر کر کے آپ کے در پر حاضر ہو کر سلام عرض کریں گے۔ اور آپ کے روضہ انور کی خاک پاک کو اپنے چہروں پر ملیں گے اور آپ کی شفاعت کے امیدوار ہوں گے۔ آپ کی بزرگی اور شرافت ہمیشہ ہمیشہ باقی رہے گی۔ و الحمد للہ رب العلمین.

اور بعض علماء حضور انور کے ارشاد مبارک: وَجُعِلَتْ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ (اور صلوٰۃ میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی گئی) کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ اس سے مطلب آپ پر درود وسلام بھیجنا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور فرشتے آپ پر درود بھیجتے ہیں۔ لیکن محقق قول یہی ہے کہ اس سے مراد نماز ہے جیسا کہ حسن ہدیٰ اور سیرت حضور پاک کے بیان میں گزر چکا ہے۔

سورۂ فتح: بارگاہ قدس جل اسمہ کی جانب سے حضور اکرم ﷺ پر جو اتم نعمت اور اکمل اکمال جاہ وجلال وکرامت وبرکات ومرتبت وارد وفائز ہیں۔ سورہ فتح ان سب پر مشتمل ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے رسول پاک کی مدح وثنا کا اس میں خطبہ پڑھا ہے فرماتا ہے:

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا O لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ وَیَھْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا O وَّیَنْصُرَکَ اللّٰہُ نَصْرًا عَزِیْزًا O

بیشک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرمادی تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے۔ تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمہیں سیدھی راہ دکھائے اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔

واضح رہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سبحنہ وعز اسمہ کی جانب سے حضور اکرم ﷺ پر فتوحات وفیوضات صوریہ ومعنویہ اور کرامات وبرکات ظاہرہ وباطنہ جو فائض وصادر ہیں وہ غیر متناہی اور حد وشمار سے باہر ہیں۔ ان میں سے ایک تو شہروں کی فتوحات' بندگان خدا کی تسخیر' حصول غنائم' تقویت دین' کثرت امت اور احکام اسلام کی اشاعت ہے اور سب سے بڑی مکہ مکرمہ کی فتح ہے۔ کیونکہ فتح مکہ کے بعد تمام عرب قبائل اور لوگوں کی جماعتیں فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہونے لگیں۔ اور رسول خدا ﷺ عالم قدس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس سورۃ میں اس کے فتح ہونے کا وعدہ فرمایا گیا۔ اور یہ فتح یقینی طور پر واقع ہونے کا تذکرہ ماضی کے صیغہ اور ''فتح مبین'' کے ساتھ کیا گیا۔ فتح مبین کے معنی عزت وشوکت کو ظاہر کرنے والی اور دین اسلام کو غلبہ مرحمت فرمانے والی فتح بھی مروی ہے۔

اور آیہ کریمہ لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ کی تفسیر وتشریح میں بکثرت اقوال ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ اس

سے مراد وہ چیز ہے جو آپ کی بعثت نبوت سے پہلے زمانہ جاہلیت میں واقع ہوئی۔ امام سبکی فرماتے ہیں کہ یہ قول مردود ہے اس لیے نبی کریم ﷺ کو جاہلیت کی ہوا تک نہ لگی۔ اور یہ کہ آپ قبل از نبوت اور بعد نبوت معصوم ہیں۔ اور مجاہد نے کہا ما تقدم قبطیہ ''ماریہ'' میں اور ''مَا تَاَخَّرَ'' حضرت زید کی زوجہ سے عقد کا ارادہ فرمانے کے بارے میں ہے۔ امام سبکی فرماتے ہیں یہ قول باطل ہے اس لیے کہ قبطیہ ماریہ اور حضرت زید کی زوجہ کے بارے میں اصلاً ذنب ہے ہی نہیں جو ایسا اعتقاد رکھتا ہے وہ غلطی کرتا ہے۔ زمخشری نے کشاف میں اور تبعیت میں بیضاوی نے بھی اس کو نقل فرمادیا کہ اس سے مراد وہ تمام لغزشیں ہیں جو محل عتاب ہیں۔ امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ قول بھی مردود ہے۔ اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم السلام والصلوٰۃ کی عصمت ثابت ہے۔ البتہ ایسے صغائر جوان کے مرتبہ وشان کو کم نہ کرنے والے ہوں۔ اس میں اختلاف ہے۔ معتزلہ اور بہت سے غیر معتزلہ اس کے جواز کی طرف گئے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک مسلک مختار ممانعت ہے۔ اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے قول وفعل کی پیروی کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا ان سے ایسا فعل کیسے ہوسکتا ہے۔ جو ناشائستہ اور ناسزا ہے اور حشویہ'' حضرات انبیاء علیہم اسلام پر جرأت وجسارت کرتے ہیں۔ اور وہ ان پر مطلقاً بغیر کیسی قید کے جائز رکھنے کے قائل ہیں۔ اگر ان حشویوں کی طرف ان کے اس قول کی نسبت صحیح ہے تو یہ مجوج یعنی لائق التفات اور صحت کے قابل نہیں ہے کیونکہ امت کا اجماع اس کے خلاف ہے اور جو لوگ انبیاء علیہم السلام پر صغائر کو جائز رکھتے ہیں ان کے پاس نہ کوئی نص ہے اور نہ کوئی دلیل۔ بلکہ وہ صرف اسی آیت کو یا اس کی دوسری آیتوں کو اپنا ماخذ ٹھہراتے ہیں اور ان کا جواب بخوبی ظاہر کردیا گیا ہے۔

صغائر غیر رذیلہ کو جائز رکھنے کے بارے میں ابن عطیہ فرماتے ہیں کہ آیا صغائر غیر رذیلہ میں سے کچھ حضور اکرم ﷺ سے واقع ہوئے ہیں یا نہیں وہ اس میں اختلاف کرتے ہیں۔ لیکن صحیح یہی ہے کہ حضور ﷺ سے ان میں سے کچھ بھی واقع نہ ہوا۔ امام سبکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں اس میں ذرہ بھر بھی شک وشبہ نہیں رکھتا کہ آپ سے کچھ واقع نہیں ہوا۔ اور آپ کے اس قول وحال کے برخلاف کوئی گمان بھی کیسے لاسکتا ہے۔ جب کہ آپ کی صفت میں حق تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ○ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ○ یہ نبی اپنی خواہش سے فرماتے ہی نہیں، نہیں ہے یہ مگر وحی جو کی گئی۔

اب رہا آپ کا فعل مبارک، تو صحابہ کرام کا اجماع معلوم ہے کہ وہ آپ کی قطعیت کے ساتھ پیروی کرتے اور آپ سے جو کچھ قلیل وکثیر یا صغیر وکبیر عمل کرنا ظاہر ہوتا وہ ہر ایک میں آپ کی اقتداء کرتے تھے حتیٰ کہ حضور ﷺ پوشیدگی وخلوت میں جو عمل فرماتے اس کے علم کی بھی وہ حرص وخواہش رکھتے اور اس کی متابعت کرتے تھے خواہ حضور ﷺ کے علم میں آئے یا نہ آئے۔ جو بھی صحابہ کرام کے ان احوال پر جو رسول کریم ﷺ کی متابعت کے سلسلے میں ہے غور وفکر کرے گا۔ بخوبی جان لے گا۔ اور جو شخص بھی حضور اکرم ﷺ کے احوال مبارکہ کو اوّل سے آخر تک جانے گا اور مشاہدہ کرے گا وہ اس قسم کی بات اپنے منہ سے حضور ﷺ کے بارے میں نکالنے یا اپنے دل میں اس قسم کا وہم وخیال تک لانے میں شرم محسوس کرے گا۔ (اعیاذنا اللہ منہا)

امام سبکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے ایسی بات نہ کہی ہوتی تو میں اس کا ذکر نہ کرتا۔ اور اس آیت کی تفسیر میں زمخشری نے جو قول نقل کیا ہے ہم اس سے نہ صرف بیزار ہیں بلکہ خدا سے انصاف چاہتے ہیں۔ یہ امام سبکی کا کلام زمخشری کے مقالہ کے رد میں ہے جسے علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسائل میں ذکر فرمایا ہے۔ اس کے سوا اور بھی اقوال بیان کئے ہیں جو گیارہ بلکہ اس سے زیادہ تک پہنچتے ہیں۔ جسے امام سبکی نے اپنی تفسیر میں بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں میں جب اس آیۂ کریمہ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ پر تامل اور اس کے ماقبل ومابعد پر غور وفکر کرتا ہوں تو میں ایک وجہ کے سوا اور کوئی وجہ اور احتمال کی گنجائش نہیں پاتا۔ اور وہ وجہ نبی کریم ﷺ کی تعظیم وتکریم ہے بغیر اس کے اس جگہ کوئی گناہ متصور ہو۔ امام سبکی فرماتے ہیں کہ جب میں اس معنی ووجہ کے ماخذ کے درپے ہوا تو ابن عطیہ کو بھی اس کا قائل پایا۔ چنانچہ

کہا کہ ''آیت کے معنی اس حکم کے ساتھ حضور ﷺ کی شرافت و بزرگی کا ظاہر فرمانا ہے۔ اور اس میں کوئی گناہ مقصود نہیں ہے''۔ ابن عطیہ نے ایسا خدا کی توفیق پانے سے کہا ہے۔ انتہی۔

یہ کلام مجمل ہے اس کی تشریح یہ ہے کہ آقا کبھی اپنے غلاموں کو اپنے خواص و مقربوں کے ذریعہ نوازتا اور بزرگی بخشتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے تمہیں بخشا اور تمہارے تمام اگلے پچھلے گناہوں سے درگزر کیا۔ حالانکہ آقا خوب جانتا ہے کہ ان سے آگے پیچھے کسی وقت بھی کوئی گناہ اور غلطی سرزد ہی نہیں ہوئی لیکن اس کا یہ کلام غلاموں کے لیے باعث عزت و افتخار ہے۔ فافہم و باللہ التوفیق۔ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اس جگہ مغفرت کا عصمت سے کنایہ ہے اس صورت میں اس کے معنی یہ ہوئے کہ

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ — تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اگلے پچھلے گناہ بخشے

اَیْ لِيَعْصِمَكَ اللّٰهُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ عُمْرِكَ وَفِيْمَا تَأَخَّرَ مِنْهُ. — یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی پچھلی حیات میں بھی اور اگلی حیات میں بھی اپنی عصمت و پناہ میں رکھے۔

یہ قول انتہائی حسن قول میں ہے۔

بلاشبہ بلغاء نے قرآن کے اسلوب کو بلاغت میں شمار کیا ہے کہ تخفیف و کمی کے مقامات کو لفظ مغفرت' عفو اور توبہ سے قرآن میں کنایہ کیا گیا ہے۔ جیسا کہ قیام لیل کے نسخ و کمی کرنے کے بارے میں حق تعالیٰ نے فرمایا:

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ — اللہ جانتا ہے کہ اے مسلمانو! تم سے رات کا شمار نہ ہو سکے گا۔ (اور تم ضبط اوقات نہ کر سکو گے)

تو اس نے اپنی مہر تم پر پر رجوع فرمایا۔ (یعنی شب کا قیام معاف فرمایا) اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو۔ نیز تقدیم صدقہ کی منسوخیت میں فرمایا:

فَاِذَا لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ — تو جب تم نہ کر سکو تو اللہ نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمایا (یعنی تقدیم صدقہ معاف فرمایا)

نیز رمضان مبارک کی راتوں میں جماع کے حرام ہونے کی منسوخیت میں فرمایا:

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ. — روزے کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس جانا تمہارے لیے حلال کیا گیا.....

فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ — تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمایا۔ تو اب ان سے صحبت کرو۔

مفسرین یہ بھی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جس جگہ انبیاء علیہم السلام کی توبہ (مغفرت کا ذکر فرمایا ہے وہاں ان کی ان لغزشوں و خطا کا بھی ذکر فرمایا ہے جو ان سے صادر ہوئیں جیسے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: عَصٰى اٰدَمُ رَبَّهٗ (اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی) اور حضرت نوح علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: اِنِّيْ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ (ہم نے تمہیں عطا فرمایا تم تو بے خبروں میں سے تھے) اور حضرت یونس علیہ السلام کے قصہ میں فرماتے ہیں: فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (تو انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پا سکیں گے) اور حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمایا: فَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى. (تو تم اپنی خواہش کی پیروی نہ کرو۔) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں فرمایا: فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى لیکن سید المرسلین صلوات اللہ علیہ وسلم اجمعین کی شان میں فتح کو

مقدم رکھا۔ اور اس کے بعد گزشتہ و آئندہ کے غفران ذنوب کا ذکر فرمایا اور ذنب کو پوشیدہ رکھا۔

شیخ عزیز الدین عبدالسلام اپنی کتاب المسمیٰ بہ ''نہایت السول فیما سخ من تفضل الرسول'' میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کی تمام نبیوں پر بکثرت وجوہ بخشی ہے۔ پھر انہوں نے ان وجوہات کا ذکر کرتے ہوئے ایک وجہ یہ بتائی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پہلے ہی اگلے پچھلے ذنوب کی مغفرت کی خبر دے دی ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے کسی بھی نبی کو اس جیسی خبر نہیں دی۔ بلکہ ظاہر یہ ہے کہ انہیں سرے سے اس سے باخبر کیا ہی نہیں گیا۔ اسی بنا پر جب عرصات محشر میں امتیں ان سے شفاعت کی درخواست کریں گی تو وہ اپنی لغزشوں کا بیان کریں گے۔ اور اس مقام کی ہیبت سے شفاعت میں پہل کا اظہار نہیں فرمائیں گے۔ اور جب وہ تمام مخلوق اس مقام حضور اکرم ﷺ سے درخواست کریں گے تو حضور فرمائیں گے' ہاں یہ میرا ہی کام ہے۔ اس آیت کریمہ کی تفصیل یہ ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کے لیے پہلے فتح مبین کا اثبات فرمایا کہ اس کے بعد مغفرت ذنوب کا ذکر فرمایا۔ بعد ازاں اتمام نعمت' اثبات ہدایت صراط مستقیم اور نصر عزیز یعنی غالب مدد کا ذکر فرمایا لہٰذا فرمایا ثابت اور متعین ہوا کہ مقصود اثبات ذنوب نہیں ہے بلکہ اس کی نفی ہے فافہم وباللہ التوفیق۔ یہ ساری بحث علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمائی ہے۔[1]

اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ (اور تم پر اپنی نعمتیں تمام وکمال فرمائیں) مخفی نہ رہنا چاہیے۔ کہ ہر قسم کے فضائل وکمالات' اور کرامات وبرکات اس کلمہ میں داخل ہیں۔ اور خاص وعام نعمتوں میں سے جتنا کچھ ذکر کیا جائے یا تصور وخیال میں آئے وہ سب اندیشہ وخیال اور عدد شمار کے محاسبہ سے عاجز وقاصر ہے اس کے ذکر وبیان سے حال وقال کی زبان گونگی ہے۔ حیطۂ اظہار وبیان میں جو کچھ ہے وہ سب اجمال ہے اور اس کی تفصیل امکانی قدرت سے باہر ہے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا. وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ

اگر سمندر سیاہی بنیں اپنے رب کے کلمات لکھنے کے لیے تو یقیناً سمندر خشک ہو جائے اور رب کے کلمات ختم نہ ہوں اگر چہ اس کی مدد کے لیے اس کی مثل اور لائیں اور اگر زمین کے ہر شجر کو قلم بنائیں اور سات سمندر کو روشنائی بنائیں تب بھی رب کے کلمات ختم نہ ہوں۔

ان کلمات سے مراد محققین کے نزدیک اللہ عزوجل کی طرف سے وہ فضائل وکمالات وحقائق ومعارف ہیں جو درگاہ قدس کے بندگان خاص انبیاء واصفیاء خصوصاً سید الانبیاء وسند الاصفیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین پر افاضہ ہوتے ہیں۔ ورنہ جو کچھ صفت حق اور شیون ذات مطلق جل وعلا ہے۔ وہ اس تمثیل سے منزہ وپاک ہے۔ اس کا کوئی نظیر نہیں۔ اور بعد از تعمیم نعمت اور دینوی واخروی نعمتوں کی شمولیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے خصوصیت کے ساتھ دو نعمتوں کا ذکر فرمایا۔ ایک ہدایت صراط مستقیم ہے جو کہ اصل اصول نعیم اور مثمر فوز وفلاح اور لوگوں کی ہدایت ہے۔ کیونکہ بعثت اور رسالت کا یہی مقصد اصلی ہے۔ دوسرا دینوی ہے۔ جس کا مقصد بھی دین ہے جس طرح

---

[1] افادہ خاص از مترجم غفرلہ: اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مفسرین کرام کے یہ اقوال وتوجیہات اس بناء پر محمول ہیں کہ انہوں نے آیۂ کریمہ کے ''لیغفر لك'' الآیہ میں حروف جر لام کو تخصیص کے معنی میں استعمال کیا ہے۔ لیکن اس لام کو اگر بجائے تخصیص کے ''تعلیل وسبب'' معنی میں لیتے تو ان بعید از کار تاویلات وتوجیہات کے جھمیلے سے بچ جاتے۔ اور لام سببیہ کو (جو کہ حرف جر لام کے معانی مشترکہ اور خواص میں سے ہے) مان لینے کے بعد حضور اکرم ﷺ کی عظمت شان اور رفعت مقام میں بے نظیر دلیل بن جاتی ہے چنانچہ لام تعلیل اور سببیہ کو صاحب تفسیر جلالین نے تسلیم کیا ہے اور اس صدی کے مجدد اعظم حضرت مولانا مفتی شاہ احمد رضا خانصاحب' فاضل بریلوی قدس سرہٗ نے اپنے قرآن المسمیٰ ''بہ کنز الایمان فی ترجمہ القرآن'' لام سببیہ ہی مان کر ترجمہ کیا ہے جیسا کہ شروع باب میں اس آیۂ کریمہ کے ترجمہ سے ظاہر ہے۔

کہ پہلا ہے۔اور جو صلاح عالم اور کارخانہ موجودات انتظام پر منتج۔ چنانچہ فرمایا:

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا O وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا O — اور تمہیں سیدھی راہ دکھائے اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔

ابن عطاء فرماتے ہیں کہ اس صورت میں حضور اکرم ﷺ کے لیے متعدد عظیم نعمتیں جمع فرمائی ہیں۔ایک کھلی فتح جو اجابت اور قبول کی نشانیوں میں سے ہے۔دوم مغفرت جو محبت کی علامتوں میں سے ہے۔سوم اتمام نعمت جو اختصاص کی نشانیوں میں سے ہے۔چہارم ہدایت جو ولایت کی علامتوں میں سے ہے۔چنانچہ مغفرت تمام نقائص وعیوب سے تبری وتنزیہہ یعنی آلائش سے پاکی وصفائی سے کنایہ ہے اور اتمام نعمت بدرجہ کامل آپ کی تبلیغ رسالت ہے۔اور ہدایت' مشاہدہ کی طرف دعوت ہے۔اور آپ کی شان اتنی بلند فرمائی کہ کوئی چیز قرب حق میں اس مرتبہ اونچی وفائق متصور نہیں ہے۔اور فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ. — بیشک جنہوں نے آپ سے بیعت کی ہے بلاشبہ انہوں نے اللہ سے بیعت کی ہے۔اللہ کا ہاتھ (دست قدرت) ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے۔

جس طرح کہ فرمایا مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ جس نے رسول کی اطاعت کی یقیناً اس نے اللہ اطاعت کی۔

اگرچہ باصطلاح اہل عرب یہ از قبیل مجاز ہے۔لیکن اہل حقیقت جانتے ہیں کہ اس میں کیا رمز ہے۔واللہ اعلم۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان مومنوں پر سکینہ' طمانیت اور آرام ویقین (جو نعمتوں کا خلاصہ ہے۔) کے نازل فرمانے کا احسان جتلایا۔اور آخر سورۃ میں آپ کے اصحاب کامل النصاب کی مدح وثنا حضور اکرم ﷺ کی معیت کی فضیلت کے ساتھ فرمائی۔کیونکہ یہ محبت کا لازمی نتیجہ ہے۔ان اصحاب کا کفار پر شدت کرنا اور ان کے خلاف چلنا اور باہم مسلمانوں کے ساتھ محبت ومودت کا برتاؤ کرنا کہ اس پروین وملت کے کارخانہ کا انتظام ہے۔ان کی تعریف فرمائی۔اور ان کی اس صفت کو بمصداق "يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ" (وہ اللہ سے محبت کرتے ہیں اور اللہ ان سے محبت کرتا ہے) بنایا۔جیسا کہ سورۂ مائدہ میں فرمایا: اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ. (مسلمانوں پر نرم اور کافروں پر سخت ہیں۔) اور ان سے دنیا وآخرت میں مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ فرمایا گیا۔یہ سب موجب امتنان اور حضور کے فضل وشرف کا بیان ہے۔

سورۃ کوثر: بارگاہ رب العزت کی جانب سے جو ہر قسم کے فضائل وکمالات اور کرامات وبرکات فائز ہوئے ہیں وہ سب ایک کلمہ جوامع الکلم میں داخل ہیں۔چنانچہ فرمایا:

اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ. — اے محبوب! بیشک ہم نے تمہیں بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں۔

کیونکہ اَلْكَوْثَرَ سے مراد دنیا وآخرت میں خیر کثیر ہے۔اور یہ کلمہ اپنے اس اختصار وایجاز کے باوجود اس راز کے اظہار وبیان کو شامل ہے۔اور اگر جہان بھر کے علماء وعرفا اس کلمہ کی شرح کریں تو اس کا حق ادا نہیں کر سکتے۔اللہ تعالیٰ ہی حقیقت کو خوب جانتا ہے۔تاہم فی الحال جو کچھ میری نظر میں ہے۔لکھتا ہوں ارشاد باری تعالیٰ ہے "اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ" یعنی ہم نے آپ کو بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں۔جن میں کی ہر نعمت ساری دنیا سے بڑی ہے۔جب ہم نے آپ کو اتنی عظیم خوبیاں عطا فرمائیں تو فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ. اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ. تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو بیشک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔عبادت کی دو قسمیں ہیں ایک عبادت بدنی دوسرے عبادت مالی۔اللہ تعالیٰ نے اپنے ارشاد فَصَلِّ لِرَبِّكَ (اپنے رب کے لیے نماز پڑھو) عبادت بدنی کی طرف اور "وَانْحَرْ" (قربانی کرو) سے عبادت مالی کی طرف اشارہ فرمایا اور یہ کہ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ (بیشک ہم نے

آپ کو عطا فرمایا) کو لفظ ماضی سے ذکر فرمایا اور لفظ مستقبل یعنی سَنُعْطِیْكَ (عنقریب آپ کو عطا فرمائیں گے۔) فرمایا تا کہ اس پر دلالت کرے کہ یہ تمام عطائیں قبل از وجود عنصری آپ کو حاصل ہو چکی ہیں۔ جیسا کہ فرمایا:

كُنْتُ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم روح وجسم کے درمیان تھے۔

گویا حق تعالیٰ کہتا ہے اے محمد ﷺ آپ کے لیے تمام اسباب سعادت' آپ کے دائرہ وجود میں داخل ہونے سے پہلے ہم نے عطا فرما دیے ہیں۔ تو اب آپ کو بعد از وجود کیسے بے عطا چھوڑیں گے رہا آپ کا عبادت میں مشغول رہنا تو یہ فضل عمیم آپ کی اطاعت وعبادت کے سلسلے میں نہیں دیا گیا ہے۔ بلکہ بغیر وجوب اور بے سبب' محض فضل واحسان ہے' یہی اجتباء (برگزیدگی) کے معنیٰ کا حاصل ہے۔ اگر کوئی کہے کہ تمام نبیوں کو بلکہ تمام انسانوں کو جو کچھ بھی دیا گیا وہ ان کے وجود عنصری سے پہلے دیا گیا۔ اور ان کی تقدیر میں لکھا گیا ہے تو فضلیت تو اس میں ہونی چاہیے کہ آپ کو ان میں سب سے زیادہ عطا کیا گیا نہ یہ کہ سب سے پہلے دیا گیا تو اس کے جواب میں یہ کہا جائے گا کہ حضور اکرم ﷺ کی نبوت اور آپ کے کمالات عالم ارواح میں ظاہر کیے گئے اور انبیاء علیہم السلام کی ارواح قدسیہ نے آپ سے استفاضہ کیا ہے جیسا کہ فرمایا۔

كُنْتُ نَبِيًّا الحدیث اور دیگر تمام انبیاء علیہم السلام کی نبوت علم الٰہی میں تھی نہ کہ خارج میں۔

ایک روایت میں کہ کہ ''کوثر'' سے مراد جنت کی ایک نہر ہے جیسا کہ اس کی صفت میں احادیث میں مروی ہے کہ ''کوثر'' نام اس بناء پر ہے کہ کثرت سے لوگ جائیں گے۔ سیّدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے جنت کی سیر کو بیان کرنے کے دوران فرمایا کہ میں جنت کی سیر کر رہا تھا تو اچانک میری نظر اس کی ایک نہر پر پڑی۔ دیکھا کہ اس کے ہر طرف گنبد ہی گنبد ہیں جو کھوکھلے موتیوں کے ہیں۔ اور اس کی مٹی مشک اذخر کی ہے۔ میں نے جبریل سے دریافت کیا یہ کیا ہے؟ بتایا کہ یہ کوثر ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ اسے بخاری میں روایت کیا۔ سلف کے درمیان مشہور ومستفیض یہی تفسیر ہے۔

بعض فرماتے ہیں کہ کوثر سے مراد آپ کی اولاد طیبہ ہے اس لیے یہ سورۃ اس شخص کے رد میں نازل ہوئی ہے جس نے حضور اکرم ﷺ کو ''بے اولاد'' ہونے کا طعنہ دیا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے تم کو ایسی اولاد مرحمت فرمائی ہے جو قیامت تک باقی رہے گی۔

فائدہ: بعض فرماتے ہیں کہ کوثر سے مراد خیر کثیر ہے۔ اور کوثر لغت میں بمعنی کثرت درود ہے۔ منجملہ اس کے ایک یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی بدگویوں نے ''ابتر'' یعنی ''بے اولاد'' ہونے کا طعنہ دیا تھا۔

عین المعانی میں کہتے ہیں کہ کوثر بروزن فوعل کثرت سے ہے۔ جیسے اتفل سے توفل' جہر سے جوہر وغیرہ اور اس کے مقابلہ میں خبر آئی کہ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ مطلب یہ کہ جو آپ پر بے نسل ہونے کا عیب لگاتے ہیں۔ آخر کار وہی ابتر ''بے نسلے'' ہیں۔ ابتر اسے کہا جاتا ہے جس کی نسل نہ ہو۔ اور کشاف میں ہے کہ کوثر فوعل کے وزن پر ہے جس کے معنی کثرت کے ہیں۔ اور اس میں مبالغہ ہے یعنی بہت بہت۔ کسی بدوی کا لڑکا سفر سے واپس آیا تو لوگوں نے اس سے پوچھا تیرا لڑکا کس حال میں لوٹا۔ اس نے کہا ''جَاءَ بِالْكَوْثَرِ'' یعنی خیر کثیر کے ساتھ واپس آیا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ کوثر کے معنی خیر کثیر کے کرتے ہیں اس پر ان سے حضرت سعید بن جبیر نے کہا لوگ ایسا کہتے ہیں کہ کوثر جنت میں ایک نہر کا نام ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ بھی از قسم خیر کثیر ہے۔ معنی یہ ہیں کہ اے محمد ﷺ ہم نے آپ کو دونوں جہاں کی اتنی بھلائیاں عطا فرمائی ہیں کہ اس کی کثرت کی کوئی حد ونہایت نہیں ہے۔ اور آپ کے سوا کسی کو اتنا نہیں دیا گیا۔ اور ان کا دینے والا میں ہوں۔ جو کہ اپنے تمام جہانوں کا مالک ورب ہوں۔ لہٰذا آپ کے لیے سب سے بڑھ کر بزرگی دینے

والا سب سے زیادہ عطا فرمانے والا اور سب سے زیادہ بخشش کرنے والا اور عظیم ترین انعام فرمانے والا میں ہوں فَصَلِّ لِرَبِّكَ تو اپنے رب کی اطاعت کیجئے کہ اس نے آپ کو اپنی عطا کا مستحق بنا کر نوازا اور ان لوگوں کے احسان سے جو اپنے گمان پر غیر خدا کو پوجتے ہیں۔ آپ کو محفوظ رکھا وَانْحَرْ اور خدا کے لیے اس کے نام کے ساتھ قربانی دیجئے اور ان لوگوں کے برخلاف کیجئے کہ یہ لوگ بتوں کے نام سے ذبح کرتے ہیں۔ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ بلاشک وشبہ جو بھی اپنی قوم میں سے آپ سے دشمنی رکھے اور آپ کی خلاف ورزی کرے وہی ابتر' بے نسلا اور بے برکتا ہے۔ نہ کہ آپ! کیونکہ قیامت تک مسلمانوں میں سے جو بھی پیدا ہوگا۔ وہ آپ کی مصنوی اولاد اور خلف ہوں گے۔ اور آپ کا ذکر منبروں پر بلند ہے۔ اور جہاں بھر کی زبانیں قیامت تک آپ کے ذکر سے رطب اللسان رہیں گی۔ وہ ابتدا تو خدا کے نام سے کریں گے اور مَثْنٰی یعنی دوسرا آپ کے نام کو بنائیں گے۔ اور آخرت میں جو عنایت ہوں گی وہ تو قدرت بیان سے باہر ہیں آپ جیسے کو ''اَبْتَرْ'' (معاذ اللہ) کہنے والا درحقیقت خود ابتر ہے کہ دنیا و آخرت میں کوئی نام لینے والا تک نہیں۔ اگر کوئی لیتا بھی ہے تو لعنت بھیجتا ہے۔ ابوبکر عیاش رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ کوثر سے مراد امت کی کثرت ہے۔ اور حسن بصری فرماتے ہیں کہ مراد قرآن ہے۔ بقول عکرمہ نبوت' بقول مغیرہ' اسلام اور بقول حسین بن الفضل قرآن کی آسانی اور شریعت کی تخفیف مراد ہے۔ بعض نے اکثر امت میں شفاعت' بعض نے معجزات نبوت' بعض نے نبوت وقرآن' ذکر عظیم اور دشمنوں پر مدد اور بعض نے علمائے امت مراد لیا ہے۔ کیونکہ ''اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَآءِ'' علماء نبیوں کے وارث ہیں۔ اسے امام احمد وابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔ بعض نے کوثر سے علم مراد لیا ہے۔ اس کا قرینہ یہ ہے کہ اس کے بعد فَصَلِّ لِرَبِّكَ (اپنے رب کی عبادت کیجئے) کا ذکر فرمایا ہے۔ اور جو عبادت پر مقدم ہے۔ نتیجتاً وہ علم ہے اور کوئی چیز کثرت وکشادگی میں علم کی صفت کو نہیں پہنچتی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کوثر خلق حسن ہے۔ صحیح یہ ہے کہ کوثر کسی چیز کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ بلکہ تمام صفات کمال کو شامل ہے۔ اور خیر کثیر' تمام معانی کو شامل ہے۔

اور ''مخاطبہ'' فرمانے کے سلسلے میں ان حضرات نے جن کے اسماء اوپر مذکور ہوئے مذکورہ معانی بیان کرنے کے بعد اور بھی اقوال فرمائے ہیں چنانچہ ابن عطاء فرماتے ہیں کہ اے محبوب! ہم نے تم کو اپنی ربوبیت کی معرفت اپنی وحدانیت کی یکتائی اور اپنی مشیت وقدرت کا اعلان عطا فرمایا۔ سہل تستری نے فرمایا اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ یعنی ہم نے تمہیں وحدت کے ساتھ کثرت' علم توحید کی تفصیلات اور اپنی بے مثل تجلی کے ساتھ عین کثرت میں شہود وحدیت کے معرفت عطا فرمائی۔ اور یہ تجلی جنت میں اس نہر کی مانند ہے کہ جو بھی ایک مرتبہ اس سے پانی پئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ مطلب یہ ہے کہ جب مشاہدہ اور عین کثرت میں وحدت کو پالیا تو استقامت نماز کے ذریعہ مکمل طور پر شہود در دح' حضور قلب' انقیاد نفس اور اطاعت بدن سے بار بار عبادات کی شکل اختیار فرما کر لطف اندوز ہوئے۔ اس لیے کہ یہی نماز کامل اور ''جمع'' وتفصیل کے حقوق ادا کرنے کا طریقہ ہے۔ وَانْحَرْ یعنی انانیت کے اونٹ اور گائے کو ذبح کیجئے تاکہ آپ کے شہود میں یہ انانیت تلون مزاج کی صورت میں ظاہر نہ ہو اور آپ سے مقام ''تمکین'' کو سلب نہ کرے اور حق تعالیٰ کے ساتھ قضائے محض میں رہیے۔ اور اس کی بقا کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ آپ باقی رہیں۔ تاکہ اپنے وصال حق اور اپنے حال میں اور آپ کے ساتھ جو آپ کی امت کا اتصال اور آپ کی ذرّیت ہے۔ اس میں ابتری واقع نہ ہو بلاشبہ آپ سے دشمنی رکھنے والا حق سے منقطع اور پھٹکارا ہوا ہے اور وہی ابتر ہے نہ کہ آپ!

اور مولانا تاج الملت والدین اور المصدر البخاری'' حقائق میں فرماتے ہیں کہ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ بلاشبہ ہم نے آپ کو اعداد وشمار سے باہر بکثرت خوبیاں اور ہر نوع کی بیشمار فضائل عطا فرمائے۔

غرض کہ کوثر کی تفسیر میں ائمہ کبار رحمہم اللہ کے اقوال وتاویلات بہت ہیں۔ جس نے اپنے نور باطن سے جتنا دیکھا بیان کر دیا۔ لیکن

تمام مخلوق کا علم کوثر کی کنہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس جمال کے پہلو میں تمام اقوال وتفصیلات' ایک دفتر کے مقابلہ میں بمنزلہ ایک حرف اور اس نہر کا ایک قطرہ ہے۔ انتہی کلام فصل الخطاب واللہ اعلم۔

آیۂ میثاق: یہ آیۂ کریمہ ﷺ کے غایت فضل وکرامت پر دلالت کرتی ہے اور بتلاتی ہے کہ آپ نبی الانبیاء اور سردار انبیاء علیہم السلام ہیں۔ اور تمام نبی آپ کی امت کے حکم میں آیۂ کریمہ یہ ہے۔

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ○

فرماتا ہے اے محبوب! یاد کیجئے اس وقت کو جب کہ اللہ تعالیٰ نے تمام نبیوں سے عہد و پیمان لیا تھا کہ جس وقت میں تم کو کتاب وحکمت دوں پھر وہ رسول تشریف لائے جو تمہارے پاس کی ہر چیز کی تصدیق کرنے والا ہو (یہ صفت تمام نبیوں کی ہے کہ وہ ایک دوسرے کی تصدیق کرتے اور اصول دین میں باہم اتفاق کرتے۔) تو اس وقت تم اس رسول پر ایمان لانا اور ان کی مدد کرنا۔

اور حضور کو خبر دی گئی کہ ہر نبی جو آدم علیہ السلام سے حضور سیّد عالم ﷺ تک بھیجا گیا اس سے عہد و پیمان لیا گیا ہے۔ جمہور مفسرین کا مذہب یہی ہے کہ آیۂ کریمہ میں ''رسول'' سے مراد حضور اکرم ﷺ کی ذات قدس ہے۔ اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا گیا جس سے حضور اکرم ﷺ کے اوصاف نہ بیان کیے گئے ہوں اور اس سے آپ کے اوصاف بیان کرنے کے بعد اس پر عہد و پیمان نہ لیا گیا ہو کہ تم اگر آپ کا زمانہ پاؤ تو آپ پر ایمان لانا لازمی ہے۔ جب نبیوں سے یہ عہد و پیمان لیا گیا تو انہوں نے اپنے اپنے امتیوں سے بھی یہی عہد و پیمان ضرور لیا ہوگا۔ چونکہ انبیاء کرام اصل اور متبوع ہیں اس لیے آیت میں انہیں کے ذکر پر اکتفا کیا گیا۔

سیّدنا علی ابن ابی طالب اور سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو نہیں بھیجا۔ مگر یہ کہ اس پر عہد لیا گیا کہ اگر تم محمد ﷺ کو پاؤ تو آپ پر ایمان لانا اور آپ کی مدد کرنا۔ بعض فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک عہد لیا کہ وہ نبی اپنی اپنی امتوں سے عہد لیں کہ جب محمد ﷺ مبعوث ہوں تو تم سب ان پر ایمان لے آنا۔ اور اس طرح اپنے بعد آنے والے کو بتاتے رہنا۔ یہاں تک کہ یہ عہد حضور اکرم ﷺ کے زمانے کے اہل کتاب یہودیوں تک پہنچا جب حضور اکرم مدینہ منورہ میں رونق افزا ہوئے تو یہود آپ کی تکذیب کرنے لگے۔ اس وقت حضور نے ان کو عہد و میثاق کی یاد دہانی کرانے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی اور وہ جنہوں نے یہ اخذ کیا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے نبیوں سے یہ عہد لیا کہ وہ اپنی امتوں سے ایسا عہد لیں'' اس سے یہ حجت پکڑی ہے کہ حضور کے مبعوث ہونے کے بعد اہل کتاب پر فرض ہو گیا تھا کہ وہ آپ پر ایمان لائیں۔ حالانکہ انبیاء علیہم السلام' حضور اکرم کی بعثت کے وقت سب کے سب دنیا سے گذر چکے تھے۔ اور میت مکلّف نہیں ہوتی۔ لہٰذا متعین ہو گیا کہ میثاق امتوں پر ماخوذ ہے۔ اور اس کی تائید اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد بھی کر رہا ہے کہ فرمایا:

فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ○ تو جو اس عہد سے روگردانی کرے تو وہی فاسقوں میں سے ہے۔

ایسا وصف انبیاء کے لائق نہیں ہے بلکہ امت کے لائق ہے اس کا یہ جواب دیا گیا کہ اس آیت سے مراد برطریق فرض وتقدیر ہے۔ مطلب یہ کہ اگر بفرض وتقدیر انبیاء زندہ ہوں تو ان پر واجب ہے کہ وہ محمد ﷺ پر ایمان لائیں نہ یہ کہ اس کا وقوع ان کے وجود کے درمیان ہونے کی خبر دینا ہے اور بہت سے احکام بفرض وتقدیر آئے ہیں۔ جیسے کہ۔

لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (اگر تم نے شرک کیا تو ضرور تمہارے اعمال اکارت ہوں گے) وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلَ (اور اگر کوئی ہم پر اپنی موضوں کی باتوں کی نسبت کرے) وَمَنْ يَّقُلْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ الآیات (اور کوئی کہے میں معبود ہوں) تو یہ

سب بفرض وتقدیر کی مثالیں ہیں۔اور حضور اکرم ﷺ کے فضل وشرف اور کرامت کے اظہار کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔جب کلام کی بنیاد فرض وتقدیر پر ہے تو حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ ''جو کوئی اس کے بعد روگردانی کرے تو وہی فاسقوں میں سے ہے'' یہ بھی درست ہے نیز جب نبیوں کو حکم فرمایا اور ان سے یہ عہد لیا بر تقدیر بر حیات' تو امتیوں پر اس کا وجوب بطریق اولیٰ ہوگا کہ وہ آپ پر ایمان لائیں۔اور فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ۝ اس کی نسبت امتوں کے ساتھ ہے۔لہٰذا انبیاء علیہم السلام سے اخذ میثاق' اور ان پر تاکید وتقریر اور تشدید فرمانا مقصود میں زیادہ قوی وداخل ہے۔

امام سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں اشارہ ہے حضور اکرم ﷺ بر تقدیر حیات انبیاء علیہم السلام ان کے زمانہ میں ان کی طرف مرسل ہیں لہٰذا آپ کی نبوت ورسالت عام ہے۔اور تمام مخلوق کے لیے آدم علیہ السلام کے زمانہ سے قیامت تک شامل ہے اور تمام نبی اور ان کی امتیں سب آپ کی امت ہیں۔حضور انور کا یہ ارشاد کہ ''میں تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہوں'' اور حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ اور نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام لوگوں کی طرف'' تو یہ ارشادات آپ کے زمانہ مبارک سے قیامت تک ہی لوگوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں بلکہ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں۔جو آپ سے پہلے گذر چکے ہیں۔اور انبیاء علیہم السلام سے آپ کے لیے اخذ میثاق اس لیے فرمایا گیا تا کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ آپ ان سب پر مقدم ومعظم ہیں۔اور آپ ان سب کے نبی ورسول ہیں ﷺ۔لہٰذا اے طالبان صادق !انصاف سے غور وفکر کرو کہ نبی ﷺ کی تعظیم وکریم حق تعالیٰ کی جانب سے کتنی عظیم ہے۔جب تم اسے جان لوگے تو معلوم ہو جائے گا کہ سب محمد ﷺ کے نبی ہیں اور آپ نبی الانبیاء ہیں ﷺ۔اور اسی جگہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی تمام اولاد آپ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔جیسا کہ فرمایا: اٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِیْ. (آدم اور ان کے سوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔) اور بفرض اگر تمام نبی حضور کے ساتھ آپ کے زمانہ میں ہوتے یا حضور ان کے زمانہ میں ہوتے تو سب آپ پر ایمان لاتے۔اور آپ کی مدد کرتے۔اسی لیے تو فرمایا: لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا مَّا وَسِعَ اِلَّا اتِّبَاعِیْ اگر موسیٰ دنیاوی حیات میں زندہ ہوتے تو ان کو بجز میری اتباع کے کوئی چارہ نہ ہوتا۔'' اور یہ اسی میثاق کی بناء پر ہوتا جو ان سے لیا گیا۔لہٰذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانہ میں آپ کی شریعت پر تشریف لائیں گے۔حالانکہ وہ عزت وکرامت والے اور اپنی نبوت پر باقی ہیں اور ان سے کسی چیز کی کمی نہیں کی گئی۔اسی طرح دوسرے انبیاء کرام کی حیثیت ہے۔وہ اپنی نبوت اور امت کے باوجود آنحضرت کی امت ہیں۔لہٰذا آپ کی نبوت اعم۔اشمل اور اعظم ہے۔اس معنی میں خوب غور کرو۔تا کہ اس جگہ انبیاء علیہم السلام سے ان کی نبوت ورسالت کی نفی کا گمان نہ لے جاؤ۔اسی طرح صاحب مواہب لدنیہ نے کہا ہے۔جتنا کچھ کہا گیا ہے اس سے زیادہ اس کی تحقیق وتفصیل انہوں نے بیان فرمائی ہے۔

بندۂ مسکین یعنی شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پوشیدہ نہ رہنا چاہیے کہ بقرینہ ظاہر' واضح طور پر انبیاء علیہم السلام سے اخذ میثاق ہے۔حق تعالیٰ نے فرمایا: لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ (جب میں تم کو کتاب وحکمت دوں تو.....)

امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ اور سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہم کی تصریح سے ظاہر ہے کہ اخذ میثاق کے وقت انبیاء کرام علیہم السلام حضور علیہ السلام پر ایمان لاتے اور ان کی مدد کرتے کہ اس سے مراد' موافقت' توثیق عہد یا قصد نصرت ہے جو عالم وجود میں آیا۔اور بہت سے ایسے لوگ ہیں جو حضور ﷺ کے وجود عنصری سے پہلے ایمان لائے تھے۔جیسے حبیب نجار وغیرہ۔اور زمانہ سابق میں بہت سے گزشتہ لوگ' آپ کے فضائل وکمالات اور نبوت کی خبر سننے سے مشرف ہو چکے ہیں۔

انبیاء علیہم السلام اور ان کی امت کے حضور اکرم کی امت میں ہونے کے حکم میں اتنا ہی کافی ہے کہ آپ ان کی طرف بھی رسول

ہیں اور شب اسریٰ مسجد اقصیٰ میں انبیاء علیہم السلام اور حضور اکرم ﷺ سب یکجا جمع ہوئے۔ حضور نے ان کی امامت فرمائی اور سب نے آپ کی اقتدا کی۔ اس وقت وہ سب آپ پر ایمان لائے۔ اور انبیاء علیہم السلام کی حیات اور حیات حقیقی دنیاوی کے ساتھ ان کی بقاء پر امت کا اتفاق ہے۔ اگرچہ انبیائے کرام کا اپنی اپنی امتوں سے نبی آخر الزماں پر ایمان لانا اور ان کی مدد کرنے پر عہد و پیمان لینا بھی حضور اکرم ﷺ کا فضل و شرف ہے۔ جو کسی دوسرے نبی کو نہ حاصل تھا۔ لیکن حق تبارک وتعالیٰ کا انبیاء کرام سے اس پر عہد و میثاق لینا اعز و اعظم ہے۔ فافهم وبالله التوفيق۔

باہم تفضیل رسل: وصل: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یہ رسول ہیں جن کو ہم نے ایک دوسرے پر فضیلت دی۔ دوسری جگہ ارشاد ہے:

وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ اور بیشک ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی۔

یہ دونوں آیتیں انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے مراتب کے متفاوت و مختلف ہونے میں نص ہیں کہ بعض، بعض پر افضل ہیں۔ یہاں پر معتزلہ کا رد ہے۔ وہ قائل ہیں کہ بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت نہیں ہے۔ اور وہ سب برابر ہیں۔ اور ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام حق ابوت یعنی باپ ہونے کی وجہ سے افضل ہیں۔ یہ قول فاسد ہے۔ اس لیے کہ گفتگو تو بحیثیت نبوت افضل ہونے میں ہے نہ کہ باپ ہونے میں۔ بسا اوقات فرزند باپ سے کمالات میں زیادہ فاضل ہوتا ہے۔ اگرچہ باپ حق ابوت رکھتا ہے۔ اور ایک جماعت یہ کہتی ہے اس مقام پر خاموشی زیادہ مناسب ہے۔ حالانکہ نص قرآنی کے بعد جو ایک دوسرے کی فضیلت پر ناطق ہے۔ خاموشی کی کون سی جگہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ کچھ نبیوں میں سے وہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں کہ حق تعالیٰ نے ان سے بے واسطہ کلام فرمایا۔ حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام کے ساتھ تخصیص نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ثابت ہے کہ حضور سید المرسلین صلوات اللہ علیہ وعلیہم اجمعین سے شب معراج بیواسطہ کلام فرمایا۔ مگر یہ موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمانا بوجہ خاص ہوا۔ اور غالباً اسی وجہ تخصیص اور اس نعمت سے نوازے جانے پر ان کا غالب نام کلیم ہو گیا۔ جیسا کہ کہتے ہیں کہ انہوں نے کلام نفسی سنا یا کسی جہت سے سنا۔

اور جس وقت سیّد عالم ﷺ فوق عرش گئے اور اس جگہ پہنچے جہاں مخلوق کے علوم کی حد وانتہا ہے۔ اور جہاں تک حضور ﷺ کی رسائی ہوئی وہاں تک رسائی کسی کو میسر نہ ہوئی تو وہاں آپ کلام اور ان درجات و کمالات سے نوازے گئے کہ جس قدر دوسروں کو حاصل ہوئے ان سے اعلیٰ اور اتم ہوں گے۔ اور اسی معنی کی طرف حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ (اور بعض کے درجات بلند ہوئے) مفسرین کا اتفاق ہے کہ اس سے مراد حضور سیّد عالم ﷺ ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس ابہام میں آپ کی تعظیم فضل اور اعلائے قدر و منزلت ہے۔ اور جو کلام کے اسلوب کو جانتا ہے اس پر کچھ پوشیدہ نہیں ہے۔

علمائے کرام بیان کرتے ہیں کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے لیے جس فضیلت کا یہاں ذکر ہے۔ اس کی تین وجہیں ہیں۔ ایک یہ کہ ان کے معجزات اور نشانیاں اس قدر زیادہ ظاہر، مشہور، قوی اور روشن ایسی امت کے لیے ہوں جو از کی، اعلم، اور اکثر ہو۔ یا وہ اپنی ذات میں افضل و اکمل اور اظہر ہوں۔ فضل ذاتی ان خصوصیات کی طرف راجع ہوتا ہے۔ جو اس نبی میں کرامات اور مراتب علیا کلام وغیرہ سے اختصاص موجود ہو۔ یا وہ خلت یا رویت وغیرہ الطاف و تحائف سے نوازا گیا ہو۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے معجزات اور نشانیاں تو بہت زیادہ ظاہر، اتم، روشن، اکثر باقی رہنے والی ہیں اور آپ کا منصب اعلیٰ، آپ کا دبدبہ اعظم و اوفر، اور آپ کی

امت از کی' اعلم اور اکثر بحکم آیت قرآنی ہے کہ فرمایا: کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ تم بہترین امت ہو۔ آپ کی امت اس خیر و بھلائی کے ساتھ موصوف ہے جس کا مفہوم تمام کمالات وفضائل کو شامل ہے اور آپ کی ذات قدس اکمل واطہر ہے۔ اور آپ کی خصوصیات' کرامات اور کمالات زیادہ عظیم' مشہور تر اور ظاہر ہیں اور آپ کا درجہ تمام رسولوں کے درجات سے ارفع ہے اور تمام مخلوق سے ازکی' اظہر اور افضل ہے۔ ﷺ واصحابہ واتباعہ اجمعین۔

شفاعت والی حدیث پر غور کیجئے کہ روز محشر ساری مخلوق خدا جمع ہو کر شفیع کی جستجو میں حضرت آدم' حضرت نوح' حضرت ابراہیم' حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے پاس آئیں گی اور شفاعت کی التجا کریں گی اور سب ہی اس مقام کی ذمہ داری قبول کرنے میں اپنی عجز و ناتوانی کا اعتراف کریں گے۔ اور فرمائیں گے کہ یہ کام ہمارا نہیں ہے۔ آخر میں یہ مخلوق سید المرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین کے حضور آئیں گی اور آپ فرمائیں گے یہ کام میرا ہے پھر بارگاہ قدس میں حاضری دیں گے۔ آخر حدیث تک۔ اور فرمایا: اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ میں اولاد آدم کا سردار ہوں۔ اور فرمایا: اَنَا اَکْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ میں اولاد آدم میں بہترین ہوں۔ گویا کہ خدا کے نزدیک میں بہترین و بزرگ ترین اولاد آدم ہوں۔ بعض کہتے ہیں کہ ولد ادم اور نبی ادم سے مراد عرف میں نوع انسانی ہے جس میں حضرت آدم علیہ السلام بھی داخل ہیں۔ چنانچہ ایک اور روایت میں ہے کہ اَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ میں روز قیامت انسانوں کا سردار ہوں۔ اور سب سے بہتر استدلال اس حدیث سے ہے کہ فرمایا: اٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِیْ. آدم اور ان کے ماسوا سب میرے جھنڈے کے نیچے ہیں اور بعض نے اس آیت کریمہ سے استدلال کیا ہے خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ جس قدر لوگ گزرے ان میں تم سب سے بہتر امت ہو۔ اس میں شک نہیں کہ امت کی افضلیت و خیریت دین میں کمال کے اعتبار سے ہے۔ اور یہ اپنے نبی کے کمال کے تابع ہے۔ کہ امت ان کی پیروی کرتی ہے۔

امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ علیہ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ حق تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی تعریف اوصاف حمیدہ سے فرمائی ہے۔ چنانچہ ان میں سے حضور اکرم ﷺ کو فرمایا گیا: اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ. یہ وہ حضرات ہیں جن کی حق تعالیٰ نے ہدایت فرمائی ہے تو آپ ان کی راہ پر چلئے۔'' لہٰذا حضور کو ان سب کی راہ پر چلنے کا حکم فرمایا تو لامحالہ امتثال امر اس کا بجالانا واجب ہوا۔ جب آپ بجالائے تو وہ تمام خوبیاں اور کمالات جو تمام نبیوں میں تھیں بلاشبہ آپ میں جمع ہو گئیں اور ہر خوبی و کمال جو متفرق اور جدا جدا تھے آپ میں یکجا ہو گئے۔ اس طرح آپ ان سب سے افضل ہوئے۔ یہ استدلال لطیف ہے۔ اگرچہ بادی النظر وہم میں ایسا آتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی انبیاء کی اقتداء واتباع کا حکم فرمایا گیا ہے۔ اور آپ مفضول ہوئے لیکن اس جگہ اقتدا واتباع سے مراد موافقت ہے۔ چونکہ انبیاء کرام آپ سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اس لیے لفظ اقتداء بولا گیا۔ اور یہی حال اس حکم کا ہے جس میں حضور کو ملت ابراہیم کے اتباع کا حکم فرمایا۔ نیز آپ کی دعوت تمام نبیوں کی دعوتوں سے زیادہ اکثر بلاد عالم میں پہنچی ہے۔ لہٰذا اہل دنیا کا آپ کی دعوت سے انتفاع کرنا بمقابلہ تمام نبیوں کی امتوں کے انتفاع دعوت' اکثر و اکمل ہے۔ حضور اکرم ﷺ تمام نبیوں سے افضل ہوئے۔ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ بہترین و افضل ترین شخص وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع پہنچائے۔

فضائل صحابہ کے ضمن میں ایک حدیث ہے کہ سیدنا علی مرتضیٰ ایک دروازے سے نمودار ہوئے۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: هٰذَا سَیِّدُ الْعَرَبِ یہ عرب کا سردار ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ سید العرب نہیں ہیں۔ فرمایا: اَنَا سَیِّدُ الْعٰلَمِیْنَ عَلِیٌّ سَیِّدُ الْعَرَبِ میں تمام جہانوں کا سردار ہوں اور علی عرب کے سردار ہیں۔

فائدہ: حاکم بیان کرتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ ضعیف ہے اور ذہبی نے اس کے وضعی ہونے کا حکم کیا

ہے۔(واللہ اعلم)

لیکن قرآن کریم میں واقع ہوا ہے کہ لَانُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ. ہم ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے۔اور صحیحین میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ لَا تُفَضِّلُوْنِیْ عَلَی الْاَنْبِیَآءِ مجھے نبیوں پر فضیلت نہ دو۔اور ایک رویت میں ہے۔لَا تُفَضِّلُوْا بَيْنَ الْاَنْبِیَآءِ نبیوں کے درمیان فضیلت نہ دو۔اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے۔لَا تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْاَنْبِیَآءِ نبیوں کے درمیان فرق نہ کرو۔اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ''مسلم کے نزدیک آیا ہے'' کہ کسی بندہ کو ممتاز نہ کرو کہ تم کہنے لگو کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں۔تو وہ بلاشبہ جھوٹ کہتا ہے۔مروی ہے کہ جو کوئی یہ کہے کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں تو وہ بلاشبہ جھوٹ کہتا ہے۔ان کے جواب میں علماء فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے ارشاد: لَانُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے اس سے مراد ایمان میں فرق کرنا ہے۔مطلب یہ ہے کہ بعض پر لوگ ایمان لائیں اور بعض پر نہ لائیں۔جیسا کہ فرمایا: اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ (بے شک جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسولوں کے ساتھ کفر کیا) وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ. (اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کریں) يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ. اور کہتے ہیں کہ ہم بعض پر ایمان لائے اور بعض کا انکار کرتے ہیں) حقیقت یہ ہے کہ کسی ایک رسول کی تکذیب تمام رسولوں کی تکذیب ہے۔اسی پر بعض علماء نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کو محمول کیا ہے۔اِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ. (اگر یہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو آپ سے پہلے رسولوں کو بھی جھٹلایا گیا ہے۔) انبیاء و مرسلین کے درمیان ایمان میں برابری اس کے منافی نہیں ہے۔کہ بعض افضل ہوں۔اور حدیثوں کے جوابات متعدد وجوہ سے دیئے گئے ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ تفضیل وتخییر کی ممانعت اس سے پہلے تھی کہ وحی کے ذریعہ معلوم ہوا کہ آپ سیّدنا انبیاء افضل بشر اور سید ولد آدم ہیں۔لیکن اس کے قائل پر واجب ہے کہ اس کی تقدیم وتاخیر کو ثابت کرے۔بعض کہتے ہیں کہ ایسے طریقے پر فضیلت نہ دی جائے کہ مفضول کی تنقیص واہانت لازم آئے۔بعض کہتے ہیں کہ ممانعت تفضیل' نبوت ورسالت کی اصل میں ہے اس لیے کہ تمام نبی اصل نبوت میں حد واحد ہیں اور بعض نبی واوالعزم ہیں۔لیکن یہ بات خطا سے خالی نہیں ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ بعض کہتے ہیں کہ میں اسے فضیلت دیتا ہوں جس کے درجہ کو اللہ رب العزت نے خصائص قرب سے بلند فرمایا ہے۔اور امت کی سیاست ان کے ڈرانے' دین پر صبر کرنے' ادائے رسالت پر قائم رہنے اور گمراہوں کی ہدایت پر خواہش رکھنے پر کسی سے تعرض نہیں کرتا۔اس لیے کہ ہر ایک نے اپنی مقدور کی حد تک' اپنی جہد وسعی کو صرف فرمایا ہے۔اور اس سے زیادہ انہیں اللہ تعالیٰ نے مکلّف نہیں فرمایا۔فافہم۔بعض کہتے ہیں ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نبیوں کے درمیان ایک کو دوسرے پر اجمالی طور پر فضیلت دی ہے۔لیکن ہم اپنی ذاتی رائے فضیلت دینے سے باز رہتے ہیں اس لیے کہ ہم کسی کی فضیلت اپنی رائے سے نہیں بیان کر سکتے۔بلکہ بحکم کتاب اللہ اور احادیث رسول اللہ فضیلت دے سکتے ہیں۔جیسا کہ دلائل سے پہلے گذر چکا ہے۔

ابن ابی جمرہ جو کہ اعاظم علماء مالکیہ میں سے ہیں حدیث یونس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے مراد جہت' تحدید اور تکییف کی نفی حق سبحانہ سے ہے۔چنانچہ ابن خطیب رے یعنی امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ فرمایا مجھے حضرت یونس علیہ السلام پر فضیلت اس حیثیت سے نہیں ہے کہ مجھے آسمان پر لے جایا گیا۔اور حضرت یونس کو دریا کی گہرائیوں میں اتارا گیا۔اور یہ کہ میں خدا کے قریب ہوں اور وہ دور تر لہٰذا اس حیثیت سے ان پر میری فضیلت کو ثابت کرنے سے لازم آتا ہے کہ حق تعالیٰ سبحانہ کے لیے بھی جہت ومکان ثابت کیا جائے۔(اور یہ باطل ہے) اگرچہ مجھے آسمان کے ساتوں طبقوں پر لے جایا گیا اور حجت خرق کی گئی۔اور حضرت یونس کو دریا کی گہرائیوں میں اتارا گیا۔مگر حق تعالیٰ نے میرے اور ان کے قرب کی نسبت برابر ہے۔اور انبیاء و یونس علیہم السلام سے

افضلیت ثابت کرنے کے سوا میرے دیگر فضائل وکمالات ثابت ہیں۔اس طرح مجھے فضلیت دینے سے جہت لازم آتی ہے۔یہ بات امام دارالہجرۃ یعنی امام مالک رحمتہ اللہ علیہ سے بھی مروی ہے اور امام الحرمین سے بھی ایسی ہی حکایت منقول ہے۔بعض فضلا کا اس میں اختلاف ہے۔وہ کہتے ہیں کہ ہم وجود باری تعالیٰ کے لیے اثبات مکان کی جہت سے فضلیت نہیں دیتے۔کیونکہ وجود باری تعالیٰ سے تمام جہتوں کی نسبت برابر ہے بلکہ ملاء اعلیٰ یعنی آسمانی مخلوق کو حضیض ادنیٰ یعنی اہل زمین پر جو فضلیت حاصل ہے اور اس عالم کی نسبت سے اس عالم کو جو شرف ہے اس جہت سے ہم حضور اکرم ﷺ کی قدر ومنزلت کو حضرت یونس علیہ السلام پر فضلیت دیتے ہیں۔گویا کہ یہ فضلیت مکانیت یعنی قدر ومنزلت سے ہے نہ کہ مکان سے۔لہٰذا تفضیل کی ممانعت' مکان کے ساتھ مقید ہے کہ اس سے قریب مکانی کا مفہوم حاصل ہوتا ہے۔(یہ ہمارا مقصود نہیں) غلیتامل۔

مسئلہ فضل بشر بر ملک: فرشتوں پر بشر کی افضلیت کا مسئلہ جس پر جمہور اہل سنت وجماعت کا مسلک ہے۔اس تفصیل سے مشہور ہے کہ خواص بشر یعنی انبیاء علیہم السلام خواص ملائکہ پر یعنی حضرت جبریل۔میکائیل' اسرافیل' عزرائیل' حاملان عرش' مقربین' کروبیاں اور روحانیین پر فضلیت رکھتے ہیں۔اسی طرح مواہب لدنیہ میں تفسیر بیان کی گئی ہے اور عقائد (نسفی) کی عبارت یہ ہے کہ رُسُلُ الْبَشَرِ اَفْضَلُ مِنْ رُّسُلِ الْمَلٰٓئِکَةِ یعنی رَسُوْلَان بَشَرٍ۔فرشتوں کے رسولوں سے افضل ہیں۔فرشتوں کی وہ جماعت جن کا ذکر ہوا۔ظاہر ہے کہ یہ فرشتوں کے مرسلین ہیں۔کیونکہ یہ مرسلین ملائکہ' فرشتوں کی جماعتوں کو تبلیغ احکام الٰہی اور تعلیم دیتے ہیں۔اور عوام بشر جن سے مراد اولیاء وصلحاء واتقیاء ہیں۔نہ کہ فساق وفجار (تو یہ عامہ ملک سے افضل ہیں جو کہ غیر مرسلین ملائکہ ہیں)

فائدہ: شعب الایمان میں اس پر عاصیوں' فاسقوں کی تنقیص کی گئی ہے۔اس کی عبارت جیسا کہ نقل کیا گیا ہے۔یہ کہ ملائکہ اور بشر کے پرانے لوگ اور آج کے لوگ بحث کرتے ہیں۔چنانچہ یہ فیصلہ کرنا ہے کہ رسل بشر رسل ملائکہ سے افضل ہیں۔اور اولیاء بشر اولیاء ملائکہ سے افضل ہیں (انتہی) اور جمہور اہل سنت والجماعت کہتے ہیں کہ بعض اشاعرہ ملائکہ کی افضلیت کی طرف گئے ہیں۔اور قاضی ابوبکر باقلانی جو اس مذہب کے بہترین فاضل اور شیخ ابوالحسن اشعری رحمتہ اللہ کے شاگرد ہیں۔ان کے نزدیک مسلک مختار یہی ہے۔عبداللہ حلیمی بھی اسی جانب ہیں اور امام غزالی کے کلام سے بھی بعض مقامات میں یہی مفہوم نکلتا ہے اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ بحیثیت مجرد اور قرب کے ملائکہ افضل ہیں۔اور کثرت ثواب کے لحاظ سے بشر افضل ہیں۔اہل سنت کی افضلیت سے مراد' کثرت ثواب ہے جیسا کہ رسول کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں کہا گیا ہے۔

شیخ تاج الدین سبکی رحمتہ اللہ جو علمائے شافعی میں بلند مرتبہ رکھتے ہیں فرماتے ہیں اگر کوئی شخص ساری عمر مسئلہ افضلیت کو خطرہ میں نہ لائے نہ اس کی نفی کرے اور نہ اثبات کرے تو میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن اس سلسلے میں کچھ بھی نہ پوچھا جائے گا۔

فرشتوں میں بھی بعض' بعض سے افضل ہیں۔اور ان میں سب سے افضل حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں کہ ان کو روح الامین کہا جاتا ہے۔وہ مظہر علم اور حامل وحی ہیں۔ان کے علاوہ تین فرشتے تمام فرشتوں سے افضل ہیں۔تمام رسول' تمام نبیوں سے افضل ہیں۔اور بعض رسول بھی بعض سے افضل ہیں۔اور حضور اکرم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ تمام انبیاء ومرسلین سے افضل ہیں۔آپ سید المرسلین' خاتم النبیین اور تمام مخلوق سے افضل ہیں۔صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلَ مَا صَلّٰى عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ هٰذَاةِ طَرِيْقَ الْحَقِّ وَمُحْيِ عُلُوْمِ الدِّيْنِ.

انبیاء علیہم السلام کی تعداد میں بھی اختلاف ہے۔اس باب میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث مشہور ہے۔جسے ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے۔حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! انبیاء کتنے ہیں؟ فرمایا ایک سو چوبیس

ہزار۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! رسول کتنے ہیں۔ فرمایا تین سو تیرہ (واللہ اعلم عنداللہ تعالیٰ)۔

وہ نبی جن کے نام قرآن میں مذکور ہیں۔ یہ ہیں۔ حضرت آدم، ادریس، نوح، ہود، صالح، ابراہیم، لوط، اسمٰعیل، اسحٰق، یعقوب، یوسف، ایوب، شعیب، موسیٰ، ہارون، یونس، داؤد، سلیمان، الیاس، الیسع، زکریا، یحییٰ، عیسیٰ اسی طرح اکثر مفسرین کے نزدیک الکفل ہیں۔ اور قرآن مجید میں حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ بعض نبیوں کے قصے تو آپ پر بیان کردئے ہیں۔ اور بعض کے ہم نے نہیں بیان کیے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور اکرم ﷺ پر تمام نبیوں کے قصے نہیں بیان کیے گئے۔

خصوصی قدر و منزلت وصل: اللہ رب العزت سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے اس کے رسول سیّد عالم ﷺ کی جو منزلت و کرامت قرآن کریم میں ظاہر فرمائی گئی ہے ان میں سب سے اعظم و اعلیٰ قصۂ اسریٰ (معراج) سُوْرَۂ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی میں اور دَنٰی فَتَدَلّٰی (قریب ہوئے اور زیادہ قریب ہوئے) سورۂ والنجم میں مذکور ہے۔ یہ آپ کے اعظم قدر و منزلت اور علو درجت اور قرب و مشاہدہ آیات و عجائب قدرت جل وعلا پر مشتمل ہے۔ انہیں میں سے آپ کو اعداء خصوصاً مشرکین مکہ و مدینہ سے آپ کو محفوظ رکھنا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:

وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ — اور اللہ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا۔

حضور اکرم ﷺ اپنے صحابہ کو حفاظت و نگہبانی کے لیے مقرر فرمایا کرتے تھے۔ اور اس طرح آپ دشمنوں کے شر و فساد سے اجتناب اور بچاؤ کرتے تھے۔ او یہ تحفظ بھی اگرچہ بحکم الٰہی اور اس کی حکمت بالغہ کے تحت تھا لیکن جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو آپ دشمنوں کے مکر و فریب سے بے نیاز ہو گئے۔ چنانچہ فرمایا

اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْيُخْرِجُوْكَ. — جب یہ کافر لوگ آپ کے بارے میں سوچ رہے تھے کہ آپ کو یا تو محبوس کردیں یا قتل کردیں یا نکال دیں.....

یہ کیفیت ہجرت کے ابتدائی دنوں کی تھی اور آپ کی ہجرت اسی بناء پر تھی۔ چنانچہ اس کا قصہ مشہور ہے۔ اور حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ. — اگر یہ آپ کی مدد نہ کریں تو یقیناً اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے گا۔

چنانچہ اس قصہ میں حق سبحانہ وتعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی جانب سے مشرکوں کی ایذاؤں کو ان کی بیعت کے بعد ان کی ہلاکت اور آپ کے بارے میں ان کی اختلاف آراء سے دفع فرمادیا۔ ان کے روبرو آپ کے نکلنے کے وقت اللہ نے کفار کی آنکھوں کو اندھا کردیا اور غار ثور میں اس یقین کے باوجود کہ حضور اس میں ہوں گے۔ آپ کی جستجو میں غفلت ڈال دی۔ اور ان کے ارادوں کو پھیر دیا۔ اور نشانیوں کا ظہور، سکینہ یعنی اطمینان و سکون کا نازل ہونا اور حق سبحانہ وتعالیٰ کی معیت کا مشاہدہ کرنا یہ ایسے عظیم ترین معجزات اور آیات ہیں جن کا تذکرہ اپنی جگہ پر آئے گا۔ حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے اپنے حبیب ﷺ کی حفاظت و عصمت میں ارشاد ہے: اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا جب اپنے رفیق سے فرمارہے تھے کہ غم نہ کرو۔ بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

اس سے ملتا جلتا معاملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بھی پیش آیا۔ جس وقت آپ بنی اسرائیل کے ساتھ نکلے اور فرعون اور اس کے لشکریوں نے ان کا پیچھا کیا تو بنی اسرائیل ڈرے کہ فرعونی انھیں پکڑ لیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ''نہ ڈرو ان معی ربی'' بیشک میرے ساتھ میرا رب ہے۔'' لیکن علماء فرماتے ہیں۔ کہ حضور کے مشاہدہ رب میں اور حضرت موسیٰ کے مشاہدہ رب میں فرق ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی اول نظر وجود باری تعالیٰ پر پڑی۔ اس کے بعد دوسری نظر اپنے آپ پر۔ کہ فرمایا: ''اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا'' (اللہ ہمارے ساتھ ہے۔) اور موسیٰ علیہ السلام کی اول نظر اپنے آپ پر پڑی اس کے بعد دوسری نظر وجود باری تعالیٰ پر۔ اور فرمایا: اِنَّ مَعِیَ

رَبِّیْ (میرے ساتھ میرا رب ہے۔) یہ دونوں قسمیں مشہود وقرب کے اقسام سے ہیں۔مگر اول اتم واقرب بمصداق مَا رَأَیْتَ شَیْئًا اِلَّا وَرَأَیْتُ اللّٰہَ قَبْلَہٗ لَاثَانِیْ مَا رَأَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ یعنی میں نے کچھ نہیں دیکھا۔مگر یہ کہ سب سے پہلے اللہ کو دیکھا۔اور دوسرے میں یہ کہ میں نے کچھ نہیں دیکھا مگر اللہ کو اس کے بعد دیکھا۔اوّل میں طریق جذب ہے۔اور دوسرے میں طریق سلوک۔اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَقَدْ اٰتَیْنَاکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِیْمَ. بلاشبہ میں نے سبع مثانی اور قرآن عظیم آپ کو عطا فرمایا۔

سبع مثانی سے مراد وہ سات لمبی سورتیں ہیں جو قرآن کی سورتوں میں پہلے مذکور ہیں۔یعنی سورۂ بقر سے آخر سورۂ انفال یا سورۂ توبہ تک۔کیونکہ یہ حکم میں ایک سورۃ کے ہیں۔اس لیے ان دونوں سورتوں کے درمیان بسم اللہ فصل نہیں کیا گیا۔

فائدہ: قرآن عظیم کی یہ سات آیتیں ام القرآن یا سبع مثانی ان کے سوا ہیں باقی کا نام قرآن عظیم ہے۔چونکہ اس کی تکرار یا تو ہر رکعت میں ہے یا باعتبار تکرار نزول ہے۔اس لیے ام القرآن کا نام سبع پڑا۔اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے لیے ان سات آیتوں کا استثنا فرمایا اور آپ کے لیے ان کو ذخیرہ بنایا ہے۔آپ کے سوا کسی نبی کو یہ مرحمت نہ فرمایا گیا۔اور قرآن کا ''مثانی'' سے موسوم کرنا یا تو اس بنا پر ہے کہ ان میں قصص بار بار دہرائے گئے ہیں۔یا اس بناء پر کہ ان میں حق تعالیٰ جل جلالہ کی حمد وثنا کی گئی ہے یا اس بناء پر کہ اس کی حمد وثنا بلاغت واعجاز کے ساتھ کی گئی ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے خصائص میں ارشاد فرمایا:

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا. اور نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام لوگوں کی طرف بشارت دینے والا اور ڈرانے والا۔

اور ارشاد فرمایا:

قُلْ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا. فرما دو اے لوگو! بیشک میں اللہ کی طرف سے رسول تم سب کی طرف ہوں۔

مزید ارشاد ہے:

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِہٖ لِیُبَیِّنَ لَھُمْ. اور ہم نے کسی رسول کو نہ بھیجا مگر ان کی اپنی قوم کی زبان میں تاکہ انہیں خوب خوب بیان فرمائے۔

یعنی رسولوں کی تخصیص فرمائی گئی کہ وہ انہیں کی قوم میں سے ہوں گے۔لیکن سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کو ساری مخلوق کی طرف بھیجا۔جیسا کہ ارشاد ہے:

بُعِثْتُ اِلَی الْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ. مجھے عرب وعجم کی طرف بھیجا گیا۔

اسود سے مراد عجم ہیں۔کیونکہ ان کا رنگ سبزی مائل ہے۔اور احمر سے مراد عرب ہیں کیونکہ ان کا رنگ سرخ وسفید ہے۔اور ارشاد فرمایا:

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ وَاَزْوَاجُہٗ اُمَّھَاتُھُمْ. نبی پاک مسلمانوں کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں۔اور آپ کی ازواج مسلمانوں کی مائیں ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ نبی پاک کا حکم نافذ وجاری ہے۔جس طرح آقا کا حکم غلاموں پر نافذ ہوتا ہے۔بعض کہتے ہیں کہ آپ کے حکم کی پیروی اپنی ذاتی رائے کی پیروی سے زیادہ بہتر ہے۔حضور ﷺ کی محبت واتباع کے اعتبار سے وجوب کے باب میں تفصیل کے ساتھ واضح کر دیا گیا ہے کہ آپ کی بیبیاں مسلمانوں کی مائیں ہیں۔یہ حکم آپ کے بعد آپ کی خصوصیات وکرامت کی وجہ سے حرمت نکاح میں ہے اور ایسا اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ ازواج آخرت میں آپ کی بیبیاں ہیں اور ایک شاذ قرأت میں آیا ہے کہ ھُوَ اَبٌ لَّھُمْ (نبی ان

کے باپ ہیں۔) حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کی مدح وثنا میں ارشاد فرمایا:

وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا○

اور اللہ نے آپ پر کتاب وحکمت نازل فرمائی اور آپ کو وہ سب کچھ سکھا دیا جو آپ نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا فضل آپ پر بہت بڑا ہے۔

فضل عظیم کے ادراک اور اس کی اصل تک رسائی کسی کے لیے ممکن نہیں۔ کہتے ہیں کہ اس میں رویت الٰہی کی طاقت وبرداشت کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تو اس کی تاب وطاقت نہ رکھ سکے تھے۔ ایسی آیات قرآنیہ جن میں آپ کے فضل وشرف کا بیان ہے بہت ہیں۔ درحقیقت قرآن سب کا سب بعد از احمد وثنائے الٰہی حضور اکرم ﷺ کے اوصاف وکمالات کے بیان کا مظہر ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے خصوصیات اور فضائل میں سے ایک یہ بھی کہ مشرکین اور دشمنان دین جس جگہ بھی حضور اکرم ﷺ کی طرف طعن وتنقیص کی نسبت کی ہے حق سبحانہ وتعالیٰ نے بذات خود متکفل ہو کر آپ سے اس کا دفعیہ فرمایا ہے۔ محبّ کی ایسی ہی عادت ہوتی ہے۔ کہ جب وہ کسی سے اپنے حبیب کی بدگوئی سنتا ہے اسے وہ اپنے اوپر لے کر اس کے جواب اور اس کے الٹ دینے کے درپے ہوتا ہے۔ اور اپنے حبیب کو نصرت بخشتا ہے۔ درحقیقت اس کا روز زیادہ بلیغ اور اس کی نصرت واعانت زیادہ قوی وبلند ہوتی ہے۔ چنانچہ جب کفار نے کہا: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ. اے وہ جس پر قرآن نازل کیا گیا ہے یقیناً بلاشبہ تم دیوانے ہو۔ (معاذ اللہ)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ○ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ○ اے محبوب! آپ اپنے رب کے فضل سے دیوانے نہیں ہیں اور بلاشبہ آپ کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے اور یقیناً آپ کی خو بو بڑی اور عظیم ہے۔ اور جس کسی کی یہ خوبیاں ہوں وہ دیوانہ کیسے ہو سکتا ہے۔

چنانچہ جب عاص بن وائل سہمی نے دیکھا کہ حضور مسجد حرام سے باہر تشریف لا رہے ہیں اور وہ اندر جا رہا تھا تو اس نے باب بنی سہم کے پاس حضور سے ملاقات کی اور کچھ باتیں کیں۔ اس وقت اشقیاء قریش یعنی کفار قریش مسجد حرام میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جب عاص مسجد حرام میں داخل ہوا تو وہ کفار قریش اس سے پوچھنے لگے کہ تو کس سے باتیں کر رہا تھا۔ اس نے کہا اسی ابتر (بے اولاد) سے۔ مطلب اس کا یہ تھا کہ حضور اکرم ﷺ کا ایک فرزند حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے تولد ہوا تھا اور اس کا انتقال ہو چکا تھا اور اس وقت حضور ﷺ کی اولاد میں کوئی فرزند نہ تھا اور اس کا جواب حق تعالیٰ نے یہ دیا کہ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ. جو آپ کا بدگو اور دشمن ہے وہی ابتر اور بے نسلا ہے۔ اور جب کفار نے کہا ''لَسْتَ مُرْسَلًا'' یعنی آپ رسول نہیں ہیں تو حق تعالیٰ نے اس کا جواب دیا کہ يٰسٓ. وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ. اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ. اے سیّد عالم! قسم ہے حکمت والے قرآن کی بلاشبہ یقیناً آپ رسولوں میں سے ہیں۔ اور کفار نے کہا: اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ. یعنی کیا ہم دیوانے شاعر کے لیے اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟ تو اس پر حق تعالیٰ نے فرمایا: بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ. بلکہ حق آیا اور رسولوں نے سچ فرمایا۔ اور فرمایا: وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ہم نے ان کو شعر گوئی نہ سکھائی اور نہ وہ ان کے لائق ہے۔ اور جب کفار نے کہا: لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ. یعنی اگر ہم چاہیں تو ایسا کہہ سکتے ہیں۔ نہیں ہے۔ مگر یہ پہلوں کی کہانیاں'' اس پر حق تعالیٰ نے فرمایا: قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ اے حبیب فرما دو اگر تمام انسان اور جنات اس قرآن کی مثل لانے پر جمع ہو جائیں تو اس کی مثل نہ لا سکیں گے۔ اور جب کفار نے یہ کہا: مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ. نہیں ہے یہ رسول' یہ تو کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے ہیں۔ اس پر حق تعالیٰ نے فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا اَنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ. اور نہیں بھیجا آپ سے پہلے کسی رسول کو مگر یہ کہ وہ یقیناً کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے تھے۔ اور جب کفار نے انسانوں میں سے رسول کے مبعوث ہونے کو بعید جانا تو حق تعالیٰ نے فرمایا:

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا. تم فرماؤ۔ اگر زمین میں فرشتے ہوتے تو چین سے چلتے تو ان پر آسمان سے ہم رسول بھی فرشتہ اتارتے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر ہم جنسی میں انسیت و محبت پیدا ہوتی ہے تو غیر جنس میں تباین اور غیریت۔ لہٰذا یہی قرین حکمت ہے کہ ملائکہ کے لیے ملک مبعوث ہو اور زمین والوں کے لیے بشر مبعوث ہو اور تمام نبی اپنی ذاتوں سے اپنے ہم جنس کی مدافعت کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا: لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ. مجھ میں کج روی نہیں ہے۔ اور حضرت ہود نے فرمایا: لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ مجھ میں نادانی نہیں ہے۔ قرآن مجید میں ایسی مثالیں بہت ہیں۔ واللہ اعلم۔

ازالۂ شبہات از بعض آیات مبہمات

وصل: اب ان شبہات کو دور کیا جاتا ہے۔ جو قرآن کریم کی بعض مبہم اور موہم آیتوں سے جو لاعلمی یا کجروی سے بادی النظر میں رسول مقبول ﷺ کے درجہ رفیع میں نقص و خطا کا اشتباہ پیدا کرتی ہیں۔ یہ درحقیقت متشابہات کے قبیل سے ہیں اور علماء نے ان کی مناسب تاویلات اور لائق معانی کر کے حق تعالیٰ کی طرف راجع اور مؤول ٹھہرایا ہے۔ اسی قبیل سے حق سبحانہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ: وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى (اور آپ کو وارفتہ پایا تو راہ دی)۔

گویا اسے قبل بعثت کی (معاذ اللہ) ضلالت کی طرف منسوب کرتے۔ اور اس کا ازالہ ہدایت سے کرتے ہیں۔ حالانکہ علماء کا اتفاق ہے کہ حضور اکرم ﷺ نہ قبل از نبوت اور نہ بعد از نبوت ہرگز ضلالت سے متصف و موسوم نہ ہوئے۔ آپ کی تخلیق اور نشو و نما، توحید، ایمان اور عصمت پر ہے۔ یہی حال تمام انبیاء و مرسلین علیہم السلام کا ہے۔ اور اہل اخبار میں سے کسی ایک نے بھی کسی ایسے شخص کے بارے میں بیان نہیں کیا ہے۔ جسے نبوت و رسالت اور اصطفا و اجتباء کے ساتھ نوازا گیا ہو اور وہ اس سے پہلے (معاذ اللہ) کفر و شرک اور فسق و ضلالت میں مبتلا ہو چکا ہو۔ ہاں اس میں البتہ! اختلاف ہے کہ آیا عقلاً یہ جائز ہے یا نہیں؟ معتزلہ کا مذہب یہ ہے کہ یہ عقلاً جائز نہیں ہے۔ کیونکہ یہ تنفر اور دوری کا موجب ہے لیکن ہمارے اصحاب اہل سنت کے نزدیک یہ عقلاً جائز ہے کہ حق تبارک و تعالیٰ کسی کو ضلالت کے کنوئیں سے نکال کر ہدایت فرما کر مرتبہ نبوت تک پہنچا دے مگر نقل اور "دلیل سمعی" اسی پر ہے کہ یہ امر جائز کبھی عالم وقوع میں نہیں آیا۔ کیونکہ تمام انبیاء علیہم السلام قبل از نبوت بھی خدا کی ذات و صفات کے عدم عرفان یا اس میں شک و شبہ کرنے سے بھی پاک و معصوم ہیں۔ کفر و معاصی اور ہر اس چیز سے جو موجب نقص و نفرت ہو محفوظ رہے۔ نبوت سے پہلے او بعد میں سہو و نسیان، غلطی و غفلت بحالت جوش و غضب اور جملہ وہ چیزیں جو ملت کی تشریع اور امت کی تبلیغ سے متعلق ہیں اور کبائر سے مطلقاً اور صغائر سے عمداً معصوم اور مامون ہیں۔ خصوصاً سید انبیاء ﷺ کہ آپ کی عصمت اتم و اکمل اور آپ کا مرتبہ اعلیٰ و ارفع ہے اور جو کوئی بھی آپ کی جناب میں اپنی رائے سے خلاف ادب دم مارے وہ ساقط ہے اور وہ ضلالت کے اسفل ترین تاریک گڑھے میں ہے۔ حضور کی ذات قدس تو اول سے ہی ایسی پاک اور آراستہ و پیراستہ ہے کہ عیب و نقص کا کوئی ہاتھ آپ کے عزت و جلال کے دامن سے مس ہونے کی تاب و طاقت ہی نہیں رکھتا۔ بیت ؎

بہ تعلیم و ادب اور اچہ حاجت — کہ او خود ز آغاز آمد مؤدب

لیکن حق تعالیٰ کی تربیت وتعلیم اور تائید قرآن بتدریج آہستہ آہستہ قوت سے فعل کی طرف لاتی ہے۔ یہاں تک کہ باری عزاسمہٗ کے وہ وعدے جو آپ سے کیے گئے تھے اوقات مخصوصہ میں جب ان کا ظہور ہوتا تو وہ موجب کمال یقین اور انکشاف تام ہوجاتا تھا۔ چنانچہ بسا اوقات ظہور معجزہ اور شہود قدرت باری عزوجل کے وقت آپ فرماتے: اَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ" (میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا رسول ہوں) اگر کوئی یہ سوال کرے کہ تمام اہل کمال کا یہی حال ہے کہ جو کچھ ان کے ظرف واستعداد میں پیدا کیا گیا ہے۔ بتدریج اور بترتیب ظہور میں آتا ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس جگہ استعداد' قرب وبعد کے تفاوت اور فرق کے اعتبار پر ہے کیونکہ اہل کمال کا کمال کسب ریاضت سے وجود میں آتا ہے۔ لیکن یہاں سب کا سب بالفعل موجود وثابت ہے۔ لیکن پردہ میں مستور ہے۔ (یعنی عالم غیب میں موجود ہے) جس کا ظہور وقت کے ساتھ موقوف ہے۔ اور جو بتقریب نزول قرآن' بغیر سبب کسب وریاضت ظہور میں آتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم کا حضور ﷺ کو تہذیب وادب سکھانا یہ ہے کہ وہ آپ کو نقص وعیب سے کمال کی طرف اور عدم سے وجود کی طرف نہیں لاتا ہے۔

اس گروہ کے کچھ لوگ آپ کے جوہر قدس میں صفات بشریت کی بقا اور احکام طبیعت اور احکام نفس کی جزئیات کا اثبات کرتے ہیں۔ اور اسے بے صبری وتزلزل جیسے افعال کا مبداء ومنشا قرار دیتے ہیں۔ اور حکمت تشریع اور شرف اتباع کی دریافت کو اس کا باعث سمجھتے ہیں اور نزول قرآن کو تہذیب سکھانے اور اس کے ازالہ کا موجب کہتے ہیں۔ یہ لوگ با اقتضائے ذاتی علوم وفہم سید الکونین ﷺ کے احوال کی حقیقت جاننے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اور ایسا گمان رکھتے اور ایسی بات کہتے ہیں جو اس مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) کے ذوق اعتقاد پر گراں ہیں۔ حقیقتاً آپ کے احوال کو دوسروں کے احوال پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔

اوبرتر از آن ست کہ آید بخیال

اس بحث کا کچھ حصہ چونکہ اخلاق شریف کے باب میں گزر چکا ہے اس لیے تکرار کی حاجت نہیں ہے۔ اس جگہ وہ باتیں بیان کی جائیں گی جو گمراہ وکجرو لوگوں کو شک وشبہ میں ڈالتی ہیں۔ ان کے ذکر سے اس مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) کی زبان وقت' اگرچہ ان کے شبہ کے ازالہ اور دفع کرنے کے طریق پر ہے پھر بھی بیزاری ہے۔ لیکن جب علماء ان کے درپے ہوئے ہوں۔ اور انہوں نے اس میں مصلحت دیکھی ہو تو ہم بھی ان کی تبعیت میں چلنے پر مجبور ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ عاقبت بخیر ہو۔

جاننا چاہیے کہ اس جگہ اس ادب وقاعدے کو جسے بعض اصفیاء اور اہل تحقیق نے بیان کیا ہے۔ ذہن میں رکھنا اور اس کی رعایت کرنا موجب حل اشکال اور سبب سلامت حال ہے وہ قاعدہ اور ادب یہ ہے اگر حضرت ربوبیت جل وعلیٰ کی جانب سے' کوئی خطاب وکوئی عتاب' کوئی دبدبہ' کوئی غلبہ' کوئی استغنا اور کوئی برتری ایسی واقع ہے جیسی کہ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ (بیشک آپ بالذات ہدایت نہیں دے سکتے۔) لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (اور تمہارے کام ضرور باطل ہوجائیں گے۔) لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ (اور نہیں ہے آپ پر کسی معاملہ کی ذمہ داری) تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اور تم دینوی زندگی کی زیبائش کا ارادہ کرتے ہو۔) اس قسم کی اور بھی مثالیں ہیں۔ یا یہ کہ از جانب نبوت' بندگی' انکساری' احتیاجی' عاجزی اور مسکینی کا ظہور ہو جیسے: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (میں تو تم جیسا بشر ہی ہوں) وَاَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْعَبْدُ (اور میں غصہ کرتا ہوں جیسے لوگ غصہ کرتے ہیں) وَمَا اَدْرِیْ مَا يُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ. (اور مجھے معلوم نہیں کے میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ خدا کیا کرے گا) وَلَا اَعْلَمُ مَا وَرَآءَ هٰذَا الْجِدَارِ (اور میں بالذات نہیں جانتا کہ اس دیوار کے پیچھے کیا ہے) اس قسم کے تمام وہ اقوال جو وجود میں آئے ہمیں لازم نہیں ہے اور نہ ہمارا یہ مقام ہے کہ ہم اس میں دخل دیں یا اشتراک ڈھونڈیں اور خوشی کا اظہار کریں۔ بلکہ ہمیں ادب وسکوت کی حد پر رہتے ہوئے تحاشی (بیزاری) کا خاموشی کا اظہار کرنا چاہیے۔ آقا کو حق پہنچتا ہے

کہ وہ اپنے بندے کو جو کچھ چاہے کرے اور برتری وغلبہ کا اظہار فرمائے۔ اور بندہ بھی اپنے آقا کے حضور بندگی اور عاجزی کرتا ہے۔ کسی دوسرے کو کیا مجال اور کیا تاب وتواں ہے کہ وہ اس مقام میں داخل ہو۔ دخل اندازی کرے۔ اور حد ادب سے باہر ہو جائے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں بہت سے کمزوروں جاہلوں کے پاؤں کے ڈگمگا جانے سے خود انہیں کا نقصان ہوتا ہے۔ وَمِنَ اللّٰهِ الْعِصْمَةِ وَالْعَوْنِ. اسی کی جانب سے تحفظ اور نصرت ہے۔ اب واضح رہنا چاہیے کہ آیۂ کریمہ:

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى اور پایا آپ کو وارفتہ تو راہ دی۔

مفسرین نے اس کی تفسیر وتاویل میں متعدد وجوہ بیان کیے ہیں اول یہکہ پایا آپ کو معالم نبوت اور احکام شریعت سے ناواقف ووارفتہ ''یہ قول سیّدنا ابن عباس' حسن' ضحاک اور شہر بن حوشب کا ہے۔ اس کی تائید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَا اَنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْاِیْمَانُ. آپ نہیں جانتے کہ کتاب وایمان کیا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ آپ وحی سے پہلے قرآن کریم کو پڑھنا اور مخلوق کو ایمان کی دعوت دینا نہ چاہتے تھے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ایمان سے مراد فرائض واحکام ہیں ورنہ حضورِ اکرم ﷺ وحی سے پہلے توحید حق پر ایمان رکھتے تھے اس کے بعد وہ فرائض نازل ہوئے۔ جو آپ کو دریافت نہ تھے۔ یا پھر ایمان سے مراد شریعت کی تفصیلات یا نماز مراد ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

مَا كَانَ اللّٰهُ لِیُضِیْعَ اِیْمَانَكُمْ. اللہ تمہارے ایمان یعنی نماز کو ضائع نہیں فرماتا۔

مطلب یہ کہ جو نمازیں تم نے تحویل قبلہ سے قبل بیت المقدس کی طرف رخ کر کے پڑھی ہیں ان کو اللہ ضائع نہیں فرمائے گا۔ حدیث پاک میں مروی ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ خدا کی توحید بجالاتے' بتوں کو دشمن جانتے اور زمانہ جاہلیت میں حج وعمرہ ادا کرتے تھے۔ اور حدیثوں میں آیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے نہ تو کبھی شراب پی۔ اور نہ کبھی بتوں کو پوجا اور میں جانتا تھا کہ قریش کفر پر ہیں حالانکہ میں قرآن پاک اور ایمان کی تفصیلات سے واقف نہ تھا۔ مروی ہے کہ قریش بھی دین اسمٰعیل کے کچھ بچے کچھے احکام پر عامل تھے۔ مثلاً حج' ختنے اور غسل جنابت وغیرہ۔

دوم یہ کہ مرفوعاً مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ میں اپنی صغرسنی میں اپنے دادا عبدالمطلب سے گم ہو گیا۔ اور قریب تھا کہ بھوک مجھے ہلاک کر دے تو مجھے میرے رب نے راہ دکھائی۔ اسے امام فخر الدین رازی نے ذکر کیا اور ایسا ہی ''مواہب لدنیہ'' میں بھی ہے۔ مشہور یہ ہے کہ حلیمہ سعدیہ رسول کریم ﷺ کو لے کر مدینہ مکرمہ آئیں تا کہ آپ کو آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب کے سپرد کر دیں مگر آپ راہ میں گم ہو گئے۔

سوم یہ کہ آیۂ کریمہ میں لفظ ضلال' ضَلَّ الْمَآءُ فِی اللَّبَنِ. (دودھ میں پانی ملانا) سے ماخوذ ہے۔ مطلب یہ کہ جس وقت آپ پانی کو دودھ میں مغمور ومغلوب کرتے (غالباً مٹھا یا لسی بنانے کے لیے دودھ میں غالب واکثر پانی ملاتے تھے۔) یعنی آپ کفار مکہ میں مغمور ومغلوب تھے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو قوت بخشی تا کہ خدا کے دین کو ظاہر وغالب فرما دیں۔

چہارم یہ کہ اہل عرب' اس درخت کو جو بیابان میں یکہ وتنہا ہوتا اسے ''ضالہ'' سے موسوم کرتے تھے۔ گویا حق سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے کہ اے حبیب تم ان شہروں میں اس درخت کی مانند یگانہ وبے ہمتا اور منفرد تھے۔ جو بیابان میں اکیلا وتنہا ہو۔ تم نے ایمان وتوحید کے میوہ سے انہیں ثمرات بخشے۔ اور ہدایت فرمائی۔ اور حق تعالیٰ نے آپ کی طرف خلق کو راہ دکھائی۔ تا کہ وہ بہرہ ور ہوں۔ ﷺ

پنجم یہ کہ کبھی سردار قوم اور ان کے سربراہ کو مخاطب کیا جاتا ہے اور اس سے مراد ان کی قوم ہوتی ہے۔ مطلب یہ کہ آپ کی قوم کو گمراہ پایا تو ہم نے ان کو آپ کے ذریعہ آپ کی شریعت کے ساتھ ہدایت کی۔

ششم یہ کہ ضال سے مراد محبت ہے۔ مطلب یہ کہ آپ کو محبّ اور اپنا طالب معرفت پایا (تو اپنی راہ دی) اور محبت کو ضال (وارفتہ) کہنا بکثرت مستعمل ہے۔ کیونکہ محبت خود کو اور اپنے اختیار وقرار کو گم کر دیتی ہے۔ اور کبھی معقول نہج پر قائم نہیں رہ سکتی۔ جیسا کہ فرمایا: اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (بیشک ہم انہیں کھلی وارفتگی میں رکھتے ہیں) اور فرمایا: وَاِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ (اور آپ تو پرانی وارفتگی میں ہی ہیں۔ یہ تاویل عطاء سے مروی ہے جو کہ تابعین سے ہیں۔

ہفتم یہ کہ آپ کو ہم نے بھولا ہوا پایا تو آپ کو یاد دلایا۔ اسے شب معراج کی حالت پر محمول کرتے ہیں کہ اس مقام کی دہشت سے خود فراموشی طاری ہوگئی کہ کیا اور کیونکر عرض کریں اور حق تعالیٰ کی حمد وثنا کس طرح بجالائیں تو حق تعالیٰ نے آپ کو راہ دکھائی اور حمد وثنا کی کیفیت بتائی تو عرض کیا لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْكَ. (تیری ثنا میں گھیر نہیں سکتا۔) مفسرین بھی ایسا ہی بیان کرتے ہیں ایسا نہیں ہے کہ بعض دیگر اوقات میں بھی سہو ونسیان ہوتا ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ کی خطائے اجتہادی کے ضمن میں بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کا جاری ہونا۔ آپ پر جائز ہے۔ اور جب ایسا ہوتا ہے تو حق تعالیٰ آپ کو آگاہ فرما دیتا ہے۔ اور درستگی پر قائم فرما دیتا ہے۔ یہ آیت اسی تذکرہ احسان پر نازل ہوئی۔ واللہ اعلم۔

ہشتم یہ کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کو گمراہوں کے درمیان پایا تو آپ کو ان سے معصوم کر کے ان کے ایمان وارشاد کی ہدایت فرمائی۔ ہمارے نزدیک یہی توجیہہ ہے۔ کیونکہ کہا جاتا ہے کہ جب حضور ﷺ نے اس گمراہ قوم سے علاقہ رکھا اور ان سے صحبت اختیار فرمائی تو ضلال میں واقع ہونے کا گمان ہوا۔ اور جہل واختلال کے بھنور میں پھنسنے کا خطرہ پیدا ہوگیا۔ اگر خدا کی عصمت وحفاظت آپ کے شامل حال نہ ہوتی جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ" (قریب تھا کہ آپ ﷺ کو فتنے میں ڈال دیتے) ارشاد باری تعالیٰ ہے: لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ (آپ قریب ہوگئے تھے کہ ان کی طرف جھک جائیں) تو اللہ تعالیٰ نے بطریق مبالغہ ہدایت وعصمت کے تذکرۂ احسان میں اس آیت کریمہ کو نازل فرمایا تو مراد آپ کا ضلال ہے نہ کہ آپ کی قوم کا ضلال فافہم۔

نہم یہ کہ کتاب الٰہی کی جو چیزیں آپ کی طرف نازل فرمائی گئیں آپ کو ان کے بیان کرنے میں متحیر پایا۔ تو حق تعالیٰ نے ان کے بیان فرمانے کی ہدایت فرمائی جیسا کہ فرمایا "ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ" (اس کا بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے۔) اور فرمایا: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ (ہم نے آپ کی طرف ذکر اُتارا)۔ یہ توجیہہ حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

دہم یہ کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا میں نے کسی وقت اور کسی حال میں بھی اہل جاہلیت کے کاموں کی طرف قصد نہ کیا بجز دو مرتبہ کے۔ اور ہر بار حق تعالیٰ نے مجھے اپنے فضل سے اس سے باز رکھا۔ اور میری عصمت میرے اور میرے ان ارادوں کے درمیان جن کا قصد کیا تھا حائل ہوگئی اس کے بعد پھر کبھی بھی اس قسم کی چیزوں کی طرف قصد نہ کیا۔ یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے مجھے اپنی رسالت سے سرفراز فرمایا۔ آپ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ قریش کا ایک غلام جو میرے ساتھ مکہ کی پہاڑیوں میں بکریاں چرایا کرتا تھا ملا۔ میں نے کہا اگر تم میری بکریوں کی دیکھ بھال کرلو تو میں مکہ میں جا کر ان کی قصہ کہانیاں سنوں جس طرح مکہ کے جوان کرتے ہیں۔ میں چراگاہ سے نکل کر مکہ میں آیا اور ان کے گھروں میں سے ایک گھر پہنچا۔ میں نے دیکھا کہ وہ گاتے بجاتے اور کھیل کود کرتے ہیں۔ میں بیٹھ گیا۔ اور ان کی طرف دیکھنے لگا۔ پھر حق تعالیٰ نے مجھ پر نیند کا غلبہ اتارا اور میں اس وقت تک سوتا رہا جب تک کہ میرے سر پر دھوپ نہ آ گئی۔ دوسری رات بھی ایسا ہی ہوا اس کے بعد میں نے کبھی بھی ان کی طرف رُخ نہ کیا۔ اور کسی برائی کا قصد نہ کیا۔ یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے مجھے اپنی رسالت سے مکرم فرمایا۔ لہٰذا اس آیۂ کریمہ سے یہی مراد ہے۔ واللہ اعلم۔

رفع وزر وصل: ازالہ شہادت کے سلسلے میں آیہ کریمہ ہے کہ

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ. اور ہم نے آپ سے اس بوجھ کو دور کیا جس نے آپ کی کمر دوہری کر دی۔

بظاہر اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ اثبات بارگناہ سخت ہے۔ حتیٰ کہ فقہا' محدثین اور متکلمین کی ایک جماعت نے انبیاء کرام صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین پر صغائر کے جائز ہونے پر اس سے حجت اخذ کی ہے۔ اگر قرآن وحدیث کے ظاہر الفاظ کا التزام کیا جائے۔ اور انہیں اس کا ماخذ بنایا جائے۔ تو بکثرت لفظوں سے کبائر کا جواز اور خرق اجماع بھی لازم آتا ہے۔ اور قول کو کوئی مسلمان بھی قبول نہیں کرے گا۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ جماعت جس سے بھی محبت پکڑتی ہے ان سب کے معانی میں مفسرین کا اختلاف ہے۔ اور ان کے اقتضاء میں' متعارض ومتقابل احتمالات ہیں۔ اور سلف صالحین کے اقوال ہر اس چیز کے خلاف منقول ہیں جن کی یہ جماعت التزام کرتی ہے۔ اور چونکہ ان کے مذہب کے برخلاف اجماع ہے جن پر یہ جماعت مجتمع ہوئی ہے وہ سب متحمل وماوّل ہیں اور باتفاق واجماع سلف' ان کے قول کے برخلاف دلائل قائم ہیں۔ اور ان کا ظاہر متروک ہے تو ظواہر پر قول کا ترک اور اقوال سلف کی طرف رجوع لازم ہے۔ بلاشبہ اس آیت کریمہ کی تفسیر میں اختلاف واقع ہوا ہے۔ چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ یہ اس بوجھ کے اندازہ کی تمثیل ہے جو حضور ﷺ پر گرایا گیا ہے۔ اور اس کا ہلکا کرنا یہ ہے کہ ان پر آپ کو صبر ورضا عطا فرمائی گئی۔ مشہور یہی ہے کہ اس سے نبوت کے بوجھ کو ہلکا کرنا مراد ہے۔ کیونکہ امر نبوت کے قیام' موجبات نبوت کی حفاظت اور اس کے حقوق کی ادائیگی کی محافظت نے آپ کی پشت کی طاقت کو شکستہ کر رکھا تھا۔ جسے حق تعالیٰ کی نصرت وتائید نے آپ پر آسان وسہل فرما دیا۔ اور شرح صدر عطا فرما کر دعوت خلق کے ساتھ حضور حق جمع کر کے اس کے بوجھ کو اتار دیا۔ اور انشراح صدر ایسا بلند مقام ہے جس کا تمام وکمال' حضور سید السادات علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات کی ذات بابرکات کے سوا کسی اور کے لیے ثابت نہیں ہے۔ البتہ! ارباب تمکین میں سے کامل ترین اولیاء کرام کو بقدر ادراک آپ کی متابعت کے شرف سے اس میں سے کچھ حصہ حاصل ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں کہ صوفی قائم وبرقرار رہے اور اس کی ''جمع'' میں فرق کا کوئی خلل نہیں ہے۔ چنانچہ یہ محجوبوں میں ہوتا ہے اور نہ ''جمع'' کو فرق پر غلبہ ہے۔ جیسا کہ مجذبوں کو ہوتا ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ ''وزر'' (بوجھ) سے وہ ناپسندیدہ چیزیں مراد ہیں جو قریش حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کی سنت میں تغیر وتبدل کی شکل میں کیا کرتے تھے اور وہ آپ کی ذات پر ناگوار وگراں گزرتا تھا۔ اور آپ اس سے انہیں روکنے پر قابو نہ پاتے تھے۔ یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے آپ کو بعثت ورسالت اور امر وتوفیق وغیرہ سے قوی بنایا اور فرمایا: وَاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا (آپ یکسو ہو کر ملت ابراہیم کی پیروی فرمائیں) اس اتباع سے مقصود اللہ عزوجل کی توفیق وتائید اور اس کی نصرت وقوت سے' اجراء شریعت اور اوامر واحکام الٰہی کا نفاذ ہے۔ اور سنت خلیل کے ذکر کی تخصیص' بیان واقع کے اعتبار سے ہے۔

بعض کہتے ہیں اس سے مراد' وزر وذنب سے آپ کی عصمت وحفاظت ہے۔ کیونکہ برتقدیر وجود وزر وذنب اس کی صفت نقض ظہر یعنی پشت کی شکستگی ہے لہٰذا وضع وزر یعنی بوجھ دور کرنے کا نام مجازاً عصمت رکھا گیا۔ عصمت کے معنی وزر وذنب کے نہ ہونے کے ہیں۔ جیسا کہ مغفرت ذنوب کے معنی میں دوسری آیت میں واقع ہے۔ کہتے ہیں کہ جس طرح حدیث میں آیا ہے کہ قبل از نبوت حضور ایک ولیمہ میں موجود تھے وہاں گانا ہو رہا تھا' دف اور باجے بج رہے تھے۔ اس وقت حق تعالیٰ نے آپ پر نیند کا غلبہ دے دیا۔ اور آپ اس کے سننے سے محفوظ رہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ''وزر'' سے مراد حضور کا غور وفکر اور شریعت کی طلب میں پریشانی کا بوجھ ہے۔ یہاں تک شریعت ظاہر ہوئی اور حق تعالیٰ نے شریعت کو بیان فرما دیا۔ اور آپ کی پشت اطہر سے اس کا بوجھ اتارا۔

بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد شریعت کے حفظ میں آسانی وسہولت مراد ہے جو حضور سے طلب کی گئی ہوگی۔ اور حفظ ایک بوجھ اور مشقت ہے۔ جس کا اٹھانا طبیعت پر سخت دشوار ہے۔ اور قریب ہے کہ پشت کی طاقت کو شکستہ کر دے۔

بعض کہتے ہیں کہ حضور ان امور کا بوجھ محسوس فرماتے تھے جن کا صدور قبل از نبوت ہوا۔ اور بعد از نبوت وہ آپ پر حرام قرار دے دی گئیں۔ ان کو حضور اپنے دل کی گرانی شمار فرماتے۔ حق تعالیٰ نے اس بوجھ کو دور فرما دیا۔ اس سے اس قوم کی ظاہر مراد وہ صغائر ہیں جنکا صدور وہ قبل از نبوت جائز قرار دیتے ہیں لیکن بعد از نبوت ہرگز ہرگز نہیں۔ اور ایک جماعت اس طرف گئی ہے اور کیا خوب گئی ہے کہ اس بوجھ سے مراد اُمت کے گناہ ہیں۔ جو رسول کریم رؤف الرحیم ﷺ کے قلب انور پر ایک بوجھ تھے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے انہیں اس دنیا میں اپنے عذاب سے محفوظ و مامون قرار دیا۔ چنانچہ فرمایا:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ. اور نہیں ہے اللہ کہ انہیں عذاب فرمائے جب تک آپ ان میں رونق افروز ہیں۔

اور آخرت میں ان کے لیے آپ کی شفاعت قبول فرمانے کا وعدہ دیا۔ چنانچہ فرمایا۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى اور عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے واللہ اعلم۔

لیکن حق سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے:

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ. تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے سبب آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ بخشے۔

یہ آیہ کریمہ اس مطلب کے لیے عمدہ اور مشہور ہے لیکن علماء نے اس کی متعدد تاویلات بیان کی ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بر تقدیر وقوع اور بالفرض بامکان عقلی نہ کہ وجود فعلی غفران ذنوب سے مراد ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ شہود سے اس کا وقوع مراد ہے۔ یہ وہ تاویلیں ہیں جنہیں طبری نے نقل کیا اور قشیری نے اختیار کیا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ماتقدم سے مراد حضرت آدم علیہ السلام کا خطبہ اور ''وما تاخر'' سے مراد اُمت کے گناہ ہیں اسے سمرقندی نے بیان کیا ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ذنب سے مراد ترک اولیٰ ہے۔ حالانکہ ترک اولیٰ حقیقت میں ذنب نہیں ہے۔ اس لیے اولیٰ اور ترک اولیٰ دونوں اباحت میں شریک ہیں۔ صحیح یہی ہے کہ یہ کلمہ اظہارِ بزرگی و کرامت کے لیے ہے۔ بغیر اس کے کہ اس جگہ کوئی ذنب (گناہ) ہو۔ اس آیت کریمہ کی مراد اور مکمل بحث ''باب سوم میں درذکر فضل و کرامت از آیات قرآنی'' گزر چکی ہیں۔

کفار اور منافقین کی عدم اطاعت کا مسئلہ: لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد کہ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ اے نبی اللہ سے تقویٰ کرو اور کفار و منافقین کی اطاعت نہ کرو

اس سے عدم تقویٰ اور بمقتضائے صغیر امر و نہی وجود اطاعت کفار و منافقین کا امکان موہوم ہوتا ہے ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد تقویٰ اور عدم اطاعت پر ہمیشگی و دوام ہے جیسے کہ بیٹھنے والے کو کہتے ہیں کہ بیٹھو ہم تمہارے پاس ابھی آئے۔ یا خاموش رہنے والے سے کہا جاتا۔ خاموش رہو تمہاری خواہش پوری کی جائے گی۔ مطلب یہ ہے کہ بیٹھے رہو اور خاموش رہو۔ اس سے مقصود استقامت اور تاکید ہے نہ کہ اس کی طلب۔

بعض کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کا علم و مرتبہ ہر آن بڑھتا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ آپ کا پہلا حال موجودہ حال کے مقابلہ میں ماضیٰ اور ترک اولیٰ و افضل کے حکم میں ہو جاتا تھا۔ لہٰذا آپ کا علم و مرتبہ ہر آن اور ہر گھڑی ترقی و اضافہ میں اور تقویٰ نو بنو تازہ بتازہ ہوتا رہتا تھا۔

اور بعض کہتے ہیں کہ بظاہر خطاب نبی سے ہے۔ مگر مراد اُمت سے خطاب ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آخر آیت میں فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا. (اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے) اور ''بِمَا تَعْمَلُ'' (جو تم کرتے ہو) نہ فرمایا اور اسی حکم میں اس کے مشابہ یہ ارشاد باری ہے ''وَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ'' (اور جھٹلانے والوں کی اطاعت نہ کرو) حقیقت میں اس سے مقصود حضورِ انور کے قلب اطہر کی تقویت اور ایسے لوگوں سے خدا کا اظہار ناراضگی اور ان کی مخالفت پر قرار وثبات ہے۔ اور یہ بالکل ظاہر وواضح ہے تعجب ہے۔ کہ یہ نادان ان آیتوں کو ظاہر پر محمول کر کے بارگاہ نبوی میں نقص وصدور ذنوب کی نسبت کا توہم پیدا کرتے ہیں۔ آپ کی بارگاہِ عالی ان سب سے پاک ومنزہ ہے۔

نزول قرآن پر شک وتردد کا مسئلہ: اب رہا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَاسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

اور اے سننے والے اگر تجھے کچھ شبہ ہے اس میں جو ہم نے تیری طرف اتارا تو ان سے پوچھ۔ دیکھ جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھنے والے ہیں بیشک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا تو ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہو اور ہرگز ان میں نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں۔ کہ تو خسارے والوں میں ہو جائے گا۔

مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ اس کلام کا مخاطب کون ہے آیا حضور ﷺ یا دوسرے لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ یہ خطاب حضورِ اکرم ﷺ سے ہے وہ تین وجہوں پر اختلاف کرتے ہیں اول یہ کہ خطاب اگرچہ حضور سے ہے لیکن مراد آپ کے غیر کی تعریض ہے جیسے کہ اس کا ارشاد ہے: لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (اگر تم نے خدا کا شریک ٹھہرایا تو تمہارے عمل اکارت ہو جائیں گے) یا جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا معبود بنانا) کلام میں ایسی روش بکثرت ہے جیسے بادشاہ اپنا گورنر کسی قوم پر مقرر کرتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ رعیت کو کوئی حکم دے تو خطاب میں توجہ اس قوم کے ساتھ نہیں کرتا بلکہ اپنے گورنر سے کرتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ ایسے کرو اور ایسا نہ کرو۔ اگر ایسا کیا یا ایسا نہ کیا تو ایسا کروں گا۔ ویسا کروں گا اس کا بظاہر خطاب تو امیر وگورنر سے ہوتا ہے۔ لیکن مقصود ومراد قوم ورعیت ہوتی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ حقیقت میں خطاب امت سے کرتا ہے۔

قراء فرماتے ہیں کہ خدا خوب جانتا ہے کہ اس کا رسول شک کرنے والا نہیں ہے۔ اور یہ کیسے ممکن ہے کہ وحی اور تنزیل کی نورانیت کے باوجود رسول شک میں مبتلا ہو یہ تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص اپنے فرزند سے کہے کہ اگر تو میرا بیٹا ہے تو مجھ سے بھلائی کر (حالانکہ باپ اپنے فرزند کے بیٹا ہونے میں شک نہیں کرتا۔) یا آقا غلام سے کہے اگر تو میرا غلام ہے تو میری فرماں برداری کر'' جیسا کہ عام طور پر کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ وہ خوب جانتا ہے وہ اس کا بیٹا یا اس کا غلام ہے۔ لیکن شک کے صیغہ میں کہتا ہے۔ اور ایسا کہنا فرزند غلام کی توبیخ وسرزنش کے لیے ہے۔

چنانچہ حق تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ حضورِ انور شک میں مبتلا نہیں ہیں۔ لیکن خطاب میں اظہار شک فرماتا ہے۔ یہ تعریض وکنایہ کی ادائیگی کے لیے ہے۔ یہ دوسری وجہ ہے۔ پہلی میں مخاطب حضور ہیں اور دوسری میں آپ کے سوا دوسرے ہیں۔ فافہم۔

تیسری وجہ یہ کہ اس جگہ شک سے مراد سینہ کی تنگی اور دل کی گرفتگی ہے۔ مقصود یہ ہے کہ اگر آپ اس سے تنگ آ گئے ہیں کہ کوئی آپ سے کافروں کی ایذا اور دشمنی کے بارے میں دریافت کرتا ہے تو صبر فرمایئے اور ان لوگوں سے دریافت کر دیکھیے جن کو کتاب دی گئی ہے

کہ نبیوں نے اپنی قوم کی ایذا و دشمنی پر کیسا صبر کیا ہے۔ اور کافروں کا انجام کیسا ہوا ہے؟ اور نبیوں پر اللہ تعالیٰ کی کیسی مدد و نصرت ہوئی ہے۔ یہ بر سبیل فرض و تقدیر ہے۔ گویا فرماتا ہے کہ اگر بغرض و تقدیر جو کچھ آپ پر گذشتہ قصے بھیجے گئے ہیں اس میں شک واقع ہوتا ہے یا شیطان خیال میں خلل ڈالتا ہے تو ان لوگوں سے جو خدا کی سابقہ کتابیں پڑھتے ہیں پوچھ دیکھئے اس لیے کہ یہ قصے ان کے نزدیک بھی محقق و ثابت ہیں۔ اور ان کی کتابوں میں ویسا ہی ہے جیسا کہ آپ پر وحی فرمایا گیا۔ اس سے تحقیق حال اور گواہی لینا مراد ہے۔ اور اس کا بیان ہے کہ قرآن پاک ہر اس چیز کی تصدیق کرنے والا ہے جو ان کی کتابوں میں ہے کہ اس سے رسول پاک کو انگیز کرنا اور ان کے یقین میں اضافہ کرنا مراد ہے نہ کہ امکان وقوع شک۔ لہٰذا جس وقت یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لَا اَشُكُّ وَلَا اَسْئَالُ (نہ مجھے شک ہے اور نہ میں ان سے دریافت کرتا ہوں۔) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم! رسول کریم ﷺ نے پلک جھپکنے کے برابر بھی شک نہیں کیا۔ اور نہ ان میں سے کسی ایک سے کچھ پوچھا۔

بندہ مسکین عبدالحق بن سیف الدین (محدث دہلوی رحمۃ اللہ) خَصَّهُ اللّٰهُ بِمَزِيْدِ الصِّدْقِ. وَالْيَقِيْنِ وَعَصَمَهُ عَنِ الشَّكِّ وَالتَّخْمِيْنِ. کہتے ہیں کہ اس جگہ شک سے وہ ظاہری معنی مراد نہیں ہے جو تصدیق و یقین کے منافی و خلاف ہے۔ بلکہ وہ حالت مراد ہے جو معائنہ و مشاہدہ سے پہلے اطمینان قلب کا موجب ہوتی ہے۔ اسی لیے حضرت خلیل اللہ کے سوال کی حدیث کو ''شک'' نام رکھا گیا ہے کیونکہ انہوں نے عرض کیا: رَبِّ اَرِنِیْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى اے میرے رب تو مردے کو کیسے زندہ کرتا ہے اس جگہ حضور نے بطریق تواضع اور حضرت خلیل کے درجہ کی بلندی کے لیے فرمایا: نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْهُ ہم ان سے زیادہ شک کے مستحق ہیں۔

حضور اکرم سورۂ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى الَّذِیْ کو اس سبب سے دوست رکھتے تھے کہ اس میں یہ ہے

اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ○ صُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى ○ بیشک یہ اگلے صحیفوں میں ہے ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

اور دجال کے وجود کے بارے میں تمیم داری کا خبر دینا اس ارشاد کے موافق جس کی رسول ﷺ نے خبر دی تھی اور حضور کا صحابہ کرام کو بلانا اور ان کو اس قصہ کو سنوانا اسی معنی میں ہے۔ اور بعد ظہور معجزہ حضور کا فرمانا کہ اشھد انی رسول اللہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا رسول ہوں) یہ بھی اسی باب سے ہے لیکن جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ لَئِنْ اَشْرَكْتَ (اگر تم نے شرک کیا) میں خطاب رسول پاک کے سوا سامعین کے لیے ہے تو ممکن ہے اس جگہ یعنی فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ الآیہ میں بھی خطاب سننے والوں ہی کے لیے ہو۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ مبارک میں لوگوں کے تین فرقے تھے۔ مصدقین، مکذبین اور منافقین یا متوقفین۔ اور یہ آپ کے کام میں شک رکھتے تھے۔ اس لیے حق تعالیٰ نے ان کو بطریق خطاب عام جو عام طور پر بصیغہ واحد ہوتا تھا خطاب کیا اور فرمایا اے متوقف! یعنی جو شک میں مبتلا ہے۔ اگر تو اس شک میں ہے کہ ہم نے جو اپنے نبی سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کو بھیجا ہے اور آپ جو دین لے کر تشریف لائے ہیں تو تو اہل کتاب سے پوچھ دیکھ تا کہ تجھے آپ کی نبوت کی صحت پر رہنمائی ہو اور امت کے لیے نزول قرآن کی نسبت ثابت ہو جائے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا

اَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ○ اور ہم نے تمہاری طرف واضح نور کو نازل فرمایا۔

اور جب حق تعالیٰ نے ان کے لیے اس چیز کا ذکر فرمایا جو ان کے شک کا ازالہ کرتا ہے تو اس نے ان کو اس سے ڈرایا کہ اب وضوح حق کے بعد تم قسم ثانی یعنی مکذبین (جھٹلانے والوں) میں ہو جاؤ گے چنانچہ فرمایا۔

لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ ان لوگوں میں سے نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا کہ تو

الْخَاسِرِيْنَ○ خسارے والوں میں ہو جائے۔

اور حق تعالیٰ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ ارشاد کہ:

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنَاهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ○ وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی جانتے ہیں کہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق نازل کیا ہوا ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا۔

مطلب یہ ہے کہ اہل کتاب اسے جانتے ہیں کہ خدا کی طرف سے رسول و نبی آتے ہیں اور کتابیں نازل ہوتیں ہیں۔ یا یہ مراد کہے ہ قُلْ يَا مُحَمَّدُ لِمَنِ افْتَرٰى لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ. اے نبی جوشک میں ہو اس سے فرمادو کہ تم شک کرنے والوں میں نہ ہو جانا۔ لہٰذا حضور ﷺ نے اپنے سوا اوروں کو مخاطب فرمایا۔ حضور کے سوا خطاب کو محمول کرنے کی تائید حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔ جو اس کے بعد کا ہے۔ غور وفکر کرو۔ فرماتا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ. فرمادو اے لوگو! میرے دین کے بارے میں تم شک میں ہو تو.....

نسبِ جہل کا مسئلہ: لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ:

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ. اگر اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر جمع کر دیتا تو تم جاہلوں میں نہ ہونا۔

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ مراد نہیں ہے کہ تم اس سے جاہل نہ ہو کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انہیں ہدایت پر جمع کر دیتا۔'' اس لیے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفتوں میں ایک صفت جہل کا اثبات ہے۔ اور صفات خدا میں یا انبیاء پر جہل کا اثبات جائز نہیں ہے۔ اس سے مقصود حضور کو نصیحت ہے کہ اپنے کاموں میں جاہلوں کے طور وطریق اختیار نہ کریں۔ نیز آیت میں کسی ایسی صفت کے ہونے پر دلیل نہیں ہے۔ جس کے ہونے سے آپ کو منع کیا گیا ہے بلکہ قوم کی روگردانی اور ان کی مخالفت پر صبر کو لازم کرنے کا حکم ہے اسے ابوبکر بن فورک نے بیان کیا۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ معناً امت کے ساتھ خطاب ہے یعنی تم لوگ جاہلوں سے نہ ہونا جیسا کہ دیگر مقامات میں کہا گیا ہے۔ اور اس کی مثالیں قرآن کریم میں بکثرت ہیں۔ اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں ہے کہ فرمایا:

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اگر تم نے زمین میں بہتوں کی پیروی کی تو وہ تمہیں اللہ کے راستے سے بھٹکا دیں گے۔

یہ خطاب دوسروں سے ہے جیسا کہ فرمایا گیا ہے کہ وَاِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اور اگر تم لوگوں نے کافروں کی پیروی کی تو.....''

اسی طرح حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ اِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (اگر اللہ چاہتا تو تمہارے دل پر مہر کر دیتا اور یہ کہ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل ضرور اکارت ہو جائیں گے۔) اس قسم کی تمام مثالوں میں ہر جگہ حضور کے ماسوا دوسرے لوگ مراد ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جس طرح چاہے امر و نہی فرمائے حالانکہ آپ سے ان کا صدور محال ہے۔ جیسا کہ فرمایا: وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ. اور ان لوگوں کو جو اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں اپنے قرب سے دور نہ کیجئے۔'' حالانکہ حضور ہرگز ان کو نہ اپنے قرب سے دور فرماتے اور نہ اپنے سامنے سے ہٹاتے تھے۔ کیونکہ آپ ظالموں میں سے نہ تھے۔ اور حق تعالیٰ کا ارشاد کہ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغَافِلِيْنَ اور یہ کہ تم اس سے پہلے یقیناً غافلوں میں سے تھے۔'' تو اس سے مراد آیات حق سے غفلت نہیں

ہے۔ بلکہ حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ سے لاعلمی مراد ہے۔ اس لیے کبھی اس کا نہ تو آپ کے دل میں خیال آیا اور نہ آپ کے کانوں نے اس سے پہلے یہ قصہ سنا تھا۔ اور نہ اسے آپ نے از خود جانا مگر اللہ تعالیٰ کی وحی سے معلوم ہوا۔

لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ:

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ. اور اے سننے والے اگر شیطان تجھے کوئی وسوسہ دے تو اللہ کی پناہ مانگ۔

بظاہر الفاظ وہم میں ڈالتے ہیں۔ حالانکہ شیطان کا وسوسہ حضور کے لیے نہ تھا۔ لیکن اس سے مراد شیطان کا قصد وارادہ ہے کہ وہ وسوسہ میں مبتلا کرے۔ مگر حق تعالیٰ نے اسے آپ سے پھیر دیا۔

مطلب یہ ہے کہ اگر تم کو کسی پر ایسا غصہ آئے جو اسے ترک اعراض اور اس کے سامنے نہ آنے پر برانگیختہ کرے تو خدا سے پناہ مانگو تاکہ خدا اس سے آپ کو پناہ میں رکھے۔ نزغ شیطان کی ادنیٰ حرکت ہے۔ جیسا کہ زجاج نے کہا ہے۔ معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو حکم فرمایا ہے کہ جب آپ کو کسی دشمن پر غصہ آئے یا شیطان آپ کو ورغلانے کا ارادہ کرے یا وہ دل میں وسوسے ڈالے تو حق تعالیٰ سے پناہ مانگیں تاکہ وہ آپ کو اس کے شر سے محفوظ رکھے۔ یہ آپ کی عصمت کی تکمیل کے لیے ہے کہ حق تعالیٰ نے شیطان کو حضور اکرم ﷺ پر غلبہ پانے کی قدرت نہ دی۔ یہ اسی آیت کریمہ کا مدلول ہے جس میں فرمایا کہ

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ. بیشک میرے بندوں میں ایسے ہیں کہ نہیں ہے تجھے ان پر غلبہ۔

اور حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ○ بیشک وہ لوگ جو خوف خدا رکھتے ہیں جب انہیں کسی شیطانی خیال کی ٹھیس لگتی ہے تو ہوشیار ہو جاتے ہیں اور اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

اس کا بھی یہی مطلب ہوگا۔ لیکن حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ (لیکن شیطان نے تم کو بھلا دیا) نسیان، نزع کے سوا ہے۔ اور یہ صحیح نہیں ہے کہ شیطان رسالت سے پہلے یا رسالت کے بعد فرشتہ کی صورت وشکل میں آ کر آپ کو دھوکا دے سکے۔ اور مشیت الٰہی جس نے رسول کو صدق کے اظہار پر قائم رکھا ہے اس کا تقاضا یہی ہے کہ نبی کے پاس جو آتا ہے وہ فرشتہ اور خدا کا بھیجا ہوا رسول ہی ہوتا ہے۔ یا اس کے علم ضروری سے معلوم ہو جاتا ہے جسے حق تعالیٰ نبی میں پیدا فرماتا ہے۔ یا اس دلیل وبرہان سے معلوم ہوتا ہے جسے حق تعالیٰ نبی میں ظاہر فرماتا ہے۔ اس بیان کی مکمل تحقیق ابتدائے وحی کے بیان میں ہوگی تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهٖ تمہارے رب کا کلمہ سچ وانصاف کے ساتھ مکمل ہوا اور کوئی اس کے کلمات کو بدلنے والا نہیں۔

تلاوت میں شیطان کی دخل اندازی کا مسئلہ وصل: لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ:

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ. اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول یا نبی بھیجے سب پر یہ واقعہ گذرا کہ جب انہوں نے پڑھا تو شیطان نے ان کے پڑھنے میں لوگوں پر کچھ اپنی طرف سے ملا دیا۔

اس کی تفسیر وتشریح میں سب سے بہتر اور مشہور جمہور مفسرین کا یہ قول ہے کہ اس جگہ ''تمنی'' سے مراد تلاوت ہے اور القائے شیطان کا مطلب، تلاوت کرنے والوں کے دلوں میں دنیاوی باتیں یاد دلا کر اس سے پھیرنا ہے۔ تاکہ اس میں وہم اور اس کی تلاوت میں نسیان پیدا کرے۔ یا یہ کہ سننے والوں کے فہموں میں ''تحریف اور فاسد تاویلات جیسی چیزوں کو داخل کر دے جسے اللہ تعالیٰ زائل اور منسوخ

کر دیتا ہے۔ اور التباس واشتباہ کو کھول دیتا ہے۔ اور آیات الٰہیہ کو محکم وثابت بنا دیتا ہے۔ جیسا کہ مواہب لدنیہ میں ہے۔ اس سلسلے میں مفسرین کی بحث بہت کچھ ہے جس میں سے کچھ کا ذکر شفا میں کیا گیا ہے۔

اب رہا حضور اکرم ﷺ کا ''لیلۃ التعریس'' کی وادی میں سونے سے متعلق ارشاد تو ''لیلۃ التعریس'' ایک وادی کا نام ہے جو شیطان کا مسکن تھی۔ حضور کے اس قول مبارک سے یہ کہاں معلوم ہوتا ہے کہ شیطان نے آپ پر غلبہ کیا یا آپ کو وسوسہ میں ڈال دیا تھا۔ اگر یہ ممکن ہو تو ایسا حضرت بلال پر ہوا ہوگا کیونکہ حضور نے حضرت بلال کو نماز فجر کی حفاظت کے لیے مقرر فرما دیا تھا۔ شیطان نے آ کر حضرت بلال کو گہری نیند میں سلا دیا تھا جس کی تفصیل ''لیلۃ تعریس'' کی حدیث میں مذکور ہے۔ اور یہ بھی اس تقدیر پر کہ حضور کا ارشاد نماز کے وقت سو جانے کی وجہ پر تنبیہ کے لیے نہ ہو۔ اور اگر تنبیہ کے لیے ہے بھی تو اس وادی سے کوچ کرنے اور اس میں ترک صلوٰۃ کی علت بیان کرنے کیلیے ہے۔ لہٰذا کوئی اعتراض واشکال ہی نہیں اور نہ اس کے دفع کرنے کی حاجت۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

حضرت ابن ام مکتوم نابینا کا واقعہ: اب رہا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ: عَبَسَ وَتَوَلّٰی اَنْ جَاءَهُ الْاَعْمٰی (ترشروئی کی اور منہ پھیرا جب کہ نابینا آپ کے پاس آیا۔) کہتے ہیں کہ اس کا ظاہر مفہوم یہ وہم پیدا کرتا ہے۔ کہ جس وقت حضرت ابن ام مکتوم جو نابینا تھے اور طلب حق کے لیے آئے تھے اور وہ محل تذکرہ وخشیت تھے۔ اس وقت حضور نے ان سے ترشروئی اور اعراض کا اظہار فرمایا۔ اور وہ کفار جو حق سے روگرداں تھے اور آپ کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے آپ نے ان کی طرف توجہ والتفات فرمائی۔ اس سے حضور کے لیے اثبات ذنب ہوتا ہے۔ اس پر حق تعالیٰ نے شکایت کی۔ اور اس رویہ پر اظہار ناپسندیدگی فرمایا۔ تفسیر کی کتابوں میں اس سورۃ کا شان نزول یہی بیان ہوا ہے۔

اب رہا اس جگہ اثبات ذنب! تو ہم محض ہے۔ البتہ! ترک اولیٰ والیق سے بظاہر اظہار ناپسندیدگی کی صورت نکلتی ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ اگر ان دو شخصوں کی حقیقت حال آپ پر مکشوف ومعلوم ہوتی تو نابینا کو آگے بٹھاتے۔ لیکن آپ نے جو کچھ کفار کے ساتھ توجہ والتفات فرمایا وہ آپ کی عین طاعت، تبلیغ احکام شریعت، تالیف قلوب اور ایمان پر تمنا وخواہش کا اظہار تھا۔ کیونکہ آپ کی بعثت ورسالت کا مقصد ہی یہ تھا نہ کہ معصیت اور امر دین کی مخالفت اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے جو کچھ بیان کیا اور اپنے حبیب ﷺ سے یک گونہ اظہار ناپسندیدگی فرمایا اس سے مقصود تذکرہ ونصیحت ہے۔ اور اس میں یہ اشارہ ہے کہ آپ کا انہماک دعوت وتبلیغ برائے اسلام اس درجہ کو نہیں پہنچنا چاہیے کہ اس کی وجہ سے کسی مسلمان سے عدم التفات لازم آئے۔ صرف پہنچانا اور خبردار کرنا ہی کافی ہے۔ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ رسول پر صرف پہنچانا ہی ہے۔ درحقیقت حضرت ابن ام مکتوم ہی اس زجر وتادیب کے مستحق ہیں۔ اس لیے کہ وہ اگرچہ دیکھ نہیں سکتے لیکن کافروں کے ساتھ حضور کا گفتگو فرمانا تو سن رہے تھے۔ اور یہ بھی خوب جانتے تھے کہ حضور ان کی دعوت وتبلیغ میں کتنا اہتمام وانہماک فرماتے تھے۔ لہٰذا ان کے آگے بڑھتے جانے سے حضور کے کلام میں رکاوٹ آ رہی تھی۔ اور مجلس میں اژدھام ہو رہا تھا۔ اور یہ حضور ﷺ کی ایذا کا موجب تھا۔ اور حضور کو ایذا پہنچانا بہت بڑی معصیت ہے تو معلوم ہوا کہ ابن ام مکتوم کی زجر وتادیب میں قرآن میں یہ نازل ہوا۔ جس طرح رسول پاک ﷺ کے پاس زور سے بولنے اور حضور کے حجروں کے پیچھے سے آواز دینے کے بارے میں قرآن کریم میں احکام نازل ہوئے۔ لیکن نابینا اور صدق نیت ہونے کی وجہ سے انہیں معذور رکھا گیا۔ اور نرمی ومہربانی کا اظہار فرمایا۔ واللہ اعلم۔

منافقین کو اجازت دینے کا مسئلہ۔ لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ ارشاد: عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ (اللہ تمہیں معاف کرے آپ نے انہیں کیوں اجازت دے دی۔ اس سے بھی رسول کریم ﷺ سے ذنب کے وقوع کا وہم ہو سکتا ہے۔ اس لیے کہ عفو مستدعی ہے

کہ پہلے کوئی تقصیر ہو۔ اور یہ بھی کہ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ (آپ نے اُنہیں اجازت کیوں دی) میں استفہام انکاری ہے۔ لہٰذا منافقوں کے لیے یہ اجازت' منکر اور غیر رضائے الٰہی ہوگی۔ اگرچہ غایت تسلی وتسکین کے اظہار کے لیے انکار اذن پر عفو کو مقدم کیا۔ اور اظہار ناپسندیدگی سے پہلے عفو کی تقدیم بڑی ہی پیاری اور نادر ہے۔ جو کہ محبت واکرام کی خبر دے رہی ہے۔ وہ جماعت کہتی ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے دو کام ایسے کیے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے پہلے نہیں دیا تھا۔ ایک یہ کہ بدر کے قیدیوں کا فدیہ لیا اور دوسرا یہ کہ منافقوں کو اجازت دے دی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آپ پر اظہار ناپسندیدگی فرمایا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس جگہ عَفَا اللّٰهُ (اللہ معاف کرے) وہ نہیں ہے جہاں وقوع ذنب کے بعد ہوتا ہے۔ بلکہ یہ عبارت ایسی ہے جو تعظیم وتوقیر کے مبالغہ پر دلالت کرتی ہے۔ جس طرح کوئی شخص اپنے ایسے دوست سے جو عظیم المرتبت ہے کہے ''خدا تجھے معاف کرے کیا کام کیا ہے۔'' ''تو نے میرے حق میں''؟ حق تعالیٰ تجھ سے راضی ہو۔ میری بات کا کیا جواب دیا ہے؟'' خدا تجھے عافیت دے۔ میرے حق کو پہچان۔؟ وغیرہ ان باتوں کی غرض بجز اس کی عزت وتکریم کی زیادتی کے کچھ نہیں ہے۔ نہ یہ کہ اس کے لیے گناہ وقصور کا ثابت کرنا مقصود ہے۔ اور اس جگہ ..... بمعنی غفر نہیں ہے۔ اور اظہار ناپسندیدگی پر اس کی تقدیم' اس مذکورہ معنی کی خبر دینے' اور اس مراد پر دلالت کرنے کے لیے نہیں ہے بلکہ جیسا کہ حدیث میں واقع ہوا ہے عَفَا اللّٰهُ لَكُمْ عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ یعنی اللہ نے تمہارے لیے گھوڑے اور غلاموں سے زکوٰۃ معاف کر دی ہے۔''

حالانکہ ان میں زکوٰۃ پہلے سے ہی واجب نہ تھی۔ مراد صرف یہ ہے کہ تم پر لازم نہیں ہے۔

امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو یہ کہتا ہے کہ گناہ سے پہلے معافی ہوتی ہی نہیں وہ کلام عرب کے اسلوب کو نہیں پہچانتا۔ اور کہتے ہیں کہ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ اَیْ اَمْ یَلْزِمْكَ ذَنْبٌ مطلب یہ کہ اللہ تمہیں معاف کرے' کے معنی یہ ہیں کہ تم پر کوئی ذنب والزام نہیں ہے۔ مواہب لدنیہ میں بھی اسی طرح ہے اب رہا دوسری بات کا جواب کہ ''استفہام انکاری ہے'' وہ کہتے ہیں کہ انکار وعتاب' ترک اولیٰ وافضل پر ہے۔ اس کے جواب میں بعض کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے آپ کو اگر آپ چاہیں تو اذن دینے میں رخصت عطا فرمائی ہے اور ارشاد ہے کہ

فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ۔ — اب اگر تم سے کسی کے لیے وہ اجازت مانگیں تو ان میں سے جس کے لیے چاہیں اجازت دے دیں۔

تو حق تعالیٰ نے اذن کو آپ کے سپرد فرما کر آپ کو بطریق عموم دیدیا ہے اور مواہب لدنیہ میں تفطونیہ سے نقل کیا ہے کہ ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ اس آیت میں حضور معاتب ہیں۔ (معاذ اللہ) حاشا وکلا ہرگز ہرگز نہیں۔ بلکہ حضور تو مختار تھے۔ جب حضور نے ان کو اذن دے دیا تو حق تعالیٰ نے آپ کو خبر دی کہ اگر آپ اذن نہ دیتے تب بھی یہ اپنے نفاق کی بنا پر بیٹھے ہی رہتے۔ آپ پر ان کو اذن دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ انتہی۔

منافقین کی طرف میلان کا مسئلہ: اب رہا حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ

وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ۔ — اور اگر تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے تو قریب تھا کہ تم ان کی طرف تھوڑا سا جھکتے۔ اور ایسا ہوتا تو ہم تم کو دونی عمر اور دو چند موت کا مزہ دیتے۔

یہ آیت بھی وقوع میلان اور منافقوں کی جانب حضور ﷺ کی راغب ہونے اور ان پر اشد عذاب واقع ہونے کے سلسلے میں وہم پیدا کرتی ہے۔ لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف راغب ہونے سے محفوظ رکھا ہے۔ اس لیے یہ حضور ﷺ کی جانب سے مجوز وقوع

ذنب ہے۔ حالانکہ یہ توہم ساقط ہے۔ اس لیے کہ اس کے معنی یہ ہوئے کہ اگر آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ثابت قدمی اور عصمت نہ ہوتی تو ان کی نزدیکی کی طرف ان کی خواہش کی پیروی میں جھک جاتے لیکن چونکہ ہماری عصمت آپ کے ساتھ تھی اس لیے اس نے آپ کو ان کی طرف مائل ہونے سے روکے رکھا۔ تو اس میں یہ بات خوب واضح ہے کہ حضور ﷺ نے ان کے قبول کرنے کی طرف قصد نہ فرمایا۔ اور داعی اجابت کی قوت کے ساتھ ان کی طرف مائل نہ ہوئے۔ اور انبیاء کرام علیہم السلام سے وقوع معصیت کے سلسلہ میں خود ان کی بات گزر چکی ہے کہ شرعاً اور عقلاً اس کا وقوع ان پر جائز نہیں ہے۔ کیونکہ وہ عصمت سے حفاظت الٰہی میں ہے اور عصمت اختیار کو باطل نہیں کرتی۔ اور عقلاً گناہ کو ممتنع نہیں بناتی۔ اور بحفظ الٰہی اس کے صدور وقوع سے مانع ہوتی ہے۔ لہٰذا ثابت ہوگیا کہ تمام انبیاء معصوم ہیں اور حضور ثابت قدم ہیں۔ اور آیت میں حضور کے کمال تطہیر وتقدیس میں مبالغہ ہے اور یہ کہ آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حفاظت، عصمت اور محبت ہے نہ کہ تہدید وتشدید اور عتاب وتعزیر (معاذ اللہ)

اسیران بدر سے فدیہ لینے کا مسئلہ: اللہ تعالیٰ کا وہ ارشاد جو بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینے کے سلسلے میں ہے۔

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرے جس تک زمین میں ان کا خون نہ بہائے۔ تم دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے اگر اللہ پہلے ایک بات نہ لکھ چکا ہوتا تو اے مسلمانو! تم نے جو کافروں سے بدلے کا مال لے لیا اس میں تم پر بڑا عذاب کرتا۔

اس آیت کو بھی ایک گروہ نے عتاب پر محمول کیا ہے کہ حضور ﷺ نے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے بدر کے قیدیوں کا فدیہ لینا اختیار فرمایا۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مشورہ پر قتل کو اختیار نہ فرمایا۔ یہ اپنے اجتہاد سے تھا اور اجتہاد میں شریعت خطا کو جائز رکھتی ہے۔ لیکن اس خطا پر نبی کا قائم رہنا جائز نہیں ہے۔ جیسا کہ اصول فقہ میں مذکور ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ صحیح مسلم میں بروایت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے بدر کے دن کفار کو شکست دی اور مشرکوں کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر آدمی قید ہوئے تو حضور اکرم ﷺ نے ان قیدیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یہ قیدی ہمارے چچاؤں کی اولاد، اپنے بھائی اور آپ کے قبیلہ کے لوگ ہیں۔ میری رائے یہ ہے کہ ان سے فدیہ لے لیا جائے تاکہ جو کچھ ان سے وصول ہو وہ ہمارے لیے کفار کے مقابلہ کے وقت ساز وسامان کی تیاری میں کام آئے۔ اور یہ بھی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اگر انہیں ہدایت فرمادے تو یہ ہمارے قوت بازو اور مددگار بن جائیں۔ پھر رسول خدا ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اے عمر بن خطاب تم کیا رائے دیتے ہو۔ میں نے عرض کیا، خدا کی قسم! میری رائے ابوبکر کی رائے کے موافق نہیں ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ انہیں قتل کر دیا جائے۔ اور مجھے حکم فرمایئے کہ میں فلاں کو قتل کروں۔ (اور میں نے اپنے عزیزوں کی طرف اشارہ کیا۔) اور علی کو حکم دیجئے کہ وہ اپنے بھائی عقیل کو ماریں۔ اور حمزہ کو حکم دیجئے کہ وہ فلاں عزیز کو قتل کریں تاکہ اللہ تعالیٰ جو علام الغیوب ہے جان لے کہ ہمارے دل مشرکوں کی محبت ودوستی سے پاک ہیں مگر حضور اکرم ﷺ کو حضرت ابوبکر کی رائے پسند آئی اور اسی کو اختیار فرمایا اور آپ نے ان سے فدیہ لے لیا۔ پھر دوسرے دن جب میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ حضور تشریف فرما ہیں اور حضرت ابوبکر آپ کے قریب ہیں اور دونوں رو رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! بتایئے آپ دونوں کو کس چیز نے رلایا ہے تاکہ اگر ہو سکے تو میں بھی روؤں۔ اگر رونا نہ آئے تو بہ تکلف زور ڈال کر رونے کی کوشش کروں۔ اس پر

حضورِ اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم اس وجہ سے رو رہے ہیں کہ تمہارے یاروں پر فدیہ لینے کے سلسلے میں بلاشبہ میرے آگے اس درخت سے قریب تر عذاب ظاہر کیا گیا اور آپ نے ایک درخت کی طرف اشارہ فرمایا جو ہمارے نزدیک تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ. کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کریں۔ جب تک زمین میں ان کا خون نہ بہائے۔

''اثخان'' کے معنی زیادہ کرنا اور کسی چیز میں مبالغہ کرنا ہے۔ اور اس جگہ اثخان سے مراد قتل و جرح ہے۔ مطلب یہ کہ نبی کو چاہیے کہ جب ان کے ہاتھ قیدی آئیں تو وہ انہیں قتل کرائیں اور اس میں مبالغہ کریں تاکہ کفر زائل ہو اور اسلام غالب ہو۔

تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ. تم تو دنیاوی مال و منال چاہتے ہو اور اللہ آخرت کو چاہتا ہے۔

مطلب یہ کہ تم دنیا میں غنیمت و اموال کی خواہش رکھتے ہو اور خدا آخرت کو چاہتا ہے کہ اس پر دین اسلام کی قوت اور آخرت میں ان کا ثواب مترتب ہوگا۔

لَوْ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۝ اگر اللہ پہلے ایک بات نہ لکھ چکا ہوتا تو اے مسلمانو! تم نے جو کافروں سے بدلے کا مال لے لیا اس میں تم پر بڑا عذاب آتا۔

مطلب یہ کہ اگر ازل سے حکم الٰہی ایسا نہ ہوتا کہ مجتہد کو خطا پر نہ پکڑا جائے تو اس وقت جو کچھ تم نے لیا یا اختیار کیا ہے تمہیں بڑا عذاب ہوتا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر ہم پر عذاب اترتا تو بجز عمر کے کوئی نجات نہ پاتا۔ اسی بنا پر وہ جماعت کہتی ہے کہ اس میں حضورِ اکرم ﷺ پر (معاذ اللہ) عتاب اور عذاب کی تہدید ہے۔ اس کے جواب میں صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ پر اس میں کسی گناہ کا الزام نہیں ہے بلکہ اس میں اس چیز کا بیان ہے جس سے تمام نبیوں کے سوا حضور کو مخصوص گردانا گیا ہے کہ حضورِ اکرم کے سوا کسی نبی کے لیے غنیمت جائز نہیں تھی۔ جیسا کہ فرمایا: اُحِلَّتْ لِىَ الْغَنَائِمُ میرے لیے غنیمتوں کو حلال بنایا گیا۔ انتہی۔

چاہے تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ حکم حضورِ اکرم کے سوا تمام نبیوں کے لیے ہے۔ لیکن حضورِ اکرم ﷺ کے لیے درست ہے کہ وہ قتل نہ کریں اور فدیہ لے لیں اور فدیہ غنیمتوں میں سے ایک قسم ہے۔ لیکن حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ تریدون عرض الدنیا تم دنیاوی ساز و سامان چاہتے ہو) بعض کہتے ہیں کہ اس خطاب سے مراد وہ شخص ہے جو دنیا کا ارادہ کرے۔ اور دنیاوی غرض کے لیے دنیاوی ساز و سامان جمع کرے۔ اور اس آیت میں حضورِ اکرم ﷺ اور آپ کے اکثر صحابہ مراد نہیں ہیں بلکہ ضحاک سے مروی ہے کہ یہ آیت اس ہنگامہ کے وقت نازل ہوئی تھی جب کہ روز بدر مشرکین شکست کھا کر بھاگ رہے تھے۔ اور لوگ ساز و سامان کے لوٹنے اور غنیمتوں کے جمع کرنے میں مشغول ہو گئے تھے اور ان کے قتل سے ہاتھوں کو روک لیا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خطرہ لاحق ہو گیا تھا کہیں کفار پلٹ کر دوبارہ حملہ نہ کر دیں۔ اور ایسا ہی ہوا تو ان کے بارے میں نازل ہوا۔

مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ. کچھ تم میں سے دنیا چاہتے ہیں اور کچھ تم میں سے آخرت چاہتے ہیں۔

اب رہا حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ: لَوْ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ (اگر روز ازل سے لکھا ہوا نہ ہوتا تو) اس کے معنی میں مفسرین اختلاف کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ معنی یہ ہیں کہ اگر پہلے نہ لکھا جاتا کہ میں کسی پر عذاب نہیں کروں گا۔ مگر بعد از ممانعت تو ضرور میں تم کو عذاب دیتا''۔ تو یہ دلالت کرتی ہے کہ قیدیوں کا معاملہ گناہ نہ تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ تمہارا ایمان قرآن پر نہ ہوتا تو مراد کتاب سابق

سے یہی ہے اور تم عفو کے مستوجب ہوئے تو غنایم پر عتاب کیے جاتے۔ یا یہ مراد ہے کہ لوح محفوظ میں یہ لکھا نہ ہوتا کہ غنیمتیں حلال ہیں''۔ یہ سب ذنب ومعصیت کی نفی کرتی ہیں۔ اس لیے کہ جس چیز کا کرنا حلال ہے وہ معصیت نہیں ہوتی۔ اس لیے حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آخر آیت میں فرمایا۔ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا تو کھاؤ جو غنیمت تمہیں ملی حلال طیب ہے''۔ اور بعض کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو قتل اور فدیہ میں اختیار دیا گیا ہے۔ بلاشبہ سیّدنا علی المرتضیٰ سے مروی ہے کہ ہار سول پاک ﷺ کے پاس جبریل آئے اور کہا کہ آپ کے صحابہ کو قیدیوں کے بارے میں اختیار دیا گیا ہے کہ اگر چاہیں تو انہیں قتل کر دیں اور نہ چاہیں تو اس شرط پر ان سے فدیہ لے لیں کہ آئندہ سال ان میں سے ستر مارے جائیں گے۔ چنانچہ صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہم نے فدیہ کو اختیار کر لیا۔ تاکہ ہم میں سے مارے جائیں۔ بلاشبہ روز احد ستر صحابہ کا قتل واقع ہوا۔ یہ دلیل اس کی ہے کہ انہوں نے اذن واختیار پانے کے بعد ایسا کیا لہٰذا معصیت کہاں رہی۔ بعض کہتے ہیں کہ اگر چہ قتل وفدیہ میں انہیں اختیار دیا گیا تھا لیکن قتل واثخان زیادہ بہتر تھا جن پر عتاب کیا گیا لیکن کوئی عاصی وگنہگار نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

اظہار سطوت وغلبۂ ربوبیت: لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ۝ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۝

اور اگر ہم پر کچھ باتوں کی یوں ہی نسبت کرتے تو یقیناً ہم ان کو داہنی جانب سے پکڑتے پھر ہم ان کی گردن کی رگ کاٹ دیتے۔

گویا فرماتا ہے اگر حضور اپنی طرف سے بات بنا کر اس کی نسبت ہماری طرف کرتے تو ضرور انہیں دائیں جانب سے پکڑتے۔ اور ان کی شہ رگ کاٹ دیتے۔ اور ہلاک کر دیتے۔ اس میں عذاب کا کنایہ ہے جیسا کہ بادشاہوں کی عادت ہے کہ جن پر انھیں غصہ آتا ہے ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہ حضور ﷺ کی راست گوئی اور حق تعالیٰ کا آپ کو کذب وافتراء سے محفوظ رکھنے کے سلسلے میں مبالغہ ہے لیکن اس عبارت میں لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ کی مانند حضور ﷺ کی بزرگی وکرامت اور قدر ومنزلت کے باوجود اظہار سطوت اور غلبۂ ربوبیت ہے۔ اور یہ آیت آپ کے مہتم بالشان حال اور کمال محبت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اور درحقیقت مفتریوں اور کذابوں پر تعریض ہے تاکہ وہ خبردار ہو جائیں۔ بہرحال ہمیں ادب کا دامن نہ چھوڑنا چاہیے اور زبان کی حفاظت کرنی چاہیے۔ اس چیز میں جو محبوب ومحبّ کے درمیان ہو۔

تفصیلی علم کا مسئلہ: لیکن حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ: مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ (اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرح کی تفصیل) بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد احکام ایمان اور صفات ایمان کی تفصیلات کا علم ہے۔ جیسا کہ قرآن میں ہے کہ کیونکہ اس کا وجود قرآن کے نازل ہونے اور دین شریعت کے مکمل ہونے کے بعد ہے۔ بلاشبہ یہ تو حد شہرت کو پہنچ چکا ہے کہ حضور اکرم ﷺ قبل نبوت خدا کی توحید کرتے اور بتوں کو اور ان کی پرستش کو دشمن جانتے اور حج وعمرہ کرتے تھے۔ آپ نے کبھی شراب نہ پی۔ حالانکہ حق تعالیٰ نے بندوں کے لیے آپ کے ذریعہ جو شریعت مقررہ فرمائی ہے وہ اس وقت تک آپ پر نازل نہ ہوئی تھی۔ اس آیت کا یہی مفہوم ومراد ہے۔ ایمان کا ارادہ کرنے کا مطلب' تصدیق واقرار ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ایمان واحکام کی دعوت مراد ہے' اور بعض کہتے ہیں کہ یہ حذف مضاف کے باب سے ہے۔ یعنی مَا كُنْتَ تَدْرِيْ اَهْلَ الْاِيْمَانُ مطلب یہ ہے کہ تم اہل ایمان کو نہیں جانتے کہ اعمام واقارب یعنی عزیزوں اور رشتہ داروں میں سے کون کون ایمان لائے گا۔ یہ معنی کلام کے سیاق وسباق سے بعید ہے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَيْهِ الْمَرْجَعُ وَالْمَاٰبُ۔

باب چہارم

اس باب میں کتب سابقہ توریت اور انجیل وغیرہ کی ان پیشین گوئیوں اور خبروں کو بیان کیا جارہا ہے۔ جو آنحضرت کی تعلیم وتوقیر اور رسالت سے متعلق ہیں۔ اور علمائے اہل کتاب نے اپنے اجمال اور تفصیل میں اس کا اعتراف کیا ہے۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَکْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ.

جولوگ اس رسول و نبی اُمی کی پیروی کرتے ہیں وہ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا پاتے ہیں کہ وہ انہیں نیکی کا حکم فرمائیں گے اور انہیں برائی سے بچنے کی تلقین فرمائیں گے۔

حضورِ اکرم ﷺ کا ذکر شریف گزشتہ کتابوں میں بکثرت ہے۔ اور انبیاء ومرسلین کی مجلسوں میں حضور خاتم الانبیا علیہ السلام کا ذکر ہمیشہ رہتا تھا۔ چونکہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کو اس سے مطلع کیا ہے۔ تو لامحالہ آپ کا ذکر شریف انہوں نے بطریق اولیٰ اپنی مجلسوں میں کیا ہوگا۔ کیونکہ مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ ذِکْرَهٗ جو چیز بہت محبوب ہو اس کا ذکر اکثر کیا جاتا ہے۔ یہ آیہ کریمہ حضورِ اکرم کی سچائی پر دلیل ہے۔ اگر یہ خبر واقعہ کے مطابق نہ ہوتی تو حضور سے ان کی نفرت وتکذیب کا موجب ہوتا اور یہود ونصاریٰ سے زیادہ کوئی اور قوم حضور کے احوال اور صدق نبوت سے واقف اور شناسا نہ تھی۔ کیونکہ یہود ونصاریٰ توریت وانجیل میں آپ کے اوصاف پڑھ چکے تھے۔ اور مدینہ منورہ میں مدتوں سے آپ کے منتظر تھے کیونکہ اس شہر میں آپ کے ظہور کی علامتیں اور نشانیاں پائی جاتی تھیں اور یہی یہود ونصاریٰ تھے جب ان سے مقابلہ اور جنگ کی نوبت آتی تو یہ آپ کی بعثت کا واسطہ دے کر فتح ونصرت طلب کرتے اور کہتے کہ اب وہ وقت آ گیا ہے جب ہم نبی آخرالزماں ﷺ کی سایۂ عافیت میں تم سے نبٹیں گے۔ ان کے آباء اپنی موت کے وقت اپنی اولادوں کے لیے وصیت نامے چھوڑ جاتے اور کہتے کہ ہمارا اسلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا کر عرض کریں کہ ہم نے آپ کے انتظار میں جانیں دی ہیں۔ اور اس جہاں سے ایمان کے ساتھ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یَعْرِفُوْنَهٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ (یہ آپ کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں) مطلب یہ کہ کافر لوگ آپ کو خوب پہچانتے ہیں۔ لیکن جب آپ کا ظہور قدسی ہوا تو ان کی سابقہ شقاوت ازلی عود کر آئی اور حسد وعناد سے آپ کو جھٹلانے لگے اور جان بوجھ کر راہ حق کو چھپانے کی خاطر اپنی کتابوں میں تحریف وتغیر کرنے لگے۔ اور دنیا کی محبت اور حب ریاست نے ذلت وشقاوت اور خسران کے سبب سے پست درجے میں گرا دیا۔ لیکن اس تحریف وتبدیلی کے باوجود ہمارے نبی کریم ﷺ کی نبوت کے دلائل اور آپ کی شریعت کی نشانیاں ان کی کتابوں میں اب بھی روشن وتاباں ہیں۔

بیان کرتے ہیں کہ سریانی زبان میں حضور کا نام ''مشفع'' ہے۔ اور مشفع کے معنی محمد ہیں۔ اس لیے کہ ان کی زبان میں شفع بمعنی حمد ہیں۔ اور جب وہ خدا کی حمد کرتے ہیں تو شفحا لایعنی الحمد اللہ کہتے ہیں اور جب شفع بمعنی حمد ہوا تو مشفع بمعنی محمد ہوگیا۔ آپ کے احوال وصفات اور آپ کی نبوت کی علامات ونشانیاں صاف صاف اور آپ کی بعثت وہجرت کی جگہ متعین تھی۔ جس روز حضورِ انور مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے اسی دن حضرت عبداللہ بن سلام جو احبار واشراف یہود اور اولاد حضرت یوسف علیہ السلام سے تھے حاضر

ہوئے اور ایمان لائے اور جس دن سے مکہ مکرمہ سے حضورِ انور کی ہجرت کی خبر سنی تھی یہ اسی دن سے آپ کے لقائے شریف کی سعادت حاصل کرنے کے منتظر تھے۔

مدتے بود کہ مشتاق لقایت بودم لاجرم روئے ترا دیدم واز جا رفتم

جب وہ حضور کے دیدار پر انوار سے مشرف ہوئے تو حضور ﷺ نے فرمایا کیا تم ہی ابن سلام یثرب کے عالم ہو؟ عرض کیا ہاں! فرمایا میں تمہیں اس خدا کی قسم دیتا ہوں جس نے مجھے بھیجا کیا تم نے خدا کی کتاب توریت میں میری صفات کو پایا ہے؟ کہا ہاں! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو مظفر و غالب فرمائے گا۔ وہ آپ کے دین کو تمام دینوں پر غالب کرے گا۔ یقیناً بلاشک وشبہ میں نے خدا کی کتاب میں آپ کی خوبیاں اور صفتیں پائی ہیں۔ اور آپ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

يَآ اَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا اے نبی یقیناً ہم نے آپ کو بھیجا امت پر گواہی دینے والا یعنی ان کی تصدیق و تکذیب اور نجات و ہلاکت کی۔

گواہی دینے والا اور فرمان برداروں کو ثواب واجر کی بشارت دینے والا اور نافرمانوں کو عذاب سے ڈرانے والا۔ جو نر اللامیین امیوں یعنی اہل عرب کو جن کی اکثریت پڑھنا لکھنا نہیں جانتی پناہ دینے والا اور آپ سارے جہان کے لیے پشت پناہ ہیں۔ ﷺ۔ عرب کی تخصیص ان میں آپ کی بعثت اور آپ سے قریبی ہونے کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ پہلے جہل و نادانی اور شقاوت قلبی میں مشہور و منہمک تھے۔ اب آپ کی تعلیم و تربیت سے علم و ہدایت کے بلند مقام پر فائز ہو گئے۔ ''حرز'' اس محفوظ جگہ کو کہتے ہیں جہاں کوئی آفت و تکلیف نہ پہنچے۔ اس سے مراد ان کی حفاظت و پناہ آفتوں سے ہے۔ خواہ وہ آفت نفسانی ہو یا شیطانی وساوس وغیرہ جیسا کہ فرمایا:

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اللہ وہ ہے جس نے امیوں میں رسول کو انہیں میں سے بھیجا جو ان پر خدا کی آیتیں تلاوت کرتا اور ان کا تزکیہ فرماتا۔ اور انہیں کتاب وحکمت سکھاتا ہے اگرچہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

ممکن ہے کہ اس سے مراد دائمی عذاب و ہلاکت اور انہیں نیست و نابود ہونے سے محفوظ و پناہ میں رکھنا ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ. اور نہیں ہے خدا کہ ان کو دائمی عذاب دے درآنحالیکہ آپ ان میں تشریف فرما ہوں۔

عبداللہ بن سلام کی حدیث کا تتمہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاَنْتَ عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ آپ میرے بندہ خالص ہیں کوئی اس صفت میں آپ کا ہمسر نہیں۔ اور آپ میرے رسول ہیں۔ جو ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہیں وَسَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ. اور میں نے آپ کا نام متوکل رکھا۔ کیونکہ آپ نے اپنے تمام کام مجھ پر چھوڑ دیے ہیں۔ اور آپ اپنی ذاتی قوت و طاقت سے باہر آ گئے ہیں۔ کیونکہ بندگی کے معنی کی حقیقت یہی ہے ''لَسْتَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيْظٍ اور آپ نہ درشت خو ہیں اور نہ سخت دل۔ چنانچہ قرآن کریم میں فرمایا:

لَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ. یعنی اگر آپ درشت خو اور سخت دل ہوتے آپ کے گرد سے یقیناً ہٹ جاتے۔

اور یہ جو دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے کہ: وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ. (ان منافقوں اور کفار پر سختی فرمایئے۔) تو اس کا جواب یہ ہے کہ مزاج کی خوبی اور دل کی نرمی آپ کی طبعی اور جبلی خصلت ہے غلظت کا حکم مخلوق کے علاج کے لیے ہے جس کی بہتر توجیہ یہ ہے کہ عدم سختی اور نرم دلی مسلمانوں کے لیے ہے۔ اور کافروں اور منافقوں کے لیے سختی و غلظت کا حکم دیا گیا ہے۔ آپ میں یہ دونوں صفتیں حق تعالیٰ کے

لیے ہیں۔ اَلْحَبُّ لِلّٰہِ وَالْبُغْضُ لِلّٰہِ (محبت بھی اللہ کے لیے اور دشمنی بھی اللہ کے لیے) اور فرمایا: اَنَا الضَّحُوْكُ الْقَتُوْلُ (خندہ روئی میری عادت ہے۔) باب اخلاق میں اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے۔ وَلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ (اور بازاروں میں شور وشغب کرنے والے نہ تھے) جیسا کہ جاہلوں کی عادت ہے۔ یہ عقلمندی کی نشانی ہے کہ نرم خو ہو اور آواز بلند نہ کرے۔ اور کج خلقی سے احتراز کرے، مجلس میں بھی، گھر میں بھی اور بازاروں میں بھی۔

وَلَا يَجْزِیْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَغْفِرُ وَلَنْ يَّقْبِضَهُ اللّٰهُ حَتّٰى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ بِاَنْ يَّقُوْلَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

برائی کا بدلہ برائی سے نہ لے اور عفو ودرگزر اور پردہ پوشی سے کام لے۔ اور اللہ تعالیٰ ہرگز دنیا سے آپ کو نہ اٹھائے گا، جب تک کہ کجرو لوگوں کی درستگی نہ فرمادے اور لا الہ الا اللہ نہ کہہ لیں اور توحید کا اقرار کر کے شرک کا ازالہ نہ کرلیں۔

فَيَفْتَحُ بِهٖ اَعْيُنًا عُمْيًا وَّاٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا (تو اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعہ ایسی اندھی آنکھوں کو کھولے گا جو راہ راست نہیں دیکھتیں۔ اور ایسے کانوں کو کھولے گا جو حق بات نہیں سنتے اور ایسے دلوں کو کھولے گا جو نہیں سمجھتے۔ اور حقیقت حال کو نہیں پاتے۔

ایک اور روایت میں اتنا زیادہ ہے کہ وہ بازار میں فریاد اور فحش کلامی نہ کریں گے اور جو فرمائیں گے جھوٹ نہ ہوگا۔ اور ہر خوبی وکمال اور ہر صفت جمال سے آراستہ وپیراستہ ہوں گے۔ اور میں انہیں ہر خلق کریم عطا کروں گا اور اطمینان وسکون اور آرام وآہستگی کو ان کا لباس بناؤں گا اور تقویٰ وپرہیزگاری کو ان کا ضمیر کروں گا۔ حکمت ان کی عقل، صدق وفا ان کی طبیعت، عفو ونیکی ان کی عادت، عدل ان کی سیرت، حق ان کی شریعت، ہدایت ان کا امام، اسلام ان کی ملت اور احمد ان کا نام رکھوں گا لوگ گمراہی کے بعد ان سے ہدایت پائیں گے۔ اور آپ کے وسیلہ سے جہالت کے بعد لوگ عقلمند بنیں گے۔ اور گمنامی کے بعد ان کا نام چار دانگ عالم میں گونجے گا۔ اور کمی کے بعد انھیں کثرت وزیادتی عطا کروں گا اور جدائیگی کے بعد انہیں بلاؤں گا۔ اور مفلسی کے بعد انہیں تونگر کروں گا۔ اور مخالف دلوں اور پراگندہ خواہشوں اور جدا جدا بکھری ہوئی جماعتوں میں الفت ومحبت ڈالوں گا۔ اور ان کی امت کو بہترین امت قرار دوں گا۔ کعب احبار سے بھی ایسا ہی مروی ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ سیّدنا ابن عباس نے حضرت کعب سے دریافت فرمایا: تم نے توریت میں رسول اللہ ﷺ کے اوصاف حمیدہ کیا کیا پائے۔ انہوں نے بیان کیا کہ توریت میں لکھا ہوا ہے کہ محمد بن عبداللہ، عبدالمختار یعنی اللہ کے بندے، مکہ مکرمہ ان کی جائے پیدائش، مدینہ منورہ ان کا مقام ہجرت اور ملک شام ان کے زیر قبضہ ہوگا نہ وہ سخت گو ہوں گے نہ درشت خو۔ نہ بازاروں میں شور وغل کریں گے اور نہ برائی کا بدلہ لیں گے بلکہ عفو ودرگزر سے کام لیں گے۔ اس روایت میں حضور ﷺ کی امت مرحومہ کی تعریف بھی آئی ہے۔ چنانچہ انہوں نے بیان کیا۔ آپ کی امت غم ومسرت اور خوشی وناخوشی میں شکر گذار ہوگی اور ہر پستی وبلندی پر حق تعالیٰ کی حمد وتکبیر کرے گی۔ نمازوں کے لیے آفتاب کی رعایت کریں گے۔ اور جب سورج کسی نماز کا وقت لائے تو وہ اس وقت نماز بجالائے گی اگرچہ وہ خاک نشین ہوں گے اور ٹخنے سے اوپر ازار بند اور پائجامے پہنیں گے۔ اور اپنے اعضاء کے اطراف یعنی ہاتھ پاؤں اور چہرے کا وضو کریں گے۔ اور ان کا منادی یعنی مؤذن آسمان میں ندا کرے گا یعنی بلند وبالا برجوں میں اذان دے گا۔ ان کی صفیں جنگ اور نماز میں یکساں ہوں گی۔ وہ راتوں میں نغمہ سنج ہوں گی۔ اس نغمہ سنجی سے مراد اوراد ووظائف اور تلاوت قرآن ہے۔

بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ منقول ہے کہ میں نے رسول خدا ﷺ سے سنا ہے کہ فرمایا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توریت نازل ہوئی اور انہوں نے اسے پڑھا اور اس میں انہوں نے اس امت مرحومہ کا ذکر پایا تو عرض کیا کہ اے خدا میں توریت کی ان تختیوں

میں ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو آخر بھی ہے اور سابق بھی ہے۔ مطلب یہ کہ وجود زمانی میں تو وہ آخری امت ہوگی اور فضل وشرف میں سابق یعنی اول وفائق ہوگی۔ ان کے لیے شفاعت کی جائیگی۔ ان کی دعاؤں سے بارشیں ہوں گی ان کے سینوں میں کلام الٰہی محفوظ ہوگا۔ جنہیں وہ از بر بطور حافظہ پڑھیں گے۔ غنیمتوں کو کھائیں گے۔ اور صدقات کو ان کے اپنے ہی شکموں کے لیے گردانا گیا۔ یہ اسی امت کے خواص ہیں۔ جن پر احکام کو آسان کیا گیا ہے۔ اور غنیمتوں اور صدقات کو ان پر حلال کیا گیا۔ بخلاف پچھلی امتوں کے کہ یہ ان پر حلال نہ تھیں۔ اور جب وہ کسی بدی کا ارادہ کریں گے تو اسے نہ لکھا جائے گا اور جب وہ بدی کا ارتکاب کرلیں گے تو ایک ہی بدی لکھی جائے گی۔ اور جب نیکی کا قصد کریں گے تو اسے لکھا جائے گا۔ اور جب نیکی کرلیں گے تو دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ اور انہیں اول وآخر کا علم دیا جائے گا۔ اور دجال کو وہ قتل کریں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ اسلام کا امتی ہونے کی تمنا کرنا: بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب توریت کی تختیوں میں امت نبی آخر الزماں ﷺ کی تقریباً ستر صفات کو پڑھا تو انہوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا ''اے خدا! اس امت کو میری امت بنا دے''۔ فرمان باری آیا کہ اے موسیٰ! اس امت کو تمہاری امت کیسے بناؤں وہ امت تو نبی آخر الزماں احمد مجتبیٰ ﷺ کی ہے۔ حضرت موسیٰ نے عرض کیا اے رب تو مجھے ہی امت محمدیہ میں بنا دے۔ اس پر حق تعالیٰ نے انہیں اپنے اس ارشاد میں دو خوبیاں مرحمت فرمائیں۔ چنانچہ فرمایا:

قَالَ يٰمُوْسٰى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ فَخُذْ مَا اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ.

اے موسیٰ میں نے تمہیں لوگوں پر اپنی رسالت اور اپنے کلام کے ساتھ برگزیدہ فرمایا تو تم لو جو میں نے تمہیں دیا شکر گزاروں میں ہو جاؤ۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا' اے خدا! میں اس پر راضی ہوگیا۔ ابونعیم بروایت سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب نقل کرتے ہیں کہ کعب احبار سے ایک مرد نے کہا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ لوگ حساب کتاب کے لیے جمع ہوئے ہیں اور تمام نبیوں کو بلایا گیا ہے جملہ نبی اپنی اپنی امت کے ساتھ آئے اور ہر نبی کے لیے دو نور اور ہر امتی کے لیے ایک نور جو ان کے ساتھ ساتھ چلتا تھا دیکھا گیا۔ اس کے بعد حضور اکرم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کو بلایا گیا تو آپ کے ہر موئے تن کے ساتھ ایک ایک نور تھا۔ اور آپ کے ہر امتی کے ساتھ دو نور تھے۔ اس پر کعب احبار نے اس مرد سے دریافت کیا کہ تم نے جو اپنے خواب کی تفصیل بیان کی ہے کیا تم نے ایسا کہیں پڑھا ہے؟ اس شخص نے کہا خدا کی قسم! خواب میں ایسا دیکھنے کے سوا کہیں اور کسی جگہ ایسا نہ پڑھا۔ تو حضرت کعب فرماتے ہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں کعب کی زندگی ہے یہ صفت محمد مصطفیٰ اور ان کی امت کی ہے اور وہ صفت تمام نبیوں اور ان کی امتیوں کی ہے یہی کتاب الٰہی میں ہے گویا کہ تو نے توریت میں اسے پڑھا ہے۔

وہ خبریں جن میں یہود کو پہلے ہی سے حضور ﷺ کی نبوت کی صداقت کا علم تھا

وصل: اب رہیں وہ خبریں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں کو رسول اکرم سید الابرار ﷺ کی نبوت وصداقت کا پہلے ہی سے علم تھا۔ اور ان شریروں نے ان کے ظہور کے بعد عناد وانکار کیا۔ بجز ان لوگوں کے جن کے حال کے ساتھ توفیق وہدایت ربانی شامل تھی۔ ایسی خبریں بے شمار ہیں کیونکہ وہ ہمیشہ توریت کی تعلیم وتدریس کے وقت حضور کا ذکر کرتے اور اپنی اولاد میں برابر چرچا کرتے رہتے۔ آپ کا حلیہ شریف بتلاتے' ہجرت وبعثت کا مقام متعین کر کے کہتے کہ نبی آخر الزماں مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ رونق افروز ہونگے۔ لیکن جب حضور انور ﷺ مبعوث ہوئے تو انہوں نے حسد وعناد کی راہ اختیار کی اور کہنے لگے یہ وہ شخص نہیں ہیں جن کے بارے میں ہم تمہیں بتلاتے آرہے ہیں۔ اور آپ کی صفات شریف میں تحریف کرنے لگے۔ لیکن ان کی اس تحریف وتغیر کے باوجود آپ کے دلائل وشواہد توریت میں روشن وتاباں تھے۔ قبیلہ اوس کا ایک شخص ابو عامر راہب تھا۔ اور قبیلہ اوس وخزرج میں اس سے زیادہ کوئی دوسرا شخص حضور اکرم ﷺ کے اوصاف بیان کرنے والا نہ تھا۔ وہ مدینہ کے یہودیوں سے محبت کرتا اور ان کے پاس اٹھتا بیٹھتا تھا۔ وہ ان سے دین اسلام کے بارے میں پوچھتا وہ اسے رسول رب العالمین ﷺ کے اوصاف بتاتے اور کہتے کہ مدینہ ان کے ہجرت کا مقام ہے پھر وہ یہودیوں کے پاس سے مقام تیما گیا۔ انہوں نے بھی اسے ایسا ہی بتایا اس کے بعد وہ ملک شام گیا اور نصرانیوں سے اس نے دریافت کیا انہوں نے بھی حضور ﷺ کی یہی صفات بیان کیں تو ابو عامر گوشہ نشین ہوگیا اور راہب بن گیا۔ راہبوں جیسا لباس (پلاس) پہننے لگا۔ وہ برابر یہ کہتا رہا کہ میں ملت حنیفیہ' دین ابراہیم علیہ السلام پر ہوں۔ اور نبی آخر الزماں ﷺ کے ظہور کا منتظر ہوں۔ اور اسی ابو عامر سے جنات کی عورتوں نے بھی حضور انور ﷺ کی صفات ونشانیاں سنی تھیں۔ لیکن جب حضور انور ﷺ نے ظہور فرمایا تو وہ اپنے حال میں برقرار رہ کر بغاوت' حسد اور نفاق کا مظاہرہ کرنے لگا۔ وہ کہتا اے محمد ﷺ آپ کس چیز پر مبعوث کیے گئے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا مجھے ملت حنیفیہ پر مبعوث فرمایا گیا ہے۔ وہ کہنے لگا نہیں بلکہ اسے غیر کے ساتھ خلط ملط کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا' بلکہ میں اسے روشن اور پاک وصاف لایا ہوں۔ پھر فرمایا اے ابو عامر! وہ خبریں کیا ہوئیں جو یہود نے تجھے میری صفات کے بارے میں بتائی تھیں۔ کہنے لگا! آپ وہ نہیں ہیں جن کے بارے میں یہود نے صفتیں بیان کی ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عامر! تو جھوٹ بول رہا ہے۔ ابو عامر نے کہا میں جھوٹ نہیں بول رہا' آپ دروغ فرما رہے ہیں۔'' حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے والے کو بیکس وناچار مسافرت کی حالت میں ہلاک کرے۔ چنانچہ اس کے بعد ابو عامر مکہ کی طرف لوٹ گیا اور قریش کے دین کی پیروی کرنے لگا۔ اس نے سابقہ طریقہ رہبانیت کو ختم کر دیا۔ اس کے بعد وہ ملک شام جاتے ہوئے یکہ وتنہا بیکسی وناچاری اور مسافرت کی حالت میں حضور ﷺ کی بدعا کے موجب مر گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جب تک اللہ تعالیٰ کی جانب سے توفیق وہدایت نہ ہو علم ودانش کام نہیں آتا وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اسی ابو عامر کے بیٹے حضرت حنظلہ تھے جنہیں ''غسیل ملائکہ'' کہا جاتا ہے۔ یہ حضور ﷺ کی

بارگاہ میں حاضر ہوئے۔اور ایمان لائے۔اوران کا اکابر صحابہ کرام میں شمار ہوا۔ان کے ''غسیل ملائکہ'' ہونے کا مشہور قصہ ہے۔چنانچہ ابن حبان اپنی ''صحیح'' میں اور حاکم ''مستدرک'' میں برشرط شیخین بیان کرتے ہیں کہ یہ نئے شادی شدہ تھے بلکہ اسی روز شادی کر کے اپنی بیوی سے ہمبستر ہو کر فارغ ہی ہوئے تھے کہ اچانک روز احد کفار سے جنگ کی شدت کا غلغلہ سنا بے چین ہو گئے۔غسل جنابت کرنے کی بھی فرصت نہ پائی باہر نکل کر کفار سے مصروف پیکار ہو گئے۔یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔پھر حضورِ اکرم ﷺ نے ملاحظہ فرمایا کہ فرشتے انہیں غسل دے رہے ہیں۔فرمایا کہ حنظلہ حقیقت حال کیا ہے اور کس سبب سے ان کو شہدا کے درمیان خاص طور پر فرشتے غسل دے رہے ہیں۔(کیونکہ مسئلہ ہے کہ شہید جب میدان جنگ میں قتل ہو جائے تو اسے نہ تو غسل دیا جائے گا اور نہ اس کے کپڑے اتارے جائیں گے۔اور یہاں تو انہیں فرشتے غسل دے رہے ہیں؟) اور ایک روایت میں تصریح ہے کہ فرمایا وہ جنبی تھے اور اپنی بیوی کے پاس سے اسی طرح اٹھ کر چل دئے تھے۔اور جب ان کی بیوی سے دریافت کیا گیا تو اس نے یہی حقیقت حال بیان کی۔اسی بنا پر امام اعظم ابوحنیفہ جنبی شہید کو غسل دینے کا حکم فرماتے ہیں لیکن صاحبین اور امام شافعی رحمتہ اللہ اس کے برعکس رائے رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ غسل جو جنابت کی وجہ سے فرض تھا وہ تکلیف کے دائرے سے نکلنے کے بعد ساقط ہو گیا اور وہ غسل جو موت کے سبب لازم ہوتا ہے اسے شہادت نے ساقط کر دیا۔اب اس پر کون سا غسل واجب ہے۔امام اعظم رحمتہ اللہ اپنی دلیل میں حضرت حنظلہ کے اسی قصے کو لاتے ہیں۔اور حضور کے اس ارشاد کو جو بعض روایتوں میں آیا ہے کہ وہ جنبی تھے دلیل میں پیش کرتے ہیں۔اب ہم توریت' انجیل' زبور اور صحف آدم وابراہیم وغیرہم علیہم السلام سے وہ خبریں نقل کرتے ہیں جو حضورِ اکرم ﷺ کے اوصاف میں ہیں۔

توریت وانجیل وغیرہ سے بشارتیں: وصل: مخفی نہ رہنا چاہیے کہ قرآن کریم کی اس خبر کے بعد کہ ان کتابوں میں حضورِ اکرم ﷺ کے احوال شریف اور آپ کی صفتیں موجود ہیں۔اس مدعا کے ثبوت میں کسی مزید دلیل کی حاجت نہیں رہتی۔لیکن ان دشمن خدا کافروں کی الزام تراشی سے بچنے کے لیے ان کا لانا ضروری ہے۔اور اس سے مسلمانوں میں اطمینان کی زیادتی اور نورانیت ویقین پیدا ہوگا۔لیکن توریت میں حذف وتحریف' تغیر وتبدل اور ان خیانتوں کے بعد بھی جوان بدبختوں نے اس امانت کی ادائیگی میں کی ہے۔موجود ہے کہ ''حق تعالیٰ نے سینا سے تجلی فرمائی اور ساغیر سے ظاہر ہوا اور فاران سے آشکارا ہوا''۔

''سینا'' اس پہاڑی کو کہتے ہیں جس کو طور سینا اور طور سینین کہتے ہیں۔حق تعالیٰ نے اس پر تجلی فرمائی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور اس پر ان کی نبوت ظاہر ہوئی۔ساغیر سے ان پر انجیل نازل ہوئی ''فاران'' عبرانی نام ہے اور مکہ مکرمہ میں بنی ہاشم کی ان پہاڑیوں کو کہتے ہیں جن میں سے ایک پہاڑی پر حضورِ اکرم ﷺ اظہارِ نبوت سے قبل عبادت فرماتے تھے۔اور اسی پہاڑی پر سب سے پہلے خدا کی وحی نازل ہوئی۔یہ تین پہاڑ ہیں۔ایک جبل ابوقبیس ہے جس کے نیچے مکہ مکرمہ کی آبادی ہے۔اس کے مقابل جبل فیقعان بطن وادی تک ہے اور اس کے مشرق جانب جبل فیقعان کے متصل شعب بنی ہاشم ہے۔اور اسی شعب میں حضورِ اکرم ﷺ کی جائے ولادت ہے۔

اور ابن قتیبہ جو کہ علمائے امت میں سے ہیں۔جنہوں نے کتب سابقہ پڑھی اور ترجمہ کی ہیں۔وہ ''اعلام النبوۃ'' میں فرماتے ہیں کہ اس جگہ ہر اس شخص کو جو ذرا بھی اس میں غور وفکر کرے کوئی دشواری نہ ہوگی۔اس لیے کہ جیسا کہ حقیقت الامر ہے کہ حق تعالیٰ کا طور سینا پر تجلی فرمانے کا مطلب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توریت کا نازل فرمانا ہے۔اور جبل ساغیر سے اس کا ظہور فرمانے سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل کا نازل فرمانا ہے۔چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ارض خلیل کے جبل ساغیر میں (جسے ناصرہ کہتے ہیں) سکونت واقامت فرماتے تھے۔اور اسی بنا پر ان کے پیروکاروں کا نام نصاریٰ رکھا گیا۔اور جب یہ ثابت ہو گیا کہ ساغیر سے حق تعالیٰ کا ظہور فرمانا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل کا نازل فرمانا مراد ہے تو فاران کی پہاڑیوں پر سے طلوع وآشکارا ہونے سے حضورِ اکرم ﷺ پر قرآن

کریم کا نازل ہونا مراد ہے۔اس بارے میں مسلمانوں اور اہل کتاب کے درمیان کوئی اختلاف بھی نہیں ہے کہ فاران مکہ کی پہاڑیوں ہی کا نام ہے۔اور اگر وہ یہ دعویٰ کریں کہ فاران مکہ کے سوا پہاڑوں کا نام ہے تو یہ ان کا بہتان اور افتراء ہوگا۔اور اس کے جواب میں ہم یہ کہیں گے کہ پھر ہمیں وہ دوسرا مقام بتاؤ جہاں خدا آشکارا ہوا ہو۔اور اس جگہ کا نام بھی فاران ہی ہو۔اور وہاں کسی نبی کی بعثت ہوئی ہو اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد اس نبی پر خدا نے کتاب نازل فرمائی ہو۔اور ہمیں وہ دین دکھاؤ جو ظہور وانکشاف میں دین اسلام کی مانند ظاہر ومنکشف اور آشکارا ہو۔کیا تم جانتے نہیں کہ مشرق اور مغرب میں کوئی دین بھی اتنا آشکارا اور ظاہر نہیں ہوا جتنا کہ جہان بھر میں دین اسلام آشکارا اور ظاہر ہوا۔

توریت کی دوسری بشارت: نیز توریت میں یہ بھی موجود ہے کہ حق تعالیٰ نے توریت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ''سفر فامس'' میں یہ خطاب فرمایا کہ تمہارا رب بنی اسرائیل کے لیے تمہارے برادروں میں سے (اور ایک روایت میں ہے ان کے برداروں میں سے' نبی پیدا کر کے مبعوث فرمائے گا اور اس کے منہ میں اپنا کلام رکھے ہوگا پھر وہ ان کے لیے وہی فرمائے گا۔جن کا میں حکم دوں گا۔اور جو کوئی ان کے ارشاد کی اطاعت وتعمیل نہ کرے گا میں اسے سزا دوں گا۔''.

اس کلام توریت کی دلالت' سید عالم محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت پر واضح ہے۔اس لیے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم بنی اسرائیل' حضرت اسحٰق علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔اور ان کے بھائی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں اور اگر یہ نبی موعود' ابناء اسحٰق علیہ السلام بنی اسرائیل میں سے ہے تو وہ انہیں میں سے ہوں گے نہ کہ ان کے بھائیوں میں سے۔اور اگر وہ یہ کہیں بنی اسرائیل' بنی اسرائیل کے بھائی ہیں۔اس بنا پر اخوت کا اطلاق درست ہے تو اس کے جواب میں ہم کہیں گے کہ اس طرح تم توریت کو جھٹلا رہے ہو اس لیے کہ توریت میں مذکور ہے کہ بنی اسرائیل میں کوئی نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مانند قائم نہ ہوا۔اور توریت کے ایک اور ترجمہ میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کی مانند بنی اسرائیل میں کبھی بھی کوئی قائم نہ ہوگا۔لہٰذا بعض یہودیوں کا یہ قول باطل ہوگیا کہ اس نبی موعود سے حضرت ''یوشع بن نون'' مراد ہیں۔اس لیے کہ حضرت یوشع' حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نہ کفو تھے اور نہ ان کی مثل۔بلکہ ان کی حیات میں ان کے خادم تھے۔اور وفات کے بعد ان کی دعوت کو مؤکد ومؤید کیا تھا۔چنانچہ ثابت ہوگیا کہ اس نبی موعود سے سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کفو ومثل ہیں۔اور یہ کہ آپ اقامت دعوت حق' تحدی معجزہ' تشریح احکام اور اجراء نسخ بر شرائع سابقہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مماثل ہیں۔اور بجائے خود یہ بات بکثرت دلائل سے روشن ہے کہ نبی موعود اور نبی آخر الزماں حضور اکرم سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ ہیں اور اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

فرماتے ہیں کہ توریت کا یہ فرمان کہ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ''میں اپنا کلام ان کے منہ میں رکھوں گا''۔اس سے مقصود اور معنی یہ ہیں کہ ہم اپنے کلام کی وحی ان کی طرف کریں گے اور وہ اس کلام وحی سے وہی خطاب فرمائیں گے جو انہوں نے سنا ہوگا۔اور ان کی طرف کوئی لکھا ہوا صحیفہ یا الواح نہیں اتاروں گا اس لیے کہ وہ اُمی ہیں لکھا ہوا نہ پڑھیں گے۔

انجیل کی بشارتیں: انجیل میں حضور انور ﷺ کی بشارت ہونے کے سلسلے میں ابن طفریل نے بیان کیا ہے کہ یوحنا جو حضرت عیسیٰ کا حواری تھا وہ اپنی انجیل میں حضرت مسیح کے حوالہ سے بتاتا ہے کہ انہوں نے فرمایا:

''میں اپنے باپ سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ تمہیں دوسرا ''فارقلیط'' عنایت فرمائے جو تمہارے ساتھ تا ابد ثابت وقائم رہے۔وہ روح حق ہے۔اور وہ تمہیں ہر چیز سکھائے گا۔اور فرمایا بیٹا جانے والا ہے۔(اس سے کنایتہ اپنی ذات مراد لی ہے۔) کیونکہ اب اس کے بعد فارقلیط آنے والا ہے۔جو تمہارے بھیدوں کو زندہ کر کے ہر چیز کو بدل دے گا۔اور وہ میری

گواہی دیں گے۔ جیسا کہ میں ان کی گواہی دے رہا ہوں۔ میں تمہارے لیے ''امثال'' لایا ہوں اور وہ اس کی تاویل (یعنی تفسیر وتشریح) لائے گا۔ (اس تاویل سے مراد قرآن ہے جو کہ محتمل تاویلات اور معانی کثیرہ کا حامل ہے بخلاف دیگر آسمانی کتابوں کے) اور دوسرا فارقلیط ایسا ہوگا جسے سارے جہان میں کوئی بھی توڑنے کی طاقت نہ رکھے گا۔ اگر تم میری دعوت مانتے ہو اور مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میری اس وصیت کو یاد رکھنا۔ میں خدا سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ تمہیں فارقلیط عنایت فرمائے۔ جو آخر زمانہ تک تمہارے ساتھ رہے''۔

اس میں اس کی وضاحت وصراحت ہے کہ حق تعالیٰ ان کی طرف کسی ایسے کو بھیجے گا جو حق تعالیٰ کی رسالت تبلیغ میں اور خلق کی سیاست اس کے مقام میں قائم فرمائے گا۔ اور اس کی شریعت باقی اور تا ابد یعنی جب تک زمانہ قائم ہے رہے گی۔ آیا ہے کوئی ایسا؟ بجز سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کے۔

فارقلیط کی تفسیر میں نصاریٰ اختلاف کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ فارقلیط کے معنی حامد یعنی حمد کرنے والے کے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ بمعنی مخلص ہے۔ اگر ہم مخلص کے معنی میں ان کی تائید کریں تو مخلص ایسا رسول ہوگا جو سارے جہان کی خلاصی اور رستگاری کے لیے تشریف لائے۔ اور یہ تفسیر ہماری منشاء کے موافق ہے اس لیے کہ ہر نبی کفر سے امت کو نجات دلانے والا ہوتا ہے۔ اور ان معنٰی میں انجیل میں حضرت مسیح کا قول شاہد ہے کہ ''میں لوگوں کو نجات دینے کے لیے آیا ہوں۔'' جب ثابت ہوگیا کہ حضرت مسیح نے اپنی توصیف ''لوگوں کا نجات دہندہ'' فرمائی ہے تب انہوں نے باپ سے استدعا کی کہ دوسرا فارقلیط یعنی نجات دہندہ عنایت فرمائے اور یہ اس کی دلیل ہے کہ ایک فارقلیط تو گزر گیا اب دوسرا فارقلیط آتا ہے۔

اگر ہم بطریق تنزل یہ تسلیم کرلیں کہ ''فارقلیط'' کے معنی حامد کے ہیں تو یہ لفظ ''احمد'' سے کتنا زیادہ قریب ہے۔ اسی بنا پر ابن ظفر نے کہا ہے کہ انجیل میں جس چیز کا ترجمہ کیا گیا ہے وہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ فارقلیط رسول ہے اس لیے آپ نے فرمایا کہ جو کلام مجھ سے تم سنتے ہو وہ میرا نہیں ہے بلکہ وہ باپ کا کلام ہے۔ جو مجھ پر تمہارے لیے نازل فرمایا گیا ہے۔ اور وہ ''فارقلیط'' جو روح القدس ہے باپ اسے میرے نام سے بھیجے گا تا کہ وہ تمہیں ہر چیز کی تعلیم دے۔ اور تمہیں یاد دلائے اور نصیحت فرمائے جیسا کہ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں' لہٰذا کیا اس سے زیادہ واضح تر کوئی بیان ہے؟ کہ ''فارقلیط'' وہ رسول ہے جسے حق تعالیٰ بھیجے گا۔ اور وہ خدا کی مخلوق کو ہر چیز کی تعلیم دے گا۔ وہ انھیں وعظ ونصیحت فرمائے گا۔ لیکن اس جگہ ''باپ'' کا بولنا معرف اور بدلا ہوا لفظ ہے۔ اور اہل کتاب اس لفظ کے استعمال سے ناآشنا نہیں ہیں کہ یہ پروردگار سبحانہ وتعالیٰ کی جانب اشارہ ہے کیونکہ یہ تعظیم کا لفظ ہے۔ اور اس لفظ سے شاگرد استاد کو مخاطب اور اس سے اپنے علم میں استمداد کرتا ہے اور یہ بھی مشہور ہے کہ نصاریٰ اپنے علمائے دین کو روحانی باپ سے مخاطب کرتے ہیں۔ اور یہ کہ بنی اسرائیل اور بنی اُعیص اپنے آپ کو ''نَحْنُ اَبْنَاءُ اللّٰهِ'' کہتے ہیں۔ یعنی ہم اللہ کے بیٹے ہیں۔ اس وجہ سے وہ اپنے تئیں بدگمانی میں ڈالے ہوئے تھے۔

لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ قول کہ باپ اسے (فارقلیط) کو میرے نام سے بھیجے گا۔ اس میں سیّد عالم محمد مصطفےٰ ﷺ کی رسالت وصداقت پر شہادت موجود ہے۔ اور وہ آیات قرآنیہ جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی مدح وتعریف اور اس پاکی وتنزیہہ کے سلسلے میں قرآن میں مذکور ہیں جن کے لیے بنی اسرائیل افتراء کرتے تھے ان کی طرف اشارہ ہے۔

انجیل کے ایک اور ترجمہ میں ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ

''فارقلیط نہیں آئے گا جب تک میں نہ جاؤں اور جب فارقلیط آئے گا تو جہان کو غلطی وخطا پر سرزنش وتوبیخ کرے گا۔ اور وہ اپنے پاس سے کوئی بات نہیں فرمائے گا وہی فرمائے گا جو خدا سے سنے گا۔ اور حق وصداقت کے ساتھ لوگوں کی سیاست

فرمائے گا اور حوادث کی ان کو خبریں دے گا''۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ''وہ اپنی طرف سے کچھ نہ کہے گا۔ بلکہ وہی بات کرے گا جو کچھ خدا سے سنے گا۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے اسے بھیجا ہے''۔

جیسا کہ قرآن کریم نے حق تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے بارے میں ارشاد فرمایا: وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى یعنی وہ اپنی خواہش سے کچھ نہیں فرماتے وہی فرماتے ہیں جو ان کی طرف وحی کی جاتی ہے۔

اور حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا ''وہ (یعنی فارقلیط) میری بزرگی وعظمت بیان کرے گا اور میری نشانیوں کو معظم جانے گا''۔

اور یہ حقیقت واقعیہ ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی جتنی عظمت و بزرگی حضور سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمائی ہے کسی نے بھی ایسی بیان نہ کی۔ حضور نے ان کے وصف رسالت کو بیان فرمایا اور ان کو ان چیزوں سے پاک ومنزہ بتایا۔ جن کو ان کی امت نے ان کی طرف منسوب کر رکھا ہے۔

یہ تمام صفات حضور اکرم ﷺ کی ہیں۔ وہ کون ہے جس نے بنی اسرائیل کے علماء کو حق چھپانے اپنی جگہ سے کلمات ربانی کی تحریف کرنے اور تھوڑے داموں پر دین کو فروخت کرنے پر توبیخ فرمائی؟ اور وہ کون ہے جس نے حوادث کی اور غیبی حالات کی خبریں دی ہیں؟ بجز سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کے۔

انجیل میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کی تصدیق کرو اور ان پر ایمان لاؤ۔ اور اپنی امت سے فرمادو کہ ہر وہ شخص جو آپ کا زمانہ پائے وہ آپ پر ایمان لائے''

اے فرزند بتول! تم جان لو کہ اگر محمد ﷺ نہ ہوتے تو میں آدم، جنت اور دوزخ کسی کو بھی پیدا نہ فرماتا۔ اور جب میں عرش کو عالم وجود میں لایا تو وہ کانپتا تھا اسے قرار نہ تھا پھر میں نے عرش پر لکھا ''لا اله الا محمد رسول الله'' تو وہ ساکن ہو گیا۔

مواہب لدنیہ میں بیہقی سے بروایت سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما منقول ہے کہ جب جارود نصرانی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کیا تو اس نے کہا کہ ''اس خدا کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا بلاشبہ میں نے انجیل میں آپ کا وصف پڑھا ہے اور فرزند بتول نے آپ کی بشارت دی ہے۔ بیہقی دلائل النبوۃ میں از ابوامامہ باہلی از ہشام بن العاص اموی نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ مجھے اور دیگر چند آدمیوں کو ہرقل قیصر روم کی طرف بھیجا گیا۔ تاکہ میں اسے دعوت اسلام دوں پھر پوری حدیث بیان کی اور کہا کہ ایک رات مرقل نے ہمیں اپنے پاس بلایا ہم اس کے پاس گئے تو اس نے ایک بڑا زرنگار صندوق منگوایا جس میں چھوٹے چھوٹے خانے تھے۔ اور ہر خانہ کا دہانہ چھوٹا تھا۔ پھر اس نے اس صندوق کو کھولا اور ایک سیاہ رنگ کا ریشم کا پارچہ نکال کر پھیلا دیا۔ اس میں ایک تصویر نظر آئی جس کی آنکھیں بڑی بڑی سرین بھاری، گردن دراز اور گیسو گندھے ہوئے تھے۔ یہ خدا کی بہترین مخلوق کا پیکر تھا۔ اس نے پوچھا تم اس تصویر کو پہچانتے ہو۔ ہم نے کہا ہم نہیں پہچانتے۔ کہا یہ حضرت آدم علیہ السلام کی تصویر ہے۔ پھر اس نے دوسرا خانہ کھولا اور سیاہ رنگ کا ریشم کا پارچہ نکال کر پھیلایا تو اس میں سفید پیکر میں بڑی بڑی آنکھیں اور سرو حسین داڑھی والی تصویر نظر آئی۔ اس نے پوچھا تم انہیں پہچانتے ہو۔ ہم نے کہا نہیں۔ اس نے کہ یہ حضرت نوح علیہ السلام کی شبیہہ ہے۔ پھر اس نے ایک اور خانہ کھولا اور ایک ریشم کا پارچہ نکال کر پھیلایا تو اس میں ایک حسین شبیہہ سفید چہرے والی نظر آئی گویا بذات خود رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہیں اس نے پوچھا ان کو پہچانتے ہو ہم نے کہا ہاں! یہ محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ پھر ہم رونے لگے اور ہرقل کھڑا ہو گیا اور پھر بیٹھ گیا۔ اور کہنے لگا کیا یہ وہی ہیں؟ ہم نے کہا ہاں وہی ہیں۔ اس شبیہہ کو دیکھنے کے بعد گویا تم نے خاص انھیں کو دیکھ لیا۔ اس کے بعد ہرقل بہت دیر تک اس شبیہہ کو

دیکھتا رہا۔ پھر کہنے لگا خدا کی قسم! یہ آخری نبی ہیں لیکن میں نے جلدی کی تا کہ تمہارے علم کو میں پا سکوں۔ ورنہ اس صندوق میں حضرت ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ اور سلیمان علیہم السلام وغیرہ کی صورتیں بھی ہیں۔ میں نے پوچھا تمہیں یہ صورتیں کہاں سے حاصل ہوئیں؟ اس نے کہا حضرت آدم علیہ السلام نے خدا سے درخواست کی تھی کہ تمام انبیاء اور ان کی اولاد کو دکھا دے تو حق تعالیٰ نے یہ صورتیں ان کے پاس بھیجیں۔ یہ سورج کے غائب ہونے کی جگہ حضرت آدم کے خزانہ میں رکھی ہوئی تھیں۔ حضرت ذوالقرنین نے مغرب شمس سے انھیں نکالا اور حضرت دانیال کے سپرد فرمایا۔

زبور کی بشارتیں: ''زبور کے چوالیس ویں باب میں حق تعالیٰ نبی آخر الزماں ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے فرماتا ہے: **فَاضَتِ النِّعْمَةُ مِنْ شَفَتَيْكَ** آپ کے دونوں ہونٹوں سے دنیا و آخرت کی نعمتیں فائض ہیں **مِنْ اَجَلِ هٰذَا بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ اِلَى الْاَبَدِ** اس کے لیے حق تعالیٰ نے آپ کو ابد تک برکت دی''۔

لفظ فائض فیض سے بنا ہے۔ اور صراح میں فیض کے معنی خبر کا پھیل جانا، پانی کا کثرت سے ہونا، ندی میں لباب ہو کر پانی کا بہنا اور پانی کا بہانا ہے۔ اور حدیث مستفیض کے معنی ہیں حدیث کا بہت زیادہ پھیل جانا۔ اور فیاض کے معنی جوانمرد اور بہت زیادہ بخشش کرنے والے کے ہیں۔

تَقَلِّدْ يَرَ اَيُّهَا الْجَبَّارَ السَّيْفَ یعنی اے بزرگ اپنی شمشیر کو گردن میں حمائل کر و شکستہ بندوں کے کام سنوارو۔

(جبار ایسے بلند درخت کو کہتے ہیں جس تک کسی کا ہاتھ نہ پہنچے۔ نخلہ جبارہ کے معنی ہیں کھجور کا بہت اونچا درخت) **فَاِنَّ شَرَائِعَكَ وَسُنَّتَكَ مَقْرُوْنَةٌ بِهَيْبَتِهٖ يَمِيْنِكَ.** یعنی بلاشبہ آپ کی شریعت و حکمت اور آپ کی سنت آپ کے داہنے ہاتھ کی بزرگی کے ساتھ پیوست ہیں **سَهَامُكَ مَسْنُوْنَةٌ** اور آپ کے تیر تیز کیے ہوئے ہیں۔ **وَجَمِيْعُ الْاُمَمِ يَخِرُّوْنَ تَحْتَكَ.** اور ساری امتیں آپ کے تحت سرنگوں اور خمیدہ ہیں''۔

اس فرمودہ سے مراد سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ ہیں اور وہ نعمت جو آپ کے دونوں لبہائے شیریں سے رواں ہے وہ کلام ہے جو آپ فرماتے ہیں اور وہ کتاب قرآن مجید ہے جو آپ پر نازل کی گئی ہے۔ اور سنت سے وہ عمل مراد ہے جسے آپ نے کیا ہے۔ اور ''گردن میں اپنی تلوار کا حمائل کرنا'' یہ قول دلالت کرتا ہے کہ وہ نبی آخر الزماں عربی ہیں کیونکہ عرب کے ماسوا کسی امت میں تلوار گردن میں حمائل نہیں کی جاتی۔ گردن میں تلوار کا حمائل کرنا اہل عرب سے مخصوص ہے اور یہ کہ آپ کی شریعت اور آپ کی سنت آپ کے داہنے ہاتھ کی بزرگی کے ساتھ پیوست ہے۔'' یہ نص صریح ہے کہ آپ صاحب شریعت و سنت ہیں تو وہ نبی اپنی تلوار کے ساتھ مبعوث ہوتا ہے اور لوگوں کو تلوار سے درست کر کے حق پر مستحکم کرتا ہے۔ اور ان کو تلوار کے ذریعہ کفر سے نکالتا ہے۔ ﷺ۔ نیز زبور میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں تضرع و زاری کے ساتھ مناجات کی کہ

''اے رب! سنت کے ظاہر کرنے والے کو بھیج تا کہ لوگ جان لیں کہ مسیح بشر ہیں''۔

یہ خبریں حضرت مسیح علیہ السلام اور حضور سیّدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے دنیا میں تشریف لانے سے پہلے ان کے حال کے اظہار میں ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اے خدا! محمد ﷺ کو بھیج تا کہ لوگوں کو معلوم کرائیں اور وہ پڑھیں کہ حضرت مسیح بشر ہیں الٰہ یعنی خدا نہیں ہیں گویا حضرت داؤد علیہ السلام کو معلوم ہو گیا کہ لوگ حضرت مسیح کے بارے میں دعوئے الوہیت کریں گے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کا حضور ﷺ کے ذکر و بیان کے سلسلے میں مذکور ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے (اس نبی آخر الزماں) کو راستی و درستی اور کردار و گفتار میں برگزیدہ فرمایا ہے۔ اور انہیں اور ان کی امت کو بزرگی و کرامت عطا فرمائی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں فیروزمندی

عطا فرمائی ہے۔اور اللہ تعالیٰ نے ان کی امت کو ایسی کرامت مرحمت فرمائی ہے کہ وہ خواب گاہوں میں خدا کی تسبیح کرتے ہیں۔اور بلند آوازوں سے تکبیر کہتے ہیں۔ان کے ہاتھوں میں تیز تلواریں ہیں تاکہ وہ خدا کی طرف سے ان لوگوں سے بدلہ لیں جو خدا کی عبادت نہیں کرتے اور اس زمانے کے بادشاہوں کو مقید کرتے اور ان کے عزت داروں کے گلے میں طوق ڈالتے ہیں۔''

ایک اور بات زبور میں ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے ''صیہون'' سے (صیہون سے مراد مکہ مکرمہ ہے) تاج مرصع محمود کا ظاہر ہونا مقرر فرمایا ہے۔تاج سے مراد عطا کردہ ریاست وامامت اور محمود سے مراد محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

ایک اور میں ہے کہ ''وہ مالک ہوگا۔اور جود وسخا کرے گا۔دریا سے دریا تک اور نہروں سے زمین کے آخری کنارے تک اور ان کے روبرو اپنے زانوؤں پر اہل جزائر بیٹھیں گے۔ان کے سب دشمن مٹی کو اپنی زبان سے چاٹیں گے۔سلاطین زمانہ اپنے مصاحبوں کے ساتھ سجدہ کرتے ہوئے اور سر کو زمین پر رکھتے ہوئے حاضر ہوں گے۔اور ان کی امت کی فرماں برداری پر وہ عجز وانکسار کریں گے۔اور گردن جھکانے سے انہیں نجات دے گا۔وہ نبی غمزدہ ستم رسیدہ لوگوں کو اس شخص سے جو اس سے بہت زیادہ قوی ہوگا رہائی عطا فرمائے گا۔اور ہر کمزور وناتواں کو جس کا کوئی مددگار نہ ہو وہ مدد فرمائے گا۔اور ضعفاء ومساکین پر مہربانی کرے گا۔اور ان پر ہر وقت درود بھیجا جاتا رہے گا اور ان کے لیے ہمہ وقت دعائیں کی جاتی رہیں گی۔اور ابدالآباد تک ہمیشہ ہمیشہ ان کے ذکر کا چرچا رہے گا''۔ ﷺ

صحائف انبیاء میں ذکر جمیل: وصل: جس طرح کتب ثلاثہ یعنی توریت' انجیل اور زبور میں سیّد عالم ﷺ کے اوصاف مذکور ہیں اسی طرح ہر نبی کے صحیفوں میں بھی آپ کے اوصاف مذکور ومسطور ہیں۔یہاں تک کہ ابوالانبیاء حضرت آدم علیہ السلام کے صحیفے میں بھی نقل کیے گئے ہیں۔چنانچہ حق تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ

''میں مکہ کا خداوند ہوں۔اس کے رہنے والے میرے ہمسایہ ہیں اور خانہ کعبہ کی زیارت کرنے والے اور وہاں تک پہنچنے والے میرے مہمان ہیں۔اور وہ میری عنایت وحمایت کی پناہ اور سایہ میں ہیں اور میری حفاظت ورعایت میں ہیں اور زمین وآسمان والوں سے اسے معمور کروں گا اور جوق در جوق جماعتیں بکھرے ہوئے اور گرد آلود بالوں سے لبیک پکارتے' تکبیر بلند آواز سے کرتے۔آنکھوں سے آنسو بہاتے آئیں گے۔اور جو بھی اس خانہ کعبہ کی زیارت کو آئے گا اس کا مقصود بیت اللہ کی زیارت اور میری خوشنودی ورضا کے سوا کچھ نہ ہوگا۔کیونکہ میں ہی صاحب خانہ ہوں' گویا کہ ایسا ہوگا کہ اس نے میری ہی زیارت کی وہ میرا مہمان ہوگا۔اور میرے کرم کے لائق ومستحق ہونے کا یہ مطلب ہے کہ میں اس کی تکریم کروں گا اور محروم نہ چھوڑوں گا۔اور اس خانہ کعبہ کا انتظام تیرے فرزندوں میں سے اس نبی کے سپرد کروں گا۔جسے ابراہیم کہیں گے۔اس کے ذریعہ خانہ کعبہ کی بنیادوں کو اونچا کراؤں گا اور اس کے ہاتھ سے اسے تعمیر کراؤں گا۔اور اس کے لیے زمزم کا چشمہ نکالوں گا۔اور اس کی حرمت وحل اس کی میراث میں دوں گا۔اور اس کے مشاعر کو اس کے ہاتھ سے آشکارا کروں گا۔(مشاعر سے مراد مشعر الحرام اور نشانات ہیں) پھر حضرت ابراہیم کے بعد ہر زمانہ میں لوگ اسے آباد رکھیں گے۔اور اس کی طرف قصد وارادہ رکھیں گے۔یہاں تک کہ نوبت بہ نوبت تیرے فرزندوں میں سے اس نبی تک پہنچے گی جسے محمد ﷺ کہیں گے۔وہ سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے ہوں گے۔اور اسی نبی کو میں اس کے گھر کے رہنے والوں' منتظموں' متولیوں اور حاجیوں میں بزرگ تر بناؤں گا۔جو بھی میرا متلاشی اور میرا چاہنے والا ہو۔اسے لازم ہے کہ وہ اس جماعت کے ساتھ ہو۔جن کے بال بکھرے ہوئے گرد آلود ہیں جو خدا کے حضور اپنی منتوں اور نذروں کو پورا کرتے ہیں۔

صحیفہ ابراہیم میں ذکر جمیل: حضرت ابراہیم خلیل اللہ صوالت اللہ تعالیٰ وسلامہٗ کے صحیفہ میں ہے کہ ''اے ابراہیم میں نے تمہاری دعا تمہارے فرزند حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے حق میں قبول فرمائی ہے۔میں نے ان پر اور ان کی اولاد پر برکتیں جاری فرمائیں۔اور

ان میں سے ایک ایسا فرزند عالم وجود میں لاؤں گا جو معظم ومکرم ہوگا۔ جن کا اسم گرامی محمد ﷺ ہوگا۔ وہ میرے برگزیدہ اور مبعوث شدہ ہوں گے۔ اوران کی امت بہترین امت ہوگی۔''

کتاب حبقوق میں ذکر جمیل: حضرت حبقوق ایک نبی تھے جو حضرت دانیال نبی کے ہم زمانہ تھے۔ (علیہما السلام) ان کی کتاب میں مذکور ہے کہ

جَآءَ اللّٰهُ مِنَ التَّيْمٰنِ وَالتَّقْدِيْسِ مِنْ جِبَالِ فَارَانَ وَامْتَلَاتِ الْاَرْضُ مِنْ تَحْمِيْدِ اَحْمَدَ وَتَقْدِيْسِهٖ وَمَلَكَ الْاَرْضَ وَرِقَابَ الْاُمَمِ. لَقَدِ انْكَشَفَتِ السَّمَآءُ مِنْ بَهَاءِ مُحَمَّدٍ وَّامْتَلَأَتِ الْاَرْضُ مِنْ حَمْدِهٖ

اللہ تعالیٰ نے برکت وپاکی کے ساتھ فاران کے پہاڑوں پر جلوہ فرمایا اور زمین کو احمد کی مدحت وثنا اور اس کی تقدیس سے بھر دیا جو کہ زمین اور امتوں کی گردنوں کا مالک ہے۔ بلاشبہ محمد ﷺ کی خوبیوں سے آسمان مجلّٰی ہوا اور اس کی مدحت سے لبریز ہوگئی۔

اور یہ بھی آیا ہے کہ:

يُضِئُ بِنُوْرِهِ الْاَرْضُ وَيَحْمِلُ خَيْلُهُ فِي الْبَحْرِ.

ان کے نور سے زمین روشن ہوگئی اور ان کے گھوڑے سمندر میں دوڑیں گے۔

اور حضرت حبقوق کے کلام میں یہ بھی ہے کہ:

ضَنَزَعَ فِيْ فِيْكَ اِغْرَاقًا وَتَرْتَوِيْ السِّهَامُ بِاَمْرِكَ يَا مُحَمَّدُ اَرْتِوَاءً.

بہت جلد آپ کے کمان میں سخت تیر کھینچے جائیں گے۔ اور خوب سیراب ہوں گے تیر آپ کے حکم سے۔

یہ عبارت حکم میں مبالغہ اور کام کے انجام کی انتہا تک پہنچنے کی طرف کنایہ ہے اور اس طرف اشارہ ہے کہ آپ کے عہد مبارک میں دین وملت کے کام کمال واتمام تک پہنچیں گے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ الخ

یعنی میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا۔ اور تم پر اپنی نعمتیں تمام فرما دیں۔

حضرت وہب بن منبہ سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے کتب قدیمہ میں پڑھا ہے کہ حق تعالیٰ یہ قسم ارشاد فرماتا ہے:

''مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہے کہ میں عرب کے پہاڑوں پر اپنے نور کو نازل فرماؤں گا جس سے مشرق ومغرب کا درمیان نور سے پرنور ہو جائے گا۔ اور اولاد اسمٰعیل میں سے ایک نبی عربی وامی پیدا فرماؤں گا جس پر آسمان کے ستاروں کی گنتی اور زمین پر جتنی روئیدگی ہے ان کے برابر لوگ ایمان لائیں گے۔ اور میری ربوبیت اور اس کی رسالت پر سب ایمان لائیں گے۔ اور اپنے باپ دادا کی ملتوں سے نفرت کرتے ہوئے نکلیں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے خدا پاکی ہے تجھے اور تیرے اسماء پاک ہیں۔ بلاشبہ تو نے اس نبی آخر الزماں کو بڑی ہی عزت وشرافت سے نوازا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ آیا۔ میں دنیا وآخرت میں اس کے دشمنوں سے انتقام وبدلہ لوں گا۔ اور تمام دعوتوں پر ان کی دعوت کو ظاہر وغالب کروں گا۔ جو ان کی شریعت کی مخالفت کرے گا میں اسے ذلیل وخوار کروں گا۔ وہ شریعت ایسی ہے جسے عدل سے آراستہ کیا ہے۔ اور عدل وانصاف کے قیام کے لیے ہی اس شریعت کو لاؤں گا۔ قسم ہے مجھے اپنی عزت کی، میں تمام امتوں کو ان کے وسیلہ سے آتش دوزخ سے نجات دوں گا۔ اور دنیا کا آغاز میں نے ابراہیم سے کیا اور محمد ﷺ پر اسے ختم کروں گا اب جو کوئی ان کا زمانہ پائے اور ان پر ایمان نہ لائے اور ان کی شریعت کی پیروی نہ کرے تو اس سے خدا بیزار ہے''۔

صحیفہ شعیا علیہ السلام میں ذکر جمیل: وصل: حضرت شعیاء علیہ السلام کے صحیفوں میں حضورِ انور ﷺ کا ذکر مبارک اس طرح مذکور ہے کہ ''حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ وہ بندہ میرا محبوب ہے کہ میں اس سے خوش ہوتا ہوں وہ میرا مختار ہے کہ وہ مجھ سے خوش ہوتا ہے۔ میں اس پر اپنی روح کا افاضہ کرتا ہوں اور فرمایا۔ میں اپنی وحی اس پر نازل کرتا ہوں تو امتوں پر اس کا عدل ظاہر ہوتا ہے وہ ایسا بندہ ہے جو قہقہہ نہیں لگاتا۔ اور نہ بازاروں میں اس کی آواز سنی جاتی ہے۔ وہ بندہ اندھی آنکھوں کو بینائی بخشتا' بہرے کانوں کو کھولتا اور مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے۔ میں اس کو وہ دوں گا جو میں نے کسی کو نہیں دیا۔ وہ بندہ احمد ہے کہ وہ اپنے رب کی تازہ حمد بجالاتا ہے۔ کوئی اسے کمزور نہ کر سکے گا اور نہ اسے مغلوب بنا سکے گا۔ وہ اپنی خواہش کی پیروی نہیں کرتا اور وہ نیکوکار' صلحاء جو کلک کی مانند کمزور و ناتواں ہیں ان کو وہ ذلیل و خوار نہیں جانتا۔ وہ صدیقوں کو قوی بناتا ہے وہ تواضع و انکساری کرنے والوں کا رکن ہے وہ خدا کا نور ہے جسے ہرگز کوئی نہ بجھا سکے گا۔ اس کے ذریعہ میری حجت' ثابت و برقرار ہوتی ہے۔ اور اس کے ذریعہ عذر منقطع ہوتا ہے اور اس کی توریت یعنی تلاوت قرآن سے جن و انس اطاعت گزار بنتے ہیں۔ (اس جگہ توریت سے مراد اس کتاب کی تلاوت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی توریت کا قائم مقام ہے یعنی قرآن پاک) نیز حضرت شعیاء نبی علیہ السلام کے ذکر میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

''اے محمد ﷺ میں وہ خدا ہوں جس نے تمہیں حق کے ساتھ عظیم و قوی بنایا اور تمہیں ایسا نور بنایا جس سے تم امتوں کی اندھی آنکھوں کو بصارت عطا فرماؤ گے۔ اور تم ایسی دلیل ہو جس سے تم نفس و ہوا کے قیدیوں کو تاریکیوں سے نور کی طرف لے جاؤ گے۔''

نیز حضرت شعیاء علیہ السلام کی کتاب میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فرمایا:

''اے شعیاء اٹھ اور دیکھ اور جو کچھ نظر آئے اس کی لوگوں کو خبر دے تو میں اٹھا اور دیکھا کہ دو سوار سامنے سے آ رہے ہیں۔ ایک گدھے پر سوار ہے اور دوسرا اونٹ پر۔ ایک سوار دوسرے سے کہتا ہے گرا دو بابل کو اور ان بتوں کو جو انہوں نے تراش رکھے ہیں''۔

ابن قتیبہ جو کہ علماء امت میں سے ہیں اور کتب سماوی کے زبردست عالم اور محقق ہیں فرماتے ہیں کہ گدھے پر سوار ہونے والے حضرت مسیح ابن مریم علیہم السلام مراد ہیں جس پر تمام نصاریٰ کا اتفاق ہے تو لامحالہ اونٹ پر سوار شخص' حضور سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ ہیں اس لیے کہ بابل کا سقوط اور وہاں کے بتوں کی شکستگی آپ ہی کے دست مبارک سے ہوئی ہے نہ کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے ہاتھ سے۔ کیونکہ اقلیم بابل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے ہمیشہ ہی وہاں کے بادشاہ بتوں کی پرستش کرتے رہے ہیں۔ اور یہ کہ حضورِ اکرم ﷺ کی اونٹ پر سواری اور حضرت مسیح علیہ السلام کی گدھے پر سواری بہت زیادہ مشہور ہے۔

اور حضرت شعیاء علیہ السلام کی کتاب میں مذکور ہے کہ

''آل قیدار کی محلات سے جنگلوں اور شہروں کو بھر دیں گے' وہ تسبیح کریں گے اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر اذانیں دیں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو حق سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت و بزرگی بیان کریں گے اور بحر و بر اور ہر خشکی و تری میں خدا کی پاکی اور اس کی تسبیح کو پھیلا دیں گے۔ اور زمین کے آخری کنارہ سے غلغلۂ تکبیر بلند کرتے تیزی کے ساتھ آئیں گے اور اپنے پاؤں کو ماریں گے جس طرح گل کاری کرنے والا مٹی کو پاؤں سے گوندھتا اور کوٹتا ہے۔''

اس سے مراد یہ ہے کہ وہ محبت کے ساتھ آئیں گے اور ان کا تیزی کے ساتھ آنا۔ حج کے لیے بسرعت آنا' آواز بلند کرنا' تلبیہ یعنی لبیک کہتے ہوئے آنا۔ اور طواف میں رمل یعنی اکڑ کر چلنا مراد ہے۔ ابن قتیبہ فرماتے ہیں کہ آل قیدار سے مراد اہل عرب ہیں اس لیے کہ

باجماع، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے پوتے کا نام قیدار ہے۔ ابن قتیبہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت شعیاء کی کتاب میں مکہ مکرمہ خانہ کعبہ اور حجر اسود کا بھی ذکر ہے کہ وہ حجر اسود کا استیلام یعنی بوسہ دیں گے حضرت شعیاء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا آگاہ رہو میں صیہون یعنی مکہ مکرمہ میں اپنا گھر (بیت اللہ) بنانے والا ہوں۔ جس کے گوشہ میں حجر اسود ہے۔ اور اسے عظمت و کرامت دی گئی ہے۔ اسے بوسہ دیا جائے گا۔ اور حق تعالیٰ نے مکہ سے ارشاد فرمایا: اے عاقر (یعنی بانجھ) تو خوش ہو اور تسبیح کے ساتھ گویائی کر کہ تیرے اہل (یعنی ماننے والے) میرے اہل سے زیادہ ہوں گے۔ اپنے اہل سے مراد اہل بیت مقدس بنی اسرائیل لیا ہوگا اور مکہ کے حج و عمرہ کرنے والے ان سے زیادہ ہوں گے۔ اور یہ کہ حق تعالیٰ نے مکہ کو عاقر یعنی بانجھ سے تشبیہ دی ہے۔ بایں وجہ کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے پہلے اس میں کوئی آباد نہ تھا۔ اور نہ وہاں کوئی کتاب ہی نازل ہوئی۔ بخلاف بیت المقدس کے کہ وہاں بکثرت انبیاء علیہم السلام ہوئے۔ اور وہ مہبط وحی رہا۔ نیز کتاب شعیاء میں ہے کہ حق تعالیٰ نے مکہ سے فرمایا: قسم ہے مجھے اپنی ذات کی جیسا کہ مجھے قسم تھی حضرت نوح کے زمانہ میں کہ میں نے اہل زمین کو طوفاں سے غرق کیا اس طرح اب تیرے لیے مجھے اپنی ذات کی قسم ہے میں تجھ سے کبھی بھی ناراض نہ ہوں گا۔ اور نہ کبھی تجھے چھوڑوں گا۔ جب تک کہ تمام پہاڑ اپنی جگہ سے نہ جائیں اور اس کے قلعے پست نہ ہو جائیں۔ اس وقت تک اپنی نعمتیں تجھ سے زائل نہ کروں گا۔ اے مسکینہ تو آگاہ رہ کہ میں تیری بنیادوں کو پتھر اور گچ سے بناؤں گا۔ اور تجھے زر و جواہر سے آراستہ کروں گا۔ اور تیری چھت کو آبدار موتیوں سے اور تیرے دروازوں کو زبرجد سے سجاؤں گا۔ ظلم کو تجھ سے دور رکھا جائے گا۔ اور کسی اوزار سے جس کا بنانے والا تجھے نقصان پہنچائے اس سے خوف نہ رکھ۔ اٹھ اور روشن ہو کہ تیرے نور کے پہنچانے کا وقت قریب آ گیا ہے۔ خدا کی عظمت و توقیر تجھ پر ہے۔ خاتم الانبیاء ﷺ کے نور کے ظہور کی بشارت ہے۔ اسی طرح حرم شریف کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے کہ بھیڑیا اور بکری ایک جگہ چریں گے۔ اور اس کی راہوں کے بارے میں ہے کہ راہوں کی عظمت و بزرگی اتنی زیادہ ہے کہ تحریر و بیان سے باہر ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ کے صفات و احوال کتب متقدمہ میں اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ اس میں کوئی اخفا و اشتباہ نہیں ہے۔ بجز اس کے کہ اعداء دین آپ کے نام نامی کو بدل دیں یا تحریف کر دیں۔ اس کے باوجود دلائل و شواہد روشن و ظاہر ہیں۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِؤُا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ — یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے پھونکوں سے بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا ہی کرتا ہے خواہ کافر کتنا ہی برا مانیں۔

صلّی اللہ علی سید الاولین والآخرین وخاتم الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین.

بشارات پر مشتمل چند روایات: وصل: اجمال کے ساتھ معلوم ہو گیا کہ سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کا ذکر شریف گذشتہ آسمانی کتابوں میں موجود و مذکور ہے۔ اور اہل کتاب کو اس کا علم قطعی اور یقینی حاصل تھا۔ اور انہوں نے حسد و عناد اور غلبۂ شقاوت و بدنصیبی سے راہ انکار و ارتداد اور طریقہ استبعاد اختیار کر کے تحریف اور تغیر و تبدل میں مبتلا ہو گئے۔ مناسب ہوگا کہ اس جگہ ان حکایتوں اور روایتوں کا ذکر کر دیا جائے جو ان کے بغض و عناد اور حسد و ارتداد پر مشتمل ہیں۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اپنے والد مالک بن سنان سے جو شہداء اُحد میں سے ہیں روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک دن بنی عبدالاشہل کے پاس بات چیت کی غرض سے آیا۔ ان دنوں ہم نے یہودیوں سے صلح کر رکھی تھی۔ وہاں میں نے یوشع یہودی کو کہتے سنا کہ اب اس نبی کے ظہور کا زمانہ نزدیک آ گیا ہے۔ جس کا نام احمد ﷺ ہے۔ وہ حرم مکہ سے ظاہر ہوں گے۔ اور اس شہر یعنی مدینہ میں ہجرت کر کے آئیں گے۔ پھر میں اپنی قوم کی طرف لوٹا۔ میں نے یوشع سے جو سنا تھا اس پر تعجب کرتا تھا۔ میں نے اپنی قوم کے ایک شخص کو یہ بات سنائی اس نے کہا یہ بات تنہا یوشع ہی نہیں کہہ رہا ہے بلکہ یثرب کے تمام یہودی یہی بات کہہ رہے ہیں پھر میں

وہاں سے چل دیا۔اور بنی قریظہ (ایک قبیلہ کا نام ہے) کے یہاں آیا تو وہ سب بھی حضورِ اکرم ﷺ کا یہی تذکرہ کررہے تھے۔چنانچہ زبیر بن باطا نے کہا (یہ یہود کے روساء میں سے تھا۔) بلاشبہ وہ سرخ ستارہ طلوع ہو چکا ہے۔جو کسی نبی کے ظہور کے بغیر کبھی طلوع نہیں ہوتا۔اور کہا کہ اب کوئی نبی آنے والا نہیں ہے بجز احمد (مجتبےٰ ﷺ) کے اور یہ شہر یعنی یثرب ان کی ہجرت کا مقام ہے۔حضرت ابوسعید خدری فرماتے ہیں کہ جب حضور ہجرت کر کے مدینہ طیبہ رونق افروز ہوئے تو میں نے حضور سے یہ حکایت بیان کی۔حضور ﷺ نے فرمایا اگر زبیر اور اس کے ساتھی رؤسائے یہود اسلام لے آتے تو سارے یہودی مسلمان ہو جاتے۔کیونکہ وہ سب اس کے تابع تھے۔

حدیث: قتادہ سے مروی ہے کہ جب یہودی کفار عرب کی جنگوں میں فتح وکامیابی کی دعائیں مانگتے تھے تو اپنی دعاؤں میں کہتے تھے کہ اے خدا اس نبی اُمی کا ظہور فرما جن کا ذکر ہم توریت میں پاتے ہیں۔تاکہ ان کافروں کو سزا دیں اور ان کے ساتھ ہو کر انہیں قتل کر دیں ان کی یہ روش اس بنا پر تھی کہ ان کا گمان تھا کہ وہ نبی آخر الزماں ان کی جنس یعنی بنی اسرائیل میں سے ظاہر ہوگا اور جب ان کی جنس کے سوا یعنی بنی اسمٰعیل میں مبعوث ہوئے تو حسد کرنے لگے اور کفر وانکار کے درپے ہو گئے۔

حدیث: حضرت مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے کہ وہ مقوقس بادشاہ کے پاس گئے اس نے ان سے کہا محمد ﷺ نبی ورسول ہیں۔اگر وہ قبط (مصر) یا روم میں ہوتے تو سب ان کی پیروی کرتے۔مغیرہ کہتے ہیں اس کے بعد میں نے اسکندریہ میں اقامت اختیار کی۔اور کوئی کنیسہ (گرجا) ایسا نہ چھوڑا جہاں میں نہ گیا ہوں۔میں نے قبط وروم کے تمام اسقفوں یعنی ان کے مذہبی پیشواؤں سے پوچھا کہ جو کچھ تم نے اپنی کتابوں میں حضورِ اکرم ﷺ کی صفتیں پائی ہیں بیان کرو۔وہاں ان کا ایک بڑا اسقف یعنی مذہبی پیشوا تھا۔لوگ اس کے پاس اپنے بیماروں کو لاتے اور وہ ان کے لیے دعا کرتا۔میں نے ان سے پوچھا کہ انبیاء میں سے کوئی نبی ایسا باقی ہے جو آنے والا ہو۔اور وہ ابھی تک نہ آیا ہو۔اس نے کہا ہاں! وہ آخری نبی ہیں۔ان کے اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے۔صرف وہی نبی ہے بلاشبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہمیں ان کے اتباع کا حکم فرمایا ہے۔وہ نبی عربی اُمی ہے ان کا نام احمد ہے نہ دراز قد ہے نہ کوتاہ قد۔اس کی دونوں آنکھوں میں سرخی ہے نہ سفید رنگ ہے نہ سیاہ رنگ ہے۔اس کے بال گچھے دار ہیں۔وہ سخت وکھردرا لباس پہنتا ہے اور کھانے میں جو مل جائے اسی پر قناعت کرتا ہے۔اس کے کندھے پر تلوار ہے اور جو بھی اس کے مقابل آئے اس سے وہ خوف نہیں کرتا۔قتال میں وہ پہل نہیں کرتا۔اس کے اصحاب ہوں گے جو اپنے آپ کو اس پر فدا کریں گے۔وہ اپنے آباء وفرزندان سے کہیں بڑھ کر ان سے محبت رکھیں گے۔ان کا ظہور اس مقام میں ہوگا' جہاں ''سلم'' کے درخت ہیں۔وہ ایک حرم سے نکلیں گے اور دوسرے حرم کی طرف ہجرت کریں گے۔وہ زمین شور سے نخلستان کی طرف ہجرت کرے گا۔اور پنڈلی کے درمیان پر تہبند پہنے گا۔اور اعضاء کے کناروں کو دھوئے گا۔(یعنی وضو کرے گا) اور اس میں ایسی خاص صفتیں ہوں گی جو کسی نبی میں نہیں ہیں۔ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہے مگر وہ سارے جہاں کے لیے مبعوث ہوں گے۔اور ساری زمین اس کے لیے سجدہ گاہ بنادی جائے گی۔اور زمین کو پاک کرنے والا جہاں بھی نماز کا وقت آئے وہیں مٹی سے (اگر پانی موجود نہ ہو یا قدرت نہ ہو تو) تیمم کر کے نماز ادا کرے گا۔پھر جب مغیرہ اس سفر سے واپس آئے تو اسلام لے آئے۔اور رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کو جو کچھ سنا تھا اس کی خبر دی۔

حدیث: سعید بن زید سے مروی ہے کہ ان کے باپ زید بن عمرو دین کی تلاش میں نکلے تو وہ موصل میں ایک راہب کے پاس پہنچے۔راہب نے زید سے پوچھا: کہاں سے آرہے ہو؟ زید نے کہا بیت ابراہیم یعنی خانہ کعبہ سے۔اس نے کہا کس جستجو میں ہو۔زید نے کہا دین کی تلاش میں ہوں۔اس نے کہا واپس ہو جاؤ۔قریب ہے کہ وہ ظاہر ہو تمہاری زمین پر۔جس کی تم تلاش میں ہو۔اس لیے زید بن عمرو بن نفیل کو زمانہ جاہلیت کا موحد کہتے ہیں۔یہ مشرکوں کے ذبح کردہ جانوروں کا گوشت نہ کھاتے تھے اور توریت کو اپنی قوم پر نہ

پڑھتے تھے۔ان کا تذکرہ صحیح بخاری میں بھی ہے۔

حدیث: سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو ایک مرد کے جنت میں داخل کرنے کے لیے بھیجا۔اس مقولہ کا اصل قصہ یہ ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز ایک یہودی کے کنیسہ میں تشریف لے گئے وہاں ایک یہودی کو دیکھا کہ وہ اپنی قوم کو توریت پڑھ کر سنا رہا ہے۔ جب وہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت پر پہنچا تو خاموش ہو گیا اور پڑھنے سے رک گیا۔ پھر وہ بیمار بچوں کی مانند بڑبڑایا اور اس نے جا کر توریت لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت پڑھی اور کہنے لگا یہ آپ کی صفت ہے۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ. اسی کلمہ پر اس نے جان دے دی۔اس کے بعد حضور نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اپنے بھائی کی تجہیز و تکفین کرو۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جب طائف کے بادشاہ تبع نے مدینہ پر چڑھائی کی تھی اور اس نے اعلان کیا تھا کہ میں شہر مدینہ کو ویران کر دونگا۔اور اس کے رہنے والوں کو اپنے اس لڑکے کے انتقام میں قتل کر ڈالوں گا جسے انہوں نے فریب اور دھوکے سے قتل کیا ہے تو اس وقت سامول یہودی نے جو اس زمانے میں یہودیوں کا سب سے بڑا عالم تھا اس نے کہا اے بادشاہ! یہ وہ شہر ہے جس کی طرف نبی اسمٰعیل سے نبی آخر الزماں کی ہجرت ہوگی اور اس نبی کی جائے ولادت مکہ مکرمہ ہے اس کا اسم گرامی احمد ہے' یہ شہر اس کا دار ہجرت ہے۔اور اس کی قبر انور بھی اسی جگہ ہوگی۔ تبع یوں ہی واپس ہو گیا۔

محمد بن اسحاق کتاب مغازی میں نقل کرتے ہیں کہ تبع نے نبی آخر الزماں کے لیے ایک عالیشان محل تعمیر کرایا۔ تبع کے ہمراہ توریت کے چار سو علماء تھے۔ جو اس کی صحبت چھوڑ کر مدینہ منورہ میں اس آرزو میں ٹھہر گئے کہ وہ نبی آخر الزماں کی صحبت کی سعادت حاصل کریں گے۔اور تبع نے ان چار سو علماء میں سے ہر ایک کے لیے ایک ایک مکان بنوایا۔اور ایک ایک باندی بخشی اور ان کو مال کثیر دیا۔تبع نے ایک خط لکھا جس میں اپنے اسلام لانے کی شہادت دی۔اس خط میں چند شعر یہ تھے

شَهِدْتُّ عَلٰى اَحْمَدَ اَنَّهٗ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ بَارِى النَّسَمِ فَلَوْلَا عُمْرِىْ اِلٰى عُمَرِهٖ لَكُنْتُ وَزِيْرًا لَّهٗ وَابْنَ عَمِّ.

میں حضور احمد مجتبیٰ کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ بلاشبہ اس اللہ کی جانب سے رسول ہیں جس نے مٹی سے انسان کو پیدا کیا۔اگر میں آپ کے ظہور مبارک کے زمانہ تک زندہ رہا تو میں ان کا وزیر اور ابن عم ہوں گا۔

پھر تبع نے اپنے اس خط کو سر بہ مہر کر کے ان چار سو علماء کے سب سے بڑے عالم کے سپرد کر دیا اور وصیت کی کہ اگر وہ نبی آخر الزماں کو پائے تو یہ خط ان کی خدمت میں پیش کر دے ورنہ اپنی اولاد در اولاد کو اس وصیت کو پہنچاتے رہنا۔وہ مکان جو خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بنایا گیا تھا وہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم رنجہ فرمانے تک موجود رہا۔ کہتے ہیں کہ حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا وہ مکان جس میں حضور نے ہجرت کے بعد نزول اجلال فرمایا تھا وہی مکان تھا۔

روایت: بیان کرتے ہیں کہ زبیر بن بطا جو یہودیوں کا بڑا عالم تھا اس نے کہا کہ میرے باپ نے ایک خط جس میں احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر تھا مہر لگا کر مجھے دیا کہ وہ نبی ہیں جو زمین قرط میں ظاہر ہوں گے۔ان کی صفات یہ ہیں۔ پھر اس نے باپ کے مرنے کے بعد اس کا تذکرہ کیا۔ابھی حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث نہ ہوئے تھے۔مگر جب نے سنا کہ مکہ مکرمہ میں حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہو چکے ہیں تو اس نے اس خط کو تلف کر دیا۔اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وصفات کو چھپانے لگا۔

قبائل بنی قریظہ' نضیر' فدک اور خیبر کے یہودی اپنے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے پہلے سے تعریف و پہچان رکھتے تھے اور کہتے تھے کہ ان کی ہجرت مدینہ ہوگی۔اور جب حضورِ انور مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے تو وہ کہتے تھے کہ آج کی رات احمد مجتبیٰ پیدا ہو گئے اور ان کی ولادت کا ستارہ طلوع ہو گیا لیکن جب وہ مبعوث ہوئے تو وہ کافر و منکر ہو گئے۔ان کا یہ کفر و انکار محض سرکشی اور حسد و عناد کی بنا پر تھا۔

روایت: ہشام ابن عروہ اپنے باپ سے بروایت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ایک یہودی بغرض تجارت مقیم تھا۔ جب حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی رات آئی تو وہ یہودی قریش کی مجلس میں آ کر بیٹھا اور اس نے پوچھا آج کی رات کوئی بچہ تم میں پیدا ہوا ہے۔ قریش نے کہا ہمیں نہیں معلوم۔ اس نے کہا نہیں' اے قریشیو! جستجو و تلاش کرو جیسا کہ میں کہتا ہوں یقیناً آج کی رات وہ پیدا ہوا ہے۔ وہ اس امت کا نبی ہے اس کا نام احمد ہے۔ اور اس کے دونوں شانوں کے درمیان ایک نشان ہے جس میں بال ہیں۔ تو قریش اپنی مجلس سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اس یہودی کی بات پر حیرت و تعجب کرنے لگے۔ جب وہ اپنے اپنے گھروں میں آئے تو اپنے گھر والوں سے سنا کہ حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کے گھر ان کا فرزند پیدا ہوا ہے جس کا نام محمد رکھا گیا ہے۔ وہ یہودی کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہاں آج ہم میں ایک بچہ پیدا ہوا ہے۔ وہ یہودی ہماری خبر سنانے سے پہلے یا بعد میں کہنے لگا۔ مجھ کو اس بچے کے پاس لے چلو۔ وہ اس کو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس لے کر آئے اور حضورِ انور کو باہر لائے تو اس یہودی نے آپ کی پشت مبارک میں وہ نشان (مہر نبوت) دیکھا۔ اور بیہوش ہو کر گر پڑا۔ جب ہوش آیا تو قریش نے کہا افسوس تجھے کیا ہو گیا۔ اس نے کہا بنی اسرائیل سے نبوت جاتی رہی۔ اور ان کے ہاتھوں سے کتاب (توریت) نکل گئی۔ یہ مولود (بچہ) انہیں مارے گا اور ان کے احبار و علماء کو قتل کرے گا۔ اور عرب نے نبوت کو پا لیا' اے معشر قریش! تمہیں خوشی مبارک ہو۔ آگاہ رہو۔ خدا کی قسم! مشرق سے مغرب تک تمہارا غلبہ و دبدبہ ہو گا۔ اس حکایت کا کچھ آخری حصہ بھی ہے۔ جو انشاء تعالیٰ ذکر ولادت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں آئے گا۔

حدیث: سیّدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت مدراس میں تشریف لائے اور فرمایا تم میں جو سب سے زیادہ عقلمند ہے اسے میرے پاس لاؤ۔ تو وہ عبداللہ بن سوریا کو لائے۔ حضور نے اس نے تنہائی میں گفتگو فرمائی۔ اور فرمایا میں تجھے تیرے دین کی قسم دیتا ہوں اور اس نعمت کی جو بنی اسرائیل کو دی گئی۔ اور جو ''من وسلویٰ'' کہلایا۔ اور ان پر ابر کا سایہ کیا گیا کہ میں خدا کا رسول ہوں؟ اس نے کہا اللھم نعم' یعنی بارالہا ہاں! میں اور میری ساری قوم خوب جانتی ہے اور جو کچھ آپ کی تعریف و توصیف اور آپ کی خوبیاں ہیں میں جانتا ہوں وہ توریت میں واضح طور پر مرقوم ہیں۔ لیکن یہ قوم آپ پر حسد کرتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تجھے کس چیز نے باز رکھا ہے کہ ایمان نہیں لاتا۔ اور مسلمان نہیں ہوتا۔ اس نے کہا میں اپنی قوم کے خلاف چلنے کو اچھا نہیں جانتا۔ میں خواہش رکھتا ہوں وہ سب آپ کی متابعت کریں اور اسلام لائیں تو میں بھی مسلمان ہو جاؤں۔

حدیث: حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں ملک شام میں بصرے کے بازار میں موجود تھا کہ اچانک ایک صومعہ (عبادت خانے) سے کسی راہب کی آواز سنی وہ کہہ رہا تھا ان تاجروں سے دریافت کرو کیا تم میں کوئی اہل حرم یعنی مکہ کا باشندہ ہے۔ طلحہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کہا ہاں! میں وہاں کا باشندہ ہوں۔ اس نے کہا کیا مکہ میں احمد صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے ہیں۔ میں نے کا کون احمد؟ اس نے کہا وہ عبدالمطلب کے پوتے ہیں۔ یہی دن ہیں کہ وہ ان میں مبعوث ہوئے ہوں گے وہ آخری نبی ہیں ان کا جائے خروج' حرم ہے اور ان کی جائے ہجرت' خرمازار سنگستان اور زمین شور ہے جس کا نام یثرت ہے۔ حضرت طلحہ فرماتے ہیں کہ راہب کی بات نے میرے دل میں جگہ کر لی۔ پھر میں وہاں سے چل کر مکہ مکرمہ آیا۔ میں نے دریافت کیا۔ کیا کوئی حادثہ (نئی بات) یا سانحہ ہوا ہے۔ لوگوں نے کہا ہاں! محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعویٰ نبوت کیا ہے اور ابن ابی قحافہ یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کی متابعت قبول کر لی ہے۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ان سے راہب کی بات بیان کی اور کہا کیا تم نے اس شخص کی متابعت قبول کر لی ہے۔ انہوں نے فرمایا ہاں! پھر حضرت صدیق' طلحہ کو لے کر حضور کے پاس آئے اور انھوں نے متابعت کی۔

حدیث: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا جس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا

اوران کی نبوت مکہ میں مشہور ہوئی تو میں جانب شام نکل گیا اور جب بصرے پہنچا تو وہاں نصاریٰ کی ایک جماعت آئی اور مجھ سے پوچھنے لگی کیا تم حرم مکہ سے آئے ہو۔ میں نے کہا ہاں! وہ کہنے لگے کیا تم اس شخص کی صورت پہچانتے ہو۔ جس نے تم میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ میں نے کہا ہاں میں پہچانتا ہوں انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا۔ اور مجھے ایک ایسے عبادت خانے میں لے گئے جس میں بیشمار تصویریں اور تمثیلیں آویزاں تھیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا انھیں بغور دیکھو کیا ان میں اس کی شبیہہ ہے۔ جس نے تم میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے تو میں نے ایک ایک کر کے بغور نظر ڈالی لیکن ان تصویروں میں مجھے آپ کی شبیہہ نظر نہ آئی۔ پھر وہ مجھے اس سے بڑے عبادت خانے میں لے گئے۔ وہاں پہلے سے کہیں زیادہ تصاویر وتماثیل آویزاں تھیں۔ انھوں نے دیکھو کیا تمہیں ان میں ان کی مبارک صورت نظر آتی ہے۔ میں دیکھنے لگا۔ اچانک حضورِ اکرم ﷺ اور حضور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صورت وصفت نظر آئی۔ کہ ابوبکر صدیق، حضور کا زانوئے مبارک پکڑے ہوئے ہیں انہوں نے پوچھا کیا تمہیں ان کی شبیہہ نظر آئی۔ میں نے کہا ہاں! پھر میں نے دل میں کہا مجھے ابھی ان کی نشاندہی نہیں کرنی چاہیے تاکہ معلوم ہو جائے کہ وہ کیا کہتے ہیں۔ انھوں نے حضورِ اکرم ﷺ کی تعریف وصفت بیان کی۔ میں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ وہی ہیں۔ پھر انھوں نے مجھ سے پوچھا تم جانتے ہو وہ کون ہیں؟ جو آپ کا زانوئے مبارک پکڑے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا ہاں! میں گواہی دیتا ہوں وہ ان کے صحابی خاص اور ان کے بعد ان کے خلیفہ ہیں اور میں نے کہا لیکن میں ڈرتا ہوں کہیں قریش انہیں قتل نہ کر دیں۔ انہوں نے کہا: خدا کی قسم! وہ ان کو ہرگز قتل نہیں کر سکتے۔ وہ نبی آخر الزماں ہیں اللہ تعالیٰ انہیں سب پر غالب فرمائے گا۔ ﷺ

حدیث: حضرت صفیہ بنت حی بن اخطب یہودی سے جو کہ امہات المومنین میں سے ہیں۔ مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ جب حضورِ اکرم ﷺ نے قدم رنجہ فرمایا اور قبا میں قیام فرمایا تو میرے باپ حی بن اخطب اور میرے چچا ابو یاسر بن اخطب رات اندھیرے بوقت سحر حضور کے پاس گئے۔ پھر وہ نہ لوٹے۔ یہاں تک کہ شام ہوئی اور رات آ گئی۔ جب وہ گھر آئے تو میں نے دیکھا وہ انتہائی بوجھل، کسل منداور حد درجہ غم واندوہ میں تھے۔ جس کا میں اندازہ نہیں کر سکتی۔ وہ گھر میں آ کر پڑ گئے۔ میں چونکہ ان کے نزدیک اولاد میں سب سے زیادہ پیاری اور محبوب تھی تو اپنی دیرینہ عادت کے موافق ان کے سامنے آ گئی مگر وہ غم واندوہ کے بوجھ تلے اتنے شکستہ اور محزوں تھے کہ انہیں اتنی فرصت وطاقت نہ ہوئی کہ وہ میری طرف التفات کر سکتے۔ اسی حالت کے دوران میرے چچا نے میرے باپ سے پوچھا کیا یہ وہی ہیں؟ کیا یہ شخص وہی نبی آخر الزماں ہیں جن کی توصیف ہم توریت میں پڑھتے ہیں تو میرے باپ نے میرے چچا سے کہا ہاں یہ وہی ہیں۔ خدا کی قسم! یہ وہی ہیں، چچا نے پھر پوچھا کیا تم یقین سے جانتے ہو کہ وہی ہیں۔ میرے باپ نے کہا خدا کی قسم! یقین سے جانتا ہوں کہ یہ وہی ہیں اس نے کہا اپنے دل میں ان کی نسبت کیا پاتے ہو۔ محبت یا عداوت؟ اس نے کہا عداوت، واللہ جب تک میں زندہ ہوں اس کی عداوت میں برابر کوشاں رہوں گا۔ چنانچہ یہ دونوں حضورِ اکرم ﷺ کی عداوت میں شقی ازلی، اور گرفتار وبال ونکال ابدی ہو گئے۔ نعوذ باللہ من ذالك.

ان یہودیوں میں سے کچھ بد بخت وشقی حیلہ ونفاق کو دنیاوی ذلیل وحقیر مال کے جمع کرنے کا ذریعہ اور دنیاوی فانی زندگی کی حفاظت وصیانت کا وسیلہ بنا کر اسفل السافلین کے درجہ میں اتر گئے۔ اور ان ہی میں کچھ ایسے علماء واحبار بھی تھے جن کے اقبال کی پیشانی پر پہلے ہی سے ازلی رحمت وسعادت کے نقوش روشن تھے۔ انہوں نے اسلام لانے میں سبقت کی۔ اور دولت آخرت اور سعادت کو جمع کر لیا۔ جیسے حضرت عبداللہ بن سلام وغیرہ رضی اللہ عنہم۔ مخیریق۔ جو علمائے یہود میں نہایت عالم، تونگر اور بہت دانشمند تھا وہ حضورِ اکرم ﷺ کی صفات کو بھی خوب پہچانتا تھا۔ اور اس پر قائم تھا۔ روز احد میں اس نے اپنی قوم کو مخاطب کر کے کہا "اے معشر یہود! بخدا تم خوب جانتے

ہو کہ سیّدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی مدد ہم سب پر واجب ہے لہٰذا تم اس سعادت کے حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ یہودی کہنے لگے آج روز سبت یعنی ہفتہ کا دن ہے۔ اس نے کہا کوئی ہفتہ نہیں ہے۔ پھر انہوں نے اپنے ہتھیار اٹھائے اور نکل آئے اور ایمان لا کر وصیت کی کہ اگر آج میں مارا جاؤں تو میرا تمام مال ومنال حضورِ اکرم محمد رسول اللہ ﷺ کے لیے ہے۔ وہ جو چاہیں کریں اور جسے چاہیں عنایت فرمائیں۔

پھر وہ شہید ہو گئے۔ حضور نے ان کا تمام مال قبضے میں لے لیا۔ حضور کا عام صدقہ فرمانا اسی مال میں سے تھا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جو تین سو سال سے اور ایک روایت کے مطابق اس سے زیادہ عرصہ سے حضور ﷺ کی بعثت کی خبر سن کر روئے مقصود کو دیکھنے کے منتظر بیٹھے تھے۔ ان کا قصہ مشہور ہے۔

باب پنجم

ذکر فضائل مشترکہ مابین حضور وانبیاء کرام علیہم السلام ودیگر فضائل مختصّہ

حضور اکرم ﷺ کے کچھ فضائل تو آپ کے اور تمام انبیاء کرام صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین کے مابین مشترک ہیں اور کچھ فضائل وکمالات وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے صرف آپ کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور ان میں دنیا وآخرت میں کوئی نبی بھی آپ کا شریک وسہیم نہیں ہے۔ حق تبارک وتعالیٰ نے جواہر نفوس انسانیہ کو مختلف فرمایا ہے۔ بعض مرتبہ صفا کے انتہائی مقام وجودت وطہارت کے غایت درجہ میں ہیں۔ بعض متوسط ہیں اور بعض انتہائی کدورت اور غایت روایت میں ہیں۔ چنانچہ ہر قسم میں مراتب ودرجات جداگانہ ہیں۔ مگر انبیاء کرام علیہم السلام کے تمام نفوس قدسیہ سب سے زیادہ صاف وجید ہیں اور ان کے ابدان مبارکہ بھی جملہ نفوس بشری کے مقابلے میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ہر نقص وعیب سے محفوظ ومنزہ ہیں۔ باوجودیکہ یہ انبیاء کرام دائرہ کمال میں داخل اور اپنے غیر سے کامل وافضل ہیں مگر باہم ان کے درمیان بھی تفاوت وتفاضل ہے۔ اور حضور سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ ان سب سے از روئے مزاج اصح واعدل اور اسلم اور از روئے بدن اطہر ان سب سے ازکی واصفا ہیں۔ اور باعتبار روحانیت سب سے اکمل واتم ہیں۔ اور تخلیق کے لحاظ سے بھی ان سب سے لطیف تر اور اشرف ہیں۔ آپ کے افضل البشر، سید ولد آدم اور افضل الناس ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ انبیاء کرام کو از قسم کمالات وکرامات جو کچھ حاصل تھا وہ تمام یا اس کے مثل اور ان مخصوص فضائل وکمالات کے ساتھ جو خاص طور پر آپ کو حاصل ہیں دوسرا کوئی نبی آپ کو شریک وسہیم نہیں۔

حضرت آدم اور ہمارے نبی علیہما السلام: حضرت آدم علیہ السلام کو یہ فضیلت عطا فرمائی گئی کہ حق تعالیٰ نے انہیں اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور ان میں روح پھونکی گئی لیکن ہمارے نبی حبیب خدا ﷺ کو یہ کمال عطا فرمایا گیا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کے شرح صدر کا متولی وکارساز ہے۔ اور اس میں ایمان ورحمت رکھا اس طرح حق تعالیٰ آدم علیہ السلام کے خلق وجودی کا متولی ہوا اور ہمارے نبی حبیب خدا محمد رسول اللہ ﷺ کے خلق نبوی کا۔ اور آدم علیہ السلام کا سجود ملائک ہونا درحقیقت حضرت آدم کے جوہر روح میں نور محمدی ﷺ کو ودیعت کرنے کے سبب تھا۔ اور اس نور مبارک کو ان کی پیشانی میں تاباں کیا گیا۔ اور اس عظمت وشرافت سے حضور کو سرفراز کیا گیا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ بلاشبہ اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔

سجدہ کرنے میں حق تعالیٰ فرشتوں کے ساتھ شامل نہ تھا۔ کیونکہ بجائے خود حق سبحانہ وتعالیٰ پر یہ جائز نہیں ہے۔ لیکن سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے میں حق تعالیٰ فرشتوں کے ساتھ شامل ہے لامحالہ یہ فضیلت اشرف واتم واکمل واعلیٰ ہے۔ نیز فرشتوں کے سجدہ کرنے میں عظمت وشرافت زیادہ نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایک بار واقع ہوا۔ لیکن صلوٰۃ وسلام بھیجنے میں حق تعالیٰ کے رحمت کے انوار اور اس کے اسرار قدس کا افاضہ ہر زمانے میں نو بہ نو دایم ومستمر ہے اور اس میں مسلمانوں کو بھی اشتراک عمل کا حکم دیا گیا ہے۔

اب رہا حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے اسماء کا تعلیم فرمانا تو دیلمی، مسند الفردوس میں بروایت ابورافع حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے لیے میری امت کو اس وقت جب کہ وہ پانی ومٹی کے درمیان تھی متمثل کیا گیا۔ اور مجھے ان سب

کے اسماء تعلیم کیے گئے۔ لہٰذا جس طرح آدم علیہ السلام کو تعلیم اسماء ہوا۔ اسی طرح ہمارے حضور کو بھی ہوا۔ اس زیادتی و اضافہ کے ساتھ اور ذوات و مسمیات کا علم بھی دیا گیا۔ اور بلاشبہ اسماء سے مسمیات کا رتبہ بہت بلند و اعلیٰ ہے۔ اس لیے کہ اسماء مسمیات کے اظہار و بیان کے لیے ہیں اور مسمیات مقصود بالذات اور اسماء مقصود بالغیر ہے اور یہ کہ علم کی فضیلت اس کے معلوم کی فضیلت سے ہوتی ہے۔

حضرت ادریس اور ہمارے نبی علیہما السلام: حضرت ادریس علیہ السلام کی فضیلت میں حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا. ہم نے انہیں بلند مقام کی رفعت بخشی۔

اور ہمارے آقا سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کو معراج فرمائی گئی۔ اور آپ کے سوا کسی کو بھی ایسی رفعت نہ ملی۔

حضرت نوح اور ہمارے نبی علیہما السلام: اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ ان کے ذریعہ ایمانداروں کو غرقابی سے نجات ملی اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ آپ کی امت کسی آسمانی عذاب عام سے ہلاک نہیں کی جائے گی۔ جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ. اور نہیں اللہ تعالیٰ کہ انہیں عذاب فرمائے اور در آنحالیکہ آپ ان میں ہوں۔

امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ اپنی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی عزت افزائی فرمائی کہ ان کی کشتی کو پانی میں محفوظ رکھا۔ اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کا اکرام اس سے عظیم تر فرمایا کہ ایک روز حضور اکرم ﷺ نے ملاحظہ فرمایا کہ عکرمہ بن ابی جہل پانی کے کنارے بیٹھا ہوا ہے۔ عکرمہ نے کہا اگر آپ صادق ہیں تو دوسرے کنارے کے پتھر کو حکم دیجئے کہ وہ پانی پر تیرتا ہوا اس کنارے پر آجائے اور غرق نہ ہو۔ حضور نے ارشاد فرمایا: وہ پتھر اپنی جگہ سے اکھڑا اور تیرتا ہوا حضور کے سامنے آ گیا اور کھڑے ہو کر آپ کی رسالت کی شہادت دی۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا اے عکرمہ اب تم خوش ہو۔ اتنا کافی ہے۔ عکرمہ نے کہا اب اسے حکم دیجئے کہ اپنی جگہ واپس چلا جائے۔ حضور نے پھر اشارہ فرمایا اور پتھر پانی پر تیرتا ہوا اپنی جگہ واپس جا کر نصب ہو گیا۔ چنانچہ پتھر کا پانی پر تیرنا اور اس کا غرق نہ ہونا لکڑی کی کشتی کے پانی پر تیرنے اور غرق نہ ہونے سے زیادہ عجیب ہے۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور ہمارے نبی علیہما السلام: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ نمرود کی آگ ان پر سلامتی کے ساتھ سرد ہو گئی۔ اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ نے کافروں کی آتش جنگ سرد کی۔ جنگ کی آگ میں تلواریں اس کی لکڑیاں اور ایندھن اور اس آگ کی لپٹ موت ہوتی ہے۔ اسے سلگانے والی شے حسد اور اس میں جلنے والی چیزیں روح اور جسم ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ (یعنی جب بھی کافروں نے جنگ کی آگ بھڑکائی اللہ تعالیٰ نے اسے بجھا دیا) کافروں نے بہت چاہا کہ کفر کی آگ سے دین کے نور کو سرد کریں مگر اللہ تعالیٰ نے جو جبار و قہار بھی ہے ہر بار فرما دیا۔ اور اپنے نور کو مکمل و اتم فرما دیا۔ اور ان کی شرارت کی آگ کو بجھا دیا۔ چنانچہ فرمایا: يَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ یعنی اللہ انکار فرماتا ہے۔ مگر یہ کہ اپنے نور کو مکمل فرمائے اگرچہ کافروں کو برا معلوم ہو۔ اور یہ بھی مذکور ہے شب معراج حضور انور ﷺ نے دربائے آتش (کرہ نار) پر سے بہ سلامت گزر فرمایا۔

نسائی روایت کرتے ہیں کہ محمد بن حاطب نے بیان کیا کہ میں بچہ تھا میرے اوپر جوش مارتی ہوئی ہانڈی الٹ گئی جس سے میری تمام کھال جل گئی۔ میرے والد مجھے رسول خدا ﷺ کے پاس لے گئے تو آپ نے اپنا لعاب دہن مبارک جلی ہوئی جگہ پر لگایا اور دعا کی اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اے انسانوں کے رب اس کی تکلیف دور فرما۔ میں اسی وقت ایسا شفایاب ہوا گویا کہ مجھے کوئی تکلیف پہنچی ہی نہ تھی۔

مقام خلت ومحبت: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو مقام خلت عطا فرمایا اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کو مقام محبت مرحمت فرمایا۔ مقام محبت' مقام خلت سے عالی تر ہے۔

حبیب اس محبّ کو کہتے ہیں جو مقام محبوبیت تک پہنچا ہوا ہو۔ حضور اکرم ﷺ کو شفاعت عام سے خاص فرمانا اور اس مقام میں تکلم کی اجازت دینا آپ کی محبوبیت ہی کے زیر اثر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ آپ میں مقام خلت اور مقام محبت دونوں جمع تھے۔ آپ کا مقام خلت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مقام خلت سے اکمل وافضل ہے۔ یہ بحث باب ہشتم میں ''بیان تخصیص آنحضرت بفضائل آخرت'' کے ضمن میں آئے گی۔

شکست اصنام: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تبر سے بتوں کو توڑنے کی عزت مرحمت فرمائی تو ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ نے ایسے مضبوط و مستحکم بتوں کو جو خانہ کعبہ کی دیواروں میں نصب تھے۔ لکڑی کے اشارہ سے توڑا اور فرمایا: جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ حق آیا اور باطل فرار ہوا۔

تعمیر خانہ کعبہ: اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیل کو تعمیر خانہ کعبہ کی بزرگی سے نوازا تو ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ نے حجر اسود کو اپنے مقام میں نصب فرمایا (جیسا کہ قریش کا جھگڑا چکانے کے سلسلے میں یہ قضیہ مذکور ومشہور ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ: اَلْحَجَرُ الْاَسْوَدُ يَمِيْنُ اللّٰهِ یعنی حجر اسود خدا کا داہنا ہاتھ ہے۔ کیونکہ اسے اس طرح بوسہ دیا جاتا ہے۔ جس طرح کہ عہد و پیمان کے وقت داہنے ہاتھ کو بوسہ دیا جاتا ہے۔ قیامت کے دن حجر اسود کی آنکھ اور زبان ہوگی۔ آنکھ سے اپنے زیارت کرنے والوں کو پہچانے گا۔ اور زبان سے ان کی شفاعت کرے گا۔ لہٰذا تعمیر بیت اللہ میں حضور انور کا عمل مبارک' فعل ابراہیم علیہ السلام سے قوی تر اور کامل تر ہے۔

حضرت موسیٰ اور ہمارے نبی علیہما السلام: اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ معجزہ مرحمت فرمایا کہ ان کا عصا اژدھا بن جاتا تھا اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کو اس کی مانند یہ معجزہ مرحمت ہوا کہ: اُستنِ حنانہ (یعنی کھجور کا وہ تنا جس سے حضور ٹیک لگا کر خطبہ دیتے تھے۔ جب منبر بنا تو اسے علیحدہ کر دیا گیا) یہ استن حنانہ آپ کے فراق میں فریاد کرتا۔ اور بزبان فصیح روتا تھا۔ جیسا کہ اس کا قصہ معجزات کے باب میں آئے گا۔

امام فخر الدین رازی اپنی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ابوجہل لعین نے ارادہ کیا کہ حضور کو بڑا پتھر مار کر کچل دے۔ (معاذ اللہ) مگر اس نے دیکھا کہ حضور کے دونوں کاندھوں پر دو اژدھے ہیں وہ ڈر کر بھاگ گیا۔

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ید بیضا اور وہ چمک عطا فرمائی جس سے آنکھیں چندھیا جاتی تھیں۔

اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ سرتا بقدم مجسم نور تھے کہ دیدہ حیرت' آپ کے جمال باکمال سے خیرہ ہو جاتے تھے۔ اگر آپ بشریت کا نقاب نہ پہنے ہوتے تو کسی کے لیے تاب نظر اور آپ کے حسن کا ادراک ممکن نہ ہوتا۔ اور آپ کا جوہر نوری حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عبداللہ تک اصلاب طاہرہ اور ارحام طیبہ میں منتقل ہو کر آتا رہا۔

فائدہ: معجزہ: حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ جو کہ صحابہ کرام میں سے ہیں۔ ایک ابر وباراں کی اندھیری رات انہوں نے نماز عشا۔ حضور ﷺ کے ساتھ گذاری۔ حضور نے ایک کھجور کی ٹہنی ان کے ہاتھ میں دے کر فرمایا اسے لے جاؤ۔ یہ راستہ میں اردگرد دس دس گز روشنی دیگی۔ جب تم گھر پہنچو گے تو اس میں ایک کالا سانپ دیکھو گے۔ تم اسے مار کر پھینک دینا۔ رواہ ابونعیم۔

معجزہ: صحیح بخاری اور دیگر کتابوں میں مذکور ہے کہ حضرت عباد بن بشر اور اسید بن حضیر ایک اندھیری اور تاریک رات میں حضور ﷺ کی خدمت میں سے نکلے ان دونوں کے ہاتھوں میں لاٹھیاں تھیں۔ راستہ میں ان میں سے ایک کی لاٹھی روشن ہوگئی۔ یہ اس کی

روشنی میں چلتے رہے جب دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوئے تو دوسرے کی لاٹھی بھی روشن ہوگئی۔ حقیقت یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ خود عین نور تھے۔ اور نور آپ کے اسماء شریف میں سے بھی ہے۔

معجزہ: امام بخاری اپنی تاریخ اور امام بیہقی وابونعیم بروایت حمزہ اسلمی نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم حضورِ اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ جب اندھیری رات میں ہم حضور سے جدا ہوئے تو میری انگلیاں روشن ہوگئیں۔ اور اس کی روشنیاں باہم مل گئیں۔ اور کوئی ایک ہلاک نہ ہوا۔

معجزہ: حدیث میں آیا ہے کہ حضورِ انور ﷺ نے ایک صحابی کو ان کی قوم کو دعوت دینے کے لیے بھیجا۔ انہوں نے کسی نشانی کی درخواست کی۔ جو ان کے لیے حجت بنے۔ حضورِ انور نے اپنی انگشت مبارک کو ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ملا۔ اس جگہ سفیدی اور نور روشن ہوگیا۔ وہ صحابی عرض کرنے لگے مجھے ڈر ہے کہ لوگ اسے برص نہ خیال کرنے لگیں۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں آیا ہے۔ بَیْضَاءَ مِنْ غَیْرِ سُوْءٍ یعنی ایسی روشنی جو بے عیب ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے اس روشنی کو ان کے تازیانے (کوڑے) کی طرف منتقل فرمادیا۔ اب رہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کا پھٹ جانا تو ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کا چاند کے ٹکڑے فرمانا اس سے زیادہ عظیم ہے۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تصرف جہان آب وگل میں ہے اور آپ کا تصرف جہان سما پر ہے۔ ان دونوں کے درمیان فرق وامتیاز واضح ہے۔ روایتوں میں آیا ہے زمین وآسمان کے درمیان ایک دریا ہے۔ جسے ''مکفوف'' کہتے ہیں اور زمین کے دریا اس کے مقابلہ میں ایک قطرہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ دریا حضورِ اکرم ﷺ کے لیے پھاڑا گیا۔ اور حضور شب معراج اس میں سے گزرے۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلیے دریا پھاڑنے سے زیادہ عظیم ہے۔

قبول دعا: اب رہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس دعا کی قبولیابی جو فرعون کے غرق کرنے کے لیے تھی۔ تو حضورِ انور ﷺ کی دعاؤں کا قبول فرمانا بے حد وبے حساب ہے۔

پانی بہانا: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ معجزہ کہ وہ پتھر سے پانی رواں فرمادیتے اور پتھر سے چشمہ برآمد کرتے تو ہمارے نبی ﷺ نے تو اپنی انگشت ہائے مبارک سے چشمہ جاری فرمادیا۔ پتھر تو زمین ہی کی جنس سے ہے۔ اور اس سے چشمے بہا ہی کرتے ہیں۔ لیکن اس کے برخلاف گوشت پوست سے پانی کا چشمہ جاری کرنا حد درجہ عظیم ہے۔

کلام فرمانا: یہ جو حق تعالیٰ نے ''حضرت موسیٰ علیہ السلام کی فضلیت میں ارشاد فرمایا: وَکَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا یعنی اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے براہ راست کلام فرمایا''۔ تو ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کو یہ فضلیت شب اسریٰ مرحمت فرمائی۔ مزید برآں یہ کہ قرب اور کلام دونوں سے خاص فرمایا نیز یہ کہ حضورِ انور ﷺ کی مقام مناجات آسمانوں سے اوپر سدرۃ المنتہیٰ ہے جہاں خلق کے علوم کی حد ہے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مقام مناجات طور سینا ہے۔ اور حضور ﷺ کی مناجات کی جگہ سمٰوات علیٰ ہے۔

فصاحت وبلاغت: اب رہی یہ بات کہ حضرت ہارون علیہ السلام کو زبان کی فصاحت دی جیسا کہ حدیث میں ہے کہ اَخِیْ ھٰرُوْنُ ھُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا یعنی میرے بھائی ہارون زبان میں مجھ سے زیادہ فصیح ہیں۔ اور ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کی فصاحت وبلاغت اتنی زیادہ ہے کہ اس سے زائد تو درکنار اس کے برابر کا تصور کرنا بھی ممکن نہیں۔ حضرت ہارون کی فصاحت صرف عبرانی تک محدود تھی۔ لیکن عربی زبان اس سے زیادہ فصیح ہے۔ نیز حضرت موسیٰ علیہ السلام نے افصح منی یعنی مجھ سے زیادہ فصیح ہیں۔'' فرمایا مطلقاً نہیں فرمایا۔ وجہ یہ تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں لکنت تھی۔

حضرت یوسف کا حسن وجمال اور ہمارے نبی علیہما السلام: حضرت یوسف علیہ السلام کو نصف حسن دیا گیا اور ہمارے نبی

سیّد عالم ﷺ کو اس کا کل دیا گیا۔ جو بھی آپ کے حلیہ شریف کے سلسلے میں منقولات پر غور وفکر کرے گا وہ آپ کے حسن و جمال کی تفصیلات کو پالے گا۔ کیونکہ آپ جیسا باکمال حسن کسی انسان میں نہ ہوا ہے نہ ہوگا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن و جمال اور چہرے کی صباحت وتابانی دی گئی تھی لیکن حضور ﷺ کی شکل وصورت مبارک کو ایسے ملاحت و جمال عطا ہوئے جو کہیں اور موجود نہ تھے۔ صلی اللہ علیہ وسلم قدر حسنہ و جمالہ۔

تعبیر خواب: وہ جو حضرت یوسف علیہ السلام کو خواب کی تعبیر بتانے اور ان تمام چیزوں کی تاویل جو منقول ومعلوم ہیں عطا کی گئی۔ وہ تین چیزیں ہیں ایک یہ کہ چاند سورج اور ستاروں کا اپنے لیے سجدہ کرتے دیکھنا دوسری یہ کہ قید خانے میں دو ساتھیوں کے خواب کی تعبیر کا واقعہ تیسری یہ کہ بادشاہ کے خواب کی تعبیر وتاویل بتانا مگر ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ کی تعبیرات وتاویلات رؤیا حد شمار سے باہر ہیں۔ جو بھی حدیثوں میں جستجو کرے گا اور روایتوں میں کدوکاوش اور عرق ریزی کرے گا اسے بڑے عجیب وغریب واقعات وحالات ملیں گے۔ جن کا کچھ حصہ اپنی اپنی جگہوں پر ذکر بھی کیا جا چکا ہے اور آگے بھی ہوگا۔

حضرت داؤد اور ہمارے نبی علیہما السلام: حضرت داؤد علیہ السلام کو لوہے کو نرم کر دینے کا معجزہ عطا ہوا کہ (جب آپ لوہے پر ہاتھ پھیرتے تو وہ نرم ہو جاتا۔) اور آپ کے دست مبارک میں خشک لکڑی سبز ہو جاتی اور اس میں پتے نمودار ہو جاتے تو ہمارے نبی سیّد عالم ﷺ نے اُم معبد کی اس بکری پر اپنا دست مبارک پھیرا جو سوکھ کر لاغر وکمزور اور ناتواں ہو گئی تھی۔ آپ کے دست اقدس کی برکت سے اس کے تھن تر وتازہ ہو گئے اور دودھ جاری ہو گیا۔ اور وہ اتنا وافر دودھ دینے لگی جو عام طور پر بکریوں کی عادت کے خلاف تھا۔ اگر داؤد علیہ السلام کے لیے لوہا نرم ہو جاتا تھا تو ہمارے نبی ﷺ کے لیے سخت پتھر کو نرم کیا گیا۔

حافظ ابونعیم روایت کرتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ غار میں داخل ہوئے اور اپنے آپ کو اس میں پنہاں کرنے کا ارادہ فرمایا تو اپنا سر مبارک غار میں پہلے داخل فرمایا۔ یہاں تک کہ آپ کا سر مبارک داخل ہو گیا اور سخت پتھر کشادہ ہو گیا۔ معلوم ہوا کہ آپ کے لیے پتھر نرم کیا گیا۔ اور آپ کے بازوئے مبارک نے اس میں اثر کیا۔ اور صخرہ بیت المقدس گندھے ہوئے آٹے کی مانند نرم کیا گیا۔ پھر اس میں اپنی سواری کے جانور کو باندھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑوں نے تسبیح کی اور حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک میں پتھروں نے تسبیح کی۔ ﷺ

حضرت سلیمان اور ہمارے نبی علیہما السلام: حضرت سلیمان علیہ السلام کو پرندوں کی بولیوں کا علم، شیاطین اور ہوا کی تسخیر اور ایسی حکومت جو آپ کے بعد کسی کو بھی میسر نہ ہوئی عطا کی گئی۔ مگر ہمارے نبی سیّد عالم سلطان کونین ﷺ کو بھی اس کی مانند مع زیادتی واضافہ کے عطا فرمایا گیا۔ اب رہا پرندوں کا بات کرنا تو فرمایا: اُوْتِیْنَا مَنْطِقَ الطَّیْرِ (یعنی مجھے پرندوں کی بولیوں کی سمجھ عطا فرمائی گئی) تو حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس پر پتھروں نے کلام کیا اور تسبیح کی۔ حالانکہ کنکریاں جمادات ہیں۔

تو پرندوں کے بولنے سے پتھر کا بولنا زیادہ نادر وعجیب ہے۔ اور آپ سے بھنی ہوئی زہر آلود بکری اور ہرن نے کلام کیا اور آپ سے دوسرے کی شکایت کی۔ جیسا کہ معجزات کے باب میں آئے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ ایک پرند آیا اور حضور کے سر مبارک کے گرد چکر لگانے لگا۔ اور بات کی۔ آپ نے فرمایا: لوگو! تم میں سے کس نے اس پرند کو اس کے بچہ کو پکڑ کر اذیت پہنچائی ہے۔ اسے لازم ہے کہ اس کے بچے کو واپس لوٹا دے اسی طرح حضور سے بھیڑیئے کے کلام کرنے کا قصہ بھی مشہور ہے۔

اب رہا ہوا کا مسخر ہونا جیسا کہ واقع ہے کہ: غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ حضرت سلیمان علیہ السلام کو ان کا تخت روئے زمین پر جہاں چاہتا لیجاتا لیکن حضور اکرم ﷺ کو براق دیا گیا جو ان کی ہوا سے تیز تر بلکہ برق خاطف سے بھی تیز تر تھا۔ وہ حضور کو ایک لمحہ میں

فرش سے عرش پر لے گیا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے ہوا کو مسخر کیا گیا تا کہ وہ آپ کو زمین کے کناروں اور گوشوں تک لے جائے اور ہمارے نبی ﷺ کے لیے زمین کو لپیٹا اور کھینچا گیا۔ تا کہ حضور ﷺ اس کے مشارق ومغارب کو ملاحظہ فرمالیں۔ یہ فرق وامتیاز ان دو شخصوں کے درمیان ہے جن میں سے ایک زمین کی طرف کوشش کے ساتھ دوڑ کر جائے اور دوسرے شخص کی طرف خود زمین کھینچ کر آ جائے۔

اب رہا شیاطین کا مسخر ہونا تو صحیح حدیث میں آیا ہے ایک مرتبہ شیطان حضور ﷺ کی نماز میں سامنے آ گیا۔ تو حق تعالیٰ نے حضور کو اس پر قدرت عطا فرمائی۔ آپ نے چاہا کہ اسے مسجد کے کسی ستون سے باندھ دیں تا کہ گلی کوچے کے بچے اس سے کھیلیں۔ اور یہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے جنات مسخر کیے گئے تو ہمارے نبی ﷺ پر جنات ایمان لائے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنات سے خدمت لی' ہمارے نبی ﷺ نے جنات کو مسلمان بنایا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکریوں میں جن وانس اور پرندوں کو شامل کر دیا گیا اور حضور اکرم ﷺ کے لشکر میں فرشتے یہاں تک کہ جبریل ومیکائیل علیہما السلام کو بھی شامل کیا گیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر میں پرندوں کو شامل کر لینے سے زیادہ عجیب غار ثور کے کبوتر کا قصہ ہے کہ جب حضور نے غار ثور میں بوقت ہجرت اقامت فرمائی تو کبوتر نے اس کے دہانہ پر اپنا گھونسلہ بنایا انڈے رکھے اور اعدائے دین سے حضور ﷺ کی نگہداشت کی۔ لشکر کا مقصد تو بچانا اور حمایت کرنا ہوتا ہے۔ بلاشبہ یہ مقصد آسان ترین طریقہ سے حاصل ہو گیا۔

اب رہا یہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو ایسی حکومت عطا فرمائی گئی جو آپ کے بعد کسی کے لائق نہ تھی تو ہمارے نبی ﷺ کو بادشاہ ہونے یا بندہ ہونے کے درمیان اختیار دیا گیا مگر حضور نے بندگی کو اختیار فرمایا یہ ایک ایسا ملک عظیم ہے جس کے زائل ہونے کا خدشہ ہی نہیں اور حضور کے بعد ایسا ملک کسی کو بھی میسر نہ ہوا۔

حضرت عیسیٰ اور ہمارے نبی ﷺ: یہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اندھے' کوڑھی کو تندرست کرنے اور مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ دیا گیا تو ہمارے نبی ﷺ کو بھی ایسا ہی معجزہ دیا گیا۔ چنانچہ حضور نے ابوقتادہ کی وہ آنکھ جو باہر نکل پڑی تھی دوبارہ اپنی جگہ لوٹائی تو وہ پہلے سے کہیں زیادہ بہتر ہو گئی۔ مروی ہے کہ حضرت معاذ بن عفرا کی بیوی برص میں مبتلا تھیں وہ حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اس کی شکایت لائیں حضور نے اپنے ہاتھ کی لکڑی سے برص کے مقام پر ملا۔ حق تعالیٰ نے برص کو دور فرما دیا۔

مواہب لدنیہ میں امام فخر الدین رازی اور بیہقی دلائل النبوۃ میں یہ قصہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں اس وقت ایمان لاؤں گا۔ جب میری مری ہوئی لڑکی کو آپ دوبارہ زندہ فرما دیں گے۔ حضور نے اس کی قبر پر کھڑے ہو کر آواز دی ''اے فلاں'' اسی وقت لڑکی قبر سے نکل کر کہنے لگی ''لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ (آخر حدیث تک) حضور اکرم ﷺ کا مردوں کا زندہ فرمانا متعدد مرتبہ واقع ہوا ہے۔ نیز پتھروں اور کنکریوں کا آپ کے دست اقدس پر تسبیح کرنا اور حجر اسود کا آپ کو سلام کرنا اور استن حنانہ کا آپ کے فراق میں گریہ وزاری کرنا مردوں کے کلام سے زیادہ اتم وابلغ ہے۔ رہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان پر اٹھایا جانا تو ہمارے نبی کو شب معراج میں اس سے کہیں بالاتر مقامات پر لے جایا گیا۔ اور وہاں تک کوئی بھی نہیں لے جایا گیا۔ پھر آپ کو مزید درجات عالیہ سے مخصوص فرمایا گیا۔ مثلاً خلوت قدس میں مناجات کا سننا اور قسم قسم کے مشاہدات وکرامات سے سرفراز ہونا وغیرہ۔ الحاصل تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو جتنے بھی فضائل وکمالات اور معجزات دیے گئے تھے وہ تمام حضور انور ﷺ کی ذات ستودہ صفات میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ شعر

خوبی وشکل وشمائل حرکات وسکنات — آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

فضائل و معجزات مختصہ: وصل: مذکورہ بالا فضائل و معجزات وہ تھے جو حضور انور ﷺ اور تمام نبیوں کے درمیان مشترک تھے لیکن دیگر فضائل و معجزات جنہیں حضور کے خصائص میں شمار کیا جاتا ہے۔ وہ حد و شمار اور حصر سے باہر ہیں۔ لیکن جس قدر ظاہر اور علماء کے قید وضبط میں محصور ہیں وہ دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو احکام شرع کے زمرہ میں ہیں' دوم وہ جو صفات و احوال اور معجزات کی قسم سے ہیں۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ پہلی قسم میں کلام کرنا اور اس پر بحث کرنا بے فائدہ ہے۔ کیونکہ وہ ایسا حکم ہے جو گزر چکا۔ مگر درست یہی ہے کہ اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ اس کا پہلا فائدہ تو یہ ہے کہ ان سے آپ کے حال شریف کا علم ہوتا ہے۔ اور بلاشبہ اس کی تحقیق ایک ایسی سعادت ہے جو از قسم کمالات اور سب سے اہم اور اعظم ہے۔ اس کی اقتدا اور اتباع کے لیے ضروری ہے کہ اس کو جانا جائے۔ اس پہلی قسم کی مزید چار قسمیں کی گئی ہیں۔ اوّل وہ جو حضور انور ﷺ کے ساتھ بر طریق واجبات مخصوص ہیں۔ اور ان میں حکمت یہ ہے کہ قرب و درجات میں زیادتی ہو اس لیے کہ فرض کے ساتھ قرب پانا نوافل کے ساتھ قرب پا لینے سے زیادہ کامل ہے۔ جیسا کہ حدیث مبارک شاہد ہے اور امر مکلفہ کا بوجھ اٹھانا زیادہ قوی اور اس کا اجر بہت بڑا ہے۔ ہم نے ہر قسم کے ساتھ چند مثالیں بیان کی ہیں۔

اور اس مثال کو مکمل طور پر معلوم کرنے کے لیے علماء کرام کی کتابوں کا حوالہ دیا ہے۔ مثلاً یہ کہ اس کا ذکر مواہب لدنیہ میں ہے وغیرہ۔ جیسے کہ ایک قول کے بموجب ضحیٰ کی نماز کا وجوب ہے مگر درست مسئلہ اس کے برخلاف ہے۔ اگرچہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اُمِرْتُ بِرَکْعَتَیِ الضُّحٰی. مجھے ضحیٰ کی نماز کا حکم دیا گیا ہے۔ لیکن تحقیق یہی ہے کہ ضحیٰ کی نماز سنت موکدہ ہے اوامر وجوب کے لیے نہیں ہے۔ اور نماز ضحیٰ سے مراد وہ نماز ہے جو صبح سورج نکلنے کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے۔ جسے لوگ اشراق کی نماز کہتے ہیں۔ اور صلوٰۃ الضحیٰ چاشت کی نماز کو بھی کہتے ہیں۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول ہے کہ: مَا رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُسَبِّحُ سُبْحَۃَ الضُّحٰی اسی نماز پر محمول ہے جس طرح کہ نماز وتر اور فجر کی دو رکعت۔ جیسا کہ حاکم نے مستدرک میں بیان کیا۔

امام احمد و طبرانی کی حدیث میں بھی آیا ہے کہ حضور انور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں مجھ پر فرض ہیں اور تم پر نفل وتر' فجر کی دو رکعتیں اور ضحیٰ کی دو رکعتیں۔ قول باختصاص وتر' امام شافعی کے قول پر ہے۔ اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے نزدیک وتر سب پر واجب ہے جیسا کہ نماز تہجد حضور ﷺ پر فرض تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ نماز تہجد امت پر بھی فرض تھی۔ پھر اس کی فرضیت امت پر سے اٹھالی گئی۔ اور بعض شافعی علما کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ سے بھی اس کی فرضیت اٹھالی گئی۔ اسی طرح مسواک کا حکم ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ حضور انور ﷺ ہر نماز کے قریب مسواک کے ساتھ وضو پر مامور تھے۔ اور جب دشواری لاحق ہوئی تو ہر نماز کے لیے مسواک کا حکم دے دیا گیا (یعنی اگر وضو ہو تو وضو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں مگر مسواک ضرور کی جائے مترجم) اور دوسری حدیث میں بھی مسواک کے متعلق حکم آیا ہے۔ ایسی حدیثیں وجوب قطعی پر دلالت نہیں کرتیں۔

دوسری قسم ایسی حرمت میں ہے جو حضور انور ﷺ کے خصائص میں سے ہے یعنی وہ احکام جو حضور اکرم ﷺ پر تو حرام ہیں مگر دوسروں پر حرام نہیں ہیں۔ جیسے تحریم زکوٰۃ کہ حضور ﷺ پر مال زکوٰۃ حرام ہے۔ اسی طرح تحریم صدقہ۔ بر قول صحیح' مشہور' و منصوص بقول حضور ﷺ اَنَا لَا نَاْکُلُ الصَّدَقَۃَ یعنی ہم صدقہ کا مال نہیں کھاتے اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ ان کے کھانے کی ممانعت' حرام ہونے کی بنا پر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ان کے کھانے کی ممانعت سے حرام ہونا لازم نہیں آتا۔ ممکن ہے کہ کھانے کی ممانعت' کراہت تنزیہی کی بنا پر ہو بر بنائے حرمت نہ ہو۔ بہر حال اموال صدقہ کے کھانے سے اجتناب' از قبیل ''خصائص'' ہے خواہ یہ ممانعت تحریمی ہو یا تنزیہی۔ اسی طرح حضور ﷺ کی آل اور غلاموں پر تحریم زکوٰۃ ہے۔ جیسا کہ فقہ میں مقرر کیا گیا ہے۔

فائدہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ سے ان کے زمانہ میں اس کی اباحت مروی ہے۔

اسی طرح ان چیزوں کا کھانا جن میں ناگوار بو پائی جاتی ہو۔ جیسے لہسن اور پیاز۔ جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے اسی طرح تحریم کتابت وشعر۔ اور تحریم کا قول اس تقدیر پر ہے کہ آپ کتابت اور شعر کو جانتے ہوں اور تحقیق یہ ہے کہ بحکم طبع وجبلت حضورِ اکرم ﷺ سے دو چیزیں نہیں آئی ہیں۔ اس کی تحقیق صلح حدیبیہ کے قضیہ میں آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اسی طرح جنگ کے وقت ہتھیار باندھنے کے بعد پھر جنگ سے پہلے بدن سے ہتھیار اتارنا۔ اسی طرح کتابیہ غیر مسلم عورت سے نکاح کی تحریم اس لیے کہ حضورِ انور ﷺ کی تمام بیویاں مسلمانوں کی مائیں اور جنت میں حضور ﷺ کی ازواج ہیں۔ اسی بنا پر آپ کا نطفہ پاک کافرہ کے رحم میں نہیں رکھا جا سکتا۔ اسی طرح امۂ مسلمہ سے تحریم نکاح' لیکن تسری بامہ باتفاق جائز ہے۔ تیسری قسم وہ مباحات جو حضورِ انور ﷺ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ جیسے کہ نیند سے وضو کا نہ ٹوٹنا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ حکم تمام نبیوں کے ساتھ عام ہے۔ اسی طرح بعد نماز عصر نماز کی اباحت' اسی طرح وجوب کے باوجود سواری پر وتر کی ادائیگی کا جواز' اسی طرح غائب پر نماز جنازہ (امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ اور شافعی کے نزدیک) ساری امت کے لیے عام ہے۔ اسی طرح صوم وصال' اس کی تحقیق انشاء اللہ روزے کے باب میں آئے گی۔ اسی طرح اجنبیہ عورتوں پر نظر ڈالنے کی اباحت اور جواز خلوت باالاجنبیہ' اسی طرح چار سے زائد عورتوں سے نکاح اسی طرح دیگر انبیاء علیہم السلام کے لیے اور ہمارے نبی ﷺ پر نو سے زیادہ تزوج جائز ہے۔ اسی طرح عورت کی جانب سے جواز نکاح بلفظ ہبہ کہ وہ عورت بغیر ولی اور بغیر گواہوں کے اپنے آپ کو ہبہ کردے۔ اور مہر طلب نہ کرے۔ لیکن حضورِ انور ﷺ کی جانب سے لفظ نکاح یا تزوج ضروری ہے۔ (مطلب یہ کہ عورت خود کو ہبہ کرے اور عقد ونکاح کا لفظ اور شرائط استعمال کرے تو وہ کر سکتی ہے مگر حضور کے لیے ضروری ہے کہ آپ لفظ نکاح یا عقد ضرور فرمائیں تاکہ اجابت شرعی پائی جائے۔ مترجم) اور حضور کو جائز تھا کہ کسی عورت کا نکاح کسی مرد سے بغیر اس کی اجازت یا بغیر اس کے اولیاء کی اجازت کے کردیں۔ اسی طرح بغیر عورت کی رضا کے نکاح فرمانا اگر حضور کسی ایسی عورت کو نکاح میں لانے کی خواہش فرمائیں جو شوہر نہ رکھتی ہو تو اس عورت پر لازم ہے کہ اسے قبول کرے۔ ایسی عورت اگر دوسرے لوگ چاہیں تو یہ ان پر حرام ہوگی۔ اور اگر شوہر رکھتی ہے تو شوہر پر فرض ہوگا کہ وہ اسے طلاق دے دے کیونکہ اس جگہ اس کے ایمان کا امتحان ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ نَّفْسِهٖ وَاَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ — تم میں سے وہ مسلمان نہیں جسے میں اس کی جان' اس کی بیوی' اس کی اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔

لہٰذا اس شخص پر واجب ہے جو کھانا اور پانی رکھتا ہے اور وہ اس کے صرف کرنے کا ضرورت مند ہے مگر جب حضور کو اس کی ضرورت ہو تو وہ آپ پر خرچ کرے۔ اور اپنے آپ کو بھی حضور پر قربان کردے۔ کیونکہ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ نبی کریم مسلمانوں کے لیے ان کی جانوں سے زیادہ مستحق ہیں۔ حضرت زید اور سیّدہ زینب کے قصے کا مطلب بھی یہی ہے۔ حاصل اس قصہ کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے سیّدہ زینب کا عقد اپنے حضور' سیّد عالم ﷺ سے فرمایا اور حضرت زید کے دل میں زینب کی طرف سے کراہت پیدا فرمائی مگر حضورِ انور ﷺ نے ضعیف الایمان لوگوں کی وجہ سے وہ ہلاکت کے بھنور میں نہ پڑ جائیں۔ اس کے اظہار سے خوف کیا اس پر اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی ''اے محبوب! تم میرا ہی خوف دل میں رکھو۔ امر الٰہی کی خلاف ورزی نہ کرو۔ لوگوں سے کیا ڈرنا ہے''۔ تب حضورِ انور ﷺ نے ان سے عقد فرمایا اور گھر میں لائے۔ بعض مفسرین اور ارباب سیر اس مقام میں کلام کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ منصب نبوت کے لائق نہیں ہے۔ اور اہل تحقیق اسے مفسرین کی لغزشوں میں شمار کرتے ہیں۔

اسی طرح یوسف علیہ السلام اور عزیز مصر کی بیوی زلیخا اور حضرت داؤد علیہ السلام اور اوریاء کی بیوی کے قصے ہیں۔ انبیاء علیہم السلام

کا مقام اس سے اعلیٰ ہے۔ عتق یعنی آزادی کو مہر کا قائم مقام گردانا جیسا کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے لیے فرمایا۔ اور حضور پر بیویوں کے نان ونفقہ کے واجب ہونے کے بارے میں اختلاف ہے۔ علامہ نووی فرماتے ہیں کہ صحیح تر یہی ہے کہ واجب ہے اسی طرح یہ کہتے ہیں کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی بیویوں کے درمیان باری کی رعایت واجب نہیں تھی۔ اکثر علماء احناف بھی اسی طرف ہیں۔ حضور نے جو کچھ برتاؤ فرمایا وہ برطریق تفضّل واحسان تھا نہ کہ بر بنائے وجوب۔

علماء بیان کرتے ہیں کہ ان تمام خصائص کے جمع کرنے کی وجہ یہ کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں نکاح تسری کے حکم میں ہیں اور تمام عورتیں اور مرد آپ کے لیے غلام اور باندی کے حکم میں ہیں۔ اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مالِ غنیمت میں سے باندیاں' تلواریں وغیرہ جتنا چاہیں لینا مباح تھا۔ اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مکہ میں قتال کرنا اور بغیر احرام کے داخل ہونا مباح تھا۔ اس کی تحقیق وتفصیل انشاء اللہ فتح مکہ کے باب میں آئے گی۔

آپ کے خصائص میں سے یہ بھی تھا کہ آپ اپنے علم سے اپنے لیے' اپنی اولاد کے لیے حکم دیتے اور اپنی گواہی اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے استعمال فرماتے تھے اور آپ کا کسی کو برا کہنا یا لعنت کرنا' قربت ورحمت اور مباح تھا۔ اور یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی کہ فتح سے پہلے آراضی کو تقسیم فرماتے اس لیے کہ مالک الملک حق تعالیٰ نے آپ کو تمام آراضی اور مما لک کا مالک بنایا۔ امام غزالی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنت کی زمینوں کو تقسیم فرماتے ہیں تو دنیاوی زمین تو بطریق اولیٰ تقسیم فرمانی چاہیے۔

ع مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں

خصائص صفات واحوال: وصل: حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ خصائص جو احکام کے قبیل سے نہیں بلکہ صفات واحوال کے قبیل سے ہیں۔ ان کا کوئی حد وحساب نہیں۔ خصوصاً وہ صفات واحوال جو باطن سے تعلق رکھتے ہیں کسی کا علم بھی ان کی کنہ تک نہیں پہنچا۔ ان میں سے چند ظاہری صفات کا ذکر کیا گیا ہے۔ کیونکہ علماء نے ان کا احصار کر کے شمار کیا اور انہیں بیان کیا ہے اور تمام معجزات اسی قبیل سے ہیں کہ ایسے کسی نبی سے ظاہر نہ ہوئے لیکن ان کو ان کی عظمت وکثرت کی بنا پر مستقلاً جداگانہ باب میں رکھا۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے اعلیٰ واکمل فضیلت یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کی روح پرانور کو ساری مخلوق کی ارواح سے پہلے پیدا فرما کر تمام مکونات کی روحوں کو آپ کی روح سے تخلیق فرمایا۔ اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جب حضرت آدم علیہ السلام ہنوز روح وجسد کے درمیان تھے جیسا کہ ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور عالم ارواح میں بھی انبیاء علیہم السلام کی ارواح مقدسہ کو آپ کی روح پرانوار نے مستفیض فرمایا۔

جب تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کا آفتاب پردہ غیب میں رہا انبیاء علیہم السلام کے ستارہائے درخشاں آپ کے نور سے منور ہو کر عالم ظہور میں جگمگاتے رہے۔ جب آپ کی نبوت کے آفتاب نے طلوع وظہور فرمایا۔ تو وہ روپوش اور مخفی ہو گئے۔ بعینہ اسی طرح جیسے رات میں ستاروں کا رنگ وروپ چمکتا دمکتا ہے اور جب سورج چمکتا دمکتا ہے اور یہ سورج طلوع ہوتا ہے تو وہ ماند پڑ کر روپوش ہو جاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت فرمایا ہے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عالم آفرینش میں میں سارے نبیوں سے پہلے اور عالم ظہور وبعثت میں ان سب سے آخر میں ہوں۔ آپ کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آپ ہی وہ اول ہیں جس نے روز الست میثاق لیا اور آپ ہی وہ اول ہیں جس نے اس روز سب سے پہلے ''بلیٰ'' (ہاں) کہا جیسا کہ حدیث پاک میں آیا ہے۔ اور انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آدم وعالم اور آفرینش عالم کا مقصود اصلی' آپ ہی کا وجود گرامی ہے۔ آپ کا نام نامی اسم گرامی عرش پر جنت کے دروازوں پر اور اس کی ہر جگہ پر لکھا گیا۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ تمام نبیوں سے اس کا عہد لیا گیا کہ جب آپ مبعوث ہوں تو

وہ آپ پر ایمان لائیں۔ یہ عہد پاک اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے کہ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ. (اور یاد کرو جب اللہ نے تمام نبیوں سے عہد لیا کہ) جیسا کہ پہلے گزر چکا۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ گذشتہ تمام آسمانی کتابوں میں آپ کے وجود گرامی کی خبریں اور آپ کی بشارتیں واقع ہیں۔ یہ کہ آپ کے نسب مبارک میں آدم علیہ السلام تک آپ کے سبب کبھی بھی سفاح یعنی زنا واقع نہیں ہوا۔ جیسا کہ عہد جاہلیت میں عادت تھی اس کا ذکر باب ولادت میں انشاء اللہ آئے گا۔

اور یہ کہ ہر زمانے میں بنی آدم کے بہترین قرن میں اٹھایا گیا اور بہترین قبائل کے بہتروں میں منتقل کیا جاتا رہا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے بنی کنانہ کو سرفرازی بخشی بنی کنانہ سے قریش کو قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم کو سے مجھے برگزیدہ فرمایا۔ لہٰذا حضور سرفرازوں میں سرفراز اور بہتروں میں بہترین اور برگزیدگان میں برگزیدہ تر ہیں۔ بوقت ولادت مبارکہ تمام بت سرنگوں ہو کر گر پڑے۔ شکم مادر سے ختنہ شدہ غیر آلودہ اور پاک اور ناف بریدہ تولد ہوئے۔ پیدا ہوتے ہیں سجدہ کیا اس طرح کہ بجانب آسمان نظر بلند تھی۔ اور انگشت شہادت اٹھی ہوئی تھی۔ آپ کی والدہ سیّدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ ان سے ایک نور نے جلوہ فرمایا جس سے شام کے تمام قصور اور محلات روشن ہو گئے۔ آپ کے جھولے کو فرشتوں نے جھلایا۔ اور مہد میں آپ نے کلام فرمایا۔ اہل سیر لکھتے ہیں کہ مہد میں چاند آپ سے باتیں کرتا۔ اور جدھر اشارہ فرماتے جھک جاتا تھا۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دھوپ میں بادل سایہ کرتے تھے۔ ایسا ہمیشہ نہ تھا بلکہ متعدد اوقات میں ایسا ہوا۔ زمانہ طفلی میں جب کہ آپ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ سفر میں تھے بحیرا راہب نے آپ کو پہچانا۔ انہی خصائص میں سے آپ کا شق صدر ہے۔ اس کا وقوع چار مرتبہ ہوا ہے۔ پہلی مرتبہ بچپن میں جبکہ آپ بنی سعد میں تھے۔ دوسری مرتبہ دسویں سال میں تیسری مرتبہ بعثت کے وقت چوتھی مرتبہ شب معراج میں اور انہی خصائص میں سے آپ کی خدمت ابتدائے وحی کے وقت جبریل کا آ کر لپٹانا اور آپ کے وجود شریف میں تصرف کرنا ہے۔ اسے بھی علماء نے خصائص میں شمار کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کسی نبی کے ساتھ ایسا نہ ہوا انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ نے ہر عضو مبارک کا قرآن پاک میں ذکر فرمایا ہے۔ چنانچہ آپ کے قلب اطہر کا ذکر اس ارشاد میں ہے کہ: نَزَّلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ جبریل امین آپ کے قلب اطہر پر اسے لے کر اترتے ہیں'' اور آپ کی زبان مبارک کا ذکر اور ارشادات میں ہے کہ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ يقیناً ہم نے قرآن کو آپ کی زبان پر آسان فرمایا اور فرمایا: وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اپنی خواہش سے زبان گویا نہیں ہوتی۔'' چشم مبارک کا ذکر مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى. آنکھ نہ تو جھپکی نہ بے راہ ہوئی۔ چہرہ مبارک کا ذکر قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ بے شک ہم نے آسمان کی طرف منہ اٹھا کر بار بار دیکھا اور گردن اور دست مبارک کا ذکر وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ. اور نہیں کیا آپ کے ہاتھوں کو بندھا ہوا آپ کی گردن کی طرف اور سینہ اور پشت مبارک کا ذکر اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِىْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیا۔ اور تم سے تمہارا بوجھ اتار لیا۔ جس نے تمہاری پیٹھ توڑی تھی۔'' ان آیات کریمہ میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر ہر عضو کا ذکر فرمانا۔ آپ پر کمال محبت اور عنایت حق جل وعلیٰ پر دلالت کرتا ہے۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے اسم صفت ''محمود'' سے آپ کا اسم مبارک احمد محمد صلی اللہ علیہ وسلم نکالا۔ آپ سے پہلے یہ نام کسی اور کے نہیں رکھے گئے۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت ومدح میں فرماتے ہیں شعر

وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

بعض کہتے ہیں کہ یہ شعر حضرت ابو طالب کا ہے جیسا کہ بخاری نے ''تاریخ صغیر'' میں ذکر کیا۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کو بہشتی کھانا پینا کھلایا اور پلایا ہے۔ اس کا ذکر صوم وصال میں آئے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور یہ کہ انہی خصائص میں

سے یہ بھی ہے کہ حضورِ انور ﷺ کی پشت کی طرف بھی ایسا ہی دیکھتے تھے جس طرح سامنے سے دیکھتے تھے۔ اور رات کی تاریکی میں بھی ایسا ہی ملاحظہ فرماتے جیسا دن کی روشنی میں ملاحظہ فرماتے۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جب آپ پتھر پر چلتے تو آپ کے دونوں قدم مبارک پتھر میں نقش ہو جاتے۔ جس طرح کہ مقام ابراہیم علیہ السلام میں ہے۔ قرآن میں قطعی طور پر اس کا ذکر ہے اور آپ کی دونوں کہنیوں کا نشان مکہ کے پتھر میں مشہور ہے۔ آپ کے گھوڑے کے سموں کا نشان مدینہ طیبہ میں بنی معاویہ کی مسجد میں واقع ہے۔ آپ کا لعاب کھاری پانی کو شیریں بناتا۔ اور شیر خوار بچے کو دودھ سے بے نیاز کرتا۔ (بیماروں کو شفا دیتا اور زخمیوں کے زخموں کو بھرتا تھا از مترجم) آپ کے بغلوں کا رنگ سفید وسرخ تھا۔ جن میں بال نہ تھے۔ اور نہ جسم اطہر کے رنگ سے مختلف تھا۔ ان میں بو بھی نہ تھی۔ حدیث استسقاء میں مروی ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ دعا کے لیے اتنے اٹھائے کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی گئی۔ بعض کہتے ہیں کہ بغلوں کی سفیدی سے یہ لازم نہیں آتا ہے وہاں بال نہ ہوں۔ اس لیے کہ جہاں سے بال اکھیڑ لیے جاتے ہیں وہ جگہ سفید ہو جاتی ہے۔ اور یہ تحقیق سے ثابت ہے کہ حضور بغلوں کے بالوں کو اکھاڑا کرتے تھے۔ اور بعض حدیثوں میں آیا ہے عبداللہ بن اقرم خزاعی کہتے ہیں کہ میں نے حضورِ انور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب حضور سجدہ فرما رہے تھے تو میری نظر آپ کے بغلوں پر پڑی۔ حدیث میں لفظ غفرۃ الابطین آیا ہے۔ کہتے ہیں کہ غفرہ خالص سفیدی کو نہیں بلکہ مٹیالے رنگ کو بولتے ہیں۔ یہ اس کی دلالت کرتا ہے کہ اس جگہ بالوں کے نشانات موجود تھے۔ اسی کو اغفر کہتے ہیں ورنہ بالوں سے خالی جگہ کو اغفر نہیں کہتے ہیں۔ مواہب لدنیہ میں بھی اسی طرح بیان کیا گیا ہے ہاں اس جگہ یہ اعتقاد ضرور رکھنا چاہیے کہ حضورِ انور ﷺ کی یہ شان ہے کہ آپ کی بغلوں میں ناگوار بو نہ تھی۔ بلکہ پاکیزہ اور طیب خوشبو تھی۔ جیسا کہ بخاری میں ثابت شدہ امر ہے۔

آپ کی آواز مبارک اتنی دور تک سنائی دیتی تھی جہاں تک آپ کے سوا کسی کی آواز نہیں پہنچ سکتی اور یہ کہ آپ کی آنکھیں تو سوتی تھی لیکن دل نہ سوتا تھا۔ (رواہ البخاری) اور جو بھی آپ کے پاس بات کرتا اس کی بات سنتے تھے۔ یہی اس مسئلہ کی بنیاد ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کا وضو آپ کی نیند سے نہ ٹوٹتا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ نیند سے وضو نہ ٹوٹنے کا حکم تمام انبیاء علیہم السلام کے حق میں ہے۔ اس جگہ یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ پھر ''لیلۃ التعریس'' میں حضور نے آفتاب کے طلوع ہو جانے کو کیوں نہ جان لیا جس سے نماز فجر قضا ہو گئی تو اس کا جواب یہ ہے کہ طلوع وغروب کا جاننا آنکھوں کا کام ہے اور جب آنکھ نیند میں تھی تو نہ جانا گیا۔ اور دل میں وحی اس حکمت کی بنا پر نہ کی گئی کہ نماز قضا ہونے کی صورت مشروعیت آ جائے یا کوئی ایسی وجہ جس سے اللہ تعالیٰ ہی خوب واقف ہے۔

اور کہ یہ حضورِ انور ﷺ نے کبھی بھی انگڑائی نہ لی' اسے ابن ابی شیبہ اور بخاری نے اپنی تاریخ میں روایت کیا۔ کبھی بھی جماہی نہ لینے کی روایت بھی ہے۔ چونکہ کسی نبی نے انگڑائی نہیں لی اس لیے یہ روایت خصوصیات میں سے نہیں ہے۔ اسکی تائید وہ روایت کرتی ہے جو صحیح بخاری میں ہے کہ جماہی شیطان سے ہے۔ حضورِ انور کے جسم اطہر پر کبھی مکھی نہ بیٹھی اور نہ آپ کے کپڑوں میں جوں پڑی۔ حضور کو کبھی احتلام نہ ہوا۔ اور نہ کسی اور نبی کو۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔ منقول ہے کہ احتلام بھی شیطان سے ہے۔ اور بعض علماء نے انزال کو جائز رکھا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ مادہ منویہ کے غلبہ کی وجہ سے ایسا ہوا ہو نہ کہ شیطانی خواب سے۔ کسی دوسرے مقام میں اس کی تحقیق کی گئی ہے۔

آپ کے سینہ مبارک کی خوشبو مشک نافہ سے زیادہ تھی۔ اور یہ کہ زمین پر حضور کا سایہ نہ پڑتا تھا۔ کیونکہ محل کثافت ونجاست ہے۔ اور سورج کی روشنی میں کبھی بھی آپ کا سایہ نہ دیکھا گیا۔ علماء کی یہ عبارت بڑی ہی عجیب وغریب اور نادر ہے کہ انہوں نے چراغ کی روشن کا ذکر نہ کیا۔ اور حدیث طویل میں اس دعا کا پڑھنا جو بعد نمازِ شب آپ پڑھتے تھے مروی ہے کہ اسے بعض مشائخ کرام فجر کی

سنت وفرض کے درمیان پڑھتے ہیں۔اس دعا میں حضور مناجات کرتے کہ اے خدا تمام اعضاء اور ہر جانب نور بخش دے۔اور اس کے آخر میں یہ ہے کہ واجعلنی نورا (اور مجھے سراپا نور بنادے) چونکہ حضورِ انور عین نور ہیں تو نور کا سایہ نہیں ہوتا۔اور یہ کہ جب آپ طویل القامت لوگوں کے درمیان چلتے تو آپ ان میں سب سے درازتر معلوم ہوتے اور یہ کہ آپ کے کپڑوں پر کبھی مکھی نہ بیٹھتی جیسا کہ فخر الدین رازی نے بیان کی۔لامحالہ بطریق اولیٰ آپ کے جسم اطہر پر بھی نہ بیٹھتی ہوگی۔اور یہ کہ مچھر و پسو نے نہ کاٹا نہ خون چوسا اور کھٹمل آپ کو گزند نہ پہنچاتے تھے۔یہ ہیں علمائے کرام کی عبارتیں' اس سے مراد جوں وغیرہ کا نہ ہونا ہے۔اور یہ جو بعض روایتوں میں آیا ہے کہ کَانَ یُفْلِیْ ثَوْبَہٗ آپ اپنے کپڑوں میں جوں دیکھا کرتے تھے تو اس سے جوں کا دیکھنا مراد نہیں ہے (بلکہ امت کی تعلیم مقصود ہے۔تاکہ امت اس پر عمل کر کے اجر وثواب کی مستحق بنے۔مترجم) اور آپ کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آپ کی بعثت کے وقت سے کاہنوں اور شیاطین کا آسمان سے چوری چھپے خبریں سننے کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔اور آسمان کی حفاظت کی گئی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ شیاطین آسمانوں سے پوشیدہ اور چھپے ہوئے نہ تھے۔وہ آسمانوں میں گھس کر وہاں سے چوری چھپے کچھ باتیں اور خبریں لے آیا کرتے تھے۔اور وہ ان کاہنوں کے کانوں میں پھونکتے تھے جن کی روحیں شیاطین کی خبیث روحوں کی مانند خبیث تھیں۔اور ان کا ان سے روحانی تعلق تھا۔کاہن لوگ ان سے خبریں حاصل کر کے ان میں اپنی طرف سے کذب وافتراء ملا کر سناتے تھے۔جیسا کہ انبیاء علیہم السلام کو ارواح طیبہ یعنی فرشتوں سے مناسبت تھی۔اسی مناسبت سے وہ وحی اور سچی وصادق خبروں کے مورد اور مقام نزول وورود ہوتے تھے۔اور جب حضور سیّد السادات فخر موجودات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو شیاطین کو آسمان پر چڑھنے اور داخل ہونے سے روک دیا گیا۔اہل علم بیان کرتے ہیں کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی ولادت کی برکت سے انہیں تمام آسمانوں سے روک دیا گیا۔جب بھی کوئی شیطان آسمان پر چڑھنے کا ارادہ کرتا ہے تو آگ کی چنگاریوں یعنی شہاب سے انہیں مارا جاتا ہے۔یہ شہاب کبھی خطا نہیں جاتا۔کسی کو جلا ڈالتا ہے اور کسی کا چہرہ جھلسا دیتا ہے۔اور کسی کے اعضا کو تباہ اور ناکارہ بنا دیتا ہے اور ان کی عقلیں فاسد اور خراب ہوجاتی ہیں۔

فائدہ: یہ جو شیاطین کے غول' جنگلوں میں لوگوں کو راستے سے بھٹکاتے ہیں۔حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ بعثت سے پہلے ایسا نہ ہوتا تھا اور نہ کسی نے آپ کے زمانہ بعثت سے قبل اس کا ذکر کیا ہے۔حضور کے ابتدائی امر عہد میں ایسا رونما ہوا۔یہ آپ کی نبوت کی اساس اور بنیاد کا مرکز تھی۔حضرت معمر بیان کرتے ہیں کہ میں نے زہری سے پوچھا کہ کیا زمانۂ جاہلیت میں بھی ستارے یعنی شہاب گرا کرتے تھے۔انہوں نے کہا: ہاں! لیکن اس میں شدت اور زیادتی اسوقت سے ہوئی جب سے حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعثت فرمائی۔لیکن ابن قتیبہ فرماتے ہیں کہ شیاطین کو آگ کے شعلوں یعنی شہاب سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے بھی مارا جاتا تھا لیکن آپ کی بعثت کے بعد اس میں شدت وزیادتی ہوگئی۔اور آسمان کی حفاظت سخت کردی گئی۔بعض کہتے ہیں کہ ستارے گرتے تھے اور شیاطین کو ان سے مارا جاتا تھا۔لیکن اپنی جگہ وہ پھر لوٹ آتے تھے۔اسے امام بغوی نے بیان کیا ہے انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے شب اسریٰ میں زین ولگام کے ساتھ براق لایا گیا۔اہل علم فرماتے ہیں کہ اس پر دوسرے انبیاء کرام برہنہ پشت سوار ہوئے ہیں اس سے یہ معلوم ہوتا کہ انبیاء کے لیے بھی براق تھا۔روایتوں میں ایسا ہی آیا ہے کہ۔لیکن کیا یہی براق تھا جو حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔یا ہر ایک نبی کے لیے جداگانہ براق تھا جو ان کے شان اور مرتبہ کے اندازہ پر تھا۔وہ حدیث جو معراج میں آئی ہے کہ ''جب براق نے شوخ وسرکشی کی تو جبریل نے براق سے کہا آرام سے رہ' کوئی تجھ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مانند سوار نہیں ہوا'' بظاہر اس سے پہلے قول کی ہی دلالت ہوتی ہے۔(واللہ اعلم) اور یہ کہ راتوں رات حضور کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا۔اور وہاں سے مقام اعلیٰ تک'' اور آیات

کبریٰ' یعنی بڑی بڑی نشانیاں دکھائی گئی اور نظر مبارک کو ماسوی سے بچایا گیا۔ حتیٰ کہ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (نہ آنکھ جھپکی اور اور نہ بے راہ ہوئی۔) آپ کے لیے تمام انبیاء حاضر کیے گئے اور آپ نے ان کی اور فرشتوں کی امامت فرمائی۔ آپ کو بہشت کی سیر کرائی گئی اور دوزخ کا معائنہ کرایا گیا اور اس مقام تک لے جایا گیا جہاں تک کسی کا علم نہ پہنچ سکا۔ اور بچشم سر پروردگار عالم کی دید کی۔ اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کے لیے کلام ورویت جمع فرمائے۔ اور آپ کو اس عالم میں اپنے جمال کی رویت سے مشرف فرمایا۔ اور کسی فرشتے اور نبی وولی کو یہ فضلیت میسر نہ ہوئی۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جس جگہ حضور ﷺ سیر فرماتے تھے اور چہل قدمی کرتے فرشتے آپ کی پشت مبارک کے پیچھے چلتے تھے۔ چنانچہ صحابہ کرام سے فرماتے تم آگے چلو اور میری پشت فرشتوں کے لیے چھوڑ دو۔ اور یہ کہ فرشتے حضور ﷺ کی معیت میں قتال کرتے جیسا کہ غزوۂ بدر اور حنین میں واقع ہوا۔ اور اس پر قرآن کریم ناطق ہے۔ انہی خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آپ کو کتاب عزیز دی گئی۔ حالانکہ آپ اُمی تھے نہ کسی سے کچھ پڑھا لکھا اور نہ کسی مدرسے میں گئے اور نہ کسی اہل علم کی مجلس میں حاضری دی۔ یہیں سے معلوم ہوتا ہے کہ امیت آپ کی ذات مقدسہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ کیونکہ آپ حضرت الوہیت کے مظہر خاص ہیں اور آپ کسی سبب اور ذریعہ کے محتاج نہیں۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کی کتاب مبارک کو تبدیل وتحریف سے محفوظ کیا گیا باوجودیکہ بکثرت ملحدوں' زندیقوں اور معطلہ وقرامطہ نے تغیر وتبدیلی کی کوشش کی مگر اس میں کامیاب نہ ہو سکے اور نہ اس کے کسی کلمہ اور حروف میں تغیر اور اشتباہ پیدا کر سکے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ○ — کوئی باطل نہ اس کے آگے سے آ سکتا ہے نہ اس کے پیچھے سے۔ یہ حکمت والے سراہے کا نازل کردہ ہے۔

یہ کتاب عزیز ان تمام چیزوں پر مشتمل ہے جن پر گذشتہ تمام کتب ربانی تھیں۔ یہ کتاب' از منہ سابقہ کی خبروں وگذشتہ امتوں کی حالتوں اور ان کے ان احکام وشرائع کا جامع ہے جن کا آج نام ونشان نہیں اور اہل کتاب میں سے صرف ایک دو ہی ایسے ہیں جنہوں نے پڑھنے پڑھانے میں ساری عمریں ختم کر کے ان کا تھوڑا بہت حال جانا ہو۔ بایں ہمہ اس کتاب کا ایجاز اور اختصار اور اس کی مکمل تعریف اور توصیف معجزات کے باب میں آئے گی انشاء اللہ۔ اور اس کتاب کو ہر اس امتی پر جو خواہش کرے اس کا حفظ کرنا آسان کر دیا گیا۔ اور دوسری امتوں میں سے کوئی بھی اپنی کتاب کو حفظ نہیں کر سکا۔ چہ جائے کہ جم غفیر یاد کرے۔ سالہا سال اور صدیاں گزر جانے کے باوجود بچوں اور جوانوں کے لیے قرآن آج بھی آسان وسہل ہے کہ تھوڑی مدت میں حفظ کر لیتے ہیں۔ اور سہل وآسانی' شرافت وشفقت اور عزت افزائی کے لیے ''سات حرفوں'' پر اسے نازل کیا گیا۔ اس ''سات حرفوں'' کی تحقیق مشکوٰۃ شریف میں شرح کی گئی ہے۔ قرآن ہمیشہ وباقی رہنے والا معجزہ اور نشانی ہے۔ یہ تا ابد رہے گا۔ جنتی اسے جنت میں پڑھیں گے۔ اور اس کے ذریعہ ترقی درجات کریں گے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے رَتِّلْ وَارْتَقِ یعنی تلاوت کریں گے اور ترقی درجات پائیں گے تمام نبیوں کے معجزے ختم ہو گئے اور ان میں سے بجز خبر کے کوئی معجزہ باقی نہ رہا۔ مگر قرآن ایسا معجزہ ہے کہ اس کی حفاظت ونگہبانی کا ذمہ حق تعالیٰ نے خود اپنے ذمہ لیا ہے۔ چنانچہ فرمایا:

نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ. — ہم ہی نے قرآن اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت فرمانے والے ہیں۔

اور توریت وانجیل کی حفاظت کو انبیاء واحبار پر چھوڑا گیا لامحالہ تحریف وتبدیلی نے اس میں راہ پائی۔ چونکہ حق تعالیٰ نے چاہا کہ قرآن محفوظ رہے۔ اس لیے صحابہ کرام کو اس پر مقرر فرما دیا۔ تا کہ یہ نہ کہا جائے کہ جب خدا اس کا محافظ تھا تو صحیفوں میں اسے جمع کرنے کی کیا حاجت تھی۔ بعض شوافع کہتے ہیں کہ ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ'' کا ہر سورت کے جزو ہونے پر اس جگہ دلیل قوی ہے۔ کیونکہ

قرآن کریم میں اسے ثابت و برقرار رکھا گیا ہے ورنہ زیادتی لازم آتی ہے پھر کمی کا گمان بھی ہوسکتا ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ بسم اللہ کا ہر سورۃ کے شروع میں لکھنا باجماع صحابہ ہے اور بسم اللہ سورتوں کے فصل کے لیے نازل ہوئی ہے۔ کیونکہ بعض متاخرین علماء سورتوں کے اسماء اور آیتوں کے شمار کو جائز رکھتے ہیں۔ اور تغیر میں داخل نہیں ہے۔ جس سے شبہ لاحق ہوسکے۔ اور قرآن کریم کو اس کی حفاظت کے لیے لوگوں کے کلام سے بالکل مختلف و معجز بیان کیا گیا۔ یہاں تک کہ اگر کوئی ذرا بھی کمی وبیشی کرتا ہے تو اس کا نظر و اسلوب بدل جاتا ہے۔ اور ہر ایک جان لیتا ہے کہ یہ کلمہ قرآن کا نہیں ہے۔ اور لوگوں کو اس کا حفظ کرنا بھی اس کے اسباب حفاظت میں سے ہے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی بڑے دبدبہ والا بزرگ بھی ایک حرف یا ایک نقطہ کی کمی بیشی بھی کرتا ہے تو چھوٹے سے لے کر جوان تک اس کی غلطی اور تبدیلی کو پکڑ لیتا ہے۔ اور یہ کہ حق تعالیٰ نے حضورِ انور ﷺ کو سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی اور آمن الرسول یعنی سورۂ بقر کی آخری آیتوں سے مخصوص فرمایا کہ یہ عرش کے نیچے خزانوں میں سے ہیں۔ اور کسی نبی کو ان کی مثل آیتیں نہیں دی گئیں۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کو خزانوں کی کنجیاں عطا فرمائی گئیں۔ اس کا ظاہر یہ ہے کہ ملک فارس وروم کے خزانے صحابہ کرام کے قبضہ میں آئے۔ اور اس کا باطن یہ ہے کہ خزائن سے مراد اجناس عالم ہیں کیونکہ تمام رزق آپ کے دست اقتدار کے سپرد فرمایا اور ظاہر و باطن کی تربیت وقوت آپ کو مرحمت ہوئی۔ جس طرح غیب کی کنجیاں در دستِ علم الٰہی ہیں۔ اس کے سوا ذاتی علم غیب کوئی نہیں جانتا۔

اسی طرح ان کے رزق وقسمت کے خزانے حضورِ اکرم ﷺ کے دست مبارک میں عطا فرمائے۔ سیّد عالم ﷺ کا ارشاد ہے: اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَالْمُعْطِیْ هُوَ اللّٰهُ یعنی میں ہی تقسیم فرمانے والا ہوں اور وہی اللہ عطا فرمانے والا ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے۔ اور آپ رسول الثقلین ہیں۔ اور اجنہ اور انسان کی جانب مبعوث ہیں۔ اور بعض ملائکہ کی جانب بھی اور بعض تمام اجزائے عالم کی جانب بھی فرماتے ہیں۔ چنانچہ وہ آپ کی رسالت کی شہادت دیتے اور شجر و حجر آپ پر سلام عرض کرتے ہیں۔

حضورِ اکرم ﷺ کے تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہونے پر حضرت نوح علیہ السلام سے یہ اشکال لاتے ہیں کہ طوفان نوح کے بعد صرف وہی ایماندار لوگ باقی رہ گئے تھے جو آپ کی کشتی پر سوار تھے۔ ان کے سوا روئے زمین پر کوئی شخص باقی نہ رہا تھا۔ تو ان کی بعثت تمام لوگوں کے لیے ہے؟ اس کے جواب میں شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کی یہ عمومی رسالت، ان کی بعثت میں نہ تھی۔ بلکہ اس کا اتفاق اس حادثہ کی بنا پر پڑ گیا جو طوفان سے واقع ہوا۔ اور لوگ ایمانداروں کی جماعت میں منحصر ہو کر رہ گئے لیکن ہمارے نبی ﷺ کے رسالت کی عمومیت، اصل بعث اور اس کی ابتدا میں ہی تھی۔

بندہ مسکین یعنی شیخ محقق صاحب مدارج النبوۃ ثبتہ اللہ علی الطریق الحق والیقین ورحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضورِ انور ﷺ کا کافہ خلق کی طرف مبعوث ہونے کی عمومیت سے مقصود تمام عالم کا شرق سے غرب تک عرب اور عجم کا اس رسالت میں شامل ہونا ہے۔ جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبی خاص طور پر اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتا رہا ہے مگر میری بعثت ہر احمر و اسود (کالے گورے) یعنی عرب و عجم کے لیے ہے۔ احمر سے مراد عجم اور اسود سے عرب مراد ہے۔ کیونکہ عرب رنگ میں سیاہی وسبزی مائل ہوتے ہیں۔ اور قرآن کریم میں صاف طور پر اِنَّا اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ. بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف رسول بنایا۔ واقع ہے۔ نیز جماعت قلیلہ کو کافہ ناس نہیں کہا جاسکتا۔ اگرچہ حادثہ کے پیش آنے کی وجہ سے صرف اتنے ہی باقی رہے ہوں۔ گویا حضرت شیخ ابن حجر مکی کے جواب کا مفہوم ومطلب یہی ہے۔ اور یہ بھی اشکال لایا گیا کہ حضرت نوح علیہ السلام نے تمام اہل زمین پر ہلاکت کی بددعا فرمائی۔ اور ایمان داروں کے سوا جو آپ کی کشتی میں تھے۔ آپ کی بددعا سے سب ہلاک ہوگئے۔ اگر آپ ان

کی طرف مبعوث نہ ہوتے تو وہ سب کیوں ہلاک کیے جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا نہیں ہیں ہم عذاب کرنے والے جب تک کہ ہم رسول نہ بھیجیں اور بلاشبہ حدیث شفاعت میں آیا ہے کہ وہ پہلے رسول تھے تو اس کے جواب میں کہا گیا ہے کہ ممکن ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت توحید ان لوگوں کو پہنچ گئی ہو۔ کیونکہ آپ کی عمر شریف اس جہان میں بہت طویل (یعنی طوفان سے قبل ساڑھے نو سو برس تھی)۔ اور حضرت نوح کی امت نے شرک پر سرکشی کی ہو جس وہ سے عذاب کے مستحق بن گئے ہوں۔ چنانچہ شیخ ابن وقیق العید فرماتے ہیں کہ بعض نبیوں میں توحید عام ہو۔ اور شریعت کے احکام فروعی عام نہ ہوں۔ اس لیے کہ بعض نبیوں نے اپنی قوم سے شرک پر قتال کیا جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ممکن ہے حضرت نوح علیہ السلام کی موجودگی کے دوران ان کے سوا کوئی اور نبی بھی مبعوث ہوا ہو اور حضرت نوح کو معلوم ہو گیا ہو کہ لوگ ان پر ایمان نہیں لائے۔ اس بنا پر آپ نے ہر اس شخص پر بد عا فرمائی جو ایمان نہیں لایا۔ خواہ اپنی قوم کے ہوں۔ یا کسی اور قوم کے۔ یہ جواب اچھا ہے۔ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ کوئی اور نبی بھی آپ کے زمانے میں بھیجا گیا۔ حالانکہ ایسا منقول نہیں ہے۔ اور محض احتمال اور امکان کافی نہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ کے لیے بعثت عامہ کی خصوصیت سے مراد قیامت تک آپ کی شریعت کی بقا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آپ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہیں اور قیامت تک آپ کی شریعت یوں ہی برقرار رہے گی۔ اور حضرت نوح اور ان کے تمام انبیاء علیہم السلام ایک مدت کے لیے تھے۔ کیونکہ ان کے اپنے زمانہ میں یا ان کے بعد کوئی دوسرا نبی آتا اور ان کی شریعت کا کچھ حصہ منسوخ کر دیتا۔ لیکن آپ کی شریعت غراء کے منسوخ نہ ہونے پر دال ہے۔ کیونکہ آپ خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہیں۔ بعض یہودیوں کا یہ کہنا کہ محمد ﷺ خاص عرب کے لیے مبعوث ہیں فاسد اور متناقض ہے۔ اور جب بھی آپ کی رسالت کو مانیں گے تو وہ رسول کو صادق جانیں گے۔ اس لیے کہ رسول کاذب نہیں ہوتا۔ حالانکہ آپ خود دعویٰ فرماتے ہیں کہ میں تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوں' لامحالہ ضروری ہے کہ آپ کا یہ دعویٰ صادق ہے اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ کو ایک ماہ کی مسافت میں رعب وخوف سے مدد فرمائی گئی۔ ایک ماہ کی مدد کی تخصیص اس لیے کہ آپ کے شہر مبارک اور اعدائے دین کے شہروں کی مسافت ایک ماہ سے زیادہ نہ تھی۔ اور یہ خصوصیت آپ کو علی الاطلاق حاصل ہے۔ حتیٰ کہ اگر آپ تنہا ہوں اور کوئی لشکر نہ ہو تو بھی آپ کو یہ رعب حاصل ہے۔ مانا کہ یہ خصوصیت دیگر انبیاء علیہم السلام سے بھی منسوب ہے اور اگر بعض امراء وسلاطین کو یہ حاصل ہو تو یہ دوسری بات ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ آپ کو فتح ونصرت بالفعل رعب کے ساتھ حاصل ہوتی ہے جس طرح کہ جنگ وقتال کے بعد حاصل کی جاتی ہے لیکن وہ جو دلوں رعب' خوف' دبدہ اور اندیشہ ہوتا ہے وہ تمام انبیاء میں عام ہے۔ ممکن ہے کہ بعض امراء وسلاطین کو بھی حاصل ہو۔ فافہم وباللہ التوفیق۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جنگ وقتال میں آپ کی تائید فرشتوں سے کی گئی ہے۔

یہ مرتبہ کسی نبی کو بھی نہ ملا۔ اس کی تفصیل غزوات کے بیان میں اور خاص کر غزوۂ بدر سے معلوم ہو گی۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے غنیمتوں کو حلال کیا گیا حالانکہ آپ سے پہلے کسی ایک کے لیے بھی غنیمتوں کو حلال نہ کیا گیا تھا اور بعضوں کو تو جہاد کا اذن نہ تھا کہ غنائم حلال نہ ہو جائیں۔ اور بعضوں کو جہاد کا اذن تھا مگر اس کا کھانا جائز وحلال نہ تھا۔ وہ مال غنیمت کو جمع کر کے کسی جگہ اکٹھا کر لیتے۔ آسمان سے آگ نمودار ہوتی اور اسے جلا دیتی۔ غنائم کا اس طرح جل جانا قبولیت کی علامت تھا۔ مگر اس امت مرحومہ کے لیے اسے حلال بنا دیا گیا۔ اہل علم بیان کرتے ہیں کہ حضور سیّد عالم ﷺ کو ہر وہ چیز جو امت کی طبیعت وخواہش کے موافق ہے عطا فرمائی گئی ہے۔ اس لے کہ ان کی طرف خواہشیں اپنی طبیعت سے لذت پاتی ہیں۔ اور انہیں وہ قہر وغلبہ' محنت ومشقت اور رنج وتکلیف اٹھا کر حاصل کرتے ہیں۔ لہٰذا وہ نہ چاہیں گے کہ ان نعمتوں سے تلذذ وتمتع ان کے لیے

جاتا رہے۔انہی خصائص میں یہ بھی ہے کہ حضور کے لیے اور آپ کی امت کے لیے تمام روئے زمین سجدہ گاہ بنائی گئی کہ ہر جگہ نماز ادا کرنا جائز ہے۔اور کسی خاص جگہ کو سجدہ کے لیے مخصوص نہیں کیا گیا۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ زمین کو ذریعہ پاکی بنایا گیا۔اس سے مراد تیمّم ہے۔دوسری شریعتوں میں پانی کے سوا کسی دوسری شے سے طہارت کرنا درست نہ تھا۔اسی طرح دیگر امتوں کے لیے مخصوص مقامات کے سوا نماز ادا کرنا جائز نہ تھا۔مثلاً کنیسہ' کلیساء وغیرہ میں۔اگر ان سے دور ہوتے تو کیا کرتے ہوں گے۔یا تو نماز ہی نہ پڑھتے ہوں گے یا کسی شے کو اس کی طرف نسبت دے کر خاص کر لیتے ہوں گے۔مثلاً کوئی کپڑا یا لکڑی وغیرہ۔(فائدہ) میں نے علماء کی کسی کتاب میں اس کا ذکر نہ پایا بجز اس کے کہ مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہمیشہ زمین میں چلتے تھے اور جس جگہ بھی نماز کا وقت آ جاتا وہیں نماز ادا کر لیتے۔اسے س''داؤدی''اور''ابن التین''سے نقل کیا گیا ہے۔اور فتح الباری میں سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث کی مانند مروی ہے کہ انبیاء کرام علیہ السلام میں سے کوئی نبی نماز ادا نہیں کرتے جب تک کہ اپنے محراب (بیت المقدس یا کنیسہ وغیرہ) میں نہ پہنچ جاتے۔مگر ان دونوں نقلوں میں امت کا ذکر نہیں۔غرض کہ یہ مقام اشکال واختلال سے خالی نہیں۔(واللہ اعلم) بعض کہتے ہیں کہ زمین کا مسجد وطہور ہونا دوسروں کے لیے نہ تھا کیونکہ زمین مسجد تو تھی مگر طور نہ تھی۔بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ان کے لیے ہر جگہ بجز اس جگہ کے جائز نہ تھی جس کے پاک ہونے پر انہیں یقین نہ ہوتا اور یہ امت کو جائز ہے کہ جہاں نجاست کے نہ ہونے کا یقین ہو' ظاہر حال پر نظر کرنا کافی ہے (واللہ اعلم)

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات تمام انبیاء علیہم السلام کے معجزات سے بہت زائد تھے۔اور قرآن کریم سراسر معجزہ ہے اور اس میں کم سے کم جو اعجاز ہے اس کی چھوٹی سے چھوٹی سورۃ میں صرف ایک یہی کہ انا اعطینك الکوثر (ہم نے آپ کو کثرت دی) تو اسی میں غور کرنا چاہیے کہ''کثرت'' کی حد کہاں تک پہنچی ہے۔یا اس کی مقدار میں کوئی اور آیت لے کر غور کریں۔اس سلسلے میں شافی بیان باب معجزات کے آخر میں ذکر کیا گیا ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء ومرسلین کے خاتم یعنی آخری ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا قرآن مجید اس پر ناطق وشاہد ہے۔حدیث مبارک میں آیا ہے کہ میرے قصہ وداستان اور انبیاء علیہم السلام کے قصہ وداستان کی مثال ایسی ہے کہ ایک شخص نے محل بنایا۔اور اس محل کو مکمل کر دیا۔مگر اینٹ کی جگہ کسی گوشتے میں خالی رہ گئی۔لوگ جوق در جوق اس محل کو دیکھنے آتے ہیں۔اور چاروں طرف گھوم پھر کر دیکھتے ہیں۔اور تعجب کے ساتھ کہتے ہیں کہ اس خالی جگہ میں اینٹ کیوں نہ رکھی گئی تو سمجھ لو میں وہی اینٹ ہوں۔اور خاتم انبیاء ہوں۔اب عمارت تمام ہوگئی۔کسی شے کی حاجت نہ رہی۔اور بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ وَمَحَاسِنَ الْاَفْعَالِ اور مجھے مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا۔'' یہ اشارہ انبیاء کی ختمیّت کی طرف ہے۔اور یہ کہ آپ کی شریعت دائمی ہے جو قیامت تک رہے گی۔اور یہ انبیاء ومرسلین علیہم السلام کی شریعتوں کی ناسخ ہے۔اور یہ کہ آپ کی امت ان سب کی امتوں سے بہتر ہے اور آپ کی امت تمام نبیوں کی امتوں سے زیادہ ہے۔اگر انبیاء علیہم السلام بھی آپ کا زمانہ پاتے تو وہ سب آپ کی پیروی کرتے۔اس کی تحقیق باب فضائل میں گزر چکی ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ کہ حق تعالیٰ نے آپ کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا۔اگر رحمت سے مراد ہدایت لیں تو اس سے مقصود تمام لوگوں کی طرف رسول ہونا ہے۔اگرچہ وہ تمام لوگ ہدایت نہ پائیں۔اور شک وشبہ کی تاریکی میں پڑے رہیں' اگر عام تر مراد لیں تو آپ کے وجود گرامی کے واسطہ سے تمام کائنات کے لیے فیض وجودی میں شمولیت ہوگی۔اور اس کا بیان باب سوم کے اول میں گزر چکا ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو ان کے ناموں سے مخاطب فرمایا۔ مثلاً یا آدمؑ یا ابراہیمؑ یا داؤدؑ یا ذکریاؑ یا عیسیٰؑ یا یحییٰؑ وغیرہ مگر حضور انور ﷺ کو اس طرح خطاب نہ فرمایا بلکہ یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ اور یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ سے خطاب فرمایا۔ آخر کے دو ناموں سے مخاطب فرمانا شفقت ومحبت سے ہے اور محبت والے اس لذت کی لذت کو جانتے ہیں۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ امت کے لیے حضور اکرم ﷺ کا نام لے کر فریاد کرنا حرام قرار دیا گیا ہے۔ یا محمد ﷺ کہہ کر پکاریں جس طرح کہ لوگ اپنے جیسوں کو پکارتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَآءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا. (رسول کو اس کی طرح نہ پکارو جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔) بلکہ حضور کے کسی صفتی نام سے فریاد کرو۔ مثلاً یا حبیب اللہ یا رسول اللہ یا نبی اللہ وغیرہ۔ اور نہایت ادب واحترام انکساری اور نیچی آواز سے۔ اس آیہ کریمہ کی تفسیر میں مروی ہے کہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو ثقل سماعت کی شکایت تھی اور ان کی آواز بہت بلند تھی۔ جب یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی تو وہ گھر میں بیٹھ گئے اور مجلس نبوی میں حاضر نہ ہوئے ایک دن سیّد عالم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہے ثابت نہ ہمارے پاس آتے ہیں اور نہ کہیں شکل دکھاتے ہیں۔ آپ نے انہیں بلوایا اور حاضر نہ ہونے کا سبب دریافت فرمایا۔ عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر یہ آیہ کریمہ نازل ہوگئی۔ اور میں بلند آواز ہوں ڈرتا ہوں کہ کہیں میرے عمل اکارت نہ جائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تم اس آیت کے مصداق نہیں ہو۔ اور نہ ان میں سے ہوگے۔ اور حضور نے ان کے ادب واحترام پر خوش ہو کر فرمایا تمہاری زندگی کے ایام بھی اچھے ہیں۔ اور جب رحلت کروگے تو تب بھی اچھے ہی رہوگے اور ان کو جنت کی بشارت دی۔ چنانچہ وہ جنگ یمامہ کے دن شہید ہوئے۔ ان کا ذکر آخر کتاب میں ذکر خطباء کے ضمن میں آئے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اسی طرح حضور انور کو آپ کے حجرہ مبارک کے باہر سے آواز دینا بھی حرام تھا۔ اس میں حسن ادب یہ ہے کہ لوگ آئیں اور بیٹھ جائیں۔ حتیٰ کہ حضور ﷺ خود باہر تشریف لاکر انہیں مشرف فرمائیں۔ غایت ادب میں تفصیلی ذکر اپنی جگہ پر آئے گا۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے حضور ﷺ کی زندگانی، حضور کے شہر مقدس اور حضور کے زمانہ مبارک کی قسم فرمائی۔ جیسا کہ گزر چکا ہے۔ اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے سیّد عالم ﷺ سے وحی کے تمام اقسام میں کلام فرمایا۔ اس کی تحقیق مبعث کے بیان میں آئے گی۔ (انشاء اللہ) انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ اسرافیل علیہ السلام آپ کے حضور نیچے آئے حالانکہ آپ سے پہلے کسی نبی کے پاس نہ آئے تھے۔ طبرانی بروایت ابن عمر انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا کہ میرے پاس اسرافیل آئے اور وہ پہلے کسی نبی کے پاس نہ آئے اور نہ آئندہ کسی پر آئیں گے۔ انہوں نے عرض کیا آپ کے رب نے مجھے بھیجا ہے اور آپ کو حکم دیا ہے کہ میں نے آپ کو اختیار دیا ہے کہ اگر آپ چاہیں تو نبی اور بندہ رہیں اور اگر آپ چاہیں تو نبی اور بادشاہ رہیں۔ پھر میں نے حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف بطریق مشورہ دیکھا کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں اور تم کیا کہہ رہے ہو تو جبریل علیہ السلام نے میری جانب اشارہ کیا کہ متواضع رہو اور بندہ رہو۔ حضور انور فرماتے ہیں کہ اگر میں فرماتا کہ میں نبی اور بادشاہ رہوں تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ چلا کرتے۔ اسی طرح مواہب لدنیہ میں مذکور ہے۔ اسرافیل علیہ السلام ایک دو بار نہیں آئے بلکہ وہ حضور کی مجلس مبارک کے ہمیشہ حاضر باشوں میں سے تھے۔

صاحب ''سفر السعادۃ'' لکھتے ہیں کہ جب حضور انور ﷺ کی عمر شریف سات سال کی ہوئی تو آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے وفات پائی اور آپ کی کفالت وتربیت کا شرف آپ کے چچا ابوطالب کو ملا۔ حضرت حق عزاسمہ نے اسرافیل علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ وہ حضور ﷺ کی خدمت میں ہمیشہ رہیں تو اسرافیل علیہ السلام ہمیشہ آپ کے نزدیک رہے۔ یہاں تک کہ آپ نے عمر شریف کا

گیارہواں سال مکمل فرمایا۔اس وقت جبریل علیہ السلام کو فرمان ہوا کہ حضورِ انور کی خدمت میں حاضر رہو۔(ﷺ)

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ بہترین اولاد آدم ہیں۔مسلم نے بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ میں قیامت کے دن اولاد آدم کا سردار رہوں گا۔'' جب آپ روز قیامت سب سے بہتر وافضل ہوں گے تو دنیا میں بطریق اولیٰ ہیں اس لیے کہ وہ جگہ تو سیادت' عزت اور کرامت کے ظہور کی ہوگی وہاں کسی ایک کو بھی دم مارنے کی طاقت نہ ہوگی۔بجز آپ کے۔جیسا کہ آیۂ کریمہ ''مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' کی تفسیر میں اسی نکتہ کو مانند کہتے ہیں۔

ترمذی میں بروایت حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِیَدِیْ لِوَآءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ. میں بروز قیامت اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور یہ فخر نہیں' میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور یہ فخر نہیں۔'' مطلب یہ کہ حضورِ انور ﷺ حضرت عزت جل جلالہ کی ایسی حمد کریں گے کہ کسی نے ایسی نہ کی ہوگی۔اس لیے کہ حق تعالیٰ کی جتنی معرفت آپ کو حاصل ہے اتنی کسی اور کو نہیں۔اور آپ پر اس کی نعمتیں جتنی شامل ہیں اتنی کسی اور کے لیے نہیں ہیں۔ممکن ہے کہ حمد بمعنی محمودیت یعنی تعریف کے ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ روز قیامت جس قدر آپ کی مدح وثنا ہوگی کسی کی نہ ہوگی۔وہ دن آپ ہی کا دن ہے۔وہاں شان آپ کی ہی شان ہوگی۔آپ کا ارشاد کہ ''ولا فخر'' اس کا مفہوم یہ ہے کہ خصلت میری اپنی حاصل کردہ نہیں ہے۔بلکہ یہ فضل وکرامت' خدا کی جانب سے ہے) میں اسے از خود نہ پاؤں گا۔اور نہ ایسی قوت از خود مجھے ہوگی۔جس پر میں فخر کروں۔(بلکہ یہ سب خدا کی طرف سے ہے) جیسا کہ اہل علم بیان کرتے ہیں۔ممکن ہے اس سے یہ مراد ہو کہ مجھ جو اولاد آدم کی سیادت کی نسبت حاصل ہے اس پر کوئی فخر نہیں ہے۔بلکہ مجھے تو اس نسبت پر فخر ہے جو مجھے حق تعالیٰ عزاسمہ سے حاصل ہے۔جس طرح کہ بعض اہل علم' حضورِ انور ﷺ کی ولایت کو آپ کی نبوت پر فضیلت دینے میں کہتے ہیں۔اور بعض ارباب معانی یعنی اہل کلام کہتے ہیں کہ میرا فخر تو درحقیقت ذات احدیت میں فنا وگم ہونے پر ہے نہ کہ وہ جو آثار وجود اور تحت حیطہ تکوین سے ہے۔چنانچہ مشہور ہے کہ الفقر فخری' فقر میرا فخر ہے (واللہ اعلم) اسی طرح سید اولاد آدم اور سید تمامۂ خلق ہے اور خدا کے نزدیک تمام انبیاء ومرسلین' ملائکہ مقربین اور تمام زمین اور آسمان والوں سے زیادہ آپ معزز ومکرم ہیں۔ﷺ

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اور آپ کے سبب تمام اولین وآخرین کے ذنوب کے بخشا۔چنانچہ فرمایا: مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ شیخ عزالدین عبدالسلام رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ آپ کی ہی خصوصیت ہے کہ حق تعالیٰ نے دنیا میں آپ کو آمرزش کی خبر دی۔اور یہ نقل نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو ایسی بشارت نہ دی۔یہاں تک کہ وہ روز قیامت نفسی نفسی کہیں گے۔(انتہی) مطلب یہ کہ تمام انبیاء علیہم السلام اگرچہ مغفور ہیں اور انبیاء کی تعذیب جائز نہیں ہے۔لیکن صراحت کے ساتھ کسی نبی کو اس فضلیت کی خبر دنیا میں نہ دی گئی۔اور قیامت کے بارے میں ان سے اس کی تصریح کی گئی یہ حضور سیّد عالم ﷺ کی خصوصیت ہے کہ آپ اپنے غم واندیشہ سے فارغ ہو کر جمع خاطر کے ساتھ اپنی امت کے حال کی غور وپرداخت کریں۔اور امت کی شفاعت' مغفرت ذنوب اور ان کے درجات کی بلندی میں کوشش فرمائیں۔۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کا قرین (جسے ہمزاد کہتے ہیں) اسلام لے آیا۔اس بات کی تفصیل یہ ہے سیّدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی نہیں ہے مگر یہ کہ موکل گردانا گیا ہے۔اس کے ساتھ جنات میں سے اس کا ایک قرین اور فرشتوں میں سے اس کا ایک قرین۔صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ کا بھی یہی حال ہے۔فرمایا ہاں۔لیکن اللہ تعالیٰ نے اس پر میری مدد نصرت فرمائی تو وہ اسلام لے آیا۔تو وہ بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتا۔بعض کہتے ہیں

اسلام لانے سے مراد انقیاد واطاعت اور حضور پر اس کے تصرف کا عدم نفاذ ہے اور اکثر کا یہی قول ہے کہ حقیقتاً اسلام ہی مراد ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ انور ﷺ پر خطا جائز نہیں ہے۔ اسے ماوردی اور حجازی نے ''مختصر روضہ'' میں بیان کیا ہے۔ ایک جماعت کہتی ہے کہ نسیان یعنی بھول چوک بھی جائز نہیں ہے۔ امام نووی سے شرح مسلم میں اس قول کی حکایت بیان کی گئی ہے۔ اسی طرح صاحب مواہب لدنیہ نے بغیر تفصیل اور بغیر ذکر اختلاف بیان کیا ہے کہ وہ اقوال واخبار جو تبلیغ وشرائع اور وحی سے متعلق ہیں ان میں بھول چوک کے نہ ہونے یعنی عدم نسیان پر اجماع کرتے ہیں اور بسلسلہ اخبار بعض لوگوں نے اختلاف کیا ہے۔ اور ان میں نسیان کو جائز رکھا ہے۔ یہ قول ضعیف ہے اس لیے کہ خلاف واقعہ کی خبر دینا کذب وعیب ہے۔ حالانکہ حضورِ اکرم ﷺ کے دامن عزت کو اس سے پاک وصاف ماننا واجب ہے۔ اور یقین کے ساتھ معلوم ہے کہ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی عادت تھی کہ وہ حضورِ انور ﷺ کے تمام اقوال کی تصدیق اور تمام خبروں پر اعتماد کرنے میں عجلت اور سبقت کرتے تھے۔ خواہ وہ کسی باب یا کسی چیز میں ہوں۔ یہی جمہور علماء کا مذہب ہے۔ لیکن نسیان افعال میں جائز ہے۔ نماز میں اس کا وقوع درجہ صحت کو پہنچ چکا ہے۔ اب اس کے قائل ہونے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ البتہ! ضمناً یہ ضرور اعتقاد رکھنا چاہیے کہ اس میں تشریعی حکمت اور امت کو اس کی اقتداء کی سعادت پانے کی مصلحت ہے۔ اور حضور ﷺ کے حصہ بشری اور جبلی احکام کے بقا اور اعضاء کے افعال اور جوارح کے حرکات اس عالم سے متعلق ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقتہ الحال.

اب رہی خطا کی نسبت تو اگر اس خطا سے مراد خطائے اجتہادی ہے جو بعض مواقع پر رونما ہوئی مثلاً بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینا تو حضور کو ایسی خطائے اجتہادی پر ثابت وقائم نہ رکھا گیا بلکہ اس سے باخبر کر دیا گیا۔ اسی طرح نسیاں میں بھی ہے اب رہا شک تو یہ حضور سے ہرگز واقع نہ ہوا۔ مثلاً کبھی اس میں شک ہوا ہو کہ دو رکعت پڑھی ہیں یا تین۔ آپ نے فرمایا: شک وشبہہ شیطان سے ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے مردے سے قبر میں حضورِ انور ﷺ کے بارے میں یہ سوال کیا جائے گا کہ ''اس شخص کے بارے میں تو کیا کہتا ہے جو تم میں مبعوث ہوئے تھے'' (آخر حدیث تک) جیسا کہ علماء خصائص میں بیان کرتے ہیں۔ اس کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اور امتوں سے دوسرے نبیوں کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔ یعنی قبر میں ان سے اپنے اپنے نبیوں کے بارے سوال نہ ہوگا اور اس سے بعض علماء کہتے ہیں کہ سوال قبر امت محمدیہ کے خصائص میں سے ہے۔ اس لیے کہ انہیں عالم برزخ میں گناہوں سے پاک وصاف کر کے عالم آخرت میں لے جائیں گے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جائز ہے کہ خدا کی قسم! حضورِ انور ﷺ کے ساتھ کھائی جائے آپ کے غیر سے نہیں مثلاً فرشتے یا دیگر انبیاء وغیرہ۔ شیخ عزالدین ابن عبدالسلام فرماتے ہیں کہ لازم ہے کہ یہ جواز حضور کے ساتھ مخصوص اور آپ سے مقصود ہے۔ کیونکہ کوئی دوسرا آپ کے درجہ میں نہیں ہے۔ ﷺ

مواہب لدنیہ میں مذکور ہے۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات آپ کے بعد امت پر حرام قرار دیدی گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ یعنی حرمت میں وہ ماؤں کے حکم میں ہیں۔ یہ حضور ﷺ کی تکریم وتعظیم کے سبب اور بایں وجہ آپ کی ازواج جنت میں بھی آپ کی ازواج ہوں گی۔ اور ارشاد ہے:

وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا. — تمہیں لائق نہیں کہ تم رسول اللہ کو ایذا دو اور نہ یہ کہ آپ کی ازواج سے نکاح آپ کے بعد کبھی بھی کرو۔

''روضۃ الاحباب'' میں مروی ہے۔ کہتے ہیں کہ طلحہ بن عبیداللہ نے کہا تھا جب حضورِ انور ﷺ دنیا سے پردہ فرما جائیں گے تو میں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیام دوں گا تو یہ آیت نازل ہوئی اور بعض کتابوں میں کہا گیا کہ یزید شقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں طمع کی تو لوگوں نے اس پر آیت پڑھی۔ اور اس سے اُسے باز رکھا۔ یہ حرمت نکاح ان بیویوں کے بارے میں ہے جنہیں اختیار دیا گیا کہ وہ چاہیں تو دنیا اور اس کی زینت کو اختیار کر لیں۔ یا وہ چاہیں تو خدا اور اس کے رسول کو اختیار کر لیں۔ لہٰذا جن عورتوں نے دنیا کو چاہا وہ حضور سے جدا ہو گئیں۔ ان کے حلال ہونے میں اختلاف ہے۔ امام الحرمین اور امام غزالی ان کے حلال ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ لیکن وہ بیویاں جو حضور انور کی وفات کے وقت تک زندہ رہیں وہ حضور کے سوا غیر پر حرام ہیں۔ دیکھنے کے جواز میں دو وجہ ہیں۔ زیادہ مشہور تو ممانعت ہے۔ اور ''ماں'' کے حکم میں ہونے کا مطلب احترام واطاعت اور تحریم نکاح ہے نہ کہ خلوت' اور نفقہ ومیراث کے جواز میں اور یہ حکم ان کے غیر کے ساتھ متعدی ومتجاوز نہیں ہوتا۔ مثلاً کوئی یہ کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں مسلمانوں کی بہنیں ہیں۔ برقول اصح' ایسا ہی مواہب لدنیہ میں ہے۔

درحقیقت آپ کے ازواج مطہرات کی حرمت کا سبب' حضور کا قبر شریف میں زندہ ہونا ہے۔ اسی بنا پر علماء کہتے ہیں کہ ازواج مطہرات پر وفات کی عدت نہیں ہے۔ اور وہ عورت جس کو حضور نے اختیار دے کر جدا فرما دیا۔ جیسے وہ عورت جس نے حضور سے استعاذہ کیا اور وہ عورت جس کے نچلے حصہ میں سفیدی دیکھ کر جدا فرما دیا تھا ان کے بارے میں کئی قول ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ حرام ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ اسی پر پختگی سے قائم ہیں اور دوسرا قول یہ ہے وہ حرام نہیں ہے۔ امام الحرمین فرماتے ہیں کہ اگر مدخول بہا یعنی ہم بستری ہو چکی ہے تو حرام ہے۔ روایت ہے کہ اشعث بن قیس نے مستعیذہ عورت سے سیّدنا فاروق اعظم عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں نکاح کیا۔ اس پر حضرت عمر نے ارادہ کیا کہ اسے رجم کریں۔ پھر آپ کو باخبر کیا گیا کہ اس سے دخول واقع نہ ہوا تھا۔ تو حضرت عمر اس کے رجم کرنے سے رک گئے۔ اور اس باندی کے بارے میں جسے ہم بستری کے بعد جدا فرمایا اس میں بھی تین قول منقول ہیں۔ تیسرا قول یہ ہے کہ وہ حرام ہے۔ اگر موت سے جدا ہوئی۔ جیسا کہ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا جو کہ حضرت ابراہیم فرزند رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ہیں اور حرام نہیں ہیں اگر حیات میں فروخت کر دیا جائے (انتہی) یہ مسئلہ بھی اسی قبیل سے ہے۔ جس کے ذکر سے اب کوئی فائدہ نہیں۔

انہی خصائص میں سے یہ آیت حجاب نازل ہونے کے بعد ازواج مطہرات کے کالبد کا دیکھنا بھی حرام ہے۔ اگرچہ وہ برقع وچادر میں مستور ہوں۔ اور کسی ضرورت سے مثلاً گواہی وغیرہ کے لیے چہرہ اور ہتھیلی کھولنا بھی حرام تھا۔ جس طرح کہ تمام عورتوں کے لیے جائز ہے۔ اس کا فتویٰ قاضی خاں نے دیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ امہات المومنین پر بلا خلاف چہرہ اور ہتھیلیوں کا پردہ کرنا فرض کیا گیا ہے۔ اور گواہی وغیرہ میں بھی ان کا کھولنا جائز نہیں ہے اور نہ اظہار شخوص یعنی کالبد مستور در ثیاب وغیرہ مگر ان مواقع پر جو ضروریات بشری ہیں جیسے پیشاب' پاخانہ وغیرہ جائز ہے۔ اور موطا میں اس روایت سے یہ استدلال کیا ہے کہ جب حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا نے وفات پائی تو عورتوں نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے وجود کو چھپا لیا کہ کوئی ان کے وجود نہ دیکھ سکے۔ اور زینب بنت جحش نے ان کی نعش پر قبہ سا بنایا۔ تاکہ ان کا وجود پوشیدہ ہو جائے۔ صاحب مواہب لدنیہ نے شیخ ابن حجر عسقلانی سے نقل کیا ہے کہ جو کچھ فتاویٰ قاضی خان میں بیان کیا ہے اس کی فرضیت کے دعویٰ میں کوئی دلیل نہیں ہے۔ حالانکہ یہ بات متحقق ہے کہ ازواج مطہرات حج وطواف کے لیے باہر نکلتی تھیں۔ اور صحابہ وتابعین ان سے احادیث سنتے تھے ان کے بدن مبارک کپڑوں سے مستور ہوتے۔ اور کالبد مشخص وجودی پوشیدہ نہ ہوتے تھے۔ (انتہیٰ)

امہات المومنین کے حجاب کا مطلب مشخص وجود (ڈھانچے) کا عدم اظہار' اگرچہ وہ کپڑوں میں مستور ومحجوب ہوں۔ یہ کیوں مشہور وثابت ہوا۔ اور شیخ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ کا اس باب میں بحث کرنے کا مطلب کیا ہے؟ آیا فرضیت کی نفی ہے جیسا کہ ان کے ظاہر کلام

سے ظاہر ہے یا وہ انہیں ''تحت ضرورت'' میں داخل کرتے ہیں۔ حالانکہ امہات المومنین کے مشخص وجودی (ڈھانچے) کا حج وطواف میں ظاہر ہونا ثابت ہے۔ چنانچہ حدیث مبارک میں آیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ہم حج کی راہ میں عورتوں کے جھرمٹ کے درمیان چلتیں تو ہم اپنے چہروں کے سامنے سے پردے اٹھا دیتیں۔ اور جب ہم دیکھتیں کہ لوگ پہنچنے والے ہیں تو اپنے چہرہ پر پردہ الٹ لیتیں۔ اسی طرح ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ناتوانی کے باعث ہجوم میں طواف نہ کر سکتی تھیں۔ تو حضور نے فرمایا لوگوں کے پیچھے سے طواف کرو۔ بہر تقدیر یہ بالکل ظاہر ہے کہ ان کا کالبد (ڈھانچہ) ظاہر تھا اور یہ کہنا کہ قبہ یا عماری کی مانند کوئی چیز ان کے اوپر ہوتی ہوگی بعید ہے۔ اب رہا حدیث مبارک کے سنانے کی حالت تو ممکن ہے کہ وہ پس پردہ سناتی ہوں۔ چنانچہ حضرت عبدالواحد ایمن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا تو ان پر قطری اوڑھنی تھی۔ اس روایت سے ظاہر ہے کہ یہ اوڑھنی آپ کے جسم اطہر پر تھی۔ اور اگر حجاب سے یہ مراد لیں کہ وہ چیزیں جو عورتوں کو کھولنا جائز ہے مثلاً چہرہ، ہتھیلیاں تو یہ بھی ان پر حرام تھیں نہ کہ کالبد (ڈھانچہ) کا چھپانا۔ اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں کی اولاد کی نسبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی جاتی ہے چنانچہ نے فرمایا: ''ہر نبی کے اولاد اس کے صلب سے ہے۔ اور میری اولاد علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے صلب سے ہے۔ حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کی شان مبارک کے سلسلے میں حدیث پاک میں آیا ہے کہ:

هٰذَانِ ابْنَا بِنْتِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّهُمَا.

یہ دونوں میری بیٹی کے فرزند ہیں اے خدا میں ان دونوں کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی انہیں محبوب رکھ۔ اور جو انہیں محبوب رکھے تو انہیں بھی محبوب رکھ۔

دوسری حدیث میں آیا ہے کہ:

اِنَّ ابْنَیَّ هٰذَیْنِ رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا.

بیشک یہ میرے دونوں فرزند دنیا کے میرے دو پھول ہیں۔

نیز مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدتنا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے فرماتے ہیں میرے ان دونوں فرزندوں کو میرے پاس لاؤ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی بو سونگھتے اور سینہ مبارک سے چپٹاتے۔ اور سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ بیشک میرا یہ فرزند سید ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا کہ امام حسن، امام حسین رضی اللہ عنہما میں سے کوئی صاحبزادے مسجد نبوی میں آئے اور بحالت سجدہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر بیٹھ گئے۔ حضور نے اپنا سر مبارک سجدہ سے نہ اٹھایا اور سجدہ دراز فرما دیا۔

بعد نماز صحابہ کرام نے اس سجدہ کی بابت دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! کیا سجدہ میں وحی آئی تھی؟ فرمایا میری پشت اطہر پر میرا فرزند سوار ہو گیا تھا۔ میں نے اسے اچھا نہ جانا کہ جلدی کروں یہاں تک وہ خود نہ اترے اور مباہلہ والی آیت نَدْعُ اَبْنَآءَنَا (ہم اپنے فرزند کو بلائیں) بھی اسی پر دلالت کرتی ہے۔

اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ قیامت کے دن ہر ایک کا سبب ونسب منقطع ہو جائے گا۔ یعنی قیامت میں کوئی فائدہ نہ دے گا۔ مگر میرا نسب اور سبب'' اور نسب سے مراد اولاد ہے۔ اور سبب سے مراد ازواج ہیں۔ اسی بنا پر سیدنا فاروق اعظم عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی سے نکاح فرمایا یا یں تمنا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سلسلہ سبب متصل ہو جائے۔ یہ قصہ اپنی جگہ اس سے زیادہ تفصیل سے آئے گا۔

اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کی صاحبزادیوں کی موجودگی میں کسی اور سے نکاح نہیں کیا گیا۔ مطلب یہ کہ جب کسی شخص کے نکاح میں آپ کی کوئی صاحبزادی ہو تو اسے جائز نہیں تھا کہ آپ کی صاحبزادی پر کسی اور عورت کو نکاح میں (سوت بنا کر) لا

سکے۔ دراصل اس باب میں سیدتنا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا قصہ ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ابوجہل کی لڑکی سے جو مسلمان ہو کر مدینہ منورہ آ گئی تھی نکاح کرنا چاہتے تھے۔ جب حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس بات کا پتہ چلا تو وہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں اور کہنے لگیں' آپ کی قوم کہتی ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صاحبزادیوں کے حق میں برا نہیں چاہتے ''حضرت علی ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کر رہے ہیں اور آپ کچھ نہیں فرماتے۔'' اس پر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور منبر پر رونق افروز ہو کر خطبہ فرمایا اور کہا۔ میں نے ابوالعاص کے نکاح میں اپنی بیٹی دی (یہ حضور کے داماد ہیں ان سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ زینب منسوب ہوئی تھیں اور اس وقت تک وہ انہی کے گھر تھیں۔) تو اس نے ہمارے ساتھ درست روی کو اختیار کیا او ہماری رضا کو ہمیشہ ملحوظ رکھا۔

سیّدہ فاطمۃ الزہرا میری جگر گوشہ ہے۔ میں ناپسند کرتا ہوں کہ اسے کوئی آزار و تکلیف پہنچے۔ اور انھیں کسی آزمائش میں مبتلا کیا جائے۔ اور جو چیز سیّدہ فاطمہ کو ایذا دیتی ہے اور اس سے مجھے ایذا ہوتی ہے اور میں نے سنا ہے کہ علی المرتضیٰ ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہتے ہیں! خدا کی قسم رسولِ خدا کی بیٹی اور دشمن رسولِ خدا کی بیٹی ایک مرد کے عقد میں جمع نہیں ہو سکتیں۔ انہیں چاہیے کہ وہ پہلے فاطمہ کو طلاق دیں اس کے بعد اس سے نکاح کریں۔'' چنانچہ حضرت علی مرتضیٰ حاضر ہوئے۔ معذرت چاہی اور ابوجہل کی لڑکی سے نکاح کرنے کا ارادہ ترک فرما دیا۔ اس کے بعد حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی مرتضیٰ پر حرام فرما دیا کہ جب تک سیّدہ فاطمہ حیات ہیں ان کے اوپر کوئی سوت لائی جائے اور فرمایا ''اے علی! میں تمہیں اپنا محبوب رکھتا ہوں اور اس سے ڈراتا ہوں کہ تم فاطمہ کو ایذا پہنچاؤ۔ اور اس سے مجھے ایذا پہنچانا لازم آئے۔'' یہ حدیث مبارک اگرچہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے ساتھ مخصوص و منطوق ہے لیکن آپ کی کسی بیٹی پر کسی اور کو سوت بنالانا ایذا کا موجب ہے۔ اس لیے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام بیٹیوں پر جاری گردانا گیا ہے۔

اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ مسجد نبوی میں تعیین قبلہ کے لیے ''محراب'' میں جو کہ مدینہ منورہ میں ہے۔ دائیں بائیں اجتہاد و تحری نہیں کی جائے گی۔ اور شیخ الاسلام ابوزرعہ نے اس شخص کے بارے میں فتویٰ دیا۔ جس نے محراب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب نماز ادا کرنے سے انکار کیا تھا اور کہا تھا کہ میں تعیین سمت قبلہ میں اجتہاد کر کے نماز پڑھوں گا۔ اگر اس نے یہ تحری و اجتہاد یہ جان کر کیا کہ یہ محراب وہ نہیں ہے جو نبی کریم کے زمانہ میں تھی تو مرتد ہو گیا (نعوذ باللہ منہا) اور اگر وہ یہ تاویل کرتا ہے کہ موجودہ محراب وہ نہیں ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھی بلکہ اس میں ردو بدل و تغیر کیا گیا ہے۔ تو اسے کافر و مرتد نہ بنائے گا۔ کیونکہ روایتوں میں آیا ہے کہ درمیان سے تمام حجابات یعنی پردے اٹھا دیے گئے تھے اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش نظر خانہ کعبہ تھا۔ اور بالمشافہ عین کعبہ کے مقابل محراب تعمیر کی گئی اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جس نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا بلاشبہ اس نے حق اور بے شک و شبہ آپ ہی کو دیکھا اس لیے کہ شیطان آپ کی صورت میں متمثل نہیں ہو سکتا اور نہ اُسے اس کی قدرت دی گئی ہے کہ وہ حضور کا ہم شکل بن کر فریب و دھوکا دے سکے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ مَنْ رَّاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ (جس نے مجھے دیکھا اس نے حق ہی دیکھا۔) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں آیا ہے کہ مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ یعنی جس نے مجھے خواب میں دیکھا یقیناً اس نے مجھے ہی دیکھا۔'' مطلب یہ کہ اگرچہ حق تعالیٰ نے شیطان کو قدرت دی ہے کہ وہ جو صورت چاہے اختیار کر لے۔ لیکن اسے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ میں آنے کی قدرت نہ دی گئی اس لیے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم مظہر ہدایت ہیں۔ اور شیطان مظہر ضلالت گمراہی اور ہدایت و ضلالت ایک دوسرے کی ضدیں ہیں۔ یہاں تک کہ شیطان بصورت پروردگار عالم تعالیٰ و تقدس آ سکتا ہے اور دھوکہ و فریب دے سکتا ہے۔ کیونکہ حق سبحانہ و تعالیٰ ہدایت و ضلالت کا خالق یعنی پیدا کرنے والا ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک دونوں کے لیے محل اشتباہ نہیں ہے۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ فضیلت تمام انبیاء علیہم السلام کے لیے عام ہے اور شیطان کسی نبی کی صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ لیکن

صاحبِ مواہب لدنیہ اس فضیلت کو حضور ﷺ کے خصائص کے بیان میں لائے ہیں اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ کو دیکھنے میں کسی خاص شکل وصورت میں دیکھنے کی شرط نہیں ہے۔ جو شخص جس صورت میں بھی دیدار سے بہرہ ور ہو یقیناً اس نے آپ ہی کا دیدار کیا۔ اور بعض نے راہ شک اختیار کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ یہ اس تقدیر پر ہے کہ اس نے بصورت خاص مجھے دیکھا ہو۔

مطلب یہ کہ اس نے اس شکل وصورت میں دیکھا ہو۔ جو واقعتاً حضور ﷺ کی صورت مبارکہ رہی ہے۔ اور بعض نے اس سے زیادہ تنگی اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپ کو اسی خاص صورت میں دیکھا ہے جو صورت مبارکہ دنیا سے رحلت کے وقت تھی حتیٰ کہ وہ آپ کی داڑھی شریف میں سفید بالوں کی گنتی کا بھی شمار ملحوظ رکھتے تھے۔ یعنی آپ کی داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ سفید بال نہ تھے۔ اور کہتے ہیں کہ ابن سیرین جو کہ خواب کی تعبیر میں ماہر تھے ان کے پاس اگر کوئی شخص آ کر کہتا کہ میں نے خواب میں حضور کا دیدار کیا ہے تو وہ اس سے پوچھتے بتاؤ کس صورت میں تم نے دیکھا ہے۔ اگر وہ ویسی صورت نہ بتاتا جیسی کہ حضور ﷺ کی صورت تھی تو ابن سیرین کہتے تو نے حضور ﷺ کی زیارت نہیں کی۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ (واللہ اعلم)

کسی شخص نے سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے۔ آپ نے دریافت کیا کہ کس صورت میں دیکھا اس نے کہا کہ میں نے سیّدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کا ہم شکل دیکھا ہے۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو نے حضور رسول اللہ ﷺ کو درست دیکھا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ آپ کی خاص صورت اور جانی پہچانی صفات کے ساتھ دیکھنا آپ کی حقیقت کا ادراک ہے۔ اور اس کے سوا میں دیکھنا مثال کا ادراک ہے لیکن درست بات یہی ہے جس پر تمام محدثین متفق ہیں کہ جس صورت میں بھی دیکھے حقیقۃً حضور ہی کا دیکھنا ہے۔ لیکن آپ کی خاص صورت میں دیکھنا اتم واکمل ہے۔ اور صورتوں میں تفاوت آئینہ خیال کا تفاوت ہے۔ جس کا آئینہ خیالی نور اسلام سے جتنا صاف تر اور منور ہوگا اس کی رویت اتنی ہے درست اور کامل تر ہوگی۔ اس مقام کی تحقیق کی تفصیل مشکوٰۃ شریف کی شرح میں بیان کر دی گئی ہے۔ وہاں دیکھنی چاہیے۔

مسلم کی حدیث میں ہے کہ مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَةِ (جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو وہ بہت جلد مجھے بیداری میں دیکھے گا) اس حدیث کی چند وجوہات سے توجیہیں کی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ آخرت میں دیکھے گا۔ حالانکہ علماء بیان کرتے ہیں کہ آخرت میں ساری امت ہی دیدار مصطفےٰ سے بہرہ ور ہوگی۔ خواب میں رویت کی تخصیص کیا ہے۔ علماء کہتے ہیں کہ ایسی رویت کے لیے ایک خاص قسم کی رویت اور مخصوص قسم کی قربت ہوگی۔ ممکن ہے بعض گنہگاران امت' بعض اوقات میں جمال جہاں آرا کی رویت سے اپنے گناہوں کی بدبختی سے محروم رہیں۔ بخلاف ایسی رویت کے۔ کہ وہ اس محرومی اور ناکامی سے محفوظ ہو جائیں۔

دوسری وجہ یہ کہ ''بیداری میں دیکھنے سے مراد خواب میں تاویل اور اس کی صحت ہے اور یہ حضور ﷺ کے اہل زمانہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ گویا کہ انہیں بشارت دی گئی ہے کہ اہل زمانہ میں جو بھی خواب میں حضور کو دیکھنے سے مشرف ہوگیا امید ہے کہ وہ شرف صحبت سے بھی مشرف ہوگا۔ یہ معنی اظہر ہیں۔ جیسا کہ بعض روایتوں میں بھی آیا ہے کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا میرا باپ بہت بوڑھا ہے وہ حضور ﷺ کی صحبت میں حاضر ہونے کی طاقت نہیں رکھتا۔ لیکن وہ خواب میں حضور کے دیدار سے مشرف ہوگیا۔ فرمایا: مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَةِ (جس نے مجھے خواب میں دیکھ لیا عنقریب وہ بیداری میں بھی دیکھ لے گا۔) اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض مستعد ومقربان بارگاہ اور سالکان راہ کے لیے بشارت ہو کہ وہ گاہ بہ گاہ اس نعمت سے مشرف ہو کر بیداری میں دیدار کرنے کے مرتبہ وسعادت سے ہمکنار ہو جائیں۔ مگر علماء کرام حضور ﷺ کی دنیا سے رحلت فرما جانے کے بعد بیداری رویت ہونے کے خلاف ہیں۔ صاحب مواہب لدنیہ اپنے شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا ہم میں سے کوئی ایک بھی خواہ وہ

صحابہ کرام میں سے ہو یا ان کے بعد والوں میں سے بیداری میں شرف دیدار سے مشرف نہ ہوا۔ اور یہ بات تو بخوبی تحقیق سے ثابت ہے کہ سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کی رحلت پر انتہائی غم واندوہ میں رہیں حتیٰ کہ بقول صحیح اسی غم نہانی میں گھل گھل کر حضور ﷺ کی رحلت کے چھ ماہ بعد دنیا سے رخصت فرما گئیں۔ حالانکہ آپ کا گھر قبر انور کے جوار میں تھا۔ مگر اس ساری مدت فراق میں کسی ایک نے بھی ان سے بیداری میں حضور کے دیدار کی روایت نقل نہیں کی۔ لیکن بعض صالحین نے اپنے نفوس کی حکایت بیان کی ہیں۔ جیسا کہ بازری کی ''توثیق عبرس الایمان'' میں ابن ابی حمیرہ نے کی۔

'بہجۃ النفوس' میں عفیف یافعی کی ''روض الریاحین'' اور ان کی دیگر تصانیف میں اور شیخ صفی الدین بن المنصور کے اپنے رسالہ میں مذکور ہیں۔ نیز مواہب لدنیہ میں ابن ابی حمیرہ کی عبارت نقل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلف وخلف کی ایک ایسی جماعت نے ذکر کیا ہے جو اس حدیث کی تصدیق کرتی ہے۔ یعنی مَنْ رَّاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَۃ (جس نے مجھے خواب میں دیکھا عنقریب وہ بیداری میں مجھے دیکھے گا) کہ ہم نے حضور کو خواب میں دیکھا اس کے بعد بیداری میں دیدار سے مشرف ہوئے۔ اور انہوں نے حضور سے اپنی پریشانیوں اور مشکلات سے نجات پانے کا ذریعہ معلوم کیا۔ حضور نے انہیں ان سے روخلاصی کی راہیں ہدایات فرمائیں۔ اگر انسان کرامات اولیاء پر اعتقاد نہ رکھے تو اس سے بحث ہی نہیں ہوسکتی۔ اس لیے کہ اس سے جو بھی کہا جائے گا وہ اس کی تکذیب کرے گا اور اگر وہ اعتقاد رکھتا ہے اور تصدیق کرتا ہے تو اس سے کہنا چاہیے کہ بیداری میں دیدار سے مشرف ہونا بھی انہی کرامتوں کے زمرہ میں سے ہے۔ اس لیے کہ اولیاء کرام کے لیے ایسے ایسے خرق عادات اور عجیب وغریب واقعات خواہ وہ عالم علوی سے ہوں یا عالم سفلی سے منکشف ہوتے ہیں جن پر کسی اور انسان کی دسترس ناممکن ہے'' نیز صاحب مواہب لدنیہ نقل کرتے ہیں کہ شیخ ابو منصور نے اپنے رسالہ میں ذکر فرمایا کہ ''اہل کمال بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ شیخ ابوالعباس قسطلانی بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَخَذَ اللّٰہُ بِیَدَیْکَ اَحْمَدُ یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری دستگیری کرے اے احمد!''

اور شیخ ابوالسعود سے صاحب مواہب لدنیہ نقل کرتے ہیں کہ میں نے تمہارے شیخ ابوالعباس اور دیگر مشائخ وصلحائے زمانہ کی زیارت کی ہے۔ پھر میں سب سے قطع تعلق کر کے مشغول ہوگیا اور مجھ پر انکشافات شروع ہوگئے۔ پھر میں نے شیخ کو بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر دیکھا اور حضور نے سب کے بعد مجھ سے مصافحہ فرمایا۔''

حضرت شیخ ابوالعباس حراں فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ حضور انور اولیاء کرام کے لیے احکام وفرامین تحریر فرما رہے ہیں۔ میرے بھائی جن کا نام محمد ہے ان کے لیے بھی حضور نے ایک فرمان تحریر فرمایا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے لیے حضور نے کوئی فرمان نہ لکھا۔ حضور نے ارشاد فرمایا: اس کے سوا ان کا ایک مقام ہے۔

امام حجۃ الاسلام نے اپنی کتاب ''المنقذ من الضلال'' میں فرماتے ہیں کہ ارباب قلوب' بیداری میں فرشتوں اور ارواح انبیاء علیہم السلام کا مشاہدہ کرتے ان کی آوازیں سنتے اور ان سے انوار کا اقتباس اور فوائد کا استفادہ کرتے ہیں۔

حضرت سید نور الدین الحی والد ماجد سید صفی الدین وسید عفیف الدین سے حکایت بیان کی گئی ہے کہ انہوں نے بعض اوقات بوقت زیارت' قبر شریف کے اندر سے جواب سلام یعنی علیك السلام یا ولدی کو سنا ہے۔

مواہب لدنیہ میں اس قسم کی بہت سی حکایتیں بیان کی گئی ہیں۔ جن سے دیدار بحالت بیداری اور خواب دونوں کا احتمال موجود ہے۔ اور نقل کرتے ہیں کہ شیخ شہاب الدین سہروردی قدس اللہ سرہ العزیز ''عوارف المعارف'' میں حضور سیدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا میں نے اس وقت تک نکاح کرنے کا ارادہ نہ کیا جب تک رسول خدا ﷺ نے مجھ سے نکاح

کرنے کا حکم نہ فرمایا۔

راقم ایں حرف بندہء مسکین عبدالحق بن سیف الدین (محدث دہلوی رحمتہ اللہ) ثبتہ اللہ فی مقام الصدق والیقین کہتا ہے کہ ''بہجۃ الاسرار'' میں جو کہ شیخ ابوالحسن علی بن یوسف شافعی لخمی رحمتہ اللہ کی تصنیف ہے۔ان شیخ کے اور حضور سیّدنا غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے درمیان صرف دو واسطے ہیں۔وہ حضرت شیخ جلیل القدر ابوالعباس احمد بن شیخ عبداللہ از ہری حسینی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ میں حضور سیّدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی مجلس شریف میں حاضر ہوا۔اس وقت آپ کی مجلس مبارک میں دس ہزار لوگ بیٹھے ہوئے تھے اور شیخ علی بن ہیتی غوث الاعظم کے بالکل سامنے مواجہ میں تھے۔اس لیے کہ ان کے بیٹھنے کی جگہ یہی مقرر تھی۔انہیں غنودگی نے گھیرا۔اس وقت حضور غوث الاعظم نے فرمایا خاموش ہو جاؤ۔چنانچہ تمام لوگ خاموش ہو گئے اور ان کی سانسوں کی آواز کے سوا کوئی دوسری آواز سنائی نہ دیتی پھر حضور غوث الاعظم منبر شریف سے اترے اور حضرت شیخ ہیتی کے سامنے باادب دست بستہ کھڑے ہو گئے اور خوب غور سے ان کی طرف دیکھنے لگے۔پھر جب شیخ علی نیند سے بیدار ہوئے تو فرمایا اے شیخ کیا تم نے خواب میں حضور ﷺ کا دیدار کیا ہے۔وہ کہنے لگے ہاں! فرمایا میں اسی وجہ سے ادب بجالایا تھا۔اور فرمایا حضور نے تمہیں کیا نصیحت فرمائی ہے۔انہوں نے کہا: مجھے آپ کی خدمت میں حاضر رہنے کا حکم فرمایا ہے۔اس وقت شیخ علی ہیتی نے لوگوں سے فرمایا کہ میں نے جو کچھ خواب میں دیکھا۔حضور غوث الاعظم نے اسے بیداری میں دیکھ لیا۔اس روز اہل مجلس میں سے سات آدمی (خوف وخشیت الٰہی سے) فوت ہو گئے تھے۔واضح رہنا چاہیے کہ صاحب مواہب لدنیہ نے بعد از نقل اقوال مشائخ در رویت حضور اکرم ﷺ شیخ بدرالدین حسن بن اہرل سے روایت نقل کی ہے کہ بیداری کی حالت میں رویت شریف کا وقوع ان اولیاء کرام کی خبروں سے حد تواتر تک ثابت ہو چکا ہے۔جن سے ایسا علم قوی حاصل ہوتا ہے۔جس سے کسی قسم کا شک وشبہ باقی نہ رہے۔وقوع رویت کے وقت ان اولیائے کرام کے حواس گم ہو جاتے ہیں اور ان پر ایسا حال وارد ہوتا ہے جس کو لفظوں میں ادا نہیں کیا جا سکتا۔اس رویت میں ان کے مراتب واحوال مختلف ومتفاوت ہیں۔کبھی وہ خواب میں دیدار سے مشرف ہوتے ہیں اور کبھی حواس کی غیبوبیت میں جسے وہ بیداری خیال کرتے ہیں اور دیدار سے سرفراز ہوتے ہیں۔اور کبھی اپنے ہی تصور وخیال کو دیکھ کر گمان کر لیتے ہیں حقیقتاً حضور کا دیکھنا نیند اور بیداری کے مابین ہوتا ہے۔جسے ہم غنودگی کہتے۔ہاں وہ ارباب قلوب جو ہمیشہ مراقبہ وتوجہ میں قائم رہتے ہیں اور نفسانی کدورتوں سے پاک وصاف اور دنیا واہل دنیا سے مطلقاً کنارہ کش اور حضور ﷺ کی جمال پر انوار کے عاشق اور مشتاق رہتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک ولی اپنے تمام اہل وعیال اور مال ومنال سے جدا ہو جاتا ہے۔پھر وہ نبی کریم ﷺ کا دیدار اس شان کے ساتھ کرتا ہے جس طرح کہ حضور سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے عالم شہود میں اپنی آنکھوں سے نبی کریم ﷺ کی صورت متمثلہ کی زیارت کی۔اور ان کو اتنا اختیار تھا کہ وہ ہر عالم میں جہاں جسمانی علائق سے مبرا ہوتے ہیں حالت ذوق میں کلام کرتے ہیں۔

حضرت شیخ ابوالعباس مرسی سے مروی ہے کہ کہا اگر مجھ سے ایک لحظہ کے لیے جمال جہاں آراء سیّد عالم ﷺ پوشیدہ ہو جائے تو میں اپنے آپ کو مسلمانوں میں شمار نہ کروں۔یہ بھی حضور اکرم ﷺ کے سنن وآداب اور سلوک ومناہج میں دوامی مشاہدہ وحضور پر محمول ہے۔یہ حضور اکرم ﷺ کے اس طریقہ ارشاد پر ہے جس میں فرمایا الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ یعنی ''احسان'' یہ ہے کہ تم اللہ کی اس طرح عبادت کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو۔اور بدر اہلال نے شیخ ابوالعباس مرسی کے اس قول کے بعد کہا کہ مشائخ کرام کے کلام واقوال میں جو کچھ واقع ہے۔اس کو جائز رکھنے کے بارے میں یہ قول ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ حجاب غفلت ونسیان سے حضور در پردہ نہیں ہیں اور دائمی طور پر اعمال واقوال میں مراقبہ وحضور اور استحضار کی جہت سے مشاہدہ میں ہیں۔اور یہ مراد نہیں لیا کہ اپنی آنکھوں سے

حضورِ انور ﷺ کی روح پیکری سے محجوب نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ محال ہے واللہ اعلم۔ مواہب لدنیہ کی عبارت کا یہ اختصار وخلاصہ ہے کہ جو انہوں نے چشمِ سر بیداری میں رویت کے انکار میں نقل کیا ہے۔

بندہ مسکین ثبتہ اللہ علی طریق الصدق والیقین یعنی شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ دوامی مراقبہ' حضور غلبہ شوق ومحبت' رویت بچشم خیال اور مثال کا تصور کرنا یہ اہل طلب اور اصحاب سلوک کا ایک مرتبہ ہے۔ جس سے وہ متمتع اور محفوظ ہوتے ہیں۔ سلسلہ کلام صورت ومثال کی رویت پر چل رہا ہے۔ جیسا کہ خواب میں جائز ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کا جوہر شریف متصور ومتمثل ہو جائے اور اس میں شیطان کے متصور ومتمثل ہونے کا شبہ تک نہ رہے۔ یہ بات بیداری میں بھی حاصل ہوتی ہے۔ جیسا کہ سونے والا نیند میں دیکھتا ہے۔ جاگنے والا بیداری میں دیکھتا ہے؟ ''بہجۃ الاسرار'' کی حکایت سے یہی ظاہر ہوتا ہے۔

اسی طرح ایک حدیث میں آیا ہے کہ میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کئی ہزار بنی اسرائیل کے ساتھ احرام باندھتے' تلبیہ پڑھتے اور حج کرتے دیکھا ہے۔ اس کیفیت کو بھی خواب اور یقین میں مبالغہ پر محمول کرنا ظاہر کے خلاف ہے۔ تمثیل ملکوتی بصورت ناسوتی یعنی انسانی شکل میں فرشتوں کا آنا حقیقت امری ہے اس سے یہ مستلزم نہیں کہ حضورِ انور ﷺ قبر شریف سے نکل آئے ہوں گے۔ اور نہ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ بیداری میں دیدار سے مشرف ہونے والوں کو ''اصلاحی صحابہ'' کہا جائے۔ لیکن بعض وجوہ میں یہ صحابی کے حکم میں ضرور ہوں گے۔ اور اگر عالم حسی سے غلبہ ذکر کی وجہ سے غیبوبت ثابت کریں اور نیند وخواب کا اثبات نہ کریں تو کوئی امر مانع نہیں ہے۔ اس لیے کہ نیند نام ہے دماغ میں غلبۂ رطوبت مزاجی کی وجہ سے حواس کے معطل ہو جانے کا۔ اور اس جگہ حواس کی غیبوبت' ذکر شہود کے غلبہ کی وجہ سے ہے اور یہ بیداری میں ہے نہ کہ نیند میں۔

خلاصہ مبحث یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کو بعد از رحلت دیکھنا مثالی ہے جیسا کہ نیند میں دیکھا جاتا ہے۔ اسی طرح بیداری میں بھی مشرف ہوا جا سکتا ہے اور وہ وجود مبارک جو مدینہ منورہ میں اپنی قبر شریف میں آسودہ ہے وہی متمثل ہوتا ہے۔ اور ایک آن میں متعدد مقامات پر جلوہ افروز ہوتا ہے جو عوام کو خواب میں اور خواص کو بیداری میں دیدار سے مشرف فرماتا ہے۔ صاحب مواہب لدنیہ خود فرماتے ہیں کہ جو شخص اولیائے کرام کی کرامتوں کی تصدیق کرتا ہے اور یہ کہ اولیائے کرام اس قابل ہیں کہ ان پر زمین وآسمان کی کی ہر چیز بے شک وشبہ منکشف ہو جائے۔ تو یہ دیدار بھی اسی قبیل سے ہے اور امام غزالی رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ عوام میں سے ہر وہ شخص جو کچھ خواب میں دیکھتا ہے اسے خواص حالت بیداری میں پاتے ہیں اور عوام جو کچھ محنت ومشقت سے حاصل کرتے ہیں اولیاء کرام ان کو اللہ تعالیٰ کی موہبت یعنی عطا سے پاتے ہیں۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ.

تنبیہ: اگرچہ حضورِ اکرم ﷺ کا خواب میں دیدار سے مشرف ہونا حق وثابت ہے لیکن علماء فرماتے ہیں کہ خواب میں جو کچھ از قبیل احکام سنے اس پر عمل نہ کرے۔ یہ اس بنا پر نہیں کہ رویت میں کوئی شک وتردد ہے بلکہ اس لیے ہے کہ خواب میں یعنی نیند کی حالت میں ضبط وحفظ ناپید ہے۔ جیسا کہ علماء فرماتے ہیں اور احکام سننے سے مراد ایسے شرعی احکام ہیں جو دین وشریعت کی مخالف ہوں (ان پر عمل نہیں کیا جائے گا۔) ورنہ بعض وہ علوم جو اس قبیل سے نہیں ہیں ان کے ماننے اور ان پر عمل کرنے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ کیونکہ بکثرت محدثین کرام نے احادیث کریمہ کی تصحیح حضورِ اکرم ﷺ سے کی ہے اور عرض کیا ہے کہ کیا فلاں حدیث آپ سے روایت کی گئی ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا ہاں یا نہیں۔ اور بیداری میں رویت سے بھی مشائخ نے استفادہ علوم کیا ہے (واللہ اعلم)۔

اسم مبارک پر نام رکھنا: انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کے اسم مبارک پر نام رکھنا مبارک ونافع اور دنیا وآخرت میں حفاظت میں لینے والا ہے۔ چنانچہ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا: بارگاہِ حق میں دو

بندے کھڑے کیے جائیں گے اس پر حق تعالیٰ انہیں جنت میں داخل کرنے کا حکم فرمائے گا۔ یہ دونوں بندے عرض کریں گے اے خدا کس چیز نے ہمیں جنت کا اہل اور مستحق بنایا حالانکہ ہم نے کوئی نیک عمل نہیں کیا بجز اس کے کہ تیری رحمت سے ہم جنت میں جانے کے امیدوار تھے۔ اس پر اللہ رب العزت جل وعلیٰ فرمائے گا تم جنت میں داخل ہو جاؤ۔ اس لیے کہ ہم نے اپنی ذات کی قسم اپنے اوپر لازم کرلیا ہے کہ میں اسے ہرگز جہنم کی آگ میں نہ بھیجوں گا جس کا نام احمد یا محمد ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضورِ اکرم ﷺ سے فرمایا: مجھے قسم ہے اپنے عزت وجلال کی کسی ایک پر عذاب نہ کروں گا جس کا نام تمہارے نام پر ہے۔ سیّدنا علی ابن طالب کرم اللہ وجہ سے مروی ہے کہ فرمایا کوئی دستر خوان نہیں ہے کہ بچھایا گیا ہو اور اس پر لوگ کھانے کے لیے آئیں اور ان میں احمد یا محمد کے نام والے ہوں مگر یہ کہ حق تعالیٰ اس گھر کو جس میں یہ دستر خوان کھانے کا بچھایا گیا ہو اسے روزانہ دو مرتبہ پاک نہ فرمائے۔ اسے ابو منصور دیلمی نے روایت کیا۔ نیز یہ بھی مروی ہے کہ کوئی گھر نہیں ہے جس میں نام محمد والے ہوں مگر یہ کہ حق تعالیٰ انہیں برکت دے۔ ایک حدیث میں ہے جو قوم کسی مشورہ کے لیے جمع ہوئی اور ان میں کوئی شخص ایسا موجود ہے جس کا نام محمد ہے تو یقیناً اللہ تعالیٰ ان کے نام میں برکت عطا فرمائے گا۔ ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ جس کا نام محمد ہوگا حضور اس کی شفاعت کریں گے اور جنت میں داخل کرائیں گے۔ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

فان لی ذمته منه بتَسْمِیَتِیْ محمد وهو اوفی الخلق بالذمم

صاحب مدارج النبوۃ نے ایک مرتبہ خواب میں حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا کہ ان کے سامنے کھڑے ہیں۔ حاضرین مجلس نے عرض کیا کہ محمد عبدالحق (محدث دہلوی رحمۃ اللہ) سلام عرض کررہے ہیں۔ حضور غوث پاک کھڑے ہوگئے اور معانقہ فرمایا اور فرمایا کہ تم پر آتش دوزخ حرام ہے۔'' بظاہر یہ بشارت اسی نام رکھنے کی برکت کا نتیجہ میں ہے۔ کیونکہ علماء کا اس پر اتفاق ہے۔ بعض علماء اسم مبارک اور آپ کی کنیت دونوں کو جمع کرکے نام رکھنے کو منع فرماتے ہیں اور ایک ایک کرکے رکھنے کو جائز کہتے ہیں۔ (یعنی یا تو ابوالقاسم نام رکھو یا محمد نام رکھو) یہ قول زیادہ صحیح ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں کئی مذہب ہیں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ مطلقاً ممنوع ہے۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ مطلقاً جائز ہے اور تیسرا مذہب یہ ہے کہ ابوالقاسم نام رکھنا اس شخص کے لیے جائز ہے جس کا نام محمد نہیں ہے۔ اور جو حضرات مطلقاً جائز کہتے ہیں وہ ممانعت والی حدیثوں کو حضورِ اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کی حالت کے ساتھ مخصوص ومقید کرتے ہیں۔ یہ قول اقرب الی الصواب ہے۔ (انتہی)۔

بارگاہِ نبوی میں بلند آوازی کی ممانعت: انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حدیث رسول پڑھتے وقت غسل کرنا اور خوشبو ملنا مستحب ہے۔ حدیث رسول ﷺ کو پڑھتے وقت آواز کو پست کیا جائے۔ جس طرح کہ حیاتِ طیبہ میں جب گفتگو ہوتی تو آواز پست رکھی جاتی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ. اے ایمان والو نبی کی آواز سے اونچی اپنی آوازوں کو نہ بلند کرو۔

اس لیے کہ آپ کا کلام اور حدیث پاک مروی وماثور ہے اور یہ آپ کے بعد عزت ورفعت میں آپ ہی کی آواز کی مانند ہے۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ کسی اونچی اور بلند جگہ پر پڑھا جائے۔

حضرت مطرف سے مروی ہے کہ جب لوگ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آتے تو پہلے باندی کو بھیج کر دریافت کراتے

کہ شیخ سے کیا چاہتے ہو؟ آیا حدیث پاک یا مسائل شرعیہ؟ اگر لوگ مسائل کہتے تو فوراً باہر تشریف لے آتے۔ اور ان کو مسائل تعلیم فرماتے ایک اور روایت میں یہ ہے کہ آپ اندر ہی سے مسائل کے جواب بھیج دیتے اور اگر لوگ حدیث پاک سننے کی استدعا کرتے تو پہلے آپ غسل خانے میں جاتے غسل کرتے سفید لباس پہنتے' سر پر عمامہ باندھتے۔ چادر اوڑھتے' خوشبو لگاتے' کرسی رکھی جاتی پھر آپ باہر تشریف لاتے اور کرسی پر جلوس فرماتے۔ اور عود و عنبر کی دھونی لگائی جاتی اور خشوع و وقار کے ساتھ حدیث مبارک پڑھتے حالانکہ قرأتِ حدیث مبارک فرمانے کے سوا آپ کرسی پر نہ بیٹھا کرتے تھے۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ امام مالک رحمتہ اللہ نے یہ روش حضرت سعید بن مسیّب سے حاصل فرمائی تھی۔

حضرت قتادہ اور مالک اور دوسری جماعت بے وضو قرأتِ حدیث کو مکروہ جانتے تھے۔ حضرت اعمش کی تو یہ عادت تھی کہ جب یہ بے وضو ہو جاتے تو تیمم کر لیتے تھے۔ اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کے ذکر مبارک' حدیث مبارک' اسم مبارک اور آپ کی سیرت پاک کے سننے کے وقت ویسا ہی احترام' تعظیم' اور توقیر لازم ہے۔ جیسی کہ آپ کی مجلس مبارک کی حاضری میں تھی۔

کسی آنے والے کی خاطر قرأت حدیث کے وقت کھڑا نہیں ہونا چاہیے اس لیے کہ حضور کے ادب و احترام پر دوسرے کو ترجیح ملتی ہے۔ اور یہ کہ غیر کی طرف متوجہ ہونے سے آپ کی حدیث میں رکاوٹ لازم آتی ہے۔ خاص کر فساق و فجار اور مبتدع لوگوں کے لیے تو ہرگز نہ کھڑا ہو۔ سلف صالحین کی یہ عادت مستمرہ تھی کہ احترام حدیث نبوی ﷺ کی خاطر نہ حدیث میں قطع کرتے اور نہ حرکت کرتے اگرچہ ان کے جسموں پر کوئی آفت یا ضرر ہی کیوں نہ پہنچتا۔ منقول ہے کہ ایک مرتبہ امام مالک رحمتہ اللہ کے جسم مبارک پر بچھو نے سترہ مرتبہ ڈنک مارا' مگر آپ نے جنبش تک نہ کی اور صبر و تحمل فرماتے رہے۔ اور حدیث نبوی ﷺ کی تعظیم و توقیر کی خاطر حدیث کو قطع نہ کیا۔ اسے ابن الحاج نے ''المدخل'' میں بیان کیا ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ ہر وہ شخص جس نے حضورِ اکرم ﷺ سے ایک لمحہ کے لیے ملاقات کی یا آپ کی مجلس مبارک میں بیٹھا اور ایک لحظہ اور ایک نظر جمال مبارک کو دیکھا اس کے لیے صحابیت ثابت ہے۔ علماء اسے حضور ﷺ کے خصائص میں لکھتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ عرف و عادت میں تو طویل عرصہ رہنے اور عرصہ دراز تک ہم نشینی حاصل ہونے کو مصاحبت کہتے ہیں مگر یہاں ایک لحظہ اور ایک نظر بھی میسر آ جاتے تو صحابیت حاصل ہو جاتی ہے۔ اور بقول صحیح و مختار ایسے ہی کو صحابی کہتے ہیں۔

علماء نے بکثرت ایسے خصائص کا بھی ذکر کیا ہے جو حضورِ اکرم ﷺ اور تمام انبیاء علیہم السلام کے درمیان مشترک ہیں۔ مثلاً نیند سے وضو کا نہ ٹوٹنا اور شیطان کا متمثل نہ ہونا اور جماہی وغیرہ کا نہ آنا وغیرہ۔ ممکن ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کو بیک نظر جمال انور دیکھنے اور صحبت اختیار کرنے سے نورانیت اور کمال حاصل ہو جاتا ہے۔ اور یہ صفات ان میں ظاہر ہو جاتی ہوں۔ جیسا کہ کہتے ہیں کہ حضو انور ﷺ کی محض ایک نظر مبارک کی یہ تاثیر ہے کہ بیوقوف نادان پر پڑ جائے تو وہ حکمت و دانائی کی باتیں کرنے لگتا ہے۔ اور قوت القلوب میں ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ کے جمال جہاں آرا پر ایک نظر پڑنے سے ایسا کچھ نظر آنے لگتا ہے اور ایسے ایسے انکشافات ہونے لگتے ہیں جو متعدد چلوں اور مراقبوں سے نہیں حاصل ہو سکتے۔ حضور سید الانبیاء ﷺ کے یہ ایسے خصائص و معجزات ہیں جو کسی دوسرے نبی میں نہ تھے۔ اسے بھی حضور کے خصائص میں شمار کیا ہے۔

نیز یہ بھی منجملہ خصائص میں سے ہے کہ حضور ﷺ کے تمام صحابہ کرام عادل ہیں کیونکہ ان کی مدح و تعدیل میں کتاب و سنت واضح طور پر شاہد ہیں ان کی عدالت میں کسی ایک کے بارے میں بھی کسی کو کلام نہیں ہے۔ جیسا کہ حدیث کی تمام راویوں میں تنہا صحابی کی (منفرد) روایت کو فرد و غریب نہیں کہتے۔ بلکہ صحابہ کے بعد تابعین اور ان کے بعد کے راویوں میں فرد و غریب بولا جاتا ہے۔ اہل سنت

وجماعت کا تمام صحابہ کے عادل ہونے پر اجماع ہے اگر چہ ان میں سے بعض پر فتنوں اور شورشوں کی نسبت ہے۔ مگر حسن ظن کی بناء پر کہتے ہیں کہ شورشیں اور فتنے ان کے اجتہاد اور تاویل میں خطا واقع ہونے کی بناء پر ہوئے ہوں گے۔ ان کے فضائل وکمالات میں کوئی شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ حضور کے اوامر اونواہی کو غایت درجہ بجالاتے' حضور ﷺ کی صحبت میں حاضر رہتے۔ غزوہ جہاد میں حضور کے ہمرکاب رہتے' ممالک واقالیم کے فتح کرنے' لوگوں میں احکام وہدایت کرتے' نماز وروزہ اور زکوۃ وغیرہ عبادات میں ہمیشہ مشغول رہتے اسمیں کوئی اشتباہ نہیں پایا جاتا۔ ان صحابہ کرام میں جرأت وشجاعت' بخشش وکرم اور اخلاق حمیدہ کے ایسے صفات کمال تھے کہ گزشتہ امتوں میں سے کسی امتی کو حاصل نہ تھے۔

نیز جمہور علماء کا مذہب ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خیار امت اور افاضل ملت ہیں اور ان کے بعد والوں میں سے کوئی بھی ان کے مرتبہ ومقام تک نہیں پہنچ سکتا۔ اور بعض علماء نے جیسے حضرت ابن عبداللہ (جو کہ مشہور محدثین میں سے ہیں) اور ان کی مانند اوروں نے بھی ان کے بارے میں یہی کہا ہے کہ اس جماعت میں وہ کون ہوگا جو ان کے بعد آئے۔ اور ان کے کمالات علمی وعملی میں ان سے افضل ہو؟ بعض صحابہ سے ارتکاب گناہِ کبیرہ ہوا۔ اور ان پر حد شرعی قائم کی گئی۔ ابن عبداللہ نے ان حدیثوں سے استدلال کیا۔ جو آخر امت کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں۔ اور بعض محدثین کہتے ہیں کہ صحابہ کی افضلیت اور سب سے بہتر ہونے کی فضیلت ان صحابہ کبار کے ساتھ خاص ہے جو حضورِ اکرم ﷺ کی صحبت میں طویل عرصہ حاضر رہے۔ اور انہوں نے حضور سے بہت استفاضہ اور استفادہ کیا۔ قول مختار پہلا ہی قول ہے۔ اور حق یہ ہے کہ حضور ﷺ کی رویت کی فضیلت اور یقین کا حاصل ہونا اور بالمشاہدہ ایمان سے مشرف ہونا صحابہ کرام ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔ کوئی دوسرا ایسی فضیلت نہیں رکھتا۔ اور وہ حدیثیں جو آخر امت کی فضیلت میں وارد ہیں ان کی حیثیت اور ہے۔ کیونکہ ان کا ایمان بالغیب ہے۔ جیسا کہ ''یومنون بالغیب'' (بے دیکھے ایمان لائیں) کی تفسیر میں مفسروں نے بیان کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

انہی خصائص میں سے یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ مصلی یعنی نماز پڑھنے والا نماز میں یا درود وسلام بھیجنے والا حضورِ انور ﷺ کو صیغۂ خطاب سے اپنے قول میں ''السلام علیک ایہا النبی'' سے مخاطب کرتا ہے۔ آپ کے سوا کسی اور کو ایسے صیغۂ خطاب سے مخاطب نہیں کرتا۔ اگر اس خطاب سے یہ مراد ہے کہ حضورِ انور ﷺ کے سوا کسی اور پر خاص کر کے سلام بھیجنا واقع نہیں ہوا ہے تو یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی اس حدیث مبارک کے موافق ہے جس میں مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جب ہم حضورِ انور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تو ہم کہتے ''السلام علی اللہ' السلام علی جبریل' السلام علی میکائیل' السلام علی فلان'' پھر جب حضور نماز سے فارغ ہوئے تو اپنا رخ انور ہماری طرف پھیر کر فرمایا ''السلام علی اللہ'' نہ کہو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ خود سلام ہے یعنی ہر نقص سالم ومحفوظ جو خوف واحتیاج کا وہم پیدا کرتا ہے بے معنیٰ ہے۔ لہٰذا جو کوئی تم میں سے نماز کے قعدہ میں بیٹھے تو وہ کہے کہ **التحایت اللہ ولاصلوات والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلیٰ عباد اللہ الصالحین.**''

جب بندے نے یہ کلمات کہے تو خدا کے ہر صالح بندے کو خواہ آسمان میں ہو یا زمین میں سلام پہنچتا ہے۔ (آخر حدیث تک) لہٰذا اس جگہ خصوصیت کے ساتھ حضورِ اکرم ﷺ پر سلام کا پیش کرنا واقع ہے اور دوسروں کو عمومیت کے زمرہ میں رکھا ہے۔ اور اگر ''التحیات'' میں باوجود غیبوبیت نظر کے حضورِ اکرم ﷺ کو صیغہ خطاب سے سلام عرض کرنا خصائص سے مراد لیں تو اس کی بھی ایک وجہ ہے۔ وہ یہ کہ علماء فرماتے ہیں چونکہ شب معراج میں صیغہ خطاب سے رب العزت جل وعلیٰ کی جانب سے حضورِ اکرم ﷺ پر وارد ہوا تھا۔ اس کے بعد اسی صیغہ کو بحالہ برقرار رکھا گیا۔ اور ''کرمانی شرح صحیح بخاری'' میں کہا گیا ہے کہ رسول ﷺ کی رخصت کے بعد

صحابہ کرام السلام علی النبی کہتے تھے نہ کہ صیغہ خطاب سے (واللہ اعلم)۔

بعض عرفاء کے کلام میں واقع ہوا ہے کہ نمازی کا التحیات میں صیغہ خطاب سے حضور پر سلام عرض کرنا حضور اکرم ﷺ کی روح مقدس کے شہود وملاحظہ کرنے اور تمام موجودات میں روح مقدس کے ذراری سرایت کرنے خصوصاً نمازیوں کی روحوں میں جلوہ فگن ہونے کی بناء پر ہے۔غرضیکہ نماز کی حالت میں حضور اکرم ﷺ کے شہود وحضور اور وجود گرامی سے جلوہ وفگن ہونے سے غافل و بے خبر نہ رہنا چاہیے۔اور امید رکھنا چاہیے کہ حضور اکرم ﷺ کی روح پُرفتوح پر فیوضات وارد ہوں۔اور انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ ہر اس شخص پر واجب ہے جسے حضور انور ﷺ پکاریں کہ وہ جواب میں حاضر ہو۔اگر چہ وہ نماز میں ہو جیسا کہ سعید بن معلیٰ کی حدیث شاہد وناطق ہے۔انہوں نے بیان کیا کہ میں نماز میں تھا کہ حضور انور ﷺ نے پکارا میں نے جواب نہیں دیا۔پھر میں نے نماز کے بعد بارگاہ قدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ میں نماز میں تھا جواب عرض نہ کر سکا۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ

اِسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ اللہ اور رسول جب تمہیں پکاریں تو فوراً حاضر ہو کر قبول کرو بایں وجہ کہ تم دوست رکھتے ہو۔

لہٰذا حضور اکرم ﷺ کی اجابت فرض ہے اور اس کے ترک سے گنہگار ہوتا ہے۔اب رہی یہ بات کہ نماز باطل ہو جاتی ہے یا نہیں؟ تو ''صاحب مواہب'' فرماتے ہیں کہ علماء شوافع اور دیگر حضرات نے یہ تصریح کی ہے نماز باطل نہیں ہوتی۔بعض علماء کہتے ہیں کہ باطل ہو جاتی ہے بہر حال حدیث سے کوئی چیز معلوم نہیں ہوتی (واللہ اعلم)۔

انہی خصائص میں یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ پر جھوٹ باندھنا دوسروں پر جھوٹ باندھنے کے برابر نہیں ہے۔لہٰذا جو شخص حضور اکرم ﷺ پر جھوٹ باندھے اس سے کبھی کوئی روایت قبول نہیں کی جاتی۔اگر چہ وہ جھوٹ سے توبہ کر لے جیسا کہ محدثین کی ایک جماعت نے بیان کیا ہے۔حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھا اس پر حضور انور ﷺ نے حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور فرمایا ''جاؤ اگر وہ تمہیں مل جائے تو اسے قتل کر دو'' شیخ محمد جوینی جو کہ امام الحرمین کے والد ہیں وہ اس طرف گئے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ پر قصداً جھوٹ باندھنا کفر ہے لیکن ان کے اس قول میں ائمہ کرام نے موافقت نہیں کی ہے اور حق پر ہے کہ حضور اکرم ﷺ پر عظیم ترین بدی اور گناہ کبیرہ ہے مگر کافر نہیں ہوتا۔جب تک وہ اسے حلال نہ جانے اور توبہ اگر صحیح ہو اور اس کے آثار وقرائن ظاہر وعیاں ہوں تو مقبول ہے اور شہادت وروایت کے درمیان فرق نہیں ہے۔(واللہ اعلم)۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور انور ﷺ ہر قسم کے گناہ کبیرہ ہوں یا صغیرہ۔عمداً ہوں یا سہواً ہر ایک سے معصوم ہیں۔یہی مذہب مختار ہے اور ایسی ہی عصمت تمام انبیاء علیہم السلام میں ہے۔اس کی تفصیل علم کلام کی کتابوں میں ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ پر جنون' دیوانگی اور طویل بے ہوشی کی نسبت جائز نہیں ہے۔اس لیے کہ یہ عیب ونقص ہے۔اسی طرح تمام نبیوں پر بھی یہ جائز نہیں ہے۔علامہ سبکی علیہ الرحمتہ نے اس پر تنبیہ فرمائی ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی بے ہوشی دوسروں کی بے ہوشی کے برخلاف ہے اور یہ کہ درد والم کا غلبہ' ظاہری حواس پر ہوتا ہے نہ کہ دل پر۔اس لیے کہ حدیثوں میں آیا ہے کہ ان کی آنکھیں محو خواب ہوتی ہیں نہ کہ ان کے دل۔جب کہ ان کے دلوں کو نیند وخواب سے جو کہ بے ہوشی سے بہت ہی ہلکا اور سبک تر ہے۔اس سے محفوظ رکھا گیا ہے تو بے ہوشی سے وہ بطریق اولیٰ محفوظ ہوں گے۔نیز علامہ سبکی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام پر نابینائی یعنی آنکھوں کی روشنی کا زائل ہو جانا بھی جائز نہیں ہے۔اس لیے کہ یہ نقص وعیب ہے اور کوئی نبی بھی اعمیٰ ونابینا کبھی نہیں

ہوئے۔اور وہ جو حضرت شعیب علیہ السلام کے بارے میں مذکور ہے وہ ثابت نہیں ہے اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی چشم مبارک پر پردہ آ گیا تھا جس نے روشنی کو ڈھانپ لیا تھا۔(امام فخر الدین رازی) ارشاد باری تعالیٰ: وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ (ان کی آنکھیں غم سے سفید ہوگئیں) کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ ''ان پر گریہ وبکا غالب ہوگیا اور غلبۂ گریہ وبکا کے وقت ان کی آنکھ میں بہت پانی آ جاتا گویا کہ وہ سفید ہوگئیں اور وہ سفیدی پانی سے تھی۔ یہ اس قول کی صحت پر دلیل ہے۔ کیونکہ غلبۂ بکا میں غم اثر انداز ہوتا ہے نہ کہ نابینائی کے حصول میں۔اس کے بعد امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ کیا وہ کلیۃ نابینا ہوگئے تھے۔ بعد ازاں حق تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص مبارک سر مبارک پر ڈالتے وقت بصارت واپس لوٹا دی تھی۔بعض کہتے ہیں کہ کثرت بکا وحزن سے ان کی بصارت کمزور ہوگئی تھی۔اور وہ بصارت کی کمزوری کو محسوس فرماتے تھے۔ پھر جب حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص مبارک ان کے چہرۂ انور پر ڈالی گئی تو ان کی بصارت قوی ہوگئی۔اور کمزوری جاتی رہی۔(انتہیٰ کلامہ)۔

علامہ سبکی علیہ الرحمتہ نے نابینائی کے جائز نہ ہونے کی علت اس کا نقص وعیب ہونا قرار دیا ہے۔تو انبیاء علیہ السلام پر ایسے امراض میں مبتلا ہونا جو نقص وعیب ہیں ان کے اطلاق پر بھی یہ حکم داخل ہے۔خصوصاً وہ ابتلاء وامتحان جو حضرت ایوب علیہ السلام کے بارے میں عارض ہیں (ان کے لیے ایسے مرضوں کے نسبت جو موجب نقص وعیب ہیں' جیسے کوڑھ' جذام' نابینائی ان کا گھوڑے پر ڈالنا وغیرہ ان سب کی نسبت جائز نہیں ہے۔ کیونکہ یہ سب امراض منافی شان نبوت اور موجب نقص ونفرت ہیں انبیاء علیہم السلام ان سب باتوں سے معصوم ہیں۔فافہم۔مترجم) اسی طرح حضرت شعیب علیہ السلام کی نابینائی کا قصہ باوجود عدم ثبوت کے ان سے اس کی نسبت کرنا سراسر تحکم اور دیدہ دلیری ہے۔البتہ! حضرت یعقوب علیہ السلام کی بصارت کے بارے میں صحیح ہے اس لیے حق تعالیٰ نے فرمایا فدرتد بصر (تو ان کی بصارت لوٹ آئی۔) مقاتل فرماتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے چھ سال تک کچھ نہیں دیکھا حتیٰ کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص سے ان کی بصارت واپس آئی۔امام فخر الدین رازی کا قول ہے کہ تاثیر حزن غلبہ بکا میں ہے نہ کہ حصول عمیٰ میں' تو اس کا جواب یہ ہے تاثیر حزن غلبۂ بکا میں ہے اور تاثیر غلبۂ بکا عمیٰ میں ہے۔لہٰذا تاثیر حزن کے واسطہ سے عمیٰ بکا ہوگیا۔مشہور ہے کہ کوئی نبی گونگا نہ ہوا۔البتہ! ان میں سے بعض اعمیٰ ہوئے ہیں (واللہ اعلم)

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جو بھی نبی کریم ﷺ کو دشنام دیتا ہے یا کسی قسم کی تنقیص وتوہین کرتا ہے خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً۔اس کا قتل کرنا واجب ہے اس میں سب کا اتفاق ہے۔البتہ! اختلاف اس میں ہے کہ یہ قتل کرنا بہ طریق حد ہے۔اور فی الفور قتل کر دینا چاہیے اور اس سے توبہ کا مطالبہ نہ کرنا چاہیے۔یا بہ طریق ردت یعنی مرتد ہو جانے کی وجہ سے ہے کیونکہ مرتد سے توبہ کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔اور اگر توبہ کر لے تو بخش دیا جاتا ہے مگر پہلا قول مختار ہے اور یہ اس تقدیر پر ہے کہ وہ مسلمان ہو اور اگر کافر ہے اور اسلام لے آئے تو درگزر کیا جائے گا۔یہ بحث آخر کتاب میں تفصیل سے آئے گی۔(انشاء اللہ تعالیٰ)

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ احکام میں جس کے لیے جو چاہیں تخصیص فرما دیں۔اس جگہ دو قول ہیں۔ایک یہ کہ حضور اکرم ﷺ کی طرف احکام مفوّض ہونگے۔(یعنی تفویض احکام میں آپ مختار ہونگے۔) جو چاہیں آپ حکم فرما دیں۔دوسرا قول یہ ہے کہ کسی کے لیے جدا وحی آتی ہوگی۔ چنانچہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لیے تخصیص فرمائی کہ ان کی ایک شہادت دو شہادتوں کا حکم رکھتی ہے۔اس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک بدوی سے حضور نے ایک گھوڑا خریدا تھا پھر وہ بدوی گھوڑے کی فروختگی سے منکر ہوگیا۔اور کہنے لگا کوئی ایسا گواہ لاؤ جو یہ گواہی دے میں نے اسے آپ کے ہاتھ فروخت کیا ہے۔جو بھی مسلمان آتا وہ بدوی سے کہتا ''افسوس ہے تجھ پر۔خدا کا نبی نہیں فرماتا مگر حق۔'' لیکن بدوی کسی کی بات نہ مانتا۔یہاں تک کہ حضرت خزیمہ آئے اور انہوں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں

کہ تو نے فروخت کیا ہے۔'' حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اے خزیمہ تم کیسے گواہی دیتے ہو حالانکہ میں نے تمہیں گواہ نہیں بنایا اس پر انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم آپ کی آسمان کی باتوں کی تصدیق کرتے ہیں تو کیا ہم اس بدوی پر تصدیق نہ کریں۔'' بنا بریں رسول اللہ ﷺ نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو گواہوں کے برابر قرار دیا۔ اور اس فضلیت میں انہیں مخصوص فرمایا۔ خطابی کہتے ہیں کہ اس حدیث کو بہت سے لوگوں نے غیر محل پر محمول کیا ہے اور اہل بدعت کے ایک گروہ نے اپنے کسی معروف و جانے پہچانے شخص کی گواہی کو حلال بنانے میں ذریعہ بنایا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ان کے نزدیک وہ شخص معروف جو بھی دعویٰ کرے وہ صادق (بلا ثبوت شرعی سچا) ہے۔ حالانکہ حدیث کی وجہ یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے بدوی پر اس کے اپنے علم پر حکم فرمایا اور حضرت خزیمہ کی گواہی کو اپنے قول کی تاکید اور مخالف پر حصول غلبہ کے قائم مقام بنایا اس بنا پر معنیٰ ہیں میں دو گواہوں کے حکم میں ہو گیا۔ (فافہم)۔

اسی طرح حضور اکرم ﷺ نے ام عطیہ کو جو فضلائے صحابیات میں سے ہیں بعد نزول آیہ مبایعت نساء کیونکہ اس جگہ واقع ہے وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ (نیکی میں نافرمانی نہ کرنا) انہیں نوحہ کی رخصت عطا فرمائی۔ چنانچہ انہوں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ! آل فلاں (یعنی فلاں قبیلہ) زمانہ جاہلیت میں نیاحت پر میری مدد کرتی تھیں۔ اب مجھے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ میں بھی ان کے ساتھ موافقت کروں اس پر حضور اکرم ﷺ نے ام عطیہ کو نیاحت میں رخصت دی۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ام عطیہ کو رخصت عطا فرمانا اور نیاحت میں (خاص فلاں قبیلہ کے لیے) انہیں مخصوص کرنا ہے اور شارع کو حق پہنچتا ہے کہ جس کے لیے جو چاہے خاص فرما دے۔

اسی طرح حضرت اسماء بنت عمیس کو ان کے شوہر حضرت جعفر بن ابی طالب کے سوگ کو ترک کرنے پر نہیں رخصت عطا فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: تین دن تک ماتمی لباس پہنو اور سوگ کرو۔ اس کے بعد جو چاہو کرو۔

اسی طرح حضرت ابو بردہ بن نیاز کو قربانی کے لیے جذعہ بز غالہ یعنی بکری کے اس بچہ کو جس پر سال پورا نہ ہوا ہو اسکی قربانی دینے کو جائز قرار دیا۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا جو نماز عید سے پہلے قربانی کرے اس کی قربانی شمار نہ ہوگی۔ حضرت ابو بردہ نے عرض کیا ''یا رسول اللہ میں ایک بکری رکھتا تھا میں نے اس کے ذبح کرنے میں جلدی جلدی (یعنی نماز عید سے پہلے ذبح کر دیا) اور عرض کیا کہ میں نے خیال کیا کہ چونکہ آج کا دن کھانے پینے کا ہے تو میں نے اپنے اہل و عیال اور اپنے ہمسایوں کو کھلا دیا اور اب میرے پاس سوائے بز غالہ کے کوئی جانور نہیں ہے مگر وہ بز غالہ (ایک سال سے کم بکری کا بچہ) فربہ اور دنبہ سے بہتر گوشت رکھتا ہے کیا میری طرف سے اس کی قربانی کفایت کرے گی۔'' حضور ﷺ نے فرمایا تمہاری طرف سے وہ کفایت کر لے گا مگر تمہارے سوا دوسروں کے لیے نہیں۔

اسی طرح حضور انور ﷺ نے ایک عورت کا نکاح ایک مرد سے اس چیز کے مقابلہ میں جو وہ مرد قرآن سے تعلق رکھتا تھا جس کا ذکر قرآن پاک میں اس طرح ہے اِمْرَاَةً وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ. ایک عورت نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے اپنے آپ کو حضور پر ہبہ کر دیا۔ حالانکہ یہ حضور کے لیے جائز تھا مگر حضور نے قبول نہ فرمایا۔ پاس ہی ایک مرد مسکین کھڑا تھا اس نے کہا یا رسول اللہ اگر یہ عورت آپ کے قابل نہیں ہے تو اس کا عقد میرے ساتھ کر دیجئے۔ فرمایا: مہر میں دینے کے لیے کچھ تمہارے پاس ہے۔ کہا میرے پاس اس پہنے ہوئے تہبند کے سوا کچھ نہیں ہے فرمایا تلاش کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ عرض کیا قرآن مجید کی ان چند سورتوں کے سوا جو کہ یاد ہیں میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ فرمایا قرآن کا جتنا حصہ تجھے یاد ہے اس کے عوض نکاح کر لو۔ تم اسے تعلیم دینا اور اسی کو اپنا مہر قرار دے لو۔ حالانکہ تمہارے بعد کسی کے لیے قرآن نہ ہوگا۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور کو دو آدمیوں کے برابر بخار چڑھتا تا کہ اجر و ثواب دوگنا ملے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِانور ﷺ کی بیماری میں حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی عیادت اور احوال شریف کی پرسش کے لیے تین روز آئے۔ انہی خصائص میں یہ ہے کہ حضورِاکرم ﷺ کی نماز جنازہ (جو کہ محض صلوٰۃ وسلام عرض کرنا تھا) بغیر امامت کے مسلمانوں کی فوج درفوج نے ادا کی اور یہ کہ بعد از وفات تین دن کے بعد دفن کیا گیا اور آپ کی لحد شریف میں اس قطیفہ کو بچھایا گیا جو آپ کے نیچے بچھا ہوا تھا۔ حالانکہ یہ دونوں باتیں حضور ﷺ کی سوا کسی کے لیے جائز نہیں۔ (یعنی نہ بغیر امامت کے نماز جنازہ اور نہ لحد میں کسی چادر وغیرہ کا بچھانا) بعض کہتے ہیں کہ لحد میں قطیفہ یعنی مخملی چادر کا بچھانا رسول اللہ ﷺ کے غلام شقران کی جانب سے تھا۔ جس کا صحابہ کو علم نہ تھا یہ اس لیے کہ کوئی اور اس چادر کو اپنے نیچے نہ بچھائے۔ انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِاکرم ﷺ کی رحلت کے بعد زمین تاریک ہوگئی جیسا کہ اپنے مقام پر اس کی تفصیل آئے گی۔ انہی خصائص میں سے یہ کہ حضورِاکرم ﷺ کے جسد شریف کو زمین نہیں کھاتی اسی طرح تمام انبیاء علیہم کے اجساد طیبہ کو زمین نہیں کھاتی۔ علماء نے اسے بھی حضور کے خصائص میں ہی شمار کیا ہے۔ حالانکہ بعض اولیاء امت کے بارے میں بھی وہ نقل کرتے ہیں۔ جیسا کہ شیخ علی متقی کی قبر کو ایک خاص تقریب کے موقع پر کھولا گیا تو وہ اسی طرح درست، کفن کے ساتھ باقی تھے۔ وہ تقریب یہ تھی کہ ان کے بھتیجے نے جو کہ جوان اور صالح تھے خواہش ظاہر کی کہ انہیں ان کی قبر میں دفن کریں کیونکہ مکہ معظمہ میں دستور رواج ہے کہ اموات کو بزرگوں کو قبر میں تبرکاً دفن کرتے ہیں۔

حضورِانور ﷺ کے جسد اطہر کو زمین کے نہ کھانے سے ظاہر مطلب یہ ہے کہ یہ حیات طیبہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور یہ حیات حضورِانور ﷺ اور تمام انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِاکرم ﷺ کی رواثت، حیات وبقا کی وجہ سے پائی نہیں گئی۔ آپ کا ترکہ آپ ہی کی ملکیت ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ صدقہ ہوتا ہے کہ جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ "مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ" ہم جو ترکہ چھوڑیں وہ صدقہ ہے اور اس ترکہ کو انہی مصارف پر خرچ کیا جائے گا جس پر حضور خرچ فرماتے تھے۔ یعنی اہل وعیال، اولاد واحفاد، فقراء ووصایا اور مسلمانوں کے مصالح میں خرچ کیا جائے گا۔ جیسا کہ حضورِانور ﷺ اپنی اس دنیاوی حیات میں خرچ فرمایا کرتے تھے۔ اور یہ کہ حضورِانور ﷺ کو مباح ہے کہ اپنے تمام مال کے لیے وصیت فرمائیں اور آپ کے سوا دوسروں کے لیے تہائی مال کے سوا پر وصیت جائز نہیں ہے۔ یہی حکم تمام انبیاء علیہم السلام کا ہے کہ ان کی میراث نہیں ہوتی۔ اور حق تعالیٰ کے ان ارشادات کا مطلب کہ وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِيْ. الخ (اے میرے رب! اپنی طرف سے میرا وارث بنا جو میری میراث لے۔) تو اس وراثت سے ارث نبوت وعلم مراد ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِاکرم ﷺ اپنی قبر انور میں زندہ ہیں اسی طرح تمام انبیاء علیہم السلام بھی۔ حضورِانور اذان واقامت کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں۔

ابن زبالہ اور ابن نجار بیان کرتے ہیں کہ ایام حرہ (یہ وہ زمانہ ہے کہ یزیدی لشکر نے مدینہ منورہ پر حملہ کر کے صدہا صحابہ کو شہید کیا۔ عورتوں کی عصمتیں پامال کیں۔ اور مسجد نبوی میں گدھے، گھوڑے باندھے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ) کے موقع پر مسجد نبوی شریف میں تین دن تک اذان نہ ہوئی اور لوگ مدینہ چھوڑ کر باہر نکل گئے تھے۔ اس وقت حضرت سعید بن مسیّب مسجد نبوی شریف میں رہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب ظہر کا وقت آیا تو میں متوحش وپریشان ہوگیا اور قبر انور کے پاس چلا گیا اور اذان کی آواز میں نے سنی اور نماز ظہر ادا کی۔ اس کے بعد ہر نماز کے وقت قبر شریف سے اذان واقامت کی آواز سنتا رہا یہاں تک کہ تین راتیں گزر گئیں۔ پھر جب لوگ واپس آئے تو انہوں نے بھی قبر شریف سے ویسی ہی آواز سنی جیسی کہ میں سنتا رہا۔

حضورِ اکرم ﷺ کے زندہ وحیات پر اتفاق کرنے کے بعد علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ آپ قبر انور میں زندہ ہیں یا کسی خاص مقام میں۔ یا ہر وہ جگہ جہاں خدا چاہے۔ خواہ جنت میں یا آسمان میں یا کسی اور جگہ جیسا کہ مقید بجائے معین نہ تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کے جسد شریف کو قبر میں رکھا ہے۔ ہم وہاں سے نکلنے پر کوئی دلیل نہیں رکھتے۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ آپ اسی بقعہ نور میں جلوہ افروز ہیں اور اگر کوئی کہے کہ وہ بقعہ انور تنگ ہے اس میں جسد شریف کا محبوس ہونا مناسب نہیں ہے تو اس کے جواب میں وہ حدیث پیش کریں گے جس میں ہے کہ مومن کی قبر کو ہر جانب' ستر گنا کشادہ کر دیا جاتا ہے تو حضورِ اکرم ﷺ کی قبر انور کی کشادگی کا کیا اندازہ! اس کی وسعت تو دائرہ قیاس اور وہم وگمان سے باہر ہے۔

اور اگر کوئی یہ کہے کہ حضورِ انور ﷺ کی تمکن واستقرار کے لیے آپ کے بقعہ قبر سے فردوس اعلیٰ انسب واولیٰ ہے تو اس کے جواب میں کہیں کہ قبر شریف سے کون سی جنت بہتر وشریف تر ہوگی۔ (کیونکہ جنت تو حضور کے غلاموں کے رہنے کی جگہ ہے۔) اگر حضورِ انور اسی جگہ رونق افروز ہیں تو امام تقی الدین سبکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر اس بقعہ کو جو حضور کے اعضائے شریف سے متصل ہے تمام مقامات اور ہر جگہ سے اسے ترجیح وفضلیت دیں حتیٰ کہ کعبہ معظمہ اور عرش عظیم سے بھی فوقیت دیں۔ میں نہیں جانتا کہ اس میں کوئی مومن ومسلمان توقف کرے گا۔

ظاہر طور پر حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث کہ قبر انور سے اذان کی آواز سنی اور شب معراج کی وہ حدیث کہ حضور نے فرمایا کہ میں نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کی قبر شریف میں نماز پڑھتے دیکھا اس قول کی تائید کرتی ہیں اور انبیاء علیہم السلام کو شب معراج میں آسمان میں دیکھنے والی حدیث اور دوسری حدیث کہ میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ستر بنی اسرائیل کے ساتھ حج کرتے اور تلبیہ کرتے دیکھا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ ناظر در اطلاق مکان ہے۔

اور اگر کوئی کہے تو قرآن کریم حضورِ اکرم ﷺ کی موت پر ناطق ہے چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ. (بیشک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے۔) اور حضور سیّد عالم ﷺ نے فرمایا: اِنِّیْ رَجُلٌ مَّقْبُوْضٌ. (میں ایک انتقال فرما جانے والا شخص ہوں) اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْمَاتَ (بلاشبہ محمد مصطفےٰ یقیناً انتقال فرما چکے ہیں) اور اس رحلت وموت کا اجماع ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضورِ انور ﷺ نے یقیناً موت کا درد والم اور اس کا ذائقہ چکھا اور رحلت فرما گئے لیکن بعد ازاں حق تعالیٰ نے آپ کو زندہ فرما دیا۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ میں خدا کے نزدیک اس سے زیادہ مکرم ہوں کہ وہ مجھے قبر میں چالیس دن سے زیادہ رکھے۔'' نیز حدیث میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے لہٰذا حضورِ اکرم ﷺ حیات جسمانی' دنیاوی اور اس بدنی حیات کے ساتھ زندہ ہیں جو آپ رکھتے تھے۔ یہ حیات شہدا کی حیات سے زیادہ کامل ہے۔ کیونکہ شہدا کی حیات روحانی اور اخروی ہے۔ اور یہ روح کے لیے ثابت ہے۔ اور حق تعالیٰ قادر ہے کہ ان کی روحوں کے لیے اجسام مثالیہ اس عالم میں پیدا فرمائے یا انہیں بدنوں میں رکھے جو ان کے لیے ظروف کا حکم رکھتے ہیں۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ مسلمانوں کی روحیں سبز پرندوں کے جوف میں ہیں جو عرش کی قندیلوں کے نیچے آسائش پاتے ہیں یا جنت میں۔ لیکن انبیاء علیہم السلام کی ارواح مقدسہ ان کے انہیں ابدان طیبہ میں لوٹا دی جاتی ہیں جو وہ دنیا میں رکھتے تھے۔ ان کے اجسام وابدان نہ بوسیدہ ہوتے ہیں اور نہ خاک بنتے ہیں۔ اور حق تعالیٰ قادر ہے کہ ارواح کو بغیر بدنوں کے محفوظ رکھے۔ لیکن ان کے لئے بدنوں میں وجود رکھنے پر نقل وارد ہے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قبر میں نماز پڑھنا' کیونکہ نماز کا ادا کرنا ان کے جیتے بدن کا تقاضہ کرتا ہے۔ اور وہ صفات جو شب معراج انبیاء علیہم السلام کے بارے میں مذکور ہیں وہ صفات اجسام کی ہیں ان سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ حیات حقیقی ہو جو وہ دنیاوی رکھتے

تھے۔اور کھانے پینے اور جسمانی دیگر ضروریات کی احتیاج جیسا کہ ہم دنیا میں مشاہدہ کرتے ہیں رکھتے ہوں بلکہ برزخ میں ان کے احکام اور ہوں۔کھانے پینے اور دیگر جسمانی ضرورتوں کی احتیاج امر عادی ہے۔اور وہاں کا حال بخلاف عادت ہے اور ممکن ہے کہ وہاں روائح ونسائم اور ارزاق وغیرہ روحانی ہوں جیسا کہ شہدا کی شان میں واقع ہوا ہے کہ "یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ" (رزق دیے جاتے ہیں خوش ہیں) اور اگر جنتی کھانے دیے جاتے ہوں تو عجب نہیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِیْ (مجھے وہ کھلاتا ہے اور مجھے وہ پلاتا ہے)۔

اب رہا علم وسماع یعنی جاننا اور سننا تو ان حضرات قدس کے لیے اس کے ثبوت میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے بلکہ بہ تصریح علماء کرام یہ بات تو تمام مردوں کو حاصل ہے۔حدیثوں میں آیا ہے کہ نماز پڑھتے تلبیہ کہتے اور ذکر وتسبیح کرتے ہیں۔

اگر کوئی کہے کہ برزخ نہ تو دار العمل ہے۔اور نہ وہاں احکام شرعیہ پر مکلف ہے تو یہ اعمال کس لیے کرتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عالم برزخ میں اجر وثواب کا اجراء ہے اور اس دنیاوی احکام مثلاً کثرت عمل اور زیاتی اجر وثواب کا حکم جاری ہے۔اور بسا اوقات بغیر تکلیف یعنی مکلف ہوئے بغیر بلحاظ تلذذ وشوق وذوق اعمال رونما ہوتے ہیں جیسا کہ نوافل وحسنات کا حال ہے۔وہاں بھی یہی ہے۔لہٰذا جنت میں تسبیح کریں گے۔اور قرآن پڑھیں گے۔چنانچہ قاری قرآن کی شان واقع ہے۔رتل وارتقِ یعنی تلاوت قرآن کرتے ہوئے بڑھتے چلے جاؤ۔اور اسی قبیل سے حضور کا باب شفاعت کھولنے کے وقت سجدہ فرمانا ہے۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ کا مال آپ کی ملک پر قائم ہے۔اور آپ کے نفقہ پر وعدہ کیا گیا ہے۔اور امام الحرمین نے اسے خصائص میں نقل کیا ہے کہ جو کچھ حضور نے چھوڑا ہے وہ آپ کی ملک پر باقی ہے۔اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آپ کی نیابت وخلافت کے طریقہ پر حضور کے اہل وعیال وخدام اور آپ کے تمام مصارف پر خرچ کیے جانے پر اتفاق کیا ہے۔اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ آپ کا مال آپ کی ملک پر باقی ہے۔یہ قول تقاضہ کرتا ہے کہ دنیاوی احکام میں آپ کی حیات ثابت ہے۔نیز حیات شہدا سے آپ کی حیات بہت زائد وارفع ہے۔(ﷺ) اور بعض زوال ملک کے قائل ہیں۔غرض کہ دونوں قسم کے اقوال پر بفحوائے ارشاد نبوی "مَا تَرَکْنَاہُ صَدَقَۃٌ" ہم نے جو کچھ چھوڑیں صدقہ ہے۔" حق وصادق ہے۔واللہ اعلم یہ بحث حیات انبیاء علیہم السلام اور حیات سیّد الانبیاء ﷺ کی مناسبت سے آ گئی ہے۔ورنہ آخر کتاب میں "باب وفات النبی" میں دونوں باتیں مستقلاً ذکر کی جائیں گی۔اگرچہ موجب تکرار رہے مگر کوئی مضائقہ نہیں تاکہ یہ مسئلہ مؤکد ومستحکم ہو جائے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کی قبر انور پر فرشتے مقرر کیے گئے ہیں۔جو زائر کے صلوٰۃ وسلام کو پیش حضور کرتے ہیں۔اس حدیث کو امام احمد ونسائی اور حاکم نے بیان کیا ہے اور حاکم نے اس حدیث کو ان لفظوں کے ساتھ صحیح بتایا ہے کہ

اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰٓئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیِ السَّلَامَ	بیشک اللہ نے فرشتوں کو زمین میں پھیلا دیا ہے جو میری امت کا سلام میرے حضور لا کر پیش کرتے ہیں۔

اور اصحاب کے نزدیک بروایت عمارہ حدیث میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا مقرر کردہ ایک فرشتہ ہے اسے سماعت کی ایسی قوت عطا فرمائی گئی ہے جو کسی بندے میں نہیں ہے میری امت میں جو بھی جہاں بھی مجھ پر صلوٰۃ وسلام بھیجتا ہے وہ فرشتہ اس صلوٰۃ وسلام کو میرے حضور پیش کرتا ہے۔(ﷺ)

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کے حضور امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔اور حضور ان کے لیے استغفار یعنی طلب آمرزش کرتے ہیں۔ابن مبارک نے سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ کوئی دن نہیں ہے مگر یہ کہ حضور ﷺ کی

بارگاہ میں صبح وشام امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں تو حضور انہیں ان کی پیشانیوں اور ان کے اعمال سے پہچانتے ہیں۔اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ فرمایا کہ مجھ پر امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں ان میں سے جو بد ہیں انہیں چھپاتا ہوں اور جو نیک ہیں انہیں بارگاہ الٰہی میں پیش کرتا ہوں ''چھپانے سے'' پیش نہ کرنا مراد ہوگا۔گویا اس پر سنت الٰہی جاری ہے کہ پیش کرنے کے بعد اعمال ثابت ہوجاتے ہیں۔اور وہ جو پیش نہیں کیے جاتے وہ درجہ اعتبار سے محو وساقط کردئے جاتے ہیں (فافهم وبالله التوفيق.)

کعب احبار کی حدیث میں ہے کہ ہر صبح وشام حضور ﷺ کی قبر شریف پر ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور مزار پر انور کا طواف کرتے ہیں اور اپنے بازوؤں کو ہلاتے ہیں۔اور جب حضور اپنی قبر شریف سے (روز قیامت) مبعوث ہوں گے۔تو ان فرشتوں کے جھرمٹ میں باہر تشریف لائیں گے۔اور ان سے زفاف کریں گے'' زفاف کے اصلی معنی ''دلہن کو شوہر کے گھر لیجانا ہے۔'' مگر اس جگہ لازم معنی مراد ہیں کہ محبوب کو محبّ کے حضور لے جایا جائے۔مطلب یہ ہے کہ فرشتے اپنے جھرمٹ میں حضور ﷺ کو درگاہ عزت میں لے جائیں گے۔ﷺ

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ مسجد نبوی شریف میں حضور اکرم ﷺ کا منبر مبارک آپ کے حوض شریف کے اوپر ہے۔جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ میرا منبر جنت کے ترعہ میں سے ایک ترعہ ہے۔اور ترعہ کی تفسیر باب یعنی دروازہ سے کی گئی ہے۔اور بعض نے درجہ سے اور بعض نے باغ کے بلند جگہ ہونے سے کی ہے۔اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک دن سیّد عالم ﷺ منبر شریف پر ایستادہ تھے۔آپ نے فرمایا: اس وقت میرا قدم جنت کے ترعہ میں سے ایک ترعہ پر ہے۔اور ایک اور روایت میں یہ ہے کہ فرمایا میرا منبر میرے حوض پر ہے۔دوسری حدیث میں ہے کہ اب میں اپنے حوض کے عقر پر ایستادہ ہوں۔عقر اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سے حوض میں پانی آتا ہے۔اور اس کی تاویل میں بعض علماء کہتے ہیں کہ ''حوض پر منبر ہونا'' اس سے اس کی جانب قصد کرنے' اس سے برکت لینے اور اس کے سامنے اعمال صالحہ کو ہمیشہ بجالانے کی طرف کنایہ ہے تاکہ وہ اس طرح حوض نبوی پر آنے اور اس سے جاں فزا شستہ پانی پینے کے سزاوار ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ ممکن ہے سرور انبیاء ﷺ اپنے اس منبر کو جو شرافت بخشی ہے کل قیامت کو تمام خلائق کے رنگ میں اعادہ فرمائیں اور حوض کوثر کے کنارے پر رکھیں رہا اسے ''ترعہ جنت فرمانا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ حضور انور ﷺ کی عظمت وشان کے اظہار کے لیے اسے کھڑا کریں گے۔ایک جماعت کی تاویل یہ ہے کہ یہ اس منبر کی خبریں دی جارہی ہیں جو روز قیامت سرور عالم ﷺ کے لیے قائم کیا جائے گا نہ کہ یہ منبر جو مسجد نبوی شریف میں ہے۔یہ قول تو سیاق لفظ حدیث سے بہت ہی بعید ہے۔کیونکہ حضور فرماتے ہیں کہ میرے حجرہ اور میرے منبر کے درمیان جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔اور میرا منبر میرے حوض پر ہے اس ارشاد وکلام کا ظاہر وروشن پہلو اسی منبر شریف کی طرف ہے۔جو روضہ مقدسہ کی تحدید کے لیے ذکر فرمایا گیا۔اسی طرح ''تاریخ مدینہ'' میں مذکور ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ کسی ایک عالم نے اس حدیث کو اپنے ظاہر پر محمول کرنے میں اختلاف نہیں کیا ہے۔اور یہی حق ہے۔کیونکہ مخبر صادق ﷺ نے امور غیب کی جو کچھ خبریں دیں ہیں ان پر ایمان رکھنا واجب ہے۔انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور کے منبر اور قبر شریف کے درمیان جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے اسے بخاری نے لفظ ''مابین بیتی ومنبری'' سے روایت کیا ہے اس مقام پر بھی علماء نے بحث کی ہے۔چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ روضۂ جنت یعنی جنت کی کیاری سے اس بقعہ شریف کی تشبیہ مراد ہے۔نزول رحمت اور حصول سعادت اس شخص کے لیے جو وہاں ذکر ومجالست کو اختیار کرنے سے حاصل کرے۔جیسا کہ مسجدوں کو ریاض جنت نام رکھنے میں ہے۔چنانچہ فرمایا: اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا (جب تم ریاض جنت یعنی مسجدوں سے گزرو تو اس کے

آداب کی رعایت کرو) اس اشارہ کا پرتو بھی اسی جانب ہے۔ خصوصاً حضورِ انور ﷺ کے زمانہ سعادت نشان میں' کہ وہاں سے ثمراتِ علوم' انوار اذکار اور مجلس جنت آثار' تمام لوگ حاصل کرتے تھے۔

بعض کہتے ہیں کہ اس مقام میں طاعت وعبادت بجالانا جنت میں پہنچنے کا موجب بنتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا: اَلْجَنَّةُ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ یعنی جنت تلواروں کے سایوں میں ہے۔ اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ یعنی جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔'' مذکورہ دونوں اقوال ضعیف وبعید ہیں۔ اس لیے کہ ریاض جنت سے تشبیہ' نزول رحمت' جنتی باغوں میں پہنچنا اور ان پر ثواب کا مترتب ہونا یہ تمام مسجدوں اور ہر خیر کی جگہوں کو شامل ہے۔ یہ بشارتیں مسجد نبوی شریف اور منبر مبارک کے ساتھ ہی مخصوص نہیں ہیں اور اگر انہیں رحمت خاص اور جنت کے مخصوص باغ کے ساتھ محمول کریں پھر بھی بعد وتکلف سے خالی نہیں ہے۔ حق یہی ہے کہ حضور کا کلام حقیقت اور اپنے ظاہر پر محمول ہے۔ اور حجرہ نبوی اور منبر شریف کے درمیان کی جگہ حقیقتاً جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔ بایں معنی کہ روز قیامت یہ جنت میں منتقل ہوگا۔ اور زمین کے تمام مقامات کی مانند فنا وناپید نہ ہوگا۔ جیسا کہ ابن فرحون اور ابن جوزی نے حضرت امام مالک سے نقل کیا ہے۔ اور علماء کی ایک جماعت کے اتفاق کو بھی اس کے ساتھ شامل کیا ہے۔ اور شیخ ابن حجر عسقلانی اور اکثر محدثین اسی قول کو ترجیح دیتے ہیں۔ اور اکابر علماء مالکیہ میں سے ابن ابی جمرہ نے فرمایا ہے کہ احتمال رکھتا ہے کہ یہ بقعہ فی نفسہ جنت کے باغوں کی ایک کیاری ہے جسے وہاں سے دنیا کے اس مقام پر اتارا گیا ہے۔ جیسا کہ حجر اسود اور مقام ابراہیم علیہ السلام کی شان میں واقع ہے اور بعد از قیام قیامت پھر اسے اس کے اصلی مقام میں لے جایا جائے۔ اور نزول رحمت اور استحقاق جنت اس مقام کے فضل وعلوم مرتبت کو لازم ومترتب ہے۔ یا یہ کہ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جنت کے ایک خاص پتھر سے مرتبہ جلیلہ امتیازی شان سے عطا فرمایا گیا۔ اسی طرح حبیب خدا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کو روضۃ میں ریاض الجنۃ سے اختصاص فرمایا گیا۔ اگر وہ ظاہری آنکھوں سے تمام دنیائے ارضی کے اجزاء کی مانند نظر آئے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔ اس لیے کہ جب تک انسان اس دنیا میں طبیعت کے کثیف حجابوں اور بشریت کی عادت وخصلت کے حجاب میں محجوب ہے۔ اس وقت تک اس پر اشیاء کی حقیقتوں کا انکشاف اور امور آخرت کا ادراک اس سے ممکن نہیں۔ اور تمہیں یہ وہم نہ کرنا چاہیے کہ جب اس بقعہ طیبہ کی حقیقت ''روضہ من ریاض الجنة'' ہے تو تشنگی وبرہنگی وغیرہ دور ہونا جنت کے خواص اور لوازم میں سے ہے اس جگہ میں نہ ہو جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ لَكَ اَنْ لَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى. بیشک تمہارے لیے جنت میں نہ بھوک ہوگی نہ برہنگی۔

اس لیے ممکن ہے کہ لوازم جنت نے اس بقعہ کے اخراج کے بعد انتقال وجدائی کی صورت قبول کر لی ہو' لہٰذا حجر اسود اور مقام ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں کیا کہو گے۔ اس جگہ بھی تو یہ آثار ظاہر نہیں ہیں۔

اگر تم یہ کہو اس قسم کی باتیں بغیر سماع وخبر (حدیث) ثابت نہیں ہوتیں چونکہ رکن یعنی حجر اسود اور مقام ابراہیم کے لیے دلائل وشواہد بطریق تعبد وتسلیم واقع موجود ہیں ان پر ایمان لانا واجب ہو گیا۔ اور ان کے سوا میں ایسا نہیں ہے تو جواب میں ہم کہیں گے کہ دلیل وشہادت خبر رسول اللہ ﷺ کے سوا نہیں ہے۔ جس طرح رکن ومقام کی حقیقت' اس صادق ومصدوق ﷺ کی خبروں سے معلوم ہوئی ہے۔ اسی طرح روضہ شریف اور منبر مبارک کا حال بھی معلوم ہوا ہے۔ اگر اس جگہ تاویل ہو سکتی ہے تو یہ دونوں جگہ ممکن ہے۔ اور اگر حقیقت کی جانب لے جاتے ہو تو بھی یہ دونوں جگہوں میں ثابت ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے لیے سب سے پہلے قبر انور شق ہوگی اور سب سے پہلے باہر تشریف لائیں گے۔ اور مبعوث ہوں گے۔ مطلب یہ ہے کہ روز قیامت موقف میں حاضر ہوں گے۔ اور آپ ہی وہ پہلے شخص ہوں گے۔ جو ''پل

صراط'' سے گزریں گے۔اور آپ ہی وہ پہلے شخص ہوں گے جو جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے۔حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ میں روز قیامت جنت کے دروازہ پر آؤں گا اور اسے کھلواؤں گا۔پھر خازن جنت کہے گا بك امرت لا افتح لاحد قبلك مجھے آپ ہی کے لیے حکم دیا گیا ہے کہ میں آپ سے پہلے کسی کے لیے باب جنت نہ کھولوں۔اور ممکن ہے کہ ''بک'' میں با قسم کے لیے ہو۔یعنی قسم ہے مجھے آپ کی الخ یہ معنی احسن اور ذائقہ محبت میں زیادہ لذیز ہیں۔اور آپ ہی وہ شخص ہیں جو جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے اور آپ ہی سب سے پہلے شفاعت کا دروازہ کھولیں گے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ براق پر سوار محشور ہوں گے۔اور آپ کو جنت کے نفیس ترین جوڑوں میں سے سب سے اعلیٰ خلعت ولباس عطا فرمایا جائے گا۔دوسری حدیث میں ہے کہ روز قیامت لوگ محشور ہوں گے۔اس وقت میں اور میری امت ''رتل'' یعنی مقام بلند پر ہوں گے۔اور حق تعالیٰ مجھے سبز حلہ (جوڑا) پہنائے گا۔اور حضور اکرم ﷺ مقام عرش پر اس جگہ کھڑے ہوں گے جہاں کوئی بھی کھڑا نہ ہوا ہوگا اور اس پر اگلے پچھلے رشک وغبطہ کریں گے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور کو ''مقام محمود'' عطا فرمایا جائے گا۔مجاہد جو کہ ائمہ تفسیر سے ہیں کہتے ہیں کہ اس سے مراد عرش پر جلوس فرمانا ہے اور عبداللہ بن السلام سے مروی ہے کہ ''کرسی'' پر جلوس فرمانا ہے۔تفسیر بیضاوی میں کہا گیا ہے کہ یہ وہ مقام ہے جو بھی وہاں کھڑا ہوگا اور آپ کو پہچانے گا آپ کی تعریف وثنا کرے گا۔یہ مطلقاً ہر مقام کے لیے ہے۔گویا آپ جہاں بھی قیام فرمائیں گے وہی مقام کرامت وبزرگی کو شامل ہے۔لیکن مشہور ہے کہ یہ مقام شفاعت ہے اس پر مزید بحث آپ کے فضائل کے ضمن میں آئے گی۔جو انشاءاللہ آخرت میں ظہور پذیر ہوں گے۔

انہی خصائص میں یہ ہے کہ سیّد عالم ﷺ کو اہل موقف کے درمیان شفاعت عظمیٰ دی جائے گی۔جس وقت کہ تمام انبیاء ومرسلین کے بعد وہ آئیں گے۔کسی جماعت کو جنت میں بے حساب داخل کرائیں گے اور کسی کے درجات بڑھائیں گے۔اس کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ سیّد عالم ﷺ کا لواء حمد (حمد کا جھنڈا) ہوگا۔روز قیامت حضرت آدم اور ان کے ماسوا سب ہی اس جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور وسیلہ جو اعلیٰ درجہ جنت میں سے ہے وہ بھی مخصوص آپ کے لیے ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنی ساری مخلوق میں سب سے زیادہ مکرم وافضل ہیں اور روز قیامت سب کے پیشوا ہیں جیسا کہ فرمایا:

اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَاَنَا اَکْرَمُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَبِیَدِیْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِیٍّ یَوْمَئِذٍ اٰدَمَ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا وَهُوَ تَحْتَ لِوَائِیْ.

روز قیامت میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور میں اولین وآخرین میں سب سے زیادہ مکرم ہوں اور میرے ہاتھ لواء حمد ہوگا یہ فخر سے نہیں ہے اس دن کوئی نبی بھی آدم اور ان کے ماسوا ایسا نہ ہوگا مگر یہ کہ وہ میرے جھنڈے تلے ہوگا۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جب نبی کریم ﷺ جنت کا دروازہ کھلوانے تشریف لے جائیں گے تو تعظیم وتکریم کے لیے خازن جنت کھڑے ہو جائیں گے۔اور آپ کا استقبال کریں گے اور جنت کا دروازہ کھولیں گے۔کہیں گے آپ سے پہلے کسی لیے نہ کھولنا۔اور نہ آپ کے بعد کسی کے لیے میں کھڑا ہوں گا۔اس میں حضور کے مرتبت کی زیادتی کا اظہار ہے۔ورنہ خزنہ جنت یعنی نگہبانانِ بہشت سب کے سب آپ کے خادم ہیں۔اور بحکم الٰہی آپ ان کے بمنزلہ بادشاہ کے ہیں۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے حوض کوثر کو آپ کے لیے مخصوص فرمایا جس میں شہد سے زیادہ شیریں اور دودھ سے زیادہ سفید پانی بہتا ہے۔ایک روایت میں ہے کہ برف سے زیادہ سفید ہے۔اور اس کے پیالے ستاروں سے زیادہ ہیں بعض کہتے ہیں کہ آخرت میں ہر نبی کے لیے ایک حوض ہوگا۔جو ان کے فضل ومرتبت کے لائق ہوگا اور حضور کا حوض کوثر ان سب سے عظیم تر اور شریف تر ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنی کتاب مجید میں چونکہ انبیاء علیہم السلام کے توبہ وغفران اور ان سے واقع شدہ زلتہ وخطا کا ذکر فرمایا ہے تو نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں فرمایا: اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ تو فتح کو قدم رکھا اس کے بعد غفران ذنوب گزشتہ وآئندہ کا ذکر فرمایا۔اور ذنب کو مستور رکھا۔اس مقام کی تحقیق باب دوم میں گزر چکی ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ گزشتہ انبیاء کرام علیہم السلام کو جو کچھ سوال کرنے اور مانگنے کے بعد عطا فرمایا وہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو بے سوال وبغیر مانگے مرحمت فرمایا۔چنانچہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے عرض کیا۔وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے مجھے رسوانہ کرنا اور حضور ﷺ اور آپ کی امت کی شان میں فرمایا: يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ اس دن اللہ رسوانہ فرمائے گا نبی کو اور ان ایمانداروں کو جو آپ کے ساتھ ہیں۔حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ اے میرے رب میرے سینے کو کھول دے تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی شان میں فرمایا: اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ کیا ہم نے آپ کا سینہ نہیں کھولا۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیّد عالم ﷺ کو مقام محبت سے نوازا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مقام خلت سے ممتاز فرمایا۔مقام محبت' مقام خلت سے بالاتر ہے۔پہلے باب میں اس کا ذکر گزر چکا ہے۔بعض علماء عارفین' خلیل وحبیب کے درمیان فرق میں لطیف بحث فرماتے ہیں۔کہتے ہیں کہ خلیل' خلت سے بنا ہے جس کے معنی حاجت کے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام خدا کی طرف سراپا محتاج ومفتقر تھے۔اسی لحاظ سے حق تعالیٰ نے انہیں خلیل فرمایا اور حبیب بروزن فعیل بمعنی فاعل یا مفعول ہے لہٰذا حضور بے واسطہ غرض محب بھی ہیں اور محبوب بھی اور کہتے ہیں کہ خلیل کا فعل خدا کی رضا کے لیے ہوتا ہے۔اور حبیب کی رضا کے لیے خدا کا فعل ہوتا ہے۔چنانچہ خدا تعالیٰ نے فرمایا: فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا. ضرور بالضرور ہم آپ کو اسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے۔جس سے آپ راضی ہیں اور فرمایا: وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔'' اور خلیل کبھی لقائے محبوب کے لیے عجلت نہیں کرتا۔جیسا کہ مروی ہے کہ جب قبض روح کے لیے ملک الموت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توقف فرمایا۔اور ان سے کہا پروردگار عالم سے دریافت کرو کہ کیا حکم ہوتا ہے؟ آیا جلدی حاضری ہے یا کچھ توقف ہے۔لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اِخْتَرْتُ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى. یعنی میں نے رفیق اعلیٰ حق تعالیٰ کو اختیار کیا۔'' اور آپ اپنی دعا میں کہتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ النَّظَرَ اِلٰى جَلَالِ وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ

اے خدا! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ نظر جو تیرے چہرہ جلال کی طرف ہے اور وہ شوق جو تیرے دیدار کی طرف ہے۔

اور خلیل وہ جس کی مغفرت' حد طمع میں ہے جیسا کہ فرمایا: وَالَّذِيْ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ اور وہ جو طمع کرتا ہے کہ میری خطاؤں کی مغفرت قیامت کے دن ہو اور حبیب وہ جس کی مغفرت حد یقین میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ. تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اگلے پچھلے ذنب کی مغفرت کرے اور آپ پر اپنی نعمت تمام فرمائے۔

اور خلیل نے دعا کی وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ جس دن لوگ اٹھائے جائیں مجھے رسوا نہ کرنا اور حبیب سے فرمایا گیا: يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ جس دن اللہ نبی کو رسوا نہ کرے گا۔ بندہ مسکین (شیخ محقق) کہتا ہے کہ اس پر مزید یہ فرمایا کہ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ اور وہ لوگ جو ایمان لائے آپ کے ساتھ۔'' اور خلیل وہ ہے جس نے کہا: اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ میں اپنے رب کے حضور جانے والا ہوں۔ عنقریب وہ رہنمائی فرمائے گا اور حبیب وہ ہے جس کے لیے فرمایا گیا: وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى اور آپ کو وارفتہ پایا تو رہنمائی فرمائی۔

خلیل وہ ہے جس نے کہا وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ اور بنا میرے لیے سچی زبان پچھلوں میں۔'' اور حبیب کے لیے فرمایا: وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ہم نے آپ کا ذکر بلند کیا۔'' خلیل نے کہا: واجعلنی حسن ورثة العجنة النعیم. اور بنا مجھے جنتِ نعیم کے وارثوں میں سے۔ اور حبیب کے لئے فرمایا: اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ. ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا۔'' خلیل نے کہا: وَاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ اور بچا مجھے اور میری اولاد کو بتوں کے پوجنے سے۔'' اور حبیب وہ ہے جس سے فرمایا گیا: اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا. اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرمائے اور تمہیں پاک کر کے خوف ستھرا کر دے۔

چنانچہ ثابت ہوا کہ خلتِ خلیل اور محبتِ حبیب کی فضیلت میں موخر الذکر فائق ہے۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ جو نفلی نماز بیٹھ کر ادا کریں تو آپ کے لیے اس کا ثواب کھڑے ہو کر ادا کرنے کے برابر ہے۔ بخلاف دوسروں کے فرمایا: مَنْ صَلّٰى قَاعِدًا فَلَهٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ جو بیٹھ کر نماز پڑھے اس کے لیے کھڑے ہونے والے کے اجر کا آدھا ہے۔'' اگرچہ اس حدیث کا ظاہر عامہ ہے لیکن سیّد عالم ﷺ اس عموم سے مستثنیٰ اور مخصوص ہیں۔ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے حدیث مروی ہے۔ انہوں نے کہا میں رسولِ خدا ﷺ کے حضور حاضر ہوا تو میں نے آپ کو بیٹھ کر نماز پڑھتے دیکھا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا عَلٰى نِصْفِ الصَّلٰوةِ قَائِمًا. بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کی نماز کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے سے آدھی ہے اور اس وقت آپ بیٹھ کر ادا فرما رہے تھے۔'' فرمایا: ہاں! میرا ارشاد یہی ہے لیکن لَسْتُ كَاَحَدٍ مِّنْكُمْ تم میں سے کوئی بھی میرے برابر نہیں۔''

انہی خصائص میں سے یہ ہے جو کچھ دنیا میں زمانہ آدم سے نفخہ اولیٰ یعنی قیام قیامت تک ہے۔ وہ سب آپ پر منکشف کیا گیا یہاں تک کہ آپ کو اگلوں اور پچھلوں کے تمام احوال کا علم دیا گیا اور ان میں سے بعض کے احوال آپ نے اپنے صحابہ کرام کو بھی بتائے اور بعض صلحاء اہل فضل سے سنا گیا کہ بعض عارفوں نے ایک کتاب لکھی ہے۔ جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ حضور سرورِ عالم ﷺ کو تمام علوم الٰہی بتائے گئے تھے۔ یہ بات بظاہر بہت سے دلائل کے مخالف ہے مگر قائل نے اس سے کیا مقصد لیا ہوگا اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

امت محمدیہ کے فضائل وخصائص

وصل: امت مرحومہ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے فضائل وخصائص بھی بیشمار ہیں اور یہ فضائل وخصائص بھی حضورِ اکرم ﷺ ہی کی طرف راجع ہوتے ہیں کیونکہ آپ تابع وفرماں بردار امت رکھتے ہیں۔ معلوم ہونا چاہیے کہ اگرچہ انسان وجنات سب ہی آپ کی امت ہیں۔ لیکن اس خصوصیت وقابلیت کے لحاظ سے جو انسان میں ہے عنایت ربانی انسانی رافت کے ساتھ ظاہر ہوئی اور آپ نے انسانوں میں ظہور فرمایا: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ (تم تمام امتوں سے بہترین امت ہو) یہ خطاب بے واسطہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے ہے۔ ایمان میں سبقت پانے والے مقربین بارگاہ ہیں۔ اور فرمایا کہ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (نیکیوں کا حکم دیتے اور برائیوں سے بچاتے ہیں۔) درحقیقت یہی سبب افضلیت اور بہتری کی شرط ہے۔ صحابہ کرام میں یہ خوبی رسول اللہ ﷺ کی صحبت کی فضیلت کی وجہ سے اتم واکمل اور سب سے فائق ہے۔ کیونکہ صحابہ کرام مشاہدہ جمال جہاں آرا اور آپ کے انوار وآثار کا بے واسطہ اقتباس واستفاضہ کرنے میں مخصوص ہیں۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اس امت کے اولین بعد والوں سے افضل ہیں۔ اس کی ایک ترتیب بھی اس ضمن میں شارع علیہ السلام سے واقع ہے فرمایا:

خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ الَّذِيْنَ اَنَا فِيْهِمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ. — سب سے بہتر میرا وہ زمانہ ہے جس میں میں ہوں پھر وہ جو ان سے متصل ہے پھر وہ جو ان سے متصل ہے۔

مشہور یہ تین مرتبے ہیں۔ اوّل صحابہ، دوم تابعین، سوم تبع تابعین۔ صحیح بخاری کی ایک حدیث سے مرتبہ چہارم بھی معلوم ہوتا ہے۔ جس کو اتباع تبع کہتے ہیں۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: ثُمَّ يَفْشُوا الْكِذْبُ (پھر جھوٹ پھیل جائے گا) مطلب یہ کہ ان تین یا چار مرتبوں کے بعد جس طرح اوائل زمانہ میں دین، صدق تصور اور یقین میں جو ربط وضبط تھا اس کے بعد کذب، جھوٹ اور افترا عام ہوجائے گا۔

صحابہ کرام کی ایک جماعت تو وہ ہے جو ایک لحظہ کی شرفیابی دیدار مصطفےٰ کے بعد ایمان لاکر اپنے کام وکاج میں مشغول ہوگئی اور جسے عرصہ دراز تک آپ کی خدمت اور صحبت میں حاضر رہ کر استفادہ کا موقع نہ ملا۔ ان کے بارے میں بھی بعض علماء اس کے قائل ہیں کہ انہیں اپنے بعد آنے والوں پر فضیلت حاصل ہے۔ معلوم نہیں ان کے اس کہنے کا مقصود کیا ہے؟ اگر وہ یہ کہتے ہیں حضورِ اکرم ﷺ کی رویت ومشاہدہ کی برکت سے انہیں وہ تمام کمالات حاصل ہوجاتے ہیں جو متاخرین یعنی عرصہ دراز تک صحبت رکھنے والوں میں ہیں تو یہ محل توقف ہے اور صحابہ کرام کے مابین عدم تفاضل وتفاوت کو مستلزم ہے۔ اور یہ خلاف واقعہ ہے۔ اس کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ کی رویت ومشاہدہ ایسی فضیلت ہے جو تمام فضائل وکمالات سے اتم واکمل ہے۔ اور کوئی فضیلت اس کی ہمسری نہیں کرسکتی۔ بہرحال کچھ بھی ہو وہ صحابہ کرام جنہوں نے آپ کی مختصر سی صحبت حاصل کرلی اپنے ان بعد کے آنے والوں سے افضل ہیں جو آنحضرت ﷺ کی صحبت درویت سے محروم رہے۔ اہل اصول کی جماعت، اہم صحبت کے اطلاق کو بھی جماعت اولیٰ سے مخصوص جانتی ہے۔ حالانکہ یہ محدثین کے مذہب کے خلاف ہے۔ کیونکہ وہ اطلاق صحبت میں، رویت وملاقات کو اگرچہ ایک ہی بار ہو کافی رکھتے ہیں۔

اس امت کے فضائل وخصائص علی الاطلاق بیشمار اور اس بارے میں اخبار وآثار بکثرت ہیں ان کی سب سے بڑی اور اتم واکمل فضیلت یہی ہے کہ وہ امت محمد یہ میں ہیں۔ جس طرح یہ نبی آخر الزماں ﷺ خاتم النبیین اور تمام نبیوں کے فضائل وکمالات کے جامع ہیں اور آپ پر مکارم اخلاق اور صفات حمیدہ تمام ہیں اسی طرح آپ کی اُمت خاتم الامم ہے۔ اور کمال دین اور اتمام نعمت سے مخصوص ہے۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے کہ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ (آج میں نے تمہارا دین تمہارے لیے مکمل کر دیا۔ اور اپنی تمام نعمتیں تم پر تمام کر دیں)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے رب تیرے نزدیک میری امت جیسی بھی کوئی امت ہے جس پر تو نے بادلوں کا سایہ فرمایا ہو۔ اور ان کے لیے من وسلویٰ اتارا ہو۔'' حق تبارک وتعالیٰ نے حضرت موسیٰ سے فرمایا: اے موسیٰ! تم امت محمد ﷺ کی فضیلت کو نہیں جانتے۔ جتنا میرا فضل ہے تمام خلق پر اتنا تنہا اس امت پر ہے موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے رب مجھے اس اُمت کو دکھا دے'' حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا تم ان کو دیکھ نہیں سکتے (کیونکہ وہ آخر زمانے میں ہے) لیکن میں تمہیں ان کا کلام سنواتا ہوں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو ندا فرمائی تو سب نے بیک آواز ہو کر جواب دیا: ''لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ''. (حاضر ہوں اے خدا حاضر ہوں) حالانکہ اس وقت وہ سب اپنی ماؤں اور باپوں کے رحموں اور بطنوں میں تھے اس کے بعد حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

صَلٰوتِيْ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتِيْ سَبَقَتْ غَضَبِيْ وَعَفْوِيْ سَبَقَ عَذَابِيْ — میرا کرم تم پر ہے اور میری رحمت میرے غضب پر اور میرا عفو میرے عذاب پر سبقت کر گیا۔

اس سے پہلے کہ تم دعا مانگو۔ میں نے تمہاری دعا کو قبول کیا اور جو کوئی میرا ادراک اس حال میں کرے کہ وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی گواہی دیتا ہو۔ میں اس کے تمام گناہوں کو بخش دوں گا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حق تبارک وتعالیٰ نے چاہا کہ مجھ پر اس نعمت کا اظہار احسان فرمائے تو حق تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَاهُ یعنی اے محمد! ﷺ نشاء عنصری میں جس وقت ہم نے تمہارے نور کو ندا کی اور ندا کی ہم نے تمہاری امت کو' تا کہ موسیٰ علیہ السلام کو ان کا کلام سنائیں تو اس وقت آپ طور پر تشریف فرما نہ تھے۔ اس حدیث کو قتادہ نے روایت کیا۔ اس میں اتنا اور زیادہ کیا گیا ہے کہ ''تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے رب تعجب ہے کہ امت محمد یہ ﷺ کی آواز کتنی اچھی اور پیاری ہے۔ اے پروردگار مجھے دوبارہ سنا۔

اور ابونعیم ''حلیہ'' میں بروایت حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''حق تعالیٰ نے بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ جو کوئی مجھ سے اس حال میں ملے کہ وہ احمد (ﷺ) کا منکر ہے تو اسے آتش دوزخ میں جھونک دوں گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا احمد (ﷺ) کون ہیں؟ فرمان باری تعالیٰ ہوا کہ احمد وہ ذات گرامی ہے کہ میں نے اپنے نزدیک اس سے بڑھ کر گرامی تر کسی کو پیدا نہ فرمایا۔ اور زمین وآسمان کی پیدائش سے قبل اس کا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر لکھا اور اس وقت تک میری تمام مخلوق پر جنت حرام ہے جب تک کہ وہ اور اس کی امت اس میں پہلے داخل نہ ہو جائیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی امت آپ کی تبعیت میں داخلہ جنت میں دیگر تمام انبیاء علیہم السلام سے پہلے ہے۔ اور حب مہمان عزیز ہے تو اس کا طفیلی بھی عزیز ہوگا۔ خلق سے مراد غیر انبیاء ہیں۔ حالانکہ جمیع خلق کہا گیا ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ امت انبیاء سے فاضل تر یا برابر ہے۔ حاشا دکلا' ایسا ہرگز ہرگز نہیں۔ اس لیے کہ کوئی ولی نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا امت محمدی (ﷺ) کیسی ہے اور ان کی صفتیں کیا ہیں۔ تو حق تبارک وتعالیٰ نے ان کی صفات کا

ذکر فرمایا۔ اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے خدا مجھے اس امت کا نبی بنا دے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا امت کا نبی ان کی قوم سے ہوگا۔ پھر حضرت موسیٰ نے کہا خداوند مجھے اس نبی کی امت بنا دے۔''

حضرت وہب ابن منبہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا حضرت شعیا نبی علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں نبی اُمی کو بھیجوں گا۔ جو کہ بہرے کانوں' اندھی آنکھوں اور ان دلوں کو جو پردہ غفلت سے پوشیدہ ہیں کھولے گا۔ ان کی جائے ولادت مکہ مکرمہ اور اس کا مقام ہجرت مدینہ طیبہ اور اس کا ملک شام ہے۔ اور حضور ﷺ کی صفتوں کا ذکر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے یہاں تک فرمایا کہ میں ان کی امت کو تمام امتوں میں بہترین بناؤں گا۔ وہ نیکی کا حکم دے گی اور بدی سے روکے گی۔ میری وحدانیت کو مانے گی۔ مجھ پر ایمان لائے گی۔ مجھ س اخلاص برتے گی۔ اور میں نے جو کچھ نبیوں پر نازل کیا ہے وہ سب کی تصدیق کرے گی۔ آفتاب و ماہتاب کی حفاظت کریگی۔ یعنی عبادت کے اوقات کے لیے ان کی محافظت کرے گی۔ خوش نصیب ہیں وہ دل' چہرے اور روحیں جو مجھ سے اخلاص برتتی ہیں۔ میں انہیں تسبیح و تکبیر اور تحمید و توحید کو ان کی مجلسوں میں' ان کی آرام گاہوں اور ان کے سفر و حضر اور ہر حرکت و سکون میں الہام کروں گا۔ مسجدوں میں ان کی صفیں' فرشتوں کی صفوں کی مانند ہیں۔ فرشتے عرش کے گرد ہیں۔ وہ میرے دوست اور میرے مددگار ہیں۔ میں ان کے ذریعہ اپنا کینہ بت پرست دشمنوں سے نکالوں گا۔ وہ میرے لیے کھڑے ہو کر بیٹھ کر اور رکوع و سجود کے ساتھ نمازیں ادا کریں گے۔ وہ میری خوشنودی کی خاطر اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکلیں گے۔ اور میری راہ میں جہاد و قتال کریں گے اور میں ان کی کتاب یعنی قرآن مجید سے دیگر کتابوں کو' ان کی شریعت سے دیگر شریعتوں کو اور ان کے دین سے دیگر دینوں کو ختم کروں گا۔ اور جو کوئی ان کے زمانہ کو پائے اور ان کی کتاب پر ایمان نہ لائے اور ان کے دین و شریعت کو نہ مانے وہ میرا نہیں ہے میں اس سے بیزار ہوں۔ میں نے انہیں ساری امتوں سے افضل اور امت وسط بنایا۔ جو تمام لوگوں پر گواہ ہیں۔ جب غضب میں آئیں گے تو میری تہلیل لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کا نعرہ لگائیں گے اور جب نزاع کریں گے تو تسبیح کریں گے اور میری پاکی بیان کریں گے یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہیں گے اور اپنے چہروں اور اعضاء کو پاک وصاف کریں گے۔ اور ٹخنوں سے اوپر ازار باندھیں گے ہر چڑھائی و اُتار پر اللہ اکبر کہیں گے اور خون بہا کر قربانی دیں گے۔ ان کی کتاب یعنی قرآن ان کے سینوں میں ہے۔ رات میں عبادت گذار اور دن میں شیر یعنی مجاہد ہیں۔ وہ کتنا خوش نصیب ہے جو ان کے ساتھ ہے۔ ان کے مذہب اور ان کی راہ و رسم پر ہے۔ یہ میرا فضل ہے جسے میں چاہتا ہوں اسے دیتا ہوں۔ میں خداوند فضل عظیم ہوں۔ اسے ابونعیم نے روایت کیا۔

عبادات میں اس امت کی خصوصیات: یہ فضائل اس امت مرحومہ کے ہیں جو پچھلی کتابوں میں ہیں لہٰذا امت کو چاہیے کہ ان صفات پر ہو کیونکہ بہتری اور افضلیت کی علت یہی صفات ہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں اس امت کے پہلے حضرات جو کہ صحابہ کرام اور ان سے متصل ہیں ان صفات میں اکمل و اتم ہیں۔ اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر غنیمتوں کو حلال قرار دیا حالانکہ اس سے قبل کسی پچھلی امت کے لیے یہ حلال نہ ہوا تھا۔ اور یہ کہ تمام زمین کو مسجد گردانا۔ (کہ جہاں چاہیں نماز پڑھیں) اور یہ کہ مٹی کو پاک کرنے والا بنایا۔ (یعنی اگر پانی میسر نہ ہو یا اس پر قدرت نہ ہو تو مٹی سے تیمّم کر کے نماز پڑھ لی جائے) جیسا کہ حضور ﷺ کے خصائص میں گزرا۔ یعنی امت بھی آپ کے ساتھ ان صفات و احکام میں شریک ہے۔ بعض علماء وضو کو بھی اس کے خصائص میں شامل کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ اِنَّ اُمَّتِیْ یَدْعُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ غُرًّا الْمُحَجَّلِیْنَ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ. (بے شک قیامت کے دن آثار وضو سے میری امت کے اعضاء روشن و تاباں ہوں گے۔ اس طرح آئے گی) اور ممکن ہے کہ یہ تابانی وضو کی جزاء میں ان کے ساتھ مخصوص ہو۔ کیونکہ ''فتح الباری'' میں حضرت سارہ کے قصے کے درمیان

مذکور ہے کہ جب بادشاہ جابر و کافر نے انہیں گرفتار کرنا چاہا تو وہ اٹھیں' وضو کیا اور نماز میں مشغول ہو گئیں۔ جریج راہب کے قصہ میں بھی آیا ہے کہ وضو کیا' نماز پڑھی اور بچے کے ساتھ کلام کیا۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ جو چیز اس امت کے ساتھ مخصوص ہے وہ غرہ اور تحجیل یعنی نورانیت اور تابانی ہے وضو نہیں۔ مسلم شریف کی ایک روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ پیشانی کی تابانی تمہارے سوا کسی میں نہیں۔

اس امت کے خصائص میں سے پانچ نمازیں بھی ہیں گزشتہ امتوں میں چار نمازیں تھیں نماز عشا نہیں تھی۔ سب سے پہلے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشا ادا کی۔ حدیث میں آیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ نماز عشا میں تاخیر کرو۔ (ایک تہائی رات تک) اس لیے کہ تمہیں گزشتہ امتوں کی نمازوں پر فضیلت دی گئی ہے۔

اذان' اقامت اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا کہنا بھی اس امت کے خصائص میں سے ہے۔ کیونکہ کسی دوسری امت پر اس کا نزول نہیں ہوا تھا۔ مگر حضرت سلیمان علیہ السلام' اس سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ انہوں نے ملکہ سبا کو جو خط تحریر فرمایا وہ بسم اللہ سے شروع کیا تھا۔

اس امت کے خصائص میں سے ''آمین'' کہنا بھی ہے۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہود ہم پر کسی چیز پر حسد نہیں کرتے جیسا کہ وہ جمعہ پر حسد کرتے ہیں۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے ہمیں ہدایت فرمائی۔ اور امام کے پیچھے ''آمین'' کہنے پر بھی وہ حسد کرتے ہیں۔ اس امت کے خصائص میں سے نماز میں رکوع کرنا بھی ہے۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ فرمایا سب سے پہلے جس نماز میں ہم نے رکوع کیا وہ نماز عصر تھی۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یہ رکوع کیا ہے جسے آپ نے آج کے سوا کبھی نہیں کیا۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا مجھے حکم دیا گیا ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہمارے دین میں بھی ابتدائی وقت میں رکوع نہ تھا بعد میں اس کا حکم ہوا۔ البتہ! اس جگہ ہی حق تعالیٰ نے فرمایا یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِیْ وَارْكَعِیْ. (اے مریم اپنے رب کی اطاعت کرو اور سجدہ و رکوع کرو۔) یہ آیت وجود رکوع پر دلالت کرتی ہے کہ امم سابقہ میں رکوع تھا۔ وہ جواب میں کہتے ہیں کہ قنوت سے مراد دائمی طاقت ہے کیونکہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَاءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّقَائِمًا اور قنوت کے معنی طاعت' قیام اور خشوع کے آتے ہیں۔ سجود سے مراد نماز ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا وادبار السجود اور رکوع سے مراد' خشوع' عاجزی اور فروتنی ہے کہ رکوع پر سجدہ کو مقدم کرنا یہ ایک قسم کا قرینہ ہے۔ جو اس معنی پر دلالت کرتا ہے ورنہ ظاہر ہے کہ رکوع مقدم ہوتا ہے۔ یہ جواب وتوجیہہ اس تقدیر پر ہے کہ نص سے ثابت ہو ورنہ امم سابقہ میں رکوع شروع نہ ہونے پر علماء نے حضرت مرتضیٰ کی حدیث سے استدلال کیا ہے اگرچہ یہ استدلال مکمل نہیں ہے۔

نماز وقتال میں ان کی صفوں کی قدر و منزلت اور قرب بارگاہ میں فرشتوں جیسا تقرب بھی اس امت کے خصائص میں ہے۔ اگر یہ کہیں کہ جماعت بھی اس امت کے خصائص میں سے ہے تو اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے تحیہ سلام بھی ہے جیسا کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں گزرا باخبر رہنا چاہیے کہ حدیث عائشہ کا ظاہر مطلب' نماز کے آخر میں سلام پھیرنا ہے اور تحیہ سلام کی عبارت کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ وقت ملاقات ایک دوسرے کو سلام کرنا۔

اس امت کے خصائص میں سے جمعہ بھی ہے جو دوسری امتوں میں نہیں ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے کہ: هٰذَا یَوْمُهُمُ الَّذِیْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ یَعْنِیْ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهٗ وَالنَّاسُ فِیْهِ لَنَا تَبَعٌ الْیَهُوْدُ غَدًا وَّالنَّصَارٰی بَعْدَ غَدٍ (رواہ البخاری) یہ ان کا وہ دن ہے جو اللہ نے ان پر فرض فرمایا تو یہ دن اللہ کا ہے۔ دوسرے لوگ اس میں ہمارے بعد ہیں یہود کے لیے سنیچر (ہفتہ) اور نصاریٰ کے لیے اتوار ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے جمعہ کی وہ گھڑی ہے کہ اس گھڑی میں اللہ تعالیٰ سے جو مانگا جائے ملتا ہے۔ اس ضمن میں تقریباً چالیس اقوال ہیں جنہیں ''شرح سفر السعادۃ'' میں ہم نے اقوال میں مطابقت پیدا کر کے بیان کیا ہے۔ ان میں صحیح تر دو قول ہیں۔ اول یہ کہ وہ خاص مذکورہ گھڑی امام خطبہ کے لیے نکلنے کے وقت سے نماز جمعہ کے فارغ ہونے تک محیط ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ روز جمعہ کی آخری گھڑی ہے۔ سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اسی جانب ہیں۔ علماء کہتے ہیں کہ انہوں نے ایک خادم کو مقرر کر رکھا تھا کہ اس آخری گھڑی کی خبر دے۔ (واللہ اعلم)

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ جب رمضان مبارک کی پہلی رات آتی ہے تو حق سبحانہ وتعالیٰ ان کی طرف نظر عنایت سے دیکھتا ہے۔ اور جس کی طرف حق تعالیٰ نظر عنایت فرمائے۔ وہ پھر اس کو کبھی بھی عذاب نہیں دیتا۔ اور جنت کو ان کے لیے مزین کرتا اور سنوارتا ہے۔ اور یہ کہ روزہ دار کے منہ کی بو کو اپنے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ بنایا اور رمضان کی ہر رات میں فرشتے ان کے لیے استغفار کرتے ہیں اس وقت سے جب کہ وہ روزہ افطار کرتے ہیں اور جب رمضان کی آخری رات ہوتی ہیں تو ان سب کو بخش دیتا ہے اور اس امت کو ماہ رمضان میں پانچ ایسی خوبیاں مرحمت فرمائی ہیں جو ان سے پہلے کسی نبی کی امت کو نہیں دی گئیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ روزہ دار جس وقت افطار کرتا ہے۔ اس وقت سے فرشتے استغفار کرتے رہتے ہیں۔ اور شیطانوں کو زنجیر میں جکڑ کر قید کر دیا جاتا ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے سحری کھانا' افطار میں جلدی کرنا مستحب کیا گیا ہے۔ رات میں صبح صادق تک کھانے' پینے اور جماع کرنے کو مباح قرار دیا گیا۔ حالانکہ ہم سے پہلے ہر ایک پر یہ چیزیں حرام تھیں اسی طرح شروع اسلام میں ہم پر بھی تھیں۔ بعد میں یہ منسوخ ہو گیا۔

اس امت کے خصائص میں شب قدر ہے۔ جیسا کہ امام نووی نے ''شرح مہذب'' میں کہا ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس نے ہزار مہینہ تک راہ خدا میں جہاد کیا اور اپنے جسم سے ہتھیار نہ اتارے۔ صحابہ کہنے لگے کیا ہم میں سے کسی میں اتنی طاقت ہے جو ایسا کر سکے۔ اس وقت سورہ قدر نازل ہوئی کہ شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے۔ اور اس ایک رات میں قیام کرنا ہزار مہینے راہ خدا میں جہاد کرنے سے افضل ہے۔ باقی بحث اپنے مقام میں آئے گی۔ اہل علم کا اس میں اختلاف ہے کہ رمضان المبارک کے روزے اس امت کی خصوصیتوں میں سے ہیں یا پچھلی امتوں پر بھی فرض تھے۔ آیہ کریمہ ہے:

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ — تم پر روزے فرض کیے گئے جیسے کہ تم سے پہلوں پر فرض کیے گئے۔

اس سے مراد رمضان کے روزے ہی ہیں۔ اس میں ظاہر بات یہی ہے کہ پچھلی امتوں پر بھی فرض کیے گئے تھے۔ ابن ابی حاتم بروایت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ رمضان کے روزے پچھلی امتوں پر بھی فرض تھے۔ اس حدیث کی اسناد میں ایک شخص مجہول ہے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ مطلق روزہ مراد ہے نہ کہ ان کی مقدار اور وقت تو یہ تشبیہ بھی مطلقاً روزوں پر ہو گی۔ جمہور کا قول بھی یہی ہے۔

اعمال میں خصوصیت: اس امت کی خصوصیات میں سے مصیبت کے وقت استرجاع یعنی اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کہنا بھی ہے کہ جو کہ پروردگار عالم کی جانب سے فضل ورحمت کا مستوجب اور ان کے لیے سبب ہدایت ہے۔ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا اس امت کو مصیبت کے وقت وہ چیز دی گئی ہے جو کسی نبی کو اس کی مانند نہیں دی گئی۔ اور وہ قول اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ کو مصیبت کے وقت کہنا ہے۔ اگر یہ چیز انبیاء کو دی جاتی تو حضرت یعقوب علیہ السلام کو بھی مرحمت ہوتی جس وقت کہ انہوں نے کہا: يَا اَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ آہ مجھے یوسف پر رنج ہے۔

بندہ مسکین (یعنی شیخ محقق) ثبتہ اللہ علی طریق الحق والیقین کہتا ہے کہ یہ قول اس امت کو انبیاء علیہم السلام پر ترجیح دینے کا وہم پیدا کرنے کا موجب ہے۔ حالانکہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ. (اب صبر جمیل ہے اور اللہ ہی مددگار ہے۔) تو یہ استرجاع کے ہی ہم معنی ہے۔ اور ان کا یہ فرمانا کہ "یا اَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ"۔ اس کے منافی نہیں ہے۔ اگر یہ کہیں کہ "اس امت کو استرجاع کی ایسی چیز دی گئی ہے جو کسی دوسری امت کو نہیں دی گئی۔" تو بہتر ہوگا۔ ظاہر ہے کہ اس امت کی تخصیص بہ نسبت امت سابقہ ہوگی نہ کہ بہ نسبت انبیاء کرام صلوات اللہ تعالیٰ وسلامیہ علیہم اجمعین۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اس امت سے اصر اور اغلال اٹھالیا ہے جو امم سابقہ پر تھا۔ (اصر اگر الف کے زیر سے ہے تو اس کے معنی عہد' بوجھ اور گناہ کے ہیں اور اگر الف کے زبر سے ہے تو اس کے معنے' توڑنے' بند کرنے اور باز رکھنے کے ہیں اور اغلال کے معنی کینہ رکھنا اور مالِ غنیمت میں خیانت کرنے کے ہیں۔) اس سے مراد تخفیف اور ان تکلیفوں کو دور کرنا ہے جو پچھلی امتوں پر لازم تھیں۔ مثلاً قتل عمد اور خطا کے درمیان تعیین قصاص' خطا کار کے اعضا کا ٹنا' موضع نجاست کو کاٹنا اور توبہ میں اپنی جان کو ہلاک کرنا وغیرہ تھا۔ اگر بنی اسرائیل میں سے سے رات کو گناہ کرتا تو پچھلی صبح کے وقت اس کے گھر کے دروازے پر لکھا ہوتا کہ اس گناہ کا کفایہ یہ ہے کہ اپنی دونوں آنکھیں نکالے۔ چنانچہ وہ دونوں آنکھوں کو نکال دیتا۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے ان پر ان چیزوں کو آسان فرمایا جو ان کے ماسوا پر بہت سخت تھیں۔ اور ان کے دین میں کوئی دشواری لازم نہ رکھی۔ جیسے کہ اگر کوئی کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے سے مجبور ہے تو وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے۔ اور حالت سفر میں افطار اور نماز فرض میں قصر کو مباح فرمایا اور ان پر توبہ کا دروازہ کھلا رکھا گیا۔ اور حقوق اللہ میں ان کے لیے کفارہ جات مشروع فرمائے اور حقوق العباد میں دیت وضمان کو مشروع فرمایا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا بنی اسرائیل پر جس قدر شدائد اور دشواریاں تھیں حق تعالیٰ نے اس امت سے اٹھالیں۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اس امت کو خطا ونسیان (وسوسہ) اور ہر وہ عمل جو جبر واکراہ سے سرزد ہوان سب کے مواخذہ سے بری فرمایا۔ بلاشبہ بنی اسرائیل کا یہ حال تھا کہ جس چیز کا انہیں حکم دیا جاتا جب وہ اس میں کچھ بھول جاتے یا خطا ہو جاتی تو ان پر عذاب میں جلدی کی جاتی تھی۔ اور ان کے گناہ کے قدر وانداز کے مطابق کھانے پینے کی کچھ چیزیں ان پر حرام کی دی جاتیں۔ بلاشبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی رَفَعَ عَنْ اُمَّتِیْ الْخَطَاءَ وَالنِّسْیَانَ وَمَا اسْتُکْرَهُوْا عَلَیْهِ رواہ احمد وابن حبان والحاکم وابن ماجۃ" (یقیناً اللہ تعالیٰ نے میری امت سے خطا ونسیان اور جس پر مجبور کیا جائے اٹھالیا۔) خطا ونسیان کے درمیان فرق یہ ہے کہ نسیان میں مطلقاً بھول جانا ہے جیسے کہ روزہ دار روزے کو بھول کر کچھ کھا پی لے۔ اور خطا میں یاد داشت ہوتی ہے لیکن غلط کر جاتا ہے مثلاً روزہ دار کو اپنا روزہ یاد ہے۔ مگر کلی کرنے میں پانی حلق میں اتر جائے اور اکراہ یہ ہے کہ کسی سے بزور اور جبر کوئی کام کرایا جائے۔ مثلاً کوئی ظالم زور وجبر کرے اور کہے کہ کلمہ کفر زبان سے بول ورنہ میں تجھے قتل کر دوں گا اس وقت اگر کلمہ کفر بول دے۔ اور دل میں اپنے ایمان پر برقرار رہے تو نقصان نہ ہوگا۔ اس پر مواخذہ نہیں ہے۔ لیکن "حدیث نفس" جسے خیال ووسوسہ کہتے ہیں اس کی کئی صورتیں ہیں ایک یہ کہ کسی چیز کا خیال بے اختیار دل میں یکا یک آجائے تو اسے ہاجس کہتے ہیں اس میں بالکل کوئی مواخذہ نہیں ہے خواہ کچھ بھی ہو اس کے بعد وہ دل میں جاگزیں ہو جائے۔ اور دل کو برانگیختہ کرے تو اسے "خاطر" کہتے ہیں اس کے بعد قصد وارادہ ہے چاہے کرے یا نہ کرے۔ یہ امت سے مرفوع ہے۔ بلکہ اگر نہ کیا تو ایک نیکی لکھی جاتی ہے اس کے بعد "عزم وتہیہ" ہے کہ ضرور کرنا چاہتا ہے مگر خارج میں کوئی چیز مانع پیدا ہے جس سے وہ کر نہیں سکتا۔ البتہ! اگر مانع نہ ہو تو کرے۔ اس صورت میں مواخذہ ہے۔ اس لیے کہ یہ

فعل قلب ہے۔اور اسی پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد محمول ہے۔

وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْہُ یُحَاسِبْکُمْ بِہِ اللّٰہُ — جو تمہارے دلوں میں ہے خواہ اسے ظاہر کرو یا چھپاؤ اللہ تمہارا محاسبہ کرے گا۔

لیکن عزم زنا کا زنا نہیں ہے۔اس پر مواخذہ زنا کا سا نہیں بلکہ یہ اپنا ایسا مخفی گناہ ہے جس پر آدمی کا مواخذہ کیا جاتا ہے۔

اس امت کے کامل ترین خصائص میں سے اس کا خیر الامم ہونا ہے۔کیونکہ اس کی شریعت تمام گزشتہ شریعتوں سے زیادہ کامل ہے اور یہ ظاہر ہے جو بیان کا محتاج نہیں۔جب کہ حضور اکرم ﷺ مکارم اخلاق اور افعال حمیدہ کو پورا کرنے کے لیے مبعوث ہیں تو لامحالہ آپ کی شریعت اور آپ کا دین تمام ادیان اور شرائع سے اتم واکمل ہے۔شریعت موسوی پر غور کرو تو معلوم ہو جائے گا کہ اس میں کتنی تکلیفیں شاقہ ہیں۔مثلاً قتل نفوس' تحریم طیبات' تعجیل عقوبات' عہد ومیثاق اور ناقابل برداشت بوجھ کا اٹھانا اور اظہار قہر وجلال وغیرہ۔حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیبت وغضب اور گرفت ومواخذہ میں مخلوق خدا میں سب سے بڑھکر اعظم واشد تھے۔چنانچہ خلق کو ان کی جانب نظر کرنے کی طاقت نہ تھی۔بیان کرتے ہیں جس دن سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کلام ربانی اور تجلی الٰہی سے مشرف وممتاز ہوئے تو اپنے چہرہ مبارک پر کپڑا ڈال لیا تا کہ اس کے دائمی قہر وجلال سے لوگ بے تاب نہ ہوں۔اور آپ کی امت کے لوگ بھی سخت وشدید درشت خو اور کجرو تھے۔بجز تکالیف غلیظہ اور احکام شدیدہ کے اصلاح واستقامت پر نہیں آسکتے تھے۔چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ فَھِیَ کَالْحِجَارَۃِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَۃً (پھر اس کے بعد تمہارے دل شدید سخت ہو گئے گویا کہ وہ پتھر ہیں۔یا اس سے زیادہ سخت تر)۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں فضل واحسان اور لطف ونرمی تھی۔لیکن اس میں مقاتلہ ومحاربہ نہ تھا۔اور دین نصاریٰ میں قتال حرام ہے اگر وہ کریں گے تو گنہگار وعاصی ہوں گے۔چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت کے لوگ ملائم ونرم وخو تھے ان کے اوپر اصر واغلال' احکام شدیدہ اور امر غلیظہ نہ تھے۔بلکہ انجیل میں ہے کہ ''اگر کوئی تمہارا داہنے رخسار پر طمانچہ مارے تو اس کے آگے بایاں رخسار بھی کر دو''۔اور جو کوئی تم میں کپڑے کے بارے میں جھگڑے اور کپڑے اتارنا چاہے تو اپنے کپڑوں کے ساتھ اپنی چادر بھی اسے دیدے۔اور جو کوئی تمہیں ایک میل تک لے جائے تم اس کے ساتھ دو میل تک جاؤ''۔اور یہ رہبانیت جو نصاریٰ نے پیدا کی ہے وہ بدعت جسے انہوں نے اپنی طرف سے گھڑا ہے۔بغیر اس کے کہ اسے حق تعالیٰ نے ان کے لیے انجیل میں لکھا اور واجب کیا ہو چنانچہ قرآن کریم ناطق ہے کہ: وَرَھْبَانِیَّۃَ نِ ابْتَدَعُوْھَا مَا کَتَبْنَاھَا عَلَیْھِمْ. (اور ان کی رھبانیت جسے انہوں نے اپنی طرف سے بطور بدعت دین قرار دیا۔ہم نے ان پر اسے فرض نہ کیا۔) اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام خالص جمال ولطف اور احسان کے مظہر تھے۔جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام محض جلال وقہر اور دبدبہ کے مظہر تھے۔لیکن ہمارے نبی کریم ﷺ مظہر کمال اور جلال وجمال کے مابین جامع تھے۔اور قوت' عدل' شدت' نرمی' مہربانی اور رحمت والے تھے۔آپ کی شریعت شرائع میں اکمل' آپ کی امت کو تمام امتوں میں اکمل اور ان کے احوال ومقامات اکمل احوال ومقامات ہیں۔لہٰذا آپ کی شریعت انتہائی توسط واعتدال وغایت جامعیت وکمال میں آئی۔آپ کی شریعت میں کہیں فرض وایجاب ہے اور کہیں ندب واستحباب۔اور شدت کے مقام میں شدید اور نرمی کی جگہ میں نرمی' کسی جگہ شمشیر زنی ہے تو کسی جگہ جود وعطا ہے۔کہیں عدل وانصاف کا ظہور ہے تو کہیں فضل وکرم کی بارش ہے۔چنانچہ ایک وقت میں جَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا. (ایک بدی کے بدلے میں اس کے برابر بدی ہے۔) فرمایا جا رہا ہے اور یہ عدل وانصاف ہے اور ایک وقت میں فَمَنْ عَفٰی وَاَصْلَحَ فَاَجْرُہٗ عَلَی اللّٰہِ (جو معاف کرے اور اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ کرم پر ہے۔) ارشاد ہوتا ہے اور یہ فضل وکرم

ہے اِنَّہٗ لَایُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ. (بیشک اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا) یہ ظلم کو حرام قرار دیتا ہے وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِہٖ. (اور کوئی تمہیں ایذا پہنچائے تو تم اس کی ایذا کے برابر بدلہ لے لو) یہ عدل وانصاف کو واجب بھی کرتا ہے اور ظلم کو حرام بھی۔ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَھُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ (اور اگر تم صبر کرو تو یقیناً وہ بہتر ہے صابروں کے لیے)۔ اس میں فضل وکرم پر خبرداری اور تنبیہ ہے۔ اور اس امت پر ہر ضرر دینے والی برائی کو حرام قرار دیا۔ اور ہر امر پسندیدہ ونافع کو مباح فرمایا۔ حرام قرار دینا اس شریعت میں رحمت ہے ورنہ پچھلی امتوں پر حق تعالیٰ نے ان کی وجہ سے ان پر عذاب فرمایا ھُوَ اجْتَبٰکُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ. فرمایا: (یہ تمہیں بچاتا ہے اور دین میں تم پر کوئی دشواری نہ رکھی۔)

اور اس امت پر لوگوں کو گواہ بنایا۔ اور رسولوں کے مقام میں انھیں کھڑا فرمایا کیونکہ وہ اپنی اپنی امتوں پر گواہ ہیں اور اس امت کو خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ (لوگوں میں جتنی امتیں گزریں ان سب میں بہتر) بنایا اور ان کو فضائل وکرامات اور مراتب ودرجات کے ساتھ مخصوص فرمایا: اَللّٰہُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ (اللہ اپنی رحمت کو جہاں چاہے خاص فرمائے۔ وہی صاحب فضل عظیم ہے)۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ یہ ضلالت وگمراہی پر مجتمع نہیں ہوگی۔ یہ حدیث کثیر سندوں سے مشہور ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے کہ میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ میری امت ضلالت وگمراہی پر مجتمع نہ ہو چنانچہ حق تعالیٰ نے میرے سوالوں کو قبول فرمایا۔ اور یہ عنایت فرمائی یہ ''اجماع'' کی حجت پر دلیل ہے۔ اور ان کا اجتماع حجت ہے۔ اور ان کا اختلاف رحمت ہے۔ جو پچھلی امتوں پر عذاب تھا۔ حدیث پاک میں آیا ہے ''اختلاف صحابی لکم رحمتہ'' (میرے صحابہ کا اختلاف تمہارے لیے رحمت ہے۔) اور مشہور ان لفظوں سے ہے کہ اختلاف امتی رحمتہ (میری امت کا اختلاف رحمت ہے)

علماء صاحبان فتویٰ واجتہاد میں ہمیشہ یہ اختلاف رہا ہے۔ چنانچہ کسی نے حلت کا فتویٰ دیا تو دوسرے نے حرمت کا۔ اور کسی نے عیب نہ لگایا۔ بعض علماء نے اس حدیث سے حرفت اور صنعت کے درمیان امت کا اختلاف مراد لیا ہے جو کہ موجب ہنر اور امور دنیا اور کارخانہ صنعت کے انتظام میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ اسی طرح مسائل فقیہہ میں علماء کے اختلاف سے رخصت اور دینی امور میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔

اس امت مرحومہ کے خصائص میں سے یہ ہے کہ طاعون ان کے لیے شہادت ورحمت ہے حالانکہ یہ دوسری امتوں پر عذاب تھا۔ جیسا کہ وارد ہوا ہے کہ ''اَلطَّاعُوْنُ رِجْزٌ اُنْزِلَ عَلٰی بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ.'' (طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل پر اترا) اور ایک روایت میں علی من قبلکم (تم سے پہلوں پر) آیا ہے۔

صحیح حدیث میں ہے کہ ''اَلطَّاعُوْنُ شَھَادَۃٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ (طاعون ہر مسلمان کے لیے شہادت ہے۔) ایک اور روایت میں یہ ہے کہ اَلطَّاعُوْنُ شَھَادَۃٌ لِاُمَّتِیْ وَرَحْمَۃٌ بِھِمْ وَرِجْزٌ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ یعنی طاعون میری امت کے لیے شہادت اور ان کے ساتھ رحمت فرمانا ہے اور کافروں پر عذاب ہے اور اس سے بھاگنا لشکر سے بھاگنے کے حکم میں ہے۔ چنانچہ سیّدہ عائشہ صدیقہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ طاعون سے بھاگنا بلاشبہ معصیت وگناہ کبیرہ ہے۔ دوسرے مقام میں ہم اس سے زیادہ روشن وواضح کلام لائے ہیں۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ جب کسی شخص کے لیے دو آدمی بھلائی کے ساتھ گواہی دیں تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ لیکن پچھلی امتوں میں جب سو آدمی گواہی دیتے تھے تو اس وقت جنت واجب ہوتی تھی۔ حدیث مبارک میں آیا ہے کہ مَنْ

اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ بِخَيْرٍ وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ بِشَرٍّ وَّجَبَتْ لَهُ النَّارُ تم میں سے جس نے کسی کے لیے بھلائی سے تعریف کی تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ اور جس نے کسی پر برائی سے تعریف کی تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ گزشتہ امتوں کی بہ نسبت ان کی عمریں کم اور ان کے اعمال اقل ہیں۔ مگر ان کا اجر وثواب بہت زیادہ ہے۔ جیسا کہ صحیح حدیث میں ہے کہ فرمایا تمہاری داستان اور ان لوگوں کی داستان جو تم سے پہلے یہود و نصاریٰ تھے اس شخص کی داستان کی مانند ہے جس نے تین مزدور لیے ایک سے صبح سے دوپہر تک یعنی وقت ظہر تک کام لیا۔ دوسرے سے وقت ظہر سے وقت عصر تک کام لیا۔ اور تیسرے سے وقت عصر سے غروب آفتاب تک کام لیا اور ہر ایک کی ایک درہم اجرت مقرر کی۔ جب مزدوروں کو اجرت دینے کا وقت آ گیا تو تینوں مزدور کھڑے ہو کر کہنے لگے کہ ہمارے عمل متفاوت و کم وبیش ہیں مگر یہ عجیب بات کہ اجرت سب کی برابر ہے۔ اس شخص نے کہا میں نے جو کچھ شرط کی تھیں وہ میں نے تم کو دے دی باقی میرا فضل ہے جس کو چاہوں میں دوں۔ پہلے مزدور کی مثال یہود کی ہے اور دوسرے مزدور کی مثال نصاریٰ کی ہے اور تیسرے مزدور کی مثال امت مرحومہ کی ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے اسناد حدیث کا عطا کیا جانا ہے۔ کیونکہ احادیث نبوی ﷺ کا سلسلہ باقی ہے۔ اور قیامت تک یہ سلسلہ یوں ہی رہے گا۔ یہ ان کی خاص خصوصیت اور سنتِ سنیہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اس اُمت کو یہ شرافت اور فضیلت اور اکرام عطا فرمایا کیونکہ پچھلوں میں سے کسی اُمت کو یہ بزرگی عطا نہ ہوئی تھی۔ باوجودیکہ انبیاء علیہم السلام کے صحیفے ان کے ہاتھوں میں تھے مگر انہوں نے اپنی ان خبروں کو ان میں ملا دیا جو انھیں غیر ثقہ لوگوں سے حاصل ہوئیں۔ اور ان کے سامنے توریت وانجیل اور جو کچھ انہوں نے خبریں وغیرہ ملائیں ان کے درمیان فرق وامتیاز کرنے کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔ اور اس امت فاضلہ شریفہ زادھا اللہ فضلاً وشرفاً نے احادیث نبوی کو ان ثقہ حضرات سے حاصل کیا جو اپنے زمانہ میں صدق ودیانت کے ساتھ مشہور تھے۔ اور انہوں نے ایسے ہی دوسروں سے یہاں تک کہ حضور سیّد عالم ﷺ سے حاصل کیا اور بحث وتفتیش کرتے رہے تاکہ مرتبہ میں احفظ واضبط کو پہچان سکیں اور امتیاز کرتے رہے۔ ان لوگوں کے درمیان جن کی صحبت ومجالست اپنے شیخ کے ساتھ زیادہ طویل تھی اور ان کی جن صحبت ومجالست کم تھی اور مختلف سندوں اور متعدد طریقوں سے حدیثوں کو لکھتے رہے اور غلط وخطا اور زلۃ وخلل سے حدیثوں کے حروف ومسلم ہے کیونکہ کلمات کو ضبط کرتے رہے اور مسلسل تہذیب وتسقیح کرتے رہے۔ خصوصاً اصحاب صحاح کہ ان میں سے عمدہ بخاری یہ دونوں آسمان جلالت وعدالت کے آفتاب ہیں جَزَاهُمْ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا یہ خدائے عزوجل کا اس امت پر خاص فضل ہے۔ نَشْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى هٰذِهِ النِّعْمَةِ وَسَائِرِ نِعَمِهٖ وَنَسْأَلُهُ الْمَزِيْدَ مِنْ فَضْلِهٖ وَكَرَمِهٖ.

ابوحاتم رازی فرماتے ہیں کہ گزشتہ امتوں میں سے کسی ایک امت میں حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے وقت سے ایسے علماء وامنانہ تھے جو اپنے نبیوں اور رسولوں کے آثار کی حفاظت کریں بجز اس امت مرحومہ کے۔

اور تواریخ وانساب کی معرفت میں بھی یہ امت مخصوص ہے اور یہ اس کی خصوصیات میں سے ہے۔ چنانچہ علماء بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کرام میں علم انساب کے سب سے زیادہ جاننے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہفتہ میں ایک دن اشعار، تواریخ انساب اور ایام عرب کے بیان کرنے میں صرف کرتے تھے۔ سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ شعراء عرب کے دیوانوں اور عرب کے لغات کو یاد کرنے اور التزام رکھنے کی وصیت کرتے تھے۔ تاکہ قرآن کی تفسیر کے وجوہات اور اس کے اعراب کے معرفت میں مددگار ہو۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ یہ امت دین کے بارے میں کتابیں تصنیف کرنے میں مخصوص اور توفیق الٰہی پائے

ہوئے ہے۔اور یہ اس حدیث کی مصداق میں ہے کہ

لَا یَزَالُ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ ظَاهِرِیْنَ عَلَی الْحَقِّ حَتّٰی یَاْتِیَ اَمْرُ اللّٰهِ وَمُجَاهِدِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمُتَمَسِّکِیْنَ بِهٖ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ.

اس امت کے کچھ حضرات ہمیشہ حق کو ظاہر وغالب کرنے والے رہیں گے۔یہاں تک کہ قیامت آ جائے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے اور اللہ کے رسول کی سنت کو مضبوطی سے تھامنے والے رہیں گے۔

قرن اوّل اور قرنِ ثانی کے شروع میں لوگوں میں تصنیف وتالیف کا سلسلہ شروع نہ ہوا تھا اگر چہ کتابت علم، جمع احادیث کا سلسلہ موجود تھا مگر یہ تصنیف وتالیف اور اس کی ترتیب کے طریقہ پر نہ تھا۔اسی طرح تبویب وتفصیل، وضع واصلاح، تدوین علوم، تعیین موضوع اور مسائل سلوک کا طریقہ بھی نہ تھا۔مگر اس کے بعد یہ اتنا ہوا گنتی وشمار اور حد وحصر سے باہر ہے۔جس کا بجز علام الغیوب کے سواء کوئی دوسرا احاطہ نہیں کرسکتا۔(قرن کی مدت کے تعین میں کئی قول ہیں)۔ایک قرن تیس سال کی مدت کو بھی کہتے ہیں۔بیس یا اسی یا سو برس کی مدت کو بھی کہتے ہیں۔اور آخری قول زیادہ درست ہے۔کیونکہ حضور اکرم ﷺ نے ایک بچہ کو فرمایا عشق قرنا. (تو وہ بچہ سو سال تک زندہ رہا۔)

اولیاء کرام اور مردانِ غیب: اس امت کے خصائص میں سے ان میں اقطاب، اوتاد، نجباء اور ابدال کے وجود کا ہونا بھی ہے۔حدیث مرفوع میں بروایت سیّدنا انس رضی اللہ عنہ ہے کہ ابدال چالیس مرد وزن ہیں۔جب ان مرد وزن سے کوئی مرجاتا ہے تو حق تعالیٰ اس کے بدلے کسی دوسرے مرد وزن کو پیدا فرماتا ہے۔ابن خلال نے کرامات اولیاء میں اسے نقل کیا ہے۔اور طبرانی اوسط میں اسے یوں روایت کرتے ہیں کہ زمین ایسے چالیس شخصوں سے خالی نہیں رہتی جو خلیل الرحمٰن (علیہ السلام) کی مانند ہیں۔ان کے ساتھ زمین قائم ہے۔اور ان کی برکت سے لوگوں کے لیے بارشیں ہوتی ہیں۔ان میں کوئی نہیں مرتا۔مگر یہ کہ حق تعالیٰ کسی دوسرے مرد کو اس کا بدل فرما دیتا ہے۔ان کا نام ''ابدال'' اسی بنا پر رکھا گیا ہے۔اور بعض مشائخ عظام نے فرمایا انہیں ابدال اس لیے کہتے ہیں کہ انہوں نے بری صفتوں کو صفات حمیدہ سے بدل دیا ہے۔اور یہ صفات بشریت سے باہر آئے ہوئے ہیں۔اور جو یہ کہا گیا کہ وہ خلیل الرحمٰن کی مانند ہیں۔یہ ان کی کمالی صفتوں میں سے ایک خاص صفت کمال مراد ہے۔جو اخص صفات ہیں۔اور اس میں حضرت خلیل علیہ السلام سے مشارکت رکھتے ہیں۔اور یہی مطلب مشائخ کرام کے اس قول کا ہے کہ ''ہر ولی نبی کے قدم پر ہے۔'' حاشا وہ نبی کے تمام صفات میں ہم مثل مراد نہیں ہے۔اور ابن عدی ''کامل'' میں نقل کرتے ہیں کہ ان چالیس ابدال میں سے بائیس افراد ملک شام کے ہوتے ہیں اور اٹھارہ افراد ملک عراق سے اور جب حکم الٰہی ہوگا تو وہ سب انتقال کر جائیں گے۔اور قیامت قائم ہو جائے گی۔مسند احمد بھی یہی ہے۔

ابونعیم ''حلیہ'' میں سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خیار امت پانچسو شخص ہیں۔اور ابدال چالیس ہیں نہ کہ پانچ سو۔یہ چالیس سے نہ کم ہوتے ہیں نہ زیادہ ہوتے ہیں۔جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو دوسرا اس کے بدل میں آ جاتا ہے۔یہ تمام روئے زمین میں ہوتے ہیں۔نیز ''حلیہ'' میں سیّدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری امت کے چالیس مرد ایسے ہیں جن کے دل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل پر ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے خلق کو بلاؤں سے محفوظ فرماتا ہے۔انہیں کو ابدال کہا جاتا ہے۔انہوں نے یہ درجہ روزہ ونماز اور صدقہ سے نہیں پایا۔حضرت ابن مسعود نے دریافت کیا پھر کس چیز سے یہ درجہ پایا۔فرمایا، مسلمانوں کی خیر خواہی اور سخاوت سے۔مطلب یہ کہ نماز روزہ وصدقہ میں تو وہ مسلمانوں کے ساتھ شریک ہیں لیکن ان کی وہ خاص صفات جس کی بنا پر انہیں یہ درجہ ملا یہی دو صفتیں ہیں۔

حضرت معروف کرخی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص روزانہ یہ دعا مانگے کہ: اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ (اے خدا امت محمد پر رحم فرما) تو حق تعالیٰ اسے ابدال میں لکھتا ہے۔ اور ''حلیہ'' میں ہے کہ جو روزانہ دس بار ان لفظوں کو کہے: اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ مُحَمَّدَ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدَ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ (اے خدا! امت محمد کی اصلاح فرما۔ اے خدا امت محمد پر کشادگی فرما۔ اے خدا امت محمد پر رحم فرما۔)

منقول ہے کہ ابدال کی نشانی یہ ہے کہ ان سے اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ اور وہ کسی چیز پر لعنت نہیں کرتے۔ زید بن ہارون سے مروی ہے کہ ابدال اہل علم ہیں اور امام احمد رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابدال اگر محدثین نہ ہوں گے تو پھر کون ہوں گے؟

خطیب نے ''تاریخ بغداد'' میں ایک کتاب سے نقل کیا ہے کہ فرمایا ''نقباء'' تین سو ہیں اور ''نجباء'' ستر ''ابدال'' چالیس ''اخیار'' سات ''عمد'' (غالباً اوتاد) چار اور ''غوث'' ایک ہے۔ نقباء کا مسکن مغرب اور نجاء کا مسکن مصر اور ابدال کا مسکن شام اور اخیار زمین میں سیاح ہیں۔ عمد زمین کے گوشوں میں ہیں اور غوث کا مسکن مکہ مکرمہ ہے۔ اور جب کوئی امر عام عارض ہوتا ہے تو نقبا دعا کرتے ہیں اور اس حاجت کے پورے ہونے کے لیے وہ عاجزی کرتے ہیں۔ ان کے بعد نقباء ان کے بعد ابدال ان کے اخیار ان کے بعد عمد اگر ان کی دعائیں مستجاب ہو جائیں تو فبہا ورنہ غوث عاجزی کرتے ہیں گڑگڑاتے ہیں اور سوال کے تمام ہونے سے پہلے غوث کی دعا قبول کر لی جاتی ہے۔

قبر و حشر میں امت کے خصائص: اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ قبروں میں گناہوں کے ساتھ داخل ہوں گے اور بے گناہ ہو کر باہر نکلیں گے۔ مسلمانوں کے استغفار کرنے کی بنا پر انہیں گناہوں سے پاک وصاف کر دیا جائے گا۔ اسے طبرانی نے ''اوسط'' میں بروایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ اس حدیث سے خاص قسم کی انسیت ان سے حاصل ہوتی ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ قول شاذ ہے کہ ''عذاب قبر اس امت مرحومہ کے ساتھ خاص ہے تاکہ انہیں پاک وصاف کر کے آخرت میں لے جائیں اور ان پر کوئی دوسرا عذاب نہ ہو۔''

انہی خصائص امت میں سے یہ ہے کہ انہیں کے لیے سب سے پہلے زمین پھاڑی جائے گی۔ مطلب یہ کہ تمام امتوں سے پہلے یہ اپنی قبروں سے باہر آئیں گے۔ حدیث مبارک میں آیا ہے کہ فرمایا میں پہلا ہوں گا کہ سب سے پہلے میرے لیے اور میری امت کے زمین شق ہوگی۔''

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جب اس امت کو بلایا جائے گا تو ان کے اعضاء وضو سے جو کہ روشن وتاباں۔ محجل) ہوں گے۔ غرہ اس سفیدی کو کہتے ہیں جو گھوڑے کے چہرے پر ہو اور محجل گھوڑے کی اس سفیدی کو کہتے ہیں جو اس کے پاؤں پر ہوتی ہے۔ محجل اس بناء پر کہا گیا کہ وضو میں ہاتھوں کو کہنیوں تک اور پاؤں کو ٹخنوں تک خوب دھویا جاتا ہے۔ اور ''غر'' اس لیے کہا گیا کہ وضو میں مقدم سر گردن کا بالائی حصہ اور چہرہ دھویا جاتا ہے۔

انہی خصائص امت میں سے ہے کہ روز حشر موقف میں یہ بلند مقام پر ہوں گے۔ سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور میری امت ایسی بلند جگہ پر ہوگی جو خلائق میں سے کسی کے لیے ایسی مشرف نہ ہوگی مگر یہ کہ وہ ہم میں سے ہونے کو پسند کرے اور نہیں ہے کوئی نبی کہ اس کی امت نے ان کی تکذیب کی ہے مگر یہ کہ ہم گواہی دیں گے کہ انہوں نے حق تعالیٰ کی رسالت پہنچائی ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ میں اور میری امت ''رتل'' یعنی بلند جگہ پر ہوں گے۔

اس امت کے خصائص میں یہ ہے کہ ان کی پیشانیوں پر ایک نشان ہوگا جو ان کے سجدہ ریزی کا اثر ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ (ان کی پیشانیوں میں اثر سجدہ کا نشان ہے۔) لیکن یہ علامت دنیا میں ہے یا آخرت میں۔ اس میں دو قول ہیں ایک یہ کہ سیما یعنی علامت دنیا میں ہے اور اس سے مراد حسن سیرت اور سیمائے اسلام وخشوع ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ بیداری کی وجہ سے ان کے چہرے میں زردی کا نام ہے۔ جس سے لوگ گمان کرتے ہیں کہ شاید یہ بیمار ہیں۔ حالانکہ وہ بیمار نہیں ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سیما وعلامت آخرت میں ہوگا کہ ان کے مواضع سجود روشن ہوں گے جس سے وہ پہچانے جائیں گے کہ یہ دنیا میں سجدہ کرنے والے ہیں۔ شہر بن حوشب سے مروی ہے کہ امت محمدیہ کے چہروں کے مواضع سجود چودھویں رات کے چاند کی مانند دمکتے ہوں گے۔ عطاء خراسانی فرماتے ہیں کہ اس آیت کے تحت ہر وہ شخص ہے جو نماز پنجگانہ ادا کرتا ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ ان کو ان کے نامہ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں دیے جائیں گے اسے امام احمد و بزار نے روایت کیا ہے۔ ایسا ہی مواہب میں بھی ہے مشکوٰۃ میں بھی امام احمد کی حدیث بروایت ابوالدرداء مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کو روزِ قیامت اس سے پہچانوں گا کہ ان کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کے نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں ہوں گے۔ اور میں اس سے پہچانوں گا کہ ان کی اولاد ان کے آگے سعی کرے گی۔ شیخ ابن حجر شرح میں لکھتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ ان کا نامہ اعمال دوسروں سے پہلے داہنے ہاتھ میں دیا جائے۔ اب رہا ''اولاد کی سعی''؟ ممکن ہے یہ بھی خصائص میں سے ہو۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ اس امت کا نور ان کے سامنے اور ان کے داہنی جانب چلتا ہوگا۔ جیسا کہ قرآن کریم ناطق ہے۔ انہی خصائص میں سے یہ کہ ہر وہ چیز ان کے لیے خاص ہے جو انہوں نے بذات خود سعی کی یعنی اعمال کیے۔ اور وہ بھی جو ان کے بعد لوگوں نے ان کے لیے سعی واعمال کے لیے۔ (ایصال ثواب' صدقہ جاریہ اور استغفار وغیرہ) حالانکہ ان سے پہلی امتوں کے لیے صرف وہی اعمال تھے جو انہوں نے بذات خود کیے۔ ابن عکرمہ اسی جگہ حق سبحانہ وتعالیٰ کے ارشاد سے ایک اشکال بیان کرتے ہیں کہ فرمایا وان لین للا نسان الاماسعی (بیشک نہیں ہے انسان کے لیے وہی جو اس نے عمل کیے۔) کیونکہ یہ آیت اس پر دلالت کر رہی ہے کہ آدمی کے لیے بجز اس چیز کے جو اس نے خود عمل کیے کوئی نفع دینے والی چیز نہیں ہے۔ علماء نے اس اشکال کے کئی جواب دیے ہیں۔ ایک یہ کہ آیت کریمہ اس ارشاد باری سے منسوخ ہے کہ فرمایا: وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ لَّحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ.

ایصال ثواب کا ثبوت: لہٰذا بچہ ماں باپ کے میزان میں گردانا جاتا ہے اور ان سے وہ خوشی ومسرت پاتے ہیں۔ اور حق تبارک وتعالیٰ' ماں باپ کی شفاعت بیٹوں کے لیے اور بیٹوں کی شفاعت ماں باپ کے لیے قبول فرماتا ہے اس کی دلیل حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا (تمہارے والدین اور تمہاری اولاد تم نہ ڈرو کہ نفع میں کون تمہارے زیادہ قریب ہے) قرطبی فرماتے ہیں کہ بکثرت احادیث اس قول پر دلالت کرتی ہیں کہ مومن کو عمل صالح کا ثواب اس کے غیر کی جانب سے اسے پہنچتا ہے۔ ''صحیح'' میں مروی ہے کہ فرمایا جو کوئی اسے حال میں مرجائے کہ اس کے ذمہ روزہ ہے تو اس کا ولی اس کی طرف سے روزہ رکھے۔ اور رسول خدا ﷺ نے فرمایا جو کوئی اپنے غیر کے لیے حج کرے اسے لازم ہے کہ پہلے اپنا حج کرے پھر اس کی طرف سے حج (بدل) کرے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی طرف سے اعتکاف کیا اور ان کی طرف سے غلام آزاد کیا۔ حضرت سعد بن عبادہ نے عرض کیا یارسول اللہ میری ماں کا انتقال ہوگیا ہے کیا میں ان کی طرف سے صدقہ دوں۔ فرمایا ہاں! عرض کیا کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا پانی دینا۔ اس پر حضرت سعد نے ایک کنواں بنوایا۔ اور کہا: هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ (یہ سعد کی ماں کا کنواں ہے) حضرت عبداللہ بن بکر رضی اللہ عنہ کی دادی نے نذر مانی تھی کہ پاپیادہ مسجد قبا جائیں گی۔ پھر ان کا انتقال ہوگیا اور نذر پوری نہ کر سکیں۔ اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فتویٰ دیا کہ ان کے بیٹے ان کی جانب سے وہاں تک جائیں۔

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ آیت کریمہ: لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اس میں انسان سے مراد ابوجہل ہے۔ لیکن بعض کے نزدیک عقبہ بن ابی معیط اور ولید بن مغیرہ ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ اس جگہ انسان سے مراد زندہ ہے نہ کہ مردہ۔ لیکن بعض کی رائے ہے کہ ہماری شریعت دلالت کرتی ہے کہ انسان کے لیے اپنے عمل اور دوسروں کے عمل دونوں ہی نافع ہیں۔

صاحب کشاف (زمخشری جو کہ معتزلی ہے۔) کہ ''اپنی ذات کو غیر کے عمل نفع نہیں دیتے۔ مگر وہ جو مبنی ہوں اپنے نفس کے عمل پر۔ اور ہے وہ مومن ومصدق۔'' لہٰذا اس اعتبار سے غیر کے عمل خاص اس کے اپنے عمل تابع ہونے کی بناء پر حکم میں اپنے عمل اور اس کے قائم مقام کے ہوگا۔ اور نیز عمل نافع نہیں جب کہ وہ غیر اپنے لیے عمل کرتا ہے۔ لیکن جب اس نے دوسرے کے لیے نیت کرلی تو وہ حکم شرع میں اس کا نائب ووکیل ہوگیا۔ اور اس کا قائم مقام بن گیا۔ انتہی۔ بلاشبہ کا اس میں اختلاف ہے کہ قرأت قرآن کا ثواب میت کو پہنچتا ہے یا نہیں۔ مذہب شوافع کے اکثر مشہور علماء اور امام مالک اور احناف کی مختصر جماعت کے نزدیک نہیں پہنچتا۔ لیکن شوافع اور احناف کے اکثر علماء کا یہ مذہب بھی ہے کہ پہنچتا ہے۔ امام احمد بھی اسی کے قائل ہیں۔ بلکہ امام احمد سے تو یہ منقول ہے کہ میت کو ہر چیز پہنچتی ہے۔ خواہ صدقہ ہو یا نماز وحج اعتکاف وقرأت۔ اور ذکر وغیرہ لیکن کہا گیا ہے کہ قبر پر قرأت بدعت ہے۔ شیخ شمس الدین قسطلانی کہتے ہیں کہ قرآن کریم کا ثواب پہنچنا صحیح ہے۔ قریب سے ہو یا اجنبی یا وارث یا غیر وارث کی طرف سے ہو جس طرح کہ باجماع صدقہ' دعا اور استغفار نفع دیتا ہے۔

امام عبداللہ یافعی رحمتہ اللہ ''روض الریاحین'' کے تکلہ میں ذکر فرماتے ہیں کہ لوگوں نے شیخ عزیز الدین بن عبدالسلام کو خواب میں دیکھا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم دنیا میں حکم دیتے تھے کہ میت کو قرآن کی قرأت کا ثواب نہیں پہنچتا اب معلوم ہوا کہ پہنچتا ہے۔ قرآن پڑھو اور اس کا ثواب پہنچاؤ۔

قاضی حسین نے فتویٰ دیا ہے کہ قبر پر قرأت قرآن کی اجرت لینا جائز ہے۔ جس طرح کہ اذان وتعلیم قرآن کے لیے اجرت لینا جائز ہے۔ چاہیے کہ قرآن کے بعد میت کے لیے دعا کرے۔ اس لیے کہ دعا اس کے ساتھ مل جاتی ہے۔ اور بعد قرأت دعا کرنا قبولیت سے زیادہ نزدیک اور برکت کی رو سے زیادہ ہے۔

شیخ عبدالکریم سالوسی بیان کرتے ہیں کہ اگر قاری اپنی قرأت کے دوران نیت کرے کہ اس کا ثواب میت کے لیے ہے تو نہیں پہنچے گا۔ کیونکہ یہ عبادت بدنی ہے۔ لہٰذا غیر سے واقع نہیں ہوگی۔ لیکن اگر نیت کرنے کے بعد قرأت کی اور جو کچھ حاصل ہوا ہے اسے میت کے لیے بخش دے تو یہ دعا ہے۔ اور اس کے حصول سے ثواب میت کو نفع دیتا ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ موضع قرآن' برکت اور نزول رحمت کی جگہ ہے۔ اور مردہ حکم میں زندہ کے موجود ہے۔ لہٰذا جس وقت قاری اسے ثواب پہنچائے تو نزول رحمت اور حصول برکت کی امید رکھنی چاہیے۔

صاحب ''غدہ'' بیان کرتے ہیں کہ اگر کوئی چشمہ نکالے' کنواں کھودے یا درخت لگائے یا قرآن کو اپنی زندگی میں وقف کرے یا ان کاموں کو دوسرے کے مرنے کے بعد کرے تو اس کا ثواب میت کو پہنچتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے۔ اور وقف کرنا مصحف اور قرآن کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ ہر وقت اس کے ساتھ شامل ہے۔ اور یہ قیاس میت کی طرف سے قربانی کے جائز ہونے پر تقاضہ کرتا ہے اس لیے کہ یہ صدقہ کی ایک قسم ہے۔ لیکن ''تہذیب'' میں کہا گیا ہے کہ اس کے حکم کے بغیر غیر کے لیے قربانی کرنا جائز نہیں ہے۔ یہی حکم میت کا ہے مگر یہ کہ اس پر وصیت کردی گئی ہو۔

امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نبی کریم ﷺ کی رحلت کے بعد آپ کی طرف سے قربانی دیتے تھے اور ابوالعباس محمد بن

اسحاق سے ''سراج'' میں مروی ہے کہ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ستر جانوروں کی قربانی دی ہے اب رہا رسولِ خدا ﷺ کی طرف ہدیہ کرنا تو اس کے انکار میں میرے پاس نہ کوئی حدیث ہے نہ کوئی اثر۔ایک قلیل جماعت نے اس کا انکار کیا ہے اور کچھ کہتے ہیں کہ اسے صحابہ کرام نے نہیں کیا۔(حالانکہ اوپر حضرت علی مرتضیٰ کا عمل گزر چکا ہے) بعض فقہائے متاخرین نے اسے مستحب قرار دیا ہے۔اور کچھ لوگ اسے بدعت جانتے کہتے ہیں۔اور کہتے ہیں کہ حضور اس سے غنی ہیں۔اس لیے کہ حضور سے ثابت ہے بحکم ''من سن حسنته'' الی آخر حدیث۔یعنی جس نے کوئی عمل خیر کیا آپ کی امت میں سے بغیر اس کے کہ عامل کے ثواب میں سے کچھ کمی ہو تو ان سب کے برابر ہے سے اجر ملے گا۔الخ۔امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کوئی چیز نہیں ہے کہ عمل کرے اسے کوئی امتی مگر یہ کہ نبی کریم ﷺ اس میں اصل بنیاد ہیں۔نصرت کی تحقیق میں کہا گیا ہے کہ مسلمانوں کے تمام حسنات اور ان کے ہر عمل صالح حضور کے صحائف یعنی نامہ اعمال میں اس سے زیادہ ہیں۔جو عامل کے اجر میں ہے اور اس زیادتی کو بجز خدا کے کوئی نہیں جانتا۔اس لیے کہ مہتدی یعنی ہدایت کا پانے والا اس کا اجر اور عامل قیامت تک ہوں گے۔اور اس کا تازہ بتازہ اجر شیخ و معلم کے لیے اس کے ثواب کے برابر ہوتا ہے۔اور استاد کے استاد کو دونا تیسرے استاد کو چار گنا اور چوتھے استاد آٹھ گنا' اسی طرح بعد دا جور حاصلہ ہر مرتبہ میں اجر پہنچتا رہتا ہے۔یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ تک یہ سلسلہ پہنچ جاتا ہے اور اسی بنیاد پر بعد والوں پر پچھلے لوگوں کی فضلیت معلوم ہو جاتی ہے۔لہٰذا نبی کریم ﷺ کے بعد دس مراتب کو جب فرض کیے جائیں گے تو حضور ﷺ کے لیے ایک ہزار چوبیس گنا ثواب حاصل ہوگا۔پھر جب دسویں سے گیارہواں ہدایت پائے گا تو حضور کا اجر و ثواب دو ہزار اڑتالیس ہو جائے گا۔اسی طرح جتنے زیادہ مرتبہ ہوتے جائیں گے اتنے ہی ماقبل سے دو چند اجر و ثواب بڑھتا جائے گا اور یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔جیسا کہ محققین جواب دیتے ہیں کہ حضور تمام اقسام شرف میں کامل ہیں لیکن چونکہ قاری کی قرأت کا ثواب اس کے معلم کو بھی پہنچے گا اور پھر معلم کے معلوم کو۔یہ سلسلہ اسی طرح اوپر کو جاری ہوگا۔یہاں تک کہ معلم اول جو کہ شارع علیہ السلام ہیں آپ کو ان سب کے برابر اجر پہنچے گا جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور زمرہ میں اس دعا کی مشروعیت ہے جو خانہ خدا کی رویت کے وقت ہے۔زائرین کہتے ہیں: اَللّٰهُمَّ زِدْ هٰذَا الْبَيْتَ تَشْرِيْفًا وَّتَعْظِيْمًا (اے خدا! اس گھر کی شرافت اور عظمت کو اور زیادہ فرما) یہ سب مواہب لدنیہ میں بیان ہوا ہے۔چنانچہ اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنے قول میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَهَا. (جس نے کوئی اچھی بات نکالی تو اس کے لیے اس کے عمل کرنے والوں کے برابر ثواب ہے) یہ سنت حسنہ کے عمل کے سنت ہونے پر امت کو ترغیب و تحریص ہے۔اور اس میں حضور کے لیے اجور غیر متناہی کے اثبات اور اپنے کمال کی طرف اشارہ ہے۔

اس امت کے خصائص میں سے یہ ہے کہ یہ امت تمام امتوں سے پہلے جنت میں داخل ہوگی۔طبرانی نے ''اوسط'' میں بروایت سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حرام کر دی گئی جنت انبیاء پر جب تک کہ میں داخل نہ ہوں۔اور حرام کر دی گئی دوسری امتوں پر جب تک کہ میری امت داخل نہ ہو۔

انہی خصائص میں سے یہ ہے کہ جنت میں اس امت کے ستر ہزار لوگ بے حساب داخل ہوں گے اسے شیخین نے روایت کیا اور بیہقی و طبرانی کے نزدیک ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ میری امت کے ستر ہزار افراد کو بے حساب جنت میں داخل فرمائے گا۔میں نے حق تعالیٰ سے اس سے زیادہ کے لیے سوال کیا حق تعالیٰ نے وہ بھی مجھے عنایت فرمایا یعنی ان ستر ہزار میں سے ہر ایک شخص مزید ستر ستر ہزار شخص کو بے حساب لے جائے گا۔

غرض کہ حق تبارک و تعالیٰ نے اس اُمت کو وہ کچھ عنایت فرمایا ہے جو کسی اُمت کو مرحمت نہ ہوا جیسا کہ ہمارے نبی ﷺ نے اپنی

اطاعت کے لیے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام رسولوں میں مکرم فرمایا اور ہمیں تمام امتوں میں مکرم بنایا۔

صلی اللّٰہ علٰی خیر خلقہٖ محمدٍ آلہٖ واصحابہٖ وامتہٖ اجمعین۔

ذکر معراج مبارک

وصل: اخص خصائص، اشرف فضائل وکمالات، اہر معجزات وکرامات میں سے اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کا حضور اکرم ﷺ کو اسریٰ ومعراج کے ساتھ مخصوص ومشرف فرمانا ہے کیونکہ کسی نبی یا رسول کو اس سے مشرف ومکرم نہ کیا گیا اور جس مقام علیا تک آپ کی رسائی ہوئی اور جو کچھ وہاں دکھایا گیا کوئی ہستی کبھی وہاں نہ تو پہنچی ہے اور نہ دیکھا ہے۔ فرماتا ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیَاتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ.

پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندہ خاص کو رات کے تھوڑے عرصے میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا وہ جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں رکھیں تا کہ دکھائیں ہم انہیں اپنی نشانیاں بیشک وہ سنتا دیکھتا ہے۔

اسریٰ کے معنی ہیں لے جانا۔ مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو مکہ مکرمہ سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا۔ اس کا منکر کافر ہے کیونکہ یہ اللہ کی کتاب سے ثابت ہے۔ پھر وہاں سے آسمان پر لے جانے کا نام معراج ہے۔ یہ احادیث مشہورہ سے ثابت ہے۔ اس کا منکر مبتدع، فاسق اور مخذول ہے۔ دیگر جزئیات اور عجیب وغریب احوال کا ثبوت حدیثوں سے ہے۔ اس کا منکر جاہل ومحروم ہے۔ مذہب صحیح یہی ہے کہ وجود اسریٰ ومعراج سب کچھ بحالت بیداری اور جسم کے ساتھ تھا۔ صحابہ، تابعین اور اتباع کے مشاہیر علماء اور ان کے بعد محدثین، فقہا اور متکلمین کا مذہب اسی پر ہے۔ اس پر احادیث صحیحہ اور اخبار صریحہ متواتر ہیں۔ بعض اس پر ہیں کہ معراج خواب میں روح سے تھی۔ اس کی جمع وتطبیق اس طرح کی ہے کہ یہ واقعہ متعدد مرتبہ ہوا۔ ایک مرتبہ بیداری میں اور دیگر اوقات خواب میں روح سے۔ کچھ مرتبہ مکہ مکرمہ میں اور کچھ مرتبہ مدینہ طیبہ میں، اس کے باوجود اس پر سب متفق ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی رویا یعنی خواب وحی ہے جس میں کسی شک وشبہ کو دخل نہیں۔ اور خواب میں ان کے دل بیدار ہیں۔ اور ان کی آنکھیں پوشیدہ ہوتی ہیں جیسے حضور ومراقبہ کے وقت آنکھیں پوشیدہ ہوتی ہیں تا کہ محسوسات میں سے کوئی چیز مشغول نہ کردے۔

قاضی ابوبکر بن العربی کہتے ہیں کہ اس کا وقوع خواب میں توطئیہ وتیسیر یعنی سمجھانے اور آسان کرنے کے لیے تھا۔ جیسا کہ ابتدائے نبوت میں رویائے صادقہ دیکھتے تھے تا کہ وحی کا بوجھ جو ایک امر عظیم ہے اس کی برداشت آپ کو آسان وسہل ہو جائے۔ چنانچہ قوائے بشر یہ اس کی برداشت میں کمزور اور عاجز ہیں۔ ایسے ہی معراج پہلے خواب میں واقع ہوئی تا کہ بیداری میں اسے پانے کی قوت واستعداد حاصل ہو جائے بلکہ اس کے قائلین تو یہاں تک کہتے ہیں کہ خواب میں اس کا وقوع بعثت سے پہلے تھا۔ (واللہ اعلم)

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی اسرات اور معارج بہت تھیں اور بعض نے چونتیس کہا ہے۔ جن میں سے ایک تو بچشم بیداری سے تھی۔ باقی خواب میں روحانی تھیں۔ (واللہ اعلم)۔ ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ اسریٰ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جسمانی بیداری میں تھی۔ اور وہاں سے معراج آسمانوں تک خواب میں روحانی تھی۔ اور وہ اسی آیت کریمہ سے دلیل لیتے ہیں کہ اس میں مسجد اقصیٰ کو اسراء کی غایت ٹھہرایا ہے۔ اگر اسراء جسمانی، مسجد اقصیٰ سے آگے ہوتی تو ذکر فرمایا جاتا۔ یہ ذکر فرمانا رسول اللہ ﷺ کی بزرگی ومدح میں اور حق تبارک وتعالیٰ کی قدرت کی تعظیم وتعجب میں زیادہ بلیغ تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ آیت کریمہ میں مسجد اقصیٰ کے ذکر تخصیص،

وقوع خلاف ونزاع اوراس میں قریش کے انکار کی بناء پر ہے اور حضور ﷺ سے منکرین قریش کا اس کی علامتوں اور نشانیوں کو دریافت کرنے کی وجہ سے اس کا ذکر ہے۔ اوران کا بغرض امتحان مسجد اقصیٰ کی صفتوں کے بارے میں باتیں معلوم کرنے کی بنا پر خصوصیت سے ذکر ہے۔ جیسا کہ آگے تذکرہ آئے گا۔ اس بارے میں احادیث مشہورہ اور اخبار صحیحہ بکثرت وارد ہیں بلکہ آیات قرآنیہ بھی ہیں۔ چنانچہ سورہ ''والنجم'' میں واقع ہے۔ اگر چہ سورہ والنجم میں جو کچھ واقع ہوا ہے اسے جبریل علیہ السلام کی رویت اوران کے نزدیک ہونے پر کچھ حضرات محمول کرتے ہیں لیکن تحقیق یہی ہے کہ یہ قصہ معراج پر محمول ہے۔

بندہ مسکین (شیخ محقق رحمتہ اللہ) **ثبتہ اللہ فی مقام الصدق والیقین** کہتا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ یہ اشارہ کہ: لِنُرِيَهُ مِنْ اٰيَاتِنَا (تا کہ ہم دکھائیں انہیں نشانیاں) معراج کے ساتھ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ مسجد اقصےٰ لے جایا گیا۔ یہاں تک کہ وہاں سے آسمانوں پر لے جا کر نشانیوں کو دکھایا گیا۔ اس لیے کہ نشانیوں کا دکھانا اور غایت کرامات ومعجزات کا ظاہر فرمانا آسمانوں میں تھا۔ اور مسجد اقصیٰ میں جو واقع ہوا ہے اس پر انحصار نہ تھا۔ مسجد اقصیٰ لے جانا وہ اس معراج کا مبداء ہے۔ اسی بنا پر مسجد اقصیٰ کا ذکر فرمایا۔ اور واقعہ اگر خواب میں ہوتا تو کفار اسے مستبعد نہ جانتے۔ اور ضعفاء مومنین فتنہ میں نہ پڑتے نیز خواب میں واقعات وقضایا کے وقوع پذیر ہونے کو خارج میں حصر واحصاء غیر متعارف ہے۔ نیز صیغہ ''اسریٰ'' کا اطلاق خواب پر نہیں کرتے اور جب اسریٰ بیداری میں ہوا تو معراج جو اس کے بعد واقع ہوا بیداری میں ہوگا اور اس کے بعد خواب میں ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ جو لوگ وقوع معراج کو خواب میں ہونے کے قائل ہیں ان کے شبہات کے موجب چند چیزیں ہیں۔ ایک تو حق تعالیٰ کا یہ قول ہے کہ: وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ. نہیں بنایا ہم نے اس خواب کو جو آپ کو دکھایا مگر لوگوں کے امتحان کے لیے۔ اس آیہ کریمہ کو بعض مفسرین قضیہ معراج پر محمول کرتے ہیں۔ کیونکہ ''رویا'' نیند میں خواب دیکھنے کو کہتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ''رویا'' یا تو قضیہ حدیبیہ کے رویا پر یا واقعہ بدر کے رویا پر محمول ہے۔ اور اہل علم ورویت بصریٰ کے معنی میں بھی رویا استعمال کرتے ہیں اور وہ ''متنبی'' شاعر کے اس قول سے استناد کرتے ہیں کہ وَرُوَيَاكَ اَحْلَا فِي الْعُيُوْنِ مِنَ الْغَمْضِ اور بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ چونکہ معراج رات میں واقع ہوئی اس بنا پر اس کا نام رویا رکھا۔ اور یہ جو حدیث میں آیا ہے کہ فرمایا: فَاسْتَيْقَظْتُ (تو میں بیدار ہو گیا) اس میں بھی دلیل ہے کہ اسریٰ ومعراج نیند میں نہیں ہے۔ اس لیے یہ احتمال رکھتا ہے کہ یہ اس نیند سے بیداری مراد ہے جو فرشتے کے حاضر ہونے سے پہلے تھی۔ مطلب یہ کہ حضور اکرم ﷺ خواب میں تھے کہ فرشتے نے حاضر ہو کر بیدار کیا۔ اور براق پر سوار کیا اور لے گئے۔ اور اگر بیداری سے مراد قضیہ معراج کے مکمل ہونے کے بعد کی نیند سے ہے جیسا کہ واقع ہوا ثُمَّ اسْتَيْقَظْتُ وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (پھر میں بیدار ہوا تو میں مسجد حرام میں تھا۔) تو ممکن ہے کہ اِسْتَيْقَظْتُ بمعنی اصحت ''یعنی میں نے صبح کی ہے''۔ یا یہ بیداری اس دوسری نیند سے ہے جو بیت الحرام آنے کے بعد واقع ہوئی ہے۔ اور ''اسریٰ'' تمام شب کی نہ تھی بلکہ رات کے مختصر حصے میں تھی۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ ''استیقاظ'' سے مراد افاقہ ہشیاری اور اس حال سے اپنے حال پر آنا ہے۔ چونکہ جس وقت حضور ﷺ نے ملکوت سموات وارض کے عجائب وغرائب کا مطالعہ فرمایا اور ملاء اعلیٰ اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی نشانیوں اور اسرار ناتناہی کا مشاہدہ کیا آپ کی حالت سخت ہوگئی تھی۔ اور آپ کا باطن نیند کی حالت کے مشابہ ہو گیا تھا۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ مشاہدہ ملکوت اگر چہ بیداری میں ہے مگر وہ ایک قسم کی عالم محسوسات سے غیبوبت ہے اسی کو وہ **بین النوم والیقظہ** یعنی نیند و بیداری کی درمیانی حالت سے تعبیر کرتے ہیں۔ درحقیقت وہ حالت بیداری میں ہے۔ لیکن غیبت کے عارض ہونے کے سبب اور اس کے زائل ہونے کی وجہ سے کبھی کبھی اسے نیند سے تعبیر کر دیتے ہیں۔ اور ایک روایت میں وَاَنَا بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ (میں سونے اور جاگنے والے کی حالت کے مابین تھا) بھی آیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ نوم سے مراد سونے کی مانند اور کروٹ سے لیٹنا

ہے۔اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ بَیْنَ اَنَا نَائِمٌ فِی الْحِجْرِ وَرُبَّمَا قَالَ مُضْطَجِعٌ (حجر اسود کے قریب میں سونے کے قریب قریب تھا۔اور بعض نے روایت کیا میں کروٹ سے لیٹا ہوا تھا) باوجود اس کے حضرت انس نے اس حال کا مشاہدہ نہیں کیا اور نہ حضور ﷺ سے ہی سنا کیونکہ قصہ معراج ہجرت سے پہلے کا ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ بعد ہجرت بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوئے اور اس وقت بھی وہ سات آٹھ سال کے بچے تھے۔جیسا کہ اہل علم تصریح کرتے ہیں۔یہی حال حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا ہے کہ مَا فَقَدَ جَسَدُ مُحَمَّدٍ. (حضور کا جسم اطہر بستر مبارک سے گم نہ ہوا) یہ ان لوگوں کے دلائل ہیں جو کہتے ہیں کہ ''اسریٰ'' خواب میں ہوئی۔سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اس زمانہ میں حضور ﷺ کے پاس نہ تھیں اور نہ قبط وحفظ کی عمر ہی تھی۔بلکہ ممکن ہے پیدا بھی نہ ہوئی ہوں۔اس قول کے بموجب جو کہتے ہیں کہ اول اسلام میں بعثت سے ایک یا ڈیڑھ سال کے بعد ''اسریٰ'' ہوئی (واللہ اعلم)۔مقصود یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ان دوسری حدیثوں پر راجح نہیں ہے۔جو بطریق مشاہدہ حدیث روایت کرتے ہیں۔اور حدیث عائشہ میں واقع ہوا ہے کہ ''مَا فَقَدَ جَسَدُ مُحَمَّدٍ (حضور کا جسم اطہر بستر مبارک سے گم نہ ہوا) یہ ان لوگوں کے دلائل ہیں جو کہتے ہیں کہ اسریٰ خواب میں ہوئی سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اس زمانہ میں حضور ﷺ کے پاس نہ تھیں اور نہ ضبط وحفظ کی عمر ہی تھی بلکہ ممکن ہے کہ پیدا بھی نہ ہوئی ہوں اس قول کے بموجب جو کہتے ہیں کہ اوّل اسلام میں بعثت سے ایک یا ڈیڑھ سال کے بعد اسریٰ ہوئی (واللہ اعلم) مقصود یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ان دوسری حدیثوں پر راجح نہیں ہے جو بطریق مشاہدہ حدیث روایت کرتے ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا میں واقع ہوا ہے کہ مَا فَقَدَ جَسَدُ مُحَمَّدٍ (حضور ﷺ کا جسم اطہر گم نہ ہوا۔اس سے استدلال بے شبہہ خطا ہے۔اور وہ جو آیا ہے کہ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَى. (دل نے نہیں جھٹلایا جو آنکھ نے دیکھا) یہ خواب پر دلالت نہیں کرتا۔اس لیے کہ مراد یہ ہے کہ دل نے آنکھ کو غیر حقیقت کا وہم نہیں ڈالا۔بلکہ اس کی رویت کی تصدیق کیا اور جس چیز کو آنکھ نے دیکھا دل نے اس کا انکار نہ کیا۔بدلیل: مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى. (نہ آنکھ جھپکی اور نہ بے راہ ہوئی) اب رہا فلسفیوں کے اباطیل ومزخرفات سے تمسک واستدلال کرنا کہ ''طبعی طور پر جسم ثقیل بلندی کی جانب نہیں جاسکتا اور آسمان میں خرق والتیام (پھٹنا اور ملنا) جائز نہیں ہے'' وغیرہ۔یہ باتیں طریقہ اسلام میں باطل ولغو ہیں۔

ایک اور جماعت اہل اشارات وتاویلات کی صورتوں کو معانی پر محمول کرتی ہے۔یہ معراج کو روحانی تصور کرتی ہے۔ان کے اس قیاس پر کہ حشر کو روحانی کہتے ہیں اس معنیٰ میں نہیں کہ روح کو خواب میں معراج ہوئی۔بلکہ اس معنی میں کہ معراج ترقی کے مقامات واحوال اور عروج کمال کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ وہ جبریل سے روح محمدی اور براق سے آپ کا نفس مبارک جو روح کی سواری ہے جو اپنی خاصیت میں سرکش ہے اور رام نہیں ہوتا مگر روحانی قوت سے۔اور آسمان سے مراد مقام قرب اور سدرۃ المنتہیٰ سے انتہائی مقامات ہیں ان کے اسی قیاس کے مطابق یہ فرقہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں فرعون عصا نعلین اور وادی مقدس کی تاویلات کرتا ہے اگر یہ صورتوں کا اثبات کریں (یعنی الفاظ وکلام کے ظاہری مطلب ومفہوم کو برقرار رکھیں) پھر وہ ان کو معانی کی طرف اشارہ کریں تو علم ومعرفت میں ایک چیز ہے اور اس کا کوئی مرتبہ ہے۔ان کے قیاس پر کہ حشر جسمانی وروحانی کے درمیان جمع کریں۔امام غزالی رحمۃ اللہ بھی اسی خیال کے بھنور میں ہیں اگر صرف معانی کا اعتقاد کریں اور الفاظ وصور کے قائل نہ ہوں تو یہ بجائے خود کفر والحاد ہے۔اور یہ مذہب باطنیہ ہے۔اس مسکین (شیخ محقق رحمہ اللہ) کے ایمانی ذائقہ پر یہ طریقہ اولیٰ بھی استبعاد اور انکار کی طرف مشیر اور موہم ہے گویا انہوں نے وجود صور کو جب دائرہ امکان سے عادی سے بعید جانا تو تاویل کی طرف گھوم گئے۔حالانکہ ایمان اس کے سننے اور ماننے ہی کا نام ہے جیسا کہ اس واقعہ معراج کے سلسلے میں سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کیا اور اسی دن سے آپ ''صدیق'' کے نام ولقب سے موسوم ہوئے

اور چند ایک ضعیف الاعتقاد مسلمان دائرہ ایمان سے نکل گئے۔ علم الیقین، عین الیقین سے پہنچتا ہے۔ جب بھی کلام کرنا اور زبان وتاویل اور اس کے امکان کا اثبات دلائل کلامیہ سے کھولنا عقل اور اس کے حیلوں میں گرفتار ہونا ایمان و بندگی سے بعید ہے۔ اور ہم ایمانداروں کو خدا اور رسول کے قول سے بڑھ کر کوئی دلیل نہیں ہے جو کچھ ہم ان سے سنیں گے کریں گے۔ یہ فرقہ اسے تقلید کہتا ہے۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ تقلید کس کی ہے؟ یہ تقلید اس کی ہے جس کا تحقق معجزات قاہرہ سے ثابت ہے۔ اور محقق کی تقلید عین تحقیق ہے۔ اور حقیقۃً یہ تقلید بھی نہیں ہے یہ صراط مستقیم کا اتباع ہے۔ مقلد تو تم ہو کہ عقل کی تقلید کرتے ہو اور اس کے کہے پر چلتے ہو۔ جس کی تحقیق ثابت شدہ نہیں ہے۔ اور اس کی راہ میں سراسر شکوک وشبہات ہیں۔ فلاسفر اصلیت میں خود انبیاء علیہم السلام کے منکر ہیں۔ ہمیں ان سے کیا کام۔ ان کا نبی تو ان کی عقل ہے اور ان متکلمین خانہ خراب کو کیا ہو گیا ہے کہ باوجود راہ راست کے وہ گم گشتہ ہیں۔ اور راہ میں گفتگو، شبہ اور جدال پیدا کرتے ہیں۔ اگرچہ ان کی نیت، فلاسفہ کی مخالفت اور ان کا ورد ہے لیکن سلوک راہ میں عقل اور اس کی پیروؤں کی موافقت کرتے ہیں۔ خود بھی گم راہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔

اثبات معراج شریف: وصل: باخبر رہنا چاہیے کہ معراج مبارک کی حدیث کو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی جماعت کثیرہ نے تواتر معنوی کے مرتبہ میں روایت کیا ہے اگرچہ بعض خصوصیات میں رویات مختلف ہیں۔ ان میں مشہور وہ طویل حدیث ہے جسے امام بخاری ومسلم نے اپنی صحیح مین بروایت حضرت قتادہ، حضرت انس۔ مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہم ذکر فرمایا ہے اور حدیث میں نبی کریم ﷺ کے قلب انور کے شق کرنے اور اسے سونے کے طشت میں آب زم زم سے غسل دینے اور اسے حکمت وایمان سے پر کرنے پھر اسے سینہ اطہر میں اپنی جگہ رکھنے اور اسے برابر کرنے کا ذکر ہے۔ شق صدر شریف چار بار ہوا ہے۔ سب سے پہلے عہد طفولیت میں جبکہ آپ حضرت حلیمہ سعیدہ کے پاس تھے، دوسری مرتبہ، وقت بلوغ کے قریب دسویں برس میں۔ تیسری مرتبہ بعثت کے وقت اور چوتھی مرتبہ اس وقت جب کہ آپ کو ''اسریٰ'' یعنی معراج ہوئی۔ تاکہ کمال طہارت وصفا کے ساتھ عالم ملکوت میں پہنچنے میں مستعد ومنتہی ہوں۔ اسی قیاس پر وضو ہے کہ نماز سے پہلے پاکیزگی ہوتی ہے۔ اس لیے نماز معراج کا نمونہ ہے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو (طور پر کلام الٰہی سے مشرف ہوتے وقت) اس تہیہ اور استعداد کا اتفاق نہ ہوا۔ اسی وجہ سے رویت الٰہی سے مشرف نہ ہوئے۔ یہ اس مقام کی خوبی ہے جس کا فطرت کے پرستار یعنی نیچری انکار کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ شق صدر اور اخراج قلب، موت کی علت ہے۔ یہ زندگی کے ساتھ جمع نہیں ہوتی۔ اور ارباب عقل تاویل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ غسل وطہارت قلب سے مراد، حدوث وامکان کے میل سے حضور ﷺ کی باطنی صفائی ہے۔ اور اہل ایمان بغیر تاویل اور بغیر ظاہر سے انحراف کے تصدیق کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں یہ سب اسباب عادی ہیں اور حق تعالیٰ کے لیے کوئی چیز محال وممتنع نہیں ہے۔ لیکن سونے کا طشت لانا اور غسل دینا یہ عرف وعادت کے اعتبار سے ایک قسم کی تکریم ہے۔ اور اس طرف اشارہ ہے آپ تمام عالم میں معظم ومکرم ہیں لیکن یہ کہ آپ کی شریعت میں سونے کے برتن کا استعمال حرام ہے تو اس کے جواب میں اہل علم فرماتے ہیں کہ سونے کا حرام ہونا اس دنیا کے لیے ہے۔ لیکن آخرت میں خالصاً مسلمانوں کے لیے یہی ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ. — اے نبی فرمادو یہ سونا (حرام ہے) دنیا میں ایمانداروں کے لیے اور یہ خالص ہے قیامت کے دن۔

اور حضور اکرم ﷺ کا یہ ارشاد کہ: هُوَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الْاٰخِرَةِ سونا کفار کے لیے دنیا میں ہے اور ہمارے لیے آخرت میں۔ قصہ اسراء درحقیقت عالم آخرت کے قبیل سے ہے نیز اس کا استعمال اور فائدہ اٹھانا حضور ﷺ کی جانب سے حاصل نہیں ہے بلکہ

ملائکہ نے کیا ہے جو اس کے مکلّف نہیں ہے۔ بلکہ احتمال رکھتا ہے کہ یہ واقعہ حرام ہونے سے پہلے کا ہے اور واقعہ بھی یہی ہے اس لیے کہ اس کی تحریم مدینہ منورہ میں بعد از اسریٰ ہوئی ہے۔ بعض ارباب معانی نے سونے اور قلب نبوی میں مناسبتیں نکالی ہیں۔ یہ کہ سونا جنت کے ظروف میں سے ہے۔ اور معدنیات میں اثقل جواہر ہے۔ نہ اسے مٹی کھاتی ہے اور نہ اس میں زنگ لگتا ہے۔ اسی طرح ہر دل سے قلب نبوی ثقیل تر' زرین تر اور مزین تر ہے اس میں وحی کا بوجھ ہے اور اسے سفلیات کی خاک نہیں کھاتی۔ اور نہ اس پر کدورات کونیہ کا زنگ لگتا ہے اور لفظ ذہب (سونا) ذہاب الی اللہ (خدا کی طرف جانے) اور تطہیر اور اذہاب رجس (ناپاکی کو دور کرنے' پاک وصاف کرنے) کی طرف مشعر ہے اور یہ چمک' بقا' صفا اور رزانت کے معنی کو متضمن ہے۔ اور طشت کو حکمت وایمان سے پر کرنے کا مطلب ان جواہر نورانیہ سے جو کہ ایمان وحکمت کے کمال کا خلاصہ ہے اس سے لبریز کرنا ہے اور احتمال رکھتا ہے کہ یہ معنوی اجسام کے قبیل سے ہوں۔ جیسا کہ سورہ بقر میں آیا ہے کہ روز قیامت ظلہ (سایہ دار چیز) اور موت بکری کی شکل میں لائی جائے گی اور اعمال حسنہ صور حسنہ سے متمثل کیے جائیں گے پھر یہ میزان عدل میں رکھے جائیں گے۔ اہل عرفاء فرماتے ہیں کہ اس میں یہ دلیل ہے کہ ایمان وحکمت جواہر محسوسہ نہ کہ معنی معقولہ اور نہ از قسم اعراض۔ جیسا کہ متکلمین کا مذہب ہے اور شارع علیہ السلام حقائق اشیاء اعلم واعرف ہیں۔ اہل عقل کی نظر ظاہر پر ہے کیونکہ جب وہ دیکھتے کہ یہ جواہر سے صادر ہوئے ہیں تو ان پر عرضیت یعنی قایم بالغیر کا حکم لگا دیتے ہیں اور رسول کریم ﷺ کا اس واقعہ سے مشاہدہ فرمانا یقین وایمان کی تکمیل واضافہ اور عادات مہلکہ سے بخوف ہونے کا موجب ہے۔ حضور اکرم ﷺ ہر حال ومقام میں سب سے بڑھ کر شجاع' ثابت قدم اور اقوی تھے۔ لیکن قلب اطہر کو آب زم زم سے پہلے غسل دینے کی حکمت میں اہل علم فرماتے ہیں کہ آب زم زم دل کو تقویت دیتا ہے۔ اس لیے قلب شریف کو غسل دیا کہ عالم ملکوت کے مشاہدہ پر قوی ہو جائے۔ اسی بناء پر علماء استدلال کرتے ہیں کہ آب زم زم آب کوثر سے افضل ہے۔ اس لیے کہ قلب شریف کو غسل نہیں دیا گیا مگر افضل پانی سے۔ یہ قول کہ آب زم زم قریب تھا اور آب کوثر دور'' تو یہ بہت ضعیف قول ہے اس لیے کہ یہاں قرب وبعد متصور نہیں ہے یہاں تو دونوں برابر ہے (واللہ اعلم)۔

ذکر براق: اس کے بعد حضرت جبریل علیہ السلام ایک سفید چوپایہ لائے جس کا نام براق ہے۔ وہ خچر سے پست اور گدھے سے اونچا تھا۔ اور منتہائے نظر پر اس کا قدم پڑتا تھا۔ حدیث شریف میں ہے کہ مجھے سوار کیا گیا اور حضرت جبریل مجھے آسمان پر لے گئے۔ ظاہر حدیث یہ ہے کہ آسمان تک براق پر تھے اور وہ ہوا میں اس طرح چلتا تھا جس طرح زمین پر چلتے ہیں۔ یہ بھی عادت کے خلاف ہے کیونکہ بشر ہوا پر نہیں چلتا چہ جائیکہ چار پایہ پر سوار ہو کر۔ یہ سب قدرت الٰہی کے ہاتھ میں ہے اور خدا کی قدرت عادت کے جاری ہونے میں مقید نہیں ہے۔ بعض روایتوں میں آیا ہے براق کے دو بازو تھے جن سے وہ اڑتا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ براق پر سواری مسجد اقصیٰ تک تھی۔ اس کے بعد ایک معراج یعنی سیڑھی رکھی گئی جس کے ذریعہ اوپر لے جایا گیا۔ یہ بھی ایک روایت میں ہے۔ ان دونوں روایتوں کے درمیان تطبیق یہ ہے کہ بعض راویوں نے ان تفصیلات کا ذکر نہیں کیا جسے دوسرے راویوں نے بیان کیا۔ پہلے راوی نے مسجد اقصیٰ تک براق پر سواری کا ذکر صراحت سے کیا۔ اور پھر اسی سواری کے ذریعہ آسمان پر جانے کا تذکرہ نہیں کیا۔ اور دوسرے راوی نے آسمان پر عروج فرمانے کا ذکر کیا۔ ممکن ہے کہ یہ بے سواری ہو۔

(واللہ اعلم) براق کے بھیجنے میں حکمت' سیّد عالم محبوب رب العلمین ﷺ کی تعظیم وتکریم مقصود تھی جس طرح کہ محبین اپنے محبوبوں کے لیے گھوڑا بھیجتے ہیں اور اخص وخواص جو محرم وانیس مجلس خاص ہو اس کے بلانے کے لیے پیادوں کو بھیجتے ہیں اور رات کے وقت جو کہ خلوت خاص کا وقت ہے غیروں کی آنکھوں سے بچا کر بلاتے ہیں وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى وَتَعَالٰى وَتَقَدَّسَ. خچر سے پست اور حمار

سے بلند نہ برشکل فرس' براق بھیجنے کی حکمت یہ ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ بلا ناسلامتی وامن میں ہے نہ کہ حرب وخوف میں۔اور براق کی ایسی تیز رفتاری جس کا عرف وعادت میں رواج نہیں ہے اظہار معجزہ کے لیے تھی۔حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ اس کا نام براق ہے گھوڑا اور خچر نہیں ہے اور یہ براق بریق سے بنا ہے جس کے معنی روشنی کی شعاعوں کے ہیں۔اسی جہت سے اس کی تیز رفتاری بھی ہے۔

حضرت قاضی عیاض رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ اسے براق اس بناء پر کہا گیا ہے کہ ﷺ کے دو رنگ تھے جسے ''شاۃ برقا'' (چمکدار بکری) کہا جاتا ہے جس کے بالوں میں سفیدی وسیاہی دونوں ہوں صاحب مواہب لدنیہ کہتے ہیں کہ ممکن ہے۔براق بریق سے مشتق نہ ہوں۔بعض روایتوں میں آیا ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ رکاب میں پائے اقدس رکھنے لگے تو براق نے شوخی کی اس وقت جبریل علیہ السلام نے براق سے کہا تجھے کیا ہوگیا ہے کیوں شوخی کرتا ہے۔تجھ پر حضور اکرم ﷺ سے زیادہ بزرگ تر سوار نہیں ہوا۔پھر براق نے شوق کا اظہار کیا اور زمین پر بیٹھ گیا۔اس کے بعد حضور نے اس کی پشت پر سواری فرمائی۔یہ بات دلالت کرتی ہے کہ براق انبیاء علیہ السلام کی سواری کے لیے آمادہ تھا۔بعض فرماتے ہیں ہر نبی کے لیے ان کے قدر ومرتبہ کے مطابق جداگانہ براق ہوتا ہے' چنانچہ روایتوں میں آیا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت المقدس سے مکہ مکرمہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے ملاقات کے لیے براق پر سوار تشریف لائے تھے گویا حضرت جبریل علیہ السلام کا اشارہ جنس براق کی جانب ہے (واللہ اعلم)۔

اور براق کی شوخی اس وجہ سے تھی۔اب تک اس پر کسی نے سواری نہیں کی تھی۔بعض کہتے ہیں کہ براق کی یہ شوخی' ناز وطرف اور افتخار سے تھی نہ کہ بطریق استبعاد وسرکشی۔جیسا کہ پہاڑ کے جنبش کرنے کے سلسلے میں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اُثْبُتْ یَا ثَبِیْرُ فَاِنَّمَا عَلَیْكَ نَبِیٌّ وَّصِدِّیْقٌ وَشَهِیْدَانِ اے شبیر پہاڑ قائم رہ بلاشبہ تجھ پر نبی صدیق اور دو شہید ہیں۔کہتے ہیں براق کی رکاب حضرت جبریل علیہ السلام کے ہاتھ میں اور لگام حضرت میکائیل کے ہاتھ میں تھی۔بعض روایتوں میں آیا ہے حضرت جبریل علیہ السلام حضور کے ردیف یعنی پس پشت بیٹھے تھے۔ممکن ہے کہ پہلے رکاب تھامی ہو۔اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے اثنائے راہ میں اپنی محبت وعنایت کے اقتضاء میں اپنا ردیف بنالیا ہو۔یا یہ کہ پہلے ردیف بنے ہوں گے۔اس کے بعد حضور اکرم ﷺ کی تعظیم وتکریم اور طریقہ ادب کی رعایت سے اتر کر رکاب تھام لی ہو۔(واللہ اعلم) پھر جب حضور ﷺ کی سواری زمین نخلستان میں پہنچی تو جبریل نے عرض کیا یہاں دوگانہ پڑھیئے۔یہ زمین یثرب ہے جسے بعد میں مدینہ منورہ کہا جائے گا۔اس کے بعد جب ''مدین'' اور اس زمین میں پہنچے جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی تھی۔ان دونوں جگہوں میں بھی حضرت جبریل نے یہی عرض کیا کہ اتر کر دوگانہ ادا کیجئے۔اس کے بعد حضور نے دیکھا کہ ایک جانب ایک بوڑھی عورت کھڑی ہے۔حضور نے جبریل سے دریافت کیا یہ کیا ہے؟ عرض کیا حضور بڑھے چلیے۔پھر آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ایک جانب ایک شخص کھڑا ہے وہ آپ کو بلا رہا ہے۔حضور نے دریافت فرمایا یہ کون ہے۔عرض کیا حضور بڑھے چلیے۔اس کے بعد ایک جماعت پر گزر ہوا جو حضور کو سلام عرض کر رہی تھی۔اور کہہ رہی تھی السلام علیك یا اول' السلام علیك یا آخر' السلام علیك یا حاشر' اس پر جبریل علیہ السلام نے عرض کیا۔حضور ان کے سلام کا جواب مرحمت فرمایئے۔آپ نے ان کے سلام کا جواب مرحمت فرمایا آخر حدیث تک۔اس وقت حضرت جبریل نے عرض کیا وہ بوڑھی عورت جسے حضور نے ملاحظہ فرمایا وہ دنیا تھی اب اس کی عمر باقی نہیں رہی ہے مگر جتنی اس بڑھیا کی عمر باقی ہے اور وہ جس نے حضور کو مخاطب کیا تھا وہ ابلیس وشیطان تھا۔اگر حضور اس کی طرف التفات فرماتے اور اسے جواب دیتے تو آپ کی امت' دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتی اور شیطان انہیں گمراہ کر دیتا۔اور وہ جماعت جو آپ پر سلام عرض کر رہی تھی وہ حضرت ابراہیم' حضرت موسیٰ' حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھے۔بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا گذر حضرت موسیٰ کی قبر انور پر ہوا تو وہ اپنی قبر شریف میں نماز پڑھ رہے تھے۔انہوں نے کہا اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ میں شہادت دیتا ہوں

یقیناً آپ اللہ کے رسول ہیں۔ چونکہ انبیاء علیہم السلام زندہ ہیں تو وہ خدا کے حضور عبادت کرتے ہیں۔ جیسا کہ اصحاب جنت' جنت میں کریں گے۔ بغیر اس کے وہ اس کے مکلّف ہوں۔

اس کے بعد حضور اکرم ﷺ ایسے نیک و بد لوگوں کے گروہوں اور قوموں پر گذرے جو عالم برزخ ومثال میں اپنے احوال وافعال کے ثمرات ونتائج میں مشغول وگرفتار ہیں ان کا ذکر طویل ہے۔ پھر حضورِ انور بیت المقدس پہنچے اور براق کو مسجد کے دروازے کے حلقے سے باندھا جسے اب باب محمد (ﷺ) کہتے ہیں اس کے بعد مسجد میں داخل ہوئے اور دو رکعت ادا کیں۔ ظاہر ہے کہ دوگانہ تحیۃ المسجد تھا۔ یہاں فرشتے حاضر ہوئے اور تمام انبیاء حضرت آدم سے حضرت عیسیٰ علیہم السلام کی ارواح مقدسہ متمثل ہوکر حاضر ہوئیں۔ خدا کی حمد وثناء کی اور حضور ﷺ پر صلوٰۃ وسلام عرض کیا۔ اور سب ہی نے حضور ﷺ کی افضلیت کا اعتراف کیا پھر اذان کہی گئی اور نماز کے لیے اقامت ہوئی اور سب نے حضور ﷺ کو امامت کے لیے آگے بڑھایا۔ حضور نے امامت فرمائی اور تمام انبیاء وملائکہ علیہم السلام نے اقتدار کی۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ یہ نماز نفل تھی یا فرض' اگر فرض تو نماز عشاء یا نماز فجر؟ سیاق حدیث سے ظاہر ہے کہ بیت المقدس میں تشریف آوری آسمانی عروج سے پہلے ہے تو یہ نماز عشا ہوگی۔ اور اس قول کے بموجب جس نے یہ کہا کہ یہ قضیہ بعد از نزول معراج ہے تو یہ نماز صبح ہوگی اور بعض نے اس کو ترجیح دی ہے۔ کیونکہ حضورِ انور ﷺ جب تمام کمالات وبرکات لے کر اترے تو انبیاء علیہم السلام پر اپنے فضل وشرف کے اظہار کے لیے یہ نماز پڑھی۔

اس مسکین (یعنی شیخ محقق رحمۃ اللہ) کے دل میں یہ خیال گزرا تھا کیوں نہ دونوں حالتوں میں ہوا ہو یعنی قبل از عروج بھی اور بعد از عروج بھی۔ لیکن بغیر ذکر علماء حدیث اس خیال کے لکھنے کی جرأت نہ ہوئی مگر جب ان روایتوں کے دیکھنے کا وقت آیا تو میری نظر سے شیخ کبیر عماد الدین بن کثیر جو کہ اعاظم علماء حدیث وتفسیر سے ہیں ان کا قول گزرا۔ انہوں نے ذکر کیا ہے کہ حضورِ انور ﷺ نے قبل از عروج اور بعد از عروج دونوں حالتوں میں انبیاء علیہم السلام کے ساتھ نماز ادا کی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ حدیث میں ایسے اشارے موجود ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں۔ اور اس کی کوئی مخالف بھی نہیں ہے۔ والحمد اللہ۔ لیکن شیخ ابن کثر رحمۃ اللہ نے کیا خوب فرمایا ہے کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ حضور نے آسمان میں اقامت کی ہے حالانکہ متاظہر ومتواتر راویتوں میں یہ ہے کہ بیت المقدس میں اقامت کی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ بعد از رجوع فرمائی۔ اس جگہ شیخ کبیر کیوں نہ فرمائیں کہ یہ دونوں جگہوں میں تھی یا دونوں حالتوں میں تھی۔ اور کیوں نہ وہ متاظہر ومتواتر روایات ودرایات سے قطع نظر فرمائیں (واللہ اعلم)

جب حضورِ اکرم ﷺ مسجد سے باہر تشریف لائے تو جبریل علیہ السلام نے ایک پیالہ شراب کا اور ایک پیالہ دودھ کا پیش کیا۔ اور عرض کیا حضور کو اختیار ہے جو پیالہ چاہیں نوش فرما سکتے ہیں۔ حضور ﷺ نے دودھ کے پیالہ کو پسند فرمایا۔ جبریل نے دریافت کیا آپ نے فطرت کو اختیار فرمایا۔ اس جگہ فطرت سے مراد اسلام اور اس پر استقامت ہے۔ مطلب یہ کہ آپ نے اسلام کی علامت اور استقامت کو اختیار فرمایا۔ دودھ اسلام کی علامت اس لیے ہے کہ پینے والے کے لیے سہل وطیب اور ظاہر وشائع ہے اور اس عالم میں دودھ کو دین وعلم کی مثال جانتے ہیں۔ اور جو کوئی خواب میں دیکھے کہ دودھ پی رہا ہے تو اس کی تعبیر یہی ہوگی کہ علم ودین سے بہرہ ور ہوگا۔ الحمد اللہ کاتب حروف (یعنی شیخ محقق رحمۃ اللہ) نے بعض خوابوں میں دیکھا کہ نیا پیالہ ہے۔ وہ شفاف' میٹھے اور سرد دودھ سے بھرا ہوا ہے اور اس سب کو پی لیا ہے'' بخلاف شراب کے وہ ام الخبائث اور حال ومآل میں گوناگوں شر وفساد کو پیدا کرنے والی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ فطرت سے مراد خلقت ہے اور خلقت کی بناء پر دودھ سے ہے اور گوشت وپوست اور ہڈیوں کی نشوونما بھی اسی سے ہے۔ اور نومولود بچے کی پیٹ میں جو چیز سب سے پہلے جاتی ہے جس سے اس کے پیٹ کی رگیں کشادہ ہوتی ہیں وہ یہی دودھ ہے۔ اور

یہ بات بھی ہے کہ حضور ﷺ کو دودھ بہت مرغوب تھا۔اور شراب اگرچہ اس وقت تک مباح تھی اس لیے کہ قصہ اسریٰ مکہ میں ہوا۔اور شراب کی حرمت مدینہ منورہ میں ہوئی لیکن چونکہ اس کا آخر امر حرمت تھی یا یہ کہ حضور کا اس سے اجتناب فرمانا اور از روئے ورع وتقویٰ اور اس تعریض کی وجہ سے تھا کہ حرام کار اسے انجام ہونا ہی ہے اور یہ بات بھی تھی کہ علم الٰہی میں عین درست تھی۔اور جبریل نے عرض کیا۔اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ. آپ نے فطرت کو پالیا اور ایک روایت میں ہے کہ:اَصَبْتَ فَاَصَابَ اللّٰهُ بِكَ آپ نے راہ صواب کو اختیار فرمایا۔اللہ تعالیٰ آپ کے سبب راہ صواب دکھائے۔اگر کہیں کہ یہ شراب تو جنت کی تھی اس کے باوجود آپ نے مشابہت اور مماثلت کی بنا پر اس سے اجتناب فرمایا۔ایک روایت میں آیا ہے کہ جبریل علیہ السلام نے کہا اگر آپ شراب کو اختیار فرماتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی اور اس کے پینے میں پڑ جاتی۔اور آپ کی امت اس خمر کے پینے میں یعنی دنیاوی شراب میں مبتلا ہو جاتی جو کہ مادہ فساد اور مادہ خباثت ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ دو پیالے آئے۔ایک دودھ اور ایک شہد کا۔اور ایک روایت میں ہے کہ تین پیالے آئے ایک دودھ کا دوسرا پانی کا تیسرا شراب کا۔اس میں شہد کا ذکر نہیں ہے۔بہر تقدیر حضور ﷺ کی پسند دودھ کا اختیار فرمانا ہی ہے۔ان پیالوں کا آنا ''سدرۃ المنتہیٰ'' پہنچنے کے قریب ہی ہوا۔اس کی تصریح حافظ عماد الدین کثیر رحمۃ اللہ نے فرمائے ہے۔

مروی ہے کہ انبیاء علیہم السلام نے پروردگار کی حمد وثناء کی۔ان میں حضرت ابراہیم' حضرت موسیٰ' حضرت داؤد' حضرت سلیمان اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام بھی تھے۔اور ان کی یہ ثناگستری اور بلیغ خطہ خوانی ان فضائل وکرامات اور معجزات پر مشتمل تھی۔جن سے حق تبارک وتعالیٰ وتقدس نے انہیں مخصوص فرمایا۔حق تعالیٰ نے ان کی زبان شکرگزاری کے لیے کھولی اس کے بعد سیّد عالم خاتم النبیین ﷺ نے اپنی زبان مبارک کھولی۔اور ارشاد فرمایا تم سب نے اپنے رب العزت جل وعلی کی حمد وثنا کر لی اب میں بھی ان کی حمد وثنا کرتا ہوں۔اور فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَرْسَلَنِیْ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا لِلنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ وَاَنْزَلَ عَلَیَّ الْفُرْقَانَ فِیْهِ تِبْیَانُ كُلِّ شَیْءٍ وَّجَعَلَ اُمَّتِیْ وَسَطًا وَّجَعَلَ اُمَّتِیْ هُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَهُمُ الْاٰخِرُوْنَ وَشَرَحَ لِیْ صَدْرِیْ وَوَضَعَ عَنِّیْ وِزْرِیْ وَرَفَعَ لِیْ ذِكْرِیْ وَجَعَلَنِیْ فَاتِحًا وَّخَاتِمًا.

تمام تعریفیں اس خدا کو جس نے مجھے جہان بھر کے لیے رحمت اور سب لوگوں کے لیے بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بھیجا۔اور مجھ پر وہ فرقان اتارا جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے اور بنایا میری امت کو درمیانی اور گردانا میری امت کو کہ وہی اول ہیں اور وہی آخر ہیں۔اور کھولا میرے لیے میرا ذکر اور بنایا مجھے فاتح اور سلسلہ نبوت کا آخری نبی۔

اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا:بِهٰذَا اَفْضَلَكُمْ مُحَمَّدٌ. (اے محمد ﷺ) اسی بنا پر حق تعالیٰ نے تم کو سب سے افضل قرار دیا۔

اس کے بعد جنت الفردوس سے ایک سیڑھی لائی گئی۔جس کے داہنے بائیں فرشتے تھے آپ اس سے آسمانوں پر پہنچے۔وہاں آپ نے ان نبیوں کو دیکھا جنہیں آپ کے استقبال اور ملاقات کے لیے مامور کیا گیا تھا۔انہیں بیت المقدس میں تمثیل کے بعد آسمانوں میں متمثل فرمایا گیا ہوگا' اور اس طریق پر سلام عرض کیا۔جس طرح حدیثوں میں مذکور ہوا ہے۔اس واقعہ میں جو عجیب وغریب حالات وحکایات روایتوں میں مذکور ہیں وہ یہ ہیں کہ جب حضور ﷺ چھٹے آسمان پر پہنچے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پایا وہاں سے جب

اوپر تشریف لے جانے لگے تو حضرت موسیٰ رونے لگے اور کہنے لگے ایک شخص جیسے میرے بعد بھیجا گیا اسے ایسا برگزیدہ فرمایا گیا کہ اس کی امت جنت میں میری امت کے جانے سے پہلے جائے گی۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ رونا معاذ اللہ حسد کی بنا پر نہ تھا۔ اس لیے کہ اس عالم میں ہر ایک مومن کے دل سے حسد کے مادہ کو نکال دیا جائے گا۔ چہ جائیکہ اس شخص سے متصور ہو جسے حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے کلام سے ممتاز فرمایا ہو۔ اور اپنی رسالت سے سرفراز کر کے اولوالعزم کیا ہو۔ بلکہ یہ اس چیز کے فوت ہونے پر اظہار افسوس وحسرت ہے جو درجہ کی بلندی پر مترتب ہوتی ہے۔ بایں سبب کہ ان کی امت سے ایسی بکثرت مخالفت واقع ہوئی جو ان کے اجر وثواب کے کمی کا مقتضی بن کر ان کے اجر وثواب کی کمی کا مستلزم ہے۔ اس لیے ہر نبی کے لیے اس کے اجر وثواب ہے جتنا ان کی اتباع کرنے والے کا اجر ہے۔ اور جتنوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اتباع کیا ہے وہ ہمارے نبی ﷺ کے اتباع کرنے والوں کے مقابلے میں بہت کم ہیں۔ ایسا ہی شیخ ابن حجر نے فتح الباری میں فرمایا ہے۔

ابن ابی جمرہ جو کہ عرفائے مالکیہ میں سے ہیں فرماتے ہیں حق تعالیٰ نے ہر نبی کے دل میں اپنی امت کے لیے رحمت ومہربانی رکھی ہے۔ اور انہیں اسے طبعی طور پر خلق فرمایا اسی بنا پر بعض امورات پر ہمارے نبی ﷺ نے بھی گریہ فرمایا ہے۔ چنانچہ اس پر آپ سے عرض کیا گیا یارسول اللہ آپ کو کس بات نے رلایا ہے۔ فرمایا رونا رحمت ہے اور حق تبارک وتعالیٰ رحمت کرنے والوں پر ہی رحمت فرماتا ہے۔ بلاشبہ انبیاء علیہم السلام نے رحمت خداوندی کا وافر حصہ لیا ہے تو ان کے دلوں میں رحمت بھی دیگر تمام لوگوں سے بڑھ کر اور وافر تر ہے۔ اسی بنا پر حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی امت پر شفقت ورحمت کی خاطر روئے کیونکہ یہ وقت' افضال وجود وکرم اور وقت قدوم حبیب کریم ہے تاکہ فضل وعمیم اور قرب کی خلعت سے فائز ہوں لہٰذا اس قبول وایصال کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے امید رکھی کہ اس وقت کی ساعت وبرکت سے حق تعالیٰ ان کی امت پر رحمت فرمائے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لفظ ''غلام'' سے ذکر کرنا اس کے معنی کم عمری کے ہیں نہ کہ کسی اور معنی میں۔ یہ اس سبب سے دیگر انبیاء علیہم السلام کی بہ نسبت آپ صغیر السن تھے۔ اور اہل عرب' مرد مجتمع السن کو کہتے ہیں جب تک اس میں قوت ودانائی ہے ''غلام'' کہتے ہیں۔ (گویا لفظ ''غلام'' بمعنی جوان' صحت مند کے ہے۔)

فتح الباری میں کہا گیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لفظ ''غلام'' بول کر اس طرف اشارہ کیا ہے۔ کہ رب العزت جل جلالہ کا افضال واکرام اور اس کا انعام دائمی قوت کے ساتھ شامل ہے حتیٰ کہ سن شیخوخت میں داخل ہو جائیں اس وقت بھی آپ کے بدن شریف میں ضعف پیری اثر انداز نہ ہوگی اور حضور ﷺ کی قوت ودانائی میں ضعف ودانائی کی کوئی راہ نہ ہوگی۔ یہاں تک کہ جب حضور انور ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگوں نے آپ پر اسم ''شاب'' یعنی مرد جوان کا اطلاق کیا۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ''اسم شیخ'' یعنی بوڑھے مرد سے مخاطب کیا۔ باوجودیکہ حضور اکرم ﷺ کی عمر شریف حضرت ابوبکر سے زیادہ تھی (بندہ مسکین) یعنی شیخ محقق رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ اسی بنا پر آپ پر آثار پیری نمایاں نہ تھے۔ بجز ان چند سفید بالوں کے جو آپ کے سر مبارک اور داڑھی شریف میں تھے۔ تاکہ لوگوں کی نظروں میں آپ بوڑھے اور ضعیف نہ معلوم ہوں اُمتِ محمدیہ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شفقت اور اعتنا کا اثر بلاشبہ نمازوں کی کمی کے ضمن میں ظاہر ہوا کہ پچاس نمازوں سے پانچ نمازیں ہوئیں۔ علماء فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اس امت مرحومہ پر اتنی رحمت وشفقت فرمانا اس بنا پر تھا کہ انہوں نے توریت میں اس امت کی صفات اور ان کی خوبیوں کو پڑھ لیا تھا اور آرزو کی تھی کہ اس امت کو ان کی امت بنا دے۔ اس پر حق تعالیٰ نے فرمایا یہ امت احمد مجتبیٰ ﷺ کی ہے۔ اس تمنا کو دل سے نکال دو۔ پھر حضرت موسیٰ نے عرض کیا اے خدا تو مجھے اس احمد مجتبیٰ ﷺ کا امتی بنا دے۔

سدرۃ المنتہیٰ پہنچنا: وصل: اس کے بعد حضور اکرم ﷺ کو ''سدرۃ المنتہیٰ'' کی جانب لے جایا گیا۔ اس جگہ مخلوق کے اعمال اور

ان کے علوم ختم ہو جاتے ہیں اور امر الٰہی نزول فرماتا ہے۔ اور احکام حاصل کیے جاتے ہیں۔ اور فرشتے اسی کے پاس ٹھہرتے ہیں اس سے آگے بڑھنے اور وہاں سے تجاوز کرنے کی کسی میں تاب وتواں نہیں ہے۔ یہیں پر سب رک جاتے ہیں۔ اور ہر چیز جو عالم سفلی سے اوپر جاتی ہے اور عالم علوی سے از قسم اوامر واحکام الٰہی نزول فرماتے ہیں ان سب کی انتہا یہی ہے۔ اس سے آگے کسی مخلوق نے تجاوز نہیں کیا۔ بجز سید المرسلین ﷺ کے۔ حضرت جبریل بھی اس جگہ رک گئے۔ اور آپ سے جدا ہو گئے۔ حضور نے جبریل سے فرمایا: یہ کون سی جگہ ہے اور جدا ہونے کا کون سا مقام ہے؟ یہ جگہ تو ایسی نہیں کہ دوست' دوست کو چھوڑ کر جدا ہو جائے' جبریل نے عرض کیا اگر ایک انگلی کے برابر بھی نزدیک ہو جاؤں تو میں جل جاؤں

بدو گفت سالار بیت الحرام — کہ اے حامل وحی برتر خرام
بگفتا فراتر مجالم نماند — بماندم کہ نیروی بالم نماند
اگر یک سر موئے برتر پرم — فروغ تجلی بسوز وپرم

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ سیّد عالم ﷺ نے جبریل سے فرمایا: اگر کوئی حاجت رکھتے ہو تو مجھ سے عرض کرو میں جناب باری میں پیش کروں گا۔ جبریل نے عرض کیا کیا میری تمنا یہ ہے کہ بارگاہ الٰہی میں عرض کریں کہ روز قیامت میرے بازوؤں کو اور زیادہ کشادہ فرما دے۔ تا کہ پل صراط سے اپنے بازوؤں کے ذریعہ آپ کی امت کو گزار سکوں۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ ''سدرۃ المنتہیٰ'' چھٹے آسمان میں ہے۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ ساتویں آسمان میں ہے اور ان دونوں روایتوں کی تطبیق اس طرح کرتے ہیں کہ اس کی جڑ تو چھٹے آسمان میں ہے اور اس کی شاخیں ساتوں آسمان میں۔ سدرہ جس کے معنی بیری کے درخت کے ہیں۔ اس سے اس کا نام رکھنے کی وجہ' علم شارع علیہ السلام پر مفوض وموقوف ہے۔ کہتے ہیں کہ اس درخت کی تین طرح کی صفتیں ہیں۔ ایک یہ کہ سایہ طویل ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کا مزہ لطیف ہے۔ تیسرے یہ کہ اس کی بو لطیف ہے۔ اور بمنزلہ ایمان کے ہے۔ جو قول وعمل اور نیت کا مجموعہ ہے۔ ممکن ہے یہ آسمان میں اسی طرح پیوست ہو جس طرح زمین میں درخت پیوست ہوتا ہے۔ نیز قدرت الٰہی سے بعید نہیں ہے کہ جس طرح درخت زمین میں نشو ونما پاتے ہیں اسی طرح ہوا میں ہو۔ جس طرح حضور نے ہوا میں سیر فرمائی۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ جنت کی مٹی میں جما دیا گیا ہو۔ جس طرح جنتی درختوں کی کیفیت ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ اسے جمایا ہی نہ گیا ہو۔ واللہ علم بتحقیقہ الحال۔ سدرۃ المنتہیٰ سے چار نہریں نکلتی ہیں دو ظاہر ہیں اور دو باطن ہیں۔ باطن میں وہ ہیں جنت میں جاتی ہیں اور ظاہر میں وہ ہیں جو نیل وفرات کہلاتی ہیں۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ چاروں نہریں جنت کی ہیں۔ نیل' فرات' سیحان اور جیحان۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جنت سے ان کے ہونے سے مراد یہ ہے کہ ان کے منافع وثمرات دائمی اور بے شمار ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ بہشت کی جنس سے نکلے ہیں۔ (واللہ اعلم) نیل کے احوال میں بہت سی عجیب وغریب چیزیں لکھتے ہیں جن میں عقل حیران ہے اور پانی' دودھ' شہد اور شربت کی نہریں جدا ہیں جو جنت میں جاری ہیں۔ جیسا کہ قرآن کریم منطوق ہے۔ ابن ابی حاتم نے بروایت سیّدنا انس رضی اللہ عنہ' حدیث نقل کی ہے کہ حضور ﷺ جب ساتویں آسمان سے نکلے تو ایک نہر ملاحظہ فرمائی۔ جو یاقوت وزمرد کے سنگریزوں پر جاری ہے۔ اس کے پیالے سونے چاندی' یاقوت وموتی اور زبرجد کے ہیں۔ اور اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شریں ہے' فرمایا اے جبریل یہ کیا ہے؟ عرض کیا یہ حوض کوثر ہے جسے حق تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ سیّدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جنت میں جو چشمہ جاری ہوتا ہے اور جس کا نام سلسبیل ہے اس سے دو نہریں پھوٹتی ہیں ایک کا نام کوثر اور دوسری کا نہر رحمت ہے۔ یہ وہ نہر رحمت ہے کہ جب گنہگار (جرم کی سزا بھگتنے کے بعد یا شفاعت سے) دوزخ میں جلے بھنے سیاہ نکلیں گے پھر وہ اس نہر میں نہائیں گے اور وہ اسی وقت تر

وتازہ ہو جائیں گے۔ ''سدرۃ المنتہیٰ'' کو انوار ڈھانپے ہوئے ہیں سونے کے پرندوں اور پتنگوں کی مانند۔ اور ہر ایک پتہ پر ایک فرشتہ ہے اس مقام کی تعریف وتوصیف حد قیاس وعقل سے باہر ہے۔ اس جگہ بھی یہ روایت مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو شراب' دودھ اور شہد کے پیالے پیش کیے گئے تو آپ نے دودھ کو اختیار فرمایا۔ اس کے بعد ''بیت المعمور'' نمودار ہوا اور اس سے پردہ اٹھایا گیا۔ حدیث کے الفاظ ایسے ہی ہیں کہ: ثُمَّ رُفِعَ اِلَیَّ الْبَیْتُ الْمَعْمُوْرُ پھر بیت المعمور کی طرف لے جایا گیا اور اس کی تفسیریوں کی گئی ہے کہ گویا اس کے اور بیت المعمور کے درمیان بہت سے عالم تھے اور اس کے دریافت کرنے پر قدرت نہ تھی۔ لہٰذا ان پردوں کو اٹھایا گیا۔ اور حضور ﷺ کی بصیرت اور چشم مبارک میں لایا گیا اور آپ نے خوب ملاحظہ فرمایا۔ بیت المعمور وہ مسجد ہے جو خانہ کعبہ کے محاذ ومقابل ہے۔ یہاں تک کہ اگر اس کا زمین پر گرنا فرض کیا جائے تو وہ کعبہ معظّمہ پر آ کر گرے۔ یہ وہ گھر ہے' جسے آدم علیہ السلام کے لیے زمین پر اترنے کے بعد بھیجا گیا۔ پھر آدم علیہ السلام کے بعد اٹھا لیا گیا۔ اور آسمان پر اس کی قدر ومنزلت ایسی ہی ہے جیسے زمین میں خانہ کعبہ کی۔ فرشتے اس کا طواف کرتے ہیں۔ اور اس کی طرف نماز پڑھتے ہیں۔ جس طرح انسان کعبہ معظّمہ کا طواف کرتے ہیں۔ روزانہ ستر ہزار فرشتے بیت المعمور کی زیارت کو آتے اور واپس ہوتے ہیں تو دوبارہ اس کی طرف کبھی نہیں آتے۔ اسی طرح ہر روز آتے جاتے ہیں۔ یہ حال اس دن سے ہے جب سے اسے پیدا فرمایا اور ابد تک یوں ہی رہے گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی عظیم تر قدرت پر دلیل ہے۔ اور کوئی مخلوق فرشتوں سے زیادہ اور بڑی نہیں ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ آسمان وزمین میں ایک بالشت بھر جگہ بھی ایسا نہیں ہے جہاں کسی فرشتے نے سجدہ کے لیے اپنی پیشانی نہ رکھی ہو اور دریاؤں کا ایک قطرہ بھی ایسا نہیں ہے جس پر کوئی فرشتہ موکل نہ ہو اور مروی ہے کہ آسمان میں ایک نہر ہے۔ جسے ''نہر الحیوٰۃ'' کہتے ہیں۔ جبریل علیہ السلام روزانہ اس میں غسل کرتے ہیں۔ جب باہر آتے ہیں تو اپنے بال وپر کو جھاڑتے ہیں اور اس سے ستر ہزار پانی کے قطرے ٹپکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر قطرہ سے ایک فرشتے پیدا فرماتا ہے تو یہی وہ فرشتے ہیں جو بیت المعمور کی حاضری دیتے اور نماز پڑھتے ہیں۔ پھر دوبارہ اس کی طرف آنے کی نوبت نہیں آتی۔ مواہب لدنیہ میں ایسا ہی منقول ہے۔

امام فخر الدین رحمتہ اللہ اپنی تفسیر میں زیر تفسیر ارشاد باری تعالیٰ: یَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (پیدا فرماتا وہ چیزیں جو تم نہیں جانتے) کہتے ہیں کہ عطا' مقاتل اور ضحاک جو کہ ائمہ تفسیر میں سے ہے سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا عرش کی داہنی جانب نور کی ایک نہر ہے جو سات آسمانوں' سات زمینوں اور سات دریا کے برابر ہے روزانہ علی الصباح جبریل علیہ السلام آتے اور اس میں غسل کرتے ہیں اور اپنے نور پر مزید نور کا اضافہ کرتے اور اپنے جمال کو بڑھاتے ہیں۔ جو وہ بازوؤں کو جھاڑتے ہیں تو حق تعالیٰ اس کے ہر قطرے سے کئی ہزار فرشتے پیدا فرماتا ہے۔ یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ ایک روایت میں یہ ہے کہ جتنے فرشتے وہاں حق تعالیٰ کی تسبیح کرتے ہیں حق تعالیٰ ہر تسبیح سے فرشتہ پیدا فرماتا ہے۔

بندہ مسکین (شیخ محقق رحمتہ اللہ) ثبتہ اللہ علی طریق الحق والیقین فرماتے ہیں کہ اگر آسمانوں میں فرشتوں کی تسبیحات سے فرشتے پیدا ہوتے ہیں تو کیا تعجب ہے کہ زمین پر بھی حضور اکرم ﷺ' خاصان بارگاہ قدس اور صلحائے امت کی تسبیحات وتہلیلات سے پیدا ہوتے ہوں گے۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ صاحب مواہب فرماتے ہیں یہ فرشتے ان فرشتوں کے ماسوا ہیں جو دائمی عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور ان فرشتوں کے بھی ماسوا ہیں نباتات اور ارزاق اور نگہبانی بنی آدم کی تصویر کشی پر موکل ہیں۔ اور وہ فرشتے جو بادلوں کے ساتھ اترتے اور وہ جمعہ کے دن لوگوں کو لکھنے اور جنت پر خازن ومحافظ ہیں اور وہ جو رات ودن کی گردش میں آتے تاکہ دن اور رات میں بندوں کے اعمال لکھیں اور وہ ستر ہزار فرشتے جو حضور سیّد عالم ﷺ کی روضہ انور پر حاضر ہوتے اور رعب وہیبت ڈالتے ہیں اور وہ جو نمازی کی قرأت پر آمین کہتے ہیں اور وہ جو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کہتے ہیں اور وہ جو نماز کے انتظار کرنے والوں پر دعائیں مانگتے

ہیں اور وہ جوان عورتوں پر لعنت کرنے پر مقرر ہیں جو جامہ خواب میں اپنے شوہروں سے دور رہتی ہیں۔اور ہر ہر آسمان پر جو فرشتے مقرر ہیں ان میں سے ہر ایک کی تسبیح جدا ہے۔حدیث مبارک میں آیا ہے کہ وہ فرشتے جو حاملان عرش ہیں ان کے چہرے اور ان کے اجسام جدا ہیں جو ایک دوسرے سے مشتبہ نہیں ہوتے اگر ان میں سے کوئی ایک فرشتہ اپنا بازو پھیلائے تو اپنے بازو کے ایک پر سے دنیا کو ڈھانپ لے۔اور حاملان عرش آٹھ فرشتے ہیں اتنے عظیم وجسیم کہ ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک دو سو برس کی مسافت ہے۔اور ایک روایت میں سات سو برس کی راہ ہے۔ابوالشیخ نے اپنی کتاب ''العظمۃ'' میں عجب العجائب چیزیں بیان کی ہیں۔اس جگہ سے خالق و مالک باری تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا تصور کرنا چاہیے کہ اس کی قدرت وشان کتنی عظیم ہوگی۔حدیث مبارک میں ہے کہ سیّد عالم ﷺ نے فرمایا: جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا تو سب نے حضرت خلیل اللہ السلام کو بیت المعمور سے ٹیک لگائے بیٹھے دیکھا آپ کے پاس بہت خوشرو جماعت ہے۔میں نے ان پر سلام کیا۔انہوں نے بھی مجھ پر سلام بھیجا اور اپنی امت کو دو قسموں میں پایا ایک جماعت تو وہ جو سفید لباس میں ہے اور قراطیس (سفید کاغذ) کی مانند ہے اور دوسری جماعت ایسی ہے جو ملگجے کپڑے میں ملبوس ہے تو میرے ہمراہ جو سفید لباس میں تھے بیت المعمور آئے اور وہ لوگ جو ملگجے لباس میں تھے پیچھے رہ گئے۔پھر میں نے ان سفید لباس والوں کے ساتھ بیت المعمور میں نماز پڑھی۔لباس کی سفیدی حسن اعمال سے کنایہ ہے۔جیسا کہ آیہ کریمہ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ. (اور اپنے لباس کو پاکیزہ رکھئے) کی تفسیر میں کہا گیا ہے۔حدیث پاک میں ہے کہ فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس ایک جماعت ایسی دیکھی جو سفید رو اور خوش رنگ مانند قراطیس تھی اور ایک اور جماعت تھی جن کی رنگت تیرگی و تاریکی مائل تھی۔پھر یہ جماعت ایک نہر پر آئی اور غسل کیا تو ان کی رنگتیں کچھ صاف ہوگئیں پھر دوسری نہر میں آئے اور غسل کیا تو اب ان کی رنگتیں مکمل طور پر اس جماعت کی مانند ہوگئیں جو سفید رو اور خوشرنگ تھی۔پھر حضور سیّد عالم ﷺ نے ان سفید چہروں کے بارے میں دریافت کیا یہ کون لوگ ہیں؟ اور وہ تیرہ رنگت والی جماعت کون ہے اور ٹیک لگائے کون صاحب بیٹھے ہیں اور یہ نہریں کون سی ہیں جس میں آ کر انہوں نے غسل کیا؟ جبریل علیہ السلام نے کہا یہ صاحب آپ کے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔اور یہ سفید لباس والے وہ ہیں جنہوں نے اپنے ایمان کو ظلم کی آمیزش سے محفوظ رکھا اور یہ تیرہ رنگ والے وہ ہیں جنہوں نے اعمال صالحہ کو اعمال بد سے ملا دیا۔پھر انہوں نے توبہ کی اور حق تعالیٰ نے ان پر رحمت فرمائی اور رہیں یہ نہریں تو پہلی نہر رحمت ہے اور دوسری نعمت اور تیسری نہر وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا (اور پلایا ان کو ان کے رب نے پاکیزہ پانی) اس کے بعد حضور سیّد عالم ﷺ کی سواری اور بلند ہوئی یہاں تک کہ ان اقلام کی آوازیں سنائی دی جانے لگیں۔جو فرشتے حق تعالیٰ کی تقدیروں کی کتابت کرتے ہیں۔اگرچہ قضا و تقدیر الٰہی قدیم ہے لیکن ان کی کتابت حادث ہے۔وَجَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ (اور قلم اسے لکھ کر خشک ہوگیا جو کچھ کہ آئندہ ہونے والا ہے۔) یہ اس طرف اشارہ ہے لیکن یہ کتابت (جس کی حضور نے سماعت فرمائی) فرشتوں کے صحیفوں میں ہے جو اصل سے نقل کر کے دوسری جگہوں پر ہوتی ہے۔جیسا کہ شب نصف شعبان (شب برات) اور دیگر راتوں میں لکھا جاتا ہے۔اس میں محو و اثبات کی گنجائش ہے: يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ. (اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے) اسی کتابت در صحف ملائکہ کی تعبیر ہے۔جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے اور صاحب مواہب لدنیہ ابن قیم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا اقلام بارہ ہیں اور مرتبے میں جدا جدا ہیں اور سب سے اعلیٰ و اجل قلم قدرت ہے جس سے حق تبارک نے مخلوق کی تقدیروں کو تحریر فرمایا ہے۔چنانچہ ''سنن ابوداؤد'' میں سیّدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ میں نے رسول ﷺ کو فرماتے سنا کہ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ سب سے پہلے جو پیدا فرمایا وہ قلم ہے۔اور اسے حکم فرمایا: لکھ! قلم نے عرض کیا کیا لکھوں؟ فرمان جاری ہوا قیامت تک کی مخلوق کی تقدیریں لکھ۔یہ قلم اول القام اور اجلال اقلام ہے۔بلاشبہ بکثرت علماء تفسیر نے اسی قلم

کی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہی وہ پہلا قلم ہے جس کی حق تبارک وتعالیٰ نے قسم فرمائی ہے۔ دوسرا قلم وحی ہے' تیسرا قلم توقیع ہے جو اللہ ورسول کی طرف سے نشان ہے۔ چوتھا قلم طب ابدان ہے جس سے بدنوں کے صحت کی حفاظت کی جاتی ہے۔ اور پانچواں وہ قلم توقیع ہے جس سے نوابوں' بادشاہ پر نشان ہوتا ہے اس سے امور ممالک کی سیاست واصلاح کی جاتی ہے۔ اور چھٹا قلم حساب ہے اس سے ان اموال کا حساب وکتاب ہوتا ہے جو نکالے جاتے اور خرچ کیے جاتے ہیں اسے قلم ارزاق بھی کہتے ہیں۔ اور ساتواں قلم حکم ہے اس سے حکم نافذ کیے جاتے اور حقوق باقی رکھے جاتے ہیں۔ آٹھواں قلم شہادت ہے جس سے حقوق کی حفاظت کی جاتی ہے۔ اور نواں قلم تعبیر ہے یہ وحی خواب میں ہے اور اسے اور اس کی تعبیر وتفسیر کو لکھنے والا ہے دسواں قلم تاریخ ووقائع عالم اور گیارہواں قلم لغت اور اس کی تفصیلات کا لکھنے والا ہے اور بارہواں قلم جامع ہے جو مبطلین کا رد کرتا اور محرفین کے شبہات کو دور کرتا ہے۔ یہ وہ اقلام ہیں جن سے مصالح عالم کا انتظام ہے۔ اور اس قلم کی جلالت وفضلیت میں کہ جس سے کتاب الٰہی لکھی گئی ہے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا اس کی قسم یاد فرمانا کافی ہے۔ انتہی۔ واضح رہنا چاہیے کہ بعد از قلم الٰہی جو کہ اعلیٰ واجل ہے اور اس کی حقیقت کو بجز خدا رسول ورسول کے کوئی نہیں جانتا یہ دنیا کا قلم ہے کہ اس سے علوم لکھے جاتے ہیں۔ اور وہ چیزیں جو اس قائل نے بیان کیں یہ معلومات ہیں جو علوم کے متعلقات ہیں۔ اور اگر یہ سب باتیں جو کچھ اس قائل نے بیان کیں ان میں منحصر ہیں تو فبہا۔ نہیں تو یہ سب ان اقلام کے لیے مثالیں ہیں۔

اس کے بعد سیّد عالم ﷺ کے ملاحظہ میں جنت ودوزخ لائی گئی ان صفات وخوبیوں کے ساتھ جو کتاب وسنت میں مذکور ہیں۔ چنانچہ آپ نے جنت کو رحمت الٰہی کا مظہر دیکھا اور دوزخ کو حق تعالیٰ کے عذاب وغضب کی جگہ۔ اور جنت کھلی ہوئی تھی اور دوزخ بند۔ آپ نے چشمہ سلسبیل میں غسل فرمایا اور آپ کے ظاہر وباطن سے کون وحدوث کی آلائشیں پاک وصاف کی گئیں۔ اور مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ کا تاج عطا فرمایا گیا۔ اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ سیّد عالم ﷺ کو جنت کے درختوں میں سے ایک ایسے درخت پر کھڑا کیا گیا جو احسن واطیب تھا۔ پھر آپ کو اس کا پھل کھلایا گیا۔ جو آپ کی پشت میں نطفہ بن گیا۔ اور جب زمین پر تشریف لائے تو ام المومنین سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شب باشی فرمائی اور وہ خاتون جنت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے حاملہ ہوئیں۔

اس جگہ پر ایک واضح اور صریح اشکال واقع ہے کہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ولادت اظہار نبوت سے سات سال اور کچھ پہلے ہے۔ اور واقعہ معراج واسراء بعد از نبوت ہے مگر یہ حضور ﷺ کے لیے قبل از اظہار نبوت بھی اسراء کو لازم قرار دیں اور وہ خواب میں سے ہوا ہو تو یہ حکایت حضور کے ساتھ اس خواب کی ہوگی جو اظہار نبوت سے پہلے آپ کو جنت میں لے گئی ہوگی۔ اور یہ بغیر اسراء کے ہوگی اور یہ واقعہ وہاں کا ہے لیکن اس جگہ اس کا ذکر کرنا درست نہ ہوگا۔

رویت الٰہی: وصل: جب سیّد عالم ﷺ اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی نشانیوں کو ملاحظہ فرما چکے تو اب قرب واختصاص میں باریابی اور حضوری کا وقت آیا اور آپ آخر تک پہنچے اور تمام سے انقطاع تام ہو گیا۔ آپ تنہا رہ گئے۔ کوئی فرشتہ اور انسان آپ کے ساتھ نہ رہا۔ ہنوز ستر نورانی حجاب ایسے ہیں کہ ایک حجاب دوسرے حجاب کے ہم مثل نہ تھا۔ روایت میں آیا ہے کہ ہر حجاب کی تہ (موٹائی) پانچ سو برس کی راہ تھی۔ ابھی ان کا طے کرنا باقی تھا۔ چنانچہ آپ نے ان سب کو حق تعالیٰ عزاسمہ کی امداد واعانت سے قطع فرمایا۔ اس وقت خاص قسم کی حیرت ودہشت اور حق تعالیٰ کی جلالت وعظمت پیش آئی۔ منادی نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہم آوازی میں ندا دی کہ "قِفْ يَا مُحَمَّدُ فَاِنَّ رَبَّكَ يُصَلِّيْ" (اے محمد ٹھہریئے بیشک آپ کا رب صلوٰۃ بھیجتا ہے) آپ متفکر ہوئے کہ ابوبکر کی آواز کہاں سے آئی۔ آپ کو اس آواز کے ایک انس معلوم ہوا اور اس وحشت سے باہر نکلے جو در پیش تھی۔ پھر حضرت حق جل مجدہ سے ندا آئی اُدْنُ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ اُدْنُ يَا اَحْمَدُ اُدْنُ يَا مُحَمَّدُ (اے ساری مخلوق سے افضل قریب ہو جئے' اے احمد قریب ہو۔ جئے محمد قریب ہو

جئے) پھر میرے رب نے مجھے اپنے سے اتنا قریب فرمایا اور میں اتنا نزدیک ہو گیا کہ جیسا کہ خود فرمایا: ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا۔ پھر خوب اتر آیا تو اس جلوہ اور محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم) پھر میرے رب نے مجھ سے کچھ دریافت فرمایا تو مجھ میں اتنی تاب نہ تھی کہ جواب دے سکتا۔ اس وقت اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان بے کیف وحد بڑھایا میں نے اس کی ٹھنڈک کو اپنے سینہ گنجینہ میں محسوس کی۔ اس وقت مجھے تمام اولین وآخرین کا علم عطا فرمایا اور طرح طرح کے علوم تعلیم فرمائے جن میں سے ایک علم ایسا تھا جس کے ظاہر نہ کرنے کا عہد مجھ سے لیا گیا کہ اسے کسی سے نہ کہوں اور ہر کوئی اس کے برداشت کی طاقت بھی نہیں رکھتا۔ بجز میرے۔ ایک علم ایسا تھا جس کے ظاہر کرنے اور چھپانے کا مجھے اختیار دیا گیا۔ اور ایک علم ایسا تھا جس کو اپنی امت کو ہر خاص وعام میں تبلیغ کرنے کا حکم فرمایا۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ اے میرے رب تیرے حضور حاضری کے وقت میں متوحش ہو گیا تھا اچانک میں نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی آواز کے مشابہ سنا کہ "قِفْ یَا مُحَمَّدُ فَاِنَّ رَبَّکَ یُصَلِّیْ" (اے محمد ٹھہریئے بیشک تمہارا رب صلوٰۃ بھیجتا ہے۔) میں اس سے مستعجب ہوں کہ ابوبکر اس جگہ کہاں سے آئے اور یہ کہ پروردگار نماز گزارنے سے بے نیاز ہے حکم رب ہوا میں دوسروں کے لیے نماز گزارنے سے بے نیاز ہوں اور میں فرماتا ہوں کہ سُبْحَانِیْ سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ (پاکی ہے مجھے میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہے۔) اے محمد! اس آیت کو پڑھیے هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَکَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا. (خدا وہ ہے جو تم پر صلوٰۃ بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے۔ تاکہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف لائے اور وہ مسلمانوں کے ساتھ رحیم ہے) تو میری صلوٰۃ تم پر اور تمہاری امت پر رحمت ہے۔ اب رہا میرا تمہارے رفیق ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آواز سنوانا۔ تو یہ انسیت کے لیے ہے۔ تاکہ تم انس گیر ہو کر اس پر ہیبت مقام میں اپنے حال پر آسکو۔ اے محمد! جب ہم نے چاہا کہ ہم تمہارے بھائی موسیٰ (علیہ السلام) سے ہم کلام ہوں تو ان پر ایک عظیم ہیبت طاری ہو گئی تھی۔ اس وقت میں نے ان سے پوچھا: وَمَا تِلْکَ بِیَمِیْنِکَ یَا مُوْسٰی (اے موسیٰ! وہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟) تو موسیٰ علیہ السلام کو عصا کے ذکر سے انسیت ہوئی۔ اور اپنے حال پر آ گئے اسی طرح اے محمد ﷺ تمہارے لیے چاہا کہ انس پاسکو۔ تو تمہارے لیے تمہارے رفیق ابوبکر کی آواز پیدا فرمائی کیونکہ تم اور ابوبکر دونوں ایک ہی طینت پر پیدا کیے گئے ہو وہ تمہارا انیس دنیا اور آخرت میں ہے لہٰذا میں نے ایک فرشتہ کو ان کی صورت پر پیدا فرمایا کہ وہ ان کی مشابہ آواز میں ندا کرے تاکہ تم سے وحشت جاتی رہے۔ اور ہیبت سے وہ چیز تمہیں لاحق نہ ہو۔ جو تمہاری فہم کو اس سے باز رکھے جسے میں نے تمہارے لیے چاہا ہے۔ اس کے بعد حق تعالیٰ نے دریافت فرمایا جبریل کی وہ حاجت جس کے بارے میں تم سے عرض کیا تھا وہ کیا ہے۔ میں نے عرض کیا خداوند! تو اسے خوب جانتا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہوا میں نے ان کی حاجت قبول فرمائی لیکن ان لوگوں کے حق میں جو اے محبوب! تمہیں چاہتے، دوست رکھتے اور تمہاری صحبت میں رہتے ہیں۔" پھر حضور ﷺ نے فرمایا اس کے بعد میرے لیے سبز رنگ کی رفرف بچھائی گئی۔ جس کا نور آفتاب کے نور پر غالب تھا۔ اس سے میری آنکھوں کا نور چمکنے لگا۔ مجھے اس رف رف پر بٹھایا گیا وہ مجھے لے کر روانہ ہوا۔ یہاں تک کہ میں عرش پر پہنچا اس کے بعد ایک ایسا امر عظیم دیکھنے میں آیا جس کی توصیف سے زبانیں قاصر ہیں۔ پھر عرش سے ایک قطرہ میرے قریب آیا اور وہ میری زبان پر گرا۔ میں نے اس چیز کو چکھا جسے کسی چکھنے والے نے کبھی اس سے زیادہ شیریں نہ چکھا ہوگا۔ اور مجھے اولین وآخرین کی خبریں حاصل ہوئیں۔ اور میرا دل روشن ہو گیا۔ اور عرش کے نور سے میری آنکھ کو ڈھانپ لیا اس وقت میں نے تمام چیزوں کو اپنے دل سے دیکھا۔ اور اپنے پس پشت بھی ایسا ہی دیکھنے لگا جیسا اپنے سامنے سے دیکھتا ہوں۔" رف رف، بچھونے کو کہتے ہیں۔ دراصل یہ اس بچھونے کو کہا جاتا ہے جو نرم ہو اور دیباوغیرہ سے بنایا گیا ہو۔

تنبیہ: باخبر رہنا چاہیے کہ یہ جو بیان کیا گیا ہے کہ اس محل رفیع میں حجابات تھے تو یہ حجابات مخلوق کے حق میں ہیں نہ کہ خالق وعزوجل کے حق میں۔ حق تبارک وتعالیٰ پاک ومنزہ ہے کہ وہ محجوب ہے۔ اور اس کے کوئی چیز چھپا سکے۔ اس لیے کہ حجاب بمقدار محوس محیط ہوتا ہے اور خلق خدا حق تعالیٰ سے اسماء وصفات اور ان کے افعال کے معانی سے محجوب ہیں اور ساری مخلوق میں سے انوار وظلمات میں سے ہر ایک کے لیے حجاب کا ایک جانا پہچانا مقام ہے۔ اور ادراک ومعرفت کا مقررہ حصہ ہے۔ اور وہ ملائکہ مقربین جو عرش کے گرداگرد ہیں اور وہ کروبیاں جو مقربان بارگاہ قدس ہیں یہ سب حضرت حق قدوس وقیوم کی کبریائی جلالت عظمت اور ہیبت کے نور سے محجوب ہیں اور صفات حجاب ہیں۔ فرشتے محجوب ہیں اور ان کی طبقات مختلف ہیں اور ان فرشتوں کے لیے ایک مقام معلوم اور درجہ معین ہے۔ اور ساری مخلوق خالق سے محجوب ودر پردہ ہیں کوئی مخلوق تو منعم کی نعمتوں کی رویت سے اور محول کے احوال کی رویت سے اور مسبب کے اسباب کی رویت سے محجوب ہے۔ اور کوئی مخلوق علم سے علم میں فہم سے فہم میں اور عقل سے عقل سے محجوب ہے۔ یہ سب منعم کی نعمتوں سے اور وہاب یعنی عطا فرمانے کی مواہب وعطایا سے معنی میں حجاب ہیں۔ اور کوئی مخلوق مباح شہوتوں سے اور کوئی حرام شہوتوں سے اور کوئی معاصی وسیئات سے محجوب ہیں۔ اور کوئی مخلوق مال واولاد اور دنیاوی زمینوں سے محجوب ہیں: اَللّٰھُمَّ لَاتُحْجِبْنَا عَنْكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ. (اے خدا ہمیں دنیا وآخرت میں اپنے سے محجوب نہ کرنا۔) اس کلام کو بعض عارفوں نے (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین) بیان فرمایا ہے۔

معلوم ہونا چاہیے کہ یہ جو ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی مذکور ہوا ہے اور اس کی تعبیر قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی سے کی گئی ہے یہ معراج کی حدیثوں میں مذکور ہے اور یہ اس کے سوا ہے۔ جو سورہ والنجم میں مذکور ہے۔ کیونکہ بقول مختار اس کی نسبت جبریل علیہ السلام کی رویت اور اس سے نزدیکی کی طرف کی گئی ہے۔ اور آیت کریمہ کا ظاہر سیاق وسابق بھی یہی ہے۔ بعض مفسرین نے پروردگار عالم کی رویت اور اس سے قرب کی طرف محمول کیا ہے جیسا کہ کتب تفسیر میں مذکور ہے۔ اور بارگاہ ربوبیت میں اتم کمال اور غایت ادب واجلال حد عبودیت کی نگہداشت ہے۔ اور سکون قلب طمانیت باطن اور علو ہمت کی نہایت بصر وبصیرت کی موافقت ہے۔ اس کے باوجود کہ بے شمار آیات کرامات کے ظہور ہوئے مگر کسی ایک کی جانب بھی توجہ والتفات نہ فرمائی اور رغبت ومیلان اظہار نہ فرمایا۔ چنانچہ حق تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: وَمَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (نہ تو آنکھ جھپکی اور نہ بے راہ ہوئی) جس طرح کہ بندگان خاص بادشاہوں کے حضور میں حاضری دیتے ہیں اور یہ وہ کمال ہے جو اکمل بشر سید رسل صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہٗ کے سوا کسی کو میسر نہیں۔ لوگوں کی عام عادت یہ ہے کہ جب وہ کسی بلند مقام میں ٹھہرتے ہیں تو اس مقام عالی کے بارے میں معلومات حاصل کرتے اور بزرگی پانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ چنانچہ جب حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام مقام مناجات اور مرتبہ کلام پر جائز ہوئے تو انہوں نے دیدار باری تعالیٰ کی خواہش ظاہر کی۔ یہ ایک قسم کی مدہوشی وخوشی ہے کیونکہ مقام قرب میں ادب کی رعایت دور ہو جاتی ہے۔ مگر ہمارے سردار سید عالم ﷺ جب مقام قرب میں فائز المرام ہوئے تو اس کے حقوق کو پورا فرمایا اور کسی چیز کی جانب اپنی بصر وبصیرت سے التفات نہ فرمایا۔ بجز اس مقام کے جس پر آپ جلوہ افروز تھے۔ اور کسی بات کی خواہش وتمنا نہ فرمائی۔ لہٰذا مراتب ودرجات کے تمام منازل طے فرمائے۔ اور ان میں سب سے بلند واعلیٰ مرتبہ دیدار باری تعالیٰ ہے اور وہ مقام ہے جس میں حضور ﷺ کی اللہ تعالیٰ نے اقامت کرائی اور اہل صحو اور ارباب تمکین کے مقامات میں یہ مقام سب سے اونچا اور بلند ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَكَذَّبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی (جو آنکھ نے دیکھا دل نے اسے نہ جھٹلایا) اور بصیر وبصیرت دونوں ایک دوسرے کی تائید وتصدیق کرتی رہیں جو کچھ بصیرت نے پایا آنکھ نے اس کا ادراک کیا۔ اور جو کچھ آنکھ نے دیکھا دل نے اس کی تصدیق کی۔ اور سب ہی حق وصحیح تھا۔ اور حضور اکرم ﷺ نے ایسا کمال پایا کہ تمام اولین وآخرین پر

سبقت لے گئے اور تمام انبیاء ومرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین غبطہ کرنے لگے اور آپ دنیا وآخرت میں صراط مستقیم پر مستقیم ہوئے اور آپ کے اس استقامت کو حق تعالیٰ نے قسم سے یاد فرمایا۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یٰسٓ ○ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ (اے سیّد عالم) قسم ہے حکمت والے قرآن کی یقیناً بلاشبہ آپ رسولوں میں سے ہیں' صراط مستقیم پر قائم ہیں۔
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے وہ جس کو چاہے نوازے۔ وہی بڑے فضل والا ہے اس کے بعد فرمایا: فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى (پھر وحی فرمائی اپنے بندہ خاص پر جو وحی فرمائی) اور تمام علوم ومعارف حقائق وبشارات' اشارات واخبار' آثار وکرامات اور وہ کمالات جو اس ابہام کے احاطہ میں ہیں سب داخل ہیں اور اس کی ہر کثرت وعظمت کو شامل ہے۔ کیونکہ مبہم صیغہ لایا گیا ہے اور اس اشارے کو بیان نہ فرمایا۔ اس لیے کہ بجز علام الغیوب اور رسول محبوب ﷺ کے کوئی اس پر احاطہ کرنے والا نہیں ہوسکتا۔ مگر اتنا ہی جتنا حضور نے بیان فرمایا۔ اسی قدر جتنا آپ کی روح اقدس کے مقابلہ ومحاذات کرنے سے باطنوں پر القا ہوا۔ چنانچہ بعض اکمل اولیاء کرام جنہوں نے آپ کے اتباع سے استعداد وشرافت حاصل کرلی وہ کچھ ان امور مبہمہ سے مشرف ہوئے۔ (واللہ اعلم)۔

بیان کرتے ہیں کہ جب حضور سیّد عالم ﷺ عرش پر پہنچے تو عرش نے دامن اجلال کو تھام کر زبان حال سے عرض کیا اور کہا آپ ہی ہیں اے محمد ﷺ کہ حق تعالیٰ نے اپنے جلال احدیت سے مشاہدہ کرایا اور اپنے جمال صمدیت سے مطلع فرمایا۔ اور میں غم زدہ آہیں بھرتا ہوں کوئی راہ نہیں پاتا کہ کس رستہ سے داخل ہوکر کیونکر اپنے کام کی گرہ کھولوں۔ باوجودیکہ حق تعالیٰ نے مجھے اعظم خلق بنایا اور میں ہیبت وتحیر اور خوف میں اے محمد ﷺ واقعتہ ہوں جب پروردگار نے مجھے پیدا فرمایا تو میں اس کی ہیبت وجلال سے کانپنے لگا۔ پھر میرے پایہ پر لکھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تو ہیبت سے میں اور کانپنے لرزنے لگا پھر جب لکھا۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ تو میرا قلق ٹھہر گیا۔ اور میرا اضطراب کم ہوگیا۔ آپ کا اسم گرامی میرے دل کے چین کا سبب اور میرے سر کے اطمینان کا باعث ثابت ہوا۔ مجھ پر آپ کے اسم گرامی کی یہ برکت رونما ہوئی۔ اب تو کیسی کچھ برکتیں حاصل ہوں گی اے محمد ﷺ آپ کی نظر مبارک مجھ پر پڑ گئی۔ اَنْتَ الْمُرْسَلُ رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ آپ تو سارے جہان کے لیے رسول رحمت ہیں لازمی آپ کی اس رحمت میں میرا بھی حصہ ہوگا۔ اے میرے حبیب میرا حصہ یہ ہے کہ آپ میری برات کی گواہی دیں۔ ان چیزوں سے جن کی طرف مکر وافترا والے نسبت کرتے ہیں۔ اہل غرور مجھ پر بہتان رکھتے ہیں کہ مجھ میں اتنی گنجائش ہے کہ میں اس ذات کو سما سکوں جس کا کوئی مثل نہیں۔ اور میں اس کا احاطہ کرسکوں جو حد وکیف سے خارج ہے۔ اے محمد ﷺ جس ذات قدس کی کوئی حد وکیف نہ اور جس کے صفات بے عدد شمار ہوں وہ ذات میری کیسے محتاج ہوگی۔ اور وہ کیونکر مجھ پر سوار ہوسکے گی۔ جب کہ رحمٰن اس کا نام ہے اور استوائی اس کی صفت ہے۔ اور اس کی صفت اس کی ذات سے متصل ہے تو وہ کس طرح مجھ سے متصل یا مفضل ہوسکتی ہے اے محمد ﷺ قسم ہے مجھے اس کی عزت وجلال کی میں وصل کے ساتھ اس سے قریب ہوں اور فصل سے اس سے بعید نہیں۔ اور نہ میں اس کا حامل ہوں اور نہ اس کو اپنے میں سمونے والا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے فضل سے پیدا فرمایا اگر وہ مجھے اپنے عدل سے نیست ونابود کردے تو میں اس کی قدرت اور اس کی حکمت کا محمول ومعمول ہوں۔ سیّد عالم ﷺ نے اپنی زبان حال سے عرش کو جواب دیا۔ مجھ سے ایک طرف ہوجا۔ میں تجھ سے بے پروا اور تجھ سے بے نیاز ہوں۔ میرے صفائے وقت کو مجھ پر مکدر نہ کر اور میری خلوت وتنہائی کو پراگندہ نہ بنا۔ اس کے بعد آپ نے عرش کی جانب توجہ والتفات کی نظر ڈالی۔ مگر اس کی طرف مکمل طور پر مائل نہ ہوئے۔ اور جو کچھ اس پر لکھا ہوا تھا اسے نہ پڑھا۔ اور مَآ اَوْحٰٓى اِلَيْهِ (جو کچھ ان کی طرف وحی کی گئی) اس بھید کا ایک حرف وکنایہ یہ بھی ہے وَمَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى (نہ ان کی آنکھ بھٹکی اور نہ بے راہ ہوئی)۔

بیان کرتے ہیں کہ جب حضورِ انور ﷺ مرتبہ ''قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى'' پر فائز ہوئے تو آپ نے امت کے احوال پیش کیے۔ عرض کیا اے رب! تو نے بہت سی امتوں پر عذاب فرمایا۔ کسی کو پتھروں سے کسی کو خسف سے یعنی زمین دھنسا کر اور کسی کو مسخ سے یعنی صورتوں کو بگاڑ کے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا میں ان پر رحمت نازل کروں گا اور ان کی بدوں کو نیکی سے بدل ڈالوں گا۔ اور جو کوئی مجھ سے دعا کرے گا میں اسے لبیک کہوں گا اور جو مانگے گا اسے عطا فرماؤں گا۔ جو مجھ پر توکل کرے گا میں اسے کفایت کروں گا۔ اور دنیا میں اس کے گناہوں کو چھپاؤں گا اور آخرت میں تمہیں ان کا شفیع بناؤں گا اگر نہ ہوتا حبیب' تحت معاتبہ حبیب' تو میں ان سے حساب نہ لیتا۔

مراجعت از معراج شریف: جب حضورِ اکرم ﷺ نے اس عالم میں واپسی کا ارادہ فرمایا تو بارگاہ قدس میں عرض کیا اے رب! ہر مسافر کے لیے واپسی کا تحفہ ہوتا ہے۔ میری امت کے لیے اس سفر کا تحفہ کیا ہے۔ حق تبارک وتعالیٰ نے کہا زندگی بھر میں ان کا ہوں۔ مرنے کے بعد بھی ان کا ہوں اور قبروں میں بھی میں ان کا ہوں اور حشر میں بھی میں ان کا ہوں۔ غرضیکہ ہر حال میں ان کا مددگار ہوں۔

فَطُوْبٰى لَكُمْ يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَّبُشْرٰى لَكُمْ تو خوشی ہے تمہارے لیے اے امت محمد اور بشارت ہو تمہیں۔ اور جب رسول اکرم ﷺ واپس تشریف لائے اور صبح ہوئی تو آپ نے لوگوں سے اس کا تذکرہ فرمایا تو کچھ ضعیف الایمان لوگ اس پر مرتد ہو گئے اور کچھ مشرکین دوڑ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے۔ کہنے لگے کچھ اپنے یار اور رفیق کی خبر ہے کہ وہ کیا کہتے ہیں؟ وہ فرماتے ہیں ''آج رات مجھے بیت المقدس لے جایا گیا۔'' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا یقیناً ایسا فرماتے ہیں؟ مشرکین نے کہا ہاں یہی فرماتے ہیں۔ ابوبکر صدیق نے فرمایا۔ پھر تو وہ جو فرماتے ہیں ٹھیک ہی فرماتے ہیں۔ میں اس پر ایمان لاتا ہوں۔ مشرکین کہنے لگے کیا تم اس کی تصدیق کرتے ہو کہ رات میں محمد ﷺ بیت المقدس تشریف لے گئے اور صبح سے پہلے یہاں واپس تشریف بھی لے آئے۔ انہوں نے فرمایا ہاں۔ میں تو اس سے دور تر کی بھی تصدیق کرتا ہوں اگر آپ یہ فرمائیں کہ میں آسمان پر گیا اور پھر واپس آ گیا تو میں اس کی بھی تصدیق کروں گا۔ بیت المقدس کیا چیز ہے؟ چنانچہ اسی دن سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب ''صدیق'' مشہور ہو گیا۔ اس کے بعد سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! کیا حضور بیت المقدس کی علامات ونشانیاں ان لوگوں کو فرمائیں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ ہاں بتاؤں گا۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ بیان فرمایئے۔ میں وہاں گیا ہوں اور اسے میں نے دیکھا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے نشانیاں بیان فرمائیں اس پر حضرت صدیق نے کہا ''اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ'' (میں شہادت دیتا ہوں یقیناً آپ اللہ کے رسول ہیں)۔ حضرت صدیق کا یہ مطالبہ کرنا از طریق شک وتردد نہ تھا۔ وہ تو کفار کی زبانوں سے محض سنتے ہی تصدیق فرما چکے تھے بغیر اس کے کہ آپ سے نشانیاں دریافت کریں۔ بلکہ یہ یا فقی' حضور ﷺ کی صداقت کے اظہار میں اپنی قوم کے لیے تھی۔ اس لیے کہ قوم کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی خبر پر وثوق تھا۔ اور آپ کی تصدیق ان کے لیے حجت تھی اس کے باوجود علامت دریافت کرنے اور حقائق واضح کرانے کے مقام میں آئے۔ اور حضور ﷺ سے بیت المقدس کے احوال واوصاف دریافت کیے تو حضور ﷺ نے سب باتیں بیان فرمائیں۔ مسلم شریف کی حدیث میں کہ حضور ﷺ نے فرمایا بعض باتوں کا تفصیلی جواب مجھے حاضر نہ ہوا تو میں بہت زیادہ فکر مند ہوا۔ اور ایسا فکر مند ہوا کہ اس سے پہلے کبھی اتنا فکر مند نہ ہوا تھا۔ اس وقت بیت المقدس میرے پیش نظر کیا گیا تو جو کچھ انہوں نے پوچھا میں نے بتا دیا۔ کہتے ہیں کہ اس کے دو احتمال ہیں یا تو مسجد اٹھا کر حضور ﷺ کے سامنے لائی گئی جس طرح کہ بلقیس کا تخت پلک جھپکنے میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے لایا گیا تھا۔ یا اس کی مثل حضور ﷺ کے آگے لایا گیا۔ جس طرح کہ جنت

ودوزخ کو نماز میں متمثل کیا گیا۔ ایسا ہی علماء بیان کرتے ہیں۔ ایک اور احتمال یہ ہے کہ وہاں سے بیت المقدس تک تمام پردے اٹھا دئے گئے۔ اور آپ کے پیش نظر بیت المقدس کر دیا۔ ایک روایت میں یہ ہے کہ جبریل علیہ السلام مسجد اقصےٰ کو عقیل کے گھر کے پاس میری نظر کے سامنے اٹھا کر لائے۔ میں اسے دیکھتا جاتا تھا اور جو وہ دریافت کرتے جاتے تھے جواب دیتا جاتا تھا۔ ام ہانی رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ لوگوں نے دریافت کیا بیت المقدس کے کتنے دروازے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے اس کے دروازوں کو نہیں گنا تھا۔ اب جو مجھ پر مکشوف ہوا اور اسے اٹھا کر لایا گیا تو میں نے گن کر انہیں بتایا۔

بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر اسریٰ سے تشریف لا رہے تھے تو قریش کا ایک قافلہ غلہ لاد کر لا رہا تھا اس قافلے میں دو غرارے تھے ایک سیاہ اور ایک سفید جب اٹھا کر اونٹ کے سامنے لائے تو اونٹ بھاگ گیا ان میں سے ایک اسے گھیر کر لے آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے ان لوگوں پر سلام کیا۔ وہ کہنے لگے یہ آواز تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جو آ رہا ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم قبل از صبح تشریف لائے اور اس قوم کو اس کی خبر دی۔ اور جو کچھ دیکھا تھا بیان فرمایا۔ اور فرمایا اس کی نشانی یہ ہے کہ میں نے تمہارے اونٹوں کو فلاں مقام پر آتے ہوئے چھوڑا ہے۔ ان کا ایک اونٹ گم ہو گیا تھا جسے فلاں شخص گھیر کر لایا تھا۔ اور قافلے کے آگے سفید وسیاہ رنگ کا اونٹ ہے جس پر سیاہ پالان ہے۔ اور دو غرارے فلاں روز یہاں پہنچیں گے۔ اور جب وہ دن آیا اور قافلہ نہ پہنچا تو لوگ انتظار کرنے لگے اور نصف دن تک قسم قسم کی چہ مگوئیاں کرنے لگے۔ آدھا دن تھا کہ قافلہ پہنچ گیا اور اسی شان سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا تھا۔ اور دشمنوں اور منکروں کے چہروں پر خاک پڑ گئی۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ قافلہ بدھ کے دن آئے گا لیکن وہ سورج غروب ہونے تک نہ آیا اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اور سورج کو غروب ہونے سے باز رکھا گیا اور قافلہ آ گیا۔

دیدار الٰہی میں اختلاف سلف: وصل: قدیم وجدید صحابہ وتابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور بعد والوں نے معراج میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رویت باری تعالیٰ میں اختلاف کیا ہے چنانچہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور صحابہ وسلف رضی اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت نفی کی جانب ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ مسروق سے حدیث لائے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ اے مادر من! کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے؟ حضرت عائشہ نے فرمایا: بلاشبہ میرے جسم کے رونگٹے تمہارے اس سوال سے کھڑے ہو گئے جو تم نے پوچھا۔ جو کوئی تم سے یہ کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔ یقیناً اس نے دروغ کہا۔ اس کے بعد انہوں نے اس آیت کو پڑھا۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ کوئی آنکھ اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔ وہ آنکھوں کا ادراک فرما رہا ہے اور وہی مہربان وخبردار ہے۔ اور مسلم کی روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مَنْ حَدَّثَكَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَاٰى رَبَّهٗ فَقَدْ اَعْظَمَ الْفِرْيَةَ (جو تم سے یہ کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا بیشک اس نے بہت بری بات کہی) امام نووی اور ابن خزیمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کسی مرفوع حدیث سے رویت الٰہی کے وقوع کی نفی نہیں کی۔ اگر حدیث مرفوع ہوتی تو اسے وہ بیان فرماتیں۔ اور انہوں نے اس آیت پر اعتماد واستنباط فرمایا۔ بلاشبہ بعض صحابہ رضی اللہ علیہم اجمعین نے ان کے اس اجتہاد کی مخالفت کی ہے۔ اور کوئی صحابی جب اپنی بات کہتا ہے اور کوئی دوسرا صحابی اس کی بات کی مخالفت کرتا ہے تو وہ قول باتفاق حجت نہیں ہوتا۔ آیہ کریمہ کی کئی توجیہات ہیں۔ ادراک رویت سے اخص ہے۔ ادراک کی نفی سے رویت کی نفی لازم نہیں آتی۔ ادراک حقیقت کی معرفت ہے۔ اور یہ منفی ہے جس طرح کہ کوئی چاند کو دیکھتا ہے اور اس کی حقیقت وکنہ اور ماہیت کو نہیں پاتا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ادراک کا مطلب احاطہ یعنی گھیرنا ہے۔ اور عدم احاطہ عدم رویت کو لازم نہیں آتا۔ جیسا کہ عدم احاطہ سے عدم علم لازم نہیں آتا۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ لَا اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اے رب! مجھ سے تیری ایسی ثنا نہیں ہو سکتی جیسے تو نے اپنی ثنا خود

فرمائی ہے۔'' اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ثنا کی ہی نہیں گئی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور تابعین رویت الٰہی کا اثبات کرتے ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ انہوں نے کسی کو ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا کہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہاں! اور فرمایا' حق تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلت سے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کلام سے اور سیّد عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رویت سے خاص فرمایا۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہوے کہ وہ بقسم کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔'' اور ابن خزیمہ حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ اس رویت باری پر کعب' زہری' معمر اور بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اثبات وجزم کیا ہے۔ اور اشعری کا قول بھی یہی ہے۔ اور امام مسلم علیہ الرحمۃ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پروردگار کی رویت کے بارے میں پوچھا تو فرمایا: هُوَ نُوْرٌ اَنّٰی اَرَاهُ. یعنی وہ نور ہے میں کیسے اسے دیکھ سکتا ہوں۔ یہ حدیث اس حدیث سے معارض ہے۔ جس میں واقع ہوا ہے کہ ''رایت نورا'' میں نے نور کو دیکھا۔ امام احمد سے بھی اثبات رویت منقول ہے۔ امام احمد سے لوگوں نے کہا کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قول کو کس چیز سے ہم اٹھائیں۔ فرمایا قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا: رَاَیْتُ رَبِّی میں نے اپنے رب کو دیکھا اور قول نبی قول عائشہ رضی اللہ عنہا سے اکبر ہے اور نقاش امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں حدیث ابن عباس سے جواب دوں گا کہ فرمایا رَاٰهُ رَاٰهُ اسے دیکھا اسے دیکھا۔ اور برابر کہتے رہے یہاں تک کہ ان کا سانس منقطع ہوگیا۔ کچھ لوگوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ ''کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا فرمایا ہاں''! اور سلف کی ایک جماعت نے راہ توقف اختیار کی ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اثبات ونفی کی کسی جانب جزم نہیں کرتے اور قرطبی نے اس قول کو ترجیح دی ہے اور کہا کہ کسی جانب کوئی قطعی دلیل نہیں ہے زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ دونوں گروہوں نے جس سے استدلال کیا ان کی ظاہری عبارات متعارض ہیں اور قابل تاویل نہیں ہیں اور نہ یہ اعمال سے متعلق ہیں جو دلائل وظنیہ پر اکتفا کیا جاسکے بلکہ یہ معتقدات سے ہے اس میں قطعیات ہی اکتفا کرتی ہیں (واللہ اعلم)۔

ایک گروہ کا مذہب یہ ہے کہ دیدار الٰہی دیدہ دل سے کیا ہے نہ کہ چشم سر سے۔ اور دیدہ دل سے مراد نہ علم ہے نہ دانستن۔ کیونکہ یہ تو بروجہ اتم ہمیشہ حاصل تھا۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے رویت کو دل میں پیدا فرمایا جیسا کہ آنکھ میں بینائی پیدا فرمائی۔ لہٰذا دل کا جاننا اور ہے اور دل سے دیکھنا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے دونوں قول کی تطبیق کرتے ہیں کہ اس میں بظاہر اختلاف آنکھ سے دیکھنے میں ہے۔ دل سے دیکھنے میں نہیں ہے۔ اس میں سب متفق ہیں۔

بندہ مسکین (یعنی شیخ محقق) عبدالحق بن سیف الدین خصہ اللہ بمزید صدق والیقین کہتا ہے کہ دلائل واخبار اور آثار پر نظر کرتے ہوئے علماء کا کلام یہی ہے لیکن اتنا خلجان رہتا ہے کہ یہ معراج جو اتم مقامات اور اقصیٰ کمالات حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اور کسی ایک نبی کی شرکت نہیں اور نہ اس مقام میں کسی انسان یا فرشتہ کی گنجائش ہے تو جائے تعجب ہے کہ اس مقام میں لیجایا جائے اور خلوت خاص میں حضوری کرائی جائے۔ اور سب سے اعلیٰ واقصیٰ مطلوب جو کہ دیدار باری تعالیٰ ہے اس سے مشرف نہ کیا جائے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دیدار نہ کرنے پر راضی ہوں۔ اگرچہ کمال بندگی اور حق تعالیٰ کی کبریائی کی سطوت کا ادب اس کا مقتضی ہے کہ سوال نہ کیا جائے اور ذوق کلام سے مست ہوکر خوشی ومسرت کا اظہار کریں۔ اور دیدار کی خواہش نہ کریں۔ جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام نے کیا۔ لیکن کمال محبت ومحبوبیت جو کہ آپ کو جناب قدس سے ہے کہاں باز رکھتا ہے کہ درمیان میں کوئی حجاب باقی رہے۔ اور یہ دولت' طلب سے ہاتھ نہ آئے۔

اہل علم فرماتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کے لیے طلب' سوال اور انبساط' دیدار الٰہی سے مانع رہا۔ کبھی بے مانگے دیا جاتا ہے اور کبھی مانگنے اور چاہنے سے بھی نہیں دیا جاتا۔ نادر بات یہ ہے کہ ایک قوم کہتی ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام طلب کے بعد بھی اس سے محروم رہے تو بیہوش ہو گئے اور اس وقت وہ دیکھا جو ہرگز نہیں دیکھ سکتے تھے۔ یہ جزا ان کی بیتابی اور جلد بازی کی تھی۔ تحقیق یہی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ناکامی کی وجہ یہ تھی کہ ہنوز سید المحبوبین ﷺ کا دیدار نہ کیا تھا اور آپ اس دولت تک پہنچے نہ تھے۔ دوسرے کی کیا مجال کہ طلب کرے اور دیکھ سکے۔ اور خود تمام علماء بھی اس پر متفق ہیں کہ دنیا میں رویت باری ممکن ہے۔ پھر بعد از امکان کیا چیز مانع ہے۔ اور خود یہ مقام معراج درحقیقت عالم آخرت سے ہے۔ اور جو کچھ عالم آخرت میں دیکھنا اور پانا ہوگا وہ اب دیکھ لیا اور پالیا تا کہ خلق کو بحکم عین الیقین دعوت فرما سکیں۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔ مصرعہ از دیدہ بسے فرق بود تا بشنیدہ۔ (واللہ اعلم)

باب ششم

وہ معجزات جو رسول اللہ ﷺ کی صحتِ نبوت اور صداقت رسالت پر دلیل ونشان ہیں

معجزہ خرق عادت کو کہتے ہیں کہ جو مدعی رسالت ونبوت کے ہاتھ سے ظاہر ہوتا ہے جس سے مقصود تحدی ہے۔تحدی کے معنی کسی کام میں برابری کرنا۔اور دشمن کو عاجز کر کے غلبہ حاصل کرنا ہے۔تحقیق یہی ہے کہ معجزہ میں تحدی شرط نہیں ہے۔رسول کریم ﷺ سے ایسے بہت سے معجزے ظاہر ہوئے جس میں تحدی نہیں تھی۔مگر کہتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ اس کی شان سے تحدی ہو۔اس تقدیر پر ''مدعی رسالت سے واقع'' ہونے کی قید کافی ہے۔اور یہ بات مشہور ہے کہ جو کچھ مدعی رسالت سے واقع ہوتا ہے اسے معجزہ کہتے ہیں اور جو کسی غیر نبی سے واقع ہوتا ہے اگر اس کے ساتھ کمال ایمان وتقویٰ اور معرفت واستقامت جسے ولایت کہتے ہیں شامل ہے تو اس کا نام کرامت ہے۔اور اگر کسی عام مومن وصالح سے صادر ہو تو اسے معونت کہتے ہیں اور وہ جو فاسقوں اور کافروں سے صادر ہوتا ہے اسے استدراج کہتے ہیں مگر یہ کہ توبہ واسلام پر منتج ہو۔علم کلام میں معجزات کے ضمن میں بہت بحثیں ہیں اس جگہ اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔اور جتنی اس جگہ ضرورت تھی اسی قدر بیان ہمارا بیان کرنا بہتر ہے۔

تمام انبیاء ومرسلین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامیہ علیہم اجمعین صاحب معجزات ہیں اور کوئی نبی بغیر معجزہ کے نہیں ہے۔اور نبی سیّد عالم ﷺ کے معجزات ان سب سے زیادہ اور وافر واقوی اور روشن واظہر اور مشہور تر ہیں۔اور کلام میں معجزات کی عبارتیں جو کہ دلائل وآیات پر مشتمل ہیں بکثرت واقع ہیں اور نبی کریم ﷺ کی نبوت کے دلائل توریت وانجیل اور دیگر تمام کتب سماوی میں بے شمار خبریں واقع ہوئی ہیں۔ان میں آپ کا ذکر اور مکہ مکرمہ سے ہجرت کا تذکرہ اس کا کچھ حصہ پہلے گزر چکا ہے اور وہ جو امور غریبہ وعجیبہ آپ کی ولادت وبعثت کے دنوں میں ظاہر ہوئے۔مثلاً آثار کفر کا مٹانا' مشرکانہ استھانوں کا ذلیل وخوار ہونا' اہل عرب کے شیون اور ان کی چہ میگوئیاں وغیرہ ان سب کا تذکرہ اپنی جگہ تفصیل سے آئے گا۔چنانچہ اصحاب فیل کا قصہ' فارس کی ہزار سالہ آگ کا ٹھنڈا ہونا' کسریٰ کے محل کے کنگرے گرنا' دریائے ساوی کا پانی خشک ہونا' پجاریوں کا خوابیں دیکھنا' غیبی نداؤں اور آوازوں کا سننا وغیرہ یہ سب آپ کی نبوت وصفات کی علامتیں ہیں۔اور اخبار مشہور میں بوقت ولادت مبارکہ اور شیر خوارگی کے زمانہ سے بعثت وظہور کے وقت تک اور بعد از بعثت غلبہ تصرف کے سلسلہ میں جو عجیب وغریب امور کا ظہور ہوا ان سب کو نقل کیا گیا ہے۔حالانکہ حضور سیّد عالم ﷺ کے پاس اتنا مال نہ تھا جس سے قلوب کو جھکایا جاتا اور لوگ اس کی طمع میں آپ کے گرویدہ ہو جاتے اور نہ قوت وطاقت ہی اتنی تھی کہ ان لوگوں پر قہر وغلبہ حاصل کیا جاتا۔اور جس دین کو آپ نے فرمایا اور جس کی طرف آپ نے ان کو دعوت دی اس کو غالب کرنے کے لیے آپ ﷺ کے پاس نہ لاؤ لشکر تھا اور نہ مال وزر' وہ لوگ سب کے سب بت پرستی اور زمانہ جاہلیت کی رسموں اور عادتوں پر مجتمع ومتفق تھے۔اور دین جاہلیت میں از حد تعصب وتباغض' فسق وفجور اور خونریزی میں انتہائی غلو اور انہماک تھا اور امر خیر میں اتفاق واتحاد مفقود تھا۔اور وہ اپنے ان افعال میں عاقبت کی نظر ڈالتے ہی نہ تھے۔نہ انہیں کسی عذاب وسزا کا خوف تھا اور نہ کسی ملامت وپشیمانی کا ڈر۔ایسے لوگوں کے

احوال وافعال کی حضور سید عالم ﷺ نے اصلاح فرمائی۔ اوران کے دلوں میں باہمی محبت والفت کی لہر دوڑائی اوران سب کوایک کلمہ پر جمع فرمادیا۔ یہاں تک ان کی آراء متفق اوران کے دل مجتمع ہوگئے۔ حتیٰ کہ وہ سب مطیع وفرماں بردار بن گئے۔ اورنصرت میں مختلف لوگ ایک دل ہوگئے۔ اور آپ کے جمال جہاں آراء کی طلعت کے عاشق وفریفتہ ہوگئے۔ اور آپ ﷺ کی محبت میں اپنے شہروں اپنے وطنوں اوراپنے گھروں کوچھوڑ دیا۔ اوراپنی قوم اوراپنے کنبوں سے منہ موڑ لیا۔ اور آپ ﷺ کی نصرت میں اپنے جان ومال کوقربان اور آپ ﷺ کے اعزاز میں اپنی جانوں کوتلواروں کے مقابل کھڑا کردیا اوراس پرطرفہ یہ کہ وہ بے ساز ووسامان تھے نہ ان پر مال نچھاور کیا گیا اور نہ مال ومنال ہی تھا کہ دنیا میں جس کے حصول کے لالچ میں انہیں ڈالا جاتا اوران ممالک وبلاد کا جن کے حاصل کرنے کے لیے اس جہان میں بھیجا گیا تھا۔ انہیں ان کا مالک ومتصرف نہ قرار دیا بلکہ خود ﷺ ان میں تصرف فرماتے غنی کوفقیر بناتے اورشریف کو برابر ومتواضع کرتے تھے۔ کیا ایسی جملہ باتیں اورایسے تمام احوال کسی ایسے شخص میں جمع ہوسکتے ہیں۔ اوراسے اتفاق پڑسکتا ہے جو باختیار عقلی اورتدبیر فکری بہ تکلف ان سب کوانجام دے سکے۔ اوران کی کشود کار کرسکے؟ حالانکہ حضور ﷺ خود یتیم بے زور وزر اور بے مال ومنال اور بے معاون ومددگار اور تنہا تھے۔ لیکن حق تعالیٰ نے آپ ﷺ کوایسی عزت، قدرت، تمکنت، مدد ونصرت اورقوت وشوکت عطا فرمائی کہ آپ ﷺ سب پر غالب رہے۔ اور آپ ﷺ کواختیارات کی مضبوط گرفت عطا فرمائی۔ ''لا واللہ'' قسم ہے خدائے عزوجل کی ان سب کومسخر وگرویدہ بنالیا۔ یہ تمام وہ باتیں ہیں جن میں کوئی عقلمند شک کبھی نہیں کرتا اور کامل یقین سے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ امر الٰہی اورفیض سماوی ہے۔ قوت بشری کے ساتھ اتنی رسائی پانا از روئے عادت عاجز ہیں اور خالق وقوی کے سوا بشر اس پر قادر نہیں۔ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ

اُمی ہونا معجزہ ہے: حضور اکرم ﷺ کی دلائل نبوت میں سے ایک یہ ہے کہ آپ ﷺ اُمی وناخواندہ تھے اور آپ ﷺ خط وکتابت بالکل نہیں جانتے تھے۔ آپ ﷺ اس قوم میں جوتمام کی تمام اُمی، جاہل اوناخواندہ تھی آپ ﷺ ان میں اُمی مولود ہوئے آپ ﷺ کی نشوونما اس شہر میں اوران ہی لوگوں میں ہوئی جن میں گذشتہ علوم کا جاننے والا کوئی بھی نہ تھا اور نہ آپ ﷺ نے کسی ایسے شہر کی طرف سفر ہی فرمایا جس میں جوئی عالم ہوتا اور آپ ﷺ اس سے تحصیل علم کرسکتے اورتوریت انجیل اورگزشتہ امتوں کے اخبار وحالات جان سکتے۔ بلاشبہ ان کتابوں کے بڑے بڑے عالم ایسے گزرے تھے جواپنی اپنی جگہ ان کتابوں کے ماہر وشناور تھے اوران کتابوں کے علماء وعرفاء میں سے چند کے سوا کسی کو باقی نہ چھوڑا، پھران ملتوں کے ہر فریق سے حضور ﷺ نے ایسی حجت فرمائی کہ اگر جہاں بھر کے تمام عالم ونقاد جمع ہوجاتے تو بھی اس کی مثل کوئی دلیل نہ لاسکتے۔ یہ اس امر پر پہلی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کے پاس جو کچھ تھا آپ ﷺ سے اسے خدا کی طرف سے لائے تھے۔ اب تصور کرنا چاہیے اور یہ معلوم ہونا چاہے کہ بغیر تعلیم واکتساب علم آپ ﷺ علم ومعرفت کے جتنے اعلیٰ مقام پر فائز تھے علوم اولین اورآخرین کی رسائی وہاں تک ناممکن ہے۔ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمتہ نے کیا خوب کہا ہے۔ بیت

یتیمے کہ ناکردہ قرآں درست کتب خانہ چند ملت بشست

اور مولانا جامی علیہ الرحمتہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

امی ودقیقہ دان عالم بے سایہ وسائبان عالم

اور یہ بھی دیکھنا چاہیے اورغور کرنا چاہیے کہ وہ لوگ جوجہل ونادانی اورفسق وفجور کے اسفل السافلین میں تھے وہ آپ ﷺ کی صحبت آپ کی خدمت اورآپ ﷺ کی تعلیم وتربیت سے علم وعمل کے اعلیٰ علیین پر پہنچ گئے اور یہ سب کچھ خدا تعالیٰ ہی کی جانب سے تھا۔ اوراگر تم آپ ﷺ کے اخلاق وصفات، کمالات واوضاع اورآداب واطوار میں غور کروگے تو تم سب سے پہلی دلیل یہ پاؤگے کہ

کوئی بشر آپ کی مثل ایسا پیدا نہ ہوا جس نے نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا ہو اور اسی طرح لوگوں کو مسخر کیا ہو تو اب کس چیز میں شک و شبہہ باقی رہتا ہے۔

اعظم معجزات قرآن کریم ہے: آپ ﷺ کے معجزات میں سب سے قوی، روشن اور باقی و مشہور تر، قرآن مجید ہے جو قیامت تک باقی و پائندہ رہے گا۔ قرآن کریم معجزات کثیرہ پر مشتمل ہے بایں حساب کہ ''اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ'' سب سے چھوٹی سورۃ ہے اس میں جتنے معجزات ہیں ان کو کوئی شمار نہیں کرسکتا چنانچہ قرآن کریم کے معجزات کا اس سورۃ سے اندازہ لگاؤ کہ ہر ایک میں کتنے معجزات ہوں گے۔

وجوہ اعجاز قرآن: وصل: قرآن کریم کے وجوہ اعجاز متعدد ہیں ان کے اعجاز کی تفصیلی معرفت، وجوہ اعجاز کی معرفت پر موقوف ہے۔ اور اجمالی طور پر معرفت اعجاز اس طرح ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ نے اس سے تحدی فرمائی اور انہیں اس کے ہم مثل مقابلہ میں ایک سورۃ ہی کے لانے کا چیلنج فرمایا ارشاد ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ — اگر تمہیں شک ہے اس میں جو ہم نے اپنے بندہ خاص پر نازل فرمایا تو اس کی مثل ایک سورۃ ہی لے آؤ۔

چنانچہ لوگ اس کے معاوضہ و مقابلہ میں کچھ پیش کرنے سے عاجز ہو گئے۔

پہلی بحث تو یہی تھی اگر وہ اس کی مثل لانے کی قدرت رکھتے تو وہ ہرگز ان ہلاکتوں میں نہ پڑتے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضور سیّد عالم ﷺ نے اہل عرب پر جو کلام پیش فرمایا وہ اس کی مثل لانے سے عاجز و مجبور رہے۔ کیونکہ وہ کلام دلالت میں مردوں کے زندہ ہونے اور اندھوں اور بہروں کے تندرست ہونے کے سلسلہ میں عجیب و واضح تر ہے۔ اس لیے کہ اہل فصاحت، ارباب بلاغت اور تمام روسائے اہل زبان جو کلام لاتے ہیں وہ کلام مطلب و مفہوم اور لفظ و معنی میں ان کی اپنی جنس سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے باوجود وہ اس کی مثل لانے سے عاجز رہے اور ان کا یہ عجز اس سے کہیں زیادہ عجیب ہے جس نے حضرت مسیح علیہ السلام کو مردے زندہ کرتے اور اندھے اور کوڑھیوں کو تندرست کرتے دیکھا ہے اس لیے کہ دیکھنے والوں کے لیے اس میں کوئی چیلنج نہ تھا اور نہ اس تک پہنچنے کا انھیں کوئی علم ہی تھا۔ لیکن جہاں تک کلام فصیح، بلاغت اور خطابت کا تعلق ہے۔ یہ تو ان کا ہنر اور پیشہ تھا۔ اور اس میں ان کا عاجز ہو جانا مفید صحت رسالت اور یہ حجت قاطع اور برہان واضح ہے اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش ہی نہیں۔

ابوسلیمان خطابی رحمۃ اللہ علیہ جو کہ اعاظم علماء حدیث میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ سیّد عالم ﷺ اپنے زمانے کے لوگوں میں سب سے زیادہ دانا اور عقلمند ہیں بلکہ علی الطلاق قطعی اور حتمی طور پر اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق سے زیادہ عاقل تھے۔ وہ لوگ اس کی مثل لا ہی نہ سکتے تھے۔ لہٰذا اگر آپ کا علم ایسا نہ ہوتا تو بایں سبب کہ یہ خدا کی طرف سے ہے تب بھی آپ ﷺ کی خبر میں یہ خلاف واقع نہ ہوتا۔ اس وقت بھی یہ لوگ آپ ﷺ کی عقل تک نہیں پہنچ سکتے تھے اور یہ تحدی حتمی و قطعی رہتی جیسا کہ فرمایا: وَلَنْ تَفْعَلُوْا (ہرگز ہرگز وہ نہ لاسکیں گے۔) غرضیکہ حضور ﷺ نے انہیں چیلنج دیا اور لوگ معارضہ میں آمنے سامنے آنے سے عاجز رہے۔ اور بوقت مناقضہ، بلاغب میں ان کے قاصر رہنے کا حکم فرمایا حتیٰ کہ انہیں ان کے تمام حمایتیوں سمیت مجتمع ہونے کا موقع دیا۔ لیکن ان میں کوئی بھی ایسا نہ تھا جو معارضہ کے میدان میں اترتا۔ اور اس مقام پر کھڑا ہوتا۔ چنانچہ فرمایا۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ کَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا.

اگر تمام انسان وجنات اس قرآن کی مثل لانے میں اکھٹے ہو جائیں تب بھی اس کا مثل نہیں لا سکتے۔ اگر چہ وہ ایک دوسرے کی مدد کریں۔

حدیث میں آیا ہے کہ ایک دن حضور ﷺ مسجد حرام کے ایک گوشہ میں تنہا تشریف فرما تھے کہ عتبہ بن ربیعہ جو اشقیاء قریش میں سے تھا۔ قریش کی مجلس میں کہنے لگا ''اے گروہ قریش! میں اس شخص (یعنی حضور ﷺ) کے پاس جاتا ہوں اور چند چیزیں عرض کرتا ہوں ممکن ہے ان میں سے کچھ کو قبول کر لیں اور اس کام سے باز آ جائیں اور ہمارا پیچھا چھوڑ دیں۔ قریش نے کہا اے ابوالولید! ٹھیک ہے جاؤ۔'' عتبہ اٹھا اور حضور ﷺ کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ وہ آپ ﷺ سے باتیں کرنے لگا۔ اور اس نے آپ ﷺ کو مال و دولت کا لالچ دیا اس نے کہا آپ ﷺ جو کچھ چاہیں گے حاضر ہے۔'' حضور ﷺ سب کچھ سنتے رہے اس کے بعد فرمایا اے ابوالولید! کیا تو نے اپنی بات ختم کر چکا؟ اس نے کہا ہاں! فرمایا ''اب مجھ سے بھی کچھ سن۔'' اس نے کہا فرمایئے اور جو چاہیے کہیے حضور ﷺ نے پڑھا حم۔

حٰمٓ ○ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ کِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ○ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا

یہ اتارا ہوا ہے بڑے رحم والے مہربان کا۔ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں مفصل فرمائی گئیں عربی قرآن عقل والوں کے لیے خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا۔

الخ عتبہ اسے خاموشی سے کان دھرے سنتا رہا اور اپنے دونوں ہاتھ پس پشت لے جا کر اس پر ٹیک لگائے بیٹھا رہا۔ پھر جب حضور ﷺ تلاوت کرتے ہوئے اس سورۃ کی آیت سجدہ پر پہنچے تو حضور ﷺ نے سجدہ کیا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوالولید! تو نے سنا؟ اس نے کہا ''میں نے اس کلام کو سنا آپ اس میں مشغول رہیے اور کسی سے خوف مت کریئے۔'' اس کے بعد عتبہ اپنی قوم کی طرف لوٹ گیا۔ جب اس کی قوم نے اسے دیکھا تو کہنے لگے خدا کی قسم! عتبہ اترا ہوا منہ لے کر آیا ہے۔'' پھر جب عتبہ بیٹھ گیا تو کہنے لگا ''خدا کی قسم! میں نے آج وہ کلام سنا کہ اس جیسا کلام کبھی نہیں سنا۔ خدا کی قسم! نہ وہ شعر ہے نہ جادو نہ کہانت۔ اے گروہ قریش انھیں اپنے کام میں لگا رہنے دو۔ کیونکہ وہ راستی پر ہیں۔ میں اس کلام کے بارے میں قسم کھا کر کہوں گا کہ اس کی بہت بڑی شان ہے اور بخدا وہ بہت عجیب چیز ہے۔ تم جانتے ہو وہ جو کچھ کہتے ہیں جھوٹ نہیں ہوتا اور وہ جو دعا کرتے ہیں کبھی نامقبول نہیں ہوتی۔ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں عذاب نہ نازل ہو جائے۔ اسے بیہقی وغیرہ نے نقل کیا ہے۔

حدیث میں بسلسلہ اسلام ابوذر رضی اللہ عنہ ہے خود ہونے سے پہلے اپنے بھائی انیس نامی کو حضور اکرم ﷺ کے حالات شریفہ معلوم کرنے اور جستجو کرنے کے لیے بھیجا تھا۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بخدا میں نے اپنے بھائی انیس سے بڑھ کر کسی دوسرے شاعر کو نہ دیکھا اور نہ سنا اس نے بارہ شاعروں کو زمانہ جاہلیت میں شکست دی تھی اور ان میں ایک میں خود تھا۔ چنانچہ وہ مکہ مکرمہ گئے اور مجھ سے رسول اللہ ﷺ کا حال آ کر بتایا میں نے پوچھا ان کے بارے میں کیا کہتے ہیں اس نے کہا کہ لوگوں میں سے کوئی انھیں شاعر کہتا ہے کوئی کاہن۔ خدا کی قسم! میں خود شاعر ہوں اور میں نے کاہنوں کی باتیں بھی سنیں ہیں نہ تو وہ شاعر ہیں اور نہ ہی میں کاہنوں جیسی باتیں ہیں وہ صادق ہیں اور لوگ کاذب۔

اور ولید بن مغیرہ فصاحت و بلاغت میں قریش کا سب سے بڑا ہنر مند تھا اس نے بارہا قرآن کریم سن کر کہا: وَاللّٰهِ اِنَّ لَهٗ لَحَلَاوَةً وَاِنَّ عَلَیْهِ لَطَلَاوَةً خدا کی قسم! اس میں بڑی شیرینی ہے اور اس میں عجیب لذت ہے'' اس میں ایسی رونق و تازگی ہے جو کسی دوسرے

کلام میں نہیں ہے وَاِنَّ اَعْلَاهُ لَمُثْمِرٌ وَاِنَّ اَسْفَلَهُ لَمُغْدِقٌ. یقیناً اس کا بالائی حصہ پھل دار ہے اور اس کا نچلا حصہ سیراب ہے۔ وَمَا هُوَ قَوْلُ الْبَشَرِ. اور وہ انسان کا کلام نہیں ہے۔ وَاِنَّهُ لَيَعْلُوْا وَلَا يُعْلٰى. بلاشبہ وہ بلند ہوگا اور کوئی چیز اس پر غالب نہ ہوگی۔ اور ابن ولید اپنی قوم سے کہتا تھا کہ خدا کی قسم! تم میں کوئی بھی مجھ سے زیادہ تمہارے شعروں کا جاننے والا نہیں۔ اور نہ جنات کے شعروں کا جاننے والا ہی ہے۔ خدا کی قسم! جو کچھ وہ بیان فرماتے ہیں ان سے بہتر کسی کا کلام نہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حج کا ایک سال تھا اور قریش کے تمام قبیلے آئے ہوئے تھے۔ اس وقت ولید بن مغیرہ نے کہا کہ عرب کے تمام وفود آئے ہوئے ہیں۔ توقع ہے کہ سب کے سب ایک رائے پر مجتمع اور متفق ہو جائیں اور ایک دوسرے کی تکذیب اور باہمی اختلاف رائے نہ کریں لوگوں نے کہا ''ہم سب متفقہ طور پر کہیں گے کہ وہ کاہن ہیں۔'' ولید بن مغیرہ نے کہا خدا کی قسم! نہ تو وہ کاہن ہیں اور نہ ان میں کاہنوں کی مانند گنگناہٹ اور سجع ہے۔ پھر لوگوں نے کہا کہ ''ہم انہیں دیوانہ کہیں گے۔'' اس نے کہا ''خدا کی قسم! نہ وہ مجنون ہیں اور نہ دیوانے' وہ تو لوگوں میں سب سے زیادہ عقلمند ہیں۔ پھر وہ کہنے لگے کہ ہم انھیں شاعر کہیں گے۔ اس نے کہا وہ شاعر بھی نہیں۔ ہم شعر اور اس کے اقسام کو جانتے ہیں اور رجز' ہزج' فرض' مبسوط اور مقبوض کو خوب پہچانتے ہیں۔'' پھر لوگوں نے کہا ہم کہیں گے کہ وہ ساحر یعنی جادوگر ہیں اس نے کہا خدا کی وہ جادوگر بھی نہیں ہیں وہاں جھاڑ پھونک اور گنڈا تعویذ نہیں ہے۔ اور کہا تم انھیں جو کچھ بھی مذمت میں کہو گے ہم جانتے ہیں کہ وہ باطل ہے اسے ابن اسحاق اور بیہقی نے بیان کیا ہے۔

بعض اہل علم کہتے ہیں کہ یہ قرآن اگر کسی جنگل و بیاباں میں کتابی شکل میں لکھا ہوا پایا جائے اور کوئی نہ جانے کہ کس نے رکھا ہے اور کون لایا ہے تو تمام عقل سلیم اور فہم مستقیم گواہی دیں گے۔ یہ خدائے عزوجل کے حضور سے نازل کیا ہوا ہے اور کسی بشر کو اس کی تالیف پر قدرت نہیں ہے اور جب صادق العقول اور متقی لوگوں کے ہاتھوں میں آئے تو وہ کہیں گے کہ یہ خدا کا کلام ہے اور اس میں لوگوں کو تحدی اور چیلنج کیا گیا ہے کہ اس کی مانند ایک سورۃ ہی بنا کر لے آئیں اور سب عاجز رہیں گے۔ اب اور شک وشبہ کی کون سی گنجائش ہے۔ اعجاز قرآن کی معرفت میں یہ اجمالی وجوہ ہیں۔ اور اس پر آسان طریقہ ہے اور اس تحدی میں عالم و جاہل سب شریک ہیں اور اس روش سے جو مناسب ہے جو یہ کہتے ہیں کہ قرآن کی قرآنیت کا ثبوت' نبی کریم ﷺ کے ارشاد سے ہے اور نبی کریم ﷺ کی نبوت کا ثبوت دوسرے معجزات سے ہے۔

اب رہے دوسرے تفصیلی طریقے' جس میں اعجاز قرآن کا اثبات ہے۔ مثلاً فصاحت' بلاغت عجیب وغریب اسلوب بیان اور غیبی خبریں دینا وغیرہ۔ یہ دوسری روش کے ساتھ مناسب ہے جو کہتے ہیں کہ اعجاز قرآن اعجاز قرآن کا ثبوت ان وجوہ سے ہے ایسا اثبات ان علماء کے ساتھ مخصوص ہے جو فصاحت و بلاغت کے معنی جانتے اور پہچانتے ہیں۔ لیکن معرفت اعجاز کے اقسام متعدد ہیں۔ اول ایجاز یعنی مختصر الفاظ اور معانی بیشمار اور بلاغت ہے جیسا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ. اور تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے۔'' ان دو کلموں میں جو گنتی کے صرف دس حرف ہیں معانی کثیرہ جمع کر دیئے ہیں۔

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک بدوی نے کسی سے سنا کہ اس نے پڑھا ''فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ'' تو وہ سجدہ میں گر گیا اور کہنے لگا میں اس کلام کی فصاحت کو سجدہ کرتا ہوں۔ ایک اور بدوی نے کسی دوسرے شخص سے سنا کہ اس نے: فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا جب اس سے وہ سب مایوس ہو گئے تو انہوں نے اس سے کنارہ کیا۔'' تو اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی مخلوق اس کی مثل لانے پر قادر نہیں ہے۔

بیان کرتے ہیں کہ سیّدنا عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ ایک دن مسجد میں لیٹے ہوئے سو رہے تھے تو اچانک ایک ایلچی روم کے حاکموں کی

طرف سے آپ کے سرہانے کھڑا ہوگیا اور دیکھتے ہی حق کی گواہی دینے لگا۔ یہ ایلچی عربی زبان کو خوب جانتا تھا اس نے کہا کہ میں نے مسلمان قیدیوں میں سے ایک قیدی سے تمہارے قرآن کی ایک آیت پڑھتے سنی ہے پھر میں نے اس پر خوب غور کیا تو میں نے دیکھا اس میں تمام وہ جو حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام پر دنیا و آخرت کے سلسلے میں اتری ہیں ان سب کو باوجود اختصار کے ایک آیت میں جمع کر دیا گیا ہے وہ آیت یہ ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ.

اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے اور اس سے تقویٰ کرے تو یہی لوگ فائز المرام ہیں۔''

اصمعی سے ایک حکایت منقول ہے کہ انہوں نے ایک لڑکی کو غایت فصیح کلام کرتے سنا تو انہوں نے اس کی فصاحت پر اظہار تعجب کیا۔ اس پر اس لڑکی نے کہا کیا تم مجھے اس کلام الٰہی کے بعد فصیح خیال کرتے ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ○

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو وحی کی کہ اسے جنو۔ پھر جب تم خطرہ محسوس کرو تو (صندوق) میں بند کر کے دریائے نیل میں بہا دو تم نہ تو خوف کرو اور نہ غم کرو۔ ہم اسے تمہاری طرف لوٹا دیں گے اور اسے بنائیں گے رسولوں میں سے۔

اس ایک آیت میں دو حکم، دو نہی، دو خبر اور دو بشارتیں جمع فرمائی گئی ہیں۔ اسی طرح حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِىْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِىٌّ حَمِيْمٌ○

اسے خوب اچھی طرح سے دور کرو پھر جب وہ تمہارے اور اس کے درمیان عداوت ہو گویا کہ وہ ولی حمیم ہے.....

اسی طرح یہ ارشاد کہ: يٰٓاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ اے زمین اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان پھٹ جا۔'' اس قسم کی بے شمار آیتیں ہیں جو اختصار و ایجاز الفاظ رکھنے کے باوجود معانی کثیرہ، مفاہیم عظیمہ، حسن ترکیب الفاظ اور اتصال کلمات کے حامی ہیں۔ اسی طرح ان طویل قصوں اور قرآن میں سابقہ کی خبروں کے بیان کا حال ہے۔ جن سے فصحائے کلام کی عادت میں سستی واقع ہو جاتی ہے۔ مثلاً حضرت یوسف علیہ السلام کا وہ طویل قصہ ہے جسے قرآن پاک نے بیان فرمایا کہ کس حسن و خوبی کے ساتھ باہم کلمات کا ارتباط و التیام اور عبارت میں روانی اور دلائل کا وہ سیل رواں ہے جو غور و فکر کرنے والوں اور ارباب فہم و بصیرت کے لیے عبرت و ندرت کا مقام ہے۔ اس قسم کے اعجاز کا دریافت کرنا اہل عرب کے سلیقے اور ان کے ذوق پر موقوف ہے اور ان کے کلام کا ماہر اور زبان داں ہونا شرط ہے۔ اگرچہ زبان عربی کے ماہروں نے اس فن میں علوم منضبط کیے اور کتابیں مدون کی ہیں۔ ان سب کے باوجود عرب کے جاہلوں، ان کی عورتوں اور غلاموں میں جو ان کا اپنا خاص ذوق و وجدان اور سلیقہ پایا جاتا ہے وہ غیر عرب کے علماء فن، مردان روزگار اور بزرگان ملت میں پایا جانا ممکن ہی نہیں۔

اور جو اعجاز کی دیگر قسمیں مثلاً نظم عجیب و اسلوب غریب کی صورت جو کہ فواصل و قواطع مخالف اور تمام کلام عرب کے مبائن ہے اور ان کی نظر و نثر، خطابات و اشعار اور ارجاز و اسجاع کے طریقے جو ان کے روزمرہ کے معمولات ہیں۔ ان اعتبارات سے قرآن پاک کا ایک خاص زائد وصف ہے جو اہل عرب کے کلام سے ممتاز ہے اور یہ قرآن اہل عرب کے کلام میں نہ تو مختلط ہوتا ہے نہ مشتبہ۔ باوجودیکہ قرآن کے کلمات و حروف انہیں کے کلام کی جنس سے ہیں جو وہ اپنے نظم و نثر میں استعمال کرتے ہیں۔ یہی وہ مسئلہ ہے جس سے ان کے عقلاء حیرت زدہ ہیں اور ان کے خطباء و بلغاء متحیر و سرگرداں ہیں۔ وہ اپنے کلام کی جنس میں اس جنس جیسی خوبیاں پیدا کرنے کی راہ نہیں

پاتے۔اور حق تعالیٰ کے دلائل قاہرہ اور براہین ساطعہ وباہرہ کے ظہور کی بناء پر ان سے معارضہ اور مقابلہ کرنے کی طاقت پاتے ہی نہیں۔لہٰذا جب ولید بن مغیرہ نے حضور ﷺ سے قرآن کریم سنا تو اس کا دل پگھل گیا اور اس کا اسے اعتراف کرنا پڑا۔اس کے بعد اس کے پاس ابوجہل آیا اور اسے سخت وست کہنے لگا اس پر بھی وہ انکار نہ کرسکا۔یہی حال تمام اشقیاء قریش کا تھا۔باوجود یکہ وہ بلاغت وفصاحت کی صنعتوں کے حاذق وماہر اور عارف تھے۔وہ سب اسلوب کلام اور طرز بیان سے متحیر ہوکر رہ گئے اور انہیں اعتراف کرنا پڑا۔بعض مغرور ونادان لوگوں کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے اس کا مقابلہ کرنا چاہا مگر وہ ذلیل ورسوا ہوکر رہ گئے۔جیسے یحییٰ بن غرائی چہ بلاشبہ اپنے زمانے میں بے نظیر فصیح وبلیغ تھا اس نے قرآن سے مقابلہ کرنے کا ارادہ کیا اور سورہ اخلاص پر نظر ڈالی۔اور قصہ کیا کہ اس کی مثل کوئی عبارت بنائے۔چنانچہ اس کوشش میں اس نے بڑی سختی ومشقت اٹھائی۔مگر قادر نہ ہوسکا پھر اس میں ہیبت وخشیت الٰہی طاری ہوگئی۔اور اس ارادہ سے توبہ کرلی۔حالانکہ اس نے اپنے زمانے میں مقفی ومسجع اور افصح کلام بنایا تھا اور اس نے اپنے اس کلام کا نام قرآن کی سورتوں کے طرز پر ''مفصل'' رکھا تھا۔وہ ایک دن بچوں کے مکتب کی طرف گزرا اس وقت بچے یہ آیت پڑھ رہے تھے: قِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآئَكِ. کہا گیا اے زمین اپنا پانی نگل لے'' تو وہ لوٹ کر گھر آیا اور اس نے اپنے لکھے ہوئے کو تلف کردیا۔اور کہنے لگا خدا کی قسم! میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کلام کا کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا۔یہ انسان کا کلام نہیں ہے۔

وجوہ اعجاز قرآن کی تیسری صورت یہ ہے کہ ان غیبی خبروں پر متضمن ومشتمل ہے جو نہ واقع ہوئیں اور نہ رونما ہوئی تھیں۔لیکن جب وہ واقع ہوئیں تو اس طرح وارد ہوئیں جس طرح ان کی خبریں دی گئیں تھیں۔مثلاً اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد:

لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ. ضرور بالضرور انشاء اللہ مسجد حرام میں امن وامان کے ساتھ داخل ہوں گے۔

اور حق تعالیٰ کا یہ ارشاد:

وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ اور وہ اپنے غلبہ کے بعد بہت جلد مغلوب ہوں گے۔

اور اس کا یہ ارشاد کہ:

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ. تاکہ وہ تمام دینوں پر اسے غالب فرمائیں۔

اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ: وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ اور اللہ نے تم میں سے ایمانداروں اور عمل صالح کرنے والوں سے وعدہ فرمایا کہ وہ زمین میں تمہیں خلیفہ بنائے گا'' اور یہ فرمایا کہ:

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ. اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۝ جب اللہ کی مدد اور فتح آئے گی۔الخ اور اس کا یہ فرمان کہ: بلاشبہ قرآن کو ہم نے ہی اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت فرمانے والے ہیں۔

چنانچہ یہی ہوا کہ بے شمار اعداء وملاحدہ اور معطلہ وقرامطہ نے مجتمع ہوکر مکر وحیلہ اور قوت وطاقت سے کوششیں کیں کہ قرآن کے نور کو بجھادیں مگر وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوئے اور اس کے کلمات میں سے ایک کلمہ میں بھی تغیر پیدا نہ کرسکے اور مسلمانوں کو اس کے کسی حرف کے بارے میں شک میں مبتلا نہ کرسکے۔اور فرمایا کہ:

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۝ بہت جلد یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

اور اس کا ارشاد:

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ. ان سے جنگ کرو اللہ تمہارے ہاتھوں سے ان پر عذاب فرماتا ہے۔

اوراس کا یہ ارشاد کہ: وَلَا یَتَمَنَّوْنَهٗ اَبَدًا. (وہ اس کبھی بھی آرزو نہ کریں گے) اور فرمایا: وَلَنْ تَفْعَلُوْا (وہ ہرگز ہرگز ایسا نہ کرسکیں گے۔) اس قسم کے بے شمار آیات واخباء ہیں۔

وجوہ اعجاز قرآن میں چوتھی صورت میں گذشتہ لوگوں کے وہ واقعات وحوادث ہیں جنھیں کچھ لوگ تو جانتے تھے اور بہت سے نہیں جانتے تھے۔ جیسے اصحاب کہف کا قصہ اور حضرت موسیٰ اور خضر علیہما السلام کی شان اور حضرت ذوالقرنین کے احوال اور حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کا قصہ اور حضرت لقمان اور ان کے بیٹوں کا قصہ اور دیگر انبیاء علیہم السلام کے ان کے ساتھ قصے اور اس قسم کی بے شمار وہ خبریں جو گذشتہ زمانوں اور پچھلی امتوں اور ان کی شریعتوں اور اگلے پچھلے علوم سے متعلق ہیں ان واقعات کو اہل کتاب میں سے وہی لوگ جانتے ہیں جن کی عمریں اس قسم کی تحصیل میں کٹی تھیں۔ ان واقعات کو قرآن میں ایسے طریقے پر لایا گیا اور انہیں اس انداز سے بیان کیا گیا کہ ان لوگوں کو اس کے صدق وصحت کا اعتراف کرنا پڑا۔ درآں حالیکہ وہ اس بات سے بخوبی واقف تھے کہ حضور ﷺ اُمی ہیں جنہوں نے پڑھنا لکھنا نہ تو سیکھا اور نہ کسی مدرسے میں درس وتدریس کی اور نہ ان کی مجلسوں میں شمولیت فرمائی وہ ان کے سامنے سے کبھی باہر نہ گئے اور اس کے باوجود وہ خبریں بیان فرماتے ہیں جو توریت وانجیل اور صحف ابراہیم وموسیٰ اور دیگر انبیاء علیہم السلام میں ہیں۔ وجوہِ اعجاز قرآن میں یہ چار صورتیں خوب ظاہر ہیں نہ اس میں کوئی خفا ہے نہ شک وشبہ اور نزاع وجدال کی گنجائش ہے اس کے سوا جو اور وجوہات اعجاز ہیں وہ از قبیل صفات قرآن ہیں جن کو علماء بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ قرآن ممتاز ومنفرد ہے اس کے ساتھ کوئی کلام مشارکت نہیں رکھتا۔ ان میں سے ایک صفت تو یہ ہے کہ بوقت سماع قرآن' سننے اور سنانے والوں کے خوف وہیبت پیدا کرتا ہے اور تلاوت کے وقت قاریوں پر ایک رعب طاری ہوتا ہے اور یہ کیفیت کافروں اور جھٹلانے والوں پر بہت زیادہ ہوتی ہے اور اس کا قہر وجلال ان پر بہت زیادہ غالب آجاتا ہے۔ اس کیفیت میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ جھٹلانے والوں اور منکروں پر اس کا سننا بھاری ہوتا ہے اور اس سے ان میں اور نفرت بڑھتی ہے۔ اور ان کے سینے تنگ ہوجاتے ہیں۔ وہ اس سے دور رہنے کو پسند کرتے اور اس کے سننے کو ناپسند کرتے ہیں۔ مومن ومصدق کے دل میں بھی اس کی ہیبت اور دبدبہ جاگزیں ہوجاتا ہے اور اس کا ذوق شوق بڑھتا ہے اور اس کا باطن' انجذاب' خفت' راحت اور انشراح کے حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کی یہ انجذاب وکشش کی کیفیت' اس کے میلان' محبت قلبی اور تصدیق کی بنا پر ہوتی ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ (قرآن سے ان لوگوں کے جسموں کے بال کھڑے ہوجاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں) اور فرمایا: ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ (پھر ان کے اجسام اور قلوب ذکر الٰہی کی طرف جھک جاتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ (اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو تم اسے خشیت الٰہی سے جھکتا اور کانپتا دیکھتے۔) یہ آیت کریمہ دلالت کرتی ہے قرآن کریم کی خاصیت وطبیعت عظیم ہے اگرچہ سننے والا اہل علم وفہم سے نہ ہو اور وہ اس کے معنی وتفسیر کو نہ جانتا ہو اس حالت کا صحیح مشاہدہ عورتوں سے اور جاہل عوام ہوتا رہتا ہے۔ وہ اس کے سننے ہی سے کافی متاثر ومتنبہ ہوتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ کلام' دوسرے کلاموں کی مانند نہیں ہے۔ ایک حکایت میں ہے کہ ایک نصرانی کا قاری پر گزر ہوا۔ تو وہ کھڑا ہوگیا اور رونے لگا۔ لوگوں نے اس سے پوچھا' اس چیز نے تمہیں رُلایا حالانکہ تم اس کا مفہوم تک نہیں جانتے۔ اس نے کہا میں اس اسلوب کلام کی لطافت سے رونے لگا۔ اس کے سننے سے عجیب لطف وسرور حاصل ہوتا ہے۔

سماعت قرآن کریم کا یہ رعب وہیبت' اسلام وایمان لانے سے پہلے ایک جماعت پر بھی طاری ہوا تھا جس سے وہ بے توقف ومہلت اس وقت ایمان لے لائے تھے چنانچہ حضرت جبیر بن مطعم سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو نماز مغرب

میں سورہ طور کو تلاوت کرتے سنا۔ پھر جب حضور اس آیت پر پہنچے۔

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخَالِقُوْنَ ○ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ○ کیا وہ کسی اصل سے نہ بنائے گئے یا وہی بنانے والے ہیں۔

اسے سن کر قریب تھا کہ میرا دل نکل پڑے اور میری جان باہر آ جائے۔ میرا یہ حال اس وقت ہوا تھا جب کہ سب سے پہلے ایمان نے میرے دل میں اثر کیا تھا۔ اور عتبہ بن ربیعہ نے سیّد عالم ﷺ سے ''سورہ حم السجدہ'' کو سنا تو وہ مدہوش اور متاثر ہو گیا۔ پھر جب وہ اپنی قوم میں گیا تو کہنے لگا خدا کی قسم! میں نے (حضور سیّد عالم) محمد مصطفیٰ ﷺ سے وہ کلام سنا ہے جس کی مانند آج تک میں نے کوئی کلام نہ سنا۔ مجھ میں طاقت گویائی نہیں کہ کس طرح اس کی توصیف کروں۔ لیکن وہ کفر پر ثابت قدم رہا۔ ایمان نہ لایا بلکہ اس کا انکار وعناد اور زیادہ بڑھ گیا اس سے یہ معلوم ہوا کہ ایمان عطائے باری تعالیٰ ہے۔ علم ودانش اس میں کفایت نہیں کرتا اور: يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا اَنْفُسُهُمْ (وہ آپ کو اپنے بیٹوں سے زیادہ جانتے ہیں اس کے باوجود وہ اس کا انکار کرتے ہیں) اس کی دلیل ہے۔

وجوہات اعجاز قرآن میں سے ایک وجہ اعجاز یہ بھی ہے کہ قاری قرآن اکتاتا نہیں اور سننے والا اسے ناپسند نہیں کرتا۔ بلکہ یہ حلاوت، چاشنی، سرور، محبت، تروتازگی اور لذت کو بڑھاتا ہے اور تنہائی میں اس سے لذت اور اس کی تلاوت سے انس محسوس کرتا ہے۔ یہ کیفیت ہر حال میں ہے۔ بخلاف دوسرے کلاموں کے اگرچہ وہ حسن وبلاغت میں کتنے ہی بلند پایہ ہوں مگر ان کی تکرار ناپسند معلوم ہوتی ہے۔ جیسا کہ تجربہ شاہد ہے یہ سب ایمان ومحبت کی شرط کے ساتھ ہے لیکن کفار، منافقین اور اعداء: فَلَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا خَسَارًا (تو ان کو سوائے خسارہ کے کچھ نہیں بڑھتا)۔

وجوہات اعجاز قرآن میں سے ایک وجہ اعجاز یہ بھی ہے کہ قرآن میں ان علوم ومعارف کو جمع کیا گیا ہے جو عرب میں معمول نہ تھے۔ اور قبل از نبوت حضور ﷺ کو بھی ان کی معرفت نہ تھی اور پچھلی امتوں کے علماء میں سے کسی ایک نے بھی نہ انہیں قائم کیا اور نہ ان کا احاطہ کیا اور ان کی ایک کتاب بھی ان علوم ومعارف پر مشتمل نہ تھی چنانچہ علم شرائع، محاسن آداب وشیم، مواعظ وحکم، سیر انبیاء وامم اور آخرت کے اخبار وآثار کو بروجہ اکمل واتم جمع فرما کر حق تعالیٰ جل جلالہ وعز اسمہ کی توحید اور صانع عالم کے صفات کمال پر حجج عقلیہ، براہین یقینیہ اور ادلہ مبینہ کے طریقہ پر تنبیہ فرمائی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ (ہم نے کسی چیز کو قرآن میں بیان سے نہ چھوڑا'') وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ (اور ہم نے آپ پر ہر چیز کا خوب واضح بیان کرنے والا قرآن اتارا)

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ (اور بیشک ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر ایک مثل بیان فرمائی۔) اور فرمایا: اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ. (بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کے وہ واقعات بیان فرماتا ہے جن سے ان کے اکثر لوگ اختلاف کرتے ہیں) اور فرمایا: هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ هُدًى (یہ لوگوں کے لیے بیان وہدایت ہے۔)

سب سے عجیب وغریب بات یہ ہے کہ قرآن کریم میں دلیل ومدلول دونوں جمع کیے گئے ہیں۔ اس لیے نظم قرآن اور اس کے حسن وصف وبلاغت کے ساتھ احتجاج واستدلال کیا جاتا ہے اور اسی کے درمیان اس کا حکم، اس کی ممانعت اور وعد ووعید کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ چنانچہ ایک جملہ غور وفکر کرنے والا جب اس بارے میں سوچتا ہے اور اس سے حجت حاصل کرتا ہے تو ساتھ ہی ایک ہی کلام میں حکم بھی معلوم لیتا ہے۔

انہیں وجوہات اعجاز میں ایک یہ ہے کہ قرآن کریم کو حق تعالیٰ نے نظم کے پیرایہ میں رکھا ہے نہ کہ نثر کے۔اس لیے منظوم نفوس پر زیادہ آسان' دلوں کو کھینچنے والا' کانوں کو سبکتر' اور فہموں پر زیادہ مرصع ہے اس کی جانب طبیعتیں مائل ہوتیں اور خواہشیں دوڑتی ہیں۔

انہیں وجوہات اعجاز میں ایک یہ ہے کہ قرآن کریم کو حق تعالیٰ نے متعلموں اور حافظوں پر اس کا حفظ کرنا آسان وسہل فرمایا ہے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ. اور ہم نے یاد کرنے کے لیے قرآن کو آسان بنایا۔

پچھلی امتیں اپنی کتابوں کو یاد نہیں کرتی تھیں۔بجز ایک دو شخص کے۔چہ جائیکہ جماعت کثیرہ یاد کرے۔باوجود دراز عمر اور مرور سنین کے' اور بچوں اور علماء کے لیے مختصر مدت میں اس کا حفظ کر لینا سہل وآسان ہے۔

انہیں وجوہات اعجاز میں سے یہ ہے کہ قرآن کریم کے اجزاء ایک دوسرے سے مشاکلت رکھتے ہیں اور انواع واقسام کے مضامین باہم پیوست ہیں اور نہایت حسن وخوبی کے ساتھ ایک قصہ سے دوسرے قصہ کی طرف اور ایک جملہ سے دوسرے جملہ کی طرف باوجود اختلاف معانی کے بدلتے چلے جاتے ہیں۔اور ایک ہی سورۃ میں' امر نہی' خبر' استخبار' وعد' وعید' اثبات نبوت وتوحید اور ترغیب وترہیب وغیرہ مضامین بغیر اس کے کہ ان کو فصلوں میں تقسیم کیا جائے موجود ہے۔اور اگر کسی اور کلام فصیح میں۔اس قسم کے اختلاف مضامین لاحق ہوں تو یہ اسے فصاحت کے ضعف کی طرف لے جاتا ہے اور اس کی روانی کو کمزور اور سست کر دیتا ہے۔اور الفاظ کا تسلسل ختم ہو جاتا ہے۔اور عبارتیں متزلزل ہو جاتی ہیں مگر قرآن پاک میں یہ انداز بیان نرالا ہی حسن وخوبی بڑھاتا اور اس کی شان کو دوبالا کرتا ہے۔

اور انہیں وجوہ اعجاز میں سے یہ ہے کہ اس کی آیتیں باقی رہنے والی ہیں۔اور حق تعالیٰ نے خود اس کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔جیسا کہ فرمایا: نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ہم ہی نے قرآن اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت فرمانے والے ہیں۔حالانکہ دوسری کتابوں کی حفاظت رہبان واحبار کے سپرد کی گئی یقیناً انہوں نے اس میں تغیر وتبدل اور تحریف اور تصرف کیا۔حق تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ کوئی باطل اس میں نے سامنے سے نہ پیچھے سے آسکے گا۔انبیاء علیہم السلام کے تمام معجزات اپنے اوقات وزمانہ گزارنے کے بعد منقضی اور ختم ہو گئے اور ان میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہا۔لیکن قرآن کریم حضور ﷺ کا وہ معجزہ جس کی آیتیں روشن ہیں۔جس کے معجزات ظاہر اور آج تک کہ ایک ہزار پینتیس سال گزر چکے ہیں (یہ مدراج النبوۃ کی تالیف کا سن ہے) باقی ہیں۔ہر زمانہ میں اہل بیان' ماہرین زبان' ائمہ بلاغت' شہسوار خطابت اور ملاحد واعدائے دین دنیا میں موجود رہے۔لیکن قرآن کے معارضہ ومقابلہ میں کوئی چیز نہ لا سکے۔البتہ! اس کے مناقضہ میں کوئی تالیف پیش نہ کر سکے۔اور نہ ہی طعن صحیح وقدح صریح پر قادر ہو سکے بلکہ جس نے بھی ایسا ارادہ کیا وہ عاجز ہو کر رہ گیا۔اور میدان چھوڑ بھاگا۔قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اعجاز قرآن میں ائمہ کرام نے وجوہ کثیرہ بیان کیے ہیں۔لیکن ان میں سے اکثر اس کی بلاغت وفصاحت ہی کی طرف راجع ہیں لیکن ہر شخص کا فصاحت وبلاغت میں ماہر ہونا واجب نہیں ہے۔ہر ایک نے وجہ منفرد اور علیحدہ باب اختیار فرمایا ہے مگر فنون بلاغت اور حقیقت اعجاز کے ذکر کا مقصد وہی چار وجوہ ہیں جن کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ان کے ماسوا قرآن کے خواص اور اس کی صفات کے عجائب ہیں۔(وباللہ التوفیق)۔

معجزہ شق قمر: وصل: تمہیں معلوم ہو چکا کہ حضور سید المرسلین' خاتم النبیین ﷺ کے معجزات میں سے سب سے عظیم واعلیٰ معجزہ قرآن مجید ہے لیکن چاند کے ٹکڑے کرنا' پانی کا چشمہ بہانا' کھانے کو زیادہ کرنا اور جمادات کا بولنا وغیرہ بھی عظیم معجزے ہیں۔ان میں سے بعض معجزے تو حد تواتر وشہرت تک پہنچ گئے ہیں اور بعض معجزے اگرچہ خبر واحد سے ہیں۔لیکن تعدد طرق واسناد سے منجر بحد تواتر

ہیں۔حضور ﷺ کے کچھ معجزے تو قبل از زمان بعثت ظاہر ہوئے جنہیں ''ارہاصات'' کہا جاتا ہے۔ارہاص کے معنی بنیاد رکھنے کے ہیں۔گویا وہ نبوت ورسالت کے تاسیس کے حکم میں ہیں۔اور کچھ معجزے زمانہ اظہار نبوت میں ظاہر ہوئے۔معجزے کی ایک اور قسم بھی ہے۔یہ بعد از رحلت ظاہر ہوتے رہتے ہیں جیسے اولیائے کرام کی کرامات وغیرہ۔کیونکہ یہ سب حضور ہی کے معجزے ہیں اور وہ آپ کی نبوت کی صحت اور آپ کی رسالت کی صداقت پر دلالت کرتے ہیں۔

لیکن شق قمر یعنی چاند کا ٹکڑے کرنا معجزات میں روشن وتابندہ تر ہے کیونکہ اس سے عالم علوی میں تصرف فرمایا گیا ہے۔جو کسی نبی سے واقع نہیں ہوا۔یہ معجزہ قرآن کریم میں بھی بیان کیا گیا ہے چنانچہ فرمایا:اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ (قیامت قریب آ گئی اور چاند ٹکڑے ہوگیا)اس آیت کریمہ کا اشارہ دنیا میں اسی واقعہ کی طرف ہے۔اور مفسرین اس کی یہی تفسیر کرتے ہیں۔رہا اس کا روز قیامت انشقاق پر محمول کرنا تو اس کا رد اللہ تعالیٰ کے اس قول سے کر دیتے ہیں کہ:وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (اگر وہ کسی نشانی کو دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو پرانا جادو ہے)اس لیے کہ کفار ''سحر مستمر'' روز قیامت کے لیے نہیں کہتے۔

یقیناً حدیث شریف میں آیا ہے کہ سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں چاند کے دو ٹکڑے ہوئے ایک ٹکڑا پہاڑ کے ادھر اور دوسرا ٹکڑا پہاڑ کے نیچے تھا۔اس روایت کو صحابہ کرام کی جماعت کثیرہ نے نقل فرمایا ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ کفار قریش نے حضور ﷺ سے معجزہ طلب کیا اور کہنے لگے اگر صادق ہو تو چاند کے دو ٹکڑے کر دو؟'' حضور ﷺ نے چاند کی جانب اشارہ فرمایا وہ دو ٹکڑے ہوگیا اور لوگوں نے کوہ حرا کو دونوں ٹکڑوں کے درمیان دیکھا پھر حضور ﷺ نے فرمایا ''اشہدو'' گواہ رہو۔اس پر کفار کہنے لگے۔بلاشبہ ابن ابی کبشہ نے تم پر جادو کیا ہے ان میں سے ایک نے کہا اگر وہ جادو کر سکتے ہیں تو تم پر کر سکتے ہیں۔تمام روئے زمین والوں پر تو جادو نہیں کر سکتے چنانچہ جب آفاق سے مسافر وہاں آئے اور انہوں نے چاند کے ٹکڑے ہونے کی خبر دی تو ابو جہل علیہ اللعنۃ نے کہا''هٰذَا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ'' یہ پرانا جادو ہے۔''

ابن عبدالبر جو اکابر علماء حدیث سے ہیں فرماتے ہیں کہ چاند کے ٹکڑے ہونے والی حدیث کو صحابہ کرام کی جماعت کثیرہ نے اور اسی طرح تابعین کی جماعت کثیرہ روایت کرتی ہے اور ان سے ایک جم غفیر نے اسی طرح ہم تک یہ روایت پہنچی اور آیہ کریمہ نے اس کی تائید فرمائی۔انتہی۔

اسی طرح متقدمین ومتاخرین کی حدیث کی کتابیں بکثرت طرق اور متعدد اسانید سے مملو اور بھری ہوئی ہیں۔

مواہب لدنیہ میں منقول ہے کہ علامہ ابن سبکی رحمتہ اللہ مختصر ابن حاجب کی شرح میں فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ انشقاق قمر یعنی چاند کے ٹکڑے ہونا متواتر ہے اور قرآن میں منصوص علیہ ہے اور صحیحین وغیرہما میں بطرق کثیرہ صحیحہ مروی ہے جس کے تواتر اور اس کی صحت میں شک نہیں کیا جا سکتا۔البتہ! اس معجزہ کا بعض مبتدعہ نے انکار کیا ہے۔یہ ملت کے ان مخالفوں کی راہ میں موافقت میں ہے جو کہتے ہیں کہ اجرام علویہ خرق والتیام کو قبول نہیں کرتے۔اور ملت کے متبعین کے علماء اس بارے میں فرماتے ہیں کہ اس میں عقلاً کوئی استحالہ نہیں ہے۔اس لیے کہ چاند وسورج خدا کی مخلوق ہیں وہ جو چاہے اس میں کرتا ہے جیسے کہ نصوص میں احوال قیامت کے ضمن میں مذکور ہے۔

اب رہا بعض ملحدوں کا یہ کہنا کہ اگر اس معجزہ کی حدیث بطریق تواتر واقع ہوتی تو اس کی معرفت میں روئے زمین کے تمام لوگ شریک ہوتے اور یہ اہل مکہ کے ساتھ مخصوص نہ ہوتے۔اس لیے کہ یہ ایسا معاملہ ہے جو حس ومشاہدہ میں آتا ہے۔اور اس قسم کے عجیب وغریب ونرالی باتوں کے دیکھنے کی طرف لوگوں کو شوق ہوتا ہے اور غیر عادی چیز کی نقل میں خاص جذبہ کام کرتا ہے۔اگر اس کی کوئی صحت

واصلیت ہوتی تو ہمیشہ تاریخوں میں لکھی جاتی۔ نہ اس کا تذکرہ تاریخوں میں ہے نہ علم نجوم کی کتابوں میں۔ اس کا ذکر و بیان نہ کرنا اور ان کا اتفاقیہ طور پر چھوٹ جانا یا غفلت برتنا جائز نہیں ہوتا کیونکہ یہ معاملہ بہت عظیم اور واضح تھا۔

علمائے کرام اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ یہ قضیہ ان باتوں سے خارج ہے جن کا وہ تذکرہ کرتے ہیں' یہ وہ چیز ہے جس کا ایک قوم نے اور خاص لوگوں نے مطالبہ کیا تھا۔ اور یہ کہ واقعہ یہ رات میں ہوا تھا۔ رات میں اکثر لوگ سوئے ہوتے ہیں اگر کچھ لوگ جاگتے بھی ہوں تو وہ گھروں اور کونوں میں آرام کرتے ہیں۔ ان کی صحرا میں موجودگی اور بیداری اتفاقیہ اور شاذ شاذ ہے۔ اور یہ کہ یہ واقعہ ایک لحظہ کے لیے واقع ہوا تھا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس وقت تمام لوگوں کے لئے اس کے مشاہدہ کی راہ میں رکاوٹیں ہوں۔ مثلاً بادل یا پہاڑ حائل ہوں یا لوگ کسی تفریحی مشغلہ میں ہوں۔ مثلاً قصے کہانیاں وغیرہ سنتے سناتے ہوں۔ اور وہ اس کے دیکھنے سے رہ گئے ہوں۔ اور یہ بات بھی عادتاً بعید ہے کہ لوگ چاند پر ٹکٹکی لگائے بیٹھے ہوں اور ایک لحظہ کے لیے صرف نظر نہ کرتے ہوں۔ ایسی صورت میں اسی وقت متصور ہوسکتی ہے جب کہ انھیں پہلے سے اسے دیکھنے اور مشاہدہ کرنے کے لیے تیار و آمادہ کیا گیا ہو۔ اور ایک تاریخ و وقت مقرر کر کے سارے جہان میں اس کا اعلان و اشتہار دے دیا گیا ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ چاند اپنی اس منزل میں ہو۔ جس سے افق پر کہیں تو ظاہر ہوتا ہے اور کہیں نہیں ہوتا۔ گویا کہ ایک قوم کے تو نظروں کے سامنے ہے اور دوسری قوم سے مستور و پوشیدہ ہے۔ جیسا کہ چاند گرہن اور سورج گرہن میں ہوتا رہتا ہے کہ کسی شہر میں تو دیکھا جاتا ہے اور کسی میں نہیں۔ کہیں کچھ حصہ گرہن کا نظر آتا ہے اور کہیں کچھ حصہ۔ بعض شہر تو ایسے ہوتے ہیں جو گرہن کو جانتے ہی نہیں۔ بجز ان لوگوں کے جو حساب سے اس علم کے دعویدار ہیں۔ اور یہ کہ اہل حق کے نزدیک دیکھنا یا نہ دیکھنا قدرت الٰہی میں ہے وہ جسے چاہتا ہے دکھاتا ہے اور جسے چاہتا ہے نہیں دکھاتا۔ مقصود تو محض ان لوگوں کو دکھانا تھا جن سے تحدی کی گئی تھی اور جنہوں نے اس معجزہ و نشانی کا حضور ﷺ سے مطالبہ کیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے دیکھ لیا تھا ممکن ہے کہ دوسروں نے دیکھا ہو۔ پھر یہ کہ جب گرد و پیش کے مسافر آئے تو انہوں نے اس کی خبر دی تو اب تمام عالم کے دیکھنے کی کیا حاجت ہے۔

تنبیہ: مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں کہ بعض قصہ گو جو یہ بیان کرتے ہیں کہ ''نبی کریم ﷺ کے دامن مبارک میں چاند داخل ہو کر آپ کی آستین شریف سے باہر آیا۔'' یہ بے اصل ہے۔ جیسا کہ شیخ بدرالدین زرکشی نے اپنے شیخ عمادالدین بن کثیر سے نقل کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

سورج کا لوٹانا: اب رہا ردِ شمس یعنی غروب ہونے کے بعد سورج کا لوٹانا تو یہ بھی حضور ﷺ کا معجزہ ہے۔ حضرت اسماء بنت عمیس سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ پر اس حالت میں وحی نازل ہوئی جب کہ آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ران پر سر مبارک رکھے ہوئے تھے حضرت علی نے اس وقت تک نماز عصر ادا کر لی تھی۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! کیا تم نے نمازِ عصر ادا کر لی تھی؟ عرض کیا نہیں۔ اس وقت حضور نے مناجات کی اور کہا اے خدا یہ تیرا (علی) تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھے تو تو اس کے لیے سورج کو لوٹا دے۔ اسی وقت سورج لوٹ آیا۔ حضرت اسماء فرماتی ہیں کہ میں نے سورج کو غروب ہوتے دیکھا تھا۔ اس کے بعد میں نے بعد از غروب طلوع ہوتے بھی دیکھا اور اس کی شعاعیں پہاڑوں اور زمینوں پر پھیل گئیں۔ یہ واقعہ مقام ''صہبا'' کا ہے۔ اس حدیث کی مکمل بحث' غزوۂ خیبر میں انشاء اللہ آئے گی۔

انگشت ہائے مبارک سے پانی کا چشمہ جاری کرنا: وصل: نبی کریم ﷺ کے مشہور معجزوں میں سے ایک یہ پانی کا معجزہ بھی ہے۔ جو بار بار متعدد مقامات پر اجتماع عظیم کے سامنے رونما ہوا۔ اور یہ اس قدر کثیر سندوں سے مروی ہے جو علم قطعی بتواتر معنوی کا افادہ کرتا ہے۔ چنانچہ حضور ﷺ کی انگشت ہائے مبارک کے درمیان پانی کا چشمہ جاری ہوا ہے۔ ایسا معجزہ کسی نبی کے بارے میں نہیں سنا

گیا۔ اگر چہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دست مبارک کے ذریعہ پتھر پر عصا مارنے سے پانی کے چشمے جاری ہوئے تھے مگر اس میں شک نہیں کہ انگلیوں سے پانی نکالنا پتھر سے پانی نکالنے کے اعجاز کے مقابلہ میں زیادہ بلیغ ہے۔ کیونکہ پتھر سے پانی عادتاً نکلا ہی کرتا ہے۔ بخلاف گوشت پوست اور ہڈیوں سے پانی نکالنا۔ بلاشبہ اس حدیث کو صحابہ کرام کی جماعت کثیرہ نے روایت کیا ہے۔ ان میں سے حضرت انس، جابر، اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم کی حدیث ہے۔ لیکن حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث بخاری و مسلم میں واقع ہوتی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نماز عصر کا وقت آ گیا اور لوگ چاروں طرف پانی کو تلاش کر رہے تھے لیکن پانی نہ پاتے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پانی لایا گیا آپ نے اپنا دست مبارک پانی کے برتن میں رکھ دیا اور لوگوں کو حکم دیا کہ اس سے وضو کریں۔ اس وقت میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انگشت ہائے مبارک کے درمیان سے چشمہ کی مانند پانی ابل رہا تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ انگلیوں اور اس کے پوروں سے پانی نکل رہا تھا۔ چنانچہ ساری جماعت نے وضو کر لیا لوگوں نے حضرت انس سے پوچھا تم کتنے آدمی تھے۔ فرمایا ہم تین سو اشخاص تھے۔

ابن شاہین کی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں غزوہ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا مسلمانوں نے عرض کیا "یا رسول اللہ! ہم اور ہمارے اونٹ اور جانور پیاسے ہیں۔ فرمایا تھوڑا بہت جتنا بھی پانی ہو لاؤ۔ وہ لوگ مشکیزوں میں سے جمع کر کے چند گھونٹ پانی لائے آپ نے فرمایا برتن میں لوٹ دو اس کے بعد آپ نے اپنا دست مبارک اس پانی میں رکھ دیا۔ حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشت ہائے مبارک سے چشمے اُبل رہے ہیں۔ پھر ہم نے اپنے اونٹوں اور جانوروں کو پانی پلایا۔ اور باقی پانی ہم نے مشکیزوں میں بھر لیا۔

بیہقی سیّدنا انس رضی اللہ عنہ سے یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم قبا کی جانب تشریف لے گئے وہاں ایک شخص اپنے گھر سے چھوٹا سا پیالہ لے کر آیا۔ حضور نے اپنا دست اقدس پیالہ میں رکھا مگر پورا دست مبارک پیالہ میں نہ آ سکا تو آپ نے اپنی چار انگلیوں کو رکھا۔ انگوٹھا باہر رہا۔ پھر انگشت ہائے مبارک سے پانی بہنے لگا۔ (آخر حدیث تک)۔

بخاری و مسلم میں مروی ہے کہ حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کے دن ہم سب پیاسے تھے اور حضور کے سامنے ایک چھاگل تھی جس سے حضور وضو فرما رہے تھے۔ صحابہ کرام نے حضور کے گرد حلقہ ڈال دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے۔ کیوں حلقہ بنائے کھڑے ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس پانی نہیں ہے جو وضو کریں اور پئیں بجز اس پانی کے جو حضور کے سامنے ہے۔ حضور نے اپنا دست مبارک چھاگل میں رکھ دیا جس سے پانی چشموں کی مانند جوش مارنے لگا۔ پھر ہم نے پانی پیا۔ اور وضو بھی کیا۔ لوگوں نے حضرت جابر سے پوچھا تم کل کتنے آدمی تھے۔ انہوں نے فرمایا اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمیں کفایت کر جاتا لیکن ہم صرف پندرہ سو تھے۔ صحیح مسلم میں سیّدنا جابر رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے بیان کیا کہ ہم غزوہ بواط میں تھے ہمارے پاس مشکیزہ میں چند قطروں کے سوا پانی نہ تھا اسے پیالہ میں نچوڑا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انگشت ہائے مبارک کو اس پیالے میں پھیلا دیا۔ تو انگلیوں کے درمیان سے پانی جوش مارنے لگا۔ تو پیالہ ویسا ہی بھرا ہوا تھا۔ حضرت جابر سے امام احمد بیہقی اور ابن شاہین نے بھی یہ روایت نقل کی ہے۔

اب رہی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث! تو صحیح بخاری میں بروایت علقمہ مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہمارے پاس پانی نہ تھا۔ حضور نے ہم سے فرمایا کہ تلاش کر کے کسی کے پاس سے تھوڑا سا پانی لے آؤ۔ ہم پانی لے کر حضور کے پاس آئے اسے ایک برتن میں ڈالا۔ آپ نے دست مبارک پانی میں رکھ دیا (آخر حدیث تک) یہ حدیثیں اگر چہ ایک ایک صحابی مثلاً حضرت انس سے یا حضرت جابر وغیرہ سے منقول ہیں لیکن وہ تمام حضرات جو اس وقت موجود تھے۔ گویا وہ

سب راوی اور حکایت کرنے والے ہیں۔اگر وہ اس کا انکار کرتے تو یقیناً ان سے خاموشی ناممکن ہے۔جیسا کہ انسانی خصلت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عادت شریفہ ہے۔اس میں نکتہ یہ ہے کہ خبر واحد اگر صحابہ کرام کی جماعت کے سامنے بیان کی جائے اور وہ سب خاموش رہیں تو اس کا حکم یہ ہے کہ گویا وہ سب روایت کرنے والے ہیں۔(فتدبر)

سوال: اس طرح انگشت ہائے مبارک سے چشمے کے جاری ہونے کے سلسلے میں سیّدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی بطریق متعددہ حدیثیں مروی ہیں۔اب اس حدیث میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس میں کیا حکمت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے تو پیالہ میں پانی ڈلواتے اس کے بعد اس میں دست اقدس رکھتے جس سے چشمے ظاہر ہوتے کیوں نہ پہلے ہی چشمے جاری ہو گئے۔

جواب: جواب میں علماء فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ بارگاہ الٰہی کا ادب ملحوظ تھا۔کیونکہ ذات باری تعالیٰ ہی بے اصل مادہ ومعدومات کے ایجاد وابداع (یعنی از سر نو کسی چیز کو وجود میں لانے) میں منفرد ویکتا ہے۔بلکہ پانی اصل معجزہ تھا۔معجزہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے اس میں برکت حاصل ہوئی۔(کذا قالو واللہ اعلم)۔

کم پانی کو زیادہ کرنا: اسی کے مشابہ اور اسی زمرہ میں کم پانی کو زیادہ کرنے اور اس کے جاری کرنے کا معجزہ ہے۔یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا اور برکت سے ہوتا تھا۔چنانچہ صحیح مسلم میں سیّدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے غزوۂ تبوک کے سلسلے میں مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا: تم انشاء اللہ طلوع آفتاب کے وقت چشمہ تبوک پر پہنچ جاؤ گے۔تم میں سے جو بھی وہاں پہنچے پانی کو ہاتھ نہ لگائے جب تک میں وہاں نہ پہنچ جاؤں۔حضرت معاذ فرماتے ہیں کہ جب ہم چشمہ پر پہنچے تو دو آدمی وہاں ہم سے پہلے پہنچے ہوئے تھے۔اس چشمہ سے قطرہ قطرہ پانی ٹپک رہا تھا پھر حضور نے ان دونوں سے دریافت فرمایا کیا تم نے پانی کو ہاتھ لگایا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں''! حضور نے انہیں ملامت فرمائی۔اور فرمایا خدا جو چاہتا ہے ہوتا ہے۔صحابہ نے اپنے ہاتھوں سے چشمہ کھودا کہ کچھ پانی اکٹھا ہو جائے۔پھر اس پانی سے ایسی چیز نکلی جیسے تیز آندھی ہوتی ہے۔اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرۂ انور اور دونوں دستہائے مبارک دھوئے اور غسالہ شریف کا پانی اس چشمہ میں ڈال دیا جس سے چشمہ میں پانی بہت ہو گیا۔اور لوگوں نے پانی پیا۔اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم اس جگہ میں عمارتوں اور باغوں کو دیکھو گے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا۔یہ خبر دینا بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اور غیبی خبریں دینے میں ہے۔اس قسم کے معجزات تو انگنت اور بے حد وشمار ہیں۔

قضیہ حدیبیہ میں آیا ہے کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم چار سو صحابہ کے ساتھ حدیبیہ کے کنویں پر تشریف لائے۔اس کنویں سے پچاس بکریوں کو بھی پانی نہیں پلایا جا سکتا تھا۔صحابہ نے اس کنویں کا تمام پانی کھینچ لیا اس میں ایک قطرہ بھی باقی نہ رہا۔اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کنویں کی ایک جانب تشریف فرما ہوئے۔ڈول سے پانی نکالا گیا۔اس سے وضو فرمایا اور اپنے دہن مبارک کا پانی اس میں ڈالا اور دعا فرمائی تو اسی وقت پانی جوش مارنے لگا۔اور سطح آب بلند ہو گئی۔پھر تمام صحابہ سیراب ہوئے اور اپنے اونٹوں کو بھی پلایا۔ایک روایت میں ہے کہ آپ نے اپنے ترکش سے تیر نکالا۔اور کنویں میں تیر مارا تو پانی جوش مارنے لگا۔یہاں تک کہ سب سیراب ہوئے۔

حدیث جابر میں بھی ایسا ہی گزرا ہے اور مقام حدیبیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشت ہائے مبارک کے درمیان سے چشمہ آب کے جاری ہونے کی روایت بھی آئی ہے۔اور ان دونوں قصوں کے درمیان مغائرت ہے۔علماء دونوں قصوں کو ایک وقت کے ساتھ جمع کرتے ہیں۔چنانچہ حدیث جابر کا وقت وہ ہے جب کہ نماز کا وقت آیا تو حضور نے وضو فرمایا اور سب سیراب ہوئے اور ڈول کا بقیہ پانی کنویں میں ڈال دیا گیا جس سے اس کا پانی زیادہ ہو گیا اس طرح دونوں روایتوں کی تطبیق کرتے ہیں۔

حضرت ابوقتادہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک سفر میں اطلاع بخشی اور فرمایا کہ تم رات بھر چلو

گے اور کل صبح انشاء اللہ تعالیٰ تم پانی پر پہنچ جاؤ گے تو لوگ ادھر ادھر پانی کی جستجو میں بھٹکتے رہے۔ اور حضور ﷺ کی مصاحبت کا بھی خیال نہ رکھا۔ اور پانی کی تلاش میں آگے نکل گئے۔ جب رات کا پچھلا پہر آیا تو حضور ﷺ اپنا سر مبارک رکھ کر محو خواب ہو گئے۔ اور صحابہ سے فرمایا: نماز فجر کا خیال رکھنا' یعنی بیدار رہنا اور نماز فجر کے وقت کا انتظار کرنا۔ تاکہ نماز فجر کا وقت فوت نہ ہو جائے مگر وہ سب کے سب سو گئے۔ سب سے پہلے بیدار ہونے والے نبی کریم ﷺ تھے اس وقت جب کہ آفتاب آپ کی پشت مبارک پر دھوپ ڈال رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: سوار ہو جاؤ۔ یہ شیطان کی جگہ ہے تو سب سوار ہوئے۔ یہاں تک کہ سورج خوب اونچا ہو گیا۔ اس کے بعد پڑاؤ کیا اور پانی کا چھاگل طلب فرمایا۔ یہ میرے پاس تھی۔ اس میں تھوڑا سا پانی تھا آپ نے وضو فرمایا اور باقی ماندہ پانی کی چھاگل مجھے عنایت فرما کر فرمایا اس کو محفوظ رکھنا اس سے ایک عظیم معجزہ رونما ہوگا۔ اس کے بعد حضرت بلال نے نماز کے لیے اذان دی۔ پھر فجر کی نماز ادا فرمائی اور سوار ہو کر چل دیئے۔ جس وقت آفتاب کی گرمی تیز ہو گئی اور ہر چیز تپنے لگی تو ہم نے عرض کیا ''یا رسول اللہ! ہم پیاس سے مرے جا رہے ہیں فرمایا ''تم پیاس سے ہلاک نہ ہو گے۔ پھر مجھ سے وہ چھاگل طلب فرمائی۔ اس کے دہانہ پر اپنا دہن مبارک رکھا۔ ہمیں معلوم نہیں آپ نے اس میں اپنا لعاب ڈالا یا پھونک ماری (واللہ اعلم) تو چھاگل سے پانی بہنے لگا اور مجھے پلانے کا حکم دیا۔ لوگ ہجوم کر کے آ گئے۔ فرمایا: ہجوم نہ کرو اطمینان رکھو سب کو پانی ملے گا۔ چنانچہ سب سیراب ہو گئے۔ اس قوت ہم تین سو آدمی تھے۔ اس کے بعد میں اور حضور دو ہی آدمی پانی کے پینے سے باقی رہ گئے تھے۔ حضور ﷺ نے پانی میری طرف بڑھا کر فرمایا: ''پیو'' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جب تک آپ نہ پئیں گے میں نہ پیوں گا۔ فرمایا: اِشْرَبْ سَاقِیُ الْقَوْمِ اٰخِرُھُمْ شُرْبًا. پیو قوم کو پلانے والا آخر میں پیتا ہے۔ چنانچہ میں نے پیا اور آخر میں حضور نے پیا۔

سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث ''جیش عسرت'' کے ضمن میں مروی ہے کہ لوگوں کو پیاس نے اس حال پر پہنچا دیا کہ لوگ اپنا اونٹ ذبح کر کے اس کا اوجھ نچوڑ کر پینے لگے تھے۔ اس وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بارگاہ نبوی میں دعا کی استدعا کی۔ حضور نے دعا کے لیے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے ابھی حضور نے اپنے دست ہائے مبارک کو واپس نہ کیا تھا کہ بارش ہونے لگی۔ اور جس جس کے پاس برتن تھے پانی سے بھر گئے۔ کمال یہ ہے کہ اس بارش نے لشکر کے باہر تجاوز نہ کیا۔

بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوطالب ایک سواری پر سوار سفر کر رہے تھے ابوطالب نے عرض کیا اے بھتیجے مجھے سخت پیاس لگی ہے۔ اور میرے پاس پانی بھی نہیں ہے حضور اکرم ﷺ سواری سے نیچے اترے اور اپنا قدم مبارک زمین پر مارا۔ زمین سے پانی ابلنے لگا۔ فرمایا اے چچا لو پانی پیو۔

بخاری و مسلم میں حضرت عمران بن حصین سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ لوگوں نے پیاس کی شکایت کی تو آپ نے ان سے فرمایا اور اپنے دو صحابیوں کو بلایا ان میں سے ایک حضرت علی ابن ابی طالب تھے۔ ان سے فرمایا: جاؤ پانی کو تلاش کرو۔ تمہیں ایک عورت ملے گی جس کے اونٹ پر پانی کی دو مشکیں ملیں گی۔ یہ دونوں تلاش میں نکلے اور اس عورت کو پالیا جو پانی کی دو مشکیں لیے ہوئے تھی۔ یہ دونوں اس عورت کو مع پانی کے بارگاہ رسالت میں لے آئے۔ اور اس کے اونٹ سے مشکوں کو اتارا گیا اور حضور نے پانی کے برتن طلب فرمائے۔ اور پانی ان میں لوٹ دیا پھر لوگوں سے فرمایا: آؤ اور پانی پیو اور پلاؤ'' وہ عورت کھڑی دیکھ رہی تھی کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ خدا کی قسم! حضور ﷺ نے اس عورت کا پانی لوٹایا اور میں نے خیال کیا کہ یہ پہلے سے زیادہ ہے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے اس عورت کے لیے کھانے کا انتظام کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ لوگوں نے کھجوریں' آٹا اور ستو جمع کر کے اس کی چادر میں باندھ کر اونٹ پر رکھ دیا۔ اس کے بعد حضور نے اس عورت سے فرمایا: ''جاؤ۔ تم جانتی ہو

ہم نے تمہارا پانی کچھ کم نہیں کیا۔لیکن خدا نے ہمیں اپنی قدرت سے پانی عطا فرمایا۔'' جب وہ عورت اپنے قبیلہ میں پہنچی تو لوگوں سے اس نے کہا میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ دو شخص مجھے اس شخص کے پاس لے گئے جسے وہ لوگ اپنا آقا کہتے تھے اس کے بعد اس نے تمام قصہ بیان کیا۔اور کہا خدا کی قسم! یا تو وہ لوگوں میں سب سے بڑا جادوگر ہے یا وہ خدا کا سچا رسول ہے پھر اس نے کہا کیا تم میں سے کسی کو اسلام لانے کی تمنا ہے۔(آخر حدیث تک جو کہ طویل ہے) کذا فی المواہب لدنیہ اور بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ لوگوں نے اس عورت کا کہنا مانا اور اسلام لے آئے۔(واللہ اعلم) اس ضمن میں احادیث بکثرت ہیں۔احادیث استسقاء بھی اسی زمرہ سے تعلق رکھتی ہیں جن کا ذکر انشاء اللہ اپنے مقام میں آئے گا۔

معجزات وطعام وغیرہ: جس طرح کم پانی کے زیادہ کرنے میں احادیث مروی ہیں اسی طرح کم کھانے کو زیادہ فرمانے میں بھی مروی ہیں۔یہ دونوں معجزے نبی کریم ﷺ کی تربیت اور مالک نعمت ہونے کے اثرات کو ظاہر کرتے ہیں جس طرح کہ روحانیت کے اعتبار سے آپ عالم جسمانیت میں قلوب وارواح کی تربیت فرماتے اور انہیں کامل بناتے ہیں۔نیز آپ ہی پرورش فرمانے والے اور جسموں کو کھانا پینا وغیرہ عطا فرمانے والے ہیں۔بیت

شکر فیض تو چمن چوں کند اے ابر بہار　　کہ اگر خار وگر گل ہمہ پروردہ تست

حدیث جابر: اس خصوصیت میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث مشہور ہے۔جسے غزوہ خندق کے ضمن میں بخاری ومسلم نے روایت کیا ہے۔حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی بیوی کے پاس آیا ان سے پوچھا کیا تمہارے پاس کچھ کھانا ہے کیونکہ میں نے حضور ﷺ کے چہرے پر سخت بھوک کے آثار دیکھے ہیں تو میری بیوی نے ایک تھیلا نکالا جس میں ایک صاع کے قریب جو تھے اور ایک فربہ بکری کا بچہ تھا۔میں نے اسے ذبح کیا بیوی نے جو کا آٹا پیسا۔گوشت بنا کر دیگچی میں چڑھا کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔اور عرض کیا یارسول اللہ! میں نے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور میری بیوی نے جو کا آٹا پیسا ہے۔حضور اپنے چند صحابیوں کو لے کر میرے غریب خانہ پر تشریف لے چلیں۔حضور اکرم ﷺ نے باآواز بلند فرمایا۔جابر نے کھانا تیار کیا ہے آؤ ان کے یہاں چلیں۔(اس جگہ حضور نے بوقت اعلان لفظ ''سور'' بضم سین وسکون واو بمعنی طعام استعمال فرمایا یہ لفظ فارسی کا ہے جو کہ بے ساختہ حضور ﷺ کی زبان مبارک پر جاری ہوا۔) پھر حضور نے حضرت جابر سے فرمایا: میرے پہنچنے تک دیگچی کو چولہے سے نہ اتارنا اور گوندھے ہوئے آٹے کو یونہی رکھنا۔پھر حضور ایک ہزار صحابہ کے ساتھ تشریف لائے۔ہم آٹے اور دیگ کو حضور کے ملاحظہ میں لائے تو حضور نے اپنا لعاب دہن مبارک ان میں ڈالا۔اور برکت کی دعا فرمائی اور میری بیوی سے فرمایا: روٹی پکاؤ اور کسی ایک اور عورت کو اپنے ساتھ ملالو۔اور دیگ سے گوشت نکالتے رہو مگر میں جھانک کر نہ دیکھنا۔وہ فرماتے ہیں خدا کی قسم ان ہزار آدمیوں نے شکم سیر ہو کر کھایا اور دیگ میں بدستور گوشت جوس مار رہا تھا اور آٹا بھی باقی تھا۔

حدیث انس: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی بخاری ومسلم میں مروی ہے۔وہ فرماتے ہیں: ابوطلحہ نے ام سلیم سے کہا کہ خدا کی قسم! میں نے یارسول اللہ ﷺ کی آواز میں سخت نقاہت محسوس کی ہے۔بھوک نے آپ کو بہت نڈھال کر دیا ہے تو کیا کھانے کی کچھ چیز ہے۔وہ بیان کرتے ہیں کہ ام سلیم نے جو کی چند روٹیاں نکالیں۔اور کپڑے میں لپیٹ کر مجھے دیدیں۔میں انہیں لے کر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپ اس وقت مسجد میں تشریف فرما تھے اور آپ کے پاس بہت سے آدمی جمع تھے۔حضور نے دریافت فرمایا کیا تمہیں ابوطلحہ نے بھیجا ہے۔میں نے عرض کیا ''ہاں! یارسول اللہ!'' حضور نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اٹھو چلو! اور حضور نے انہیں اپنے ہمراہ لے کر چل دئے۔میں ان سے پہلے چل دیا۔یہاں تک کہ میں نے اس کی اطلاع ابوطلحہ کو دی کہ حضور تشریف لا رہے ہیں۔اس پر

ابوطلحہ نے ام سلیم سے کہا ''اے ام سلیم رسول اللہ ﷺ جماعت صحابہ کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔اور ہمارے پاس ان چند روٹیوں کے سوا ان کے کھلانے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ میں نے ان چند روٹیوں کو حضور ﷺ کی خدمت میں بھیج دیا تھا۔'' ام سلیم نے کہا خدا او راس کے رسول خوب جانتے ہیں۔یعنی جو کچھ کہ واقعتاً موجود ہے گویا رسول اللہ ﷺ کا ہمارے حال کے علم کے باوجود جماعت صحابہ کے ساتھ تشریف لانا حکمت کے بغیر نہیں ہے۔ یقیناً کوئی معجزہ ظاہر ہوگا۔ پھر ابوطلحہ رسول اللہ ﷺ کے خیر مقدم اور استقبال کے لیے چل دئے۔رسولِ خدا نے تشریف لا کر ام سلیم سے فرمایا: ''اے ام سلیم لاؤ جو کچھ تمہارے پاس ہے ام سلیم نے وہی بھیجی ہوئی چند روٹیاں پیش کر دیں۔آپ نے فرمایا: انہیں ریزہ ریزہ کر کے تھوڑا سا گھی ملا کر ملیدہ بنالو اور کسی برتن میں رکھ کر لے آؤ۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے اس پر کچھ پڑھ کر دم کیا اور دعائے برکت فرمائی۔اس کے بعد فرمایا: دس دس کی ٹولیاں بنا کر کھاؤ یہاں تک کہ دس دس کی ٹولیاں آتیں اور خوب شکم سیر ہو کر چلی جاتیں۔تقریباً ستر یا اسی (شک راوی ہے) مسلم کی ایک روایت میں بغیر شک راوی اسی آدمی آئے ہیں۔سب کے بعد حضور نے اور ابوطلحہ کے گھر والوں نے باقی ماندہ ملیدہ کو کھایا۔ایک روایت میں آٹھ آٹھ آدمیوں کی ٹولیاں آیا ہے۔ظاہر ہے کہ یہ کوئی اور واقعہ ہوگا۔اس لیے کہ بخاری و مسلم میں اکثر روایتیں دس دس کی ہیں۔(وکذا فی المواہب واللہ اعلم)۔

اور ایک ایک ٹولی کر کے بلانے اور سب کو یکبارگی نہ بلانے کی حکمت میں علماء فرماتے ہیں کہ اگر سب کو یکبارگی بلایا جاتا تو ان کی نظریں کھانے پر پڑتیں اور اسے کم جانتیں اور گمان رکھتیں کہ یہ کافی نہ ہوگا تو ان کی یوسوئے ظنی برکت کے جانے کا موجب بنتی۔یا یہ وجہ ہے کہ جگہ تنگ ہوگی۔سب کے بیٹھنے کی گنجائش نہ ہوگی۔یا یہ کہ تھالی ایک ہوگی اور جماعت کثیر کی گنجائش دشوار ہوگی۔اور گڑبڑ واژدھام کا اندیشہ ہوگا۔(واللہ اعلم)۔

حدیث ابوہریرہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوہ تبوک میں (جو رسول اللہ ﷺ کا آخری غزوہ تھا) جب لوگ بھوک سے بیتاب ہو گئے تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ لوگوں کو حکم فرمایئے کہ جو کچھ بچا کھچا کھانا ہے جمع کر کے لائیں اور حضور ان پر دعائے برکت فرمائیں'' فرمایا ہاں ٹھیک ہے میں دعا کروں گا۔ چنانچہ جب حضور نے اعلان فرمایا تو لوگ بچا کھچا توشہ لانے لگے کوئی ایک مٹھی ستو لایا کوئی روٹی کا ٹکڑا لایا ایک شخص تھا جو ایک صاع (تقریباً ساڑھے چار سیر) کھجوریں لایا۔جب دسترخوان پر یہ تھوڑی چیزیں جمع ہو گئیں تو حضور نے برکت کی دعا فرمائی پھر حکم فرمایا کہ اپنے اپنے توشہ دانوں میں بھر لو تو لشکر اسلام کا کوئی فرد ایسا نہ رہا جس کا توشہ دان نہ بھر گیا ہو سب نے خوب شکم سیر ہو کر کھایا۔ پھر بھی دسترخوان پر کھانا بچ گیا۔اس غزوہ تبوک میں لشکری (ایک روایت کے مطابق) ستر ہزار تھے۔اور جب حضورِ اکرم ﷺ نے اس معجزے کا مشاہدہ فرمایا تو راوی کہتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اشھد ان لا الا اللہ وانی رسول اللہ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یقیناً میں اللہ کا رسول ہوں۔'' فرمایا جو کوئی اس شہادت کے ساتھ حق تعالیٰ سے ملے گا یقیناً اس کا مسکن جنت ہوگا۔

بندۂ مسکین (یعنی شیخ محقق رحمتہ اللہ علیہ) ثبتہ اللہ فی مقام الصدق والیقین کہتا ہے کہ امت جو مشاہدہ معجزہ کے وقت شہادت دیتی ہے تو وہ نبی کے دعویٰ نبوت میں تصدیق و یقین حاصل ہونے کی وجہ سے ہے۔لیکن نبی کریم ﷺ کا اس مقام میں شہادت دینا کس عالم سے ہے یا تو یہ حضور و غیب کی حالت میں ہے چونکہ یہ دونوں حالتیں متفاوت و جداگانہ ہیں اس میں یقین و ایمان کی زیادتی حاصل ہونے کی وجہ سے ہے یا یہ شہادت امت کو تنبیہ و تلقین کے لیے ہے۔(واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)۔

حدیث انس: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی شادی کے وقت حضورِ اکرم ﷺ کی خدمت میں ام سلیم نے ''حیس'' کا ایک بڑا پیالہ میرے ہاتھ بھیجا۔حیس ایک خاص قسم کا کھانا ہے جسے کھجور، گھی اور ستو وغیرہ ملا کر بنایا جاتا ہے۔ام

سلیم نے انس سے فرمایا: اے انس! اسے حضور ﷺ کی خدمت میں لے جاؤ اور عرض کرو کہ یارسول اللہ یہ طعام میری والدہ نے حضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا ہے اور سلام عرض کیا ہے اور حضور سے کم مقدار میں بھیجنے کی معذرت کرنا۔ حضرت انس اسے بارگاہ نبوی میں لائے آپ نے فرمایا رکھ دو۔ اور فرمایا فلاں فلاں لوگوں کی جماعت کو بلاؤ۔ اور نام بنام ارشاد فرمایا اور فرمایا راستہ میں جو بھی ملے اسے بھی بلاتے لاؤ چنانچہ میں نے ہر اس جماعت کو جس کا حضور نے نام بتایا تھا اور ہر اس شخص کو جو راستے میں ملا بلاتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ جب میں واپس آیا تو میں نے کاشانہ اقدس کو لوگوں سے بھرا ہوا دیکھا۔ صحابہ نے حضرت انس سے پوچھا کتنے حضرات ہوں گے؟ بتایا کہ تقریباً تین ہزار ہوں گے۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک کو اس حیس کے برتن کے اوپر رکھ کر کچھ پڑھا اس کے بعد دس دس ٹولیوں کو اپنے پاس بلا کر انہیں کھانے کا حکم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ ہر شخص بسم اللہ پڑھ کر اپنے آگے سے کھاتا جائے اسی طرح گروہ در گروہ لوگ آتے اور کھا کر چلے جاتے یہاں تک کہ سب کے سب شکم سیر ہو کر فارغ ہو گئے اس کے بعد فرمایا اے انس برتن اٹھالاؤ۔ میں نے برتن اٹھایا تو میں نہیں کہہ سکتا کہ اس میں حیس رکھتے وقت پہلے زیادہ تھا یا اب اٹھاتے وقت زیادہ تھا۔ اسے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔

حدیث ابوایوب انصاری: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے سیّد عالم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لیے اتنا کھانا پکایا جتنا ان دونوں حضرات کے لیے کافی ہو۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے ابوایوب انصاری سے فرمایا: اشراف انصار میں سے تین آدمیوں کو بلا لاؤ' تو وہ بلا کر لائے انہیں کھلایا گیا مگر کھانا پھر بھی باقی رہا پھر ساٹھ آدمیوں کو بلایا گیا انھیں بھی کھانا کھلایا گیا لیکن کھانا پھر بھی باقی رہا۔ پھر ستر انصار کو طلب فرمایا۔ انہوں نے بھی آ کر کھانا کھایا اور کھانا باقی رہا۔ ان سب لوگوں میں کوئی ایسا نہ تھا جو اسلام لا کر اور بیعت کر کے نہ نکلا ہو۔ حضرت ابوایوب انصاری فرماتے ہیں کہ میرے اس کھانے کو ایک سو اسی آدمیوں نے کھایا تھا۔

حدیث سمرہ بن جندب: حضرت سمرہ بن جندب کی حدیث میں مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے خدا کی قسم! ہم نے یکے بعد دیگرے صبح سے شام تک لوگوں کو کھانا کھلایا۔ دس آدمی کھڑے ہوتے اور دس آدمی بیٹھتے اور کھاتے رہتے۔ کسی نے پوچھا یہ برکت کہاں سے آتی تھی انہوں نے آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا وہاں سے آتی ہے۔ اسے دارمی' ابن ابی شیبہ' ترمذی' حاکم' بیہقی اور ابونعیم نے روایت کیا۔

حدیث عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق: حضرت عبدالرحمٰن ابن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سو تیس افراد تھے۔ تقریباً ساڑھے چار سیر آٹا گوندھا گیا اور ایک بکری کا سالن تیار کیا گیا۔ پھر بکری کا جگر گردہ اور دل بھنا گیا۔ خدا کی قسم! ہم ایک سو تیس اشخاص میں سے ایک بھی ایسا نہ تھا جسے حضور اکرم ﷺ نے اس کا ٹکڑا عنایت نہ فرمایا۔ اس کے بعد اس بکری کے سالن کو دو بڑے برتنوں میں رکھا گیا اور سب نے خوب سیر ہو کر کھایا اور دونوں برتنوں میں جو باقی بچا اسے اپنے برتنوں میں بھر کر اونٹ پر لاد لیا۔

دیگر حدیث ابوہریرہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں اہل صفہ کو بلا کر لاؤں چنانچہ میں انہیں تلاش کر کے لایا۔ حضور کے سامنے ایک پیالہ کھانے کا رکھا ہوا تھا اسے ہم سب نے خوب سیر ہو کر کھایا جب ہم کھانے سے فارغ ہو گئے تو پیالہ ویسا ہی بھرا ہوا تھا جیسا کہ پہلے رکھا تھا بجز اس کے کہ اس میں انگلیوں کے نشان تھے' حدیث میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں بہت سخت بھوکا تھا حضور ﷺ کے سامنے پیالہ دودھ کا رکھا ہوا تھا۔ آپ نے ''اصحاب صفہ'' کو بلانے کا حکم فرمایا اس وقت میں نے اپنے دل میں کہا کہ یہ دودھ تو بہت کم ہے کاش مجھے عنایت فرما دیتے تو میں سیر ہو کر پی لیتا۔ لیکن اب شارع علیہ السلام

کے فرمان اور آپ کے حکم کی بجا آوری کے سوا کوئی چارہ نہیں۔تو میں حضور کے حکم سے باہر آیا اور اصحاب صفہ کو بلا کر لے گیا۔ان سب نے پیا اور بجز میرے اور حضور علیہ السلام کے کوئی باقی نہ رہا۔پھر پیالہ مجھے عنایت فرمایا۔سب کے بعد حضور نے پیا اور فرمایا ساقی القوم اخرھم قوم کا ساقی ان کے آخر میں پیتا ہے۔

حدیث علی مرتضیٰ: حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضورِ اکرم ﷺ نے حضرت عبدالمطلب کی اولاد کو جمع فرمایا یہ چالیس افراد تھے اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو سالم ایک ایک بکرا چٹ کر جاتے تھے اور اس کا شوربہ تک پی جاتے تھے مگر حضور ﷺ نے ان کے لیے صرف ایک برتن کھانے کا تیار کرایا تو ان سب نے خوب سیر ہو کر کھایا۔اور کھانا اتنا ہی باقی رہا جتنا پہلے تھا۔پھر ایک پیالہ پانی کا طلب فرمایا ان سب نے پیا اور سیراب ہو گئے۔لیکن پیالہ میں پانی جوں کا توں رہا۔اسے الشفاء نے بیان کیا ہے۔

حدیث جابر: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ام مالک انصاریہ حضور ﷺ کی خدمت میں ایک کپی گھی بھیجا کرتی تھیں اور وہ اس کپی کو ہمیشہ گھی سے بھرا ہوا پاتی تھیں۔ایک روز ام مالک کے فرزندوں نے سالن مانگا گھر میں سالن کی قسم سے کچھ نہ تھا تو وہ اس کپی کی طرف گئیں جس میں حضور کو گھی بھیجا کرتی تھیں اور اس میں ہمیشہ گھی ملا کرتا تھا تو انہوں نے اس کپی سے تمام گھی نچوڑ لیا۔(اس کے بعد اس میں گھی نہ ملا) پھر ام مالک نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر صورت حال بیان کی۔حضور نے فرمایا تم نے اس کپی کو نچوڑ لیا اگر تم اسے نہ نچوڑتیں تو تم اس سے ہمیشہ گھی نکالتی رہتیں۔''

افادہ: بندۂ مسکین (یعنی شیخ محقق رحمۃ اللہ) فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور سید المرسلین ﷺ کی جو بھی خدمت بجالائے اور آپ کی محبت میں جو کچھ بھی کچھ خرچ کرے اللہ تعالیٰ اپنے دیے ہوئے رزق میں برکت دیتا ہے۔

دیگر حدیث جابر: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضورِ اکرم ﷺ سے کچھ کھانا مانگا۔حضور نے اسے ساٹھ صاع جو عنایت فرمادئے بعد میں وہ شخص ہمیشہ اپنے بیوی' بچوں اور مہمانوں کے ساتھ اسے کھاتا رہا۔یہاں تک کہ ایک دن اسنے اسے ناپ لیا (تو وہ ختم ہو گیا) پھر اس نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا فرمایا اگر تم اسے نہ ناپتے تو وہ ہمیشہ ہمیشہ تمہارے لیے باقی رہتا اور تم اسے کھاتے رہتے۔

افادہ: اہل علم بیان کرتے ہیں کہ کپی سے گھی نچوڑنے اور جو کے ناپنے سے جو برکت جاتی رہی ہے اس کی حکمت یہ ہے کہ نچوڑنا اور ناپنا' اللہ تعالیٰ پر توکل و بھروسہ رکھنے کے خلاف اور متضمن تدبیر و اخذ بحول وقوت ہے۔چنانچہ اس کے فاعل کو زوال نعمت کے ساتھ سزا دی گئی۔اسے امام نووی نے بیان فرمایا ہے اور اسی کی مانند وہ نکتہ ہے۔جس میں دیگ اور آٹے میں نظر نہ ڈالنے کی ممانعت ہے۔جو تکثیر طعام کی حدیث میں گزر چکی ہے۔(واللہ اعلم بالاسرار والحکم)۔

اس سلسلہ میں وہ حدیث بھی مشہور ہے جسے بخاری نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ انصاری کے قرضہ کی ادائیگی کے سلسلے میں روایت کی ہے کہ قرض خواہوں نے اصل رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کیا اور کوئی عذر تسلیم نہ کیا۔کیونکہ ان کے کھجوروں کے باغ میں اتنی کھجوریں نہ تھیں جن سے ان کی اصل رقم ادا ہو سکتی۔اس وقت حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! آپ خوب جانتے ہیں کہ میرے والد روز احد شہید ہو گئے ہیں۔اور انہوں نے بہت قرضہ چھوڑا ہے۔میری خواہش ہے کہ حضور کے ملاحظہ میں کھجوریں لائی جائیں لیکن وہ اتنی مقدار میں نہیں ہیں جس سے بار قرض اتارا جا سکے۔)حضور نے فرمایا ''جاؤ کھجوروں کی ڈھریوں کو علیحدہ علیحدہ ایک گوشے میں اکٹھا کرلو۔'' چنانچہ جیسا کہ فرمان تھا اس کے مطابق میں نے کیا۔پھر میں حضور کو لے کر چلا۔جب

قرض خواہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو میرے پیچھے پیچھے ہو لیے۔ جب حضور نے ان کو دیکھا تو آپ نے کھجوروں کی ڈھیریوں کے چاروں طرف چکر لگایا اور سب سے بڑی ڈھیری کے پاس بیٹھ گئے اور فرمایا ''اپنے قرض خواہوں کو بلاؤ۔'' پھر حضور نے ان کو ناپ ناپ کر دینا شروع فرمایا یہاں تک کہ میرے والد مرحوم کا بار قرض اتر گیا اور میں خوش تھا کہ میرے والد کی امانت ادا کر دی جائے خواہ میری بہنوں کے لیے کوئی چیز باقی نہ رہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نو بہنیں تھیں۔ جن کو ان کے والد ماجد نے چھوڑا تھا۔ حضور نے اس بڑے ڈھیر ہی سے سب کا مطالبہ پورا فرما دیا۔ اور باقی تمام ڈھیریاں یوں ہی رہ گئیں۔ اور میں نے جب اس بڑے ڈھیر پر نظر ڈالی جس پر رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے تو وہ بھی جوں کا توں تھی۔ اس میں سے ایک کھجور بھی کم نہیں معلوم دیتی تھی۔ اس وقت تمام قرض خواہ بھی تعجب کرنے لگے۔

دیگر حدیث ابو ہریرہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ لوگ سخت بھوک میں مبتلا تھے۔ حضور ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا اے ابو ہریرہ تمہارے پاس کچھ ہے عرض کیا ''ہاں'' یارسول اللہ! توشہ دان میں کچھ کھجوریں ہیں فرمایا انہیں میرے پاس لے آؤ۔ پھر حضور نے اپنا دست مبارک توشہ دان میں ڈالا اور ایک مٹھی کھجوریں نکال کر برکت کی دعا مانگی۔ پھر دس دس آدمیوں کو بلایا یہاں تک کہ تمام لشکر سیر ہو گیا۔ اس کے بعد حضور نے مجھ سے فرمایا: ''جو کچھ تم لائے تھے اسے لے جاؤ اور حفاظت سے رکھو جب تمہیں ضرورت ہو اس توشہ دان میں اپنا ہاتھ ڈال کر نکال لیا کرنا۔ نہ کبھی اسے شمار کرنا نہ کبھی توشہ دان کو الٹ کر جھاڑنا۔'' تو میں نے جتنا لایا تھا اس سے زیادہ پایا۔ اس کے بعد میں رسول اللہ ﷺ کی تمام مدت حیات اور حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت تک کھایا اور کھلاتا رہا۔ پھر جب حضرت عثمان غنی ذی النورین رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے اور میرے گھر کو لوٹا گیا تو وہ توشہ دان مجھ سے جاتا رہا۔ ایک اور روایت میں آیا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کتنے ہی دسق اس سے کھجوریں نکال کر راہ خدا میں تقسیم کی ہیں یا اونٹ پر لاد کر دی ہیں۔ خیال رہے کہ ایک دسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ اور ایک صاع ساڑھے چار سیر کا۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ توشہ دان میں کل کھجوریں دس دانوں سے زیادہ نہ تھیں اور بعض کہتے ہیں کہ اکیس دانوں سے زیادہ نہ تھیں۔ (واللہ اعلم)

روضۃ الاحباب میں اس ضمن میں ایک بیت بھی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا ہے۔

لِلنَّاسِ هَمٌّ وَلِیْ فِی الْیَوْمِ هَمَّانِ هَمُّ الْجِرَابِ وَهَمّ الشَّیْخَ عُثْمَانَ (واللہ اعلم)

مروی ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اونٹوں پر کھجوریں بار کرنے کا حکم فرمایا۔ یہاں تک کہ تھوڑی دیر میں کھجوروں سے چار سو اونٹوں کو بار کر دیا اور وہ کھجوریں یوں ہی رہیں گویا ان میں سے ایک دانہ کم نہ معلوم ہوتا تھا۔

غرضیکہ تکثیر طعام کے سلسلے میں بکثرت حدیثیں ہیں۔ ان میں بالاتر غزوہ تبوک کی حکایت ہے کہ بچے کھچے کمتر زادراہ کو ایسی برکت عطا فرمائی کہ ستر ہزار لشکری اس سے نہ صرف شکم سیر ہوئے بلکہ اپنے اپنے برتنوں کو بھی محفوظ کر لیا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی سید کائنات فخر موجودات علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات کی برکتوں سے محروم نہ رکھے اور فقر وفاقہ کو حضور ﷺ کی ظاہری اور باطنی نعمتوں سے متبدل فرما دے۔ (آمین) اس وقت مجھے وہ حکایت یاد آ گئی کہ مکہ مکرمہ زادہا اللہ تعظیماً وتکریماً کے بازار میں ایک ککڑی فروش اپنی ککڑیوں پر پانی چھڑکتا جاتا تھا اور کہتا جاتا تھا:

یَا بَرَکۃ النبی تعالیٰ وانزلی ثم تر تحلی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

حیوانات کا کلام اور اطاعت بجالانا

جس طرح انسان پر حضورِ اکرم سیّد عالم ﷺ کے احکام اور آپ کے دین وشریعت کی اطاعت، فرمانبرداری اور امتثال امر واجب وفرض ہے اسی طرح جانوروں کو بھی حضور کا مطیع وفرماں بردار کیا ہے۔ کیونکہ سعادت مندی کا طغرہ انسانوں میں سے اہل ایمان کو حاصل ہوا۔ اسی طرح حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے بطریق اعجاز وخرق عادات، تمام حیوانات کو آپ کا مطیع ومنقاد بنایا۔ اسی بنا پر ارباب تحقیق واہل باطن فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی رسالت تمام حیوانات، نباتات، جمادات اور ساری مخلوق کی طرف ہے لیکن چونکہ وہ دائرہ عقل اور امر ونہی کی تکلیف سے خارج ہیں اس لیے ان سے بجز طاعت وایمان اور صدق رسالت کی شہادت کے کچھ اور مقصود نہیں اور وہ معصیت سے موسوم نہیں ہوتے۔ جس طرح کہ آدمی ہوتے ہیں۔

کلام حیوانات: اب رہا حیوانات میں معجزات کا ظہور! تو ان میں سے ایک تو اونٹوں کا سجدہ کرنا اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں اپنی شکایتیں پیش کرنا ہے۔ چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہر ایک اہل بیت انصار اونٹوں کو پالتے تھے ان میں سے ایک نے سیّد عالم ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کیا یارسول اللہ! ہمارا ایک اونٹ ہے جس پر ہم پانی لاد کر لاتے ہیں اب وہ سرکشی وسختی کرنے لگا ہے۔ اور وہ اپنی پشت پر بوجھ لادنے سے ہمیں منع کرتا ہے۔ ہمارے نخلستان اور باغات سب پیاسے ہیں۔ اس پر حضورِ اکرم ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ اٹھے اور اونٹ کی جانب تشریف لے چلے۔ جب باغ میں پہنچے اور کھڑے ہوئے تو اونٹ اس کے ایک گوشے میں بیٹھا ہوا تھا۔ انصار عرض کرنے لگے یارسول اللہ یہ ہے وہ اونٹ جو کتوں کی مانند کاٹتا ہے ہمیں ڈر ہے کہ کہیں حضور کی ذات ستودہ صفات کو بھی یہ گزند نہ پہنچائے۔ فرمایا میرا کوئی خوف نہ کرو۔ پھر جب حضور ﷺ اونٹ کے سامنے آئے تو اس نے اپنا سر اٹھایا دیکھتے ہی سر کو آپ کے آگے سجدہ میں رکھ دیا۔ پھر حضور نے اونٹ کی پیشانی کے بال پکڑے اور اسے کام میں لگا دیا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ یہ حیوان لایعقل یعنی بے سمجھ جانور ہے جب یہ آپ کو سجدہ کرتا ہے تو ہم تو زیادہ مستحق ہیں کہ ہم آپ کو سجدہ کریں۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کسی بشر کو یہ نہ چاہیے اور نہ یہ اسے سزاوار ہے کہ دوسرے بشر کو سجدہ کرے۔ اگر جائز ہوتا کہ ایک بشر دوسرے بشر کو سجدہ کرے تو میں عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کے عظیم حقوق کی بنا پر اسے سجدہ کریں اسے امام احمد ونسائی نے روایت کیا ہے۔ اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ اس مقام میں حضور ﷺ نے فرمایا آسمان وزمین میں کوئی مخلوق ایسی نہیں ہے جو یہ نہ جانتی ہو کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ بجز نافرمان جنات وانسان کے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ وہ لوگ اس اونٹ کو ذبح کرنا چاہتے تھے تو اونٹ نے حضورِ اکرم ﷺ سے اس کی شکایت کی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اونٹ نے حاضر ہو کر اپنی گردن کو حضور کے سامنے رکھ دی اور اپنی آواز میں فریاد کرنے لگا اس کے بعد حضور نے اس کے سر کے بال پکڑ کے اٹھایا اور اس کے مالک سے فرمایا: اس اونٹ کو میرے ہاتھ فروخت کر دو اس نے عرض کیا یارسول اللہ آپ کی خدمت میں حاضر ہے لیکن یہ اونٹ گھر والوں کے لیے ہے ان کے لیے اس کے سوا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہے فرمایا یہ اونٹ کام کی زیادتی اور چارہ کی کمی کی شکایت کرتا ہے۔ تم اس کے ساتھ نرمی برتو اور اس کے حقوق کا خیال رکھو۔ یہ حدیث بطریق متعددہ بالفاظ مختلفہ مروی ہے اور صحیح ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسولِ خدا علیہ التحیۃ والثناء حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے وہاں ایک بکری تھی۔ اس نے حضور کو سجدہ کیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم زیادہ سزاوار ہیں کہ ہم آپ کو سجدہ کریں۔ فرمایا ''کسی بشر کو زیبا نہیں کہ وہ دوسرے بشر کو سجدہ کرے (آخر حدیث تک)

ایک مرتبہ ایک اونٹ نے نبی کریم ﷺ کے حضور آ کر اپنی قوم کی شکایت کی کہ وہ نماز عشا پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں۔ مجھے خوف ہے کہ حق تعالیٰ ان پر عذاب نازل کرے حضور نے اس قوم کو بلایا اور انہیں نماز عشا سے پہلے سو جانے کی ممانعت فرمائی۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارے گھر میں ایک بکری تھی جب حضورِ انور ﷺ ہمارے یہاں خواب استراحت فرماتے تو وہ بکری خاموش پرسکون اور آرام وچین سے رہتی اور حضور باہر تشریف لے جاتے تو وہ بکری پریشان و بے قرار اور متوحش بن کر ادھر ادھر ماری ماری پھرتی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ حضورِ انور ﷺ جب اونٹوں کی قربانی فرماتے تو ہر اونٹ ایک دوسرے کو ہٹا کر حضور کے قریب آنے کی کوشش کرتا تا کہ حضور پہلے اسے ذبح فرمائیں۔

مروی ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک ام معبد کی بکری کے تھنوں پر پھیرا جن کا دودھ خشک ہو گیا تھا وہ اسی وقت دودھ سے لبریز ہو گئے۔ آپ نے انہیں دوہ کر خود بھی پیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بھی پلایا۔ ام معبد کی اس بکری کا مشہور قصہ انشاء اللہ باب ہجرت میں تفصیل سے آئے گا۔ اس قسم کی چند حدیثیں تکثیر طعام میں بھی ذکر کی گئیں ہیں اور حیوانات کی اطاعت وفرمانبرداری میں بھی مذکور ہیں۔

کلام گرگ: اسی ضمن میں بھیڑیئے کا کلام کرنا اور حضورِ اکرم ﷺ کی رسالت پر شہادت دینے کا واقعہ بھی ہے۔ بھیڑیئے کے کلام کرنے کی حدیث کو جماعت صحابہ نے بطریق متعددہ روایت کیا ہے۔ چنانچہ امام احمد رحمتہ اللہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے حدیث روایت کرتے ہیں۔ وہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک بھیڑیا ایک بکری پر جھپٹا اور بکری کو اپنے چنگل میں لے لیا لیکن چرواہے نے دوڑ کر بکری کو اس کے چنگل سے چھڑا لیا۔ اس کے بعد درندوں کی عام عادت کے مطابق بھیڑیا اپنی دم پر بیٹھ گیا اور کہنے لگا ''چرواہے تو خدا سے نہیں ڈرتا کہ تو میرے اس رزق کو چھینتا ہے جسے خدا نے میرے قبضہ میں دیا تھا'' چرواہے نے کہا ''سبحان اللہ تعجب ہے کہ بھیڑیا آدمیوں کی مانند بات کرتا ہے۔'' اس پر بھیڑیئے نے کہا کیا تجھے اس سے تعجب خیز بات بتاؤں کہ محمد ﷺ مدینہ منورہ میں لوگوں کو گزری ہوئی باتوں اور خبروں کی اطلاع دے رہے ہیں۔ اور لوگ ہیں کہ آپ پر ایمان نہیں لاتے۔'' پھر تو چرواہا ان بکریوں کو ایک گوشے میں اکٹھا کر کے چھوڑ کر چل دیا۔ یہاں تک کہ مدینہ منورہ میں نبی کریم علیہ الصوۃ والتسلیم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ اور حضور کو تمام احوال سنایا اس پر حضور نے لوگوں کو بلانے کے لیے اعلان عام کا حکم دیا۔ جب لوگ جمع ہوئے تو حضور نے چرواہے سے فرمایا کہ جو کچھ تم نے سنا اور دیکھا ہے انہیں بتاؤ۔ اسی طرح بیہقی نے سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور ابونعیم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت بسند صحیح میں مذکور ہے کہ بھیڑیئے نے کہا اس سے عجیب تر بات یہ ہے کہ ایک شخص حرمین کے درمیان کھجوروں کے باغوں میں گزشتہ اور آئندہ کے حالات بتا رہا ہے۔'' یہ چرواہا یہودی تھا۔ تو وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اور ایمان لے آیا۔ بعض اسناد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ بھیڑیئے نے چرواہے سے کہا کہ میرے مقابلے میں تیرا حال عجیب تر ہے کہ تو اپنی بکریوں کے ریوڑ پر کھڑا ہے اور ایسے برگزیدہ نبی کو چھوڑے ہوئے ہے جن سے بلند تر اور عظیم المرتبت کوئی نبی حق تعالیٰ نے مبعوث نہیں فرمایا۔ بلاشبہ ان کے لیے جنت کے دروازے کھول دیے گئے ہیں۔ اور اہل جنت اور اس کے اصحاب مشرف ہو چکے ہیں۔ اور وہ ان کے شہداء کے منتظر ہیں۔ مطلب یہ کہ جنت کے حور وغلمان اور فرشتے حضور کے اصحاب کا استقبال کریں گے اور وہ منتظر ومشتاق ہیں کہ کب وہ مقتول وشہید ہو کر جنت میں داخل ہوں گے اس کے بعد بھیڑیئے نے چرواہے سے کہا تیرے اور ان کے درمیان بجز اس تو وہ پہاڑ کے کچھ حائل نہیں۔ تو پہاڑ سے حضرت کی بارگاہ میں جا اور اپنے آپ کو خدا کے لشکروں میں شامل کر۔ چرواہے نے کہا پھر بکریاں کون چرائے

گا۔ بھیڑیئے نے کہا میں اس کی نگہداشت کروں گا۔ تو وہ بارگاہِ نبوی میں آیا اور اسلام لایا اور ان میں سے ایک بکری اس نے بھیڑیئے کے لیے ذبح کر دی۔

اسی کے مشابہ حضرت ابوسفیان بن حرب اور صفوان بن امیہ سے بھی ایک روایت ہے کہ ایک بھیڑیا ایک ہرن کا پیچھا کر رہا تھا۔ جب ہرن حدودِ حرم میں داخل ہو گیا تو بھیڑیا لوٹ گیا لوگ اس پر تعجب کرنے لگے۔ اس پر بھیڑیا نے کہا اس سے عجیب تر بات یہ ہے کہ مدینہ منورہ میں محمد بن عبداللہ ﷺ تم کو جنت کی طرف بلاتے ہیں اور تم لوگوں کو جہنم کی طرف کھینچتے ہو؟ اس پر ابوسفیان نے صفوان سے کہا قسم ہے لات وعزیٰ کی اگر تم اس کا تذکرہ مکہ مکرمہ میں کردو تو مکہ کی عورتیں بغیر مردوں کے زندگی گزاریں اور ابوجہل اور اس کے ساتھیوں سے بھی اسی کی مانند لوگ حکایت کرتے ہیں۔

اسی قبیل سے ضب یعنی سوسمار (گوہ) کی حدیث ہے کہ اس نے کلام کیا اور حدیث مشہور ہے جسے بیہقی نے احادیث کثیرہ میں روایت کیا ہے اور قاضی عیاض نے کتاب الشفاء میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسولِ خدا ﷺ اپنے صحابہ کرام کی محفل میں تشریف فرما تھے کہ اچانک بنی سلیم کا ایک بدوی گوہ کا شکار کر کے لایا اسے اس نے اپنی آستین میں اسی لیے چھپا رکھا تھا کہ وہ اسے اپنی قیام گاہ میں لے جا کر بھون کر کھائے گا۔ جب اس بدوی نے ایک جماعت کو بیٹھے دیکھا تو کہنے لگا جماعت درمیان میں یہ کون شخص ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا یہ اللہ کے رسول ہیں۔ اس نے گوہ کو اپنی آستین سے نکالا اور کہنے لگا قسم ہے لات وعزیٰ کی میں اس وقت تک ہرگز ایمان نہ لاؤں گا جب تک یہ گوہ آپ کی شہادت نہ دے یہ کہہ کر گوہ کو حضور کے سامنے ڈال دیا۔ حضور نے گوہ کو آواز دی اے گوہ! گوہ نے سنجیدہ زبان میں جواب دیا ''لبیك وسعدیك۔'' حاضر ہوں فرماں بردار ہوں'' جسے ساری جماعت نے سنا۔ پھر فرمایا اے گوہ! قیامت میں کون آئے گا؟ گوہ نے جواب دیا ساری مخلوق آئے گی۔ پھر پوچھا تو کس کی عبادت کرتی ہے۔ گوہ نے جواب دیا اس خدائے پاک کی جس کا عرش آسمان میں ہے اور جس کی سلطنت زمین میں ہے اور جس کا دریاؤں پر غلبہ ہے۔ اور جنت میں اس کی رحمت ہے اور جہنم میں اس کا عذاب ہے۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا میں کون ہوں؟ اس نے جواب دیا آپ رسول اللہ رسول رب العالمین اور خاتم النبیین ہیں: قَدْ اَفْلَحَ مَنْ صَدَّقَكَ وَخَابَ مَنْ كَذَّبَكَ یقیناً وہ کامیاب ہے جس نے آپ کی تصدیق کی اور وہ نامراد ہے جس نے آپ کی تکذیب کی۔ یہ سن کر وہ بدوی اسلام لے آیا۔

کلام آہو: اسی باب سے حدیث غزالہ ہے جسے ائمہ حدیث متعدد طریقوں اور سندوں سے روایت کر کے ایک کو دوسرے سے قوی بناتے ہیں۔ قاضی عیاض نے الشفاء میں اور ابونعیم نے دلائل میں ام سلیم سے روایت کیا ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ صحرا میں گشت فرما رہے تھے کہ اچانک تین مرتبہ ''یارسول اللہ'' کی آواز سماعت فرمائی۔ حضور اس آواز کی طرف متوجہ ہوئے دیکھا ہرنی بندھی ہوئی پڑی ہے اور ایک بدوی چادر اوڑھے لیٹا ہے۔ آپ نے ہرنی سے دریافت فرمایا ''بتا کیا حاجت ہے؟'' ہرنی نے کہا مجھے اس بدوی نے شکار کر کے باندھ رکھا ہے۔ میرے دو بچے اس پہاڑ کی کھو میں ہیں اگر آپ مجھے آزاد کر دیں تو میں اپنے بچوں کو دودھ پلا کر آ جاؤں گی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تو ایسا کرے گی اور لوٹ آئیگی۔ ہرنی نے کہا اگر میں لوٹ کر نہ آؤں تو خدا مجھے وہ عذاب دے جو محصول لینے والوں پر عذاب کرتا ہے۔'' اس پر حضور نے رہا کر دیا اور وہ چلی گئی۔ تھوڑی دیر بعد وہ لوٹ آئی اور حضور ﷺ نے اسے باندھ دیا۔ جب بدوی بیدار ہوا تو کہنے لگا یارسول اللہ کوئی خواہش ہے؟ فرمایا خواہش یہ ہے کہ تو اس ہرنی کو رہا کر دے تو اس بدوی نے اسے چھوڑ دیا۔ وہ خوش خوش جنگل میں دوڑتی اور چوکڑیاں بھرتی چلی گئی وہ کہتی جاتی تھی ''وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔''

مروی ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ ایک لشکر میں جلوہ افروز تھے۔لشکر کے تمام آدمی پیاسے تھے وہ پانی کی جگہ اترے اس وقت ایک ہرنی حضور کے قریب آئی آپ نے اس کا دودھ دوہا۔اور تمام لشکر کو سیراب فرمایا یہ لشکری تقریباً تین سو تھے۔اور حضرت رافع سے جو حضور کے غلام تھے فرمایا اس ہرنی کی نگہداشت کرو اس نے اسے باندھ دیا۔کچھ دیر بعد دیکھا تو وہ بھاگ گئی تھی۔حضور ﷺ نے فرمایا: اِنَّ الَّذِیْ جَآءَ بِھَا وَھُوَ الَّذِیْ ذَھَبَ بِھَا. جو اسے لایا تھا وہی اسے لے گیا۔

کلام حمار: انہیں میں سے حمار یعنی گدھے کا کلام کرنا ہے۔اسے ابن عساکر نے روایت کیا ہے کہ جب حضورِ اکرم ﷺ نے خیبر فتح کیا تو ایک گدھے نے حضور سے باتیں کیں۔حضور نے گدھے سے پوچھا تیرا نام کیا ہے؟ اس نے کہا میرا نام یزید بن شہاب ہے۔اللہ تعالیٰ نے میری جد کی نسل سے ساٹھ ایسے گدھے پیدا فرمائے ہیں جس پر بجز نبی کے کسی نے سواری نہیں کی ہے اور میں یہ تمنا رکھتا ہوں کہ حضور ﷺ کی سواری کا شرف حاصل کروں۔میرے جد کی نسل میں میرے سوا کوئی باقی نہیں رہا ہے اور آپ کے سوا کوئی نبی بھی اب آنے والا نہیں ہے۔اس نے کہا آپ سے پہلے میں ایک یہودی کے قبضہ میں تھا۔جب وہ مجھ پر سواری کا ارادہ کرتا تو میں قصداً اچھل کود کر اسے گرا دیتا اور اسے اپنے پر سوار نہ ہونے دیتا۔وہ یہودی غصے میں مجھے بھوکا رکھتا تھا۔اس پر حضور ﷺ نے اس سے فرمایا: آئندہ تیرا نام ''یَعْفُوْر'' ہوگا۔یہ یَعْفُوْر حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر رہتا۔حضورِ اکرم ﷺ جب اسے کسی کو بلانے بھیجتے تو وہ اس کے دروازے پر جا کر کھڑا ہو جاتا اور اپنے سر سے دروازے کو کوٹتا جب مالک مکان باہر آتا تو وہ اشارہ کرتا کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھے بلایا ہے اور وہ اسے لے کر آ جاتا۔جب حضورِ اکرم ﷺ نے رحلت فرمائی تو یَعْفُوْر نے رنج والم اور فراق وجدائی کے غم میں ابوالسہم بن السہمان کے کنوئیں میں چھلانگ لگا کر خود کو مار ڈالا۔

تسخیر شیر: اور اسی باب سے شیر کا مسخر ہونا اور حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کا اس کی چاپلوسی کرنا ہے۔جب کہ حضرت سفینہ لشکر سے دور ہو کر راہ بھٹک گئے تھے۔اور انہوں نے شیر سے کہا تھا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں مجھے راہ بتاؤ تو شیر نے ان کو لشکر تک پہنچا دیا تھا۔

ابن وہب روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ پر جن کبوتروں نے مکہ معظمہ پر سایہ کیا تھا پھر حضور نے ان کے لیے برکت کی دعا فرمائی۔اسی طرح غار ثور میں ہجرت کے وقت مکڑی کا جالا بننے اور ان پر کبوتروں کا انڈے دینے کا واقعہ مشہور ہے۔کہتے ہیں کہ غار ثور میں جن کبوتروں نے انڈے دئے تھے اسی کی نسل سے حرم کے کبوتر ہیں۔ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے ایک چھوٹے سے درخت کو حکم دیا کہ وہ بقدر آدمی بلند ہو کر غار کو چھپا لے اسے قاضی عیاض رحمۃ اللہ نے الشفاء میں بیان کیا اور فرماتے ہیں کہ کلام حیوانات اور ان کی اطاعت وفرمانبرداری میں حدیثیں بکثرت ہیں۔ان میں سے جو مشہور تھیں اور ائمہ نے ان کا کتابوں میں ذکر کیا تھا۔ہم نے بھی انھیں کا ذکر کر دیا۔

اطاعت نباتات

وصل: جس طرح تمام حیوانات رسول اللہ ﷺ کے مطیع ومنقاد تھے اسی طرح آپ کی فرماں برداری وطاعت میں نباتات بھی ہیں۔اس باب میں حضور ﷺ سے درختوں کا کلام کرنا۔آپ پر سلام عرض کرنا آپ کی رسالت کی گواہی دینا اور آپ کے حکم کی اطاعت کرنا ہے۔

ام المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب سے میری طرف وحی بھیجی گئی اس وقت سے ہر شجر وحجر مجھ پر السلام علیک یارسول اللہ عرض کرتا ہے۔

مولائے کائنات سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ مکرمہ کے بعض اطراف میں چلے، راہ میں جو بھی درخت یا پہاڑ ملتا وہ کہتا ''السلام علیك یارسول الله'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ یہ روایتیں وہ ہیں جو آپ کے ابتدائے عہد کی ہیں۔ جیسا کہ پہلی حدیث میں گزرا یا یہ کسی اور زمانے کی ہیں۔ (واللہ اعلم)

حاکم نے مستدرک میں باسناد جید سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ ایک بدوی سامنے آیا جب وہ حضور ﷺ کے قریب آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہاں جا رہے ہو؟ اس نے کہا اپنے اہل وعیال کی طرف۔ فرمایا کیا تجھے بھلائی کی رغبت ہے۔ یعنی تو چاہتا ہے کہ نیکی وسعادت اپنے لیے حاصل کرے اس نے پوچھا وہ کیا ہے۔ فرمایا: گواہی دینا اس کی کہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ بدوی نے کہا کیا آپ اس پر کوئی شہادت رکھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ جو کچھ فرمایا کوئی اس کا گواہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ یہ درخت میرا گواہ ہے۔ پھر حضور نے اس درخت کو بلایا جو وادی کے کنارے پر تھا۔ وہ درخت زمین کو چیرتا ہوا حضور کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ پھر آپ نے اس سے تین مرتبہ شہادت لی اور اس درخت نے گواہی دی۔ اس کے بعد وہ درخت اپنی جگہ پلٹ گیا۔ (آخر حدیث تک) دارمی بھی اسی کی مانند روایت کرتے ہیں۔

غزوہ احد کی لڑائی میں بدنہاد کافروں نے رسول اللہ ﷺ کے رخسار مبارک کو گزند پہنچایا اور آپ کے دندان مبارک کو ضرر پہنچایا اور جسم اطہر خون آلود ہو گیا۔ اس وقت حضور ﷺ ایک گوشہ میں تشریف فرما ہو گئے۔ جبریل علیہ السلام نے حاضر ہو کر مزاج پرسی کی۔ جبریل نے آپ کو غمگین پا کر عرض کیا۔ کیا پسند فرمائیں گے کہ میں آپ کو ایک ایسی نشانی دکھاؤں جس سے حضور کو تسلی خاطر ہو۔ اس کے بعد جبریل نے اس درخت پر نظر ڈالی جو وادی کے پیچھے تھا۔ اور عرض کیا حضور اس درخت کو بلائیں چنانچہ حضور نے اس درخت کو بلایا تو وہ چلتا ہوا آپ کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ پھر جبریل نے عرض کیا اب اسے اپنی جگہ لوٹ جانے کا حکم دیں آپ نے حکم دیا تو وہ لوٹ گیا اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسبی، حسبی، مجھے کافی ہے۔ اسے دارمی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

حضرت بریدہ اسلمی سے مروی ہے کہ ایک بدوی نے رسول اللہ ﷺ سے معجزہ مانگا تو حضور نے بدوی سے فرمایا: اس درخت سے کہو کہ رسول اللہ تجھے بلاتے ہیں اس درخت نے ادھر ادھر اور آگے پیچھے جنبش کی اور زمین سے اپنی پھیلی جڑوں کو نکالا اور پھر زمین کو چیرتا ہوا اور جڑوں کو گھسیٹتا ہوا حضور کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا السلام علیک یا رسول اللہ! پھر بدوی نے کہا اب درخت کو اپنی جگہ واپس ہونے کا حکم دیجئے تو وہ لوٹ کر اپنی جگہ چلا گیا۔ اس کے رگ وریشے زمین میں پیوست ہو گئے اور زمین ہموار ہو گئی۔ اس کے بعد بدوی نے عرض کیا مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ کو سجدہ کروں۔ حضور نے اس کی اجازت نہ دی۔ پھر اس نے عرض کیا تو مجھے دست مبارک اور قدم شریف کے بوسہ لینے کی اجازت مرحمت فرمائیے۔ حضور نے اس کی اجازت دے دی۔

منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں ایک اونٹ پر سوار تاریک رات میں محو خواب تشریف لیے جا رہے تھے کہ سواری کے آگے بیری کا درخت آ گیا وہ فوراً دو ٹکڑے ہو گیا اور حضور کو سلامتی کے ساتھ گذرنے کی راہ چھوڑ دی۔ اس بنا پر اس واقعہ سے مستفاد اس بیری کے درخت کا نام ''سدرۃ النبی'' ﷺ مشہور ومعروف ہو گیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک بدوی نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر کہا کہ میں کس طرح جانوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں آپ نے فرمایا اس طرح کہ کھجور کی ٹہنی کو بلاتا ہوں۔ وہ گواہی دے گی کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ چنانچہ وہ ٹہنی درخت سے ٹوٹ کر گر پڑی۔ حضور نے اس ٹہنی سے فرمایا: ''اپنی جگہ قائم ہو جا''۔ تو وہ ٹہنی اٹھ کر اپنی جگہ نصب ہو گئی۔ پھر وہ بدوی اسلام لے آیا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور اپنی جگہ صحیح بتایا ہے۔ حضور کے پاس درختوں کے

آنے سلام عرض کرنے پھر اپنی جگہ واپس جانے کے سلسلے میں بکثرت حدیثیں مروی ہیں۔ایک قصیدہ میں ہے۔

جَآءَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَشْجَارُ سَاجِدَةً تَمْشِیْ اِلَیْهِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمٍ

كَاَنَّمَا سَطَرَتْ سَطْرًا لِمَا كَتَبَتْ فُرُوْعُهَا مِنْ بَدِیْعِ الْخَطِّ فِی اللَّقَمِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے طویل صحیح حدیث مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے ایک کھلے صحرا میں پڑاؤ کیا۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے چلے میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے پانی کا آفتابہ لیے چلنے لگا مگر کہیں بھی پردہ دار جگہ نہ تھی۔اچانک وادی کے کنارے پر دو درخت نظر آئے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف چل دیے۔پھر آپ نے ایک درخت کی ٹہنیوں کو پکڑ کر کہا کہ اللہ کے حکم سے میری متابعت کرتو وہ ٹہنیاں آپ کی ایسی پیروی کرنے لگیں۔جیسے وہ اونٹ جس کے نکیل پڑی ہو متابعت کرتا ہے۔پھر وہ دوسرے درخت کی طرف کھنچ گیا۔وہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی ٹہنیوں نے باہم مل کر مجھ سے حضور کو پوشیدہ کرلیا۔ایک اور روایت میں آیا ہے کہ حضور نے فرمایا اے جابر اسی درخت سے کہو کہ رسول اللہ فرماتے ہیں کہ اپنے ساتھ والے درخت سے مل جا تا کہ میں تم دونوں کے پیچھے بیٹھوں۔میں گیا اور درخت سے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہہ دیا تو وہ دوسرے سے مل گیا۔اور حضور ان دونوں کے پیچھے بیٹھ گئے۔میں نکل کر باہر آ گیا۔اور دور جا کر دیکھنے لگا اور دل میں باتیں کرنے لگا۔کچھ دیر بعد جو دیکھتا ہوں تو حضور تشریف لیے آ رہے ہیں۔اور وہ دونوں درخت جدا ہو کر اپنی اپنی جگہ کھڑے ہیں۔

اسی طرح حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے رسولِ خدا کی قضائے حاجت کے لیے کوئی جگہ دیکھی ہے۔میں نے عرض کیا اس وادی میں لوگوں سے خالی کوئی جگہ نہیں دیکھی ہے۔کھجوروں کے درخت یا کوئی پتھر دیکھا ہے۔عرض کیا ہاں قریب قریب کھجوروں کے درخت دیکھے ہیں۔فرمایا جاؤ ان درختوں سے کہو کہ رسولِ خدا تمہیں حکم دیتے ہیں کہ رسولِ خدا کی قضائے حاجت کے لیے باہم مل جاؤ وہ تمہیں حکم دیتے ہیں اور پتھروں سے بھی یہی کہنا۔میں گیا اور یہی کہا۔قسم ہے اس ذات کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا۔میں نے دیکھا وہ درخت ایک دوسرے کے قریب ہو گئے اور سنگریزے باہم پیوست ہو گئے۔پھر جب حضور قضائے حاجت سے فارغ ہوئے تو فرمایا جاؤ ان سے کہو ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جائیں۔اس قسم کے معجزات بکثرت منقول ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ لوگوں نے سوال کیا کون سی چیز ہے جو آپ کی رسالت کی گواہی دے فرمایا یہ درخت میری رسالت کی گواہی دے گا۔پھر فرمایا اے درخت قریب آ۔وہ درخت قریب آ گیا۔اور گواہی دی۔قاضی عیاض رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ اعاظم واکابر صحابہ کرام کی ایک جماعت کثیرہ اس قصہ پر متفق ہے اور تابعین مزید ہیں۔(رضوان اللہ علیہم اجمعین)

اطاعت جمادات

جس طرح نباتات کو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کا مطیع وفرماں بردار بنایا گیا اسی طرح جمادات بھی حکم کے مطیع ومنقاد ہیں۔وہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں سلام عرض کرتے ہیں اور آپ سے باتیں کرتے تھے۔جیسا کہ گذر چکا ہے کوئی شجر وحجر نہیں ہے مگر یہ کہ مجھ پر سلام پیش کرتا ہے اور کہتا ہے ''السلام علیک یا رسول اللہ'' اور حضرت علی مرتضیٰ اور سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہما سے بھی اس باب میں حدیثیں گزر چکی ہیں۔اور حضرت جابر سے بھی مروی ہے۔اسی طرح راہب والی وہ حدیث جب کہ حضور ابوطالب کے ہمراہ قبل بعثت اوائل عمر شریف میں سفر کے لیے نکلے تھے تو کوئی شجر وحجر ایسا نہ تھا جس نے حضورِ اکرم درود شریف کو سجدہ نہ کیا ہو۔انشاء اللہ یہ قصہ اپنی جگہ آئے

گا۔

صحیح مسلم میں بروایت جابر بن سمرہ مروی ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔ بلاشبہ میں اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو بعثت سے پہلے مکہ مکرمہ میں مجھے سلام کرتا تھا۔ میں اسے خوب جانتا ہوں۔ لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ وہ پتھر کون سا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ حجر اسود ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کے سوا اور کوئی پتھر اس کوچے کا ہے جسے زقاق الحجر کہتے ہیں جو کہ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے گھر جاتے ہوئے راستے میں ایک دیوار میں لگا ہوا ہے۔ اور لوگ اسے چھو کر برکت حاصل کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ یہی پتھر حضور کے گزرنے کے وقت اسلام پیش کرتا تھا۔

شیخ ابن حجر مکی ہاشمی فرماتے ہیں کہ اہل مکہ سے بتواتر منقول ہے کہ وہ پتھر زقاق الحجر میں ہے اور یہی پتھر حضور کو گزرتے وقت سلام کرتا تھا۔ اس کے مقابل دوسری دیوار میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کہنیوں کا نشان ہے جو ایک پتھر میں بنا ہوا ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کے لیے پتھر اور لوہا نرم کر دیا گیا ہے۔ اور مکہ مکرمہ کے اس پہاڑ میں جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بکریاں چراتے تھے آپ کے قدم ہائے مبارک کے نشان ہیں۔ (واللہ اعلم)

صاحب مواہب لدنیہ ابوحفص میانجی سے نقل کرتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ کے رہنے والوں میں سے جس سے بھی ملا ہوں اس نے یہی بتایا کہ وہ پتھر جو حضور کو سلام کرتا تھا یہی کوچہ ''زقاق الحجر'' کا پتھر ہے۔

اسی باب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے وقت گھر کے ہر در و دیوار اور ستونوں کا آمین کہنا بھی ہے۔ جب آپ نے حضرت عباس اور ان کے فرزندوں کے بارے میں دعا مانگی جسے بیہقی نے دلائل میں اور ابن ماجہ نے محضر میں روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کل تم اور تمہارے فرزندان اس وقت تک گھر سے نہ نکلیں جب تک کہ میں نہ آؤں اس لیے کہ مجھے تم سے کام ہے تم سب میرا انتظار کرنا۔ حضور نے نماز چاشت کے وقت ان کے گھر تشریف فرما ہو کر فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دریافت فرمایا کیسے صبح کی انہوں نے عرض کیا الحمد اللہ صبح بخیر ہوئی۔ فرمایا تم سب مل کر بیٹھ جاؤ اس کے بعد حضور نے ان پر اپنی ردائے مبارک ڈالی اور دعا کی۔ ''اے رب یہ میرے چچا ہیں اور میرے والد کے ہم شبیہ ہیں۔ اور یہ سب میرے اہل بیت ہیں تو ان سب کو آتش دوزخ سے ایسا چھپا جیسا میں نے ان کو اپنی چادر میں چھپا لیا ہے۔'' اس پر گھر کے ہر در و دیوار اور ستونوں نے آمین کہی اور ان سب نے بھی آمین آمین کہی۔

ایک مرتبہ حضرت عقیل بن ابی طالب حضور کے ساتھ ایک سفر میں پیاسے ہو گئے تو حضور نے ان کو اس پہاڑ پر جس پر حضور جلوہ افروز تھے بھیجا اور فرمایا اس پہاڑ سے کہو کہ پانی دے وہ پہاڑ گویا ہوا کہ ''تم رسول خدا سے کہنا کہ جس دن یہ آیہ کریمہ کہ: فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ (اور ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔) نازل ہوئی میں خوف خدا سے اتنا رویا کہ میرے اجزاء میں پانی ہی نہ رہا۔''

اس باب میں ''حنین جذع'' ہے۔ صراح میں حنین کے معنی آرزومندی نالہ اور اس اونٹنی کی آواز کے ہیں جس سے بچہ جدا کر دیا گیا ہو اور جذع کو بکسر جیم وسکون ذال اس کے معنی درخت کے تنہ کے ہیں اور حنین جذع کی حدیث کو صحابہ کرام کی جماعت کثیرہ نے نقل کیا ہے جو کہ مفید قطع و یقین ہے۔ مواہب لدنیہ میں شیخ تاج الدین سبکی سے منقول ہے کہ شرح مختصر ابن حاجب میں کہا گیا ہے میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ حدیث حنین جذع متواتر ہے اور اسے بخاری و مسلم اور دیگر ائمہ حدیث نے علماء حدیث سے بطرق کثیرہ متعددہ خارج از حد حصر و احصاء روایت کیا ہے کہ یہ متواتر ہے۔ ممکن ہے کسی اور کے لیے یہ غیر متواتر ہو۔ شیخ ابن حجر فتح الباری میں فرماتے ہیں

کہ حنین جذع انشقاق قمر نقل کیا گیا ہے۔اس کی ہر ایک نقل مشہور شائع ہوئی ہے اور ہر اس شخص کے لیے جو طرق حدیث پر مطلع ہے منید قطع ہے۔ یہ اس کے لیے نہیں جو فن حدیث سے لگاؤ نہ رکھتا ہو (واللہ اعلم)

امام بیہقی فرماتے ہیں کہ حنین جذع کا قصہ امور ظاہر سے ہے جسے خلف نے سلف سے ان اکبر آیات اور ابہر معجزات پر محمول کیا ہے۔جو ہمارے نبی کریم ﷺ کی نبوت پر دلالت کرتے ہیں۔

امام شافعی فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی کریم ﷺ کو جتنا کچھ عطا فرمایا گیا ہے اتنا کسی نبی کو حق تعالیٰ نے نہیں عطا فرمایا۔اس کے بعد امام شافعی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مردے زندہ کرنے کا معجزہ عطا فرمایا۔اور ہمارے نبی ﷺ کو حنین جذع کا معجزہ مرحمت فرمایا یہاں تک کہ اس کھجور کے تنہ کی آہ و نالہ کی آواز کو سب نے سنا۔یہ احیاء موتیٰ کے معجزے سے اعظم و اکبر ہے۔بعد ازاں انہوں نے صحابہ کے ان علمائے حدیث کی گنتی بیان کی جنہوں نے اسے روایت کیا ہے اور ان کی اسانید وطرق اور روایات کا ذکر فرمایا ہے جو بہت طویل ہے۔

حنین جذع یعنی اُستن حنانہ کا بیان: مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی مسجد شریف کھجوروں کے تنوں پر مسقف تھی۔منبر شریف کی تعمیر سے پہلے اس کے ایک تنہ سے ٹیک لگا کر حضور اکرم ﷺ خطبہ دیا کرتے تھے۔پھر جب منبر شریف بنایا گیا تو اسے علیحدہ کر دیا گیا۔اس کے بعد اس تنہ سے رونے کی آواز سنی گئی۔جیسے وہ اونٹنی روتی ہے جس کا بچہ اس سے جدا کر دیا گیا ہو۔حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ اس کے رونے کی آواز سے ساری مسجد لرزنے اور کانپنے لگی اور اس کی بے قراری اور بے چینی کو دیکھ کر لوگوں کی بھی چیخیں نکل گئیں۔ایک روایت میں ہے کہ وہ تنہ پھٹ کر ٹکڑے ہو گیا۔پھر حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک رکھا اور اسے چپٹا لیا وہ خاموش ہو گیا۔اور فرمایا یہ تنہ اس وجہ سے روتا ہے کہ وہ ذکر خدا سے دور ہو گیا۔اگر میں اسے نہ چپٹاتا تو وہ قیامت تک رسول اللہ کے اظہار غم وحزن میں یوں ہی روتا رہتا۔پھر فرمایا کہ اسے منبر شریف کے نیچے دفن کر دیا جائے۔اس کے بعد حضور اس کی طرف رخ کر کے نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔ایک اور روایت میں یہ ہے کہ اسے حضور نے اپنی طرف بلایا تو وہ زمین کو چیرتا ہوا حاضر ہوا۔حضور نے اسے چپٹا لیا یہاں تک کہ وہ اس کے مقام میں پہنچا دیا گیا۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اس تنے سے فرمایا: کہ اگر تو چاہے تو تجھے اس باغ میں بو دیا جائے جہاں تو پہلے تھا اور تیرے رگ وریشے کو مکمل کر دیا جائے اور تیری شاخوں کو تر وتازہ کر دیا جائے۔اور تجھ سے پھل نمودار ہوں۔اور اگر تو چاہے تو تجھے جنت میں جما دیا جائے تا کہ محبوبان خدا تیرے پھل کھائیں۔اس کے بعد حضور نے اپنے مبارک کانوں کو اس کی جانب کیا کہ وہ کیا چاہتا ہے۔پھر فرمایا وہ کہتا ہے کہ یا رسول اللہ مجھے جنت میں قائم کر دیا جائے تا کہ محبوبان خدا کو اپنا پھل کھلاؤں۔یہی وہ جگہ ہے جہاں نہ میں پرانا ہوں گا اور نہ مجھے فنا ہو گی۔ان باتوں کو برکہ نے بھی سنا جو کہ اس کے قریب تھے۔پھر حضور ﷺ نے فرمایا میں یہی کرتا ہوں اور فرمایا تو نے دار فنا پر دار بقا کو پسند کیا۔حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ جب اس حدیث کو بیان کرتے تھے تو فرمایا کرتے اے خدا کے بندو! ایک لکڑی رسول اللہ ﷺ کے شوق میں اتنا روتی ہے تو تم تو اس سے کہیں زیادہ مستحق ہو کہ رسول خدا ﷺ کے لقا کے مشتاق بنو۔ بیت

شنیدہ گیا ہے کہ در مفتعتی ہست ۔۔۔ بہ زادمی داں کہ درد معرفتی نیست

اس حدیث کو بالفاظ مختلفہ بھی روایت کیا گیا ہے لیکن میں نے جتنا کچھ ذکر کر دیا ہے وہ کافی ہے۔

پہاڑ کا کلام کرنا: اس باب میں حضور اکرم ﷺ کا پہاڑ سے کلام فرمانا اور اس کا حضور سے باتیں کرنا ہے۔حضرت انس

رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر اور عثمان رضی اللہ عنہم جبل احد پر تشریف لے گئے جبل احد مدینہ منورہ کا ایک پہاڑ ہے اور اس کی شان میں واقع ہے کہ: اُحُدٌ جَبَلٌ یُّحِبُّنَا وَنَحِبُّهٗ. (احد ایسا پہاڑ ہے جو ہمیں محبوب رکھتا ہے اور ہم اسے محبوب رکھتے ہیں) جب یہ تینوں حضرات قدس پہاڑ پر چڑھے تو پہاڑ کانپنے لگا اس پر حضور نے اپنا پائے اقدس مار کر فرمایا اے احد اپنی جگہ قائم رہ تجھ پر ایک نبی ایک صدیق اور دو شہیدوں کے سوا کوئی نہیں۔ اسے امام احمد بخاری' ترمذی اور ابو حاتم نے روایت کیا۔

ایک اور حدیث حضرت عثمان بن عفان ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ''کوہ ثبیر'' بروزن کبیر پر جو کہ منیٰ کا پہاڑ ہے تشریف فرما تھے اور آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق' عمر فاروق اور میں تھا' وہ پہاڑ کانپنے لگا یہاں تک کہ اس کے سنگریزے گڑھوں میں لڑھکنے لگے۔ اس وقت حضور نے اپنا پائے اقدس مار کر فرمایا اے ثبیر اپنی جگہ قائم رہ! تجھ پر نبی وصدیق اور دو شہیدوں کے سوا کوئی نہیں۔ اسے بخاری' احمد' ترمذی اور ابو حاتم نے روایت کیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ''کوہ حرا'' بکسر حاء مہملہ جو کہ مکہ مکرمہ کا پہاڑ ہے اس پر تشریف فرما تھے' نزول وحی سے قبل اسی پہاڑ پر مشغول عبادت رہتے تھے اور یہیں سب سے پہلے وحی نازل ہوئی تھی' اس پہاڑ پر حضور کے ساتھ حضرت ابوبکر' عثمان وعلی اور طلحہ وزبیر تھے۔ کوہ حرا نے جنبش کی اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے حرا آرام سے رہ' نہیں ہے تجھ پر مگر نبی یا صدیق یا شہید۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں حضرت علی کا ذکر نہیں ہے اور ایک روایت میں حضرت ابوعبیدہ بن الجراح کے سوا تمام عشرہ مبشرہ کا ذکر ہے۔

ایک اور روایت میں آیا ہے کہ جب قریش نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالبہ کیا تو ''ثبیر'' نامی پہاڑ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ مجھ پر سے اتر جائیے اس لیے کہ میں ڈرتا ہوں کہ اگر دشمنوں نے آپ کو شہید کر دیا تو حق تعالیٰ مجھ پر عذاب فرمائے گا۔ اس پر کوہ حرا نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ مجھ پر تشریف لے آیئے۔ بثیر اور حرا دونوں مکہ مکرمہ میں آمنے سامنے پہاڑ ہیں۔

علماء فرماتے ہیں کہ ان پہاڑوں کا کانپنا اس قسم کا نہ تھا جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر اس وقت واقع ہوا تھا جب وہ کلمہ میں تحریف وتبدیل کر رہے تھے ان پر پہاڑ کا لرزنا' جھنجھوڑنا اظہار غضب کے لیے تھا۔ یہاں پہاڑوں کا کانپنا طرب ومسرت کے لیے تھا اسی بنا پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام نبوت' صدیقیت اور شہادت کے ذریعہ وضاحت فرمائی۔ کیونکہ یہ موجب سرور اور استقرار جبال ہیں۔

کنکریوں کا تسبیح کرنا: اور اسی باب سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر کنکریوں کی تسبیح کرنا ہے جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی کنکریوں کو لیا۔ وہ حضور کے دست مبارک میں تسبیح کرنے لگیں۔ اور ہم نے انہیں تسبیح کرتے سنا۔ پھر ان کنکریوں کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دیا وہ برابر تسبیح کر رہی تھیں۔ اس کے بعد جب یہ ہمارے ہاتھوں میں آئیں تو ان کی تسبیح بند ہو گئیں۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ نے شفاء شریف میں اسی کی مانند حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور بیان کیا ہے کہ حضرت عمر وعثمان رضی اللہ عنہما کے ہاتھوں میں بھی وہ اسی طرح تسبیح کر رہی تھیں اس جمال کی تفصیل یہ ہے (جسے مواہب لدنیہ میں ذکر کیا گیا ہے) کہ ولید بن سوید بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ بنی سلیم کا ایک بوڑھا شخص حضرت ابوذر کے مکان پر آیا جو کہ ربذہ میں تھا۔ وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے کہ دوپہر کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے حضور کو تشریف فرما دیکھا۔ اور آپ کے پاس اس وقت کوئی شخص نہیں تھا۔ اس وقت میں نے دیکھا کہ حضور پر وحی کی حالت طاری ہے تو میں نے سلام عرض کیا۔ حضور نے سلام کا جواب دے کر فرمایا

''اے ابوذر! تمہیں کیا ضرورت یہاں لے کر آئی ہے؟'' میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جاننے والے ہیں۔ پھر مجھ سے فرمایا: ''بیٹھ جاؤ۔'' میں آپ کی ایک جانب بیٹھ گیا۔ اور میں نے حضور سے نہ کچھ دریافت کیا اور نہ حضور نے مجھ سے کچھ دریافت کیا۔ کچھ دیر خاموشی کا عالم رہا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے انھوں نے بھی سلام عرض کیا۔ حضور نے سلام کا جواب دے کر فرمایا کس واسطے آئے ہو۔ حضرت ابوبکر نے کہا مجھے خدا اور رسولِ خدا لایا تو آپ نے ہاتھ کے اشارے سے بیٹھ جانے کو فرمایا وہ حضور کے روبرو بیٹھ گئے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے ان سے بھی یہی معاملہ ہوا۔ اور وہ حضرت ابوبکر کے پہلو میں بیٹھ گئے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے وہ حضرت عمر کے برابر بیٹھ گئے۔ اس کے بعد حضور نے کنکریوں کے سات یا نو دانے یا کچھ کم وبیش دست مبارک میں لیے تو وہ کنکریاں حضور کے دست مبارک میں اتنی آواز سے تسبیح کرنے لگیں کہ ہم سب نے شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ کی مانند اس تسبیح کو سنا۔ پھر ان کنکریوں کو حضرت ابوبکر کے ہاتھ میں دے دیا۔ اور مجھے چھوڑ دیا۔ وہ حضرت ابوبکر کے ہاتھ میں بھی تسبیح کر رہی تھیں۔ پھر ان کو ابوبکر کے ہاتھ سے لے کر زمین پر رکھ دیا تو وہ خاموش ہوگئیں۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دیا تو وہ ان کے ہاتھ میں تسبیح کرنے لگیں۔ جیسا کہ ابوبکر کے ہاتھ میں کر رہی تھیں۔ پھر حضرت عثمان کے ہاتھ میں دیا تو ان کے ہاتھ میں بھی ویسے ہی تسبیح کر رہی تھیں جیسے ابوبکر وعمر کے ہاتھ میں۔ اس کے بعد ان کنکریوں کو زمین پر رکھ دیا تو وہ خاموش ہوگئیں۔ اس حدیث کو بزار نے روایت کیا ہے اور طبرانی نے اوسط میں اور بیہقی نے زہری سے روایت کیا اور طبرانی کی حدیث میں ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ وہ کنکریاں ہمارے ہاتھوں میں دی گئیں تو ان میں سے کوئی بھی تسبیح نہ کر رہی تھیں۔ اسی کی مانند مواہب لدنیہ میں ہے۔ اور روضۃ الاحباب میں تمہید ابوشکور سلمی سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ بھی اس مجلس شریف میں تھے اور ان کے ہاتھ میں بھی وہ تسبیح کر رہی تھیں۔

تسبیح طعام: اسی باب سے طعام کا تسبیح کرنا ہے۔ چنانچہ بخاری میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے اور کھانے کی تسبیح کو سن رہے تھے۔ حضرت امام جعفر بن محمد باقر بن علی زین العابدین سلام اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو جبریل علیہ السلام ایک طباق انگور وانار کا لائے جب حضور تناول فرمانے لگے تو وہ آپ کے دست مبارک میں تسبیح کرنے لگے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر مبارک پر آیہ کریمہ: وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ''انہوں نے اللہ کی قدرت کو اس کی شان کے لائق نہ جانا'' پڑھی اس کے بعد فرمایا۔ جبار وقہار اپنی ذات اقدس کی ثنا میں فرماتا ہے: اَنَا الْجَبَّارُ اَنَا الْجَبَّارُ اَنَا الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ. تو اس پر منبر شریف اتنا لرزا کہ ہمیں خطرہ ہوا کہیں حضور منبر سے نیچے نہ آ رہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ خانہ کعبہ میں تین سو ساٹھ بت تھے جنہیں سیسہ سے پتھر میں جمایا گیا تھا۔ پھر جب حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن مسجد حرام میں داخل ہوئے تو آپ کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی۔ آپ اس چھڑی سے انہیں چھوتے اور فرماتے جاتے ''جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ'' اشارہ مکمل بھی نہ ہوتا کہ بت سر کے بل گر پڑتے اور وہ سب کے سب آپ کے دست مبارک کے قہر وسلطنت سے ذلیل وخوار ہوئے۔

شیر خوار بچوں کا بولنا اور شہادت دینا: اور اسی حکم میں شیر خوار بچوں کا بولنا اور ان سے اپنی رسالت کی شہادت لینا ہے۔ حضرت معیقب یمامی سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع میں تھا۔ میں اپنے گھر گیا تو وہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جلوہ افروز دیکھا اور ایک عجیب بات مشاہدہ میں آئی کہ ایک یمامی شخص ایک نوزائیدہ بچے کو لایا جو اسی وقت پیدا ہوا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے سے فرمایا: میں کون ہوں؟ اس بچے نے کہا ''اَنْتَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' آپ اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔'' اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا: صَدَقْتَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ تو نے سچ کہا اللہ تیری عمر میں برکت دے۔ اس کے بعد وہ بچہ نہ بولا۔ یہاں تک کہ وہ جوان ہوگیا۔ ہم نے اس بچے کا نام ''مبارک الیمامہ'' رکھا۔ فہد بن عطیہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک غلام کو لایا گیا جو قطعاً بات نہ کرسکتا تھا۔ یعنی گونگا تھا۔ اس سے حضور ﷺ نے فرمایا میں کون ہوں؟ اس نے کہا آپ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اسے بیہقی نے روایت کیا ہے۔

بیماروں کو تندرست کرنا اور مردوں کو زندہ کرنا

وصل: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک عورت اپنے لڑکے کو لائی اور عرض کیا یارسول اللہ! میرا یہ بچہ دیوانہ ہے اور تکلیفیں پہنچاتا ہے۔ جب صبح وشام ہوتی ہے تو یہ میرا وقت خراب کرتا ہے۔ اس پر حضور نے اس بچے کے سینے پر اپنا دست اقدس پھیرا' اس نے قے کی اور اس کے پیٹ سے ایک کالے رنگ کا کیڑا نکلا جو چلتا تھا اسے دارمی نے روایت کیا ہے۔ امام بوصیری رحمتہ اللہ نے کیا خوب کہا ہے شعر

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ وَاَطْلَقَتْ اَرَبًا مِنْ رِبْقِهِ اللَّمَمِ

قبیلہ بنی نعم کی ایک عورت اپنے بچے کو جو بالکل گونگا تھا حضور ﷺ کی خدمت میں لائی۔ حضور نے پانی طلب فرمایا۔ اور اس میں کلی فرمائی اور پھر دونوں دست مبارک دھوئے پھر وہ پانی اس بچے کو پلا دیا۔ وہ بچہ اسی وقت گویا اور سمجھدار بن گیا۔ اور تمام لوگوں سے بڑھ کر عقلمند ہوگیا۔

حضرت قتادہ بن نعمان کی آنکھ پر روز احد چوٹ لگی۔ یہاں تک کہ آنکھ کا ڈھیلا نکل کر رخسار پر آ گیا۔ حضرت قتادہ حضورِ اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کرنے لگے یارسول اللہ میری ایک بیوی ہے جو مجھے بہت پیاری ہے۔ میں ڈرتا ہوں کہ زخمی اور مکروہ آنکھ کے ساتھ اس کے سامنے جاؤں۔ اس پر حضور نے اپنے دست مبارک سے آنکھ کو پکڑ کر اس کے حلقے میں رکھا اور فرمایا اے خدا اس آنکھ کو خوب درست فرمادے۔ ان کی یہ آنکھ دوسری آنکھ سے زیادہ خوبصورت و بہتر اور بینا تر ہوگئی۔ جب کبھی دوسری آنکھ میں درد ہوتا تو یہ آنکھ اس سے محفوظ رہتی۔ حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کے ایک فرزند سے منقول ہے کہ وہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے تو انہوں نے اس سے پوچھا تم کون ہو؟ تو اس فرزند نے جواب دیا شعر

اَبُوْنَا الَّذِیْ سَالَتْ عَلَی الْحَدِّ عَیْنُهٗ فَرُدَّتْ بِكَفِّ الْمُصْطَفٰی اَیَّمَا رَدَّ

فَعَادَتْ كَمَا كَانَتْ لِاَوَّلِ اَمْرِهَا فَیَا حُسْنَ عَیْنٍ وَیَا حُسْنَ مَا اَخَذَ

اس پر حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اسے انعام دیا اور اس کی اچھی طرح دیکھ بھال کی۔

طبرانی اور ابونعیم حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے چہرے سے حضورِ اکرم ﷺ کے روئے انور کی تیروں کی بارش میں حفاظت کر رہا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ میں نے اپنے آپ کو حضور کے لیے ڈھال بنا رکھا تھا۔ بالآخر دشمن کا ایک تیر مجھے ایسا لگا کہ میری آنکھ حلقہ سے باہر نکل پڑی۔ میں نے اپنی آنکھ کو اپنے ہاتھ سے پکڑ کے حضورِ اکرم ﷺ کے جانب دیکھا۔ جب حضور نے میری آنکھ کو میرے ہاتھ میں ملاحظہ فرمایا تو حضور ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ آپ بارگاہ الٰہی میں دعا کرنے لگے اے خدا جیسے اس نے اپنے چہرے سے تیرے نبی کے روئے مبارک کی حفاظت کی ہے اور اسے زخم پہنچا ہے اب اس آنکھ کو اس کی دوسری آنکھ سے بہتر بنادے۔

ایک روایت میں ہے کہ استسقاء کے مریض نے کسی کو حضور ﷺ کی خدمت میں اپنے مرض کی شفایابی کے لیے بھیجا۔ حضور نے ایک مٹھی خاک دست مبارک میں لے کر اپنا لعابِ دہن اس میں ڈالا اور اس فرستادہ کو دے دیا۔ وہ متعجب وحیران ہوا۔ اس نے گمان کیا کہ شاید اس سے استہزا فرمایا گیا ہے مگر وہ اس خاک کو لے کر مریض کے پاس پہنچا دیکھا کہ وہ تو مرنے کے قریب ہے اس نے جلدی سے وہ خاک اسے چٹائی۔ پھر وہ شفایاب ہو گیا۔

ایک اور شخص تھا جس کی دونوں آنکھیں سفید ہو گئیں تھیں۔ اور اسے کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ حضورِ اکرم ﷺ نے اس کی آنکھوں پر دم فرمایا جس سے اس کی دونوں آنکھیں ایسی روشن ہو گئیں کہ وہ اسی سال کی عمر میں سوئی کے ناکہ میں ڈورا ڈال لیتا تھا۔ اس قسم کے بے شمار معجزات موجود ہیں۔

غزوۂ خیبر میں حضورِ اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ علی مرتضیٰ کہاں ہیں؟ صحابہ نے عرض "موجود نہیں ہیں۔ انہیں آشوب چشم ہے۔ حضور نے کسی کو بھیج کر انھیں طلب فرمایا اور ان کا سر مبارک اپنے آغوش مطہر میں لے کر دونوں میں تفل یعنی لعاب دہن ڈالا اور دعا فرمائی چنانچہ وہ اسی وقت تندرست ہو گئے گویا کہ انہیں درد ہی نہ تھا پھر ان کی دونوں آنکھیں کبھی نہ دُکھیں روزِ خیبر بنی سلمہ بن اکوع کی ٹوٹی ہوئی پنڈلی پر تین بار دَم فرمایا وہ اسی وقت ٹھیک ہو گئی۔ اور پھر کبھی اس میں درد نہ ہوا اور زید بن معاذ کے پاؤں پر اس وقت تلوار کا زخم آیا تھا جب کہ انہوں نے کعب بن اشرف کو مارا تھا تو حضور نے تفل فرمایا یعنی تھکارا۔ جس سے اسی وقت ٹھیک ہو گیا۔

صحیح بخاری میں مروی ہے کہ جب عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے ابورافع یہودی کو قتل کیا تو چاندنی رات تھی۔ جب پاؤں زینہ پر رکھا تو پھسل گیا اور زمین پر گر پڑے جس سے ان کی پنڈلی ٹوٹ گئی۔ وہ حضورِ اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضور نے اپنا دست مبارک ان کی پنڈلی پر پھیرا۔ وہ اسی وقت شفایاب ہو گئے۔ اس قسم کے واقعات وحکایات بہت کثرت کے ساتھ مشہور اور کتب حدیث میں مذکور ومسطور ہیں۔

احیائے موتیٰ: اب رہا مردے زندہ کرنے کے معجزات تو بیہقی نے دلائل میں روایت کیا ہے کہ حضور ﷺ نے ایک شخص کو اسلام کی دعوت دی۔ اس شخص نے کہا میں اس وقت تک ایمان نہیں لاؤں گا جب تک آپ میری اس لڑکی کو جو مر چکی ہے زندہ نہ فرمائیں حضور ﷺ نے فرمایا مجھے ﷺ سکی قبر دکھاؤ۔ اس نے اس کی قبر دکھا دی۔ ایک اور روایت میں ہے کہ اس شخص نے کہا میں نے ایک لڑکی کو وادی میں ڈال دیا فرمایا مجھے وہ وادی دکھاؤ تو اس نے حضور کو وہ وادی دکھا دی۔ پھر حضور نے اس لڑکی کو آواز دی۔ لڑکی نے جواب میں کہا لبیک وسعدیک (حاضر ہوں فرماں بردار ہوں) پھر حضور نے اس سے فرمایا: کیا تو دنیا میں دوبارہ آنا پسند کرتی ہے اس نے کہا نہیں خدا کی قسم! یا رسول اللہ! میں نے آخرت کو دنیا سے بہتر پایا ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیرے ماں باپ ایمان لا چکے ہیں اگر تو پسند کرے تو تجھے دنیا میں لوٹا دوں؟ اس نے کہا مجھے ماں باپ کی ضرورت نہیں ہے میں نے اپنے رب کو ان سے بہتر اور مہربان پایا ہے۔

اس حدیث کی روایت دلالت کرتی ہے کہ مشرکین کی اولاد پر (اگر وہ زمانہ فہم سے پہلے مر جائیں تو) عذاب نہیں ہے۔

اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے فرزندوں کو زندہ کرنے کا واقعہ ہے۔ جب حضورِ اکرم ﷺ ان کے گھر مہمان بن کر تشریف لے گئے تھے حضرت جابر نے ایک بکرا ذبح کیا تھا۔ ان کے بڑے لڑکے نے یہ دیکھ کر کہ باپ نے بکرے کو کیسے ذبح کیا ہے اپنے چھوٹے بھائی کو لٹا کر گلے پر چھری پھیر دی۔ جب ان کی ماں نے یہ صورت حال دیکھی تو دوڑ کر ان کی طرف آنے لگیں۔ بڑے لڑکے نے جب یہ دیکھا کہ ماں آ رہی ہے اس نے بالا خانہ سے چھلانگ لگا دی وہ بھی گر کر مر گیا۔ پھر حضور نے ان دونوں بیٹوں کو زندہ فرمایا اس کا تذکرہ

شواہد النبوۃ میں مفصل مذکور ہے۔

اسی طرح احیاء ابوین شریفین ہے یعنی حضور اکرم ﷺ کا اپنے والدین کریمین کو زندہ فرمانا اور ان کا ایمان لے آنا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے لیکن محدثین ان حدیثوں کی صحت میں کلام کرتے ہیں اور بعض متاخرین انھیں ثابت کر کے درجہ اعتبار تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری جوان تھا اس نے وفات پائی اس کی اندھی بوڑھی ماں تھی تو لوگوں نے اس جوان پر کپڑا ڈال دیا۔ اور اس کی ماں سے لوگ افسوس کرنے لگے۔ اس نے پوچھا کیا میرا لڑکا مر گیا؟ لوگوں نے کہا ہاں! وہ کہنے لگی خداوند! تو خوب جانتا ہے کہ میں نے تیری طرف اور تیرے نبی کی طرف اس امید پر ہجرت کی تھی کہ تو میری مدد فرمائے گا۔ اور ہر شدت وسختی میں میری فریاد رسی کرے گا تو اے خدا مجھے اس مصیبت میں نہ ڈال۔ ابھی ہم وہاں سے ہٹے بھی نہ تھے کہ ہم نے مردے کے چہرے سے چادر کو اٹھا کر دیکھا تو وہ زندہ تھا۔ پھر اس نے ہمارے ساتھ کھانا کھایا۔ اسے ابن عدی' ابن ابی الدنیا' بیہقی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔ یہ اس عورت کا رسول اللہ ﷺ کے حضور میں استغاثہ کرنے کی برکت تھی۔

اسی طرح وہ روایت ہے جو ابی بکر بن ضحاک نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری مرد کا انتقال ہو گیا۔ جب لوگ تجہیز وتکفین سے فارغ ہو کر اٹھا کر لے جانے لگے تو اس نے کہا ''محمد رسول اللہ''۔

اسی طرح مروی ہے کہ زید بن خارجہ انصاری خزرجی اپنے والد کے ساتھ حاضر ہوئے تھے اور بیعتہ رضوان میں بھی شریک تھے انہوں نے خلافت عثمانی میں وفات پائی تھی۔ انہوں نے بعد از انتقال کلام کیا اور ان کا کلام محفوظ کر لیا گیا انہوں نے کہا:

اَحْمَدُ اَحْمَدُ فِی الْکِتٰبِ الْاَوَّلِ صَدَقَ اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ الضَّعِیْفُ فِیْ نَفْسِہِ الْقَوِیُّ فِیْ اَمْرِہٖ فِی الْکِتَابِ الْاَوَّلِ صَدَقَ صَدَقَ عُمَرُ بْنِ الْخَطَّابِ الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ فِی الْکِتَابِ الْاَوَّلِ صَدَقَ صَدَقَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ عَلٰی مِنْهَا جِهِمْ مَضَتْ اَرْبَعُ سِنِیْنَ وَبَقِیَتْ سَنَتَانِ اَتَتِ الْفِتَنُ وَاَکَلَ الشَّدِیْدُ الضَّعِیْفَ وَقَامَتِ السَّاعَةُ. کَذَا فِیْ جَامِعِ الْاُصُوْلِ.

مواہب لدنیہ میں حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن خارجہ سرداران انصار میں سے تھے وہ مدینہ منورہ کی راہوں میں چلتے ہوئے ظہر وعصر کے درمیان کسی جگہ منہ کے بل گر پڑے اور ان کا انتقال ہو گیا۔ انصار عورتوں اور مردوں نے آ کر رونا شروع کر دیا۔ اور وہ اسی حال میں رہے۔ یہاں تک کہ مغرب اور عشاء کے درمیان ایک آواز سنی جو کہہ رہی تھی خاموش رہو۔ اس کے بعد جب غور کیا تو چادر کے نیچے سے آواز آ رہی تھی۔ انہوں نے ان کے چہرے اور سینے سے چادر اتاری تو دیکھا وہ کہہ رہے تھے:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ النَّبِی الامی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِی بَعْدَهٗ وَکَانَ ذٰلِكَ فِی الْکِتٰبِ الاوّل وصدق صَدَقَ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ.

اسے ابوبکر ابن ابی الدنیا نے کتاب ''من عاش بعد الموت'' میں روایت کیا ہے۔ انتہی۔

حضرت عبداللہ بن عبیداللہ انصاری سے منقول ہے وہ روایت کرتے ہیں کہ میں اس جماعت میں شریک تھا جنہوں نے ثابت بن قیس بن شماس کو دفن کیا تھا اور وہ مکمل طور پر وفات پا چکے تھے۔ اس وقت جب کہ انہیں قبر میں اتار دیا گیا تھا میں نے انہیں یہ کہتے سنا ''محمد رسول اللہ' ابوبکر الصدیق' عمر الشہید' عثمان بن عفان البر الرحیم۔'' پھر جو میں نے غور سے دیکھا تو وہ مردہ تھے۔ اسی طرح الشفاء میں مروی

ہے۔

اگر کوئی شک کرے اور کہے کہ ممکن ہے زندہ ہوں اور کوئی پردہ لاحق ہو گیا ہو اور نیز یہ کہ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر واقع نہیں ہوا جسے معجزہ کہہ دیا جائے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ مردا دکھاوا نہیں ہے جسے چھپایا جا سکے اور حضور ﷺ کے ذکر مبارک اور آپ کی مدح وثنا کرنے میں۔ یہ دکھانا مقصود ہے کہ یہ سب کچھ حضور ﷺ کی برکت اور آپ کی عزت کے نتیجہ میں ہے۔ اگر کرامت بھی ہو تو یہ بھی حضور ہی کا معجزہ ہے۔

ابونعیم نے نقل کیا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک بکری ذبح کر کے اسے سالم کو پخت کیا اور اسے حضور ﷺ کی خدمت میں لے گئے پھر ساری جماعت نے کھایا اور حضور ﷺ نے فرمایا تم سب کھاؤ لیکن اس کی ہڈیاں نہ توڑنا۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے ان سب ہڈیوں کو جمع فرمایا اور ان پر اپنا دست مبارک رکھ کر کچھ پڑھا۔ تو کیا دیکھتے ہیں کہ بکری زندہ ہو کر اٹھ کھڑی ہوئی اور اپنے کان ہلانے لگی۔

اور بعض ایسے کامل ترین اولیاء کرام ہیں جو حضرت حق جل شانہ کی قدرت کے مظہر ہیں اور رسول اللہ ﷺ کی متابعت کے شرف سے آپ کے پرتو میں ان سے خارق عادات ظاہر ہوتے ہیں جیسے کہ لوگوں نے ایک مرغ کھایا۔ ایک بزرگ نے اس کی ہڈیوں کو جمع فرمایا اور ان پر اپنا دست مبارک رکھ کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا نام لیا مرغ زندہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوا اور چلایا۔ یہ بھی رسول اللہ ﷺ کے معجزات میں سے ہے۔

جاننا چاہیے کہ خیبر میں زہر آلو بکری کا کلام کرنے کو بعض علماء احیاء موتی کے زمرہ میں شمار کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ ایسا کلام ہے جو مجھ سے حق تعالیٰ نے مردہ بکری میں پیدا فرمایا جس طرح کہ شجر وحجر میں حروف وآواز کو حق تعالیٰ پیدا فرماتا ہے۔ اور انہیں بغیر تغیر اشکال اور ان کی ہیئت صوری بدلے بغیر سنواتا ہے۔ شیخ ابوالحسن اور قاضی ابوبکر باقلانی کا مذہب یہی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ حیات کی تخلیق کی مانند پہلے انھیں پیدا کرتا ہے پھر انھیں قوت گویائی دیتا ہے اور ان کا ظاہر قول یہی ہے۔ (واللہ اعلم)

اجابت دعا: حضور اکرم ﷺ کے معجزات کے انواع واقسام میں اجابت دعا بھی شامل ہے کتاب الشفاء میں کہا گیا ہے کہ یہ باب بہت وسیع ہے اور حضور ﷺ کی دعا کی قبولیت کسی جماعت کے بارے میں خواہ نفع میں ہو یا ضرر میں بداہتہً متواتر المعنی ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کے لیے دعا فرماتے تو اس کا اثر بیٹوں، پوتوں اور پرپوتوں تک پایا جاتا۔ اس باب میں سب سے زیادہ مشہور حدیث حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے لیے حضور کا دعا فرمانا ہے۔ انہوں نے دس سال خدمت کی۔ اور ظاہری وباطنی انعام واکرام سے مخصوص ہوئے ان کو ان کی والدہ حضور ﷺ کی خدمت میں لائیں اور عرض کیا یارسول اللہ یہ آپ کا خادم انس حاضر ہے۔ اس کے لیے دنیا کی فراغت کی دعا فرمایئے یوں تو دینی دعائیں اس بارگاہ کے ہر خاص وعام کے لیے موجود ہیں حضور نے ان کے لیے دعا فرمائی اور کہا خداوندا اس کے مال اور اس کے اولاد میں خوب برکت عطا فرما اور جو نعمتیں تو نے اسے دی ہیں اس میں بھی برکت زیادہ فرما۔'' حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم! میرا مال بہت ہے اور میری اولاد سو بچوں سے زیادہ ہے ایک اور روایت میں آیا ہے کہ انہوں نے فرمایا میں کسی اور کو نہیں جانتا جسے زندگانی کی اتنی عیش وخوشی میسر ہو۔ جتنی کہ مجھے حاصل ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں اپنے ان دونوں ہاتھوں سے اپنی اولاد کے سو جسموں کو دفن کر چکا ہوں اور اسقاط حمل اور اولاد کی اولاد کا تو کوئی اندازہ ہی نہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ ان کے باغ کے کھجور سال میں دو مرتبہ پھل دیتے تھے۔ اسی باب میں حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف رضی اللہ عنہ کے لیے برکت کی دعا فرمانا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے تھے کہ اگر میں کسی پتھر کو اٹھانے کا ارادہ کرتا تھا تو میں امید رکھتا تھا کہ اس کے نیچے سونا ہوگا۔ ان پر رزق کے دروازے کھول دیئے گئے تھے۔ حالانکہ جب انہوں

نے ہجرت کی تھی تو مفلس تھے۔ان کے پاس کچھ بھی موجود نہ تھا لیکن ان کے ترکہ میں سونے کو چھینیوں سے کاٹا گیا۔ان کی چار بیبیوں میں چوتھائی حق کے حساب سے ہرایک کے حصے میں اسی ہزار اشرفیاں آئیں۔ایک روایت میں ایک لاکھ ہے۔ایک روایت میں ہے کہ ان کی مطلقہ بیوی سے کچھ اوپر اسی ہزار اشرفیوں پر صلح کی گئی۔اور پچاس ہزار اشرفیوں کی وصیت کی گئی اور یہ سب ان بڑے بڑے خیرات وصدقات کے ماسوا ہیں۔جو وہ اپنی زندگی میں کرتے رہے تھے۔چنانچہ وہ ایک ایک دن میں تیس تیس غلام آزاد کیا کرتے تھے اور ایک مرتبہ تو انہوں نے اپنا پورا کاروان صدقہ کر دیا تھا اس کاروان میں سات سو اونٹ تھے۔جس میں ہر قسم کی جنس تھی۔ان اونٹوں کو اس پر لدے ہوئے مال اور مع ساز وسامان کے صدقہ کیا تھا۔اس کاروان کے صدقے کرنے کا باعث یہ خبر تھی کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انھیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہے کہ میں نے عبدالرحمٰن بن عوف کو جنت میں ایک محل خریدتے دیکھا ہے اس کے شکرانہ میں انھوں نے پورے کاروان کو صدقہ کر دیا۔(رضی اللہ عنہ)

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے لیے ملکوں پر حکومت کرنے کی دعا فرمائی تھی چنانچہ انہیں امارت وحکومت ملی۔ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ فرمایا: یَا مُعَاوِیَۃُ اِذَا مَلَکْتَ فَاَحْسِنْ اے معاویہ! جب تمہیں حکومت دیجائے تو اپنی عادت وخصلت کو نرم رکھنا۔حضرت امیر معاویہ فرماتے ہیں کہ مجھے اسی روز سے حکومت کی امید وخواہش ہوگئی تھی۔حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے آپ نے دعا فرمائی جسے حق وتبارک وتعالیٰ نے قبول فرمایا۔آپ نے جس کے لیے بھی اچھی دعا فرمائی وہ ضرور مستجاب ہوئی۔اور دعا کو تیر سے تشبیہ دی گئی ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اعزاز اسلام کی خاطر حضرت عمر یا ابوجہل کے لیے دعا فرمائی تھی یہ دعا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے حق میں قبول کی گئی۔حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب سے حضرت فاروق رضی اللہ عنہ ایمان لائے ہیں برابر اسلام کو عزت وغلبہ حاصل ہوتا رہا۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں لوگوں پر پیاس کی بیتابی ہوئی۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دُعا کی استدعا کی اور حضور نے دعا فرمائی بادل نمودار ہوا اور سب کو پانی میسر آ گیا۔استسقا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا اور بارش کا نزول اور اس کا کھلنا مشہور ومعروف ہے۔

نابغہ جعدی کے لیے دعا فرمائی: لَا یَفْضُضِ اللّٰہُ فَاکَ. یعنی اللہ تعالیٰ تمہارے منہ کے دانتوں کو نہ توڑے تو ان کا کبھی ایک دانت بھی نہ اکھڑا۔ایک روایت میں ہے کہ وہ دانتوں کے معاملہ میں سب سے زیادہ خوش نصیب تھے۔جب کوئی دانت گرتا تو اس کی جگہ دوسرا نمودار ہو جاتا وہ ایک سو بیس سال زندہ رہے۔بعضوں نے اس سے بھی زیادہ کہا ہے۔یہ نابغہ ان پرانے شاعروں میں سے ہے جنہوں نے اسلام قبول کیا ان کا ذکر آخر کتاب میں درذکر شعراء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آئیگا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے لیے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّاْوِیْلَ "خداوندا انہیں دین میں سمجھ دے اور تاویل میں ان کی مدد فرما" تو وہ جزم امت اور ترجمان قرآن کے نام سے مشہور ومعروف ہوئے۔

اور حضرت عبداللہ بن جعفر کے لیے تجارت میں برکت کی دعا فرمائی تھی تو وہ جو بھی خریدتے اس میں انھیں خوب نفع ہوتا۔

اور مقداد کے لیے برکت مال کی دعا فرمائی تو ان کے پاس بکثرت مال رہتا اور اسی طرح غزوہ بن ابی الجعد کے لیے دعا فرمائی تھی۔غزوہ کہتے ہیں کہ میں بازار کے ایک گوشے میں کھڑا ہوتا تھا اور ایک دن میں چالیس چالیس ہزار نفع کماتا تھا۔بخاری کی ان کی حدیث میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ اگر میں مٹی خریدتا تو مجھے اس میں بھی نفع حاصل ہوتا تھا۔ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بھاگ گئی تھی آپ نے اسے بلایا اور آواز دی لیکن میں نے اسے پکڑ کر حضور کے سپرد کر دیا۔اس وقت آپ نے مجھے یہ دعا دی تھی۔

حضور نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کے لیے اسلام کی دعا فرمائی تو وہ فوراً مسلمان ہوگئی۔ باوجود یکہ وہ پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت بدگوئیاں کرتی تھی۔

اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے لیے دعا فرمائی کہ وہ گرمی وسردی سے محفوظ رہیں تو ان کی یہ حالت تھی کہ گرمی میں سردی اور سردی میں گرمی کے کپڑے پہنتے تو انھیں گرمی وسردی کچھ نقصان نہ پہنچاتی۔

اور سیّدہ نساء عالم فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے لیے دعا فرمائی کہ وہ کبھی بھوکی نہ ہوں۔ تو وہ اس کے بعد کبھی بھوکی نہ ہوئیں۔

اور طفیل بن عمرو نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی قوم کے لیے کوئی نشانی وکرامت مانگی تو حضور نے ان کے لیے دعا فرمائی اور کہا خداوند انہیں نور عطا فرما تو ان کے دونوں آنکھوں کے درمیان نور چمکنے لگا اس پر انہوں نے عرض کیا میں ڈرتا ہوں کہ لوگ اسے مثلہ یعنی برص خیال کرنے لگیں گے تو اسے بدل دیا گیا۔ اور وہ نور ان کے کوڑے کے دستہ میں آ گیا اور رات کی تاریکی میں ان کا کوڑا روشنی دیتا تھا۔ اسی وجہ سے ان کا نام ذوالنور یعنی روشنی والے مشہور ہوگیا۔ اور قبیلہ مضر کے لیے دعا کی تو وہ قحط میں مبتلا ہوگئے پھر قریش نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مہربانی کی خواہش کی تو دعا کی اور قحط دور ہوگیا۔

اور حضور نے کسریٰ کے لیے دعا کی تھی (اس نے حضور کا مکتوبِ گرامی پھاڑ دیا تھا) کہ اس کا ملک ٹکڑے ٹکڑے ہوا تو اس کا کوئی ملک باقی نہ رہا۔ اور دنیا کے نقشے سے فارس کی ریاست ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئی۔

اور حضور نے اس شخص کے لیے دعا کی جس نے آپ کی نماز قطع کی تھی کہ اللہ تعالیٰ اس کی ٹانگوں کو توڑ دے تو وہ بیٹھا رہ گیا۔

ایک شخص کو حضور نے بائیں ہاتھ سے کھاتے دیکھا فرمایا داہنے ہاتھ سے کھا۔ اس نے کہا میں داہنے ہاتھ سے نہیں کھا سکتا حالانکہ یہ اس نے جھوٹ بولا تھا فرمایا کبھی تو داہنے ہاتھ سے نہ کھا سکے گا تو وہ اپنے داہنے ہاتھ کو کبھی نہ اٹھا سکا۔

اور عتبہ بن ابولہب کے لیے فرمایا خداوندا اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط فرما دے تو اسے شیر نے پھاڑ ڈالا۔

اور قریش کے ان لوگوں کے لیے جنہوں نے نماز کی حالت میں آپ کی گردن پر اوجھ رکھ دی تھی آپ نے بدعا کی تھی۔ مشہور ہے کہ غزوہ بدر میں یہ سب کے سب مارے گئے اور حکم بن العاص نے ازراہ غرور وتکبر واستہزا حضور کا منہ چڑایا تھا اور اپنی آنکھیں بند کرلی تھیں فرمایا تو ایسا ہی ہوگا تو وہ ایسا ہی ہوگیا یہاں تک کہ وہ مرگیا۔ اور محلم بن جثامہ کے لیے بدعا فرمائی کہ اسے زمین قبول نہ کرے تو جب وہ قبر میں دبایا گیا تو زمین نے اسے نکال باہر کیا۔ متعدد بار ایسا ہی ہوا بالآخر اس کی لاش کو دو گڑھوں میں رکھ کر دیواریں کھینچ دیں لیکن وہاں سے بھی اسے نکال پھینکا گیا۔

عاصی براء بن عامر راہب پر بدعا کی کہ وہ یکہ وتنہا ذلیل وخوار مرے تو وہ ایسا ہی مرا (خدا اور اس کے رسول کے غضب وغصہ سے پناہ مانگنی چاہیے)

صاحب شفا قاضی عیاض رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثالیں بے شمار ہیں۔ یہ باب حصر واحاطہ کرنے سے باہر ہے۔

کرامات وبرکات حضور صلی اللہ علیہ وسلم وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن چیزوں کو چھوا یا شرف قرب بخشا انہیں کرامات وبرکات حاصل ہونے کے سلسلے میں صحیح حدیث میں مروی ہے کہ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک اطلسی جبہ نکالا اور فرمایا کہ اس جبہ شریف کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زیب تن فرمایا ہے اور ہم بیماروں کے لیے اس کا دامن مبارک دھو کر پلاتے ہیں تو انہیں فی الفور شفا حاصل ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک پیالہ تھا اس میں پانی ڈال کر بیماروں کو پلاتے تو انہیں شفا حاصل ہوتی۔

اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی ٹوپی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند موئے مبارک تھے وہ اسے پہن کر جس جنگ میں شریک ہوتے

تو انہیں فتح ونصرت حاصل ہوتی اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر کے کنویں میں اپنا لعاب دہن ڈالا تو بعد میں مدینہ طیبہ میں اس سے زیادہ شیریں پانی کسی کنویں کا نہ تھا۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی زمزم شریف کا ایک ڈول پانی نکال کر لایا آپ نے اس میں لعاب دہن ڈالا تو وہ مشک سے زیادہ خوشبودار ہو گیا۔

اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدنا امام حسن وامام حسین کے منہ میں اپنی زبان مبارک دی انہوں نے اسے چوسا تو وہ خاموش ہو گئے حالانکہ اس سے پہلے پیاس سے وہ دونوں رو رہے تھے

اور آپ جن شیر خوار بچوں کے منہ میں اپنا لعاب دہن شریف ڈالتے تو یہ انہیں رات تک کافی ہوتا۔ اور وہ بھوک سے نہ بلکتے۔ اس کا تذکرہ حلیہ شریف میں کیا جا چکا ہے اور امام مالک کی حدیث میں ہے کہ ان کے پاس گھی کی کپی تھی جس میں وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گھی بھیجا کرتی تھیں تو جب تک انہوں نے اسے نچوڑا نہیں اس میں سے گھی برابر نکلتا رہیں۔ اور وہ کم نہ ہوتا تھا۔

اور اسی دستِ مبارک اور اس کے چھونے کی برکتوں سے یہ ہے کہ ایک یہودی کے لیے آپ نے کھجور کا درخت بویا وہ اسی سال پھل لے آیا۔

اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے قصہ میں ہے کہ ایک یہودی مالک نے چالیس اوقیہ سونا اور تین سو کھجوروں کے درخت اُگانے اور اس کے پھل لانے پر انہیں مکاتب کیا ان تین سو درختوں میں سے ایک کے سوا سب نے پھل دئے۔ اور وہ درخت بھی حضور کے سوا کسی اور نے بویا تھا۔ ابن عبدالبر بیان کرتے ہیں کہ غالباً اسی ایک درخت کو شاید حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بویا تھا۔ اور امام بخاری فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان نے بویا تھا۔ ممکن ہے کہ دونوں نے مل کر اسے بویا ہو۔ اس کے بعد حضور نے اسے اکھیڑ کر دوبارہ بویا تو وہ اسی سال پھل لے آیا اور مرغی کے انڈے کے برابر سونا لے کر زبان مبارک سے مس فرما کر اس یہودی کو چالیس اوقیہ دے دیا۔ اس کے بعد بھی اس سونے کی ڈلی سے چالیس اوقیہ کے برابر سونا باقی رہ گیا۔ اس طرح حضرت سلمان فارسی مکاتبت سے آزاد ہوئے۔

اور حنش بن عقیل (ایک صحابی) فرماتے ہیں کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ستو کا شربت پلایا۔ اس میں سے کچھ پہلے حضور نے پی لیا تھا اور آخر کار مجھے عنایت فرمایا تھا اور میں نے پیا۔ اس کے بعد ہمیشہ جب کبھی بھوک لگتی اپنے میں سیرابی پاتا رہا اور جب گرمی معلوم ہوتی اور پیاس کی شدت ہوتی تو خنکی وٹھنڈک محسوس کرتا۔

آپ کی انھیں برکات سے بکریوں کے دودھ کے واقعات ہیں مثلاً ام معبد اور حضرت انس کی بکریوں کا قصہ اور دائی حلیمہ سعدیہ جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضعہ ہیں ان کی بکری اور اونٹ کا قصہ یا حضرت عبداللہ بن مسعود کی اس بکری کا قصہ جسے ابھی تک نر نے چھوا تک نہ تھا۔ اور حضرت مقداد کی بکری کا قصہ وغیرہ۔

آپ کی انہیں برکات میں سے یہ ہے کہ آپ نے اپنے صحابہ کو ایک مشکیزہ کا منہ باندھ کر سفر کے لیے توشہ دیا اور دعا فرمائی۔ جب نماز کا وقت آیا تو وہ اترے اور اس مشکیزہ کو کھولا تو دیکھا اس میں نہایت شیریں دودھ ہے اور اس کا جھاگ دہانے پر موجود ہے۔

اور عمر بن سعد کے سر پر اپنا دست مبارک پھیرا اور برکت کی دعا کی تو ان کی اسی سال کی عمر ہوئی مگر ہنوز جوان تھے۔ اور بحالت جوانی ہی جہان سے گزرے۔ صاحب شفا فرماتے ہیں کہ اس قسم کے بے شمار قصص وحکایات روایت کی گئی ہیں۔

اور قیس بن زید جذامی کے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا فرمائی چنانچہ سو سال کی عمر میں جب کہ ان کا تمام سر سفید ہو گیا تھا مگر وہ حصہ جہاں حضور نے دست مبارک پھیرا تھا سیاہ تھا اور عابد بن عمرو زخنین مجروح ہو گئے تھے تو حضور نے ان کے چہرے کو پاک وصاف فرمایا کر دعا

فرمائی۔ تو ان کا چہرہ ہمیشہ چمکا کرتا تھا۔ اور ''غر'' ان کا نام پڑ گیا۔ اور ایک اور شخص کے چہرے پر حضور نے دست مبارک پھیرا تھا تو اس کا چہرہ ہمیشہ نورانی رہتا تھا۔

اور عبدالرحمٰن بن زید بن خطاب کے سر پر دست مبارک پھیرا۔ وہ کوتاہ قد تھے حالانکہ ان کے والد طویل قامت تھے۔ پھر حضور نے ان کے لیے برکت کی دعا مانگی تو لوگوں میں ان کا سر طویل، حسین و جمیل اور خوبصورت ہو گیا۔

سیّدہ زینب بنت ام سلمہ کے چہرے پر حضور نے پانی کے چھینٹے دیئے تو ان کا چہرہ ایسا حسین و جمیل ہو گیا کہ کوئی اور عورت ایسے حسن و جمال کی دیکھی نہ گئی کہتے ہیں کہ یہ پانی کے چھینٹے مارنا از روئے مزاح و ہزل تھا۔ تعالیٰ اللہ وسبحان اللہ! جب آپ کے مزاح و ہزل کا یہ حال ہے تو عزم و کوشش اور قصد و ارادہ کی کیا تاثیر ہوگی۔ ﷺ۔

اور حضرت حنظلہ بن جذیم کے سر پر حضور نے اپنا دست مبارک رکھا اور برکت کی دعا فرمائی تو ان کا یہ حال تھا کہ وہ لوگ جن کے چہرے متورم ہوتے آتے یا ان بکریوں کو لایا جاتا جن کے تھن متورم ہو جاتے تو حضرت حنظلہ اس مقام سے مس کراتے جہاں حضور نے دست مبارک پھیرا۔ اور اسی وقت ان کا ورم جاتا رہا ایک اور بچے کے سر پر دستِ مبارک پھیرا اُس کے سر میں گنج تھا وہ اسی وقت ٹھیک ہو گیا اور اس کے بال برابر ہو گئے اور دوسرے بچے جو بیمار و دیوانہ لائے جاتے اور کوئی بچہ بھی کہ جسے دیوانگی اور آسیب ہوتا حضور اس کے سینے پر دستِ مبارک مارتے تو اس کی دیوانگی اور آسیب جاتا رہتا۔

اور عتبہ بن فرقد ایک شخص تھا جس کی کئی بیویاں تھیں اور وہ سب ایک دوسرے سے بڑھ کر خوشبوئیں ملا کرتی تھیں لیکن عتبہ کی خوشبو ان سب پر غالب رہتی اور اس کی وجہ یہ تھی کہ حضور اکرم ﷺ نے عارضہ نملہ کی وجہ سے اس کے شکم اور پشت مبارک پر اپنا دست مبارک پھیرا تھا۔

اور آپ کے دست مبارک کے عظیم ترین معجزات میں ''روز حنین'' ایک مٹھی خاک لے کر کفار کے چہروں پر پھینکنا اور ان شریروں کی آنکھوں میں ڈالنا ہے اور کفار کے غلبہ پانے کے بعد اس معجزے کی وجہ سے ان کو ہزیمت اٹھانا اور بھاگ کھڑا ہونا پڑا۔ اور اس سے اسلام کو کامیابی کی راہ نصیب ہوئی۔

اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے میں حضور اکرم ﷺ کے سواری کرنے کے بعد آپ کی برکت سے اس میں تیزی اور سبک رفتاری پیدا ہو گئی، باوجودیکہ آپ کی سواری سے پہلے وہ گھوڑا انتہائی تنگ گام اور سست رفتار تھا۔ پھر وہ ایسا ہوا کہ چلنے اور مقابلہ کرنے میں کوئی گھوڑا اس کے مماثل نہ تھا۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے اونٹ میں تیزی اور سبکی کا بعد سستی اور ماندگی کے پیدا ہونا بایں وجہ کہ حضور نے اپنا دست مبارک سے سبز ٹہنی کھلائی تھی۔ پھر اس کی یہ حالت ہوئی کہ لگام سے اسے روکا نہ جا سکتا تھا۔

اسی طرح حضرت سعد بن عبادہ کے سست رفتار دراز گوش (گدھے) پر سوار ہونا پھر واپسی کے وقت تر کی گھوڑے کی مانند اس میں تندی و تیزی پیدا ہونا اور کوئی جانور اس کی رفتار کا مقابلہ نہ کر سکتا تھا۔

حضرت جرید بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ گھوڑے کی پشت پر نہیں بیٹھ سکتے تھے جب حضور نے اس کے سینہ پر دست مبارک مارا تو وہ عرب میں سب سے بڑھ کر گھوڑ سوار اور جم کر بیٹھنے والے بن گئے۔

انہیں برکتوں میں سے یہ ہے کہ عکاشہ کو بدر میں ان کی تلوار ٹوٹ جانے کے بعد درخت کی ٹہنی دے دی گئی اور ٹہنی شمشیر براں بن گئی۔ پھر اس سے عکاشہ ہمیشہ ہر مواقف اور مشاہدے میں قتال کرتے رہے یہاں تک کہ وہ مرتدین سے جہاد کرتے ہوئے شہید

ہوگئے۔انہوں نے اس تلوار کا نام ''عون'' یعنی مدد رکھا تھا۔اسی طرح جب روز احد عبداللہ بن جحش کو کھجور کی ٹہنی دی گئی تو وہ اس سے ان لوگوں کو قتل کرتے رہے جن کے ہاتھوں میں تلوار تھی۔

اور قتادہ بن نعمان کو اندھیری رات میں کھجور کی ٹہنی دینا اور اس کا راستہ میں روشن ہو جانا اور انہیں یہ خبر دینا کہ جب تم گھر پہنچو گے تو اس میں سیاہی دیکھو گے تو اس سے سیاہی جھاڑ دینا کیونکہ شیطان ہے۔چنانچہ جب وہ گھر پہنچے تو اس سیاہی کو جھاڑ کر پھینک دیا۔

اور یہ کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا حدیث کو بھول جانے کی شکایت کرنا اور انھیں چادر پھیلانے کا حکم فرمانا پھر اپنا دست مبارک اس چادر پر رکھنا اور ملا کر اٹھانے اور سینے سے لگانے کا حکم فرمانا اور انھیں دست مبارک کی برکت سے حفظ علوم کا حاصل ہونا مشہور ہے۔

اطلاع بر علوم غیبیہ

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روشن ترین معجزات میں آپ کا غیب پر مطلع ہونا اور جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے۔ان علوم غیبیہ کی خبر دینا ہے۔اصالتہً اور بالذات علم غیب اللہ تعالیٰ عزاسمہ کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ وہی علام الغیوب ہے اور وہ علم غیب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک اور آپ کے بعض متبعین سے ظاہر ہوا ہے خواہ وحی کے ذریعہ ہو یا الہام سے۔اس کے متعلق حدیث پاک میں آیا ہے کہ فرمایا: وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَا اَعْلَمُ اِلَّا مَا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ خدا کی قسم! میں اپنے آپ سے کچھ نہیں جانتا مگر وہ سب کچھ جس کا میرے رب نے مجھے علم مرحمت فرمایا۔

علامہ قاضی عیاض رحمتہ اللہ شفا میں فرماتے ہیں کہ اقتضائے مافی الباب یہ ہے کہ ذاتی طور پر آپ کو یہ علم حاصل نہ تھا۔اور قطعی و یقینی طور پر بعطائے الٰہی آپ کو علم تھا اور یہ علم بحد تواتر پہنچ چکا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مغیبات کی خبریں دینا دو قسم کی ہیں ایک تو یہ کہ قرآن کریم ناطق و شاہد ہے مطلب یہ ہے قرآن کریم گذشتہ و آئندہ کی خبریں دیتا ہے اور گزشتہ و موجودہ امتوں کے احوال اور زمانہ حال کی باتیں بتاتا ہے اور مخلوق کے مبداء و معاد کے احوال کی اطلاع بخشتا ہے۔

اور دوسری قسم یہ ہے کہ جو آئندہ ہونے والا ہے۔ان کا تذکرہ حدیثوں میں آچکا ہے۔

اب رہا یہ کہ جو کچھ قرآن کریم میں ارشاد ہے تو ان میں سے ایک تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے معارضہ قرآن کے وقت اس کی خبر دینا ہے کہ کوئی بھی قرآن کی مانند ایک سورۃ بھی نہیں لاسکتا۔جیسا کہ فرمایا: وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ یعنی جو ہم نے اپنے بندہ خاص پر اتارا ہے اگر تمہیں اس میں شک ہے تو تم اس کی مانند ایک سورۃ ہی لے آؤ۔پھر حق تعالیٰ نے فرمایا: وَلَنْ تَفْعَلُوْا وَلَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وہ ہرگز نہ کرسکیں گے اور اس کی مانند نہ لاسکیں گے۔چنانچہ ان کافروں پر اس خبر کی صداقت ظاہر ہوگئی۔جیسا کہ اس کا بیان ''اعجاز قرآن'' کے ضمن میں گزر چکا ہے۔اور انہیں قرآنی غیبی خبروں میں سے ایک یہ ہے جسے قصۂ بدر کے سلسلے میں ارشاد فرمایا کہ: وَاِذْ یَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَیْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَیْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ اور جب اللہ نے تمہیں وعدہ دیا تھا کہ ان دونوں گروہوں میں ایک تمہارے لیے ہے اور تم یہ چاہتے تھے کہ تمہیں وہ ملے جس میں کانٹے کا کھٹکا نہ ہو۔

قریش کے دو گروہ یعنی قافلے تھے ان میں سے ایک میں غنیمت و مال زیادہ تھا اور کانٹا یعنی خطرات کم تھے۔اور دوسرا قافلہ اس کے برعکس تھا اور مسلمان اس قافلہ سے بھڑنا چاہتے تھے جس میں غنیمت زیادہ تھی اور خطرات بھی کم تھے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے جو ان کے

دلوں میں تھا اس کی خبر دی اور فتح وکامرانی اور اپنی نصرت ومدد کا ان سے وعدہ فرمایا۔ یہ سب باتیں دشمن سے مڈبھیڑ ہونے سے پہلے کی ہیں۔ تو یہ سب غیوب کی قسم سے ہیں۔ مکمل واقعہ قصہ بدر کے ضمن میں آئے گا۔

اور انھیں قرآن اخبار بالغیب میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ. عنقریب کفار کی جماعت پراگندہ ہوکر پیٹھ پھیر کر بھاگے گی۔ یہ آیہ کریمہ بھی کفار وقریش کے اظہار حال میں ہے۔ اور اس کا ظہور روز بدر میں ہوا۔ باوجود یکہ ان کی عددی طاقت ہزار سے زیادہ اور ہر قسم کے ساز وسامان سے مسلح تھی اور مسلمانوں میں تعداد تین سو تیرہ سے متجاوز نہ تھی ان کے پاس صرف دو گھوڑے تھے ایک حضرت زبیر کے پاس دوسرا حضرت مقداد کے پاس۔ اس کے باوجود حق تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد فرمائی۔ اور ان کے بڑے بڑے کافر سرداروں کے قتل پر قدرت دی اور ان کے ساز وسامان کو غنیمت بنایا۔

اور انہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ "سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ" بہت جلد ہم ان کافروں کے دلوں میں رعب ڈالیں گے۔ یہ روز احد کفار مکہ کی حالت کے اظہار میں ہے باوجود یکہ اس روز انہیں یک گونہ غلبہ ہو چلا تھا مگر حق تعالیٰ نے ان کے دلوں پر ایسا رعب وشوکت ڈالا کہ وہ مکہ کی جانب لوٹ پڑے۔ اور لوٹتے ہوئے ابوسفیان جو کہ اس وقت مشرکین مکہ کا سردار تھا آواز بلند کہنے لگا کہ اے محمد ﷺ (اگر تم چاہو تو آئندہ سال مقام بدر میں پھر نبرد آزمائی ہوگی۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: اگر خدا نے چاہا تو۔ کفار ومشرکین مکہ لوٹ جانے کے بعد راستے میں پشیمان ہوئے اور انہوں نے ارادہ کیا کہ پلٹ کر دوبارہ حملہ کر کے مسلمانوں کا استیصال وخاتمہ کر دیں مگر حق تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔ وہ پلٹ نہ سکے اور مکہ چلے گئے۔

اور انہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ: وَهُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ (الی قولہ) لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ یہ لوگ اپنا غلبہ پانے کے بعد بہت جلد چند سالوں میں مغلوب ہوں گے۔ (یہاں تک کہ) اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کرتا" اس آیت کریمہ کی شان نزول قیصر وکسریٰ کی جنگ ہے۔ جب کسریٰ نے قیصر پر غلبہ پالیا تو مشرکین مکہ کسریٰ کی محبت میں بڑے خوش ہوئے کیونکہ کسریٰ آتش پرست مجوسی تھے اور کتاب نہ رکھتے تھے۔ اور قیصر نصرانی اور اہل کتاب میں سے تھا۔ مشرکین مکہ کہنے لگے کہ ہمارے بھائی یعنی مجوسی تمہارے بھائی یعنی اہل کتاب پر غالب آگئے اس طرح ہم بھی تم مسلمانوں پر غالب آجائیں گے۔ مگر سات سال بعد جس سال حدیبیہ کا غزوہ ہوا کسریٰ پر قیصر غالب آگیا اور فارسیوں اور مجوسیوں کو نکال باہر کیا۔

اور انہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ — اور وہ یہودی کبھی اس کی آرزو نہ کریں گے کہ ان کو تکوں کے سبب جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں۔

اس آیہ کریمہ میں حق تعالیٰ نے اس کی خبر دی ہے کہ یہودی کبھی بھی موت کی تمنا نہ کریں گے نہ دل سے نہ زبان سے۔ باوجود یکہ اس پر انہیں قدرت حاصل ہے۔ لہٰذا یہ سب کے سب ایسی غیبی خبریں ہیں کہ جیسا کہ فرمایا گیا ویسا ہی ہو کر رہا۔ اس لیے اگر انہوں نے موت کی تمنا کی ہوتی تو منقول ہوتا۔ اور اس کی شہرت بھی ہوتی۔ اور ایک مرفوع حدیث میں وارد ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا اگر وہ تمنا کرتے تو اسی وقت مرجاتے۔ اور روئے زمین پر ایک یہودی باقی نہ رہتا۔ اگر آئندہ بھی وہ ایسی تمنا کریں گے تو انشاء تعالیٰ نبی کریم ﷺ کی تکذیب کی پاداش میں اسی وقت مرجائیں گے۔ گویا کہ وہ اس کے معترف ہیں کہ اگر تمنا کریں گے تو مرجائیں گے۔

اسی طرح حق تعالیٰ نے یہود کے بارے میں ارشاد فرمایا: ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ یہودیوں پر ذلت وخواری مسلط

کردی گئی۔ چنانچہ یہودی ہر زمان ومکان میں ذلیل ترین کافر ہیں جیسی کہ خبر دی گئی۔

اورانہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ:

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	اللہ نے وعدہ دیا ان کو جو تم میں سے ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ضرور انہیں زمین میں خلافت دے گا۔ جیسی ان سے پہلوں کو دی.....

یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے رسول اللہ ﷺ کو وعدہ ہے کہ آپ کی امت میں سے زمین میں خلفاء لوگوں کے امام اور صاحبان امر وصلاح بنائے گا اور ان کے ذریعہ ممالک صلاح پائیں گے۔ اور خدا کے بندے خدا کے حضور عاجزی وانکساری کریں گے۔ اور خوف وخطر کے بعد اللہ تعالیٰ انہیں مامون وبے خوف بنا کر قوی بنائے گا اور ضعف وبے چارگی کے بعد انہیں حاکم کرے گا بلاشبہ حق وتعالیٰ نے اپنے وعدہ کو پورا کردیا۔ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ اور اللہ سے بڑھ کر ایفائے عہد کرنے والا کون ہے (وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالْمَنَّةُ)

اور حضور اکرم ﷺ اُس جہاں سے اس وقت تک تشریف نہیں لے گئے جب تک حق تعالیٰ نے مکہ مکرمہ، خیبر اور بحرین باقی جزیرہ عرب اور زمین یمن کو مکمل نہ فتح کرادیا اور اطراف شام کے بعض حصوں کے مجوسیوں سے جزیہ لیا اور ہرقل شاہ روم اور حاکم مصر واسکندریہ کہ مقوقس نام ہے انہوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں پیشکش اور ہدایہ بھیجے۔ اور عمان ونجاشی اور ملک حبشہ کے بادشاہ ایمان لائے۔ اور جب رسول اللہ ﷺ نے اس جہان سے کوچ فرمایا اور حق تعالیٰ نے آپ کے لیے وہ پسند فرمایا جو اس کے نزدیک حضور ﷺ کی عزت وکرامت کے لائق تھا تو آپ کے بعد قیام امر آپ کے پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ انہوں نے اصلاح احوال کرکے ان لوگوں کو جو حضور کے بعد پریشان اور سست ہوکر بکھر گئے تھے انہیں جمع کرکے قوی بنایا اور ایسی شجاعت بروئے کار لائے جن کا بڑے سے بڑے صحابی میں سے کوئی ایک بھی مقابلہ کی تاب نہ رکھتا تھا اور ان فتنوں سے عہدہ برآ نہیں ہوسکتا تھا وہ سب توقف کی ہی رائے دے رہے تھے مگر انہوں نے ہمت وشجاعت کی کمر باندھی اور جزیرہ عرب کو پیٹ کے رکھ دیا اور فارس کے ممالک میں حضرت خالد بن ولید کی سرکردگی اسلامی عساکر روانہ کردئے۔ انہوں نے فتوحات کے جھنڈے گاڑ دئے اور دوسرا لشکر حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں زمین شام کی طرف روانہ کردیا اور تیسرا لشکر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں مصر کی جانب بھیج دیا تو شام کے لشکر نے ان زمانے میں بصریٰ، دمشق اور ان کے نزدیکی ممالک خوران وغیرہ میں فتح حاصل کی۔ پھر حق تبارک وتعالیٰ نے ان کو بھی جہان سے بلا لیا اور ان کے لیے وہ پسند فرمایا جو اپنی رحمت ومنت سے اس کے نزدیک بہتر تھا۔ اور اسلام ومسلمانوں پر خدا نے اس الہام کے ذریعہ کرم واحسان فرمایا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قیام امر کے لیے اپنے بعد حضرت عمر بن الخطاب کو اپنا جانشین وخلیفہ نامزد فرمادیا تو آپ کے سیرت کی قوت اور عدل کے کمال میں مکمل طریق پر قیام امر ہوا اور بلاد شام مکمل طور پر اور دیار مصر آخر تک اور اکثر بلاد فارس فتح ہوا۔ اور کسریٰ کی شوکت کو توڑ دیا۔ اسے انتہائی ذلیل وخوار کیا۔ اور اس کے ممالک کے تمام گوشوں پر قبضہ فرمادیا۔ قیصر روم کو بلاد شام سے نکال باہر کیا۔ اور قسطنطنیہ تک فتح یابی کے پھریرے اُڑادیئے اور ان ممالک کی اموال کو راہ خدا میں مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرمادیا۔ اور ویسا ہی ہوا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو خبر دی تھی اور وعدہ فرمایا تھا۔ اس کے بعد خلافت عثمانیہ میں ممالک اسلامیہ کا سلسلہ مشرق ومغرب کے کناروں تک پھیل گیا اور ان کے زمانہ خلافت میں اندلس، قیروان سبتہ اور اس کے متصل بحر محیط کو فتح کرکے مشرقی کناروں میں بلاد چین تک اسلامی سرحدات وسیع ہوگئیں اور کسریٰ کو مار کر ہلاک کیا اور مکمل طور اس کی حکومت فنا کردی۔

مدائن، عراق، خراسان اور اہواز کو فتح کیا اور مسلمانوں نے ترکوں سے زبردست جنگ کی اور مشرق ومغرب سے خراج آنے لگا۔ یہ سب قرآن عظیم کی تلاوت اور اس کی برکت سے ہوا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم کی بہت زیادہ اور بیمثال خدمت کی ہے اور ان پر اکثر وبیشتر بلاد اسلامیہ مفتوح ہوئے۔ ان کے بعد خلیفہ مطلق، امام برحق سیّدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہوئے لیکن لوگوں نے ان کی قدر ومنزلت کو نہ پہچانا اور خلاف ونزاع کی روش کی جانب چل دئے اور ان کی مخالفت پر کمر باندھ لی۔ (فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ)

اور تورپشتی جو کہ فقہ وحدیث کے علماء میں سے حنفی المذہب گزرے ہیں اپنی کتاب عقائد میں لکھا ہے کہ سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے مخالفوں کے تین گروہ ہیں ایک وہ جو ان کو پہچان نہ سکا۔ دوسرا وہ جو دنیا کی محبت میں مبتلا رہا تیسرا وہ جس نے اجتہاد میں خطا کی اور فرماتے ہیں کہ سیّدہ عائشہ صدیقہ حضرت طلحہ وزبیر وغیرہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں ایسا گمان واعتقاد نہ رکھنا چاہیے۔

انہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے حق تعالیٰ سبحانہ کا یہ ارشاد ہے کہ:

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ — وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے۔

یہ ارشاد بالکل عیاں ہے کہ دین اسلام جیسا کہ خبر دی گئی تمام دینوں پر غالب ہے۔ انہیں قرآنی اخبار بالغیب میں سے حق سبحانہ وتعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ — جب اللہ کی مدد اور فتح آئے اور لوگوں کو تم دیکھو کہ اللہ کے دین میں فوج درفوج داخل ہوتے ہیں۔

تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس جہان سے اس حال میں تشریف لے گئے کہ بلاد عرب میں کوئی مقام ایسا نہ تھا جہاں اسلام کا حکم داخل نہ ہو چکا ہو۔ (وللہ الحمد)

اور اخبار بالغیب کی وہ دوسری قسم جو کہ حدیثوں میں مروی ہیں کہ ان میں سے ایک وہ روایت ہے جسے حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ دیا اور اس میں کوئی ایسی چیز جو قیامت تک ہونے والی ہے بیان کرنے سے نہ چھوڑی۔ اس میں سے کسی کو کچھ یاد رہا اور کسی نے کچھ بھلا دیا۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم کسی چیز کو بظاہر بھلا چکے ہوتے ہیں لیکن جب وہ سامنے آتی ہے اور اس کو دیکھتے ہیں تو جان لیتے اور بات یاد آجاتی ہے جیسے کہ وہ شخص جس کا چہرہ عرصہ تک غائب رہا ہو مگر وہ سامنے آتا ہے تو اسے پہچان لیا جاتا ہے۔ حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ میں یہ گمان نہیں کرتا کہ میرے ساتھیوں نے ان باتوں کو جان بوجھ کر بھلا دیا ہے بلکہ خدا کی قسم! انہیں بھلا دیا گیا ہے۔ یقیناً قیامت تک اٹھنے والے ہر ایک فتنہ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب واضح اور صاف صاف بیان فرما دیا یہاں تک کہ فتنہ گروں کے نام ان کے باپ کے نام اور ان کے قبیلوں کے نام تک بیان فرما دئے۔ ابتداً فتنہ گروں کی تعداد تین سو تک ہوگی۔ لیکن ان کے پیروں کاروں کی کوئی حد نہیں۔

(۲) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے کوئی چیز بیان کرنے سے نہ چھوڑی حتیٰ کہ وہ پرندہ جو آسمان میں بازو پھیلاتا ہے اس کا علم بھی ہم سے بیان فرما دیا۔

(۳) صحیح مسلم میں بروایت سیّدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ ذکر دجال کے باب میں مذکور ہے کہ مسلمانوں کو دس سواروں کا رسالہ پہنچے گا۔ میں ان کے ناموں اور ان کے باپوں کے ناموں کو جانتا ہوں۔ اور ان کے گھوڑوں کی رنگتوں کو بھی پہچانتا ہوں۔ وہ روئے زمین پر بہترین

گھوڑ سوار ہوں گے۔(۴) اور بلاشبہ ائمہ حدیث نے احادیث صحیحہ میں بیان فرمایا ہے کہ سیّد عالم ﷺ نے اپنی امت کو خبردار کر دیا اور ان سے دشمنوں پر غلبہ پانے' مکہ مکرمہ' بیت المقدس' یمن' شام' عراق کے فتح ہونے اور راہ میں ایسا امن وامان کا وعدہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی عورت تنہا حرہ سے مکہ کی جانب سفر کرے تو اسے بجز خدا کے کسی کا خوف نہ ہوگا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ اور مدینہ منورہ میں قیام فرمانا اور حق تعالیٰ کا آپ کی امت پر دنیا کو فتح کرانا اور قیصر وکسریٰ کے خزانوں کا ان میں تقسیم ہونا۔ اور کسریٰ وفارس کے جانے کے بعد نہ کسریٰ ہوگا نہ قیصر' اس کی خبر دینا تو کسریٰ اور اس کا ملک تو مکمل طور پر ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔ جیسا کہ اس نے نبی کریم ﷺ کے مکتوب گرامی کو پارہ پارہ کیا تھا۔ اور قیصر نے شام سے راہ فرار اختیار کی اور اس کے ممالک اسلامی سرحدوں میں شامل ہوگئے اور مسلمانوں نے اس کے دیگر ممالک کو فتح کیا اور یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ہوا۔ جیسا کہ آئندہ بھی ذکر آئے گا

اور یہ کہ حضور اکرم ﷺ نے فتنوں کے پیدا ہونے' خواہشات کے پیرو بننے اور گزشتہ یہود ونصاریٰ کی روش پر چلنے اور امت کے تہتر فرقوں میں بٹنے اور ایک فرقہ کی نجات پانے اور عیش وعشرت کے خوگر ہونے اور صبح وشام جدا جدا لباس پہننے' زرق برق پوشاکیں پہننے۔ گھروں میں اچھے فرش وفروش بچھانے' چھت گیریاں اور دیواروں پر پردے لٹکانے جیسے کہ خانہ کعبہ میں لٹکے ہوئے ہیں۔ اترا اترا کر چلنے اور قسم قسم کے کھانے پکانے اور فارس وروم کی لڑکیوں کی مانند عورتوں سے خدمت لینے کی خبر دی ہے اور فرمایا جب وہ ایسا کریں گے تو حق تعالیٰ ان پر عذاب برپا کرے گا اور ان میں جنگ وجدال برپا ہوگا۔ اور نیکیوں کی جگہ بدلوگ لے لیں گے۔ اور نیک لوگوں کو ان کے درمیان سے اٹھالے گا اور خبر دی کہ یہ وقت اور زمانہ بہت تیزی سے گزرے گا اور قرب قیامت علم اُٹھ جائے گا اور اہل علم دنیا سے اٹھ جائیں گے اور فتنے ظاہر ہوں گے اور ہرج مرج رونما ہوگا جس کی ابتدا واقعہ عثمان رضی اللہ عنہ سے واقعہ حرہ تک ہے۔ اور واقعہ حرہ شناعتوں میں سب سے بدتر شنیع واقعہ ہے۔ جو کہ یزید کے زمانے میں رونما ہوا۔ اور ہم نے تاریخ مدینہ میں اسے بیان کیا ہے۔

اور مسیلمہ کذاب کی فتنہ وفساد کی خبر دی گئی اور اس کی روایت سے ڈرایا گیا اور فرمایا عرب پر افسوس ہے کہ اس کا نشان قریب آ گیا ہے اور فرمایا میرے لیے زمین کو لپیٹا گیا اور مجھے اس کے مشارق ومغارب دکھائے گئے۔ اور وہ زمانہ نزدیک ہے کہ جہاں تک مجھے زمین کو لپیٹ کر دکھایا گیا وہاں تک میری امت کا قبضہ ہے۔ اور اسی طرح مشرق ومغرب میں مابین ارض ہند کے حکومت دراز ہوگی جو کہ اقصائے شرق سے بحر طنجہ تک ہے جس کے بعد کوئی عمارت یا آبادی نہیں ہے۔ اور گزشتہ امتوں میں سے کسی حکومت کی حکومت اتنی دراز نہ ہوئی نہ جنوب میں اور نہ شمال میں۔

اور فرمایا اہل عرب ہمیشہ حق پر رہیں گے یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔ اہل عرب سے مراد بعض عرب لیتے ہیں اس لیے عرب بعین معجمہ وسکون راء بمعنی دلو یعنی ڈول کے ہیں اور عرب ڈول سے پانی دینے میں مخصوص ہیں۔ کذا قیل اور بعض اہل عرب سے مغربی بلاد مراد لیتے ہیں کیونکہ ان میں کے اکثر لوگ حق پر قائم ہیں اور بعض روایتوں میں اہل مغرب بھی واقع ہوا ہے۔ یہ روایت معنوی اعتبار سے بھلائی اور خیر کے معنی میں۔ اور ایک حدیث میں بروایت ابی امامہ آیا ہے کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم اور دشمنان دین پر قاہر وغالب رہے گی یہاں تک کہ حکم رب یعنی قیامت آجائے ان کا حال ہمیشہ حق پر ہی ہوگا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ لوگ کہاں ہوں گے؟ فرمایا بیت المقدس میں۔

اور نبی کریم ﷺ نے بنی اُمیہ کی حکومت اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ولایت کی خبر دی۔ اور فرمایا آگاہ رہو آخر عمر میں تم میری امت کے حاکم ہوگے اور جب حاکم بنو تو نیکوں کی صحبت اختیار کرنا اور بدوں سے دور رہنا۔ حضرت معاویہ فرماتے ہیں کہ مجھے اسی دن سے اُمید ہوگئی تھی کہ میں ملک داری میں مبتلا ہوں گا۔ مواہب لدنیہ میں منقول ہے کہ ابن عساکر نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: معاویہ کبھی

بھی مغلوب نہ ہوں گے اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ روز صفین فرماتے تھے کہ اگر میں اس حدیث کو پہلے سنتا تو میں ہرگز معاویہ سے جنگ نہ کرتا۔ (واللہ اعلم)

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی والدہ سے فرمایا: کہ تمہارے شکم میں لڑکا ہے وہ پیدا ہوا تو اسے میرے پاس لے آنا۔ چنانچہ بچے کی پیدائش کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائیں تو حضور نے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت فرمائی۔ اور اپنا لعاب دہن مبارک انہیں چٹایا اور ان کا نام عبداللہ رکھا اور فرمایا یہ ابوالخلفا ہیں۔ اور عرب پر ترکوں کے غالب آنے کی خبر دی۔ اور بنی عباس کے سیاہ جھنڈے کے ساتھ نکلنے اور ان کے ملک میں پہنچنے اور زیادہ علاقہ پر قبضہ کرنے اور اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی قتل کرنے، شدت وسختی کرنے کی خبر دی۔

اور سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے شہید ہونے کی خبر دی۔ اور فرمایا قوم کا وہ شخص بدبخت وبدتر ہے جو ان کے سر اور داڑھی کو خون سے لت پت کرے گا۔ اور فرمایا کہ علی مرتضیٰ جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہیں۔ وہ اپنے دوستوں کو جنت میں اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کریں گے۔ اور یہ ان خبروں پر مبنی ہے جو دیگر حدیثوں میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں مروی ہیں۔ اور کتاب الشفا میں کہا گیا ہے کہ علی مرتضیٰ کے دشمن دو گروہ ہیں ایک خارجی دوسرا ناصبی اور روافض کی وہ جماعت جو ان کی طرف نسبت کرتی ہے۔ علماء ان کی تکفیر کرتے ہیں۔ (کَذَا ذکرہ فی الشفا)

اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی منقبت میں ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضرت عیسےٰ ابن مریم علیہما السلام سے انہیں ایک قسم کی مشابہت ہے کیونکہ یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دشمن جانتے اور ان کی والدہ ماجدہ پر بہتان دھرتے ہیں اور نصاریٰ محبت کا دعویٰ کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ انہیں اس مرتبہ تک لے جاتے ہیں جو ان کے لائق نہیں۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا میرے بارے میں دو گروہ ہلاک ہوں گے ایک محبّ مفرط، جو کہ میری تعریف اس حد تک کرے گا جو مجھ میں نہیں ہے اور دوسرا مبغض، کہ جو مجھ سے عداوت رکھے اور مجھ پر بہتان باندھے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر دی اور فرمایا کہ اس حال میں شہید ہوں گے کہ وہ قرآن پاک کی تلاوت کر رہے ہوں گے۔'' اور کہتے ہیں کہ بلا آخر ان کا خون قرآن کریم کی آیہ کریمہ: فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ پر گرا اور فرمایا یہ ظلماً شہید کیے جائیں گے۔ اور خبر دی کہ حق تعالیٰ حضرت عثمان کو ایک قمیص پہنائے گا اور لوگ چاہیں گے وہ اپنے جسم شریف سے اس قمیص کو اتار دیں۔ (قمیص پہنانے سے مراد خلافت ہے) ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور نے حضرت عثمان سے فرمایا: کہ جب حق تعالیٰ تمہیں قمیص پہنائے تو تم پر لازم ہے کہ تم اسے اپنے جسم سے نہ اتارنا اور حضور نے حضرت عثمان کو جنت کی بشارت دی اور اس امتحان کی خبر دی جو انہیں پہنچا۔

اور فرمایا جب تک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ زندہ ہیں فتنے ظاہر نہ ہوں گے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کیے جانے کی خبر دی اور فرمایا وہ شہید ہوں گے۔ اور حضرت علی سے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے جنگ کرنے اور اس کے بعد ان کے پشیمان ہونے کی خبر دی۔ اور ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کسی ایک پر مقام ''حواب'' میں جو مکہ مکرمہ اور بصرہ کے درمیان ایک موضوع ہے کتوں کی آواز بولنے اور وہاں مقتولوں کے انبار لگنے کی خبر دی۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر یہ حال گزرا جب کہ وہ بصرہ کی طرف جا رہی تھیں جسے ''واقعہ جمل'' کہتے ہیں۔

اور حضرت عمار بن یاسر کو خبر دی کہ انہیں باغی قتل کریں گے تو ان کو حضرت معاویہ کے ساتھیوں نے قتل کیا۔ اور یہ خبر تواتر کے قریب ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن زبیر سے فرمایا: تم سے لوگوں کو افسوس ہے اور لوگوں سے تم کو افسوس ہے چنانچہ حجاج کے حکم سے ایسا ہی ہوا۔

اور حضرت ابن عباس سے فرمایا: تم اپنی آنکھ کی بصارت گم کردو گے پھر روز قیامت حق تعالیٰ اسے تمہاری طرف لوٹائے گا۔

حضرت زید بن حارثہ اور حضرت جعفر بن ابی طالب اور حضرت عبداللہ بن رواحہ کی شہادت کی خبر دی اور غزوہ موتہ کی جنگ میں حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے فتح پانے کی خبر دی۔ حالانکہ موتہ ایک ماہ کی مسافت پر ہے۔

اور قرنان (بضم قاف وسکون راء) ایک شخص تھا جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آیا تو اس کے جہنمی ہونے کی خبر دی اس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک جنگ میں اس نے اتنی پامردی سے جنگ لڑی کہ لوگ حیران رہ گئے اور غالباً بعض صحابہ کو حضور کا اس کے بارے میں جہنمی ہونے کی خبر دینے پر شک بھی گزرا۔ بالآخر وہ زخموں سے چور ہو گیا اور تکلیف سے بے تاب ہو گیا تو اس نے اپنی تلوار سے اپنے آپ کو مار ڈالا۔ جب لوگوں نے اس کی خبر حضور کو پہنچائی تو فرمایا: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ.

اور حضور نے ایک جماعت سے فرمایا: جن میں حضرت ابوہریرہ، سمرہ بن جندب اور خدیفہ رضی اللہ عنہم تھے کہ ان میں سے آخری مرنے والا شخص دنیاوی آگ سے جل کر مرے گا۔ تو ان سب میں آخری مرنے والے حضرت سمرہ تھے جو کہ بہت بوڑھے اور ناتواں تھے وہ بدن کو گرم رکھنے کے لیے آگ تاپتے تھے بالآخر اسی آگ نے ان کی جان لے لی۔ اور غزوہ احد میں حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ فرشتے انہیں غسل دے رہے ہیں فرمایا ان کے بیوی سے دریافت کرو کہ حقیقت حال کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ وہ جنبی تھے انہیں غسل کی حاجت تھی۔ حضرت حنظلہ نے جب یہ سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت معرکہ درپیش ہے تو ان کو غسل کی فرصت نہ ملی وہ اسی حالت میں اٹھ کر چل دئے اور شہید ہو گئے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان کے سر سے پانی کے قطرے ٹپکتے دیکھے ہیں۔ اور خبر دی کی ثقیف میں کذاب اور مبیر ہوں گے چنانچہ ان دونوں صفتوں کے شخص پائے گئے۔ کذاب مختار بن عبید کو کہتے ہیں اور مبیر بمعنی مہلک وقتال، حجاج بن یوسف کو۔ مختار کا قصہ اسماء الرجال کی کتابوں میں دیکھنا چاہیے۔

اور سیّدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ میرا یہ فرزند سید ہے اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کرائے گا اور اس قصہ کا مصدوق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مصالحت ہے جیسا کہ مشہور ہے۔

اور سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے بارے میں خبر دی کہ میرے اہل بیت میں سے یہ سب سے پہلے مجھ سے ملیں گی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دنیا سے رحلت فرمانے کے آٹھ مہینے یا چھ مہینے بعد وفات پائی (رضی اللہ عنہا)۔

اور فرمایا میری ازواج میں سب سے پہلے مجھ سے ملنے والی وہ زوجہ ہے جس کے ہاتھ دراز ہیں۔ اس سے مراد ام المومنین سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا ہیں کہ ان کے ہاتھ کاروبار اور صدقہ دینے میں دراز تھے (آخر حدیث تک)۔

اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے مقام طف میں شہید ہونے کی خبر دی اور نشانی بھی دی کہ انہیں کلب افعی قتل کرے گا۔ اس کا نام شمر بن ذی الجوشن تھا اور اپنے دست مبارک میں سے تھوڑی سی خاک نکال کر فرمایا یہ ان کے مقتل کی مٹی ہے۔

اور خبر دی کہ میرے بعد خلافت (مسلسل) تیس سال ہوگی اس کے بعد ملوکیت و بادشاہت ہوگی۔ اور ایک روایت میں ''ملک عضوض'' فرمایا اس امر کی ابتداء نبوت و رحمت ہے۔ اس کے بعد خلافت پر رحمت ہے پھر ''ملک عضوض'' اس کے بعد عبود جبروت اور فساد ہوگا اور اس کے ظہور کی خبر دی اس کے بعد ایک سینگ نکلے گا۔ اور امراء کو نشانی دی کہ نماز کی ادائیگی میں تاخیر وقت سے کام لیں گے اور فرمایا آخر زمانہ میں میری امت میں تیس دجال کذاب پیدا ہوں گے۔ اور ان میں چار عورتیں بھی ہوں گی اور ان میں کا ہر ایک خدا اور اس کے رسول پر جھوٹ باندھے گا۔ ان کا آخر دجال کذاب سے ہوگا یعنی وہ جو آخر زمانے میں نکلے گا۔ اور ایک جگہ آیا ہے کہ وہ سب کے

سب نبوت کا دعویٰ کریں گے۔

اور فرمایا عنقریب تم میں بھی بکثرت عجمی لوگ ایسے ہوں گے جو تمہاری گردنوں کو ماریں گے۔ اور قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ قحطان کا ایک شخص جو تم پر حاکم و بادشاہ ہوگا وہ لوگوں کو اپنی لاٹھی سے نہ مارے۔

اور فرمایا: خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ

تم میں سب سے بہتر زمانہ میرا زمانہ ہے پھر وہ جو اس کے متصل ہے۔ پھر وہ جو اس کے متصل ہے پھر وہ جو اس کے متصل ہے۔ بس سے مراد صحابہؓ تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا زمانہ ہے اور بخاری کی ایک روایت میں بطریق شک راوی چار مرتبہ آیا ہے۔ اس کے بعد جھوٹ پھیل جائے گا۔

اور ایک روایت میں آیا ہے کہ لوگ از خود آ کر گواہی دیں گے بغیر اس کے کہ انہیں گواہی کے لیے بلایا جائے اور خیانت کریں گے اور امانت ادا نہیں کریں گے اور وعدہ کریں گے مگر اسے پورا نہیں کریں گے۔

اور فرمایا کوئی زمانہ ایسا نہیں مگر یہ کہ دست درازی اور ظلم و تشدد کے بعد اس سے بدتر آئے۔ علماء کرام حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے زمانے سے اس کی نقیض لاتے ہیں۔ کیونکہ ان کا زمانہ آل مروان کے ظلم و تشدد کے دور کے بعد آیا۔ اور جواب دیتے ہیں کہ یہ حکم باعتبار اغلب ہے۔

اور فرمایا میری امت قریش کے بچوں کے ہاتھ پر ہلاک ہوگی (اس سے مراد یزید وغیرہ ہیں) اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو اس حدیث کے راوی ہیں فرمایا کرتے تھے کہ اگر میں چاہوں تو ان کا نام بنام بیان کر دوں مگر میں نہیں چاہتا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ بھی فرمایا کرتے کہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَمَارَةِ السِّتِّيْنَ" میں اللہ سے ۶۰ ھ کی حکومت سے پناہ مانگتا ہوں (جو کہ یزید کی تخت نشینی کا سن ہے) حضرت ابو ہریرہ اس جہان سے ۶۰ ھ سے پہلے ہی رحلت کر گئے۔

اور خبر دی کہ فرقہ قدریہ مرجیہ رافضیہ اور خوارج ظاہر ہوں گے اور خوارج کے بارے میں فرمایا وہ بہترین گروہ سے نکلیں گے بہترین گروہ سے مراد علی مرتضیٰ اور ان کے ساتھی رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ اور فرمایا کہ ان کی یہ نشانی ہے کہ ان میں ایک سیاہ رنگ کا آدمی ہوگا جسے "ذوالثدیہ" کہیں گے اور اس کا ایک بازو عورت کی پستان کی مانند ہے جسے وہ حرکت دے گا اور گھمائے گا اور ان کے سر منڈے ہوں گے۔ اور ان سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ جنگ کریں گے ایک اور حدیث میں آیا ہے اگر میں انہیں پاتا تو عاد و ثمود کی مانند انہیں ہلاک کرتا۔

اور خبر دی کہ آنے والے لوگ پچھلوں کو برا بھلا اور گالیاں دیں گے جیسا کہ روافض کرتے ہیں۔

اور فرمایا کہ دین کے مددگار کم ہو جائیں گے یہاں تک کہ آٹے میں نمک کی مانند رہ جائیں گے اور ان میں ہمیشہ تشتت و افتراق رہے گا۔ اور اس افتراق سے کوئی جماعت نہ بچے گی۔ اور ان پر "امرء" ہوگا یعنی ان کے امراء حکام لوگوں پر جبر و تشدد اور دراز دستی کریں گے اور جبراً حکومت و ولایت کو اختیار کریں گے اور دوسروں کے ساتھ ایسی رعایت کریں گے جو اپنوں کے ساتھ کریں گے اور شمنی شرح شفا میں بصری سے نقل کرتے ہیں کہ "یہ امرء" حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں تھا۔

اور خبر دی کہ آخر زمانے میں لوگ انتہائی ذلیل و کمینہ خصلت ہوں گے۔ بکریوں کے چرائیں گے ننگے بدن اور ننگے پاؤں رہیں گے۔ اور اپنی عمارتوں کو اونچا بنائیں گے۔ اور اس میں باریاں اور کھڑکیاں رکھیں گے۔ یہ کثرت مال و زر اور عیش پرستی سے کنایہ ہے۔

اور خبر دی کہ قریش اور احزاب حضور کے ساتھ غزوہ نہ کریں گے کیونکہ حضور ان کے ساتھ غزوہ کرتے تھے۔ اور یہ غزوہ خندق میں

فرمایا۔ کیونکہ اس کے بعد کفار قریش ہمارے سروں پر جنگ نہ لاسکیں گے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا۔

اور بیت المقدس کی فتح کے وقوع موتان کی خبر دی۔ لفظ ''موتان'' بضم میم وسکون واؤ اور لغت میں فتح سے بھی آیا ہے اس کے معنی وبا اور طاعون کے ہیں اور لفظ موتان کا اکثر استعمال مویشی کے مرنے پر ہوتا ہے مگر ظاہر مطلب وہ عام طاعون ہے جو امیر المومنین سیّدنا عمر بن خطاب کے زمانے میں پھیلا تھا۔ کہتے ہیں کہ تین دن میں ستر ہزار آدمی طاعون سے مرے تھے (واللہ اعلم)۔

اور بصرہ کے آباد ہونے کا وعدہ فرمایا۔ اور ایک صحابی کو بشارت دی کہ وہ سمندر میں جنگ کریں گے جس طرح بادشاہ تختوں پر بیٹھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس کا وقوع حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں امیر المومنین سیّدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں ہوا۔

اور خبر دی کہ اگر دین ثریا پر معلق ہو جائے تو ابنائے فارس کے لوگ اسے پالیں گے۔ کچھ لوگ اسے حضرت سلمان فارسی وغیرہ حضرات پر محمول کرتے ہیں۔ اور کچھ لوگ اسے حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اور ان کے تلامذہ پر محمول کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کی اصل ابنائے فارس سے ہے اور ایک روایت میں رجل من فارس آیا ہے (واللہ اعلم)۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ کے ایک ایسے عالم کی خبر دی جس کا اتباع علماء کی ایک جماعت کرے گی۔ کہتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ اس سے مراد مدینہ طیبہ میں عالم کے پاس جانے کی طرف ہے۔ اور آپ کی یہ خبر اپنے زمانہ کے لیے ہے نہ کہ ہمیشہ کے لیے۔ جیسا کہ سیاق حدیث اس پر دلالت کرتا ہے حالانکہ یہ خبر بعد والوں کے لیے ہے۔

اور عالم قریش کی خبر دی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا تَسُبُّوْا قُرَيْشًا فَاِنَّ عَالِمَهَا يَمْلَأُ طِبَاقَ الْاَرْضِ عِلْمًا. قریش کو برا نہ کہو کیونکہ ان کا ایک عالم جہان بھر کو علم سے بھر دے گا۔ امام احمد وغیرہ کا یہ مذہب ہے کہ اس سے مراد امام شافعی ہیں اور جوزُرقانی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث لاتے ہیں کہ: يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْحَنِيْفَةَ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ میری امت میں ایک شخص ہوگا جسے ابوحنیفہ کہیں گے وہ میری امت کا آفتاب ہے۔ ''تنزیہہ الشریعہ'' میں کہا گیا ہے کہ امام احمد کی حدیث کی سند میں جو بیاری ہے اور اس کا راوی مامون سلمی ہے ان دونوں میں سے کسی ایک نے اس حدیث کو وضع کیا ہے اور صاحب ''سفر السعادۃ'' فرماتے ہیں کہ امام شافعی اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے فضائل اور ان کے ذم کے اسباب میں کوئی روایت درجہ صحت کو نہیں پہنچتی۔ اس باب میں جو کچھ مروی ہے وہ موضوع و منکر ہے (واللہ اعلم) اور خبر دی کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی یہاں تک کہ حکم خدا یعنی قیامت آجائے۔

اور خبر دی کہ اللہ تعالیٰ ہر صدی کے شروع میں ایسا مجدد پیدا فرمائے گا جو دین کی تجدید کرے گا اور الامثل فالامثل کے جانے کی خبر دی اور حاکم نے بلفظ الخیر فالخیر روایت کر کے صحیح کہا ہے اور بعض غزوات میں تند و تیز ہوا چلنے کی خبر دی اور فرمایا یہ ہوا مدینہ منورہ میں ایک منافق کے مرنے کے سبب چلی ہے۔ جب غزوہ سے واپس پہنچے تو ایسا ہی پایا۔

ایک اور شخص کے بارے میں خبر دی کہ اس نے مالِ غنیمت میں سے یہودی کے ایک منکہ کی خیانت کی ہے وہ اس کی جائے رہائش سے برآمد ہوا۔ اسی طرح ایک شخص کو چادر چرانے کی خبر دی اور وہ چادر اس کے سامان میں سے برآمد ہوئی۔

اور ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اونٹنی کی گم شدگی کا پتہ فرمایا فلاں وادی میں اس کی مہار ایک درخت کی شاخ سے لپٹی ہوئی ہے۔

اور صحابہ کرام کو خبر دی کہ اہل مکہ کا لکھا ہوا خط لے جایا جا رہا ہے اور نشان بتایا کہ اس قسم کی عورت فلاں وادی میں جا رہی ہے اس سے وہ خط برآمد کر لو۔ چنانچہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ایک دو ساتھیوں کے ساتھ اس عورت کی تلاش میں نکلے۔ اور اسے اسی جگہ پایا

جہاں کا آپ نے نشان و پتہ بتایا تھا۔ یہ قصہ کتب احادیث میں مذکور و مسطور ہے اور سورہ ممتحنہ کا شان نزول بھی یہی قصہ ہے۔

اور حضور نے اپنے چچا حضرت عباس کو اس مال کی خبر دی جو اپنی بیوی ام الفضل کے سپرد کر کے چلے تھے اور ان کی خبر ان کو اور ان کی بیوی کے سوا کسی کو نہ تھی۔ پھر وہ اسلام لے آئے جیسا کہ غزوہ بدر میں انشاء اللہ آئے گا۔

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے اس وقت جب کہ ان پر موت کی سی کیفیت طاری تھی فرمایا ممکن ہے کہ تم اس سے نجات پالو اور زندہ رہو یہاں تک کہ تم سے ایک قوم نفع پائے یعنی مسلمان اور دوسری قوم نقصان اٹھائے یعنی کفار۔ گویا انہیں طویل العمر پانے کی بشارت دی اور وہ عشرۂ مبشرہ میں سب کے آخر میں انتقال فرمانے والے تھے اور ۵۵ھ یا ۵۷ھ میں رحلت فرمائی اور بعض کہتے ہیں کہ ۵۸ھ میں وفات پائی۔

اور خبر دی کہ ابی ابن خلف میرے ہاتھ پر مارا جائے گا۔ اور فرمایا عتبہ بن ابولہب کو اللہ کا کوئی کتا کھائے گا۔ چنانچہ اسے شیر نے کھایا۔

اور بدر کے دن کفار کے قتل ہو کر گرنے کی جگہ پر نشانات لگا کر بتلایا اور وہ ٹھیک اسی جگہ مر کر گرے جہاں حضور نے نشان لگائے تھے۔

اور نجاشی کے انتقال کی خبر دی اس دن جس دن کہ وہ حبشہ میں فوت ہوئے اور جنازہ گاہ میں تشریف لے جا کر چار تکبیر کے ساتھ نماز جنازہ ادا فرمائی۔

اور فیروز دیلمی کو جب کہ وہ کسریٰ کا قاصد بن کر آیا تھا اسی دن کسریٰ کے مرنے کی خبر دی جب فیروز نے اس کی تحقیق کی تو اسلام لے آیا۔

اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو خبر دی کہ لوگ انھیں مدینہ منورہ سے نکال دیں گے جب کہ وہ ایک دن مسجد نبوی میں سو رہے تھے۔ فرمایا اے ابوذر تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب کہ تمہیں لوگ اس مسجد سے نکالیں گے۔ عرض کیا مسجد حرام میں اقامت گزیں ہو جاؤں گا فرمایا جب تمہیں وہاں سے بھی نکال دیں گے تو (آخر حدیث تک) اور انہیں خبر دی کہ تم یکہ و تنہا زندگی گزارو گے اور اسی حالت میں وفات پاؤ گے اور حضرت ابوذر کا ''ربذہ'' جانے کا واقعہ جہاں وہ قیام پذیر تھے اور وہاں اس جہان سے رخصت ہونے کا قصہ مشہور ہے اور کتب سیر میں مذکور ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آخر کتاب میں حضرت ابوذر کے ذکر میں آئے گا۔

اور حضور کا پہاڑ سے فرمانا: کہ قائم رہ نہیں ہے تجھ میں مگر نبی و صدیق و شہید۔ اور حضور کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم تھے۔ یہ بھی مشہور ہے اور حضرت سراقہ سے یہ فرمانا کہ اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب کہ تم اپنے دونوں ہاتھوں میں کسریٰ کے سونے کے کنگن پہنو گے تو جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانے میں کسریٰ کے اموال آئے اور ان میں اس کے کنگن بھی تھے تو حضرت فاروق نے حضرت سراقہ کے ہاتھوں میں وہ دونوں کنگن پہنائے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر کی تصدیق کے لیے اس وقت حضرت فاروق نے کہا حمد ہے اس خدا کی جس نے کسریٰ کے ہاتھوں میں سے چھین کر سراقہ کے ہاتھوں میں پہنائے۔''

اور دجلہ و دجیل کے درمیان ایک شہر آباد ہونے کی خبر دی۔ اس سے مراد بغداد کا شہر ہے۔ اور فرمایا کہ اس امت میں ایک شخص پیدا ہوگا جسے لوگ ولید کہیں گے وہ اس امت کا بدترین شخص ہوگا اور یہ اپنی قوم کا فرعون ہوگا۔

اور فرمایا کہ اس وقت تک قیامت نہ ہوگی جب تک کہ دو گروہ آپس میں نہ لڑیں اور دونوں کا ایک ہی دعویٰ ہوگا۔ یعنی دونوں مسلمان ہوں گے۔ علماء فرماتے ہیں اس سے مراد واقعہ صفین ہے اور قاضی ابوبکر بن عربی فرماتے ہیں کہ یہ پہلا معاملہ ہے جو احیانک

اسلام میں داخل ہوا اور قرطبی فرماتے ہیں کہ وہ پہلا حادثہ۔ جو رسول اللہ ﷺ کے بعد اسلام کو درپیش ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت ہے۔ اور رسول اکرم ﷺ کی وفات کے بعد سلسلہ وحی ختم ہوا اور عرب وغیرہ میں روت کا فتنہ ظاہر ہوا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت سے فتنہ کی تلوار بے نیام ہوئی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ اس کے بعد قضاوقدر الٰہی سے جو ہوا وہ عیاں ہے۔

اور سہیل بن عمرو قریش کے سرداروں میں سے تھا اور ان کا خطیب تھا وہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر سب وشتم کرتا رہتا تھا روز بدر جب وہ قید ہو کر سامنے آیا تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کے دانتوں کو توڑ دوں۔ اس پر حضور نے حضرت عمر سے فرمایا: عنقریب یہ ایسے مقام پر کھڑا ہوگا کہ اے عمر تم اس سے خوش ہو جاؤ گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ اسلام لا کر مکہ مکرمہ میں رہنے لگا جب حضور اکرم ﷺ کی رحلت اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کی خبر پہنچی تو اس نے خطبہ دیا اور مسلمانوں کے دلوں کو ثابت وقوی اور ان کی بصیرتوں کو روشن کر دیا۔

اور ثابت بن قیس بن شماس سے فرمایا: کہ کیا خوب زندگی گزاری اب موت بھی شہادت کی پاؤ گے تو وہ یمامہ میں مسیلمہ کذاب کی لڑائی میں شہید ہوئے۔

اور حضرت خالد سے فرمایا: کہ جب کہ انہیں ''اُکَیْدَر'' (بضم ہمزہ وفتح کاف وسکون یا) جو کہ ایک نصرانی کا نام تھا اس کی طرف بھیجا کہ تم اسے نیل گائے کا شکار کرتا ہوا پاؤ گے۔ غرضیکہ حضور اکرم ﷺ نے غیبی اسرار ورموز کی ہر اعتبار سے خبریں دیں۔ اور آپ پر منافقین کے تمام اسرار اور مسلمانوں کے وہ تمام واقعات جو آپ کی حیات طیبہ اور بعد از وفات پیش آئے سب منکشف ومطلع تھے یہاں تک کہ لوگ ایک دوسرے سے کہتے تھے کہ خدا کی قسم! اگر خبر دینے میں کوئی جلدی نہ کرتا تو بطحا کے سنگریزے آپ کو خبر دیتے اور رسول اللہ ﷺ نے اس جادو کی خبر دی جسے لبید بن اعصم یہودی نے ان بالوں پر جو حضور ﷺ کی کنگھی کرتے ہوئے گرے تھے کیا تھا۔

اور حضور نے اس معاہدے کی تحریر کے دیمک کو کھا جانے کی خبر دی جسے قریش نے بنی ہاشم کے خلاف تحریر کیا تھا مگر جہاں اللہ کا نام تحریر تھا وہ محفوظ رہی۔ اور حضور نے بیت المقدس کی کیفیات اس وقت بیان فرمائیں جب کہ قریش نے شب معراج کے سلسلے میں آپ کی تکذیب کی تھی۔

اور آخر زمانے میں امت کے اندر برائیاں ظاہر ہونے کی خبر دی کہ امانت جاتی رہے گی' شیطان کا سینگ نکلے گا۔ خیانت پھیل جائے گی' ہم زمانوں سے حسد کریں گے۔ مردوں کی کمی ہوگی اور عورتوں کی کثرت ہوگی اور مال کے کم ہونے' فتنوں کے واقع ہونے' صلہ رحمی اٹھ جانے' زلزلے آنے' حجاز سے آگ ظاہر ہونے کی خبر دی۔ یہ ساری تفصیلات تاریخ مدینہ معظمہ میں مذکور ہیں اور علامات قیامت' حشر ونشر اور باقی احوال آخرت اور احوال قیامت تو یہ ایک بہت وسیع باب ہے جن کے اظہار وبیان کے لیے مستقل کتاب درکار ہے۔ یہاں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ آپ کی نبوت کی صداقت اور ظہور معجزات کے لیے بہت کافی ہے۔ (ﷺ)

حفظ وعصمت سیّد عالم ﷺ

وصل: حضور اکرم سیّد عالم ﷺ کے معجزات عظیمہ کے ظہور کے ابواب میں ایک' حق تبارک وتعالیٰ کی جانب سے آپ کو لوگوں کے شر اور اعدائے دین کے مکر وکید سے حفاظت وعصمت فرمانا ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا: وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اور اللہ آپ کو لوگوں کے شر سے بچائے گا۔ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا آپ اپنے رب کے حکم کے لیے ثابت قدم رہیے کیونکہ آپ ہماری نظروں کے سامنے ہیں اور فرمایا: إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ ہم ہی ان لوگوں کے مقابلہ

میں آپ کے لیے کافی ہیں جنہوں نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بنا رکھا ہے اور فرمایا: وَاِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا۔ اور یاد کیجئے جب کافر لوگ آپ کے ساتھ خفیہ تدبیریں کر رہے تھے۔''

اور خود رسول کریم ﷺ اپنی نگہداشت فرماتے تھے۔ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی آپ کی پاسبانی کرتے تھے جب یہ آیہ کریمہ: وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ نازل ہوئی تو حضور اکرم ﷺ خیمہ سے باہر تشریف لائے اور ان اصحاب سے جو آپ کی پاسبانی کر رہے تھے فرمایا اے لوگو! اب پاسبانی چھوڑ دو اور چلے جاؤ اس لیے کہ میری حفاظت میرا رب عزوجل فرما رہا ہے۔ اب مجھے تمہاری نگہبانی کی حاجت نہیں ہے۔

مروی ہے حضور اکرم ﷺ ایک سفر میں کسی درخت کے نیچے قیام فرما تھے اور عادت شریفہ ایسی تھی کہ جب کوئی پہلے منزل آتی تو صحابہ کرام آپ کے لیے کوئی درخت پسند کرتے تا کہ حضور ﷺ اس کے سایہ میں دوپہر کا قیلولہ فرمائیں۔ ایک اعرابی آیا اس نے تلوار سونت کر کہا کون ہے جو تم کو مجھ سے بچائے گا فرمایا اللہ! اس پر اعرابی کانپنے لگا اور تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی اور یہ اس کے سر پر پڑی جس سے اس کا بھیجا کھل گیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور بلاشبہ یہ قصہ صحیح حدیث میں مروی ہے کہ حضور نے اس اعرابی کو معاف فرما دیا پھر وہ اپنی قوم میں جا کر کہنے لگا کہ میں تمہارے پاس بہترین قوم کے سامنے سے آیا ہوں۔ نیز ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضور نے اس کے ہاتھ سے تلوار پکڑ کے فرمایا تجھے کون میرے ہاتھ سے بچائے گا تو وہ قدموں میں گر پڑا۔

اسی کی طرح غزوہ بدر کے سلسلے میں بھی ایک حکایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ قضائے حاجت کے لیے صحابہ جدا کر ہو کر دور تشریف لے گئے آپ کے تعاقب میں ایک منافق بھی چل دیا۔ آگے حکایت مذکورہ بیان کے مطابق ہے۔ اور اسی روایت کے مثل غزوہ غطفان میں بھی مروی ہے اس میں مشہور ہے کہ وہ حملہ آور جوان مسلمان ہو گیا اور اپنی قوم کی طرف واپس لوٹ گیا وہ اپنی قوم کا سردار اور ان کا بڑا بہادر شخص تھا۔ قوم کے لوگ اس سے کہنے لگے کہ تجھے کیا ہو گیا تو تو کہتا تھا کہ میں انہیں ہلاک کر دوں گا۔ اور یہ تیرے امکان میں بھی تھا کہ پھر تو نے ایسا کیوں نہ کیا؟ اس نے کہا میں نے ایک سفید رو بلند شخص کو دیکھا جس نے میرے پر مارا جس سے میں اپنی پشت کے بل گر پڑا اور تلوار زمین پر گر گئی تو میں نے جان لیا کہ وہ فرشتہ ہے پھر میں اسلام لے آیا۔

اور ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ تلوار سونت کر حضور کے سر پر کھڑا ہو گیا تو حضور نے دعا کی خداوند مجھے اس کے شر سے محفوظ رکھ جس طرح کہ تو چاہے وہ کمر کے درد میں مبتلا ہو کر چہرے کے بل گر پڑا اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اور حق سبحانہ کا یہ ارشاد کہ:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْٓا اِلَیْکُمْ اَیْدِیَهُمْ

اے ایمان والو یاد کرو اس نعمت الٰہی کو جو تم پر اس وقت نازل ہوئی جب کہ ایک قوم نے ارادہ کیا کہ تم پر دراز دستی کرے۔

یہ خطاب مومنوں کی جانب ہے کیونکہ حضور ﷺ کا نفع و ضرر حقیقۃً انہیں کی طرف لوٹتا ہے۔

منقول ہے کہ جب سورہ تبت یدا ابی لہب نازل ہوئی ابولہب کی بیوی لعنۃ اللہ علیہا جس کا نام ام جمیل بنت حرب تھا اور وہ ابوسفیان کی بہن تھی اور اسے ''حمالۃ الحطب'' یعنی لکڑیاں اٹھانے والی کہا گیا تو اس نے ارادہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو ایذا دے اور دشنام طرازی کرے اس وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے انہوں نے دیکھا کہ ام جمیل آ رہی ہے تو عرض کرنے لگے یا رسول اللہ یہ عورت انتہائی بے حیاء اور بے ادب و بدزبان ہے اگر یہاں سے حضور تشریف لے جائیں تو بہتر ہے۔ فرمایا وہ مجھے نہ دیکھ سکے گی۔ پھر ام جمیل آئی اور اس نے کہا: اے ابوبکر! تمہارے آقا نے میری ہجو کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا آقا نہ شعر گوئی کرتا ہے اور نہ کسی کی برائی کرتا ہے تو وہ ملعون عورت خائب و خاسر ہو کر لوٹ گئی۔ اور حضور اسی جگہ تشریف فرما رہے اور وہ نہ دیکھ

سکی۔ حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا تا کہ وہ مجھے اس سے اپنے پروں میں پوشیدہ کر لے۔ محمد بن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ اس عورت کے ہاتھ میں ایک پتھر تھا۔ اس نے کہا اگر محمد ﷺ کو دیکھتی تو اس پتھر سے ان کا منہ.....'' (نعوذ باللہ)

کتاب الشفا میں مذکور ہے کہ بنی مغیرہ کا ایک شخص آیا تا کہ وہ حضور کو (نعوذ باللہ) قتل کر دے تو اس کی آنکھیں اندھی ہو گئیں اور وہ حضور کو نہ دیکھ سکا۔ حالانکہ وہ حضور ﷺ کی باتیں سن رہا تھا۔ پھر وہ اپنی قوم کی طرف پلٹا تو وہ انہیں بھی نہ دیکھ سکا یہاں تک کہ لوگوں نے اسے آواز دی۔

اور حضور کو نہ دیکھنا اور نہ پہچاننا ہجرت کی ابتدا میں بھی ہے کہ حضور اپنے کاشانہ اقدس سے باہر تشریف لائے اور ان سے باتیں کیں اور ان کے آگے سے گزر بھی گئے تو وہ یا تو دیکھ نہ سکے یا دیکھا تو پہچان نہ سکے۔ اور ان کے سروں پر خاک ڈالنا بھی اسی ضمن میں ہے جیسا کہ انشاء اللہ اپنے مقام میں آئے گا۔ اور حضور کو نہ دیکھنا اور نہ پہچاننا غار ثور میں بوقت ہجرت اسی حال کے قریب ہے۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات ابوجہم بن حذیفہ کے ساتھ وعدہ کیا اور رسول اللہ ﷺ کے قتل پر اتفاق کیا پھر ہم گھر آئے تو ہم نے حضور کو ان آیات کو تلاوت کرتے سنا کہ:

اَلْحَاقَّةُ ○ مَا الْحَاقَّةُ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الْحَاقَّةُ ○ (الی قولہ تعالیٰ) فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْ بَاقِيَةٍ ○

وہ حق ہونے والی' کیسی وہ حق ہونے والی' اور تم نے کیا جانا کیسی وہ حق ہونے والی (یہاں تک کہ) تو کیا تم ان میں کسی کو بچا ہوا دیکھتے ہو۔

اس پر ابوجہم نے حضرت عمر کے بازو پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا ہمیں تو بچنا چاہیے اور دونوں وہاں سے بھاگے اور اپنے ارادوں سے باز رہے۔ یہ حکایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے مقدمات میں سے تھی اور ان کے اسلام لانے کا قصہ بہت عجیب اور احسن قصص میں سے ہے۔ جیسا کہ اپنے محل میں انشاء اللہ مذکور ہوگا۔

اور سراقہ بن مالک بن جعشم کا وقت ہجرت کا قصہ کہ انہیں اہل مکہ نے حضور ﷺ کی جستجو اور آپ کو پکڑنے کے لیے مقرر کیا تھا۔ اور ان کا حضور تک پہنچنا اور گھوڑے کے پاؤں کا زمین میں دھنسنا اور حضور ﷺ کی دعا سے ان کا نکلنا اور پلٹ جانا مذکور ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ایک شخص نے حضور کو اور حضرت ابوبکر صدیق کو ہجرت کے وقت پہچان لیا تھا وہ دوڑا دوڑا قریش کی طرف چلا تا کہ انہیں پتہ بتائے جب مکہ مکرمہ پہنچا تو دل سے وہ بات نکل گئی۔ اور یاد ہی نہ آیا کہ کیا کرنا تھا اور کس لیے آیا تھا وہ بالکل ہی بھول گیا کہ کس لیے گھر سے نکلا تھا یہاں تک کہ وہ اپنے گھر واپس چلا گیا۔

ابن اسحاق وغیرہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ سجدہ میں تھے کہ ابوجہل لعین ایک پتھر لے کر چلا دوسرے ملاعنہ دیکھ رہے تھے اس نے چاہا کہ حضور پر پتھر مارے تو پتھر اس کے ہاتھ میں چپک کر رہ گیا اور اس کے دونوں ہاتھ خشک ہو کر رہ گئے اور کچھ نہ کر سکا پھر وہ الٹے قدم جانب پشت پلٹ گیا اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے درگزر فرمانے کی دعا مانگی جس سے اس کے دونوں ہاتھ کھل گئے۔

ایک اور مرتبہ اس نے بہت بڑے اونٹ کو دیکھا کہ اتنا بڑا اونٹ کبھی دیکھا نہ گیا تھا تو اس نے اس کے کھانے کا قصد کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ جبریل علیہ السلام تھے۔ جو اس شکل میں نمودار ہوئے تھے اگر کوئی بھی ان کے قریب جاتا تو وہ مار ڈالتے۔

اور ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ ایک دیوار کے نیچے تشریف فرما تھے تو ایک شقی القلب بدبخت نے چکی کا پاٹ اٹھا کر چاہا کہ آپ کے سر مبارک پر گرا دے۔ حضور کھڑے ہو گئے اور جانب مدینہ تشریف لے گئے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابوجہل نے قریش سے وعدہ کیا کہ اگر میں محمد ﷺ کو نماز میں دیکھوں گا تو حالت نماز میں

ان کی گردن کو پائمال کردوں گا۔ پھر حضور نماز کے لیے نکلے تو لوگوں نے اس بد بخت کو خبر دی وہ آیا جب حضور کے قریب ہوا تو خود کو دونوں ہاتھوں سے ہٹاتا بچاتا بھاگا۔ جب اشقیاء نے پوچھا تو کہنے لگا میں جب نزدیک پہنچا تو میں نے آگ کی ایک خندق دیکھی کہ میں اس میں گرا پڑتا ہوں۔ اور میں نے ہولناک آوازیں اور پروں کی سنسناہٹ سنی جو زمین کو پر کیے ہوئے ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ فرشتے تھے اگر وہ اور نزدیک آتا تو اس کے جوڑ جوڑ ڈالتے۔ اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے۔ اس وقت یہ سورۃ نازل ہوئی: كَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى ہرگز نہیں یقیناً بلاشبہ انسان ہی سرکش ہے۔ (آخر سورۃ تک)۔

مروی ہے کہ شیبہ بن عثمان حجبی اس کی قوم بیت اللہ الحرام کی دربان تھی اور خانہ کعبہ کی کنجی اس کے ہاتھوں میں تھی۔ قبل اس کے کہ وہ مشرف بہ اسلام ہوں شیبہ رسول اللہ ﷺ پر حملہ آور ہوا اور کہنے لگا ''میرے باپ اور چچا کو ان کے چچا حمزہ بن عبدالمطلب نے مارا ہے۔ آج میں اپنا کینہ محمد ﷺ سے نکالوں گا۔ اور ان کے چچا حضرت حمزہ کے عوض ان سے اپنے باپ اور چچا کا بدلہ لوں گا۔ جب عرصہ کا رزار گرم ہوا تو اس نے تلوار سونتی تا کہ وہ حضور پر حملہ کرے مگر یکا یک چیختا چلاتا بھاگا اس نے بتایا کہ جب میں حضور کے قریب آیا تو دیکھا کہ آگ کا ایک بڑا شعلہ میری جانب لپکتا آ رہا ہے۔ میں اسے دیکھ کر گھبرا کر بھاگ آیا۔ جب حضور نے مجھے دیکھا تو مجھے بلایا اور اپنا دست مبارک میرے سینہ پر رکھا۔ حالانکہ حضور میرے نزدیک لوگوں میں سخت ترین دشمن تھے ابھی دست مبارک اٹھایا نہ تھا کہ حضور میرے نزدیک مخلوق میں محبوب ترین ہستی ہو گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا قریب آؤ اور رسولِ خدا کے دشمنوں سے لڑو۔ میں حضور کے سامنے پہنچا درآں حالیکہ میں تلوار سونتے ہوئے تھا اگر اس وقت میرے سامنے میرا باپ بھی آتا تو اسے بھی حضور ﷺ کی خاطر تلوار سے اڑا دیتا۔

فضالہ بن عمر سے مروی ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے سال جب کہ حضور طواف میں مشغول تھے میں نے دل میں چاہا کہ حضور کو شہید کر دوں۔ جب میں حضور کے قریب ہوا تو فرمایا اے فضالہ! تم دل سے کیا باتیں کر رہے تھے تم چاہتے تھے کہ رسولِ خدا کو شہید کر دو۔'' عرض کیا نہیں یا رسول اللہ! اس پر حضور نے تبسم فرمایا۔ میرے لیے استغفار کی اور اپنا دست مبارک میرے سینے پر رکھا تو میرے دل کو سکون محسوس ہوا۔ خدا کی قسم! حضور نے ابھی اپنا دست مبارک اٹھایا نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے میری یہ حالت کر دی کہ کوئی چیز میرے نزدیک حضور سے زیادہ محبوب نہ معلوم ہوتی تھی۔

اس سلسلے میں مشہور ترین واقعہ عامر بن طفیل اور اربد بن قیس کا ہے۔ جس وقت یہ دونوں حضور ﷺ کی خدمت میں آئے تو عامر نے اربد سے کہا میں تیری طرف سے حضور ﷺ کی توجہ ہٹا کر باتوں میں اپنی طرف مشغول رکھوں گا اور تم حضور پر اپنی تلوار سے حملہ کر دینا تو عامر نے اربد کو کچھ کرتے نہ دیکھا۔ وہاں سے ہٹنے کے بعد عامر نے اس سے پوچھا کیا ہو گیا تھا تجھے۔ تو نے حملہ کیوں نہ کیا۔ اس نے کہا خدا کی قسم! میں نے جب بھی حملہ کا ارادہ کیا تو میں نے تجھے اور حضور کے درمیان پایا تو کیا میں تجھے مار ڈالتا۔

حق سبحانہ وتعالیٰ کی جانب سے اپنے حبیب ﷺ کی عصمت وحفاظت اس حد تک تھی کہ بہت سے یہودی کاہنوں نے قریش کو خبردار کیا۔ اور ان کو حضور سے طرح طرح کا خوف دلایا اور حضور کا ان پر غلبہ وسطوت پانے سے ڈرایا اور ان کو حضور کے قتل پر خوب ورغلایا اور ابھارا مگر حق تعالیٰ نے حضور کو ہمیشہ ہی ان کے شر سے بچائے رکھا۔ یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِؤُا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۝ — یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ کے پھونکوں سے بجھا دیں۔ اللہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا چاہے کافر لوگ برا مانیں۔

علوم وخصائص مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء

وصل: اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کی ذات جامع الکمالات میں معجزات باہرہ، آیات بینہ اور علوم ومعارف کے خزانے جمع فرمائے ہیں۔ اور ان خصائص وخصائل اور اسوۂ کامل سے مخصوص فرمایا ہے جو تمام مصالح دنیا ودین اور معرفت الٰہی پر مشتمل ہیں جنہیں احکام شرعیہ، اصول دینیہ، سیاست مدنیہ اور مصالح عبادیہ کہا جاتا ہے اور امم سابقہ اور قرون ماضیہ زمانہ آدم سے تا ایندم احوال واخبار اور ان کی شریعتوں، کتابوں، سیرتوں اور شخصی صنعتوں اور ان کے مذاہب واختلاف آراء اور ان کی معرفت اور طویل عمروں اور ان کے دانشوروں کی حکمت کی باتوں اور ہر امت کی کفار پر حجتوں اور اہل کتاب کے ہر فرقہ کے ان معارضوں کو جو ان کی کتابوں میں ہیں اور ان کے علوم واسرار ومخفیات اور ان خبروں کو جو وہ چھپاتے ہیں اور انہیں بدلتے ہیں اور عرب کی لغتوں، نادر لفظوں اور احاطہ اقسام فصاحت اور حفظ ایام وامثال وحکم، ضرب امثال صحیحہ اور ان کی مرادوں پر حکم گہری فہم رکھنے والوں کے انداز کے مطابق اور ان کی مشکلات کے بیان وضاحت وغیرہ کے علوم کا علم عطا فرمایا اور آپ کی شریعت مطہرہ ان محاسن واخلاق، محامد وآداب، حفظ نفس کے اصول وقواعد اور ان کے اعراض واحوال پر مشتمل ہے جو ارباب عقل کے نزدیک مستحسن ہیں۔ حتیٰ کہ ان کفار وجہال وملاحدہ کے نزدیک بھی مستحسن ہیں جو عقل سلیم وانصاف رکھتے ہیں۔ برخلاف ان کے جو معاند مخذول اور مخالف معقول ہیں۔ اور آپ کا کلام جوامع الکلم ہے۔ یعنی لفظوں میں اختصار ہوتا ہے اور یہ معانی بے شمار رکھتے ہیں۔ اور وہ جانے پہچانے علوم وفنون کے اقسام پر حاوی ہیں مثلاً طب، تعبیر، فرائض وحساب وغیرہ۔ یہ وہ علوم ہیں جنہیں ہر وہ شخص جانتا ہے جو معاملات علیہ میں شغف رکھتا ہے اور کتب بینی کا مشغلہ رکھتا ہے۔ اور جو اہل کتاب کی مجلسوں میں اٹھتا بیٹھتا ہے اور اس میں ریاضت ومشقت اٹھاتا ہے۔ باوجودیکہ حضور اکرم ﷺ نہ تو پڑھے لکھے تھے اور نہ ان مجلسوں میں بیٹھے اٹھے تھے جو ان اوصاف کے ساتھ متصف ہیں۔ اور نہ اپنی قوم کے درمیان سے باہر نکلے اور نہ ان کے طلب وحصول کے لیے کوئی سفر کیا۔ اور اہل عرب کا زیادہ سے زیادہ عرفان، علم النساب، پچھلوں کی کہانیاں اور ان کے شعر وبیان پر ہے۔ اور ان کا حصول بھی خوب اچھی طرح سیکھنے، مشغول رہنے اور اہل فن کے ساتھ بحث ومباحثہ کرنے کے بعد ہوتا ہے۔ حالانکہ یہ فن آپ کے کتاب فضل وکمال کے بحر علم ونقطہ کا ایک قطرہ ہے۔ شعر

كَفَاكَ بِالْعِلْمِ الْأُمِّيِّ مُعْجِزَةً ۔۔۔ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالتَّأْدِيبِ فِي الْيُتُمِ

نبی کریم ﷺ کی نبوت ورسالت کے دلائل وعلامات میں سے راہبوں، پادریوں کے مترادف ومتواتر خبریں اور علمائے اہل کتاب کا آپ کی صفات اور آپ کے امت کے اوصاف اور ان کی علامات ونشانیاں بیان کرنا جیسا کہ حلیہ شریف کے ضمن میں مذکور ہو چکا ہے اور مہر نبوت اور اس قسم کی اور بھی نشانیاں ہیں اور اس طرح کی نشانیاں پچھلے موحد شاعروں کے اشعار میں بھی واقع ہیں جیسے کہ شعراء میں تبع، قیس بن ساعدہ اور سیف بن یزین وغیرہ ہیں۔ اور زید بن عمر بن نفیل نے آپ کی نبوت کی تعریف کی۔ ان لوگوں کو "موحدہ جاہلیت" کہتے ہیں۔ اور ورقہ بن نوفل نے تو دینداری وتنہائی اختیار کر رکھی تھی۔ اور آپ کا ذکر شریف کتب سابقہ میں ہونا اور علماء یہود کا اعتراف کرنا باوجود اس کے ان کا حسد وعناد کی راہ پر چلنا۔ یہ سب کچھ ابواب سابقہ میں تفصیل کے ساتھ گزر چکا ہے اور وہ باتیں جو کہ جنات سے سنی گئیں اور بتوں کی زبانوں پر جاری ہوئیں اور جانوروں کے ذبیحوں اور پرندوں کے شکموں میں آپ کا اسم شریف دیکھا گیا ہے۔ اور قبروں اور پتھروں میں بخط قدیم آپ کی رسالت کی شہادت کا پایا جانا اور ان کو مشاہدہ کرنے کے بعد کئی کا اسلام لانا یہ سب دلائل نبوت کے ضمن میں مذکور ومسطور ہیں۔

ان کے علاوہ دیگر علامات ونشانیاں جو وقت ولادت' وقت وفات اور اسفار وغزوات میں ظاہر ہوئیں انھیں ان کے مقام میں انشاء اللہ بیان کیا جائے گا۔ اور حضورِ اکرم ﷺ کے خصائل وکرامات اور آیات واخبار کے ضمن میں فرشتوں' جنات اور حضرت حق عزاسمہ کا ملائکہ سے مدد فرمانا اور جنات کی اطاعت کرنا اور بکثرت صحابہ کا انہیں دیکھنا جیسا کہ غزوہ بدر وغیرہ میں ہوا تھا۔ یہ سب باتیں ظاہر ہیں۔ چنانچہ ان میں سے ایک موقعہ تو وہ ہے جب کہ جبریل علیہ السلام اسلام' ایمان اور احسان کے معنی سکھانے کے لیے صورت بدل کر ظاہر ہوئے تھے اور صحابہ نے انہیں دیکھا تھا اس کے علاوہ حضرت ابن عباس' حضرت اسامہ رضی اللہ عنہم نے جبریل کو حضور کے پاس وحیہ کلبی کی صورت میں دیکھا جن کے کپڑے سفید تھے اور کچھ صحابہ کرام نے فرشتوں کو گھوڑا ہنکاتے دیکھا اور کچھ صحابہ کرام نے دیکھا کہ کافروں کے سر تو اڑ رہے ہیں مگر مارنے والا نظر نہیں آتا۔ اور ابوسفیان بن حارث نے ایسے مردوں کو جن کے لباس سفید ہیں انہیں ابلق گھوڑوں پر سوار زمین وآسمان کے درمیان معلق دیکھا اور عمران ابن الحصین جو کہ مشاہیر صحابہ میں سے ہیں ان سے فرشتوں نے مصافحہ کیا۔ اور حضور ﷺ نے حضرت حمزہ کے ساتھ کعبہ میں جبریل کو دیکھا۔ پھر حضرت حمزہ بیہوش ہو کر گر پڑے۔

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک جن کو لیلۃ الجن میں دیکھا اور جنات کی باتیں سنیں۔ یہ سب حضورِ اکرم ﷺ کے معجزات میں سے ہیں۔

منقول ہے کہ جب حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ روز اُحد شہید ہو گئے تو ایک فرشتے نے ان کی صورت اختیار کر کے جھنڈے کو تھام لیا پھر جب حضور نے آواز دی کہ اے معصب آگے آؤ تو فرشتے نے کہا میں مصعب نہیں ہوں اس وقت جانا کہ وہ کوئی فرشتہ ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک بوڑھا شخص لکڑی ہاتھ میں لیے آیا اس نے حضور ﷺ کو سلام کیا۔ حضور نے سلام کا جواب دیا اور کہا یہ جن کی آواز ہے فرمایا تو کون؟ اس نے کہا میں ہامہ بن ایم بن الاقیس بن ابلیس ہوں۔ میں نے حضرت نوح سے بھی ملاقات کی ہے اور ان کے بعد ہر نبی سے ملتا رہا ہوں۔ اسے قرآن کی سورۃ سکھائی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے شیطان کو دیکھا کہ وہ تین روز برابر صدقہ فطر کے اس مال پر آیا جو ان کے سپرد تھا اور وہ اس میں سے چراتا رہا۔ اور اس نے حضرت ابوہریرہ کو آیت الکرسی سکھائی۔

واقدی بیان کرتے ہیں کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے بت عزیٰ کو گراتے وقت سیاہ رنگ کی ایک عورت اس میں سے نکلی تھی جو برہنہ تھی اور اس کے بال بکھرے ہوئے تھے انہوں نے اپنی تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ عزیٰ تھی۔

اور حدیث میں..... ایک شیطان کا اچھلنا کودنا بھی آیا ہے تاکہ وہ حضور ﷺ کی نماز قطع کرے اور حضور کا یہ چاہنا کہ اسے مسجد کے کسی ستون سے باندھ دیں۔ اور دعائے سلیمان کو جو تسخیر جن کے سلسلہ میں ہے یاد کرنا اور پھر اس شیطان کو چھوڑ دینا مشہور ہے۔

تتمہ بیان معجزات

وصل: وہ معجزات وآیات جو بوقت ولادت اور اس کے بعد ایام رضاعت وصغرسنی میں بعثت وظہور نبوت کے وقت تک اور تمام زمانہ عمر شریف میں ظاہر ہوتے رہے ان میں سے کچھ کا تو ذکر کر دیا گیا ہے مگر وقت وفات تک تمام کا بیان حصر واحصار کی حد سے باہر ہے۔ اگر خدا نے چاہا تو مزید کچھ اپنے محل میں مذکور ہوگا۔

قاضی ابوالفضل عیاض مالکی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اب ہم کچھ معجزات واضحہ کو اس باب میں بیان کرتے ہیں اور یہ ان کے معجزات باہرہ میں سے ایک شمہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہمارا اتنا ہی بیان کرنا زیادتی کی طلب سے بے نیاز وکفایت کر دے گا۔ حقیقت یہ

ہے کہ ہمارے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے معجزات تمام انبیاء ومرسلین کے معجزات سے بہت وافر وزیادہ اور خوب ظاہر وواضح ہیں بلکہ اکثر معجزے ایسے عطا ہوئے جو کسی نبی کو نہیں دئے گئے۔ اور جتنے معجزات انبیاء کو مرحمت ہوئے یا تو ان کی مثل یا ان سے زیادہ بلیغ ہمارے سردار سیّد عالم ﷺ سے ظاہر ہوئے ہیں اور ان وجوہ اکثریت میں سے ایک یہ قرآن کا معجزہ ہے جو تمام کا تمام معجزہ ہے اور اس قرآن پاک کے وجوہ اعجاز میں سے چھوٹی سے چھوٹی سورۃ' بعض محققین کے نزدیک سورہ انا اعطینک الکوثر ○ ہے یا وہ آیت اس کی مقدار میں ہو۔ پھر اعجاز قرآن کے سلسلے میں جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے دو وجہ ہیں ایک بطریق فصاحت وبلاغت دوسرا بطریق نظم وتالیف۔ تو اس لحاظ سے ہر ایک جز میں دو دو معجزے ہوئے پھر اس گنتی پر دیگر وجوہات اعجاز کو بڑھاتے جایئے۔ جواز قسم اخبار بعلوم غیبیہ ہیں اور ممکن ہے کہ اس تجزیہ سے ایک سورۃ اشیاء متعددہ کے اجزاء مولف ہے اور ہر چیز معجزہ ہو تو گنتی میں اضافہ کیا یک اور کثرت کی صورت پیدا ہوتی ہے اور اگر ان دیگر وجوہات اعجاز کا اعتبار کریں جو پہلے مذکور ہو چکے تو اضافہ اور کثرت کی کوئی حد ہی نہ رہے۔ یہ صورت صرف قرآن عظیم میں ہے۔ اس کے بعد وہ حدیثیں جو مروی ہیں اور وہ خبریں جو حضور ﷺ سے صادر ہیں اپنے حال پر ہیں۔

اب رہا حضور ﷺ کے معجزات کی اس جہت سے وضاحت کہ یہ انبیاء ومرسلین کے معجزات سے زیادہ ہیں۔ اس زمانہ میں جو علم وہنر کمال پر ہوتا ہے اس کے مطابق معجزات دئے جاتے ہیں۔ جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اہل زمانہ کے علم کی انتہا جادوگری تھی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام اس معجزے کے ساتھ مبعوث کیے گئے جو اس کے مشابہ تھا جس پر ان کے زمانہ کے لوگ قدرت رکھنے کا دعویٰ کرتے تھے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وہ چیز پیش فرمائی جو ان کی عادتوں کو توڑتی تھی اور وہ ان کی قدرت سے باہر تھی۔ اور ان کے سحر کا ابطال کیا۔

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں فن طب کی بڑی قدر ومنزلت تھی اور اہل طب فن میں فخر ومباہات کرتے تھے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایسا معجزہ لائے جو ان کی قدرت سے باہر تھا اور ایسی چیز انہوں نے پیش فرمائی جس کا وہ لوگ گمان تک نہ رکھتے تھے مثلاً مردے کا زندہ کرنا' اندھے کو بینا کرنا اور کوڑھی کو تندرست کرنا جن کا معالجہ طب سے ناممکن تھا۔ اسی طرح تمام انبیاء علیہم السلام کے معجزات کا حال تھا۔ آخر میں حق تبارک وتعالیٰ نے سیّد عالم محمد رسول اللہ ﷺ کو مبعوث فرمایا۔ آپ کے زمانہ اقدس میں اہل عرب کے تمام معارف علوم چار تھے۔ فصاحت وبلاغت شعر' خبر اور کہانت۔ تو حق تعالیٰ نے آپ پر قرآن نازل فرمایا۔ جو ان چاروں کا خالق ہے جو ایسی فصاحب وبلاغت ایجاز ونظم غریب اور اسلوب عجیب پر مشتمل ہے جو ان کے طریقہ کلام سے خارج ہے اور وہ اس کے نظم وکلام تک کسی طریقہ سے راہ نہیں پاتے۔ اور اسالیب اوزان میں اس کے نہج کو نہیں جانتے اور آئندہ رونما ہونے والے حوادث کی خبروں اور اسراء وخفایا اور ان دلی بھیدوں کو جو قرآن میں پاتے ہیں اور جیسا بتایا گیا ویسا ہی رونما ہوا ان تک ان کی رسائی ممکن نہ ہوئی اور ہر ایک کو اس کی صداقت وصحت کا اعتراف کرنا پڑا۔ کہانت کو باطل قرار دیا۔ کیونکہ کبھی ان میں کی ایک آدھ بات سچی نکل آتی ہے اور دس جھوٹی۔ اور ان شیاطین کو شہاب مار کر جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیا۔ جو ان کے کانوں میں باتیں پھونکا کرتے تھے۔ ان شیاطین کو شہاب مار کر اور ستارے پھینک کر اوپر چڑھنے سے روک دیا گیا۔ اور از منہ ماضیہ انبیاء وامم سابقہ اور حوادث ماضیہ اور پچھلی امتوں کی ہلاکتوں کو ایسے طریقہ پر خبر دی کہ کوئی شخص اس سے جدا ہو کر تنہا بیان کرنے سے عاجز ہے۔ گویا یہ قصص باہم ایسے پیوست ہیں کہ ان سے علیحدہ کیے ہی نہیں جا سکتے۔ پھر یہ کہ قرآن اپنے تمام معجزات اور وجوہ اعجاز کی جامعیت کے ساتھ قیامت تک باقی وبرقرار رہنے والا ہے تاکہ بعد کا آنے والا بھی جو اس میں نظر ڈالے اور اس کے وجوہ اعجاز میں غور وتامل کرے۔ تو کوئی ایسا عہد وزمانہ نہیں گزرا مگر یہ کہ ہر زمانہ میں اس کی بتائی ہوئی خبروں کی صداقت ظاہر ہوتی رہی جس سے ایمان میں تازگی آتی رہی اور اس کے دلائل وبراہین غالب آتے رہے۔ وَلَیْسَ

الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ. (خبر معائنہ کی مانند نہیں ہوتی۔) اور یقین زیادتی میں مشاہدے کی خاص تاثیر ہے اور ''علم الیقین'' کے مقابلے میں عین الیقین سے بہت زیادہ اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اگرچہ ہر صورت میں حقانیت ویقین حاصل ہے اور انبیاء علیہم السلام کے تمام معجزات ان کی مدت ختم ہونے کے بعد ختم ہوئے اور ان کے زمانوں کے خاتمہ کے ساتھ وہ معدوم ہوگئے۔ لیکن ہمارے آقا سیّد عالم ﷺ کا معجزہ نہ فنا ہوا اور نہ منقطع ومضمحل ہوا۔ ہر دم آپ کی نشانیاں متجدد وتازہ ہیں کیا خوب امام بوصیری نے فرمایا شعر

وَامَتُ لَدَيْنَا فَفَاقَتْ كُلَّ مُعْجِزَةٍ مِنَ النَّبِيِّيْنَ إِذْ جَاءَتْ وَلَمْ تَدُمِ

ہمارے آقا سیّد عالم ﷺ کے معجزے کے ظہور ووضوح کی ایک اور وجہ بھی ہے وہ یہ کہ آپ کے معجزات آپ پر وحی وکلام کے ہونے کے سبب ہیں۔ جس میں تخیل، حیلہ اور تشبیہ ممکن نہیں۔ کیونکہ آپ کے سوا تمام انبیاء ومرسلین کے معجزات کو معاندوں، مکابروں اور دشمنوں نے طلب کیا تھا۔ اور ان کی یہ طلب ان کے اپنے تخیل اور ضعیفوں اور احمقوں کے نمونے کے مطابق اپنی طمع میں ان چیزوں کی خواہش تھی جیسے کہ فرعون کے جادوگروں کا رسیاں اور لاٹھیاں ڈالنا اور حیلہ گری وجادوگری کرنا تو اس کے توڑ میں اژدھا لایا گیا جو دوڑتا تھا۔ اور ممکن ہے کہ کوئی نادان وبیوقوف نہ کہے کہ انہیں کی جنس سے ہے حالانکہ قرآن ایسا کلام ہے جس میں کوئی حیلہ اور جادوگری نہیں ہے۔ اور نہ اس میں تخیل وتشبیہ کی گنجائش ہے۔ جس طرح غیر شاعر اور خطیب کے لیے ممکن نہیں ہے اور اسے حاصل نہیں ہوتا کہ بتکلف اور اپنے حیلہ سے شعر وخطابت کر سکے۔ واضح رہنا چاہیے کہ تمام علماء اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ قرآن کی مثل لانا کسی کے مقدور میں نہیں ہے اگر مقدور میں ہوتا تو ضرور اس کا مثل لے آتے۔ اور معتزلہ اور ہمارے بعض علماء کا مذہب یہ ہے کہ مقدور تو تھا لیکن حق تبارک وتعالیٰ نے ان کی ہمتوں اور قوتوں کو جب وہ اس کی مثل لانے کے لیے ارادہ کر رہے تھے پھیر دیا اور انہیں آزاد نہ چھوڑا کہ اس کا مثل لاسکیں اگرچہ اس مذہب پر بھی اعجاز ووضوح حاصل ہے اس لیے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ کا اس کی مثل لانے سے جو ان کے مقدور کی جنس سے ہے انہیں روک دینا، اس کے صدق واعجاز پر خوب واضح دلالت اور روشن نشانی ہے یہ بات بمنزلہ اس کے ہے کہ کوئی نبی فرمائے ''میری نشانی یہ ہے جس پر باوجود اس پر قدرت رکھنے کے لوگوں کو اس کے مشابہ نشانی لانے سے منع کر دیا ہے'' اور یہ محض احتمال وتوہم ہے جو اس طرف لے جاتا ہے کہ جب قرآن ان کے کلام کی جنس سے ہے تو کیوں اس پر انہیں قدرت نہ ہوگی۔ بنابریں پہلا قول زیادہ قوی ومحکم ہے۔ (و الله اعلم بحقيقته الحال).

عیادت مریض یعنی بیمار پرسی اور معالجہ

وصل: جاننا چاہیے کہ صاحب مواہب لدنیہ اپنی کتاب میں ساتویں مقصد کے بعد (جو وجوب محبت واتباع سنت رسول اللہ ﷺ اور محبت آل واصحاب اور اہل قرابت وعشیرات نبوی اور آپ پر صلوٰۃ بھیجنے کے حکم میں ہے۔) آٹھواں مقصد طب وتعبیر رویا اور غیبی خبروں میں وضع کیا ہے۔ کاتب الحروف (یعنی شیخ محقق رحمۃ اللہ) کی نظر میں بہ ترتیب وضع موقع ومحل کے اتنا مناسب نہیں ہے اور اخبار مغیبات یعنی غیبی خبروں کو اس مقام پر پہنچنے سے پہلے معجزات کے باب میں ذکر کر دیا ہے اور طب وتعبیر رویا کو ان کی اپنی ترتیب کے اعتبار پر کوئی مقام نہ ملا تو اسے بھی اسی باب میں یعنی معجزات کے باب میں رکھ دیا۔ اور روحانی بلکہ جسمانی نظر والوں کے نزدیک جس طرح وہ حضور ﷺ کی خصوصیات میں سے ہیں اسی طرح تعبیرات رویا بھی از قبیل معجزات اور حیطہ عادت سے خارج ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے تمام افعالِ مستقیمہ، اعمال قویمہ علوم ومعارف، محاسن وآداب وفضائل، بدائع حکم، جوامع کلم اور تدبیر انام کے قواعد وقوانین احکام سب ہی طاقت اور ان کے حیطہ حیات سے خارج ہیں۔ (ﷺ)

مقدمہ: حضور اکرم ﷺ بیماروں کی عیادت اور ان کی مزاج پرسی کے لیے تشریف لے جاتے اور بیمار کے قریب اس کے سرہانے کے نزدیک بیٹھتے اور اپنا دست مبارک اس کی پیشانی پر رکھتے اور کبھی درد و تکلیف کے مقام پر دست اقدس رکھ کر دریافت فرماتے کہ حال کیسا ہے اور فرماتے بسم اللہ۔ یہ بھی ایک قسم کی طب اور علاج ہے جو بیمار کے دل میں مسرت و خوشی داخل کرنے اور اس کے باطن میں اثر انداز ہونے کا ذریعہ ہے۔ بیت

گر قدم رنجہ کند باز پرسیدن ما　　باز دارد سر پرسیدن بیمار غمش

مصرع: خوش طبیب است بیا تا ہمہ بیمار شویم

مریض کے لیے حصول شفا اور تخفیف مرض میں تفریح نفس، تطیب قلب اور مسرت و خوشی کے داخل ہونے کی عجیب تاثیر ہے اس لیے کہ ارواح قوی اس سے طاقت پکڑتیں اور طبیعت کو موذی کے دفعیہ میں مدد ملتی ہے۔ خصوصاً عزیزوں، بزرگوں اور دوستوں کی ملاقات سے۔ ایسے ہی موقعہ پر کہا گیا ہے کہ لِقَاءُ الْخَلِيْلِ شِفَاءُ الْعَلِيْلِ دوست کی ملاقات مرض کی شفا ہے۔

ایک یہودی کا لڑکا تھا جو حضور ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ یکا یک وہ بیمار ہو گیا حضور اس کی مزاج پرسی کے لیے تشریف لائے اور اس کے قریب بیٹھ کر اسے سلام کیا اور وہ مسلمان ہو گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْقَذَهٗ مِنَ النَّارِ اس خدا کی حمد جس نے اسے نار جہنم سے نجات دی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہوا اور مجھ پر بیہوشی طاری ہو گئی تو رسول اللہ ﷺ تشریف لائے وضو فرمایا اور وضو کے پانی سے مجھ پر چھینٹے مارے تو میں ہوش میں آ گیا۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ میرے منہ پر دم فرمایا میں اسی وقت صحت یاب ہو گیا اور فرمایا عود والمرضی مریضوں کی عیادت کرو یہ استحبابی حکم ہر مرض کے لیے عام ہے اور بعض اس حکم عام سے آشوب چشم، پھنسی اور درد دنداں کا استثنا کرتے ہیں۔ یہ اس روایت کے بموجب ہے۔ جسے بیہقی نے روایت کیا اور صحیح اس کے برعکس ہے۔

اسی طرح روز شنبہ (سنیچر کے دن) عیادت کرنے کی ممانعت روایت کرتے ہیں۔ یہ خلاف سنت ہے اس کی بنیاد ایک یہودی طبیب سے ہے کہ ایک بادشاہ بیمار ہوا اس نے طبیب کو حکم دیا کہ شبانہ روز خدمت میں حاضر رہے لیکن یہودی نے چاہا کہ اپنی آسانی کے لیے چھٹکارا ملے تو اس نے افتراء کیا اور کہا روز شنبہ بیمار کے پاس نہ جانا چاہیے۔ اس کے بعد یہ بات لوگوں میں پھیل گئی۔

اور بعض کہتے ہیں کہ موسم سرما میں رات کو اور موسم گرما میں دن کو عیادت کرنا مستحب ہے بایں وجہ کہ مریض کو ضرر نہ پہنچے کیونکہ سردیوں میں راتیں لمبی اور گرمیوں میں دن لمبے ہوتے ہیں اور اعداء دین اور بد مذہبوں کی عیادت و مزاج پرسی مکروہ ہے مگر بوقت ضرورت شدیدہ اور عیادت کے استحباب میں حدیثیں بکثرت ہیں۔ اور اس کے آداب و مسائل کتابوں میں مذکور ہیں۔

جاننا چاہیے کہ مرض کی دو قسمیں ہیں ایک دلوں کا مرض، دوسرا بدنوں کا مرض۔ لیکن امراض قلب کا علاج، یہ رسول اللہ ﷺ کا خاصہ ہے۔ کسی اور سے اس کا ازالہ ممکن نہیں۔ اور امراض بدن کا علاج، تو وہ اور کو بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے اس کا حصول بطریق اتباع و طفیل ہے۔ آپ کی بعثت کا اصل مقصود دلوں کی بیماریوں کا معالجہ اور اس کی اصلاح ہے اور دلوں میں جو گناہوں کے ضرر اور امراض ہوتے ہیں ان کا ازالہ اسی طرح ہے جس طرح بدنوں میں زہروں کا زہر مختلف نوعیتوں کا ہوتا ہے اور اس کا علاج کیا جاتا ہے۔ اور بندے کو دنیا و آخرت کی اکثر حالتوں میں جو ضرر و نقصان پہنچتا ہے ان کا اصل سبب یہی معاصی نافرمانی ہے اعاذنا اللہ منہا معاصی کے اثرات دل کو بھی شامل ہیں اور بدن کو بھی۔ اور اس کی ایک وجہ علم کی محرومی ہے۔

کیونکہ علم کا نور، معصیت کی ظلمت و تاریکی کے ساتھ جمع نہیں ہوتا۔ امام شافعی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں شعر

شَکَوْتُ اِلٰی وَکِیْعٍ سُوْءَ حِفْظِیْ فَاَرْشَدَنِیْ اِلٰی تَرْکِ الْمَعَاصِیْ
وَقَالَ اِعْلَمْ اَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ وَنُوْرُ اللّٰہِ لَایُؤْتٰی لِلْعَاصِیْ

مطلب یہ کہ میں نے استاد وکیع سے حافظہ کی کمی کی شکایت کی تو انہوں نے مجھے ترک معاصی کی ہدایت فرمائی اور فرمایا جان لو علم ایک نور ہے۔ اور اللہ کا نور نافرمانوں کو نہیں ملتا۔ اس کی دوسری وجہ رزق سے محرومی ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے کہ بندہ گناہوں کی پاداش میں اس رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے جو اسے تقویٰ کی بدولت رزق مزید حاصل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَوْ اَنَّ اَھْلَ الْقُرٰی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَرَکَاتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔ اگر بستی والے ایمان لاتے اور تقویٰ کرتے تو یقیناً ہم ان پر آسمان و زمین کی برکتوں کے دروازے کھول دیتے۔

جیسا کہ چنگھاڑ والی قوم کے سلسلے میں انتفاع رزق کا سلسلہ وارد ہو چکا ہے۔

اس جگہ ایک خلل و شبہ لاحق ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی کہے کہ بہت سے گنہگاروں اور صبح کے وقت مانگنے والوں کو ہم نے دیکھا ہے کہ وہ دوسروں کے مقابلے میں زیادہ رزق و نعمتیں پاتے ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ وعید و خوف' مسلمانوں اور اسلام کی تصدیق کرنے والوں کے لیے ہیں اس جگہ میں اس کا خطرہ ہے کہ ایمان کا تخم اس کے حال کی زمین سے نکال پھینکا گیا ہو۔ یا یہ کہ یہ مکر و استدراج ہے۔ کیونکہ ارتکاب معصیت کے وقت دل میں خاص قسم کی ظلمت و وحشت پائی جاتی ہے یہ محسوس قطعی ہے۔ اور کبھی یہ بد نصیبی و سیاہی چہرے پر بھی سرایت کر جاتی ہے۔ یہ بھی ایمان کی فرع ہے۔ اور قلب و بدن کی سستی بھی معاصی کی علامتوں میں سے ہے۔ نیز معصیت عمر کو کم کرنے کا موجب ہے۔ جس طرح کہ طاعت اس کی زیادتی کا سبب ہے اور بعض اسے خیر و برکت کے اٹھ جانے پر محمول کرتے ہیں کیونکہ یہ ذلت' فساد عقل' زوال نعمت اور شقاوت کے شامل ہونے کا موجب ہے۔ جس طرح کہ بدن کی صحت حفظ قوت' پرہیز' اور مواد فاسدہ اخلاط رویہ کے استفراغ سے ہوتا ہے۔

دل کا بھی یہی حال ہے۔ اس کا استفراغ توبہ اور اعضاء کو نواہی سے بچانا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں تمہارے درد اور اس کی دوا نہ بتاؤں۔ فرمایا تمہارا درد تمہارے گناہ ہیں اور اس کی دوا استغفار ہے تو معلوم ہوا کہ طب قلوب کی معرفت اور اس کا معالجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ہے اور طب قلوب کی معرفت اور اس کا معالجہ اکثر راجع تجربہ ہے اور گاہے وحی سے بھی ہوا ہے۔ جیسے کہ سفر و مرض میں افطار کی رخصت اور خوف و مرض یا پانی بہم نہ ہونے پر تیمم کی مشروعیت وغیرہ مسائل شرعیہ کو ظاہر کرتے ہیں۔ نیز وہ معالجات جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیے ظاہر ہے کہ وہ وحی سے ہوئے ہوں گے اگر تجربہ و قیاس سے بھی ہو تو بعید نہیں۔ کیونکہ علاج تجویز کرنا اور اسباب کو ثابت کرنا صحیح ہے اور یہ توکل کے منافی نہیں ہے۔ جس طرح بھوک و پیاس کو کھانے پینے سے دور کیا جانا توکل کے خلاف نہیں ہے۔ اور علاج و معالجہ کے جائز ہونے پر سید المتوکلین صلی اللہ علیہ وسلم کا حال دلیل ہے۔ کیونکہ غایت توکل تداوی فرماتے اور اسباب و علل کا لحاظ فرماتے تھے۔ چنانچہ حضور نے ارشاد فرمایا: 'اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا مرض پیدا نہ فرمایا مگر یہ کہ اس کے لیے دوا بھی پیدا فرمائی۔ ایک روایت میں ہے کہ ہر مرض کے لیے شفا ہے مگر موت کی نہیں۔ مطلب یہ کہ وہ مرض جس میں موت مقدر کی جا چکی ہو' اس کا کوئی علاج نہیں۔ اور بعض حدیثوں میں مداوات یعنی علاج کرانے کا حکم ہے۔ اور اشارہ ہے کہ مداوات میں حکم الٰہی اور اس کی تقدیر پر نظر رکھنی چاہیے اور دوا ہی کو شفا یابی کا ذریعہ نہ سمجھ لینا چاہیے۔ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ یہ حکم وجوب کے لیے نہیں ہے (بلکہ مسنون و مستحب ہے) اور تقدیر الٰہی پر اعتماد کے ساتھ قائم رہنا توکل کے منافی نہیں ہے۔ البتہ! بعض اوقات' تحقیق حال اور تحصیل مقام توکل کے لیے ترک اسباب بھی فرماتے ہیں یہ اشارہ

حضور ﷺ کے اس ارشاد میں ہے کہ:

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنْ غَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ بروایت دیگر وَلَا يَكْتَوُوْنَ.

میری امت کے ستر ہزار لوگ بے حساب جنت میں جائیں گے یہ وہ ہیں جو نہ علاج کراتے ہیں اور نہ بدفالی لیتے ہیں۔ وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں اور وہ لباس نہیں پہنتے۔

علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ان افعال کو بیماری کے لیے بطریق اعتماد و اعتقاد کامل نہ کرنا چاہیے۔

مواہب لدنیہ میں ھل یتدادی المتوکل (کیا متوکل علاج کرائے) میں حارث محاسبی سے منقول ہے کہ فرمایا تدادی توکل کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا وجود سید المتوکلین ﷺ سے ہے۔ پھر کسی نے حضرت حارث رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنِ اسْتَرْقٰى وَاكْتَوٰى بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ. (جس نے علاج کرایا یا داغ لگوایا وہ توکل سے نکل گیا)۔ اس کے جواب میں فرمایا کہ مراد اس توکل سے نکلنا ہے جس کا ذکر حدیث پاک: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ. (جو اوپر مذکور ہوئی) میں ہے۔ اور فرمایا توکل کے مدارج ہیں جن میں بعض بعض سے افضل ہیں (انتہی) اور ''صاحب تمہید'' نقل کرتے ہیں کہ توکل سے نکلنا اس وقت سے مراد ہے جب کہ وہ خلاف شریعت علاج کرائے۔ اور داغ لگوانے میں اسے ایسی رغبت ہو کہ وہ اسی میں شفا کو منحصر جانے اور اس پر یقین کامل رکھے۔ اور وہ فعل الٰہی سے روگرداں ہو اور وہ شخص جو یہ اعتقاد رکھے کہ شفا من جانب اللہ ہے تو اس کے جواز میں قرآن پاک اور فاتحۃ الکتاب سے معالجہ کرنا اس کی دلیل ہے جیسا کہ آئندہ آئے گا۔

اور اس باب کی تحقیق یہ ہے کہ اسباب تین قسم کے ہیں ایک اسباب یقینیہ جس کی رعایت بحکم الٰہی و تقدیر ربی واجب ہے جیسے کہ کھاتے وقت لقمہ کو خوب چبا کر نگلنا اور پیالہ منہ سے لگا کر گھونٹ گھونٹ پانی پینا تو اس کا ترک داخل توکل نہیں بلکہ گناہ کا موجب ہے دوسری قسم اسباب ظنیہ ہیں جو بحکم تجربہ صحیح اور توکل میں اس کا داخل ہونا ثابت شدہ ہے جیسے گرمی میں سرد دوائیں اور سردی میں گرم دوائیں وغیرہ کا استعمال۔ اس قسم کے استعمال میں عادی بننا یہ بھی توکل کے منافی نہیں ہے۔ بجز تحصیل مقام توکل میں حال نفس کی تحقیق کے لیے۔ کیونکہ بعض متوکلین نے ایسا کیا ہے اس کے باوجود وہ فتوائے شریعت میں محل عتاب ہوئے ہیں اور تیسری قسم اسباب وہمیہ ہیں جو نہ یقینی ہوں اور نہ ظنی، محض وہم و خیال ہے۔ تو ان کا ارتکاب و استعمال باتفاق منافی توکل ہے۔

اور حضور ﷺ کا جسموں کا علاج فرمانا تین قسم کا تھا ایک طبعی دواؤں سے جنہیں اجزائے جمادات، نباتات اور حیوانی سے تعبیر کیا جاتا ہے دوسرا روحانی اور الٰہی دواؤں سے جو کہ ادعیہ، اذکار اور آیات قرآنیہ ہیں اور تیسرا ادویہ مرکبہ سے جو ان دونوں قسموں سے مرکب ہیں۔ یعنی دواؤں سے بھی اور دعاؤں سے بھی۔

قرآن کریم سے بڑھ کر کوئی شے اعم و انفع اور اعظم شفا نازل نہیں ہوئی جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہم نے قرآن سے وہ نازل فرمایا جو مسلمانوں کے لیے شفا و رحمت ہے۔

امراض روحانیہ کے لیے مکمل قرآن شفا ہے خواہ امراض روحانی، اعتقادات فاسدہ کے ہوں یا اخلاق ذمیمہ اور افعال قبیحہ کے ہوں۔ قرآن کریم عقائد حقہ کے اثبات اور اخلاق حمیدہ اور اعمال محمودہ کے بیان و ارشاد میں دلائل واضحہ قطعیہ پر مشتمل ہے۔

اب رہا امراض جسمانیہ کے لیے قرآن کریم کا شفا ہونا تو یہ اسی وجہ سے ہے کہ اس کی تلاوت کے ذریعہ برکت و تیمن حاصل کرنا بہت سے امراض و علل میں نافع اور ان کا دافع و مزیل ہے۔

جب کہ مجہول افسون ومنتر کا پڑھنا اور پھونکنا جس کے مفہوم و معانی کسی کو معلوم نہیں اور وہ اہل فسق وفجور سے منقول ہیں۔ اوران لوگوں کو عوام ان ظاہری آنکھوں سے نجاست وکثافت میں آلودہ دیکھتے ہیں۔ پھران سے جلب منفعت اور دفع مفاسد میں عجیب وغریب آثار ظاہر ہوتے ہیں تو وہ قرآن کریم جو جلال کبریائے الٰہی اور ذات وصفات باری تعالیٰ کے ذکر پر مشتمل ہے ان لوگوں سے وہ صادر ہوتا ہے جن کی صفاو پاکیزگی اور عظمت وکمال ظاہر وثابت ہے۔ اور بذات خود یہ قرآن معجزات قاہرہ کا حامل ہے تو اس سے کیوں نہ شفا حاصل ہوگی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو شفائے قرآن پڑھ کر بھی شفا نہ ہو اسے حق تعالیٰ کبھی شفا نہ دے گا۔ حدیث میں ہے کہ فاتحۃ الکتاب ہر مرض کی دوا ہے۔ زہریلے جانور کے کاٹے کا انسوں اور مجنون ومعتوہ کا فاتحۃ الکتاب سے علاج حدیثوں میں ثابت شدہ اور مسلمہ ہے۔ امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے جو ابن ماجہ میں مرفوعاً مروی ہے کہ ''خَيْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْآنُ'' بہترین علاج قرآن ہے۔

صاحب بیضاوی نے اپنی تفسیر میں قول باری تعالیٰ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ اور دیگر آیات شفا کا ذکر کیا ہے۔ اور چلپی نے ان آیات کی تعیین کی ہے۔ اور کتب معتبرہ میں مثلاً مواہب لدنیہ وغیرہ میں ان آیات شفا کے ضمن میں وہ حکایت بیان کی گئی ہے جو امام طریقت ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ان کا ایک بچہ بیمار ہوگیا اس کی بیماری اتنی سخت ہوگئی کہ وہ موت کے قریب پہنچ گیا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بچے کا حال پیش کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم آیت شفا سے کیوں دور ہوتے ہو۔ کیوں ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفا نہیں مانگتے میں بیدار ہوگیا اور اس پر غور کرنے لگا تو میں نے ان آیات شفاء کو کتاب الٰہی میں چھ جگہ پایا۔

آیات شفا

(۱)وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (۲)وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (۳)يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (۴)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (۵)وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (۶)قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

میں ان آیتوں کو لکھا اور پانی میں گھول کر بچے کو پلا دیا وہ بچہ اس وقت شفا پا گیا گویا کہ اس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔

اور شیخ تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ جو کہ اعاظم علمائے شافعیہ میں سے ہیں بیان کرتے ہیں کہ میں نے بکثرت مشائخ عظام کو بیماروں کی عافیت کے لیے ان آیات شفاء کو لکھتے دیکھا ہے اور کاتب الحروف نے بھی حضرت شیخ عبدالوہاب متقی کو بیماریوں کے لیے اس عمل کو کرتے دیکھا ہے لیکن اس جگہ ایک بات ہے جسے جاننا اور دریافت کرنا چاہیے وہ یہ کہ یہ آیات کریمہ اور دیگر اذکار وادعیہ جن کو بطور علاج پڑھتے اور ان سے شفا حاصل کرتے ہیں یقیناً یہ فی نفسہ نفع وشفا کے حامل ہیں لیکن قبول وصلاحیت کا محل اور فاعل کی قوت وہمت اور اس کی تاثیر بھی اس میں شرط ہے اور جہاں کہیں شفایابی میں اختلاف پڑے تو وہ یا تو فاعل کی تاثیر اور اس کی ہمت کی کمزوری ہوگی یا بسبب عدم قبول ہوگا یا اس جگہ کوئی ایسا قوی مانع ہوگا جو باوجود قوت فاعل اور صلاحیت محل کے وصول اثر اور ظہور تاثیر سے حاجب وحاجز آیا ہوگا اور یہ بات اور یہ حسیہ میں بھی روشن ہوتی ہے کیونکہ ان دواؤں کی عدم تاثیر کبھی دوا کے لیے بسبب عدم قبول طبیعت ہوتی ہے۔ اور کبھی اس تک دوا اثر کرنے اور وہاں تک پہنچنے میں کسی مانع کا وجود ہوتا ہے اس لیے کہ طبیعت جب دوا کو اچھی طرح قبول اور ہضم کر لیتی ہے تو اس کے ذریعہ بدن مکمل طور پر بحسب قبول انتفاع کرتا ہے۔ اسی طرح دل جب دعائے شفا اور تعویذوں کو پورے طور پر قبول کر لیتا ہے اور فاعل کی جانب سے ہمت قوی ہوتی ہے تو ازالۂ مرض میں خاص اثر دکھاتا ہے۔

اسی طرح ازالۂ مرض، دفع بلا اور حصول مطلوب میں دعا بہت قوی اسباب میں سے ہے لیکن کبھی کبھی اس کا اثر برخلاف ہوتا ہے اور یہ یا تو اس کے اس ضعف کی بنا پر ہوگا جو فی نفسہٖ اس میں موجود ہوگا جیسے کہ کوئی دعا مانگتا ہے اور حق تعالیٰ اس دعا کو اس بندے کے لیے بہتر نہیں جانتا بایں جہت کہ اس کی قبولیت میں حقانیت وانصاف کی حد سے تجاوز پایا جاتا ہے جو اس کی ذات اقدس سے بعید ہے یا اس ضعف کی بنا پر ہوگا جو دعا مانگنے والے کے دل میں ہے کہ وہ پوری دل سوزی اور کامل دلجمعی کے ساتھ دعا مانگتے وقت خدا کے حضور حاضر نہیں ہے یا اس بنا پر ہوگا کہ اس کی حالت میں حصول مدعا کے لیے کوئی امر مانع ہے مثلاً اکل حرام یا دل پر دین کی تاریکی کا عارض ہونا یا دل پر غفلت، سہو اور کھیل کود کا غالب ہونا وغیرہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ قلب لاہی، تباہی یعنی جس کا دل کھیل کود اور لغویت میں مبتلا رہے اور خدا سے غافل ہے اس کی دعا قبول نہیں فرماتا اور دعا بلا کی دشمن ہے وہ اسے دور کرتی اور درست بناتی اور دعا بلاؤں کے اترنے سے روکتی ہے اور اترنے کے بعد یا تو دفع کرتی ہے یا اس میں تخفیف کرتی ہے اور دعا مومن کا ہتھیار ہے۔

اور اگر دعا حضور قلب، جمعیۃ کاملہ برمطلوب کے ساتھ مانگی جائے اور قبولیت کے اوقات میں خشوع وخضوع، انکساری وتذلل اور تضرع وطہارت کے ساتھ دونوں ہاتھ اٹھا کر حمد وصلوٰۃ کے ساتھ بعد از توبہ واستغفار، صدق والحاح وتملق، توسل باسماء وصفات الٰہی اور توجہ صادق بحضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور دعا کی تمام شرائط کے ساتھ کرے تو ایسی دعا اس تیر اندازی کی مانند ہے جس کا تیر وکمان ٹھیک ہو اور دن بھی درست ہو اور بازو میں بھی پوری قوت ہو اور نشانہ بھی سامنے ہو اور وہ قابل تاثیر وصلاحیت ہو اور درمیان میں نشانہ تک پہنچنے میں کوئی روک اور مانع نہ ہو اور تیر اندازی کا علم رکھتا ہو اور اس کے آداب وشرائط سے بھی واقف ہو۔

اب رہا ان معوذات وغیرہ سے جو کہ اسماءِ الٰہی سے ہیں ان سے طلبِ شفا کرنا تو یہ بھی از قسم طبِ روحانی ہے اگر وہ نیکوں، متقیوں اور پرہیزگاروں کی زبان پر پوری ہمت وتوجہ کے ساتھ جاری ہوں لیکن چونکہ اس قسم کا وجود شاذ ونادر ہے اس لیے لوگ طبِ جسمانی کی طرف دوڑتے ہیں اور اس سے غافل وبے پرواہ بیٹھے رہتے ہیں۔ معوذات سے مراد وہ ہے جو حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' اور ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم فرمایا کرتے تھے اور بعض قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ بھی مراد لیتے ہیں۔ یا ہر وہ جگہ جہاں قرآن میں متضمن استعاذہ آیات واقع ہوئی ہیں مثلاً: رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ وغیرہ اور اس باب میں جس میں ہم بحث کر رہے ہیں اس سے بہت زیادہ عام مراد ہے اور استفادہ کے ضمن میں اوراد ووظائف بکثرت وارد ہیں۔

بلاشبہ علماء کرام نے تین شرطوں کے مجتمع ہونے کے وقت رقیہ یعنی دعائے شفا کے جائز ہونے پر اجماع کیا ہے پہلی شرط یہ کہ وہ دعا کلام خدا اور اس کے اسماء وصفات کے ساتھ ہو خواہ عربی زبان میں ہو یا کسی اور زبان میں مگر یہ کہ اس کے معنی جانے جاتے ہوں۔ اور اس اعتقاد کے ساتھ ہو کہ مؤثر حقیقی، حق تبارک وتعالیٰ ہی ہے اور اس رقیہ یعنی دعا کی تاثیر اس کی مشیت وتقدیر پر موقوف ہے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یہ دعائیں اور اوراد ووظائف اور دیگر وہ اسباب جو ہم کرتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو بدل دیتے ہیں۔ فرمایا یہ بھی تقدیر الٰہی سے ہی ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ کہا ہم زمانہ جاہلیت میں منتر وجنتر پڑھا کرتے تھے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ اس ضمن میں حضور کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ فرمایا اپنے منتر کو میرے سامنے پیش کرو۔ اگر اس میں شرک کی باتیں نہ ہوئیں تو پڑھ سکتے ہو کوئی مضائقہ نہیں۔

نادز ہر عقرب: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ن منتروں کے پڑھنے سے منع فرمایا

ہے۔اس کے بعد کچھ صحابۂ کرام خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے یا رسول اللہ ہمارے پاس بچھو کے کاٹے کا منتر ہے جسے ہم کرتے ہیں پھر اس منتر کو سنایا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں ہے تم کرو اور فرمایا جس سے جتنا ممکن ہو اپنے بھائی کو نفع پہنچائے۔اسی عموم سے ایک گروہ نے تمسک واستدلال کیا ہے اور ہر مجرب ونفع دینے والے منتروں کو جائز رکھا ہے اگر چہ اس کے معنی معلوم نہ ہوں لیکن احتیاط اسی میں ہے کہ جس کے معنی معلوم نہ ہوں نہ کریں۔مبادا کہ متضمن شرکی ہو۔یہ حکم غیر ماثور میں ہے ورنہ جو ماثور ہیں جیسا کہ بچھو کے کاٹے میں آیا ہے:بِسْمِ اللهِ وَبِشَحْمَةِ قَرِيْنِهٖ مَلْحِهٖ بَحْرٍ قَفْطًا وہ جائز ہوگا بے شبہ اور یہ تو عوف رضی اللہ عنہ بن مالک کی حدیث سے یقیناً معلوم ہو گیا کہ ہر وہ رقیہ جو متضمن شرک ہے جائز نہیں ہے اسی طرح سریانی وعبرانی زبان کی وہ دعائیں اور اسماء جن کے معنی معلوم نہیں ہیں انہیں نہ پڑھنا چاہیے۔حکایات مشائخ میں منقول ہے کہ ایک شخص کوئی دعا پڑھ رہا تھا ایک اور شخص اس جگہ موجود تھا اس نے کہا اسے کیا ہو گیا ہے کہ یہ مرد خدا اور اس کے رسول کو گالیاں دے رہا ہے۔اتفاق سے اس دعا کا مضمون ہی ایسا تھا اور وہ شخص لاعلمی میں اسے پڑھ رہا تھا یا رب (رب کی پناہ) مگر بعض کلمات ثقہ صفحات سے ایسے منقول ہیں جن کے معنی معلوم نہیں اور مشائخ عظام سے تواتر کے ساتھ ان کا پڑھنا مروی ہے جیسے کے حرز یمانی جیسے سیفی بھی کہتے ہیں اس کے ماسوا اور بھی ایسی دعائیں ہیں جنہیں وہ پڑھتے ہیں (واللہ اعلم)

ابن ماجہ ابوداؤد کی حدیث میں آیا ہے اور حاکم نے بروایت سیّدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہما اس کی تصحیح کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایہ کے رقیۂ تمیمہ اور تولہ شرک ہے۔رقیہ جاہلانہ منتروں پر بھی بولا جاتا ہے اور تمیمہ بجر بٹو وغیرہ کو کہتے ہیں جو کالے سفید دانے بچوں کے گلوں میں بلاؤں کے دور کرنے کی غرض سے لٹکا دیتے ہیں اور تولہ ٹوٹکے اور ٹونے کو کہتے ہیں جو عورتیں مردوں کو اپنا گرویدہ بنانے کے لیے کرتی ہیں یہ ایک قسم کا جادو ہے اور دعا حرز اور رقیہ جیسے کاغذ کے ٹکڑے پر لکھا جاتا ہے اسے ''تعویز'' کہتے ہیں اسے گردن یا بازو پر باندھتے ہیں۔بعض علما ان کو بھی منع کرتے ہیں لیکن جن علما کے پاس حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سند میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خوف وپریشانی اور بے خوابی کے ازالہ کے لیے انہیں یہ کلمات تلقین فرمائے تھے کہ:اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما ان بچوں کو جو عقل رکھتے سکھاتے،اور وہ بچے جو عقل وسمجھ نہیں رکھتے انہیں کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر گردن میں لٹکاتے وہ علماء اسے جائز رکھتے ہیں۔

اور تعویز کا لفظ حدیث میں آیا ہے جیسے:تَعَوِّيْذُ الطِّفْلِ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَةِ الْحَدِيْثِ۔اور ''تعویذات النبی'' وغیرہ جیسا کہ ان کا ذکر آگے آئے گا۔تعویذ کے معنی اللہ عزوجل سے شر وخوف سے استعاذہ وپناہ مانگنا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت زینب سے منقول ہے کہ حضرت عبداللہ نے میری گردن میں ایک ڈورا (یعنی گنڈا) دیکھا انہوں نے پوچھا اے زینب (رضی اللہ عنہا)! یہ کیا ہے؟ میں نے کہا کہ یہ گنڈا ہے جسے میرے لیے اس پر پڑھ کر دمکیا گیا ہے تو عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کو پکڑا اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور فرمایا عبداللہ رضی اللہ عنہ کے گھر والے شرک سے بے نیاز ہیں انہیں اس کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جنتر منتر اور گنڈے، بجر بٹو اور ٹونے ٹوٹکے شرک ہیں۔ زینب رضی اللہ عنہا نے کہا آپ ایسا کیوں فرماتے ہیں؟ بات یہ ہے کہ میری آنکھ درد کی شدت میں نکلی پڑتی تھی اور اس میں چیپڑ اور آنسو بھرے رہتے تھے تو میں فلاں یہودی کے پاس گئی اس نے کچھ پڑھ کر میری آنکھ پر دم کیا تو میری آنکھ کا دکھ درد اسی وقت جاتا رہا اور مجھے سکون مل گیا۔عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایہ تمہاری آنکھ کا یہ درد شیطان کے عمل سے تھا کہ اس نے تمہاری آنکھ میں چوکھنے لگائے۔جب اس نے منتر پڑھا تو وہ باز آ گیا۔حالانکہ تمہیں یہ لازم تھا کہ تم وہ پڑھتیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ:اَذْهِبِ

الْبَاْسَ، رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآءُ كَ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا. (رواہ ابوداؤد)

شرک کی مانند انہیں کیوں کہا جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جاہلیت کے لوگ ان میں حقیقی اثر کا اعتقاد رکھتے اور غیر خدا کے نام پر کرتے ہیں تو وہ جو نام خدا اور کلام خدا سے ہو وہ اس حکم میں نہ ہوگا اور وہ کیسے شرک ہوسکتا ہے جب کہ اس بارے میں احادیث واخبار صحیحہ وصریحہ وارد ہیں اور خدا کے حضور گڑگڑانے اور التجائیں کرنے کی مشروعیت میں کوئی اختلاف نہیں ہے خواہ یہ کسی طرح ہے اور کسی موقع پر ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ ان منتروں کی ممانعت ہے جو اہل عزائم اور مدعیان تسخیر جنات پڑھتے ہیں اور ان میں امور مشتبہ اور حق وباطل سے مرکب کلمات استعمال کرتے ہیں کیونکہ ذکر خدا اور اسماء باری تعالیٰ کے ساتھ اسماء شیاطین اور ان کے ذکر کو ملاتے ہیں اور ان سے استغاثہ کرتے اور ان سے پناہ تلاش کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جنات تعلق کی بنا پر اپنی طبیعت میں انسان سے خاص دشمنی رکھتے ہیں۔ اور شیاطین سے دوستی رکھتے ہیں اور جب منتروں کو شیاطین کے ناموں کے ساتھ پڑھا جاتا ہے تو وہ اسے قبول وپسند کرتے ہیں اور اپنی جگہ سے نکل جاتے ہیں۔ یہی حال جانور کے کاٹے کا ہے کیونکہ یہ بھی جنات کے اثر سے ہوتا ہے اور جنات سانپ بچھو کی طرح اختیار کر لیتے ہیں تو جب بھی شیاطین کے ناموں کے ساتھ منتر پڑھا جاتا ہے تو اس کا زہر ان کے بدنوں میں سرایت کر جاتا ہے اس بنا پر وہ منتروں سے بھاگتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ علماء امت کا اس پر اجماع ہے کہ جو منتر کتاب اللہ اور اسماء وصفات باری تعالیٰ کے سوا ہیں وہ مکروہ ہیں۔

جاننا چاہیے کہ اس مقام کا حاصل یہ ہے کہ قرطبی جو فقہ وحدیث کے مشاہیر علماء میں سے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ''رقایا'' کی تین قسمیں ہیں ایک وہ جس سے زمانہ جاہلیت میں رقیہ کرتے تھے اور اس کے معنی معلوم نہیں ہیں۔ اس قسم کے رقایا اور منتروں سے بچنا واجب ہے ممکن ہے کہ اس میں کوئی شرک ہو یا مؤدی بشرک ہو۔ دوسرا وہ جو کتاب اللہ اور اسماء وصفات باری تعالیٰ عزاسمہ سے ہو تو یہ جائز ہے اور اگر کوئی چیز ماثور ہے تو وہ مستحب ہے تیسرا وہ جو غیر خدا کے ناموں سے ہے مثلاً فرشتہ یا بندہ صالح یا کوئی اور معظم مخلوق جیسے عرش وکرسی وغیرہ تو اس قسم سے اجتناب واجب نہیں ہے اور اس کا ترک اس بنا پر اولیٰ ہے کہ اس میں غیر خدا سے التجا کا وجود ہے اور اگر متضمن تعظیم مرقی بہ ہے تو اس سے اجتناب لازم ہے جس طرح کہ غیر خدائے عزوجل سے قسم کھانا۔

بندہ مسکین (یعنی شیخ محقق رحمۃ اللہ) عفی اللہ عنہ، کہتا ہے کہ محبوبان خدا اور اسماء الٰہی سے تمسک وتوسل کرنا اس لیے جائز ہے کہ انہیں بارگاہِ حق اور درگاہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں قرب ومنزل حاصل ہے اور اگر ہم ان کی تعظیم بھی کرتے ہیں تو اسی وجہ سے کہ انہوں نے خدا کی بندگی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت خوب کی ہے یہ استقلال واستبداء کی طور پر نہیں ہے اس کو غیر خدائے عزوجل کے ساتھ قسم کھانے پر قیاس نہیں کر سکتے بلکہ بطریق توسل وتشفی ہے نہ کہ بطریق اشتراک جیسا کہ جہاں اور عوام الناس کرتے ہیں (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ)۔

حضرت ربیع رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے رقیہ یعنی دعائے شفا کے بارے میں پوچھا تو فرمایا کوئی حرج نہیں اگر وہ کتاب اللہ اور جانے پہچانے ذکر الٰہی سے ہو میں نے کہا کیا یہ صحیح ہے کہ مسلمان اہل کتاب سے رقیہ کرتے ہیں؟ فرمایا ہاں جب کہ وہاں کلمات سے جو جانے پہنچانے اور کتاب خدا اور ذکر الٰہی سے ہوں۔ انتہی۔ ظاہر یہ ہے کہ کتاب خدا سے مراد قرآن ہوگا ورنہ چونکہ توریت وغیرہ میں تغیر وتحریف واقع ہوگیا ہے تو ان پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ شرط یہ ہے کہ انکا مضمون حق کے موافق اور قرآن کے مطابق ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ مؤطا میں سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے یہودی عورت سے فرمایا کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے کتاب خدا سے رقیہ کر۔ نووی فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ کا یہود و نصاریٰ سے مسلمان کے لیے رقیہ کرانے کے قول میں علماء اختلاف رکھتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جواز کے قائل ہیں۔ ابن وہب امام مالک سے روایت کرتے ہیں کہ لوہے کی چیز اور نمک اور ڈورے میں گرہ لگانے سے رقیہ کرنا مکروہ ہے اور وہ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری سے متعلق ہے لکھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ وہ قدیم زمانہ کے لوگوں کے معمولات میں نہ تھا۔ مطلب یہ کہ وہ بدعت و مکروہ ہے۔

تنبیہ: اکثر و بیشتر عامۃ الناس کی غلطیوں کی بنیاد اس سے یہ ہے کہ ان افسوں ہائے باطلہ اور شگوفہائے جاہلیت کی عجیب و غریب تاثیر پاتے ہیں اور حیران ہو کر رہ جاتے ہیں کہ رقیہ ہائے مشروعہ سے کبھی ایسے اثرات ظاہر نہیں ہوتے۔ ایسے موقع پر وہ انکار کی روش اور حیرت کے گڑھے میں گر پڑتے ہیں جیسا کہ حضرت زینب زوجۂ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے ظاہر ہوا ہے کہ انہوں نے کہا میں کیا کروں کہ جس وقت میری آنکھ درد سے نکل پڑتی تھی اس وقت فلاں یہودی سے افسوں کرایا تو اس وقت درد جاتا رہا۔ حالانکہ عام لوگ اتنا نہیں جانتے کہ درد و بطلان کا مطلب یہ ہے کہ شارع علیہ السلام نے ان کی ممانعت فرمائی ہے اور شارع کے نزدیک اس ممانعت کی حکمت اور ظاہری فائدہ مقصود یہ ہے کہ انہیں شرک اور کفر کے گڑے سے نکالیں۔ لہٰذا جن لوگوں کا قدم صدق و ایمان کے مقام میں ثابت و مستحکم ہے وہ کسی حال میں ان چیزوں کا ارتکاب نہیں کرتے خواہ وہ ہلاکت اور حیات فانی کے زوال کے خطرے میں ہی مبتلا کیوں نہ ہوں اور وہ یقین رکھتے ہیں کہ سعادت ابدی اور باقی رہنے والی حیات و زندگی شارع علیہ السلام کے حکم کے بجالانے میں ہے اور جن لوگوں کا مطمح نظر دنیاوی زندگی ہے وہ مقام استقامت سے لڑھک جاتے ہیں اور کفر و معصیت کے گڑھے میں گر پڑتے ہیں۔ اِعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْ ذَالِکَ۔

ہمارے شہروں میں ایک افسوں ہے جس کی نسبت و اضافت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری قدس سرہ کی طرف کرتے ہیں۔ اور لوگ اس سے شغف رکھتے ہیں اور جب اس کی نسبت حضرت شیخ رحمۃ اللہ کی طرف لکھا پاتے ہیں تو اور زیادہ اس کے گرویدہ و متوالے ہو جاتے ہیں اور اس میں ایسے اسماء ہیں جو ہندوؤں کی زبانوں میں مشہور و معروف ہیں تو اس سے اجتناب لازمی و ضروری سمجھنا چاہیے (وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِصِحَّتِھَا)۔

رقیہ ہائے ماثورہ

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہر باب میں رقیہ یعنی دعائے شفا مروی ہے خصوصاً آنکھ اور زہریلے جانور کے کاٹے کے سلسلے میں۔ حتیٰ کہ حدیث میں آیا ہے کہ نظر بد اور زہریلے جانور کے کاٹے اور نملہ یعنی اس پھوڑے پر جو انسان کے پہلو پر نکلتا ہے آپ افسوں کرنے کی تاکید فرماتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ: لَا رُقْیَۃَ اِلَّا فِیْ نَفْسٍ اَوْ حُمَّۃٍ افسوں کی اجازت نہیں ہے مگر نظر بد اور جانور کے کاٹے میں' حمہ سے مراد زہریلے جانور کا کاٹنا اور نفس سے مراد نظر بد ہے اور ایک روایت میں ''لدغ'' زیادہ کیا گیا ہے۔ لدغ سے مراد دانتوں والے زہریلے جانور کا کاٹنا ہے۔ جیسے سانپ وغیرہ اور حصر سے مراد مبالغہ ہے نہ کہ ان چیزوں کے ساتھ رقیہ کی تخصیص۔ اس لیے کہ رقیہ انہیں چیزوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ تمام امراض و آلام میں مشروع و مسنون ہے جیسے کہ تپ و لرزہ، دردِ سر، درد دندان وغیرہ ہیں۔

بد نظری: رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا ''العین حق'' یعنی بدنظری اور اس کی کارفرمائی نفس الامر میں موجود ثابت ہے اور حق تعالیٰ نے بعض جانوروں میں ایسی خاصیت رکھی ہے کہ جب وہ کسی چیز کی طرف اچھی نظر سے دیکھتے ہیں تو وہ چیز نقصان پہنچاتی ہے جس طرح کہ جادو میں ہے اور فرمایا: لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدْرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ اگر کوئی چیز ایسی ہوتی کہ سبقت کرے اور قضاوقدر کے بعد اکثر لوگ بدنظری کا شکار ہوتے ہیں۔ علماء کی اکثریت کا مذہب یہ ہے کہ عین یعنی بدنظری حق ہے۔ اور متبدعین کا ایک گروہ مثلاً معتزلہ اور ہر وہ شخص جو ان کی روش پر چلے اس میں شک وشبہ کرتے ہیں۔ حالانکہ جب مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی خبر دیدی ہے تو اس پر اعتقاد واجب اور انکار باطل ہے۔ اگر کوئی کہے کہ سب کچھ تقدیر آلٰہی سے ہے بدنظری کا کیا اعتبار؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بد نظری بھی تقدیر الٰہی سے ہے اور آنکھ کی تاثیر ذاتی نہیں ہے۔ اور ہر شخص جو اہل سنت وجماعت کے طریقہ پر ہے کہے گا کہ یہ از اسباب عادی ہے بایں معنی کہ عادت الٰہیہ اسی طرح جاری ہے کہ جب ایک شخص دوسرے کے سامنے آئے اور اس کی طرف بنظر استحسان دیکھے تو حق تعالیٰ اس میں ضرر پیدا فرماتا ہے لیکن وہ چیز جو دیکھنے والے کی آنکھ سے نکلتی ہے اور شیئ مقابل کو پہنچتی ہے تو نفی واثبات کے کسی پہلو پر جزم نہیں کر سکتے یہ دونوں جانب متحمل ہے۔ اور بعض اصحاب طبایع کہتے ہیں کہ دیکھنے والے کی آنکھ سے جواہر لطیفہ غیر مرئیہ پھوٹتی ہیں اور شیئ مقابل پر جا کر جم جاتی ہیں۔ اور باہر کی شئ مسامات کے ذریعہ اس کی آنکھ میں داخل ہوتی ہے اس وقت حق تعالیٰ ہلاکت کو اس کے نزدیک پیدا فرماتا ہے اسی طرح جس وقت کہ زہر پیتے وقت ہلاکت کو پیدا فرماتا ہے۔ یہ بات متحمل ہے کیونکہ قطعی ویقینی بات کا دعویٰ کرنا غلط ہے۔ اور بعض نظروں سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ جب ہم کسی چیز کو دیکھتے ہیں اور وہ چیز ہمیں اچھی معلوم ہوتی ہے تو اپنی آنکھوں سے خاص قسم کی حرارت نکلتی پاتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ دیکھنے والے کی آنکھ سے زہریلی قوت پھوٹتی ہے جو دیکھی ہوئی شے پر چسپاں ہو جاتی ہے اور وہ ہلاکت وفساد کرتی ہے۔ اس زہر کی مانند جو سانپ کے ڈسنے سے ہے برپا کرتی ہے۔ اور بعض سانپ تو تیز نظر کے ذریعے زہر پہنچاتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ کوئی تیز چیز دیکھنے والے کی آنکھ سے دیکھی ہوئی چیز کی طرف جاتی ہے اگر کوئی ایسی چیز مانع نہ ہو جو اسے اس سے محفوظ نہ کر سکے اور پہنچا سکے تو وہ پہنچ کر اثر انداز ہو جاتی ہے اور اگر درمیان میں کوئی مانع حائل ہے مثلاً کلمات، حرز، تعوذ اور دعا وغیرہ تو وہ سپر بن کر اس کے اصول ونفوذ سے محفوظ رکھتی ہے اور اگر سپر سخت وقوی ہو تو ممکن ہے کہ اسی کے جانب تیر کی مانند پلٹا دے۔

اور اس علت یعنی بدنظری کا نبوی علاج، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب معوذات کے ذریعہ تھا یعنی وہ آیات وکلمات جن میں شرور سے استفاذہ ہے جیسے معوذتین، سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی وغیرہ۔ علماء کہتے ہیں کہ سب سے اہم واعظم رقیہ، سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور معوذتین کا پڑھنا ہے اور ان تعویذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمن میں جو احادیث صحیحہ سے ثابت شدہ ہیں ایک یہ ہے کہ

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُ مِنْ بَرٍّ وَّلَا فَاجِرٍ وَّبِاَسْمَآءِ اللهِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمَا بَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ۔

اور نظر بد کے دفع کرنے کے لیے یہ کہنا چاہیے کہ: مَاشَآءَ اللهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔ اور اگر دیکھنے والا اس سے خوفزدہ ہے کہ اپنی ہی نظر کا ضرر اسے نہ پہنچے تو یہ کہے: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَیْهِ یہ نظر بد کو دور کر دے گا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ نے سہل رضی اللہ عنہ بن حنیف کو دیکھا کہ وہ غسل کر رہے ہیں۔ اور وہ خوبرو اور حسین ہیں۔ اس پر عامر رضی اللہ عنہ کو ان کے حسن بدن پر تعجب ہوا اور وہ کہنے لگے خدا کی قسم! میں نے اتنا خوش نما بدن نہ کسی پردہ نشین عورت کا دیکھا اور نہ کسی مرد کا۔ سہل رضی اللہ عنہ بن حنیف اسی دم سرور میں آئے اور زمین پر گر پڑے اس کی اطلاع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچی تو فرمایا کسی پر تہمت دھرتے ہو۔ لوگوں نے عرض کیا کہ عامر رضی اللہ عنہ نے اس کے بدن کو دیکھ کر تحسین وتعریف کی اس کے بعد آپ نے عامر رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا اور اظہار ناراضگی کرتے ہوئے فرمایا جب تمہیں اپنے بھائی کی کوئی چیز اچھی معلوم ہوئی اور تم نے اسے دیکھا اور تمہاری نظر میں وہ اچھا معلوم ہوا تو تم نے اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلَيْهِ کیوں نہ پڑھا۔ اس کے بعد فرمایا سہل رضی اللہ عنہ بن حنیف کے لیے اپنے بدن کا غسالہ دو تو انہوں نے اپنا چہرہ اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک اور دونوں ٹانگیں ران اور شرمگاہ تک دھو کر ایک پیالہ میں دیا پھر وہ غسالہ سہل رضی اللہ عنہ کے سر پر پشت پر ڈالا گیا وہ اسی وقت اچھے ہو کر لوگوں کے ساتھ چل دیئے گویا انہیں کوئی ضرر پہنچا ہی نہ تھا۔ مواہب لدنیہ میں بروایت ابن کثیر نہایہ سے نقل کر کے اعضاء کے دھونے اور اس کی خاص کیفیت کے بیان میں کہا ہے کہ قوم کی یہ عادت تھی جب کسی کو کسی کی بدنظری لگتی تو پانی کا ایک برتن دیکھنے والے کے پاس لاتے وہ اپنے داہنے ہاتھ سے پانی کو جسم پر ڈالتا اور کلی کرتا اور برتن میں پانی ڈالتا اس کے بعد اپنے چہرہ کو برتن میں دھوتا پھر بایاں ہاتھ برتن میں ڈالتا پھر پانی کو برتن سے جسم پر ڈالتا اور داہنے ہاتھ پر بہاتا پھر داہنا ہاتھ پانی میں ڈالتا اور بائیں ہاتھ پر بہاتا۔ پھر بایاں ہاتھ پانی میں ڈالتا اور داہنی کہنیوں پر بہاتا پھر بایاں ہاتھ ڈالتا اور بائیں کہنیوں پر بہاتا پھر بایاں ہاتھ ڈالتا اور داہنے قدم پر ڈالتا پھر داہنا ہاتھ ڈالتا اور بائیں قدم پر ڈالتا پھر بایاں ہاتھ ڈالتا اور داہنے زانو پر بہاتا پھر داہنا ہاتھ ڈالتا اور بائیں زانو پر بہاتا اس کے بعد تہبند کے اندر شرمگاہ کو دھوتا اور پاؤں زمین نہ رکھتا پھر اس آب غسالہ کو نظر بد لگنے والے کے سر پر پیچھے کی جانب بہایا جاتا تو وہ باذن خدا تندرست ہو جاتا (انتہی) مخفی نہ رہنا چاہیے کہ ابن کثیر نے قوم کی جو عادت بیان کی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بھی ایسا ہی کیا گیا (واللہ اعلم) بہر تقدیر اس کا بھید عقل کی راہ سے سمجھ میں نہیں آ سکتا۔

قاضی ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی متشرع اس میں توقف کرے تو اس سے کہنا چاہیے کہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جاننے والے ہیں تجربہ سے اس کی تائید اور معائنہ سے اس کی تصدیق کی گئی ہے اور اگر کوئی فلسفی توقف کرے تو اس کا رد بہت آسان ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک مقرر وثابت ہے کہ بعض دوائیں اپنی قوت سے تاثیر کرتی ہیں اور اپنی خاصیت سے کام کرتی ہیں تو یہ بھی اس قبیل سے ہے اور کہربا اور آہن ربا یعنی مقناطیس بھی اس قبیل سے ہے۔ اب رہا یہ کہ داخلہ ازار یعنی شرمگاہ سے کیا مراد ہے بعض کہتے ہیں کہ فرج مراد ہے جو کہ طرف ازار ہے اور جو داہنی جانب سے اس کے بدن سے ڈالا گیا ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مراد اس کا جسم ہے جو کہ ازار سے متصل ہے یا موضع ازار کا جسم مراد ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ''مرار سرہ'' ہے جو کہ مقعد ازار ہے۔

سلف صالحین کی جماعت یہ جائز رکھتی ہے کہ آیاتِ قرآنیہ لکھ کر نظر بد لگے ہوئے کو پلایا جائے مجاہد فرماتے ہیں کہ کوئی حرج نہیں ہے کہ قرآن کو لکھ کر اور اسے دھو کر بیمار کو پلایا جائے۔ خواہ مطلق قرآن لکھ کر یا کوئی ایسی آیت جو مناسب شفا ہو یا مشتمل بر ذکر اسماء وصفاتِ باری تعالیٰ ہو وہوالانسب۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک عورت دردِ زہ میں مبتلا تھی آپ نے ایک آیت یا دو آیتیں قرآن کی بتائیں اور فرمایا کہ انہیں لکھ کر اور دھو کر اسے پلا دو۔ پہلے بھی شیخ امام ابوالقاسم قشیری کی حکایت آیات شفا میں گزر چکی ہے وہ بھی اس معنی کی تائید کرتی ہے۔

حکایت: ابوعبداللہ نباجی سے ایک حکایت مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں اونٹ پر سوار سفر میں جا رہا تھا۔ میرے ہمراہیوں

کے درمیان ایک ایسا شخص تھا جو نظر بد لگانے میں منسوب تھا وہ جس چیز پر اچھی نظر ڈالتا وہ گر کر تلف ہو جاتی۔ اور عبداللہ نباحی سے لوگوں نے کہا اپنے اونٹ کو اس کے شر سے محفوظ رکھو۔ نباحی نے کہا اسے میرے اونٹ پر کوئی قدرت نہیں ہے جب اس بدنظر شخص کو یہ بات معلوم ہوئی تو وہ اس گھات میں رہا کہ نباحی ادھر ادھر ہو تو اونٹ پر نظر لگائے۔ جس وقت نباحی دور ہوا تو وہ اس کی قیام گاہ پر آیا اور اس کے اونٹ پر نظر بد ڈالی۔ اونٹ اس طرح تڑپ کر گر پڑا جس طرح درخت جڑ سے اکھڑ کر گر پڑتا ہے۔ نباحی کو خبر کی گئی کہ بدنظر نے اونٹ پر نظر بد لگائی ہے۔ وہ آئے اور بدنظر شخص کو دیکھ کر یہ رقیہ پڑھا:

''بِسْمِ اللّٰهِ حَبْسٍ حَابِسٍ وَشَجْرٍ يَابِسٍ وَشِهَابٍ قَابِسٍ رُدِّدَتْ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلَى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝''

جب نباحی نے یہ دعا پڑھی تو اس وقت اس نظر بد کی آنکھ اپنے حلقۂ چشم سے نکل کر باہر گر پڑی اور اونٹ تندرست ہو کر کھڑا ہو گیا۔ یہ دعا در رقیہ بھی نظر بد کے لیے ہے۔

مواہب لدنیہ میں ابن قیم سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ بدنظری کے علاج کے سلسلے میں اس سے احتراز و اجتناب اور اس شخص سے جس کی نظر سے خطرہ خوبصورت چیز کو اس کی نظر سے بچانے کے سلسلے میں ایسی چیز لگانا جس سے اس کی نظر پلٹ جائے جائز ہے جیسا کہ بغوی نے شرح السنہ میں نقل کیا ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت بچے کو دیکھا تو انہوں نے فرمایا کہ اس کی ٹھوڑی پر سیاہ نقطہ لگا دو تا کہ اسے نظر بد نہ لگے (کذا فی المواہب) مخفی نہ رہنا چاہیے کہ بچے کی ٹھوڑی میں سیاہ نقطہ لگانے سے اس کی خوبصورتی چھپانا نہیں ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ یہ بھی ایک بھید ہے جو بدنظری کے ضرر سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور رقیہ کا حکم رکھتا ہے (واللہ اعلم)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہ کے گھر ایک لڑکی کو دیکھا جس پر جن کی نظر کا اثر تھا۔ صحیحین کے الفاظ ایسے ہی ہیں کہ لڑکی کو دیکھا کہ اس کے چہرے پر زردی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس لڑکی کے لیے افسوں پڑھو کیونکہ اس پر جن کی نظر کا اثر ہے۔'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح آدمی کی نظر لگتی ہے اسی طرح جن کی بھی نظر لگتی ہے اور کہتے ہیں کہ جن کی نظر تیر سے زیادہ تیز ہوتی ہے۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے وہاں ایک لڑکی کے چہرے پر زردی دیکھی لوگوں نے عرض کیا اسے نظر بد لگی ہے فرمایا نظر بد کا افسوں کیوں نہیں پڑھتے۔ کہتے ہیں کہ نظر لگنا عجب و استحسان ہوتا ہے اگرچہ دشمنی و حسد نہ ہو اور مرد صالح کی جانب سے محبت کے طور سے بھی ہوتا ہے جیسا کہ عامر بن ربیعہ کی نظر سہل بن حنیف کو لگی۔ دیکھنے والے کو چاہیے کہ جب کوئی چیز اس کی نظر میں اچھی اور بھلی معلوم ہو تو وہ دعا اور برکت میں جلدی کرے یہ بمنزلہ رقیہ ہوگا اور حاکم پر لازم ہے کہ اس شخص کو جس کی نظر لگتی ہو اور وہ اس میں مشہور و معروف ہو اسے لوگوں سے ملنے جلنے سے باز رکھے۔ اور اسے گھر سے باہر نہ نکلنے دے اور اگر وہ محتاج ہے تو اسے اتنی روزی دے کہ وہ زندگی گزار سکے۔ اس لیے کہ اس کا ضرر، کوڑھی کے ضرر سے زیادہ سخت ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے شخص کو لوگوں سے ملنے جلنے سے روکا۔ اور لوگوں کے ساتھ کھانے پینے اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔ علمائے کرام نے نظر بد سے ہلاک ہونے والے کی دیت و قصاص کے وجوب میں اختلاف کیا۔ اور قرطبی جو کہ علماء فقہ و حدیث میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ اگر عائن کسی چیز کو نظر سے تلف کر دے تو اس پر ضمان ہے اور اگر کسی کو نظر سے مار ڈالے تو اس پر قصاص نہ دیت ہے۔ اور اگر اس شخص سے دوبارہ ایسا ہو تو وہ عادی کی مانند ہے اس کا حکم جادوگر کا سا ہے اور نووی روضہ میں فرماتے ہیں

کہ اس میں نہ دیت ہے نہ کفارہ۔ اس لیے کہ یہ کام منضبط وعام نہیں ہے اور بعض اشخاص کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور بعض حالتوں میں اس سے یہ فعل واقع نہیں ہوتا بلکہ یہ خاصیت کی قبیل سے ہے اور وہ عمل بد جو اس سے سرزد ہوتا ہے وہ قتل وہلاک وزوال حیات میں متعین نہیں ہے اور کبھی وہ عمل بد حاصل ہو جاتا ہے بغیر اس کے کہ اسے ہلاک کرنے کا قصد ہو (انتہی) اور اکابر احناف کے اقوام اس جگہ معلوم نہ ہوئے۔ ناظرین متلاشی رہیں اگر کسی کو معلوم ہو جائے تو اس جگہ لکھ دے (واللہ اعلم)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام امراض جسمانی کے لیے رقیہ اور دعا کرتے تھے مثلاً بخار تپ ولرزہ مرگی، صداع، خوف، وحشت، بے خوابی، سموم، ہموم، الم، مصائب، غم واندوہ، شدت وسختی، بدن میں درد تکلیف، فقر وفاقہ، قرض، جلنا، دردِ دنداں، حبس بول، خراج، نکسیر، عسر ولادت اور تمام امراض وآلام اور تمام مصیبت وبلا وشدائد وغیرہ میں ان سب کی دعائیں، رقایا اور تعویذیں حدیث کی کتابوں میں مذکور ہیں وہاں سے تلاش کرنا چاہیے۔ اسی طرح جسمانی علاج کے سلسلے میں ادویہ حسیہ سے معالجہ کرنا بھی واقع ہوا ہے۔ اس جگہ ہم اپنے مقصد ومطلب کے لحاظ سے جادو اور اس کا حکم بیان کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔ کیونکہ یہودی کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سحر کرنے کا قصہ طویل کلام کے ساتھ واقع ہے۔

ذکرِ سحر: وصل: صراح میں سحر کے معنی افسوں کرنا اور جادو کرنا لکھا ہے۔ اور سحر حرام ہے اور یہ باجماع گناہ کبیرہ میں سے ہے کبھی کفر بھی ہوتا ہے اگر اس میں کوئی قول یا فعل ایسا ہے جو موجب کفر ہو۔ سحر کو سیکھنا اور سکھانا دونوں حرام ہیں۔ بعض علما کہتے ہیں کہ سحر کو سیکھنا اس نیت سے کہ اپنے سے اسے دور کیا جائے تو حرام نہیں ہے۔ ساحر یعنی جادوگر اگر اس کے سحر میں کفر نہ ہو تو تعزیر کی جائے گی اور اگر کفر ہے تو قتل کیا جائے گا۔ اور اس کی توبہ کے بارے میں اختلاف ہے جیسا کہ زندیق میں ہے۔ اور زندیق وہ ہے جو نبوت، دین، حشر ونشر اور قیامت کا منکر ہو۔

سحر کی حقیقت میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ محض تخیل ووہم ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں۔ مطلب یہ کہ سحر زدہ میں جو حالات وافعال نمودار ہوتے ہیں وہ محض وہم وخیال کی پیداوار ہیں۔ ان کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ یہ ابوبکر استرآبادی شافعیوں میں سے اور ابوبکر رازی حنفیوں میں سے اور کچھ اور لوگوں کا اختیار کردہ مسلک ہے۔ اور نووی فرماتے ہیں کہ مسلک صحیح یہ ہے کہ اس کی حقیقت ہے۔ اسی پر جمہور علما ہیں اور کتاب وسنت مشہورہ اسی پر دلالت کرتے ہیں۔ کذا فی مواہب اور شیخ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ مقام نزاع یہ ہے کہ آیا سحر سے انقلاب ذات اور قلب حقیقت واضح ہوتی ہے یا نہیں۔ جو حضرات تخیل محض کہتے ہیں وہ ان اثرات کو منع کرتے ہیں اور جو حضرات اس کے قائل ہیں کہ وہ حقیقت رکھتی ہے وہ اس میں اختلاف کرتے ہیں کہ آیا یہ محض تاثیر ہے جیسے کوئی خاص مرض مزاج کو بدل دیتا ہے یا وہ کسی حالت پر منتہی ہوتی ہے جیسے پتھر حیوان بن جائے یا حیوان پتھر ہو جائے۔ جمہور علما پہلی نوع کے قائل ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ سحر کا نہ ثبوت ہے نہ حقیقتاً اس کا کوئی وجود ہے یا بات مکابرہ وباطل ہے اور کتاب وسنت اس کے برخلاف ناطق ہے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ جتنی تاثیر قرآن کریم میں سحر کی بیان کی گئی ہے اس سے زیادہ نہیں ہے۔ یعنی ''یفرقون بین المرء وزوجه'' میاں بیوی کے درمیان جدائیگی کرتے ہیں، اگر اس سے زیادہ تاثیر ہوتی تو اس کا ذکر کیا جاتا اور از جہت عقل ونقل صحیح یہ ہے کہ اگر سحر کی تاثیر واقع ہے اور قرآن کریم میں جو کچھ ہاروت وماروت کے قصہ میں بیان کیا گیا ہے اتنا یا اس سے زیادہ بھی تاثیر واقع ہو تو زیادتی پر کوئی مخالفت دلالت نہیں کرتی لہٰذا اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔

سحر از حبلِ صاعیہ ہے یعنی بناوٹی رسی کی قسم سے ہے جو اعمال واسباب سے بطریق اکتساب حاصل ہوتا ہے اور ظاہری اعتبار سے ان کا شمار عادت مسامعہ کی توڑنے والی قسموں سے ہے اور اکثر اس کا وقوع فساق وفجار سے ہوتا ہے اور شرط یہ ہے کہ وہ جنبی اور ناپاک

ہے اور اگر وہ وطی حرام بلکہ محارم کیساتھ وطی سے جنبی و ناپاک ہوا تو زیادہ دخل انداز ہوتا ہے۔ (کذا قیل)

کہتے ہیں کہ فرعون کے جادوگروں نے جو رسیاں اور لاٹھیاں لپیٹی تھیں اور موسیٰ علیہ السلام نے جو انہیں دوڑتا ہوا خیال فرمایا تھا وہ جادو نہ تھا بلکہ کھوکھلی لکڑیاں تھیں اور رسیاں چمڑے کی خالی تھیلیاں تھی اور ان میں پارہ پھرایا تھا اور ان کی تہہ میں آگ رکھ دی گئی تھی یا آفتاب کے آگے ڈال دیا گیا تھا تو پارہ جب گرم ہوا تو وہ حرکت کرنے لگا۔ ان کا ایسا کہنا عجیب وغریب ہے کیونکہ حق تبارک وتعالیٰ نے متعدد مقامات میں سحر وجادو کا ذکر فرمایا ہے۔ اور بعض جگہوں پر تو سحر عظیم فرمایا اور کرنے والوں کو سحرہ یعنی جادوگر فرمایا۔ اب اگر ان کو خیالی اور وہمی کہا جائے تو بعید نظر آتا ہے۔ مگر یہ کہ سحر سے مراد قرآن کریم میں لغوی ہوں تو یہ تو بہت ہی عجیب ہوگا حالانکہ حقیقۃً سحر پر محمول کرنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اعجاز میں زیادہ داخل ہے۔ بشرطیکہ یہ لغوی معنیٰ نقل صحیح سے ثابت کیا جائے کہ واقعتاً ایسا ہی تھا۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

اور نقل صحیح سے ثابت ہے کہ یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا اس کی تاثیر آپ کی ذات جلیلہ میں ظاہر ہوئی جس سے نسیان، تخیل اور ضعفِ قوتِ جماع وغیرہ عارض ہوا، اور اس حادثہ کا وقوع حدیبیہ سے واپسی کے بعد ۶ ہجری کے ماہ ذوالحجہ میں ہوا اور اس عارضہ کے باقی رہنے کی مدت ایک قول کے بموجب چالیس روز ہے اور ایک روایت میں چھ مہینے اور ایک روایت میں ایک سال ہے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ روایت صحیح ومعتمد ہے غالباً سحر کا زور وقوت چالیس دن تھا اور علامتوں کا وجود اور اس کی بقا اول سے آخر تک عرصہ دراز تک رہی۔ یہاں تک کہ ایک رات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی اور خوب دعا مانگی اس کے بعد فرمایا: اے عائشہ! تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے مجھے جواب عنایت فرمایا ہے اور جس چیز کا میں نے سوال کیا تھا اسے قبول فرمالیا ہے۔ فرمایا: دو شخص آئے ان میں سے ایک میرے قریب بیٹھا اور دوسرا میرے پاؤں کی طرف۔ ان میں سے ایک نے اپنے دوسرے ساتھی سے کہا اس شخص کا کیا حال ہے اور اسے درد کیسا ہے۔ اس نے کہا یہ مطبوب ہے یعنی مسحور وسحر زادہ ہے۔ لغت میں طب کے معنی سحر کے آتے ہیں۔ اس نے پوچھا کس نے اس پر سحر کیا ہے؟ اس نے کہا لبید بن اعصم یہودی نے پوچھا کس چیز میں سحر کیا ہے؟ اس نے کہا کنگھی اور ان بالوں میں جو سر میں داڑھی میں کنگھا کرتے ہوئے گرتے تھے اور ''دعائے شگوفۂ نخل'' میں ہے کہ اس نے پوچھا انہیں کہا رکھا ہوا ہے۔ اس نے کہا دزدان کے کنویں میں! وہاں چھپا کر رکھا ہے۔ ایک روایت میں بیر ازدان، الف کے ساتھ آیا ہے۔ علماء کہتے ہیں یہی اصح ہے۔ اس کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم چند صحابہ کے ساتھ اس کنویں پر تشریف لائے اور فرمایا کہ وہ کنواں ہے جو مجھے دکھایا گیا اور اس کا پانی سرخ تھا گویا مہدی پانی میں گھول دی گئی ہے اور اس کے کھجور کے درختوں کے سر شیاطین کے سروں کے مانند ہیں۔ پھر اس میں سے جادو کی چیزوں کو نکالا۔ ایسا ہی صحیحین میں روایت ہے۔

بخاری کی روایت میں آیا ہے کہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ جس نے یہ حرکت کی ہے اسے ظاہر کیوں نہیں فرماتے اور اسے رسوا کیوں نہیں کرتے فرمایا مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ میں لوگوں میں کسی کی برائی پھیلاؤں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے تندرستی دے دی اور کسی سے کیا مطلب کہ ظاہر کر کے برائی پھیلاؤں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کو بیہقی ''دلائل نبوت'' میں بسند ضعیف بیان کرتے ہیں کہ لوگوں نے اس میں وتر یعنی کمان کے چلہ کو پایا جس میں گیارہ گرہ تھیں اور سورۂ الفلق اور سورۂ والناس نازل ہوئی ان کی ہر آیت پڑھی جاتی تو ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما کو بھیجا انہوں نے کھجور کی کونپل پائی جس میں گیارہ گرہیں تھیں۔ فتح الباری کی ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص اندر اترا اس نے اس میں کچھ کھجور کی کونپل پائی۔ جس میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شبیہہ موم سے بنی ہوئی سوئیوں سے چبھی ہوئی اور گیارہ گرہوں کے ساتھ ڈورے سے بندھی ہوئی تھی اس وقت جبریل علیہ السلام ہر ایک گرہ کے لیے سورۂ معوذتین لے کر آئے اسے پڑھتے جاتے اور گرہ کھولتے جاتے اور سوئی نکالتے جاتے تھے۔ جب تمام سوئیاں نکال لی گئیں تو درد سے تسکین ملی اور خاص آرام وراحت حاصل ہوئی۔ ان دونوں سورتوں کی آیتیں بھی گیارہ ہیں اور ہر آیت پر ایک گرہ کھلتی جاتی تھی۔

اور بعض صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قضیہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے آگے مسلک تسلیم وتفویض پر سلوک فرمایا اور اس بلا پر صبر فرما کر اجر طلب فرمایا جب اس بلا نے طول پکڑا اور طوالت سے خطرہ محسوس فرمایا کہ کہیں فنون طاعات اور امر دعوت وتبلیغ کے اجراء اور توجہ الی اللہ میں کمزوری نہ آ جائے تو دعا مانگی اس پر آپ کو حسی وروحانی علاج کے ذریعہ معالجہ دوا کرنے کی طرف اشارہ فرمایا گیا روحانی علاج اس طرح کہ آپ پر سورۂ معوذتین نازل ہوئی اور حسی علاج اس طرح کہ سر مبارک پر پچھنے لگوائے۔ صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ جو دین وامان سے بہرہ ور نہیں ہے یقیناً وہ اس علاج سے انکار کرے گا۔ مطلب یہ کہ وہ کہے گا کہ پچھنے تو استفراغ کی قسم سے ہے یہ سحر کے علاج سے کیا مناسبت رکھتا ہے اور اس کا ازالہ کس طرح کیا جا سکتا ہے وہ جواب میں فرماتے ہیں کہ اگر کافر طبیبوں میں سے کوئی مثلاً جالینوس اور ارسطاطالیس وغیرہ اسے نقل کرتا اور تجویز کرتا تو وہ یقیناً انکار نہیں کرتے۔ یعنی وہ کہتے کہ جب انہوں نے ایسا حکم دیا تو لازمی کوئی وجہ اور حکمت ہوگی۔ حالانکہ انہیں یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل مبارک میں کہنا انسب واولیٰ ہے۔ باوجود یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد پچھنے لگوانے کے نفع میں اور سحر کے دفعیہ میں عقلی حکمت کے ساتھ بھی اشارہ فرمایا وہ جواب میں یہ بھی فرماتے ہیں کہ چونکہ سحر کا مادہ سر مبارک میں بھی پہنچ گیا تھا یعنی یہ قوائے دماغیہ میں بھی اثر انداز ہو گیا تھا چنانچہ کسی ایسی چیز کا جسے کیا نہ ہو خیال فرماتے کہ کر لیا ہے۔ اور یہ تصرف ساحر کی جانب سے آپ کی طبیعت اور مادۂ دموی میں ہے۔ یہاں تک کہ اس مادہ نے بطن دماغ کے حصہ مقدم میں غلبہ پا لیا اور اس کا مزاج' طبیعت اصلیہ سے بدل گیا اس لیے کہ سحر، ارواح خبثہ از قسم جن وشیاطین اور خبیث نفوس بشریہ اور انفعال قوائے طبعیہ بدنیہ کی تاثیر سے مرکب ہے تو ان تاثیرات کی وجہ سے یعنی چونکہ تاثیر سحر بدن ورح حیوانی میں ہے جو اس کا مقام ہے وہ بعد انہضام تاثیرات' تجویف قلب سے ایک لطیف بخار بطون دماغ کی جانب متصاعد ہو کر قوائے دماغیہ میں حائل ہو جاتا ہے اور سحر کے مزاج وتصرف سے اس مقام کو ضرر رسیدہ اور خارجہ از طبیعت اصلیہ کر دیتا ہے اور فرماتے ہیں کہ اس مقام میں پچھنے لگوانا جو سحر سے ضرر رسیدہ ہے غایت حکمت اور نہایت بہتر معالجہ ہے۔

اور بعض مبتدعین، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات جلیلہ میں سحر کی تاثیر کے وقوع کا انکار کرتے ہیں۔ اور گمان لے جاتے ہیں کہ یہ آپ کے علو مرتبہ جلیلہ رفیعہ کے انحطاط کا موجب اور آپ کی نبوت میں شک کے داخل ہونے کا باعث ہے۔ اور ہر وہ بات جو اس طرح لے جائے وہ باطل ہے اور یہ کہ شریعت پر عدم وثوق کا موجب ہے۔ اس لیے کہ اس تقدیر پر احتمال ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خیال کیا ہو کہ جبریل علیہ السلام کو دیکھا ہے اور وہ جبریل علیہ السلام نہ ہوں۔ اور یہ خیال کیا ہو کہ وحی نازل ہوئی ہے اور واقع میں ایسا نہ ہوا اور یہ کہ جادو کا اثر ناقصوں میں ہوتا ہے نہ کہ ارباب کمال میں تو ان مبتدعین کی یہ تمام باتیں مردود ہیں اس لیے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوائے نبوت میں آپ کی صداقت پر برہان قائم ہو چکا ہے اور آپ اپنی تبلیغ میں جو کچھ خدا کی طرف سے پہنچاتے ہیں اس کی عصمت وحفاظت پر معجزات باہرہ شاہد ہیں اور وہ باتیں جو بعض دنیاوی امور سے متعلق ہیں اور جنکی طرف آپ مبعوث نہیں کیے گئے وہ آپ کے احاطۂ رسالت میں نہیں ہیں۔ اور وہ ایسے عوارضات ہیں جو عام انسانوں کو عارض ہوتی ہیں جیسے مرض وغیرہ تو ایسی دنیاوی چیزوں میں بعید نہیں ہے کہ ان کی طرف خیال کیا ہو کیونکہ وہ حقیقت میں آپ کی عصمت میں امور دینیہ کے مانند داخل نہیں ہیں۔ اور اس

سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ نے جس پر گمان کیا ہے کہ فلاح کام کرلیا ہے حالانکہ اسے کیا نہ ہو لیکن اس کے کرنے پر یقین کرلیا ہو بلکہ یہ از جنس خاطر ہے کہ خدشات رونما ہوتے ہیں اور ثابت و برقرار نہیں رہتے۔ لہٰذا ملاحدہ کی اس پر کوئی دلیل و حجت باقی نہیں رہی۔ خلاصہ یہ کہ رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے بارے میں خبروں میں کوئی ایسی چیز منقول نہیں ہے جو کہ کسی چیز کے برخلاف کوئی چیز فرمائی ہو اور وہ خلافت واقعہ ہو۔

اب رہا ان کا یہ کہنا کہ یہ موجب منقصت ہے سو یہ ایسا نہیں ہے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں صحت کی تاثیر کا ظہور دلائل نبوت اور صدق رسالت میں سے ہے اس لیے کہ کفار آپ کو ساحر کہتے تھے۔ اور یہ مسلمہ امر ہے کہ ساحر میں سحر اثر نہیں کرتا اور آپ میں سحر کی تاثیر کا اظہار اسی حکمت و مصلحت کی بنا پر ہے۔

ان کا یہ کہنا کہ تاثیر سحر نا قصوں کے ساتھ مخصوص ہے یہ کوئی کلیہ نہیں ہے ممکن ہے کہ کاملوں میں بھی کسی حکمت و مصلحت کی بنا پر ظاہر ہو جائے اس بات میں صحیح حدیثیں آئی ہیں اور وہ قابل انکار نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

آگاہ ہو کہ رقیہ اور تعویذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہیں ان کا حصر و احاطہ طاقت کتاب ہذا اور کاتب حروف سے باہر ہے۔ اسی وجہ سے شروع میں امراض گنانے پر اجمالاً اکتفا کیا گیا لیکن برکت حاصل کرنے والی طبیعت اس سے آسودہ نہیں ہوتی۔ اس لیے قرار پایا کہ ان تمام ابتلاء و مصائب میں سے جو کہ کثیر الوقوع ہیں ان کے لیے کچھ اقتباس کر کے تبرک و تیمن کے لیے ذکر کر دیا جائے۔ (و باللہ التوفیق)

رقیہ ہائے برائے نظر بد اور برائے جمیع امراض و آلام و بلایا: ان میں سب سے زیادہ مشہور و زیادہ نظر بد کا رقیہ ہے اور اس کے رقیہ بھی بکثرت ہیں ان میں سب سے افضل رقیہ اس کے لیے اور تمام بلاؤں مرضوں اور آفتوں کے لیے سورۂ فاتحہ، سورۂ معوذتین، آیۃ الکرسی کی قرأت اور یہ دعا ہے:

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآءُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا.

تمام امراض و آلام اور دردوں کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کلیتہً یہی دعا تھی۔

ان میں سے ایک دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ

اور ایک دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِيَتِهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْاِثْمَ وَالْمَغْرَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ.

اور ایک دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَآءِ اللهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمَا ذَرَا وَمَا بَرَا وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ لَا اُطِيْقُ شَرَّهٗ وَمِنْ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ لِيْ اٰخِذٌ بِنَا صِيَتِهٖ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اور ایک اور دعا یہ ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ مَا شَآءَ اللهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَا

لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَعْلَمُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اور ایک دعا یہ ہے:

تَحَصَّنْتُ بِالَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلٰهِيْ وَاِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاعْتَصَمْتُ بِهٖ وَهُوَ رَبِّيْ وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَّتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَايَمُوْتُ وَاسْتَدْفَعْتُ الشَّرَّ.

بِلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْعِبَادِ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِ وَحَسْبِيَ الرَّزَّاقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِ وَحَسْبِيَ الَّذِيْ هُوَحَسْبِيْ وَحَسْبِيَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعٰى لَيْسَ وَرَاءَ اللّٰهِ مَرْمٰى. حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

ان میں سے ایک دعائے جبریل ہے جسے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پڑھی اور صحیح مسلم میں ثابت ہے

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُّؤْذِيْكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ رُقْيَةَ وَجَعٍ جَسَدٍ.

صحیح مسلم میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن العاص سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے اس درد کی شکایت کی جو ان کے بدن میں تھا اور اس کے بعد وہ اسلام لائے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدن کے اس حصہ کو ہاتھ سے پکڑ کر جہاں درد ہے تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ اور سات مرتبہ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُوْا اُحَاذِرُ" کو پڑھ کر دم کرو۔

خوف و بے خوابی کی دعا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خوف بیخوابی کی شکایت کرتے ہوئے کہا یا رسول اللہ مجھے رات بھر نیند نہیں آتی۔ فرمایا: جب تم سونے کا ارادہ کرو تو یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ. وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يُّفْرِطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَبْغِيْ عَلَيَّ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُ كَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ.

کرب و غم کی دعا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کرب و بے چینی کے وقت یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ. (رواہ الشیخان)

ابوداؤد نے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت الکروب میں فرمایا۔

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.

مسند امام احمد میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی بندے کو اس دعا کے پڑھنے سے حزن و غم لاحق نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاءُكَ اَسْئَلُكَ

بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجِلَاءَ وَذِهَابَ هَمِّيْ

اللہ تعالیٰ اس کے حزن وغم کو دور کر کے اس کی جگہ فرح وکشادگی لے آئے گا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ علیہ وسم نے فرمایا جو شخص ہمیشہ توبہ واستغفار کرتا رہے اللہ تعالیٰ اس کے غم کو خوشی سے بدل دے گا اور اسے ہر تنگی سے نجات فرمائے گا اور اسے وہاں سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

لاحول ولاقوۃ کا عمل: نیز حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا جسے غم وافکار گھیر لیں اسے چاہیے کہ ''لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' بکثرت پڑھے اور صحیحین میں انہیں سے مروی ہے کہ جنت کے خزانوں میں سے یہ ایک خزانہ ہے اور ترمذی میں مذکور ہے کہ یہ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے اور ایک روایت میں ہے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کے ساتھ ہر بار ایک فرشتہ اترتا ہے اور صحتمندی لاتا ہے اور مشائخ عظام فرماتے ہیں کہ اس کلمہ کے عمل سے بڑھ کر کوئی چیز مددگار نہیں ہے۔

آیۃ الکرسی اور خواتیم سورۂ بقر کا عمل: حدیث شریف میں ہے کہ جو کوئی مصیبت وسختی کے وقت آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی فریاد رسی کرے گا۔

جامع دعا: حضرت سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ اور یقیناً میں اس کلمہ کو جانتا ہوں کہ نہیں کہتا اسے ہر مصیبت زدہ مگر یہ کہ اس کلمہ کی بدولت حق تعالیٰ اس سے اسے نجات عطا فرما دیتا ہے۔ وہ کلمہ میرے بھائی حضرت یونس علیہ السلام کا ہے کہ انہوں نے تاریکیوں میں ندا کی تھی کہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اور ترمذی میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مرد مسلمان ایسا نہیں جو اس دعا کو کسی ضرورت میں پڑھے مگر یہ کہ حق تعالیٰ اسے ضرور مستجاب فرماتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ایک اور روایت میں یہ دعا آئی ہے کہ:

اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دُعائے فقر: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا یا رسول اللہ دنیا نے پیٹھ پھیر لی ہے اور مجھ سے دنیا روگرداں ہوگئی ہے فرمایا تجھ سے ''صلوٰۃ ملائکہ'' یعنی فرشتوں کی دعا اور وہ تسبیح خلائق جس کی بدولت انہیں رزق دیا جاتا ہے کہاں گئی؟ پھر فرمایا طلوع فجر کے وقت اس دعا کو سو مرتبہ پڑھو: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تو تیرے پاس دنیا پست وذلیل ہو کر آئے گی۔ پھر وہ شخص چلا یا اور عرصہ تک نہیں آیا۔ پھر وہ آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس دنیا اتنی وافر آئی کہ میں نہیں جانتا کہ اسے کہاں رکھوں۔ سلسلہ ''گبرویہ'' میں دعا نماز سنت فجر اور نماز فرض فجر کے درمیان پڑھتے ہیں اور اگر اس کے ساتھ ایک تسبیح لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کی بھی پڑھیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے تو تمام گناہوں کی مغفرت کا موجب ہوگا اور یہ وسعت رزق کا سبب ہے اس لیے کہ استغفار اس کا باعث ہے کیونکہ معاصی تنگی رزق اور حزن وغم کا موجب ہیں جیسا کہ گزر چکا ہے۔

کیمیائے مشائخ: اس ضمن میں ایک وظیفہ ہے جسے ''کیمیائے مشائخ'' کہتے ہیں یہ بہت مجرب ہے وہ یہ کہ نماز جمعہ سے سلام پھیرنے کے بعد اور تشہد میں جس طرح پاؤں رکھے ہیں اس کے بدلنے سے پہلے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ قل ہو اللہ احد، سات مرتبہ قل اعوذ برب الفلق، سات مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھے۔ یہ تعداد اگلے پچھلے گناہوں کی مغفرت کے لیے وجود میں آئی ہے۔

اور مشائخ کرام اس کے بعد اس دعا کو جو حدیث میں آئی ہے سات مرتبہ پڑھتے ہیں: اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ

آگ بجھانے کی دعا: طبرانی اور ابن عساکر میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِذَا رَأَیْتُمُ الْحَرِیْقَ فَکَبِّرُوْا جب تم آگ لگتی دیکھو تو تکبیریں کہو (یعنی اذانیں دو) فَاِنَّ التَّکْبِیْرَ تُطْفِیْهِ کیونکہ تکبیر اسے بجھا دے گی اور تکبیر کے ذریعہ آگ کو بجھانا مجرب ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ آگ شیطانی مادہ ہے کہ اسے آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور اس میں فساد عام ہے جو کہ شیطانی عمل سے مناسبت رکھتا ہے اور آگ اپنی طبیعت میں علو فساد کو چاہتی ہے۔ اور شیطان نے بھی اسی کا دعویٰ کیا تھا اور چاہا تھا کہ بنی آدم کو ہلاک کرے۔ لہٰذا آگ اور شیطان دونوں زمین میں فساد چاہتے ہیں اور حق تبارک وتعالیٰ کی کبریائی کے آگے کوئی چیز نہیں ٹھہرتی چنانچہ جب مسلمان تکبیر کہتا ہے تو حق تعالیٰ خود آگ کو بجھاتا ہے اور اس عمل کے ساتھ تجربہ بھی شامل ہے۔

مرگی کی دعا: کہتے ہیں کہ مرگی کا مرض دو قسم سے ہوتا ہے ایک ارواح خبیثہ کے تصرف سے دوسرا اخلاط رویہ سے۔ اس دوسری قسم سے اطبا بحث کرتے ہیں لیکن ارواح خبیثہ سے مرگی کا علاج دعاؤں سے ہوتا ہے۔ یہ دشمن سے جنگ کرنا ہے لڑنے والے کو چاہیے کہ اس کے ہتھیار صحیح اور بازو قوی ہوں۔ یہاں تک کہ بعض معالجین اس کہنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ: اُخْرُجْ مِنْهُ مَا یَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ وَمَا یَقُوْلُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے کہ اُخْرُجْ عَدُوَّ اللّٰهِ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ اور بعض معالجین آیۃ الکرسی پڑھنے اور مرگی کے مریض کو آیۃ الکرسی اور معوذتین کے بکثرت پڑھنے کی تاکید کرتے اور بعض پڑھتے: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ. الخ یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم کھلانا اسکے دفعیہ میں یہ مجرب ہے۔

دردسر کی دعا: حمیدی نے ''طب'' میں بروایت یونس بن یعقوب عبداللہ سے صداع یعنی دردسر کا رقیہ نقل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دردسر میں اپنے اس ارشاد سے تعوذ فرماتے تھے: بِسْمِ اللّٰهِ الْکَبِیْرِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنْ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

دعائے درد دنداں: بیہقی عبداللہ رضی اللہ عنہ بن رواحہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دانتوں کے درد کی شکایت کی تو حضور نے اپنا دست مبارک ان کے اس رخسار پر جس میں درد تھا رکھ کر سات مرتبہ پڑھا: اَللّٰھُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ مَا یَجِدُ وَاشْفِهٖ بِدَعْوَةِ نَبِیِّكَ الْمَکِیْنِ الْمُبَارِكِ عِنْدَكَ دست مبارک اٹھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ نے ان کا درد دور فرما دیا۔ اور حمیدی روایت کرتے ہیں کہ سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس درد دندان کی شکایت کرتی ہوئی آئیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے داہنے دست مبارک کی انگشت شہادت اس دانت پر رکھ کر جس میں درد تھا پڑھا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزِّكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَاِنَّ مَرْیَمَ لَمْ تَلِدْ غَیْرَ عِیْسٰی مِنْ رُّوْحِكَ وَکَلِمَتِكَ اَنْ تَکْشِفَ مَا تَلْقٰی فَاطِمَةُ بِنْتُ خَدِیْجَةَ مِنَ الضِّرِّ کُلِّهٖ.

چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے درد سے آرام ملا۔

مواہب میں منقول ہے کہ ایک عجیب وغریب بات لوگوں میں محب طبری امام مقام خلیل مکی کے بارے میں مشہور ومعروف ہے اور میں نے انہیں بارہا دیکھا ہے کہ جس کے دانتوں میں درد ہوتا وہ اس کے سر پر ہاتھ رکھتے۔ اس سے اس کا اور اسکی ماں کا نام پوچھتے اور دریافت کرتے کہ کتنی مدت کے لیے چاہتا ہے کہ اس کا دانت درد نہ کرے مطلب یہ کہ وہ پوچھتے کتنے سالوں کے لیے درد کو باندھوں تو وہ شخص بانچ یا سات سال یا نو سال مثلاً طاق عدد میں کہتا تو وہ ہاتھ اٹھانے نہ پاتے کہ درجا تا رہتا اور مذکورہ مدت تک درد نہ ہوتا۔ یہ بات

ان کے بارے میں مشہور ومعروف ہے (انتہی) لیکن کسی خاص دعا کا ذکر نہ کیا ظاہر ہے کہ یہی دعائے ماثورہ ہوگی یا ان کی اپنی توجہ خاص اور دعا ہوگی (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ وہ دعا جس کا تجربہ کیا جاچکا ہے یہ دعا ہے جسے درد کی جانب رخسار پر ہاتھ سے لکھے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○قُلْ هُوَ الَّذِىْ اَنْشَاكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ.

یا اگر چاہے تو یہ لکھے۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

پتھری اور حبس بول کی دعا: سنائی نے ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ اس کے باپ کا پیشاب بند ہوگیا ہے اور اسے پتھری کا مرض ہے۔ اس پر حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے وہ دعا جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی بتائی:

رَبُّنَا اللهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ وَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ شِفَاءً مِّنْ شِفَاءِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَئُ

اور اسے حکم دیا کہ اس دعا کو پڑھے اس نے اسے پڑھا اور وہ تندرست ہوگیا۔ یہ دعا ابوداؤد کی حدیث میں ہر مرض وشکایت کے لیے بھی مروی ہے۔

تپ یعنی بخار کی دعا: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لائے تو وہ بخار میں مبتلا تھیں اور بخار کو برا بھلا کہہ رہی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخار کو برا نہ کہو وہ حکم الٰہی کا تابع ہے۔ لیکن اگر تم چاہتی ہو تو میں تمہیں وہ کلمات سکھادوں کہ جب تم پڑھو گی تو اللہ تعالیٰ اسے تم سے دور فرمادے گا۔ انہوں نے کہا مجھے سکھادیجئے۔ فرمایا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جَلْدِى الرَّقِيْقَ وَعَظْمِى الدَّقِيْقَ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِيْقِ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللهِ الْعَظِيْمِ وَلَا تَصْدَعِى الرَّأْسَ وَلَا تُثْنِى الْغَمَّ وَلَا تَاْكُلِى اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِى الدَّمَ وَتَحَوَّلِىْ عَنِّىْ اِلٰى مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ان کلمات کو پڑھا میرا بخار جاتا رہا صاحب مواہب لدنیہ فرماتی ہیں کہ یہ دعا مجرب ہے۔ چنانچہ میں نے اپنے شیخ کے ہاتھوں سے لکھا دیکھا۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَظْمِى الدَّقِيْقَ وَجَلْدِى الرَّقِيْقَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فَوْرَةِ الْحَرِيْقِ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا تَاْكُلِى اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِى الدَّمَ وَلَا تَفُوْرِىْ عِلْمَ الْغَمِّ انْتَقِلِىْ اِلٰى مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ. فَاِنِّىْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

صاحب ''الہدیٰ'' بیان کرتے ہیں کہ باری کے بخار کے لیے تین پتلے کاغذ پر لکھے ''بِسْمِ اللهِ فَرَّتْ، بِسْمِ اللهِ مَرَّتْ، بِسْمِ اللهِ قَلَّتْ'' اور روزانہ ایک ایک پرچہ پانی سے نگل لے اور کتاب ''قران'' میں ہے کہ شفا کی غرض سے اس کا پینا سلف سے معمول ہے اور ابن الحاج سے مدخل میں مذکور ہے کہ شیخ ابومحمد مرجانی ہمیشہ نجار وغیرہ کے لیے کاغذ کے پرزوں پر اس دعا کو لکھ کر دروازہ کی دہلیز پر رکھ

دیتے تو جو کوئی بخار وغیرہ کا مریض آتا وہ اس میں سے لے کر مریض کو کھلا دیتے مریض بحکم الٰہی شفایاب ہو جاتا وہ یہ دعا لکھا کرتے تھے۔ اَزِلِیٌّ لَّمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ یُزِیْلُ الزَّوَالَ وَهُوَ لَا یَزَالُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَهُوَ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔

خراج وخارش کی دعا: صاحب زاد المعانی فرماتے ہیں کہ کھجلی وخارش کے لیے اپنے بدن پر یہ لکھے

وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا۝ فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرٰی فِیْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا.

یہ مجرب ہے۔

دعائے عسر ولادت: عسر ولادت کے لیے دعائیں تو بہت ہیں مگر مجرب دعا یہ ہے جسے عبداللہ بن امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد ماجد کو دیکھا ہے کہ جب کسی عورت پر بچہ کی ولادت دشوار ہوتی تو وہ سفید پیالہ یا کسی پاکیزہ چیز پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث لکھ کر دیتے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا.

خلال کہتے ہیں کہ ہمیں ابوبکر مروزی نے بتایا کہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: اے ابوعبداللہ! ایک عورت کے لیے کچھ لکھ دیجئے اس پر دو دن سے ولادت کی دشواری اور سختی ہے آپ نے فرمایا اس سے کہو کہ کشادہ پیالہ اور زعفران لائے۔ خلال کہتے ہیں کہ میں نے بہت سوں کے لیے لکھتے دیکھا ہے۔ مدخل میں ہے کہ انہوں نے نئے پیالہ پر لکھا:

اُخْرُجْ اَیُّهَا الْوَلَدُ مِنْ بَطْنٍ ضَیِّقٍ اِلٰی سِعَةِ هٰذِهِ الدُّنْیَا اُخْرُجْ بِقُدْرَةِ الَّذِیْ جَعَلَكَ فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ.

اور اسے دھو کر پلانے اور کچھ چھینٹے منہ پر مارنے کا حکم فرمایا۔ شیخ مرجانی کہتے ہیں کہ میں نے اس دعا کو کئی بزرگوں سے لیا ہے اور جس کو بھی میں نے یہ لکھ کر دیا ہے وہ اسی وقت بفضل خدا چھٹکارا پا گئی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گزر ایسی عورت پر ہوا جس کا بچہ رحم میں مڑ گیا تھا۔ اس عورت نے کہا: اے کلمۃ اللہ! میرے لیے دعا فرمائیے کہ حق تعالیٰ مجھے اس دشواری سے نجات دے جس میں میں مبتلا ہوں اس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دعا کی: یَا خَالِقَ النَّفْسِ وَیَا مُخْلِصَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَیَا مُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْهَا. اس عورت نے اس وقت بچہ تولد کر دیا اور کھڑی ہو گئی۔ شیخ مرجانی کہتے ہیں کہ جب کوئی عورت ولادت کی دشواری میں مبتلا ہو تو اس کے لیے اسے لکھ کر دیدے۔

نکسیر کی دعا: نکسیر کی یوں تو بہت دعائیں ہیں مگر مجرب دعا یہ ہے کہ نکسیر والے کی پیشانی پر لکھے کہ وَقِیْلَ یَا اَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیَا سَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ نکسیر کے خون سے اس کی کتابت جائز نہیں ہے جیسا کہ بعض جاہل کرتے ہیں اس لیے کہ خون نجس ہے اس وجہ سے کلام خدا لکھنا جائز نہیں۔

ہر درد و بلا کی دعا: حضرت ابان بن عثمان اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا کہ میں نے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم سے سنا ہے کہ جو کوئی تین مرتبہ شام کے وقت: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھے تو صبح تک کوئی ناگہانی بلا و مصیبت نہ پہنچے گی۔ اور جو اسے صبح کے وقت پڑھے تو شام تک اسے کوئی ناگہانی

بلا ومصیبت نہ پہنچے گی۔ راوی کہتا ہے کہ ابان ابن عثمان رضی اللہ عنہ پر فالج گرا تو اس شخص نے جس نے ان سے یہ حدیث سنی تھی بطریق تعجب وانکار ان کی جانب سوچنے لگا اس پر انہوں نے فرمایا میری طرف کیا سوچ رہے ہو۔ خدا کی قسم نہ میں نے اپنے والد عثمان پر جھوٹ باندھا ہے اور نہ عثمان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھا لیکن جس دن مجھ پر یہ فالج گرا ہے اس دن میں نے معصیت ونافرمانی کی تھی یعنی میں اسے پڑھنا بھول گیا تھا۔ اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ذکر لاحول ولاقوۃ الا باللہ: وہ دعا جس سے ستر بلاؤں سے عافیت ملتی ہے وہ حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص: بِسْمِ اللهِ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ دس مرتبہ پڑھے وہ گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو جاتا ہے جیسا کہ آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو اور دنیا کی ستر بلاؤں سے مثلاً جنون وجذام وبرص وریح وغیرہ سے عافیت دی جاتی ہے۔ ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کو زیادہ سے زیادہ پڑھو اس لیے کہ یہ جنت کا خزانہ ہے۔ حضرت مکحول فرماتے ہیں کہ: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ وَلاَ مَلْجَا مِنَ اللهِ اِلَّا اِلَيْهِ. کو جو کوئی پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے ضرر کے سات دروازے جس میں سے ایک دروازہ محتاجی وفقر کا ہے دور کر دیتا ہے۔ طبرانی میں بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ کہے تو یہ ننانوے مرض کی دعا ہے۔ اور کم سے کم مرض غم والم ہے۔ ایک اور حدیث میں حضرت ابوموسیٰ سے مروی ہے کہ جو کوئی: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ. کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے اسے کبھی بھی محتاجی نہ پہنچے گی۔ نیز مروی ہے کہ جس پر روزی تنگ ہوا سے چاہیے کہ: لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ کا ورد زیادہ سے زیادہ کرے۔

سیّدنا امام جعفر صادق بن امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے روایت از اب وجد از علی ابن طالب رضی اللہ عنہ اجمعین مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص روانہ دن رات لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ پڑھے وہ فقر ونسیان اور وحشتِ قبر سے امان میں رہے گا اور اس پر تونگری کا دروازہ کھل جائے گا۔ اور جنت کا دروازہ بھی۔ اس روایت کے بعض راوی کہتے ہیں کہ اگر اس دعا کے حصول کے لیے چین وختن تک سفر کرنا پڑے تو یہ زیادہ نہ ہوگا۔ اس کا عبدالحق نے کتاب ''الطب النبوی'' میں ذکر کیا ہے۔

دعا بوقت طعام

امام بخاری اپنی تاریخ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص کھانا سامنے آنے کے بعد: بِسْمِ اللهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ فِى الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ دَآءٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْهِ رَحْمَةً وَّشِفَآءً. پڑھے اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔

اُم الصبیان کی دعا: امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے بچہ پیدا ہو تو بچے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے بچہ کو ام الصبیان کا مرض نہ ہوگا۔ اسے اندلسی نے روایت کیا اور عبدالحق نے ''الطب النبوی'' میں ذکر کیا اور ام الصبیان ایک ریحی مرض ہے جو بچوں کو لاحق ہوتا ہے اور بسا اوقات ریح صعود کر کے دل ودماغ کو گھیر لیتی ہے اور بچہ اینٹھنے لگتا ہے۔ اس کے کان میں اذان واقامت کہنے کی حکمت یہ ہے کہ بچے کے کان میں جو سب سے پہلی آواز پڑے وہ کلمہ شہادت اور حق تعالیٰ کی عظمت وکبریائی کی آواز ہو۔ گویا کہ یہ اس کے لیے دنیا میں داخل ہوتے وقت شعار اسلام کی تلقین ہے۔ جس طرح کہ دنیا سے نکلتے وقت یعنی بوقت موت کلمہ توحید کی تلقین کی جاتی ہے۔ نیز کلمات اذان سے شیطان بھاگتا ہے۔

دعائے حفیظ رمضان

یہ ہے کہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَلْآذَكَ بِاللّٰهِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ بِاللّٰهِ مُحِيْطٌ بِهٖ عِلْمُكَ كَيَعْلَمُوْنَ وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ الخ

صاحب مواہب کہتے ہیں کہ ہمارے شیخ نے فرمایا کہ یہ دعا' بلاد یمن و مکہ' مصر و مغرب اور تمام شہروں میں مشہور ہے وہ اسے ''حفیظ رمضان'' کہتے ہیں۔ اس کی تاثیر یہ بتاتے ہیں کہ یہ غرق' حرق' سرق اور تمام آفتوں سے محفوظ رکھتی ہے۔ اسے رمضان کے آخری جمعہ کے دن لکھتے ہیں اور عام لوگ اسے اس وقت لکھتے ہیں جب کہ خطیب منبر پر خطبۂ جمعہ دے رہا ہو۔ اور بعض لوگ نماز عصر کے بعد لکھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ یہ بدعت ہے اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔ اگرچہ بہت سے اکابر کے کلام میں یہ واقع ہوا ہے بلکہ بعض تو اس کا ورد کرنے کے لیے بھی اشارہ فرماتے ہیں۔ یہ ضعیف حدیث میں سے ہے اور حافظ ابن حجر اسے بہت زیادہ منکر کہتے تھے۔ خصوصاً اس وقت جب کہ منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیا جا رہا ہو۔ اس وقت اگر کسی کو لکھتا دیکھتے تو فرماتے: قَبَّحَكَ اللّٰهُ مَا هٰذِهِ الْبِدْعَةُ۔ خدا تجھے روسیاہ کرے یہ کیسی بدعت ہے۔

طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بادواءِ طبیہ

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم طبی دواؤں کے ذریعہ بھی اکثر مرضوں میں علاج کرتے تھے۔ ظاہر یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو طب وحی کے ذریعہ حاصل ہوئی تھی اگرچہ بعض مواقع میں قیاس واجتہاد اور تجربہ بھی ہوگا یہ کوئی بعید نہیں ہے۔ لیکن ادویہ روحانیہ پر انحصار فرمانا اس بنا پر تھا کہ وہ اتم واعلیٰ اور اخص واکمل ہیں۔ لیکن ایک حدیث شہد کے ساتھ دستوں کے علاج میں آئی ہے جس میں بہت کم بحث ہے اسے یہاں نقل کرتا ہوں۔

واضح رہنا چاہیے کہ بخاری و مسلم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا میرا بھائی اپنے پیٹ کی شکایت کرتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ اس کا پیٹ جاری ہے یعنی دست آ رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے شہد پلانے کا حکم فرمایا۔ اسے شہد پلایا گیا اس سے دست اور زیادہ آنے لگے۔ اس پر فرمایا خدا نے سچ فرمایا ہے تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹ بولتا ہے۔ مسلم کی روایت میں ہے کہ تیسری بار بھی اسے شہد پلانے کا حکم فرمایا ہے وہ چوتھی بار آیا اس پر بھی یہی فرمایا کہ اسے شہد پلاؤ۔ اس کے دست اور زیادہ ہو گئے اور امام احمد کی روایت میں ہے کہ چوتھی مرتبہ پھر شہد پلانے کا حکم فرمایا چنانچہ اسے پلایا گیا پھر وہ اچھا ہو گیا۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھی مرتبہ میں فرمایا اللہ سچا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے۔ اور اہل حجاز کذب کا اطلاق خطا کے مقام میں کرتے ہیں۔ اور ''کذب سمعک'' یعنی تیرے کان نے جھوٹا سنا'' بولتے ہیں۔ مطلب یہ کہ تجھ سے غلطی ہوئی اور جو کچھ کہا گیا اس کی حقیقت تک تیری رسائی نہ ہوئی۔ لہٰذا پیٹ کے جھوٹا ہونے کے معنی یہ نہیں کہ وہ قبول شفا کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ اس سے اس میں غلطی ہو رہی ہے کذا قیل۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی کی روشنی میں جان لیا تھا کہ اسے شہد سے نفع حاصل ہوگا۔ اور جب فوری طور پر ظاہر نہ ہوا تو گویا وہ قائم مقام جھوٹ کے جاری تھا۔ اس بنا پر اس پر لفظ کذب کا اطلاق کیا گیا۔ (انتہی)

بعض ملحدین اس جگہ اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ شہد مسہل ہے تو کس طرح اس کے لیے بتایا جا سکتا ہے جسے خود اسہال ہوں تو اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ بات اس قائل کے جہل سے صادر ہوئی ہے اور اس آیت کے حکم کی مصداق ہے کہ: بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ۔ بلکہ وہ اس پر جھوٹ باندھتے ہیں جس کا ان کے علم نے احاطہ نہیں کیا۔ اس لیے کہ اطبا کا اتفاق ہے کہ ایک

مرض کا علاج' باختلاف عمر، عادت، زمانہ' غذائے مالوف، تدبیر اور طبعی قوت کے مختلف ہوتا ہے اور اسہال کبھی غیر مرغوب غذا کے کھانے سے لاحق ہوتا ہے۔ اور بدہضمی پیدا کر دیتا ہے اور اس میں اطباء کا اتفاق ہے کہ اس کا اعلاج' بدہضمی کے اثرات کے ازالہ میں ہے۔ لہٰذا اگر اسہال کی ضرورت لاحق ہو تو اس کی اس سے مدد و اعانت کی جاتی ہے۔ جب تک کہ بیمار میں قوت ہے گویا کہ اس مرد کو جو دست لاحق تھے وہ بدہضمی کے تھے۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع شدہ فضلات کے اخراج کے لیے اسے شہد پلانے کا حکم فرمایا اور اس کے معدے سے ان لیسدار اخلاط کو باہر نکالا جو قبول وہضم غذا میں مانع تھا۔ چونکہ معدے میں ریشے اور خانے ہوتے ہیں جب اس میں لیسدار مادہ چپک جاتا ہے تو معدے کو فاسد کر دیتا ہے اور اس میں جو غذا ہوتی ہے یہ اسے خراب کر دیتا ہے لہٰذا اس کے لیے ایسی دعا کا استعمال ضروری ہے جو معدے کو اس سے پاک وصاف کر دے۔ لہٰذا اس خصوصیت میں شہد سے زیادہ کوئی اور چیز زیادہ نفع بخش نہیں ہے۔ خاص کر اس وقت جب کہ شہد میں گرم پانی ملا کر بار بار پلایا جائے۔ اور شہد کو بار بار پلانے میں ایک لطیف نکتہ یہ ہے کہ دوا ایسی ہونی چاہیے کہ اس کی کمیت اور مقدار مریض کے حال کے موافق ہو یہاں تک کہ اگر دوا کم ہو تو کلی طور پر مرض کو زائل نہ کرے گا اور اگر زیادہ ہو تو قوتوں کو زائل کر دے گا۔ اور مرض کو بڑھا کر دیگر نقصانات پیدا کر دے گا اور جب ہر مرتبہ اتنا شہد نہ دیا گیا جو مرض کا مقابلہ کر سکتا ہو تو لامحالہ اسہال میں زیادتی ہوتی گئی اور بار بار شہد کے پلانے کا حکم دیا جاتا رہا۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنی حد و مقدار کو پہنچ گیا تو اس وقت یقینی طور پر فرمایا: صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ اَخِيْكَ۔ اللہ سچا ہے تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے یہ مادہ فائدہ کی کثرت سے تعبیر ہے اور جب آخری مرتبہ اتنی مقدار پہنچ گئی جو مادہ کے اخراج اور دفع مرض میں کافی ووافی تھی تو اس کا نفع ظاہر ہو گیا۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ ''كَذَبَ بَطْنُ اَخِيْكَ'' سے اسی طرف اشارہ ہے کہ دوا نافع ہے اور بقائے مرض، شفا میں قصور دوا کی بنا پر نہیں ہے بلکہ مادہ فاسدہ کی کثرت کی بنا پر ہے تو اس بنا پر استفراغ کے لیے بار بار شہد پلانے کا حکم فرمایا اور بعض کہتے ہیں کہ شہد رگوں کی جانب بہت جلد رواں ہوتا ہے اور ان کو زیادہ غذا پہنچا دیتا ہے۔ پیشاب کو کھول کر لاتا ہے جس سے قبض پیدا ہو جاتا ہے۔ کبھی معدے میں جب یہ باقی رہ جاتا ہے تو معدے میں ہیجان پیدا کر کے آمادہ کر دیتا ہے کہ وہ طعام یعنی فضلہ کو پھینک دے۔ اس طرح دست لے آتا ہے۔ لہٰذا شہد کی تعریف مطلقاً دست آور سے کرنا منکر کے عقل کا قصور ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مریض اسہال کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شہد بتانا چار باتوں پر ہے اول یہ کہ آیہ کریمہ کو شفا میں عموم پر محمول فرمایا اور یہاں اشارہ حضور کے اس ارشاد میں ہے کہ ''صدق اللہ'' یعنی اللہ نے سچ فرمایا مطلب یہ کہ آیہ کریمہ میں جو'' فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ '' (شہد میں لوگوں کے لیے شفا ہے) فرمایا وہ ہر مرض کے لیے ہے۔ لہٰذا جب ان کو اس کی تنبیہ فرمائی اور اپنے قول سے انہیں اس کی حکمت کی طرف تلقین فرمائی تو وہ تندرست ہو گیا بحکم الٰہی۔ دوسرا یہ کہ چونکہ وہ تمام مرضوں میں شہد سے علاج کرتے تھے بنا بریں ان کی عادت کے مطابق شہد کا استعمال بتایا۔ تیسرا یہ کہ اسہال ہیضہ سے تھا جیسا کہ گزرا۔ چوتھا یہ کہ ممکن ہے کہ پینے سے پہلے شہد کو پکا کر دینے کا حکم فرمایا ہے۔ اس لیے کہ پکا ہوا شہد بلغم کو باندھتا ہے اور قبض کرتا ہے تو ممکن ہے کہ انہوں نے پہلے بے پکائے دیا ہے۔ دوسرا اور چوتھا قول ضعیف ہے اور قول اول کی تائید حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہما کرتی ہے کہ: عَلَيْكُمْ بِالشِّفَائَيْنِ الْعَسَلُ وَالْقُرْآنُ شہد اور قرآن سے شفا کو لازم جانو۔ اسے ابن ماجہ و حاکم نے مرفوعاً اور ابن ابی شیبہ و حاکم نے موقوفاً روایت کیا ہے۔ اس کے تمام راوی صحیح ہیں۔

حضرت امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ فرمایا جب آشکارا ہو جائے اور ایک روایت میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی شفا کو طلب کرے تو اسے چاہیے کہ اپنی بیوی کے مہر کی رقم سے کچھ اس سے مانگے اور اس سے شہد خریدے اور کتاب اللہ سے کوئی آیت شفا کو پیالہ میں لکھے اور بارش کے پانی سے اسے دھوئے اور شہد اس میں ملائے۔ اللہ تعالیٰ اسے شفا دے گا بعض علماء اس

حدیث میں فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے: نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ ۔ (ہم نے قرآن میں وہ نازل فرمایا جو شفا ہے) اور فرمایا: وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبَارَكًا ۔ (ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا) دوسری جگہ فرمایا: ماءطہورا۔ (پاک کرنے والا پانی اتارا) اور فرمایا: فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْئًا مَّرِيْئًا. (اپنی بیوی خوش دلی سے اپنی مہر سے تمہیں کچھ دے تو اسے کھاؤ) اور شہد کے بارے میں فرمایا: فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (شہد میں لوگوں کے لیے شفا ہے) لہٰذا جب شفا کی یہ تمام باتیں اور اسباب جمع ہو جائیں تو بفضل خدا اس کا حصول ضرور ہوگا۔ اور وہی شفا دینے والا ہے: اَللّٰهُمَّ اشْفِنَا شِفَآءً عَاجِلاً بِحَقِّ الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ وَبِبَرَكَةِ نَبِيِّكَ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ.

ذکر تعبیر رؤیا یعنی خواب

وصل: تعبیر کے معنی تفسیر کے ہیں ''عبرت الرؤیا'' (خواب کی تعبیر دی) تخفیف وتشدید دونوں سے مروی وغ۔ اور تشدید کے ساتھ مبالغہ کے لیے ہے اور ''رؤیا'' بضم راء وسکون ہمزہ وہ ہے جو شخص خواب میں دیکھے۔ رؤیا کی حقیقت کا بیان برطریق متکلمین وحکماء مشکوٰۃ شریف کی شرح میں کر دیا گیا ہے اس جگہ محدثین کے طریقہ پر جو کچھ مواہب لدنیہ میں بیان کیا گیا ہے اسے ذکر کیا جاتا ہے۔

قاضی ابوبکر بن العربی جو کہ اعاظم علماء مالکیہ سے ہیں فرماتے ہیں کہ رؤیا یعنی خواب وہ ادراک ہے جسے حق تبارک وتعالیٰ بندے کے دل میں کسی فرشتے یا کسی شیطان کے ہاتھ سے اس کی حقیقتوں کے ساتھ یا اس کی تعبیرات کے ساتھ ظاہر فرماتا ہے۔

حاکم وعقیلی روایت کرتے ہیں کہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سیّدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے ملاقات کی اور کہا: اے ابوالحسن! ایک شخص خواب دیکھتا ہے تو اس کا کچھ حصہ تو صادق ہوتا ہے اور کچھ کاذب نکلتا ہے؟ فرمایا ہاں! میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ ہر مرد وعورت جب خوب گہری نیند سو جاتا ہے تو اس کی روح عرش کی جانب پرواز کر جاتی ہے تو اس عرش سے وہ رؤیا ظاہر ہوتی ہے۔ اور جو روح عرش سے نیچے رہ جاتی ہے وہ جھوٹی ہوتی ہے۔'' اور ذہبی اس حدیث کو صحیح نہیں گردانتے۔

ابن قیم ایک حدیث لاتے ہیں کہ مسلمان کی رؤیا، وہ کلام ہے جسے حق تبارک وتعالیٰ اس سے فرماتا ہے اور حکیم ترمذی فرماتے ہیں کہ بعض مفسرین اس آیت کریم میں کہ

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ. — کسی انسان کے لیے زیبا نہیں کہ اللہ اس سے کلام فرمائے مگر بطور وحی یا پردے کے پیچھے سے

فرماتے ہیں کہ: مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ سے مراد خواب ورؤیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کی رؤیا دوسروں کے مقابلہ میں وحی ہوتی ہے اور وحی ہمیشہ بغیر خلل وحجاب کے آتی ہے اس لیے کہ وہ خدا کی نگہبانی وعصمت میں ہے بخلاف انبیاء کے سوا دوسروں کے خواب کے، کبھی اسے غیر نبی کے لیے شیطان بنا دیتا ہے۔

بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ مرد صالح کا خواب حسن، نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اور کہتے ہیں کہ رویائے صالحین کی اکثریت مراد ہے۔ ورنہ مرد صالح تو بسا اوقات اضغاث یعنی پریشان خوابوں کو بھی دیکھتا ہے لیکن یہ نادر ہے بایں وجہ کہ صلحا پر شیطان کا تسلط بہت غالب ہے۔

اس جگہ یہ مشکل بیان کرتے ہیں کہ رؤیا یعنی خواب نبوت کا حصہ ہے اس کے کیا معنی ہیں حالانکہ نبوت، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر منقطع ہو چکی؟ تو اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ اگر خواب ورویائے نبی یعنی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ہے تو وہ حقیقتاً اجزائے نبوت

کا جزو ہے اور اگر غیر نبی نے دیکھا ہے تو بر سبیل مجاز باعتبار تشبیہ رویائے نبوت وافادۂ علم میں اجزائے نبوت کا جزو ہے اور بعض کہتے ہیں جزو سے مراد علم نبوت کا جزو ہے کیونکہ نبوت اگرچہ منقطع ہو چکی ہے مگر اس کا علم باقی ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ کیا ہر شخص خواب کی تعبیر دے سکتا ہے؟ فرمایا کیا نبوت سے کھیلا جاتا ہے؟ اس کے بعد فرمایا خواب نبوت کا جزو ہے۔ اس سے مراد وہی مشابہت ہے جو رویائے نبوی سے۔ بر بنائے اطلاع بر بعض غیوب ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جزو شی، وصف کل کو جو کہ نبوت ہے مستلزم نہیں ہے۔ مثلاً کوئی شخص بآواز بلند اشہدان لا الہ الا اللہ کہتا ہے تو اسے موذن نہیں کہیں گے۔ سید عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد سلسلہ مبشرات باقی نہیں رہے گا مگر رؤیا یعنی خواب۔

مسلم ابوداؤد میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرض میں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے تشریف لے گئے کاشانۂ اقدس کا پردہ اٹھا کر سر مبارک نکالا۔ اس وقت آپ کے سر مبارک پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں صف بستہ کھڑے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! مبشرات نبوت باقی نہیں رہیں گی۔ البتہ رویائے صالحہ رہیں گے جسے مسلمان دیکھے گا یا اسے دکھایا جائے گا۔ اور مبشرات کی تعبیر باعتبار غالب ہے ورنہ بعض رؤیا ڈراؤنے بھی ہوتے ہیں اور صادق بھی، جسے حق تبارک وتعالیٰ مسلمان کے لیے بر بنائے رفیق ومہربانی دکھاتا ہے اور اسے پہلے سے اس چیز کے لیے آمادہ کرتا ہے جو آگے ہونے والا ہے۔

قاضی ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں کہ کوئی اسے حقیقتاً اجزاء نبوت نہیں جانتا مگر فرشتہ یا نبی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے جو کچھ مراد لیا ہے اس قدر ہے کہ رؤیا، فی الجملہ اجزائے نبوت کا ایک جزو ہے۔ اس لیے کہ اس میں من وجہٍ یک گونہ غیبو بات میں سے کسی غیب پر اطلاع ہے لیکن تفصیلی نسبت درجۂ نبوت اور اسکی معرفت کے ساتھ مخصوص ہے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عالم کے لیے لازم ہے ہر چیز کو مکمل اور تفصیلی طور پر جانے اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہر عالم کے لیے واقفیت کی اس کے نزدیک ایک حد رکھی ہے لہٰذا ان میں سے کچھ کو تو وہ مکمل اور تفصیلی طور پر جان لیتا ہے اور کچھ کو مختصراً جان لیتا ہے (نہ کہ مکمل وتفصیلی طور پر) رؤیا یعنی خواب اسی قبیل سے ہے اور حدیث میں بھی روایتیں مختلف آئی ہیں۔ بعض میں پینتالیسواں حصہ ہے اور بعض میں ستر واں حصہ۔ اور بعض میں چھہتر واں اور بعض میں چھیسواں اور بعض میں چوبیسواں۔ اس بنا ان کی صحت پر وثوق نہ رہا۔ لیکن مشہور چھیالیسواں ہے۔ اور بعض عدد کے لیے روایت مشہور جو کہ چھیالیسواں ہے خاص مناسبت ظاہر کرتی ہے۔

کہتے ہیں کہ حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چھ مہینے خواب میں وحی فرمائی اس کے بعد باقی تمام مدت حیات، بیداری میں وحی فرمائی، مکمل دور نبوت تیئس سال ہے۔ اور ان چھ مہینوں کی نسبت تیئس سال سے چھیالیسواں حصہ ہے یہ وجہ مناسب ومعقول ہے اگر ثابت ہو جائے کہ ابتداء میں خواب میں وحی کی مدت چھ مہینے ہے۔

خطابی فرماتے ہیں کہ اہل علم نے اس عدد کی تاویل میں چند قول کہے ہیں جو کہ ایک بھی پایۂ ثبوت تک نہ پہنچ سکا۔ اور نہ ہم نے ہی اس بارے میں کوئی حدیث یا اثر سنی اور نہ مدعی نے ہی اس باب میں کوئی چیز بیان کی۔ محض گمان سے ہی کچھ کہا ہے: وَالظَّنُّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْئًا۔ اور گمان حق سے کچھ بھی بے نیاز نہیں کرتا۔ اور ہم پر یہ بھی لازم نہیں کہ جس کا علم مخفی رکھا گیا ہو اسے ہم تعداد رکعات، ایام صیام اور رمی جمار وغیرہ کی مانند جانیں۔ نیز تعداد بتانے میں اس مناسبت پر جو کہ دیگر روایتوں میں آئی ہیں جاری نہیں ہے لہٰذا اولیٰ بلکہ واجب ہے کہ علم کو شارع علیہ السلام پر تفویض کر دیں۔ (واللہ اعلم)

سچے خواب کا وقت: ایک اور بات بھی جان لینی چاہیے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اَصْدَقُ الرُّؤْیَا بِالْاَسْحَارِ۔ سب سے سچا خواب صبح صادق کے وقت دیکھنا ہے' اسے ترمذی اور دارمی نے روایت کیا ہے۔ اور مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت زمانہ متقارب ہو جائے تو مسلم کے خواب جھوٹ نہیں ہوتے۔ اور جو تم میں راست گو ہے اس کا خواب سب سے سچا ہے۔'' اقتراب زمان میں دو قول ہیں اس کے ایک معنی یہ ہیں کہ زمانہ شب اور زمانہ نہار جب متقارب ہو جائیں۔ یہ وقت ایام ربیع میں برابر ہوتا ہے کہ دن اور رات برابر ہوتے ہیں اور یہ وقت طبائع اربعہ کے اعتدال کا ہے ان لوگوں کا یہی مفہوم ہے اور ظاہر یہ ہے کہ ایام خریف کو بھی کہتے ہیں کہ یہ وقت تحویل میزان ہے اور لیل ونہار کے اوقات میں برابری کا وقت ہے۔ تعبیر گویوں کا بھی یہی مذہب ہے کہ سب سے سچا خواب لیل ونہار کے اعتدال کے وقت کا ہے۔ اس جگہ یہ بحث کی گئی ہے کہ اس وجہ پر مسلم کی قید لگانے کا کیا فائدہ ہے اس لیے کہ اس وقت میں اعتدال طبائع مسلم کیساتھ مخصوص نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ کافر کا حال دائرہ اعتبار سے خارج ہے اور اس کے خواب پر صدق کا اطلاق ممنوع ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ اقتراب زمان سے مراد قرب قیام قیامت اس کی مدت کی انتہا ہے اور اس کی تائید ترمذی کی یہ حدیث کرتی ہے کہ: فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانَ لَا تَکْذِبُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنُ آخر زمانے میں مسلمان کے خواب جھوٹے نہ ہوں گے۔

اور اس مسکین نے یعنی صاحب مدارج النبوۃ نے اپنے بعض مشائخ سے سنا ہے کہ اقتراب زمان سے مراد موت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ زمانہ مذکور سے مراد امام مہدی علیٰ نبینا وعلیہ السلام کا ہے کیونکہ ان کے زمانے میں عدل وانصاف' امن وامان اور خیر ورزق عام ہوگا اس لیے کہ وہ زمانہ باعتبار وجود لذت اور خوشی ومسرت کے مختصر ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ اس زمانے کے لوگ مراد ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دجال کے ہلاک کر دینے کے بعد باقی رہیں گے اور وہ اپنے احوال میں اس امت کے تمام لوگوں میں صدر اول کے بعد بہترین اور سب سے زیادہ راست گو ہوں گے۔ اسی بنا پر اس حدیث کے آخر میں فرمایا: وَاَصْدَقُکُمْ رُؤْیَا اَصْدَقُکُمْ حَدِیْثًا اس کا خواب زیادہ سچا ہے تو تم میں سب سے زیادہ راست گو ہے۔ صدق رؤیا میں راست گفتاری کی شرط کی وجہ ظاہر ہے اس لیے کو جو سچ بولتا ہے اس کا دل روشن ہو جاتا ہے اور اس کا ادراک قوی ہو جاتا ہے اور صحیح طور پر اس کے خیالات ومعنی منقش ہوتے ہیں اور جو بیداری کی حالت میں صحیح وسالم ہے اس کا خواب بھی ایسا ہی ہوگا بخلاف جھوٹے اور ملی جلی باتیں کرنے والے کے کیونکہ اس کا دل تاریک وفاسد ہے تو اس کا خواب بھی ہمیشہ جھوٹا اور پریشان ہوتا ہوگا اور کبھی صادق' غیر صحیح اور کاذب صحیح بھی دیکھ لیتا ہے لیکن اکثر وغالب وہی ہے جو کہا گیا ہے۔

نیز حدیث شریف میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی خواب میں ایسی چیز دیکھے جو اسے محبوب وپسند ہے تو وہ خدا کی جانب سے اس پر لازم ہے کہ حمد وشکر الٰہی بجالائے اور اس کی تحدیث کرے یعنی لوگوں کو بتائے اور اگر خواب میں ایسی چیز دیکھی ہو جو اسے ناپسند وناگوار ہے تو وہ شیطان کی طرف سے ہوگی۔ لہٰذا ضروری ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ سے اس کے شر وفساد سے پناہ مانگے اور اس کا ذکر کسی سے نہ کرے اور کسی کو ضرر نہ پہنچائے (رواہ البخاری)۔

مسلم کی روایت میں ہے کہ خواب بد شیطان سے ہے اسے کسی کو نہ بتائے اور بائیں جانب تین مرتبہ تھوکتا رہے اور استعاذہ کرے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ایک پہلو سے دوسری پہلو کی طرف پھر جائے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ نماز پڑھے اور کسی کو نہ بتائے مگر حبیب لبیب سے کہہ سکتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ نصیحت کرنیوالے عالم سے کہے اور آیۃ الکرسی پڑھے اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ خواب' پریشاں خیالی ہے مطلب یہ کہ نا قابل اعتبار ہے اور واقع نہیں ہوتا جب تک کہ تعبیر نہ لی جائے اور جب تعبیر

لے لی جاتی ہے تو واقع ہو جاتا ہے یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ سب سے پہلے جو خواب کی تعبیر دی جائے وہی پیش آتا ہے یہ حدیث ضعیف ہے باوجود اس کے لوگوں کی عادت ہے کہ تعبیر دینے والے سے پوچھتے ہیں۔ اگر تعبیر صحیح مل گئی تو فبہا ورنہ کبھی دوسرے سے پوچھتے ہیں۔ کذا قالوا۔ اور تعبیر دینے والے کو چاہیے بھلائی کی تعبیر دے اور جہاں تک ہو خیر پر محمول کرے۔

معبرین کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اس نے عرض کیا کہ میرا شوہر غائب ہے اور میں حاملہ ہوں میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گھر کا ستون شکستہ ہے اور میں نے بھینگی آنکھ والا بچہ دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعبیر دی کہ انشاء اللہ تیرا شوہر صحیح وسالم واپس آئے گا اور تو خوبصورت اور اچھی خصلت کا بچہ جنے گی یہ عورت پھر دوسری بار آئی اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تشریف فرما نہ تھے میں نے اس خواب کا قصہ معلوم کیا تو اس نے اپنا خواب بیان کیا۔ میں نے اس کے خواب کی تعبیر یہ دی کہ اگر تیرا یہ خواب صحیح ہے تو تیرا شوہر مر جائے گا۔ اور تو بدکار بچہ جنے گی تو وہ عورت بیٹھ کر رونے پیٹنے لگی اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور فرمایا: اے عائشہ! (رضی اللہ عنہا) ایسا نہ کرو جب تم کسی مسلمان کو اس کے خواب کی تعبیر دو تو اسے خیر پر محمول کرو اور اچھی تعبیر دو اس لیے کہ جیسی تعبیر دی جاتی ہے ایسا ہی خواب واقع ہوتا ہے۔

یہ بھی روایت میں ہے کے معبر لوگوں کو چاہیے کہ وہ تعبیر دینے سے پہلے کہے: خَيْرٌ لَّنَا وَشَرٌّ لِّاَعْدَائِنَا (ہمارے لیے بہتری ہو اور ہمارے دشمنوں کے لیے برائی ہو) اس کے بعد وہ تعبیر دے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

آداب معبرین: اہل علم کہتے ہیں کہ تعبیر دینے والوں کے آداب میں سے ہے کہ نہ تو طلوع آفتاب کے وقت تعبیر دیتے ہیں نہ زوال وغروب آفتاب کے وقت اور نہ رات میں' ایسا ہی صاحب مواہب نے بیان کیا ہے نہ تو اس کی کوئی وجہ ظاہر کی ہے اور نہ اس ضمن میں کوئی حدیث نقل کی ہے اگر کہیں کہ یہ وہ اوقات ہیں جن میں نماز مکروہ ہے تو استواء یعنی نصف النہار کا بھی ذکر کرنا چاہیے۔ مگر وقت زوال سے اس طرف اشارہ کر دیا ہے۔ لیکن رات میں منع کرنے کی وجہ کیا ہے؟ حالانکہ یہ حدیث صحیح میں یقیناً ثابت شدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز فجر ادا فرما چکتے تو رخ انور پھیر کر صحابہ سے دریافت فرماتے کہ کیا تم میں سے کوئی ہے جس نے آج رات خواب دیکھا ہو؟ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ حضرات جنہوں نے خواب دیکھا ہوتا عرض کرتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم انہیں تعبیر ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ بخاری نے اپنی کتاب میں مستقل باب بعنوان ''تعبیر رؤیا بعد صلوٰۃ الصبح'' باندھا ہے لیکن یہ طلوع آفتاب سے پہلے ہے۔ اور وقت طلوع میں تعبیر کی ممانعت دلیل پر موقوف ہے۔ اور یہ دلیل کہ ان وقتوں میں نماز مکروہ ہے ظاہر نہیں ہے اور مواہب کی عبارت میں اس طرف اشارہ بھی موجود ہے اور یہ جو بعض کہتے ہیں کہ آفتاب جب خوب بلند ہو جائے اس وقت اور عصر سے قبل غروب آفتاب تک تعبیر دینا مستحب ہے۔ اس پر حدیث مذکور رد کرتی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ انور پھیر کر صحابہ سے خواب دیکھنے کے بارے میں سوال کرنا، اس کے بارے میں اہل علم کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کی بشارت کے منتظر تھے اور چاہتے تھے کہ کہیں سے ظاہر ہو جائے تو معلوم نہیں انہوں نے یہ مطلب کہاں سے اخذ کیا۔ حالانکہ اس سوال کرنے کا ظاہر مطلب ومقصد یہ ہے کہ صحابۂ کرام کے احوال کو جانیں کہ ہر ایک کا سلوک کہاں تک پہنچا ہے۔ اور اس کی تدبیر کیا ہونی چاہیے۔ مشائخ کرام کا جو یہ معمول ہے کہ وہ اپنے مریدوں سے واقعات ومعاملات پوچھتے ہیں۔ اور ان کا علاج کرتے ہیں تو وہ اسی سنت کے اتباع میں ہے (واللہ اعلم)

بعض اہل علم کہتے ہیں کہ خواب کی تعبیر نماز صبح کے وقت دینا اولیٰ واقرب ہے بہ نسبت دیگر وقتوں کے' باعتبار خواب کی یادداشت

کے بایں سبب کے خواب دیکھنے کے زمانے سے یہ قریب وقت ہے کیونکہ بسا اوقات خواب میں نسیان عارض ہو جاتا ہے۔ اور یہ وجہ بھی ہے کہ معبر کا ذہن اس وقت حاضر ہوتا ہے کیونکہ یہ وقت پاکیزہ ہوا اور نورانیت قلب کا ہوتا ہے اور امور معاش میں فکر کرنے سے اس کی مشغولیت کم ہوتی ہے۔

خواب دیکھنے والے کے آداب: خواب دیکھنے والے کے آداب میں سے یہ ہے کہ وہ راست گو ہو اور باوضو داہنے پہلو پر سوئے جیسا کہ سونے میں سنت ہے۔ اور سونے سے پہلے سورۂ والشمس، واللیل، والتین اور سورۂ اخلاف ومعوذتین پڑھے اور یہ دعا مانگے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَیْءِ الْاَحْلَامِ وَاَسْتَجِیْرُ بِکَ مِنْ تَلَاعُبِ الشَّیْطَانِ فِی الْیَقْظَۃِ وَالْمَنَامِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رُؤْیَا صَالِحَۃً صَادِقَۃً نَافِعَۃً حَافِظَۃً غَیْرُ مُنْسِیَّۃٍ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اُحِبُّ

اور چاہیے کہ خواب دشمن وجاہل سے بیان نہ کرے تاکہ وہ جہالت کی وجہ سے یا دشمنی کی بنا پر بھلائی کے سوا علاوہ دوسری جانب محمول کردے۔

تمام رؤیا دو قسمیں منحصر ہیں۔ ایک اضغاث احلام، یعنی وہ خواب جو پراگندہ اور جھوٹے ہوں جس طرح بیداری میں خیالات فاسد وپریشان پیدا ہوتے ہیں یہی حال خواب کا ہے ضغث کے لغوی معنی خس وخاشاک اور پراگندگی کے ہیں اور صراح میں ضغث کے معنی ایک مٹھا گھاس کا جسمیں خشک وتر گھاس ہو اور ''احلام'' کے معنی خوابہائے شوریدہ کے ہیں۔ اور ''ضغث الحدیث'' کے معنی بات میں آمیزش کرنے کے ہیں اور ''احلام'' حلم کی جمع ہے جو کہ بالغ آدمی خواب دیکھتا ہے۔ رؤیا کی یہ قسم نامعتبر ہے یہ کوئی تعبیر نہیں رکھتا اور بسا اوقات اس قسم کا خواب شیطان کے دکھانے سے ہوتا ہے تاکہ وہ مسلمان کے خواب کو اندوہگیں کر کے اسے غمزدہ کرے۔ مثلاً یہ کہ کوئی دیکھے کہ اس کا سر کٹا ہوا ہے۔ یا کوئی اس کا درپے آزار ہے یا مردہ ہے یا کسی ہولناک جگہ پر پڑا ہوا ہے جہاں سے اسے خلاصی نہیں ملتی (وغیرہ)۔

مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک اعرابی نے آ کر کہا ''یا رسول اللہ'' میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر کٹا ہوا ہے اور میں اس کے درپے جا رہا ہوں اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے منع فرمایا کہ خواب میں تجھ سے شیطان نے جو مذاق کیا ہے اسے کسی سے نہ کہنا۔ یہ خواب ایسا ہی ہے جیسے کوئی دیکھے کہ فرشتہ اسے کسی فعل حرام کے کرنے کا حکم دے رہا ہے یا اس کی مانند ایسی بات کہہ رہا ہے جو اس کی طاقت سے باہر ہے یا وہ چیز جو بیداری کی حالت میں دل میں خیال کر رہا تھا اور اسے محال جان رہا تھا اسے وہ خواب میں دیکھتا ہے یا وہ چیز جو اس کے مزاج پر اخلاط اربعہ میں سے غالب ہے مثلاً بلغم یا صفرا یا خون یا سودا اسے وہ خواب میں دیکھتا ہے جیسے بلغمی مزاج پانی کو دیکھے یا صفراوی مزاج آگ یا زرد رنگ کو دیکھے یا دموی مزاج سرخ رنگ کو دیکھے یا سوداوی مزاج سیاہ چیز کو دیکھے وغیرہ۔ تو یہ تمام خواب نامعتبر ہیں۔

خواب کی دوسری قسم رویائے صدقہ ہے مثلاً انبیاء علیہم اسلام کے رؤیا یا صلحائے امت کے خواب اور کبھی بر سبیل ندرت ان کے غیر کو بھی اس کا اتفاق پڑ جاتا ہے۔ اس جگہ دو عبارتیں ہیں ایک رویائے صادقہ دوسرے رویائے صالحہ اور حسنہ اور ظاہر ہے کہ دونوں کے ایک ہی معنی ہیں لیکن بعض ان میں فرق کرتے ہیں۔ یعنی صادقہ وہ ہے جو سچا ہو اور صالحہ وحسنہ وہ ہے جو مقصود کے موافق حسب دل خواہ ہو یہ انبیاء وصلحاء کے خوابوں میں سے امور آخرت کی نسبتوں میں ایک ہوگا۔ لیکن امور دنیا کی نسبتوں میں عجیب ظاہر دلخواہ نہ پڑے گی۔ جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روز احد خواب دیکھا کہ گائیں ذبح کر رہے ہیں اور جب اپنی شمشیر پر نظر ڈالی تو ٹوٹی پڑی تھی تو حضور

صلی اللہ علیہ وسلم نے ذبح بقر کی تعبیر وہ کی جو اس روز صحاب کرام کو پہنچی اور ٹوٹی ہوئی شمشیر کی تعبیر یہ فرمائی کہ ایک شخص آپ کے اہل بیت کا شہید ہوا یعنی حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بعد ازاں عاقبت متقیوں کے لیے ہے اور فتح ونصرت ساری مخلوق پر۔

تمام لوگ تین قسموں کے ہیں ایک مستور الحال' ان پر صدق وکذب دونوں برابر ہے دوم فساق وفجاران پر اضغاث یعنی پراگندہ خیالی، جھوٹے خواب غالب ہیں۔ اوران پر صدق نادر ہے۔ اور سوم کفاران پر تو صدق غایت درجہ نادر ہے اور بعض کافروں سے سچا خواب بھی رونما ہوا ہے جیسے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ جیل خانہ میں دو قیدی ساتھیوں کا خواب۔ اوران کے بادشاہ کا خواب وغیرہ ذالک۔

حدیث میں آیا ہے کہ: اَصْدَقُ الرُّؤْیَا بِالْاَسْحَارِ. سب سے زیادہ سچا خواب صبح کا ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ رات کے پہلے پہر کی خواب کی تاویل دیر میں پڑتی ہے اور نصف ثانی کا خواب متفاوت الاجزاء ہوتا ہے۔ خوابوں میں سب سے جلدی اور سرعت سے رونما ہونے والے خواب صبح کے وقت کا ہوتا ہے۔ خصوصاً طلوع فجر کے وقت کا خواب، امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تاویل میں جلد تر ہونے والا خواب' قیلولہ کا خواب ہے اور محمد بن سیرین نقل کرتے ہیں کہ کہا' دن کا خواب' رات کے خواب کی مانند ہے۔ اور عورتوں کے خواب کا حکم مردوں کی مانند ہے بعض کہتے ہیں کہ عورت جب خواب میں ایسی چیز دیکھے جو اس کے اہل سے نہ ہو تو وہ خواب اس کے شوہر کا ہے۔ یہی حال غلام کے خواب کا کہ اس کے آقا کے لیے۔ اسی طرح بچوں کا خواب' ماں باپ کے لیے ہے (واللہ اعلم)۔

رویائے نبوی اور تعبیرات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رؤیا و تعبیر بکثرت مروی ہیں۔ ان میں سے ایک دودھ کا دیکھنا اور اس کی تعبیر علم سے دنیا ہے۔ بخاری نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے سنا ہے کہ میں حالت نوم میں تھا کہ میرے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا میں نے اس میں سے اتنا پیا کہ ناخنوں سے اس کی سیرابی نمودار ہو رہی تھی اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے اتنا پیا کہ میں اسے اپنے جسم کے رگ وریشے میں گردش کرتا دیکھ رہا تھا پھر اس میں جو کچھ باقی رہا اسے میں نے عمر رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے اس کی تعبیر وتاویل کیا لی؟ فرمایا میں نے علم مراد لیا۔

شیخ ابن ابی جمرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دودھ سے یہ تعبیر کرنا اس بنا پر ہے جو شب معراج میں اول امر پر جو چیز ظاہر ہوئی تھی جس وقت کہ آپ کے پاس شراب کا پیالہ اور دودھ کا پیالہ لایا گیا تھا تا کہ وہ ان میں سے جو چاہیں پسند فرمائیں آپ نے دودھ کو پسند فرمایا تھا۔ اس پر جبریل علیہ السلام نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم عرض کیا کہ آپ نے فطرت کو اختیار فرمایا یعنی دین کو۔ اور بعض مرفوع حدیثوں میں دودھ کی تعبیر فطرت سے آئی ہے اور بعض روایتوں میں علم سے۔ اور دودھ کو علم سے تعبیر دینے کی وجہ اس کا کثرت نفع ہے اور یہ کہ بدن کی اصلاح کا سبب ہے۔ لہٰذا علم، ارواح کی غذائیں' بدن کی غذا اور اس کی اصلاح میں دودھ کی مانند ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اس جہان میں علم کی مثال دودھ ہے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اس مسکین نے (صاحب مدارج نے) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ میں بعض خوابوں میں اس سعادت وبشارت سے بہرہ مندی پائی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ میں نے دودھ سے زیادہ لطیف وشیریں خوش ذائقہ تازہ دودھ پیا ہے اور میں نے اس سب کو پی لیا ہے امیدوار ہے کہ علم دین کے حصے سے مشرف ومحفوظ ہوگا۔ ایک مرتبہ یہ دیکھا کہ کانسی کے بڑے برتن میں بہت سفید وشیریں لطیف ونظیف دودھ ہے۔ میں نے اسے پی لیا ہے۔ (والحمد للہ علی ذالک)۔

ان میں سے ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قمیص دیکھنا بھی ہے اس کی تعبیر آپ نے دین سے لی تھی۔ بخاری نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں سو رہا تھا میں نے دیکھا کہ میرے حضور لوگ پیش کیے گئے۔ ان کے جسموں پر ایسی قمیصیں تھیں کہ بعض کے تو چھاتیوں تک تھی اور بعض اس سے ''وان'' اور میرے آگے حضرت عمر رضی اللہ عنہ گزرے تو ان کی قمیص گھسٹ رہی تھی یعنی اتنی لمبی تھی کہ زمین تک پہنچ گی تھی لفظ ''وان'' کے دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ وہ اتنے چھوٹے تھے کہ حلق سے چسپاں ہوں گے اور دوسرا یہ کہ اس سے نیچے ہوں گے چنانچہ ناف تک پہنچے ہوں گے۔ اور دراز تر پہلے سے ہوں گے۔ اس احتمال کی تائید و روایت کرتی ہے جسے حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں بیان کیا ہے۔ ان میں کچھ لوگوں کی قمیصیں ناف تک تھیں اور کچھ لوگوں کی آدھی پنڈلی تک اور قمیص سے دین کے ساتھ تعبیر کرنا اس بنا پر ہے کہ قمیص دنیا میں ستر کو چھپاتا ہے۔ اور دین آخرت میں پردہ پوشی کرتا اور ہر مکروہ سے باز رکھتا ہے اور بنیاد اس باب میں حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ: لِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ۔ تقویٰ کا لباس یہ بہتر ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وجہ یہ ہے کہ دین' جہالت کی شرمگاہ کو چھپاتا ہے جس طرح کہ قمیص بدن کے ستر کو چھپاتا ہے اور جس کی قمیص سینہ تک ہے وہ کفر سے دل کو ڈھانپتا ہے اگرچہ معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔ اور جن کی اس سے کچھ نیچے ہے اور ان کی شرمگاہ ننگی ہے اور ان کے پاؤں کھلے ہوئے ہیں وہ گناہ کی طرف چلتے ہیں اور جن کی قمیص پاؤں تک پہنچ گئی ہے یہ وہ شخص ہیں کہ تقویٰ کی تمام وجوہ سے پوشیدہ ہیں۔ اور جن کی قمیص گھسٹتی ہے اور ان کے جسموں سے زیادہ ہے وہ عمل صالح میں کامل ہیں اور لوگوں سے مراد یا تو تمام مسلمان ہیں یا مخصوص امت مرحومہ بلکہ ان میں سے بھی بعض لوگ اور ''دین'' سے مراد عمل اور اس کے مقتضیات ہیں۔ یعنی امر کو بجالانے نہی سے اجتناب کرنے کی خواہش رکھنا اس ضمن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقام بہت بلند و بالا تھا۔ اور اس حدیث سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اہل دین فضیلت میں کم و زیادہ اور دین میں قوی و کمزور ہیں۔ یہ ایسی باتیں ہیں جن کا خواب میں دیکھنا محمود ہے۔ یہ باتیں بیداری میں بھی رونما ہوتی ہیں اور خبر میں جو یہ کہا گیا کہ قمیص گھسٹتی تھی تو یہ شرعاً مذموم ہے۔ اس لیے کہ تطویل میں وعید وارد ہے۔ اور نیند کی حالت، شرعی تکلیف سے باہر ہے۔ اور یہ اس امر کے مشابہ ہے جو معراج کے ضمن میں ہے کہ قلب شریف کو سونے کے طشت میں غسل دیا گیا۔ اور ان میں سے ایک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں اپنے دست مبارک میں دو کنگنوں کو پہنتے دیکھنا اور اس کی تعبیر دو کذابوں سے کرنا بھی ہے چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حالت خواب میں تھا کہ یکا یک مجھے زمین کے خزانے دیئے گئے یہ قصر و کسریٰ کے خزانوں کی طرف کنایہ ہے جنہیں آپ کی امت پر فتح کیا گیا۔ اور یہ احتمال رکھتا ہے کہ سونے چاندی کے معاون ہوں۔ فرمایا اس کے بعد جب میرے دونوں ہاتھوں میں سونے کے کنگن پہنائے گئے تو مجھے یہ گراں اور ناگوار معلوم ہوا اور اس نے مجھے غمگین کر دیا پھر میری طرف وحی کی گئی کہ میں ان کنگنوں پر پھونک ماروں۔ چنانچہ جب میں نے ان پر پھونک ماری تو وہ جاتے رہے۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ اڑ گئے۔ میں نے ان کنگنوں کی تعبیر و تاویل یہ کی کہ میں دو کذابوں کے درمیان ہوں۔ ایک کذاب کوہ صفا کے درمیان ہے دوسرا کذاب یمامہ کے نزدیک۔ جو نبوت کا دعویٰ کر رہے ہیں ان میں سے ایک اسود عنسی تھا جس نے یمن میں دعویٰ نبوت کیا اور وہ فیروز دیلمی کے ہاتھوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے ہی مارا گیا۔ اور آپ کی طرف قبل رحلت' مرض وفات میں اس کی وحی فرمائی گئی۔ اور آپ نے اس کے بارے میں جانے کی خبر دی۔ اور فرمایا: قَتَلَهُ الْعَبْدُ الصَّالِحُ فِيْرُوْزُ دَيْلَمِيْ۔ یعنی اسے مرد صالح فیروز دیلمی نے قتل کر دیا اور فرمایا ''فَازَ فَيْرُوْزُ'' یعنی فیروز کامیاب ہو گئے اور دوسرا کذاب ''مسیلمہ کذاب'' تھا جس نے یمامہ میں دعویٰ نبوت کیا۔ یمامہ حجاز کا ایک شہر ہے۔ یہ کذاب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے خلافت کے زمانہ میں مارا گیا۔

دو کذابوں اور دو کنگنوں کی تاویل میں اہل علم کہتے ہیں کہ کسی چیز کو اس کی جگہ کے برخلاف رکھنے کو کذب کہتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں کلائیوں میں دو سونے کے کنگن دیکھے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس عادیہ میں سے نہ تھے۔ اس لیے کہ یہ عورتوں کا زیور ہے اور وہ جو ان لوگوں سے ظاہر ہوا کہ انہوں نے ایسی چیز کا دعویٰ کیا جس کے وہ اہل ولائق نہ تھے۔ اور یہ بات بھی ہے کہ سونا مردوں کے لیے ممنوع ہے اس کا پہننا کذب پر دلیل ہے۔ نیز ذہب (سونا) ذہاب سے بنا ہے جس کے معنی جانے کے ہیں تو جان لیا کہ یہ وہ چیز ہے جو جانے والی اور زائل ہونے والی ہے۔ اور یہ بات حکم الٰہی سے اور متاکد و مضبوط ہوگئی کہ حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اس پر پھونک مارنے کا حکم فرمایا تو وہ چلی گئیں یا اڑ گئیں تو معلوم ہوگیا کہ آپ کے لیے وہ باقی رہنے والی چیز نہیں ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وحی سے کلام فرمانا کہ وہ آئی ہے ان کو اپنی جگہ سے دور کرتا ہے۔ قرطبی کہتے ہیں کہ اس رؤیا کے رویا میں مناسب تاویل یہ ہے کہ اہل صفا اور اہل یمامہ نے اسلام قبول کرلیا تھا اور وہ اسلام کے مددگار بن گئے تھے۔ پھر جب ان میں دو کذاب ظاہر ہوئے اور ان دونوں نے ان شہروں کے رہنے والوں پر اپنے مزین کلام اور باطل دعوؤں سے اثر اندازی کی تو وہاں کے اکثر شہری دھوکے میں آ گئے تو گویا دین میں وہ بمنزلہ دو شہروں کے ہو گئے اور دو کنگن بمنزلہ دو کذابوں کے بن گئے اور ان دو کنگنوں کا سونے کے ہونے میں اشارہ ہے۔ انہوں نے اپنے کلاموں کو آراستہ کیا اور ''زخرف'' سونے کا نام ہے (انتہی)۔

اور بعض اہل علم' دو کنگنوں اور دو کذابوں کی تاویل وتعبیر میں کہتے ہیں کہ ہاتھ میں کنگن ہونا، ہاتھ کو باندھ دینے کے مشابہ ہے جیسا کہ پاؤں میں ہوتا ہے۔ بندش ہاتھ کو عمل وتصرف کے نفع سے روکتی ہے گویا کہ دو کذابوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں دست مبارک کو گرفت میں لے لیا اور دونوں ہاتھوں کو عمل وتصرف کے لیے آزاد نہ چھوڑا (کذا ذکر الطیبی)

ان میں سے ایک کالے رنگ کی عورت کو ژولیدہ بالوں کے ساتھ مدینہ منورہ سے نکلتے دیکھنا بھی ہے۔ اس کی مدینہ طیبہ سے جحفیہ کی طرف وبا کے منتقل ہو جانے کی تعبیر کی گئی۔ بخاری نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے سیاہ رنگ کی ژولیدہ بالوں والی عورت کو مدینہ سے باہر نکلتے اور مہیعہ میں ٹھہرتے دیکھا ہے۔ مہیعہ جحفہ کا نام ہے جو مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان ایک موضع ہے جن میں یہودی رہا کرتے تھے تو میں نے اس کی یہ تاویل کی کہ مدینہ طیبہ سے وبا جحفہ کی طرف منتقل ہوگئی ہے۔ کیونکہ مدینہ منورہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدوم مبارک سے پہلے وبا و بخار بہت زیادہ تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے وہاں سے نکال کر کافروں کی بستیوں میں بھیج دیا۔

وبا کو کالے رنگ کی عورت سے تشبیہ وتعبیر دینے میں اہل علم یہ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ سوداء (بمعنی سیاہ) سے لفظ ''سور'' بمعنی برائی اور داء (یعنی بیماری دورو) کو نکالا۔ پھر تاویل فرمائی کہ میں نے اس چیز کو نکال باہر کیا جس میں یہ دونوں لفظ اس کے نام میں جمع تھے یعنی لفظ ''سوداء'' سے لفظ مرکب ''سوء داء'' (بری بیماری) بنا۔

اور ثوران' سوداء کے سر لفظ سے تاویل کرتے ہیں یعنی سو جس کے معنی بدی کے ہیں جو برائی وشر کو ابھارتا ہے۔ آپ نے اسے نکال پھینکا۔ اور قیروانی کہتے ہیں کہ ہر وہ چیز جس کا منہ کالا ہو وہ اس کے منہ کو مکروہ ومذموم کر دیتا ہے اور کہتے ہیں کہ ثوران نے سرسوکی بخار کے ساتھ تاویل کی ہے اس لیے کہ وہ بدنوں کو جوش میں لاتا اور لرزہ پیدا کرتا ہے۔ خصوصاً تپ سوداوی، کہ وہ تو بہت ہی وحشت لاتا ہے۔

اور انہیں میں سے ایک تلوار کا دیکھنا بھی ہے کہ آپ اسے گھما رہے ہیں اور وہ کبھی کند ہو جاتی اور پھر اپنے حال پر آ جاتی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ میں تلوار کو گھما رہا ہوں وہ کند ہو جاتی ہے پھر میں گھماتا ہوں تو وہ دوبارہ پہلے سے بہتر حالت پر آ جاتی ہے۔ آپ نے اس کی یہ تعبیر فرمائی کہ حق تعالیٰ فتح اور

مسلمانوں کا اجتماع لایا ہے۔اس تعبیر میں اہل علم فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تلوار کو صحابہ سے تعبیر فرمائی۔اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تمام زور وغلبہ انہیں کے ساتھ تھا اور تلوار گھمانے کو انہیں حکم جہاد وحرب دئے جانے سے تعبیر فرمائی اور تلوار کے کند ہونے کو ان پر ہزیمت کے واقع ہونے سے تعبیر فرمایا۔اور دوبارہ گھمانے اور اپنی اصلی حالت سے بہتر ہو جانے کو ان کے اجتماع، فتح، حاصل ہونے اور ان کی جمعیت وطاقت بننے پر معمول فرمایا۔یہ خواب غزوۂ احد کے موقع کا ہے۔

مواہب میں ایک اور صاف مضمون کی حدیث بیان کی گئی جو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب دیکھا کہ میں مکہ مکرمہ سے ایسی زمین کی طرف ہجرت کر رہا ہوں جس میں کھجوروں کے باغات ہیں تو میں نے خیال کیا کہ یہ زمین یا تو یمامہ ہوگی یا ہجر، کیونکہ ان بستیوں میں نخلستان بہت ہیں اس کے بعد بتلایا گیا کہ وہ یثرب یعنی مدینہ منورہ ہے اور امام احمد کی روایت ہے جو ان کے سوا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اس میں بھی ایسا ہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے دیکھا کہ میں ''ورع حصینہ'' سے نکالا ہوں اور گائیں ذبح کیے جانے کو ان شخصوں سے تعبیر کیا جو روز احد شہید ہوئے (رضی اللہ عنہم اجمعین) اور حق تعالیٰ کا فتح وثواب اور صدق لانے کو روز بدر سے فتح مکہ تک جہاد وقتال پر صبر کرنے سے تعبیر کیا۔

مشکوۃ شریف میں ہجرت کا ذکر اور مقام ہجرت کو مخفی رکھے جانے اور شہر یثرب متعین ہونے اور تلوار گھمانے، اس کے کند ہونے پھر اپنی اصلی حالت پر آ جانے کو ایک حدیث میں جمع کیا گیا ہے لیکن گائیں ذبح کیے جانے کا ذکر اس حدیث میں مذکور نہیں ہے۔

انہیں میں سے ایک، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں کنواں دیکھنا اور اس سے پانی نکالنا ہے۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک کنویں کے سرے پر کھڑا ہوں۔اس کنویں پر ایک ڈول ہے۔میں نے اس سے اتنا پانی نکالا جتنا خدا نے چاہا۔اس کے بعد ابن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے اس کنویں سے ایک دو ڈول پانی کے کھینچے۔ایک روایت میں ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے میرے ہاتھ سے ڈول لے لیا تا کہ میں آرام لے لوں۔اس کے بعد میں نے ان سے زیادہ عجیب نہ دیکھا کہ وہ ان کی مانند عمل کر سکے اور اتنے بڑے ڈول کو پانی سے بھر کر نکال سکے۔ان کے پانی کے ڈول کے نکالنے میں خاص قسم کا ضعف ہے۔خدا انہیں معاف فرمائے۔اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ آئے تو میں نے ان جیسا بہادر، قوی وتوانا شخص کسی کو نہ دیکھا کہ کوئی ان کی مانند پانی نکال سکے۔ابن خطاب نے اتنا پانی نکالا کے تمام لوگ سیراب ہو گئے۔

اس حدیث میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تعریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ ''عبقری'' استعمال فرمایا ہے۔عبقری، قوم میں جو سردار، بزرگ اور قوی وتوانا ہوتا ہے اسے کہتے ہیں، عبقر دراصل پریوں کی زمین کو کہتے ہیں اور اہل عرب ہر اس چیز کو خواہ وہ آدمی ہو یا کپڑا، فرش ہو یا کچھ اور، جب وہ انتہائی مضبوط اور حسن ولطافت میں اعلیٰ ہو تو اسے عبقری سے نسبت دیتے ہیں۔(کذا فی الصراح) اور قاموس میں ہے کہ:

اَلْعَبْقَرُ مَوْضِعُ كَثِيْرِ الْجِنِّ اَلْعَبْقَرِيُّ الْكَامِلُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَالسَّيِّدُ وَالَّذِيْ لَيْسَ فَوْقَهٗ شَيْءٌ وَالشَّدِيْدُ

یعنی عبقر اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں جنات زیادہ ہوں اور عبقری اسے کہتے ہیں جو ہر شئی میں کامل ہو اور سردار کو اور اس شخص کو جس سے زیادہ قوی تر نہ ہو اور شدت کو بھی کہتے ہیں۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ انہوں نے ڈول کھینچا یہاں تک کہ تمام لوگ سیراب ہو گئے اور حوض بھر گئے اور پانی بہنے لگا۔

مواہب میں صاحب مواہب کہتے ہیں کہ نووی نے فرمایا ہے کہ یہ ان کی ایک مثال ہے جو کچھ ان دونوں خلفاء سے امر دین میں ظاہر ہوا اور آثار صالحہ رونما ہوئے اور ان سے خلائق کو جو نفع حاصل ہوا حقیقت میں یہ سب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی ماخوذ ہے۔

اس لیے کہ صاحب امر آپ ہی ہیں لہٰذا سب سے اکمل واتم امرِ دین قائم ہوا۔ اور دین کے قاعدوں کو برقرار کیا۔ اور ملت کی بنیادوں کو مضبوط بنایا۔ (صلی اللہ علیہ وآلہ واتباعہ وسلم)

پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ اور جانشین ہوئے اور آپ نے مرتدین سے جہاد کیا اور اُن کی جڑوں کو کاٹ کر پھینک دیا۔ اور ان میں سے کسی ایک کو باقی نہ رکھا۔ ان کے بعد حضرت عمر بن خطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہٗ خلیفہ ہوئے تو ان کے مبارک و بزرگ تر زمانے میں اسلام کا دائرہ کشادہ ہوا۔ اسی بنا پر امر دین اسلام کو اس کنویں سے تشبیہ دی جس میں پانی ہے۔ کیونکہ ان کی زندگی اور ان کے کاموں کی درستگی اسی سے وابستہ ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے ارشاد میں یہ فرمانا کہ ''ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ڈول لے لیا تا کہ وہ مجھے آرام پہنچائیں۔'' اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلاف کی طرف اشارہ ہے جو بعد از رحلت واقع ہوئی اس لیے کہ دنیاوی کدوکاوش سے موت راحت ہے۔ تدبیر امت اور ان کے احوال کی درستگی کے ذریعہ قیام عمل میں آیا۔

اور یہ فرمانا کہ ان کے پانی نکالنے میں ضعف ہے اس میں ان کی ولایت کی مدت مختصر ہونے کی طرف اشارہ ہے کہ آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صرف دو سال چند ماہ خلافت کی ان کے بعد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی ولایت شروع ہوئی چونکہ ان کی خلاف طویل رہی اس لیے لوگوں کو ان سے نفع حاصل ہونے کا خوب موقع ملا۔ اور سرحدات اسلام میں بڑی وسعت ہوئی اور بکثرت ممالک و بلاد کی فتوحات ہوئیں اور دفتری نظام قائم فرمایا۔ ان کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد میں ضعف کا اشارہ نہیں ہے بلکہ تحسین وادائے شکر فرمایا۔ اور انہیں تعبیرات کے سلسلے میں ایک روایت ہے جسے مسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے ہیں میں نے آج رات خواب میں دیکھا کہ عقبہ رضی اللہ عنہ بن رافع کے گھر سے ایک طشت ابن طاب کی کھجوروں کا لاکر صحابہ کے آگے رکھا گیا۔ حضرت عقبہ بن رافع رضی اللہ عنہٗ ایک صحابی ہیں یہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے خالہ زند بھائی ہیں۔ ابن طاب کی کھجور تر وتازہ کھجوروں کی ایک قسم ہے۔ ابن طاب ایک شخص تھا یہ اس کی طرف منسوب ہے یا تو اس نے اسے بویا ہوگا یا وہ اسے پسند رکھتا ہوگا۔ اس بنا پر اسے تمر ابن طاب کہا جانے لگا۔ صبح کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعبیرات ارشاد فرمائی کہ دنیا و آخرت میں اس کی عافیت بخیر ہوگی۔ اس معنی کو ان کے نام کے لفظ عقبہ سے لیا۔ اور جامع الاصول میں مسلم کی حدیث سے منقول ہے کہ ان کی رفعت و عافیت درست ہے اور رفعت کو لفظ رافع سے اخذ فرمایا۔ اور وہ دین جسے انہوں نے اختیار کیا وہ حق تعالیٰ کو ان کی جانب سے شیریں وخوش آیا۔ اس مفہوم کا لفظ کو ''رطب ابن طاب'' یعنی ''ابن طاب کی تر وتازہ'' کھجوروں سے اخذ فرمایا۔

یہ تمام وہ خواب ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود دیکھا اور خود ہی تعبیر لی۔ لیکن یہ بات پوشیدہ نہیں رہنی چاہیے کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعبیریں محض استنباط اور مناسبتی نہیں ہیں جیسا کہ ذکر کیا گیا۔ اور نہ اہل تعبیر کی مانند کوئی مناسبت رکھتی ہیں جیسی ان کی روش ہے بلکہ یہ سب وحی والہام کے ذریعہ ہوتا رہا ہے۔ اگر ان میں کسی مناسبت کی رعایت پائی جاتی ہے تو کوئی بعید نہیں جیسا کہ اس حدیث میں ''رطب ابن طاب'' کے دیکھنے سے ان کے ناموں سے معنی ماخوذ کر کے تعبیر بتائی گئی اہل علم فرماتے ہیں کہ آپ کی عادت شریفہ تھی کہ ناموں سے معانی اخذ کر کے تفاول ظاہر کرتے تھے جیسا کہ بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ وہ ہجرت کے وقت مدینہ کے راستے میں سامنے آئے۔ میں نے ان سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ انہوں نے کہا ''بریدہ'' فرمایا ''بَرَدَ اَمْرُنَا'' ہمارا معاملہ ٹھنڈا ہے، پھر دریافت فرمایا تمہاری نسبت کس سے ہے انہوں نے کہا ''اسلمی''۔ فرمایا: ''سَلِمَ اَمْرُنَا'' ہمارا معاملہ درست وسالم ہے۔

پھر دریافت فرمایا کون اسلمی؟ انہوں نے کہا از بنی سہم یعنی سہم کی اولاد سے (سہم کے معنی تیر کے ہیں) فرمایا: اَصَبْتَ سَهْمَكَ اپنے تیر پر ٹھیک پہنچے۔ وغیرہ ذالک۔

اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شمشیر کی تعبیر۔ مومنین سے فرمائی حالانکہ معبرین کے نزدیک شمشیر کی اور بھی تعبیریں ہیں، مثلاً اولاد، بھائی، بیوی، زبان اور ولادت وغیرہ جیسا کہ قرطبی نے بیان کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

رؤیائے صحابہ رضی اللہ عنہم اور تعبیراتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

وصل: پہلے مضمون میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بذات خود دیکھے ہوئے خواب تھے لیکن وہ خواب جنہیں صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دیکھا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تعبیر بیان فرمائی وہ بھی بہت کثرت سے ہیں اور حضورِ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ یہ تھی کہ نماز فجر کے بعد صحابۂ کرام کی جانب رُخِ انور پھیر کر فرماتے تم میں سے جس نے آج رات کوئی خواب دیکھا ہو اسے میرے سامنے بیان کیا جائے تاکہ میں اسے اسکی تعبیر دوں۔ اگر کوئی کچھ بیان نہ کرتا تو بذات خود جو دیکھا ہوتا بیان فرماتے۔ چنانچہ حسب معمول ایک صبح دریافت فرمایا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے۔ سب نے کہا ہم میں سے کسی نے کوئی خواب نہیں دیکھا۔ فرمایا: لیکن میں نے آج رات دیکھا کہ میرے پاس دو شخص آئے ہیں اور دونوں میرا ہاتھ پکڑ کر ارض مقدس کی طرف لے چلے۔ یکا یک میری نظر ایک شخص پر پڑتی ہے جو بیٹھا ہوا اور ایک شخص کھڑا ہوا اس کے ہاتھ میں آہنی گرز ہے وہ اپنے آہنی گرز کو بغل سے نکالتا ہے اور بیٹھے ہوئے شخص کے رخسار پر مارتا ہے وہ گرز اس کی گدی تک پہنچ جاتا ہے۔ لیکن جب وہ گرز اٹھا لیتا ہے تو وہ رخسار پھر صحیح وسالم ہو جاتا ہے۔ پھر وہ دوبارہ گرز مارتا ہے ہر بار ایسا ہی ہوتا ہے۔ میں نے اپنے ان دونوں ہمراہیوں سے پوچھا یہ کیا ہے انہوں نے کہا چلیئے یعنی اسے نہ پوچھئے اور چیزیں بھی دیکھنی ہیں۔ پھر ہم چل دیے پھر ہم ایک شخص پر گزرے جو پہلو پر سو رہا تھا۔ اور دوسرا شخص کھڑا ہے اس کے ہاتھ میں پتھر ہے جس سے وہ اس کے سر کو کچل رہا ہے تو جب وہ پتھر مارتا ہے تو وہ سر میں گھس جاتا ہے پھر جب وہ پتھر اٹھاتا ہے تو اس کا سر پہلے کی مانند ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اور اپنے حال پر آ جاتا ہے۔ وہ پھر سر کو کچلتا ہے۔ میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کا آگے چلیئے تو ہم آگے چلے یہاں تک کہ ایک تنور کی مانند سوراخ پر پہنچے جس کا دہانہ تنگ ہے اور اس کا پیٹ کشادہ ہے اس میں مرد وعورتیں ہیں جو ننگے ہیں اور ان کے نیچے آگ جل رہی ہے جب آگ بھڑک جاتی ہے تو وہ مرد اور عورتیں ان پر چلتی ہیں۔ یہاں تک کہ قریب نکلنے کے ہو جاتے ہیں اور جب آگ سرد پڑنے لگتی ہے تو اسے پھر بھڑکا دیتے ہیں۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا آگے چلیئے تو ہم چلے یہاں تک کہ ایک نہر پر آئے جو خون کی ہے۔ اس میں مرد نہر کے درمیان کھڑے ہیں اور نہر کے کناروں پر کچھ لوگ ہیں ان کے آگے پتھر پڑے ہوئے ہیں۔ جو کوئی نہر میں سے اپنا منہ نکالتا اور کنارہ کی طرف بڑھتا اور وہاں سے نکلنا چاہتا ہے تو کنارے پر کھڑے ہوئے لوگ اس کے منہ پر پتھر مارتے تو وہ اسی جگہ پلٹ جاتا جہاں وہ تھا۔ اسی طرح جو بھی نکلنے کا ارادہ کرتا اس کے منہ پر پتھر مارا جاتا تو وہ پلٹ جاتا جہاں وہ تھا۔ میں نے کہا یہ کیا ہے انہوں نے کہا آگے چلیئے میں ہم چلے یہاں تک کے ہم ایک مرغزار سبزے پر پہنچے جہاں ایک بڑا درخت ہے اور اس کی جڑ میں ایک بوڑھا شخص بیٹھا ہوا ہے اس کے قریب کئی بچے ہیں وہاں ایک مرد درخت کے قریب ہے۔ وہ اپنے آگے آگ جلا رہا ہے۔ پھر وہ دونوں مجھے اس درخت کے اوپر لے گئے اور ایک مکان میں داخل کیا جو اس درخت میں تھا میں نے اس سے بہتر گھر کبھی نہیں دیکھا۔ اس میں بوڑھے، جوان، مرد، عورتیں اور بچے ہیں۔ پھر مجھے وہاں سے لے جا کر اس کے اوپر کے مکان میں لے گئے وہ گھر پہلے گھر سے بڑا، بہتر اور خوشتر تھا اس میں بھی بوڑھے اور جوان لوگ ہیں۔ پھر میں نے ان دونوں

ہمراہیوں سے کہا کہ آج کی رات تم نے بہت پھرایا اب مجھے وہ بتاؤ جو کچھ کہ میں نے دیکھا۔ انہوں نے کہا ہاں ہم بتاتے ہیں۔ انہوں نے بتانا شروع کیا کہ وہ مرد جس کے رخساروں کو پارہ پارہ کیا جاتا تھا وہ دروغ گو ہے جھوٹی باتیں بناتا تھا اور وہ اس سے نقل ہو کر سارے جہاں میں پھیل جاتی تھیں تو اس کے ساتھ جو کچھ کیا جاتا آپ نے دیکھا ہے وہ قیامت تک یوں ہی ہوتا رہے گا۔ اور وہ شخص جس کا سر کچلتے آپ نے دیکھا ہے یہ وہ شخص ہے جسے حق تعالیٰ نے قرآن سکھایا اور وہ رات میں قرآن سے غافل ہو کر سوتا رہا اور قرآن کو نہ پڑھا اور نہ رات کی نماز کے لیے اٹھا۔ وہ دن میں قرآن پڑھتا لیکن اس پر عمل نہیں کرتا تھا تو جو کچھ آپ نے دیکھا وہ قیامت تک یوں ہی ہوتا رہے گا اور جن لوگوں کو آپ نے تنور میں پڑے دیکھا وہ زنا کار ہیں۔ اور جن لوگوں کو آپ نے خون کی نہر میں غوطہ زن دیکھا وہ سود خوار ہیں اور وہ بوڑھا شخص جس کو آپ نے ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھا دیکھا وہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور جو بچے ان کے گرد تھے وہ ان کی اولاد ہیں اور وہ شخص جس کو آگ بھڑکاتے دیکھا وہ مالک ہے۔ اور جہنم کا داروغہ ہے۔ اور وہ مکان جو آپ نے پہلے دیکھا وہ عام مسلمانوں کی جگہ ہے اور وہ مکان جو اس کے اوپر دیکھا وہ شہداء کی جگہ ہے اور ہم جبریل علیہ السلام و میکائیل علیہ السلام ہیں۔'' اس کے بعد انہوں نے کہا آپ اپنا سر اٹھایئے میں نے اپنا سر اٹھایا تو دیکھتا ہوں کہ کوئی چیز ابر کی مانند ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ابر کی مانند سفید ہے جس سے ترشح ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا یہ آپ کا مکان ہے میں نے کہا تو مجھے چھوڑ دو کہ میں اپنی منزل میں چلا جاؤں انہوں نے کہا ابھی آپ کی دنیاوی عمر باقی ہے وہ ختم نہیں ہوئی ہے جب آپ کی عمر پوری ہو جائیگی تو آپ اپنی منزل میں تشریف لے آئیں گے اسے بخاری نے روایت کیا اور بخاری کی دوسری روایت میں کچھ زیادتی ہے یہ دونوں روایتیں مشکوٰۃ میں مذکور ہیں۔

بہ سلسلۂ تعبیرات عجیب وغریب یہ روایت ہے کہ زرارہ ابن عمر ابن نخعی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نخع کے وفد میں آئے تو انہوں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آتے ہوئے راستے میں میں نے ایک خواب دیکھا ہے میں نے دیکھا کہ میری گدھی نے جسے میں قبیلہ میں چھوڑ کے آیا ہوں اس نے بکری کا بچہ دیا ہے جس کے دو رنگ ہیں سیاہ وسفید اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تیری کو باندی ہے جسے گھر میں چھوڑ کر آیا ہے اور وہ حاملہ ہو چکی ہے۔ عرض کیا ہاں! گھر میں ایک باندی ہے جس پر میرا گمان ہے کہ وہ حاملہ ہو گئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناً وہ باندی اس بچے کو جنے گی جو تیرا لڑکا ہے۔ زرارہ نے کہا پھر سفید وسیاہ رنگ کے بچے کو جننے کا کیا مطلب ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قریب ہو۔ میں آپ کے قریب ہو گیا۔ فرمایا: کیا تیرے بدن پر برص کا داغ ہے۔ جسے تو لوگوں سے چھپاتا ہے۔ میں نے کہا ہاں! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا۔ اس برص کے نشان کو میرے سوا کسی نے نہیں دیکھا ہے اور نہ کوئی اسے جانتا ہے۔ فرمایا: اس بچہ کے بدن میں یہ سیاسی وسفیدی تیرے برص کے اثر سے ہے اور اس میں نمودار ہو گیا ہے۔

اس کے بعد زرارہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے خواب میں نعمان بن المنذر کو دیکھا۔ یہ نعمان بن المنذر کسریٰ کے زمانے میں عرب کے بادشاہوں میں ایک بادشاہ تھا میں نے دیکھا کہ اس کے کانوں میں دو بالیاں ہیں اور دونوں بازوؤں پر بازو بند اور کنگن ہیں۔ حالانکہ یہ عورتوں کے زیوروں میں سے ہے فرمایا یہ ملک عرب ہے جو زیب وزینت اور پوشش وآرائش میں اپنی سابقہ حالت پر عود کرے گا۔ اس کے بعد زرارہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میں نے ایک خواب اور دیکھا ہے وہ یہ کہ ایک بوڑھا ہے جس کے بال سفید وسیاہ ملے جلے ہیں۔ اور وہ زمین سے نکل رہا ہے۔ فرمایا: یہ دنیا کی تشبیہ ہے۔ اس کے بعد ایک اور خواب یہ پیش کیا کہ میں نے ایک آگ دیکھی جو زمین سے نکلی ہے اور وہ آگ میرے اور میرے لڑکے کے درمیان حائل ہو گئی اور اس کا نام عمرو ہے اور میں نے دیکھا کہ وہ آگ کہہ رہی ہے لطٰی، لطٰی، لطٰی۔ آگ کی لپیٹ کو کہتے ہیں اور لطٰی دوزخ کا بھی نام ہے۔ وہ آگ کہتی ہے کہ میں بینا اور نابینا سب کو کھاتی

ہوں۔ میں تم کو اور تمہارے متعلقین کو اور تمہارے مال کو کھاؤں گی۔ فرمایا: وہ آگ ایک فتنہ ہے جو آخر زمانہ میں ہوگی۔ زرارہ رضی اللہ عنہ نے کہا وہ فتنہ کیا ہے اور وہ کون لوگ ہیں یارسول اللہ! فرمایا وہ اپنے امام کو اچانک ہلاک کر دینگے۔ اس کے بعد شک وشبہہ اور اختلاف میں پڑ جائیں گے۔ اور وہ سر کی ہڈیوں کی مانند اشتباک کیے ہوئے نکلیں گے یہ ہرج ومرج سے کنایہ ہے کہ وہ باہم دست وگریبان ہو کر فساد کریں گے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دست ہائے مبارک کی انگلیوں کو باہم پیوست واشتباک کر کے دکھایا اور فرمایا اس وقت فتنہ پرواز یہ گمان کرے گا کہ وہ نیکی کا کام کر رہا ہے۔ مطلب یہ کہ بدیاں مشتبہ ہو جائیں گی۔ وہ انہیں نیکیاں گمان کریں گے اور اس وقت مسلمانوں کا خون' مسلمان کے لیے شیریں پانی سے زیادہ خوش ذائقہ ہو جائے گا۔ اس سے مراد قتل وغارت گری کی گرم بازاری ہے۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ زرارہ رضی اللہ عنہ کے خوابوں کی جو مشکوٰۃ نبوت سے تعبیرات دی گئیں ان پر غور کرنا چاہیے کہ یہ کس طرح حق کی شرینی سے مملو اور صدق کی چادر سے لپٹی ہوئی اور انوار وحی سے آراستہ وپیراستہ ہیں۔ اس عبارت سے ظاہر جاتا ہے کہ تعبیرات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم محض اخذِ مناسبت ومشابہت اور ظن وتخمین سے نہیں ہیں اگر اس روش سے بھی ہوں تب بھی تخلف اور خلاف واقع کا احتمال نہیں رکھتیں۔

کنگنوں کی تعبیر میں آپ نے فرمادیا کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ ملک عرب اپنی زینت وآرائش کی طرف لوٹے گا اور یہ پہلے گزر چکا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنگنوں کو اپنے ہاتھ میں پہنے دیکھا تو آپ نے ناگواری اور کراہیت محسوس کی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نعمان بن المنذر کسریٰ کی جانب سے عرب کا بادشاہ تھا۔ اور شاہان کسریٰ والیان ملک کو کنگن پہناتے اور زیورات سے سجاتے تھے اور کنگن نعمان کا لباس تھا اس کے لیے وہ منکر ومکروہ نہ تھا اور نہ غیر محل میں عرفاً اسے مقام دیا گیا۔ لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہر امتی کے لیے سونے کے لباس کو ممنوع قرار دیا ہے یہ تو ایسا مقام تھا جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غمگین بنا دیا۔ کیونکہ یہ آپ کے لباس میں سے نہ تھا۔ اسی بنا پر اس سے ''کسی چیز کے غیر محل میں رکھنے'' کی تند استدلال فرمایا۔ لیکن بالآخر اس کے چلے جانے اور اڑ جانے کو پسند فرمایا۔

صحیحین میں حضرت قیس بن عباد سے مروی ہے کہ میں مدینہ کی مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک حلقہ میں بیٹھا ہوا تھا جس میں حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے حضرت عبداللہ بن سلام گزرے ایک اور روایت میں یہ ہے کہ ایک شخص داخل ہوا جس کے چہرے پر خشوع کے آثار تھے تو وہ جماعت جو بیٹھی ہوئی تھی اس نے کہا کہ یہ شخص اہل جنت میں سے ہے پھر عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے دو رکعت نماز ادا کی اور جلدی سے باہر چلے گئے میں نے ان کے پیچھے پیچھے جا کر ان سے کہا کہ جس وقت آپ مسجد میں داخل ہوئے تھے تو اس جماعت کے لوگوں نے یہ کہا کہ یہ شخص اہل جنت میں سے ہے تو انہوں نے فرمایا کسی کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ ایسی بات کہے جس کا اسے علم نہیں اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا کسی کو نہیں چاہیے کہ وہ ایسی چیز کہے جس کا اس کے پاس علم نہیں ہے ان کی یہ بات از راہ تواضع اور عجب وغرور کے خوف سے ہے اور اس ڈر سے کہ انگلیوں سے کوئی ان کی طرف اشارہ نہ کرنے لگے مطلب یہ کہ میں نہیں جانتا کہ انکو اس بات کا کہاں سے علم ہو گیا جو اس مفہوم ومطلب کی ایک چیز ہے وہ یہ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک خواب دیکھا تھا کہ ایک سبز مرغزار ہے جو کشادہ اور فراخ ہے اس میں ایک آہنی ستون ہے جس کا نچلا حصہ زمین میں ہے اور بالائی حصہ آسمان میں اس کے اوپر ایک ''عروہ'' ہے۔ عروہ مضبوط رسی کو کہتے ہیں۔ جس کے ذریعہ بڑے ڈول سے پانی کھینچا جاتا ہے اور یہ کسی چیز کے مضبوط پکڑے رہنے سے استعارہ ہے پھر مجھ سے کہا گیا کہ اوپر چڑھ آؤ۔ میں نے عرض کیا مجھ میں اتنی طاقت نہیں کہ چڑھ سکوں پھر میرے لیے ایک خدمتگار ظاہر ہوا اس نے پیچھے سے میرے کپڑوں کو پکڑا اور میں ستون

کے بالائی حصہ پر پہنچ گیا اور عروہ کو پکڑ لیا اور مجھ سے کہا گیا کہ عروہ کو مضبوط پکڑے رہنا پھر میں بیدار ہو گیا حالانکہ عروہ میرے ہاتھ میں تھا۔ اس کے بعد میں نے اپنے خواب کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ آپ نے فرمایا وہ مرغزار اسلام ہے اور وہ ستون اسلام کے ارکان ہیں اور وہ عروہ، ''عروہ وثقیٰ ہے اور تم اس حال میں رحلت کرو گے کہ تم عروہ وثقیٰ کو مضبوط تھامے ہو گے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد، اللہ تعالیٰ کے اس قول سے تلمیح ہے: فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى. تو جو کوئی شیطان کا انکار کرے اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے تو اسی نے عروہ وثقیٰ کو مضبوط تھاما۔''

دوسری روایت میں مذکور ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص میرے پاس آیا اس نے کہا اٹھ اور میرا ہاتھ پکڑ لے۔ پھر میں اس کے ساتھ چل دیا ایک راستہ جانب شمال سامنے آیا میں نے چاہا کہ اس راہ پر ہولوں تو اس نے مجھ سے کہا مت چل۔ یہ راہ اصحاب شمال کی ہے اور تو ان میں سے نہیں ہے، آگے پھر ایک راہ داہنی جانب آئی اس وقت اس نے کہا اس راہ کو پکڑ لو پھر مجھ مرا ایک پہاڑ ملا اس نے کہا اس پر چڑھ میں نے اس پر چڑھنا چاہا لیکن جب بھی ارادہ کرتا نیچے گر جاتا۔ میں چڑھ نہ سکا۔ جب میں نے اس خواب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا تو فرمایا یہ عرصات محشر ہے اور وہ پہاڑ شہادت کی منزل ہے۔ تم منزل شہادت نہ پا سکو گے۔

علماء کہتے ہیں یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی نشانیوں اور غیبی خبروں میں سے ہے اس لیے کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے شہید ہو کر انتقال نہیں فرمایا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت کے ابتدائی عہد میں اپنے بستر پر مدینہ طیبہ میں انتقال فرمایا۔

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ تعبیرات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے یہ ایک حصہ بطور نمونہ ہے ورنہ جو لطیف تعبیریں اور عجیب وغریب تاویلیں منقول ہیں وہ تو کئی جلدوں میں بھی نہیں سما سکتیں۔ اور جب تم غور وفکر کرو گے تو جان لو گے کہ ہر وہ کرامت جو آپ کی امت کے کسی فرد کو عطا کی گئی خواہ وہ علمی ہو یا عملی وہ سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی معجزات کے اثرات اور تصدیق کے برکات میں سے ہے اور آپ کے طریقہ ہدایت سے ہدایت یافتہ ہونے کے ثمرات میں سے ہے اور از روئے صدق وصواب وعجب عجائب وبحر حباب ایسی کرامتوں سے زمین بھری ہوئی ہے۔ اگر تم صرف امام محمد بن سیرین کے واقعات ہی کو جمع کر لو کہ جو کچھ انہیں عطا فرمایا گیا ہے اور انہوں نے جو لطیف تعبیرات دی ہیں اور وہ مشہور ومعروف ہیں اور ان سے لوگوں کے کان بھرے ہوئے ہیں انہیں اپنے سامنے رکھو تو جو کچھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علوم ومعارف دیئے گئے ہیں جن کو نہ تو عبارتوں سے احاطہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ان اشارات کی کنہ وحقیقت کو پہنچا جا سکتا ہے ان پر ان کے ذریعہ حکم کر سکتے ہو۔ حالانکہ ابن سیرین ایک امتی ہیں اور فن تعبیر میں جو کچھ ان سے منقول ہے وہ خود حد وشمار سے باہر ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کتنا بلند مقام ہو گا کوئی کیا اندازہ لگا سکتا ہے۔

زاده الله فضلا و شرفا و مداد او افاض علينا سحايب علومه ومعارفه و تعطف علينا بعواطفه

استفسار رؤیا کو ترک فرمانے کا سبب

وصل: بخاری وترمذی نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابۂ کرام سے بکثرت دریافت فرمایا کرتے تھے کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے تو ان میں سے جس نے خواب دیکھا ہوتا عرض کرتا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تعبیر دیدیا کرتے تھے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے استفسار فرمانا ترک کر دیا اگر کوئی خود خواب بیان کرتا تو تعبیر دے دیتے۔ استفسار فرمانے کی حکمت تو پہلے بتائی جا چکی ہے لیکن اہل نقل ترک استفسار کے سبب میں اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض کے نزدیک حضرت ابوبکر کی وہ حدیث ہے جو ترمذی وابوداؤد نے روایت کی ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے استفسار فرمایا کہ تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ تو ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے دیکھا کہ آسمان سے ایک ترازو اُتری ہے پھر آپ کو اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا تو آپ راجح رہے پھر ابوبکر اور عمر کا وزن کیا گیا تو ابوبکر راجح رہے۔ پھر عمر و عثمان کا وزن کیا گیا تو عمر راجح رہے اس کے بعد ترازو اُٹھالی گئی۔ اس خواب سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اندوہگیں ہو گئے۔ ہم نے آپ کے چہرۂ انور میں ناگواری کے آثار دیکھے انتہی۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے خواب کے بارے میں استفسار نہ فرمایا۔

اہل علم اس خواب سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناگواری کے بارے میں کہتے ہیں کہ ستر عواقب اور اخفاء مراتب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ایثار و اختیار ہے چونکہ یہ خواب بعض کی بعض پر فضیلت کو ظاہر کرنے والا منازل و مراتب کو کھولنے والا تھا تو آپ نے خوف فرمایا کہ کہیں وہ چیز پے در پے اور مسلسل رونما نہ ہونے لگے جن کا انکشاف ممنوع ہے۔ اور خلق کے احوال چھپانے میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے حکمت بالغہ اور مشیت نافذ ہے۔ کذا فی المواہب' مطلب یہ کہ تم نے تفاوتِ مراتب کے سلسلے میں جو کچھ دیکھا اگرچہ حق ہے لیکن اس کا انکشاف کوئی اچھی بات نہیں ہے کیونکہ کشف و اظہار سے اشاعت ہو جاتی ہے۔ اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بعض صحابہ کو بعض پر خصوصاً ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ کو فضیلت و ترجیح دیا کرتے لیکن اس خواب کا ظاہری مقصد ان کی خلاف میں دخل دینا اور ان کی ترجیح و تنقیص تھی۔ اس لیے مشکوٰۃ میں آخر حدیث میں لایا گیا کہ فرمایا: خِلَافَةُ نُبُوَّةٍ ثُمَّ يُؤْتِي اَحَدُ الْمُلْكُ مَنْ يَّشَآءُ. ''یہ نبوت کی خلافت و قائم مقامی ہے۔ اس کے بعد کوئی بادشاہ آئے گا جسے خدا چاہے۔'' شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میزان اٹھ جانے سے یہ سمجھا کہ خلافت اس طرف چلی گئی جہاں طلب ملک مثاب نہیں ہے۔ اور خلاف و نزع جس کی حد ہے۔ اور خلافتِ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر وہ مقتضی ہو جاتی ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا غایت مرجوع ہونا دلالت کرتا ہے کہ ان کی خلافت میں تنازعت برپا ہوگی۔ اور یہ انتشار حضرت علی مرتضیٰ کے زمانہ میں داخل ہو جاتا ہے اس کے باوجود یہ خلافت ان کے زمانے تک ہے لیکن حضرت عثمان و علی رضی اللہ عنہ کے بعد ''ملک عضوض'' ہے۔ ان کے بعد خلافت نہ رہی: **كذا قال في مجمع البحار والله اعلم.**

بعض کہتے ہیں کہ اس خواب سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناگواری اور کراہت کی وجہ یہ تھی (واللہ اعلم) کہ میزان کا اٹھ جانا آئندہ زمانہ میں بعد از عمر رضی اللہ عنہ امردین کے رتبہ کی کمی ہو جانے پر دلالت رکھتی ہے اس لیے کہ وزن تول کی رعایت اشیائے متقاربہ میں ہوتی ہے۔ اور جب متباعد ہو جائیں تو موازنت نہیں ہوتی۔ ایسا ہی حدیث کی شرح میں کہا گیا ہے۔ (واللہ اعلم)

ابن قتیبہ نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا استفسار رؤیا کو ترک فرما دینے کی وجہ ابن رل کی حدیث ہے۔ ابن رل بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ بعد نماز فجر دوزانو کی حالت میں ہی رہتے ہوئے: **سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ وَاسْتَغْفِرُ اللهَ اِنَّ اللهَ كَانَ تَوَّابًا.** ستر مرتبہ پڑھتے اور فرماتے یہ ستر مرتبہ پڑھنا برابر ہے۔ اس بشارت کے جس میں سات سو مرتبہ پڑھنے کی خبر دی گئی ہے کسی کو بھی معلوم نہیں کہ ایک دن میں سات سو سے زیادہ گناہ بندے سے سرزد ہوتے ہیں۔ اس کے بعد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنا رخِ مبارک لوگوں کی جانب پھیر کر فرماتے تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے۔ ابن رل بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک دن میں نے خواب دیکھا تھا تو فرمایا: **خَيْرٌ تَلَقَّاهُ وَشَرٌّ تَوَقَّاهُ وَخَيْرٌ لَّنَا وَشَرٌّ لِّاَعْدَائِنَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ** ۔ اب تم اپنا خواب بیان کرو۔ میں نے بیان کیا کہ تمام لوگ نرم فراخ شاہراہ پر چل رہے ہیں اور چلتے چلتے ایک عظیم چراگاہ پر پہنچے وہ ایسی چراگہ ہے کہ اس جیسی کسی آنکھ نے نہ دیکھی ہوگی وہ چراگاہ ایسی درخشاں ہے گویا کہ اس سے تر و تازگی ٹپکی پڑتی ہے جیسے پانی ٹپکتا ہے۔ اسی چراگاہ میں قسم قسم کے پھول بوٹے ہیں میں انہیں دیکھ کر خوش ہو رہا ہوں اور وہ لوگ بھی خوش

ہورہے ہیں۔ جو یہاں مجھ سے پہلے آئے ہوئے تھے۔ اور اس خوشی وانبساط میں سب اَللّٰہُ اَکْبَرُ کا نعرہ لگاتے اور اس کے حسن وخوبی پر حیرت وتعجب کرنے لگے۔ اس کے بعد ان لوگوں نے جو پہلے آئے تھے راہِ منزل اختیار کی۔ اور داہنے بائیں راستوں میں گم نہ ہوئے' سیدھی شاہراہ پر چل دیئے' اس کے بعد دوسرا قافلہ آیا' یہ تعداد میں پہلے سے زیادہ تھا۔ چراگاہ کی حسن وخوبی پر اس نے بھی حیرت وتعجب کیا اور تکبیر بلند کی اس کے بعد یہ بھی اپنی منزل کی طرف چل دیئے لیکن ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنے گھوڑوں کو چرایا اور چلتے وقت چارے کے گٹھر باندھ کر لے چلے اور اسے خراب وخستہ کر کے چھوڑ دیا اس کے بعد اس سے بھی بڑا قافلہ آیا ان میں لوگ اس سے بھی زیادہ تھے جب اس کی حسن وخوبی کو دیکھا تو تعجب کرنے اور تکبیر بلند کرنے لگے اور کہنے لگے یہ بہترین منزل ہے۔ مطلب یہ کہ اس جگہ قیام پذیر ہونا اور اسے اپنی منزل بنالینا اچھا ہے تو وہ مائل ہو گئے۔ اور چراگاہ کے ہر طرف پھرنے لگے پھر جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے اپنی راہ لی اور وہاں نہ ٹھہرا یہاں تک کہ میں چراگاہ کے آخر تک آ گیا اس وقت اچانک آپ پر یا رسول اللہ نظر پڑی دیکھا کہ ایک منبر ہے۔ جس کی سات سیڑھیاں ہیں۔ اور آپ سب سے اونچی سیڑھی پر تشریف فرما ہیں۔ اور آپ کی داہنی جانب گندم گوں اونچی ناک والا شخص ہے جب بات کرتا ہے تو بلند ہو جاتا ہے قریب ہے کہ درازی میں لوگوں سے اونچا ہو جائے۔ اور آپ کے بائیں جانب میانہ قد' فربہ جسم اور اس کے چہرے پر سرخ خال ہیں ایک شخص ہے جب وہ بات کرتا ہے تو آپ عزت واحترام کے ساتھ غور سے اس کی بات سماعت فرماتے ہیں اور اس کی تعظیم بجالاتے ہیں۔ اور آپ کے منبر کے آگے ایک بوڑھا بزرگ ہے گویا آپ اس کی اقتداء اور اس کی پیروی فرما رہے ہیں۔ اور اس کے آگے ایک اونٹنی ہے جو لاغر اور بڑی عمر کی ہے۔ گویا اسے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہانک رہے ہیں اور چلا رہے ہیں۔ اس خواب کو بیان کرنے والے ابن رمل ہیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سنا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رخ انور کا رنگ تھوڑی دیر متغیر رہا اس کے بعد آپ اس حالت سے باہر آ گئے گویا اس وقت آپ پر وحی ہوئی جس سے آپ کا حال متغیر ہو گیا تھا۔ پھر جب کشادہ رُو ہوئے تو اس خوب کی تعبیر شروع فرمائی اور فرمایا وہ جو تم نے راہ نرم وفراخ اور شاہراہ دیکھی ہے وہ صراط مستقیم یعنی راہ راست ہے جس پر تم چل رہے ہو اور وہ چراگاہ جو تم نے دیکھی ہے وہ دنیا ہے اور اس کا حسن وتر وتازگی اس کی عیش وعشرت ہے جسے اس کے ساتھ ہمیں بخشا گیا ہے اور نہ ہم اسے چاہتے ہیں اور نہ وہ ہمیں چاہتی ہے۔ لیکن وہ دوسرا اور تیسرا قافلہ' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا: فَاِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ. یہ ایک کلمہ ہے جسے مصیبت کے وقت پڑھتے ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ وہ قافلے دنیا کی شہوات میں پڑ گئے اور دنیاوی زندگی کے ساز وسامان سے انتفاع ولذت میں آلودہ ہو کر افراط وتفریط میں مبتلا ہو گئے۔ جس طرح کہ بادشاہ وامراء کا حال ہے۔ لیکن تم اے ابن رمل رضی اللہ عنہ! راہ راست اور خیر وفلاح پر ہو۔ اور ہمیشہ رہو گے یہاں تک کہ تم مجھ سے ملو جیسا کہ بیان کیا کہ میں یا رسول اللہ آپ کے ساتھ ہوں۔ اب رہا سات سیڑھیوں والا منبر' جسے تم نے دیکھا ہے وہ دنیا ہے کیونکہ دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے اور میں آخری ہزار سال میں ہوں جس کی سیڑھی سب سے اونچی ہے۔ اور وہ مرد دراز' گندم گوں جسے تم نے دیکھا ہے وہ موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ میں ان کی اس بنا پر عزت کرتا ہوں کہ انہیں حق تعالیٰ سے بے لاگ کلام کرنے کی فضیلت حاصل ہے اور وہ مرد میانہ قد' فربہ جسم سرخ خال والے عیسیٰ علیہ السلام ہیں ان کی اس بنا پر عزت کرتا ہوں کہ خدا کے نزدیک ان کا مرتبہ زیادہ ہے۔ اور وہ ضعیف العمر شخص جس کو تم نے دیکھا کہ ہم ان کی اقتداء واتباع کر رہے ہیں وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور وہ اونٹنی لاغر وکہنہ سال جسے تم نے دیکھا کہ میں ہانک رہا ہوں وہ قیامت ہے جو مجھ پر اور میری امت پر قائم ہو گی۔ اور میرے بعد نہ کوئی امت ہے اور نہ کوئی نبی۔'' ابن رمل فرماتے ہیں کہ اس خواب کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے خواب کے بارے میں استفسار نہ فرمایا۔ بجز اس شخص کے جو خود ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے خواب بیان کر دے اس کی آپ تعبیر دے دیا کرتے تھے۔ اسے ابن قتیبہ طبرانی اور بیہقی نے ''الدلائل'' میں روایت کیا ہے۔ اور اس کی سند ضعیف ہے (واللہ اعلم)

باب ہفتم

در اسماء نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

اعظم کرامات اور جامع ترین فضائل وکمالات میں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء گرامی ہیں جو محامد اخلاق، محاسنِ افعال اور جامع جمال وجلال پر مبنی ہیں واضح رہنا چاہیے کہ حق تعالیٰ عزاسمہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء گرامی قران کریم اور دیگر آسمانی کتابوں میں اور انبیاء ورسل علیہم السلام کے زبانوں پر بکثرت بیان فرمائے ہیں۔ اسماء کی کثرت مسمیٰ کی عظمت وبزرگی پر دلالت کرتی ہے اس لیے کہ اسماء صفات وافعال سے ماخوذ ہوتے ہیں۔ اور ہر اسم کی صفت وفعل سے ہی بنا ہے۔

سب سے زیادہ مشہور واعظم اسماء میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس طرح کہ ''اسم اللہ'' کہ وہ اسم ذات باری تعالیٰ ہے باقی اسماء صفات ہیں اور انہیں یہ محمول ہیں اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب جن کو ''شیبۃ الحمد'' کہتے ہیں کہ زبان مبارک پر رکھا۔ لوگوں نے عبدالمطلب سے دریافت کیا کہ کیوں آپ نے اپنے فرزند کا نام محمد رکھا؟ حالانکہ یہ نام آپ کے اجداد اور آپ کے خاندان میں کسی کا نہ تھا۔ جواب میں فرمایا کہ اس بنا پر کہ میں امید رکھتا ہوں کہ سارا جہاں اس کی تعریف وستائش کرے۔

اور منقول ہے کہ حضرت عبدالمطلب نے خواب میں دیکھا تھا کہ گویا ان کی پشت سے چاندی کی ایک زنجیر نکلی ہے جس کا ایک سرا آسمان میں ہے اور دوسرا مشرق ومغرب میں اس کے بعد دیکھا کہ وہ زنجیر ایک درخت بن گیا ہے جس کے ہر پتے پر نور ہے اور مشرق ومغرب کے لوگ اس سے معلق ہیں۔ اس زمانے کے تعبیر گویوں نے تعبیر دی کہ ان کے صلب سے ایک بچہ پیدا ہوگا جس کی مشرق ومغرب والے پیروی کرینگے۔ اور آسمان وزمین کے لوگ اس کی حمد وستائش کریں گے۔ اس بنا پر ''محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' نام رکھا یا وہ گفتگو ہے جو حضرت عبدالمطلب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ سیّدہ آمنہ رضی اللہ عنہا سے فرمائی۔ آپ نے فرمایا مجھے خواب میں بتایا گیا ہے کہ اے آمنہ! تم اُس مولود کی حاملہ ہوئی ہے جو اس امت کا سردار ہے جب تم سے وہ تولد ہو تو اس کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھنا (صلی اللہ علیہ وسلم)۔

اہل علم بیان کرتے ہیں کہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی نشانیوں میں سے ہے کہ آپ سے پہلے کسی کا نام محمد نہ رکھا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے اس نام معظم کی حفاظت وصیانت اپنے ذمہ لے لی تھی تاکہ اس نام مبارک میں کسی کے ساتھ اشتراک واشتباہ نہ رہے۔ لیکن جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور عالم تاب کا زمانہ قریب آیا تو آپ کے قریبی زمانہ کے اہل کتاب کو بشارتیں دیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم شریف انہیں بتایا۔ بعض قبیلہ کے لوگوں نے اپنے بچوں کا یہ نام اس امید پر رکھا کہ شاید یہی وہ ہو جائے۔ (وَاللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ)

شیخین کی حدیث میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ لِیْ خَمْسَۃَ اَسْمَاءٍ اَنَا مُحَمَّدٌ وَّاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِیْ الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰہُ بِیَ الْکُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَاَنَا الْعَاقِبُ

بلاشبہ میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد ہوں، اور میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں کہ محو کرے گا اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو۔ مطلب یہ کہ مکہ مکرمہ اور بلاد عرب سے جو روئے زمین کا مرکزی نقطہ ہے وہاں کفر کو مٹائے گا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ فرمایا گیا کہ انہیں آپ کی امت کے ملک واختیار میں دیا جائے گا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ محو ظہور غلبہ کے معنی میں عام ہے۔ جیسا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ۔ تاکہ آپ کو تمام دینوں پر غالب کرے اور حقیقت یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام میں سے کسی ایک نبی سے ایسا کفر نہ مٹا جتنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ کفر کو محو استیصال ہوا۔ حالانکہ آپ کی بعثت ایسی حالت میں ہوئی کہ تمام اہل زمین کافر تھے۔ کوئی بت پرستی میں، کوئی ستارہ پرستی اور آگ پرستی میں، کوئی یہودی ونصرانی تھا اور کوئی ایسا دہریہ تھا کہ حق تبارک وتعالیٰ کو جانتا تک نہ تھا۔ اور مبداء ومعاد کے قائل ہی نہ تھے اور فلاسفر (عقل پرست) جو انبیاء کو جانتے ہی نہ تھے۔ وہ ان باتوں کے نہ تو قائل تھے اور نہ ان باتوں کے مقر ومعتقد تھے لہٰذا حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ان سب کو مٹایا۔ یہاں تک کہ آپ کے دین حق کو تمام ادیان باطلہ پر ظاہر وغالب فرمایا۔ اور اسے جہان کے اس جگہ تک پہنچایا جس جگہ سورج طلوع وغروب ہوتا ہے۔ اور جہان میں دن ورات کی گردش ہے حتیٰ کہ برصغیر ہندو پاکستان اور ترکستان میں جہاں کبھی دین اسلام نہ پہنچا تھا اگرچہ مدت حیات میں باوجود عرب میں گنجائش اوقات کے جو کہ حضور سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم کے جائے ولات اور مقام بعثت کے قریب ترین شہر تھے ان میں اظہار نہ ہوا اور دین کے اتمام واکمال کے قواعد وقوانین اور شرع متین کے احکام واوامر کی خود تمہید وتاسیس نہ ہوئی لیکن آپ کے بعد آپ کے اصحاب واتباع نے دین کو آفاق واکناف عالم میں پہنچا دیا۔ اور یہ روز بروز ترقی وتزاید میں ہے اور اگر مسلمانوں کے سینوں اور جو آپ کے گرویدہ ہوئے ان کے دلوں سے کفر فنا ہو کر انقیاد واطاعت کی ایک رمق پیدا ہو جائے تب بھی مراد حاصل ہے اور اس اسم کا اطلاق کافی ہے یہ اس معنی کے مطابق تقریر ہے جو قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ ماحی وہ ہے جن کے ذریعہ برائیاں مٹیں اور اس کا اتباع کیا جائے۔ غایت یہ کہ اس اسم کا اطلاق حضور کے ساتھ مخصوص نہ ہوگا مگر باعتبار آپ کے غلبہ اور آپ کے تمام وکمال کے (واللہ اعلم)

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ: وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ اور میرا نام حاشر ہے کیونکہ میرے قدم پر لوگ اٹھائے جائینگے اور گھیر کر لائے جائیں گے۔ اس عبارت کا ظاہر مفہوم یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے مبعوث ومحشور ہوں گے اور تمام لوگ آپ کے قدم پر یعنی آپ کے بعد آپ کی نظر میں اور آپ کے سامنے اٹھائے جائیں گے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ: ھو اول من تنشق الارض آپ پہلے ہیں جن کے لیے زمین پھٹے گی۔ گویا آپ کے نقش قدم پر لوگوں کو اٹھایا جائے گا۔ اور عرصات محشر میں وہ آپ کی جانب ہی پناہ لیں گے۔ اور اہل علم یہ بھی کہتے ہیں کہ معنی یہ ہیں کہ لوگ میری زبان، میرے عہد اور میری رسالت پر اٹھائے جائیں گے مطلب یہ کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے یہاں تک کہ آپ ہی کے عہد وزمانہ میں لوگ محشور ہوں گے تو یہ مضمون خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہونے پر مشتمل ہے۔ ''کذا قال القاضی.'' اور مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ لوگوں پر آپ کی بعثت مقدم ہے۔ پھر لوگ آپ کے سامنے اور آپ کے گرد قیامت میں جمع ہوں گے۔ یہ مفہوم اس معنی پر مبنی ہے کہ حشر بعثت کے مغایر ہے۔ بعثت، قبر سے اٹھایا جانا ہے اور حشر، عرصات محشر میں پراگندگی کے بعد آپ کے گرد جمع ہونا ہے۔ اور حضور کا ارشاد: وَاَنَا الْعَاقِبُ اور میرا نام عاقب ہے۔ عاقب بعد میں آنے والے کو کہتے ہیں۔ مطلب یہ کہ آپ خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہیں۔ اگرچہ بعض حضرات نے بعض وجوہ سے حاشر کے معنی خاتم الانبیاء لیے ہیں لیکن لفظ عاقب اسی معنی کے لیے ہے اور خاتم اسی معنیٰ کو مستلزم ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ: لی خمسۃ اسماء میرے پانچ نام ہیں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ گزشتہ کتابوں میں اور پچھلی امتوں کے علماء

میں یہ موجود مذکور ہیں۔اور بعض کہتے ہیں کہ لفظ خمسہ راوی حدیث کے الفاظ اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ نہیں ہیں مگر درست یہی ہے کہ یہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ ہیں اور ممکن ہے کہ سماء سے باخبر کرنا اور اس بارے میں وحی کا آنا بتدریج ہوا ہے اور بعض حدیثوں میں چھ نام آئے ہیں پانچ تو یہی اور چھٹا اسم خاتم۔ نقاش روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن کریم میں میرے نام سات ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم احمد یٰس، طٰہٰ، المدثر اور المزمل (صاحب مدراج رحمۃ اللہ علیہ نے ساتواں نام نہیں لکھا) طٰہٰ کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یا طاہر اور یا ہادی ہے اور یٰس کی تفسیر میں یا سید نقل کرتے ہیں اور اسے اسلمی، واسطی اور جعفر بن محمد سے روایت کرتے ہیں۔

اور بعض حدیثوں میں دس نام آئے ہیں پانچ تو پہلی حدیث کے اور بقیہ میں فرمایا: اَنَا رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ وَرَسُوْلُ الرَّاحَةِ وَرَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ ملاحم ملحمہ کی جمع ہے جس کے معنی حرب وشدت حرب اور اس جہاد کے ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے راہ خدا میں کیا اور کسی اور نے ایسا جہاد نہ کیا تھا اور فرمایا: وَاَنَا الْمُقَفِّیْ بکسر فا و فتح فا جو قفا سے ماخوذ ہے جس کے معنی عاقب یعنی آخر کے ہیں۔اور بعض فتح فا کے ساتھ قفاوت سے لیتے ہیں جس کے معنی کرم ولطف کے ہیں اور قفی کریم لطیف کو کہتے ہیں۔ مقفی، بزیادتی تا بعد از قاف بھی آیا ہے اور فرمایا: وَاَنَا الْقَیِّمُ۔اور میں جامع وکامل ہوں۔صاحب شفا فرماتے ہیں کہ گمان یہ ہے کہ یہ نام ''قثم'' بضم قاف اور فتح ثاء ہے۔کیونکہ حربی روایت کرتے ہیں کہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے نے آکر عرض کیا ''اَنْتَ قَثَمَ'' آپ قثم یعنی جمع فرمانے والے ہیں اور کہا کہ: اَلْقُثُوْمُ الرَّجُل الْجَامِعُ لِلْجُزْوِ۔ ''قثوم'' اس شخص پر بولا جاتا ہے جو جزو کا جامع ہو۔اور یہ وہ نام ہے جسے اہل بیت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں۔لیکن قیم بھی اسی معنی کے قریب ہے جو انبیا علیہم السلام کی کتابوں میں آیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا ''خداوندا ہم پر اسے مبعوث فرما جو محمد مقیم سنت ہے لہٰذا قیم بمعنی قائم کرنے والے کے ہو سکتا ہے۔

اور ''نبی الملحمه، ونبی المرحمة والراحة والرحمة'' بھی نام آئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ (نہیں بھیجا ہم نے مگر رحمت سارے جہان کے لیے) اور حق تعالیٰ نے فرمایا: بالمومنین رؤف رحیم۔(مسلمانوں کے ساتھ مہربان ورحیم ہیں) یہ آپ کی امت مرحومہ کی صفت میں واقع ہوا ہے۔اور حق تعالیٰ نے ان کی شان میں فرمایا: وَتَوَاصَوْ بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْ بِالْمَرْحَمَه ای یَرْحَمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا. آپ کی امت صبر کی وصیت کرتی ہے اور ایک دوسرے پر مہربانی کرتی ہے۔اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی صفت میں فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ. اور بیشک اللہ اپنے بندوں میں سے رحم وشفقت کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔اور فرمایا: اَلرَّاحِمُوْنَ رَحِمَهُمُ الرَّحْمٰنُ وَارْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمُكُمْ مَنْ فِی السَّمَآءِ۔رحم کرنے والے وہ ہیں جن پر رحمٰن رحم فرماتا ہے تو تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم فرمائے گا۔'' لہٰذا حضور اکرم اور آپ کی امت کے ساتھ رحمت کی صفت خاص ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ''نبی التوبہ'' بھی آیا ہے کیونکہ آپ کے دست مبارک پر خلقت کثیرہ نے توبہ کی اور حق تعالیٰ نے آپ کی برکت سے امت پر اور حضرت آدم صفی اللہ صلوات اللہ وسلامہ کی توبہ قبول فرمائی۔اہل علم فرماتے ہیں کہ ان کلمات سے مراد جو حق تعالیٰ نے خود آدم علیہ السلام کو تلقین فرمائے اور ان کی توبہ کا سبب بنایا یہ ہے کہ ''الٰہی بحرمت محمد وآلہ''

بلاشبہ قرآن کریم میں آپ کے اسماء والقاب میں نور، سراج منیر (روشن آفتاب) منذر، نذیر، مبشر، بشیر، شاہد، شہید، الحق، المبین، خاتم النبیین، الامین، العزیز، الحریص، الرؤف الرحیم، قدم صدق، خدا کے ارشاد میں کہ:

وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ اور رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ اَلْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی، اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ

طٰهٰ یٰس اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ، اَلْکَرِیْمُ، اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُّ، اَلْحَقُّ اور اَلْبُرْهَانُ. آیا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف کثیرہ اور خصائص جلیلہ کتب سابقہ اور احادیث مبارکہ میں مذکور ہیں چنانچہ مصطفٰے، مجتبٰی، ابوالقاسم، شفیع، متقی، مصلح، طاہر، مہیمن، صادق، مصدوق، ہادی، سید ولد آدم، سید المرسلین، امام النقیین، رسول رب العٰلمین، قائد الغر المحجلین، حبیب اللہ، خلیل الرحمٰن، صاحب الحوض المورود، صاحب الشفاعۃ، صاحب المقام المحمود، صاحب الوسیلہ والفضیلہ، الدرجۃ الرفیعہ، صاحب التاج والمعراج، صاحب اللواء، صاحب القضب، الراکب البراق، النساقہ، النجیب، صاحب الحجۃ، السلطان، الخاتم، العلامہ، صاحب الہراوہ اور صاحب النعلین وغیرہ اسماء وصفات احادیث کریم میں مذکور ہیں۔ اور کتب سابقہ میں المتوکل، المختار، مقیم السنۃ، القدس اور روح القدس ہے اور اسی معنی میں ''فارقلیط'' انجیل میں آیا ہے اور کہتے ہیں کہ فارقلیط وہ ہے جو حق و باطل کے مابین فرق کرے اور کتب سابقہ میں آپ کے اسماء میں ''باوناذ'' اس کے معنی طیب ہیں اور حمطایا بمعنی حامی الحرام اور آپ کا اسم شریف بزبان سریانی مسفح اور المحنا ہے اور توریت میں آپ کا اسم شریف احید ہے اس کے معنی صاحب القضیب اور صاحب السیف ہے اور انجیل کی تفسیر میں ''یاجوبی'' آیا ہے۔ چونکہ آپ کے دست مبارک میں تلوار یا عصا رہتا تھا اور اسے خلفائے عباسیہ اپنے ہاتھوں میں رکھتے رہے اور ''ہرادت'' بمعنی عصا آیا ہے۔ صاحبِ شفا کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے خدا بہتر جانتا ہے کہ اس سے وہ عصا مراد ہے جو حدیث حوض میں آیا ہے کہ فرمایا یمن والوں کے لیے اپنے عصا سے لوگوں کو روکوں گا تاکہ وہ آگے نہ بڑھیں۔ اور تاج سے مراد عمامہ ہے جو آپ سے پہلے اہل عرب کے سوا نہ تھا اور حدیث میں آیا ہے کہ ''اَلْعَمَائِمُ تِیْجَانُ الْعَرَبِ'' عمامے عرب کے تاج ہیں یہ وہ اسماء ہیں جو الشفاء میں مذکور ہیں قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ آپ کے القاب وخصائص کتب سابقہ میں تو بہت ہیں لیکن جتنا نفع کے لیے مفید تھا اتنا ہم نے انہیں بیان کر دیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت ابوالقاسم مشہور ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب فرزند رسول، حضرت ابرہیم علیہ السلام پیدا ہوئے تو جبریل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا السلام علیک یا ابا القاسم انتہی بعض ''ابوالارامل'' اور ''ابوالمئین'' بھی بتاتے ہیں نیز اگر ابوالیتامیٰ'' بھی کہا جائے تو اس کی گنجائش ہے جیسا کہ حضرت ابوطالب کے شعر میں آیا ہے۔ مصرعہ: لِلَّیَتَامٰی عِصْمَۃٌ لِلْاَرَامِلِ صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء وصفات قرآن کریم میں بہت آئے ہیں۔ جن کو بعض نے شمار بھی کیا ہے اور بعض عدد مخصوص تک پہنچاتے ہیں چنانچہ وہ ننانوے تک موافق اسماء وصفاتِ الٰہی پہنچاتے ہیں۔ یہ تصریح کتاب ''مستوفی'' میں مذکور ہے کہ اگر کتب سابقہ اور قرآن وحدیث میں جستجو اور تلاش کیا جائے تو تین سو تک نام پہنچتے ہیں۔ میں نے قاضی ابوبکر بن العربی کی کتاب ''احکام القرآن'' میں دیکھا ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ بعض صوفیاء کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ہزار نام ہیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی ہزار نام ہیں اور آپ کے اوصاف جدا جدا ہیں اور ہر وصف سے ایک نام بنتا ہے۔ بعض صفات آپ کے ساتھ مختص اور آپ پر غالب ہیں اور بعض مشترک اور جب آپ کی صفات کے ہر وصف کو ایک نام دیں تو آپ کے اوصاف اس عدد تک پہنچ جائیں گے بلکہ اس سے بھی بڑھ جائیں گے۔

عظیم تر اور مشہور تر اسم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: وصل: صاحب مواہب لدنیہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء شریفہ چار سو سے زیادہ شمار کرائے ہیں اور ان کا ذکر حروف تہجی پر کیا ہے جیسا کہ آئے گا۔ اور سب سے زیادہ مشہور واعظم، اسم مبارک احمد ومحمد ہیں جو کہ بمنزلہ اسم ذات ہیں اور دیگر اسماء صفاتی ہیں اور یہ دونوں نام بھی حقیقت میں ایک اسم ہے جو حمد سے مشتق اور مبالغہ کے معنی میں مقید ہے۔ پہلا نام باعتبار کیفیت ہے اور دوسرا نام باعتبار کمیت۔ تو آپ حق تعالیٰ کی حمد افضل محامد سے کرتے ہیں اور دنیا وآخرت میں کثرتِ محامد سے آپ کی حمد وستائش کی گئی۔ اور آپ احمد الحامدین (حمد کرنے والوں میں سب سے زیادہ حمد کرنے والے) اور احمد

الحمودین (تمام تعریف کیے ہوؤں میں سب سے زیادہ تعریف کردہ) وافضل من حمد (جو بھی حمد کرے ان سب سے برتر حمد کرنے والے) ہیں۔ اور روز قیامت آپ کے ساتھ لواء الحمد ہوگا تا کہ آپ پر کمال حمد تمام ہو جائے اور حامدیت ومحمودیت کی صفت سے عرصات محشر میں مشہور کیے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔ جیسا کہ اپنے ارشاد میں وعدہ فرمایا ہے کہ: عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا. اور باب شفاعت کھولتے وقت اگلے پچھلے سب ہی آپ کی حمد کریں گے اور حق تعالیٰ اس وقت آپ کو ایسے حمد کی تعلیم فرمائے گا جس کی کسی اور کو تعلیم نہ فرمائی گئی اور حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کی امت کا نام ''حمادون'' (بہت زیادہ حمد بجالانے والے) رکھا۔ لہٰذا سزاوار ہے کہ آپ کا اسم گرامی احمد ومحمد رکھا جائے۔ اس تقریر سے ظاہر ہے کہ احمد بمعنی حامد تر، اسم تفضیل برائے فاعل ہے جیسا کہ استعمال میں یہ معنی بہت زیادہ ہیں اور ممکن ہے کہ بمعنی محمود تر ہو جو مفعول کے لیے مشتق ہے اس بنا پر یہاں بیان محمودیت مقصود ہوگا خواہ بلحاظ کمال ہو خواہ باعتبار کثرت ہو۔

بعض کہتے ہیں کہ پچھلوں میں نام احمد مشہور ہے' کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اسی نام سے یاد کرتے تھے اور کتب سابقہ میں یہی مذکور ہے اور قرآن کریم میں نام محمد بیان کیا گیا۔ اور حق یہ ہے کہ دونوں ہی نام پرانے ہیں۔ لیکن حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام نے کثرت تعظیم کے لحاظ سے نام احمد سے یاد کیا کیونکہ یہ صیغہ تفضیل کا ہے۔ اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور کی مدح میں کہتے ہیں کہ اشعار

اَغُرُّ اِلَيْهِ لِلنُّبُوَّةِ خَاتَمٌ — مِنَ اللّٰهِ مِنْ نُوْرٍ يَلُوْحُ وَيَشْهَدُ
وَضَمَّ الْاِلٰهُ اِسْمَ النَّبِيِّ اِلٰى اِسْمِهٖ — اِذْ قَالَ فِي الْخَمْسِ الْمُؤَذِّنُ اَشْهَدُ
وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ — فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

بخاری نے تاریخ صغیر میں علی بن زید کی سند سے آخری شعر کو ابو طالب سے منسوب کیا ہے۔ اور بعض روایتوں میں مذکور ہے کہ حق وتبارک وتعالیٰ نے آپ کو اس اسم شریف کے ساتھ تخلیق عالم سے ہزار سال پہلے موسوم فرمایا اور ابن عساکر کعب الاحبار سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت شیث علیہ السلام سے فرمایا: ''اے فرزند! تم میرے بعد خلیفہ اور جانشین ہو۔ تم عماد تقوی اور عروۂ وثقیٰ کو تھامے رہنا اور جب بھی تم خدا کا ذکر کرو تو ساتھ ہی اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرنا اس لیے کہ میں نے اس نام مبارک کو ساق عرش پر لکھا دیکھا ہے حالانکہ میں روح اور مٹی میں تھا اس کے بعد میں نے تمام آسمانوں کی سیر کی۔ وہاں میں نے کوئی جگہ ایسی نہ دیکھی جہاں اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ لکھا ہو۔ بلا شبہ میرے رب نے مجھے جنت میں ٹھہرایا اور میں نے جنت کا کوئی محل اور کوئی دریچہ ایسا نہ دیکھا جس پر اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ لکھا ہو اور میں نے حور العین کی پیشانیوں پر اور طوبیٰ کے درخت کے پتوں پر اور سدرۃ المنتہیٰ کے ہر پتہ پر اور اطراف حجابات پر اور فرشتوں کی آنکھوں پر نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا دیکھا ہے۔ لہٰذا اے فرزند! ذکر محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہت زیادہ کرنا۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ آدم علیہ السلام اپنی مصیبت کے وقت پڑھتے اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اِغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ تقبل توبتی' خداوند محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے میری حفاظت فرما دے۔ اور میری توبہ قبول فرما لے۔ حق تعالیٰ نے ان سے فرمایا تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہاں سے پہچانا؟ عرض کیا میں جنت میں ہر جگہ لکھا دیکھا: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ایک روایت میں ہے کہ لکھا ہوا ہے کہ وہ میرا بندہ اور میرا رسول ہے تو میں نے جان لیا کہ وہ تیرے نزدیک ساری مخلوق سے افضل واکرم ہے اس کے بعد حق تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمالی اور بعض کے نزدیک حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ کی تفسیر وتاویل ہے۔ کتاب الشفا میں عجیب وغریب لکھا ہے کہ عالم سفلیات یعنی نچلی دنیا بھی ثبوت اسم شریف پر دلالت

رکھتی ہے مثلاً ایک قدیم و پرانے پتھر پر مُحَمَّدٌ تَقِیٌّ مُّصْلِحٌ اَمِیْنٌ لکھا ہوا پایا گیا اور منقول ہے کہ ایک پتھر پر عبرانی خط میں لکھا ہوا پایا گیا۔ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ جَآءَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ كَتَبَهٗ مُوْسَى ابْنُ عِمْرَانَ۔ اسے ابن ظفر نے ''الیسر'' میں معمر از زہری سے ذکر کیا۔ اور خراسان کے ایک شہر میں مشاہدہ کیا گیا ہے کہ ایک بچہ پیدا ہوا جس کے ایک پہلو پر ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' لکھا ہوا ہے۔ اور بلادِ ہند میں ایک پھول کی پتی ہے جس پر بہ خطِ سفید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھا ہوا ہے۔

اور علامہ ابن مرزوق، عبداللہ بن صوحان سے نقل کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ ہم بحر ہند میں سفر کر رہے تھے کہ ہم پر تیز ہوائیں چلنے لگیں اور سمندر میں موجیں اٹھنے لگیں تو ہم نے اپنی کشتی ایک جزیرے میں لنگر انداز کر دی وہاں ہم نے ایک گلاب کا پھول دیکھا جس کی تیز بھینی بھینی خوشبو تھی۔ اس پر بہ خطِ سفید لکھا ہوا تھا ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ'' اور ایک اور سفید پھول دیکھا جس پر بہ خطِ زرد لکھا ہوا تھا: براءۃ من الرحمن الرحیم الیٰ جناتِ النعیم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ اور تاریخ ابن العزیم میں علی بن عبداللہ ہاشمی شرقی سے منقول ہے کہ ہند کے ایک دیہات میں تیز خوشبو کا ایک بڑا پھول پایا گیا جس پر بہ خطِ سفید ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ' ابو بکر صدیق' عمر الفاروق لکھا ہوا تھا۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے دل میں شک گزرا اور خیال ہوا کہ یہ کسی کی کاریگری ہے اس کے بعد میں ایک اور پھول کی طرف متوجہ ہوا جو ابھی نہ کھلا تھا اور نہ پھیلا تھا۔ تو اس میں بھی میں نے اسی خط میں لکھا دیکھا میں نے اس شہر میں چیزیں بڑی ارزاں اور سستی دیکھیں۔ وہاں کے لوگ پتھروں کو پوجتے تھے اور اللہ عزوجل کو جانتے تک نہ تھے۔

ابوعبداللہ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ میں بلاد ہند گیا اور میں نے ایک شہر کی سیر کی جسے نمیلہ بنون یا تمیلہ بتا کہتے ہیں وہاں میں نے ایک بہت بڑا درخت دیکھا جس کے پھل بادام کی مانند ہیں اور اس کا چھلکا ہے یعنی پھل پر پوست ہے۔ پھر جب پھل کو توڑا گیا اور اس میں سے گری نکالی گئی اور اسے چیرا گیا تو بیچ میں ایک سبز پتہ نکلا۔ جس پر سرخ لکھا ہوا تھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' اہل ہند اس سے برکت حاصل کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ خشک سالی میں بارش مانگتے ہیں۔ اس کو ابوالبقائن صافی نے اپنی کتاب ''منسک'' میں بیان کیا ہے۔

اور روضۃ الریاحین میں یافعی بعض علماء سے اس کی مانند نقل کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے یہ بات ابویعقوب صیاد نے سنائی کہ میں نہر اُبلہ میں شکار کر رہا تھا تو میں نے ایک مچھلی ایسی پکڑی جس کے داہنے پہلو پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور بائیں پہلو پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھا ہوا ہے جب میں نے یہ دیکھا تو تعظیم و احترام کی خاطر پانی میں ہی اسے دفن کر دیا۔

بعض لوگ قصیدہ بردہ شریف کی شرح میں ابن مرزوق سے نقل کر کے بیان کرتے ہیں کہ مچھلی لائی گئی جس کے ایک کان کی جلد پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور دوسرے پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا ہوا تھا اور ایک جماعت سے منقول ہے کہ انہوں نے زرد رنگ کا خربوزہ پایا جس پر سفید لکیریں تھیں۔ اور ہر لکیر پر عربی میں اس کی ایک جانب اللہ اور دوسری جانب ''احمد'' خوب واضح لکھا ہوا تھا جس میں کوئی عقلمند تحریر شناس شک نہیں کر سکتا تھا اور کہتے ہیں کہ 809ھ میں انگور کا ایک دانہ پایا گیا جس پر بہ خطِ ظاہر برنگ سیاہ ''محمد'' لکھا ہوا تھا۔

اور ابن ظفر بن سیاف کی کتاب 'بطن مفہوم' میں کسی سے منقول ہے کہ انہوں نے ایک بڑے درخت کو دیکھا جس کے پتے بڑے اور خوشبودار تھے۔ اور ہر پتہ پر پیدائشی طور پر سرخی و سفیدی سے خوب روشن اور واضح خط میں قدرت الٰہی سے تین سطریں لکھی ہوئی تھیں۔ پہلی سطر میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسری سطر میں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور تیسری سطر میں: اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ لکھا تھا۔

اسماء باری تعالیٰ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرف فرمانا

وصل: اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسماء حسنیٰ اور صفات علیٰ سے موسوم ومشرف فرمایا۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے بہت سے نبیوں کو اپنے اسماء حسنیٰ میں سے بکثرت اسماء انکی تخلیق میں کرامت فرمائے جیسے کے حضرت اسحٰق واسماعیل علیہ السلام کو علیم وحلیم فرمایا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حلیم کہا اور حضرت نوح علیہ السلام کو شکور اور حضرت عیسیٰ ویحییٰ علیہم السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کریم وقوی اور حضرت یوسف علیہ السلام کو حفظ وعلیم اور حضرت ایوب علیہ السلام کو صابر جو بمعنی صور ہے۔ حضرت عیسیٰ ویحییٰ علیہم السلام کو صابر جو بمعنی صبور ہے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو صادق الوعد فرمایا۔ اور ان سب پر قرآن کریم، ان کے ذکر کے مواقع میں ناطق وشاہد ہے۔ اور سیّد عالم احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو اپنے بہت سے ناموں سے فضیلت بخشی، جن کو بتعلیم الٰہی ہم تیس کے قریب تحریر کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ اس سے زیادہ پر بھی انشراح صدر فرمائے۔ انتہی۔

واضح رہنا چاہیے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم، رب العزت جل وعلیٰ کے تمام اسماء وصفات کے کمالات کے جامع اور تمام اخلاقِ الٰہی عزاسمہ سے متخلق ومتصف ہیں۔ جیسا کہ بعض عرفاء نے ان کی تفصیل بیان کی ہے اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا مذکورہ تعداد کے ذکر کرنے کا مقصد وہ ہے جن کا کتاب مجید اور احادیث صحیحہ میں ذکر ہے جیسا کہ ان کا سیاق کلام بتا رہا ہے۔

اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام ''حمید'' ہے اس کے معنی محمود ہیں اس لیے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات اقدس کی خود حمد فرمائی اور بکثرت آیات کلام مجید میں ہیں اور دلائل اس کے کمال پر علی الاطلاق جانوں اور جہانوں میں دلالت کرتی ہیں اور ساری مخلوق نے اس کی حمد کی ہے اور ممکن ہے کہ حمید بمعنی حامد ہو کیونکہ وہ اپنی ذات اور اعمالِ طاعات کی تعریف فرمانے والا ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ حامد بھی ہے اور محمود بھی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی ''محمد'' رکھا جو بمعنی احمد ومحمود ہے۔ اور اسی کے ہم معنی حامد ومحمود ہیں۔ بلاشبہ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب زبور میں واقع ہوا ہے۔ وقد سبق بیان معنی ہذا الاسم الشریف، اسماء الٰہی میں سے ''الرؤف الرحیم'' ہے۔ حق تعالیٰ نے خود ان ناموں سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف فرمائی، فرمایا: وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ الرَّحِيْمُ یہ دونوں نام ہم معنی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ غایت درجہ رحمت کو رأفت کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ: رَؤُفٌ بِالْعَطِيْعُوْنَ رَحِيْمٌ بِالْمُذْنِبِيْنَ فرمانبرداروں کے ساتھ رؤف اور گناہگاروں کے ساتھ رحیم ہیں۔ اور اسماء الٰہی میں سے ''الحق المبین'' ہے نام حق موجود وثابت ہے کہ اس کا امر متحقق ہے اور مبین یہ ہے کہ اس کی الوہیت کا حکم اور اس کی حقانیت کی دلیل واضح وآشکارا ہے۔ بانَ اور ابانَ ایک ہی معنی میں آتا ہے۔ مبین کے معنی ہیں بندوں کے لیے امرِ دین کو ظاہر کرنے والا اور ان کے مبدأ ومعاد کو ظاہر کرنے والا بھی کہنا جائز ہے۔ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی یہی نام رکھا اور فرمایا: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَ كُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے حق تشریف لے آیا اور فرمایا: فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَ هُمْ بلاشبہ کفار نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان میں تشریف لائے اور فرمایا: حتی جاء کم الحق والرسول مبین یہاں تک کہ تمہارے پاس حق تشریف لے آیا اور یہ رسول ظاہر فرمانے والا ہے اور فرمایا: اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ وَالْمُرَادُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ میں کھلا ڈرانے والا ہوں۔ نذیر مبین سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ قرآن مراد ہے۔ اس جگہ حق کے معنی باطل کی ضد ہے مطلب یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت متحقق ہے اور آپ کا امر رسالت خوب ظاہر ہے اور خدا اور نبی دونوں مبین ہیں کیونکہ حق تعالیٰ آپ پر نازل فرمایا: لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ۔ تاکہ خوب

ظاہر کرے لوگوں پر وہ جوان کی طرف نازل ہوا۔ بعض اہل اشارات ارشاد باری تعالیٰ: وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا ۔ (اور جو کچھ آسمان وزمین اوران کے درمیان ہم نے پیدا فرمایا) کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو پیدا فرمایا۔ یہ تفسیر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اس حدیث پر مبنی ہے کہ فرمایا اول ما خلق الله روح محمد ثم خلق منه العرش والكرسي والسمآء والارض وجميع الموجودات از اسماء الٰهی نو راست ومعنیٰ النور رُوخالق النور یا منور السموت والارض بالانوار ومنور قلوب العارفين بالهداية والاسرار (اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے روح محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔ پھر اس سے عرش، کرسی، آسمان، زمین اور تمام موجودات پیدا فرمائیں) اور اسماء الٰہی میں سے نور ایک اسم ہے۔ نور کے معنی ہیں نور والا، نور کو پیدا کرنے والا، آسمان وزمین کو انوار سے منور کرنے والا اور عارفوں کے دلوں کو ہدایت واسرار سے منور فرمانے والا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی نور فرمایا ارشاد باری تعالیٰ ہے: قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ بیشک تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور کتاب روشن آئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں فرمایا۔ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۔ آپ نورانی آفتاب ہیں۔ اور حضور کا نور نام رکھنا اس بنا پر ہے کہ احکام الٰہی کی وضاحت، اس کی نبوت کا اظہار اور مسلمانوں اور عارفوں کے دلوں کو نورانیت مرحمت فرمانا اس چیز سے ہے جو آپ دین حق لے کر تشریف لائے اور اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الشہید'' ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اس کے معنی ''عالم'' جاننے والے کے بتاتے ہیں اور ایک قول میں اس کے معنی لوگوں پر گواہ ہونے کے گئے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی شاہد اور شہید'' فرمایا گیا ہے ارشاد ہے: مَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا شَاهِدًا (اور نہیں بھیجا آپ کو مگر شاہد) یعنی جاننے والا اور امت کی حالت اور ان کی تصدیق وتکذیب اور نجات وہلاکت کو حاضر ہو کر دیکھنے والا' ارشاد ہے: وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا یہ رسول تم پر گواہ ہیں۔ چنانچہ جب تمام امتیں اپنے نبیوں کی رسالت کا انکار کریں گی تو امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ان پر گواہی دے گی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت وپاکیزگی امت کے لیے حدیث میں مذکور ہے۔

اور اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الکریم'' ہے۔ اس کے معنی کثیر الخیر، کثیر الفضل اور کثیر العفو کے ہیں۔ ایسا ہی قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔ اور حدیث میں اسماء الٰہی کے ضمن میں ''اکرم'' بھی آیا ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام بھی کریم رکھا گیا ہے۔ ارشاد باری ہے: اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ بے شک یہ رسول کریم کا پڑھا ہوا ہے۔ اس سے مراد سیّد عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں نہ کہ جبریل علیہ السلام چونکہ اس کے بعد ارشاد ہے: وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ وَبِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ یہ شاعر کا کہا ہوا نہیں ہے بہت کم ہیں جو ایمان لائے اور نہ یہ کاہن کی باتیں ہیں بہت کم ہیں جو غور کرتے ہیں تو مَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ اور وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ، اس کا واضح قرینہ ہے اس لیے کہ کفار جبریل کو ایسا نہ کہتے تھے۔ لہٰذا متعین ہو گیا کہ رسول کریم سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں نہ کہ جبریل علیہ السلام' اور یہ سورۂ الحاقہ میں ہے اور سورۂ تکویر میں جو یہ آیت ہے اس سے جبریل علیہ السلام ہی مراد ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس جگہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی مراد ہیں کیونکہ آپ پر یہ صفات صادق آتی ہیں۔ اور صواب یہی ہے کہ یہ آیت تکویر متحمل ہے (واللہ اعلم)

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَنَا اَكْرَمُ اَوْلَادِ اٰدَمَ ۔ میں اولاد آدم میں سب سے زیادہ مکرم ہوں۔ اس اسم کے معانی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں میں صحیح ہیں (یہ اللہ تعالیٰ کا نام بھی ہے وَيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ) اہل علم کہتے ہیں کہ جب کسی کی ''کرم'' کے ساتھ تعریف کرتے ہیں تو اس کے تمام صفات خیر کی تعریف ہو جاتی ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظاہری' باطنی' ذاتی اور صفاتی محور پر صفات کرم کے ساتھ متصف ہیں۔

اور اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''العظیم'' ہے اس کے معنی جلیل الشان ہیں۔ اور ہر وہ چیز جو اس کے سوا ہے کمتر ہے۔ اور یہ نام اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی دیا گیا' فرمایا: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ یقیناً آپ کی خو بہت بلند ہے۔ اور توریت میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے پہلے سفر کے ضمن میں واقع ہوا ہے کہ: سَتَلِدُ عَظِيْمًا لِاُمَّةٍ عَظِيْمَةٍ (عنقریب اس کی عظمت والی والدہ کے لیے عظیم فرزند پیدا ہوگا) لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس عظیم اور آپ کی خو بھی عظیم ہے اور جب کسی صفت عظیم ہو تو اس کی ذات بھی عظیم ہوگی۔ آپ کے اخلاق شریفہ کے باب میں اس کی کچھ بحث گزر چکی ہے۔

اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الجبار'' ہے اور جبار کے معنی مصلح' قاہر، برتر، عظیم الشان اور متکبر کے آتے ہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے زبور کے چالیسویں باب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس نام سے یاد کیا گیا ہے۔ اور فرمایا: تَقَلَّدْ اَيُّهَا الْجَبَّارُ سَيْفَكَ فَاِنَّ نَامُوْسَكَ وَشَرِيْعَتَكَ مَقْرُوْنَةٌ بِهَيْبَتِكَ اے جبار! اپنی تلوار کو گردن میں اس لیے آویزاں کر رکھی ہے کہ آپ کی ناموس اور آپ کی شریعت ہیبت کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ پہلے اس کا تذکرہ کتب سابقہ کے ضمن میں گزر چکا ہے۔ اور اس کے معنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں صادق ہیں۔ اس بنا پر کہ آپ نے ہدایت و تعلیم سے اپنی امت کی اصلاح فرمائی۔ اور اپنے قہر سے اعداد دین کو مغلوب فرمایا اور آپ کا علو مرتبت اور عظیم منزلت تمام افراد بشر کے مقابلے میں عظیم کبر و بڑائی کو شامل ہے باوجود یہ کہ قرآن کریم میں جبر و تکبر کی آپ سے نفی کی گئی ہے کیونکہ یہ آپ کے حال و مقام کے لائق نہیں فرمایا: مَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الخبیر'' ہے اس کے معنی کنہ شے کے باخبر اور اس کی حقیقت کے جاننے والے کے ہیں۔ اس تقدیر پر یہ علیم کے معنی میں ہوگا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خبیر بمعنی مخبر یعنی خبر دینے والے کے ہیں اور حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم دونوں معنی میں خبیر ہیں۔ اس لیے کہ حق تبارک و تعالیٰ کائنات اور اپنی معرفت کا عظیم علم جو کچھ آپ کو مرحمت فرمایا ان تمام علوم سے آپ باخبر و مطلع ہیں اور آپ نے اپنی امت کو ان تمام خبروں کا علم دیا جن کے بتانے اور خبر دینے کی اجازت حق تبارک و تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی۔ لہٰذا آپ خبیر بمعنی مطلع اور خبر دیے ہوئے اور خبیر بمعنی مخبر یعنی خبر دینے والے دونوں ہیں۔ نام خبیر سے آپ کو موسوم فرمانا اس آیت کریمہ میں ہے کہ: فَاسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا۔ اسے تم خبیر سے معلوم کرو اور خبیر سے یہاں مراد ایک تفسیری قول کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الفتاح'' ہے اس کے معنی بندوں کے درمیان حاکم ہونا اور رزق و رحمت کے دروازوں کو کھولنے والے کے ہیں اور مخلوق پر کارہائے بستہ کو کھولنے والے اور ان کے قلوب و بصائر کو معرفت حق کے لیے کھولنے والے کے بھی ہیں۔ اور ناصر و مددگار کے معنی میں بھی آیا ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اَیْ تَسْتَنْصِرُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ النَّصْرُ۔ اگر تم مدد مانگو تو بے شک تمہارے پاس مدد آ گئی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام فاتح رکھا۔ شب معراج کی حدیث میں ہے جو ابو عالیہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ سے مروی ہے کہ: وَجَعَلَكَ فَاتِحًا وَّخَاتِمًا۔ اور بنایا تم کو فاتح اور خاتم۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود شکر نعمت حق کی ادائیگی میں فرمایا۔ ورفع لی ذکری وجعلنی فاتحا و خاتما۔ اور میرے ذکر کو رفعت بخشی۔ اور مجھے فاتح، خاتم بنایا۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم امت کے لیے فاتح ابواب رحمت ہیں۔ (اور مجھے فاتح و خاتم بنایا۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم امت کے لیے فاتح ابواب رحمت ہیں)۔ اور معرفت حق اور ایمان بخدا کے لیے ان قلوب و بصائر کے فاتح اور ناصر حق اور دین و ایمان کے نصرت دہندہ ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''الشکور'' ہے اس کے معنی ہیں عمل قلیل پر جزائے کثیر و وافر دینا اور بعض کہتے ہیں فرماں برداری پر تعریف و توصیف کرنا۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود شکور سے اپنی توصیف فرمائی ہے اور فرمایا ''اَفَلَا اَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا''

کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔'' مطلب یہ کہ میں حق تبارک وتعالیٰ کی نعمتوں کا معترف اور اس کی قدر و قیمت کا جاننے والا ہوں اس پر حمد وشکر بجالانے والا ہوں۔ اور یہ ظاہر ہے کہ شکور سے اپنی توصیف فرمانا خدا کے اذن اور اس کے حکم سے ہے۔

اسماء الٰہی میں سے ''العلیم' علام اور عالم الغیب والشہادہ ہے۔ اور حق تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی توصیف' علم کے ساتھ فرمائی۔ اور آپ کو اس میں فضیلت وخیریت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری ہے: وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا

اے حبیب! جو کچھ تم نہ جانتے تھے وہ سب تمہیں بتایا اور اللہ کا فضل تم پر بہت بڑا ہے اور فرمایا ویعلمکم الکتب والحلمۃ وہ تمہیں کتاب وحکمت سکھاتا ہے: وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ اور سکھایا تم کو وہ سب کچھ جو تم نہ جانتے تھے۔

اسماء الٰہی میں سے الاوّل اور الآخر ہیں۔ اول کے معنی سابق در وجود اور باقی بعد از فنائے مخلوق اور حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے نہ اول ہے اور نہ آخر۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تخلیق عالم میں اول انبیاء ہیں اور بعث میں ان سب کے آخر اس کی طرف حق تعالیٰ نے اس آیۂ کریمہ میں اشارہ فرمایا کہ: وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ ۔ اور جب ہم نے نبیوں سے ان کا عہد لیا تم سے بھی اور نوح وابراہیم سے بھی.....' اس لیے کے حق تعالیٰ نے آپ کے ذکر کو حضرت نوح وابرہیم علیہما السلام پر مقدم فرمایا۔ نیز فرمایا: نَحْنُ الْاٰوَّلُوْنَ السَّابِقُوْنَ ۔ ہم پچھلوں میں اوّلیت رکھتے ہیں اور امور وکثیرہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولیت ثابت ہے اور فرمایا: اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ میں اول ہوں جس کے لیے زمین شق ہوگی وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَّاَوَّلُ مُشَفَّعٍ میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا اور اول شافع اور اول مقبول الشفاعۃ ہوں۔

اسماء الٰہی میں سے القوی اور ذوالقوۃ المتین ہیں ان کے معنی قادر کے ہیں اور حق تعالیٰ نے ان اوصاف کے ساتھ آپ کی تعریف فرمائی ہے فرمایا: ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۔ قوت والا صاحب عرش کے قریب قیام فرمانے والا۔ مفسرین کہتے ہیں کہ اس سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جبریل ہیں' یا اسے دونوں کے لیے مشترک گردانتے ہیں کیونکہ یہ صفت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص نہیں ہے۔

اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''صادق'' ہے اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف صادق ومصدوق سے آئی ہے۔ اسماء الٰہی میں سے ولی اور مولیٰ'' ہیں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اللہ اور اس کا رسول تمہارا ولی ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَنَا وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ میں ہر مسلمان کا ولی ہوں اور فرمایا: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ میں جس کا مولا ہوں اس کے مولا علی ہیں۔ اس جگہ مراد محبت کرنے والا اور مدد کرنے والا ہے اور اسماء الٰہی میں ایک نام ''عفو'' ہے اس کے معنی معاف کرنے والے اور تقصیر وگناہ سے درگزر کرنے والے کے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو عفو ودرگذر فرمانے کا حکم قرآن وتوریت میں دیا ہے۔ فرمایا: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ عفو کو لازم کرو اور نیکی کا حکم دو اور فرمایا: فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۔ ان کو معاف کرو اور درگذر کرو۔ توریت وانجیل میں آپ کی صفت میں ہے۔ لَيْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِيْظٍ وَّلٰكِنْ يَّصْفَحُ وہ نہ تند خو ہیں اور نہ بدمزاج بلکہ معاف فرماتے اور درگزر کرتے ہیں۔''

اسماء الٰہی میں سے ایک نام الہادی ہے۔ اس کے معنی ہیں بندوں میں سے جو مانگے اسے توفیق دینے والا۔ اور ہدایت بمعنی راہ دکھانا ہے۔ ارشاد باری ہے: وَاللّٰهُ يَدْعُوْا اِلٰى دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔ اور صراط مستقیم کی راہ دیکھاتا ہے جسے چاہے۔'' اور فرمایا: وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ بلاشبہ یقیناً آپ

صراط مستقیم کی راہ دکھاتے ہیں اور فرمایا: وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ اس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والے، لیکن پہلے معنی حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور دوسرے معنی حق تعالیٰ اور اس کے نبی کے درمیان مشترک ہیں۔

اسماء الٰہی میں سے ''اَلْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ'' ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ دونوں اسم کے ایک ہی معنی ہیں لہٰذا مومن کے معنی حق تعالیٰ کے لیے اپنے ان وعدوں کا پورا کرنا ہے جو اپنے بندوں سے کیے اور اپنے قول کی تصدیق کرنا ہے کہ وہ حق ہے۔ اور مومن رسولوں کی تصدیق کرتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اپنی ذات کی یکتائی اور اپنی الوہیت کے امین کے ہیں۔ اور یہ مومن کا صیغۂ تصغیر ہے گویا ہمزہ کو ہاء سے بدل دیا گیا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مہیمن کے معنی شاہد و حافظ کے ہیں۔ اور یہ کہ جو دوسروں کو خوف سے محفوظ رکھے اور حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم بھی امین مہیمن اور مومن ہیں۔ حق تعالیٰ نے آپ کا نام امین رکھا اور فرمایا ''مَطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ'' اور حضور قبل از نبوت اور بعد از نبوت صفت امین سے مشہور و معروف تھے اور آپ کا نام آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آپ کی مدح میں ایک شعر میں مہیمن لیا اور حق تعالیٰ نے فرمایا: وَيُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ مطلب یہ کہ تصدیق فرماتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَنَا اَمَنَةٌ لِّاَصْحَابِیْ۔ میں اپنے صحابہ کی جائے پناہ ہوں۔

صاحب مواہب کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ۔ اور ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی جو ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور آپ اس پر نگہبان ہیں۔ مجاہد سے منقول ہے کہ اس جگہ مہیمن سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں گویا فرمایا: جَعَلْنٰكَ يَا مُحَمَّدُ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو ہم نے اس پر نگہبان بنایا۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

اسماء الٰہی میں سے ایک نام ''مقدس'' ہے۔ اس کے معنی ہر عیب و نقص اور سمت و جہات حدوث سے پاک و منزہ ہیں اور انبیاء علیہم السلام کی کتابوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مبارک میں مقدس بمعنی گناہوں سے پاک وصاف واقع ہوا ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ یا یہ کہ عادات ذمیمہ اور صفات دنیہ سے مقدس ہیں یہاں تک کہ آپ کی اتباع سے لوگ مقدس و مطہر ہو گئے جیسا کہ فرمایا: وَيُزَكِّيْهِمْ لوگوں کو پاک وصاف فرماتے ہیں۔

اسماء الٰہی میں سے ایک نام العزیز ہے اس کے معنی یا تو کسی کا اس پر غالب آنا محال ہے یا یہ کہ ''اس کا کوئی نظیر نہیں'' یا یہ کہ وہ دوسروں کو عزت دیتا ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اسی معنی کو حق تعالیٰ کے ارشاد سے استدلال کیا ہے کہ: وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ۔ مطلب یہ کہ جب یہ مسلم ہے کہ خدا اور اس کے رسول کے لیے عزت ہے اور خدا عزیز اور معز ہے تو رسول خدا بھی عزیز و معز ہوئے۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے لیے بھی عزت ثابت کی گئی اور اسی کے بعد فرمایا ''وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ'' (اور مسلمانوں کے لیے عزت ہے) اس لحاظ سے یہ صفت اور یہ نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی مخصوص نہیں ہے۔ اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کی غرض اثبات اختصاص ہے۔ اور تعجب ہے کہ یہ نکتہ ان کے انداز بیان سے کیسے پوشیدہ رہ گیا۔ (انتہی) اور میں صاحب مدارج بتوفیق الٰہی کہتا ہوں کہ مسلمانوں کے لیے اس کا اثبات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعث و طفیل میں ہے نہ کہ اصالۃً اور مستقلاً۔ لہٰذا یہ اختصاص کے منافی نہیں ہے۔ نیز قاضی عیاض کی غرض اثبات اختصاص نہیں ہے اور وہ بلا شبہ ثبوت کے ساتھ اس کے قائل ہیں کہ بعض حق تعالیٰ کے اسماء و صفات مشترک ہیں اور بعض دوسرے نبیوں میں بھی ہیں۔ جیسے حضرت نوح علیہ السلام کے لیے شکور اور حضرت اسماعیل و ابراہیم علیہما السلام کے لیے علیم و حلیم اور حضرت یوسف و موسیٰ علیہما السلام کے لیے حفیظ و علیم اور کریم۔ جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام عزیز کا اثبات اگر اس آیت سے کریں کہ: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ۔

اورعزیز پر وقف کریں جیسا کہ ایک قرأت میں ہے تو یہ واضح اور بے تکلف ہے اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے اپنے آپ کو بشارت اور نذرات کے ساتھ موصوف فرمایا چنانچہ فرمایا' یُبَشِّرُهُمْ بِیَحْیٰی (اللہ تمہیں یحییٰ کی بشارت دیتا ہے) اور فرمایا: یبشرک بکلمۃ منہ (تمہیں اپنے کلمہ کی بشارت دیتا ہے) اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام بھی مبشر' بشیر اور نذیر رکھے اور یہ ظاہر ہے اور بعض مفسرین کے نزدیک طٰہٰ اور یٰسٓ حق تعالیٰ کے اسماء میں سے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء میں ان باتوں کے ہونے کا قول مشہور ہے کیونکہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کر کے استنباط فرمایا ہے۔ اور یہ متحقق ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اوصاف الٰہی کے ساتھ متصف اور اخلاق الٰہی کے ساتھ متخلق ہیں اور یہ بات بعض اکمل اولیاء کو بھی آپ کے اتباع میں حاصل ہے اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اثبات تسمیہ کا قصد کیا ہے اور وہ جو آپ کا ذکر کتاب وسنت اور کتب مقدسہ میں ہے ان کا بیان کرنا مقصود ہے وہ پیچھے گزر چکا ہے۔ اس بحث کا تتمہ جو اسماء حسنیٰ کی شرح میں لکھا ہوا ہے وہیں تلاش کریں۔ (واللہ اعلم)۔

تنبیہ: قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اس کلام کے بیان کرنے کے بعد ایک نکتہ پر تنبیہ فرماتے ہیں اور اسے اپنے کلام کا ضمیمہ بنا کر فرماتے ہیں کہ آگاہ ہو اور جانو کہ میں نے جو کچھ بیان کیا ہے اور اس فصل کو جس انداز سے بیان کیا اور جس پر میں نے اس باب کو قائم کیا ہے اب میں اس سے ہر ضعیف الوہم اور سقیم الفہم کے اشکال واشتباہ کو دور کرتا ہوں اور ان تشبیہ کے وسوسوں سے اسے چھٹکارا دلاتا ہوں۔ جو اسے مشبہ وغیرہ میں ڈالتا ہے وہ یہ ہے کہ ہر بندہ یہ اعتقاد رکھے کہ اللہ عزاسمہ اپنی عظمت وکبریائی میں مخلوقات میں کسی چیز سے مشابہ نہیں ہے۔ اور اپنے اسماء حسنیٰ اور صفات علیٰ میں کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں ہے اور شریعت میں جن صفتوں کا خالق اور مخلوق میں اطلاق کیا گیا ہے ان میں تشابہ اور تماثل حقیقی معنی میں نہیں ہیں اس لئے کہ خالق کی صفات قدیم مخلوق کی صفات کے برخلاف ہیں کیونکہ مخلوق کی صفات حادث ہیں۔ اور یہ کہ مخلوق کی صفات اعراض واغراض سے جدا نہیں۔ اور حق تعالیٰ اس سے منزہ وپاک ہے۔ اس مقصد میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ازبس کافی ہے کہ: لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ (کوئی شئ اس کی مثل نہیں) اور حق تعالیٰ ان علماء عارفین اور محققین توحید کو جزائے خیر دے۔ جنہوں نے کہا کہ حق تعالیٰ کی ذات میں نہ کوئی ذات مشابہ ہے اور نہ اس کی صفات میں کسی کی صفات مماثل ہیں۔ اس نکتہ میں مزید اضافہ کرنے کا ہمارا مقصد یہ ہے کہ بندہ اعتقاد رکھے کہ اس کی ذات کی مانند کوئی ذات ہے اور نہ اس کی صفات کے مانند کوئی صفت ہے۔ اور نہ اس کے نام کی مانند کوئی نام ہے۔ اور نہ اس کے فعل کی مانند کوئی فعل ہے مگر صرف اتنا کہ لفظ کی لفظ کے ساتھ ظاہری موافقت ہے۔ حق تعالیٰ کی ذات قدیم برتر ومنزہ ہے کہ اس کی صفت حادث ہے۔ اسی طرح یہ بھی محال ہے کہ کسی حادث ذات کے لیے کوئی قدیمی صفت ہو۔ یہ سب اعتقاد اہل حق وسنت وجماعت کا مذہب ہے (رضی اللہ عنہم) بلاشبہ امام ابوالقاسم قشیری رضی اللہ عنہ نے اس ذیلی قول کی تحقیق وتفسیر فرمائی ہے۔ اور اس پر اور زیادہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ نقل اعتقاد تمام مسائل توحید پر مشتمل ہے کس طرح سے اس کی ذات مقدسہ کو ذوات محدثہ سے تشبیہ دی جاسکتی ہے۔ اس کی ذات اپنے وجود میں سب سے مستغنی ہے۔ اور کس طرح سے اس کے فعل کو مخلوق کے افعال سے مشابہت دی جاسکتی ہے حالانکہ حق تعالیٰ کے افعال جلب کمال یا دفع نقص کے بغیر حاصل ہوئے۔ نہ اعراض واغراض کی موجودگی ہے اور نہ مباشرت ومعالجہ کا ظہور ہے۔ برخلاف افعال مخلوق کے۔ وہ ان وجوہ سے باہر نہیں۔ مشائخ عظام فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کے بارے میں تمہارے اوہام جو بھی خیال باندھیں اور تمہاری عقلیں جو بھی تصور کریں وہ سب تمہاری مانند محدث ہیں۔ امام ابوالمعالی جوینی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں جو شخص جس تصوری وجود سے مطمئن وسکون پائے اور ان کی فکر جہاں تک بھی پرواز کرے وہ سب مشبہ ہے اور جو اس کے نفی محض سے مطمئن ہو وہ معطلہ ہے اور جو شخص کسی تصوری وجود سے ماوریٰ جانے اور ادراک حقیقت سے اپنے عجز کا اعتراف کرے وہی موحد ہے۔ حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کا کتنا اچھا قول ہے کہ حقیقۃ التوحید ان تعلم

قدرتہ معالی فی الاشیاء بلا علاج وصنعہ بہا بلا مزاج۔'' یعنی توحید کی حقیقت یہ ہے کہ اس کی قدرت کو ایسا جانے کے بغیر ذریعہ کے اشیاء میں معانی ہیں۔ اور بغیر آلات واسباب کے اس نے انہیں ناپا ہے: وَعِلَّةُ كُلِّ شَيْءٍ صُنْعُهُ وَلَا عِلَّةَ بِصُنْعِهِ۔

ہر چیز کی علت اور سبب، حق تعالیٰ کا فعل اور اس کی کاریگری ہے اور اپنی صنعت سے اسے کوئی غرض وعلت نہیں ہے۔ اور وہ جو تمہاری عقل تصور باندھے تو اللہ اس کے خلاف ہے اور جو صورت تمہارا وہم وخیال بنائے وہ اس کے برخلاف ہے۔ یہ کلام عمدہ یقینی اور محقق ہے اور فضیلت آخری قول کو ہے یعنی جو حضرت ذوالنون مصری نے کہا ہے کہ: مَا تَصَوَّرَ فِي وَهْمِكَ فَاللهُ بِخِلَافِهِ۔ یعنی تمہارے وہم میں جو تصور آئے تو وہ اس کے برخلاف ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ۔ کی تفسیر ہے۔ اور وہ پہلا قول کہ: عِلَّتُ كُلِّ شَيْءٍ صُنْعُهُ وَلَا عِلَّةَ بِصُنْعِهِ۔ (ہر شی کی علت وسبب اس کی کاریگری ہے اور اسے اپنی صنعت سے کوئی علت وغرض نہیں) یہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ (جو وہ فعل کرتا ہے کوئی اسے سے پوچھنے والا نہیں اور ساری مخلوق جواب دہ ہے) کی تفسیر ہے اور تیسرا قول حق تعالیٰ کے اس ارشاد کی تفسیر ہے کہ فرمایا: اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَا اَرَدْنَاهُ اَنْ يَّقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ کسی چیز کے لیے ہمارا فرمانا یہ ہے کہ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اور تم سب کو توحید اور اثبات تنزیہہ پر ہمیشہ قائم رکھے اور ہر گمراہی و بے دینی اور تعطیل وتشبیہہ سے اپنی رحمت وکرم سے دور اور محفوظ رکھے۔ آمین۔ اس فصل میں قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا یہ ترجمہ ہے اور یہ کلام اصل اصول دین ہے انتہی، مشکوٰۃ میں اسماء باری تعالیٰ کے ضمن میں مشائخ عظام کے کلام کو اس سے زیادہ نقل کیا گیا ہے۔ (واللہ اعلم)

چار سو سے زیادہ اسماء سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم

وصل: صاحب مواہب لدنیہ نے کتاب وسنت اور کتب سماویہ سے چار سو سے زائد اسماء شریفہ بترتیب حروف تہجی بیان کیے ہیں ہم بھی ان کا ذکر کر کے برکت حاصل کرتے ہیں اگرچہ طویل ہیں اور بعض اسماء مکرر بھی ہیں لیکن اس جگہ ذوق وحلاوت کا معاملہ ہے۔ طول وتکرار نظر میں نہیں ہے۔ مشتاق کو چاہیے کہ مونس جان اور ورد زبان خود بنائے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ محمد رسول الله' الامر بالله' الابطحی، اتقی الناس، الاجود، اجود الناس، الاحد، الاحسن، احسن الناس' احمد، احید' الآخذ بالحجرات، اخذ الصدقات، الآخر' الاخشی، لله اذن خیر' ارحج الناس عقلا، ارحم الناس بالعیال، الازہر، الاسلم' اسلم الناس، اشجع الناس' الاصدق فی الله' اطیب الناس ریحاً، الاغربا لله' اکثر الناس تبعاً، الاکرم' اکرم الناس' اکرم ولد آدم، المص، امام الناس، امام المتقین' امام النبیین، الامام' الأمر' الأمن، امنة اصحابه' الامین' الامی' انعم الله' اول شافع' اول المسلمین، اول المشفع' اولیٰ للمسلمین، اول من نیشق الارض، (ب) البار، الباسط' الباطن، البر، البرهان' بشر، بشریٰ، البشیر، البصیر، البلیغ، بالغ البیان' البینه (ت) التالی، التذکرہ' المتقی، التنزیل' التهامی' (ث) اثنین، (ج) الجبار، الجد، اجود، الجامع، جوامع الکلم، (ح) حاتم، حزب الله، الحاشر' الحافظ' الحاکم بما اراه الله' الحامد، حامل لو ا رالحمد' الحامد لامة عن النار' الحبیب' حزب الله' الحفی، الحفیظ' الحق، الحکیم، الحلیم، حماد' حمطایا، یا حمیاطا، حمعسق، الحمید، الحنیف، (خ) خاتم النبیین' خاتم المرسلین، الخاتم' الخازن کمال الله' الخاشع، الخاضع' الخالص' خطیب الانبیاء والا مم' خطیب الوافدین علی الله' الخلیل،

خلیل الرحمن، الخلیفه، خیر الا نبیاؑ خیر البریه، خیر خلق اللهؐخیر العالمین، خیرالناس، خیر هذه الامه(د) دارالحکمه، الداعی الی اللهؐ دعوة ابراهیمؑ دعوة النبیین، دلیل الخیرات، (ذ) ذخیرة اللهؐ الذاکر، الذکر، ذکر اللهؐ ذوالحوض المورود، ذوالخلق العظیم، ذواالصراط المستقم، ذوالقوة، ذوفضل، ذوالمعجزات، ذوالمقام الحمود، ذوالوسیله، (ر) الراضع، الراضی، الرافع، راکب البراق، الراهب، راکب البعیر، راکب الجمل، راکب الناقه، راکب النجیب، الرحمة، رحمة الامته، رحمة للعلمین، رحمة مهداة، الرحیم، الرسول، الراحه، رسول الرحمته، رسول الله، رسول الملاحم، الرشید، الرافیع، رافع المراتب، رفیع الدرجات، الرقیب، روح الحق، روح القدس، الرؤف، رکن المتواضعین، (ز) الزاهد، زعیم الانبیاء، الزکی، زین العباد، الزمزمی، زین من وافی القیمه(س)السابق، السابق بالخیرات، سابق العرب، الساجد، سبیل اللهؐ السراج، المنیر، السعید، سعدالله، سعد الخلائق، السمیع، السلام، اسیّد، سیدولدآدم، سید المرسلین، سید الناس، سید الکونین، سید الثقلین، سیف الله المسلول، سید الفریقین، (ش) الشارع، الشافع، الشفیع، الشاکر، الشاهد، الشکار، الشکور، الشمس، الشهید، (ص) الصابر الصاحب، صاحب الآیات، صاحب المعجزات، صاحب البرهان، صاحب البیان، صاحب التاج، صاحب الجهاد، صاحب الحجه، صاحب الخطیم، صاحب الحوض المورود، صاحب الخاتم، صاحب الخیر، صاحب الدرجة الرفیعه، صاحب الرداء،صاحب الازواج الطاهرات، صاحب السجودلرب المحمود، صاحب البرایا، صاحب السطان، صاحب السیف،صاحب الشرع، صاحب الشفاعة الکبریٰ، صاحب العطایا، صاحب العلامات الباهرات، صاحب العلو والدرجات، صاحب الفضیله، صاحب الفرح، صاحب النقیب، صاحب القضیب الاصغر، صاحب قول لااله لاالله، صاحب القدم، صاحب الکوثر، صاحب اللواء، صاحب المحشر، صاحب المقام المحمود، صاحب المنبر، صاحب المحراب، صاب النعلین، صاحب الهراوة، صاحب الوسیله، صاحب المدینه، صاحب المظهرالمشهور، صاحب المعراج، صاحب المغفر، صاحب النعیم، صاحب الصادق، الصبور، الصدق، صراط الله، صراط الذین انعمت علیهم، الصراط المستقیم، الصفوح عن الزلات الصفوة، الصفیّ الصالح (ض) الضارب بالجام المثلوم، الضحاك الضحوك، (ط) طالب، الطاهر، الطیب، طٰس، طٰم، طٰه، الطیب، (ظ)الظاهر الظفور، الظاهر، (ع) العابد، العاید، العادل، العظیم، العافی، العاقب، العالم، علم الایمان، علم الیقین، العالم بالحق، العامل، عبدالله، العبد الکریم، عبدالجبار، عبد الحمید، عبدالمجید، عبدالوهاب، عبدالغفار، عبدالغیاث، عبدالخالق، عبدالرحیم، عبدالرزاق، عبدالسلام،عبدالقادر، عبدالقدوس، عبدالقهار، عبدالمهیمن، العدل، العربی، العروة الوثقی، العزیز، العطوف، العفو، العلیم، العلی، عین الفرغ، (غ) الغالب،الغفور، الغنی، الغنی بالله، الغیث، الغوث، الغیاث(ف) الفاتح، الفاتح، الفارقلیط، الفاروق، فاروق، الفتاح، الفخر، الفرط، الفصیح، فضل الله، فاتح النور، (ق) القاسم، القاضی، القانت، قائد الخیر، قاید الغرالمحجلین، القایل، القایم، القتال، القتول، قثم، القثوم، قدم الصدق، القرشی، القریب، القمر، القیم، وکنیتهٗ ابوالقاسم، لِاَنَّهٗ یقسم الجنة بین اهلها،(ك) کافة للناس، الکفیل، الکامل فی جمیع اموره، الکریم، کهیٰعص، (ل) اللسان، (م)الماجد، ماذون، الماحی، الماحول، المسانح، المبارك، المبتهل، المبر،

المبشر، مبشر الیائسین، المبعوث بالحق، البلغ، المبین، المتین، المیل، المریض، المخصوص، المترحم، المتضرع، المتقی، المتلو علیه، المتجهد، المتوکل، المثبت مستجاب، مجیب، المجتبیٰ، المجیر، المحرص، المحرم، المحفوظ، المحلل، محمد، المحمود، المخیر، المختار، المخصوص بالشرف، المخصوص بالعز، المخصوص، بالمجد، المخلص، المدثر، المدنی، مدنیة العلم، المذکر، المذکور، المرتضیٰ، المزمل، المرتحی، المرسوم، المترفع الدرجات، المر، المردد، المزکی، المسیح، المسعود، المستغفر، المستغنی، المستقیم، المسلم، المتبادر، المشفع، المشفوع، المسفح، المشهر، المیسر، المصباع، المصارع المصافح، مصحح الحسنات، المصدوق، المصطفیٰ، المصلح، المصلح، المصلیٰ علیه المصاع، الامطهر، المطلع، المطیع، المظفر، المعزز، المعصوم، المعطی، المقسط، للقصوص علیه المقضی مفضل العشیرات، مقیم السنته، بعد انقرة، للکرم، امکتفی، المکفی، المکین، المکی، الملاحمی، ملقی، القرآن، المنوح، المنادی، الامنصر، المنجی، المنذر، المنزل علیه، المخها، المتصف، المتصور، المنیب، المنبر، المومن، المولیٰ الموحیٰ، الیه، مودود، الموصل، الموقر، المولی، الموید، المومن، الموسر، المهاجر، المهتدی، المهدی، المیهمن، المبشر (ن) النابذ، الناجذ، الناس، الناسخ، الناشر، الناصح، الناطق، الناهی، نبی الاحمر، نبی الاسود، نبی التوبة، نبی الحرمین، بین الراحمة، النبی، الصالح، نبی الله، نبی المرحمه، نبی الملتحعه، نبی الملاحم، البنی، النجم، النجم الثاقب، نجی الله، النذیر، انسیب، نصح، ناصح، النعمه، نعمة الله، النقیب، النقی، النور، النور الذی لایطفاء (ه) الهادی، هدی، هدیة الله، الهاشمی، (و) الوجیهه، الواسط، الواسع، الواصل، الواضح، الواعد، الواعظ، الورع، الوسیله، الوافی، الوفی، الولی، الفضل، (ی) یثربی، یٰس، صلی الله علیه وسلم وعلی آله واصحابه واتباعه اجمعین۔"

کعب احبار سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک اہل جنت میں عبدالکریم اور اہل نار میں عبدالجبار، اہل عرش میں عبدالحمید اور فرشتوں میں عبدالمجید نبیوں میں عبدالوہاب شیاطین میں عبدالقہار اور حق کے نزدیک عبدالرحیم، پہاڑوں میں عبدالخالق، خشکی میں عبدالقادر، تری میں عبدالمہیمن، مچھلیوں میں عبدالقدوس، حشرات الارض میں عبدالغیاث، وحشیوں میں عبدالرزاق، درندوں میں عبدالسلام، چوپایوں میں عبدالمؤمن، پرندوں میں عبدالغفار، توریت میں موذموذ، انجیل میں طاب طاب، صحیفوں میں عاقب، زبور میں فاروق اور اللہ کے نزدیک طٰہٰ ویٰس اور مسلمانوں میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور ایسا آپ کی نیت ابوالقاسم ہے کیونکہ آپ جنت کو اہل جنت میں تقسیم فرماتے ہیں اور ایسا ہی حسین بن محمد والد المعالی سے کتاب "سوق العروس وانس نفوس" میں منقول ہے۔

آگاہ رہنا چاہیے کہ کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اجمل الخلائق، اکرم بشر، سید ولد آدم اور افضل انبیاء ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو دو قسموں پر تقسیم فرمایا۔ اور مجھے ان دونوں میں بہتر میں رکھا۔ اور یہ دو گروہ وہ ہیں جن کے بارے میں فرمایا: اَصْحَابُ الْیَمِیْنِ وَاَصْحَابُ الشِّمَالِ۔

اور میں اصحاب یمین اور اصحاب شمال میں سے بہترین میں رہا اس کے بعد ان دونوں قسموں کو تین پر تقسیم فرمایا۔ اَصْحَابُ الْمَیْمَنَةِ اَصْحَابُ الْمَشْئَمَةِ اور اَلسَّابِقُوْنَ. تو میں سابقوں میں سے ہوں پھر ان قسموں کو قبیلوں میں تقسیم فرمایا تو مجھے اس قبیلہ میں رکھا جو بہترین قبیلہ تھا۔ اور یہ اللہ کے اس قول میں ہے: وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاکُمْ۔ تو اولاد آدم کے اتقی میں ہوں اور اللہ عزوجل کے نزدیک اکرم ہوں وَلَا فَخْرَ۔ اسکے بعد ان قبیلوں کو خاندانوں میں تقسیم کیا تو مجھے بہترین

خاندان میں رکھا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہے لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔

ایک اور حدیث میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزندوں میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو منتخب فرمایا۔ اور اولاد اسمٰعیل میں سے بنی کنانہ کو اور بنی کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم اور بنی ہاشم سے مجھ کو برگزیدہ فرمایا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ فرمایا اپنے رب کے نزدیک اور اولاد آدم میں میں مکرم ہوں اور یہ فخر یہ نہیں ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ میں اوّلین اور آخرین سب میں مکرم ہوں اور یہ فخر یہ نہیں ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے حاضر ہو کر کہا میں نے زمین کے مشارق و مغارب کو چھان ڈالا ہے۔ میں نے کسی کو نہ دیکھا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے فاضل تر ہو اور کسی باپ کے فرزندوں کو نہ دیکھا کہ فرزندان ہاشم سے فاضل تر ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو مجھے حضرت آدم علیہ السلام کے صلب میں رکھ کر زمین پر اتارا۔ مطلب یہ کہ جب وہ زمین پر اتارے گئے تو میں ان کی صلب میں تھا اور مجھے حضرت نوح علیہ السلام کے صلب میں کشتی میں رکھا پھر مجھے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صلب میں منتقل فرمایا اس کے بعد مجھے اصلاب کریمہ سے ارحام طاہرہ کی طرف منتقل کیا جاتا رہا یہاں تک کہ میں اپنے والدین کریمین سے باہر آیا۔ اور میرے آباؤ اجداد کبھی زنا پر مجتمع نہ ہوئے۔ اور اس مفہوم کی طرف حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں اپنے اس قصیدہ میں اشارہ فرمایا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں انتہائی فصیح و بلیغ کہا ہے۔ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عباس رضی اللہ عنہ انتہائی غصہ میں حضور کے پاس آئے۔ گویا انہوں نے کافروں سے کوئی ایسی بات سنی تھی جو حضور کی نسبت طعن و تشنیع میں کہہ رہے تھے اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے عباس! (رضی اللہ عنہ) کس بات نے تم کو غصہ دلایا، انہوں نے جو کچھ سنا تھا عرض کیا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور منبر پر تشریف لائے اور ان لوگوں سے فرمایا جو وہاں موجود تھے۔ میں کون ہوں۔ سب نے عرض کیا آپ اللہ کے رسول ہیں۔ فرمایا: میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں۔ بلا شک و شبہہ حق تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا تو مجھے بہترین خلق میں رکھا، اور خلق کو دو فرقوں میں یعنی عرب و عجم میں تقسیم کیا تو مجھے بہترین فرقہ یعنی عرب میں برگزیدہ فرمایا۔ اور ان کو قبائل میں تقسیم کیا تو مجھے بہترین قبیلہ میں گردانا اور جب ان کو گھروں میں خاندانوں میں تقسیم فرمایا تو مجھے بہترین گھر اور خاندان میں رکھا۔ لہٰذا از روئے ذات، میں بہترین خلق ہوں اور از روئے نسب ان سب میں بہتر ہوں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حق تعالیٰ نے بندوں کے دلوں کی طرف نظر ڈالی تو قلب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان میں سے پسند فرمایا۔ پھر آپ کو اپنے لیے برگزیدہ فرما کر اپنی رسالت سے سرفراز فرمایا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان والوں اور تمام انبیاء علیہم السلام پر فضیلت دی۔ لوگوں نے پوچھا آسمان والوں پر فضیلت کس طرح ہے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان والوں سے فرمایا: مَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ان میں سے جو یہ کہے گا کہ میرے سوا کوئی اور معبود ہے تو اسے ہم جہنم کی سزا دیں گے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ گویا کہ تمام آسمان والے معرض خوف عقاب و عتاب میں ہیں۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغفور و مامون ہیں۔ پھر ان سب لوگوں نے کہا انبیاء علیہم السلام پر آپ کو فضیلت کیسے حاصل ہے۔ فرمایا: حق تعالیٰ نے تمام نبیوں کے لیے فرمایا: وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ ہم نے رسول کو اسکی قوم کی زبان میں بھیجا اور تمام رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارے میں فرمایا۔ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ۔ اور آپ کو تمام لوگوں کی طرف رسول بنایا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات وکرامات کچھ تو وہ ہیں جن کے انوار وآثار اس عالم میں ظاہر وروشن ہیں اور کچھ وہ ہیں جن کا ظہور آخرت میں روز قیامت ہوگا۔ وہ درحقیقت اسی دن ظاہر ہوگا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم محبوب الٰہی، سرورِ کائنات اور مظہر فیوض نامتناہی باری تعالیٰ جل وعلیٰ ہیں اور یہ کہ حق تعالیٰ کی جانب سے خلیفہ رب العٰلمین اور نائب مالک یوم الدین ہیں اور اس دن جو مقام آپ کا ہوگا اور کسی کا نہ ہوگا اور جو عزت ومنزلت آپ کی ہوگی کسی کی نہ ہوگی۔ اور بحکم رب العٰلمین وہ دن آپ ہی کا دن اور حکم آپ ہی کا حکم ہوگا۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔ اور یقیناً آخرت آپ کے لیے پہلے سے بہتر ہے اور بہت جلد آپ کا رب اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

ابواب سابقہ میں جو باتیں مذکور ہوئیں چونکہ وہ قسم اول یعنی اس جہاں سے متعلق تھیں اب ہم کچھ قسم ثانی یعنی آخرت سے متعلق حضور کے فضائل وکمالات بیان کرتے ہیں۔ (باللہ التوفیق)

باب ہشتم

عالم آخرت کے مخصوص درجات اور فضائل وکمالات

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو جس طرح ابتدائے آفرینش خلائق میں فضیلت دی اور تخلیق عالم کا آپ کو مبدأ ومنشاء قرار دیا اور عالم ارواح میں اول الانبیاء علیہم السلام بنایا اور روز الست ساری مخلوق سے پہلے آپ نے جواب الست دے کر اقرار ربوبیت باری تعالیٰ کیا اسی طرح اللہ تعالیٰ نے معاد وآخر کار میں آپ پر فضل وکمال کی مہر ثبت فرمائی تو آپ ہی وہ اول شخص ہیں جن کے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ زمین کو شق فرمائے گا اور آپ قبر انور سے اٹھیں گے اور عرصات محشر میں آپ ہی اول شفاعت کرنے والے اور مقبول الشفاعت ہوں گے۔ اور آپ ہی سب سے پہلے جمال رب العٰلمین کی زیارت سے مشرف ہوں گے اور ساری مخلوق اس وقت محجوب اور در پردہ ہوگی۔ اور آپ ہی وہ پہلے نبی ہیں جن کی امت کے بارے میں حکم دیا جائے گا اور آپ ہی سب سے پہلے اپنی امت کے ساتھ صراط سے گزریں گے اور آپ ہی سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے اور داخلہ جنت میں آپ کی امت تمام امتوں سے مقدم ہوگی۔ اور حق تعالیٰ آپ کو لطیف تحائف اور نفیس ظروف عطا فرمائے گا جو حد عدد وشمار سے خارج ہے۔

حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں سب سے پہلا شخص میں ہوں جب وہ قبروں سے اٹھائے جائینگے۔ اور میں ان کا خطیب ہوں گا جب کہ وہ بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوں گے اور میں بشارت دینے والا ہوں گا جب کہ وہ ناامید ہوں گے لواء حمد (حمد کا جھنڈا) میرے ہاتھ میں ہوگا اور اپنے پروردگار کے نزدیک میں اولاد آدم میں سب سے زیادہ مکرم ہوں۔ یہ فخریہ نہیں ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ میں ان کا قائد ہوں گا جب کہ وہ دردر کی ٹھوکریں کھا رہے ہوں گے اور میں ان کا خطیب ہوں گا جب کہ وہ خاموش ہو جائیں گے اور میں ان کا شفیع ہوں گا جب کہ رہ وہ روک دیئے جائیں گے۔ اور لواء کرم میرے ہاتھ میں ہے اور میرے گرد ہزار ایسے خادم حلقہ باندھے ہوں گے گویا وہ مروارید ناسفتہ ہیں۔ ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا مجھے حلہ بہشتی پہنایا جائے گا اس کے بعد میں جنت کی داہنی جانب کھڑا ہوں گا اس مقام میں میرے سوا کوئی مخلوق ایسی نہیں جو کھڑی ہو اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ فرمایا میں روز قیامت بہترین اولاد آدم ہوں گا۔ اور میرے ہاتھ میں لواء حمد ہو گا۔ اور یہ فخریہ نہیں' اس دن تمام بنی آدم ہوں یا ان کے سوا' سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے کہ فرمایا میں روز قیامت لواء حمد اٹھائے ہوئے ہوں گا۔ سب سے پہلے میں ہی جنت کی زنجیر کھٹکھٹاؤں گا۔ پھر وہ میرے لیے کھولی جائے گی اور میں اپنے فقراء مومنین کے ساتھ داخل ہوں گا میں اکرم اولین وآخرین ہوں اور یہ فخریہ نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں بہترین بنی آدم ہوں روز قیامت' اور تم مجھے اس حال میں پاؤں گے کہ اللہ تعالیٰ تمام اولین وآخرین کو جمع فرمائے گا اس کے بعد حدیث شفاعت بیان کی جو آگے آ رہی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا میں امید رکھتا ہوں کہ میں تمام نبیوں سے از روئے اجر روز قیامت عظیم ترین ہوں گا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ فرمایا کیا تم خوش نہیں ہو کہ تم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جلوہ فرما ہوں' اس کے بعد فرمایا روز قیامت وہ میری امت میں داخل ہوں گے۔ حضرت ابراہیم علیہ

السلام کہیں گے تم میری دعا ہو اور میری اولاد میں ہو اب مجھے تم اپنی امت میں داخل کرلو اور عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے میری دعا ہو اور تم میری اولاد میں ہو اب مجھے تم اپنی اُمت میں داخل کرلو اور عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے تمام انبیاء علاتی بھائی ہیں کیونکہ ان کے باپ ایک ہیں اور مائیں متعدد ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے تم میرے بھائی ہو۔ میرے اور آپ کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اوروں سے میں آپ سے زیادہ قریب ہوں اور یہ بھی فرمایا کہ روز قیامت میں اولاد آدم کا سردار ہوں' حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا و آخرت میں ان کے سردار ہیں۔ روز قیامت کی تخصیص اس بنا پر ہے کہ اس دن اس کے آغاز کا ظہور زیادہ ہوگا۔ اور اس بنا پر بھی کہ اس روز آپ نفع خلائق میں منفرد و یگانہ ہوں گے جس وقت کہ تمام لوگ مجتمع ہو کر آپ کے پاس آئیں گے اور آپ کی پناہ لیں گے اس وقت آپ کے سوا ان کا کوئی سید و سردار نہ ہوگا۔ سیدا سے کہتے ہیں جس کے آگے اپنی ضرورت و حوائج کو پیش کیا جائے۔ اس وقت آپ تمام بشر اور انسانوں میں منفرد ہوں گے۔ اس لیے کہ کوئی ایک بھی آپ کا مزاحم نہ ہوگا۔ اور نہ کوئی اس کا ادعا کر سکے گا یہ انفرادیت اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے مانند ہوگی کہ اس دن حق تعالیٰ فرمائے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (آج کس کی بادشاہت ہے اللہ ہی واحد قہار کی ہے) حالانکہ دنیا و آخرت میں بادشاہت اللہ تعالیٰ جل جلالہ ہی کی ہے لیکن آخرت میں مدعیوں کے وہ دعوے فنا ہو جائیں گے جو دنیا میں باعتبار ظاہر ادعا کرتے تھے ایسے ہی حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت میں تمام لوگ آپ کی پناہ چاہئیں گے تو آپ آخرت میں بلا دعوئے شرکت غیر سے ان سب کے سیّد و سردار ہوں گے۔ اسے صاحب الشفا نے بیان کیا ہے۔

مواہب لدنیہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے حدیث منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے میرے لیے زمین کھلے گی اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ کے لیے پھر میں اہل بقیع پر آؤں گا تو وہ قبروں سے اٹھیں گے۔ اس کے بعد میں اہل مکہ کی خاطر انتظار کروں گا۔ یہاں تک کہ دونوں حرموں کے درمیان کے لوگ محشور ہوں۔ ترمذی کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور حکیم ترمذی کی ''نوادر الاصول'' میں ابوحاتم کی روایت از ابن عمر رضی اللہ عنہما مذکور ہے کہ ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کاشانۂ اقدس سے اس شان سے تشریف لائے کہ آپ کے داہنی جانب حضرت ابوبکر اور بائیں جانب حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے پھر حضور نے فرمایا اسی شان کے ساتھ میں قیامت میں اٹھایا جاؤں گا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم براق پر سوار حشر میں تشریف لائیں گے اور تمام انبیاء دابہ پر ہوں گے۔ اور حضرت صالح علیہ السلام اپنی اونٹنی پر محشور ہوں گے اور حضرت خاتون جنت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دونوں صاحبزادے یعنی حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما میرے دونوں ناقہ عصباء اور قصواء پر محشور ہوں گے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ جنتی ناقہ پر حشر کیے جائینگے۔

طوافِ فرشتگان بر قبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم: کعب احبار کی حدیث میں ہے کہ روزانہ صبح طوع آفتاب سے قبل ستر ہزار فرشتے آسمان سے اترتے ہیں اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قبر انور کا طواف کرتے ہیں۔ وہ بازوؤں کو جنبش دیکر آپ پر درود و سلام عرض کرتے ہیں اور شام کے وقت آسمان پر چڑھ جاتے ہیں پھر اور ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں روزانہ اسی طرح ہوتا رہے گا یہاں تک کہ جس دن زمین کھلی جائے گی اور میں باہر آؤں گا تو ستر ہزار فرشتوں کا جھرمٹ مجھے گھیرے ہوگا اور مجھے وہ اس شان سے بارگاہِ رب العزت میں لے جائینگے جیسے دلہن کو براتی دولہا کے گھر جاتے ہیں۔

جامع الاصول میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں ہی سب سے اول ہوں جس کے لیے زمین شق ہوگی پھر حلہ بہشتی مجھے زیب تن کرایا جائے گا۔ ظاہر روایت یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اولیت الشقاق ارض اوکسوت حلہ دونوں میں ثابت ہے اور یہ جو دوسری روایت میں آیا ہے کہ ''مخلوق میں سب سے پہلے جسے حلہ پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور

بیہقی نے اور زیادہ نقل کیا ہے کہ خلق میں سب سے پہلے جسے حلہ پہنا دیا جائے گا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ ان کو جنتی حلہ پہنچایا جائے گا پھر کرسی لائی جائے گی اور عرش کی داہنی جانب رکھی جائے گی اس کے بعد مجھے حلۂ بہشتی پہنچایا جائے گا قبل اس کے کسی بشر کو حلہ بہشتی تقسیم کیے جائیں اور مجھے عرش کی داہنی جانب کرسی پر بٹھایا جائے گا۔ اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کو پہلے حلۂ بہشتی پہنانے کی تخصیص سے لازم نہیں آتا کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ہوں گے۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبر انور سے اپنے ہی لباس میں جلوہ افروز ہوں اور تعظیم و تکریم کی غرض سے ان برہنوں کے مقابلہ میں جو قبروں سے برہنہ نکلیں گے آپ کو حلۂ بہشتی ان سے پہلے پہنایا جائے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو برہنگی کی وجہ سے سب سے پہلے پہنایا جائے گا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولیت' حلہ کے پہنانے میں بقیہ خلائق سے ہوگی۔ اور حلیمی نے یہ جواب دیا جیسا کہ ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہلے حلہ پہنایا جائے گا اور ان کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنایا جائے گا تو معلوم ہونا چاہیے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حلہ ان سے اعلیٰ' انفس، اور مجلی ہوگا اور اس کی نفاست کی خبر حدیث میں دی گئی ہے۔

لیکن یہ جو اولیت کا فقدان نظر آ رہا ہے اس بارے میں بندۂ مسکین یعنی صاحب مدارج رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ انہیں مقام تمکین میں ثابت قدم رکھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے حلہ پہنانے میں تقدیم' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ابوت کی رعایت سے ہے کیونکہ آباء اس قسم کے امور میں اولاد پر مقدم و سابق ہوتے ہیں اور یہ امور حسیہ میں جزئی فضیلت ہے۔ اور دیگر فضائل معنویہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی فضیلت حاصل ہے۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کرسی پر بٹھایا جائے گا نہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے حلہ پہنانے کی تقدیم' نمرود کا آپ کو عریاں کرنے کے بدلے میں ہے۔ جس وقت کہ آپ کو آگ میں ڈالا گیا تھا کذا قیل واللہ اعلم، اور مشہور یہ ہے کہ لوگوں کا حشر' ننگے پاؤں، ننگے بدن اور ننگے سر ہوگا جیسا کہ بخاری میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے۔ اور حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ: كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ جیسا ہم نے پہلی مرتبہ پیدا فرمایا۔ اسی طرح دوبارہ انہیں اٹھائیں گے۔ اس ارشاد کا اشارہ بھی اسی طرف ہے لیکن ابوداؤد اور ابن حبان نے روایت کی ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اپنے انتقال کے وقت نئے کپڑے طلب فرمائے۔ اور پہنے اس کے بعد انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے میت کو ان کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرتا ہے اور صاحب مواہب لدنیہ' حارث بن ابی اسامہ اور احمد منیع سے روایت کرتے ہیں کہ مردے اپنے کفنوں میں اٹھائے جائیں گے اور انہیں میں ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے۔

ان حدیثوں کے اور بخاری کی حدیث کے درمیان جمع و تطبیق میں کہا گیا ہے کہ بعض مردے ننگے اٹھیں گے اور بعض کفن کے لباس وغیرہ میں اور بعض کہتے ہیں کہ مراد سیآت اعمال یعنی بدیاں جن پر انہیں اٹھایا جائے گا اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تاویل کو نہ پاس کے اور انہوں نے ظاہر حدیث پر عمل فرمایا۔ اور بعض اصحاب رسول ایسے ہیں جو اہل ظواہر میں سے تھے۔ اور وہ تاویلات کو نہیں پاتے تھے جیسے کے عدی بن حاتم نے روزے میں ''سفید و سیاہ ڈورے'' کی تاویل کو نا پایا تو رشتی نے یہی کہا ہے۔ ان حدیثوں پر مزید بحث مشکوٰۃ شریف کی شرح میں کی گئی ہے۔ (واللہ اعلم)

''لواء الحمد'': تنبیہ: ایطی فرماتے ہیں کہ ''لواء احمد'' سے مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد اور مقام محمود میں انفرادیت اور شہرت ہے جیسے کہ شفاعت کے ضمن میں معلوم ہوتا ہے اور اہل عرب شہرت کے مواضع پر لواء کو وضع کرتے ہیں جیسا کہ مروی ہے لِكُلِّ

غَادِرٍ لِوَآءٌ (ہر غدار کے لیے جھنڈا ہے) اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں جھنڈا ہی ہو اور اس کا نام ''لواء الحمد'' ہو۔

صاحب مواہب لدنیہ طبرانی سے ''ریاض النصرۃ'' میں ایک حدیث لاتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی مرتضیٰ سے فرمایا: اے علی! تم نہیں جانتے کہ میں ہی پہلا شخص ہوں گا جو روز قیامت خطبہ دیگا تو میں عرش کی داہنی جانب اس کے سایہ میں کھڑا ہوں گا اور مجھے جنتی حلہ پہنایا جائے گا آگاہ اور خبردار ہو کہ میری امت، سب سے پہلی امت ہوگی جس کا روز قیامت حساب کیا جائے گا اس کے بعد میں تمہیں بشارت دیتا ہوں کہ تم وہ پہلے شخص ہو کہ تمہیں بلایا جائے گا اور تمہیں لوگوں کا جھنڈا سپرد کیا جائے گا جس کا نام لواء حمد ہے۔ کیونکہ آدم اور تمام خلق کسی سایہ کی متلاشی ہوگی۔ وہاں میرے جھنڈے کا سایہ ہوگا۔ اور میرے لوائے مبارک کی درازی ایک ہزار چھ سو سال کی مسافت کے برابر ہوگی اس کا سنان یاقوت احمر کا اور اس کا قبضہ سفید چاندی کا اور اس کا ڈنڈا سبز مروارید کا ہوگا۔ اس کی زلفیں تین نور کی ہوں گی ایک زلف مشرق میں دوسری مغرب میں تیسری دنیا کے درمیان میں' اور ان میں تین سطر تحریر ہوں گی ایک پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، دوسرے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رب العٰلمین' تیسرے پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور ہر سطر کی درازی ہزار سال کے برابر اور اس کی پہنائی بھی ہزار سال کے برابر' تو اے علی رضی اللہ عنہ اسے میں تمہارے سپرد کروں گا۔ اور امام حسن رضی اللہ عنہ تمہارے داہنی جانب اور امام حسین رضی اللہ عنہ تمہارے بائیں طرف کھڑے ہوں گے۔ یہاں تک کہ تم میرے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان عرش کے سایہ میں کھڑے ہو گے۔ اور تمہیں جنت کا جوڑا پہنایا جائے گا۔ ابن سبع نے خصائص میں روایت کیا ہے کہ عبداللہ بن رضی اللہ عنہ سلام نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے ''لواء حمد'' کی توصیف میں دریافت کیا کہ وہ کیسا ہوگا؟ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی درازی ایک ہزار چھ سو برس کی مسافت ہے۔ (آخر حدیث تک)

مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ حافظ قطب الدین حلبی نے کہا ہے کہ محب بن الہیا یم نقل کرتے ہیں کہ یہ حدیث موضوع ہے'' اور اس حدیث میں وضع کے آثار ہیں واللہ اعلم بحقیقۃ لواء الحمد'' (بندۂ مسکین عفی عنہ صاحب مدارج) کہتا ہے کہ ان کا قول واللہ اعلم بحقیقۃ لواء الحمد حق ہے لیکن حدیثوں میں تعبیر حقائق' ان صورتوں کے امثال سے واقع ہے جس طرح کے لوح وقلم میں واقع ہوا ہے کہ وہ زبرجد کا ہے یا یا قوت کا اور حاملین عرش کے بارے میں ہے کہ ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک دو سو سال کی مسافت ہے اور ایک روایت میں سات سو سال ہے اسی طرح کی بہت سی مثالیں ہیں اور ہم ان پر ایمان رکھتے ہیں جو درجہ صحت اور پایۂ ثبوت تک پہنچ چکی ہیں اور وہ شارع علیہ السلام سے منقول ہیں اور وہ جو ان سے مراد لیا جاتا ہے اگر وہ واقعی ان کی صحیح تاویل مروی ہے تب بھی ہم ایمان لاتے ہیں اور عقل کوتاہ اندیش کے حکم استحالہ واستبعاد کو ترک کر دیتے ہیں اور ایسے امور کی حقیقت کو حق تعالیٰ پر تفویض کر دیتے ہیں اور اگر محدثین نے ان کی سندوں میں کلام کیا ہے اور وہ دوسری بات ہے اور اگر ان کے معنی استبعاد واستحالہ ظاہر کریں تو کمال قدرت قادر' اس کا جواب دیتی ہے (واللہ اعلم)

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ عرب کے عرف میں جھنڈوں کی حفاظت کی جاتی ہے مگر یہ جھنڈا لشکر کے سپہ سالار اور رئیس وسردار کے پاس ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ اس کی اجازت سے کسی دوسرے کے پاس بھی ہو اور اہل عرب جھنڈے کا اتباع کرتے اور اس کی جنبش پر حرکت کرتے اور جس جانب وہ جھکے اس کی طرف جھک جاتے ہیں۔ اور اہل عرب جنگوں میں جھنڈے کی طرف نگاہ نہیں رکھتے بلکہ جو جھنڈا تھامے ہوتا ہے اسے قتال سے نہیں روکتے بلکہ اس کے ساتھ مل کر شدید قتال کرتے لہٰذا ہر شخص پر لازم نہیں تھا کہ جھنڈے کی حفاظت کرتا۔ جس طرح کہ روز خیبر علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو جھنڈا دیا گیا اور فرمایا کہ کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو خدا اور اس کے

رسول کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور اس کا رسول اسے دوست رکھتا ہے ایسا ہی صاحب مواہب نے کہا ہے اور غزوۂ موتہ میں ہے کہ پہلے حضرت جعفر بن ابی طالب نے جھنڈا پکڑا اور قتال کیا وہ شہید ہوئے تو ان کے بعد عبداللہ رضی اللہ عنہ بن رواحہ نے جھنڈا تھاما انہوں نے جنگ کی پھر وہ بھی شہید ہو گئے تو ان کے بعد خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جھنڈا تھاما اور قتال کیا۔ اور فتح پائی (کما قال) تو معلوم ہوا کہ جھنڈا رئیس لشکر اور سردار فوج کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)

حوض کوثر: وصل: اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حوض کوثر کے ساتھ خصوصی فضیلت بخشی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے حوض کی درازی ایک ماہ کی مسافت ہے۔ اور اتنی ہی اس کی چوڑائی ہے اور اس کا پانی شہد سے زیادہ شیریں ہے اور وہ موتی اور یاقوت پر بہتا ہے اور دودھ سے زیادہ سفید ہے اور ایک روایت میں ہے کہ چاندی سے زیادہ سفید ہے اور بعض روایتوں میں برف سے زیادہ سفید آیا ہے۔ اس خوشبو مشک نافہ سے زیادہ تیز ہے۔ اور اس کے پیالے آسمان کے ستاروں کی مانند ہیں۔ اور گرداگرد موتیوں کے قبے ہیں اور مسافت حوض کی تحدید میں احادیث میں متعدد جگہ ذکر پایا جاتا ہے۔ ہر جماعت نے اپنے شہروں میں متعارف مسافتوں سے علامتیں بتائی ہیں۔ اور ظاہر یہ ہے کہ ان سب کی مسافت یا تو یکساں ہے یا قریب قریب ہے اور اگر کہیں فرق بھی نظر آتا ہے تو ان کا مقصود بعد مسافت کی طرف اشارہ کرنا ہوتا ہے اور ایک تخمینہ اور قریبی اندازہ بتانا ہوتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ قلیل مسافت کے ذکر میں' کثیر مسافت کے ساتھ منافات اور مدافعت نہیں ہے یہ طریقہ انداز شارح کرمانی کا ہے۔ وہ متعدد مقامات میں ایسی ہی توجیہہ کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ابتداء میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قلیل مسافت کی خبر دی تھی۔ بعد ازاں کثیر مسافت بیان فرمائی اور حق تعالیٰ نے آپ کو بتدریج تھوڑی تھوڑی وسعت کی تفصیل بیان فرمائی لہٰذا مسافت طویلہ پر اعتماد کرنا چاہیے اور بعض یہ گمان رکھتے ہیں کہ یہ اختلاف بجہت اضطراب رواۃ ہے جو روایت میں ہے حالانکہ ایسا نہیں (واللہ اعلم)۔

حدیث پاک میں ہے کہ حوض کوثر کی چوڑائی اس کے طول کی مانند ہے اور اس کی گہرائی ستر ہزار فرسخ کی ہے اور حدیث میں ہے جو بھی اس کا پانی پیے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کلام کا ظاہری پہلو یہ ہے کہ اس میں پانی بعد از حساب اور بعد از نار پینا ہوگا اس لیے کہ جس کا یہ حال ہوگا کہ وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ اس سے ظاہر ہے کہ اسے آگ کا عذاب نہ دیا جائے گا اس لیے تشنگی اور حرارت وحرقت' دخول نار کے ساتھ لازم ہے۔ اور یہ احتمال بھی ہے کہ اس پر اتنا ہی عذاب کیا جائے کہ اسے پیاس نہ لگے اور بعض کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو حوض ہیں' ایک موقف یعنی عرصات محشر میں اور دوسرا جنت میں۔ اور ان دونوں کو کوثر کہتے ہیں اس بنا پر کہ اس سے مدد کی گئی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ہر نبی کے لیے اس کے فضل و مرتبہ کے مطابق ایک ایک حوض ہے۔ اور اگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وہ حوض مختص ہے۔ جس کا پانی ان کے حوضوں میں بہتا ہوگا اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کی مانند کوئی اور حوض منقول نہیں ہے اور آپ پر سورۂ الکوثر میں اس کی احسان مندی واقع ہے کہ "اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ" (بیشک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا) اور مشہور یہی ہے کہ حوض حضور ہی کے ساتھ مخصوص ہے اور قرطبی سے منقول ہے کہ ہر مکلّف پر اس کا علم اور اس کی تصدیق واجب ہے اس لیے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حوض کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے جو کہ احادیث صحیحہ اور مشہورہ میں ثابت شدہ ہے کیونکہ ان تمام روایات سے علم قطعی حاصل ہوتا ہے اور تیس سے زیادہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے وہ مروی ہے اور ان میں سے بیس تو بخاری و مسلم میں مذکور ہیں اور بقیہ ان کے ماسوا مجموعہ احادیث میں ہیں اور اتنے ہی تابعین نے صحابہ سے یہ روایتیں لی ہیں۔ اور تابعین سے تبع تابعین نے۔ یہاں تک کے سلف وخلف کا اس پر اجماع واقع ہے۔

اور مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ میرے پاس میری امت میرے حوض پر مجتمع ہو کر آئے گی اور میں اوروں کو اس سے روکتا ہوں گا۔ اہل علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے حوض سے روکنے کی حکمت میں کہتے ہیں کہ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ ہر امت کے لیے اپنے نبی کا حوض ہے تو حضور کا یہ روکنا از روئے انصاف اور اپنے بھائیوں یعنی نبیوں کی رعایت میں ہوگا نہ کہ جھڑکنے اور بخل سے روکنے کی وجہ سے اور بجائے خود وہ جگہ امن کی ہے اور حضورؐ خود اجود اجودین اور رحمۃ للعالمین ہیں اور یہ امکان بھی ہے کہ آپ انہیں روکیں جو اس کے پینے کے مستحق نہ ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے حوض کے چار کنارے ہیں ایک کنارہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سپرد ہوگا دوسرا حضرت فاروق عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے اور تیسرا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے اور چوتھا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد ہوگا لہٰذا جو محبّ ابوبکر ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا ہے وہ اسے پانی نہیں پلائیں گے اور جو محبّ علی رضی اللہ عنہ ہے اور حضرت عثمان وغیرہ سے بغض رکھتا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اسے پانی نہیں پلائیں گے اسے ابوسعید نے شرف النبوۃ میں اور الغیلانی نے روایت کیا ہے۔ ایسا ہی مواہب میں منقول ہے اور مشہور یہ ہے کہ ساقیٔ کوثر حضرت علی مرتضیٰ ہوں گے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھے گا میں اسے اس کا پانی ہرگز نہیں پلاؤں گا۔ (واللہ اعلم)۔

فضیلت شفاعت اور مقام محمود: وصل: اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شفاعت اور مقام محمود سے فضیلت مرحمت فرمائی۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا. (عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر کھڑا فرمائے گا) اور لفظ عسیٰ، خواہش دلانے کے لیے ہے۔ اور کسی کو چیز کی طمع پیدا کرنے کے لیے ہے۔ اور اسے اس سے محروم رکھنا نقص اور باعث شرم ہے۔ اور حق سبحانہ وتعالیٰ اس سے زیادہ کریم ہے کہ وہ کسی کو طمع دے اور کسی کو امیدوار بنائے پھر اسے نہ دے اور محروم رکھے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے کسی نے ''مقام محمود'' کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا وہ مقام شفاعت ہے اور عرش کی داہنی جانب اس جگہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کھڑا ہونا ہے جہاں آپ کے سوا کوئی نہیں کھڑا ہوگا آپ پر اولین وآخرین رشک وغبطہ کریں گے۔ اسی کی مانند کعب احبار اور حسن بصری سے مروی ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ یہ وہ مقام ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا اور فرمایا کہ مجھے اختیار دیا گیا کہ یا تو اپنی نصف امت کو بغیر حساب وکتاب جنت میں داخل کروں یا شفاعت کو اختیار کروں تو ان دونوں میں، میں نے شفاعت کو اختیار کیا اس لیے کہ یہ اعم واشمل ہے اور فرمایا کیا تم یہ گمان رکھتے ہو کہ شفاعت متقیوں کے لیے ہوگی؟ نہیں بلکہ گناہگاروں اور خطاکاروں کے لیے بھی ہوگی اور یہ شفاعت عذاب کو دور کرنے کے لیے ہے لیکن متقیوں کے درجات کی بلند کے لیے بھی شفاعت ہوگی۔

صاحب مواہب لدنیہ واحدی سے نقل کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ مقام محمود، مقام شفاعت ہے۔ جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں فرمایا: هُوَ الْمَقَامُ الَّذِیْ اَشْفَعُ فِیْهِ لِاُمَّتِیْ، یہ وہ مقام ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا۔ اور ابن الخطیب امام فخر الدین رازی سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ لفظ محمود اپنے معنی کی طرف مشعر ہے اس لیے کہ انسان اس وقت محمود ہوتا ہے جب کہ کوئی تعریف کرنے والا اس کی تعریف کرے۔ اور تعریف نہیں ہوتی مگر انعام پر اور مقام شفاعت ایسا مقام ہے کہ جہاں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ مخلوق پر عظیم ترین نعمتیں پہنچیں گی تو ساری مخلوق آپ کی حمد کہے گی۔ اور ثناء کرے گی۔ اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں تبلیغ احکام اور تعلیم شرائع کے سبب محمود ہیں لیکن اس نرالے مقام میں حمد

کامل اور نفع عظیم حاصل ہوگا۔ اس لیے کہ عتاب وعذاب سے چھڑانا اور سعی فرمانا' زیادتی اجر وثواب میں سعی کرنے سے اعظم ہے۔ اور دفع ضرر میں ان کی حاجتوں کو پورا کرنا' حصول نفع میں ضرورتوں کو پورا کرنے سے زیادہ بلند وبالا ہے۔ (انتہی)

مخفی نہ رہنا چاہیے کہ حمد کی تعریف یہ مشہور ہے کہ حمد یا انعام واکرام پر ہوگی یا اس کے بغیر اور وہ حمد جو انعام واکرام پر ہو وہ شکر ہے کیونکہ واضح بات ہے کہ انعام دینے والے منعم کی تعظیم' انعام نعم کی حیثیت سے ہوتی ہے اور حمد کا ایک فرد شکر ہے۔ امام رازی کی مراد اس جگہ یہی حمد' ہے یا وہ حمد جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے ہوگی وہ انعام کے ساتھ مخصوص ہے لیکن وہ جو زبان سے ہو اور اگر حمد شکر کے مترادف وہم معنی ہو تو امام کے نزدیک اس کی صورت بھی یہی ہے۔ اس لیے کہ وہ صاحب اصطلاح ہیں۔ انہیں حق ہے کہ جو چاہیے اصطلاح رکھیں لیکن یہ جو آیا ہے کہ الحمد رائس الشکر (حمد شکر کا سر ہے) تو اس سے وہ حمد مدلول ہے جس کا ایک فرد شکر ہے اور وہ دیگر افراد سے بالاتر ہے لہٰذا اس جگہ یہ بات نکلی کہ حمد اور شکر کے درمیان عام خاص من وجہ کی نسبت ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان فضل وکمال اور عظمت وجلال کے مقامات میں محمود اور مثنیٰ علیہ ہیں۔ جن کو حق تعالیٰ نے عطا فرمایا۔ اور آپ کے لیے اس دن مخصوص فرمایا۔ جیسا کہ حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ مجھے عرش کی داہنی جانب کھڑا فرمائے گا اور ایک روایت میں عرش پر اور ایک روایت میں کرسی پر ہے اور جنت کی کنجی آپ کے سپرد فرمائے گا اور آپ کے ہاتھ میں لواء حمد دیگا۔ اور شفاعت ان کمالات میں کا ایک جزو ہے جس سے ساری مخلوق کو عظیم نفع پہنچے گا۔ لہٰذا اگر مقام محمود سے' روز قیامت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کھڑا ہونا اور آپ کا علو درجہ اور مخلوق کو فائدہ اور نفع پہنچانا جو کہ شفاعت وغیرہ میں شامل ہے۔ مراد لیا جائے تب بھی درست ہوگا۔ اور مجاہد سے ایک غریب روایت ہے کہ حق تعالیٰ سبحنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ساتھ عرش پر بٹھائے گا۔ اور مقام محمود سے یہی مقام مراد ہے۔ واحدی کہتے ہیں کہ یہ قول ردی موحش اور قطیع ہے۔ از روئے لفظ بھی اور از روئے معنی بھی۔ لیکن از روئے لفظ اس بنا پر کہ بعث کے معنی اٹھانا اور بھیجنا ہے۔ اور یہ اجلاس یعنی بٹھانے کی ضد ہے۔ اور آیۂ کریمہ میں ''مقاماً محموداً'' فرمایا گیا ہے نہ کہ 'مقعداً محموداً'' از روئے معنی اس بنا پر کہ رب العزت جل وعلا پر جلوس کا اطلاق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس کے ساتھ جلوس میں معیت' مکان وحدانیت اور جہت کو مستلزم ہے۔

بندۂ مسکین (صاحب مدارج) عبۃ اللہ فی مقام الصدق والیقین' کہتا ہے کہ مخفی نہ رہنا چاہیے کہ اگر یہ حدیث صحیح ہے تو متشابہات میں سے ہوگی اور یا یں تاویل مؤل ہوگی جو'' اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ''میں تاویل کی جاتی ہے۔ یا جس طرح کہ آیات کریمہ ''عِنْدَ رَبِّكَ'' اور ''عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ'' وغیرہ آیتوں میں عندے کے معنی ہیں کہتے ہیں کہ یہ درجہ' رتبہ اور مرتبہ کی حیثیت سے ہے نہ کہ مکان میں۔ اور شیخ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ مجاہد کے قول يَجْلِسُهُ رَبُّهُ مَعَهُ عَلَى الْعَرْشِ (بٹھائے گا آپ کو آپ کا رب اپنے ساتھ عرش پر) میں فرماتے ہیں کہ یہ نہ بر بنائے نقل مرفوع ہے اور نہ از جہت نظر۔ ان کا اشارہ اسی طرف ہے جس کا ذکر ابھی کیا گیا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا حق تعالیٰ روز قیامت کرسی پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بٹھائے گا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پروردگار عالم ہوگا۔ یہ روایت بھی پچھلی روایت کی مانند انہیں معنی پر محمول ہوگی۔ حاصل کلام یہ ہے کہ حق تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ مقام عطا فرمائے گا جو کسی کو آپ کے سوا حاصل نہیں ہے۔ اور روز قیامت حکم خداہی کا ہوگا۔ اور اس کی نیابت وخلافت' خاص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوگی۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

حدیثِ شفاعت: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت فرمانے کے بارے میں حضرت انس، حضرت ابو ہریرہ اور دیگر

حال حضرت شیث علیہ السلام اور حضرت ادریس علیہما السلام کا ہے اور حضرت نوح علیہ السلام کی رسالت کفار کے ساتھ تھی کہ وہ انہیں توحید کی دعوت دیں۔

مقامات شفاعت: فائدہ: اہل علم بیان کرتے ہیں کہ شفاعت کے پانچ مقامات ہیں اول یہ کہ اہل موقف کو شدت وقوت سے اور اس مقام میں رکے رہنے سے اور سورج کی گرمی اور پسینے سے اور انتظار حساب وکتاب سے راحت ونجات دلانے کے لیے ہے اور دوسرا مقام سوال وحساب سے معاف کرانے میں۔ اور بے حساب جنت میں داخل کرانے میں ہے۔ اور تیسرا مقام ان لوگوں کے لیے ہے جن کا حساب کیا گیا ہو اور وہ مستحق عذاب قرار پا گئے ہوں انہیں اس عذاب سے نجات دلانے کے لیے ہے اور چوتھا مقام ان لوگوں کے لیے ہے جو جہنم میں داخل ہو چکے ہوں پھر انہیں وہاں سے نکالا جائے اور پانچواں مقام ان لوگوں کے درجات کی بلندی کے لیے ہے جو جنت میں داخل ہو گئے ہیں۔ ان ابواب میں ہر ایک کے لیے حدیثیں واقع ہیں۔ (واللہ اعلم)

کچھ لوگ چھٹی جائے شفاعت کا بھی ذکر کرتے ہیں۔ یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چچا حضرت ابو طالب کے لیے تخفیف عذاب کے لیے شفاعت کریں گے اور کچھ لوگ ساتویں جائے شفاعت کا بھی ذکر کرتے ہیں وہ مدینہ والوں کے لیے ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی مدینہ کی بلاؤں یعنی وہاں کی سختیوں اور شدتوں کو ثابت قدمی سے برداشت کرتا ہے تو میں روز قیام اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا اور شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ایسی شفاعتوں کے متعلقین پہلی پانچ قسموں سے باہر نہیں ہیں۔ اگر ان کو جدا شمار کر لیں تو مزید دیگر اقسام بھی پیدا ہوتے ہیں مثلاً یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کرے۔ ایک اور شفاعت ان کے لیے ہوگی جو موذن کے کلمات کا جواب دے اور اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔ ایک اور شفاعت تجاوز از تقصیر صلحاء میں ہوگی۔ ایک اور شفاعت اس کے لیے ہوگی جس کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں اور اسے جنت میں داخل کرائیں گے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ پہلے جنت میں بے حساب لوگوں کو داخل کریں گے اور سات سو خدا کی رحمت سے داخل ہوں گے اور ظالم نفس اور اصحاب اعراف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے داخل ہوں گے اور اصحاب اعراف کے بارے میں ارجح قول یہ ہے کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جن کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں گی۔ (واللہ اعلم)

وصل: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ روز قیامت میری شفاعت فرمایئے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا انشاء اللہ کروں گا۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو کہاں تلاش کروں فرمایا مجھے صراط کے قریب تلاش کرو، عرض کیا اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف فرما نہ ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پاؤں تو' فرمایا پھر مجھے میزان پر دیکھنا، عرض کیا اگر وہاں بھی نہ پاؤں تو' حوض پر تلاش کرنا' میں ان تین جگہوں کے علاوہ کہیں نہ جاؤں گا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام مقامات اور آخرت کی تمام جگہوں میں موجود کھڑے ہوں گے۔ اور امت کی امداد واعانت اور شفاعت فرمائیں گے اور ہر خطے اور ہر شدت سے رہائی اور خلاصی پائیں گے۔

ذکر مسافت صراط: لیکن صراط کے بارے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنم کی پشت پر صراط بچھائی جائے گی اور اس پر سے گزرنے والوں میں سب سے پہلے میں اور میری امت ہوگی اس پر سے گزرتے وقت رسولوں کی دعا یہ ہے کہ: اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ۔ اے رب! سلامت رکھ۔ اور دوسری حدیث میں آیا ہے۔ کہ تمہارا نبی صراط پر کھڑا رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ کہہ رہا ہوگا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا امت کی سلامتی کے لیے ہوگی اور دوسرے رسولوں کی بھی اسی طرح۔ اور ممکن ہے کہ مقربانِ بارگاہ بھی حق تعالیٰ کی شان بے نیازی کے ڈر اور خوف سے سلامتی کی دعائیں کر رہے ہوں گے۔ اور ایک روایت

میں ہے کہ فرشتے بھی صراط کے دونوں جانب کھڑے ''یارب سلم سلم'' کی دعائیں مانگ رہے ہوں گے۔ اور یہ ان کی عادت کے بموجب ہے کہ وہ ہمیشہ ہی مسلمانوں کے لیے دعاواستغفار کرتے ہیں۔

فضیل بن عیاض کی حدیث میں ہے صراط کی مسافت پندرہ ہزار سال کے برابر ہے۔ پانچ ہزار چڑھائی میں پانچ ہزار اتار میں اور پانچ ہزار برابر وہموار۔ اور کوئی گزرنے والا ایسا نہ ہوگا جو خوف خدا سے لرزتا کانپتا نہ ہو۔

اور مشہور ہے کہ صراط تلوار سے تیز اور بال سے زیادہ باریک ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ صراط بعضوں کے لیے تلوار سے تیز اور بال سے باریک ہوگی اور بعضوں کے لیے ہموار وکشادہ میدان کی مانند ہوگی۔ اور یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ کہتے ہیں کہ وقوف محشر کی طوالت بعضوں پر تو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی اور بعض پر نماز کی دو رکعتوں کے برابر اور یہ تفاوت اعمال اور انوار ایمان کی بنا پر ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ جب میرے امتی صراط پر لرزنے لگیں گے اور تھک کر رہ جائیں گے تو فریاد کریں گے ''وَامُحَمَّدَاهُ'' یا رسول اللہ مدد فرمایئے۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی شفقت میں بلند آواز سے پکاریں گے اور بارگاہِ الٰہی میں عرض کریں گے'' رَبِّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ '' اے رب! میری اُمت کو بچا میری امت کو بچا۔ آج کے دن میں نہ اپنے لیے کچھ مانگتا ہوں اور نہ اپنی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اُمت کے بارے میں اور ان کے چھڑانے کے سلسلے میں حد درجہ اہتمام اور مبالغہ ہے۔ صل اللہ علیہ وسلم اس حدیث سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے ساتھ اتحاد اور کمال محبت کا علم ہو جاتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ جو بہت صدقہ دے گا وہ صراط پر سے گزر جائے گا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جس کا گھر مسجد ہے حق تعالیٰ اس کا ضامن ہے وہ اسے پل صراط پر سے رحمت وکرم کے ساتھ گزارے گا۔

میزان کی کیفیت: میزان پر ہی سوال وحساب کا مدار ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جنت عرش کے داہنی جانب اور جہنم اس کے بائیں جانب رکھی جائے گی اس کے بعد میزان لائی جائے گی۔ اور نیکیوں کے پلڑے کو جنت کے مقابل اور بدیوں کے پلڑے کو جہنم کے مقابل رکھا جائے گا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب چاہیں گے کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے تو ندا ہوگی کہاں ہیں محمد علیہ السلام اور ان کی امت' ایک اور روایت میں ہے کہ کہاں ہیں اُمت امیہ اور ان کے نبی علیہ السلام اس وقت میں کھڑا ہوں گا اور میری اُمت میری پیروی کرے گی ان کے اعضاء وضو چمکتے دمکتے ہوں گے۔ ہمارے راستے سے دیگر امتوں کو ایک طرف کیا جائے گا اور جب لوگ اس امت کے درجہ وفضیلت کو دیکھیں گے تو وہ تعجب سے کہیں گے کہ قریب ہے کہ یہ امت سب کی سب نبی ہو جاتی۔ یہ بات پایہ صحت کو پہنچ چکی ہے کہ پہلے جس چیز کا فیصلہ کیا جائے گا وہ خون کے قضیئے اور مقدمے ہوں گے (رواہ البخاری) اور یہ بھی پایہ ثبوت کو پہنچ چکا ہے کہ سب سے پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا۔ ان دونوں حدیثوں میں اولیت کی تطبیق اس طرح ہے کہ عبادات میں اول پرسش نماز کی ہوگی اور معاملات میں پہلی پرسش خون کی ہوگی۔ اور نسائی کی حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے جس چیز کا حساب کیا جائے گا وہ بندے کی نماز ہے۔ اور لوگوں میں جس چیز کا سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا وہ خون ہے اور اس حدیث کے مضمون میں تطبیق وتوجیہہ کی طرف اشارہ ہے کیونکہ انجام پر نظر وجہ مذکور کے ساتھ راجح ہو کر واقع ہوا ہے۔ اس لیے کہ نماز میں سوال وحساب بندہ کی ذات کی طرف منسوب ہے۔ اور خون میں لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنا ہے اگرچہ نماز میں بھی کوئی فیصلہ ہوگا لیکن یہ فیصلہ بندہ کی ذات سے ہے اور بندوں کے مابین ایک دوسرے سے نہیں ہے۔

مروی ہے کہ بندہ کے قدم چار چیزوں میں ہی لڑکھڑاتے ہیں اور انہیں چاروں پر اس سے سوال وحساب ہوگا اول چیز اس کی عمر ہے کہ اس نے اپنی عمر کس کام میں صرف کی ہے اور دوسرا اس کا علم کہ اس نے علم پر کیا عمل کیا ہے تیسرا مال کہ اس نے مال کہاں سے

حاصل کیا اور کس جگہ خرچ کیا چوتھا اس کا جسم کہ جسمانی کیا گناہ کیے ہیں۔ (رواہ الترمذی) ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نیز حدیث میں ہے کہ روز قیامت آدمی کے تین دفتر و دیوان لائے جائیں گے۔ ایک دفتر میں اس کا عمل لکھا ہوگا اور دوسرے میں اس کے گناہ لکھے ہوں گے۔ تیسرے میں وہ نعمتیں لکھی ہوں گی جو حق تعالیٰ نے اس پر انعام فرمائی ہیں۔ قرطبی فرماتے ہیں کہ صراط پر سے کوئی بندہ اس وقت تک نہ گزر پائے گا جب تک کہ اس سے سات مرحلہ میں سوال نہ پوچھ لیے جائیں۔ پہلے مرحلہ پر کلمۂ شہادت ''لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' پر ایمان کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ اگر وہ اخلاص کے ساتھ ایمان لایا ہے تو گزر جائے گا اس کے بعد دوسرے مرحلے پر نماز کے بارے میں سوال ہوگا اگر اس نے اہتمام کے ساتھ ادا کی ہے تو گزر جائے گا تیسرے مرحلے پر ماہ رمضان کے روزے سے چوتھے مرحلے پر زکوٰۃ سے پانچویں پر حج وعمرہ سے چھٹے پر غسل ووضو یعنی طہارت سے اور ساتویں مرحلے پر لوگوں پر ظلم وزیادتی پر یعنی حقوق العباد سے سوال کیا جائے گا۔ یہ مرحلہ دشوار اور سخت تر ہے۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ بالفرض اگر اس کے پاس ستر نبیوں کے برابر اجر وثواب ہے اور اس پر نصف دانہ کے برابر حق العباد ہے تو وہ اس وقت تک نہ گزر سکے گا جب تک کہ حق والے کو راضی نہ کر لے۔ کہتے ہیں کہ ایک حبہ حق العباد میں اس سے ستر مقبول شدہ نمازیں حق والے کو دلائی جائیں گی اور روز قیامت بندے کو حقوق العباد کے برابر کوئی پریشانی اور لاچاری پیش نہیں آئے گی۔ اعاذنا اللہ من ذالک۔ لہٰذا کبھی تو یہ ہوگا کہ حق تعالیٰ کی رحمت مقتضی ہوگی کہ صاحب کو راضی کرے اور اس بندے کو اس جنجال سے نکالے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ بندہ کا آخری کلام کلمۂ طیبہ ہو جیسا کہ حضرت معاذ کی حدیث میں آیا ہے کہ فرمایا: مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ جس کا آخری کلام لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اس باب میں نطاقہ کی حدیث مشہور ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی بھائی کی حاجت وضرورت کو پورا کرے میں روز قیامت اس کے میزان پر کھڑا ہوں گا۔ اگر نیکیاں غالب رہیں تو فبہا ورنہ اس کی شفاعت کروں گا۔

مشائخ عظام کی خبروں میں ہے کہ کسی نے کسی سے خواب میں پوچھا کہ حق تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا اس نے کہا میرے اعمال تولے گئے تو نیکیوں پر بدیوں کا پلڑا بھاری رہا اس وقت یکا یک ایک تھیلی نیکیوں کے پلڑے میں آ پڑی تو وہ بھاری ہوگیا پھر میں نے اس تھیلی کو کھول کر دیکھا تو اس میں وہ ایک مٹھی خاک تھی جو میں نے ایک مسلمان کی قبر میں ڈالی تھی۔

مواہب لدنیہ میں عجیب وغریب حکایتیں لکھی ہیں کہ ایک بندے کے دونوں پلڑے برابر ہوں گے تو اس سے کہا جائے گا کہ تو نہ جنت کا مستحق ہے نہ جہنم کا۔ پھر ایک فرشتہ ایک کاغذ کا ٹکڑا لائے گا جس پر اف یعنی باپ کی نافرمانی لکھی ہوگی اسے پلڑے میں رکھ دے گا اس پر نیکیوں پر بدیوں کا پلڑا بھاری ہو جائے گا۔

یہ باپ کی نافرمانی کے کلمہ کی بنا پر ہوگا۔ اس بندے کو جہنم کی جانب لے جانے کا حکم ہوگا تو وہ بندہ درخواست کرے گا کہ مجھے بارگاہِ الٰہی میں حاضر کرو حکم ہوگا لے آؤ۔ پھر حق تعالیٰ فرمائے گا: اے باپ کے نافرمان بندے! تو نے دوبارہ میرے پاس حاضر ہونے کی کیوں درخواست کی۔ وہ بندہ عرض کرے گا خداوندا میں اپنے باپ کا نافرمان تھا مگر میں نے دیکھا کہ وہ دوزخ کی جانب میری طرح لے جایا جا رہا ہے تو میں تجھ سے درخواست کروں گا کہ میرے باپ کو نجات اور رہائی دے دے اور اس کے بدلے میرا عذاب دونا کر دے۔ اس پر حق تعالیٰ تبسم فرمائے گا جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے اور فرمائے گا: اے بندے! تو نے دنیا میں باپ کی نافرمانی کی اور آخرت میں تو اس پر مہربانی کرتا ہے تو تو اپنے باپ کا ہاتھ پکڑ لے اور دونوں جنت میں چلے جاؤ۔

ایک حکایت یہ بھی لکھی ہے کہ ایک شخص کے دونوں میزان کے پلڑے برابر ہوں گے حق تعالیٰ اس سے فرمائے گا لوگوں کے پاس جاؤ اور کسی سے ایک نیکی مانگ کر لاؤ تا کہ تجھے جنت میں داخل کروں تو وہ جس سے بھی ایک نیکی کی درخواست کرے گا وہ یہی کہے گا کہ تجھ سے بھی زیادہ محتاج ہوں۔ پھر ایک بندے سے ملے گا تو وہ بندہ اس سے کہے گا میں بارگاہِ الٰہی سے آ رہا ہوں۔ میرے نامہ اعمال میں صرف ایک نیکی نکلی ہے اور مجھے یقین نہیں کہ یہ نیکی کچھ فائدہ دے سکے میں وہ نیکی تجھے ہبہ کرتا ہوں۔ اسے لے جا شاید تجھے فائدہ دے دے تو وہ شخص اس نیکی کو لے کر خوشی خوشی بارگاہِ الٰہی میں آئے گا۔ حق تعالیٰ فرمائے گا تو نے کیا کیا اور تیرا کیا حال ہے۔ حالانکہ حق تعالیٰ اس کے حال کو خوب جانتا ہے تو وہ شخص عرض کرے گا: اے رب! میرا یہ حال ہے اور اس طرح مجھے نیکی میسر آ گئی ہے اس پر حق تعالیٰ اس بندے کو جس نے اسے نیکی ہبہ کی تھی بلائے گا اور فرمائے گا اے بندے میرا کرم اور بخشش تجھ سے زیادہ وسیع ہے تو اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑ لے۔ اور تم دونوں جنت میں داخل ہو جاؤ۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ آخرت کی ترازو کے پلڑے کا وزنی ہونا دنیا کی ترازو کے برعکس ہے کیونکہ دنیا کی ترازو کا وزنی پلڑا نیچے ہوتا ہے اور آخرت کی ترازو کا وزنی پلڑا اونچا ہوتا ہے۔ یہ بات ندرت سے خالی نہیں۔ وہ علماء اس آیۂ کریمہ سے استدلال واستشہاد کرتے ہیں کہ فرمایا: اِلَیۡہِ یَصۡعَدُ الۡکَلِمُ الطَّیِّبُ نیکی کی باتیں حق تعالیٰ یا اوپر کی جانب چڑھتی ہیں اور نیک عمل کو اٹھایا جاتا ہے۔ اور یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ اس دعوے کا اثبات محض آیۂ کریمہ سے اس باب میں کسی چیز کے واقع ہوئے بغیر مشکل ہے ہاں اگر اس آیت کریمہ کی تائید میں کوئی چیز اشارہ کرنے والی ہو تو ممکن ہے اور یہ جو بعض کہتے ہیں کہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے اس قول کے متصادم اور منافی ہے کہ فرمایا: فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِیۡنُہٗ فَہُوَ فِیۡ عِیۡشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ ۔ لیکن وہ جن کے ترازو بھاری ہیں تو وہ رضا کی زندگی میں ہیں تو یہ بھی محل بحث ہے اس لیے کہ ممکن ہے کہ ثقلت سے مراد ترجیح ہو اور ترجیح اس جگہ صعود سے ہے۔ ہاں مقصود یہ ہے کہ ثقیل مائل بہ سفل ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ مقتضائے ثقل وخفت وہاں اس جہان کے برعکس ہو (واللہ اعلم)۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قیامت میں صاحب میزان جبریل علیہ السلام ہوں گے اور وہی اس دن اعمال کا وزن کریں گے۔ (رواہ ابن جریر فی تفسیرہ) اور یہ میزان اور ہر احوال حساب وسوال سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوگا اور خلاصی ورہائی سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اور رعایت سے ہوگی۔ لیکن حوض پر آنا اور پانی پینا' ظاہر یہ ہے کہ شدت وقوف' سوال وحساب کے خاتمہ اور صراط سے گزر جانے اور ہول ودہشت اور آفتوں سے نجات پا لینے کے بعد ہوگا۔ جیسا کہ فرمایا: مَنۡ شَرِبَ مِنۡہُ لَا یَظۡمَأُ اَبَدًا۔ جس نے اس کا پانی پیا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ اس کے بعد جنت کا داخلہ ہے۔ اور سب سے پہلے جنت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوں گے جیسا کہ فرمایا ''اَنَا اَوَّلُ مَنۡ قَرَعَ بَابَ الۡجَنَّۃِ'' میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔ اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں داخل ہو جائیں گے تو خازن جنت کے دروازوں کو کھول کر خدمت میں کھڑا ہو جائے گا جس طرح کے بادشاہوں کے سامنے خدام کھڑے ہوتے ہیں اور عرض کرے گا مجھے حکم تھا آپ سے پہلے کسی کے لیے جنت کا دروازہ نہ کھولوں۔ اور نہ آپ کے بعد کسی اور کی خدمت کے لیے کھڑا ہوں۔

مروی ہے کہ جب مسلمان جنت کے دروازے پر آئیں گے تو مشورہ کریں گے کہ داخلہ کے لیے کس سے پہلے اجازت لینی چاہیے۔ تو وہ حضرت آدم پھر حضرت نوح پھر حضرت ابراہیم پھر حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام کے پاس اسی ترتیب وروش پر آئیں گے جس طرح کے عرصات محشر میں شفاعت کے طلب میں حاضر ہوئے تھے تا کہ ہر جگہ اور ہر بشر پر سیّد السادات' فخر موجودات علیہ التحیۃ والتسلیمات کی فضیلت وبزرگی ظاہر ہو جائے۔

وسلم اللہ تعالیٰ کی عبودیت کے اعتبار سے اعظم خلق ہیں اور ساری مخلوق سے عرفان باری تعالیٰ میں عارف تر ہیں اور خشیت میں ان سے بڑھ کر اور محبت الٰہی میں سب سے زیادہ محبوب ہیں تو آپ کی منزل یقیناً تمام منازل میں اقرب اور عظیم تر ہوگی اور جنت میں آپ کا درجہ اعلیٰ ہوگا۔ (کذا قالوا)۔

بندۂ مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) خصہ اللہ بمزید العلم والیقین کہتا ہے کہ لغت میں وسیلہ کے معنی سبب اور ہاتھ پھیلانے کے ہیں۔ اور وسل کسی چیز کے ذریعہ نزدیک ہونے کے ہیں۔ مقولہ ہے کہ وَسَلَ اِلَی اللہ وَتَوَسَّلَ اِذَا تَقَرَّبَ اِلَیْہِ بِعَمَلٍ. اللہ کی طرف وسیلہ پکڑو۔ اور ایسے عمل سے وسیلہ لو جو اس سے قریب کردے (کذا فی الصراح) لہٰذا ظاہر ہے کہ اس سے مراد سبب اور ہاتھ پھیلانا ہو گا۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سے وسیلہ کرتے اور بارگاہِ عزت میں قربت مانگتے۔ اور باب شفاعت کھولنے کی خواہش کرتے ہیں جیسا کہ سیاق حدیث اشارہ کر رہی ہے اور حدیث شفاعت میں معلوم ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں داخل ہوں گے۔ ایک روایت میں ہے کہ عرش کے نیچے اور ایک روایت میں ہے کہ رب تعالیٰ کے سامنے۔

اور امت کو وسیلہ کی دعا مانگنے کا حکم فرمانا بھی اس لیے ہے کہ اس دعا اور سوال کے کرنے والے ثواب جزیل، قرب رب جلیل، زیادتی ایمان، رضائے حق، اور شفاعت رسول حاصل کریں اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ منزلت، اسباب کے ساتھ مقدر فرمائی ہے اور امت کا حضور کے لیے وسیلہ کی دعا مانگنا دیگر اسباس میں سے ایک سبب یہ بھی ہے۔ کیونکہ آپ کے دست مبارک پر جو ہدایت وایمان حاصل ہوا ہے یہ اس کے مقابلے میں ایک شیئ ہے۔ ایسا ہی صاحب مواہب نے کہا ہے مگر حق پہلی ہی بات ہے کیونکہ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جو کمالات رکھے ہیں اور جن کا وعدہ فرمایا ہے وہ امت کی دعاء وسوال پر موقوف ومسبب نہیں ہیں اور ان کی اس دعا کا فائدہ بھی انہیں کو پہنچے گا۔ جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے پر انہیں ایک کے بدلے دس رحمتیں ملتی ہیں۔ یہی صورت حال وسیلہ میں ہے۔ لیکن ''طلب فضیلت'' تو یہ تمام مخلوق پر زائد مرتبہ ہے اور ممکن ہے کہ یہ بھی ایک منزلت ہو یا وسیلہ ایک درجہ ہے۔ یہی حال ''درجۂ رفیعہ'' کے بیان کا ہے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا کے نزدیک وسیلہ ایک درجہ ہے جس کے اوپر کوئی درجہ نہیں ہے تو تم میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگو۔ امام احمد نے اسے مسند میں روایت کیا ہے اور ابن مردویہ، سیّدنا علی مرتضیٰ سے اور وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جس وقت تم خدا سے دعا مانگو تو میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگنا۔ لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ اسمیں آپ کے ساتھ کون کون ہوگا۔ فرمایا علی، فاطمہ، حسن وحسین رضی اللہ عنہم، ابی حاتم سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مسجد کوفہ کے منبر پر خطبہ میں فرمایا: اے لوگو! جنت دو موتی ہیں ایک سفید اور ایک زرد اور مقام محمود سفید موتی کا ہے اس کے ستر ہزار دریچے ہیں۔ اور ان میں سے ہر دریچہ تین میل کا ہے اور اس کا نام وسیلہ ہے۔ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اہل بیت کے لیے ہے اور دوسرا زرد رنگ کا محل ہے وہ ابراہیم علیہ السلام اور ان کے اہل بیت کے لیے ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آیۂ کریمہ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی کی تفسیر میں مروی ہے کہ فرمایا جنت میں ہزار محل ہیں اور ہر محل اور اس کی تمام چیزیں ازواج وخدام نبوی کو عطا ہوں گی اسے ابن جریر نے روایت کیا ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا کہ صحابۂ کرام کی ایک جماعت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کاشانہ اقدس سے باہر تشریف لائے جب ان کے قریب ہوئے تو ان کو طرح طرح کی باتیں کرتے سنا وہ تعجب سے کہہ رہے تھے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق سے خلیل کو چنا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنایا دوسرے نے کہا اس سے زیادہ عجیب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ

علیہ السلام کو منتخب کر کے کلیم بنایا اور ان سے کلام فرمایا۔ تیسرے نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو روح اللہ فرمایا چوتھے نے کہا حضرت آدم علیہ السلام کو صفی اللہ کہا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام سے نوازا اور فرمایا میں نے تم سب کی باتیں سنی ہیں تم اس پر تعجب کرتے ہو کہ حق تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل بنایا اسی طرح موسیٰ کو کلیم اللہ اور عیسیٰ کو روح اللہ اسی طرح آدم کو صفی اللہ بنایا۔ صلوات اللہ علیہم۔ یہ سب درست ہے تو تم جان لو اور باخبر ہو جاؤ کہ مجھے حبیب اللہ بنایا اور یہ فخر یہ نہیں میں روزِ قیامت لواء الحمد اُٹھاؤں گا یہ فخر یہ نہیں اور میں اول شافع اور اول مشفع ہوں یہ فخر یہ نہیں اور میں اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم و محترم ہوں یہ فخر یہ نہیں۔ (رواہ الترمذی)۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خلت ابراہیم کی صفت ہے اور ان کے ساتھ مخصوص ہے اور محبت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہے اور یہ آپ کے ساتھ خاص ہے لیکن دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خلت کے ساتھ بھی موصوف ہیں اور آپ کی خلت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خلت سے بوجہ اتم اکمل و افضل ہے تو محبت مزید وعلاوہ ہوگی۔ ایک حدیث تو یہ ہے کہ

لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً غَيْرَ رَبِّيْ لَاتَّخَذْتُ اَبَابَكْرٍ — اگر میں اپنے رب کے سوا کسی کو خلیل بناتا تو یقیناً ابوبکر کو اپنا خلیل بناتا — خَلِيْلًا

اس لیے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی آپ کا خلیل ہے اور بجز خدا کے کوئی آپ کا خلیل نہیں۔ خلیل میں دونوں جانب نسبت جاری ہوتی ہے جب کہ اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیل ہے تو آپ بھی حق تعالیٰ کے خلیل ہوئے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

دوسری حدیث یہ ہے کہ فرمایا: اِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللهِ تمہارا آقا خلیل اللہ ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی سند سے ہے کہ فرمایا۔

وَقَدِ اتَّخَذَ اللهُ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلًا — بلاشبہ اللہ نے تمہارے آقا کو خلیل بنایا

اور وہ جو ان سے پہلی حدیث میں فرمایا ہے کہ ''انا حبیب اللہ'' (میں حبیب اللہ ہوں) اس مرتبہ اعلیٰ کی طرف اشارہ ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں کہ خلیل کے معنی محبّ کے ہیں اور حبیب وہ محبّ ہے جو محبوبیت کے مرتبہ تک فائز ہو۔ اور جب مقام بلند کے حامل ہیں تو بدرجہ اولیٰ مقام ادنیٰ کے حامل ہوں گے۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا حق تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بلاشبہ میں نے تمہیں خلیل بنایا اور میں نے توریت میں لکھا کہ محمد تم حبیب الرحمٰن ہو۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)۔

قاضی ابوفضل عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خلت کی تعبیر میں اختلاف علماء ہے اور اس کا اصل اشتقاق خلّ ذ ہے اور خلیل وہ ہے جو یکسو ہو کر خدا کی طرف ہو جائے۔ مطلب یہ کہ خدا کی طرف یکسوئی اور اس کی محبت میں کوئی خلل ونقصان نہ ہو۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خلیل وہ ہے جو اس کے ساتھ مختص ہو اور اس قول کو بہت سے حضرات نے اختیار کیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ خلت کی اصل استصفاء اور اخلاص ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل اللہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ خدا کے لئے خالص تھے اور خدا کے لیے ہی محبت کرتے اور خدا کے لیے ہی دشمنی کرتے تھے۔ اور خدا کی خلت ان کے لیے اپنی نصرت اور بعد والوں کے لیے ان کو امام بنانا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ خلیل کی اصل فقر احتیاج اور انقطاع ہے اور یہ خلت بفتح خاء سے بنا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس سے اس لیے موسوم کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنی تمام حاجتوں کو خدا پر چھوڑ دیا تھا اور اپنی تمام صلاحیتوں کو اسی کی طرف پھیر دیا تھا اور خود کو بھی اس وقت خدا کی مرضی پر چھوڑ دیا تھا جس وقت کہ جبریل علیہ السلام آئے درآنحالیکہ وہ منجنیق میں تھے تاکہ انہیں آگ میں ڈالا جائے اس وقت جبریل علیہ السلام نے کہا تھا: هَلْ لَّكَ حَاجَةٌ فَقَالَ اَمَّا اِلَيْكَ فَلَا. کیا تمہیں کوئی حاجت ہے فرمایا۔ لیکن تم سے نہیں۔ ابوبکر بن فورک کہتے ہیں کہ صفائے مودت جو کہ موجب اختصاص اور انکشافات اسرار ہے اور اس کا نام خلت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ خلت کی اصل محبت ہے اس

کے معنی مہربانی وشفقت کرنا اور درجہ کو بلند کرنا ہے بلاشبہ حق تعالیٰ نے اسے اپنی کتاب میں خود فرمایا ہے کہ۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآءُهٗ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ

یہود ونصاریٰ نے کہا ہم اللہ کے اپنے اور اس کے محبوب ہیں تم فرما دو تو پھر وہ تمہیں کس لیے تمہارے گناہوں پر عذاب کرتا ہے۔

لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے لیے واجب قرار دیا کہ ان کی لغزشوں پر مواخذہ نہ کیا جائے اور نبوت سے یعنی اپنا ہونے اور بیٹا کہلانے سے محبت زیادہ قوی ہے اس لیے کہ نبوت میں کبھی دشمنی بھی ہوتی ہے جیسا کہ فرمایا: ان من ازواجکم واولادکم عدوٌ لکم ۔ بلاشبہ تمہاری بیبیاں اور تمہاری اولاد تمہاری دشمن ہیں اور یہ صحیح نہیں کہ محبت کے ساتھ عداوت ہو لہٰذا حضرت ابراہیم اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ نام رکھنا خدا کی طرف مکمل یکسوئی اور اپنی حاجتوں کو اس کی طرف تفویض کرنے اور ماسوی اللہ سے روگرداں ہونے کی بنا پر ہے۔ اور ان کے اسباب ووسائط کو باضافہ اختصاص باری تعالیٰ پھیرا اور انہیں خفی لطائف سے نوازا اور ان پر اسرار الٰہیہ اور مکنون غیبیہ کا انکشاف کرایا اور ان کے باطنی احوال کو معرفت حق سے لبریز کیا اور ان کے قلوب کو اپنے ماسوا سے پاک وصاف فرمایا یہاں تک کہ ان کے دل میں ماسوائے حق دخل انداز ہوتا ہی نہیں۔ ان کے نزدیک حضور کے اس ارشاد کا مطلب یہی ہے کہ ''اگر میں خدا کے سوا کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیل بناتا لیکن اسلامی اخوت باقی ہے ان سب کا قاضی عیاض نے ذکر کیا ہے۔ اور انہوں نے خلت کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے درمیان مشترک قرار دیا۔ نبوت اور رسالت کی مشترک فضیلت ہونے کے باوجود لامحالہ وہ صفات جو خلت کے معنی میں مذکور ہوئے اور ان کا اثبات ان دونوں میں کیا ان میں ہمارے آقا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں عظیم تر، قوی تر اور کامل تر ہوں گے۔ اور اس کے لوازم وخواص تمام انبیاء ومرسلین صلوات اللہ علیہم کے درمیان مشترک ہیں۔ لیکن فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی۔

اس کے بعد قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علمائے ارباب قلوب اختلاف رکھتے ہیں کہ درجہ خلت ارفع ہے یا درجہ محبت اور بعض دونوں کو برابر قرار دیتے ہیں اس بنا پر کہ جو خلیل ہے وہ حبیب ہے اور جو حبیب ہے وہ خلیل ہے۔ لیکن اس کے باوجود حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلت سے اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو محبت سے مخصوص قرار دیتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ ذکر موسوم کرنے میں ہی ہے نہ کہ حقیقت میں حالانکہ اگر خلیل کا اطلاق حضور پر بھی ہو تو تخصیص کہاں رہی۔

اور بعض کہتے ہیں کہ درجۂ خلت ارفع واتم ہے اس کا حضور کے اس ارشاد سے استدلال کرتے ہیں کہ فرمایا: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا غَيْرَ رَبِّيْ - الحدیث تو آپ نے غیر کو خلیل نہ بنایا باوجود یہ کہ محبت کا اطلاق سیدہ فاطمہ اور ان کے فرزندوں یا حضرت اسامہ اور ان کے سوا دیگر حضرات کی طرف ہوا ہے۔

اکثر علماء نے محبت کو خلت سے افضل قرار دیا ہے۔ اس لیے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ حضرت خلیل علیہ السلام کے درجہ سے افضل واعلیٰ ہے۔ اور محبت کی اصل کسی چیز کی طرف مائل ہونا اور محبّ کی موافقت کرنا ہے لیکن اس کا یہ مفہوم انسانوں کے لیے تو صحیح ہے کہ وہ اس کی طرف مائل ہو جائے اور اس کی خوشنودی میں پیروی کرے۔ لیکن خالق جل شانہٗ اغراض سے پاک ومنزہ ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ کی بندوں کے لیے محبت اس کو نیک بختیوں پر قائم رکھنے اور گناہوں سے بچانے اور اسباب قرب مہیا کرنے اور اسے توفیق دینے اور رحمت کا افاضہ فرمانے میں ہے اور اس کی انتہا بندے کے دل سے عجب وتکبر کو دور کرنا ہے تاکہ وہ اپنے قلب ونظر اور اپنی بصیرت سے اس کی طرف دیکھے تو وہ ایسا ہوگا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے: فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهٖ وَلِسَانَهُ الَّذِيْ يَنْطِقُ بِهِ الْحَدِيْثَ پھر جب میں اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کے وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس

کی وہ آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کی وہ زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے اس معنی و مفہوم کے سوا حق تعالیٰ کے لیے کچھ اور سمجھنا اس کی شان کے لائق نہیں ہے۔ غیر کی طرف مائل ہونا اس کی پیروی کرنا اور غیر سے غرض وابستہ کرنا حق تعالیٰ اس سے پاک و منزہ ہے۔ اللہ عزوجل کے لیے سلامتی قلب اور اعمال و حرکات میں اخلاص ہونا چاہیے۔ جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا خلق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان میں کہ: كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنَ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق قرآن کے مطابق تھے آپ اس کی رضا پر راضی اور اس کی ناراضگی پر ناراض تھے۔

اس جگہ بعض حضرات اپنے کلام میں اس طرح تعبیر کرتے ہیں کہ:

قَدْتَخَلَّلْتُ مَسْلَكَ الرُّوْحِ مِنِّیْ هٰذَا اسْمِیْ الْخَلِیْلَ خَلِیْلاً فَاِذَا مَا نَطَقْتُ كُنْتَ حَدِیْثِیْ وَاِذَا مَا سَلْتَ كُنْتُ خَلِیْلاً

مطلب یہ کہ تیرے لیے ہی خاموش رہتا ہوں، تیرے لیے ہی بولتا ہوں، تیرے لیے ہی قیام کرتا ہوں۔ تیرے لیے ہی سفر کرتا ہوں اور تیری تلاش میں رہتا ہوں۔ خلت و محبت کی خصوصیت، دونوں ہمارے سردار، سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہیں اس پر اخبار صحیحہ اور آثار صریحہ منشرہ مشتہرہ کی دلالت موجود ہے اس باب میں حق سبحانہ وتعالیٰ کا یہ ارشاد کافی ہے کہ:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ.

فرما دو اگر تم اللہ کی محبت چاہتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا۔

باب نہم

درحقوق وواجباتِ نبوت

حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق اور آپ کی تصدیق وایمان لانے کے وجوب' اور امرونواہی میں آپ کی اطاعت اور ہر وہ امر جو خدا کی جانب سے لائے۔ اس پر ایمان لانا' سنت کی پیروی اور آپ کی سیرت کی اقتداء' بدعت اور تغییر سنت سے اجتناب اور محبت' مناصحت یعنی خیر خواہی رعایت ادب' آپ پر صلوٰۃ وسلام کے وجوب وحکم کے بیان میں یہ باب ہے۔ اور یہ تمام امور ابواب سابقہ کا نتیجہ اور ثمرہ ہیں چونکہ ثبوت نبوت اور صحت رسالت کے ضمن میں جو کچھ گزرا اجب وہ ثابت ومقرر ہے تو واجب ہے کہ ان پر ایمان لائیں اور اس کی تصدیق کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْٓ اَنْزَلْنَا (تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا) اور فرمایا:

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (بیشک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا' بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بھیجا تا کہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائیں) اور فرمایا:

قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

(فرمادو: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں تو اللہ اور اس کے رسول نبی امی پر ایمان لاؤ)۔

ان آیات کریمہ سے حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثنا پر ایمان لانا واجب ومتعین ہے اور اس وقت تک ایمان کی حقیقت نہ تو مکمل ہوگی نہ اسلام صحیح ہوگا اور نہ ایمان واسلام کا حصول درست ہوگا جب تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان اور آپ کی رسالت کی شہادت کا اقرار نہ کیا جائے۔

اور یہ جو بعض حدیثوں میں آیا ہے''

(یہاں تک کہ کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یا جو کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) تو یہ پہلے اور اعظم جز پر اکتفا کیا گیا ہے یا یہ لفظ کلمہ اسلام میں بطور علم ونام ہے جیسا کہ پوچھنے والے کے جواب میں کہا جاتا ہے کہ کیا پڑھ رہے ہو تو وہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یا کہے کہ الم ذالک الکتاب پڑھ رہا ہوں اس کی دلیل حضور کا یہ ارشاد ہے کہ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَیُؤْمِنُوْا بِیْ وَبِمَا جِئْتُ بِهٖ (الحدیث) (مجھے لوگوں سے اس وقت تک قتال جاری رکھنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک وہ لا الٰہ الا اللہ کی شہادت نہ دیں اور مجھ پر اور اس پر جو میں لایا ایمان نہ لائیں) یہ بات ظاہر ہے اور محتاج بیان نہیں ہے۔

جاننا چاہیے کہ جمہور میں مشہور یہ ہے کہ ایمان کی حقیقت' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت اور جو کچھ آپ خدا کی طرف سے لائے سب کی تصدیق اور اس تصدیق کے مطابق زبان سے شہادت دینا اور اقرار کرنا کہ آپ خدا کے رسول ہیں اور جب دل سے تصدیق اور زبان سے شہادت جمع ہو جائے تو ایمان مکمل ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث مذکور میں جو عبداللہ بن عمر سے مروی ہے اس سے ظاہر ہو گیا کہ مجھے اس وقت تک قتال کرتے رہنے کا حکم ہے جب تک کہ وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی شہادت نہ دیں'' مراد یہ ہے کہ دل سے تصدیق کریں اور زبان سے گواہی دیں لیکن وجود شہادت اور اس کے بیان کفایت کو ظاہر میں حکم ایمان کے

اہتمام کے لیے شہادت کی تخصیص کرتے ہیں جیسا کہ دوسری حدیث میں فرمایا ہے کہ: فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْنِیْ وَمَائَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا لِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ۔ جب انہوں نے شہادت کا اقرار کرلیا تو انہوں نے مجھ سے اپنی جانوں اور مالوں کو بچا لیا مگر جو اس کا حق ہے تو اس کا حساب اللہ پر ہے۔

اور جبریل علیہ السلام کی حدیث کا مقصد بھی یہی ایمان کے دو جزو میں ایک شہادت یعنی زبانی اقرار اور دوسری تصدیق یعنی دل سے ماننا لیکن تصدیق کی تعبیر ایمان سے کی ہے کیونکہ لغوی معنی میں دونوں ایک ہی ہیں مگر شریعت میں تصدیق قلبی اور شہادت لسانی کے مجموعے کا نام ایمان ہے رہی یہ بات کہ لفظ شہادت بھی درکار ہے یا نہیں بلکہ زبانی اقرار دل کی موافقت کے ساتھ جو شہادت کے معنی ہیں کافی ہے۔ لہٰذا اس پر اجماع ہے کہ جو اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا قائل ہے وہ بغیر لفظ شہادت کے مومن ہے اگرچہ اس لفظ کے ساتھ بولنا اولیٰ اور افضل ہے۔ اس مقام کی تفصیل اس طرح ہے کہ اس میں چار حالتیں ہیں ایک یہ کہ تصدیق زبانی اقرار کے ساتھ جمع ہو یہ حالت محمود تام اور کامل ہے دوسرے یہ کہ زبانی اقرار بغیر تصدیق قلبی کے ہو۔ یہ مردود ہے اسمیں بالکل ایمان نہیں ہے باتفاق ایسی حالت کو اقسام کفر میں اقبح، اشنع اور اخبث قرار دیتے ہیں اور ایسے شخص کی جگہ جہنم کا سب سے نچلا درجہ ہے۔ تیسری حالت یہ ہے کہ تصدیق قلبی بغیر زبانی شہادت واقرار کے ہے اس کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ دل سے تصدیق کرتا ہے مگر زبان سے اقرار کرنے کی مہلت نہ ملی اور جان دیدی۔ اس صورت میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ اپنے سابقہ اقرار کفر پر ہی مرا۔ ایسا اس لیے کہتے ہیں چونکہ تصدیق واقرار کے مجموعے کا نام ایمان ہے اور اس جگہ اقرار پایا نہیں گیا لہٰذا اس کی موت کفر کی حالت پر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ وہ جنت کا مستحق ہے اس بنا پر کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِيْهِ قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِّنَ الْاِيْمَانِ. وہ جہنم سے نکال لیا جائے گا جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ دل میں ایمان کا ہی ذکر فرمایا ہے اور ایک جگہ یہ بھی فرمایا: هَلَّا شَقَقْتَ قَلْبَهٗ، کیا تم نے اس کا دل چیر کر دیکھ لیا؟ اور یہ کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اور جب ان کے دل میں ایمان داخل ہو جائے.... لہٰذا ایمان کی جگہ دل کو قرار دیا تو ایسی حالت کا شخص، بغیر گناہ کے اور بغیر کوتاہی وتقصیر کے اپنے دل سے مومن ہے۔ کیونکہ ترک شہادت اس کے اختیار سے نہیں اور اہل انصاف کے نزدیک اس شخص کی حالت محل اختلاف نہیں ہے اور اگر گونگا ہے اور بحکم طبیعت اختیار پر قدرت نہ رکھتا ہو تو وہاں اسے معذور گردانتے میں سب کا اتفاق ہے۔ اور ایسا فرق وامتیاز جو ان دونوں صورتوں میں مفید ہو ظاہر نہیں ہے اور اگر ان لوگوں کو اس مقام میں بھی کھڑا کریں اور وجود ایمان کے قائل نہ ہوں تو کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ لیکن یہ قول اہل حق کے خلاف ہے اور چوتھی حالت یہ ہے کہ دل سے تصدیق کرے اور مہلت وفرصت بھی پائے اور زبانی اقرار وشہادت کے لازم ہونے کا علم بھی رکھتا ہو اور زبان نہ کھولے اور اپنی عمر میں شہادت نہ دے اگرچہ ایک بار ہی ہو تو اس جگہ بھی علماء کا اختلاف ہے۔ ایک جماعت کہتی ہے وہ مومن ہے اس لیے کہ وہ تصدیق کنندہ ہے۔ اور شہادت یعنی زبانی اقرار از قسم اعمال ہے تو وہ اس کے ترک پر گنہگار ہوگا جیسا کہ مذہب حق کی رو سے کسی عمل کے نہ کرنے سے گنہگار ہوتا ہے۔ یہ جماعت کہتی ہے کہ ایمان کی حقیقت، یہی تصدیق قلبی ہے اور اقرار، احکام ایمان کے اجراء کی شرط ہے نہ وہ ایمان کا جزو ہے اور نہ اس کے صحت کی شرط اور اس کی عاقبت کا ہم عدم خیر تصدیق کی بنا پر کوئی حکم نہیں کریں گے لیکن وجود تصدیق کی بنا پر وہ واقع میں مومن ہے اور عمل داخل ایمان نہیں ہے خواہ زبان کا عمل ہو خواہ ارکان واعضاء کے اعمال، مگر یہ خوب جان لینا چاہیے کہ یہ اس تقدیر پر ہوگا جب کوئی چیز تصدیق کے منافی اس سے زد نہ ہو اور اگر منافی ایمان کوئی چیز ہے تو یہ صورت نہ ہوگی اس لیے کہ تصدیق کا تحقق معدوم ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ایسی حالت کا شخص مومن نہیں ہے جب تک کہ تصدیق قلبی کے ساتھ شہادت لسانی یعنی زبانی اقرار شامل نہ ہو اس لیے شہادت انتہاء عقد

اور التزام ایمان ہے جو کہ عقیدہ کے ساتھ پیوست ہے۔ اور فرصت ومہلت کے باوجود محض تصدیق سے ایمان مکمل نہیں ہوتا جب تک کہ شہادت نہ دے۔ اور زبان' دل کی ترجمان ہے' زبان کے فعل اور دیگر اعضاء کے افعال کے درمیان فرق ہے۔ ہاں عدم قدرت کی حالت دوسری ہے۔ علماء کہتے ہیں کہ صحیح یہی قول ہے ایسا ہی الشفا میں ہے۔ (واللہ اعلم)

اس جگہ ایک قسم اور ہے وہ یہ کہ تصدیق واقرار رکھتا ہے لیکن کوئی ایسی چیز اس میں موجود ہے جسے شارع علیہ السلام نے شعار وعلامت کفر قرار دیا ہے۔ مثلاً زنار باندھنا یا بت کو سجدہ کرنا وغیرہ۔ اگر اس قسم کا شعار وعلامت کفر جو شارع علیہ السلام سے بدلیل قطعی ثابت ہے اس میں موجود ہے اور یقین کے ساتھ اس کا ارتکاب اس سے پایا جاتا ہے تو از جہت حکم شرع وہ کافر ہے۔ اور بعض مصنفین کے کلام میں واقع ہے کہ بحکم ظاہر وہ کافر ہے۔ اسے بعض کافر شرعی کہتے ہیں اور بعض کافر حکمی کہتے ہیں لیکن یہ بات پایۂ ثبوت تک نہیں پہنچتی۔ اس لیے کہ جب شارع علیہ السلام نے اس کے کفر کا حکم دے دیا تو اس کا ایمان معتبر نہ رہا اور حقیقۃً کافر ہو گیا مگر یہ کہ ثابت ہو جائے کہ شارع علیہ السلام نے ظاہری کفر کا حکم دیا ہے نہ کہ کفر حقیقی کا۔

تنبیہہ: فقہا کی جماعت خصوصاً فقہائے احناف ''رحمہم اللہ'' بعض افعال وکلمات پر حکم کفر دیتے ہیں مثلاً کوئی غیر خدا کی قسم کھائے اور کہے ماں، باپ یا کسی اور کی قسم یا کہے کہ یہ سخت گناہ ہے یا کہے کہ یہ چیز خدا کے لیے دے دے۔ اس قسم کی اور بھی مثالیں ہیں جو کتب فقہیہ میں لکھی ہوئی ہیں اس میں حق وصحیح بات یہ ہے کہ وہ یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ یہ باتیں مظنہ کفر اور موہم کفر ہیں۔ ورنہ اس سے کفر حقیقی لازم نہیں آتا ہاں اگر وہ متوہم ومظنون معنی ہی کا التزام کرتا ہے تو اہل قبلہ کی مانند کافر ہو جائے گا ان کا مذہب یہ ہے کہ کفر لازم آ جاتا ہے اگر ان کا التزام کرے اور تاویل کرے۔ اور اگر کسی دلیل وحجت اور شبہ کی بنا پر وہ اس کی تاویل کریں اور اس کی حقانیت کا دعویٰ کریں تو کافر نہ ہوں گے۔ لہٰذا اہل قبلہ کی تکفیر سے روکنے کی وجہ سے اسی احتمال پر مبنی ہے ہاں اگر ثابت ہو جائے کہ وہ افعال واقوال از قبیل شعار وعلامات کفر ہیں تو حکم کفر اس بنیاد پر ہوگا نہ کہ لزوم کفر کی وجہ سے (واللہ اعلم بالصواب)۔

ایمان میں کمی بیشی کا مسئلہ: ایمان واسلام اور اس میں کمی وبیشی ہونے کے بارے میں بڑی بحثیں ہیں۔ اور اس سلسلے میں فقہاء کے اقوال کتابوں میں موجود ہیں۔ اس مسئلہ کی تحقیق یہ ہے کہ ایمان میں کمی بیشی سے مراد عمل کی زیادتی اور اس کی کمی ہے اور جو ایمان میں دخل عمل کا قائل نہیں ہے اس کے نزدیک ایمان میں کمی وبیشی متصور ومعقول نہیں ہے۔ اور محض تصدیق اس کے قابل نہیں اس لیے کہ کمی وزیادتی تو عدد وگنتی میں ہوتی ہے۔ ہاں تصدیق میں کمال ونقصان بر بنائے اختلاف صفات اور تباین حالات جو یقینی قوت اور اعتقادی پختگی اور وضوح معرفت میں ہوتی ہے اس میں بیشگی' خوگری اور حضور قلب جاری ہے لیکن زیادتی وکمی نہیں۔ اور اس قول کے بطلان کے بیان میں اس پر تنبیہہ کرنا واجب ہے کیونکہ بعض لوگوں نے جو یہ مشہور کر رکھا ہے کہ محدثین کے نزدیک تصدیق بالجنان' یعنی دل سے ماننا اور اقرار باللسان یعنی زبان سے شہادت دینا اور عمل بالارکان یعنی اعضاء سے عمل کرنا ان سب کے مجموعے کا نام ایمان ہے اور ہر وہ شخص جسے محدثین کے کلام کی خبر نہیں ہے۔ وہ یہی سمجھتا ہے حالانکہ یہ غلط ہے کیونکہ ان لوگوں کی مراد ایمان کامل سے ہے جیسی کہ اس کی تصریح بخاری وغیرہ نے کی ہے۔ اور شارحین مجموعہ احادیث نے اس کی تحقیق کی ہے۔ یہ جھوٹی اور باطل شہرت پہلے زمانوں سے پھیلی ہوئی ہے جیسا کہ قاضی عضد نے ''مواقف'' میں کہا کہ ''ایمان کی حقیقت میں اختلاف کیا گیا ہے۔ اور اسلاف ومحدثین کا مذہب یہ ہے کہ: اَلْاِیْمَانُ تَصْدِیْقٌ بِالْجَنَانِ وَاِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَعَمَلٌ بِالْاَرْکَانِ تصدیق قلبی اور زبانی اقرار اور عمل بالاعضاء ایمان ہے۔'' اور سلف سے یہی قول مشہور ومعروف ہے حالانکہ ان کی مراد بھی ایمان کامل سے ہے جیسا کہ اہل سنت وجماعت کا مذہب ہے' حاشا' کہ مذہب اہل سنت وجماعت' مذہب سلف کے برخلاف ہے۔ اور محدثین کا مذہب' اہل سنت وجماعت کے مذہب کے برخلاف ہے

(دونوں باتیں غلط و باطل ہیں) پھر کیا ضرورت لاحق ہوئی کہ ایسی بات کہی گئی؟ باوجود علماء کی تصریح وتحقیق اور اطلاق سلف کے؟ تو یہ ایمان کامل کی تحصیل پر ترغیب وتحریص کے لیے ہے۔ اس بحث کی مزید تحقیق وضاحت دلائل واعلام کے ذریعہ دوسری جگہ کی گئی ہے۔

وجوب طاعت واتباع سنت واقتدائے سیرت: وصل: حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر جب ایمان لانا واجب ہوگیا تو طاعت واتباع بھی لازم آ گئی اور اکثر طاعت کا اطلاق' فرائض وواجبات' عبادات اور مرونواہی پر آتا ہے اور اتباع واقتداء کا اطلاق' سنن وآداب اور سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوتا ہے۔ اسی لیے صاحب کتاب الشفاء نے ان دونوں مطالب کے ذکر وبیان کے لیے دو فصلیں مرتب کی ہیں اور اگر ان دونوں کا ایک ہی فصل میں ذکر کرتے تب بھی درست ہوتا جیسا کہ صاحب مواہب لدنیہ نے کیا ہے۔

اب رہا وجوب طاعت کا مسئلہ تو حق تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اور فرماتا ہے: وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ اللہ اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم رحمت کے مستحق بنو اور فرماتا ہے: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ اور ہم کسی رسول کو نہیں بھیجتے مگر یہ کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور فرمایا: مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ جس نے رسول کی طاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی گویا کہ حق تعالیٰ نے اطاعت رسول کو اپنی اطاعت قرار دیا اور رسول کی اطاعت کو اپنی اطاعت کے ساتھ شامل فرمایا اور اس پر اجر وثواب کا وعدہ اور اس کے ترک ومخالفت پر عذاب وعقاب کی وعید کی اور ان کے حکم کی بجا آوری اور مخالفت سے اجتناب کو واجب قرار دیا۔ مطلب یہ کہ جو رسول کی اطاعت، ان کی رسالت اور احکام الٰہی کی تبلیغ کی حیثیت سے کرے۔ درحقیقت وہ اطاعت نہیں کرتا مگر حق تعالیٰ کی۔ اور آیات اس پر دلیل ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام امر ونواہی اور اقوال وافعال میں معصوم ہیں۔ اس لیے کہ اگر کسی چیز میں خطا کریں اور وہ حق کے موافق نہ ہو تو ان کی طاعت خدا کی طاعت نہ ہوگی۔

سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ سے شرائع اسلام کے بارے میں کسی نے پوچھا فرمایا: وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔ یہ رسول جو تمہیں دیں لازم کرلو اور جس سے روکیں باز رہو'' علماء فرماتے ہیں کہ: اَطِیْعُوا اللّٰهَ فِیْ فَرَائِضِهٖ وَالرَّسُوْلَ فِیْ سُنَّتِهٖ. فرائض میں اللہ کی اور سنت میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو ایک قول یہ ہے کہ: اَطِیْعُوا اللّٰهَ فِیْمَا شَرَعَ عَلَیْكُمْ وَالرَّسُوْلَ فِیْمَا بَلَّغَكُمْ جو تم پر مشروع ہوا اس میں اللہ کی اطاعت کرو اور تمہیں تبلیغ فرمائی اس میں رسول کی اطاعت کرو۔ علما فرماتے ہیں کہ خدا کی اطاعت اس کی ربوبیت کی شہادت میں ہے اور رسول کی اطاعت ان کی نبوت کی شہادت میں ہے اور یہ طاعت دلیل محبت ہے اور محبت معیت کی مورث ہے جیسا کہ معیت کی فضیلت میں آئے گا۔

حق تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ فرمادو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ تمہیں محبوب بنالے گا۔ اور تمہارے گناہوں کو تم سے مٹادے گا۔'' اس آیت کریمہ کا آیت ''المحبۃ'' نام رکھتے ہیں۔

مفسرین کہتے ہیں کہ ایک گروہ نے خدا کی محبت کا دعویٰ کیا اس پر حق تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ اے میرے حبیب! فرمادو اگر تم خدا کو دوست رکھتے ہو تو میری متابعت کرو اور میری طاعت بجالاؤ کیونکہ یہی خدا کی طاعت ہے اور یہی خدا سے محبت رکھنے کی دلیل ہے اب اگر تم میری متابعت کرو گے تو تم خدا سے محبت کرنے والے ہو گے بلکہ اس کے محبوب ہو جاؤ گے اور میرے مقام حبیب کے تم بھی وارث بن جاؤ گے۔ ممکن ہے اس کے معنی یہ ہوں کہ اگر تم چاہتے ہو کہ خدا تم کو دوست بنالے تو میری متابعت کرو۔ خدا تمہیں دوست

بنا لے گا۔ غرضیکہ خدا کی محبت' اتباع رسول خدا کے ساتھ مشروط ہے اور مشروط بغیر شرط کے وجود میں نہیں آتی ہے پھر یہ کہ اتباع' مورث محبت اور سبب محبت ہے۔ لہٰذا اتباع بھی شرط محبت ہے کہ اس کا انتفاء اسکے انتفاء کو مستلزم ہے اور سبب محبت بھی ہے کہ اس کا وجود اس کے وجود کو مستلزم ہے لامحالہ یہ محبت' متابعت کا معلول ومسبب ہے اس کے بعد ایک اور چیز موجود ہوتی ہے جس کا نام محبت ہے جو اس کی شرط ہے اور اس پر مقدم ہے لہٰذا مقام ثانی' مقام اول سے بلند تر اور بزرگ تر ہے کیونکہ فرمایا: يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا) تو یہ اسی طرف اشارہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ تو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول نبی امّی پر اور اس رسول کا اتباع کرو اس امید کے ساتھ کہ تم صراط مستقیم کی ہدایت پاؤ جو کہ سب سے قریب تر راستہ ہے۔ گویا ہدایت پانے کی امید کو دو چیزوں کے ساتھ تابع کیا ایک رسول پر ایمان دوسرا رسول کا اتباع۔

تنبیہ: ہر اس شخص کو خبردار کیا جاتا ہے جو رسول کی تصدیق تو کرتا ہے مگر ان کی شریعت کی التزام کے ساتھ اتباع وپیروی نہیں کرتا۔ وہ گمراہی وضلالت میں ہے اگرچہ اصل ایمان ہی کیوں نہ رکھتا ہو لہٰذا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل کی متابعت ہم پر واجب ہے بجز اس کے جس کی کوئی دلیل تخصیص کرتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ اللہ تعالیٰ اپنی ذات کی قسم یاد کر کے فرماتا ہے قسم ہے تمہارے رب کی اے حبیب! میرے صلی اللہ علیہ وسلم وہ لوگ ایماندار نہیں ہوں گے جب تک کہ ان چیزوں میں جس میں وہ مختلف ومختلط ہیں ان میں آپ کا فیصلہ نہ مانیں: ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ اس کے بعد جو کچھ آپ نے فیصلہ دیا اس کے بارے میں وہ اپنے دل میں تنگی اور شک وشبہ نہ رکھیں وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ اور ظاہر وباطن کے ساتھ آپ کے آگے منقاد ہو جائیں اور مان لیں۔ یہ اطاعت' تبعیت اور انقیاد کے اعلیٰ مرتبہ کی طرف اشارہ ہے کہ وہ حکم رسول کے آگے ظاہر وباطن میں راضی ہوں خواہ خواہشات نفس کے موافق ہو یا اس کے مخالف اور وہ یقین سے جانیں کہ جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے سب سے زیادہ حق ہے اس کے بعد ان کے باطن میں خدشہ اور خلجان نہ رہے اس کو مقام رضا وتسلیم کہتے ہیں۔ کیونکہ حق تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ جب کہا اس سے اس کے رب نے اسلام لا تو اس نے کہا میں رب العٰلمین کے لیے اسلام لایا۔'' اس کا اشارہ بھی اسی طرف ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحتوں میں سے ہے کہ فرمایا: عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الخ تم پر لازم ہے کہ میری سنت اور خلفائے راشدین مہدیین کی سنت کو مضبوط ومحکم پکڑو اور اپنے آپ کو محدثات امور سے بچاؤ اس لیے کہ ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت ضلالت ہے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اتنا زیادہ ہے کہ ہر ضلالت جہنم میں ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی چیز کو اختیار فرماتے تو اس میں رخصت پر عمل فرماتے۔ ایک جماعت اس سے بچتی اور اس سے دوری تلاش کرتی کہ وہ رخصت پر عمل کرے جب اس کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچتی تو حضور نے حمد وثنا کے بعد فرمایا اس قوم کا کیا حال ہے کہ وہ اس سے بچتی ہے جسے میں اختیار کرتا ہوں۔ قسم ہے مجھے خدائے ذوالجلال کی میں ان میں سب سے زیادہ خدا کو اور اس کی رضا کو جاننے والا ہوں اور از روئے خوف وخشیت حق تعالیٰ ان میں بہت زیادہ سخت ہوں۔ مطلب یہ کہ باوجود اس علم وخشیت کے' میں رخصت پر عمل کرتا ہوں۔ تو خوب جان لو کہ حق یہی ہے اور مقتضائے حکمت بھی یہی ہے اس میں مصلحتیں ہیں جن سے دین ودنیا کے کام کی صلاح متضمن ہے۔ جیسا کہ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ خدا پسند فرماتا ہے کہ اس کی رخصتوں پر عمل کیا جائے جس طرح کہ وہ پسند کرتا ہے کہ اس کی عزیمتوں پر عمل کیا جائے اگرچہ عزیمت پر عمل افضل وارفع ہے لیکن کبھی کبھی رخصت پر عمل بھی محبوب ومرغوب پڑتا ہے۔ اور بملاحظہ ترفیہ وترخیص وتیسیر الٰہی' حکم عزیمت لیا جاتا ہے۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ: وَاللّٰہِ اِنِّیْ لَاَخْشَاکُمْ بِاللّٰہِ وَاَتْقَاکُمْ لَہٗ لٰکِنِّیْ اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاُصَلِّیْ وَاَرْقُدُ وَاَتَزَوَّجُ نِسَاءً فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ

خدا کی قسم میں تم سب سے زیادہ خشیتِ الٰہی رکھتا ہوں اور تم سے زیادہ تقوائے الٰہی موجود ہے۔ لیکن میں روزہ رکھتا ہوں' افطار کرتا ہوں' نماز پڑھتا ہوں' شب باشی کرتا ہوں اور بیویوں سے نکاح کرتا ہوں تو جو میری سنت سے روگردانی کرے وہ مجھ سے نہیں ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری سنت کے مطابق تھوڑا عمل کرنا بدعت میں عمل کثیر سے بہتر ہے۔ اور فرمایا کہ جس نے میری سنت کو زندہ کیا بلاشبہ اس نے مجھے زندگی دی اور جو میری زندگی چاہے تو وہ میرے ساتھ ہوگا۔

بدعت کی بحث: ایک اور حدیث میں ہے کہ جس نے فسادِ امت کے وقت میری سنت کو مضبوط تھاما تو اس کے لیے سو شہیدوں کا ثواب ہوگا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ سنت کو مضبوط تھامنا' بدعت کی ایجاد سے بہتر ہے۔ یعنی اگرچہ بدعت حسنہ ہے۔ مثلاً آداب خلا وقیلولہ وغیرہ کو زندہ کرنا۔ جیسا کہ سنت میں واقع ہوا ہے۔ مسافر خانے اور مدرسے بنانے سے بہتر ہے اور اس کے کرنے والے کو اقامت سنت کی برکت سے قرب ووصال کا اعلیٰ مقام ملے گا اور اسے رضائے حق حاصل ہوگی اور وہ بدعت جو سنت کو بدل دے وہ مردود و مذموم ہے اور یہ مسلمہ قاعدہ ہے لیکن وہ جو ایسی نہ ہو بلکہ سنت کو تقویت دینے والی اور رواج دینے والی ہو اسے بدعت حسنہ کہتے ہیں۔ یہ مصلحت وحکمت کی رعایت کی بنا پر جائز ہے۔

بدعت کے انواع: علماء فرماتے ہیں کہ بعض بدعتیں ایسی ہیں جن کا کرنا واجب ہے۔ مثلاً صرف ونحو اور علوم الٰہیہ جو کہ زمانہ نبوت میں نہ تھا اور بعض بدعتیں مستحب ہیں جیسے مسافر خانے مدارس اور بھلائی کے مقامات بنانا ان میں مباح ہیں جیسے پیٹ بھر کے کھانا اور وغیرہ باقی سب مکروہ وحرام ہیں اور اقامت سنت اگرچہ قلیل وصغیر ہے بدعت سے اگرچہ کثیر وکبیر ہے اور ان میں مصلحت ومنفعت بھی ہے اس سے ارفع واعلیٰ ہے۔

حکایت براتباع سنّت: حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے ایک حاکم وگورنر نے اپنے علاقہ کے احوال اور چوروں کی کثرت پر خط لکھا اور دریافت کیا کہ ان چوروں کو محض گمان پر پکڑیں یا کسی دلیل وشواہد پر گرفت کریں جیسا کہ سنت ہے اس پر حضرت عمر نے لکھا کہ انہیں ان مبینہ دلیل وشواہد سے پکڑیں جن پر سنت جاری ہے اگر وہ اصلاح پذیر نہ ہوں گے تو حق تعالیٰ ان کی اصلاح فرمائے گا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حجر اسود کو دیکھ کر فرمایا'' خدا کی قسم میں جانتا ہوں تو ایک پتھر ہے نہ نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ نقصان۔ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے نہ دیکھا ہوتا تو تجھے میں ہرگز بوسہ نہ دیتا۔ اس کے بعد اسے بوسہ دیا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا گیا کہ جہاں بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اونٹنی کو پھرایا تھا اس جگہ وہ بھی اپنی اونٹنی کو پھراتے تھے۔ لوگوں نے اس کا ان سے سبب پوچھا فرمایا میں نہیں جانتا مگر اس جگہ میں نے رسول اللہ کو کرتے دیکھا ہے میں بھی کرتا ہوں۔

نیز حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے ایک جگہ وضو کیا وہاں ایک درخت تھا وہ اس کے گرد پھرے اور لوٹے سے اس کی جڑ میں پانی ڈالتے رہے لوگوں نے وجہ پوچھی تو فرمایا میں نے اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا ہے میں بھی کرتا ہوں اور ارشاد باری تعالیٰ: وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ کی تفسیر میں آیا ہے کہ عمل صالح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء سے ہے۔

حضرت سہیل تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے مذہب کے اصول تین چیزیں ہیں ایک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اخلاق وافعال میں اقتداء دوسرے حلال روزی تیسرے تمام اعمال میں اخلاص کی نیت۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ فرمایا میں ایک روز ایک جماعت کے ساتھ تھا وہ سب برہنہ ہو کر پانی میں داخل ہو گئے مگر میں نے حدیث پر عمل کیا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھے اسے چاہیے کہ حمام میں برہنہ نہ جائے تہبند باندھ کر نہائے چنانچہ میں برہنہ نہ ہوا۔ اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے: اے احمد! تمہیں بشارت ہو کہ حق تعالیٰ نے اس سنت پر عمل کرنے کی وجہ سے تمہیں بخش دیا اور تمہیں امام بنا دیا کہ ایک جماعت تمہاری پیروی کرے گی۔ میں نے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے کہا میں جبریل علیہ السلام ہوں۔

آداب بارگاہِ نبوت: وصل: حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق آداب کی رعایت میں قرآن کریم کی آیتیں بکثرت موجود ہیں جن میں آداب نبوت کی رعایت کی طرف اشارات ہیں۔ چنانچہ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ. تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کی تعظیم وتوقیر کرو۔

اور فرمایا:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ. اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔

اور فرمایا: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ. اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی کی آواز سے اونچا نہ کرو۔

اور فرمایا: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا. رسول کے پکارنے کو اپنے درمیان اپنے ایک دوسرے کے پکارنے کی مانند نہ بناؤ۔

اور حق تعالیٰ کا یہ حکم کہ: تعزروہ ای تبخلوہ وتبالغوہ فی تعظیمہ وتنصروہ مطلب یہ ہے کہ ان کی عزت کرو۔ اور ان کی تعظیم میں مبالغہ کرو اور ان کی نصرت واعانت کرو۔ اور ان کے سامنے بات میں آگے بڑھنے سے ممانعت فرمائی۔ اور کلام میں سبقت کرنا بے ادبی قرار دیا۔ مطلب یہ کہ آپ کے بولنے سے پہلے خود نہ بول پڑو۔ اور جب کچھ فرمائیں کان رکھ کر غور سے سنو اور امور دین کے کسی معاملے میں حضور کی کسی ضرورت کے مقابلے میں اپنی کسی معاملہ میں جلد بازی کرنے کی ممانعت فرمائی۔ اس کے بعد مسلمانوں کو ڈراتے ہوئے فرمایا: وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔ (کذا قال القاضی)

مواہب لدنیہ میں مذکور ہے کہ آداب بارگاہِ رسالت میں سے ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے امر ونہی اور اجازت دینے میں آگے نہ بڑھو۔ جب تک کہ حضور تم کو خود حکم نہ فرمائیں یا ممانعت نہ کریں یا اجازت نہ دیں۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے اسی آیت میں فرمایا ہے اور یہ حکم قیامت تک باقی رہے گا منسوخ نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا سنتوں سے آگے بڑھنا اور آپ کے احکام سے تجاوز کرنا بعد وفات بھی ایسا ہی ہے جیسا کہ حالت حیات میں تھا اس میں کوئی فرق نہیں ہے اور مجاہد اس آیت کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی چیز میں تفوق نہ کرو۔ جب تک کہ حق تعالیٰ آپ کی زبان پر حکم نہ فرمائے اور ضحاک کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے ساتھ اپنا کوئی حکم نہ ملاؤ۔ علماء فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ادب پر جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے نظر کرو کہ وہ نماز میں امامت کر رہے تھے تو کس طرح وہ پیچھے ہٹے اگرچہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم اور آپ کی اجازت سے

امامت کر رہے تھے۔ حضرت صدیق فرماتے ہیں کہ ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کے بیٹے کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ رسول اللہ سے آگے بڑھے۔ تو دیکھو ان کے اس ادب نے انہیں کس مرتبہ تک پہنچایا کہ وہ حضور کے بعد آپ کے قائم مقام اور امام بنائے گئے اور انہیں اس مرتبہ تک پہنچایا۔ جہاں تک کسی امتی کی رسائی نہیں (رضی اللہ عنہ)

آداب بارگاہِ رسالت میں سے ایک یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز مبارک پر کسی کی آواز بلند نہ ہو جیسا کہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ چیختے چلاتے ہیں۔ یا جس طرح ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں اور نام لے کر پکارتے ہیں۔ بلکہ اس بارگاہ کی تعظیم وتوقیر کرو۔ اور عرض کرو یارسول اللہ یا نبی اللہ۔ یہ آیہ کریمہ بنی تمیم کے وفد یا کسی اور کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے در اقدس پر کھڑے ہو کر پکارا تھا کہ: یَامُحَمَّدُ اُخْرُجْ عَلَیْنَا. اے محمد! ہمارے پاس باہر آیئے اس پر حق تعالیٰ نے ان کی مذمت فرمائی اور فرمایا: اَکْثَرُھُمْ لَایَعْقِلُوْنَ ان میں سے بہت سے عقل سے محروم ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب حضرت عمر اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان کسی اختلاف پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس شریف میں دونوں کی آوازیں کچھ بلند ہو گئی تھیں اور بعض کہتے ہیں کہ ثابت رضی اللہ عنہ بن قیس بن شماس کے بارے میں نازل ہوئی کیونکہ یہ بہرے تھے اور ان کی آواز بھی اونچی تھی۔ اس آیت کے نزول کے بعد وہ اپنے گھر میں بیٹھ رہے تاکہ ان کے عمل اکارت نہ ہوں لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا اور انہیں شہادت اور جنت کی بشارت دی تو وہ روز یمامہ شہید ہوئے یہ حکایت اپنی جگہ انشاء اللہ آئے گی۔

منقول ہے کہ جب آیۂ کریمہ نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ خدا کی قسم یارسول اللہ! آئندہ میں ایسے ہی بات کیا کروں گا جیسے سرگوشی میں کی جاتی ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح آہستہ سے بات کرتے تھے یہاں تک کہ بعض وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی بات سمجھا بھی نہ کرتے جب تک کہ دوبارہ استفہام نہ فرماتے اس پر حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَھُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰہُ قُلُوْبَھُمْ لِلتَّقْوٰی لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ.

بیشک جو لوگ رسول اللہ کے پاس اپنی آوازوں کو خوب پست کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن سے اللہ نے ان کے دلوں میں تقویٰ کا امتحان لیا ان کے لیے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔

خلیفہ وقت سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مناظرہ: منقول ہے کہ خلیفہ زمانہ ابوجعفر امیر المومنین نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مسجد نبوی میں مناظرہ کیا۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے فرمایا: اے امیر المومنین! اپنی آواز کو مسجد میں پست کرو اس لیے کہ حق تعالیٰ نے ایک جماعت کو ادب سکھاتے ہوئے فرمایا: لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ۔ اپنی آوازوں کو بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں اونچی نہ کرو۔ اور ایک جماعت کی مدح وتعریف میں فرمایا "اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَھُمْ" بے شک جو لوگ اپنی آوازوں کو خوب پست کرتے ہیں (آخر آیت تک)۔ اور ایک گروہ کی مذمت وبرائی میں ارشاد فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ. جو لوگ حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں.... یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وحرمت بعد وفات بھی ایسی ہی ہے جیسی آپ کی حیات شریفہ میں تھی۔ اس پر خلیفہ رونے لگا اور خاموش ہو گیا' اس کے بعد ابوجعفر خلیفہ نے کہا: اے ابوعبداللہ! میں اپنے چہرہ کو دعا میں قبلہ سے پھیر دوں یا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اس پر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیوں منہ پھیرتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہارے وسیلہ ہیں اور تمہارے والد حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام کے روز قیامت وسیلہ ہیں۔ جاؤ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے شفاعت مانگو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ

اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو وہ بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر مغفرت مانگیں.....۔''

جب کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز مبارک پر اپنی آواز اونچی کرنے کا نتیجہ حبوط وضیاع اعمال ہیں تو تم کیا گمان رکھتے ہو کہ وہ سنن واحکام جو آپ خدا کے پاس سے لائے اس پر اپنے افکار وخیالات کے تفوق کا کیسا نتیجہ اور ثمرہ برآمد ہوگا جیسا کہ ارباب عقول اور فلسفیوں کی عادت ہے (اعاذنا اللہ تعالیٰ من ذالك)۔

آداب نبوی میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اقوال میں اپنی رائے سے اعتراض اور شک وشبہہ نہ کرو۔ بلکہ حضور کے قول سے اپنی رائے پر اعتراض اور شک وشبہہ کرو اور قیاس سے نص کا مقابلہ نہ کرو۔ بلکہ قیاس کو نص کے مطابق بناؤ اور قیاس کے صحیح ہونے کی شرط ہی یہ ہے کہ وہ نص کے مقابلہ میں نہ ہو۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام مبارک کی حقیقت کو اپنے مخالفانہ خیال سے ردوبدل اور تغیر وتحریف نہ کرو جیسا کہ منطق وفلسفہ والے کرتے ہیں اور اسے وہ معقول کہتے ہیں اور نہ آپ کے کلام میں شک وشبہہ ڈالو۔ اور جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا اور احکام لے کر آئے وہ ان معقولیوں کے موافق ہونے پر موقوف نہیں رکھا گیا تو اس کے ماننے میں عدم موافقت کو دخل نہ دو۔ کیونکہ یہ بے ادبی وجرأت کا موجب ہے البتہ متشابہات کی تاویل اور محکمات سے اس کی تطبیق ان شرائط کے ساتھ جو ان کے مقامات میں مسلم ومقرر ہیں ممکن ہے لیکن جہاں استحالہ، خالص استبعاد اور خلاف عادت ہو وہاں نہیں۔ ان میں سلف کا مذہب تسلیم وتفویض ہی ہے۔ اور یہ روش تفسیر وحدیث میں مثلاً بیضاوی وغیرہ میں بکثرت ہے ان کے ذکر کی حاجت نہیں۔ (تاب اللہ علیهم وغفر لهم ونسال اللہ العافیه)۔

آداب نبوت میں سے ایک یہ ہے کہ جس طرح تحکیم وتسلیم، خشوع وخضوع، تذلل وانکساری اور توکل واعتماد توحید مرسل یعنی بارگاہِ الٰہی میں واجب ہے اسی طرح توحید رسول اور آپ کی تعظیم میں بھی لازم ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس جگہ دو توحید ہیں جن کے بغیر کسی بندے کو خدا کے عذاب سے نجات اور اس کی رضا میں کامیابی نہیں ہے ان میں سے ایک توحید مرسل ہے جو حق تعالیٰ کی ربوبیت میں ہے۔ اور دوسری توحید رسول ہے۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت وپیروی میں ہے تو لازم ہے کہ کسی غیر سے محاکمہ نہ کرائے اور کسی غیر کے حکم پر راضی نہ ہو۔ ایسا ہی مواہب لدنیہ میں مدارج السالکین سے منقول ہے۔

آداب نبوت میں سے ایک یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارنے کو یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کو اپنے میں سے ایک دوسرے کو پکارنے یا دعا کرنے کی مانند نہ بنایا جائے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا (الآیہ) رسول کے پکارنے یا رسول کی دعا کو ایک دوسرے کی دعا کے مانند نہ بناؤ۔ مفسرین کے اس آیہ کریمہ کی تفسیر میں دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ آپ کو آپ کے نام مبارک سے نہ پکارو جیسے کہ تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ بلکہ یا نبی اللہ یا رسول اللہ عظمت وتوقیر کے ساتھ کہو۔ اور دوسرا قول یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارنے کے طریقے کو باہم ایک دوسرے کے پکارنے کی مانند نہ بناؤ کہ اگر چاہا جواب دے دیا اگر نہ چاہا تو جواب نہ دیا بلکہ جب وہ تمہیں بلائیں تو یقیناً تمہیں جواب دینا چاہیے۔ تم پر اس کا ماننا واجب ہے۔ اس میں تخلف کی گنجائش نہیں ہے جیسا کہ آیہ کریمہ کا مضمون ہے کہ: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے بلانے کو قبول کر کے حاضر ہو جاؤ جب وہ تمہیں بلائیں تا کہ وہ تمہیں زندگی عطا فرمائیں۔ اس تقدیر پر مصدر مضاف یعنی لفظ دعا بمعنی فاعل ہے۔ ممکن ہے یہ بات ابن معلیٰ کے بارے میں ہو کہ وہ نماز میں مشغول تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلایا انہوں نے جواب نہ دیا اور بعد کو معذرت چاہی کہ نماز میں تھا اس لیے جواب نہ دے سکا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے خدا کا یہ فرمان نہیں سنا کہ: اِسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ. اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص شریف کے ضمن

میں گزر چکا ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نبی کے بلانے پر حاضر ہونے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

وجوب محبت اور تمام مخلوق سے محبوب تر ماننا: وصل: جاننا چاہیے کہ محبت اہل ایمان کے دلوں کی زندگی اور ارواح کی غذا ہے۔ اور مقامات رضا' اور احوال محبت میں یہ مقام سب سے بلند اور افضل ترین ہے۔ اور جو شخص اور جو وقت بغیر محبت کے گزرتا ہے وہ گویا بے روح رہ جاتا ہے۔ محبت کے معنی اور اس کی حقیقت کے کشف و بیان میں اہل محبت کی تعبیریں مختلف ہیں۔ درحقیقت' اختلاف تعبیرات' اختلاف احوال پر موقوف ہیں اور اکثر محبت کے نتائج وثمرات پر مشتمل ہیں نہ کہ اس کی حقیقت پر۔

مواہب لدنیہ میں بعض محققین سے منقول ہے کہ محبت کی حقیقت اہل معرفت کے نزدیک ایک معلوماتی کیفیت ہے جس کی لفظوں میں تعریف وتحدید نہیں کی جاسکتی۔ اور نہ ہر کوئی اسے جان سکتا ہے جب تک کہ بطریق وجدان اس پر وارد وقائم نہ ہو کیونکہ اس کی تعبیر لفظوں سے ممکن نہیں ہے اور جتنی زیادہ وضاحت کی جاتی ہے اتنا ہی وہ خفی ہوتا جاتا ہے۔ لہٰذا اس کی تعریف وتحدید اس کا وجود ہے۔ انتہی۔ یہ کلام ذوق ومحبت اور وجدان میں ہے ورنہ بحسب وضع' اس کے معنی جھکنے اور کسی ایسی چیز کی طرف دل کے مائل ہونے کے ہیں جو اسے مرغوب وموافق ہو اور محبت کے مراتب ودرجات' آثار وثمرات اور شواہد وعلامات ہوتے ہیں جن کا اشارہ اہل علم کے کلام میں موجود ہے۔ چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ تمام احوال میں محبوب کی موافقت کرنے کا نام محبت ہے۔ اور یہ موافقت ایثار بخشش اور اس کی طاعت میں ہے یہ نفسانی خواہشات اور ارادہ قلبی کی بنا پر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ محبوب کی خوبیوں میں گم ہونے اور اس کی ذات وصفات میں فنا ہونے کا نام محبت ہے اور یہ احکام' محبت میں فنا ہو جانے میں ہے۔ اور یہ بات اس وقت تک حاصل نہیں ہوتی جب تک کہ خود کو اس میں فنا نہ کر دیا جائے اور اسے مکمل طور پر محبت نہ ہو جائے۔

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اپنی طرف سے جتنا زیادہ کیا جائے اسے کم تصور کرنا اور محبوب کی طرف سے کتنا ہی کم ہو اسے بہت جاننے کا نام محبت ہے۔ سچی محبت کرنے والا اگر اپنی ہر اس چیز کو جس پر وہ قدرت رکھتا ہے محبوب پر نچھاور کر دے تو وہ اسے بھی کم سمجھتا ہے اور شرمندہ رہتا ہے اور اگر محبوب کی طرف سے تھوڑی سی چیز بھی میسر آتی ہے تو وہ اسے بہت سمجھتا ہے۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ محبت یہ ہے کہ محبوب پر اپنی ہر چیز کو قربان کر دیا جائے اور اپنے لیے اپنی کوئی چیز باقی نہ رہے اور کہتے ہیں کہ دل سے محبوب کے سوا سب کچھ فنا کر دینے کا نام محبت ہے اور یہی کمال محبت کا اقتضاء ہے تاکہ دل میں غیر کے آنے اور غیر کی محبت رہنے کی جگہ ہی باقی نہ رہے۔ کیونکہ دل محبت کے داخل ہونے اور وہاں اثر انداز ہونے کی جگہ ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ محبت' محبوب کی اور اس کے دیدار کے شوق میں دل کے سفر کرنے کا نام ہے۔ محبوب کا ذکر ہمیشہ زبان پر رہتا ہے: مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ جو چیز زیادہ محبوب ہوگی اس کا ذکر زیادہ ہوگا۔

یہ تمام معنی دراصل محبت کے آثار وعلامات کے ہیں ورنہ حقیقت میں کسی ایسی چیز کی جانب دل کے میلان کا نام محبت ہے جو اس کے موافق ہو یا اس کے ظاہری حواس کے ذریعہ لذت وذوق حاصل کرنے کے لیے مرغوب ہو۔ جس طرح خوبصورت تصویروں' اچھی آوازوں' لذیذ کھانوں اور خوشبودار چیزوں سے محبت رکھنا وغیرہ۔ اور حواس باطنہ یعنی عقل ودل کے ادراک سے برگزیدہ معنی باطنہ سے محبت کرنا جیسے صالحین، علماء اور ان چیزوں سے محبت رکھنا جو سیرت جمیلہ اور افعال حسنہ کے ضمن میں مامور ومعروف ہیں۔ اس لیے کہ انسانی طبیعت فطرۃً اس قسم کی چیزوں کی طرف میلان وشفقت رکھتی ہے۔ خواہ یہ محبت انعام واحسان کی بنا پر ہی ہو بلاشبہ انسان کی طبیعت میں پیدائشی طور پر یہ بات رکھی گئی ہے کہ جو اس پر احسان کرے وہ اس سے محبت وچاہت رکھے۔ غرض کہ محبت کا سبب حسن ہو یا احسان یہ سب اسباب سید السادات' منبع البرکات علیہ افضل الصلوٰت واکمل التسلیمات میں ثابت وموجود ہیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان تمام

معانی کے جامع ہیں جو موجب محبت ہیں لیکن حسن و جمال بصورت ظاہر اور فضل وکمال واخلاق سیرت باطن ان سب میں سے کچھ کا تذکرہ ابواب سابقہ میں گزر چکا ہے، وہی اس ضمن میں کافی ہے۔

اب رہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا امت پر انعام واحسان فرمانا تو لطف وکرم، رحمت وشفقت تعلیم کتاب وحکمت، صراط مستقیم کی ہدایت اور نار جحیم سے رستگاری میں سے ہر ایک انعام واحسان، قدر ومنزلت میں کتنا اعظم واجل ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جتنے احسانات واکرامات تمام مسلمانوں پر ہوئے ہیں کون ہے جو اس افضال واکرام میں از روئے منفعت وافادات اعم واشمل ہے۔ اور اس صاحب فضل عظیم کی جانب سے کتنا بڑا انعام تمام مسلمانوں پر ہے کہ ہدایت کی طرف آپ ان کے وسیلہ وذریعہ ہیں اور ان کے فلاح وکرامت کے داعی ہیں اور پروردگار عالم کے حضور ان کے شفیع وگواہ ہیں اور موجب بقائے دائم اور نعیم سرمدیوم القرار ہیں تو ثابت ہو گیا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حقیقۃً بھی مستوجب محبت ہیں اور شرعاً وفطرۃً بھی۔ چونکہ یہ انسان کی عادت ہے کہ جو ایک یا دو مرتبہ اس پر احسان کرتا ہے اور کوئی فانی نعمت اسے دیتا ہے تو وہ اس کا گرویدہ ہو جاتا ہے اور اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔ لیکن وہ ذات کریم جو اسے نجات بخشے اور اس سے ہلاکت ونصرت کو دور کرے تو وہ اس سے کیوں نہ محبت کرے گا۔ کیونکہ اس ذات کریم نے ایسی نعمتیں عطا فرمائی ہیں جو ابدی وسرمدی ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بلاؤں سے اسے محفوظ فرماتا ہے اور چونکہ انسان کی خصلت ہے کہ وہ حسین وجمیل صورت اور پسندیدہ سیرت کو محبوب رکھتا ہے تو وہ کیوں نہ اس ذات سے محبت کرے جو حسن وجمال کے تمام انواع کا جامع اور فضل وکمال کے تمام اقسام پر حاوی ہے۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم محبت کے مستحق وموجب ہیں کیونکہ آپ کے ساتھ ہماری محبت اپنی جانوں، اپنے مالوں اور اپنی اولاد واقربا سے کہیں زیادہ وافر واکثر ہے اور جو بھی اخلاص کے ساتھ ایمان صحیح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر لایا ہے اس کا وجدان آپ کی محبت سے خالی نہیں ہوا ہے۔ لیکن یہ بات جدا ہے کہ کسی میں محبت کا بہت زیادہ وافر حصہ پایا جاتا ہے اور کسی میں کمتر۔ تو اس کا مدار ترک شہوات اور عدم احتجاب غفلت پر ہے۔ اس سے خدا ہمیں پناہ میں رکھے اور اس میں شک وشبہہ نہیں کہ اس معنی میں صحابۂ کرام کا حصہ اتم واکمل ہے۔ اس لیے کہ یہ معرفت کا ثمرہ ہے اور ان کی معرفت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عیاں ہے۔ جیسا کہ احادیث وآثار سے منقول ومعلوم ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِهٖ.

تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے مکان یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو.....

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ الخ تم میں سے کوئی اس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والد اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں، ایک روایت میں ''من اہلہ ومالہ'' آیا ہے اور ایک روایت میں من نفسہ آیا ہے۔ مطلب یہ کہ اس کی بیوی اس کے مال اور اس کی جان سے میں زیادہ پیارا ہوں۔ یہ محبت کا کامل اتم مرتبہ ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ'' آپ میری ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں مگر اپنی جان سے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی ایماندار نہیں جس کے نزدیک میں اس کی جان سے بھی زیادہ محبوب نہ

ہوں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ پر کتاب نازل فرمائی آپ میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ فرمایا: ہاں اے عمر رضی اللہ عنہ! اب مومن و مخلص بنے ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سینے پر دستِ اقدس رکھ کر تصرف فرمایا۔ اس کے بعد وہ معنی و مفہوم کو پہنچے۔ حضرت سہیل تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس نے اپنے تمام احوال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت نہ دیکھی اور خود کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت نہ جانا اس نے سنت کی چاشنی نہ چکھی۔ اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں مومن اس وقت تک ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ میں اس کی جان سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔ (الحدیث) اور بعض فرماتے ہیں کہ جب تک کہ اپنی تمام خواہشوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا پر قربان نہ کر دو گے۔ اگر چہ تم موت کے منہ میں پڑے ہو تو بھی مومن نہیں ہو سکتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ محبت' بجز اعتقاد عظمت کہیں موجود نہیں۔ اس لیے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تو پہلے سے ہی قطعی طور پر حاصل تھی۔

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اول مرتبہ میں توقف کرنا اور اپنی جان کا استثنا کرنا اس بنا پر تھا کہ انسان کی اپنی جان سے محبت طبعی ہے۔ اور جہت اختیاری۔ بتوسط اسباب و موجبات علم' بمنافع و مصالح و فوائد ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں مراد لینا اختیاری محبت میں تھا۔ اس لیے کہ طبیعتوں میں تبدیلی اور جبلت میں تغیر کی کوئی راہ نہیں ہے اس بنا پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پہلا جواب بحکم طبع تھا۔ بعد ازاں غور و فکر کر کے استدلال سے پہنچاننے کے بعد تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نزدیک اپنی جان سے زیادہ محبوب ہونے چاہئیں۔ اس بنا پر کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی تو دنیا و آخرت کی ہلاکتوں سے نجات دلانے کے ذریعہ و سبب ہیں تو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر دی جو ان کے اختیار کا تقاضا تھا۔ اسی لحاظ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب انہیں یہ حاصل ہوا کہ اے عمر (رضی اللہ عنہ)! اب تم ایماندار ہوئے۔ مطلب یہ کہ اب تم نے حقیقت حال کو پہنچانا اور واجب کے مطابق تم نے جواب دیا۔ (انتہی)

اور اس مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) کے نزدیک یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پہلی مرتبہ کا کہنا تخلیقی حکم سے تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے بعد جو انہیں حاصل ہوا یہاں تک کہ انہوں نے کہا کہ ''آپ میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں تو یہ محبت طبعی تھی اور صاحب مواہب کا یہ قول کہ طبیعتوں کا تبدل اور جبلتوں کا تغیر ممکن نہیں ہے۔'' یہ کلیہ نہیں ہے بسا اوقات طبائع اور غرائز' ریاضتوں اور مجاہدوں سے تغیر پذیر ہو جاتے ہیں اور حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمت و تصرف سے صحابۂ کرام کے نفوس نے تہذیب پائی اور ظلمت کو نورانیت سے بدلا گیا۔ خصوصاً وہ مقام جو مستعد و قابل ہے جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نفس تھا۔ یہ ہے وہ جس کی تائید دوسری حدیث میں مذکور ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے استفسار فرمایا کہ کیا حال ہے کہا میرے سوا کسی اور سے محبت رکھتے ہو۔ اے عمر (رضی اللہ عنہ)! عرض کیا ''ہاں یا رسول اللہ! میری محبت میرے اہل و مال اور اولاد و جان کے درمیان مشترک ہے۔'' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک ان کے سینہ پہ رکھا اور فرمایا ''اب کیا حال ہے اے عمر رضی اللہ عنہ!'' عرض کیا'' اہل و مال اور اولاد کی محبت تو جاتی رہی بجز محبت نفس کے کہ ہنوز باقی ہے پھر دوسری مرتبہ دستِ مبارک سینہ پر رکھا سب کی محبت جاتی رہی۔ بجز آپ کی محبت کے یا رسول اللہ۔'' نیز ظاہر یہ ہے کہ محبت اختیاری، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے استدلال سے ہوگی۔ اس کے ظہور کی بنا پر اور ان کا اس سے مطلوب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مرتبہ اعلیٰ کی تمنا و طلب ہوگی جو محبت جبلی ہے۔ معلوم ہوا کہ غلبہ محبت اس جگہ تک پہنچتا ہے جہاں تک طبیعت سرایت کرتی ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ اَھْلِیْ وَمَالِیْ وَنَفْسِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ وَاِلَی الْعَطْشَانِ اے خدا! اپنی محبت کو مجھ میں اپنے اہل و مال اور

اپنی جان سے زیادہ محبوب بنادے اور پیاسے کو ٹھنڈا پانی جس طرح محبوب ہوتا ہے اس سے محبوب کردے۔'' ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ محبت نفس میں اختیار کا شائبہ ہے لیکن پیاسے کی ٹھنڈے پانی سے محبت میں اختیار کو بالکل دخل نہیں۔

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے احوال واولاد ؤماں باپ اور پیاسے کو ٹھنڈے پانی سے زیادہ محبوب تھے۔

معیت ومحبوبیت: وصل: محبت کی سب سے بڑی جزاء اور اس کا ثواب' محبوب کے ساتھ معیت کا ثبوت ہے۔ یہ معیت معنوی اور روحانی ہے۔ اگرچہ جسمانی مفارقت وجدائی درمیان میں ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا یارسول اللہ قیامت کب ہوگی؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے قیامت کے لیے کتنے اعمال کی تیاری کر رکھی ہے؟ مطلب یہ کہ قیامت کے بارے میں کیوں پوچھتے ہو عمل کرو تا کہ روز قیامت تمہارے کام آئے۔ اس نے عرض کیا'' میں نے قیامت کے لیے نماز روزہ اور صدقہ وغیرہ اعمال کی کثرت تو کی نہیں ہے البتہ میں خدا کو اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہوں۔ حضور نے فرمایا: اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ. تو اس کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت رکھتا ہے''

حضرت صفوان رضی اللہ عنہ بن قدامہ سے مروی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی اور بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ مجھے اپنا دست مبارک دیجئے تا کہ میں آپ کی بیعت کروں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک مجھے دیا میں نے عرض کیا'' یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُحِبُّکَ قَالَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ '' یارسول اللہ میں آپ کو محبوب رکھتا ہوں فرمایا آدمی جس سے محبت رکھتا ہے اس کے ساتھ ہوگا۔ ان لفظوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت انس اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہم نے روایت کیا ہے اور امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن وامام حسین رضی اللہ عنہما کے ہاتھوں کو پکڑ کر فرمایا جو ان دونوں اور ان دونوں کے ماں باپ کو محبوب رکھتا ہے تو وہ روز قیامت میرے ساتھ میرے درجہ میں ہوگا۔'' اس میں انتہائی مبالغہ ہے کہ فرمایا میرے درجے میں ہوگا۔ مانا کہ مراد انتہائی قرب ومعیت ہے بہ نسبت دوسروں کے کیونکہ اس جگہ مطلق معیت پر اکتفا ہوتی ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا یارسول اللہ آپ میرے نزدیک میرے اہل ومال اور اولاد وجان سے زیادہ محبوب ہیں۔ جب آپ کی یاد مجھے ستاتی ہے تو صبر نہیں آتا۔ جب تک کہ حاضر ہو کر آپ کے جمال مبارک کو نہ دیکھ لوں۔ اور میں جب اپنی موت کو اور آپ کے رحلت فرمائے جانے کو یاد کرتا ہوں اور یہ سوچتا ہوں کہ جب آپ جنت میں داخل ہوں گے تو آپ کو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مقام اعلیٰ وگرامی تر پر فائز کیا جائے گا۔ اور اگر میں جنت میں گیا بھی تو وہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیسے میسر آئے گی۔'' اس پر حق تعالیٰ نے یہ آیۂ کریمہ نازل فرمائی: مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ (جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن نبیوں اور صدیقوں پر اللہ نے انعام فرمایا) اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو بلایا اور یہ آیت سنا کر مژدہ دیا۔ بعض مفسرین اس قصہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہتے ہیں ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سخت محبت تھی جب ان سے صبر نہ ہوا تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس حال میں آئے کہ ان کا رنگ وروپ اڑا ہوا تھا۔ حالت شکستہ وپراگندہ تھی۔ چہرے سے اندوہ وغم نمایاں تھا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا حلیہ بنا رکھا ہے۔ تمہارا تو رنگ ہی فق ہے۔ عرض کیا'' یارسول اللہ''! نہ تو مجھے کوئی بیماری ہے اور نہ کوئی درد وغیرہ ہے بجز اس کے کہ میں جب جمال جہاں آرا کو نہیں دیکھتا تو متوحش

وپریشان ہو جاتا ہوں اور شدید وحشت طاری ہو جاتی ہے اور جب تک میں حاضر ہو کر جمال جہانتاب سے فیض یاب نہیں ہو جاتا سکون نہیں پاتا۔ اس سے پہلے میں آخرت کے بارے میں سوچ رہا تھا اور ڈر رہا تھا کہ میں وہاں آپ کی کہاں زیارت کر سکوں گا اس لیے کہ آپ کو تو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مقام اعلیٰ پر لے جایا جائے گا۔ اور اگر میں جنت میں داخل بھی کیا گیا تو میری جگہ آپ کے درجہ رفیعہ کے مقابلے میں کہیں زیادہ نیچی ہوگی اور اگر داخل نہ ہوا تو حضور کو کبھی بھی نہ دیکھ سکوں گا۔ اس پر یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی اور بعض تفسیروں میں علی الاجمال عام صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے شان میں بھی مذکور ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ بارگاہِ نبوی میں ایک شخص بیٹھا ہوا جمال مبارک پر نظر جمائے دیکھ رہا تھا۔ وہ ادھر ادھر نظریں اٹھاتا ہی نہ تھا۔ حضور نے فرمایا۔ تیرا کیا حال ہے' اس نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یارسول اللہ۔ میں آپ کے جمال مبارک سے بہرہ مند ہو رہا ہوں اور آپ کے دیدار سے لذت ذوق حاصل کر رہا ہوں۔ البتہ مجھے اس کا غم ہے کہ روز قیامت میں حق تعالیٰ مجھے یہ دیدار نصیب فرمائے گا یا نہیں۔'' اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّنِیْ کَانَ مَعِیْ فِی الْجَنَّةِ۔ جو مجھ سے محبت رکھتا ہے وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

آگاہ رہو کہ معیت سے مراد درجہ میں برابری نہیں ہوگی۔ اگرچہ بعض حدیثوں میں کان فی درجتی (میرے درجہ میں ہوگا) بھی واقع ہوا ہے تو اس سے مراد جنت میں وہ حیثیت ہے جہاں سے جمال مبارک کا دیدار ہو سکے اور حجابات دور ہوں۔ اگرچہ فاصلے میں دوری ہو اور جب حجاب اٹھ جائے تو دوری ختم ہو جاتی ہے اور مشاہدہ ومعیت معنوی سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔ اور ارباب محبت کو مشاہدہ ہوگا اور ان کا غم واندوہ فقدان رویت ومشاہدہ ہے اور یہی مطلب معیت کا ہے ورنہ معیت قلبی تو ہمیشہ بغیر مشاہدۂ بصری حاصل ہے جیسا کہ بعض غزوات میں فرمایا کہ مدینہ میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو تمہارے ساتھ سفر میں نہیں ہیں اور نہ وہ کسی منزل میں اترے ہیں مگر یہ کہ وہ تمہارے ساتھ ہیں۔ ان کو عذر ومجبوری نے روک رکھا ہے تو معیت معنوی روح سے ہے نہ کہ قلب وقالب کے محض دیکھنے سے۔ اسی وجہ سے نجاشی بادشاہ حبشہ لوگوں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ترین تھے اور عبداللہ بن ابی رأس المنافقین مدینہ میں ہی رہنے کے باوجود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ابعد خلق تھا۔ باوجود یہ کہ اس کا گھر مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے متصل تھا۔ لیکن محبان ومشتاقان جمال' معیت قلبی کے باوجود صحبت بصری کی بھی تمنا رکھتے تھے تاکہ دل اور آنکھ دونوں محفوظ وبہرہ مند ہوں۔

بندہ مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) نور اللہ قلبہٗ بنور الیقین کہتا ہے کہ ممکن ہے کہ جب مشتاقان جمال مبارک نے قیامت میں حضور انور کے علو درجہ کی بنا پر جو آپ کو وہاں حاصل ہوگا رویت بصری سے محرومی کی شکایت کی تو انہیں اس کی بشارت دی گئی کہ دنیا میں جس طرح فرق مراتب اور تفاوت درجات کے باوجود قلبی وبصری رویت حاصل ہے اسی طرح اس عالم میں بصر وبصیرت متحد ہوں گے اور میری معیت حاصل ہوگی۔ کیونکہ درمیان میں کوئی حجاب حائل نہ ہوگا۔ (واللہ اعلم)

بیان رویت: وصل: اب بعض وہ باتیں بیان کی جاتی ہیں جو محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے شوق لقا کے ضمن میں سلف وائمہ سے آثار واخبار میں مروی ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں مجھ سے بہت زیادہ محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو بعد میں آنے والے ہیں ان میں کا ہر ایک مجھے محبوب جانے گا کہ کاش مجھے ایک نظر جمال مبارک پر ڈالنے کا موقع ملتا اور اس کے مقابلے میں مجھ سے میرا تمام مال ومنال لے لیا جاتا اور مجھے دیدار حاصل ہو جاتا۔ مطلب یہ کہ وہ اپنا تمام مال قربان کر دیتا اور نثار ہو جاتا۔ یہ دیدار شریف کی تمنا اور حضور سے اظہار محبت ہے کہ اگر اس طرح بھی

دیدار میسر آتا تو کرگز رتے۔ اس مفہوم ومطلب پر بطریق فرض وتقدیر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں آپ کے دیدار کی تمنا مراد ہوتی ہے۔ مگر اس مسکین یعنی صاحب مدارج کے خیال میں آتا ہے کہ مراد آپ کے بعد خواب میں آپ کا دیدار ہوگا جیسا کہ تمام صلحائے امت کو ہوتا ہے۔ یا بیداری میں جیسا کہ کامل ترین اولیائے کرام کو ہوتا ہے۔ نیز بعید از قیاس نہیں ہے کہ کچھ مشتاقان جمال اور طالبان دیدار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہوں گے کہ اگر تمام مال ومنال خرچ کر کے حاصل ہو جائے۔ یہ اگرچہ خواب میں ہی ہو تو غنیمت جانتے ہوں گے۔

ابن اسحٰق سے مروی ہے کہ وہ انصاری عورت جس کے باپ' بھائی اور شوہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں سب شہید ہو گئے تھے اس عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال پوچھا کہ کیا حال ہے لوگوں نے کہا بخیریت ہیں۔ اس نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ میں انہیں کو محبوب رکھتی ہوں۔ مجھے بتاؤ کہاں تشریف فرما ہیں تا کہ جمال مبارک کو دیکھوں۔ جب اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو کہنے لگی: کُلُّ مُصِیْبَۃٍ بَعْدَکَ قَلِیْلٌ مطلب یہ کہ آپ زندہ وسلامت ہیں تو ہر مصیبت آسان ہے۔''

اور بعض روایتوں میں اس طرح مروی ہے کہ روز احد جب یہ شور برپا ہوا کہ دشمنان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کشتہ ہو گئے اور بہت سے اصحاب رسول بھی شہید ہو گئے ہیں تو مدینہ کی عورتیں نالہ وفریاد کرتی ہوئی نکل کھڑی ہوئیں۔ ایک انصاری عورت بھی سامنے آئی جس کے باپ' بھائی' شوہر اور بیٹے سب شہید ہو چکے تھے لوگ اس کے بھائی' باپ' شوہر اور بیٹے کی لاشیں اس کے سامنے لائے مگر اس عورت نے ان کی طرف کچھ التفات نہ کیا اگرچہ لوگ اس سے کہہ رہے تھے کہ یہ لاش تیرے بھائی کی ہے یہ تیرے باپ کی ہے یہ تیرے شوہر کی ہے۔ یہ تیرے بیٹے کی ہے۔ مگر وہ یہی پوچھتی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں۔ لوگوں نے کہا آگے ہیں تو وہ بے اختیار ہو کر آگے بڑھی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ کر آپ کا دامن اقدس پکڑ کر کہنے لگی یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ مجھے کوئی اندیشہ وفکر نہیں۔ جب کہ آپ سلامت ہیں اب کسی کے مرنے کا غم نہیں۔''

جب مکہ والے حضرت زید رضی اللہ عنہ بن دثنہ کو حرم سے شہید کرنے کے لیے نکلے تو اس وقت ابوسفیان بن حرب نے اس سے کہا :اے زید! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ کیا تم دل سے یہ چاہتے ہو کہ اس وقت تمہاری جگہ (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہیں کہ ہم انہیں شہید کرتے اور تم اپنے اہل وعیال میں رہتے اس پر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے خدا کی قسم ہے مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس وقت بھی محبت ہے اور میں دل سے چاہتا ہوں کہ اپنی جگہ رہیں اور نہیں چاہتا کہ ان کے دست مبارک میں کانٹا بھی چبھے اور میں اپنے گھر خوش رہوں۔ ابوسفیان نے کہا'' میں نے کسی شخص کو ایسی محبت رکھنے والا نہیں دیکھا۔ جتنا کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ووارفتگی رکھتے ہیں۔'' رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک عورت ہجرت کر کے بارگاہِ رسالت میں آئی اور اس نے عرض کیا خدا کی قسم ہے میں نہ تو اپنے شوہر کی عداوت اور اس کی نفرت سے ہجرت کر کے نکلی ہوں اور نہ ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف آئی ہوں۔ بجز اس کے کہ میں خدا اور اس کے رسول سے محبت کرتی ہوں۔ اور جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے انتقال کا وقت آیا تو ان کی بیوی گریہ وزاری کرنے لگیں اور ایک روایت میں ہے کہ غم وافسوس کرنے لگی اس پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ کتنی خوشی ومسرت کا مقام ہے کہ میں کل صبح اپنے آقا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب واحباب سے ملاقات کروں گا۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

درغربت مرگ بیم تنہائی نیست　　یاران عزیزان طرب بیشتر اند

عبدہ بنت خالد بن معدان سے منقول ہے۔ وہ کہتی ہے کہ خالد رضی اللہ عنہ جب بھی گھر میں سونے کے لیے لیٹتے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوران کے اصحاب' مہاجرین وانصار سے شوق ملاقات کا اظہار کرتے اوران کا نام لے لے کر یاد کرتے اور کہتے کہ وہ ہماری اصل ونسل ہیں ان کی طرف میرا دل کھنچ رہا ہے اوران سے ملاقات کی تمنا طویل ہوگئی ہے۔ اے خدا! میری جان جلد قبض فرما پھر وہ روتے اور آہ وزاری کرتے رہتے اور یہی کلمات ان کی زبان پر جاری رہتے یہاں تک کہ نیند غلبہ کر لیتی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' عرض کرتے تھے کہ قسم ہے اس خدا کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا۔ یقیناً ابوطالب کا اسلام میری آنکھوں کو زیادہ ٹھنڈک اور روشنی پہنچاتا بہ نسبت ان کے اسلام کے (یعنی ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کے جو کہ میرے والد ہیں) اس لیے کہ ابوطالب کے اسلام سے آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک ہوتی۔

اسی طرح حضرت عمر بن رضی اللہ عنہ خطاب نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا تمہارا اسلام لانا مجھے اپنے باپ خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ محبوب ہے۔ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تمہارا اسلام لانا زیادہ محبوب ہے۔

زید بن اسلم سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ' ایک رات مخلوق خدا کی پاسبانی کے لیے نکلے تو دیکھا کہ ایک گھر میں چراغ روشن ہے اور ایک بوڑھی عورت اون بن رہی ہے اور کہتی جاتی ہے:

علٰی محمد صَلٰوۃ الابرار صلی، علیه الطیبون الاخیار قَدْ کُنْت قومًا بکاءً بالاسحار یالیت شعری والمنایا اطوار حل تجمعنی وجیبی الدار۔

اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرتی ہے اور آپ کے لقاو دیدار کے شوق کا اظہار کرتی ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے اور فرمانے لگے اپنے ان کلمات کو دوبارہ کہو۔ تو اس نے حزن وغم اور اندوہگیں آواز میں ان کو پھر دہرایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ زاروقطار رونے لگے' یہ حکایت طویل ہے۔

مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا پاؤں سن ہوگیا تو کسی نے ان سے کہا جو تمہیں سب سے زیادہ محبوب ہو اسے یاد کرو تاکہ اس آفت سے چھٹکارا ملے تو انہوں نے فریاد کی اور کہا ''یا محمداہ'' ان کا پاؤں اسی وقت ٹھیک ہوگیا۔

مروی ہے کہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک عورت آئی اور التجا کی کہ میرے لیے قبر انور صلی اللہ علیہ وسلم کا دروازہ کھول دیجئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے قبر شریف کا دروازہ کھول دیا۔ وہ قبر انور کو دیکھ کر اتنا روئی کہ جان دے دی۔ اور زید رضی اللہ عنہ بن عبداللہ انصاری ''صاحب الاذان'' کے بارے میں ہے کہ وہ اپنے باغ میں کام کر رہے تھے کہ ان کے لڑکے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کی خبر دی وہ روتے ہوئے دعا کرنے لگے کہ اے خدا! میری آنکھ کی روشنی لے لے تاکہ میں اپنے محبوب کے بعد کسی کو نہ دیکھ سکوں۔ چنانچہ ان کی بصارت جاتی رہی اس قسم کی دعا بعض دیگر اصحاب کے بارے میں بھی ماثور منقول ہے۔

علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم: وصل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنے کی علامتیں اور نشانیاں بہت ہیں لیکن سب سے اعلیٰ واعظم علامت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع وپیروی اور سنتوں پر عمل، ہدایت پر سلوک اور آپ کی سیرت پر چلنا اور حدود شریعت پر قائم رہنا اور آپ کے احکام ملت سے تجاوز نہ کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ** (فرمادو اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ کی محبت تمہیں حاصل ہوجائے گی۔) گویا اپنی متابعت کو خدا سے محبت کی علامت ودلیل قرار دیا۔ اور خدا کی محبت اور رسول کی محبت دونوں ایک ہی ہیں دونوں لازم ہیں۔ رسالہ قشیری میں ابوسعید حرار سے منقول ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ اپنی

محبت میں خدا کی محبت ہے باز رہنے میں مجھے معذور تصور فرمایئے۔ مطلب یہ کہ آپ کے ساتھ میری محبت اتنی شدید ہے کہ میں آپ کے علاوہ کسی اور طرف توجہ نہیں کر سکتا نہ تو آپ کے غیر کی یاد ہے اور نہ آپ کے غیر کے ذکر میں مشغول ہوں لیکن چونکہ حق تعالیٰ کی محبت اصل ومقدم ہے۔ اور آپ نے ایسا فرمایا بھی ہے مگر میں آپ کی محبت کے اقتضاء میں اتنی فرصت ہی نہیں پاتا اور نہ کسی اور کی محبت کی گنجائش ہے۔ جیسا کہ میری محبت کا اقتضاء ہے میں اسی کو کما حقہ ادا نہیں کر سکتا تو کسی اور اسے کیسے محبت کروں۔ اگر چہ بظاہر یہ کلمہ بے تمیزی کا ہے۔ اور ان کے منکر کا حال ہے۔ اور جمع واجمال کے مرتبہ میں ہے کیونکہ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب فرمایا: یَا مُبَارَكُ مَنْ اَحَبَّ اللهَ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ اے مبارک! جو خدا سے محبت رکھتا ہے۔ بلا شبہ وہی مجھ سے محبت رکھتا ہے۔ مطلب یہ کہ خدا کی محبت اور میری محبت ایک ہے دونوں لازم وملزوم ہیں۔ لیکن بر بنائے غلبہ سکر حقیقت حال پر اطلاع میں عدم تمیز کی وجہ سے بظاہر نظر بصیرت پر جاتی ہے یہ ہے اشتباہ کا سبب۔ اور بعض کوتاہ بین لوگ ایسے ہیں جو شہود حق کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت سے جدا اور مغارق تصور کرتے ہیں۔ اور وہ اس کے ہر گوشہ سے واقف نہیں ہوتے۔ اس مضمون کو علیحدہ رسالہ میں بیان کیا ہے۔ بعض مدعیوں نے اس سے زیادہ کھل کر بات کی ہے اور ممکن ہے کہ اس کلام نے حضرت ابوسعید کو تعجب میں ڈال دیا ہو کہ یہ جو تم کہہ رہے ہو بے معنی اور پر از خطا ونقص ہے اس خیال سے باز آ جاؤ! ایسی بات زبان پر نہ لاؤ لیکن چونکہ ابوسعید صادقان راہ خاصان درگاہ اور محبان آگاہ میں سے ہیں اس لیے ان کو ''یا مبارک'' کہہ کر خطاب فرمایا گیا۔ اور معذور رکھا اور نرمی وملائمت سے منع فرمایا۔ اور وہ سختی وشدت جو حقیقت حال سے متوقع تھی نہ فرمائی اسی کی مانند ایک واقعہ حضرت رابعہ بصریہ سے متعلق بھی بیان کیا جاتا ہے۔ (واللہ اعلم بحقیقة الحال) اسے بھی اسی طرح جیسا کہ ابھی کہا گیا محمول کیا جائے گا۔

درحقیقت محبت' علت متابعت اور اس کا باعث ہے لہٰذا متابعت دلیل وعلامت محبت ہے اور علماء فرماتے ہیں کہ محبت' مطالعہ نعمت سے ابھرتی ہے اور نعمت پر جتنی اطلاع حاصل ہوگی اتنی ہی قوت سے محبت پیدا ہوگی اور یہ بملاحظہ احسان اور بمشاہدہ حسن وقدر بھی پیدا ہوتی ہے اور متابعت سے حاصل ہوتی ہے اس لیے کہ محبت بالذات اتفاق واتحاد کی مقتضی ہے اور جب متابعت، محبت کو ابھارنے والی ہے تو طاعات وعبادات میں کوئی بوجھ اور مشقت معلوم نہیں ہوگی بلکہ غذائے قلب نعیم روح' سرور خاطر اور آنکھوں کی ٹھنڈک معلوم ہوگی اور جسمانی لذتوں سے یہ عظیم تر معلوم ہوں گی۔ خصوصاً اس وقت جب کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت کا تصور بھی شامل ہو جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ: مَنْ اَحْیٰی سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحْیَانِیْ وَمَنْ اَحْیَانِیْ كَانَ مَعِیَ فِی الْجَنَّةِ۔ جس نے میری سنت کو زندہ کیا بلا شبہ اس نے مجھے زندہ کیا اور جس نے مجھے زندہ کیا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔ حقیقت میں محبت ایک نور ہے اور معصیت ظلمت وتاریکی اور نور ظلمت وتاریکی کو زائل کرنے والا ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ متابعت حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی مقام افضل واشرف نہیں ہے لیکن واضح رہنا چاہیے کہ انواع محبت میں متابعت' بہت قوی واکمل نوع ہے' جو بھی متابعت کی صفت سے متصف ہے وہ کامل المحبت اور عالی مرتبت ہے اور جو بعض امور میں مخالف ہے ناقص المحبۃ ہے اور مقام ودرجہ میں بھی کم ہے لیکن اسم محبت اور اس کی صفات کی اصلیت سے باہر نہیں ہے اس کی دلیل یہ واقعہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص پر شراب پینے کے سلسلے میں حد جاری فرمائی تھی اور اس سے دوسری مرتبہ بھی شراب پینے کا فعل سرزد ہو گیا تھا جس پر لوگوں نے اس پر لعنت وملامت کی تھی اس پر آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ: لَا تَلْعَنُوْهُ فَاِنَّهٗ یُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ اس پر لعنت نہ بھیجو کیونکہ یہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے۔ دراصل یہ شخص بدوؤں میں سے تھا اس کا نام زاہر تھا یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لکڑی وسبزی وغیرہ لا کر پیش کیا کرتا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی شہر کی چیزیں مثلاً کپڑا گھی

وغیرہ عطا فرمایا کرتے تھے اور فرمایا کرتے زاہر یہ ہماری دوستی کا نشان ہے کیونکہ ہم شہری ہیں اور بعض کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شراب پینے والے کا نام عبداللہ تھا اور جس کا خمار اور زاہر لقب تھا وہ دوسرا شخص تھا (واللہ اعلم)۔

اس ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم ہوتا ہے کہ اصلی محبت اسی میلان اور کشش کا نام ہے اگرچہ متابعت میں کسی قسم کی خطا وغلطی سرزد ہو جائے نیز یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ مرتکب گناہ کبیرہ کافر نہیں ہے جیسا کہ اہلسنّت و جماعت کا مذہب ہے۔ بایں ہمہ واضح رہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا دائمی ثبات عاصی کے دل میں اس امر پر مشروط ومفید ہے کہ وہ اس معصیت سے شرمسار ہو اور اس پر حد شرعی نافذ ہو چکی ہو تو وہ گناہ کا کفارہ بن جاتا ہے اس کے برخلاف کہ نہ تو وہ شرمسار ہو اور نہ اس پر حد جاری ہوئی ہو تو خطرہ ہے کہ تکرار گناہ اور اس پر طبعی طور پر اصرار کہیں اس سے ایمان کو سلب نہ کر لے اور دل پر مہر نہ لگا دے العیاذ باللہ تعالیٰ علامات محبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں سے آپ کے ذکر شریف کی کثرت بھی ہے اس لیے کہ کثرت ذکر لوازم محبت میں سے ہے "مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ" (جس سے زیادہ محبت ہوتی ہے اس کا ذکر کثرت سے ہوتا ہے) اور بعض محبت کی تعریف دائمی ذکر محبوب سے کرتے ہیں اور یہ سعادت، خدمت علم دین اور علم سیر کی کتابوں کے مطالعہ سے حاصل ہوتی ہے اور اصحاب علم حدیث کو خاص قسم کی نسبت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مخصوص لگاؤ ہوتا ہے جو کسی اور کو حاصل نہیں ہے اس لیے کہ ان کی زبانوں پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال وصفات کا ذکر شریف ہمیشہ رہتا ہے اور وہ اسے وردِ جان بنائے رکھتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے صفات کی معرفت اور آپ کے احوال تعینی وشخصی کی شناخت انہیں کو حاصل ہوتی ہے اور ہمیشہ جمال مبارک کی شبیہہ وتصویر ملحوظ نظر اور ان کے نصب العین میں رہتی ہے۔ اور آپ کی خیالی شبیہہ وتصویر اتصال باطنی میں قوی ومتصل ہوتی ہے اور جب آپ کے اسم گرامی کا ذکر ہوتا ہے تو اس کی لذت ان کے دلوں میں سرایت کیے ہوئے ہوتی ہے اور نام والے کی عظمت دل میں مشاہدہ کرتی اور متحضر ہوتی ہے۔ اور یہ ہمیشہ حاضر درگاہ رہتے ہیں۔ ان حضرات کی اس باب میں حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہ سے مشارکت ومشابہت ہے۔ کیونکہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال اقوال اور افعال کی خبر رکھتے ہیں اور وہ مصاحبت ومجالست اور مکالمت کے ساتھ مخصوص ہیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ان کی صحبت معنوی ہے اور یہ صحبت ظاہری وصوری سے دور ہیں۔ اور فوائد عظمیٰ میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کرنے والے اور خطہ پاک کی جہاں یہ قبر انور شریف واقع ہے حاضری دینے والے کو حاصل ہوتا ہے۔ جب وہ اس کے ذکر شریف میں شب وروز گزارتے ہیں جو کہ متخلق باخلاق اللہ ہیں تو اس ارشاد کے مصداق بن جاتے ہیں کہ: فاذکرونی اذکرکم۔ (تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا) اور ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی یاد فرماتے ہیں۔ اور درود وسلام جو اقرب وسائل ہے اس علم شریف کا جز ہے ایک بزرگ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ تحصیل وخدمت علم حدیث پر سب سے زیادہ ابھارنے والا اور سب سے قوی برانگیختہ کرنے والا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔

اور علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر شریف کے وقت آپ کی تعظیم وتوقیر بجالانا اور آپ کے اسم مبارک کے سننے پر اظہار خشوع وخضوع اور انکساری کرنا بھی ہے جو جس سے محبت کا دعویٰ کرتا ہے وہ اس کے سامنے عاجزی کرتا ہے۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد یہ حال تھا کہ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے تو رونے لگتے اور خشوع کا اظہار کرتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی غایت تعظیم اور آپ کے ہیبت وجلال سے ان کے جسموں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔ یہی حال تابعین اور ان کے بعد والوں کا تھا۔ (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

ابوابراہیم یحییٰ فرماتے ہیں کہ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے یا اس کے سامنے ذکر کیا جائے تو

وہ خشوع وخضوع کا اظہار کرکے اور بدن کو ساکن کرکے جنبش تک نہ دے۔ اور خود پر ہیبت وجلال طاری کرے گویا کہ اگر وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو ہوتا اور اس وقت جیسا ادب فرض تھا وہی ادب ادا کرتا اس وقت بھی ویسا ہی ادب کرے۔ ابوایوب سختیانی کا یہ حال تھا کہ جب ان کے سامنے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو اتنا روتے کہ لوگوں کو ان کی حالت پر رحم آ جاتا۔ اور جعفر بن محمد باوجود یکہ کثیر المزاح اور ہنس مکھ تھے مگر جب ان کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا تو ان کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔ اور عبدالرحمٰن القاسم رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا کہ جب ان کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو ان کا رنگ دگرگوں ہو جاتا اور ان کی کمر دوہری ہو جاتی۔ یہاں تک کہ ہمنشینوں پر دشواری پیدا ہو جاتی۔ ایک مرتبہ لوگوں نے ان سے دریافت کیا آپ کا یہ کیا حال ہو جاتا ہے؟ فرمایا اگر تم وہ دیکھتے جو میں نے دیکھا ہے تو تم اس کا انکار نہ کرتے۔ بلاشبہ میں نے محمد بن المنکدر رضی اللہ عنہ کو جو سید القراء تھے دیکھا ہے کہ ہم قریب نہ ہوئے تھے کہ ہم ان سے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پوچھیں کہ ان پر اتنا گریہ طاری ہو گیا کہ ہم ان کی حالت پر رحم کھانے لگے۔ بلاشبہ جب ان کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو ہم ان کے چہرے کی طرف دیکھتے گویا اس سے خون کھینچ لیا گیا ہے اور ہیبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ان کی زبان ان کے منہ میں ہوتی۔ اور عامر بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا کہ جب ان کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو وہ رونے لگتے یہاں تک کہ ان کی آنکھوں میں آنسو تک باقی نہ رہتے اور زہری رحمۃ اللہ علیہ بڑے با اخلاق اور مجلسی زندگی رکھنے والے شخص تھے مگر جب ان کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو وہ ایسے ہو جاتے گویا ان کو نہ تم جانتے اور نہ وہ تم کو جانتے ہیں۔

اور صفوان بن سلیم بڑے عابد وزاہد لوگوں میں سے تھے جب ان کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو اتنا روتے کہ لوگ اٹھ کر ان کے پاس چلے جاتے اور ان کو اپنی جگہ پر چھوڑ جاتے۔

اور قتادہ رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا کہ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی سنتے تو ان پر لرزہ طاری ہو جاتا اور رونے لگتے اور عبدالرحمٰن بن مہدی کا یہ حال تھا کہ جب حدیث پڑھی جاتی تو لوگوں کو خاموش رہنے کا حکم دیتے اور فرماتے: لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ اور فرماتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی قرأت کے وقت خاموش رہنا۔ اسی طرح فرض ہے جس طرح کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام فرمانے کے دوران خاموش رہنا اور سننا فرض ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی سنتے وقت آپ پر درود بھیجنے کے سلسلے میں مفصل بحث ہے جو انشاء اللہ متعلقہ باب میں آئے گی۔

اور علامات محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے لقائے حبیب میں کثرت شوق بھی ہے۔ اس لیے کہ ہر طالب ومحبّ لقائے حبیب کو دوست رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ علماء فرماتے ہیں کہ: اَلْمَحَبَّةُ هِيَ الشَّوْقُ اِلَى الْحَبِيْبِ محبت کا ایک حصہ یہی شوق ہے حبیب کی لقا کا، چنانچہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا شوق بے چین کرتا اور سوزش محبت انہیں مضطرب کرتی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا قصد کرتے اور جمال جہاں آرا سے شفا کے متمنی ہوتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمنشینی سے لذت وسرور حاصل کرتے اور آپ پر نظریں جمائے رہتے تھے۔ اشعریوں کی حدیث میں آیا ہے کہ مدینہ منورہ میں قدم رنجہ فرمانے کے وقت لوگ رجز گا رہے تھے اور کہہ رہے تھے: غَدًا تَلْقَى الْاِحِبَّةُ مُحَمَّدًا وَصَحْبَهٗ اور بعض آثار واحادیث میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ، حضرت خالد رضی اللہ عنہ اور معدان رضی اللہ عنہ وغیرہ کے اقوال بیان ہوئے جو اس بات کے مناسب ہیں۔ علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ہر اس شخص سے محبت رکھنا بھی ہے جو آپ سے تعلق رکھتا ہے وہ اہل بیت میں سے ہو یا صحابہ میں سے، مہاجرین میں سے ہو یا انصار میں سے (رضی اللہ عنہم اجمعین) اور ہر اس شخص سے عداوت رکھنا بھی ہے جو ان

سے دشمنی رکھے اور انہیں گالیاں دے گویا کہ جو انہیں دوست رکھے ان کو دوست جانے اور جو انہیں دشمن جانے ان سے دشمنی رکھے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کے بارے میں فرمایا: خداوندا جو ان سے محبت رکھتا ہے تو تو بھی اسے دوست رکھ۔ اور فرمایا جو کوئی ان سے محبت رکھتا ہے بلاشبہ وہ مجھ سے محبت رکھتا ہے اور جو مجھ سے محبت رکھتا ہے یقیناً وہ خدا سے محبت رکھتا ہے اور جو کوئی ان سے دشمنی رکھتا ہے وہ مجھ سے دشمنی رکھتا ہے اور اسے خدا دشمن جانتا ہے۔

اور حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے بارے میں فرمایا وہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے جو چیز انہیں غضب میں لاتی ہے وہ مجھے غضب میں لاتی ہے۔

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: اے عائشہ! (رضی اللہ عنہا) ان سے محبت رکھو کیونکہ میں بھی ان سے محبت رکھتا ہوں۔''

اور صحابۂ کرام کے بارے میں فرمایا ''انہیں نشانہ نہ بناؤ اور جو کوئی ان سے محبت رکھتا ہے وہ مجھ سے محبت رکھنے کی بنا پر ان سے محبت کرتا ہے اور جو ان سے دشمنی رکھتا ہے وہ مجھ سے دشمنی رکھنے کی بنا پر ان سے دشمنی رکھتا ہے اور جو کوئی انہیں ایذا دیتا ہے بلاشبہہ وہ مجھے ایذا دیتا ہے اور جو مجھے ایذا پہنچاتا ہے وہ خدا کو ایذا دیتا ہے اور جو خدا کو ایذا دے قریب ہے کہ وہ خدا کی پکڑ اور عذاب میں آئے۔''

اور فرمایا ایمان کی علامت انصار سے محبت رکھنا ہے اور نفاق کی علامت ان سے دشمنی رکھنا ہے اور فرمایا جو عرب سے محبت رکھتا ہے وہ بلاشبہ مجھ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ان سے محبت رکھتا ہے۔ اور جو ان سے دشمنی رکھتا ہے وہ مجھ سے دشمنی رکھنے کی بنا پر انہیں دشمن رکھتا ہے۔

علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے امت پر مہربانی وشفقت' التزام نصیحت اقامت مصالح میں کوشش' ایصال منافع اور ان سے ضرر ونقصان رساں چیزوں کو دفع کرنا بھی ہے۔ درحقیقت جو کسی سے محبت رکھتا ہے وہ اس کی ہر اس چیز سے محبت رکھتا ہے جس سے وہ محبت رکھے اور یہ سلف کی خصلت وسیرت تھی۔ حتیٰ کہ دعاؤں میں بھی اور اپنی خواہشوں میں بھی۔ چنانچہ جب حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کدو کو پسند فرماتے ہیں تو وہ ہمیشہ کدو سے محبت رکھنے لگے۔ اور حسن بن علی اور عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم اور سلمیٰ رضی اللہ عنہا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ تھیں۔ ان کے پاس آتے اور ان سے خواہش ظاہر کرتے کہ وہ کھانا تیار کرو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند تھا (آخر حدیث تک)۔

علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے علماء صلحا اور متبعین سنت کے ساتھ محبت رکھنا اور جاہلوں' فاسقوں' اور اہل بدعت سے بغض رکھنا بھی ہے اور ہر وہ شخص جو مخالف شریعت ہو اسے ناگوار جاننا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ وہ لوگ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں ان کے دلوں میں اس قوم کی محبت نہ پائی جائے گی جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی رکھتے ہیں اگرچہ وہ ان کے باپ ہی کیوں نہ ہوں اور یہ اصحاب نبی رضی اللہ عنہم کی جماعت ہے جنہوں نے اپنے باپ' بیٹوں' بھائیوں اور دوستوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا کی خواہش میں مار دیا۔ عبداللہ بن ابی جو منافقوں کا رئیس وسردار تھا اس کے بیٹے عبداللہ نے جو مخلصوں میں سے تھے اپنے منافق باپ کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اگر حضور چاہئیں تو میں اپنے باپ کا سر اتار کر لے آؤں جب کہ اس منافق نے یہ کہا تھا کہ: لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ. اگر ہم مدینہ لوٹے تو ضرور ہم عزت دار وہاں سے ان کو نکال دیں گے (معاذ اللہ) اور اس نے ''اعزا'' یعنی عزت دار سے خود کو مراد لیا تھا۔ اور ''اذل'' سے اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ اور جب یہ مدینہ لوٹے تو

اس منافق کا بیٹا یعنی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنی تلوار سونت کر شہر کے دروازے پر آ کھڑے ہو گئے اور اپنے باپ سے کہا اب تو اپنی زبان سے کہہ کہ: اَنَا اَذَلُّ النَّاسِ وَاَصْحَابُ مُحَمَّدٍ اَعَزُّ النَّاسِ میں لوگوں میں سب سے زیادہ ذلیل ہوں اور اصحاب رسول لوگوں میں سب سے زیادہ عزت دار ہیں۔ ورنہ میں تیری گردن اڑا دوں گا۔'' اس نے کہا'' کیا تو سچ کہتا ہے اور یوں ہی کرے گا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں میں تیری گردن اڑا دوں گا اس پر اس نے اپنی زبان سے مذکورہ الفاظ ادا کیے اور اس کا اقرار کیا تب انہوں نے اسے چھوڑا اور حویصہ رضی اللہ عنہ اور محیصہ رضی اللہ عنہ دو بھائی تھے ان میں سے چھوٹا بھائی ایمان لے آیا تھا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اس یہودی کے قتل کرنے پر مقرر فرمایا تھا جو مفسدوں میں سے تھا تو اس کے بڑے بھائی نے اپنے چھوٹے بھائی سے کہا کیا تم اس آدمی کو مار ڈالو گے جس کی نعمتوں کے آثار ہمارے پیٹ کی چربیوں میں ہیں۔ اس نے کہا: کیا ہوا اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں کہ میں تجھے مار ڈالوں تو اسی وقت میں تجھے قتل کر دوں گا۔ پھر وہ بھائی اپنے گھر آیا اور انصاف سے سوچنے لگا اور کہنے لگا عجیب دین ہے جسے تو نے اختیار کیا ہے اس سے تیری اتنی محبت ہے'' اس کے بعد وہ بھی مسلمان ہو گیا۔

علامات محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے قرآن کریم سے محبت رکھنا بھی ہے۔ کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن خدا کی طرف سے لائے وہ مہدی و ہادی اور اخلاق و سیرت کو بنانے والی کتاب ہے چنانچہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنَ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، اخلاق قرآن ہے اس کی تلاوت کرنا' اس پر عمل کرنا، اس کو سمجھنا' اس میں غور و خوض کرنا اور اس کے حدود کو قائم کرنا علامات محبت میں سے ہے۔ حضرت سہیل تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خدا سے محبت کی نشانی قرآن سے محبت رکھنا ہے اور قرآن سے محبت' نبی سے محبت کی علامت ہے اور نبی سے محبت کرنے کی علامت سنت سے محبت رکھنا ہے۔ اور سنت سے محبت آخرت سے محبت رکھنا ہے اور آخرت سے محبت دنیا سے بغض رکھنا ہے اور دنیا سے بغض رکھنے کی علامت یہ ہے کہ دنیا میں کوئی ذخیرہ نہ کرے بجز اس توشہ کے جو آخرت میں کام آئے۔

امیر المومنین سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں کہ اگر قلوب انسانی پاک و صاف ہوں تو وہ قرآن سے کبھی سیر نہ ہوں گے اور کیونکر سیر ہو سکتے ہیں کہ وہ اس کے محبوب کا کلام ہے اور یہی اس کا غایت مقصود ہے۔ یہ کیفیت ان دلوں کی ہے جو پاک ہیں اور نور ایمان سے منور ہیں۔ بیت ؎

جمال شاہد قرآں نقاب انگاہ بکشاید — کہ دار الملک ایماں را بیابد خالی از غوغا

درحقیقت خدا اور رسول کی محبت کا معیار و مصداق قرآن و حدیث ہے۔ اس لیے کہ محبوب کا کلام محبوب ہوتا ہے اور حیف افسوس ہے کہ کلام اللہ کی محبت سے زیادہ لہو و لعب اور گانے باجے سے محبت رکھی جائے۔ حالانکہ یہ فساد قلب اور خرابی باطن کا نشان ہے۔

بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ من حیث القرآن' علامت ذوق قرآن یہ ہے کہ حسن صوت اور اس کا دل دونوں برابر ہوں اور وہ لوگ جو بغیر آواز کے لطف نہیں لیتے یا آواز سے زیادہ لطف لیتے ہیں درحقیقت وہ آواز سے لطف اٹھاتے ہیں نہ کہ قرآن سے۔ یہ بات مبالغہ سے خالی نہیں ہے ورنہ صوت حسن قرآن کی زینت اور اس کا لبجہ ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ: زَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ وَمَنْ لَّمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ فَلَيْسَ مِنَّا۔ قرآن کو اپنی آوازوں سے زینت دو اور جو قرآن عمدہ لہجے سے نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں۔''

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کا سماع قرآن کے وقت یہ حال ہوتا تھا کہ: اِذَا سَمِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ. رسول کریم پر جو نازل ہوا جب وہ اسے سنتے تو تم ان کی آنکھوں کو دیکھتے کہ وہ آنسو بہاتی ہیں جیسے انہوں نے حق کی جانب سے سمجھا اور صحابۂ کرام میں بکثرت ایسے صاحب حسن صوت تھے جو دل سے قرار لے جاتے اور سینہ

سے روح کھینچ لیتے اور ایمان میں افزونی پیدا کرتے تھے۔ خصوصاً حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما وغیرہ۔ زیادتی ایمان اور اس کی تقویت کے لیے قرآن کو صوت حسن سے سننے سے بالاتر کوئی چیز نہیں ہے۔ خصوصاً اہل عرب کا صوت حسن۔ ایک رات حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ قرآن پڑھ رہے تھے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک گوشہ میں ان کی آواز پر کان لگائے لذت حاصل کر رہے تھے اور محظوظ ہو رہے تھے۔ جب صبح ہوئی تو ان سے فرمایا رات کیا خوب قرآن پڑھ رہے تھے میں سن رہا تھا۔ انہوں نے کہا آہ! اگر مجھے معلوم ہو جاتا کہ حضور سماعت فرما رہے ہیں تو میں اپنی آواز کو اس سے زیادہ آراستہ بناتا۔ بیت ؎

دلم را شادی روداده از نالیدنم امشب رجائے یار گویا گوش بر آواز من دارد

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ میرے سامنے قرآن کا کچھ حصہ تلاوت کرو۔ عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کے سامنے تلاوت کروں حالانکہ آپ پر تو قرآن نازل ہوا ہے فرمایا مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ اپنے سے غیر سے سنوں۔ چنانچہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے تلاوت قرآن کی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور آپ کا سینہ اطہر جوش مارنے لگا۔ بالکل اسی طرح جس طرح دیگ میں جوش آتا ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو کبھی کبھی درد کا دورہ پڑا کرتا تھا اور راستہ میں شدت درد سے زمین پر لوٹنے لگتے تھے پھر وہ دو ایک دن گھر میں آرام کرتے لوگ انہیں بیمار سمجھ کر ان کی عیادت کے لیے آتے تھے جب صحابۂ کرام کا اجتماع ہوتا اور ان میں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اشعری بھی ہوتے تو کہتے اے موسیٰ! کچھ خدا کا ذکر ہمیں بھی سناؤ تو ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ قرآن کی تلاوت کرتے اور وہ سب اسے سنتے۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)۔

امام احمد اور دیگر محدثین روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمائے گا کہ میری حمد اس آواز میں کرو جو دنیا میں کرتے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام عرض کریں گے میں کس طرح تیرے حضور اے رب! اپنی اس آواز سے حمد کروں۔ حق تعالیٰ فرمائے گا میں تمہارے اندر وہی سوز و گداز پیدا کرتا ہوں جیسا پہلے تھا۔ اس کے بعد داؤد علیہ السلام ساق عرش پر کھڑے ہو کر حمد کریں گے۔ جب اہل بہشت اس آواز کو سنیں گے تو وہ جنت کی نعمتوں کو فراموش کر کے اس آواز کی طرف متوجہ ہو جائیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اس کلام خدا کو سنیں گے جو حضرت داؤد پر نازل ہوا اور زبور میں ان سے خطاب فرمایا۔ اس پر جب رب کریم کی وجہ کریم کا اضافہ ہوا اور سبحانہ وتعالیٰ کی رویت بھی سامنے ہو تو وہ سب کچھ فراموش کر کے اس کی جانب مستغرق ہو جائیں گے۔

اس سلسلے میں شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ سماع قرآن ہے اس سماع میں دو اہل ایمان میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اختلاف تو اشعار کے پڑھنے میں ہے جو موسیقی کے طرز میں گائے جاتے ہیں۔ ایک گروہ تو اسے وصال وقرب کا ذریعہ جانتا ہے اور دوسرا گروہ اسے فسق سے ملاتا ہے دونوں جانب افراط وتفریط ہے۔ (انتہی) یہ جو کچھ محبت قرآن کے سلسلے میں بیان کیا گیا ہے وہ تلاوت محبت اور اس کی تعظیم کی حیثیت سے ہے اور اتباع وعمل کی حیثیت ان سب سے بلند ہے کیونکہ دین اسلام اور ثبوت نبوت ورسالت کا مدار قرآن پر ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: يَآ اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا. اے لوگو! بے شک تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس برہان تشریف لے آیا۔ اور ہم نے تمہاری طرف نور مبین نازل فرمایا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال محبت کی علامت دنیا میں زہد وایثار، فقر اور قرآن کے ساتھ متصف ہونا ہے۔ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ فقر جس کی طرف دوستی سے بڑھتا ہے وہ اس گھوڑے سے تیز تر ہے جو اوپر سے نیچے اترے۔ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ سے محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا: ہوش کر اور سوچ سمجھ کر کہہ کہ کیا

کہہ رہا ہے اس نے پھر عرض کیا میں آپ سے محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا: اگر تو مجھ سے محبت رکھتے ہو تو خود کو فقر کے لیے آمادہ کرلو۔ ایک اور شخص آیا اس نے کہا کہ میں خدا سے محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا: تو بلا و مصائب کے لیے تیار ہو جا' شیخ اجل واکرم عبدالوہاب متقی قادری شاذلی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ جب ہمارے مرشد نے انابت واردات کا ہاتھ تھاما تو فرمایا کہو: اَلْفَقْرُ وَاَفْضَلُ مِنَ الْغِنَاءِ. تونگری سے فقر افضل ہے۔ انہوں نے ہم سے سب سے پہلے فقر کی افضلیت کا اقرار کرایا اس کے بعد انہوں نے مرید کیا۔ اس مقام سے بعض ان مدعیان ومتصوفان زمانہ کا گمان باطل وہو جاتا ہے جو یہ دعویٰ کرتے اور کہتے ہیں کہ ہمیں تمام اتباع کے مراتب حاصل ہو گئے ہیں باوجود یہ کہ وہ گرفتار دنیا ہوئے ہیں۔ لہٰذا ان لوگوں کے بارے میں حق سبحانہ وتعالیٰ کا یہ ارشاد درست ہے کہ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا۔ تو کچھ لوگ بعد میں آنے والے ایسے آئے جو کتاب کے وارث بنے اور ذلیل دنیا کا مال لیتے رہے اور کہتے رہے ہمیں خدا بخش دے گا اَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَعَلَيْنَا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

وجوب مناصحت وخیر خواہی: وصل: واضح رہنا چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر خواہی اخلاص اور ادائے حقوق ظاہر' مخفی' ہر حالت میں واجبات دین واسلام میں ہے۔ حدیث صحیح میں ہے کہ: اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ دین سراپا نصیحت وخیر خواہی ہے صحابۂ کرام نے دریافت کیا یا رسول اللہ کس کے لیے نصیحت وخیر خواہی ہے فرمایا اللہ اور اس کے رسول، قرآن اور عام وخاص مسلمانوں کے لیے۔ ایک روایت میں ائمہ مسلمین اور عام مسلمان آیا ہے یہ حدیث جوامع الکلم میں سے ہے اور تمام دینی علوم اس اجمال کے احاطہ میں مندرج ہیں۔

جوامع الکلم اس حدیث کو کہتے ہیں جو لفظوں کی کمی میں انتہائی مختصر وموجز ہو اور معانی میں کثرت ووسعت کا جامع وحاوی ہو۔ یہ قسم کلام محمدی میں اعظم واشرف اور دلائل وشواہد میں آپ کا کمال ہے چنانچہ ارشاد فرمایا: اُوْتِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمَ وَاخْتُصِرَ لِيَ الْكَلَامُ مجھے جوامع الکلم دیا گیا اور میرے کلام کو مختصر کیا گیا۔ اس حسن وخوبی کا اظہار اور حسن وجمال کے دقائق کی جنسوں کا بیان حد وشمار سے باہر ہے۔ یہ کلام بدیع المثال ہے اور اس کلام کی جلالت اور اسرار وحقائق کے انواع واقسام احاطہ فہم وعقل سے خارج ہیں۔

نصیحت کے لغوی معنی خالص وصاف ہونے کے ہیں اور عسل ناصح ایسے شہد کو کہتے ہیں جو موم وغیرہ سے پاک وصاف کرلیا گیا ہو اس جگہ صفا وخلوص مراد ہے جو ادائے حق اور منصوح لہ کے لیے ارادہ خیر میں ہو۔ لہٰذا نصیحت اللہ سے مراد حق تعالیٰ کے ساتھ واحدانیت اور ہر اس وصف کے ساتھ جو اس کے لائق ہے اور ذات وصفات باری تعالیٰ کی تقدیس وتنزیہہ ہر اس چیز سے جو اس کے کمال کے لائق نہیں صحت اعتقاد ہے اور شریعت کے اوامر ونواہی کو بجالانا اور اس کے احکام کو ماننا اور جہاد سے دین کی مدد کرنا اور ایسے اسباب مہیا کرنا جو دین وملت کی تقویت وبقا کا موجب ہیں جیسے علم وعمل اور عبادت میں اخلاص برتنا اور نصیحت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے کہ حیات ظاہری اور حیات باطنی دونوں حالتوں میں آپ کی حمایت' نصرت خدمت' احیاء سنت' مخالفوں کو اس سے باز رکھنا اور ان سے مدافعت کرنا' اخلاق کریمہ کی مانند اخلاق سنوارنا اور آداب جمیلہ کی مانند عادت وخصلت بنانا۔

اسحاق یحییٰ فرماتے ہیں کہ نصیحت رسول کا مطلب ہر اس چیز کی تصدیق کرنا ہے جو آپ دین میں خدا کی طرف سے لائے اور سنت کو مضبوط تھامنا اور اس کی اشاعت کرنا اس پر لوگوں کو عمل کرنے کی ترغیب وتلقین کرنا اور خدا اور اس کے رسول اور اس کی کتاب کی طرف دعوت دینا اور اس پر کمر بستہ رہنا اور عمل کرنا۔ ابوبکر آخری فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نصح وخیر خواہی آپ کی حیات میں بھی ہے اور بعد وفات بھی۔ اور آپ کی حیات میں صحابۂ کرام کی خیر خواہی آپ کے لیے مدد' غزوات میں شرکت' صحبت احباب اور دشمنان رسول سے عداوت سے تھی اور آپ کی فرماں برداری کرنے طاعات بجالانے اور جان ومال کے قربان کرنے میں تھی

اور بعد وفات' عظمت و بزرگی کا لحاظ رکھنا' شدت سے آپ کی محبت پر قائم رہنا اور تعلیم سنت اور تفقہ فی الدین پر مداومت و مواظبت کرنا۔ اہل بیت واصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنا اور جو سنت سے برگشتہ ہے اور اس پر معترض ہے اس سے مجانبت و بغض رکھنا اور آپ کی امت پر شفقت کرنا اور اخلاق و سیرت اور آداب نبوی کے جاننے میں جستجو و کوشش کرنا اور اس پر قائم رہنا ہے۔

نصیحت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمرے میں' آپ کی محبت، تعظیم' آداب اور ہر عیب و معصیت سے جو مقام نبوت و رسالت کے لائق نہیں ہیں ان سے آپ کی عزت و جلالت کو پاک جاننا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کو ملحوظ رکھنے میں قاعدہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ عزوعلا کے مرتبۂ الوہیت وصفات قدس کے بعد جو کمال اور خوبی ہے وہ آپ کے لیے ثابت ہے اور آپ سے محبت رکھنے کا ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو آپ سے نسبت رکھتی ہے جیسے علماء' صلحا، شہر و امصار' خصوصاً اہل بیت و قرابت رسول ان سب سے مودت و اکرام کیا جائے۔

عمرو بن لیث' خراسان کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ تھا جو پہلوان، غریب پرور اور صاحب دولت کثیر تھا لوگوں نے اسے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ اس نے کہا خدا نے مجھے بخش دیا۔ لوگوں نے پوچھا کس بنا پر بخشش ہوئی؟ اس نے کہا ایک دن میں ایک پہاڑی کی بلندی پر اپنے لشکر کو دیکھ کر خوش ہو رہا تھا اور میں ان کی کثرت و زیادتی پر مسرور تھا۔ اس وقت میں نے تمنا کی کاش کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری میسر آتی اور میں آپ کی نصرت و اعانت کرتا پھر میں نے خدا کا شکر ادا کیا۔ اس بنا پر حق تعالیٰ نے مجھے بخش دیا۔ اور بعض حکایتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کی جگہ اور کی نصرت آئی ہے کہ اس نے کہا: اے کاش! میں اس روز موجود ہوتا جس دن امام حسین اور اہل بیت نبوت رضی اللہ عنہم میدانِ جنگ میں تھے۔ اور یزیدی لشکر انہیں مخذول و مقہور کر رہا تھا (واللہ اعلم)۔ لیکن نصیحت کتاب اللہ یہ ہے کہ قرآن پاک پر ایمان لائے اور جو کچھ اس میں ہے اس پر عمل کرے۔ اس کی آیتوں میں غور و خوض کرے۔ اس کے معانی کو سمجھے ان علوم کو حاصل کرے جو اس کے متعلق ہیں اور اس کی تلاوت ہمیشہ طہارت کی رعایت کے ساتھ حسن صوت' حضور قلب اور اس کی عظمت کے ساتھ کرے اور اس کے سمجھنے اور غور کرنے کی کوشش کرے اور اہل زیغ و ضلالت کی تاویلات اور ملحدوں اور زندیقوں کے مطاعن سے دور رہے۔

نیز کتاب اللہ کے حقوق کے لوازمات سے یہ ہے کہ اس میں شک و شبہ اور اعتراض نہ لائے۔ اور ایسی تفسیر جو بے سند غیر منقول از سلف اور خلاف شرع ہو اپنی خواہش سے نہ کرے جیسا کہ بعض جاہل لوگ اور اس زمانے کے ابوالفضول لوگ کرتے ہیں اور اس کا تفسیر قرآن نام رکھتے ہیں اور اتنا نہیں جانتے کہ: مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَأْيِهٖ فَقَدْ كَفَرَ. جس نے اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کی وہ کافر ہو گیا (نعوذ باللہ من ذلک)

لیکن عام مسلمانوں کے لیے نصیحت یہ ہے کہ ان کے حقوق کی رعایت کرے۔ مصالح میں ان کی رہنمائی کرے۔ اور دین و دنیا کے معاملات میں قول و فعل سے مدد کرے' اور غافلوں کو تنبیہ کرے' جاہلوں کو راہ دکھائے محتاجوں کی دستگیری کرے۔ عیبوں کی پردہ پوشی کرے۔ مضرتوں کو دور کرے ان کو نفع پہنچائے۔ ان کے جان و مال' عزت آبرو کی حفاظت کرے اور مسلمانوں کو ذلت اور حقارت کی نظر سے نہ دیکھے۔ اپنے کام اور دہن کو ان کی ایذا رسانی سے محفوظ رکھے۔ نیکیوں کی تلقین کرے اور برائیوں سے بچائے اور عام لوگوں کی نصیحت میں سے یہ ہے کہ ان کی عقلوں کے مطابق کلام کرے۔ وقائق و حقائق کا ذکر نہ کرے۔ اسرار کا انکشاف نہ کرے۔ اور علماء کے اقوال اور ان کے اختلافات کو غیر علماء پر اظہار کا بھی یہی حکم ہے۔

لیکن خواص مسلمانوں کے لیے نصیحت کرنا یہ ہے (اکثر خواص سے مراد، امراء و سلاطین لیتے ہیں کیونکہ وہ لوگوں پر حاکم ہوتے

ہیں) کہ ایک روایت میں آیا ہے کہ مسلمان حاکموں کی اطاعت ان کی مدد واعانت کے حق میں کی جائے۔ اور انہیں احسن طریقہ سے نرمی وآشتی کے ساتھ نیکی کی تلقین کریں اور انہیں خدا کے خوف سے ڈرائیں۔ اور مسلمانوں کے وہ امور جن سے وہ غافل ہیں اور ان سے پوشیدہ ہیں ان سے انہیں خبردار کیا جائے۔ اور ان پر خروج وبغاوت نہ کی جائے اور لوگوں میں انہیں رسوانہ کیا جائے اور نہ لوگوں کے دلوں کو فساد پر آمادہ کیا جائے اور رعیت کے احوال کی اصلاح اور لوگوں کے مہموں کے انتظام میں جو وہ امور انجام دیں اس میں ترغیب دی جائے۔ اور ان کی طرف سے جو سختی وشدت اور ظلم پہنچے اس پر صبر وتحمل کیا جائے۔ اور ان کے لیے دعائے خیر کی جائے۔ بعض علماء صوفیا اور مشائخ عجم رحمہم اللہ خواص کی تین قسمیں کرتے ہیں ایک امراء اور اولی الامر ہیں اور فرماتے ہیں کہ مرد اپنے گھر میں امیر ہے اور استاد شاگردوں پر امیر ہے۔ باپ اولاد پر امیر ہے۔ حاکم وسردار رعایا اور ماتحتوں پر امیر ہے۔ دوسرے علماء ہیں علماء کی تعظیم اور ان کی تصدیق واجب ہے۔ جب تک کہ وہ دین کے موافق نقل کریں۔ اور کتاب وسنت سے تمسک کریں لیکن ان چیزوں کی تصدیق ممنوع ہے جو وہ دین کی مخالفت' ہوائے نفس' محبت دنیا' حیلہ سازی اور فتنہ اندوزی میں کریں اور تیسرے اہل خصوص سے مراد مشائخ طریقت ہیں جو علم وتحقیق کے ساتھ عمل' ورع' اتباع سنت، توجہ تام بجناب حق' انقطاع از غیر حق سبحانہ وتعالی، ترک دنیا' تجرید ماسوی اللہ اور شریعت وطریقت میں کامل دسترسی کے بعد حقیقت کے انوار واسرار حاصل کر کے کمال کی نعمت سے آراستہ وپیراستہ اور ممتاز ہو گئے ہیں۔ ایسے محققین ومتمکنین جو ظاہر وباطن اور شریعت وحقیقت کے جامع ہیں وہ ایسے احوال باطن اور اسرار حقیقت کی خبریں دیں جو ظاہر شریعت کے مخالف ومباین نہ پڑیں تو ان کی تصدیق کرنا چاہیے۔ اس باب میں ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو بلاشبہ مخالف مقتضائے علم وحکم شریعت ہو اس کا انکار واجب ہے اور جس چیز میں شبہہ ہو اس میں توقف لازم ہے۔ اور اگر کسی ایسے قابل وعالم سے مروی ہو جو علم میں امام ہے اور تقویٰ اور ورع میں عمل مستقیم کا حامل ہے تو اس کے قول کی توجیہہ وتاویل مناسب ہے اور اگر اس کے رد میں کوئی شرعی مصلحت ہو کہ کہیں کم علم اور ناقص علم کے لوگ خود گمراہ ہو کر دوسروں کو گمراہی میں مبتلا کرنے کے باعث نہ ہو جائیں تو اس کا رد کرنا جائز ہے۔

واضح رہنا چاہیے کہ عصمت انبیاء علیہم السلام کا خلاصہ ہے اور خطا ہر اس پر جائز ہے جو انبیاء کے سوا ہیں کیونکہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ جو اعاظم صحابہ کے زمرۂ علماء میں سے ہیں وہ اپنی رحلت کے وقت فرماتے تھے کہ جو کچھ دین وشریعت کے خلاف ہے ان سب کا ردّ وانکار کرو۔ فرماتے ہیں: کاتباً من کان جو کچھ بھی لکھے اور جو کچھ بھی کہے (واللہ الموفق)۔

تنبیہہ: مناصحت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمن میں جو یہ کہا گیا ہے کہ محبت کے ثمرات اور اس کی علامتوں میں سے یہ ایک علامت ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے وجوب مناصحت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک باب علیحدہ اللہ تعالی کے اس ارشاد کے تحت ذکر کیا ہے کہ فرمایا "اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ" ۔ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کریں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ الدین النصیحۃ. دین سراپا نصیحت وخیر خواہی ہے تو ہم نے بھی ان کی بیعت وپیروی کی ہے۔ اور اس کی تکرار کا بحکم: هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَرْتَهٗ يَتَفَرَّعُ. (یہ مشک ہے جتنی مرتبہ کھولو گے خوشبو پھیلے گی) اندیشہ نہیں کیا اور اجمال حدیث کی شرح کا ذوق بھی اسی کا مقتضی تھا۔

درحقیقت' نصیحت خدا وکتاب وخواص وعام مسلمین کے ضمن میں جو کچھ ذکر کیا گیا ہے وہ سب تعظیم ومحبت اور نصیحت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو شامل اور آپ کے حقوق کا بیان ہے (صلی اللہ علیہ وسلم)

صحابۂ کرام کا تعظیم وتوقیر بجالانا: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر' صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کس طرح کرتے تھے اس ضمن میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی طویل حدیث بیان کی گئی ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کے صفات مذکور ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب کوئی ایک بھی نہ تھا اور نہ میری آنکھ میں آپ سے زیادہ کوئی بزرگ و عظیم تر تھا اور میرا حال یہ تھا کہ میری طاقت اتنی نہ تھی کہ میں آپ کو آنکھ بھر کر دیکھ سکوں۔ اور نہ آپ سے آنکھیں سیر ہوتی تھیں اگر کوئی مجھ سے کہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف بیان کروں تو مجھ میں اتنی قدرت نہیں اس لیے کہ میں آپ کے سامنے اپنی آنکھیں اوپر نہیں اٹھا سکتا تھا۔

ترمذی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ فرماتے ہیں ہماری حالت یہ تھی کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لاتے تو اصحاب مہاجرین وانصار کے حلقے میں جلوہ گر ہوتے ان میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان نشست فرماتے مگر ان میں سے کسی میں تاب وتواں نہ ہوتی کہ آپ کی طرف نظر بھر کر دیکھ سکے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و کبریائی اور غایت وجلال کا عالم تھا۔ البتہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ آپ کی طرف دیکھتے اور متبسم ہوتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف ملاحظہ فرماتے اور تبسم فرماتے یہ ان کی باہمی انس ومحبت کا عالم تھا۔ (صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہم)

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ بیکس پناہ میں حاضر ہوا تو آپ کے صحابہ آپ کے گرد بیٹھے ہوئے تھے اور ان کا حال یہ تھا گویا کہ ان کے سر پر پرندے بیٹھے ہیں۔ مطلب یہ کہ انتہائی سکون وقرار میں تھے جنبش تک نہ کرتے اور نہ سر اٹھاتے تھے اس لیے کہ جس کے سر پر پرندہ بیٹھا ہوا گر وہ حرکت کرے اور سر اٹھائے تو سر پر بیٹھا ہوا پرندہ اڑ جائے۔

اور اس حدیث میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف مبارک بیان کیا گیا ہے مذکور ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کلام فرماتے تو ہم نشین صحابۂ کرام سروں کو جھکا دیتے اور خاموش ہو جاتے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔

عروہ بن مسعود کہتے ہیں کہ جس وقت ان کو سال حدیبیہ میں قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور صحابۂ کرام کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور احترام کرتے دیکھا اور یہ دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرماتے ہیں تو آپ وضو لینے میں جلدی کرتے اور ایک دوسرے سے سبقت کرتے ہیں۔ اور قریب ہوتا ہے کہ باہمی خون خرابہ ہو جائے مگر پانی زمین پر گرنے نہیں دیتے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آبِ دہن مبارک یا آب بینی شریف یا آبِ حلق مبارک جدا ہونے نہیں پاتا کہ آپ بڑھ کر اپنی ہتھیلیوں میں لے لیتے اور اپنے چہروں اور جسموں پر مل لیتے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جو موئے مبارک جدا ہوتا اسے جلدی سے حاصل کر لیتے اور تبرک بنا کر اس کی حفاظت کرتے اور جب کوئی حکم فرماتے تو امتثال امر میں شتابی کرتے' جب بات کرتے تو اپنی آوازوں کو پست کر لیتے اور کسی کو یارانہ ہوتا کہ نگاہ اٹھائے اور آپ کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھے۔ یہ غایت تعظیم اور اجلال کی وجہ سے تھا جب عروہ لوٹ کر قریش کی طرف گئے تو ان کو دیکھتے ہی کہنے لگے اے گروہ قریش! میں نے قیصر و کسریٰ اور نجاشی کو ان کی بادشاہی کے زمانے میں دیکھا ہے مگر قسم ہے خدا کی' میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا جیسی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب میں ہیں ایک اور روایت میں ہے کہ کہا میں نے کسی بادشاہ کے ہم نشینوں کو کبھی ایسی تعظیم کرتے نہیں دیکھا جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کے اصحاب تعظیم کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ، کی حدیث میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جس وقت سر مبارک سے قینچی سے بال تراشے جاتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد صحابہ جمع ہو جاتے اور بالوں کو ہاتھوں میں لیتے رہتے اور ایک بھی بال گرنے نہیں دیتے بعد میں ان موئے مبارک کو حضور اپنے صحابۂ کرام میں تقسیم فرما دیتے۔ باب الحج کے مقام میں انشاء اللہ اس کی تفصیل آئے گی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتہائی آداب میں سے ایک یہ ہے کہ جب صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو قریش کی جانب دعوت اسلام اور صلح کے ابتدائی قواعد وضوابط طے کرنے کے لیے بھیجا تو قریش نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اجازت دی کہ وہ بیت الحرام کا طواف کرلیں۔ مگر حضرت عثمان نے انکار فرمایا اور فرمایا میں اس وقت تک طواف خانہ کعبہ نہیں کرسکتا جب تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے اس کا طواف نہ فرمالیں۔ معلوم ہوا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی رعایت کو طواف سے عظیم تر جانا اور حق وصواب بھی یہی ہونا چاہیے کہ کوئی عمل اور کوئی عبادت' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی رعایت کے برابر نہیں ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کسی بدو کے آنے کو پسند کرتے کہ وہ حضور سے کوئی ایسی بات پوچھے جو ان کے دین میں فائدہ پہنچائے کیونکہ خود ان میں اتنی تاب وتواں نہ ہوتی کہ آپ کے ہیبت وجلال کی بنا پر کچھ دریافت کرسکیں اور قیلہ کی حدیث میں مذکور ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ''قرفصا'' کی وضع پر بیٹھے دیکھا تو میں لرزہ براندام ہوکر آپ کی ہیبت وجلال میں گر پڑا۔ (آخر حدیث تک)

حضرت مغیرہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کو ناخنوں سے بجاتے تھے تاکہ کھٹکھٹانے کی آواز سخت وشدید نہ ہوجائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت شریف میں تشویش لاحق نہ ہو۔ حضرت براء ابن عازب فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک سوال پوچھنا چاہتا تھا یہاں تک کہ کئی سال گزر گئے مگر دریافت کرنے کی ہمت نہیں ہوئی باوجودیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں میں بڑے خوش اخلاق اور صحابۂ کرام کے ساتھ بڑی ہی مہربانی وشفقت کا سلوک فرماتے خصوصاً فقراء ومساکین کے ساتھ' جیسا کہ اخلاق شریف کے باب میں گزر چکا ہے۔

تعظیم در روایۃ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم : وصل: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت وحدیث کی روایت کی تعظیم میں حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے پاس ایک سال تک برابر آتا جاتا رہا مگر انہوں نے کسی وقت بھی بے تعظیمی سے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے نہیں سنا اور جب کہ ایک دن بے خیالی میں ان کی زبان پر یہ جاری ہوگیا تو وہ اتنے شرمندہ ہوئے کہ ان کے چہرے کا رنگ فق ہوگیا اور وہ پسینہ پسینہ ہوگئے اور ایک اور روایت میں یہ ہے کہ ان کا چہرہ گرد آلود جیسا ہو گیا اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ اور ایسی ہچکی بندھی کہ گردن کی رگیں سوج گئیں۔

حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ ایک روز ابو حازم کے پاس گئے اس وقت وہ حدیث بیان کررہے تھے تو حضرت مالک ادھر سے گزر گئے اور فرمایا میں نے وہاں بیٹھنے کی جگہ نہ پائی اور میں اسے مکروہ سمجھتا ہوں کہ کھڑے کھڑے حدیث (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو حاصل کروں۔ حالانکہ میں کھڑا ہوسکتا تھا۔

اور حضرت مالک نے فرمایا ایک شخص حضرت ابن المسیب کے پاس آیا۔ اور اس نے ان سے ایک حدیث دریافت کی تو وہ ایک پہلو پر لیٹے ہوئے تھے فوراً اٹھ کے بیٹھ گئے اور حدیث بیان کی۔ اس شخص نے کہا مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ آپ تکلیف اٹھائیں اور اٹھ کر بیٹھیں۔ انہوں نے فرمایا میں اسے مکروہ جانتا ہوں کہ پہلو پر لیٹے لیٹے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کروں۔

محمد بن سیرین سے مروی ہے کہ وہ تبسم کنان تھے لیکن جب ان کے سامنے حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کی گئی تو فوراً متواضع ہوکر سر جھکا دیا۔

حضرت ابو مصعب بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا دستور تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک جب بیان کرتے تو پہلے وضو کرلیتے۔

بروایت مالک از جعفر بن محمد منقول ہے کہ حضرت مصعب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ جب حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرنے کا عزم فرماتے تو پہلے وضو کرتے اس کے بعد حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کے لیے ایک خاص لباس تیار کر رکھا تھا اسے پہنتے اس کے بعد حدیث بیان کرتے تھے۔ اس اہتمام کے بارے میں ان سے پوچھا گیا تو فرمایا یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے۔ مطلب یہ کہ اسے آسان بات نہ جاننا چاہیے اس کی تعظیم کرنی چاہیے۔

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ جب لوگ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آتے تو پہلے ان کی باندی باہر آتی اور پوچھتی تم شیخ سے حدیث پوچھنا چاہتے ہو یا مسائل شرعیہ؟ اگر لوگ کہتے کہ ہمیں مسائل دریافت کرنے ہیں تو امام مالک فوراً باہر تشریف لاتے اور ان کو مسائل کا جواب عنایت فرما دیتے اگر وہ لوگ کہتے کہ ہمیں حدیث معلوم کرنی ہے تو پہلے غسلخانہ تشریف لے جاتے غسل کرتے بدن پر خوشبو ملتے اور نئے کپڑے پہنتے اور اپنا چغہ جو سیاہ یا سبز ہوتا زیب تن کرتے اور عمامہ سر پر رکھتے ایک تخت بچھایا جاتا۔ پھر باہر تشریف لاتے تخت پر خشوع وخضوع کے ساتھ بیٹھتے نجور جلایا جاتا اور جب تک حدیث کے بیان سے فارغ نہ ہوتے اس ہیت کے ساتھ بیٹھے رہتے۔ یہ حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کرنے کے لیے خاص اہتمام تھا اور راہ چلتے یا کھڑے کھڑے باعجلت میں حدیث بیان کرنے کو مکروہ جانتے تھے اور سلف صالحین بے وضو حدیث بیان کرنے کو مکروہ جانتے تھے اور حضرت اعمش سے منقول ہے کہ جب وضو نہ ہوتا تو تیمم کرتے۔ حضرت قتادہ بیان کرتے ہیں کہ امام مالک ہمارے سامنے حدیث بیان کر رہے تھے تو ان کو بچھو نے سولہ مرتبہ ڈنگ مارا اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا رنگ متغیر ہو گیا۔ چہرہ زرد پڑ گیا۔ مگر حدیث کو درمیان میں قطع نہیں فرمایا۔ جب بیان حدیث سے فارغ ہو گئے اور سب لوگ چلے گئے تو میں نے ان سے عرض کیا: اے ابوعبداللہ! میں نے آج آپ کا عجیب حال دیکھا ہے؟ فرمایا ہاں' میں حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اجلال وتعظیم کی بنا پر صبر کرتا رہا۔''

ابن مہدی بیان کرتے ہیں کہ ایک دن میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ وادی عمیق تک گیا۔ مدینہ طیبہ میں ایک وادی کا نام عمیق ہے۔ شعروں میں اس کا تذکرہ بہت آیا ہے اور حضور اکرم نے اس وادی کو مقدس فرمایا ہے تو میں نے اس وادی کے بارے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث پوچھی تو انہوں نے مجھے منع کرتے ہوئے فرمایا کہ میری نظر میں تم ایسے سوال کرنے سے زیادہ بزرگ تھے کہ تم مجھے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سوال کرتے حالانکہ ہم راستہ میں چل رہے ہوں۔ جزیر عبدالمجید قاضی جو قاضی شہر تھا اس نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم دریافت کی اس وقت آپ کھڑے تھے اس پر آپ نے اسے قید خانہ بھیجنے کا حکم فرمایا لوگوں نے عرض کیا یہ قاضی شہر ہے فرمایا قاضی زیادہ مستحق ہے کہ اسے آداب سکھایا جائے۔

ہشام بن عمار نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ان کے کھڑے ہونے کی حالت میں حدیث کے بارے میں سوال کیا۔ آپ نے اس پر بیس کوڑے لگوائے بعد ازاں اس پر شفقت فرمائی اور اس سے بیس حدیثیں روایت فرمائیں اس پر ہشام نے کہا میں پسند کرتا ہوں کاش کہ بیس سے زیادہ کوڑے لگوائے جاتے تاکہ زیادہ حدیثیں سننے کا موقع میسر آتا۔ عبداللہ بن صالح فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت لیث دونوں حدیث کی کتابت طہارت وضو کے ساتھ کرتے تھے۔ اور مشہور ہے کہ امام بخاری ہر حدیث کی کتابت کے لیے اپنی صحیح میں غسل کرتے اور دوگانہ ادا کرتے تھے۔ یہی طریقہ تراجم کتاب الٰہی کے لکھنے میں اختیار کیا تھا بعض کہتے ہیں کہ آب زمزم سے غسل کرتے اور مقام ابراہیم علیہ السلام میں دوگانہ ادا کرتے تھے۔ (واللہ اعلم)۔

اہل بیت وازواج نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر: وصل: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کے ضمن میں آپ کے اہل بیت جو کہ جگر گوشہ ہیں اور ازواج مطہرات جو ام المومنین ہیں کی تعظیم وتوقیر اور ان کا ادب واحترام بھی کرنا ہے جیسا کہ

خاص طور پر ان حضرات قدس کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترغیب دی ہے اور جس پر سلف صالحین عمل پیرا رہے ہیں۔ چونکہ حق تعالیٰ عزاسمہ، نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ماسوا پر ہر چیز سے برگزیدہ فرمایا ہے اور عمومی فضیلت سے آپ کو مخصوص فرمایا ہے تو آپ کی برکت سے یہ فضیلت ہر اس شخص کو شامل ہے جو نسب' نسبت' صحبت' قربت' قریب یا بعید سے آپ کے ساتھ منتسب ہے۔ حقیقت میں ہر اس شخص سے محبت لازمی ہے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہے چنانچہ اہل بیت اطہار سے محبت' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنے کی بنا پر ہے۔ جس طرح کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت، اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ہے۔ یہی حال ان سے بغض وعداوت رکھنے میں ہے (العیاذ باللہ) قاعدہ ہے کہ جو شخص جس سے محبت رکھتا ہے وہ ہر اس چیز سے محبت رکھتا ہے جو محبوب سے نسبت وعلاقہ رکھے۔ اور ہر اس شے سے دشمنی وبیزاری ہوتی ہے جو محبوب سے بیگانہ یا اس کا مخالف ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ. — اور جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس کی محبت ان لوگوں سے نہ پائی جائے جو اللہ اور اسکے رسول کے دشمن ہیں۔

لہٰذا اہل بیت اطہار، اصحاب کرام، اور اولاد واز واج سے محبت متعین شدہ واجبات میں سے ہے اور ان کا بغض ہلاکت خیز سوانح میں سے ہے۔ محبت وبغض کے کمال میں ایک چیز ایسی ہے کہ جو ان کے متعلقات میں سرایت کرتی ہے یعنی اسلام کی نورانیت اور ایمان کی تابانیوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا. — اے نبی کے گھر والو! اللہ چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دور فرمائے اور تمہیں خوب پاک وستھرا کرے۔

اور ازواج مطہرات کے بارے میں فرماتا ہے: وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ اور نبی کی بیبیاں مسلمانوں کی مائیں ہیں۔

اہل بیت کی تفسیر میں چند اقوال واطلاق ہیں کبھی ان لوگوں پر اہل بیت کا اطلاق ہوتا ہے جن پر صدقہ حرام ہے وہ آل علی' آل جعفر' آل عقیل اور آل عباس رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ اور کبھی اس میں اولاد رسول اور ازواج مطہرات بھی شامل ہوتے ہیں اور کبھی مخصوص سیّدہ فاطمہ' امام حسن وحسین اور علی رضی اللہ عنہم مراد ہوتے ہیں اس بنا پر کہ ان میں فضیلت بکثرت ہیں سلام اللہ علیہم اجمعین۔

اہل بیت کے اطلاق میں ان تفسیری اقوال کے درمیان تطبیق اس طرح ہے کہ "بیت" کی تین صورتیں ہیں ایک بیت نسب، دوم بیت سکنی سوم بیت ولادت' لہٰذا حضرت عبدالمطلب کی اولاد' اہل بیت نسب ہیں۔ اور ازواج مطہرات' اہل بیت سکنی ہیں، اور اولاد کرام' اہل بیت ولادت ہیں۔ اور سیّدنا علی مرتضیٰ اگرچہ اولاد سے ہیں لیکن سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وساطت سے اہل بیت ولادت سے ملحق ہیں۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم نے اسے لازم رکھا اور اسے مضبوط تھامے رکھا تو گمراہ نہ ہوگے۔ ایک خدا کی کتاب دوسری میری عترت' تو اب غور کرو کہ ان دونوں سے تم کس طرح خلاف ورزی کر سکتے ہو۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچاننا آتش دوزخ سے نجات کا ذریعہ ہے اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنا صراط سے گذارتا ہے۔ اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیدت، عذاب الٰہی سے امان ہے اور پہچاننے سے مراد ان کی منزلت اور مرتبہ پہچاننا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے انہیں کیا قرب حاصل ہے؟ اور جب ان کی اس نسبت کو جسے حق تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے پہچان لیا تو معلوم ہو جائے گا کہ کس طرح ان کی خلاف ورزی سے گمراہی لازم آتی ہے۔ اور ان کے احترام وپیروی سے گمراہی وعذاب سے

نجات ملتی ہے۔عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جس وقت یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی: اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ ۔تو اس وقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ فاطمہ، حسن وحسین رضی اللہ عنہم کو بلایا اور انہیں ایک چادر شریف میں ڈھانپ کر بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا ''اے خدا!'' یہ ہیں میرے اہل بیت! اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پس پشت مبارک کھڑے تھے ایک روایت میں ہے کہ حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ کو گود میں لیا اور ایک ہاتھ سے علی رضی اللہ عنہ مرتضیٰ کو اور دوسرے ہاتھ سے سیّدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر اپنے سے ملا لیا اور کہا: اے خدا! یہ میرے اہل بیت ہیں ان کو رجس یعنی ناپاکی سے دور کر کے انہیں خوب پاک وستھرا بنا۔

مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ آیۂ کریمہ میں اہل بیت سے کون مراد ہیں اکثر اس پر ہیں کہ اس سے مراد سیّدہ فاطمہ، حسن وحسین اور علی مرتضیٰ سلام اللہ علیہم ہیں جیسا کہ اکثر روایتیں اس پر دلالت کرتی ہیں۔لیکن تقاضائے انصاف یہ ہے کہ اس میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں اس بنا پر کہ آیۂ کریمہ کا سیاق وسباق اور اس کا نزول انہیں ازواج مطہرات کے ضمن میں ہے جس طرح کہ ارشاد باری تعالیٰ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ شامل ہیں۔ارشاد باری ہے: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَبَرَكَاتُهٗ اَهْلَ الْبَيْتِ ۔اور جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اہل بیت میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی دشمنی نہیں رکھے گا مگر وہی جسے حق تعالیٰ جہنم میں داخل کرے۔اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان چاروں تن پاک کو بلانا اور آغوش میں لے کر چادر شریف اڑھانا پھر یہ دعا مانگنی کہ: اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰؤُلَآءِ اَھْلُ بَیْتِیْ. ''اے خدا! یہ ہیں میرے اہل بیت'' اس میں ازواج مطہرات کے دخول، ناپاکی سے دور کرنے کی فضیلت اور پاکی وصفائی میں ان کی شمولیت میں کوئی منافات وتعارض نہیں ہے۔نیز جریر کی روایت جو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے اس میں وہ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ میں بھی آپ کی اہل میں سے ہوں؟ فرمایا تم بھی میری اہل میں سے ہو اور ایک رایت میں ہے کہ تم بھلائی پر ہو۔''

اسی طرح آیۂ کریمہ قُلْ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبٰى فرمادو میں تم سے اس پر اجر نہیں مانگتا مگر قرابت داروں میں محبت۔'' اس آیت کی تفسیر میں بھی اختلاف ہے چنانچہ مروی ہے کہ جب یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی تو صحابۂ کرام نے دریافت کیا مَنْ اَھْلُ قَرَابَتِكَ آپ کی قرابت والے کون ہیں؟ فرمایا علی، فاطمہ اور ان کے دونوں فرزند رضی اللہ عنہم ہیں۔'' لیکن درست یہی ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام قرابت دار حضرات شامل ہیں۔اور ان میں یہ چاروں تن محمدہ ہیں اور باقی سب ان کے تحت ہیں۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس میں صحابۂ کرام کا مکمل حصہ ہے کیونکہ انہیں معنوی قرابت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بدرجہ اتم حاصل ہے۔(رضوان اللہ علیہم اجمعین)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شان میں فرمایا: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ۔ میں جس کا مولا ہوں علی بھی اس کے مولیٰ ہیں، اے خدا!'' جو علی سے محبت رکھے تو بھی اس سے محبت فرما اور جو ان سے عداوت رکھے تو بھی اسے دشمن قرار دے۔'' اور ان کی شان میں ان سے فرمایا: لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ. اے علی! تم سے مسلمان ہی محبت رکھے گا اور منافق ہی تم سے بغض رکھے گا۔اور فرمایا: اَنْتَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى. تم میرے دربار میں بمنزلہ ہارون علیہ السلام کے ہو جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دربار میں ہارون علیہ السلام ایک روایت میں ہے فرمایا: اما ترضی ان تکون

منی بمنزلة هارون من موسیٰ. کیاتم اسے پسند نہیں کرتے کہ میرے دربار میں تم بمنزلہ ہارون کے ہو جیسے وہ موسیٰ علیہما السلام کے دربار میں تھے اور یہ تشبیہ مبہم ہے۔ اور اس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ: اِلَّا اَنَّکَ لَانَبِیَّ بَعْدِیْ مگر یہ کہ میرے بعد نبوت نہیں ہے اس میں بیان فرمادیا کہ نبوت میں شمولیت نہیں ہے بلکہ بغیر نبوت کے قرب واختصاص ہے اور وہ خلافت ہے اور حضرت ہارون علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ ان کی حیات میں ہوئے نہ کہ بعد وفات۔ اس لیے کہ حضرت ہارون علیہما السلام کا انتقال حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے ہوا اس پر دلیل حضور علیہ السلام کا یہ فرمانا ہے جس وقت آپ غزوۂ تبوک میں تشریف لیے جارہے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے اہل وعیال پر خلیفہ بنایا تھا جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام کو بنایا تھا۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِاَخِیْهِ هَارُوْنَ اخْلُفْنِیْ فِیْ قَوْمِیْ۔ اور جب موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام سے فرمایا تم میرے خلیفہ ہو۔ میری قوم پر اور بلاشبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام جماعت، حضرت ابن ام مکتوب اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما کو بنایا اور حضور کے ارشاد مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ میں مولیٰ سے مراد ولاء اسلام یعنی اسلامی محبت ہے نہ کہ ولایت حکمی، علماء فرماتے ہیں کہ لغت میں مولیٰ ___ کسی جگہ والی اور حاکم کے معنی میں نہیں آیا۔ اور سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے بارے میں ارشاد فرمایا: فَاطِمَةُ بِضْعَتُهُ مِنِّیْ یُؤْذِیْنِیْ مَا اٰذَاهَا وَیُنْصِبُنِیْ مَنْ اَنْصَبَهَا۔ فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس سے انہیں اذیت ہے اس سے مجھے اذیت ہوتی ہے۔ اور جس سے وہ خوش ہوں اس سے مجھے خوشی ہوتی ہے۔''

حضرت ام المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اَحَبُّ النِّسَآءِ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ وَاَحَبُّ الرِّجَالِ زَوْجُهَا عَلِیٌّ (رواہ الترمذی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک عورتوں میں سب سے زیادہ پیاری فاطمہ رضی اللہ عنہا ہیں اور مردوں میں سب سے زیادہ پیارے ان کے شوہر علی رضی اللہ عنہ مرتضیٰ ہیں۔ یہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا اظہار میں انتہائی انصاف ہے اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ان کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ بھی یہی فرماتیں کہ کَانَ اَحَبَّ الرِّجَالِ اَبُوْبَکْرٍ وَاَحَبَّ النِّسَآءِ عَائِشَةُ. مردوں میں سب سے پیارے ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عورتوں میں سب سے پیاری عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ اور یہ بھی صحیح ہے اس لیے کہ وجوہ محبت متعدد ومختلف ہیں۔

اور حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کی شان میں فرمایا: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّهُمَا اے خدا! میں ان دونوں کو محبوب رکھتا ہوں اور جو انہیں محبوب رکھے اسے بھی محبوب رکھتا ہوں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کا دہن مبارک کھول کر اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں رکھی اور فرمایا کرتے اے خدا! میں ان کو محبوب رکھتا ہوں تو اے خدا! تو بھی اسے دوست رکھ جو انہیں دوست رکھتا ہے۔ تین مرتبہ یہ دعا مانگی اور فرمایا جو مجھ سے محبت رکھتا ہے وہ ان دونوں سے بھی محبت رکھے گا۔ اور ان کی والدہ ماجدہ سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا میرے ساتھ میرے درجہ میں قیامت کے دن ہوں گی اور حضور امام حسن رضی اللہ عنہ کو زبان مبارک چسایا کرتے اور بڑی شفقت فرمایا کرتے تھے۔ اور یہ دونوں امامین کریمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ اگرچہ ان کے سوا حضرات میں بھی مشابہت ثابت ہے جیسے حضرت جعفر بن ابی طالب اور ان کے فرزند حضرت عبداللہ بن جعفر اور قثم بن العباس اور سفیان بن الحارث بن عبدالمطلب وغیرہم رضی اللہ عنہم میں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اقارب واخوان تھے بھی مشابہت موجود ہے اور کالیس بن ربیعہ ایک شخص تھا جو بصرے کا رہنے والا تھا۔ یہ بھی حضور سے مشابہت رکھتا تھا۔ جب وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے محل میں آئے تو وہ اپنے تخت پر کھڑے ہو گئے تعظیم کی اور ان کے دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور مرغاب کا

علاقہ انہیں عطا فرمایا۔

مواہب لدنیہ میں منقول ہے کہ اہل بیت نبوت میں سے ایک شخص تھے جن کا نام یحییٰ بن القاسم بن محمد بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہ تھا اور وہ شبیہہ رسول سے ملقب ومشہور تھے کیونکہ مہر نبوت کے مقام پر ان کے کبوتر کے ایک انڈے کے برابر۔ اور وہ مہر نبوۃ کے مشابہ تھا۔ ان کا یہ حال تھا کہ جب وہ غسل کے لیے حمام میں داخل ہوتے اور لوگ انہیں دیکھتے تو رسول اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے لگتے اور ان کے پاس لوگوں کا ہجوم ہو جاتا اور تبرکاً سے بوسہ دیتے اور مشابہت سے مراد بعض امور میں مشابہت ہوگی ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پورے حسن وجمال میں کوئی شریک نہ تھا ان کے ماسوا اور بھی حدیثیں ہیں شعر۔

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِيْكٍ فِيْ مَحَاسِنِهٖ فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْقَسِمِ

اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا ''قسم ہے اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری زندگی ہے کسی آدمی کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہ ہوگا۔ جب تک کہ خدا اور رسول کی محبت کی بنا پر تم سے محبت نہ رکھے'' اور فرمایا: مَنْ اٰذٰى عَمِّيْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَاِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ. جس نے میرے چچا کو اذیت دی بلاشبہ اس نے مجھے ایذا دی اور اس میں کوئی شک وشبہہ نہیں کہ چچا باپ کا قائم مقام ہوتا ہے اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے چچا! اولاد کے پاس آؤ۔ پھر ان کو جمع فرمایا اور اپنی سرخ وسیاہ دھاری والی چادر شریف اڑھا کر دعا مانگی: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوُلْدِهٖ مَغْفِرَةً ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً لَّا تُغَادِرُ ذَنْبًا اَللّٰهُمَّ احْفَظْهُ فِيْ وَلَدِهٖ ''رواہ الترمذی'' اے خدا! عباس رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کو ظاہر وباطن میں ڈھانپ لے اور ان کے تمام گناہوں کو محو فرما دے۔ اے خدا! ان کو ان کی اولاد میں باقی رکھ۔ کہتے ہیں کہ یہ چھ افراد تھے۔ فضل، عبداللہ، عبیداللہ، قثم، معبد، عبدالرحمان اور فرمایا: هٰذَا عَمِّيْ وَصُوَابِيْ وَهٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِيْ وَعِتْرَتِيْ فَاسْتُرْهُمْ مِنَ النَّارِ كَسِتْرِيْ اِيَّاهُمْ یہ میرے چچا اور میرے محترم ہیں اور یہ سب میری اہل بیت اور میری عترت ہیں اے خدا! ان کو آگ سے ایسا محفوظ کر کے ڈھانپ لے جس طرح میں نے ان سب کو ڈھانپا ہے۔ اس پر گھر کے ہر در ودیوار نے آمین آمین کہی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اِرْقَبُوْا مُحَمَّدًا فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ۔ اور فرمایا: خدا کی قسم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام قرابت دار اپنے قرابت داروں کے صلہ رحمی کرنے میں میرے نزدیک زیادہ محبوب ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مجھے ایذا نہ دو۔ اسی طرح سیّدہ فاطمہ زہرا سے فرمایا میری محبت کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی محبت رکھو اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت امام حسن بن علی مرتضی رضی اللہ عنہ کو اپنے کاندھے پر اٹھا کر فرماتے یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ ہیں۔ علی رضی اللہ عنہ سے انہیں مشابہت نہیں ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ مرتضی اس پر ہنسا کرتے تھے۔

منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن سیّدنا علی مرتضی جن کو عبداللہ محض کہتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی کسی ضرورت سے حضرت عمرو بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اس پر انہوں نے فرمایا جب آپ کو کوئی ضرورت درپیش ہو کسی کو بھیج دیا کریں۔ اور ایک رقعہ میں لکھ دیا کریں کیونکہ میں خدا سے شرم کرتا ہوں کہ آپ کسی ضرورت سے خود یہاں تشریف لایا کریں۔

شعبی سے مروی ہے کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ بن ثابت انصاری کاتب وحی رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کی نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد ان کی سواری کے لیے اونٹ پیش کیا گیا۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اونٹ کی نکیل پکڑی اس پر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا: اے رسول خدا! کے چچا کے فرزند میری رکاب چھوڑ دیجئے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا ہمیں یہی حکم دیا گیا ہے کہ ہم عالموں

کی قدر ومنزلت کریں۔ پھر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے اتر کر ان کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا اور کہا ہمیں یہی حکم دیا گیا ہے کہ ہم اہل بیت رسول کی تعظیم وتوقیر کریں۔ اوزاعی اپنے شرفاء سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس بنت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہا اپنے غلاموں کے ساتھ ہاتھ تھامے ہوئے آئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن عبدالعزیز فوراً کھڑے ہوگئے اور ان کی طرف بڑھے اور اپنے ہاتھوں میں لے کر اپنی مجلس کے قریب بٹھایا اور خود مؤدب ان کے سامنے بیٹھ گئے اور ان کی حاجت پوری فرمائی۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جس وقت اپنے فرزند حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے لیے تین ہزار درہم کا گزارہ مقرر فرمایا تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے لیے تین ہزار پانچ سو درہم مقرر فرمائے۔ اس پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے والد ماجد سے کہا کس بنا پر آپ نے ان کو مجھ پر فضیلت دی۔ حالانکہ بخدا انہوں نے کسی جہاد میں مجھ سے سبقت نہیں کی ہے۔ حضرت امیر المومنین سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے فرزند سے فرمایا کہ اسامہ رضی اللہ عنہ کے والد حضرت زید رضی اللہ عنہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تیرے باپ سے زیادہ محبوب تھے۔ اور اسامہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تجھ سے زیادہ محبوب تھے۔ اس بنا پر میں نے رسول خدا کے محبوب کو اپنے محبوب پر فضیلت دی اور ایثار کیا۔

منقول ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو جب جعفر بن سلیمان نے زدوکوب کیا اور اس کی جانب سے انہیں جو تکلیف پہنچی اس سے وہ بے ہوش ہوگئے۔ اور لوگ بے ہوشی میں اٹھا کر لے آئے۔ جب انہیں ہوش آیا تو فرمایا کہ میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ جو کچھ زدوکوب سے مجھے اذیت پہنچی ہے میں اسے معاف کرتا ہوں۔ جب لوگوں نے معاف فرمانے کی وجہ پوچھی تو فرمایا میں ڈرتا ہوں کہ جب میں مروں اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کروں تو میں شرمندہ ہوں کہ میری وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض قرابت دار عذاب میں مبتلا ہوں۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ جب خلیفہ وقت منصور نے امام مالک پر زیادتی کا جعفر سے قصاص مانگا تو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اللہ سے پناہ مانگتا ہوں۔ خدا کی قسم میرے جسم سے کوڑا اٹھنے نہ پاتا تھا کہ میں اسے معاف کر دیتا تھا۔ اس بنا پر کہ اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت ہے۔

ابوبکر بن عیاش جو کہ علمائے اعلام امت میں سے ہیں فرمایا کرتے کہ اگر میرے پاس کسی ضرورت سے حضرت ابوبکر وعمر اور علی رضی اللہ عنہم تشریف لائیں تو میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ضرورت پوری کروں اس کے بعد حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کی۔ کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرابت ہے۔ اگر میں آسمان سے زمین پر گروں تو میرے نزدیک ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مقدم رکھنا زیادہ محبوب ہے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ازواج مطہرات کی خدمت بجالاتے اور انہیں تحفے اور عطایا بھیجا کرتے تھے کیونکہ یہ ان کی خوشنودی اور رضا کا موجب ہوتا تھا اور سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے فرزند سے فرمایا کرتیں کہ اللہ تیرے والد ماجد کو جنت کے سلسبیل سے سیراب فرمائے۔

حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کی زیارت کیا کرتے تھے کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی باندی تھیں۔

اور جب حضرت حلیمہ سعدیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے اپنی چادر شریف بچھاتے اور ان کی ضرورت پوری فرمایا کرتے تھے۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحلت فرمائی تو وہ حضرت ابوبکر پھر حضرت عمر

رضی اللہ عنہما کے پاس آتیں اور وہ دونوں اسی طرح پیش آتے جس طرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول شریف تھا۔

صحابۂ کرام کی تعظیم وتوقیر: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر اور ادب وحقوق کے سلسلے میں صحابۂ کرام کی عزت وعظمت ان کے حق واحسان کی معرفت اور اس کی ادائیگی اور ان کا اتباع واقتدا کرنا ہے۔ اور ان کے افعال واعمال اور ان کے آداب واخلاق کی روشوں اور سنتوں پر عمل کرنا اس حد تک جہاں تک عقل وخرد کی تاب نہیں اور ان کی اچھے پیرایہ میں تعریف کرنا۔ ان کے ادب کا لحاظ رکھنا اور انہیں دعا واستغفار سے یاد کرنا ہر ایک صحابی کا حق ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے ہر صحابی کی یہ تعریف فرمائی ہے کہ وہ ان سے راضی ہوا ہے۔ ہر صحابی رسول اس کا مستحق ہے کہ اس کی تعریف کی جائے۔ اور استغفار کیا جائے۔ ام المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کے لیے استغفار کریں مگر کچھ لوگوں کا حال یہ ہے کہ وشنام طرازی کرتے ہیں۔ (رواہ مسلم) لہٰذا صحابۂ کرام پر سب وطعن کرنا اگرچہ ادلہ قطعیہ کے مخالف ہے جیسے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر بہتان باندھنا تو یہ کفر ہے ورنہ بدعت وفسق ہے۔ (کذا قال فی المواہب) اسی طرح صحابۂ کرام کے باہمی تنازعات ومناقشات اور گزرے ہوئے واقعات کے اظہار وبیان سے پہلو تہی کرنا اور زبان کو روکنا بھی ہے۔ اور مورخین کی بے ہنگم خبروں اور جاہلوں کی روایتوں اور غالی شیعوں اور بے دین وگمراہ رافضیوں اور مبتدعین کی باتوں سے اعراض واجتناب کرنا چاہیے کیونکہ یہ بدلگام لوگ ان کے جن عیبوں، برائیوں اور خطاؤں کو بیان کرتے ہیں ان میں اکثر وبیشتر جھوٹ اور افتراء پر مبنی ہیں۔ اور صحابۂ کرام کے بارے میں جو ان کے مشاجرات اور محاربات تاریخوں میں پائے جاتے ہیں ان کو جستجو وتلاش کر کے انہیں احسن تاریخوں سے بہتر وصواب محل پر محمول کرنا (جسکے وہ مستحق ہیں) ہر مسلمان پر لازم ہے۔ اور ان کے کسی عیب وبرائی کو کبھی زبان پر نہ لانا چاہیے بلکہ ان کی نیکیوں، خوبیوں، سیرتوں اور فضائل ومحامد ہی کو بیان کرنا چاہیے اور اس کے علاوہ جو کچھ ہو اس سے اغماض وسکوت کرنا چاہیے اس بنا پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی صحبت یقینی ہے اور اس کے ماسوا جو کچھ ہے وہ ظنی اور خیالی ہے۔ اس خصوص میں حق تعالیٰ کا ان کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے سرفراز فرمانا کافی ہے۔ اور اگر ان میں سے کسی سے اہل بیت اطہار وغیرہ کے حقوق میں کوئی کوتاہی یا غلطی واقع ہوئی ہے تو بھی یہ امید ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے درگزر کر دیئے جائیں گے۔ اہل سنت وجماعت کا اس باب میں یہی مذہب اور طریق حق ہے کتب عقائد میں مذکور ہے کہ لَاتَذْکُرُ اَحَدًا مِّنْھُمْ اِلَّا بِخَیْرٍ۔ تم ان میں سے کسی کو خیر کے سوا یاد نہ کرو اور حدیثوں میں صحابۂ کرام کے جو عمومی وخصوصی فضائل مذکور ہیں اس باب میں وہی کافی ہیں۔ (رطب ویابس تاریخ کے پیچھے نہ لگنا چاہیے۔)

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ الخ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور جو ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر بہت سخت اور آپس میں بہت مہربان ہیں (آخر سورہ تک)

حق تعالیٰ فرماتا ہے: اَلسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُھٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ. الخ

سب سے پہلے ایمان میں سبقت کرنے والے مہاجرین وانصار ہیں.....

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ. الخ

بلا شک وشبہ اللہ ان مسلمانوں سے راضی ہو گیا جب وہ آپ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے۔

اورفرمان باری ہے:

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ. الخ — وہ مرد سچے ہیں جنہوں نے اللہ کے عہد کو پورا کر کے دکھایا.....

حق تعالیٰ فرماتا ہے:

يَوْمَ لَايُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ. الخ — جس دن اللہ نبی کو اور ان کے ایماندار ساتھیوں کو رسوا نہ کرے گا.....

نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم فرماتے ہیں:

اَصْحَابِیْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمِ اقْتَدَيْتُمْ اِهْتَدَيْتُمْ — میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے جن کی پیروی کرو گے راہ یاب ہو جاؤ گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مَثَلُ اَصْحَابِیْ كَمَثَلِ الْمِلْحِ لَايُصْلِحُ الطَّعَامُ اِلَّا بِهٖ. میرے صحابہ نمک کی مانند ہیں نمک کے بغیر کھانا درست نہیں ہوتا۔'' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِنْ بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ. (الحدیث)

خبردار، خبردار میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو، میرے بعد انہیں اپنی اغراض کا نشانہ نہ بناؤ تو جو کوئی ان سے محبت رکھے گا وہ مجھ سے محبت رکھنے کی وجہ سے محبت کرے گا اور جو کوئی ان سے بغض وعداوت رکھے گا وہ مجھ سے بغض وعداوت رکھنے کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا۔ (آخر حدیث تک) اور فرمایا: لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَلَوْ اَنْفَقَ اَحَدُكُمْ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا (الحدیث) میرے صحابہ کو برا نہ کہو اگر تم احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرو تو وہ ان کے ایک مد جو کی برابری نہ کرے گا۔ اور فرمایا: مَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ میرے صحابہ کو جو گالی دے گا اس پر اللہ فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اور فرمایا: اِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِیْ فَاَمْسِكُوْا۔ جب تم میرے صحابہ کا ذکر کرو تو زبان قابو میں رکھو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ

اِنَّ اللّٰهَ اخْتَارَ اَصْحَابِیْ عَلٰی جَمِيْعِ الْعٰلَمِيْنَ سِوَى النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاخْتَارَ لِیْ مِنْهُمْ اَرْبَعَةً اَبَابَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيًّا فَجَعَلَهُمْ خَيْرَ اَصْحَابِیْ وَاَصْحَابِیْ كُلُّهُمْ خَيْرٌ۔

یقیناً اللہ تعالیٰ نے انبیاء ومرسلین کے بعد میرے صحابہ کو سارے جہان والوں پر برگزیدگی عطا فرمائی اور ان میں سے میرے لیے چار کو منتخب فرمایا۔ یعنی حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر بن خطاب فاروق اعظم، حضرت عثمان بن عفان ذوالنورین اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم کو پھر ان چاروں کو میرے صحابہ میں افضل کیا۔ حالانکہ میرے تمام صحابہ صاحب فضیلت وصاحب خیر ہیں۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)۔

اس حدیث میں ان چاروں کے ذکر اور دوسری حدیثوں میں ان چاروں کے علاوہ دس اور صحابہ کے ذکر کی ترتیب ہے۔ ان کے درمیان ترتیب مراتب ومدارج کے ثبوت کی روشن دلیل ہے اور یہ گمان کرنا کہ راویوں نے اپنے اعتقاد کے بموجب ان کا ذکر کیا ہے اور حدیثوں میں تغیر وتبدل کیا ہے گمان فاسد ہے اور محدثین کے حالات کے یہ خیال لائق نہیں ہے ہاں بعض حدیثوں میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ذکر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذکر سے مقدم آیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّ عُمَرَ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَ عُمَرَ فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ جس نے حضرت عمر سے محبت کی بلا شبہ اس نے مجھ سے محبت کی۔ اور جس نے حضرت عمر سے بغض وعداوت رکھی یقیناً اس نے مجھ سے بغض وعداوت رکھی۔ غرضیکہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل ومناقب میں احادیث کریمہ بکثرت ہیں۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو صحابۂ کرام سے بغض رکھتا ہے اور انہیں سب وشتم کرتا ہے وہ مسلمانوں کے زمرے میں نہ تو داخل ہے اور نہ ان کے غنیمت کا حقدار ہے۔ امام مالک نے یہ مسئلہ سورۂ حشر کی اس آیت سے استنباط فرمایا: وَالَّذِیْنَ جَآءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ. اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص کسی صحابی رسول سے غضب ناک ہو کر جوش غضب وغصہ میں آتا ہے وہ کافر ہے کیونکہ حق تعالیٰ فرماتا ہے: لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ. یقیناً صحابۂ کرام سے کافر لوگ ہی غیظ وغضب کا اظہار کرتے ہیں۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ سورۂ فتح کی آخری آیتوں میں تمام مسلمانوں کی تقسیم تین طبقوں پر فرمائی گئی ہے ایک مہاجرین، دوسرے انصار تیسرے وہ مسلمان جو ان کے بعد ہیں۔ اور ان تینوں طبقوں کی تعریف وتوصیف بھی اس آیت میں داخل ہے کہ وہ دعا مانگتے ہیں: رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے سبقت لیے ہوئے ہیں۔ اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کی جو ایمان لائے ہیں کدورت نہ ڈال اور شیعۂ روافض ان قسموں میں سے کسی قسم میں بھی داخل نہیں ہیں۔

اور حضرت عمر بن خطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ عراق کے کچھ لوگوں نے ان کے پاس آ کر حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کو برا کہنا شروع کر دیا اور ان کے خلاف کچھ نازیبا کلمات زبان پر لائے اس کے بعد انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھی برا کہنا شروع کر دیا اس پر حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بدبختو! مجھے بتاؤ کیا تم مہاجروں میں سے ہو؟ کیونکہ حق تعالیٰ ان کے متعلق ارشاد فرماتا ہے: لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ اس آیت کو یہاں تک پڑھا کہ: اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ۔ ان فقراء مہاجرین کے لیے جن کو ان کے گھروں سے نکالا گیا۔ یہی سچے لوگ ہیں۔'' عراقی لوگ کہنے لگے ہمیں تسلیم ہے کہ ہم مہاجرین میں سے نہیں ہیں۔ اس کے بعد امام محمد باقر نے فرمایا تو کیا تم جماعت انصار میں سے ہو کیونکہ حق تعالیٰ ان کی شان میں فرمایا: وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ اس آیت کو یہاں تک پڑھا کہ: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ وہ لوگ جنہوں نے مہاجرین کو گھروں میں ٹھہرایا اور وہ پہلے سے ایماندار ہیں..... یہی لوگ فلاح پائے ہوئے ہیں۔'' اس پر عراقی لوگوں نے کہا ہم جماعت انصار میں سے بھی نہیں ہیں۔ اس کے بعد امام محمد باقر نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اس جماعت میں سے بھی نہیں جن کے بارے میں حق تعالیٰ نے فرمایا: وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ۔ (اور وہ لوگ جو ان کے بعد آئے وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ان کو بھی جو ہمارے بھائی ہیں اور ایمان میں ہم سے سبقت لیے ہوئے ہیں) اس کے بعد امام محمد باقر نے فرمایا میرے سامنے سے اٹھ جاؤ۔ حق تعالیٰ نے تمہیں کسی ایک جماعت میں بھی نہیں بنایا تم نے اسلام کی صورت کو اپنا لباس بنایا ہے۔ لیکن معنی میں اہل اسلام میں سے تم نہیں ہو۔ انتہی۔

اور حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دو خوبیاں ایسی ہیں جن میں یہ ہوں گی نجات پا جائے گا اور اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے صدق ومحبت ہے، رضی اللہ عنہم اور ایوب سختیانی فرماتے ہیں کہ جو ابوبکر رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہے یقیناً وہ دین اسلام پر قائم ہے اور جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہے یقیناً اس نے راستہ کو روشن کر لیا ہے اور جس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے

محبت کی یقیناً وہ نورِ خدا سے منور ہو گیا اور جس نے سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے محبت کی بلاشبہ اس نے ''عروۂ وثقیٰ'' کو تھام لیا اور جس نے صحابۂ کرام کو بھلائی اور خیر کے ساتھ یاد کیا تو وہ بلاشبہ نفاق سے بچ گیا اور جس کسی نے ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بغض رکھا وہ متبدع' منافق اور سنت اور طریقہ سلف کا مخالف ہے اور مجھے خطرہ ہے کہ اس کا کوئی عمل بھی آسمان پر صعود نہ کرے گا جب تک وہ ان سب سے محبت نہ کرے اور اپنے دل کو ان سے سالم و محفوظ رکھے۔

حضرت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس مدینہ منورہ تشریف لائے تو منبر پر تشریف فرما ہو کر خطبہ دیا کہ:

يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَاضٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ فَاعْرِفُوْا لَهٗ ذٰلِكَ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَاضٍ عَنْ عُمَرَ وَعَنْ عَلِیٍّ وَّعَنْ عُثْمَانَ وَعَنْ طَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَالسَّعِيْدِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اِعْرِفُوْا لَهُمْ ذٰلِكَ

اے لوگو! میں ابوبکر صدیق سے راضی ہوں تو تم اسے خوب جان لو' اے لوگو! میں عمر سے' علی سے' عثمان سے' اور طلحہ، زبیر' سعید' عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم سے راضی ہوں تو تم اسے خوب جان لو۔'' یہ حدیث عشرہ مبشرہ کی حدیث کی مانند ہے کیونکہ اس میں ان حضرات کو اپنی رضامندی کی پختہ بشارت دی گئی ہے لیکن اس میں حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں ہے اور حضرت امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی مجلس شوریٰ میں فرمایا کہ یہ وہ حضرات ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اس عالم سے تشریف لے گئے تو حال یہ تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان سب حضرات سے راضی ہو گئے اور فرمایا:

اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ غَفَرَ لِاَهْلِ بَدْرٍ وَّالْحُدَيْبِيَّةِ اَيُّهَا النَّاسُ اِحْفَظُوْنِیْ فِیْ اَصْحَابِیْ وَاَصْهَارِیْ وَاَحِبَّائِیْ لَايُطَالِبَنَّكُمْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ بِمَظْلِمَةٍ فَاِنَّهَا مُظْلِمَةٌ لَّا تُوْهَبُ فِی الْقِيٰمَةِ غَدًا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے بدر و حدیبیہ والوں کو بخش دیا ہے فرمایا اے لوگو! میرے اصحاب، سسر و داماد اور محبوبوں کے بارے میں حفاظت رکھو اس لیے کہ جو ان کے بارے میں میرے حقوق کی حفاظت کرے گا یقیناً وہ دنیا و آخرت میں حق تعالیٰ کے حقوق کی حفاظت کرے گا اور جو ان کے بارے میں میری حفاظت کریگا حق تعالیٰ اس سے درگزر فرما کر صراط پر سے گزار دے گا اور جو انہیں چھوڑ دے گا اور ان سے علیٰحدگی اختیار کر لے گا قریب ہے کہ حق تعالیٰ اسے گرفت میں لے کر عذاب میں مبتلا کر دے اور فرمایا جو میرے صحابہ کے بارے میں حفاظت کرے گا وہ میرے حوض پر میرے پاس آئے گا اور جو میری میرے صحابہ کے بارے میں حفاظت نہ کرے گا وہ میرے حوض پر میرے پاس نہیں آئے گا۔ اور وہ مجھے نہ دیکھ سکے گا مگر بہت دور سے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آدھی رات کے وقت جنت البقیع تشریف لے جاتے اور وہاں صحابہ کے لیے دعا و استغفار فرمایا کرتے تھے۔ اور اس کے لیے حق تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا تھا۔ اور ہمیں صحابۂ کرام سے محبت و مودت کرنے اور ان کے طریقہ حسنہ کو اختیار کرنے کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی صحابی ایسا نہیں ہے جسے روز قیامت شفاعت کرنے کا حق نہ دیا گیا ہو۔ اور حضرت کعب رضی اللہ عنہ حضرت مغیرہ بن نوفل رضی اللہ عنہ' سے روز قیامت شفاعت کرنے کی استدعا کیا کرتے تھے۔

حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لایا جو آپ کے صحابۂ کرام کی تعظیم و توقیر نہیں کرتا اور انہیں عزیز نہیں رکھتا اور نہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی قدر و منزلت کرتا ہے۔

منقول ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا جنازہ لایا گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نمازِ جنازہ نہیں

پڑھی اور فرمایا: یہ شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بغض وعداوت رکھتا تھا اس پر حق تعالیٰ بھی اس سے برأت کا اظہار فرماتا ہے۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل ومناقب کے باب میں بکثرت روایات واحادیث موجود ہیں اور طول طویل تفصیلات مذکور ہیں خصوصاً مشکوٰۃ کی شرح میں ہم نے کچھ تو وہاں سے اور کچھ دیگر اہلسنّت وجماعت کی کتابوں سے فریقین کے تعصب سے قطع نظر کر کے نقل کر دی ہیں (وباللہ التوفیق وہو اعلم)

متعلقات نبوت یعنی اماکن ومقامات مقدسہ وغیرہ کی تعظیم وتوقیر: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر میں یہ بھی ہے کہ ہر وہ چیز جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق رکھے خواہ وہ اماکن متبرکہ ہوں یا مقامات مقدسہ یا وہ چیز جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس سے چھوگئی ہو یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی معرفت کرائی ہو۔ ان سب کی تعظیم وتوقیر ہر مسلمان کے لیے لازم وضروری ہے۔

منقول ہے کہ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی پیشانی کے بال اتنے لمبے تھے کہ جب بیٹھتے تو ان کے بال زمین تک پہنچ جاتے تھے لوگوں نے ان سے پوچھا ان بالوں کو اتنا لمبا کیوں کر رکھا ہے انہیں ترشواتے کیوں نہیں؟ جواب میں فرمایا میں انہیں اس بنا پر نہیں ترشواتا کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک اس سے مس کر گیا تھا۔ میں تبرکاً ان کی حفاظت کرتا ہوں۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی ٹوپی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کے چند بال تبرکاً رکھے ہوتے تھے۔ ایک جنگ میں میدان کارزار میں انکی یہ ٹوپی سر سے اتر کر گر پڑی تو انہوں نے اس کے حاصل کرنے کا عزم صمیم کر لیا۔ اور شدت کے ساتھ جنگ کی اس جنگ میں بہت سے مسلمان شہید ہوئے۔ اس پر بہت سے صحابۂ کرام نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا۔ انہوں نے فرمایا میں نے یہ جنگ محض ٹوپی کے حاصل کرنے کے لیے شدت کیساتھ نہیں لڑی بلکہ ان موئے ہائے مبارک کے لیے لڑی ہے جو اس ٹوپی میں سلے ہوئے تھے اور میں نے اس کی حفاظت کے لیے یہ شدت اختیار کی ہے تاکہ وہ مشرکوں کے ہاتھوں میں پڑ کر ضائع نہ ہو جائیں اور مجھے یہ تبرک جاتا رہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا گیا ہے کہ وہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نشست گاہ پر اپنے ہاتھوں کو پھیرتے پھر ان ہاتھوں کو اپنے چہرے پر ملتے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ مدینہ منورہ میں اپنی سواری کے جانور پر سوار نہ ہوتے اور فرماتے کہ میں خدا سے شرم رکھتا ہوں کہ اس زمین کو گھوڑوں کے سموں سے روندوں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہیں اور اس زمین مقدسہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک قدم رکھے ہیں۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے تمام گھوڑے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے کر دیئے۔ اس پر امام شافعی نے کہا اپنے لیے بھی ایک گھوڑا روک لیجئے تو انہیں بھی یہ مذکورہ بالا جواب دیا۔

احمد بن فضلویہ زاہد سے منقول ہے کہ یہ بزرگ بڑے غازیوں اور تیراندازوں میں سے تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی اپنی کمان کو اپنے ہاتھ سے بغیر وضو نہیں چھوا۔ جس سے میں نے یہ سنا ہے کہ اس کمان کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں لیا تھا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس شخص کو قید کرنے اور اس پر تین درے مارنے کا فتویٰ دیا جس نے یہ کہا تھا کہ مدینہ طیبہ کی مٹی خراب ہے۔ باوجود یہ کہ وہ شخص لوگوں میں بڑی قدر ومنزلت والا شخص تھا اور کیا تعجب ہے کہ اس شخص کی گردن اڑا دینے کا حکم دیا جائے جو معاذ اللہ یہ کہے کہ وہ مٹی جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں خراب اور غیر خوشبودار ہے۔'' حالانکہ اس شہر مقدس کے ناموں

میں طابہ اور طیبہ ہے اس وجہ سے یہ شہر مقدس شرک کی نجاست سے پاک ہے۔ اور یہ مقام طبائع سلیمہ کے موافق ہے بلکہ اس وجہ سے بھی اس کی خوشبو پاکیزہ بلکہ تمام امور میں طیب ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اس مقام مقدس، شہر مطہر کے رہنے والے مٹی اور در و دیوار اور پاکیزہ فضاؤں سے ایک خاص قسم کی خوشبو محسوس کرتے ہیں۔ جسے کسی خاص خوشبو سے تشبیہ نہیں دی جاسکتی اور نہ اسے زبان بیان کرسکتی ہے اور ممکن ہے کہ کسی کی سونگھنے والی ناک نے ایسی خوشبو کہیں اور سونگھی بھی نہ ہو اور اسے بعض صادقان راہ اور مشتاقان حبیب نے پایا بھی ہو ابوعبداللہ عطار فرماتے ہیں بیت

بِطِیْبِ رَسُوْلِ اللهِ طَابَ نَسِیْمُهَا فَمَا الْمِسْكُ وَالْكَافُوْرُ وَالصَّنْدَلُ الرَّطْبُ

اور اشبیلی جو کہ علمائے صاحب وجدان میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ کی مٹی میں خاص قسم کی خوشبو ہے جو کسی مشک وعنبر میں بھی نہیں اس پر کسی نے کہا یہ بات تو تیری عجیب وغریب اور نادار ہے حالانکہ درحقیقت یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ بیت

دراں زمیں کہ نسیمے وزد ظرۂ دوست چہ جائے دم زدن نافہائے تاتاریست

منقول ہے کہ جہجاہ غفاری نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عصائے مبارک کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے لے کر چاہا کہ اپنے زانو پر رکھ کر اسے توڑے اس پر لوگوں نے اس سے باز رہنے کے لیے شور مچایا۔ اس کے بعد اس کے زانو میں پھوڑا نکلا پھر وہ زانو کاٹا گیا بالآخر اسی سال وہ مرگیا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرے منبر پر جھوٹی قسم اٹھائے اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے اور فرمایا قبر شریف اور منبر کے درمیان جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے اور باقی فضائل وکمالات اور مناقب وصفات اس شہر مقدس، مدینہ طیبہ اور اس کے اماکن والمواضع مقدسہ اور وہاں کے رہنے والوں کی تعظیم اور وہاں کی اقامت وغیرہ کے آداب کا تذکرہ اپنی کتاب ''جذب القلوب الیٰ دیار المحبوب'' میں مذکور ہے وہاں ملاحظہ کریں۔

وجوب صلوٰۃ وسلام اور اس کی فضیلت: وصل: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کے حکم اور اس کے وجوب وفضیلت اور اس کے بیان صفت وکیفیت اور اس کے مقامات وغیرہ کے ذکر میں یہ باب ہے۔

واضح رہنا چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام عرض کرنے کے وجوب کے ضمن میں یہ آیۂ کریمہ اس کی اصل وبنیاد ہے۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّ اللهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

بیشک اللہ اس کے فرشتے نبی کریم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پر خوب درود وسلام بھیجو۔

آگاہ رہنا چاہیے کہ اس آیۂ کریمہ میں حق تعالیٰ نے صلوٰۃ علی النبی کی نسبت اپنی ذات کریم اور اپنے فرشتوں کی طرف فرمائی ہے۔ اور مسلمانوں کو حضور پر صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ صلوٰۃ کے معنی میں علمائے کرام کے مختلف ومتعدد اقوال ہیں۔ چنانچہ ابوالعالیہ جو کہ تابعین میں سے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر حق تعالیٰ کا صلوٰۃ بھیجنے کے یہ معنی لیے ہیں کہ حق تعالیٰ کا فرشتوں کے سامنے اپنے نبی کی ثنا کرنا اور اس کی بزرگی بیان فرمانا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر فرشتوں کا صلوٰۃ بھیجنا، تو اس کے معنی فرشتوں کا دعا کرنا اور بارگاہِ الٰہی میں عزت وعظمت کے اضافہ کی درخواست کرنا ہے اور یہی معنی مسلمانوں سے ہیں کہ انہیں اس کا حکم فرمایا گیا اس سے مراد زیادتی وبرکت کو طلب کرنا ہے۔ اور مقاتل کہتے ہیں کہ صلوٰۃ اللہ کے معنی اس کی مغفرت اور صلوٰۃ ملائکہ کے معنی استغفار ہیں۔ اور ضحاک کہتے ہیں کہ صلوٰۃ اللہ کے معنی اس کی رحمت اور ان کی ایک روایت میں مغفرت کے ہیں اور صلوٰۃ ملائکہ کے معنی دعا یعنی دعائے

مغفرت ورحمت کے ہیں۔اور فرشتوں کا اپنا کام ہی مسلمانوں کے لیے استغفار کرنا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (فرشتے استغفار کرتے ہیں مسلمانوں کے لیے)اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار میں بیٹھنے والوں کے باب میں مروی ہے کہ ان کے لیے فرشتے دعا کرتے ہیں کہ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُمْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُمْ اور مبرد نے کہا صلوٰۃ خدا رحمت الٰہی ہے اور صلوٰۃ ملائکہ ان کی وہ رقت ہے جو طلب رحمت کے باعث ہوتی ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ خدا مخلوق پر خاص بھی ہوتی ہے اور عام بھی۔لہٰذا انبیاء علیہم السلام کی صلوٰۃ خدا ان کی ثناء وتعظیم ہے۔جو ہر ایک کے حال کے لائق ہے۔خصوصاً سید انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر ان سب میں اخص وافضل ہوگی۔اور عام لوگوں پر رحمت عام ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے اپنے ارشاد میں اس کی طرف اشارہ فرمایا۔''رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ''(میری رحمت ہر شئی پر وسیع ہے)اور یہیں سے اس صلوٰۃ کے درمیان فرق ظاہر ہو جاتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت خداوندی ہے اور جو دیگر مسلمانوں پر رحمت الٰہی ہے۔کیونکہ فرمایا ہے: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ اور فرمایا:هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ اور ظاہر ہے کہ یہ آپ کے حال شریف کے لائق ہی اعلیٰ واتم اور اکمل ہوگا۔کہتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتکریم ہے کہ حضرت حق رب العزت اور ساری مخلوق آپ کی تعظیم وثنا اور دعا کرتی ہے اور اسی بنا پر صلوٰۃ بر مومنین میں فرمایا:لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ تا کہ اللہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی جانب لے جائے۔

حلیمی فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ علی النبی کے معنی آپ کی تعظیم ہے اور ہمارے قول''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا ''کے معنی''اَعْظِمْ مُحَمَّدًا ''یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں آپ کے ذکر کی بلندی کے ساتھ اور آپ کی شریعت کے غلبہ اور دین کی اشاعت کے ساتھ اور آخرت میں امت کو ثواب دے کر ان کی شفاعت قبول کر کے اور معزز مقام محمود پر فائز کر کے آپ کی بڑائی فرما کر اور بر تقدیر مراد بقول رسول صلی اللہ علیہ وسلم ادعوا ربکم بالصلوٰۃ علیہ اپنے رب سے تم آپ پر صلوٰۃ بھیج کر دعا مانگو۔''

اور آپ کے آل واز واج اور ذریت پاک پر درود بھیجنا بطریق تبع وطفیل ہے اور غیر نبی پر صلوٰۃ کے جواز میں اختلاف ہے مگر ان کی تبعیت کے ساتھ جائز ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ امت کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا درود وسلام پیش کرنے کا مقصود،تقرب الی اللہ اور حکم رب تعالیٰ کا بجالانا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جو حقوق ہم پر لازم ہیں اسے ادا کرنا ہے۔

شیخ عزیز الدین عبد السلام اپنی کتاب مسمیٰ''بہ شجرۃ المعارف''میں فرماتے ہیں کہ ہماری طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنا بارگاہِ رب العزت میں ہماری سفارش وشفاعت کرنا نہیں ہے اس لیے کہ ہم جیسے امتی کی سفارش آپ جیسے نبیوں کے لیے نہیں ہوتی ہے لیکن حق تعالیٰ نے ہمیں حقوق بجالانے اور شکر گزاری کرنے کا حکم ہر اس شخص کے لیے دیا ہے جو احسان کرے۔بالخصوص اس عظیم احسان وعطا کی بنا پر جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر فرمایا ہے۔چونکہ ہم کما حقہ اس کا بدل ادا کرنے سے عاجز تھے اس بنا پر حق تعالیٰ نے ہمیں ارشاد فرمایا کہ چونکہ ہم بدل کرنے سے عاجز ہیں لہٰذا بارگاہِ عزت میں ہی دعا کرتے ہیں کہ وہی حضور کی عظمت وکبریائی کے لائق اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی اس عزت وکرامت کے مطابق جو اس کی بارگاہ میں ہے رحمت وبرکت اور تعظیم نازل فرمائے۔

قاضی ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا فائدہ دراصل صلوٰۃ وسلام بھیجنے والے کے لیے ہی ہے۔بایں سبب کہ صلوٰۃ وسلام عرض کرنا مضبوطی عقیدت خلوص نیت'اظہار محبت'مداومت بر طاعت'معرفت حق'وساطت'اور اس واسطہ کے احترام پر دلالت کرتا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ سے ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دعا کرنا اور حضور

صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے فیض اور خیر و برکت کی استدعا کرنا درحقیقت مخلوق کے لیے دعا کرنا ہے اور یہ اس پانی کے حکم میں سے جو پرنالہ سے بہایا جاتا ہے اور زمین میں سما جاتا ہے پھر وہ بخارات بن کر اوپر چڑھتا ہے۔ اور بارش بن کر سب کو فیض پہنچاتا ہے۔ لہٰذا یہ دعا ساری مخلوق کو شامل ہے۔

فائدہ: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے کہ کیا یہ فرض ہے یا مستحب؟ مذہب مختار یہ ہے کہ یہ فرض ہے اس لیے ظاہر امر وحکم وجوب کے لیے ہے لیکن فی الجملہ اگرچہ عمر میں ایک ہی مرتبہ ہو۔ جیسے کہ آپ کی نبوت ورسالت کی شہادت دینا۔ لہٰذا واجب ایسی چیز ہے جو کسی حرج کے بغیر ساقط ہو جائے اور اس میں کسی معین عدد کی تخصیص نہ ہو۔ اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ وسلام کی کثرت کرنا بغیر تخصیص وتقلید کسی گنتی وشمار کے واجب ہے۔ اس لیے کہ حق تعالیٰ نے ہر مسلمان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنا فرض قرار دیا ہے اور اس کے لیے کسی خاص دعا کا تعین کرنا نہیں فرمایا ہے لہٰذا واجب یہ ہے کہ بکثرت صلوٰۃ وسلام بھیجی جائے اور کسی وقت اس سے غافل نہ رہے۔ تیسرا مذہب یہ ہے کہ جب بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی لیا جائے اور آپ کا تذکرہ کیا جائے ہر بار صلوٰۃ وسلام عرض کرنا واجب ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ مختار یہی مذہب اور مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ اسی مذہب کے قائل امام طحاوی، جماعت حنفیہ، حلیمی اور جماعت شافعیہ ہیں اور قاضی ابوبکر ابن العربی مالکی فرماتے ہیں کہ اسی میں زیادہ احتیاط ہے۔ اور ایسا ہی زمخشری نے بھی کہا ہے۔ یہ تمام حضرات اور یہ تمام جماعتیں اس حدیث سے استدلال کرتی ہیں کہ فرمایا: مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ اَخْرَجَهُ ابْنُ حَبَّانَ عَنْ حَدِيْثِ اَبُوْهُرَيْرَةَ جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر صلوٰۃ وسلام نہ بھیجے اور اسی حال میں مر جائے تو اسے جہنم میں داخل کیا جائے گا۔ اور ترمذی میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اتنا زیادہ ہے کہ: رَغِمَ اَنْفُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ یعنی ناک کے بل گھسیٹا جائے گا۔ وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود وسلام نہ بھیجے۔ اسے حاکم نے صحیح کہا ہے اور انہوں نے اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے کہ فرمایا: شَقِيَ عَبْدٌ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ عَلَيَّ اَخْرَجَهُ الطَّبْرَانِيُّ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ یعنی وہ بندہ بدنصیب ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود وسلام نہ بھیجے۔ یہ استدلال اس لیے ہے کہ ترک پر وعید فرمانا وجوب کی علامتوں میں سے ہے۔

نیز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے کے حکم کا فائدہ آپ کے احسان کے بدلے اور اس کے مکافات میں ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا احسان مستمر اور دائمی ہے۔ لہٰذا جب بھی ذکر کیا جائے تو یہ حکم اس پر مؤکد ولازم ہوگا۔ نیز ان حضرات کا استدلال اس آیہ کریمہ سے بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: لَاتَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا. رسول کے پکارنے کو آپس کے ایک دوسرے کے پکارنے کی مانند نہ بناؤ۔ لہٰذا اگر حضور کو پکارا جائے یا آپ کا ذکر کیا جائے اور آپ پر صلوٰۃ وسلام نہ بھیجا جائے تو لوگوں کے ساتھ پکارنے اور یاد کرنے میں برابری ہو جاتی ہے اور وہ حضرات جو ہر بار ذکر پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کے وجوب کے قائل نہیں ہیں کئی طرح پر اس کا جواب دیتے ہیں ایک یہ کہ ایسا قول کسی صحابی اور تابعین سے منقول نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا یہ قول اختراعی ہے اور اگر اسے اپنے عموم پر رکھا جائے تو موذن اور اذان کے سننے والے پر واجب ہو جاتا ہے اسی طرح تلاوت قرآن کرنے والے پر لازم آتا ہے کہ جب بھی وہ کسی ایسی آیت پر پہنچے جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر شریف ہے تو صلوٰۃ وسلام عرض کرلے اور کسی کو اسلام میں داخل کرتے وقت لازم ہو جاتا ہے۔ جس وقت کہ وہ شہادت کا تلفظ کرے حالانکہ نہ ایسا آیا ہے اور نہ ایسا منقول ہے۔ نیز اس میں مشقت اور حرج بھی ہے اور شریعت مطہرہ کی وضع کے برخلاف سختی بھی ہے۔ نیز حق تعالیٰ کی حمد وثناء۔ جب بھی اس کا ذکر ہو واجب نہیں ہے حالانکہ یہ وجوب میں زیادہ حق رکھتا ہے اور کوئی اس کا قائل بھی نہیں ہے۔ صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ فقہ حنفیہ کی

کتاب قدوری میں وجوب صلوٰۃ وسلام کو علی الاطلاق ذکر کیا ہے یعنی جب بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آئے صلوٰۃ وسلام عرض کرنا واجب ہے۔ حالانکہ یہ پہلے سے اجماع شدہ مسئلہ کے خلاف ہے اس لیے کہ کسی صحابی سے ایسی نقل محفوظ نہیں ہے کہ وہ جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے وقت ''یارسول اللہ'' کہیں تو صلوٰۃ وسلام بھی عرض کریں اور اگر ایسا ہو بھی تو دیگر عبادتوں میں اسے جاری نہیں کیا جا سکتا۔ اور مذکورہ حدیثوں کا یہ جواب دیتے ہیں کہ وہ حدیثیں مبالغہ اور تاکید کے طریقے پر ان لوگوں کے لیے وارد ہیں جن کی عادت وخصلت صلوٰۃ وسلام نہ بھیجنے پر پڑ گئی ہے اور وہ اس کے خوگر بن گئے ہیں۔ خلاصہ جوابات یہ ہے کہ ایک مجلس میں بار بار ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر بار درود وسلام بھیجنا واجب نہیں ہے اور بعض اس کے قائل ہیں کہ ہر مجلس میں ایک بار کہنا واجب ہے۔ اگرچہ ذکر شریف بار بار ہوتا رہے اسے زمخشری نے بیان کیا اور بعض کہتے ہیں کہ دعا میں واجب ہے اور اکثر کا مذہب یہ ہے کہ مستحب ہے اور امر بھی استحبابی ہے نہ کہ وجوبی۔

بندۂ مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) ثبتہ اللہ علی طریق الحق والیقین ورحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے کہ اگر وہ کہتے کہ ایک بار فرض ہے اور بکثرت واجب ہے اور ہر بار مستحب ہے تو بھی ایک صورت ہوتی۔ اور محبت کی شان کے لائق بھی ہوتی کیونکہ زیادتی محبت کا اقتضاء ہے کہ مستحب بھی بمنزلہ واجب کے ہوتا ہے اور اس میں از خود کوتاہی کرنے پر راضی نہیں ہوتا اور یہ طالب سے عجیب ہے کہ صلوٰۃ وسلام کے فوائد پر مطلع ہوتے ہوئے اس میں کوشش بلیغ نہ کرے۔

بعض کہتے ہیں کہ نماز میں بغیر تعین محل واجب ہے یہ قول امام ابوجعفر محمد باقر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور بعض کہتے ہیں کہ تشہد میں واجب ہے یہ قول شعبی اور اسحاق بن راہویہ کا ہے۔ اور عاشر کا قول یہ ہے کہ یہ آخر نماز میں تشہد کے بعد سلام سے پہلے واجب ہے۔ اور یہ قول امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور وہ اس سے استدلال کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنا فرض قرار دیا ہے اور نماز سے زیادہ اولیٰ مقام اس کے لیے کوئی اور نہیں ہے اور حدیثوں میں بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا ذکر تشہد میں آیا ہے لہٰذا جائز نہیں ہے کہ تشہد کو تو واجب کہوں اور صلوٰۃ ودرود کو واجب نہ کہوں۔ امام شافعی کے اس قول کو دیگر حضرات نے تسلیم نہیں کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ سلف میں سے کسی نے ان کے اس قول کی موافقت نہیں کی ہے اور نہ اس بارے میں کوئی سنت ہی وارد ہے جس کا اتباع کیا جائے اور ان سے پہلے کے تمام علماء کا اس پر اجماع ہے کہ نماز میں درود واجب ہے۔ اور بعض شوافع نے بھی مثلاً خطابی وغیرہ نے اسے تسلیم نہیں کیا اور اس قول کو ان کی جانب سے بعید بتایا ہے اور ان حدیثوں کو جن سے بعضوں نے اس پر استدلال کیا ہے اور ضعیف گردانا ہے۔ تشہد کے سلسلے میں یہ کہنا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد کو اس طرح سکھایا جس طرح قرآن کی سورتیں لکھائیں اس میں درود کا ذکر نہیں ہے۔ صاحب مواہب لدنیہ مذہب امام شافعی رحمۃ اللہ کی توجیہہ اور اس کے نظائر میں مبسوط کلام اور طویل بیان لائے ہیں جسے دوسری جگہ نقل کیا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

تشہد میں درود کی کیفیت

واضح رہنا چاہیے کہ تشہد میں درود پڑھنے کی کیفیت میں بکثرت حدیثیں مروی ہیں جن میں مختلف صیغے منقول ومروی ہیں اور اگر یہ صیغہ پڑھیں کہ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ تو یہ کافی ہے اور میں نے اسے بعض مشائخ سے سنا ہے اور اگر پہلے درود میں کہے: وَصَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ اور دوسرے درود میں کہے: وَبَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ۔ جیسا کہ بعض حدیثوں میں آیا ہے تو بہتر ہے اور ''کما

صلیت'' اور ''کما بارکت'' کی تشبیہ میں اہل عرب کے قاعدہ کے بموجب کہ وہ اتم واقوی سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اعتراض بیان کرتے ہیں تو اس کا کئی طرح سے جواب دیا گیا ہے ان میں سے ایک جواب یہ ہے کہ مشبہ بہ کا خوب مشہور ہونا کافی ہے اور زیادہ قوی جواب یہ ہے کہ ماسبق میں جو اتم واکمل صلوٰۃ گزرا ہے اس سے تشبیہ دینا ہے۔ اس کے سوا اور بھی وجوہات مذکور ہیں اور اکثر توجیہات وہ ہیں جو غور وفکر سے تعلق رکھتی ہیں ان کو ہم نے جدا رسالہ میں ذکر کر دیا ہے وہیں ملاحظہ کریں اور افضل صلوٰۃ میں علماء کا اختلاف ہے اکثر کا مذہب یہی ہے کہ وہ صیغہ جو نماز میں پڑھا جاتا ہے وہی افضل ہے کیونکہ نماز کی حالت سب سے افضل ہے۔ یہاں تک کہ اپنی قسم میں کوئی نذر مانے کہ میں سب سے افضل درود پڑھوں گا اور وہ اس صیغہ سے درود پڑھے تو وہ اپنی قسم سے عہدہ برآ ہو جائے گا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وہ صیغہ افضل ہے جو مقدار میں زیادہ اور کیفیت میں افضل ہونے پر مشتمل ہو اور بعض کہتے ہیں کہ یہ صیغہ پڑھے ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحَقُّہٗ'' اس قسم کے بہت سے درود کے صیغے جس قدر کہ معلوم ہو سکے 'درسالہ صلوتیہ'' میں ذکر کر دئے گئے ہیں، وباللہ التوفیق۔

مقامات درود وسلام: وصل: وہ مقامات جہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا وارد ہے۔ ایک مقام نماز میں آخر تشہد ہے جیسا کہ گزرا اور یہ معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فرض ہے اور بعض دیگر ائمہ کرام اور جمہور کے نزدیک بعد تشہد قبل از دعا یہ مستحب ہے اور پہلے تشہد میں اس کے واجب ہونے پر دو قول ہیں۔ ظاہر تر قول ممانعت کا ہے اس بنا پر کہ اس میں تخفیف مقصود ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے تشہد میں اتنی جلد اٹھ جاتے گویا جس طرح گرم پتھر پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور پہلے تشہد میں آل پر درود بھیجنے کے استحباب میں دو قول ہیں۔ اور آخری تشہد میں اس کے وجوب میں بھی دو روایتیں ہیں۔ اور قول اصح یہ ہے کہ سنت تابعہ ہے۔ یعنی نبی کے اتباع میں ان کے بعد آل پر درود بھیجنا ہے۔ یہ سب اقوال شوافع کے ہیں۔ لیکن احناف کے نزدیک نماز کے آخری تشہد میں درود بھیجنا ہے۔ اور یہ سنت ہے۔ اور اگر پہلے تشہد میں بھول کر پڑھ لیا تو سجدہ واجب ہو جاتا ہے۔ کیونکہ قیام جو فرض ہے اس میں تاخیر لازم آتی ہے۔ اور صحیح یہ ہے کہ اگر: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کی مقدار میں پڑھا ہے تو سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا اور کم سے کم مقدار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کہنا ہے اور کم سے کم آل پر درود بھیجنے کی مقدار ''وَآلِہٖ'' ہے اور کفایہ میں اعادہ علیٰ کے ساتھ ہے یعنی وعلی الہ اور فضالہ بن عبیدۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے بارے میں سنا کہ اس نے نماز میں دعا تو مانگی مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص نے جلد بازی کی۔ پھر اسے بلایا اور اسے اور دوسروں کو بتایا کہ جب تم میں کوئی نماز ادا کرے تو اسے لازم ہے کہ (تشہد کرے) حمد الٰہی سے ابتدا کرے اور ایک روایت میں ہے کہ تمجید وثنائے الٰہی سے شروع کرے۔ پھر چاہیئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ پھر جو خواہش ہو اس کی دعا کرے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا دعا اور نماز زمین وآسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور ان میں سے کوئی چیز اوپر نہیں جاتی جب تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اس حدیث کے مثل مروی ہے یہ حدیث دعائے نماز میں واقع ہوئی ہے۔ اور دعاء مطلق خواہ نماز میں ہو یا خارج نماز میں یہ بھی صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مقام ہے۔ اور دعا کے ارکان وآداب میں سب سے قوی ہے۔ سیّدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب تم میں سے کوئی چاہے کہ حق تعالیٰ سے کچھ مانگے اور دعا وسوال کرے تو اس کو چاہیے کہ پہلے خدا کی شان کے لائق حمد وثنا کرے اس کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر سوال کرے اس لیے کہ بلاشبہ یہ طریقہ حاجت براری اور حصول مراد کے لیے احق اور سب سے بہتر ہے۔

فائدہ: دعا کے اول میں' درمیان اور اس کے آخر میں درود بھیجنا چاہیے۔ جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مروی ہے ابن عطا فرماتے ہیں کہ دعا کے ارکان' بازو' اسباب اور اوقات ہیں۔ اگر ارکان موافق ہوں تو دعا قوی ہو جاتی ہے اور اگر باز و موافق ہوں تو دعا آسمان کی طرف جلد پرواز کر جاتی ہے۔ اور اگر اوقات موافق ہوں تو دعا جلد مقبول ہوتی ہے اور اگر اسباب موافق ہوں تو دعا مقصود تک جلد پہنچ جاتی ہے۔ دعا کے ارکان' حضور قلب، گڑگڑانا' عاجزی سے آنکھیں بند کرنا اور حق تعالیٰ سے تعلق خاطر اور ماسوئی سے قطع تعلق ہیں۔ اور دعا کے باز و صدق' دعا کے اوقات' وقت سحر اور اس کے اسباب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ جس دعا کے اول و آخر میں درود شریف ہے وہ دعا کبھی رد نہیں ہوتی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ ہر دعا آسمان کے نیچے معلق رہتی ہے جب مجھ پر درود بھیجا جاتا ہے تب وہ آسمان پر چڑھتی ہے اور سب سے زیادہ مؤکد بعد از دعائے قنوت ہے۔ اس حدیث کی سند حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا امام حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما کو قنوت کی تعلیم فرمانے والی حدیث ہے۔ جس کے شروع میں: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ اور اس کے آخر میں: وَصَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ مروی ہے یہ دعائے قنوت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے جس کا ذکر باب الصلوٰۃ میں آئے گا۔

مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے خطبہ جمعہ ہے جسے خطیب اپنے خطبہ کا جز بنائے۔ اس لیے کہ خطبہ عبادت ہے اور ذکر خدائے عزوجل اس میں شرط ہے۔ لہٰذا واجب ہے کہ ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہو جیسا کہ اذان و نماز میں ہوتا ہے۔ درود شریف کے بغیر خطبہ جمعہ صحیح نہیں ہے۔ یہ مذہب امام شافعی اور امام احمد کا ہے اور مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے موذن کی دعوت کا جواب دیتے وقت ہے۔ جیسا کہ امام احمد کی حدیث میں بروایت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ' مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب موذن کا اعلان سنو تو جو وہ کہے وہی کہ کر جواب دو اس کے بعد مجھ پر درود بھیجو۔ اس لیے کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اس کے بعد میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگو (آخر حدیث تک) مزید ذکر باب الاذان میں آئے گا۔ اور بعض کتابوں میں مسجد سے نکلتے ہوئے اور اذان و اقامت کے جواب کے وقت اور تکبیرات عیدین کے درمیان بھی آیا ہے۔ اسے مواہب لدنیہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے مسجد میں داخل ہونے اور اس سے نکلنے کے وقت کی روایت کو سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو خود پر درود بھیجتے تھے۔ اور اس کے بعد کہتے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اسی طرح جب مسجد سے نکلتے تو خود پر درود بھیجتے اور اس کے بعد کہتے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْلِحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ اسی کی مانند حضرت ابوبکر بن عمرو بن حزم سے بھی مروی ہے۔ اور ابو اسحٰق شیبانی فرماتے ہیں کہ جو کوئی مسجد میں داخل ہوا سے چاہیے کہ درود بھیجے اور ترحم کرے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر برکات و سلام بھیجے اور عمر بن دینار رحمۃ اللہ آیہ کریمہ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ۔ (جب تم گھروں میں جاؤ تو اپنے گھر والوں کو سلام کرو) کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اگر گھر میں کوئی موجود نہ ہو تو اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ. کہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس آیت میں بیوت سے مراد مسجدیں ہیں اور حضرت نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر مسجد میں کوئی شخص موجود نہ ہو تو اَلسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ کہے اور اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو: اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ کہے۔

حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں جب مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَصَلَّى اللهُ وَمَلَائِكَتُهٗ عَلٰى مُحَمَّدٍ کہتا ہوں۔ اسی کی مانند حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے مسجد میں داخل ہوتے اور

مسجد سے نکلتے وقت کے سلسلے میں مروی ہے اور نماز جنازہ میں درود پڑھنے کا ذکر نہیں کیا گیا۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ پہلی تکبیر کے بعد نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اور دوسری تکبیر کے بعد درود بھیجے۔ اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لیے دعا کرے اور چوتھی تکبیر کے بعد: اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَہٗ. کہے یہ اس حدیث میں ہے جسے امام شافعی، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ یہ امام شافعی کے مذہب میں ہوگا۔ لیکن ہمارے مذہب میں نماز جنازہ کے اندر قراءۃ سورۂ فاتحہ نہیں ہے اور کہتے ہیں کہ ایک روایت کے بموجب برطریق دعا ہے نہ کہ برطریق قرأت۔ اس کے باوجود درود بھیجنا ہمارے مذہب میں بھی ہے اور نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد ہی ہے۔

مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے بوقت احرام حج وعمرہ تلبیہ میں اور صفا ومروہ پر ہے۔ جیسا کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ فرمایا جب مکہ میں داخل ہو تو خانہ کعبہ کا سات بار طواف کرو اور مقام ابراہیم کے پاس دو رکعتیں پڑھو۔ اس کے بعد کوہ صفا پر آؤ اس پر چڑھو اور خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے تکبیر کہو اور درمیان میں حق تعالیٰ کی حمد وثنا کرو۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجو اور اپنے لیے دعائے خیر کرو اسی طرح مروہ پر آ کر یوں ہی کہو جیسا کہ رسالہ مناسک میں ذکر کیا گیا ہے۔ اور مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے خوف وکمزوری سے محفوظ رہنے کے لیے اجتماع وتفریق کا وقت ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ترمذی میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص ایسے لوگوں کے اجتماع میں نہ بیٹھے جہاں خدا کا ذکر اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام نہ بھیجا جاتا ہو۔ کیونکہ یہ لوگ قیامت کے دن مقام حسرت وافسوس میں ہوں گے اگر خدا چاہے انہیں بخش دے اور اگر چاہے تو ان پر عذاب فرمائے۔

ایک اور حدیث میں یہ ہے کہ نہیں ہے کوئی اجتماع کہ وہ بیٹھیں اور پھر اُٹھ جائیں اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجیں مگر یہ کہ ان پر حسرت ہوگی۔ جب وہ جنت میں اس درود کا اجر وثواب دیکھیں گے۔

اور مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے صبح وشام کا وقت بھی ہے۔ طبرانی میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِیْنَ یُصْبِحُ عَشْرًا وَّحِیْنَ یُمْسِیْ عَشْرًا اَدْرَکَتْہُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ جس نے مجھ پر صبح کے وقت دس مرتبہ درود بھیجا اور شام کے وقت دس مرتبہ درود بھیجا وہ قیامت میں میری شفاعت پائے گا اور ایک مقام درود پڑھنے کا وضو کرتے وقت بھی ہے ابن ماجہ میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا: لَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اس کا وضو کامل نہیں ہے جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا۔ ظاہر مطلب یہ ہے کہ وضو کے درمیان میں درود بھیجے اور بعض کتابوں میں کہا گیا ہے کہ عَقِیْبَ الطَّھَارَۃِ حَتّٰی التَّیَمُّمِ وَتَکَلُّمِ بِشَھَادَتَیْنِ. یعنی طہارت کے بعد درود بھیجے یہاں تک کہ تیمم اور دونوں شہادتوں کے ادا کرتے وقت بھی۔ اور اعضاء وضو کے دھوتے وقت بھی آیا ہے اور کاتب حروف یعنی صاحب مدارج النبوۃ کا عمل ایسا ہی واقع ہوا ہے کہ تکلم بشہادتین کرتا ہے اور درود بھیجتا ہے اور اعضاء وضو میں ماثورہ دعاؤں کے پڑھنے کے بعد کرتا ہے۔ ایک مقام درود پڑھنے کا، کان کے بجتے وقت کا بھی ہے۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ فرمایا تم میں سے کسی کا کان بجے تو مجھے یاد کرے اور مجھ پر درود بھیجے اور کہے: ذَکَرَہُ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مِّنْ ذَکَرَنِیْ بِخَیْرٍ. یعنی اللہ تعالیٰ اسے بھلائی کے ساتھ یاد کرتا ہے جو مجھے بھلائی کے ساتھ یاد کرے۔ اور اس بنا پر ہے کہ علماء فرماتے ہیں کہ کان کا بجنا اس پر دلیل ہے کہ اسے کسی نے بھلائی کے ساتھ یاد کیا ہے۔

اور ایک مقام درود بھیجنے کا، بھول جانے کے وقت بھی ہے۔ مطلب یہ کہ جب وہ کسی بات کو بھول جائے یا کسی اور چیز کو بھول جائے

تو اگر وہ درود بھیجے تو اسے وہ بات یا وہ چیز یاد آ جائے گی۔ یہ عمل بات کے بھول جانے میں بکثرت آزمایا ہوا اور تجربہ شدہ ہے۔ اس حدیث کی سند میں ''ابوموسیٰ مدینی کی ضعیف حدیث ہے۔ جو کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ اِذَا نَسِیْتُمْ شَیْئًا فَصَلُّوْا عَلَی تَذْکِرَہٗ اِنْ شَآءَ اللّٰہِ جب تم کچھ بھول جاؤ تو مجھ پر درود بھیجو انشاء اللہ یاد آ جائے گا۔ ایک مقام درود بھیجنے کا پیاس کا وقت بھی ہے جیسا کہ ایک جماعت اس طرف گئی ہے اور ایک جماعت نے اس پر اختلاف کیا ہے۔ یہ منکر جماعت کہتی ہے کہ یہ مقام خاص ذکر خدا کا ہے۔ جس طرح کہ دیگر مواقع میں مثلاً کھانے پینے اور جماع کرنے کے وقت میں اور مشکوٰۃ میں ترمذی سے بروایت نافع مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس چھینک لی اس کے بعد کہا: وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اس پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا میں بھی ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ'' کہتا ہوں لیکن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعلیم نہیں فرمائی ہے۔ یعنی ان لفظوں سے ہمیں نہیں سکھایا ہے مگر یہ کہ ہم کہیں ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ'' مطلب یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی فضیلت میں کسے کلام ہے۔ لیکن جس محل میں شارع علیہ السلام نے جیسا فرمایا ہے ویسا ہی کرنا چاہیے۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کے لیے ایک محل متعین فرما دیا ہے اس لیے اس جگہ ایسا کہنا اور کرنا چاہیے جس طرح حالت رکوع میں قرأت قرآن کی ممانعت فرمائی ہے۔ کذافی المواھب.

کتاب الشفا میں مذکور ہے کہ ابن حبیب رحمۃ اللہ علیہ نے جانور کے ذبح کرنے میں درود بھیجنے کو مکروہ جانا ہے اور حضرت سمنون مالکی نے تعجب کے وقت میں درود بھیجنے کو مکروہ رکھا ہے۔

فائدہ: کہا گیا ہے کہ اجتناب اور طلب ثواب کے طریقہ کے سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجنا چاہیے۔ اصبغ نے ابن القاسم سے نقل کیا ہے کہ کہا گیا ہے دو جگہ ایسی ہیں جہاں ذکر خدائے عزوجل کے سوا کوئی اور ذکر نہ ہونا چاہیے۔ ایک بوقت ذبح دوسرے چھینک کے وقت۔ لہٰذا ان جگہوں میں ذکر اللہ کے بعد ذکر محمد رسول اللہ نہ کہنا چاہیے اور اشہب نے کہا کہ یہ لائق سزاوار نہیں ہے کہ صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں سنت و عادت بنا لیا جائے۔ اور میں کہتا ہوں کہ بعض لوگوں کی عادت ہے کہ اذان کے آخر میں لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کے بعد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہہ دیتے ہیں بظاہر اس کا حکم بھی یہی ہے۔

اور مقامات صلوٰۃ علی النبی میں سے مواجہ شریف میں یعنی قبر انور کے سامنے صلوٰۃ و سلام عرض کرنا بھی ہے۔ کیونکہ یہ صلوٰۃ و سلام میں اولیٰ و اقرب مقام ہے۔ ابوداؤد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بھی کوئی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو حق تعالیٰ میری روح کو مجھ پر لوٹاتا ہے اور میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔'' اس حدیث میں حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت سے کلام ہے جیسا کہ ''تاریخ مدینہ'' وغیرہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ابن عساکر سے مروی ہے کہ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ (جو مجھ پر میری قبر کے پاس درود و سلام عرض کرتا ہے میں اسے خود سنتا ہوں) اور سب سے زیادہ مشہور و ظاہر تر مقام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام، بھیجنے کے لیے آپ کے ذکر شریف یا آپ کا اسم گرامی سننے یا اس کے لکھنے کا وقت ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ یعنی اس شخص کی ناک گرد آلود ہو جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ ایک حدیث میں ہے اَلْبَخِیْلُ کُلَّ الْبَخِیْلِ. وہ تمام بخیلوں میں بدترین بخیل ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

مقامات صلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے جو کچھ گزر چکا ہے۔ ان سب پر امت کا عمل ثبوت ہے اور کسی ایک رسالہ میں بھی ان کا انکار موجود نہیں ہے۔ اور وہ جو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کیساتھ لکھا جاتا ہے تو وہ صدر اول میں نہ تھا یہ بنی ہاشم کی حکومت کے

دور میں ایجاد ہوا اس کے بعد یہ عمل تمام روئے زمین پر پھیل گیا۔ اور بعض تو ختم بھی درود پر کرتے ہیں گویا رسالہ کی ابتدا اور اس کا خاتمہ درود کے ساتھ کر کے اس دعا کے حکم میں کرتے ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ اول و آخر میں درود شریف ہو۔

ایک حدیث میں مروی ہے کہ جو کوئی اپنی کتاب میں مجھ پر درود لکھے گا تو جب تک اس کتاب میں میرا نام برقرار و باقی ہے ہمیشہ فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے رہیں گے۔ یہ جتنے درود شریف پڑھنے کے مقامات لکھے گئے ہیں وہ سب کتاب الشفا اور مواہب لدنیہ میں مذکور ہیں۔ اور رسالہ ''فاکہی'' میں ہیں جو کہ زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں لکھی ہوئی ہے۔ اس میں اس سے زیادہ مقامات بیان کیے گئے ہیں ان کو بھی ہم مختصراً کچھ بیان کرتے ہیں تا کہ اوقات میں ایک قسم کا استیعاب و شمول حاصل ہو جائے اور یہ فقیر ہر نماز کے بعد درود پڑھتا ہے کیونکہ مجھے مشائخ سلسلہ عالیہ قادریہ سے اجازت ہے کہ بعد ہر نماز فرض یا نفل میں تین مرتبہ درود پڑھوں۔ وباللہ التوفیق۔

فائدہ: رات کی نماز کے لیے سونے سے اٹھنے کے بعد وضو کر کے بعد نماز تہجد' جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات خصوصاً بعد نماز جمعہ' جمعرات کے دن' سنیچر کے دن اور اتوار کے دن وغیرہ اوقات میں درود پڑھنا احادیث میں آیا ہے اور وقت سحر کعبہ معظمہ دیکھنے کے وقت حجر اسود کو بوسہ دیتے وقت' طواف کعبہ والتزام کے وقت' حج کے وقوف کی جگہوں میں آثار نبویہ کے مشاہدہ کے وقت' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام اور ٹھہرنے کے مقامات میں مثلاً مسجد قبا' وادی بدر' جبل احد اور مساجد نبویہ وغیرہ میں حاضری کے وقت' خرید و فروخت کے وقت' وصیت لکھتے وقت ارادہ سفر' سواری پر چڑھنے منزل پر ٹھہرنے کے وقت' بازار جاتے وقت' بازار میں پہنچنے کے بعد' مشغولیت' غفلت طاری ہونے کے وقت' دعوت میں حاضر ہونے کے وقت، دعوت سے فارغ ہو کر چلنے کے وقت' گھر سے نکلتے وقت' گھر میں داخل ہوتے وقت' کسی حاجت کے پیش آنے کے وقت' خوف و احتیاج کے وقت' جانور بھاگ جانے اور غلام کے بھاگ جانے بلکہ ہر چیز کے گم ہو جانے کے وقت غم و شدت کے وقت' طاعون و خوف اور غرق سے بچنے کے وقت۔ پاؤ کے سن ہو جانے کے وقت اور مولی کھانے کے وقت تا کہ اس کی ڈکار میں بو نہ آئے۔ اس باب میں ایک حدیث بھی منقول ہے۔ اور برتن سے پانی پیتے وقت گدھے کی آواز کے وقت مگر اس وقت میں درود کے ساتھ شیطان لعین سے استعاذہ بھی مروی ہے تا کہ دفع شر اور حصول خیر دونوں واقع ہوں اور کسی گناہ میں مبتلا ہونے کے بعد تا کہ اس کا کفارہ ہو جائے اور مسلمان بھائی سے ملاقات اور اس سے مصافحہ کے وقت اور اس سے اجتماع و جلسہ میں جو خدا اور شعائر اسلام کے لیے ہو۔ ختم قرآن کے وقت حفظ قرآن کی دعا کے وقت غیر منہی عنہ کلام کے شروع کرتے وقت علم دین کی تعلیم کی ابتداء کے وقت خصوصاً درس حدیث کے وقت' نشر علم' وعظ' قرأت حدیث کے ابتدا اور آخر میں اور کسی چیز کے اچھا لگنے کے وقت درود بھیجنا چاہیے۔ اور بعض علماء مقام حیرت و تعجب میں درود بھیجنے کو مکروہ جانتے ہیں جس طرح کسی امر محترم کے مشاہدہ کے وقت تسبیح و تہلیل مکروہ ہے۔

فائدہ: مناسب ہے بلکہ افضل ہے کہ سلام کے بھیجنے یا لکھتے وقت صلوٰۃ بھی ساتھ ملا لی جائے۔ اور امام نووی صلوٰۃ کو بغیر سلام کے ملائے مکروہ بتاتے ہیں اس لیے کہ حق تعالیٰ نے دونوں کا حکم فرمایا ہے۔ فتح الباری میں کہا گیا ہے کہ تنہا صلوٰۃ بھیجنا اور سلام بالکل نہ بھیجنا مکروہ ہے لیکن اگر ایک مرتبہ سلام بھیجے اور دوسری مرتبہ صلوٰۃ بھیجے بغیر کسی وقفہ یا خلل کے تو مضائقہ نہیں ہے۔ کذا فی المواہب۔

امام محمد جوینی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اس جگہ سلام بمعنی صلوٰۃ ہے۔ لہٰذا غائب میں استعمال نہیں کیا گیا ہے (بلکہ بصیغہ حاضر ''سَلِّمُوْا'' فرمایا گیا) اور تنہا غائب کے صیغہ کے ساتھ غیر انبیاء علیہم السلام کے لیے نہ استعمال کیا جائے۔ مطلب یہ کہ کسی غیر نبی کو علیہ السلام نہ کہا جائے۔ لیکن حاضر و مخاطب کے لیے استعمال کیا جائے اور اس طرح کہا جائے سَلَامٌ عَلَيْكَ يَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ، اور

رموز وکنایہ یا مخفف جیسا کہ عام لوگوں میں رائج ہے اس پر راضی نہ ہو۔ کیونکہ یہ بہت ہی شنیع اور قبیح فعل ہے (جیسا کہ عام طور پر صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے صلعم یا صلل اور علیہ السلام کے لیے ''ؑ'' یا رضی اللہ عنہ کے لیے ''ؓ'' وغیرہ مہمل الفاظ بولتے اور لکھتے ہیں۔ بلاشبہ یہ درود شریف کی اہانت اور استخفاف ہے اس سے بچنا فرض ہے۔ (مترجم غفرلہ)

تنبیہہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام اوقات میں درود وسلام بھیجنا مستحب و مستحسن ہے خصوصاً جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میں کیونکہ یہ ہفتہ میں سب سے افضل دن اور رات ہے۔ یوم جمعہ میں اس کی کثرت کا حکم حدیث پاک میں آیا ہے کہ خاص طور پر اس دن بارگاہِ نبوت ورسالت میں صلوٰۃ وسلام پیش کیا جاتا اور قبول فرمایا جاتا ہے۔ قبولیت کی بشارت دی گئی ہے۔ حدیث صحیح میں ہے کہ: اَکْثِرُوْا مِنَ الصَّلٰوۃِ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میں مجھ پر بکثرت درود بھیجو۔ اور بعض طرق سے اس طرح ہے کہ اَکْثِرُوْا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِی اللَّیْلَۃِ الزَّھْرَاءِ وَیَوْمِ الْاَزْھَرِ لَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ وَیَوْمِ الْجُمُعَۃِ۔ مجھ پر روشن ترین رات میں بکثرت درود بھیجو۔ اور روشن ترین رات یعنی یوم الازہر وہ جمعہ کا دن اور جمعہ کی رات ہے۔ اس ضمن میں حدیثیں بکثرت مروی ہیں اور اس دن ورات میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ وسلام پیش کیا جاتا ہے۔ اگرچہ آپ کی امت کا صلوٰۃ وسلام ہمیشہ ہی پیش کیا جاتا ہے۔ اور حق تعالیٰ نے ملائکہ سیاحین یعنی گشت کرنے والے فرشتوں کو پیدا فرما کر مقرر کیا ہے کہ امت محمد یہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا درود وسلام بارگاہِ نبوت میں پہنچائیں لیکن اس دن ورات میں یقینی طور پر درود وسلام مقام وصول اور محل قبول کو فائز ہوتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ: مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْہِ قُبِضَ وَفِیْہِ نَفْخَۃٌ وَفِیْہِ الصَّعِقَۃُ فَاَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْہِ تمہارے دنوں میں سب سے بہتر دن روز جمعہ ہے۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن ان کی روح قبض کی گئی اور اسی دن صور پھونکا جائے گا اسی دن قیامت ہونی ہے لہٰذا مجھ پر اس دن درود کی کثرت کرو۔ کیونکہ تمہارا درود میرے حضور پیش کیا جاتا ہے۔ روز جمعہ درود کی کثرت کرنے کی تخصیص میں حکمت، یہی روز جمعہ ہے کیونکہ یہ موجب وصول وقبول اور حصول رضائے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور یہی دنیا وآخرت میں سعادت کا موجب ہے جیسا کہ ظاہر حدیث کا بیان ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ ابن قیم سے نقل کرتے ہیں ان میں ایک مناسبت کی وجہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سید الانام ہیں اور روز جمعہ سید الایام ہے لہٰذا یہ دن درود بھیجنے میں خاص مناسبت اور اضافت رکھتا ہے۔ جو اس کے علاوہ کسی اور دن میں نہیں ہے۔ اور ایک حکمت یہ بھی ہے کہ امت مرحومہ کو دنیا وآخرت میں جو کچھ ملا ہے اور جو نعمت حاصل ہوئی ہے وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس سے ہی ملی ہے اور سب سے بڑی وہ کرامت جو امت کو حاصل ہوتی ہے۔ وہ جمعہ کے دن ہی ملتی ہے۔ اور آخرت میں حور وقصور جنت وکرامت اور حق تعالیٰ وتقدیس کا جو دیدار حاصل ہوگا وہ بھی اسی روز جمعہ میں حاصل ہوگا۔ اور آخرت میں اس دن کا نام ''یوم المزید'' ہے کیونکہ حق تعالیٰ اس دن اہل جنت پر مزید نعمتیں اور اپنے مقدس دیدار سے مشرف وسرفراز فرمائے گا۔ جیسا کہ باب الجمعہ میں انشاء اللہ ذکر ہوگا۔ اور یہ کہ جمعہ کا دن دنیا میں امت کے لیے عید کا دن ہے اور آخرت میں روز مزید ہے۔ اور یہ وہ دن ہے جس میں عالم کی مخلوق جمع ہوئی ہے اور حق تعالیٰ نے اس دن تمام مخلوق کی ضرورتوں، حاجتوں اور مطلبوں کو شفقت ومہربانی سے پورا فرمایا ہے۔ اور اس دن کسی مانگنے والے کے سوال کو رد نہیں فرماتا۔ اور اس کی ہر دعا قبول فرماتا ہے اور یہ تمام باتیں امت کو حاصل نہیں ہوتیں اور نہ وہ اس کی معرفت کر سکیں گے مگر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت وسبب اور آپ کے دستِ اقدس کے ذریعہ سے۔ لہٰذا شکر اور نعمت کی حق شناسی کم از کم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کی ادائیگی میں سے ادنیٰ ذریعہ یہی ہے کہ اس دن آپ پر زیادہ سے زیادہ درود وسلام بھیجا جائے (واللہ اعلم)

فضائل ونتائج درود وسلام: وصل: حضور اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے کے فضائل و برکات اور اس کے نتائج وثمرات بیان سے باہر ہیں گویا یہ دنیا وآخرت کی تمام برکتوں اور بھلائیوں کو شامل ہے اور یہ امتثال امر الٰہی اور فعل باری تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے عمل کی موافقت پر متضمن ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پر خوب صلوٰۃ وسلام بھیجو اور حدیث شریف میں ہے مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ وہ کتنا خوش نصیب اور عظیم المرتبت ہے جس پر حق تعالیٰ، رحمت اور برکت نازل فرمائے۔

اس جگہ ایک اعتراض یہ لاتے ہیں کہ یہ کیسے جائز ہوگا کہ حضور پر تو بندہ ایک مرتبہ صلوٰۃ بھیجے اور اس پر دس مرتبہ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک کا عدد جو حدیث میں آیا ہے وہ بندے کا فعل ہے اس حکم کے تحت کہ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (جو ایک نیکی لائے اس کا بدلہ دس گنا ہے) حق تعالیٰ ایک کا بدلہ دس گنا عطا فرماتا ہے۔ اس سے کہاں لازم آتا ہے کہ حق تعالیٰ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتا ہے وہ بھی ایک ہی ہو۔ وہ مالک ہے جتنی مقدار میں چاہے حضور پر صلوٰۃ بھیجے۔ چونکہ بندہ صلوٰۃ وسلام اور دعا کرنے پر مامور ہے اور وہ کہتا ہے کہ اے خدا! میں تیرے اس حکم کو بجالانے میں عاجز ومجبور ہوں تو ہی اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ نازل فرما جیسا کہ تیرے جلال اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال کے لائق ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ اپنے کمال رحمت ومہربانی سے جو لائق ہو بھیجتا ہے اور اس کے نزدیک اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی جیسی عزت اور درجہ ہے اسی کی مناسبت سے بھیجتا ہے۔ یہ بات بالکل ظاہر ہے۔ نیز یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ایک ہی درود اس دس کے مقابلہ میں جو بندہ پر نازل فرمائے۔ یہ سو ہزار درجہ کامل تر ہو اس لیے کہ مقدار کی کمی' کیفیت کی زیادتی کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ ایک گوہر سو ہزار پیسوں کے مقابلے میں ہوتا ہے۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن اس حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ کی آنکھوں سے خوشی ومسرت نمایاں تھی اور آپ کا چہرہ منور پر مسرت تھا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آج آپکے رخ انور میں خوشی ومسرت کی لہر تاباں ہے کیا سبب ہے؟ فرمایا جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے کہا کہ اے محمد! کیا آپکو یہ پر مسرت نہیں بناتا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے جو بندہ بھی آپ کی امت کا آپ پر ایک مرتبہ بھی درود بھیجتا ہے میں اس پر دس مرتبہ صلوٰۃ وسلام بھیجتا ہوں اور ایک روایت میں مطلق آیا ہے کہ جو بندہ صلوٰۃ وسلام آپ پر بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر صلوٰۃ وسلام بھیجتا ہے۔ گویا مقصود اس جگہ بیان مطلق ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ مجھ پر صلوٰۃ وسلام بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر اس وقت تک صلوٰۃ وسلام بھیجتا ہے جب تک کہ وہ مجھ پر بھیجتا رہے لہٰذا بندے کو اختیار ہے کہ کم بھیجے یا زیادہ بھیجے۔ ایک اور روایت میں ہے حق تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس پر ستر گنا صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ لہٰذا بندہ کم کرے یا زیادہ۔

بندۂ مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) خصہ اللہ بمزید الحق ورحمۃ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ ستر میں بھی یہ منحصر نہیں ہوگا۔ اس لیے کہ مراتب میں اضافہ بہت ہے۔ سات سو تک بلکہ اس سے زیادہ آیا ہے اور یہ اضافہ تقویٰ' محبت اور اخلاص کے مقدار پر ہے اور کمی وبیشی کے درمیان اختیار دینے میں ایک قسم کی تہدید اور تنبیہ ہے اس لیے کہ مخیّر بہ میں وجود خیر کو بتا دینے کے بعد اس کے حاصل کرنے میں کمی وکوتاہی پر ڈرانے کو متضمن ہوتا ہے۔

ترمذی میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں چاہتا ہوں کہ آپ پر درود بھیجوں تو اپنے لیے دعا کرنے کے مقابلے میں آپ کے لیے کتنی مقدار میں بھیجوں فرمایا جتنا چاہو۔ میں نے عرض کیا چوتھائی؟ فرمایا جتنا

چاہو اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے اور بہتر ہے عرض کیا نصف؟ فرمایا جتنا چاہو اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے اور زیادہ بہتر ہے عرض کیا دو تہائی؟ فرمایا جتنا چاہو اور اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے اور بہتر ہے۔ عرض کیا پھر تو میں اپنی تمام دعا کے بدلے آپ پر درود ہی بھیجوں گا فرمایا: اِذًا تُكْفٰى هَمَّكَ وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ۔ تب تو تم نے اپنی ہمت پوری کر لی اور گناہوں کو معاف کرالیا۔

ایک اور حدیث میں مروی ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور اس کے دس گناہ مٹا کر اس کے دس درجہ بلند فرمائے گا۔ یہ دس گناہوں کا مٹانا اور دس درجہ بلند کرنا عمل درود کے اجر و ثواب کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ دیگر اعمال میں مزیت و اضافہ نہیں ہے کیونکہ ایک کا بدلہ دس گنا تو ملے گا لیکن ان میں گناہوں کا مٹانا اور درجات کا بڑھانا نہیں ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کہے کہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ اے خدا! ہمارے سردار محمد مصطفےٰ پر صلوٰۃ نازل فرما اور انہیں مقام قرب پر فائز فرما جو تیرے نزدیک قیامت میں ہے تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے دن مجھ سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر درود بھیجتے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ روز قیامت اس کے سختی و دہشت اور شر و سفلی سے وہی لوگ نجات پانے والے تم میں سے زیادہ ہوں گے جو مجھ پر درود بھیجتے ہیں۔ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا گناہوں کے دھونے اور اس سے پاک کرنے میں آگ کو سرد پانی سے بجھانے سے زیادہ مؤثر و کارآمد ہے اور حضور پر سلام پیش کرنا غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ اس جگہ ایک نکتہ یہ ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا' درود بھیجنے والے پر رحمت کے نزول کو واجب کرنے کا حکم رکھتا ہے تو ظاہر ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں جتنی بھی کمیت و مقدار اور کیفیت میں مبالغہ کیا جائے گا اتنا ہی اس پر رب العزت کی بارگاہ سے فیضان و نزول رحمت زیادہ ہوگا۔ لیکن اس نوعیت کے مطابق ہوگا جتنا اس کے حال کے لائق و مناسب ہے۔ كَمَا لَا يَخْفٰى. غرضیکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا منبع انوار و برکات اور مفتاح تمام ابواب خیرات و سعادات ہے اور اہل سلوک اس باب میں بہت زیادہ شغف رکھنے کی بنا پر فتح عظیم کے مستوجب اور مواہب ربانیہ کے مستحق ہوئے ہیں۔

بعض مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب ایسا شیخ کامل اور مرشد اکمل موجود نہ ہو جو اس کی تربیت کر سکے تو اسے چاہیے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کو لازم کر لے یہ ایسا طریقہ ہے جس سے طالب واصل بحق ہو جاتا ہے اور یہی درود و سلام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف توجہ کرنے سے احسن طریقہ سے آداب نبوی اور اخلاق جمیلہ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی تربیت کر دے گا اور کمالات کے بلند تر مقامات اور قرب الٰہی کے منزل پر اسے فائز کریں گے اور سید الکائنات افضل الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے قرب سے سرفراز بنائیں گے۔

بعض مشائخ کرام وصیت کرتے ہیں کہ سورۂ اخلاص قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کو پڑھے اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود بھیجے۔ اور فرماتے ہیں کہ ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' کی قرأت خدائے واحد۔ کی معرفت کراتی ہے۔ اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی کثرت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و معیت سے سرفراز کرتی ہے اور جو کوئی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود بھیجے گا یقیناً اسے خواب و بیداری میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ جیسا کہ شیخ امام علی متقی نے ''الحکم الکبیر'' میں شیخ احمد بن موسیٰ المشروع سے نقل فرمایا ہے۔

بعض متاخرین مشائخ شاذلیہ قدست اسرارہم فرماتے ہیں کہ طریق سلوک، تحصیل معرفت اور قرب الٰہی کے حصول کے لیے جس وقت کہ اولیائے کرام کا وجود مفقود ہو اور جس زمانہ میں وہ موجود نہ ہوں اس وقت ظاہر شریعت پر بالالتزام عمل کرنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مبارک اور آپ پر کثرت درود کو ہمیشہ لازم کر لینا مرشد متصرف کا کام دے گا کثرت درود سے باطن میں ایک نور پیدا ہو جاتا ہے جس سے منازل سلوک طے پا جاتے ہیں۔ اور براہ راست حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ سے فیضان واعانت اور امداد حاصل ہو جاتی ہے۔

اور بعض مشائخ ذکر پر درود کو توسل واستمداد کی حیثیت سے ترجیح اور فضیلت دیتے ہیں۔ اگرچہ ذکر بذات خود اشرف وافضل ہے۔ اور طریقہ شاذلیہ کا خلاصہ (یہ حقیقت میں طریقۂ قادریہ کی شاخ ہے) بارگاہِ نبوت سے استفاضہ ہے اور یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سپردگی کو لازم کرنے اور آپ سے دائمی حضوری کے ذریعہ اور وسیلے سے ہے۔

شیخ اجل واکرم قطب الوقت عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ ونفعنا ببرکاتہ، وبرکات علومہ فرماتے ہیں کہ درود شریف پڑھتے وقت یہ جاننا چاہیے کہ دریائے فضل ورحمت کے کون کون سے دریاؤں میں شناوری کر رہا ہے اور کہاں کہاں غوطہ زن ہے۔ اَللّٰھُمَّ جب کہتے ہیں تو دریائے رحمت الٰہی میں داخل ہو جاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بندہ جب اَللّٰھُمَّ کہتا ہے تو گویا وہ اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء الٰہی کو یاد کر لیتا ہے اور جب ''صل علیٰ سیّدنا محمد'' کہتا ہے تو وہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دریائے فضل وکرم میں غوطہ زن ہو جاتا ہے۔ اور جب اس کے ساتھ ''وعلی آلہ واصحابہ'' کہتا ہے تو ان کے فضائل وکمالات میں غرق ہو جاتا ہے اور جب بندہ ان نامتناہی دریاؤں میں شناوری کرتا اور غوطہ زن ہوتا ہے تو پھر محروم ومایوس نکلنے کی کیا صورت ہے۔ جس وقت اس فقیر کو (یعنی شیخ محقق شاہ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ کو) حضرت شیخ اجل عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ نے مدینہ منورہ کے سفر کے لیے رخصت فرمایا تو ارشاد فرمایا کہ تم یاد رکھو کہ اس سفر میں بعد ادائے فرائض نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے سے بلند تر کوئی عبادت نہیں ہے جب ان سے اس کی تعداد دریافت کی گئی تو فرمایا یہاں کوئی تعداد معین نہیں ہے۔ جتنا ہو سکے پڑھو۔ اسی سے رطب اللسان رہو اور اسی کے رنگ میں رنگ جاؤ۔ ایسے وقت کے علاوہ وہ طالب کو تلقین فرمایا کرتے تھے کہ روزانہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کو ہزار مرتبہ سے کم نہ مقرر کرنا چاہیے اگر اتنا نہ ہو سکے تو پانچ سو مرتبہ لازمی ہو گویا کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اور اپنے لیے تین سو سے کم ہرگز تجویز نہ کرتے تھے اور سونے سے پہلے بھی یقیناً وقت کو خالی نہ رکھنا چاہیے۔ اور صلوٰۃ وسلام کے فوائد عظیمہ اور مطالب جلیلہ میں سے ایک یہ ہے کہ امت کی رسائی بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں ہو جاتی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو حق تعالیٰ میری روح کو میری طرف لوٹا دیتا ہے اور میں اسے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو میری قبر انور کے سامنے مجھ پر درود بھیجتا ہے میں اسے خود سنتا ہوں اور جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے تو وہ میرے حضور پہنچایا جاتا ہے۔ یعنی فرشتے لے کر حاضر ہوتے ہیں اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلا شک وشبہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر پھرنے والے فرشتوں کو مقرر فرمایا ہے جو میری امت کا سلام میرے حضور لا کر پیش کرتے ہیں۔ بعض روایتوں میں ہے کہ اس کا نام اور اس کے باپ کا نام بھی لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یا رسول اللہ فلاں بن فلاں مثلاً کمترین بندگان عبدالحق بن سیف الدین دہلوی حضور کی بارگاہ میں سلام عرض کرتا ہے اس کے بعد فرشتے سلام عرض کرتے ہیں شعر ؎

لَكَ الْبُشَارَةُ فَاخْلَعْ مَا عَلَيْكَ ذَكَرْتَ تَمَّهُ عَلٰى مَا فِيْكَ مِنْ عَوَجٍ

بیت جاں مید ہم در آرزوے قاصد آخر باز گو در مجلس آن نازنیں حرفے کہ از ما میرود

اور اعظم فوائد درود وسلام میں سے ایک یہ ہے کہ دل میں محاسن نبویہ متحضر ہو جاتے ہیں اور آنکھوں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خیالی صورت متمثل ہو جاتی ہے کیونکہ یہ کثرت درود میں بصفت توجہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم لازم ہے۔ شعر

لَوْ شُقَّ عَنْ قَلْبِیْ تَرٰی فِیْ وَسْطِہٖ ذِکْرَکَ فِیْ سَطْرٍ وَالتَّوْحِیْدَ فِیْ سَطْرٍ

مطلب یہ کہ اگر آپ میرے دل کو چیر کر دیکھیں تو اس میں ایک سطر آپ کے ذکر کی ہوگی اور ایک سطر توحید الٰہی کی ہوگی۔

اور اعظم فوائد درود وسلام میں یہ ہے کہ اس کا ثواب دس غلاموں کے آزاد کرانے اور دس جہادوں میں شریک ہونے کے برابر ہے۔ اور یہ کہ دعا قبول ہوتی ہے اور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت آپ کی شہادت اور حصول قرب میسر آتا ہے اور باب جنت کو کھلوانے کے لیے اپنے دست مبارک کو تکلیف دینا اور سب سے پہلے قیامت میں آپ کے ساتھ متصل دوسروں سے پہلے داخل ہونا اور اس دن تمام شدتوں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا متکفل ہونا اور تمام مہمات وقضایا میں کفایت فرمانا اور تمام حوائج ومغفرت گناہاں میں کوشش فرمانا اور تمام کوتاہیوں اور غلطیوں کو محو فرمانا یہ سب درود شریف کی ہی برکتیں ہیں۔ اور بعض کا قول ہے کہ اس کے فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ فرائض میں جو کوتاہیاں ہوئی ہیں ان کا کفارہ بن جاتا ہے اور صدقہ کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس سے افضل واعلیٰ ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

اور تکلیفوں کا دور ہونا' بیماریوں سے شفا پانا' خوف وخطر اور بھوک کا جاتا رہنا' تہمتوں سے برات وپاک کرنا، دشمنوں پر فتح پانا' رضائے الٰہی اور اس کی محبت کا حاصل ہونا۔ اس کی صلوٰۃ کا خدائے عزوجل کی صلوٰۃ اور اس کے فرشتوں کی صلوٰۃ سے مل جانا' مال میں زیادتی وپاکیزگی کا پیدا ہونا' طہارت، ذات' صفائے قلب اور فارغ البالی کا ہونا اور تمام امور میں برکتوں کا حاصل ہونا حتیٰ کہ اسباب واموال اور اولاد در اولاد چار پشتوں تک میں برکتیں فائز ہوتی ہیں یہ سب درود کے فوائد ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔

فائدہ: اور قیامت کی ہولناکیوں سے نجات پانا، سکرات موت میں آسانی پیدا ہونا' دنیا کی ہلاکتوں سے چھٹکارا پانا' زمانہ کی تنگیوں سے خلاصی پانا' بھولی ہوئی چیزوں کا یاد آ جانا' فقر واحتیاج کا جاتا رہنا' بخل وجفا کی برائیوں سے محفوظ رہنا' ناک گرد آلود ہونے کی بددعا سے بچنا۔ مجلس کا پاکیزہ ومعطر ہو جانا، رحمتوں کا چھا جانا' صراط سے گزرتے وقت ایک نور کا تاباں ہونا اور اس حال میں ثابت قدم اور برقرار رہنا اور پلک جھپکتے میں صراط سے گزر جانا' برخلاف حال' تارک درود کے' مسلمانوں کی محبت دل میں جاگزیں ہونا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں خوب مستحکم ہونا' روز قیامت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اس سے مصافحہ کرنا' خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال کا دیدار کرنا' ملائکہ کی محبت اور ان کا مرحبا کہنا۔ اس کے درود کی کتابت سونے کے قلم سے چاندی کے کاغذ پر ہونا' فرشتوں کا اس کے خیر کی زیادتی کی دعا کرنا اور استغفار کرنا یہ سب اعظم فوائد درود وسلام کے ہیں۔ اور سب سے اہم اور بڑی بات تو یہ ہے کہ جواب سلام کے حصول کا شرف حاصل ہوتا ہے کیونکہ یہ سنت مستمرہ بلکہ لازم کردہ فرض ہے۔ اس سے بڑی سعادت اور کون سے ہوگی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سلامتی وخیر کی دعا اس کے شامل حال ہوگی۔ اگر تمام عمر میں یہ سعادت ایک مرتبہ بھی ہاتھ آ جائے تو ہزار ہا کرامتوں کا موجب اور بیشمار برکتوں کا باعث ہے۔ بیت

بہر سلام مکن رنجہ در جواب آں لب کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو

اور بکثرت ایسے حضرات ہیں جو اپنا سلام پیش کرنے سے پہلے انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سلام پایا ہے کیونکہ آپ کی عادت کریمہ تھی کہ: کان یبادر بالسلام یعنی آپ سلام کرنے میں پہل فرماتے تھے۔ اور ایسے بھی حضرات ہیں جو اپنے سلام کے بعد

جواب سلام سے مشرف ہوئے اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے از خود بھی سلام سے نوازا۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

فائدہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے فوائد میں سے یہ بھی ہے کہ دونوں فرشتے یعنی کراماً کاتبین تین دن تک اس کے گناہ لکھنے سے رکے رہتے ہیں (تاکہ وہ اس سے توبہ کر سکے) اور لوگوں کو اس کی عیب جوئی سے باز رکھتے ہیں اور روز قیامت درود پڑھنے والا عرش کے سایہ کے نیچے ہوگا۔ اور درود اس کے نیک اعمال کے پلڑے کو وزنی کر دے گا اور پیاس سے محفوظ رہے گا۔ اور جنت میں کثیر بیبیاں ملیں گی۔ اور دنیا و آخرت کے معاملات میں رشد و ہدایت میسر آئے گی۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا ذکر الٰہی کو بھی شامل ہے اور اس کی نعمتوں کے شکر اور معرفت حق کو بھی متضمن ہے۔ اور درود کی بدولت بیکراں اور وافر نعمتیں ملتی ہیں۔ ان سب کو فاکہی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ ''آداب زیارت'' میں لکھا ہے اور ''جذب القلوب'' (راحت القلوب) میں وہیں سے نقل کیا گیا ہے۔ اور اس کتاب میں بھی وہیں سے منقول ہے۔ ان کے ماسوا دیگر فوائد و حکایات بھی مذکور ہیں جن کی اس جگہ گنجائش نہیں ہے۔ ان میں سے ایک حکایت یہ ہے جسے شیخ احمد بن ابوبکر محمد رواد صوفی محدث نے اپنی کتاب میں شیخ مجد الدین فیروز آبادی سے ان اسناد کے ساتھ جو شیخ مذکور کو ملی ہیں روایت کیا ہے۔ اس جگہ بیان کیا جاتا ہے۔ اس امید پر کہ طالب حق اسے اپنا ورد بنائے۔ وہ حکایت یہ ہے کہ ایک دن حضرت شبلی قدس سرہ حضرت ابوبکر مجاہد کے پاس گئے یہ اپنے زمانہ کے امام اور علمائے وقت میں سے تھے۔ حضرت ابوبکر نے کھڑے ہو کر ان کا اعزاز و اکرام کیا اور معانقہ کر کے ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ حاضرین کہنے لگے یا سیدی! شبلی کا آپ ایسا احترام و اعزاز فرما رہے ہیں حالانکہ آپ اور بغداد کے تمام لوگ انہیں مجنوں کہتے ہیں۔ فرمایا: میں نے یہ اعزاز اپنی طرف سے نہیں کیا ہے لیکن میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں جیسا فرماتے دیکھا ہے ویسا ہی کیا ہے۔ کیونکہ حضرت شبلی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب آئے تو حضور انہیں دیکھتے ہی کھڑے ہو گئے معانقہ فرمایا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اس پر میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ آپ شبلی سے یہ سلوک فرما رہے ہیں؟ فرمایا ہاں؟ یہ شبلی بعد نماز اس آیت کو پڑھتے ہیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ اس کے بعد وہ مجھ پر درود بھیجتے ہیں۔

اس آیہ کریمہ کو درود شریف پڑھنے سے پہلے پڑھنا حرمین شریفین کے ان حضرات کے درمیان رائج ہے جو میلاد شریف کی محفلیں منعقد کرتے اور ذکر میلاد بیان کرتے ہیں۔ اس آیہ کریمہ کے بعد وہ حضرات آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ. پڑھتے ہیں پھر اس حکم الٰہی کی بجا آوری میں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ. پڑھتے ہیں۔

ترکِ عادتِ درود پر وعید و مذمت: وصل: اس میں کوئی شک و شبہہ نہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے فضائل و فوائد اور اس کے کرنے والے کی مدح و تعریف احادیث میں آئی ہیں۔ لامحالہ اسی قدر اس کے تارک کی قباحت و مذمت اور اسپر عقاب و مضرت بھی ثابت ہوگی اس لیے کہ ہر وہ عمل جس کا ثواب اور فضیلت بلند تر اور کامل تر ہوا تنا ہی اس کا ترک قبیح تر و مذموم تر ہوگا۔ اور اس پر عقاب شدید تر اور قوی تر ہوگا۔

امیر المومنین سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّ الْبَخِيْلَ كُلَّ الْبَخِيْلِ۔ بے شک یہ تمام بخیلوں میں بدتر بخیل ہے اور ایک روایت میں ہے کہ: اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ وہ شخص بہت بخیل ہے جس کے آگے میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ بخیل عرف عام میں اسے کہتے ہیں کہ جو مال کو خرچ کرنے اور اس کے استعمال کرنے میں خست برتے۔ لیکن سب سے سخت تر اور بدترین وہ بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر

درود نہ پڑھے۔ اور وہ میری محبت میں اور نعمتوں کے شکر میں اپنا اتنا سا وقت خرچ نہ کرے۔ اور زبان کو استعمال میں نہ لائے۔ کیونکہ اس کا اجر وثواب مال کے خرچ کرنے اور غلام کے آزاد کرنے سے زیادہ عظیم اور وافر تر ہے اور اس سے زیادہ آسان ہے۔

حضرت امام جعفر صادق اپنے والد بزرگوار امام محمد باقر: سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا وَصَلِّ عَلٰى اٰبَائِهِمَا الْعِظَامِ وَاَوْلَادِهِمَا الْكِرَامِ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے آگے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے بلاشبہ یقیناً اس نے جنت کی راہ بھلا دی۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے مروی ہے کہ ابوالقاسم سیّدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر درود بھیجنے کو فراموش کر دیا اس نے جنت کی راہ فراموش کر دی۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت میرا ذکر کسی کے سامنے کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے تو بلاشبہ اس نے مجھ پر ظلم و جفا کیا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مجلس بیٹھی پھر وہ اٹھ گئی اور اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا گویا وہ مجلس ایسی ہے جیسے کسی مردار سے زیادہ گندی مجلس میں بیٹھے پھر وہ متفرق ہو گئے۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ منہا)۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا ایک گروہ نے مجلس جمائی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اس میں درود نہ بھیجا گیا مگر یہ کہ روز قیامت اہل مجلس پر حسرت ومحرومی ہوگی۔ اگر چہ وہ جنت میں داخل ہوں۔ یعنی اگر چہ بحکم ایمان اور اعمال صالحہ جنت میں داخلہ مل جائے اور وہ ایمان وعمل کا ثواب بھی پالیں لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے ثواب عظیم کے فوت ہونے کی بنا پر حسرت کریں گے کہ کیوں نہ انہوں نے یہ ثواب عظیم حاصل کیا ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود دونوں حاصل ہو جاتے ہیں۔

ایک حدیث مبارک میں ہے کہ وہ شخص رسوا ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ اور وہ شخص رسوا ہے جسے ماہ مبارک رمضان کا ملا اور وہ اسے بخشوائے بغیر گزر گیا۔ مطلب یہ کہ رمضان کو پائے تو ایسے کام کرے جس سے اس کی مغفرت ہو کیونکہ ان ایام کا وجود غنیمت ہے اور یہ مغفرت کا موسم ہے اور فرمایا اسے رسوائی ہو جس نے ماں باپ دونوں کو پایا یا ان میں سے کسی ایک کو پایا اور وہ اسے جنت میں داخل نہ کرا سکے۔ مطلب یہ کہ اسے چاہیے کہ ماں باپ کی خدمت کرے۔ اور انہیں راضی رکھے۔ خصوصا جب کہ وہ بوڑھے ہوں تا کہ جنت میں داخل ہونے کا مستحق بنے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور منبر شریف پر چڑھتے ہوئے فرمایا۔ آمین پھر تشریف لے گئے اور فرمایا۔ آمین، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ وقت آمین فرمانے کا کونسا تھا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبریل نے آ کر عرض کیا: یا رسول اللہ! جس کے سامنے آپ کا نام لیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے اور مر جائے تو اسے جہنم میں حق تعالیٰ داخل کرے گا۔ اور اپنے بارگاہِ قرب ورحمت سے اسے دور رکھے گا تو آپ آمین کہئے۔ اس پر میں نے آمین کہا اس طرح جبریل علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں کہا جس نے رمضان پایا اور اس کے ماں باپ کی وجہ سے اس کی کوئی نیکی قبول نہ کی گئی۔

حدیث مبارک میں ہے کہ جو کسی مجلس میں بیٹھے اور درود بھیجے تو جو کچھ اس سے مجلس میں گناہ واقع ہوگا اسے بخش دیا جائے گا۔

تنبیہہ: یہ گمان نہ کرنا چاہیے کہ مجلس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے مراد یہی آپ کا نام لینا ہے بلکہ یہ بہت عام ہے اور نام مبارک کے ذکر سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف واحوال شریفہ وغیرہ سب کو شامل ہے۔ اگرچہ صراحت کے ساتھ آپ کے نام نامی کا ذکر نہ کیا جائے۔ اگرچہ علماء نے اسم شریف کے ذکر کا مسئلہ وضع کیا ہے یہ بات بالکل ظاہر واضح ہے (وباللہ التوفیق۔)

اختلاف صلوٰۃ بر غیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم: علمائے کرام سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیائے کرام علیہ السلام کے سوا پر لفظ صلوٰۃ کے استعمال واطلاق میں اختلاف کرتے ہیں ان علماء کے تمام بحث وکلام سے تین قول مستفاد ہوتے ہیں۔ چنانچہ علماء کی ایک جماعت کا مذہب تو یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور پر لفظ صلوٰۃ کا اطلاق جائز نہیں ہے۔ کتاب الشفاء میں ہے کہ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ فرمایا: صلوٰۃ بر غیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جائز نہیں ہے۔ اور مواہب لدنیہ میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت ثابت شدہ ہے ابن ابی شیبہ نے از طریق عثمان از عکرمہ از ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہے کہ حضرت عباس نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ کوئی ایک بھی صلوٰۃ کا سزاوار اور مستحق ہے بجز سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر استعمال کرنے کے۔ اور اس کی سند صحیح ہے۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے بھی منقول ہے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی ایک نبی پر صلوٰۃ بھیجنا جائز نہیں ہے۔ اور حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ایسا ہی منقول ہے۔ لیکن علماء فرماتے ہیں کہ مشہور یہ ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ نہیں ہے بلکہ وہ مبسوط میں فرماتے ہیں کہ غیر انبیاء علیہم السلام پر صلوٰۃ کو مکروہ جانتا ہوں اور فرماتے ہیں کہ نہ ہمیں حق ہے اور نہ ہم سزاوار ہیں کہ جس چیز کا ہمیں حکم دیا گیا ہے اس سے ہم تجاوز وتعدی کریں اور یہ اس باب میں دوسرا قول ہے کہ لفظ صلوٰۃ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اس لیے کہ حدیث مبارک میں ہے کہ فرمایا: صَلُّوْا عَلَى الْاَنْبِيَآءِ قَبْلِيْ فَاِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُمْ كَمَا بَعَثَنِيْ۔ مجھ سے پہلے نبیوں پر درود بھیجو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسا ہی مبعوث فرمایا ہے جس طرح مجھے مبعوث فرمایا۔ لہٰذا صلوٰۃ نبیوں کے ساتھ مخصوص ہے اور ان کے سوا پر جائز نہیں ہے اور حضرت ابو سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ایسا ہی منقول ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک اور روایت میں مروی ہے کہ فرمایا: لَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا لِلنَّبِيِّيْنَ کسی کو حق نہیں کہ نبیوں کے سوا کسی اور پر درود بھیجے۔

علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ صلوٰۃ کے معنی ترحم یعنی اللہ عزوجل سے رحمت مانگنے اور دعا کرنے کے ہیں کہ وہ اپنے بندہ پر رحمت فرمائے۔ اور یہ مطلق ہے مگر یہ کہ اس کے اطلاق کی ممانعت کسی حدیث صحیح یا اجماع قطعی سے ثابت شدہ نہیں ہے۔ بلاشبہ حق تعالیٰ نے مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ۔ وہ خدا جو اپنے فرشتوں سمیت تم پر صلوٰۃ بھیجتا ہے اور صبر کرنے والوں کی مدح میں ارشاد فرمایا: اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی جانب سے صلوٰۃ ورحمت ہے اور صدقہ دینے والوں کی شان میں فرمایا۔ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ مسلمانوں سے ان کے صدقے کا مال لیجئے اور انہیں پاک وستھرا ان کے ذریعہ بنائیے۔ اور ان پر صلوٰۃ بھیجئے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ دینے والوں پر جب کہ وہ صدقہ کا مال لے کر حاضر ہوتے تو صلوٰۃ بھیجتے تھے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِيْ اَوْفٰى وَصَلِّ عَلٰى فُلَانٍ وَّعَلٰى فُلَانٍ اے خدا! ابو اوفی رضی اللہ عنہ کی آل پر صلوٰۃ بھیج۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اے خدا! عمرو رضی اللہ عنہ بن العاص پر صلوٰۃ بھیج، اور حضور فرمایا کرتے تھے کہ وہ خوب صدقہ

لاتے ہیں۔ایک اور حدیث وہ بھی ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوٰۃ بھیجنے کی تعلیم وتلقین فرمائی ہے کہ۔

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ پر صلوٰۃ بھیجتے تھے اور اسے امام مالک نے موطا میں ذکر کیا ہے۔اور ابن وہب' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا ہم اپنے ان ساتھیوں کے لیے جو غائب تھے اس طرح دعا کرتے ہیں: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مِنْكَ عَلٰی فُلَانٍ صَلٰوۃَ قَوْمِ الْاَبْرَارِ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ بِاللَّیْلِ وَیَصُوْمُوْنَ بِالنَّھَارِ اے خدا! اپنی جانب سے فلاں پر ان نیکوکاروں کی مانند صلوٰۃ بھیج جو رات کو قیام کرتے اور دن کو روزہ رکھتے ہیں۔'' قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علمائے محققین نے جو کچھ کہا اور مواہب لدنیہ میں جو کچھ بیان کیا ہے۔اور جمہور علماء کا جو مسلک مختار ہے اور جس پر کثیر فقہا و متکلمین متفق ہیں یہ ہے کہ غیر نبی پر تنہا مستقلاً صلوٰۃ بھیجنا جائز نہیں ہے بلکہ یہ ایسی چیز ہے جو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے اور ان کی تعظیم وتوقیر میں اسے شعار وعلامت مقرر کیا گیا ہے۔لہٰذا یوں نہ کہا جائے مثلاً ابوبکر صلی اللہ علیہ وسلم یا علی صلی اللہ علیہ وسلم، اگرچہ یہ معنی کے اعتبار سے صحیح ہے جس طرح کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ تنزیہہ وتقدیس مخصوص ہے۔ لہٰذا یوں نہ کہا جائے کہ: قَالَ مُحَمَّدٌ عَزَّوَجَلَّ اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم معنی میں عزیز وجلیل ہیں۔اسی طرح نبی کریم اور تمام انبیاء علیہم السلام کے ساتھ صلوٰۃ وسلام کی تخصیص واجب ہے۔اس میں ان کے ساتھ کسی اور کو شریک اور مقرر نہ کیا جائے اور وہ جو قرآن وحدیث میں لفظ صلوٰۃ واقع ہوا ہے وہ دعا کے معنی پر معمول ہے نہ کہ بروجہ شعار وعلامت۔لہٰذا جائز نہیں ہے مثلاً آل ابی اوفی یا ان کے سوا کسی اور کے لیے کہ اسے ان کا شعار بنایا جائے اور جس جگہ بھی ان کا ذکر آئے تو ان پر صلوٰۃ بھیجی جائے۔اور انبیاء علیہم السلام کے ماسوا' ائمہ وعلماء وغیرہ کو غفران ورضوان سے ذکر کیا جائے۔جیسا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ کے ارشاد میں ہے کہ: رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے۔اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان میں سبقت رکھتے ہیں۔ارشاد باری تعالیٰ ہے رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ اللہ ان سے راضی ہوا وہ اللہ سے راضی ہوئے۔

علماء کرام فرماتے ہیں کہ صدر اول میں یہ روش رائج ومعروف نہ تھی بلکہ اسے کچھ اہل بدعت نے بعد میں ایجاد کیا اور انہوں نے بعض اپنے اماموں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ومساوی قرار دیا۔لہٰذا ان کے طریقہ سے اجتناب واحتراز واجب ہے۔ اور آل واز واج اور ذریت کا ذکر بروجہ تبعیت واضافت ہے۔نہ برطریق استبداء واصالت، بطور تبعیت واضافت ذکر کرنے میں کوئی اختلاف وکلام نہیں ہے۔بلاشک وشبہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا۔(رسول کی دعاء کو اپنے درمیان ایک دوسرے کی دعا کی مانند نہ بناؤ) لہٰذا واجب ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دعا' عام لوگوں کی دعا کے مخالف ہے اور یہی بحث سلام میں ہے۔

اور شیخ ابومحمد جوینی جو کہ امام الحرمین کے والد ہیں فرماتے ہیں کہ سلام' صلوات کے معنی میں ہے لہٰذا غائب میں اسے استعمال نہیں کیا جائے گا اور تنہا غیر نبی میں مستعمل نہ ہوگا۔لیکن حاضر کے صیغہ کے ساتھ سلام سے خطاب کیا جا سکتا ہے۔اور اس طرح کہا جائے کہ سلام علیکم وعلیکم السلام۔اور فرمایا کہ یہ مسئلہ اجماعی ہے اور فرمایا یہ طریقہ احتیاط اور اداب نبوت کی رعایت میں اسلم واقرب ہے۔مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں کہ غیر نبی پر صلوٰۃ وسلام کے اطلاق سے منع کرنے والے علما کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا یہ حرام ہے یا مکروہ تنزیہی یا خلاف اولیٰ کے باب سے ہے گویا حکم میں تین قول ہیں جسے امام نووی نے کتاب اذکار میں نقل کیا ہے اور کہا کہ صحیح یہ ہے کہ یہ مکروہ بکراہت تنزیہی ہے اس لیے کہ یہ اہل بدعت کا شعار ہے۔(واللہ اعلم)

تنبیہہ: معلوم ہوا کہ یہ بحث صدر اول میں نہ تھی۔بلکہ تمام مسلمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام کے ساتھ مامور تھے اور

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم سے کہ فرمایا: صَلُّوْا عَلَی الْاَنْبِیَآءَ قَبْلِیْ فَاِنَّ اللّٰہَ بَعَثَنِیْ۔ (مجھ سے پہلے نبیوں پر صلوٰۃ وسلام بھیجو کیونکہ اللہ نے انہیں ایسا ہی مبعوث فرمایا ہے جس طرح مجھے مبعوث فرمایا) وہ مسلمان دیگر انبیاء علیہم السلام پر بھیجتے تھے۔ اور اس مسئلہ میں شیعہ (خواہ رافضی ہو یا تفضیلی) مخالف جا پڑے ہیں کہ وہ اہل بیت نبوت پر اصالتہً صلوٰۃ وسلام بھیجنے لگے ہیں ورنہ برو جہ تبعیت بلا خلاف جائز ہے۔ اور متقدمین کی کتابوں میں سلام کی نسبت اہل بیت کے ساتھ اس معنی میں جس میں ازواج مطہرات بھی علیہ السلام میں شامل ہوں، دیکھے گئے ہیں۔ (واللہ اعلم)

اور متاخرین میں بعض دیگر اصطلاحات پیدا ہوگئی ہیں۔ ممالک عرب میں رضی اللہ عنہ اور رحمۃ اللہ علیہ تمام مشائخ کے لیے کہا جاتا ہے۔ اور صاحب ہدایہ اپنے لیے خود فرماتے ہیں کہ قال رضی اللہ عنہٗ اور صوفیہ کے طریقے میں قدس سرہ، العزیز یا قدس سرہ، ان اختلافات الفاظ کے ساتھ لکھا جاتا ہے جو اس باب میں ہے۔ اس کی دو عبارتیں ہیں۔ ایک تو وہ جو بعض قدس اللہ روحہ لکھتے ہیں۔ اور دوسرے بعض صلی اللہ علیہ وآلہ کا کلمہ لکھتے ہیں اور یہ مشہور نحوی قاعدہ کے بموجب جو اعادہ حرف جار میں ہے اس کے موافق نہیں اور بعض لوگ انبیاء علیہم السلام پر درود بھیجنے کی غرض سے علیٰ نبینا علیہ وعلیہم کا اضافہ کرتے ہیں تا کہ ان پر صلوٰۃ تبعیت وطفیل کے طور پر واقع ہو اور یہی اکثر ممالک عرب میں متعارف و مروج ہے اور جو حکم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے سلسلے میں ہے وہی حکم تمام انبیاء علیہم السلام کے لیے ہے۔ اور اکثر عجمیوں کے کلام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ علیہ السلام بہت واقع ہے لیکن اولیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔ اور صل اللہ علیہ وسلم کا کلمہ غایت مختصر اور درست وسلامت واقع ہوا ہے۔

باب دہم

انواع عبادات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان میں

مقصود آفرینش عبادت رب ہے: اس میں شک وشبہ نہیں کہ جہان کی تخلیق وآفرینش کا مقصود عبادات ہے۔ کیونکہ حق تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ہم نے جن وانسان کو اسی لیے پیدا فرمایا کہ وہ عبادت کریں اور حق تعالیٰ سے قرب وحصول کے لیے سیدھا راستہ عبادت ہے جیسا کہ فرماتا ہے: اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۵ ۔ بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے۔ تو اس کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے اور فرمایا: وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ۔ ہم جانتے ہیں کہ ان کی باتوں سے آپ کا سینہ تنگ ہوتا ہے تو آپ اپنے رب کی حمد کیجئے اور سجدہ کرنے والوں میں ہو جایئے۔ اور اپنے رب کی عبادت کیجئے یہاں تک کہ یقینی امر آپ کے پاس آ جائے۔

اس آیۂ کریمہ میں یقین سے مراد موت ہے اس بنا پر کہ وہ ضیق صدر' تنگدلی اور حزن وغم کے زوال کے سبب میں امر یقینی ہے اور عبادت سے اس کا زوال اس بنا پر ہے کہ جب انسان عبادت میں مشغول ہو جاتا ہو تو اس پر عالم ربوبیت کی شعائیں منکشف ہوتی ہیں اور جب اسے یہ انکشاف حاصل ہو جاتا ہے تو اس کی نظر میں ساری دنیا چیونٹی سے زیادہ حقیر وذلیل ہو جاتی ہے اور دل پر سے اس کے وجود کا مٹانا آسان ہو جاتا ہے اس کے بعد وہ اس کے ناپید ہونے پر پریشان نہیں ہوتا۔ اور اس کے خیالات پراگندہ نہیں ہوتے۔ لہٰذا حزن وغم بھی زائل ہو جاتا ہے۔ اور جب بندے پر مکروہات وشدائد نازل ہوں اور اس سے بھاگ کر مولیٰ کی طاعت کی طرف آئے گویا وہ کہتا ہے مجھ پر تیری عبادت واجب ہے خواہ تو مجھے بھلائی عطا فرمائے یا مکروہات میں ڈالے اس پر وہ کو بھلا دیتا ہے۔ اور اس کی امید کو کشادہ کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ. تو اس کی عبادت کرو اور اس کی عبادت میں قائم رہو۔

اور اس میں اس فرقہ کو یہ کہنا جائز ہے کہ جب بندہ کو حق تعالیٰ کی محبت وقرب حاصل ہو گیا تو اس کے اعمال ظاہرہ ساقط ہو گئے۔ اور اس سے ہر عمل ظاہر چھٹکارا پا گیا اور شرعی تکلیف اس سے جاتی رہے۔ اور جب بندہ بارگاہِ حق کی طرف مسافر ہے اور اس کی مسافت ختم نہیں ہوئی ہے تو جب تک وقید حیات میں ہے راستہ کے توشہ کا محتاج ہے۔ اور اسی کو عبادت سے تعبیر کرتے ہیں۔ وہ اس سے مستغنی نہیں ہے خواہ وہ کتنا ہی مقرب ہو جائے اور اس کی عبادت کتنی ہی زیادہ اور عظیم ہو جائے۔ ایک شخص حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں کہہ رہا تھا اور وہ عمل کے ساقط ہونے پر غور کر رہا تھا۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہم اس بات کو زنا اور شراب پینے سے زیادہ بدتر جانتے ہیں۔

علماء کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبل بعثت عبادت کرنے کے بارے میں اختلاف ہے آیا آپ کسی سابقہ شریعت کے مطابق عبادت کرتے تھے؟ اس میں جمہور کا مذہب یہ ہے کہ شرائع سابقہ میں سے کسی چیز کی آپ پیروی نہیں کرتے تھے۔ بلکہ آپ کے دل میں عبادت کی جو شکل وصورت آتی کرتے اور اس پر عقل کو اس کا تابع بناتے۔ بعض علماء اس مسئلہ میں توقف کرتے ہیں نیز اس میں بھی

اختلاف ہے کہ عبادت ذکر کے ساتھ تھی یا فکر کے ساتھ۔ اس میں مختار یہ ہے کہ ذکر کے ساتھ تھی اور اگر ذکر وفکر دونوں ہوں تو ممکن ہے کہ ذکر کی نورانیت سے فکر صاف ہو جاتا ہو اور علو حقائق منکشف ہو جاتے ہوں (واللہ اعلم) جیسا کہ مولانا رومی مثنوی میں فرماتے ہیں۔

ایں ہم گفتیم وباقی فکر کن فکر گر جامد بود روذکر کن!

اور ذکر کا مرتبہ بلند ہے کیونکہ بے واسطہ ذات حق سے اتصال حاصل ہو کر فیوضات کا ورود ہوتا ہے اور فکر کا نفس اور ان معلومات سے تعلق ہے جو مودع کے منہ میں ہے اور اسے خاصی طریقہ پر ترتیب دینے سے مجہول حاصل ہو جاتا ہے۔

اور بعض علماء اس کے قائل ہیں کہ انبیا علیہم السلام کی شریعتوں پر عمل کرتے خصوصاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت پر عمل فرماتے تھے اور وہ اس سے استدلال فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اقتداء واتباع کا بعثت کے بعد مامور بنایا گیا تھا چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ۔ یہ وہ حضرات ہیں جن کو اللہ نے ہدایت فرمائی تو ان کی ہدایت کی تم پیروی کرو۔ اور حق سبحانہ، وتعالیٰ نے فرمایا "ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ۔ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی فرمائی کہ ملت ابراہیمی کی پیروی کرو۔ لہٰذا اگر قبل از بعثت اس کے عامل ہوں تو کیا تعجب ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ "فبهداهم" سے مراد ایمان باللہ تو حید اور باہمی متفق علیہ اصول دین ہیں نہ کہ فروع وشرائع کیونکہ یہ مختلف ہیں۔ اور بجائے خود ان کا اتباع بربنائے اختلاف شرائع ممکن نہیں ہے۔ اور ان میں منسوخ بھی ہیں اور نسخ کے بعد ان میں ہدایت نہیں رہتی لہٰذا اس پر اس سے استدلال درست نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شرائع انبیا سابق علیٰ نبینا وعلیہم السلام پر عبادت کرتے تھے تاکہ کوئی یہ نہ کہے کہ جب بعد از بعثت متعبد ہیں تو قبل از بعثت بھی ہوں گے۔ ہاں اس کا احتمال ہے کہ ان میں سے کسی ایک کی شریعت پر عبادت کرتے ہوں اور اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت پر ہو تو اولیٰ وانسب ہے اور بعض کہتے ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر تھی کیونکہ وہ اقرب زمانہ تھے (واللہ اعلم)

اس جگہ ایک نکتہ یہ متوہم ہوتا ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انبیا علیہم السلام کے متبع اور مقتدی ہوں گے تو آپ کی فضیلت ان پر کیسے ہوگی تو اس توہم کا ازالہ اس طرح کرتے ہیں کہ جب آپ سب کے مقتدی ومتبع ہوں گے تو ان سب کے کمالات بھی آپ میں جمع ہوں گے لہٰذا آپ سب میں کامل تر ہوئے۔ فافهم وبالله التوفيق.

صاحب مواہب لدنیہ کے عبادتوں کے مقاصد کو سات نوع پر ترتیب دیا ہے ہم نے بھی اتنے ہی نوع مرتب کیے ہیں۔ نوع اول طہارت، دوم نماز، سوم زکوٰۃ، چہارم روزہ، پانچواں حج، ششم دعا، ہفتم تلاوت۔

نوع اول در طہارت

اس نوع میں چند وصلتیں ہیں۔ وصل: پہلی وصل وضو، مسواک، آب وضو کی مقدار اور ضیائت یعنی حسن ونظافت کے بیان میں ہے۔ وضو، واؤ کے پیش سے مصدر ہے اور واؤ کے زبر سے وضو کے پانی کو کہتے ہیں اور مصدر کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ دونوں طرح مستعمل ہیں کبھی بمعنی مصدر آتا ہے اور کبھی آب وضو آتا ہے۔ كذافي القاموس. بعض علما وجوب وضو میں اختلاف کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کا وجوب حق تعالیٰ کے اس ارشاد سے مدینہ منورہ میں ہوا "اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ. (جب تم نماز کا ارادہ کرو تو اپنے چہرے کو دھوؤ، آخر تک) یہ آیۂ کریمہ سورۂ مائدہ میں ہے جو کہ مدنی ہے لیکن حدیثوں میں آیا ہے کہ جبریل علیہ السلام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتدائے وحی میں نماز اور وضو کا طریقہ سکھا دیا تھا۔ نیز حدیث میں ہے کہ سیّدہ

فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روتی ہوئی آئیں اور کہنے لگیں کہ قریش نے آپ کے قتل کا عہد اٹھایا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کے لیے پانی لاؤ۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا یہ مکہ کا واقعہ ہے۔ ابن عبدالبر نقل کرتے ہیں کہ مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ غسل جنابت مکہ مکرمہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر فرض کیا گیا جس طرح کہ نماز فرض کی گئی۔ اور نماز کبھی بھی بغیر وضو نہیں ادا کی گئی اور ابن عبدالبر یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس سے کوئی عالم بھی ناواقف نہیں ہے۔ شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ رد اس شخص کا کیا گیا ہے جو وضو کے وجود کا قبل ہجرت منکر ہے نہ کہ اس شخص کا جو قبل ہجرت اس کے وجوب کا منکر ہے۔ (انتہی) اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ وضو کا وجوب اس آیۂ کریمہ کا نزول وضو کے وجوب اور قیام نماز کے لیے ہے اور تم لوگ جو بے وضو اور ناپاک ہو ایسا خیال نہ کرنا جیسا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کیونکہ ابتداء میں مطلقاً قیام نماز کے وقت وضو فرض تھا جو آخر میں منسوخ ہوا۔ اور حدث یعنی بے وضو ہونے کے وجود کے ساتھ مقید فرمایا۔ لیکن سورۂ مائدہ کے احکام نسخ میں کلام ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے لیے وضو کیا اور بعض اوقات ایک ہی وضو سے چند فریضے گزارے ہیں۔ مسلم میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرتے تھے اور روز فتح مکہ ایک وضو سے چند نمازیں ادا فرمائیں۔ ایک روایت کے مطابق پانچ نمازیں ایک وضو سے ادا فرمائیں اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آج آپ نے ایسا عمل کیا ہے جو کبھی آپ نے نہیں فرمایا؟ ارشاد فرمایا: ''اے عمر! میں نے قصداً ایسا کیا ہے بیان جواز کے لیے تاکہ لوگ جان لیں کہ ہر نماز کے لیے نیا وضو کرنا فرض نہیں ہے۔ بخاری، ابوداؤد، اور ترمذی، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے نیا وضو کرتے تھے اس پر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ فرمایا ایک وضو ہمیں اس وقت تک کفایت کرتا ہے جب تک کہ میں محدث یعنی بے وضو نہ ہوں اور اس جگہ علماء فرماتے ہیں کہ ہر نماز کے لیے نیا وضو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے نہیں ہے۔ چنانچہ امام احمد اور ابوداؤد کی روایت میں حضرت عبداللہ بن حنظل غسیل ملائکہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرنے پر مامور ہوئے تھے خواہ طاہر ہوں یا غیر طاہر۔ اور جب آپ پر شاق ہوا تو ہر نماز کے لیے مسواک کا حکم دیا گیا اور آپ سے نیا وضو کرنے کا حکم اٹھا لیا گیا مگر جب کہ حدث لاحق ہو چکا ہے۔

مسواک: مسواک' سواک سے بنا ہے جس کے معنی ملنے اور منہ کے ملنے کے ہیں اور سواک سین کے زیر سے' بمعنی دانتوں کی لکڑی' اسی سے مسواک بنا ہے۔ اور مسواک کی فضیلت واستحباب میں بکثرت احادیث مروی ہیں۔ فرمایا: اگر امت پر دشوار ہونے کا خوف نہ ہوتا تو میں ان پر ہر نماز کے لیے مسواک کو واجب قرار دیتا۔ اور فرمایا مسواک کرنا منہ کی پاکیزگی کا ذریعہ اور موجب رضائے حق وسبحانہ، وتعالیٰ وتقدس ہے اور فرمایا جب بھی جبریل علیہ السلام آئے تو انہوں نے مجھے مسواک کرنے کا حکم سنایا۔ بلاشبہ میں ڈرا کہ میں اپنے منہ کو گھسوں اور پست کروں اور ایک روایت میں ہے کہ لثہ کو لثہ سے رگڑوں' لثہ لام کے زیر اور ثاء مثلثہ مخففہ' دانتوں کے جڑ کے گوشت کو کہتے ہیں جسے مسوڑھے کہا جاتا ہے اور حضرت عبداللہ بن حنظلہ کی مذکورہ بالا حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسواک کرنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر واجب تھا لیکن اس حدیث کی صحت میں کلام ہے اور خصائص دلیل صحیح سے ہی ثابت ہوتے ہیں۔

طبرانی اور بیہقی، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں جو مجھ پر تو فرض ہیں لیکن امتی کے لیے سنت ہیں۔ وتر، مسواک اور قیام لیل (نماز تہجد) ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے مسواک کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ میں ڈرا کہ کہیں مجھ پر فرض نہ کر دیا گیا ہو۔ یہ حدیث عدم وجوب میں صریح ہے۔

لیکن اس سے پہلی حدیث میں وجوب واقع ہوا ہے۔ لیکن امت پر اجماع یہ ہے کہ یہ واجب نہیں ہے بلکہ سنت مؤکدہ ہے وضو کے وقت با تفاق اور امام شافعی کے نزدیک بوقت نماز اور خواب سے اٹھنے کے بعد جیسا کہ صحیحین میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے واقت خواب سے اٹھتے تو تو مسواک کو ملتے اور دہن مبارک کو پاکیزہ تر بناتے تھے اور ظاہر ہے کہ قیام لیل سے مراد نماز (تہجد) کے لیے قیام کرنا ہے۔ لہٰذا مسواک سے مراد نماز کے وضو کے لیے ہے اور وضو کا تعلق خواب سے اٹھنے کے وقت سے ہے نہ کہ نماز شب کے لیے' یہ علیحدہ سنت ہے۔

اور قرأت قرآن اور سونے کا ارادہ کرتے وقت بھی مسواک کرتے تھے اور تغیر ختم کے وقت خواہ تغیر منہ کی بدبو کا ہو یا دانتوں کی رنگت کا تغیر۔ اور گھر میں داخل ہونے کے وقت بھی مسواک کرتے تھے۔ چنانچہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شانہ اقدس میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلا جو کام کرتے وہ مسواک کرنا ہوتا تھا اور ظاہر ہے کہ ایسا وضو اور نماز کے وقت بھی کرتے تھے۔ کذا قیل، اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسواک میں خوب مبالغہ کرتے تھے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے تھے چنانچہ آپ کے دہن مبارک سے اع اع کی مانند آواز نکلتی تھی گویا کہ قے کرتے ہیں۔ اور ایک روایت میں غین سے یعنی اغ اغ آیا ہے اور نسائی کی روایت میں اعا اعا آیا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں آہ آہ اور بعض روایتوں میں اُخ اُخ آیا ہے۔

مستحب ہے کہ مسواک' درخت اراک کی ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی اسی سے کرتے اور اسی سے کرنے کا حکم بھی فرماتے تھے اور انگلی سے مسواک کرنا بھی کافی ہے۔ خواہ اپنی انگلی سے ہو یا دوسرے کی انگلی سے اور اگر سخت و درشت کپڑے سے ہو تب بھی کافی ہے۔ اور شوافع جو ہر نماز کے لیے کرتے ہیں زیادہ تر ایسے ہی کپڑے سے کرتے ہیں۔

ابونعیم اور بیہقی روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دانتوں کے عرض پر مسواک کرتے تھے اور مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ مسواک داہنے ہاتھ سے کرنی چاہیے یا بائیں ہاتھ سے کون سا مستحب واولیٰ ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ چونکہ حدیث میں ہے کہ سواری پر چڑھنے اور جوتا پہننے اور طہارت کرنے اور مسواک کرنے میں داہنی جانب کو اختیار کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ داہنے ہاتھ ہی سے مسواک کرنی مستحب ہے۔ کیونکہ مسواک کرنا یا تو تطہیر و تطییب کی قبیل سے ہوگا یا گندگی و آلائش وغیرہ کے دور کرنے کے قبیل سے۔ اگر ہم کہیں کہ اول قبیل سے ہے تو یہی مستحب ہوگا۔ یعنی داہنی ہاتھ سے اور اگر دوسرے قبیل سے کہیں تو بائیں ہاتھ سے مستحب ہوگا۔ اس لیے کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا داہنا دست مبارک' طہارت کرنے اور کھانے کے لیے اور بایاں دست مبارک' بیت الخلاء میں استنجاء کرنے اور ناپاکی کے دور کرنے کے لیے تھا۔ اسے ابوداؤد نے باسناد صحیح روایت کیا ہے۔

بعض شراح حدیث نے کہا ہے کہ مسواک میں تیمن سے مراد یہ ہے کہ ابتداء داہنی جانب سے کرے جیسا کہ چلنے اور جوتے پہننے میں ہے۔ لہٰذا اس سے داہنے ہاتھ سے مسواک کرنے پر استدلال کرنا درست نہ ہوگا پھر داہنے ہاتھ سے مسواک کرنے میں نقل درکار ہے اور کہتے ہیں کہ ظاہر ہے کہ یہ از باب ازالہ اذی یعنی ناپاکی دور کرنے کے قبیل سے ہے جیسا کہ ناک صاف کرنا۔ لہٰذا بائیں ہاتھ سے ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ مسجدوں میں مسواک نہ کرنی چاہیے اس لیے کہ یہ ناپاکی دور کرنے کی قبیل سے ہے۔ یہ ساری گفتگو مواہب میں ہے۔

مخفی نہ رہنا چاہیے کہ مسواک کرنے میں مشہور و معروف داہنے ہاتھ سے کرنا ہے اور بایاں ہاتھ جو ناپاکی کے دور کرنے کے لیے متعین ہے اس سے اس تقدیر پر ہوگا جب بغیر کسی چوب مسواک یا کپڑے وغیرہ کے ہاتھ سے مسواک کی جائے۔ جیسا کہ ناک وغیرہ

صاف کرنے میں ہے۔ اور مسجدوں میں مسواک کرنے کو مکروہ قرار دینا اس تقدیر پر ہے جب کہ کوئی چیز منہ سے نکال کر پھینکی جائے۔ ہاں اگر مسواک ہاتھ کے ساتھ ہے تو یہ کلام اس میں جاری ہے اور اگر لکڑی وغیرہ سے ہو تو داہنی جانب سے ابتدا کا استحباب، بہ ہر تقدیر اپنے حال پر ہے۔ خلاصہ یہ کہ اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض حضرات نے بائیں ہاتھ سے مسواک کرنے کو اختیار کیا ہے۔ (واللہ اعلم)

پانی کی مقدار: لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور وضو میں پانی کی مقدار کے بارے میں علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم غسل ایک صاع پانی سے کرتے جو کہ پانچ مد کے برابر ہے۔ اور وضو ایک مد پانی سے کرتے تھے اور ایک حدیث میں ہے کہ وضو دو رطل پانی سے کرتے۔ بلاشبہ ہمارے ملک کی زبان میں صاع اور رطل کی مقدار کی تحقیق، وضاحت و توضیح سے خالی نہیں ہے اور شرح سفر السعادت کے اس باب میں اور صدقہ فطر کے باب میں اس کے بیان کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی گئی ہے۔ بایں ہمہ علماء فرماتے ہیں کہ ان حدیثوں سے مراد تعیین و تحدید نہیں ہے۔

فائدہ: چنانچہ اگر اس مقدار مذکورہ سے کم یا زیادہ پانی ہو تب بھی جائز ہے۔ اصل قاعدہ یہ ہے کہ جتنا پانی بھی مقصود برآری میں کفایت کرے کام میں لائے۔ جب تک کہ پانی چپڑنے اور حد اسراف تک نہ پہنچے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آب وضو کی کمی اور اس کے کم بہانے میں مبالغہ فرماتے تھے اور امت کو وضو میں اسراف اور زیادہ پانی بہانے سے منع فرماتے اور تنبیہ فرمایا کرتے تھے اور فرماتے میری امت میں کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو وضو میں تعدی اور حد سے تجاوز کریں گے اور پانی بہانے میں بہت اسراف کریں گے اور فرماتے کہ وضو کے لیے ایک شیطان ہے جس کا نام ''ولہان'' ہے جو آدمی کو وضو میں اور پانی کے اسراف میں وسوسے ڈالتا ہے۔ لہٰذا اس کے وسوسوں سے بچو۔ اور اس کے وسوسوں سے بچنے اور اسے دفع کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ براہ تغافل مارو اور دلوں سے بکوشش اسے دور کرو اور اس کے وسوسوں کی پیروی نہ کرو۔ نیز رخصت پر عمل کرو۔ اور اگر شیطان بہت مزاحمت کرے تو کہو یہ جو تو عمل کرتا ہے ناقص اور نادرست ہے درگاہ حق میں اس کی پزیرائی نہیں ہے۔ اور اس کے گمان پر کہو دور ہو جا میرے پاس سے۔ میں اس سے زیادہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور میرا مولا یعنی اللہ تعالیٰ و تقدس کریم ہے۔ وہ اتنا ہی قبول فرمالے گا اور اس کا فضل و کرم بہت وسیع ہے۔ یہی صورت نماز اور دیگر مواقع عبادات وغیرہ میں وسوسوں کا ہے اور اصل وسوسہ اس میں کمی و ناقص رہنے کا خیال پیدا کرنا ہے۔ اور جب شیطان ان راہوں میں دخل انداز ہو تو چاہیے کہ استعاذہ اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہے۔ یہ اس کے ازالہ اور دفعیہ میں انتہائی مؤثر ہے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے۔ مسند امام احمد اور ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ وہ وضو کر رہے تھے فرمایا: لَاتُسْرِفْ بِالْمَآءِ پانی میں اسراف نہ کرو اور ایک روایت میں ہے کہ مَاهٰذَا السَّرْفُ يَا سَعْدُ اے سعد (رضی اللہ عنہ)! یہ کیا اسراف ہے؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا هَلْ فِي الْمَآءِ اِسْرَافٌ کیا پانی میں بھی اسراف ہے؟ کیونکہ پانی میں کوئی چیز کمیاب اور عزیز الوجود نہیں ہے۔؟ اسراف کیسے ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نَعَمْ وَاِنْ كُنْتَ عَلٰى نَهْرٍ جَارٍ۔ ہاں پانی میں بھی اسراف ہے اگرچہ تم نہر جاری پر ہو اور یہ منع و تحذیر اور تنبیہ میں مبالغہ ہے کہ پانی میں ہرگز کسی جگہ اسراف نہ کیا جائے۔ غالباً حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بطریق دفع وسواس میں یہ ارشاد ہے کہ کوئی چیز حضور نے اس قسم کی محسوس فرمائی ہوگی۔ یہاں تک کہ اس کے دفع کرنے میں اتنا مبالغہ ظاہر فرمایا اور مسائل فقہ میں مذکور ہے کہ اگر وضو کرنے والا نہر کے کنارے پر ہو تو پانی کے بہانے میں وہاں اسراف نہیں ہے اس لیے کہ جتنا پانی بہائے گا وہ لوٹ کر نہر میں ہی چلا جائے گا۔ بجز اس صورت کے کہ اگر غسالہ نہر کے باہر بہایا جائے۔

نہر جاری اور غیر جاری کے درمیان فرق یہ ہے کہ وضو میں آب مستعمل باتفاق پاک کرنے والا نہیں ہے۔ اور اکثر کے نزدیک تو

آب مستعمل خود بھی پاک نہیں ہے۔ لہٰذا آب مستعمل کو کسی اور جگہ بھی استعمال نہیں کر سکتے۔ اس لیے ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کرنا ضائع ہوگا اور نہر جاری میں جب کہ غسالہ اسی میں ڈالا جائے تو ضائع کرنا نہ ہوگا۔ اور یہ بھی بات ہے کہ نہر جاری میں آب مستعمل نہیں رہتا لیکن اس جگہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مبالغہ فرمایا کہ حد سے تجاوز مناسب نہیں ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اگر زیادہ پانی بہانے میں، پانی میں اسراف نہ بھی ہو تو عمر میں اسراف اور وقت کو ضائع کرنا تو باقی ہے اور اسی مفہوم کے قریب قریب وہ بات ہے جو بعض علماء فرماتے ہیں کہ حدیث میں اسراف سے مراد، گناہ ہے یا نہیں۔ اگرچہ جاری نہر میں کثرت سے پانی بہانے میں اسراف اور پانی کا ضائع کرنا نہیں ہے لیکن مقدار شرع سے تجاوز کرنے میں تو ایک گناہ ہے (واللہ اعلم)۔

وصل: کبھی کبھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اعضاء وضو کو ایک مرتبہ سے زیادہ نہیں دھوتے تھے اور یہ تعلیم امت کی بنا پر تھا کیونکہ اتنی مقدار کافی ہے اور مقدار فرض پر انحصار فرمانا اس لیے ہے کہ اس سے کم پر وضو درست نہیں ہے۔ جیسا کہ فرمایا: هٰذَا وُضُوْءٌ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ اِلَّا بِهٖ یہ وضو ہے اس کے بغیر اللہ نماز کو قبول نہیں فرماتا۔'' ابوداؤد میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا'' کیا میں تمہیں بتاؤں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کیا تھا؟ اس کے بعد انہوں نے اعضاء وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا اور کسی عضو کو طہارت میں مبالغہ کے لیے دو مرتبہ دھویا اور اسے نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ فرمایا۔ اور ثواب میں زیادتی اور اجر کو بڑھانے کا سبب قرار دیا ہے جیسا کہ ''زرین'' میں عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں عضو کو دو دو مرتبہ دھویا اور فرمایا ''نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ'' اور کبھی تین مرتبہ دھویا اور یہ طہارت کے مرتبہ میں آخری حد ہے۔ اور ''اسباغ وضو'' جو کہ حدیثوں میں آیا ہے اکثر علماء کے نزدیک یہی ہے۔ اور اس باب میں صحیح وحسن حدیثیں بلاشبہ بکثرت مروی ہیں چونکہ عزیمت وفضیلت اس میں ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اکثر حالتوں میں ایسا ہی کرتے تھے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین تین مرتبہ اعضاء وضو کو دھوتے تھے اور فرمایا: هٰذَا وُضُوْئِيْ وَوُضُوْءُ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ قَبْلِيْ یہ میرا وضو ہے اور مجھ سے پہلے کے تمام نبیوں کا وضو ہے ایک اور روایت میں ہے ہے کہ: وَوُضُوْءُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ۔'' اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا وضو ہے۔ اور کبھی کسی عضو کو تین مرتبہ اور کسی عضو کو دو مرتبہ دھوتے جیسا کہ بخاری ومسلم میں حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان سے کہا گیا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مانند وضو کر کے ہمیں دکھائیں تو انہوں نے پانی منگایا اور اس سے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اور تین مرتبہ دونوں ہاتھوں کو دھویا پھر ہاتھ سے پانی نکال کر ایک ہاتھ سے کلی کی اور ناک میں تین تین مرتبہ پانی ڈالا اس کے بعد برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی نکالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا۔ پھر دونوں ہاتھوں کو دو دو مرتبہ دھویا اور اپنے سر کا آگے اور پیچھے سے مسح کیا اور اپنے دونوں پاؤں کو دھویا۔ اسی کی مانند موطا، نسائی اور ترمذی میں مروی ہے۔

نیز اسی طرح مروی ہے کہ پاؤں کے دھونے میں کوئی گنتی مذکور نہیں ہوئی اور نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ دونوں پاؤں کو دو دو مرتبہ دھویا۔ اور بعض حدیثوں میں مطلقاً اعضاء دھونا آیا ہے اس میں عدد کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ ایک مرتبہ دھویا ہوگا۔ یا اس مقام میں راوی کا مقصود اصل دھونے کا بیان ہو اور عدد کے بیان میں خاموش رہا ہو اور کسی حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو میں تین سے زیادہ مرتبہ دھونے کی ممانعت آئی ہے۔ اور فرمایا کہ جو شخص تین بار سے زیادہ دھوئے یا اس سے کمر کرے تو اس نے برا کیا اور ظلم کیا لیکن اس میں مشکل یہ ہے کہ اس حدیث کا ظاہر، تین سے کمی کی مذمت میں ہے۔ اور جواب میں کہتے ہیں کہ یہ حکم نسبتی ہے اور

گناہ متعلق کمی سے ہے اور ظلم زیادتی سے اور نسائی کی روایت میں نقص یعنی کمی کا ذکر نہیں ہے۔ اس میں اتنا ہی ہے کہ جس نے تین سے زیادہ بار دھویا اس نے برا کیا تعدی کی اور ظلم کیا۔ یہی زیادہ صحیح ہے اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں روایت کرتے ہوئے کمی کے ذکر میں کلام کیا اور اسے راوی کی غلطی بتایا ہے اس لیے کہ اس کا ظاہر تین سے کمی کی مذمت میں ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس میں ایک کلمہ مقدر ہے اور مراد مِنْ وَّاحِدَةٍ ہے اور بعض روایتوں میں صراحت سے ہے: مَنْ نَقَصَ مِنْ وَّاحِدَةٍ اَوْزَادَ عَلٰی ثَلَاثٍ فَقَدْ اَخْطَاءَ جس نے ایک سے کم کیا اور تین سے زیادہ کیا بلاشبہ اس نے غلطی کی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ سے منقول ہے کہ فرمایا میں پسند نہیں کرتا کہ متوضی تین بار سے زیادہ دھوئے اور اگر کسی نے زیادہ کیا تو اسے مکروہ بھی نہیں جانتا۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ ان کی اس سے مراد یہ ہے کہ میں اسے حرام نہیں جانتا اور اصح یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک مکروہ بکراہت تنزیہہ ہے اور دارمی نے شوافع کی ایک جماعت سے نقل کیا کہ تین پر زیادتی سے وضو کو باطل قرار دیتے تھے جس طرح کہ نماز میں رکعت زیادہ ہو جانے کی صورت ہے اور یہ قیاس فاسد ہے۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ فرمایا تین پر زیادتی جائز نہیں ہے اور ابن المبارک فرماتے ہیں کہ میں بے خوف نہیں ہوں کہ یہ گناہ ہو اور شمسی فتاویٰ ظہیریہ میں بیان کرتے ہیں کہ جو ایک مرتبہ دھونے پر اکتفا کرتا ہے وہ گنہگار ہے۔ اور بعض کے نزدیک سنت مشہورہ کے تارک ہونے کی وجہ سے گنہگار ہے اور بعض گنہگار نہیں بتاتے کیونکہ وہ مامور بہ کو تو لا رہا ہے اور اس میں صحیح حدیث وارد ہے۔ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ (کاتب مذہب حنفیہ) اپنی موطا میں فرماتے ہیں کہ تین بار دھونا افضل ہے۔ اور دو بار کافی ہے اور ایک بار اگر مکمل اور درست طریق پر ہو تو بھی کافی ہے اور فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول بھی یہی ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ایک ہی چلو سے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور کبھی دو چلو سے اور کبھی تین چلو سے۔ جیسا کہ دیگر اعضاء کے دھونے میں ہے۔ آپ ایک چلو کے پانی سے آدھا کلی کے لیے لیتے اور آدھے سے استنشاق یعنی ناک میں پانی لیتے۔ اور تینوں مرتبوں میں اسی طرح دونوں کو ملاتے اور کلی اور ناک میں پانی لینے کو ایک چلو سے جمع کرنے کا مذہب امام شافعی کا ہے اور وہ صور متعددہ پر متصور ہے اور صحیح یہی ہے کہ ایک چلو سے کلی کرے اور پھر دوسرے چلو سے ناک میں پانی لے پھر ایک چلو سے کلی کرے اور دوسرے سے ناک میں پانی لے اسی طرح تین بار کرے۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ کسی صحیح حدیث میں اس کی فضیلت نہیں وارد ہوئی ہے کہ کلی سے فارغ ہونے کے بعد ایک بار یا دو بار یا تین بار نئے پانی سے ناک میں پانی ڈالا گیا ہو۔ (انتہی) لیکن ہم حدیث کی عبارتیں مختلف پاتے ہیں۔ اور اکثر حدیثوں میں ایسا ہی واقع ہوا ہے کہ پہلے دونوں ہاتھ پہنچے تک دھوئے جائیں۔ اس کے بعد کلی کی جائے اور ناک میں پانی ڈالا جائے۔ پھر چہرے کو دھویا جائے پھر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھویا جائے حدیثوں میں یہ عبارتیں بہت ہیں اور ان کا ظاہر کلی اور ناک میں پانی ڈالنے میں ملانے پر دلالت کرنا ہے اگرچہ یہ قطعی نہیں ہے۔

اور بعض میں یہ ہے کہ دونوں ہاتھ دھوئے پھر مضمضہ اور استنشاق کرے۔ پھر چہرے کو دھوئے اور یہ تفصیل میں ظاہر ہے۔ جیسا کہ اول وصل میں ظاہر ہے۔ بلکہ تفصیل میں اس کا ظہور وصل میں اس کے ظہور سے ظاہر ہے۔ مشکوٰۃ میں ایک روایت بخاری و مسلم سے ہے کہ مضمضہ اور استنشاق تین مرتبہ تین چلو سے فرمایا۔ یہ بھی دو وجہ پر متحمل ہے۔ از روئے فضل بھی اور از روئے وصل بھی لیکن بعض روایتوں میں صراحت سے آیا ہے کہ مضمضہ اور استنشاق ایک چلو سے کیا۔ امام شافعی کا مذہب اس وجہ پر ہے جو مذکور ہوا اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب مضمضہ اور استنشاق میں بروجہ مذکور فصل میں ہے اس لیے کہ منہ اور ناک دونوں جدا جدا عضو ہیں۔ لہٰذا دھونے میں

بھی جدا جدا طریقہ ہوگا۔ جیسا کہ تمام اعضاء میں ہے درحقیقت یہ وجہ فصل کی حدیث کو ترجیح دینے کے لیے اپنے قیاس کی موافقت سے ہے جیسا کہ اصول فقہ میں قاعدہ مقرر ہے نہ یہ کہ نص کے مقابلے میں تعلیل کرنا ہے۔ جیسا کہ مخالف خیال کرتے ہیں۔ ہماری دلیل (یعنی مذہب احناف کی) وہ حدیث ہے جو طبرانی میں ابوداؤد سے مروی ہے۔ چنانچہ شمنی روایت کرتے ہیں کہ طلحہ بن مصرف جو کو اعلام ائمہ اور ثقات تابعین میں سے ہیں۔ اپنے والد اور وہ دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر تین بار مضمضہ کیا پھر تین بار استنشاق کیا۔ اور ہر بار نئے پانی کو لیا اور شافعیہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث از روئے سند ضعیف ہے اس لیے کہ طلحہ کی تعریف مجہول ہے اور ان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحبت پایہ ثبوت سے متصل نہیں ہے انتہی اور جامع الاصول میں کہتے ہیں کہ طلحہ بن مصرف' اعلام تابعین اور ان میں ثقہ ترین میں سے ہیں اور ان کے دادا کعب بن عمرو یا عمرو بن کعب ہیں۔ اور شمنی شرح نقایہ میں فرماتے ہیں کہ بیہقی کتاب معرفت میں روایت کرتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن مہدی' اکابر ائمہ محدثین میں سے ہیں۔ اور مشائخ کے درجہ میں امام احمد بن حنبل ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت طلحہ کے دادا عمرو بن کعب کو صحبت رسول حاصل رہی ہے اور وہ اپنی مسند میں یحییٰ بن معین سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا، محدثین کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے اور طلحہ کے گھر والے کہتے ہیں کہ ان کو صحبت نہیں ملی ہے۔ (انتہی) اور جب محدثین تصریح کرتے ہیں کہ انہیں صحبت حاصل ہے تو مدعا ثابت ہو گیا اور ان کے گھر والوں کی عدم واقفیت اس میں حارج نہیں ہے اور ابن سعد ''طبقات'' میں ایک حدیث باب مسح میں طلحہ کے دادا سے ان لفظوں سے روایت کرتے ہیں کہ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ هٰكَذَا (میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح مسح کرتے دیکھا ہے) لہٰذا ان کی صحبت ثابت ہے۔ ایسا ہی شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں اور شمنی فتاوی ظہیریہ میں نقل کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی مضمضہ واستنشاق میں وصل جائز ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی مضمضہ واستنشاق نئے پانیوں سے جائز ہے اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے اور جامع ترمذی میں فرماتے ہیں کہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ مضمضہ واستنشاق میں جمع و وصل کو مکروہ نہیں جانتے ہیں۔ اور مضمضہ واستنشاق وضو میں تین اماموں کے نزدیک سنت ہے اور امام احمد کے نزدیک فرض ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم داہنے ہاتھ سے ناک میں پانی ڈالتے اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرتے تھے۔

سر کا مسح: لیکن سر کے مسح کی مقدار میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور ان کے پیروکار کا وجوب مسح میں مذہب یہ ہے کہ کم سے کم اتنی چیز واجب ہے جس پر مسح کا اطلاق ہو سکے اگرچہ ایک ہی بال ہو ایک اور روایت میں تین بال ہیں۔ امام مالک اور ان کے مقلدین کا مذہب یہ ہے کہ پورے سر کا مسح کرنا واجب ہے۔ اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک چوتھائی سر کا مسح فرض ہے اور پورے سر کا مسح سنت ہے۔ ان مذاہب کے دلائل اپنی جگہ مذکور ہیں اور سفر السعادت میں بقدر وسعت' مسح کے گھیرنے میں غلطی ہوئی ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ مسئلہ مسح میں انصاف' امام مالک کے ساتھ ہے۔ میں نے ایسا ہی اپنے شیخ علی بن جار اللہ مفتی حرم شریف رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے (واللہ اعلم) پورے سر کا مسح سنت ہے۔ مسح کی کیفیت یہ ہے کہ سر کے اگلے حصے سے دونوں ہاتھوں کو پچھلے سر تک لے جائے پھر پچھلے سر سے دونوں ہاتھوں کو وہاں تک واپس لائے جہاں سے مسح شروع کیا گیا تھا اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مسح سر ایک مرتبہ سنت ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پورے سر کا مسح تین مرتبہ جدید پانیوں سے سنت ہے اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی بھی ایک شاذ روایت ہے لیکن ایک ہی پانی سے تین مرتبہ مسح کرنا چاہیے اور ہدایہ میں ہے کہ امام اعظم سے یہی مشروع و مروی ہے اور بعض شروح ہدایہ میں ہے کہ امام اعظم کی روایت حسن میں ہے کہ اگر ایک پانی سے تین مرتبہ مسح کیا جائے تو مسنون ہوگا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مروی ہے کہ آپ مسح میں تکرار نہیں کرتے تھے اور مسح کی اکثر حدیثوں میں' مطلق بغیر تقیید عدد آیا ہے اور ایک مرتبہ

کے ساتھ مقید بھی آیا ہے اور جو کچھ حدیثوں سے صحت کے ساتھ معلوم ہوا ہے یہی ہے اور بعض حدیثوں میں دو مرتبہ بھی آیا ہے۔ اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو سر کے اگلے حصے سے پچھلے حصے تک لے جائے پھر پچھلے سر سے اگلے حصہ تک واپس لائے۔ نیز ان حدیثوں کو ضعف کا نام دیتے ہیں۔ لیکن تین مرتبہ مسح کرنے کے بارے میں کوئی صحیح حدیث مروی نہیں ہے مگر یہ کہ وضو فرمایا، ایک ایک بار اور دو دو بار اور تین تین بار، اور وضو دھونے اور مسح کرنے دونوں ہی کو شامل ہے۔

اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا تین مرتبہ مسح کرنے کا قول، مسح کو دھونے پر دلیل و قیاس کرنے پر مبنی ہے۔ اور اس کا جواب یہ ہے کہ تین تین مرتبہ دھونا متحمل ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور عدم تکرار مسح میں جو حدیثیں ہیں وہ روایات صحیحہ سے مروی ہیں اور تین تین بار اعضائے مغسولہ کے ساتھ مخصوص ہے اور مسح کی بنیاد تخفیف پر ہے۔ لہٰذا دھونے پر مسح کا قیاس، قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ تم دیکھتے ہو کہ مبالغہ اور کامل ترنے پر اسباغ ہے یعنی پانی بہانا ہے۔ شیخ ابن حجر شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ صحیحین کے اصول پر کسی سند میں مسح کی تعداد مذکور نہیں ہے اور اکثر علما کا یہی مذہب ہے۔ مگر شافعی ہیں کہ وہ مسح میں تین بار کو مستحب جانتے ہیں۔

ابوداؤد میں کہا گیا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیثیں جو صحاح میں ہیں وہ سب مسح کے ایک مرتبہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں اور ابوعبیدہ مبالغہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں سلف میں ایسے کسی ایک سے بھی واقف نہیں جس نے مسح میں تین بار کو مستحب رکھا ہو بجز ابراہیم تیمی کے لیکن اس قول میں نظر و کلام ہے۔ اس لیے کہ ابن ابی شیبہ اور ابن المنذر حضرت انس اور عطا وغیرہ رضی اللہ عنہ عنہم سے اسے نقل کر چکے ہیں۔ اور ابن خزیمہ وغیرہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث میں تین بار کو صحیح ظاہر کر چکے ہیں (انتہی) جامع الاصول اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں مذکور ہے کہ مسح سر، تین مرتبہ کیا گیا، اور شیخ ابن الہمام، بیہقی سے نقل کر کے کہتے ہیں کہ بوجوہ غریبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے تکرار مسح روایت کیا گیا ہے۔ لیکن یہ احادیث صحیحہ کے مخالف ہونے کی بناء پر اہل علم کے نزدیک حجت نہیں ہے۔ انتہی۔

ترمذی میں وائل رضی اللہ عنہ بن حجر سے مروی ہے: ثُمَّ مَسَحَ عَلٰی رَاْسِهٖ ثَلٰثًا وَّ مَسَحَ عَلٰی اُذُنَيْهِ ثَلٰثًا پھر اپنے سر پر تین بار مسح فرمایا اور اپنے دونوں کانوں پر تین بار مسح کیا۔ اس ضمن میں جو کچھ مذکور ہے اگر صحت کو پہنچ جائے تو ایک پانی کے ساتھ تکرار پر محمول ہے نہ کہ جدا جدا پانی کے ساتھ (کما قال فی الہدایہ)

مسح گوش: اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ظاہر و باطن گوشہائے مبارک کا مسح کرتے مطلب یہ کہ کان کے بیرونی حصے کا بھی مسح کرتے اور اندرونی حصے کا بھی مسح کرتے اور کان کے سوراخ میں انگلیوں کے سرے کو داخل کر کے مسح ہوتا اور کان کا مسح، تینوں اماموں کے نزدیک جدید پانی سے ہے۔ اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بروایت از امام احمد رحمۃ اللہ علیہ بقیہ آب سر سے ہے اور اکثر حدیثوں میں سر اور کانوں کا مسح، بغیر آب جدید کے بیان کے آیا ہے اور ان کا ظاہر سیاق، آب سر سے اس کے مسح کرنے میں ہے لیکن یہ جو روایت کیا گیا ہے کہ کانوں کے مسح کے لیے جدید پانی لیا تو یہ اس پر محمول ہے کہ پورے سر کا مسح کرنے کے بعد ہاتھوں میں تری نہ رہی ہوگی۔ یہ حدیثوں کے درمیان تطبیق کی بنا پر ہے۔ غرضیکہ آب سر سے کانوں کا مسح کرنا تو یہ اکثر و مشہور ہے اور بکثرت صحابہ عظام سے بطرق کثیرہ مروی ہے جیسا کہ شیخ ابن الہمام نے فرمایا۔

پاؤں کا دھونا: اب رہا وضو میں پاؤں کے دھونے کا مسئلہ، تو اکثر روایتیں بغیر ذکر تعداد کے مطلق مروی ہیں۔ اب اس کا ملنا اور پاک وصاف کرنا، تو اس بارے میں بعض حضرات تین بار دھونے کے قائل نہیں ہیں جیسا کہ شرح ابن الہمام میں ہے اور نسائی کی اک روایت میں ہے کہ دونوں پاؤں کو دو مرتبہ دھویا اور بعض روایتوں میں تین بار بھی آیا ہے اور بعض روایتوں میں پہلے دائیں پاؤں کو تین

مرتبہ پھر بائیں پاؤں کو تین مرتبہ آیا ہے ظاہر ہے کہ یہ کسی خاص وقت اور خاص طریقہ سے واقع ہوا ہوگا (واللہ اعلم)۔

داڑھی میں خلال کرنا: داڑھی کے خلال کرنے میں حضرت عثمان اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے اور محدثین کو ان کی صحت وثبوت میں اختلاف ہے مگر ترجیح جانب ثبوت میں ہے اور یہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سنت ہے اور امام احمد کے نزدیک مذہب معروف کی بنا پر بھی۔ اور بعض ائمہ مذاہب کے نزدیک یہ واجب بر بنائے حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو فرماتے تو ہاتھ میں پانی لے کر انگلیوں کے گھائیوں میں داخل کرتے پھر اپنی داڑھی شریف کا خلال فرماتے اور فرماتے کہ ''میرے رب نے مجھے اس کا حکم دیا ہے۔''

خلال کرنے کی کیفیت یہ بھی ہے کہ اپنی انگلیوں کو داڑھی کے نچلے حصہ سے اوپر کی جانب داخل کرتے ایسا ہی شمنی نے کہا ہے اور ظاہر حدیث یہ ہے کہ جدید پانی سے ہو۔ اور بعض کہتے ہیں چہرے کے پانی کے ساتھ ہے۔ خلال چہرے کو دھوتے وقت کرنا چاہیے لیکن امام محمد رحمۃ اللہ کے نزدیک اختیار دیا گیا ہے کہ چاہے تو چہرے کے دھوتے وقت خلال کرے اور چاہے تو سر کے مسح کے وقت خلال کرے اور ابوداؤد کے نزدیک' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو فرماتے تو اپنے دونوں رخساروں کو ملتے پھر اپنی انگشت ہائے مبارک داڑھی شریف کے نچلے حصہ سے داخل فرماتے۔

ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال: لیکن ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کبھی کبھی کرتے جیسا کہ سفر السعادت میں ہے اور یہ بھی امام اعظم ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سنت ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صرف پاؤں کی انگلیوں کا خلال سنت ہے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے خلال میں دو روایتیں زیادہ مشہور سنت ہیں اور ایک روایت کے بموجب نہیں ہیں۔ اس لیے کہ ان کا کھلا ہونا خلال سے بے نیاز ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کو مخصوص رکھتے ہیں اور وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر اسے ترک کر دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن خلال کرنا نفس کی پاکی کے لیے ہے۔ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال چھنگلیوں سے کرے اور کہتے ہیں کہ یہ اس لیے ہے کہ اصاغر کے ساتھ خدمت شروع کرنا زیادہ مناسب ہے اور اس کی کیفیت یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھنگلیہ سے' داہنے پاؤں کی چھنگلیہ پر ختم کرے اور یہ داہنے جانب سے شروع کرنے کی رعایت سے ہے اور ہاتھوں کی انگلیوں میں خلال کرنا اس طرح ہے کہ ہر ایک انگلی دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کرے اور شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں میں اس کیفیت کے ساتھ عمل کرنے کی تعلیم دینے کی حقیقت معلوم نہیں ہے۔

انگوٹھی کو حرکت دینا: اب رہا انگلی میں انگوٹھی کو حرکت دینا' تو یہ ایک ضعیف حدیث میں آیا ہے اور مذہب حنفی میں اسے بھی وضو کے مستحبات وسنن میں شمار کیا ہے اور ابن الہمام ''زاد الفقہ'' میں فرماتے ہیں کہ انگشتری کا حرکت دینا اگر کھلی اور فراخ ہو تو سنت ہے اور اگر تنگ ہو اور اس کے نیچے پانی نہ پہنچے تو اس کا گھمانا اور حرکت دینا واجب ہے۔

گردن کا مسح: گردن کا مسح کرنے میں ایک حدیث ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سر کے مسح کے ساتھ گردن پر مسح کرے، حق تعالیٰ روز قیامت اس کی گردن کو طوق سے محفوظ رکھے گا۔ اس حدیث کو مسند الفردوس میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا گیا ہے ایک اور روایت بھی ہے جسے شمنی نے بیان کیا ہے لیکن وہ کہتے ہیں کہ اس کی سند ضعیف ہے اور یہ مذہب حنفی میں مستحب ہے۔ اور بعض شوافع نے بھی ایسا ہی اختیار کیا ہے اور شیخ ابن الہمام اس کے استحباب کے اثبات کے لیے ترمذی میں وائل رضی اللہ عنہ بن حجر کی حدیث بھی لائے ہیں کہ: مَسَحَ عَلٰی رَأْسِهٖ ثَلٰثًا وَّمَسَحَ اُذُنَيْهِ ثَلٰثًا وَّ ظَاهِرَ رَقَبَتِهٖ. اور ایک اور حدیث کعب بن عمر یمامی سے بروایت ابوداؤد ہے کہ اِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ رَقَبَتَهٗ مَعَ الرَّأْسِ. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے ساتھ گردن

کا بھی مسح فرمایا اور ابن الہمام نے فرمایا کہ بعضوں کے نزدیک بدعت ہے اور ہدایہ میں اسے سنن و مستحبات میں ذکر نہیں کیا ہے۔ لیکن حلقوم کا مسح باتفاق بدعت ہے اور وضو میں پانی بہانا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر سفر و حضر میں ثابت شدہ ہے اور اس باب میں احادیث صحیحہ مروی ہیں یہ اس پر دلیل ہے کہ وضو میں دوسرے شخص سے اپنے ہاتھ پر پانی ڈالنے میں مدد لینا بے کراہت جائز ہے اور دوسرے سے پانی منگوانا تو بطریق اولیٰ جائز ہوگا لیکن اس سے ہمیشہ ہی دوسرے سے مدد لینا لازم نہیں آتا اور یہ جو بعض لوگ کرتے ہیں کہ پاؤں دھوتے وقت اپنے ہاتھ میں دوسرے برتن لے لیتے ہیں اس کی کوئی اصل نہیں ہے مگر یہ کہ اگر اس بات کا لحاظ رکھنا مقصود ہو کہ دوسرے سے زیادہ پانی نہ بہہ جائے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی رومال نہ تھا جس سے وضو کے بعد اعضاء کو خشک کیا جاتا۔ بلکہ اعضاء کو اپنے حال پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دیتے۔ البتہ کپڑے کے کنارے سے چہرہ مبارک کا مسح کرنا بھی آیا ہے۔

فائدہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بدن مبارک کو خشک کرنے کے لیے رومال تھا جس سے وضو کرنے کے بعد پانی کو خشک فرماتے تھے لیکن یہ ضعیف ہے اور بعضوں نے کہا کہ یہ حدیث اور کپڑے کے کنارہ سے چہرہ انور خشک کرنے کی حدیث دونوں ضعیف ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں جامع ترمذی میں مذکور ہیں اور وہ بھی ضعیف قرار دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس ضمن میں کوئی چیز صحت کو نہیں پہنچی ہے اور صحابہ و تابعین اور اہل علم کی ایک جماعت فرماتی ہے کہ اس باب میں رخصت دی گئی ہے اور بعض مکروہ جانتے ہیں اور وہ اعضاء کو خشک ہونے کے لیے اپنے حال پر چھوڑتے ہیں۔ کیونکہ یہ نورانیت اور میزان عمل کو بھاری کرنے کا موجب ہے۔ اور یہ قول سعید بن المسیب اور زہری سے روایت کیا گیا ہے اور کتب حنفیہ میں مذکور ہے کہ اگر تنزہ اور تکبر کا قصد نہ ہو تو کراہیت نہیں ہے اور بعض شروح مشکوٰۃ میں ازہار سے منقول ہے کہ کپڑے وغیرہ سے خشک نہ کرنا مستحب ہے اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا نہیں کیا اور اگر خشک کرے تو قول اصح پر مکروہ بھی نہیں ہے اور بعض کے نزدیک مکروہ ہے۔

اذکار وضو: اور وہ حدیثیں جو اذکار وضو میں وارد ہیں۔ ان میں سے کچھ بھی درجۂ صحت تک نہیں پہنچی ہیں بلکہ محدثین ان کے موضوع ہونے کا حکم دیتے ہیں۔ لیکن جس قدر صحیح ہیں وہ یہ ہیں کہ ابتدائے وضو میں بِسْمِ اللّٰہِ کہنا چاہیے اور سلف سے یہ قول منقول ہے کہ بسمہ اللہ العظیم والْحَمْدُ لِلّٰہِ علی دین الاسلام اور شیخ ابن الہمام دونوں کلمہ شہادت کو ہر عضو کے دھوتے وقت مستحبات میں سے شمار کرتے ہیں اور بعض علماء ہر عضو کو دھوتے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کو مستحب قرار دیتے ہیں اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان کے مقلدین کی جماعت کے اختیار کر لینے کے بموجب ابتدائے وضو میں تسمیہ واجب ہے اور صحت وضو کی شرط ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَہٗ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ یُسَمِّ (رواہ احمد ابوداؤد) وَالْحَاکِمِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ۔ جس کا وضو نہیں اس کی نماز نہیں اور جس نے بِسْمِ اللّٰہِ نہ کہا اس کا وضو نہیں۔ اور وضو کے آخر میں کہے کہ: اشھد ان لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صحیح حدیث میں ہے کہ جس نے وضو کے بعد اس کلمہ کو کہا اس پر جنت کے آٹھوں دروازے کھل جائیں گے اور کہا جائے گا کہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو جا، اور بعض حدیثوں میں دونوں شہادت کے بعد: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ بھی آیا ہے اور بعض میں سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ آیا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ اسے ایک کاغذ کے پرزے پر لکھا جائے گا اور اس پر مہر کر دیا جائے گا پھر وہ روز قیامت سے پہلے کبھی نہ کھولا جائے گا۔ لیکن سورۂ انا انزلنا۔ کا پڑھنا جیسا کہ لوگوں میں مشہور ہے ''سنن

الہدیٰ'' میں اس کے لیے ضعیف نقل کیا گیا اور ثابت شدہ نہیں کہا گیا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

فائدہ: شیخ ابن الہمام شرح ہدایہ میں مستحبات وضو کو جمع کر کے لکھتے ہیں کہ پانی میں ترک اسراف' اور اس میں کمی، ترک کلام ناس' دوسرے سے مدد لینا' موضع استنجا کو کپڑے سے پونچھنا، وضو کے پانی میں اپنی پھونک نہ مارنا، استنجے کے بعد ستر کو ڈھانپنے میں جلدی کرنا' استنجے کی حالت میں اس انگشتری کو اتارنا جس میں نام خدا عزاسمہ یا نام رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہو، مٹی کا لوٹا ہونا' لوٹے کو بائیں جانب رکھنا' اگر ایسا برتن ہو جو ڈھکا ہو تو اسے داہنی جانب رکھنا۔ دھوتے وقت لوٹے کے دستہ پر ہاتھ رکھنا نہ کہ لوٹے کے منہ پر، وقت سے پہلے وضو کر لینا' ہر عضو کے دھوتے وقت ذکر شہادتین کرنا' وضو میں قبلہ رو بیٹھنا' تمام افعال میں بے فکر نہ ہونا' آنکھ کے سلوٹوں سے باخبر ہونا' گردن کا مسح کرنا' ان کا دھونا' ان سے غافل نہ ہونا' انگشتری کے نیچے کی جگہ کا خیال رکھنا' ہر عضو کے وقت دعا پڑھنا، پانی کا چہرے پر زور سے نہ مارنا' دھوئے ہوئے عضو پر ہاتھ پھیرنا' اعضاء کے دھونے میں اطمینان وسکون برتنا، اعضا کو ہاتھ سے ملنا' خصوصاً سردی کے موسم میں' چہرے کے حدود' دونوں ہاتھوں اور پاؤں کے حدود سے تجاوز کرنا' ان کے دھونے میں خوب یقین کرنا' طویل غرارہ کرنا' اس دعا کا پڑھنا کہ:

سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ

کھڑے ہو کر قبلہ رو ہو کر وضو کا بچا ہوا پانی پینا۔ اگر بیٹھ کر پیئے تو بھی جائز ہے' وضو کے بعد دو رکعت پڑھنا' آئندہ نماز کی تیاری کے لیے برتن میں پانی بھر کر رکھنا' قطروں سے کپڑوں کو بچانا' ناک میں پانی ڈالتے وقت ناک کو بائیں ہاتھ سے صاف کرنا کیونکہ داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرنا مکروہ ہے۔ یہ سب آداب وضو میں سے ہیں، ایسے ہی پانی میں تھوکنا مکروہ ہے۔ اور اعضا کو تین بار سے زیادہ دھونا، اور دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضو کرنا مکروہ ہے اور اگر کسی عضو میں شک کرے تو فارغ ہونے سے پہلے اس شک کا ازالہ کرے اور اگر پہلے ہی شک ہے تو نہیں اور اگر وضو کے بعد شک کیا تو مطلقاً اعادہ نہ کرے۔

موزوں پر مسح کرنا: وصل: جاننا چاہیے کہ ائمہ حدیث کی کتابوں میں خصوصاً صحاح ستہ وغیرہ میں بروایت متعددہ وطرق مختلفہ مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر وحضر میں موزہ پر مسح کرتے تھے اور حفاظ حدیث کی ایک جماعت نے تصریح کی ہے کہ موزوں پر مسح کرنے کی حدیث تواتر کے ساتھ ثابت ہوئی ہے جس میں شک وشبہہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور بعض علماء نے اس کے راویوں کو جمع کیا ہے جو اس سے متجاوز ہیں اور ان میں عشرہ مبشرہ بھی داخل ہیں۔ اور سلف کے تمام لوگ اس کے قائل ہیں مگر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی منقولہ ایک روایت کے بموجب وہ مقیم کے لیے اس کے قائل نہیں۔ حالانکہ اس میں روایت صحیحہ مطلقاً اس کے جواز کی صراحت کر رہی ہے اور مالکیوں کے نزدیک مشہور ومسلم دو قول ہیں ایک قول مطلقاً جواز کا دوسرا قول مسافر کے لیے نہ کہ مقیم کے لیے جو کچھ مدون شدہ ہے اس کا مقتضا یہی ہے اور اس پر ابن حاجب نے جزم ویقین کیا ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ حالت امامت میں موزہ پر مسح کرنے میں امام مالک کا توقف خاص اپنی ذات کے لیے ہے۔ اور نہ ان کا فتویٰ اس کے جواز پر تھا اسی کی مانند ابوایوب انصاری صحابی سے منقول ہے۔ بظاہر ان کی مراد یہ ہے کہ وہ حالت اقامت میں مسح نہیں کرتے تھے اور مشقت کے نہ پائے جانے کی بنا پر' عزیمت کو اس حال میں اختیار فرماتے تھے نہ یہ کہ وہ اس کے جواز کے ہی قائل نہ تھے (واللہ اعلم)۔

سیّدنا امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے علماء روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا میں نے اس وقت تک موزوں پر مسح کرنے کا حکم نہیں دیا جب تک کہ میں نے روز روشن کی مانند اس میں آثار واخبار نہ دیکھ لیں۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام میں سے سینتیس صحابیؓ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے موزوں پر مسح کرنے کی حدیث روایت کرتے ہیں۔ ایک روایت میں فرمایا کہ چالیس صحابی سے مرفوعاً اور موقوفاً حدیثیں مروی ہیں۔ لیکن آیۂ کریمہ میں وَاَرْجُلَكُمْ کی ایک قرأت لام کے زیر کے ساتھ ہے اور اسے مسح پر محمول کرتے ہیں اور لام کے زبر کے ساتھ دھونے پر محمول کرتے ہیں یہ تاویل ضعف سے خالی نہیں۔ اس لیے کہ موزوں پر مسح کعبین یعنی ٹخنوں کے ساتھ بالاتفاق مغیاً نہیں ہے۔

امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ستر صحابۂ کرام نے مجھ سے موزوں پر مسح کرنے کی حدیث روایت کی ہے اور ہدایہ میں ہے کہ مسح خفین میں احادیث واخبار مستفیض ومشہور ہیں۔ اور جو اس پر عقیدہ نہ رکھے وہ بدعتی ہے اور امام کرخی فرماتے ہیں کہ میں اس کے کفر سے ڈرتا ہوں جو مسح خفین پر اعتقاد نہ رکھے۔ امام اعظم سے بھی اسی کے مثل مروی ہے اور اہل سنت وجماعت کے عقائد میں ہے کہ: وَتَرَى الْمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ (موزوں پر مسح کا اعتقاد رکھو) اور مسح خفین کو علامات اہلسنّت وجماعت میں سے جانتے ہیں۔

مدت مسح خفین

صحیح حدیثوں میں ثابت ہوا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر وحضر میں موزہ پر مسح کرتے تھے۔ حضر یعنی حالت اقامت کی مدت شبانہ روز اور سفر کی حالت میں مدت تین شبانہ روز ہے جیسا کہ مسلم میں سیّدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے ان لفظوں کے ساتھ حدیث مروی ہے کہ: جَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ وَيَوْمًا وَلَيْلَةً لِلْمُقِيْمِ رسول اللہ نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین شبانہ روز اور مقیم کے لیے ایک شبانہ روز مقرر فرمائی ہے۔ اور موزہ پر مسح، اس کے ظاہر پر یعنی پاؤں کی پشت پر کیا جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہے اور سنن ابوداؤد میں سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے بطرق متعددہ مروی ہے کہ فرمایا اگر دین کا کاروبار عقل کے حکم پر ہوتا تو پاؤں کے اوپر کے حصہ پر مسح کرنے کی بجائے نچلے حصے پر مسح ہوتا لیکن بلاشبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ نے ظاہر موزہ پر مسح فرمایا ہے۔

صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ موزہ کے نچلے حصہ میں مسح کرنا ایک ضعیف روایت میں آیا ہے چنانچہ ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ میں مغیرہ رضی اللہ عنہ بن شعبہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوہ تبوک میں وضو کرا رہے تھے تو حضور نے موزے کے اوپر اور نچلے حصے میں مسح فرمایا یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ اور اکثر طرق میں مغیرہ رضی اللہ عنہ سے مطلق واقع ہوا ہے یعنی بغیر ذکر اوپر اور نیچے کے حصے کے موزہ پر مسح فرمانا اور ترمذی کی بعض سندوں میں اور ابوداؤد واحمد میں دونوں کے ظاہر پر بھی آیا ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مسح ظاہر موزہ پر ہے اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب میں بھی یہی ہے اور امام شافعی اور امام مالک رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ظاہر موزہ پر فرض اور نچلے حصے پر سنت ہے۔

جاننا چاہیے کہ مسح افضل ہے یا پاؤں کا دھونا۔ ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ دھونا افضل ہے۔ اس لیے کہ دھونا عزیمت ہے اور مسح رخصت۔ اور عزیمت پر عمل کرنا رخصت پر عمل کرنے سے افضل ہے۔ لہٰذا اگر پاؤں سے موزہ اتار کر دھوئیں تو افضل ہے اور اس پر اجر وثواب ہے صاحب ہدایہ کے نزدیک بھی یہی مختار ہے۔ اور ایک جماعت کہتی ہے کہ اظہار سنت اور رد اہل بدعت جو اس کے منکر ہیں جیسے خوارج ورافض وغیرہ کی بنا پر مسح افضل ہے اس جماعت کے نزدیک اگر پاؤں کھلے ہوں تو موزہ پہنیں اور مسح کریں اور صواب یہ ہے کہ مسح کرنا اور دھونا دونوں مشروع اور برابر ہیں اور کوئی ایک دوسرے سے افضل وارجح نہیں ہے۔ صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے موزوں پر مسح کرنے اور پائے اقدس کو دھونے میں کوئی زحمت نہ تھی۔ بلکہ اگر وضو کرتے وقت پائے اقدس

مکشوف ہوتے تو دھوتے تھے اور مسح کرنے کے لیے موزہ نہ پہنتے تھے۔ اور اگر موزہ پہنے ہوتے تو مسح کرتے اور موزہ نہ اتارتے اور فرمایا کہ احسن اقوال یہی ہے کیونکہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ کے موافق ہے۔

تیمّم: وصل: تیمّم، کتاب وسنت اور اجماع امت سے ثابت ہے اور یہ اس امت کی خصوصیات میں سے ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس زمین پر چاہتے نماز ادا کرتے تھے۔ خواہ پتھر ہو یا مٹی یا ریت، تیمّم کرتے اور مٹی اور ریت وغیرہ میں فرق وامتیاز نہ فرماتے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ تیمّم کو مٹی کے ساتھ مخصوص رکھتے ہیں اور اس کے سوا سے درست نہیں جانتے۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مٹی اور ریت کے سوا درست نہیں ہے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ مٹی، ریت، پتھر اور ہر وہ چیز جو جنس ارض سے ہو اس پر تیمّم جائز ہے۔ جنس ارض سے ان کی مراد یہ ہے کہ آگ سے پکائی نہ گئی ہو اور اسے خاکستر نہ بنایا گیا ہو اور وہ پتھر جس پر قطعاً گرد وغبار نہ ہو۔ امام اعظم کے نزدیک تیمّم درست ہے اور ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ارض آیا ہے اور حضرت حذیفہ کی حدیث میں تربت، تراب یعنی مٹی آیا ہے۔ ہمارے نزدیک تیمّم کا حکم، وضو کی مانند ہے اور ایک تیمّم سے چند نمازیں ادا کی جاسکتی ہیں جس طرح کہ وضو سے ہوتی ہیں۔ کتاب وسنت کا ظاہر اسی کے موافق ہے اور امام شافعی کے نزدیک تیمّم، ایک ضروری طہارت ہے جو دفع حرج کے لیے ہے جس طرح عذر والے کے لیے طہارت ہوتی ہے۔ صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ کسی حدیث صحیح میں ایسا نہیں پاتا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک فریضہ کی ادائیگی کے لیے جدید تیمّم کیا ہو۔

تیمّم کی مشروعیت کی ابتدا یہ ہے کہ ایک غزوہ میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہو گیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس کی تلاش کے لیے مقرر فرما کر قیام فرمالیا۔ اس وقت نماز کا وقت آ گیا اور صحابہ کے پاس پانی نہ تھا جس سے وہ وضو کر سکتے۔ اس وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحبزادی، زوجہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر اظہار ناراضگی کیا کہ تم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو روک رکھا ہے۔ اور مسلمان پانی کے بغیر ہیں اس وقت تیمّم کی آیت نازل ہوئی اور اسید رضی اللہ عنہ بن حضیر نے کہا: ''اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! تمہاری بدولت مسلمانوں پر کیسی کیسی برکتیں نازل ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ تم پر اپنی برکتیں نازل فرمائے اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! میں نہیں دیکھتا کہ کوئی معاملہ تمہاری طرف سے ایسا درپیش ہو جو اگرچہ بظاہر ناگوار ومکروہ معلوم ہوتا ہو مگر یہ کہ حق تعالیٰ اس میں مسلمانوں کے لیے فراخی اور کشادگی فرما دیتا ہے۔ پھر کچھ دیر کے بعد ان کا ہار کجاوے کے نیچے سے مل گیا اور حکمت الٰہی نے اس کا اقتضاء کیا کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اسے پوشیدہ فرما دیا۔

تیمّم کی کیفیت میں اختلاف ہے کیونکہ تیمّم کے دو ضربہ ہیں یعنی دو مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنا۔ ایک بار چہرے کے لیے اور ایک بار کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لیے یہ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک وامام شافعی اور بعض اصحاب امام احمد رحمہم اللہ کا مذہب ہے اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ابن عمر رضی اللہ عنہما، حسن بصری، شعبی، سالم بن عبداللہ بن عمر اور ابوسفیان ثوری کا قول۔ اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ تیمّم ایک مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنا اور چہرے پر اور دونوں ہاتھ پر ملنا ہے۔ اور بعض روایتوں میں ہاتھوں پر چہرے کے ذکر کی تقدیم کی ہے اور بعض میں اس کے برعکس۔ اور بعض میں ہاتھوں کی تقدیم چہرے پر ہے اور یہ مذہب مشہور امام احمد کا اور امام شافعی کا قدیم قول ہے مگر محفوظ ومختار ان کے مذہب میں پہلا ہی ہے۔ یہ مکحول، اوزاعی، اسحاق، ابن جریر، ابن المنذر اور ابن خزیمہ رضی اللہ عنہم سے منقول ہے اور امام مالک اور محدثین سے منقول۔ مذہب ثانی کے ترجیح میں اصرار ہے۔ اور شیخ ابن حجر صحیح بخاری میں اس مذہب کی حدیثوں کو ترجیح ظاہر کرتے ہیں اور بعض مذہب اول کی حدیثوں کی تضعیف دکھاتے ہیں مگر حق یہی ہے کہ تیمّم کی حدیث دو ضربہ ہی کی صحیح ہے۔ ایک ضربہ چہرے کے لیے اور دوسرا ضربہ کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لیے۔ اس مقام میں کلام بہت ہے جو شرح سفر السعادۃ میں مذکور ہے۔ عرض

ہے کہ احتیاط مذہب اول ہی میں ہے۔

بیان غسل شریف

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل یعنی نہانے کے بیان میں ہے۔ غسل غین کے زبر سے بمعنی دھونا اور غین کے پیش اور سین کے سکون سے غسل کا نام ہے اور غین کے زیر سے وہ چیز جس سے سر دھویا جائے جیسے گل خطمی وغیرہ۔ اغسال کے معنی نہلانے کے ہیں اور غسول بفتح غین' نہانے والے کے غسل کا پانی ہے۔ اسی طرح جائے غسل کو مغسل بکسر سین۔ جہاں مردے کو نہلایا جائے اور غسالہ اس پانی کو کہتے ہیں جس سے ہاتھ منہ دھویا گیا ہو۔ یعنی آب مستعمل' جس سے غسل کیا گیا ہو اور بدن دھویا گیا ہو۔ یہ اس لفظ کے لغوی معانی ہیں۔ اور شریعت میں حقیقت اغتسال، تمام اعضاء کو دھونا اور ان پر پانی بہانا ہے۔ اور ہاتھ سے جسم کو ملنے کے وجوب میں اختلاف کیا گیا ہے۔ اکثر علماء کے نزدیک ہاتھ سے ملنا واجب نہیں ہے اور ہمارے مذہب میں بھی یہی ہے۔ اور امام مالک اور شوافع میں سے مزنی سے اس کا وجوب نقل کیا گیا ہے۔ اور دوا جماع کے درمیان غسل کے عدم وجوب پر اجماع کیا گیا ہے لیکن وضو مستحب ہے لیکن امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مستحب نہیں ہے اور اصحاب ظواہر اس بنیاد پر واجب قرار دیتے ہیں کہ حدیث میں آیا ہے کہ: اِذَا اَتٰی اَحَدُکُمْ اَهْلَهٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ یَّعُوْدَ فَلْیَتَوَضَّاْ بَیْنَهُمَا وُضُوْءً رواه مسلم ۔یعنی جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے اور پھر دوبارہ آنا چاہے تو درمیان میں وضو کرے۔ بعض اس وضو کو لغوی معنی پر محمول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس سے مراد، شرمگاہوں کا دھونا ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی غسل کے ساتھ کبھی اپنی ازواج پر دورہ فرماتے اور کبھی جدا جدا۔ هٰذَا اَزْکٰی وَاَطْیَبُ وَاَطْهَرُ.

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنبی ہوتے اور خواب استراحت فرمانے کا ارادہ کرتے تو وضوء نماز کی مانند وضو کرتے اور خواب فرماتے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ یہ نیند کی طہارت ہے اس شخص کے لیے جو جنبی ہو اور سونے کا ارادہ کرے تو وہ وضو کر کے طہارت کے ساتھ نیند میں جائے (انتہی) اور بعض تیمم کو بھی وضو کا قائم مقام رکھتے ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث بھی روایت کرتے ہیں۔ (واللہ اعلم)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل سے پہلے شروع میں وضو کرتے اور اس میں سر کے مسح کے بارے میں دو روایتیں ہیں لیکن افضل یہی ہے کہ وضو کامل کرے۔ جیسا کہ غیر حالت غسل میں کیا جاتا ہے اور امام مالک کے نزدیک غسل کے وضو میں مسح نہ کرے۔ بلکہ اس میں سر کا غسل کافی ہے اور دونوں پاؤں پہلے دھو لے اور اس کی تاخیر میں بھی دو روایتیں ہیں اکثر کے نزدیک یہی ہے کہ تاخیر کرے اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ تقدیم کرے اور علماء فرماتے ہیں کہ یہ تاخیر اس صورت میں ہو جب کہ غسل کی جگہ پاک وصاف نہ ہو اور تقدیم فرمانا۔ لطافت اور آپ کی عادت شریفہ کی تقدیر پر تھی کہ وضو کے بعد انگلیوں کو پانی میں ڈالتے اور اس سے بالوں کی جڑوں میں خلال کرتے اس کے بعد تین چلو پانی دونوں ہاتھوں پر ڈالتے اس کے بعد تمام بدن پر پانی بہاتے تھے۔ بالوں کی جڑوں میں خلال کرنے سے مراد سر کے بال ہیں جیسا کہ حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے اور بعض داڑھی کے بال بھی مراد لیتے ہیں۔ یا اس بنا پر کہ بالوں کی جڑیں مطلق آیا ہے۔ اس سے داڑھی اور سر کے بال دونوں قیاس کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ داڑھی میں خلال کرنا واجب نہیں ہے مگر یہ کہ بالوں میں کوئی چیز ملی ہو جو کہ بالوں کی جڑوں میں پانی پہنچنے میں مانع آتی ہو۔

غسل کے بعد وضو کرنا کوئی چیز نہیں ہے بلکہ خلاف سنت ہے اور کاتب الحروف یعنی صاحب مدارج النبوۃ' کبھی اعضا کے دھونے میں شرمگاہ کے چھو جانے کی وجہ سے امام شافعی کے مذہب کی رعایت پر احتیاط بعد غسل وضو کر لیتا ہے۔ اگر یہ احتمال نہ ہو تو کوئی حاجت

نہیں ہے۔

غسل کے بعد رومال وتولیہ وغیرہ سے بدن کو خشک کرنے میں اختلاف ہے اور حدیث میمونہ میں مروی ہے کہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کو غسل فرمانے کے بعد رومال پیش کرتیں تا کہ اس سے بدن مبارک خشک فرمالیں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم رومال نہ لیتے۔ اس سے خشک کرنے کی کراہت لازم نہ آتی کیونکہ ممکن ہے کہ رومال نہ لینا کسی اور وجہ سے ہو۔ جو کپڑے سے متعلق ہے مثلاً وہ ریشم کا ہو یا میلا ہو یا تواضع فرمائی ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ گرمیوں میں مکروہ ہے اور سردیوں میں مباح ہے۔ اور ہاتھ سے پانی نچوڑنا مکروہ نہیں ہے اس کی مکمل بحث وضو میں بھی گزر چکی ہے۔

نوع دوم، درنماز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

جاننا چاہیے کہ نماز، تمام عبادتوں میں افضل واشرف اور اتم واکمل عبادت ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی گئی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ دل میں جو خوشی ومسرت اور آنکھوں کی روشنی اور خوش دلی رکھتے اور جو ذوق ومشاہدہ اس وقت میں پاتے وہ کسی عبادت اور کسی وقت میں نہ پاتے اور ''قرۃ العین'' مقصود اور غیب سے نور پانے میں فرحت وسرور سے کنایہ ہے۔ قرۃ، قر بفتح قاف سے بنا ہے جس کے معنی قرار وثبات کے ہیں۔ اس لیے کہ نظارۂ محبوب سے آنکھ کو جتنا قرار وسکون ملتا ہے کسی اور چیز سے حاصل نہیں ہوتا۔ اور حالت سرور خوش حالی میں اپنی جگہ ساکن رہتی ہے۔ اور غیر محبوب پر نظر ڈالنے سے نظر پراگندہ اور متلاشی محبوب رہتی ہے اور حزن وخوف کی حالت میں لرزاں وسرگرداں ہوتی ہے: تدور اعينهم كالذى يغشى عليه من الموت یعنی ان کی آنکھیں بھٹکتی ہیں گویا کہ اس پر موت کا غلبہ ہے۔ اس مفہوم کی دلیل ہے یا قرۃ یہ، قر بضم قاف سے بنا ہے جس کے معنی ٹھنڈک کے ہیں اور محبّ کی لغت میں آنکھوں کی ٹھنڈک، محبوب کے مشاہدہ سے ہوتی ہے اور اعداء کے دیکھنے میں گرمی وسوزش ہوتی ہے۔ اسی بنا پر فرزند کو قرۃ العین کہتے ہیں۔

علماء فرماتے ہیں کہ ''اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِ'' (مومن کی معراج نماز ہے) اس جگہ مومن سے مراد سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک ہے اور ہر مومن کو آپ کے اتباع کے طفیل میں اس کے ایمان ویقین کے اندازہ کے مطابق اس مقام سے حصہ حاصل ہے اور التحیات کی مشروعیت میں اس مقام کے حصول کی طرف ایک اشارہ اور دلالت موجود ہے۔ اور نماز میں ظاہر وباطن اور قلب وجوارح سب کے سب بدرگاہ قرب وعزت حق سبحانہ وتعالیٰ متوجہ ومشغول ہیں۔ اور حق تبارک وتعالیٰ نے ہر نمازی کے لیے ایک رکعت میں وہ تمام عبادتیں جمع فرمادی ہیں جو تمام فرشتوں میں جدا جدا بنائی گئی ہیں۔ چنانچہ مروی ہے کہ حق تعالیٰ نے کچھ فرشتے ایسے پیدا فرمائے ہیں جو ہمیشہ رکوع میں مشغول رہتے ہیں اور جب سے انہیں پیدا فرمایا گیا ہے وہ رکوع سے سر اٹھاتے ہی نہیں روز قیامت تک بلکہ ابد تک۔ اسی طرح سجود، قیام، قرأت اور قعود کی حالت کا ہے اور یہ سب نماز کی ایک رکعت میں جمع فرمائے ہیں۔ اور یہ ایسا مجموعہ عبادات ہے جو کسی اور عبادت میں جمع نہیں ہے۔ طہارت، صحت، استقبال قبلہ، استفتاح، یعنی تکبیر تحریمہ، تکبیرات، قرأت قیام رکوع، سجود، تسبیح، دعا، توجہ، حضور قلب، اور خشوع وخضوع وغیرہ ہر ایک ان میں سے مستقل عبادت ہے۔ اور کس خوبی سے ان سب کو ایک ہی طریقہ عبادت میں جمع فرمایا ہے اور اس جامعیت کیساتھ یہ کتنی عجیب خوبی ہے کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس نماز کے مشابہ ہے جس کی حقیقت جمیع شیونات اور تمام برکات وکمالات کی جامع ہے اور اسی تعلق ومناسبت سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''قرۃ العین'' فرمایا اور رب العزت جل وعلیٰ

نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: اُتْلُ مَا اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ (اے محبوب! جو آپ پر کتاب کی وحی کی گئی ہے اسے پڑھیے اور نماز قائم کیجئے۔) اور فرمایا: وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا۔ (اور اپنے ماننے والوں کو نماز کا حکم دیجئے اور اس پر صبر چاہیں) اور ارشاد باری میں: واصطبر علیہا۔ میں اس پر ایک اشارہ ہے کہ نماز میں ایک تکلیف ہے جو نفوس بشریہ پر شاق ہے۔ اس لیے کہ وہ بندوں کی لذتوں، شہوتوں اور مشغولیتوں کے وقتوں میں آتی ہے تو وہ ان تمام سے کنارہ کش ہو کر حق تعالیٰ کی طلب میں آتا ہے۔ اور بارگاہِ حق میں قیام کرتا ہے اور ماسوی اللہ سے فراغت حاصل کرتا ہے۔ اسی لیے حق تعالیٰ نے فرمایا: اِسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ. صبر و نماز سے استعانت کرو اور صبر و نماز کو ملا کر فرمانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ نماز کئی قسموں کے صبر کی متمنی ہے ایک اوقات نماز کی نگہداشت اور حفاظت پر صبر، ایک واجبات و مسنونات اور مستحبات پر صبر، ایک غفلتوں اور توجہات سے نماز میں دل کو باز رکھنے پر صبر ہے اسی بنا پر فرمایا: وَاِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ اِلَّا عَلَی الْخَاشِعِیْنَ بلاشبہ نماز بڑی عظیم شئی ہے مگر خشوع کرنے والوں پر آسان ہے۔

اور نماز کی فرضیت معراج شریف کی رات ہوئی۔ سب سے پہلے پچاس نمازوں کا حکم ہوا تھا اس کے بعد پچاس سے پانچ ہوئیں۔ فرمان باری ہوا یہ پانچ ہی پچاس کے حکم میں ہے۔ کیونکہ میرے حکم میں تبدیلی نہیں ہوتی اور ان پانچوں نمازوں کے اوقات کا تعین، سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج شریف سے واپسی کے بعد ہوا۔ مواہب میں محمد بن اسحاق سے منقول ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کے بعد جب صبح فرمائی تو جبریل علیہ السلام نے آ کر نماز پنج گانہ کے اوقات بتائے اور بعضوں کا خیال ہے کہ ہجرت کے بعد کا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ہجرت سے پہلے جبریل کے بیان کرنے سے قبل کا ہے۔ اس کے بعد جبریل نے بیان کیا بہر تقدیر جبریل علیہ السلام ظہر کے وقت میں دو دن برابر آئے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان دینے کا حکم فرمایا کہ: اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ پکاریں پھر جب صحابہ جمع ہو گئے تو جبریل علیہ السلام نے ظہر کے شروع وقت میں امامت کی اور نماز ظہر ادا کرائی۔ وقت زوال وقت کے فوراً بعد کا تھا اس کے بعد امامت کی اور نماز عصر ادا کی۔ یہ وقت مثل سایہ ہو جانے کے بعد تھا۔ پھر مغرب ادا کی اور یہ وقت غروب آفتاب کے فوراً بعد تھا اور غروب شفق کے بعد عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر فجر ادا کی جب کہ طلوع صبح صادق ہو چکی تھی۔ دوسرے دن پھر جبریل علیہ السلام آئے امامت کی اور ظہر کی نماز ادا کی۔ یہ وہ وقت تھا جب کہ سایہ ایک مثل کے قریب پہنچ گیا تھا اور نماز عصر ادا کی جب کہ سایہ دو مثل سے متجاوز ہو گیا تھا اور مغرب کی نماز ادا کی جب کہ آفتاب غروب ہو گیا تھا۔ نماز مغرب دونوں دن ایک وقت میں گزاری اور عشاء کی نماز تہائی رات یا نصف رات کے وقت گزاری۔

اس میں راوی کا شک ہے اور نماز فجر ادا کی جب کہ وقت دراز ہو چکا تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ روشنی پھیلنے کے بعد (قبل طلوع آفتاب) ادا کی۔ اس کے بعد جبریل علیہ السلام نے کہا "اے حبیب خدا! یہ ان انبیاء کا وقت ہے جو آپ سے پہلے گزرے اور نماز کے اوقات ان دونوں وقتوں کے درمیان ہے۔

مخفی نہ رہنا چاہیے کہ تعجیل صلوٰۃ کی فضیلت اور اس میں جلدی کرنے میں جب کہ وقت داخل ہو جائے۔ اور اس میں سستی نہ کرنی چاہیے اور اخیر وقت تک تاخیر کرنے میں کلام نہیں ہے لیکن یہ ان نمازوں کے سوا میں ہوگا۔ کیونکہ ان میں تاخیر مستحب ہے جیسے کہ اسفار فجر یعنی دن کے خوب روشن ہو جانے کے بعد اور ظہر کو ٹھنڈا کر کے اور تاخیر نماز عشا وغیرہ میں تکمیل نماز اور تیمّم ثواب کے لیے تاخیر ہے اور شوافع مطلقاً اول وقت میں نماز ادا کرتے ہیں اور تمام نمازوں میں اول اوقات ہی ان میں متعارف ہے اور اسی کو وہ افضل جانتے ہیں اور بغیر فرق و امتیاز کے جن کی رعایت واجب ہے وہ سنت شمار کرتے ہیں۔ مثلاً گرمیوں میں ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھنا، کیونکہ حدیثوں میں اس

کا حکم واقع ہوا ہے اور اس میں تاکید و مبالغہ فرمایا گیا ہے مگر شوافع کے نزدیک رخصت ہے۔ اور بعض شوافع ٹھنڈا کرنے کو زوال آفتاب پر محمول کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ تاویل انتہائی بعید ہے۔ کیونکہ زوال بجائے خود اول وقت ہے البتہ ظہر کی فوقیت' ایک مثل کے پہنچنے تک احوط ہے جیسا کہ ائمہ کا مذہب ہے اور بعض کے نزدیک امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مفتی بہ قول بھی یہی ہے اور عصر کو شوافع ایسے وقت میں نہیں گزارتے کہ چوتھائی دن باقی رہے۔ اسی طرح وہ اسفار کو طلوع فجر پر معمول کرتے ہیں اس میں بھی معقولیت نہیں ہے جیسا کہ ظہر کے ٹھنڈا کرنے میں کہا گیا ہے اور کسی حد تک عشاء کی تاخیر میں مبالغہ وارد ہے کیونکہ وہ تعجیل کے بالکل قائل نہیں ہیں لیکن نماز مغرب میں اول وقت کی جلدی میں سب متفق ہیں اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے اور نماز عصر کو اس وقت تک کہ آفتاب بلند' روشن اور تاباں ہے ادا کرنا چاہیے نہ یہ کہ چوتھائی دن میں کہ سایہ تین گنا ہو اور جن حدیثوں سے وہ تمسک کرتے ہیں اور اپنے مذہب پر استدلال کرتے ہیں وہ اس پر دلالت نہیں کرتیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عصر ادا فرمائی اور نماز پڑھنے کے بعد ایک شخص مدینہ سے چل کر اپنی منزل تک جائے جس کا مقام مدینہ کی آبادی کے آخری کنارے پر ہو اور آفتاب ہنوز اپنی تمازت میں باقی ہو۔ گویا یہ آفتاب کی حرارت' اس کی رنگت کی صفائی اور تغیر درازی سے کنایہ ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ وقت تین گنا سایہ ہو جانے پر نہیں ہوتا۔ یہ بات محل بحث ہے ایک اور حدیث میں بھی ایسا ہی مضمون آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عصر ایسے وقت میں پڑھی کہ آفتاب بلند و روشن تھا۔ پھر جانے والا مدینہ کی آبادی کے آخری کنارہ تک گیا اور آفتاب بلند رہا۔ یعنی بالائے افق تھا اور غروب نہ ہوا تھا۔ **فافهم** بعض کے نزدیک مدینہ کی آبادی کے آخری کنارے کی مسافت پر چار میل یا اس کے قریب ہے اس حدیث میں پہلی حدیث کے مقابلے میں کسی قدر مبالغہ سے کام لیا گیا ہے۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ مدینہ کے کون سے آخری کنارے تک گیا آیا چار میل کی مسافت پر یا اس سے کم کی مسافت پر، اور یہ کہ سوار گیا یا پیدل گیا۔ نیز آہستہ یا تیز دوڑتا ہوا گیا اور وہ شخص قوی تھا یا کمزور تھا۔ تین چار گھڑی میں بے تکلف جا سکتا ہے یا نہیں جیسا کہ ان کے مذہب میں ہے کہ چوتھائی دن میں نماز گزاری اور سایہ تین گنا مثل ہوتا تھا ایک اور حدیث میں ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز عصر گزاری اور اس کے بعد اونٹ کو ذبح کیا اس کے بعد اس کے ٹکڑے بنائے پھر اسے پکایا اور غروب آفتاب سے پہلے پکا ہوا گوشت ہم سب نے کھایا۔ اس حدیث سے ایک قسم کی تعجیل کا مفہوم ظاہر ہوتا ہے جو کہ ائمہ کے مذہب کے نزدیک ہے اور ممکن ہے کہ بعض اوقات' تعلیم و تقرر وقت کے لیے ایسا کیا گیا ہو۔ یہ دوام و استمرار پر اس کی دلالت مسلم نہیں ہے۔ اس لیے کہ اس کا وقوع بعض مواضع میں' اصل و دوام و استمرار کی صورت نہیں رکھتی۔

محقق مذہب حنفیہ شیخ کمال الدین بن الہمام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر نماز عصر کو تغیر آفتاب سے پہلے ادا کریں تو ممکن ہے کہ باقی وقت میں غروب آفتاب تک اس قسم کے کام کر سکیں۔ جیسا کہ ماہر باورچیوں سے مشاہدہ میں آتا ہے کہ اپنے سرداروں کے سفروں میں کھانا پکانے میں مستعدی دکھاتے ہیں۔ اس معنی میں یہ مستبعد نہیں ہے مطلب یہ ہے کہ ایک جماعت کثیرہ ہے جس میں سے کچھ لوگوں نے اونٹ ذبح کیا اور کچھ لوگوں نے ٹکڑے کیے اور کچھ لوگوں نے پکانے کا سامان فراہم کیا۔ آگ وغیرہ جلائی تو اس صورت میں کہ ہر شخص اپنا اپنا کام کرے' ایک اونٹ کا پکا لینا کوئی دشوار نہیں ہے۔ البتہ اتنے وقت میں ایک ہاتھ سے یہ کام انجام نہیں پا سکتے اور ان کا حق تبارک و تعالیٰ کے ارشاد سے استدلال کرنا کہ: وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ۔ اپنے رب کی مغفرت کی طرف جلدی کرو تو یہ مسارعت و جلدی ایسے طریقہ پر چاہیے جو حق کے موافق ہو اور مقام میں چاہے جہاں تاخیر مستحب نہ ہو۔ جیسے کہ ظہر کا ٹھنڈا کرنا موسم گرما میں' فجر کو روشن کرنا اور عشاء میں تاخیر کرنا کہ یہ سب مستحب ہیں۔ احادیث صحیحہ میں ان میں مبالغہ وارد ہوا ہے اور ہمارے مذہب کے علماء فرماتے ہیں کہ عصر میں تاخیر' کثرت نوافل کی بنا پر ہے کیونکہ نماز عصر کے بعد نوافل پڑھنا مکروہ ہے اور اول وقت

میں نماز عصر پڑھنے سے بکثرت نوافل پڑھنا افضل ہے ''کَذَا قال السفتانی فی المبسوطین'' غرضیکہ ہمارے مذہب میں نماز عصر میں اس حد تک تاخیر کرنا مستحب ہے کہ آفتاب متغیرہ نہ ہو اور وہ بلند و روشن اور تاباں رہے جیسا کہ کہا گیا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث اسی پر دلالت کرتی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عصر ایسے وقت میں ادا فرماتے کہ آفتاب سفید وصاف ہوتا۔ ان کا مقصود نماز عصر میں اس حد تک تاخیر ہے کہ آفتاب میں تغیر نہ ہو اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز عصر ایسے وقت میں ادا فرماتے کہ آفتاب زندہ ہوتا۔ اس میں کسی آدمی کے گھر لوٹنے وغیرہ کا ذکر نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ تعجیل واقع ہوئی ہے تو بعض اوقات میں ہوئی ہے۔ شیخ ابن الہمام تاخیر عصر میں حدیثیں بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ان حدیثوں میں اور اُن حدیثوں میں جن میں تعجیل کا ذکر ہے کوئی تعارض و منافات نہیں ہے اور فرماتے ہیں کہ عصر کو عصر اسی بنا پر کہا گیا ہے کہ ہے کہ وقت میں اعتصار کیا گیا ہے یعنی اس میں وقت کو نچوڑا جاتا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ فرمایا عصر میں افضل، غیر روز میں تعجیل پر ہے تاخیر عصر کے دلائل میں سے ایک وہ حدیث ہے جسے بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ تمہاری حالت اور تمہاری مثال بمقابلہ ان لوگوں کے جو تم سے پہلے یہود و نصاریٰ میں سے گزرے ہیں اس شخص کی مثال کی مانند ہے جس نے تین مزدور لیے اور ہر ایک کی اجرت ایک ایک درہم مقرر کی۔ ایک نے صبح سے دوپہر تک کام کیا اسے بھی ایک درہم ملے گا دوسرے نے دوپہر سے نماز عصر تک کام کیا اسے بھی ایک درہم دیا جائے گا۔ اور تیسرے نے نماز عصر سے مغرب تک کام کیا اسے بھی ایک درہم دیا جائے گا۔ جب تینوں مزدوروں کو ان کی مقررہ اجرت دینے کا وقت آیا تو وہ دونوں مزدور جن میں سے ایک نے صبح سے دوپہر تک اور دوسرے نے دوپہر سے عصر تک کام کیا تھا کہنے لگے کہ کیا وجہ کہ ہمارا کام زیادہ ہے اور اس کی اجرت اس تیسرے مزدور سے بہت کم ہے۔ اور وہ مزدور جس کا کام کم ہے اس کی اجرت ہم سے زیادہ ہے۔ آقا کہتا ہے کہ میں نے جو کچھ تم سے مقرر کیا تھا وہ میں نے تم کو دے دیا۔ باقی میرا فضل ہے میں جسے چاہوں۔ تم کو کیا سروکار۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلے مزدور کی مثال یہودیوں کی ہے کہ ان کی عمریں سب سے زیادہ ہیں اور ان کے عمل ان سب سے زیادہ ہیں اور دوسرے مزدور کی مثال نصاریٰ کی ہے اور تیسرے مزدور کی مثال تمہاری ہے کیونکہ تمہاری عمریں بھی بہت کم ہیں اور عمل بھی بہت کم ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ صبح سے دوپہر تک اور دوپہر سے عصر تک زمانہ وفاصلہ بمقابلہ زمانہ عصر و مغرب بہت زیادہ ہے۔ اور آیات قرآنیہ مثلاً: فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا (تو اپنے رب کی حمد طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے کرو) اور وَاذْكُرْ رَبَّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلاً (اور اپنے رب کا ذکر صبح و شام کرو ان میں نماز فجر اور نماز عصر کی جانب ہی اشارہ مراد لیتے ہیں اور مقصود سے ہی سروکار رکھنا چاہیے۔ یہ اوقات نماز کے مقام میں مزید بحث اور اس میں تعجیل و تاخیر کی تفصیلات مشکوٰۃ شریف کی شرح میں اس سے زیادہ مذکور ہے۔ اس کتاب میں اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

ذکر اذان: تنبیہ: پہلے امامت جبریل علیہ السلام کے ذکر میں گزر چکا ہے کہ اَلصَّلٰوۃُ جَامِعَۃٌ سے ندا کی گئی۔ تو یہ اذان کی مشروعیت سے پہلے کا ذکر ہے کیونکہ اذان مدینہ طیبہ میں ۱ ہجری میں شروع ہوئی اور بعض کہتے ہیں کہ ۲ ہجری میں ہوئی۔ اور مشہور یہ ہے کہ تعیین وقت کے سلسلے میں جس میں سب نماز کے لیے جمع ہو جائیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باہم مسلمانوں سے مشورہ کیا کہ کیا صورت اختیار کی جائے۔ کسی نے کہا کہ ناقوس بجانا چاہیے۔ جس طرح کہ نصاریٰ نماز کے لیے بجاتے ہیں کسی نے کہا کہ یہودیوں کی طرح قرن یعنی سینگ پھونکنا چاہیے۔ کسی نے کہا کسی بلند جگہ پر آگ روشن کرنی چاہیے سب نے ان چیزوں کو ناپسند کیا اس پر عبداللہ رضی

اللہ عنہ بن زید نے جن کو صاحب الاذان کہتے ہیں خواب میں دیکھا کہ ایک مرد آسمان سے نیچے آیا اس کے ہاتھ میں ناقوس ہے عبداللہ بن زید نے اس سے کہا: اے بندۂ خدا! اس ناقوس کو بیچتے ہو؟ اس نے کہا تم اس کا کیا کرو گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے نماز کے لیے لوگوں کو بلاؤں گا اس نے کہا میں تم کو اس سے بہتر چیز سکھاتا ہوں تو اس نے اَللّٰہُ اَکْبَرُ آخر تک مخصوص کیفیت کے ساتھ سکھایا۔ اسی طرح اقامت بھی سکھائی۔ جب انہوں نے صبح کی تو اپنا خواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّھَا لَرُؤْیَا حَقٌّ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ یقیناً انشاء اللہ یہ خواب حق ہے جاؤ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بتاؤ کیونکہ ان کی آواز بلند تر، نرم تر اور شیریں تر ہے۔ اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے اذان سنی تو دوڑتے ہوئے اور اپنی چادر گھسیٹتے ہوئے آئے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے بھی وہی کچھ دیکھا ہے جو عبداللہ رضی اللہ عنہ بن زید نے بیان کیا اس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اگر ایسا ہی ہے تو ان دونوں خوابوں میں یا تمہارے خواب کی موافقت پر اللہ تعالیٰ ہی کو حمد ہے کہ اس نے اپنی طرف سے الہام فرمایا اور صدق وصواب کا راستہ دکھایا۔ بعض روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی یہی خواب دیکھا تھا۔ امام غزالی نے فرمایا کہ دس صحابہ نے دیکھا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ چودہ صحابہ نے دیکھا تھا جن میں سے سات صحابی انصار میں سے تھے بعض روایتوں میں ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت میں آئے تو جواب دینے میں تاخیر فرمائی کیونکہ اس سے قبل اس کی وحی آ رہی تھی اور امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معراج میں تشریف لے گئے اور سراپردۂ عزت میں حاضری ہوئی جو کہ کبریائے حق کا محل خاص تھا وہاں ایک فرشتہ نمودار ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے دریافت کیا یہ فرشتہ کون ہے؟ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ قسم ہے اس خدائے ذوالجلال کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ میں بارگاہِ رب العزت میں سب سے زیادہ مقرب بندہ ہوں میں نے اس فرشتہ کو اس ساعت سے پہلے جب سے کہ مجھے پیدا کیا گیا ہے نہیں دیکھا۔ پھر اس فرشتے نے کہا "اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَر" پردۂ جلال کے پیچھے سے آواز آئی، میرے بندے تو نے سچ کہا میں اکبر ہوں۔ اس کے بعد اذان کے بقیہ کلمات کو بیان کیا تحقیق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں اذان کے کلمات کو سنا لیکن حکم نہ ہوا کہ ان کلمات اذان کو نماز کے لیے کہا جائے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں بغیر اذان کے نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے اور یہاں اس باب میں صحابہ کے ساتھ مشورہ کیا۔ بعض صحابہ نے اذان کو خواب میں سنا اس پر وحی آئی کہ ان کلمات کو جو آسمان پر سنا تھا زمین پر اذان کا طریقہ اختیار کرو (واللہ اعلم)

علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس خود اذان دی ہے یا نہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے آپ اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہ سب سوار تھے اوپر بارش تھی اور نیچے کیچڑ۔ اور کیچڑ کی وجہ سے سواری سے نیچے اترنا دشوار تھا اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کہی۔ اور سب نے سواریوں پر ہی نماز ادا کی اور بعض کہتے ہیں کہ اس جگہ اذان کہنے سے مراد، برطریق مجاز اذان کا حکم دینا ہے۔ اور مسند امام احمد اور دار قطنی کی روایت میں اس کی صراحت بھی آئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کہنے کا حکم فرمایا اور ہدایہ میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا ہے کہ آپ نے مغرب کے وقت اذان کہی اور اس کے بعد بیٹھے۔

شمس الائمہ سرخسی کی نہایہ میں منقول ہے کہ وہ امام یوسف کے قول کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اس میں اشارہ ہے کہ ابوحنیفہ بہ نفس نفیس خود اذان واقامت کہا کرتے تھے اور سغناقی کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ امامت بھی خود ہی کرتے تھے اور فرماتے ہیں کہ احسن یہ ہے کہ موذن اور امام نماز عالم ہو۔ بخلاف اس کے جو متاخرین کہتے ہیں کہ احسن یہ ہے کہ امام، اذان واقامت کو اپنے سوا

دوسرے کے سپرد کرے۔ اس لیے کہ رسول بنفس نفیس' خود امامت کے ساتھ اذان واقامت کو جمع نہ فرماتے تھے۔ اور شمس الائمہ فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں خاص ہے لیکن ہمارے حق میں امام کا اپنے آپ لئے اذان دینا اولیٰ ہے۔ اس لیے کہ موذن لوگوں کو خدا کی طرف بلاتا ہے۔ لہٰذا جس کا درجہ بلند واعلیٰ ہے وہ اذان کے لیے اولیٰ ہے اور فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بعض اوقات خود اذان کہی ہے جیسا کہ عقبہ بن عامر سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک سفر میں' میں حضور کے ساتھ تھا جب سورج ڈھل گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کہی اور اقامت کہی اور ظہر کی نماز ادا فرمائی۔ یہ کلام نہایہ کا ہے۔

مخفی نہ رہنا چاہیے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مستمرہ وہی ہے جو معلوم ہے اور اذان واقامت کے لیے ان کا قول کہ ایک مرتبہ سفر میں کہی، علماء کہتے ہیں کہ یہ بھی مأول ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ان کا وقوع دائمی نہ تھا اور وہ جو منقول ہے وہ بھی نماز مغرب میں ہی ہے جو ایک بار ایسا واقع ہوا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بسا اوقات امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اللہ کو امام بناتے تھے مگر اس جگہ خود بنے ہوں اور کیا یہ صورت ممکن ہے کہ آپ جیسا امام اجل ہمیشہ یا اکثر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مستمرہ کے برخلاف عمل کرتے ہوں گے چنانچہ صاحب نہایہ نے جو بیان کیا ہے وہ ضعیف ہے اس لیے اس سے یہ لازم آتا ہے کہ یہ عادت کریمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمیشہ رہی ہے۔ (کیونکہ اصل داعی الی اللہ آپ ہی ہیں۔) اور اس پہ آپ ہمیشہ ہی عمل کرتے ہوں؟ ہاں بیان جواز کے لیے ان سب کو جمع کرنے میں یعنی اذان' اقامت اور امامت میں کلام نہیں ہے۔ اگرچہ بعض دیگر سنن میں ہے کہ امام اور قوم ''حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ'' کے وقت کھڑے ہوں، ''قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ'' کے وقت امام نیت باندھے۔ ان سے ان حدیثوں پر عمل فوت ہوتا ہے اس بنا پر علماء کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک مکروہ ہے اور بعض کے نزدیک خلاف اولیٰ۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مستحب ہے اور اس قول کی امام نووی نے شوافع سے اور شمس الائمہ جو حنفی المذہب ہیں ان سے تصحیح کی ہے حالانکہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے درجہ صحت کے ساتھ مروی ہے کہ فرمایا اگر خلافت کے ساتھ اذان کہنا جمع ہوتا تو میں ہی اذان کہتا۔ (کذا فی فتح الباری)۔

اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان کہنے کا قصہ جو مذکور ہوا مرتبہ صحت کو پہنچ جائے تو اذان واقامت کے درمیان جمع بے کراہت ہے اگر ان کو بھی بیان جواز پر محمول نہ رکھیں اور علماء فرماتے ہیں کہ شارع علیہ السلام سے اصل جواز کے بیان کے لیے فعل مکروہ کا صدور بھی جائز ہے۔ (واللہ اعلم) افتتاح صلوٰۃ (تکبیر تحریمہ)

وصل: احادیث میں مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے اور اس تکبیر سے پہلے نیت' زبان ولفظ سے نہیں ہے۔ محدثین کہتے ہیں کہ زبان سے نیت کہنی بدعت ہے اور اسے حضور نے مکروہ جانا ہے اور نہ آپ کے کسی صحابی سے منقول ہے۔

مواہب میں ابن قیم سے نقل کیا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ زبان اور لفظوں سے نیت کرنا بدعت ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ کسی صحیح سند سے' نہ ضعیف' نہ مسند' نہ مرسل سے اور نہ کسی صحابی کے عمل سے کوئی روایت مروی ہے۔ اور نہ کسی تابعی نے اسے مستحب قرار دیا ہے اور نہ ائمہ اربعہ نے (انتہی) اور فقہاء بھی لفظوں کے ذریعہ نیت کرنے میں اختلاف رکھتے ہیں بعض کے نزدیک بدعت ہے۔ اس لیے کہ یہ فعل منقول نہیں ہے اور بعض مستحب کہتے ہیں اس لیے کہ یہ استحضار نیت قلبی پر مدد کرتی ہے اور عبادت لسانی وقلبی کے درمیان اجتماعیت کا موجب ہے اور قواعد شرع اور ضرورت عقل سے معلوم ہو گیا ہے کہ اگر دل زبان کے ساتھ جمع ہو جائے تو اتم واکمل ہوتا ہے۔ یہ بات نیت وتلبیہ ورکوع وسجود کی تسبیحات پر قیاس میں فاسد ہے۔ اور قیاس نص کے مقابلے میں ہے۔ (کمالا یخفی)۔

اور تکبیر تحریمہ کے ساتھ دونوں ہاتھ اٹھاتے۔ اکثر حدیثوں میں ایسا ہی واقع ہوا ہے اور مذہب امام ابو یوسف اور مختار جماعت فقہا حنفیہ مثلاً طحاوی و قاضی خاں وغیرہ یہی ہے اور کہتے ہیں کہ تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانا سنت ہے۔ لہٰذا اس کے ساتھ متصل ہے اور بعض حدیثوں میں ہاتھ اٹھانے سے تکبیر میں تاخیر کرنا بھی آیا ہے۔ مذہب امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ یہی ہے اور اسی پر عام مشائخ عظام ہیں۔ ہدایہ میں اسی کو اصح کہا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہاتھ اٹھانے میں غیر حق جل وعلیٰ سے کبریائی کی نفی ہے۔ اور تکبیر میں حق سبحانہ وتعالیٰ کی کبریائی کا اثبات ہے اور اثبات پر نفی مقدم ہوتی ہے جیسا کہ ''لَآ اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰہُ'' میں ہے اور ابن الہمام شرح میں تیسرا قول بھی نقل کرتے ہیں وہ رفع یدین پر تکبیر کی تقدیم ہے۔ اور وہ ایک حدیث بھی بیہقی سے سنن کبریٰ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی اس کی موافقت میں لاتے ہیں۔ لہٰذا یہ سب تین قول ہوئے اور جائز ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سب فعل اوقات متعددہ میں صادر ہوئے ہوں (واللہ اعلم)۔ اور ہاتھوں کو اٹھانے میں اکثر کانوں کے برابر ہوتے اور کبھی کندھوں کے محاذ میں۔ پہلا طریقہ مذہب امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہے اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے۔ یہ حضرات وائل بن حجر رضی اللہ عنہ حدیث سے تمسک کرتے ہیں جو مسلم وابوداؤد میں روایت کی گئی ہے۔ اور دوسرا طریقہ مذہب امام شافعی، امام مالک رحمہما اللہ کا ہے۔ اور امام احمد سے بھی مروی ہے اور یہ بھی حدیثوں میں واقع ہوا ہے اور ابوحمید ساعدی کی حدیث میں بھی آیا ہے جسے انہوں نے جماعت صحابہ میں کہا ہے کہ میں تم سب میں زیادہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حافظ ہوں۔ ممکن ہے کہ بعض اوقات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہو۔

تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر بالائے ناف سینے کے نیچے رکھنا شوافع کا مذہب ہے اور ناف کے نیچے رکھنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے اور بعض اصحاب شوافع کا بھی یہی مذہب ہے۔ (کذا فی المواہب) اور ہدایہ میں ہے کہ امام شافعی کا مذہب سینہ کے اوپر ہاتھ رکھنا اور امام احمد کا مذہب' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے موافق کہا گیا ہے۔ اور ان کی ایک روایت میں اس کا اختیار دیا گیا ہے کہ چاہے سینہ پر رکھے یا زیر ناف' امام ترمذی فرماتے ہیں کہ علماء کے نزدیک اس باب میں حکم وسیع ہے۔ مطلب یہ کہ جو کچھ کرے جائز ہے۔

ہاتھ باندھنے کے بعد دعائے استفتاح یعنی ثنا پڑھنے ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ (اِلٰی آخِرِہٖ) اَوْ اَدْعِیَہ استفتاح بہت ہیں جیسے: اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وغیرہ۔ اور شوافع ان سب کو یا ان میں سے بعض کو تمام فرض ونفل نماز میں پڑھتے ہیں اور احناف کے نزدیک یہ دعائیں نوافل اور رات کی نمازوں کے ساتھ مخصوص ہیں اور فرض میں صرف سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ ہی ہے اور امام ابو یوسف کے نزدیک ثنا اور توجہ دونوں مروی ہیں۔ ثنا سے مراد سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ الخ اور توجہ سے مراد اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ الخ ہے۔ اور امام طحاوی کے نزدیک بھی یہی مختار ہے لیکن کہا گیا ہے کہ نماز پڑھنے والا مختار ہے کہ چاہے ثناء کے بعد توجہ پڑھے یا اس سے پہلے۔ یہ بھی امام یوسف سے ہی مروی ہے اور مشہور ثنا سے توجہ کی تاخیر ہے اور جو لوگ نماز شروع کرنے سے پہلے نیت میں اِنِّیْ وَجَّهْتُ الخ پڑھتے ہیں یہ سنت کے موافق نہیں ہے۔

اور سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ الخ کی اسناد میں کلام ہے اور طیبی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن' مشہور ہے اور مسلم میں سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے اسے روایت کیا گیا ہے اور اسے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسے مجتہدین صحابہ نے اختیار کیا ہے اور بکثرت علماء تابعین وغیرہم اس کے قائل ہیں اور امام ابوحنیفہ جیسے علماء نے اسے اختیار کیا ہے۔ اس حدیث کو کیونکر طعن وضعف کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے اور اجلّۂ علماء حدیث اس کے عامل وقائل ہیں۔ جیسا سفیان ثوری' امام احمد اور اسحاق وغیرہم رضی اللہ عنہم۔ اور طعن کی حقیقت امام ترمذی کی ایجاد ہے جسے وہ اپنی سند میں لائے ہیں نہ کہ اس حدیث کی تمام سندوں میں اور یہ کیونکر ممکن ہے جب کہ اعاظم ائمہ کبار اس حدیث کو اختیار

کرتے اور اس پر اپنا مذہب رکھتے ہیں۔

دعائے استفتاح یعنی ثنا کے بعد استعاذہ کرتے اور فرماتے ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔'' استعاذہ قرأت قرآن سے پہلے مسنون ہے خواہ نماز میں ہو یا نماز کے باہر اور عامۂ سلف سے جیسے سفیان ثوری اور عطا وغیرہ ان سے اس کا وجوب بھی مروی ہے اور یہ ظاہر حکم کی بناء پر ہے کہ فرمایا: اِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ۔ اور شاطبیہ کی ایک شرح میں ہے جسے جبیر بن مطعم سے روایت کیا گیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی پڑھا کرتے اور فرماتے کہ مجھے جبریل علیہ السلام نے ایسا ہی بتایا ہے۔ ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی لفظ اعوذ باللہ آیا ہے ایسا ہی ابن الہمام نے شرح میں بیان کیا ہے۔ ہدایہ میں کہتے ہیں کہ ''استعیذ باللہ۔'' کہنا اولیٰ ہے تا کہ لفظ قرآن سے موافقت ہو جائے۔ (جب تم قرآن پڑھو تو اللہ سے استعاذہ کرو) اور فقہا کے درمیان اور قراء کے درمیان اختلاف ہے کہ اعوذ باللہ افضل ہے یا استعیذ باللہ۔''

استعاذہ کے بعد ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' پڑھتے۔ اور نماز کے اول میں تسمیہ پڑھنا بالاجماع ہے۔ اگرچہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تسمیہ نہ تو سورۂ فاتحہ کا جزو ہے اور نہ کسی اور سورۃ کا۔ لیکن اول صلوٰۃ میں پڑھتے تو یہ ان کے نزدیک تعوذ کی مانند مفتاح صلوٰۃ ہے۔ اور ایک روایت میں ہر رکعت کے اول میں ہے۔ یہ قول صاحبین رحمہما اللہ کا ہے۔ اس لیے کہ تسمیہ قرآن کی تلاوت شروع کرنے کے لیے ہے اور ہر رکعت قرأت میں مستقل ہے۔ یہ بر بنائے احتیاط اور باعتبار اختلاف علماء ہے۔ کیونکہ بعض کے نزدیک تسمیہ فاتحہ کا جزو ہے' سورہ فاتحہ اور کسی اور سورۃ کے درمیان تسمیہ لازم نہیں ہے مگر امام محمد کے نزدیک یہ مخاف کی صورت میں ہے۔

واضح رہنا چاہیے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا پڑھنا متفق علیہ ہے۔ البتہ اس کے جہر اور اخفا میں اختلاف ہے اور امام ابوحنیفہ' امام ابوسفیان ثوری اور امام احمد رحمہما اللہ اس کے اخفا و اسرار کے قائل ہیں۔ اور حضرت عمر' علی' ابن مسعود، عمار بن یاسر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے یہی مروی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اور حضرت ابوبکر و عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی ہے میں نے ان میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو جہر سے پڑھا ہو۔ اسے امام احمد' نسائی، ابن خزیمہ اور دار قطنی نے روایت کیا اور جامع الاصول میں حضرت انس کی حدیث کو تسمیہ میں عدم جہر کے باب میں' کتب ستہ سے روایت کیا ہے اور دار قطنی فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی صحیح سند سے مروی نہیں ہے۔ لیکن بعض صحابۂ کرام سے جو روایتیں مروی ہیں ان میں سے کچھ تو صحیح ہیں اور کچھ ضعیف۔ امام احمد نے صراحت کی ہے کہ مدینہ طیبہ کے بعض ائمہ بر بنائے بیان سنت' تسمیہ کو جہر سے پڑھتے تھے۔ لیکن بعض شراح حدیث فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جہر کے سلسلے میں جو کچھ مروی ہے تو یہ تعلیم امت کے لیے تھا جیسا کہ بعض اوقات نماز ظہر میں بعض سورت کو جہر فرماتے تا کہ جان لیں کہ فلاں سورت پڑھی ہے۔ یہ تعلیم امت کے لیے تھا۔ (کما قیل)۔

صاحب ''سفر السعادۃ'' فرماتے ہیں کہ حضور بعض اوقات بِسْمِ اللّٰہِ کو جہر سے پڑھتے اور بعض اوقات اخفا کرتے تھے اور ترمذی نے اپنی جامع میں دو باب باندھے ہیں ایک بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ترک جہر میں ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس پر اکثر صحابۂ کرام کے اہل علم کا عمل ہے جیسے حضرت ابوبکر' عمر' عثمان اور علی مرتضیٰ وغیرہم رضی اللہ عنہم اور ان کے بعد تابعین میں سے بھی اس کے قائل ہیں جیسے سفیان ثوری، عبداللہ بن مبارک' احمد اور اسحٰق وغیرہم رضی اللہ عنہ اور فرماتے ہیں کہ نماز' بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو جہر سے نہ پڑھے اور اسے زیر لب آہستہ سے کہے اور دوسرا باب بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے جہر میں لاتے ہیں اور اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث لاتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو جہر سے پڑھتے تھے

اور ترمذی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند قوی نہیں ہے اور اس کے قائل چند صحابہ ہیں جیسے حضرت ابو ہریرہ' ابن عمر' اور ابن عباس وغیرہم رضی اللہ عنہم چند تابعین بھی اس کے قائل ہیں اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی یہی ہے انتہی۔

اور حاکم نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث صحیح ہے اور حاکم نے اس کی تصحیح بغیر علت وسبب کے کی ہے اور جہر میں حضرت ابو ہریرہ کی حدیث بھی صحیح ہے اور کہتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں جہر میں امثل احادیث ہیں اور شیخ ابن الہمام' عبدالبر سے نقل کر کے فرماتے ہیں کہ شعبی' نخعی' اوزاعی' قتادہ' عمر بن عبدالعزیز' اعمش' زہری' مجاہد' حماد اور ابوعبید رحمہم اللہ کا مذہب بھی ترک جہر ہے اور بعض حفاظ حدیث کہتے ہیں کہ جہر میں کوئی حدیث صریح نہیں ہے مگر یہ کہ ان کی سندوں میں محدثین کے نزدیک کلام ہے اسی بنا پر ارباب مسانید مشہورہ نے اعراض کیا ہے۔ اور اس بارے میں کچھ بھی حدیثیں روایت نہیں کی ہیں۔ باوجود یہ کہ ان کی کتابیں احادیث ضعیفہ پر بھی مشتمل ہیں اور ابن تمنہ نے کہا کہ ہمیں دارقطنی سے معلوم ہوا ہے وہ کہتے ہیں کہ جہر تسمیہ کے سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث صحیح مروی نہیں ہوئی ہے۔ غرضیکہ اس باب میں جس قدر حدیثیں مروی ہوئی ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر اور اوضح وارجح وہی ہیں جیسا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے اور یہ جو بعض لوگوں میں مشہور ہوا ہے کہ جہر ارجح ہے اور امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا مذہب جہر تھا صحیح نہیں ہے اور اپنی جگہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ ان کا مذہب اور دیگر خلفاء ثلٰثہ کا مذہب ترک جہر ہے۔ (رضی اللہ عنہم)۔ اس کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھتے اور سورۃ فاتحہ کے آخر میں آمین کہتے جہری نماز میں جہر سے اور سرّی نماز میں آہستہ سے اور مقتدیان بھی آمین کہنے میں جہری میں جہر سے اور سرّی میں آہستہ سے موافقت کرتے۔ نماز میں آمین جہر سے کہنے میں احادیث مروی ہیں۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا یہی مذہب ہے لیکن امام مالک کے مذہب میں قدرے اختلاف ہے اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے مذہب میں مطلقاً اخفاء یعنی آہستہ کہنا ہے۔

جامع ترمذی میں بآواز بلند آمین کہنے اور بآواز پست آمین کہنے دونوں ہی کے بارے میں حدیثیں مروی ہیں لیکن ان میں جہر کی حدیث کو ترجیح دیتے ہیں اور بخاری سے بھی ایسا ہی منقول ہے اور کہتے ہیں کہ صحابہ و تابعین کے اکثر علماء کا عمل اسی پر ہے۔ انتہی۔

سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ امام چار چیزوں میں اخفا کرے۔ یعنی آہستہ سے کہے تعوذ' بِسْمِ اللّٰہِ' آمین اور سبحانک اَللّٰھُمَّ و بحمدک الخ اور حضرت ابن مسعود سے ایسا ہی مروی ہے اور علامہ سیوطی ''جمع الجوامع'' میں بروایت ابووائل روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما نہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو جہر سے کہتے تھے اور نہ تعوذ کو اور نہ آمین کو۔ اور شیخ ابن الہمام' ابووائل سے اخفا اور جہر میں دونوں روایتیں نقل کر کے فرماتے ہیں کہ دونوں حدیثیں معلول ومجروح ہیں اور مدار حضرت ابن مسعود کی حدیث پر ہے۔

واضح رہنا چاہیے کہ بعض روایتوں میں ''مدصوتہ'' آیا ہے اس میں آمین کے ہمزہ کے مد کا بھی احتمال ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ قرنیہ روایت کے بموجب، رفع صوت یعنی بآواز کہنا مراد ہے کیونکہ دوسری روایت میں ''رفع صوتہ'' آیا ہے اور بعض روایتوں میں ''یرتج بہا المسجد'' (اس سے مسجد گونج اٹھتی) آیا ہے ''رجّ'' دو جیموں کے ساتھ بمعنی جنبیدن ولرزیدن آتا ہے۔

اور آمین الف کے مد اور تخفیف میم سے ہے اور الف کے قصر سے بھی جائز ہے اور بعض کے نزدیک مد الف کو تشدید کے ساتھ ادا کرنا غلط وخطا ہے مگر مفسد نماز نہیں ہے اس لیے کہ قرآن کا کلمہ ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا ''آمین البیت الحرام'' اگرچہ اس معنی میں نہیں ہے اور بعض کے نزدیک خطا نہیں ہے اور اگر خطا بھی ہو تو اس لفظ کے معنی ہیں یعنی ''قاصدین الاجابۃ'' قبولیت کی آرزو رکھنے والے ایسا ہی شیخ ابن الہمام نے حلوائی سے نقل کر کے بیان کیا ہے اور شیخ ابوعبدالرحمٰن سلمی صوفی کے کلام میں بھی اس معنی کے ساتھ کہا گیا

ہے۔اور بعض فقہاء نے اسے خطا کہنے میں مبالغہ سے کام لیا ہے اور ظاہر ہے کہ خطا کہنے والا خطا کار ہے۔اور سورۂ فاتحہ کے بعد کوئی سورۃ ملا کر پڑھتے اور صبح کی نماز میں قرأت کو ساٹھ آیتوں سے سو آیتوں تک دراز کرتے اور کبھی سورۃ ق پڑھے اور کبھی سورۂ روم پڑھتے اور کبھی قرأت میں تخفیف کرتے اور سفر میں ''معوذتین'' پڑھتے اور جمعہ کے دن نماز فجر میں سورۂ ''الم تنزیل السجدۃ'' پہلی رکعت میں اور وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ دوسری رکعت میں پڑھتے۔اور شوافع اس عمل پر مواظبت و مداومت نادر رکھتے ہیں اور کبھی اس کے خلاف کوئی عمل وجود میں نہیں لاتے اور احناف کے نزدیک کسی وقت کے ساتھ کسی سورت کو معین کر دینا مکروہ جانتے ہیں اور شیخ ابن الہمام، طحاوی اور اسبیجابی میں نقل کرتے ہیں کہ یہ کراہت اس تقدیر پر ہے کہ اسے لازم جانے اور ان کے سوا کو مکروہ سمجھے لیکن اگر بحکم فرمان باری تعالیٰ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔(تو قرآن سے جو آسان ہو پڑھو) انہیں پڑھے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت سے تبرک کی بنا پر پڑھے تو کوئی کراہت نہیں ہے لیکن شرط یہ ہے کہ کبھی کبھی ان کے سوا بھی پڑھے تا کہ کوئی جاہل یہ گمان نہ کرے کہ یہ جائز نہیں ہے۔

صاحب محیط بھی نقل کر کے کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن فجر میں ان میں قرأت مستحب ہے بشرطیکہ کبھی کبھی ان کے سوا بھی پڑھے تا کہ کوئی جاہل گمان نہ کرے کہ ان کے سوا جائز نہیں ہے اور شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ اس عبارت میں علم کے بعد جائز ہونے میں کلام نہیں ہے کیونکہ کلام تو مداومت میں ہے۔انتہی۔اور ظاہر یہ ہے کہ احناف کے نزدیک اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مداومت ثابت شدہ نہیں ہے۔اگرچہ طبرانی ابن عباس کی حدیث میں ''کل جمعۃ'' زیادہ لائے ہیں اور بعض روایتوں میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا میں نے ایسا ہی دیکھا ہے (واللہ اعلم)۔

اور نماز جمعہ میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون پڑھتے اور کبھی ''سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى'' اور غاشیہ پڑھتے اور شب جمعہ میں سورۂ جمعہ کی قرأت بھی مروی ہے۔علامہ سیوطی نے سورۂ منافقون کا بھی ذکر کیا ہے۔خلاصہ یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں باعتبار مصلحت و حکمت جو بھی وقت کا اقتضاء ہوتا طویل یا قصیر سورتوں میں سے جو چاہتے پڑھتے۔جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں آیا ہے اور یہ جو مشہور و معمول ہے اور جس پر اکثر فقہاء کا عمل ہے کہ فجر و ظہر میں ''طوال مفصل'' پڑھتے اور عصر و عشاء میں اوساط اور مغرب میں قصار، تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اکثر احوال اسی نہج پر تھا' اس باب میں اخبار و آثار بکثرت ہیں۔

ہدایہ میں کہتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے نام ایک خط اس بات میں اصل و بنیاد ہے۔یقیناً جو کچھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لکھا ہوگا سنت کے مطابق اور اس کے موافق ہی ہوگا۔اور اس کے برخلاف جو روایتیں مذکور ہیں وہ بھی صحیح ہیں لامحالہ یہ اکثر احوال کے حکم میں ہے (واللہ اعلم)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قرأت سے فارغ ہوتے تو تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جاتے اور یہ تکبیر یا تو قیام کی حالت میں ہے یا جھکنے کی حالت میں۔اکثر کا مذہب یہ ہے کہ تکبیر جھکنے کی حالت میں کہتے۔جیسا کہ ہدایہ میں جامع صغیر سے منقول ہے کہ جھکنے کے ساتھ تکبیر ہے۔اسی طرح جب رکوع سے سر اٹھاتے اور حدیث میں ہے کہ كَانَ يُكَبِّرُ فِيْ كُلِّ خَفْضٍ وَرَفْعٍ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں جب بھی سر مبارک جھکاتے اور سر مبارک اٹھاتے تو تکبیر کہتے۔امام شافعی اور امام احمد وغیرہ کے نزدیک یہ تکبیر رفع یدین کے ساتھ ہے۔اور ہمارے نزدیک بغیر رفع یدین کے۔اور یہ اختلاف' احناف اور ان کے ماسوا کے درمیان عجیب ہے اور شوافع، حدیث رفع کی صحت میں بھرپور مبالغہ کرتے ہیں۔''صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ یہ حدیث کثرت روایات کے اعتبار سے تواتر کی مانند ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابۂ کرام سے اس باب میں چار سو صحیح حدیثیں مروی ہیں جنہیں عشرہ مبشرہ نے بھی روایت کیا ہے۔اور ترمذی نے اپنی عادت کے مطابق جو وہ اختلاف احادیث اور اعمال علماء کے باب میں رکھتے ہیں اس جگہ بھی دو باب قائم کیے ہیں پہلا

باب رفع یدین میں ہے اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب آپ نماز شروع فرماتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے اور اپنے کندھوں کے مقابل لاتے اور جب رکوع کرتے اور رکوع سے سر مبارک اٹھاتے۔'' اور بعض روایتوں میں ہے کہ وَكَانَ لَا يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ .(اور حضور دونوں سجدوں کے درمیان ہاتھوں کو نہ اٹھاتے تھے) اور انہوں نے صحابۂ کرام سے متعدد سندوں کا اشارہ کر کے بکثرت صحابہ وتابعین کے مجتہدین وغیرہ کے عمل کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ جیسے اوزاعی' عبداللہ' شافعی' احمد اور اسحاق وغیرہ رحمہم اللہ۔ اور اس حدیث کی صحت بیان کر کے اس کی ترجیح کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ اور ترمذی نے دوسرا باب مَنْ لَّا يَرْفَعُ اِلَّا عِنْدَ الْاِفْتِتَاحِ۔ (جس نے تحریمہ کے بعد رفع یدین کو نہیں دیکھا) کا باندھا ہے۔ اس باب میں علقمہ کی حدیث جو حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے بیان کی کہ انہوں نے اپنے رفیقوں سے فرمایا میں نے تمہارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی ہے۔ پھر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما' نے بھی نماز پڑھی تو انہوں نے تکبیر تحریمہ کے سوا کہیں ہاتھ نہ اٹھایا۔ ترمذی فرماتے ہیں کہ اس باب میں حضرت براء رضی اللہ عنہ بن عاذب سے بھی مروی ہے اور کہا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث حسن ہے اور بکثرت صحابہ وتابعین کے اہل علم اس کے قائل ہیں اور سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول یہی ہے۔ امام محمد اپنی موطا میں امام مالک سے بروایت زہری از سالم بن عبداللہ بن عمر' وہ اپنے والد سے مروی لائے ہیں اور فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ ہر جھکنے اور اٹھنے میں تکبیر کہے لیکن بجز تکبیر تحریمہ کے کہیں ہاتھ نہ اٹھائے اور یہ قول امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور اس میں بکثرت روایات مروی ہیں اس کے بعد از عاصم بن کلیب جرمی اپنے والد سے جو تابعین میں سے ہیں اور حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ' کے ملاقی ہیں روایت کرتے ہیں اس سلسلے میں متعدد روایتیں نقل کی ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تکبیر تحریمہ کے سوا کہیں رفع یدین نہیں کرتے تھے اور حضرت ابراہیم نخعی سے منقول ہے کہ فرمایا تکبیر تحریمہ کے سوا کسی جگہ نماز میں ہاتھوں کو نہ اٹھاتے اور حضرت عبدالعزیز بن حکیم سے منقول ہے کہ فرمایا کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا ہے کہ وہ اول تکبیر افتتاح میں ہاتھوں کو اٹھاتے اور اس کے ماسوا میں ہاتھ نہ اٹھاتے تھے اور ابوسفیان ثوری نے ابن مسعود کی حدیث کو بھی نقل کیا ہے۔ انتہی۔ مشکوٰۃ الآثار سے طحاوی نقل فرماتے ہیں کہ مجاہد نے روایت کر کے کہا کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی ہے وہ تکبیر اول کے سوا اپنے ہاتھوں کو نہ اٹھاتے تھے اور اسود سے منقول ہے کہ فرمایا میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو تکبیر اولیٰ کے سوا ہاتھوں کو اٹھاتے نہیں دیکھا اور جب کہ حضرت عمر اور حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا دور بہت نزدیکی اور قرب کا ہے ان کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو بھی لوگوں نے دیکھا کہ ایسا ہی کرتے تھے اس کے برخلاف جو کچھ نقل کرتے ہیں اولیٰ واحق یہ ہے کہ وہ مقبول نہ ہوگا۔

حضرت ابن الہمام شرح میں، ابراہیم' علقمہ، اور عبداللہ رضی اللہ عنہم سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی ہے اور افتتاح صلوٰۃ کے وقت کے سوا اپنے ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے۔ اور نہایہ شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ' سے روایت کیا گیا ہے کہ ایک شخص کو دیکھا کہ وہ بیت الحرام میں نماز پڑھ رہا ہے اور اپنے ہاتھوں کو وہ رکوع میں جاتے اور رکوع سے اٹھاتے وقت اٹھا رہا ہے اس پر حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا ایسا نہ کرو۔ یہ وہ عمل ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پھر اس کے بعد اسے چھوڑ دیا۔ مطلب یہ کہ یہ حکم ابتدائے زمانہ میں تھا پھر منسوخ ہو گیا۔ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدین کرتے تھے تو ہم بھی کرتے تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا تو ہم نے بھی چھوڑ دیا۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا

عشرہ مبشرہ افتتاح نماز کے وقت کے سوا ہاتھوں کو نہیں اٹھاتے تھے اب معلوم ہو گیا ہو گا کہ اخبار و آثار، رفع اور عدم رفع دونوں جانب میں ثابت ہیں لہٰذا اس کے سوا کوئی چارہ نہ رہا کہ ہم کہیں کہ رفع اور عدم رفع اختلاف اوقات کے ساتھ دونوں تھے یا ابتدا میں رفع تھا جو آخر میں منسوخ ہو گیا۔

شیخ کمال الدین ابن الہمام فرماتے ہیں کہ نماز میں ابتدائی زمانے میں اس قسم کے اقوال و افعال تھے جن میں رفع مباح تھا جو بعد میں منسوخ ہو گیا۔ لہٰذا بعید نہیں ہے کہ یہ بھی انہیں قبیل سے ہو جس میں نسخ شامل ہے۔ خصوصاً ایسے ناقابل روشبوت کے ساتھ جو اس کے برخلاف موجود ہیں یہ اس قبیل سے ہے جس میں خشوع و سکون ہے جو نماز میں باجماع مطلوب و مقصود ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے حماد سے اور وہ ابراہیم سے نقل کرتے ہیں کہ ان کے سامنے وائل بن حجر کی روایت ذکر کی گئی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رکوع و سجود کے وقت رفع یدین کرتے دیکھا ہے۔ اس پر ابراہیم رضی اللہ عنہ نے فرمایا ممکن ہے کہ انہوں نے صرف اسی دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کی ہو کیا وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور دیگر اصحاب سے زیادہ عالم ہیں یا یہ کہ انہوں نے تو یاد رکھا اور دیگر اصحاب صحابہ نے یاد نہ رکھا۔ بلاشبہ ایک جماعت کثیرہ نے جن کا کوئی حد و شمار نہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں کو ابتدائے نماز کے سوا نہیں اٹھاتے تھے اور وہ اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں اور یہ کہ حضرت عبداللہ شرائع اسلام اور اس کے حدود کے عالم ہیں۔۔ احوال نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سب کا ان پر اتفاق ہے یہ سفر و حضر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحبت میں رہے ہیں اور حضور کی اقتداء میں اتنی نمازیں انہوں نے پڑھی ہیں جن کی کوئی گنتی و شمار نہیں ہے لہٰذا تعارف کے وقت ان کے قول کو لینا اس شخص کے مقابلے میں جو تنہا ہو اولیٰ ہے۔ لہٰذا آخر میں دونوں فعلوں کے مسنون ہونے کے سوا کوئی چارہ نہیں واللہ اعلم۔ شرح سفر السعادۃ میں اس سے زیادہ بحث کی گئی ہے تو تم وہاں دیکھو۔

رکوع میں دونوں ہتھیلیوں کو گھٹنوں پر خوب جماتے۔ اور انگلیوں کو کھول کر رکھتے۔ علماء فرماتے ہیں کہ نماز میں انگلیوں کی تین حالتیں ہیں ایک رکوع کی حالت میں کھول کر رکھنا دوسرے سجدے کی حالت میں انگلیوں کو ملا کے رکھنا اور تیسرے تمام حالتوں میں انگلیوں کو اپنے حال پر چھوڑنا۔ خواہ قیام کی حالت ہو خواہ تشہد کی حالت اور بازوؤں کو پہلو سے دور کرتے، پشت کو سیدھا رکھتے اور سر کو اس کے برابر نہ نیچا کرتے اور نہ اٹھاتے اور تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم کہتے یہ کم سے کم ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ تین بار کمال نماز کے لیے ہے اگر اس سے زیادہ کہے تو افضل ہے۔ تین کے بعد وتر کرے یعنی پانچ یا سات یا نو۔ اور فرماتے ہیں کہ غایت کمال میں کوئی عدد نہیں ہے۔ اور بعض نے دس تک کہا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اتنا نہ ہو کہ بعض سہو کا گمان کرنے لگیں اور بعض نے قریب بقدر قیام کہا ہے۔ یہ تمام اقوال اکیلے نمازی کے لیے ہیں اور امام کے لیے مقتدیوں کی رعایت لازم ہے کیونکہ جماعت میں بوڑھے بھی ہوتے ہیں اور کمزور بھی، اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے بہت سے حضرات کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ مشابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے اس جوان کی نماز ہے (یعنی عمر بن عبدالعزیز کی) اور اندازہ لگایا کہ ان کا رکوع و سجود دس تسبیحات کے برابر تھا اگرچہ دس سے کم کہتے ہوں۔ اور حضور سجدے اسی اندازے پر کرتے۔ آپ جب سجدہ میں جاتے تو ہاتھوں سے پہلے گھٹنوں کو زمین پر رکھتے اس کے بعد ہاتھوں کو رکھتے بعد ازاں پیشانی و بینی شریف رکھتے۔ بعض کے نزدیک پہلے بینی شریف اس کے بعد پیشانی مبارک رکھتے کیونکہ یہ اقرب ہے۔ امام ابوحنیفہ، شافعی اور امام احمد کا مذہب یہی ہے کہ گھٹنوں کو پہلے رکھتے اور امام مالک اور اوزاعی کے مذہب میں گھٹنوں سے پہلے ہاتھوں کو زمین پر رکھنا ہے امام احمد کی بھی ایک روایت ایسی ہی ہے اور سات عضو کے ساتھ سجدہ فرماتے۔ چہرہ، دونوں ہاتھ دونوں گھٹنے، دونوں قدم اور پیشانی اور بینی شریف دونوں سے کرتے۔ صرف پیشانی اور ناک پر اکتفا

میں چند قول ہیں۔ احناف کے نزدیک دونوں سے ہے اور دونوں قدم اٹھ جانے سے سجدہ میں نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اور ایک قدم اٹھنے سے مکروہ۔ (کذا فی الشرح ابن الہمام) اور سجدے میں (ہاتھوں کو پہلو سے دور رکھتے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں بغل شریف کی سفیدی ظاہر ہو جاتی۔ بازوؤں اور پیٹ کو رانوں سے بھی دور رکھتے اتنا کہ بکری کا بچہ اس کے درمیان سے گزر جاتا۔ اور سجدے میں سر مبارک کو دونوں ہتھیلیوں کے درمیان رکھتے اور قومہ وجلسہ بھی رکوع وسجود کے مقدار فرماتے۔ کبھی اسے طویل فرماتے کہ لوگوں کو وہم ہو جاتا کہ نماز بھول گئے ہیں اور صحیحین میں ہے کہ قیام، رکوع، اعتدال، سجدہ اور جلسہ قریب قریب برابر و یکساں ہوتے تھے۔ اور یہ اس پر محمول ہے کہ جب قیام طویل ہوتا تو رکوع وقومہ اور سجدہ وجلسہ بھی سب طویل ہوتے۔ اور جب قیام خفیف ہوتا تو یہ سب خفیف ہوتے۔ یہ نہیں کہ سب بمقدار قیام ہوتے۔ اس حدیث کی پہلی تاویل کی گئی ہے اور یہ باعتبار عادت واکثر احوال پر ہے۔ ورنہ بعض اوقات جیسا نماز خسوف وکسوف میں اور کبھی نماز تہجد میں رکوع وسجود اور جلسہ وقومہ قیام کے برابر ہوتے تھے اور رکوع وسجود اور جلسہ وقومہ کے اعتدال واطمینان کے باب میں احادیث بکثرت موجود ہیں۔ اور کم سے کم یہ ہے کہ صلب یعنی ریڑھ کی ہڈیاں سیدھی ہو جائیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ چوری میں سب سے بدترین چوری نماز میں ہے۔ صحابہ نے عرض کیا' یارسول اللہ نماز میں چوری کیسے ہوگی۔ فرمایا: اس طرح کہ رکوع وسجود کو پورا نہ کرے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز پڑھ رہا ہے اور رکوع وسجود کو پورا نہیں کرتا ہے جب وہ شخص نماز سے فارغ ہوا تو حذیفہ نے اسے اپنے پاس بلایا اور فرمایا تو نے جو یہ نماز ادا کی ہے تو تو نے نماز کی حقیقت ادا نہیں کی۔، اگر تو اس حال میں مر جائے تو تو غیر فطرت پر مرے گا۔ مطلب یہ کہ اس دین کے سوا پر مرے گا جس دین پر حق تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا ہے۔

اور امام شافعیؒ امام احمدؒ امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک رکوع وسجود اور رکوع وسجود کے درمیان قیام اور دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ سب میں تعدیل واطمینان فرض ہے اور بقول مشہور امام احمد کے نزدیک ایک تسبیح کی برابر رکوع وسجود بھی واجب اور ایک روایت میں فرض ہے اور ایک روایت میں سنت۔ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک رکوع وسجود میں اطمینان' کرخی کی روایت کردہ ظاہر قول کے بموجب واجب ہے اور یہ وجوب دونوں سجدوں کے درمیان بھی شامل ہے۔ اور جرجانی کی روایت کردہ قول کے بموجب سنت ہے لیکن قومہ وجلسہ میں اطمینان بہر طور سنت ہے۔ اور مالکی علماء بھی اسی کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ رکوع کی حقیقت انحنا یعنی جھکنا ہے اور سجدے کی حقیقت زمین پر پیشانی رکھنا ہے۔ اور ان دونوں کے مفہوم میں ایسا اجمال نہیں ہے جو بیان کا محتاج ہو۔ لہٰذا فرضیت کم سے کم کے ساتھ متعلق ہے اور زیادتی' تکمیل وتتمیم کے باب سے متعلق ہے کیونکہ اس کے ترک سے نماز ناقص وناتمام رہتی ہے۔ اور اس کا فاعل گنہگار ہوتا ہے اور شمنی بعض ائمہ مذاہب سے نقل کرتے ہیں کہ جو رکوع وسجود میں اعتدال کو ترک کرتا ہے اس پر اعادۂ نماز لازم ہو جاتا ہے اور شرح ابن الہمام میں منقول ہے کہ امام محمد رحمۃ اللہ سے ترک طمانیت کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا میں ڈرتا ہوں کہ جائز نہ ہو اور سرخسی سے مروی ہے کہ جو اعتدال کو ترک کرے اس پر نماز کا اعادہ لازم ہے اور بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ اعادہ لازم ہے اور فرض ثانی سے واقع ہے اور یہ اول سے عدم سقوط کو لازم کا تقاضا کرتا ہے اور یہ لازمی رکن ہے واجب نہیں ہے (انتہی) یہ گفتگو رکوع وسجود میں تعدیل واطمینان کے سلسلے میں ہے لیکن قومہ وجلسہ میں علماء فرماتے ہیں کہ ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونا مقصود بذاتہ نہ تھا لہٰذا رکوع سے سر اٹھانا واجب نہ ہوگا اس لیے کہ اس سے سجدہ کی طرف منتقل ہونا بغیر سر اٹھائے ممکن ہے۔ بخلاف سر اٹھا کر دوسرے سجدے کی طرف جانا۔ اس لیے کہ دوسرا سجدہ بغیر سر اٹھائے ممکن نہیں۔ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت کے بموجب رکوع سے سر اٹھانا

ہاتھ زمین پر رکھے پھر کھڑا ہوا سے جلسہ استراحت کہتے ہیں اس جلسے کے حکم میں بھی علماء کا اختلاف ہے بعضے اسے سنت پر محمول کرتے ہیں جیسے کہ امام شافعی کا مذہب ہے وہ کہتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ دوسرے سجدے کے بعد زمین پر خفیف نشست سے بیٹھے پھر فوراً کھڑا ہو جائے۔ اور بعضے اسے ضرورت وحاجت پر محمول کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ بیٹھنا غدر وحاجت کی بنا پر تھا جو کبر سنی وغیرہ سے تھا۔ یہی امام ابوحنیفہ اور امام مالک کا مذہب ہے۔ اور امام احمد کے مذہب میں یہ مختار ہے اور یہ سب کہتے ہیں کہ یہ سنت نہیں ہے اور امام شافعی کا تمسک اس حدیث سے ہے جو بخاری وترمذی اور نسائی میں مالک رضی اللہ عنہ بن حویرث سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ پہلی اور تیسری رکعت میں جب تک زمین پر بیٹھے نہیں کھڑے نہ ہوئے اور شنی روایت کرتے ہیں کہ ابن ابی نعمان بن ابی عباس سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے بکثرت اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا ہے کہ جب وہ اپنے سر مبارک کو دوسرے سجدے سے پہلی اور تیسری رکعت میں اٹھاتے تو اسی طرح سیدھے کھڑے ہو جاتے بغیر اس کے کہ وہ بیٹھیں۔

اور ابن مسعود، علی مرتضیٰ، عمر ابن عمر، ابن عباس اور ابن زبیر رضی اللہ عنہم سے بھی اسی طرح روایت کیا گیا ہے۔ اور یہ تمام اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اکابر صحابہ اور اتباع حضور میں سخت تر اور عامل تر بمقابلہ مالک رضی اللہ عنہ بن حویرث کے ہیں کیونکہ مالک رضی اللہ عنہ بن حویرث احترام اور صحبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں ہم پلہ نہیں۔ لہٰذا ان حضرات کی تقدیم واجب ہے۔ اور ابوداؤد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوتے وقت ہاتھوں سے ٹیک لگا کر کھڑے ہونے سے منع فرمایا۔ اور وائل کی حدیث میں ہے کہ جب کھڑے ہوتے تو رانوں پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے۔ ان حدیثوں میں جمع وتوفیق کی یہ صورت ہے کہ مالک رضی اللہ عنہ بن حویرث کی حدیث کو کبر سنی اور کمزوری پر محمول کیا جائے اور اسی پر جمہور ائمہ ہیں اور جاننا چاہیے کہ اس جگہ جو ذکر کیا گیا ہے وہ جلسہ استراحت کے خلاف تھا لیکن کھڑے ہوتے وقت رانوں پر ٹیک لگانا یا زمین پر ٹیک لگانا بغیر جلسہ استراحت کے سنت ہے امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سنت یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھے اور اسی سے ٹیک لگاتے ہوئے کھڑا ہو جائے اور یہ اس حدیث کی بناء پر ہے جو ابوداؤد نے وائل بن حجر سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھٹنوں اور رانوں پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے دیکھا ہے نیز ابوداؤد میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوتے وقت زمین پر ہاتھوں سے ٹیک لگا کر کھڑے ہونے سے منع فرمایا۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جلسہ استراحت نہیں ہے۔ لیکن کھڑے ہوتے وقت زمین پر ٹیک لگاتے ہیں اور ہمارے نزدیک بھی بحکم ضرورت، زیادتی مشقت، کبر سنی اور کمزوری کے وقت اس سے ٹیک لگانا جائز ہے۔

تشہد میں بیٹھنا: وصل: اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشہد میں بیٹھتے تو بایاں پاؤں بچھاتے اس پر بیٹھتے اور داہنا پاؤں کھڑا رکھتے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہی ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی قعدۂ اولیٰ میں یہی ہے اسے وہ افرائش کہتے ہیں اور دوسرے قعدہ کو "تورک" کہتے ہیں۔ امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ ہر وہ تشہد جس کے بعد دوسرا تشہد نہ ہو خواہ ایک ہی تشہد ہو جیسا کہ نماز فجر میں ہے خواہ دو تشہد ہوں جیسے کہ نماز فجر کے سوا ہیں تورک کرتے ہیں اس کی صورت یہ ہے جیسا کہ فقہ شافعی کی مشہور کتاب "حاوی" میں بیان کیا گیا ہے کہ دونوں پاؤں کو داہنی جانب نکال کر اپنی عادت پر ڈال دے اور زمین پر سرین کے ذریعہ بیٹھے ان کی دلیل ابوحمید رضی اللہ عنہ ساعدی کی وہ حدیث ہے جس میں انہوں نے جماعت صحابہ سے کہا کہ میں تم سب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو زیادہ جاننے والا ہوں اور امام مالک کے نزدیک دونوں تشہد میں تورک ہے اور امام احمد کے نزدیک جس نماز میں دو تشہد ہیں اس میں آخری تشہید میں تورک کرتے ہیں۔ اس لیے کہ نمازی پہلے تشہد میں حرکت کے لیے مستعد وآمادہ ہے اور حرکت وقیام ہیئت

روایت کیا ہے اور مسلم کی دوسری روایت میں ہے کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ 34 مرتبہ پڑھ کر سو کی تسبیح مکمل کرے۔ دیگر روایتوں میں ''سُبْحَانَ اللّٰہِ'' 25 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 25 مرتبہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 25 مرتبہ ہے۔ جامع الاصول' نسائی اور مشکوٰۃ میں امام احمد سے اور دارمی میں بھی زید رضی اللہ عنہ بن ثابت سے مروی ہے کہ صحابہ کو حکم دیا گیا کہ وہ ہر نماز کے بعد 33 بار تسبیح، 33 بار تحمید اور 33 بار تکبیر پڑھیں۔

ایک انصاری نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص اس سے کہتا ہے کیا تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ ہر نماز کے بعد 33 بار تسبیح 33 بار تحمید اور 33 بار تکبیر پڑھا کرو انہوں نے کہا ہاں! اس نے کہا اگر ہر ایک کو 25,25 بار پڑھیں اور 25 بار تہلیل کو بھی داخل کریں تو بہتر ہوگا جب اس انصاری نے صبح کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا خواب بیان کیا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جیسا اس شخص نے کہا ہے ویسا ہی کرو۔ چونکہ جب اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم بھی شامل ہو گیا تو اب یہ سنت ہو گیا اور بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰہِ دس بار اور اَللّٰہُ اکبر دس بار پڑھے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ''سُبْحَانَ اللّٰہِ'' گیارہ مرتبہ وَاَلْحَمْدُ لِلّٰہِ گیارہ مرتبہ اور ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' گیارہ مرتبہ پڑھے یہ سب 33 مرتبہ ہو جاتے ہیں اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ وہی تفسیر ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی بعض روایتوں میں ہے کہ ''تسبحون وتحمدون وتکبرون'' اور ہر نماز میں 33 بار پڑھے اور یہ تفسیر وہمی ہے اس لیے کہ اس سے مراد ہر کلمہ کو 33 بار کہنا ہے اور دیگر حدیثوں میں منصوص علیہ ہے۔

بخاری و مسلم میں ان معقبات کے ثواب میں حدیثیں مروی ہیں کہ جو کوئی انہیں نماز کے بعد پڑھے تو حق تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دے گا اگرچہ گناہ پہاڑ کی مانند ہوں۔ اسی کے ساتھ مروی ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بارگاہِ نبوت میں فقراء مہاجرین نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ! ہم سے مسلمانان اہل ثروت وغنا، درجات کی بلندی اور اقامت جنت میں سبقت لے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کس طرح عرض کرنے لگے وہ نمازیں پڑھتے ہیں جیسے ہم پڑھتے ہیں وہ روزے رکھتے جیسے ہم روزہ رکھتے ہیں اور وہ صدقہ وخیرات کرتے اور غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم کر نہیں سکتے۔ فرمایا: میں تمہیں ایسی چیز بتاتا ہوں اگر تم اسے کرو گے تو کوئی بھی تمہارے نصیب تک نہیں پہنچ سکے گا: تُسَبِّحُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ وَتُکَبِّرُوْنَ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ ثَلَاثًا وَثَلٰثِیْنَ مَرَّۃً یعنی ہر نماز کے بعد تسبیح' تحمید اور اللہ اکبر 33,33 بار پڑھا کرو اس کے بعد اہل ثروت وغنا بھی اس حدیث کو سنکر اس پر عمل کرنے لگے تو دوبارہ پھر فقراء مہاجرین بارگاہِ نبوت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے یا رسول اللہ! ہمارے وہ رفقاء جو تونگر ہیں وہ بھی اسے سنکر اس پر عمل کرنے لگے ہیں اور ہمارے برابر ہی ان کے عمل ہو گئے ہیں اب ہم کیا کریں؟ فرمایا کیا ہو سکتا ہے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءَ. یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہے دے۔ اس حدیث سے شکر گزار تونگر کی فضیلت' عبادت گزار فقیر پر لازم آتی ہے۔ یہ مبحث اپنی مقام میں تحقیق کے ساتھ بیان کیا جا چکا ہے اور بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ جب فقراء شکستہ دل اور غمگین ہوئے تو فرمایا غم نہ کرو اور اندوہگیں نہ ہو کیونکہ تم تونگروں سے پانچ سو برس پہلے جنت میں داخل ہو گے اور یہ حدیث، اس حدیث کا حصہ ہے جو مشکوٰۃ میں ابوداؤد سے بروایت ابوسعید رضی اللہ عنہ خدری مروی ہے اور یہ فقر اور سبک باری کی جزاء ہے جو کہ صرف فقراء کو حاصل ہے کیونکہ وہ موقف میں حساب وکتاب اور دنیاوی نعمتوں پر سوال وجواب کے لیے نہ روکے جائیں گے اور دخول جنت میں فقراء کی سابقیت' تونگروں کے اعمال پر کثرت ثواب اور رفعت درجات میں منافات نہیں رکھتی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ سابقیت' فقراء مہاجرین کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور بعض حدیثوں میں مطلق فقراء کے لیے آیا ہے (واللہ اعلم)۔

اور یہ وظیفہ سونے سے پہلے پڑھنے میں بھی آیا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنی صاحبزادہ سیّدہ فاطمۃ الزہرا، علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سکھایا' مسند امام احمد میں بروایت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ثابت ہے کہ سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا' رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم کے کاشانۂ اقدس میں اس غرض سے آئیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک باندی حاصل کریں جو خدمت کرے۔ منقول ہے کہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مبارک ہاتھ چکی پیسنے اور پانی کھینچنے سے سرخ ہو گئے تھے اور ان کے چہرۂ مبارک کا رنگ جھاڑو دینے کے غبار سے اور کھانا پکانے کے دھوئیں سے متغیر ہو گیا تھا۔ چنانچہ جب وہ آئیں تو حضور کو گھر میں موجود نہ پایا۔ جب حضور تشریف لائے تو پوچھا میری صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کیوں آئی تھیں؟ بتایا گیا کہ باندی مانگنے کے لیے آئی تھیں اس کے بعد حضور خود سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے اور ان کے سرہانے بیٹھ کر فرمایا: اے فاطمہ! (رضی اللہ عنہا) تم باندی چاہتی ہو حالانکہ اس وقت کوئی باندھی موجود نہیں ہے۔ اور جب کہیں سے آئے تو بتانا ہم تمہیں عنایت فرما دیں گے۔ اس کے بعد فرمایا: اے فاطمہ! (رضی اللہ عنہا) دنیاوی محنت ومشقت بہت آسان ہے جس طرح بھی گزرے۔ اے فاطمہ (رضی اللہ عنہا)! حق تعالیٰ کی بندگی اور تقویٰ اختیار کرو اور اپنے شوہر کی خدمت گزاری کرو میں تمہیں ایک ایسی چیز بتاتا ہوں جو خادم سے بہتر ہے۔ وہ یہ کہ سونے سے پہلے 33 مرتبہ خدا کی تسبیح کرو اور 33 مرتبہ اس کی حمد کرو، اور 34 مرتبہ ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہو اسے بخاری، مسلم، ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور بعض روایتوں میں ہے کہ ان میں سے ایک لاعلی التعین'' ہے۔ مطلب یہ کہ 34 مرتبہ نہیں بلکہ ان گنت بار پڑھے اور صحیحین کی دوسری روایت میں حضرت علی وفاطمہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو مخاطب کر کے یہ وظیفہ بتایا اس کے بعد حضرت علی وفاطمہ رضی اللہ عنہما نے اس ورد کو کبھی ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ مرتضیٰ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ مجھ سے کبھی فوت نہ ہوا اور نہ صفین کی رات میں حتی کہ رات کے پچھلے پہر یہ مجھے یاد آیا تو میں نے اسی وقت پڑھا اور دوسرا ورد یہ تعلیم فرمایا کہ جب نماز فجر ادا کر چکو تو: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کو دس دس مرتبہ پڑھو اور بعد مغرب بھی دس مرتبہ پڑھو جیسا کہ گزرا۔

اور مشہور وردوں میں ایک یہ ہے کہ نماز فرض کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے جیسا کہ سنن نسائی میں مروی ہے اور طبرانی اس میں ''قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ'' بھی زیادہ کرتے ہیں اور اس حدیث کے ورد کو دیگر حفاظ حدیث کی جماعت نے بھی بیان کیا ہے اور اس کی تصحیح کی ہے اور ابن الجوزی، جیسا کہ ان کی عادت ہے کہ بے تحقیق حدیث کو موضوع کہنے میں سبقت اور زیادتی کرتے ہیں اسے بھی موضوعات میں بیان کیا ہے اس بنا پر حفاظ حدیث ان کی مذمت کرتے ہیں۔

معجم طبرانی میں ہے کہ: مَنْ قَرَءَ اٰیَۃَ الْکُرْسِیِّ فِیْ دُبُرِ الصَّلٰوۃِ الْمَکْتُوْبَۃِ کَانَ فِیْ ذِمَّۃِ اللّٰہِ اِلَی الْاُخْرٰی جو کوئی نماز فرض کے بعد آیۃ الکرسی کو پڑھے گا وہ دوسری نماز تک خدا کی پناہ میں اور اسکے عہد امان میں رہے گا اس حدیث کو صحابۂ کرام کی ایک جماعت روایت کرتی ہے اس میں امیر المومنین علی مرتضیٰ بھی ہیں۔ مشکوٰۃ میں علی مرتضیٰ سے ایسا ہی منقول ہے کہ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چوبی منبر پر یہ فرماتے سنا ہے کہ جو کوئی فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا کوئی چیز مانع نہ ہوگی۔ مطلب یہ کہ دخول جنت کے لیے موت شرط ہے کیونکہ بغیر موت کے جنت میں داخلہ ممکن نہیں اور جو کوئی اسے سوتے وقت پڑھے گا حق تعالیٰ اس کے گھر کو اس کے ہمسایہ کے گھر کو اور اس کے اردگرد کے گھروں کو اور ان کے رہنے والوں کو اپنے امان میں رکھے گا۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روات کر کے اس کی سند کو ضعیف کہا۔ نیز امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ فرمایا آیات قرآنی کی سردار اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔ بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے آیۃ الکرسی کی فضلیت میں ''اس میں صدق وکذب مذکور ہوا'' معروف ہے۔

تنبیہہ: واضح رہنا چاہیے کہ نماز کے بعد دعائیں پڑھنے کے ضمن میں جو متعدد چیزیں حدیثوں میں آئی ہیں جیسے مذکور دعائیں،

آیۃ الکرسی اور معقبات وغیرہ اور انہیں جو بغیر فصل کے نماز کے متصل ہی ملانے کا حکم آیا ہے تو حقیقی اتصال تو محال ہے بلکہ عدم فصل سے مراد ان چیزوں کا نہ ہونا ہے جن کو عرف عام میں مشغولیت کہا جاتا ہے جو اعراض، نسیان اور ذکر دعا کے علاوہ کسی اور چیز میں مشغول ہونے کے ضمن میں شمار ہوتے ہیں۔ اور اگر خاموشی عرف میں حد کثرت کو نہ پہنچے تو مضائقہ نہیں ہے۔ لہٰذا نماز سے فارغ ہونے کے بعد جو کچھ بھی وجہ مذکور پڑھے تو نماز کے بعد ہی کہلائے گا۔

اب رہا یہ کہ سنت مؤکدہ کا فرض کے بعد پڑھنا کیا فرض اور اذکار وادعیہ مذکورہ کے درمیان موجب فصل اور عدم بعدیت ہے یا نہیں۔ یہ بھی اس جگہ محل نظر ہے ظاہر یہ ہے کہ یہ فصل نہیں ہوگا خصوصاً اس قول کے بموجب کہ جن میں ایسی سنتیں ہیں جن کو فرض کے ساتھ ملا کر جلد سے اٹھ کر سنتوں کے ساتھ پڑھنا ہے بعد فرض ادا کی جاتی ہیں۔ اور ابن الہمام نے شرح میں تصریح فرمائی ہے کہ یہ جو حدیثوں میں آیا ہے کہ بعض وہ دعائیں اور اذکار جو نمازوں کے فوراً بعد پڑھے یہ اس کا متقاضی نہیں ہے کہ ان کو فرض سے ملائے۔ بلکہ ان کا مقام ان سنتوں کے بعد بغیر کسی مشغولیت کے ہے۔ جو فرض کے تابع ہیں اور جو سنتیں فرض کے تابع نہیں ہیں اور جن میں فرض کے بعد سنت کے ملانے کی اولویت میں علماء کا اختلاف ہے وہاں فرض سے ملا کر پڑھنا کافی ہے بعض کہتے ہیں کہ متصل یہ فرض سنتوں کے لیے کھڑا ہونا مسنون ہے۔ ان کے درمیان کئی سنن ونوافل سے مشغولیت نہیں ہونی چاہیے۔ یہ قول اس حدیث کے مخالف ہے۔ جو وصل کی مخالفت میں مروی ہے اور یہ حدیث ابوداؤد میں ابی رعشہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک ایسا شخص کھڑا ہوا جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تکبیر اولیٰ پائی تھی۔ تاکہ وہ سنت کو ادا کرے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا کندھا پکڑ کر جھنجھوڑا اور فرمایا بیٹھ جا اس لیے کہ اہل کتاب اسی بنا پر ہلاک ہوئے ہیں کہ انہوں نے اپنی نمازوں میں فصل نہ رکھا اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بات پر پسندیدگی کا اظہار فرمایا۔ لہٰذا بعض دعاؤں اور اذکار کے ذریعہ فصل مختار ہے۔ لیکن اولیٰ یہ ہے کہ کسی مختصر دعا اور ذکر سے فصل دے۔ اور جو اذکار و دعائیں طویل ہیں انہیں سنتوں کے بعد پڑھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی ایسے ذکر کے ساتھ فصل جن کو مسجدوں میں ہمیشہ کرتے رہے ہوں جیسے آیۃ الکرسی اور تسبیحات وغیرہ کا پڑھنا ثابت نہیں ہے۔ (کبھی کبھی پڑھنا اور معنی ہے یہ گفتگو مواظبت ودوام پر ہے) اور حلوانی کہتے ہیں کہ فرائض وسنن کے بعد ان کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اولویت مذکورہ میں یہ منافات نہیں رکھتیں اس لیے کہ اس عبارت اولویت، اس کے خلاف میں مشہور ہے۔ اور ''خلاصہ'' میں کہا گیا ہے کہ جب امام ظہر یا مغرب یا عشاء میں سلام پھیرے کیونکہ ان فرائض کے بعد سنتیں ہیں تو بیٹھ کر تاخیر کرنا مکروہ ہے۔ اسے لازم ہے کہ سنت کے لیے کھڑا ہو جائے۔ اور سنتوں کو فرض کی جگہ میں کھڑے ہو کر نہ پڑھے بلکہ داہنے یا بائیں یا آگے یا پیچھے ہٹ کر کھڑا ہو اور اگر چاہے تو اپنے گھر سنتوں کے پڑھنے کے لیے لوٹ آئے کیونکہ یہ افضل ہے اور وہ نمازیں جن کے بعد سنتیں نہیں ہیں وہاں اپنی جگہ قبلہ رو ہو کر بیٹھے رہنا مکروہ نہیں ہے یا چلا جائے یا قوم کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے اگر کوئی مانع نہ ہو اور سنت میں یہ سب برابر ہیں لیکن سنتوں کے پڑھنے کے لیے اپنے گھر کی طرف لوٹنا افضل ہے یہ سب ابن الہمام نے شرح میں بیان فرمائی ہیں اور یہ جو آیا ہے کہ مغرب کی سنتوں میں تعجیل کرے تو یہ حکم: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. کے دس مرتبہ پڑھنے میں منافات نہیں رکھتا جیسا کہ کہا گیا ہے کہ یہ مقدار تعجیل کے منافی نہیں ہے اور اگر تعجیل میں بہت ہی رعایت مقصود ہے تو اسے سنتوں کے سعد پڑھے کیونکہ فرض سے اتنی بعدیت منافی نہیں ہے جیسا کہ گزرا اور جو لوگ مغرب کی سنتوں میں آیۃ الکرسی پڑھتے ہیں یہ مخالف سنت ہے کیونکہ ''قل یا ایھا الکفرون'' اور قل ھو اللّٰہ' احد پڑھنا سنت ہے۔

سجدۂ سہو

وصل: خبردار رہنا چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سہو ونسیان ان اقوال میں جو احکام وتبلیغ سے متعلق ہیں' باتفاق جائز نہیں ہے لیکن افعال میں خواہ نماز میں ہو یا غیر نماز میں اختلاف ہے۔ اہل حق کے نزدیک مختار اس کے جائز ہونے میں ہے۔ درحقیقت یہ سہو ونسیان' حق تعالیٰ عزاسمہٗ کی حکمت بالغہ سے متعلق ہے کہ اس کی بدولت امت کو گونا گوں تشریح احکام اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کی سعادت نصیب ہوتی ہے اور محض تشریع ہی اس کی حکمت نہیں ہے اس لیے کہ اس کے بغیر بھی تشریح احکام ممکن ہے مثلاً فرمادیتے کہ ''جو سہو کرے اس پر سجدۂ لازم ہے۔'' جیسا کہ شک کی صورت میں آئے گا۔ لیکن یہ نکتہ' اقتداء کی سعادت حاصل ہونے کے ساتھ مکمل ہوتا ہے۔ چنانچہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے بھلا دیا گیا تا کہ بھلائی میں سنت بناؤں۔ اور اس کی جزا وثواب مشروع ہو جائے۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ پانچ مقامات ایسے ہیں جہاں تمام عمر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں سہو سے متصف فرمایا گیا۔ ان کے سوا کہیں ثابت نہیں ہے۔ اول سہو ظہر کی نماز میں ہوا کہ اول تشہد میں بیٹھے اور کھڑے ہوئے جب نماز پوری کر لی تو دو سجدے کیے اس کے بعد سلام پھیرا۔ دوسرا مقام ایک اور موقعے کا ہے کہ ظہر کی نماز میں دوسری رکعت کے بعد قعدہ فرمایا اور سلام پھیرا۔ اور بات کی پھر یاد آیا تو نماز کو پورا کیا اور سلام پھیر کر دو سجدے کیے اس کے بعد سلام پھیرا۔ اس حدیث میں سلام کے بعد سجدۂ سہو ہے۔ اس روایت کو ''حدیث ذوالیدین'' کہتے ہیں کہ یہ ایک صحابی کا نام ہے انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ! کیا نماز میں خود کمی فرمائی یا بھول گئے تھے فرمایا ان میں سے کچھ نہ تھا۔ اس حدیث میں دو اعتراض ہیں ایک یہ کہ یہ اخبار برخلاف واقع ہے۔ حالانکہ اخبار واقوال میں عدم جواز سہو پر سب متفق ہیں البتہ اختلاف افعال میں ہے۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ بات کرنا اور دیگر افعال بجا لانا نماز کے منافی ہے اور حدیث میں ہے کہ نماز پوری کی از سر نو تو نہیں پڑھی۔ پہلے اعتراض کا جواب تو یہ ہے کہ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب یہ ہے کہ میرے اعتقاد میں ایسا ہی ہے نہ کہ نفس الامر میں اور یہ خبر بلاشبہ صادق ہے یا یہ عدم شعور سے کنایہ ہے۔ گویا کہ آپ نے فرمایا ''میں شعور نہیں رکھتا'' یہ خبر بھی صادق ہے۔ (جواب کا مفہوم یہ ہے کہ نظر برظاہر) تمہیں سہو معلوم ہو رہا ہے حالانکہ حقیقت اور نفس الامر میں یہ سہو نہیں ہے بلکہ حکمت رب سے متعلق ہے اس نے مجھ سے ایسا کرایا تا کہ سجدۂ سہو کی مشروعیت معلوم ہو جائے۔ یہی میرا اعتقاد ہے۔ بلاشبہ یہ خبر دینا سچی بات ہے یا یہ صورت ہے کہ یہ میرے اپنے شعور وقصد سے متعلق نہیں ہے بلکہ رب تعالیٰ نے مجھے بھلایا ہے تا کہ میرے عمل کی بدولت تمہیں سہو کی صورت میں میری اتباع واقتداء کا اجر وثواب ملے۔ اس میں مزید غور کرو گے تو اور بھی حکمتیں مل جائیں گی انشاء اللہ' مترجم غفرلہ)

دوسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ بطریق سہو، بات کرنا اور منافی نماز عمل کرنا' مفسد نماز نہیں ہے اور منع جواز بنا اور عدم استیناف نہیں کرتا۔

مخفی نہ رہنا چاہیے کہ احناف کا مذہب یہ ہے کہ نسیان عذر نہیں ہے۔ نماز میں جاری نہیں ہوتا۔ وہ جواب میں کہتے ہیں کہ یہ قضیہ نماز میں نسخ کلام سے پہلے کا ہے۔ اور تحقیق یہ ہے کہ یہ اس کے بعد کا واقعہ ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ گفتگو سب اشاروں سے تھی نہ کہ زبان سے اور یہ بات تو بہت ہی بعید ہے نیز کہتے ہیں کہ چونکہ یہ قضیہ برخلاف قیاس تھا لہٰذا اپنے مورد پر خاص رہے گا۔ اور بحرالرائق شرح کنزالدقائق میں ہے کہ اس اعتراض کے جواب میں ہم نے امام شافعی کا کوئی قول نہیں پایا۔ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے

کہ قصداً بات کرنا اور بھول کر بات کرنا دونوں نماز کو باطل کرنے والی ہیں۔ مگر یہ کہ امام نماز کی درستگی کے لیے کوئی کلام کرے۔ جیسا کہ راوی نے گمان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پوری کرلی ہے اس کے بعد معلوم ہوا کہ نماز پوری نہ ہوئی تھی تو پوری فرمائی۔ تو یہ بات کرنا بھی ذوالیدین راوی حدیث کا ہے۔ نہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ علیہ وسلم کا۔ اس حدیث میں کلام طویل ہے اور شیخ ابن الحجر نے شرح بخاری میں اس کا استقبار کیا ہے۔

نسیان کا تیسرا موقع یہ ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور باہر تشریف لے آئے ایک رکعت باقی رہ گئی تھی۔ جب مسجد سے باہر تشریف لے آئے تو طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے باہر آئے اور عرض کیا یارسول اللہ! ایک رکعت آپ نے فراموش کردی ہے اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور بلال رضی اللہ عنہ کو کہا کہ اقامت کرے۔ اور ایک رکعت جو فراموش کی تھی ادا کی اور سلام پھیرا اور باہر تشریف لے آئے اس حدیث میں سجدۂ سہو مکسوت عنہ ہے ممکن ہے کہ اس کے اقتضاء کا مقام نہ کیا ہو اور امام شافعی کے نزدیک سجدۂ سہو واجب نہیں ہے بلکہ سنت ہے اور شمنی کہتے ہیں کہ بعض احناف کے نزدیک بھی سنت ہے اور ابن الہمام نے شرح میں بعض احناف سے نقل کیا ہے کہ کہا گیا ہے کہ عامہ اصحاب احناف کے نزدیک سنت ہے (واللہ اعلم)

اور نسیان کا چوتھا موقع یہ ہے کہ نماز ظہر ادا کی اور ایک رکعت زیادہ کردی۔ صحابہ نے عرض کیا نماز میں ایک رکعت زیادہ ہوگئی ہے فرمایا کیسے؟ عرض کیا پانچ رکعتیں پڑھی ہیں اس وقت دو سجدے سہو کے کیے اور سلام پھیرا اور اسی پر اختصار کیا۔ اس حدیث کے آخر میں ہے کہ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ ''الحدیث اور مذہب حنیفہ میں تفصیل اس صورت میں فقہ میں مذکور ہے۔

اور نسیان کا پانچواں موقع ہے کہ نماز عصر کی تین رکعتیں پڑھیں اور کاشانہ اقدس میں تشریف لے گئے۔ صحابہ نے بعد میں بتایا تو مسجد میں واپس تشریف لائے اور ایک رکعت ادا کر کے سلام پھیرا اور سلام کے بعد دو سجدے کیے پھر دوبارہ سلام پھیرا۔ یہی وہ پانچ مقامات ہیں جہاں سہو فرمایا ہے۔ مجتہدین کرام نے انہیں پانچ مقامات سے مسائل کا استنباط فرمایا۔

اور داؤد ظاہری جو کہ امام اہل ظواہر ہیں' اصحاب ظواہر ایک جماعت ہے جو ظواہر نصوص پر عمل کرتے ہیں اور غیر منصوص کو ان پر قیاس نہیں کرتے اور وہ قیاس اور اجتہاد کے منکر ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ان پانچ مقامات کے سوا کہیں سجدۂ سہو نہ کرے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدۂ سہو کیا ہے۔ اگر ان کے سوا کسی اور جگہ سہو لاحق ہو جائے تو سجدۂ سہو نہ کرے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مواقع میں سلام سے پہلے سجدۂ سہو کیا ہے اور بعض مواقع میں سلام کے بعد۔ جیسا کہ سیاق احادیث سے معلوم ہوا اور امام شافعی تمام جگہ سلام سے پہلے سجدۂ سہو کرتے ہیں اور اب باب میں وارد شدہ حدیثوں کو ترجیح دیتے ہیں یا وہ ان کی ناسخیت کا دعویٰ کرتے ہیں اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تمام جگہ سلام کے بعد سجدہ سہو کا حکم دیتے ہیں اور مذکورہ حدیثوں کے ماسوا کو ترجیح دیتے ہیں اور کتب ستہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد سلام سجدۂ سہو فرمایا۔ یا وہ حدیث جو ابوداؤد' ابن ماجہ' مسند امام احمد اور مسند عبدالرزاق میں ثوبان سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لِكُلِّ سَهْوٍ سَجْدَتَانِ بَعْدَ مَا يُسَلِّمُ ہر سہو کے لیے سلام کے بعد دو سجدے ہیں اور قول' فعل سے زیادہ قوی ہوتا ہے۔ جیسا کہ اصول فقہ میں مسلمہ قاعدہ ہے خصوصاً دو فعلوں میں تعارض ہو یا قیاس کے ساتھ ہو جیسا کہ فقہا کا مذہب ہے کہ دو حدیثوں میں تعارض کے وقت قیاس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اس لیے کہ سہو کے سجدے مقرر نہیں ہوتے لہٰذا سلام سے کرنا چاہیے۔ تاکہ اگر سلام سے بھی سہو واقع ہو تو خبردار کیا جاسکے۔ کذا قال الشمنی۔

نیز منقول ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص، عبداللہ بن مسعود' عمار بن یاسر' ابن عباس، اور ابن زبیر رضی اللہ عنہم اجمعین کا یہی قول

ہے۔لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی نماز میں شک واقع نہ ہوا کہ ادائیگی میں تردد واقع ہوا ہو کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔کیونکہ شک میں کسی جانب یقین وجزم نہیں کیا جاسکتا۔لیکن سہوونسیان میں ایک جانب جزم ویقین ہوتا ہے اگرچہ اختلاف واقع ہے لیکن اس کو لازم قرار نہیں دیتے۔البتہ وہ جو واقع اور نفس الامر ہوا سے یاد دلاتے ہیں۔اور شک وتردد کی صورت میں تحیر وپراگندگی ہے۔اور یہ بھی بعض اوقات غلبۂ استغراق اور توجہ کی بنا پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وجود میں آیا ہے لیکن شک تو کسی وقت میں بھی وجود میں نہیں آیا۔کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ شک شیطان کی جانب سے ہے تو وہ بندے پر تبلیس وتخلیق کرتا ہے اور اسے التباس واشتباہ میں ڈالتا ہے یہاں تک کہ بندہ شک کرنے لگتا ہے کہ کتنی پڑھی ہیں اگرچہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں کبھی شک وتردد واقع نہیں ہوا لیکن تعلیم امت کے لیے اس کا حکم امت کو بتاتے ہوئے فرمایا کہ اگر کوئی شک میں پڑ جائے اور یاد نہ آئے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو یقین پر بنا کرے اور شک کا اعتبار نہ کرے اور مقتضائے شک وتردد اس صورت میں تین رکعت کو قرار دے کیونکہ تین پر تو اسے یقین حاصل ہے اگرچہ چار ہی گزاری ہوں اور سجدۂ سہو کرے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شک کی صورت میں تحری کرے اور جس جانب ظن غالب ہو اس بنا کرے خواہ اقل پر ہو یا اکثر پر۔اگر ظن غالب کسی جانب واقع نہ ہو تو یقین بنا کرے۔کچھ لوگ اس حکم پر امام اجل پر زبان طعن دراز کرتے ہیں کہ انہوں نے حدیث کے خلاف کہا ہے کہ بنا بر عقل کے حاکم ہیں حالانکہ یہ لوگ ابنا نہیں جانتے کے شریعت بنا بر ظن غالب کا ایک اصول مقرر ہے کہ حدیث میں اسے طے کیا ہے جیسا کہ اشتباہ قبلہ وغیرہ کی شکل میں ہے۔نیز بخاری ومسلم میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ وَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ' جیسا کہ شمنی نے بیان کیا۔اور'' جامع الاصول'' میں ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے بروایت نسائی نقل کرتے ہیں کہ: وَهُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ يَفْرُغُ وَهُوَ جَالِسٌ۔ اور ترمذی فرماتے ہیں کہ بعض اہل علم شک کی صورت میں فرماتے ہیں کہ نماز کو از سر نو پڑھے۔انتہی۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ اگر پہلی مرتبہ شک میں مبتلا ہوا ہے یعنی اس کی یہ عادت نہیں ہے تو نماز کا اعادہ کرے یعنی از سر نو پڑھے ورنہ تحری کرے اور اگر تحری سے بھی ایک جانب غلبۂ ظن حاصل نہ ہو تو عقل پر بنا کرے۔اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اپنی موطا میں فرماتے ہیں کہ تحری کے باب میں غالب ظن کی روایتیں بکثرت ہیں اور فرماتے ہیں کہ اگر ایسا نہ کرے تو دیگر سہو وشک سے نجات دشوار ہوگا اور کثرت شک کی صورت میں اعادہ کرنا اور اس کا اعتبار کرنا عظیم حرج ہے۔اور امام شافعی' امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم مطلق ہے خواہ ظن غالب ایک جانب ہو یا دونوں جانب برابر ہو یقین پر بنا کرے۔شرح مشکوٰۃ میں اس کی مزید تحقیق کی گئی ہے۔(فتدبر)

سجدۂ تلاوت: وصل: سجدۂ تلاوت کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے۔چنانچہ ہمارے ائمہ کے نزدیک واجب ہے اور امام شافعی کے نزدیک سنت' وہ کہتے ہیں کہ نہ کرنے سے کرنا افضل ہے اور امام احمد کے نزدیک ایک روایت کے مطابق اگر نماز میں ہو تو واجب ہے اور نماز کے سوا واجب نہیں ہے۔اس میں دلائل وحجج وہ آیات واحادیث ہیں جو سجدۂ تلاوت نہ کرنے کی مذمت میں واقع ہیں۔اور اس کی ادا میں تاکید ومبالغہ مروی ہے۔نیز کہتے ہیں کہ سجدہ نماز کا جزو ہے۔اور تخفیف کی بنا پر اس پر اختصار کیا گیا ہے لہٰذا یہ ایسا ہی فرض ہے جیسا کہ نماز جنازہ کے قیام میں ہے لیکن چونکہ اس کے دلائل قطعی نہ تھے اس لیے ہم وجوب کے قائل ہوئے اور دیگر ائمہ کا استدلال اس حدیث سے ہے جو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ثابت سے مروی ہے کہ فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورۂ والنجم کی تلاوت

فرماتے اور سجدہ نہ کرتے اس کا جواب یہ ہے کہ سجدہ تلاوت کو فی الفور ادا کرنا واجب نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ دوسرے وقت میں کرتے ہوں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ وقت مقررہ میں قرأت واقع ہوئی ہو یا یہ کہ بیان جواز تاخیر کے لیے سجدہ نہ کیا ہو یا یہ کہ یہ والنجم کے سجدہ کے ساتھ مخصوص ہو کیونکہ اس میں اختلاف ہے۔ (واللہ اعلم)

اور سجدۂ تلاوت میں طہارت شرط ہے۔ اس میں کسی کا اختلاف منقول نہیں ہے مگر وہ روایت جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ بغیر وضو کے کرتے تھے تو اس کی موافقت میں کوئی ایک بھی عالم نہیں ہے بجز شعبی کے اور بیہقی نے بروایت نافع از ابن عمر رضی اللہ عنہما نقل کیا کہ فرمایا کوئی شخص بغیر طہارت کے سجدہ نہ کرے۔ اور ان دونوں روایتوں کی جمع و تطبیق میں یہ ہے اول روایت سے مراد طہارت کبریٰ ہے اور دوسری سے حالت اختیاری ہے اور اول بوقت ضرورت ہے۔ نیز کہتے ہیں کبھی شعبی راستے میں جا رہے ہوتے تو سجدہ کا اشارہ بغیر وضو اور بغیر استقبال قبلہ کرتے اور گزر جاتے اور بعض سلف اس طرف بھی گئے ہیں کہ سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہے مگر اسی پر جو بالقصد سنے۔ راہ چلتے پر نہیں۔ مطلب یہ کہ اتفاقاً بغیر قصد کے راہ چلتے کانوں میں آیت سجدہ کی آواز پڑ جائے تو سجدہ واجب نہیں ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اگر تلاوت کرنے والا خود سجدہ نہ کرے تو سننے والے پر بھی واجب نہیں ہوتا۔ گویا کہ تلاوت کرنے والا امام کا حکم رکھتا ہے سننے والے کی نسبت سے۔ اسے امام مالک سے بھی روایت کیا گیا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ وجوب اس تقدیر پر ہے جب کہ تلاوت کرنے والا قرأت کا قصد کرے۔ اور قصہ و حکایت کے قصہ پر وجوب نہیں ہے۔ جیسا کہ قصد خواں لوگ کہتے ہیں اور ہمارا اور جمہور ائمہ کا مذہب یہ ہے کہ بشرائط صلوٰۃ مطلقاً قاری و سامع دونوں پر واجب ہے اور یہی مختار ہے۔ اور ہمارے نزدیک سجدے سے پہلے اور سجدے کے بعد تکبیر کہنا ہے اور یہ دونوں تکبیریں مستحب ہیں واجب نہیں ہیں اور ایک شخص نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے ایسا ہی نقل کیا ہے اور بعض کے نزدیک سلام بھی ہے۔ لیکن تشہد کسی کے نزدیک نہیں ہے اور اگر کھڑے ہو کر سجدے میں جائے تو اولیٰ و افضل ہے۔ اس سجدے میں وہی تسبیح ہے جو نماز کے سجدے میں ہے یعنی ''سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی'' اس لیے کہ نماز افضل احوال اور ارفع مقام محال ہے تو اس کے سجدے کی تسبیح بھی افضل و ارفع ہے۔ اور اگر سجدۂ تلاوت نماز میں واقع ہو تو بلاشبہ یہی تسبیح ہے۔ کیونکہ احناف کے نزدیک نماز کے سجدے میں کوئی خاص دعا نہیں کرتے۔ یہی اولیٰ ہوگا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے:

سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ (سجدہ ہے اس ذات کریم کو جس نے بندے کو پیدا فرمایا صورت بخشی اور سماعت و بصارت دی اسی کی قوت و طاقت سے) اور ترمذی و نسائی اور ابوداود کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسے رات میں سجود قرآن میں پڑھتے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس دعا کو پڑھے: رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ۔ اور بعض کے نزدیک یہ دعا ہے: سُبْحَانَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا۔ اسے سجدہ کرنے والوں سے سجدۂ قرآن میں حکایت کیا گیا ہے کہ وہ سجدۂ تلاوت کے وقت پڑھتے تھے اور بسا اوقات سجدہ میں اس دعا کو پڑھتے اور فرماتے:

اَللّٰهُمَّ احْطُطْ عَنِّیْ بِهَا وِزْرًا وَّاكْتُبْ بِهَا اَجْرًا وَّاجْعَلْهَا لِیْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّ تَقَبَّلْهَا مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِكَ.

ابوداؤد و ترمذی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا کہ آج رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک درخت کے نیچے نماز پڑھ رہا ہوں اور جب میں نے سجدہ کیا تو درخت نے بھی سجدہ کیا اور یہ دعا پڑھی۔ حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ پھر حضور نے بھی آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کیا اور سجدے میں اس دعا کو پڑھا جو اس شخص نے سنائی تھی کہ اور خت نے پڑھی۔ ترمذی اس نقل کے بعد کہتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے۔

اور بخاری میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ والنجم کو پڑھا اور سجدہ کیا کیونکہ

سورۂ والنجم کی آخری آیت میں سجدہ ہے' پھر حضور کے ساتھ تمام مسلمانوں کافروں اور جن وانس نے سجدہ کیا اس سے مراد وہی جن وانس ہوں گے جو اس وقت مجلس میں موجود ہوں گے۔ یہ بطریق تکرار وتاکید ہے۔ نہ یہ کہ روئے زمین کے تمام انسان وجنات مراد ہیں۔(واللہ اعلم)

اہل علم فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سجدہ کرنا امتثال حکم الٰہی کی بنا پر تھا اور سجدے کے ذریعہ حق تعالیٰ ان کی عظیم نعمتوں کی شکرگزاری مقصود تھی جو اول سورۃ میں گنائی گئی ہیں اور مسلمانوں کا سجدہ کرنا حضور کی متابعت' امتثال امر اور شکر بجالانے میں تھا اور مشرکوں کا سجدہ کرنا ان اسمائے الٰہی کے سننے کے بموجب تھا جو لات وعزیٰ کی مذمت میں اس سورۃ میں مذکور ہیں یا بر بنائے ظہور وسطوت، قہر کبریائی اور جبروت الٰہی تعالیٰ شانہ اور عزت وعظمت' صدق وحقانیت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار کی تابانی ودمک سے تھا۔ چنانچہ ان کے اختیار کی تاب وطاقت باطل ہوگئی۔ اور اثر سجود وانکار واستکبار' محو ومضمحل ہوگئے مگر ان میں سے جو اشقی واطغیٰ قوم تھے وہ مٹھی میں خاک لے کر اپنے سر اور چہروں پر مارنے لگے۔ اور کہنے لگے یہی کافی ہے اور وہ جو اس ضمن میں ہے کہ اشقیائے قریش میں سے ایک شخص جہنم رسید ہوا۔ وہ زندیقوں اور ان کے مفتریوں کا وضع کردہ ہے جسے ان ارباب سیر وتواریخ نے جو عجیب وغریب من گھڑت قصوں کے بیان کرنے کے عادی ہیں نقل کیا ہے اور علماء محدثین ان کے وضع اور من گھڑت ہونے کا حکم دیتے ہیں اور ان کا رد وبطلان کرتے ہیں وہ قصہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسماء لات وعزیٰ کے ذکر کے وقت ان کی تعریف میں کلمے کہے اور کہا کہ ''تِلْكَ الْغَرَانِيقُ الْعُلٰى وَاِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجٰى۔ اور یہ سہوا'' آپ کی زبان پر جاری ہوا یا شیطان نے آپ کی آواز کے مشابہ بلند آواز سے اپنی طرف سے گھڑ کر کہا۔ اور مشرکوں نے اسے سنا تو ان کا سجدہ کرنا اسی کی بنا پر تھا اور وہ کہنے لگے اب محمد نے ہمارے معبودوں کی تعریف کی ہے اب ہمارا ان سے کوئی جھگڑا باقی نہ رہا۔ اور یہ تو ہم جانتے ہی ہیں کہ پیدا کرنے والا' زندگی دینے والا، مارنے والا' جاننے والا' ہمیشہ سے موجود رہنے والا اور رزق دینے والا ایک ہی ہے۔ یہ اصنام تو ہمارے شفیع ہیں اور بس' اور محمد نے خود اب ان کی شفاعت کا اثبات وقرار کرلیا ہے اس کے بعد جبریل علیہ السلام آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شیطان کے القاء کی خبر دی اس پر آپ غمگین ہوئے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی کے لیے یہ آیت نازل فرمائی:

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ

تو یہ قصہ عقلاً اور نقلاً باطل وموضوع اور من گھڑت ہے نیز اس آیہ کریمہ کی تفسیر دوسری ہے۔ جس میں اس قصہ کا نام ونشان اور ذکر تک نہیں ہے (واللہ اعلم)۔

سجدۂ شکر: وصل: جاننا چاہیے کہ نماز کے علاوہ خارج کے سجدۂ مفروضہ میں علماء کا اختلاف ہے کیا یہ جائز ومسنون اور عبادت وموجب تقرب بارگاہِ الٰہی ہے یا نہیں۔ بعض کے نزدیک یہ بدعت وحرام اور بے اصل ہے۔ اس کے لیے شریعت میں کوئی بنیاد نہیں ہے اور بعض کے نزدیک جائز ومسنون ہے۔ اور بعض علماء احناف کے نزدیک ایک جائز مع الکراہت ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ خارج نماز میں سجدے کی کئی قسمیں ہیں ایک سجدۂ سہو ہے اور یہ خود سجدۂ نماز کے حکم میں ہے اور دوسرا سجدۂ تلاوت ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ تیسرا سجدۂ مناجات ہے جو نماز کے بعد ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بحث زیادہ تر اسی سجدے کے بارے میں ہے کیونکہ یہ بھی مکروہ ہے چوتھا سجدۂ شکر ہے جو حصول نعمت اور بلاؤں کے دور ہوجانے پر کیا جاتا ہے اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی کے نزدیک سنت ہے۔ اور امام احمد وامام ابو یوسف کا قول بھی یہی ہے۔ اس ضمن میں احادیث وآثار بکثرت ہیں جیسا کہ مذکور ہوا اور امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک کے

نزدیک سنت نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حق تبارک وتعالیٰ کی نعمتیں غیر متناہی اور انگنت ہیں۔ اور بندہ ان کے شکر کی ادائیگی میں عاجز ہے لہٰذا ان کا مکلّف بنانا اگرچہ بطریق سنت واستحباب ہو تکلیف مالایطاق ہوگی اور کہتے ہیں کہ سجود سے مراد جو شکر نعمت کے ضمن میں احادیث میں واقع ہیں نماز ہے جسے سجدے سے تعبیر فرمایا ہے۔ یا یہ منسوخ ہے اور جو حضرات سجدۂ شکر کے قائل ہیں وہ ان سے وہ نعمت عظیمہ مراد لیتے ہیں جو کبھی کبھی ظہور پذیر ہوتی ہیں اور سنت میں بھی ایسا ہی واقع ہوا ہے نہ کہ ہر نعمت پر اور کہتے ہیں کہ سجدہ سے نماز مراد لینا ظاہر کے خلاف ہے اور چونکہ بعض خلفائے راشدین سے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ سجدہ کا فعل ماثور ہے لہٰذا نسخ کا قول درست نہ ہوگا اور ایک قسم اور ہے جسے ''سجدۂ تحیت'' کہتے ہیں اور بعض روایات فقہیہ میں اس میں رخصت واقع ہوئی ہے۔ تو اس میں مسلک مختار کراہت وحرمت ہے۔ اور مسند امام احمد' جامع ترمذی اور سنن ابوداؤد میں سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی چیز اچھی معلوم ہوتی تو چہرۂ انور کو زمین پر رکھ کر سجدہ کرتے اور حق تعالیٰ کی شکر گزاری میں ہوتا۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی ایسا ہی مروی ہے اور بیہقی باسناد صحیحہ روایت کرتے ہیں کہ جب امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا خط یمن سے پہنچا جس میں مرقوم تھا کہ ہمدان کا قبیلہ اسلام لے آیا ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت سجدۂ شکر ادا کیا اور اس قبیلہ کے لیے دعا فرمائی اور فرمایا السلام علی ہمدان' السلام علی ہمدان' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالیٰ کی یہ بشارت ملی کہ جو کوئی آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا تو حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ صلوٰۃ نازل فرمائے گا اور جو آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے گا۔ حق تعالیٰ اس پر سلام دس مرتبہ بھیجے گا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت اس نعمت کے شکر میں دو سجدے کیے جو بہت طویل تھے گویا کہ دیکھنے والوں کو خیال گزرا کہ آپ کی روح مبارک آسمان پر چلی گئی اور جسم اطہر کو چھوڑ گئی ہے اور ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو چھوٹے قد کا' بہت حقیر وکمزور ضعیف الحرکت اور ناقص الخلقت تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدۂ شکر ادا کیا اس قسم کی بکثرت حدیثیں مروی ہیں اور صحیح بخاری میں بھی ہے کہ روز بدر جب ابوجہل لعین کا سر لائے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا اور فرمایا: مَاتَ فِرْعَوْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ۔ اس امت کا فرعون مارا گیا ایک اور روایت میں ہے کہ دو رکعتیں پڑھیں یہ حدیث، سجدے سے نماز کی تاویل کی صحت میں نظیر ہے۔ جیسا کہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک تاویل کرتے ہیں۔

اور آثار صحابہ میں منقول ہے کہ جب کعب رضی اللہ عنہ بن مالک کو حق تعالیٰ کی جانب سے توبہ کی بشارت انہیں پہنچی۔ تو سجدۂ شکر کیا اور وہ اکابر صحابہ اور شعرائے اسلام میں سے ہیں اور یہ ان تین افراد میں سے ایک ہیں جنہوں نے غزوۂ تبوک سے تخلف کیا تھا اور حق تبارک وتعالیٰ کی جانب سے رحمت وکرام کے ساتھ ان پر رجوع وتوبہ قبولیت نازل ہوئی تھی۔ جیسا کے قرآن عظیم منطوق ہے کہ: وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰى اِذَا اَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ یہ قصہ طول طویل ہے اور احسن القصص میں سے ہے اور اسے ہم نے سفر السعادۃ کی شرح میں بیان کیا ہے وہاں دیکھنا چاہیے۔

امیر المومنین سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جب مسیلمہ کذاب کے قتل کی خبر سنی تو سجدۂ شکر کیا اس کا قصہ مشہور ہے اور امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے جب ذوالثدیہ کو جو کہ خوارج رؤسا میں سے تھا مقتولوں کے درمیان مرا ہوا دیکھا تو سجدۂ شکر کیا اس کا قصہ اور خوارج کا حال بھی کتب احادیث اور سیر کی کتابوں میں مذکور ہے ان میں سے مختصر سا تذکرہ شرح سفر السعادۃ اور شرح مشکوٰۃ میں بھی کیا گیا ہے۔

نماز جمعہ: وصل: جمعہ بزبان مشہور' جیم کے پیش اور میم کے سکون اور پیش سے ہے اور سیوطی نے میم کے زبر سے بھی ذکر کیا ہے اور زجاج سے اس کے زیر سے بھی نقل کیا گیا ہے اور قرآن قریم میں قرأت سبعہ کے بموجب میم کے پیش سے ہے اور سکون شواذ میں

سے ہے۔ زمانہ جاہلیت میں اس دن کو عروبہ بفتح عین وضم راء وباء موحدہ کہتے تھے۔ اور جمعہ اسلامی نام ہے اس بنا پر کہ اس دن نماز کے لیے اجتماع ہوتا ہے۔ کذا قیل۔ اور تحقیق یہ ہے کہ عروبہ جاہلیت میں اس کا قدیمی نام ہے۔ نیز جاہیت سے اسے جمعہ کے ساتھ بدل دیا گیا کیونکہ اس دن میں اجتماع آفرینش ہے یا اس بنا پر کہ اس میں آدم علیہ السلام کی پیدائش تمام ہوئی اور روح وجسم کو جمع کیا گیا اسی طرح ہفتہ کے تمام دنوں کو بدل دیا گیا۔

فائدہ: قدیم زمانہ میں ہفتہ کے نام یہ تھے۔ اول، اہون، جبار، مانس، عروبہ، شبار۔ جمعہ کا دن زمانہ جاہلیت میں بھی شرافت وبزرگی رکھتا تھا اور اسلام میں دیگر امتیاز خصائص وفضائل کے ساتھ موسوم ہوا۔ اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سے پہلے والوں کو جمعہ کے دن سے گمراہ رکھا۔ اس سے مراد یہودی ونصاریٰ ہیں۔ کیونکہ یہودیوں کے لیے سبت یعنی شنبہ کا دن اور نصاریٰ کے لیے یکشنبہ یعنی اتوار تھا اس کے بعد اللہ تعالیٰ ہمیں لایا اور مسلمانوں کو پیدا فرمایا تو ہمیں روز جمعہ کی راہ دکھائی اور یہود ونصاریٰ کے روز جمعہ سے گمراہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ انہیں اس دن عبادت کرنے اور اس دن عبادت کے ذریعہ شکر ونعمت بجالانے کے لیے مجتمع ہونے کا حکم دیا تو انہوں نے مخالفت کی اور تمرد وسرکشی کا مظاہرہ کیا اور انکار کی زبان کھولی اور اس کے بدلے شنبہ کو یہودی چاہنے لگے اور یہ سبب بتانے لگے کہ یہ دن انتہائے آفرینش کا ہے اور صانع کا آفرینش کی مشغولیت سے فارغ ہونے کا دن ہے۔ لہٰذا مخلوق کو بھی چاہیے کہ مشاغل سے یکسو ہوکر عبادت میں مصروف ہوں اور نصاریٰ باتیں بنانے لگے کہ اتوار آفرینش کی ابتداء کا دن ہے۔ لہٰذا یہ دن تعظیم شکر ونعمت اور قبولیت عبادت کے لیے زیادہ سزاوار ہے۔ اور اکثر اس کے قائل ہیں کہ جمعہ کا دن ان پر متعین کر کے فرض نہیں کیا گیا تھا بلکہ انہیں کسی ایک دن کے اختیار کر لینے اور عبادت کے لیے مخصوص کر لینے کا حکم دیا گیا تھا کہ وہ اپنے فکر واجتہاد سے کام لے کر تلاش کریں کہ یہ دن کون سا ہونا چاہیے۔ لہٰذا یہود نے شنبہ کو اور نصاریٰ نے اتوار کو مذکورہ علت وسبب کے تحت دریافت کیا۔ اسی قیاس کے بموجب مسلمانوں کو جمعہ کے دن کی ہدایت دیتے اور راہ دکھانے کے بارے میں بھی دو قول کہے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ مسلمانوں پر جمعہ دن فرض کیا گیا اور اس کا انہیں حکم دیا گیا چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ. اے ایمان والو! جب جمعہ کی نماز کے لیے اذان ہو تو اللہ کے ذکر کی طرف سعی کرو.....

تو حق تعالیٰ نے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی اور گمراہ نہ رکھا۔ اور تمرد وسرکشی میں انہوں نے زبان انکار نہ کھولی اور اسباب وعلل کے لحاظ سے غور وفکر اور اجتہاد کرنے میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی اور اصابت فکر عنایت فرمائی۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو عبادت کے لیے پیدا فرمایا اور جب ان کی تخلیق جمعہ کے دن ہے تو اولیٰ اور انسب ہے کہ یہی دن عبادت کے لیے بھی ہو۔ نیز حق تعالیٰ نے باقی دنوں میں ان چیزوں کو پیدا فرمایا جن سے وہ منتفع ہوں اور جمعہ کے دن خود ان کی ذات کو پیدا کیا لہٰذا نعمت وجود کا شکر بہ نسبت ان نعمتوں کے جو ان کی ذات سے خارج ہیں اولیٰ وافضل ہے اور ظاہر اس جگہ پہلے معنی ہیں۔ بلکہ یہود ونصاریٰ کے باب میں بھی لیکن ابن حجر صحیح بخاری میں فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری اور اس کا حکم قرآن میں نازل ہونے سے پہلے جمع ہوئے اور کہنے لگے کہ جب کہ یہود ونصاریٰ کا ایک ایک دن خاص ہے جس میں وہ ہر ہفتہ جمع ہوتے ہیں تو ہم بھی عادت کے لیے ہر ہفتہ ایک دن خاص کرتے ہیں تا کہ ہم اس دن جمع ہو کر حق تبارک وتعالیٰ کا ذکر کریں۔ نماز پڑھیں اور شکر وعبادت کے آداب بجالائیں تو اس کے لیے انہوں نے یوم عروبہ کو جس کا قدیمی نام روز جمعہ ہے متعین کیا۔ اگرچہ یہ ان خصوصیات کے ساتھ نہ تھا جو نماز کے بارے میں قرآن کریم میں خصوصیات نازل ہوئیں مقصود ہوئیں مقصود میں اتنا ہی کافی ہے فتدبر۔

صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کسی معجزے کے ظہور کے وقت فرماتے ''اشہدانی رسول اللہ'' صحیح بخاری میں باب معجزات النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں مروی ہے کہ ایک سفر میں صحابۂ کرام کا زادِراہ کم ہوگیا تو حضور نے سب کو جمع کر کے ایک طشت میں رکھا اور برکت کی دعا فرمائی اس کے بعد تمام لشکر نے اس کے ایک گوشے سے اپنے اپنے برتن بھر لیے اور یہ معجزہ غزوۂ تبوک میں بھی ہوا تھا اس وقت ستر ہزار افراد تھے اس کے بعد حضور نے فرمایا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔''

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد 'اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ'' میں امت کے لیے تنبیہ ہے کہ وہ زیور اصلاح سے آراستہ ہوں تا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام سے مشرف ہوں اور صلوات میں تمام مخلوق مشرف ومحفوظ ہوں اور کوئی اس فضل عظیم سے محروم نہ رہے اس جگہ لازم آتا ہے کہ نماز میں جس طرح خدائے عزوجل کا حق ہے اسی طرح تمام مسلمانوں کا حق ہے اور جو نماز کو ترک کرتا ہے گویا وہ حق خدائے عزوجل کے ساتھ اپنا تمام مسلمانوں کے حقوق کو بھی ادا نہیں کرتا جو مسلمان گزر گئے اور جو قیامت تک آئیں گے۔ اس بنا پر 'اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ'' کا قول واجب ہے۔

اور آخری تشہد میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا' امام شافعی کے نزدیک واجب ہے اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سنت ہے جیسا کہ پہلے اپنی مقام میں بیان گزر چکا ہے۔

طبرانی' ابن ماجہ اور دارقطنی حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی نماز ہی نہیں جو اپنے نبی پر درود نہ بھیجے۔

دارقطنی ابومسعود رضی اللہ عنہ انصاری سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز پڑھے اور وہ نماز میں مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ بھیجے تو اس کی نماز قبول نہیں کی جائے گی درود کے کلمات اور اس کے صیغوں میں متعدد روایتیں مروی ہیں لیکن اس قدر کہنا کافی ہے کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ'' جیسا کہ میں نے بعض مشائخ سے سنا ہے اور ابن مسعود کی حدیث کے آخر میں ''فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ'' آیا ہے۔ اگر اسے بھی کہے تو بہتر ہے اور بعض روایتوں میں ''وَارْحَمْ وَتَرَحَّمْ كَمَا رَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ'' آیا ہے۔ قاضی ابوبکر ابن العربی مالکی اور صیدالالی شافعی نے اس کی صحت کا انکار کیا ہے اور اسے از قبیل بدعت قرار دیتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو درود کی کیفیت وحی سے تعلیم فرمائی۔ لہٰذا اس پر اضافہ کرنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر استدراک کے لیے ہے۔ (معاذ اللہ)۔

اور مواہب میں احناف کی کتاب ''ذخیرہ'' سے منقول ہے کہ مکروہ ہے کیونکہ یہ موہم نقص ہے اس لیے کہ ''رحمت اور ترحم'' کسی ایسی چیز کو غالب کرنے میں بولتے ہیں جس پر ملامت وسرزنش کی جاتی ہے اور ابن عبدالبر جو کہ مشاہیر محدثین سے ہیں۔ اس پر جزم کے ساتھ کہتے ہیں کہ کسی کی روایت ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جاتا تو کہتا رحمۃ اللہ۔ اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ''مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ'' (جو مجھ پر صلوٰۃ بھیجے) اور مَنْ تَرَحَّمَ عَلَيَّ'' نہیں فرمایا اور ترحم کے صیغہ کی کوئی دعا نہیں ہے اگرچہ صلوٰۃ کے معنی رحمت کے ہیں لیکن صلوٰۃ کے لفظ کو آپ کی عظمت کے لیے مخصوص گردانا گیا ہے لہٰذا اس سے کسی اور لفظ کی طرف عدول نہیں کیا جائے گا۔ اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے جمہور علماء سے اس کا جواز نقل کیا ہے اور قرطبی کہتے ہیں کہ یہی صحیح ہے کیونکہ اس بارے میں [illegible] عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ'' اور حق یہ ہے کہ خاص اس لفظ کا انکار

اوس بن اویس کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے تمام دنوں میں سب سے بہترین دن جمعہ کا ہے۔اور یہ حدیث بتاتی ہے کہ افاضل ایام بہت ہیں۔مثلاً یوم عرفہ، یوم عیدین وغیرہ اور روز جمعہ بھی ان دنوں میں سے ایک دن ہے۔

علماء کا اختلاف ہے کہ روز جمعہ اور روز عرفہ میں کون سا دن افضل ہے۔بعض کہتے ہیں کہ ہفتہ کے دنوں میں روز جمعہ افضل ہے اور سال کے دنوں میں روز عرفہ، یہ بات بغیر غور وفکر کے حاصل نہیں ہوتی۔

اسی طرح شب قدر اور شب جمعہ میں علماء اختلاف رکھتے ہیں امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شب جمعہ افضل ہے اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صلب حضرت عبداللہ سے رحم آمنہ رضی اللہ عنہا میں جمعہ کی رات ہی تشریف لائے اور ایام ''منیٰ'' میں تھے۔ جیسا کہ ولادت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں انشاءاللہ آئے گا۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ تمام دنوں کا سردار یوم جمعہ ہے۔اسی دن خلق عالم جمع ہوئی اور اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور جمعہ کے دن ہی انہیں جنت میں داخل کیا گیا اور جمعہ کے دن ہی انہیں جنت سے زمین پر لایا گیا اور جمعہ کے دن ہی حضرت آدم نے وفات پائی اور اسی دن قیامت قائم ہوگی، اسی دن صور پھونکا گا۔اسی دن مخلوق بیہوش ہوگی۔ان واقعات کے بیان کرنے کا مقصد اس دن میں امور عظیمہ کے واقع ہونے کا تذکرہ ہے یا اس بنا پر کہ حضرت آدم علیہ السلام کا جنت سے باہر آنا اور ان کا اس عالم میں تشریف لانا بیشمار حکمتوں پر مبنی ہے جن کا احاطہ دائرہ امکان سے باہر ہے۔

خصائص یوم جمعہ: روز جمعہ کے خصائص وفضائل بہت ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس دن میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ اس گھڑی میں بندہ خدا سے جو مانگے گا پائے گا صحابہ تابعین اور بعد کے علماء کے درمیان اس گھڑی کے بارے میں دو مختلف قول ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ یہ گھڑی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کرامت نشان کے خصوصیات میں سے تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ مرفوع ہوگئی یہ قول مردود ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن وہ گھڑی جس میں دعا مقبول ہوتی تھی اٹھالی گئی ہے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو ایسا کہتا ہے جھوٹ ہے وہ گھڑی اب بھی روز جمعہ میں موجود ہے۔یہ دوسرا قول ہے اور یہی صحیح ہے۔مطلب یہ کہ جس طرح کے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں وہ گھڑی تھی اب بھی وہ گھڑی باقی ہے۔نیز اس قول میں بھی دو رائے ہیں۔ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ اس گھڑی کو روز جمعہ میں پوشیدہ اور مخفی رکھا گیا ہے جس طرح کے شب قدر کو اخیر عشرۂ رمضان المبارک میں رکھا گیا۔اور اکثر اس کے قائل ہیں کہ یہ گھڑی متعین ہے اس میں تیس سے زیادہ اقوال ہیں جسے شیخ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح بخاری میں ہر ایک قائل کے نام کے ساتھ ان کے قول کا ذکر کیا ہے اور اس کے دلائل بیان کیے ہیں اور ان کی تصحیح، تضعیف، رفع اور توقف کو بیان کر کے باہم تطبیق ظاہر کی ہے۔اور ہم نے شرح سفر السعادۃ میں ان سب کو نقل کر دیا ہے ان میں سب سے زیادہ راجح دو قول ہیں۔پہلا قول یہ ہے کہ وہ گھڑی منبر پر امام کے بیٹھنے سے نماز کے مکمل ہونے تک ہے۔دوسرا قول یہ ہے کہ اس دن کی آخری گھڑی ہے (یعنی نماز عصر کے بعد غروب آفتاب تک) اس کے بعد دونوں قوموں کے درمیان ترجیح میں بھی علماء کے دو قول ہیں اکثر دوسرے قول کو ترجیح دیتے ہیں اور اس قول کی تقویت وتائید میں احادیث کریمہ سے استدلال کرتے ہیں۔صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ سنن سعید بن منصور میں باسناد صحیح ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابۂ کرام کی ایک جماعت مجتمع ہوئی اور اس گھڑی کی تعیین میں بحث کرنے لگی۔اور جب یہ مجلس برخاست ہوئی تو کسی ایک نے اس میں اختلاف نہ کیا کہ وہ گھڑی جمعہ کے دن کی آخری ساعت ہے۔

اور سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ انہوں نے اپنے خادم کو مقرر کیا کہ روز جمعہ کی آخری گھڑی کا خیال رکھیں اور

آخر ساعت کی انہیں خبر دیں اور جب انہیں باخبر کیا گیا تو وہ دعا میں مشغول ہوگئیں ایک اور روایت میں غروب آفتاب کا وقت آیا ہے (واللہ اعلم)۔

خصائص روز جمعہ میں سے ایک یہ ہے کہ اس دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا مقام اجابت وقبول کو پہنچنا ہے۔ ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس دن ایک نماز ایسی ہے جو اسلام کے اعظم فرائض سے ہے اور اس میں سستی وکاہلی کرنا دلوں پر مہر کرنے اور منافقوں کے زمرے میں لکھے جانے کا موجب ہے۔ (العیاذ باللہ) اور اس دن میں غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ اور ایک جماعت کے نزدیک واجب ہے۔ خوشبو ملنا، مسواک کرنا اور عمدہ لباس پہننا دوسرے دنوں کے مقابلہ میں زیادہ مستحب ہے اور اس دن مسجد کو خوشبو سے معطر کرنا مستحب ہے اور علماء کی ایک جماعت کے نزدیک روزِ جمعہ نصف النہار کے وقت میں نماز نافلہ پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت استواء یعنی نصف النہار کے وقت نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے مگر جمعہ کے دن نہیں اور فرمایا جہنم کو اس وقت میں دہکایا جاتا ہے مگر جمعہ کے دن نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بکثرت فساق وفجار، جمعہ کے دن اور اس کی رات میں ارتکاب معاصی سے مجتنب رہتے ہیں اس بنا پر کہ اس دن آثار رحمت کا ظہور ہے اور یہ دن اور تمام دنوں کے مقابلہ میں زیادہ عبادت اور تضرع وزاری کرنے کے لیے پسند کیا گیا ہے۔ جس طرح تمام مہینوں پر رمضان کو شرف حاصل ہے۔ اس دن قبولیت کی گھڑی رمضان مبارک میں شب قدر کی مانند ہے اور جمعہ کا دن مسلمانوں کے لیے عید کا دن ہے جو ہر ہفتہ بار بار آتی ہے حدیث مرفوع میں ہے کہ:

يَوْمُ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ وَاَعْظَمُهَا عِنْدَ اللهِ مِنْ يَوْمِ الْاَضْحٰى وَيَوْمِ الْفِطْرِ.

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور اللہ کے نزدیک یہ عید قرباں اور عید الفطر سے زیادہ اعظم وافضل ہے۔

اور جو کوئی نماز جمعہ کے لیے پیدل جائے اس کا ثواب سال بھر کے نماز وروزہ کے برابر ہے اور یہ دن کفارہ سیئات کا دن ہے اور آسمان وزمین، پہاڑ ودریا اور ساری مخلوق جمعہ کے دن اس علم کی بنا پر ڈرتے ہیں جسے حق تعالیٰ نے انہیں بخشا ہے کہ اس دن میں قیامت قائم ہوگی مگر جنات وانسان کے دلوں پر قیام تکلیف اور ایمان بالغیب کی وجہ سے پردے ڈال دیئے گئے ہیں اس دن، مومنوں کی روحیں اپنی قبروں کے قریب ہوتی ہیں اور وہ اپنی قبر پر آنے والوں کو اور دنوں سے زیادہ پہنچانتی ہیں۔ بعض روایتوں میں ہے کہ ان کی شناخت بہ نسبت آخر دن کے اول دن میں زیادہ ہوتی ہے لہٰذا اس دن زیارت قبور زیادہ مستحب ہے۔ اور حرمین شریفین میں لوگوں کی عادت یہی ہے۔ اور اکثر علماء کے نزدیک خاص جمعہ کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے کیونکہ یہ دن ہماری عید کا ہے اور عید کے دن روزہ مکروہ ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مکروہ نہیں ہے اور یہ دن وعظ وتذکیر کے لیے بطریق وجوب اور درخطبہ مسلمانوں کے اجتماع کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور عید کے دن خطبہ سنت ہے (اور جمعہ کا خطبہ واجب ہے) اور منقول ہے کہ شب جمعہ میں ارواح مومنین جمع ہوتی ہیں اسے ابن قیم نے ''کتاب الہدیٰ'' میں بیان کیا ہے جس طرح کے خاص جمعہ کے دن روزہ رکھنا اکثر علماء کے نزدیک مکروہ ہے اسی طرح خاص جمعہ کی رات میں قیام کرنا مکروہ ہے۔ (یہ کراہت اس صورت میں ہے جب کہ ہفتہ کے اور دنوں اور راتوں میں روزہ وقیام نہ کرے اگر اور دنوں میں بھی کرتا ہے تو کوئی کراہت نہیں ہے۔ مترجم) اس بارے میں علماء کرام نے جو وجوہات بیان کی ہیں وہ نامکمل وناتمام ہیں اس مسکین کے نزدیک (یعنی صاحب مدارج النبوت کے نزدیک) ظاہر یہ ہے کہ یہ اشارہ ہے کہ طالب کو چاہیے کہ ہمیشہ طاعت وعبادت میں مشغول رہے اور بعض اوقات کو مخصوص کر لینا اگرچہ وہ متبرک ہوں کوئی چیز نہیں ہے۔

اور روز جمعہ وشب جمعہ میں موت آنے کی فضیلت میں احادیث آثار مروی ہیں کہ مرنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔ علامہ

سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ''جمع الجوامع'' میں مسند احمد و بیہقی سے حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یَّمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوْلَیْلَةَ الْجُمُعَةِ اِلَّا وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ۔ کوئی مرنے والا مسلمان ایسا نہیں ہے جو جمعہ کے دن یا اس کی رات میں مرے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے عذاب قبر سے محفوظ رکھے اور اسی طرح شیرازی نے ''القاب'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور ابونعیم رضی اللہ عنہ ''حلیہ'' میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ جو کوئی روز جمعہ یا اس کی رات میں مرے اسے عذاب قبر سے نجات حاصل ہو جاتی ہے اور قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے ہاتھ پر شہیدوں کی مہر ہوگی نیز مروی ہے کہ روز جمعہ چھ ہزار مسلمانوں اور شب جمعہ تین ہزار مسلمان بخشے جاتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ تمام لوگ بخشے جاتے ہیں اور جمعہ کے دن مسجد کے دروازے پر فرشتے دفتر لے کر بیٹھتے ہیں اور آنے والوں کو بالترتیب لکھتے ہیں یعنی جو پہلے آیا اسے پہلے لکھتے ہیں اور جو بعد میں آیا اسے بعد میں لکھتے ہیں اور جب امام خطبہ کے لیے منبر پر آتا ہے تو فرشتے دفتر۔ لپیٹ کر مسجد میں داخل ہو جاتے ہیں اور وہ فرشتے اس میں جمعہ کے دن دو رکعت نماز کا اجر و ثواب' غیر جمعہ میں ادا کردہ ہزار رکعت سے زیادہ بڑھا کر اور ایک تسبیح کو ہزار تسبیح سے زیادہ لکھتے ہیں۔ اور مروی ہے کہ جب حق تبارک وتعالیٰ روز قیامت تمام دنوں کو ایک خاص ہیئت وصورت پر اٹھائے گا تو روز جمعہ کو اہل جمعہ کے لیے روشن وتاباں اٹھائے گا۔ اور ان کے لیے روز جمعہ روشنی بن کر مشعل راہ بنے گا۔ اور وہ اس کی روشنی میں چلیں گے۔ اور ان کی رنگت' صفا و سفیدی میں مثل برف کے ہوگی۔ اور ان کی خوشبو' بوئے مشک کی مانند ہوگی اور وہ کافوری پہاڑوں میں بیٹھیں گے اور ان کی طرف جنات وانسان دیکھیں گے اور حیرت وتعجب میں ان کی آنکھیں تک نہ جھپکیں گی یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے اور ان سے کوئی نہ ملے گا مگر وہ موذن جس نے خدا کے لیے اذان کہی ہوگی۔

اور اذان جمعہ کے وقت خرید و فروخت کی حرمت و کراہت اور بعد از نماز جمعہ بیع وشراء کا استحباب' بھی جمعہ کے خصائص میں سے ہے۔ اور جمعہ کے دن نماز فجر میں سورہ الم السجدہ اور سورۂ هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ کا پڑھنا اور نماز جمعہ میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون یا سبح اسم ربک الاعلیٰ اور سورۂ غاشیہ پڑھنا اور نماز مغرب میں سورۂ قل یا ایہا الکفرون اور قل ہو اللہ احد کا پڑھنا اور نماز عشاء میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون کا پڑھنا بھی مسنون ہے اور شوافع ان پر التزام رکھتے ہیں اور ہرگز ان کے خلاف نہیں کرتے۔ لیکن احناف تعیین سورۃ کو مکروہ جانتے ہیں اور ہرگز نہیں پڑھتے۔ محقق حنفیہ، شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ ایسا نہ کرنا چاہیے۔ کبھی کبھی انہیں بر بنائے صحت احادیث جو کہ اس بارے میں وارد ہیں پڑھنا چاہیے۔ اور فرماتے ہیں کہ مقتضائے دلیل کراہت، ایہام تفضیل' ہجران باقی اور ان کا عدم جواز وغیرہ' عدم مداومت ہے نہ کہ مداومت عدم۔

بندۂ مسکین عبدالحق بن سیف الدین (صاحب مدارج النبوۃ رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہے کہ یہ ظاہر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل بھی دائمی نہ ہوگا کہ اس کے خلاف کبھی عمل نہ کیا ہو۔ جیسا کہ نوافل میں آپ کی عادت شریفہ ہے۔ اگر ہو بھی تو اکثری ہوگی۔ لہٰذا احناف کا طریقہ یہ ہے کہ اگر پڑھیں تو جمعاً بین الحدیث والمذہب کبھی کبھی ترک بھی کر دیا کریں۔ (واللہ اعلم)

اور شب جمعہ اور روز جمعہ میں سورۂ کہف کے پڑھنے کے فضائل' متعدد طریقوں اور سندوں سے مروی ہیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی روز جمعہ سورہ کہف کو پڑھتا ہے تو روز قیامت اس کے لیے ایک نور زیر قدم سے آسمان تک روشن ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ اس کے لیے بیت العتیق سے نور روشن ہوگا اور اس کے ہر صغیرہ گناہ بخش دیے جائیں گے۔ جو دو جمعوں کے درمیاں ہوں گے۔ اگرچہ حدیثیں بظاہر گناہوں کی بخشش میں عام ہیں یعنی صغیرہ اور کبیرہ دونوں کو شامل ہیں لیکن علماء ان کو صغائر کی بخشش سے تخصیص کرتے ہیں (واللہ اعلم)

فضیلت یوم جمعہ در روز آخرت: خلاصہ کلام یہ ہے کہ جمعہ کا دن دنیا و آخرت میں بڑی عظمت و شرافت والا دن ہے لیکن دنیاوی عظمت و شرافت تو معلوم ہوگئی مگر آخرت میں اس کی عظمت و شرافت میں ایک ایسی حدیث ہے جو فوائد شریفہ اور حقائق عظیمہ پر مشتمل وارد شدہ ہے۔ کیونکہ وہ حدیث ان لوگوں کی کیفیت پر دلالت کرتی ہے جو جمعہ کے دن نماز جمعہ کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔ اور انہیں انوار شہود اور عظمت و جلال حق سبحانہ وتعالیٰ سے ایک پرتو حاصل ہوتا ہے۔ اور یہ ایک نمونہ ہے اس چیز کا جو انہیں روز آخرت، قرب پروردگار اور دیدار حق سبحانہ وتعالیٰ حاصل ہوگا اور اس حدیث کو امام شافعی اور دیگر ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے وہ یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام اس حال میں آئے کہ ان کے پاس ایک سفید آئینہ ہے اور اس میں ایک سیاہ نقطہ تھا۔ میں نے کہا اے جبریل! یہ سفید آئینہ کیسا ہے اور اس میں سیاہ نقطہ کیسا ہے۔ جبریل علیہ السلام نے کہا یہ آئینہ تمام دنوں سے روز جمعہ کی مثال ہے جو صفا و نورانیت کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور اس میں جو نقطہ ہے یہ وہ گھڑی ہے جو روز جمعہ میں ہے۔ اور یہ تمام اجزاء میں با اعتبار اس کے امتیاز کے ہے کیونکہ سفیدی پر سیاہی خوب روشن واضح ہوتی ہے۔ اسی لیے کتابت یعنی تحریر کے لیے تمام رنگوں میں سیاہی کو اختیار کیا گیا ہے۔ اور جبریل علیہ السلام نے کہا روز جمعہ کا نام ''یوم المزید'' ہے میں نے دریافت کیا ''یوم المزید'' کا کیا مطلب ہے۔ اور جمعہ کا یوم المزید کس لیے نام رکھا گیا ہے جبریل علیہ السلام نے کہا فردوس میں جو کہ جنت کے درجوں میں اعلیٰ درجہ ہے۔

ایک کشادہ میدان پیدا کیا گیا ہے جس کے طول و عرض کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا اس میں مشک کے ٹیلے ہیں جن کی سربلندیاں آسمانوں تک پہنچی ہوئی ہیں اور جب جمعہ کا دن آتا ہے تو حق تعالیٰ اپنے فرشتوں میں سے جس قدر فرشتوں کو چاہئے وہاں بھیجتا ہے اور اس کشادہ میدان کے گرد نور کے منبر ہیں اور ان منبروں پر انبیاء کرام جلوہ افروز ہیں اور ان نوری منبروں کے گرد سونے سے مرصع، یاقوت، وزبرجد کے اور منبر ہیں جن پر شہداء و صدیقین، ان نوری منبروں کے پیچھے بیٹھے ہیں۔ اس کے بعد حق تعالیٰ ان مشکوں کو ان کے لباس، چادروں اور بالوں میں بساتا ہے پھر حق تعالیٰ فرماتا ہے میں تمہارا رب ہوں۔ میں نے تم سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کر دیا اور تمہیں جنت میں لے آیا اب تم مانگو جو مانگنا چاہو میں تمہیں عطا فرماؤں گا وہ عرض کریں گے اے رب ہم تیری ہی رضا چاہتے ہیں اس پر حق تعالیٰ فرمائے گا اگر میں تم سے راضی نہ ہوتا تو تمہیں اپنے محل یعنی جنت میں نہ ٹھہراتا تم مجھ سے اس سے بالاتر چیز اور اس سے زیادہ مانگو اور میرے پاس ہر چیز میں بلند چیز ہے کیونکہ میری نعمتیں اور میرا درجات فضل بے نہایت و بے اندازہ ہے۔ اور آج کا دن یوم مزید ہے اس پر سب یک زبان ہو کر عرض کریں گے اے رب! اب ہمیں وجہہ کریم کا جلوہ دکھا تا کہ ہم دیدار کریں اور چشم سر سے عیاں طور پر دیکھیں کیونکہ تمام مقاصد و مطالب کی نہایت و منتہا یہی ہے اس سے بالاتر اور کوئی مطلوب نہیں ہے۔ اس کے بعد کسی سوال کی گنجائش نہیں اور موسیٰ علیہ السلام کا یہ سوال کرنا کہ ''رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْكَ'' (اے رب مجھے اپنا جلوہ دکھا تا کہ میں تیری طرف نظر کروں) ان کا مقصد یہی تھا اور یہ قبل از وقت سوال تھا۔ لامحالہ انہیں ''لَنْ تَرَانِیْ'' (تم ہرگز مجھے نہیں دیکھ سکتے) کے زخم سے دوچار ہونا تھا اور جب اس سوال کا وقت آیا تو بصد تلطف مہربانی، خود برسوال لایا۔ اور عطا فرمایا تا کہ معلوم ہو جائے کہ حصول سوال میں اصل اصول، وقت ہے اور جو کوئی قبل از وقت مانگے اور پیش از وقت چاہے وہ محروم و بے قرار رہے گا۔

وَسَحَابُ الْخَیْرِ لَهٗ مَطْرٌ فَاِذَا جَاءَ الْاَیَانُ یُجْیِیْ

اس کے بعد حق تبارک وتعالیٰ ان پر تجلی فرمائے گا اور خود کو بے حجاب دکھائے گا پھر ان کو اپنے نظر جمال و جلال سے حق سبحانہ تعالیٰ سے کوئی چیز ڈھانپ لے گی۔ کیونکہ اگر اس پر حق تبارک وتعالیٰ کی یہ تقدیر حاصل نہ ہوتی کہ ان کو نہ جلائے اور وہ جنت میں باقی رہیں اس لئے کہ وہ جگہ فنا و زوال کی نہیں ہے تو یقیناً وہ سب جل کر خاکستر ہو جاتے پھر جب وہ سب دیدار باری تعالیٰ سے مشرف اور اس کے نور

جمال سے منور ہو جائیں گے تو حق تعالیٰ ان سے فرمائے گا اب تم سب اپنی اپنی منزلوں میں جاؤ یہ ارشاد بھی بندوں پر لطف و مہربانی میں سے ہے اس لئے کہ ہمیشہ بارگاہ رب العزت میں ہونا اور نور ذات کریم میں مستغرق ہونا ان کی تاب و تواں سے باہر ہے تو وہ سب اپنی اپنی منزلوں میں چلے جائیں گے اور اپنے اپنے حال پر آ جائیں گے اور پردہ ہائے صفات میں جو کہ اس کی رویت کا مقام و محل ہے اور وہ جنت کی نعمتیں ہیں مشاہدہ کریں گے اور دوسری تجلی کے لئے مستعد و مستحق ہوں گے۔ دونوں صورتوں میں مشہود ایک ہی ہے یعنی ذات باری تبارک وتعالیٰ۔ البتہ! شہود کی کیفیت میں فرق و تفاوت ہے اس کے بعد وہ اپنی منزلوں میں آ جائیں گے حالانکہ ان میں سے ہر ایک کو اس مقام سے بلند تر مقام دیا گیا ہوگا۔ جو وقت تجلی سے پہلے انہیں حاصل تھا۔ مطلب یہ کہ جنت میں ان کے حسن و جمال اور نورانیت کو دوبالا کر دیا جائے گا کیونکہ وہ جمالِ صفات ہے اور یہ جمال نور ذات ہے پھر وہ اپنے حال پر آتے ہیں حالانکہ یہ مرد، عورتوں سے اور یہ عورتیں مردوں سے پوشیدہ ہوں گے اور ایک دوسرے کو دیکھتے ہوئے بھی نہ دیکھ سکیں گے۔ اس بنا پر کہ ان کو نور ذات حق نے جو کہ ان پر تاباں ہوا تھا ان کے نوروں پر ڈھانپا ہوا ہوگا ان حضرات کو اپنے حال پر آتے آتے ایک زمانہ گزر جائے گا۔ پھر کہیں وہ اس غلبہ سے رجوع ہو کر اپنی ان صورتوں پر آئیں گے۔ جو اس سے پہلے ان کی تھی ایک دوسرے کو دیکھیں گے اور پہچانیں گے ان کی عورتیں ان سے کہیں گی تمہاری صورتیں ہمارے سامنے بدل گئی تھیں اور وہ اگلی صورت اور ہیئت نہ رہی تھی اور اب تو اور ہی صورت ہوگئی ہے۔ مطلب یہ کہ ایسا حسن و جمال تم پہلے تو نہ رکھتے تھے اب یہ کہاں سے تمہیں حاصل ہو گیا۔ وہ مرد کہیں گے یہ حسن و جمال اس بنا پر ہے کہ حق تبارک و تعالیٰ نے اپنے جمال سے ہم پر تجلی فرمائی تھی اور ہم نے جس طرح اس نے چاہا دیدار باری تعالیٰ کیا۔

اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قسم ہے ذات باری تعالیٰ کی بلاشبہ کسی نے نہ اس ذات باری تعالیٰ کا احاطہ کیا ہے اور نہ اس کا ادراک کیا اور نہ کوئی مخلوق اس کی کنہ ذات تک پہنچ سکتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ جل جلالہ، نے اپنے عصمت وجلال کو جس طرح چاہا ان کو دکھایا اور فرمایا۔ ذات باری تعالیٰ پر نظر کرنے کے معنی یہی ہیں۔ یہاں سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ مرئی و منظور، نور عظمت وجلال ہے جو ذات حق تعالیٰ و تقدس سے ظاہر ہوا نہ کہ ذات حق سبحانہ وتعالیٰ اور عظمت وجلال، صفات ہیں اور مشاہدۂ صفات، دنیا میں بھی تھا اس لئے کہ ہم کہتے ہیں کہ احاطہ کی نفی کی گئی ہے نہ کہ رؤیت کی اور دنیا میں عظمت وجلال کا مشاہدہ دل کے ساتھ تھا نہ کہ بچشم سر۔

غرضیکہ بندہ وہ کچھ دیکھے گا جس کو حقیقت و عرفان کہہ سکیں کہ وہ حق ہے اور دیکھی ہوئی چیز کا احاطہ و ادراک اور ہے اور اگر ان معنی میں کسی کو دنیا میں حاصل تھا تو فرق یہ کہ وہ دل سے تھا نہ کہ بچشم۔ مثلاً عقلاً کہتے ہیں کہ جو کچھ جسم، رنگت، صورت اور چمک دمک دیکھی گئی ہے جسم کی کنہ حقیقت نہیں ہے یہ سب جسم کے صفات ہیں۔ عرف میں ایسا ہونے کے باوجود یہی کہتے ہیں کہ جسم کو دیکھا۔

بہر صورت اعتقاد رکھنا چاہئے کہ مسلمان حق تبارک وتعالیٰ کو آخرت میں دیکھے گا اور اس دیدار کو ان کی آنکھوں میں ظاہر کرے گا۔ جس طرح کہ دنیا میں دیدۂ دل کو ظاہر ہوا کرتا ہے۔ اس معنی کا اعتقاد کر کے خاموش رہے۔ اتنا ہی کافی ہے (واللہ اعلم)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں کو یہ کیفیت ہر جمعہ کو حاصل ہوگی۔ اور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ میں دو حصے زیادہ ہوگی اور مسلمان جمعہ کو اس بنا پر محبوب رکھتا ہے کہ ان کا رب ان کو خیر و برکت اور اپنے فضل و کرامت سے مخصوص فرماتا ہے اور وہ چونکہ خود نہیں چاہتے اور اس سے کچھ نہیں مانگتے ان سے حق تعالیٰ خود فرمائے گا جو چاہو مانگو میں تمہیں دوں گا۔ یقیناً ہمیشہ ان کا یہی حال رہے گا۔ تو یہ ہیں ''یوم المزید'' کے معنی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

تو کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک میں سے کیا چھپا رکھا ہے بدلہ ہے ان کے اعمال کا۔

خطبہ جمعہ: وصل: جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے لئے منبر شریف پر تشریف لاتے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ، آپ کے سامنے اذان شروع کر دیتے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں صرف یہی اذان تھی اور اسی طرح حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں رہی۔ جب دور خلافت حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ آیا اور لوگوں کی کثرت اور ان کا اژدھام بڑھا تو دوسری اذان کا، اس اذان سے پہلے جو خطیب کے سامنے ہوتی ہے حکم دیا اور یہ اذان زوراء پر جو کہ مدینہ طیبہ کے بازار میں مسجد کے باہر ایک مقام کا نام ہے دیجاتی۔ اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ اس اذان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ظاہر فرمایا۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ظاہر فرمایا اور جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں تھا اعلام تھا بغیر لفظ اذان کے اور اس اذان کو بھی اذان ثانی کہتے ہیں باعتبار حدوث اور پہلی کو اول، باعتبار وجود، اور تیسری بھی کہتے ہیں باعتبار تسمیہ اقامت باذان جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ: بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ یہ اسی اعتبار سے ہے حدیث مبارک میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں دو اذانیں تھیں۔ اور بعض کے نزدیک وجوب سعی اور خرید و فروخت کے حرام ہونے میں معتبر یہی اذان ہے جو منبر پر خطیب کے بیٹھنے کے بعد ہوتی ہے چونکہ یہ اذان اپنی اصالت اور اپنے وجود میں زمانہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں تھی لہٰذا حق سبحانہ، وتعالیٰ کے ارشاد: اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ. سے مراد یہی اذان ہے لیکن علماء اس کو اصح قرار دیتے ہیں کہ معتبر اذان اول ہے جو بعد میں رائج ہوئی بشرطیکہ وہ اذان بعد زوال کہی گئی ہو جو کہ اس کا وقت ہے اس لئے کہ اس سے مقصود خبردار کرنا ہے جو بعد زوال ہی حاصل ہوتی ہے۔ اور خطبہ کے وقت اذان، قوم کو تنبیہ کرنے کے لئے ہے کہ امام خطبہ کے لئے نکل آیا ہے۔ لہٰذا سکوت خاموشی کو لازم کرو اور نماز کو ترک کر دیں۔

لیکن وہ دوسری اذان جسے بعض ملکوں میں سنت جمعہ کے لئے کہتے ہیں تو یہ نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں تھی اور نہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ میں اور نہ ان کے بعد کے زمانے میں اور اکثر بلاد اسلامیہ میں اس پر عمل بھی نہیں ہے اور یہ بھی معلوم نہیں کہ اس اذان کو کس نے ایجاد کیا اور کب سے رائج ہے لہٰذا چاہئے کہ اذان اول کے بعد سنتیں ادا کریں۔ اور اگر چاہیں تو بقصد اعلام، الصلوٰۃ الصلوٰۃ کہیں جیسا کہ بعض علماء سے دیکھنے میں آیا ہے۔

بعض کتابوں میں واقع ہے کہ اذان اول، بنی اُمیہ کی ایجادات میں سے ہے۔ غالباً یہ اس اعتبار سے ہوگا کہ بعض محققین نے کہا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس اذان کو مقام زوراء پر کہنے کا حکم دیا ہے۔ اور ہشام بن عبدالملک نے اسے مسجد میں منتقل کیا ہے۔ (واللہ اعلم) ہر تقدیر پر اسے خلفائے راشدین نے قائم کیا ہے اسے بدعت نہ کہنا چاہئے اور اگر بعض اسلاف نے اس پر بدعت کا اطلاق کیا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ زمانہ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ نہ تھا اس سے ان کی مذمت و برائی کرنا مقصود نہ ہوگا۔ جس طرح کہ امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے جماعت تراویح کے بارے میں یہی مروی ہے کہ کہا۔ نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ. (یہ کتنی اچھی بدعت ہے) اور ہر بدعت حسنہ کا حکم یہی ہے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے فعل پر سکوتی اجماع تھا کیونکہ کسی ایک سے اس پر انکار منقول نہیں ہے (فتدبر)۔

اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیتے تو حاضرین کے شوق کی زیادتی اور خطبہ کے سننے میں مبالغہ کرنے کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز مبارک اس حد تک بلند ہو جاتی کہ ابتدا کی بہ نسبت آپ کی آنکھیں سرخ اور عظمت و جلال کے انوار تابانیوں سے مجلیٰ ہو جاتیں اور تبلیغ کی چمک و دمک کا ظہور اور انذار میں آپ کا جوش اس حد تک سخت ہو جاتا کہ گویا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لشکر کو ڈراتے دھمکاتے ہوئے فرما رہے ہیں کہ صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ کہ تمہاری صبح و شام ہونے والی ہے اور لشکر کو ڈرانا اس وقت کہا جاتا ہے جب کہ

لشکر کو کسی قوم کی خبر سے ڈرایا جاتا ہے کہ فلاں قوم کا لشکر ان پر حملہ کرنا ہی چاہتا ہے اور خبردار کیا جاتا ہے کہ صبح کے وقت تم پر حملہ کر کے تاخت وتاراج کرنے والا ہے یا بوقت شام حملہ آور ہوتا ہے اور شب خون مارتا ہے۔

اس کے بعد فرماتے:

اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَیْرَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰہِ وَخَیْرَ الْھَدْیِ ھَدْیُ مُحَمَّدٍ وَّ شَرَّ الْاُمُوْرِ مُحَدَّثَاتُھَا وَ کُلُّ مُحْدَثَۃٍ بِدْعَۃٌ وَّکُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ. رواہ مسلم،

اور بعض حدیثوں میں اتنا زیادہ ہے کہ: وَکُلُّ ضَلَالَۃٍ فِی النَّارِ ۔ اور امابعد کا کلمہ، خطبہ میں حمد وثناء کے بعد کہنا مسنون ہے۔ بخاری میں اس کے لئے ایک باب باندھا ہے۔ اور فتح الباری میں ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے اس کلمہ کو کس نے ادا کیا۔ طبرانی میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث منقول ہے کہ داؤد علیہ السلام نے کہا اور شعبی سے مرفوع حدیث میں ہے کہ فصل خطاب وہ ہے جو داؤد علیہ السلام کو دیا گیا ہے۔ اور فرمایا: وَاٰتَیْنَاہُ الْحِکْمَۃَ وَفَصْلَ الْخِطَابَ اور ہم نے ان کو حکمت عطا فرمائی۔ اور قولِ فیصل یہ کلمہ ہے۔ اور بعض کہتے ہیں سب سے پہلے جس نے خطبہ دیا وہ معرب بن قحطان ہے۔ ایک قول میں کعب بن لوی اور ایک قول میں سبحان بن وائل اور ایک قول میں قس بن ساعدہ ہے۔ لیکن پہلا قول اشبہ واثبت ہے اور ان اقوال کی جمع وتطبیق میں کہا گیا کہ پہلا قول، اولیت حقیقی میں ہے اور باقی لوگوں میں اولیت اضافی ہے۔

خطبہ دینے میں کمان یا عصا پر ٹیک لگاتے اور تلوار و نیزہ ہاتھ میں نہ پکڑتے اور بعض کہتے ہیں کہ جب میدان جنگ میں خطبہ دیتے تو کمان اور تلوار پر ٹیک لگاتے تھے اور خطبہ جمعہ میں عصا پر۔ اور بعض روایات فقیہہ حنفیہ میں ہے کہ تلوار یا عصا پر ٹیک لگانا مکروہ ہے مگر صحیح یہ ہے کہ مکروہ نہیں ہے کیونکہ سنت میں وارد ہوا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ہر اس شہر میں جس کو غلبہ و جنگ سے فتح فرمایا ہے جیسے مکہ معظمہ وغیرہ وہاں ہتھیاروں پر ٹیک لگاتے تھے اور جہاں صلح کے ساتھ ہے جیسے مدینہ منورہ میں تو وہاں عصا پر ٹیک لگاتے تھے اسی بنا پر شوافع حرم مکہ میں تلوار سے ٹیک لگاتے ہیں کیونکہ ان کے قول کے بموجب ان کی فتح بطریق غلبہ ہے اور احناف عصا سے ٹیک لگاتے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک فتح صلح سے ہے جیسا کہ اپنی جگہ انشاء اللہ ہم بیان کریں گے۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ کمان یا عصا پر ٹیک لگانا منبر شریف بنائے جانے سے پہلے تھا۔ لیکن منبر بن جانے کے بعد محفوظ نہیں ہے کہ کس چیز سے ٹیک لگاتے تھے نہ کمان سے اور نہ عصا وغیرہ سے۔ (واللہ اعلم)

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کو مختصر کہتے۔ مطلب یہ کہ نماز کی نسبت سے خطبہ مختصر کرتے اور نماز بہ نسبت خطبہ کے طویل فرماتے۔ ورنہ مسلم وترمذی میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز معتدل ہوتی تھی نہ طویل نہ مختصر۔ ابوداؤد کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ درمیانہ ہوتا تھا۔ اور فرماتے کہ آدمی کا نماز کو دراز کرنا اور اپنے خطبہ کو مختصر کرنا اس کی سمجھ اور دانشوری کی نشانی ہے مانا کہ اس کی وجہ یہ تھی کہ وعظ ونصیحت میں ایک حرف کافی ہے خصوصاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے، کیونکہ آپ مصدر جوامع الکلم اور مظہر غرائب حکم ہیں۔ آدمی کو چاہئے کہ طاعت وعبادت میں کوشش کرے۔ اور اپنے آپ کو آراستہ وپیراستہ کرنے میں مشغول رہے تاکہ لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ (وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر تم عمل نہیں کرتے۔) کا مصداق نہ بنے اور فرماتے ہیں کہ کردار یعنی عمل کی ضرورت ہے نہ کہ گفتار کی۔ لہٰذا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کریمہ تعلیم امت کے لئے تھے۔ اور آپ تعلیم کو قول سے موکد بناتے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا سُبْحَانَ اللّٰہِ'' کی مقدار فرض خطبہ میں کافی ہے۔ اور اس سے زیادہ

سنت ومستحب ہے اس لئے کہ قرآن کریم میں ہے کہ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ (تو دوڑو ذکر الٰہی کی طرف) اس سے مراد خطبہ جمعہ ہے اور اس مقدار پر ذکر الٰہی صادق ہے۔ نیز امیر المومنین حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کا فعل ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہنا تھا اور خطبہ ختم فرما دیتے۔ اس پر یہ دلیل کافی ہے جیسا کہ ہدایہ میں ہے۔ ابن الہمام اپنی شرح میں فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ قصہ کتب احادیث میں مذکور نہیں ہے۔ البتہ بعض فقہ کی کتابوں میں ہے۔

اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد شریف میں داخل ہوتے تو حاضرین کو سلام فرماتے۔ اور جب منبر شریف پر تشریف فرما ہوتے تو چہرۂ انور لوگوں کے سامنے کرتے اور دوسری مرتبہ پھر سلام کرتے اس کے بعد منبر پر بیٹھتے اور اگر خطبہ کے دوران کوئی ضرورت لاحق ہوتی یا کوئی سائل سوال کرتا تو خطبہ کو قطع کر کے ضرورت پوری کرتے یا سائل کا جواب مرحمت فرماتے اس کے بعد خطبہ کو مکمل فرماتے جب آپ ملاحظہ فرماتے کہ امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما گرتے پڑتے آ رہے ہیں تو منبر شریف سے اتر کر ان کو اٹھا لیتے۔ اسی طرح ایک سائل آیا اس نے دین اسلام کے بارے میں پوچھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف سے اتر کر کرسی پر تشریف فرما ہوئے اور اسے تعلیم فرمائی۔ اس کے بعد پھر منبر پر تشریف لے گئے اور خطبہ کو تمام فرمایا اور اگر کسی محتاج وفقیر کو لوگوں کے مجمع میں ملاحظہ فرماتے تو حاضرین کو صدقہ وخیرات دینے کی ترغیب دیتے۔ اور اسے کچھ عطا فرماتے مثلاً کپڑا اور روپے وغیرہ۔ مانا کہ علماء نے ان باتوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں شمار کیا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

اور جب تمام جماعت حاضر ہوتی تو اگر گھر میں تشریف فرما ہوتے تو خطبہ کے لئے حجرہ شریف سے باہر تشریف لاتے اور اگر مسجد میں ہوتے تو صف سے نکل کر منبر شریف پر تشریف لاتے اس وقت آپ تنہا ہوتے اور کوئی خادم آپ کے آگے نہ ہوتا۔ جیسا کہ آج لوگوں میں رائج ومتعارف ہے اور حرمین شریفین وغیرہما میں خطبہ جمعہ یا خطبہ عیدین کے لئے جماعت کثیرہ کے ساتھ شان وشوکت سے نکلتے ہیں لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے ہٹو بچوں کہنے والا نہ ہوتا تھا۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ چادر، رومال، اور سیاہ کپڑے وغیرہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عادی لباس نہ تھا۔ لیکن مشکوٰۃ میں مسلم سے بروایت حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں خطبہ دیتے کہ آپ کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ ہوتا اور اس کا شملہ اپنے دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑا ہوتا اور جمعہ کے دن سیاہ لباس مستحب ہے لیکن احناف کے نزدیک تمام اوقات میں اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے وقت خاموش رہنے اور اس کے سننے کا حکم فرماتے۔ اور فرماتے جو اس حال میں بات کرے کہ امام خطبہ دے رہا ہو تو بات کرنے والے کی مثال اس گدھے کی سی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں۔ یہ یہود کے مذہب پر تعریض ہے کیونکہ یہ آیت کریمہ: کَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا یہودیوں کی شان میں نازل ہوئی ان کا ظاہر حال یہ تھا کہ وہ خطبہ کے دوران باتیں کرتے تھے اور یہ مثال عالم بے عمل کی ہے کہ وہ کتابوں کے اٹھانے کی مشقت تو برداشت کرتا ہے مگر اس سے فائدہ اور نفع نہیں اٹھاتا نیز فرمایا جو کوئی اپنے ساتھی سے خطبہ کے وقت یہ کہے کہ بیٹھ جاؤ یا خاموش ہو جاؤ تو یقیناً اس نے لغو کہا اس لئے کہ خاموش رہنے کو کہنا بھی بات کرنے میں شمار کیا جائے گا۔ خاموش رہنے کے لئے ہاتھ سے اشارہ کرنا چاہئے۔ اور جس نے لغو کہا اس کا جمعہ نہیں ہے اور نہ بروجہ کمال اس کا ثواب اور لغو کلام غیر مشروع وعبث ہے۔ اور صراح میں لغو کے معنی بیہودہ بکنے کے ہیں اور یہ خاموش رہنا اکثر علماء کے نزدیک واجب ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ انہیں میں سے ہیں اور امام مالک رحمتہ اللہ کا مذہب بھی یہ ہے اور بعض کے نزدیک مستحب ہے اور امام شافعی انہیں میں سے ہیں اور مواہب لدنیہ میں ہے کہ امام شافعی سے دو قول ہیں اور امام احمد سے بھی دو روایتیں ہیں اور کہتے ہیں کہ ابن عبدالبر نے خاموشی کے وجوب پر اجماع نقل کیا ہے مگر بہت کم تابعین سے۔

اور سلام کا جواب دینے اور چھینک کا جواب دینے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض مکروہ جانتے ہیں اور بعض رخصت دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ امام کا خطبہ کے لئے نکلنے کے وقت سے نماز شروع کرنے کے وقت تک نماز اور کلام دونوں حرام ہیں اور اگر نماز میں ہے۔ اور امام نے خطبہ شروع کر دیا تو نماز کو دو رکعت پر ختم کر دے۔ اور صاحبین کے نزدیک امام کے نکلنے کے بعد خطبہ شروع کرنے سے پہلے اور خطبہ ختم کر کے منبر سے اتر جانے کے بعد تکبیر نماز سے پہلے بات کرنے میں مضائقہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ ان اوقات میں سننا نہیں ہے۔ بخلاف نماز کے کہ اس میں درازی ہے کیونکہ اس کا قطع کرنا شروع خطبہ کے وقت ممکن نہیں ہے۔ اور کہتے ہیں کہ یہ قطع نفلی نماز میں ہے ورنہ فوت شدہ قضا نمازوں میں خطبہ کے وقت میں جاری رکھنا بلا کراہت درست ہے۔

نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ دور بیٹھا ہوا اور خطبہ کی آواز نہ سن رہا ہو تو خاموش رہے یا نہیں۔ مختار خاموشی ہے اور بعض متاخرین فرماتے ہیں کہ خطبہ کے وقت دور بیٹھنا یا بادشاہوں کی تعریفیں بیان ہوتے وقت، ذکر و تسبیح میں مشغول ہونا بہتر ہے۔ اور شرح ابن الہمام میں ہے کہ خطبہ کے وقت کلام کرنا حرام ہے۔ اگرچہ امر بالمعروف اور تسبیح و تہلیل ہو۔ کھانا پینا اور لکھنا حرام ہے۔ سلام کا جواب دینا اور چھینک کا جواب دینا مکروہ ہے۔ اور امام ابو یوسف کی ایک روایت میں مکروہ نہیں ہے اس لئے کہ فرض ہے اور اس کا جواب یہ ہے۔ اگر سلام میں اذن ہو۔ اور اس بنا پر بھی کہ سلام کا جواب ہر وقت میں ممکن ہے بخلاف خطبہ کے۔ اور دل میں درود بھیجے تا کہ سماع خطبہ سے باز نہ رہے (وھو الصواب) اور چھینک کے وقت حمد بھی دل میں کہے اور منکرات سے باز رہنے کی تلقین، آنکھ اور ہاتھ کے اشارے سے مکروہ نہیں ہے۔ (واھو الصحیح) اور کتاب پر نظر کرنے اور قلم سے اس کی درستگی کرنے کے بارے میں امام ابو یوسف سے ایک روایت عدم کراہت میں مروی ہے۔ (انتہی)

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جمعہ میں پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ منافقون پڑھتے تھے اور کبھی سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ پڑھتے تھے اور دونوں عیدوں میں بھی یہی پڑھتے تھے۔ اور اگر عید روز جمعہ واقع ہوتی تو دونوں نمازوں میں یہی دونوں سورتیں پڑھتے۔

نماز تہجد: وصل: تہجد، ہجود سے ہے، ہجود کے معنی نوم یعنی نیند کے ہیں اور تہجد کے معنی ترک نوم یعنی سونے کو چھوڑنا جس طرح کہ تاثم کے معنی اثم کو ترک کرنا اور تحنث کے معنی ترک حنث کرنا ہے اور اس جگہ ترک نوم کے معنی استیقاظ یعنی بیداری کے ہیں اس لئے کہ نماز تہجد سونے اور اس سے بیدار ہونے کے بعد ہوتی ہے۔ اور اس میں اختلاف ہے کہ قیام لیل جس کے معنی نماز تہجد کے ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر فرض تھی یا سنت۔ ہر ایک گروہ کی دلیل یہی آیہ کریمہ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ہے تو وہ گروہ جو اسے سنت کہتا ہے وہ نافلہ کو نفل سے مانتے ہیں جس کے معنی فرض پر زیادتی کے ہیں۔ اور جو فرض کہتا ہے وہ نافلہ کو بمعنی زیادہ کہتے ہیں۔ جس کے لغوی معنی نفل ہے یعنی فرائض پر زائد فریضہ۔ اور اگر نافلہ بمعنی تطوع ہوتا تو ''نَافِلَةً لَّكَ'' جو مفید اختصاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے نہ فرمایا جاتا اس لئے کہ نفل و تطوع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مراد درجات کی زیادتی ہے۔ اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں تطوع ہے کیونکہ آپ مغفور مطلق اور معصوم ہیں۔ بجز رفع درجات کے کچھ اور مراد نہیں۔ اور یہ خصوصیت آپ ہی کے لئے ہے اور آپ کے سوا دوسروں کے حق میں کفارۂ ذنوب بھی ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی حالت میں ''قیام لیل'' کو ترک نہ فرماتے اور سفر و حضر میں اس کی محافظت فرماتے۔ اور اگر کبھی کسی مرض یا غلبہ قوم کے سبب قیام شب فوت ہو جاتا تو دن چڑھنے کے بعد زوال آفتاب سے پہلے اس کے بدلے بارہ رکعتیں ادا فرماتے اور یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وجوب تہجد پر بظاہر دلالت کرتا ہے۔ اور آپ اتنا قیام فرماتے کہ آپ کے پائے مبارک ورم کر جاتے اور ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

میں ہے کہ آپ کے قدم ہائے مبارک میں شگاف پڑ جاتے۔ اور بعض مفسرین حق تبارک وتعالیٰ کے ارشاد اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۔ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ قیام لیل واجب ہے اس تفسیر کے ساتھ جس کے حفظ اوقات میں قرآن کریم میں ہے کہ تہائی شب یا نصف شب یا دو تہائی شب اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپ کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک سال تک قیام کیا اس کے بعد یہ آیت منسوخ کر دی گئی اور اس میں اختلاف ہے کہ نسخ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہیں یا امت کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کا حکم حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر باقی ہے۔ (واللہ اعلم)

اہل علم فرماتے ہیں کہ نماز تہجد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شب میں تیرہ رکعتیں ہیں۔ پانچ دو دو اور تین رکعت وتر کے یا ایک رکعت وتر کی ہمارے مذہب میں وتر کی تین رکعتیں ہیں۔

اور امام شافعی کے نزدیک ایک رکعت وتر ہے لیکن اس طرح کہ اس سے پہلے دو رکعت پڑھے اور سلام پھیر کر ایک رکعت وتر کی پڑھے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے وتر کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا کہ اکثر واقوی احادیث ایک رکعت کی ہیں اور میں اسی کا قائل ہوں اور فرمایا دو رکعت پر سلام پھیرے اور اگر سلام نہ پھیرے تو اور وتر کی تین رکعتیں پڑھے تو میں امید رکھتا ہوں کہ کوئی نقصان نہیں کرے گا۔

اور کاتب الحروف نے شرح سفر السعادۃ میں وتر کی تین رکعتوں کا اسی تقویت کے ساتھ اثبات کیا ہے کہ اگر ایک رکعت پر زیادتی نہ ہوگی تو تین سے کم بھی نہ ہوں گی۔ (واللہ اعلم) اور جو ایک رکعت وتر کے قائل ہیں وہ اس طرح ادا کرتے ہیں کہ پہلے دو رکعت ادا کرتے ہیں اور سلام پھیر دیتے ہیں اور تین رکعت وتر کے قائل ہیں وہ سلام نہیں پھیرتے۔ اور حدیث شریف میں ایک رکعت پڑھنے کی ممانعت آئی ہے۔ اور شوافع اسے رکعت مفردہ مستقلہ بغیر ملائے دو رکعت پر محمول کرتے ہیں۔

بعض علماء حدیث فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز شب گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ ہوتی اور تیرہ رکعت کی روایت بھی صحیح ہے۔ لیکن مراد دو رکعت سنت فجر ہے یعنی نماز شب کی تو گیارہ ہی رکعتیں ہیں مگر دو رکعت سنت فجر محسوب کر کے تیرہ رکعتیں شمار کرتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ سنت فجر کو خارج کر کے تیرہ رکعتیں ہیں اور نو اور سات اور پانچ کی بھی وتر شامل کر کے روایتیں ہیں۔ اور کبھی تمام شب کی نمازوں پر وتر کا اطلاق بھی آیا ہے اس حکم کے تحت کہ اِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُّحِبُّ الْوِتْرَ ۔ اللہ تعالیٰ طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے اس کی خاص فضیلت بھی ثابت ہے۔ اور دن کی نماز میں بھی مغرب کو شامل کر کے وتر کا اطلاق کیا گیا ہے۔ کیونکہ فرمایا: صَلٰوةُ الْمَغْرِبِ وِتْرُ النَّهَارِ مغرب کی نماز دن کا وتر ہے۔ حضور نماز شب کو کھڑے ہو کر ادا کرتے اور ان میں قرات کو طویل فرمایا کرتے۔ مثلاً سورۂ بقر، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ یا سورۂ انعام وغیرہ اور طویل سورتیں پڑھا کرتے تھے اور رکوع وسجود اور قومہ کو بھی قرات کے اندازے پر طویل فرماتے اور بعض راتوں میں تو نماز میں ایک ہی آیت بار بار پڑھ کر گزار دیتے وہ آیت یہ ہے اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (اگر تو ان کو عذاب دے تو تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو تو ہی غالب وحکمت والا ہے) اور ہر آخری دوگانہ کو پہلے دوگانہ سے ہلکا کرتے اور آخر عمر شریف میں بیٹھ کر بھی دوگانے پڑھے ہیں۔ اور جب بیٹھ کر پڑھتے تو رکوع سجود میں بیٹھ کر ادا کرتے اور کبھی بیٹھ کر پڑھ رہے ہوتے اور جب قرات کا حصہ ختم کے قریب ہوتا تو اٹھ کر کھڑے ہو کر پڑھتے اور رکوع کرتے اور سجدہ میں چلے جاتے اور دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کرتے۔ یا دوسری رکعت کو مکمل ہی بیٹھ کر پڑھتے یا گھڑے ہو کر گزارتے۔ ترمذی میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بیٹھ کر نماز نفل پڑھتے نہ دیکھا مگر قبل از وفات چند برسوں میں اور صحیحین میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ فرمایا جب آخر عمر شریف میں گرانی رونما ہوئی تو اکثر اپنی نمازیں بیٹھ بیٹھ کر ادا فرماتے۔

درست ہے کہ کہے 'اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ وَتَرَحَّمْ اِلٰی آخِرِہٖ'' نہ یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رحمت کی نسبت اور اس کا اطلاق (واللہ اعلم)۔

درود پڑھنے کے بعد دعا کرتے۔ اس جگہ مشہور دعا یہ ہے جو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ.

اور حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ بھی آیا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کی اسی طرح تعلیم دیتے جس طرح قرآن کی سورۃ کی تعلیم دیتے تھے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کوئی دعا بتایئے جسے میں اپنی نماز میں پڑھوں فرمایا اسے پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا وَلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ.

امیر المومنین سیّدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد اور سلام پھیرنے کے درمیان یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ مَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.

اور دوسری حدیث میں یہ دعا بعد فراغ سلام آئی ہے۔ اور ممکن ہے کہ دونوں جگہ یعنی سلام سے پہلے اور سلام کے بعد بھی پڑھتے ہوں۔ یہ دعائیں اور اس قسم کی دیگر دعاؤں میں جس میں طلب مغفرت ذنوب اور عذاب قبر، عذاب جہنم اور فتنہ دجال وغیرہ سے استعاذہ ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہونے اور ان کے وقوع پذیر ہونے میں اعتراض کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغفور و معصوم ہیں پھر طلب مغفرت اور استعاذہ کے کیا معنی ہیں؟ جواب میں کہتے ہیں کہ مقصود تعلیم امت ہے یا اُمت کے لیے سوال کرنا ہے اور اس کے معنی یہ ہیں کہ اَعُوْذُ بِكَ لِاُمَّتِیْ یعنی اپنی اُمت کے لیے تجھ سے استعاذہ کرتا ہوں۔ یا یہ بطریق تواضع، اظہار عبودیت، التزام خوف الٰہی، اعظام شان باری اور اس کی طرف افتقار و احتیاج ہے اور اسی اسلوب پر تمام مقربان بارگاہِ صمدیت کا حال ہے کہ وہ ہمیشہ خوف و خشیت اور تضرع و زاری میں رہتے ہیں۔ یہی حال دیگر معصومین عظام کا ہے کہ وہ ہمیشہ استعاذہ کرتے رہتے ہیں اور عظمت الٰہی اور ہیبت درگاہ لاابالی عزّ و علیٰ کے تصور میں استغفار کا اظہار کرتے ہیں۔ اور جب وہ عظمت و ہیبت الٰہی کو دیکھتے ہیں یا کسی ایسی چیز کو اپنے مناسب حال پاتے ہیں جسے وہ اپنے لیے داخل تقصیرات خیال کرتے ہیں اس کا نام گناہ رکھتے ہیں اور استعاذہ و استغفار کرتے ہیں حقیقت تو یہ ہے کہ سید رسل صلی اللہ علیہ وسلم تمام پاکوں میں پاکتر اور تمام معصوموں میں معصوم تر ہیں اور جو کچھ کائنات میں موجود ہے اور جو کچھ نابود ہوا سب ہی کا وجود آپ کے طفیل و صدقہ میں ہے اور ساری مخلوق کی بخشش آپ کے صدقہ میں ہے اور خود مغفور بھی ہیں۔ جب آپ خود ایسی دعا مانگیں اور عمل کریں تو دوسرے حضرات کیا کچھ دعا میں کہتے ہوں گے اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم استغفار کے ساتھ مامور من اللہ ہیں حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلِلْمُؤْمِنَاتِ اور استغفار آدم

ایک حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوس کی ہیئت جب کہ آپ بیٹھ کر نماز ادا کرتے تو چہار زانو ہوتی اور حفاظ حدیث نے اس روایت پر طعن کیا ہے اور فقہاء کرام کا اس کے استحباب اور جواز و کراہیت میں اختلاف ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بیٹھنے کی ہیئت، تشہد میں بیٹھنے کی مانند ہے۔ ایک اور روایت میں احتباء اور تربع بھی آیا ہے نیز زامام ابو یوسف سے احتباء اور امام محمد سے تربع کی بھی روایت ہے اور تشہد کی ہیئت پر بیٹھنے کی افضلیت میں اتفاق ہے اور جب بیٹھ کر ادا کرتے تو چھوٹی سورت کو پڑھتے اور اتنی ترتیل کرتے کہ یہاں تک قرات طویل ہو جاتی اور اسی کے مطابق سجدہ دراز فرماتے۔ یہ روایت اس پر دلیل ہے کہ اگر کوئی بیٹھ کر نماز پڑھے تو قرات، رکوع وسجود اور تمام ارکان نماز مکمل طور پر بجالائے تا کہ ترک قیام کی تلافی اور جبر نقصان ہو سکے۔ نہ ایسا کہ جیسا بعض نادان لوگ کرتے ہیں۔ اور ان کی عادت ہے کہ اتنی جلد بازی کرتے ہیں کہ کوئی رکن مکمل ادا نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ خود پر لازم کردہ گنتی وشمار کو پورا کر لیں۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز شب کو ہلکی دو رکعت سے شروع فرماتے اس کے بعد بتدریج طویل فرماتے جاتے۔ اور کیفیت قیام اور تعداد و کمیت رکعات میں متعدد روایتیں آئیں ہیں اور عبادت کرنے والوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ ان اقسام وانواع میں ہمیشگی کرے اور ان میں سے ہر ایک فعل کو اوقات مختلفہ میں عمل میں لائے یہی طریقہ، سلوک اور اتباع سنت میں داخل وانسب ہے۔ اور یہ تمام طریقے اور انواع احادیث صحاح میں مذکور اور سفر السعادۃ اور اس کی شرح میں مسطور ومصرح ہیں۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کو کبھی اول شب میں ادا فرماتے اور کبھی آخر شب میں اور اکثر آخر شب میں ادا کرتے۔ جامع الاصول میں ترمذی سے حدیث مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وتر آخر عمر شریف میں جب کہ آپ نے اس جہان سے کوچ فرمایا سحر کے وقت تمام ہوا اور ترمذی میں سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو خوف رکھتا ہے کہ آخر شب میں نہ اٹھ سکے گا اسے چاہئے کہ اول شب میں (بعد نماز عشاء) ادا کرے اور سو جائے اور جو امید رکھتا ہے کہ آخر شب میں اٹھ جائے گا تو یقیناً آخر شب میں نماز مشہود ومحفوظ رہے اور یہ افضل ہے۔

اور بعض اصفیاء سے سنا گیا ہے کہ آخر شب میں وتر ادا کرنا، قرب بارگاہ رب العزت جل وعلیٰ میں بہت بلند مقام رکھتا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا اَخَذَا هٰذَا بِالْحَذْرِ۔ یعنی انہوں نے یہ طریقہ نہ جاگنے کے خوف وڈر سے اختیار کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: اَخَذَ هٰذَا بِالْقُوَّةِ یعنی انہوں نے یہ طریقہ جاگنے پر قدرت و طاقت رکھنے کی بنا پر اختیار کیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غالب واکثر احوال یہ تھا کہ آپ وتر کو آخر شب میں طلوع صبح صادق سے پہلے ادا فرماتے۔ اور بعض اوقات اوّل شب یا درمیان شب میں ادا کرتے اور اس کے بعد تہجد کے لئے اٹھتے تو وتر کا اعادہ نہ فرماتے۔ ترمذی میں حدیث ہے کہ فرمایا: لَا وِتْرَانِ فِيْ لَيْلَةٍ ایک رات میں دو وتر نہیں ہیں۔

شیخ ابن الہمام شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں کہ جس نے اول شب میں وتر پڑھ لیا اب اگر وہ تہجد کے لئے اٹھے تو وتر کا اعادہ نہ کرے۔ ان کی دلیل یہی حدیث ہے۔ اور یہ وجہ بھی ہے کہ اگر دو وتر گزارے تو لامحالہ ان میں سے ایک نفل ہوگا اور نفل میں وتر، شریعت میں وارد نہیں ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم وتر کے بعد دو رکعت ہلکی گزارتے اور اس میں: اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھتے۔ امام مالک ان دو رکعتوں کے منکر ہیں اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں اسے کرتا بھی نہیں اور نہ اس سے منع ہی کرتا ہوں۔ اور علماء

فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بیان جواز کے لئے عمل کر کے بتایا اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے دو رکعتیں سنت فجر کی مراد ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دو رکعتیں وتر کی ہیں اور ایک حدیث میں مروی ہے کہ وتر کے بعد ان دو رکعتوں کا ادا کرنا قیام لیل کے قائم مقام ہوتا ہے۔ یہ اس تقدیر پر ہوگا۔ کسی نے وتر کو اول شب میں ادا کر لیا ہوگا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز وتر کی اول رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی اور دوسری رکعت میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے۔ اور بعض روایتوں میں تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور معوذتین بھی آیا ہے مگر مختار اول ہی ہے۔ ایسا ہی شیخ ابن الہمام نے فرمایا۔ اور یہ جو معروف ہے کہ اول رکعت میں اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ پڑھتے۔ یہ نہ کسی حدیث میں مروی ہے اور نہ کسی اثر میں اور فرماتے ہیں کہ بعض فقہی روایتوں میں آیا ہے۔

اور جب وتر سے سلام پھیرتے تو تین مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ پڑھتے اور تیسری مرتبہ میں آواز کو بلند فرماتے۔ اور حروف کو کھینچ کر پڑھتے۔ اس کے بعد فرماتے۔

سنت فجر: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعت سنت فجر پڑھنے کے بعد داہنے پہلو سے زمین پر ایک لحظ آرام فرماتے۔ بخاری و مسلم میں سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعت سنت فجر پڑھ چکتے تو اگر میں جاگتی ہوتی تو مجھ سے باتیں فرماتے ورنہ لیٹ جاتے۔ اس وقت تک جب تک کہ نماز کی اطلاع عرض کی جاتی اور بخاری نے داہنے پہلو پر لیٹنے کا اضافہ کیا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سنت فجر کے بعد باتیں کیا کرتے تھے۔ اور ترمذی نے مستقل ایک باب "تکلم بعد از رکعتین فجر" کے لئے باندھا ہے اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت نقل کی ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی دو رکعت سنت فجر کی ادا کر چکتے تو اگر ضرورت ہوتی تو مجھ سے باتیں فرماتے ورنہ نماز کے لئے باہر تشریف لے جاتے اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن و صحیح ہے۔ اور کہا کہ بعض اہل علم اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے تابعین رضی اللہ عنہم نے طلوع فجر کے بعد سے فراغ نماز فجر تک بات کرنے کو مکروہ جانا ہے مگر وہ مکروہ نہیں جواز جنس ذکر الٰہی میں ہو یا کوئی ایسی بات جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ فرمایا کہ یہی قول امام احمد و اسحٰق کا ہے۔ انتہی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام فرمانا اس قبیل سے تھا جیسا کہ سیّدہ عائشہ کا فرمانا ہے کہ فَاِنْ كَانَتْ لَهٗ اِلَيَّ حَاجَتُهٗ كَلَّمَنِيْ. (تو آپ کو مجھ سے بات کرنی ضروری ہوتی تو کرتے) یہ کلمہ اس قول کی نظیر و دلیل ہے۔ اور اگر بالفرض کلام از جنس ذکر الٰہی اور ضروری نہ ہو تب بھی سنت کو باطل کرنے والی اور اس کا عادہ کرنے والی نہیں ہے مگر بر بنائے کراہت تکلم اس وقت میں، احتیاطاً اور تکمیلاً اعادہ کرے۔

ایک مرتبہ مکہ معظمہ میں شیخ علی بن قاضی جار اللہ جو کہ مفتی شہر مکہ اور بہترین فقیہہ تھے ان سے کسی نے کہا کہ ہمارے شہروں کے لوگ سنت فجر کے بعد بات کرنے کو مبطل سنت جانتے ہیں اس پر انہوں نے فرمایا: سُبْحَانَ اللّٰهِ اَلتَّكَلُّمُ خَارِجَ الصَّلٰوةِ يُبْطِلُ الصَّلٰوةَ یعنی خارج نماز بات کرنے سے کار باطل ہو جائے تعجب ہے۔ اور بعض اہل ظواہر، سنت فجر کے بعد لیٹنے کو فرض جانتے ہیں۔ یہ اس حدیث کے بموجب ہے جو جامع ترمذی میں مروی ہے کہ حضور نے فرمایا: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَلْيَضْطَجِعْ عَلٰى جُنْبِهِ الْاَيْمَنِ.

جب تم میں سے کوئی سنت فجر کی دو رکعتیں پڑھ چکے تو نماز فجر سے پہلے چاہئے کہ داہنی جانب سے زمین پر لیٹ جائے اور بعض مبالغہ کرتے ہیں اور صحت فرض کے لئے شرط قرار دیتے ہیں۔ اور علماء کی ایک جماعت اس کی کراہت کی قائل ہے اور اسے بدعت شمار کرتے ہیں اور یہ دونوں قول بعید ہیں لیکن فرضیت کا بعید ہونا اس بنا پر کہ بعض حدیثوں میں لیٹنے کا ذکر نہیں ہے اور بدعت کا بعید ہونا اس بنا پر ہے کہ یہ حدیث صحیح ثابت ہے۔ اور جمہور علماء درمیانی راہ اختیار کر کے اس کے استحباب کا حکم دیتے ہیں۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے

ہیں کہ اگر استراحت کے لئے ہو تو محمود ہے اور ہمارے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا قول بھی یہی ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مبارک بغرض استراحت تھا نہ کہ بطریق تعبد۔

اب رہا دائیں پہلو سے لیٹنا، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور کی عادت شریفہ لیٹنے میں یہی تھی کیونکہ یہ گہری نیند نہ لانے میں زیادہ موثر اور قیام کے لئے جاگنے میں زیادہ آسان ہے جیسا کہ اس کے مقام میں ظاہر ہو چکا ہے۔

قیام در شب برأت: اب رہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نصف ماہ شعبان کی رات میں قیام فرمانا جسے ہمارے شہروں میں عام طور سے شب برات کہتے ہیں تو حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا سے ثابت شدہ ہے۔ کیونکہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رات میں قیام فرمایا اور سجدہ کو اتنا دراز فرمایا کہ میں گمان کرنے لگی کہ شاید آپ کی روح مبارک پرواز کر گئی ہے چنانچہ جب میں نے یہ حال دیکھا تو میں کھڑی ہوئی اور آپ کے پاس پہنچ کر آپ کے انگوٹھے کو ہلایا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنبش فرمائی اور اپنے سر اقدس کو سجود سے اٹھایا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا اے حمیرا! (یہ محبت کا خطاب ہے) تم گمان کرنے لگیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم خدا نے تمہارے حق کی خیانت کی ہے اور میں نے تمہاری عہد شکنی کی ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بات نہیں بلکہ میں نے آپ کے سجدے کی درازی سے یہ گمان کیا کہ شاید آپ کی روح مبارک پرواز کر گئی ہے۔ اس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نہیں جانتیں کہ یہ کون سی رات ہے؟ میں نے عرض کیا خدا اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے فرمایا یہ رات نصف شعبان کی رات ہے اس رات حق تعالیٰ اپنے بندوں پر توجہ فرماتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ وقت غروب آفتاب طلوع فجر تک مطلب یہ کہ اور رات سے زیادہ اس رات میں توجہ فرماتا ہے۔ کیونکہ عام راتوں میں صبح کا وقت ہے مگر اس رات میں تمام رات ہے تو حق تعالیٰ مغفرت مانگنے والوں کی مغفرت فرماتا ہے اور طالبان رحمت پر رحمت فرماتا ہے ہے اور تاخیر فرماتا ہے اور نہیں بخشتا ان لوگوں کو جو حسد و کینہ رکھتا ہے۔ یعنی مسلمانوں کے ساتھ ناحق دشمنی اور کینہ رکھتے ہیں۔ نیز سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور میرے پاس تشریف لائے اور جلد ہی اٹھ کر واپس تشریف لے گئے حالانکہ یہ رات میری باری تھی تو میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل دی۔ میں نے دیکھا کہ حضور بقیع شریف میں سر مبارک کو آسمان کی جانب اٹھائے کھڑے ہیں۔ اور دعا مانگ رہے ہیں۔ پھر جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ملاحظہ فرمایا تو فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا تم ڈریں کہ شاید خدا اور اس کے رسول نے تم پر ظلم کیا ہے اس پر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے گمان کیا کہ شاید آپ کسی اور بی بی کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ رات نصف شعبان کی ہے۔ اس رات حق تعالیٰ آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور بنی کلب کے بکریوں کی گنتی سے زیادہ لوگوں کی مغفرت فرماتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ سب ہی بخشے جاتے ہیں بجز مشرک، چغل خور، قاطع رحم، دکھ دینے والے، ماں باپ کے نافرمان، شرابی اور حسد و کینہ رکھنے والے کے اور اس رات میں ارزاق و آجال لکھے جاتے ہیں۔ اور حجاج کو لکھا جاتا ہے۔

نصف شعبان کی رات کی فضیلت میں حدیثیں بکثرت وارد ہیں۔ یہ رات تمام راتوں میں لیلۃ القدر کے بعد افضل ہے۔ اور حدیث میں آیا ہے کہ چار راتوں میں رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں شب عید الاضحیٰ، شب عید الفطر، شب نصف شعبان اور شب عرفہ، اذان فجر تک۔

اور شب نصف شعبان میں عبادت کرنا اور اس کے دن میں روزے رکھنا صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ اور اہل شام کے تابعین میں سے حضرت خالد بن معدان، نعمان بن عامر اور مکحول وغیرہ اس رات میں خوب عبادت کرنے کی کوشش کرتے۔ عمدہ کپڑے پہنتے عود و عنبر سلگاتے، سرمہ لگاتے اور مسجد میں قیام کرتے۔ انہیں سے لوگ اس رات کی عظمت لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس باب میں ان کو

اسرائیلی آثار پہنچے ہیں لیکن علماء حجاز و مدینہ اس میں ان کی موافقت نہیں کرتے اور مساجد میں اجتماع کو بدعت قرار دیتے ہیں اور اوزاعی جو کہ امام اہل شام میں تنہا نماز پڑھنے کو مکروہ نہیں جانتے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بجز قیام، طول سجدہ اور اہل بقیع کے لئے استغفار کے اور کچھ صحت کو نہیں پہنچتا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ کہتی ہیں کہ نصف شعبان کی رات تھی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف فرما تھے جب آدھی رات ہوئی تو میں نے اپنے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پایا۔ اس وقت میرے دل میں وہ بات آئی جو عام عورتوں کو غیرت کی قسم سے لاحق ہوتی ہے۔ میں نے چادر اوڑھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جستجو میں ان کی ازواج کے حجروں میں گئی۔ حضور کو نا پایا جب لوٹ کر اپنے حجرے میں آنے لگی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں زمین پر سفید کپڑے کی مانند سجدہ ریز دیکھا آپ یہ دعا پڑھ رہے تھے۔

سَجَدَ لَكَ خَيَالِيْ وَسَوَادِيْ وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِيْ فَهٰذِهٖ يَدِيْ وَمَا جَنَتْ بِهَا عَلَىَّ نَفْسِيْ يَا عَظِيْمُ تُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ.

اے رب میرے خیال اور میرے سواد نے تجھے سجدہ کیا۔ اور میرا دل تجھ پر وارفتہ ہے تو میرا یہ ہاتھ وہ ہے جس نے اپنی جان پر سب کچھ کیا ہے اے عظیم! میں ہر امر عظیم کا امیدوار ہوں بخش دے تمام عظیم گناہ، سجدہ کیا میرے اس چہرے نے جسے اس نے پیدا کیا اور اسے بنایا اور اس کی آنکھ اور کان کھولے۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے سے سر مبارک اٹھایا اور اس کے بعد دوسرا سجدہ کیا اور پڑھا۔

اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاُعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اَقُوْلُ كَمَا قَالَ اَخِيْ دَاوٗدُ اِغْفِرْ وَجْهِيْ فِي التُّرَابِ لِسَيِّدِيْ وَحَقٌّ لَّهٗ اَنْ يُّسْجَدَ.

اے رب تری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں اور تیری بخشش کے ساتھ تیرے غضب سے پناہ مانگتا ہوں اور تیرے ساتھ تجھ سے پناہ مانگتا ہوں میں تیری ثنا کو نہیں گھیر سکتا جیسی کہ تو نے اپنی تعریف فرمائی میں وہی کہتا ہوں جو میرے بھائی داؤد نے کہا۔ مجھے بخش دے درآں حالیکہ میرا منہ زمین پر ہے اپنے مالک کیلئے وہی سجدے کا مستحق ہے۔

اس کے بعد سجدے سے سر مبارک اٹھایا اور دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ قَلْبًا تَقِيًّا وَّ مِنَ الشِّرْكِ نَقِيًّا لَا فَاجِرًا وَّلَا شَقِيًّا.

اے خدا مجھے پاک دل عطا فرما اور وہ شرک سے بچنے والا جو نہ فاجر ہو نہ شقی۔

اس کے بعد نماز مکمل فرما کر میرے پاس شب خوابی کے لباس میں تشریف لائے اور میرے ہانپنے کو ملاحظہ فرمایا۔ فرمایا اے حمیرا! یہ ہانپنا کیسا ہے۔ اس پر میں نے اپنا تمام حال بتایا اس کے بعد حضور نے میرے زانوؤں کو سہلاتے ہوئے فرمایا، افسوس ہے ان زانوؤں پر کہ اس نے کیسی مشقت اٹھائی اور راہ خطا اٹھائی اے حمیرا! یہ رات نصف شعبان کی ہے۔ اس رات حق تعالیٰ نیچے آسمان کی طرف نزول اجلال فرماتا ہے اور اپنے بندوں کو بخشتا ہے مگر جو مشرک ہو یا کینہ پرور ہو۔

اور مشائخ کے وظائف کی کتابوں میں اس رات میں سو رکعتیں مکمل ہیں اور ہر رکعت میں دس دس بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' یہ محدثین کے نزدیک پایہ صحت کو نہیں پہنچا ہے۔ شیخ ابوالحسن بکری رضی اللہ عنہ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شب نصف شعبان میں 14 رکعتیں پڑھتے دیکھا ہے اور سلام کے بعد چودہ مرتبہ فاتحۃ الکتاب، چودہ آیۃ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، چودہ مرتبہ قل اعوذ برب الناس اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا اس کے بعد آیہ کریمہ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ پڑھی۔ اس پر میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس عمل کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا۔ جو ایسا کرے گا اسے بیس حج مبرور اور بیس سال کے مقبول روزوں کے ثواب کا اجر ملے گا اور صبح ہو تو روزہ رکھے اسے دو سال کے روزوں کا ثواب ملے گا۔

محدثین کے نزدیک اس حدیث میں کلام ہے اور بیہقی سے منقول ہے کہ فرمایا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ (واللہ اعلم)

اور یہ جو ہمارے شہروں میں رواج ہے کہ چراغاں وغیرہ کرتے ہیں یہ سب نامشروع ہیں اور یہ ہندوؤں کی دیوالی کی مانند ہے یہ مجوسیوں کی رسم ہے۔

اب رہا رمضان المبارک میں قیام شب جسے تراویح کہتے ہیں تو اس کا بیان انشاء اللہ روزے کے باب میں آئے گا۔ اور تحقیق یہ ہے کہ رمضان المبارک میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز آپ کی عادت شریفہ ہی کے مطابق تھی۔ اور وہ گیارہ رکعتیں تھیں جسے تہجد میں پڑھا کرتے تھے جیسا کہ معلوم ہوا۔

چاشت کی نماز: صلوٰۃ ضحیٰ یعنی چاشت کی نماز، ضحو، ضحوہ اور ضحیہ بروزن عشیہ دن کے چڑھنے کو کہتے ہیں اور ضحیٰ اس سے بلند و فوق ہے اور اس کے معنی شعاع آفتاب کے بھی آئے ہیں اور ضحاء، بفتح ومد کے معنی وہ وقت ہے جب آفتاب چوتھائی آسمان پر بلند ہو جائے جاننا چاہئے کہ دن کے ابتدائی حصے میں لوگوں میں دو نفلی نمازیں مشہور و معروف ہیں ایک بالکل شروع میں طلوع آفتاب کے بعد، ایک نیزے سے بڑھ کر دو نیزے تک ہے اس کو صلوٰۃ الاشراق یعنی اشراق کی نماز کہتے ہیں اور دوسری نفلی نماز، اس کے بعد چوتھائی آسمان پر آفتاب پہنچنے سے نصف النہار تک ہے اسے صلوٰۃ الضحیٰ یعنی چاشت کی نماز کہتے ہیں اور اکثر حدیثوں میں صلوٰۃ الضحیٰ کا نام دونوں نمازوں اور دونوں وقتوں میں آیا ہے۔ اور بعض میں صلوٰۃ الاشراق بھی آیا ہے۔ چنانچہ علامہ سیوطی طبرانی سے نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یَا اُمَّ هَانِئٍ هٰذِهٖ صَلٰوةُ الْاِشْرَاقِ. (اے ام ہانی رضی اللہ عنہا یہ نماز اشراق ہے) اور تفسیر بیضاوی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز چاشت ادا کر کے فرمایا یہ نماز اشراق ہے اور حضور فتح مکہ کے روز چاشت کے وقت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف فرما تھے۔

شیخ اجل علی متقی نے علامہ سیوطی کی مواہب جمع الجوامع میں جس کا نام جامع کبیر ہے نماز اشراق کے لئے مستقل عنوان مقرر کر کے اس حدیث کو نقل کیا کہ جو نماز فجر کو جماعت سے گزارے تو اس کے بعد ذکر الٰہی میں طلوع آفتاب تک وہیں بیٹھا رہے اور دو رکعت اشراق کی ادا کرے تو اس کا ثواب حج و عمرے کے برابر پورا پورا پائے گا۔ اور نماز چاشت جدا ہے اور یہ پایہ صحت کو پہنچا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں وقت میں جدا جدا نماز ادا فرمائی ہے اور امت کو اس کی ترغیب دیتے ہوئے اسے امر مستحب قرار دیا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ ایک وقت اور ایک ہی نماز ہے جس کا اول وقت اشراق ہے اور اس کا آخری وقت قبل نصف النہار ہے۔ چونکہ بعض وقتوں میں دونوں وقت نماز پڑھی اس بنا پر گمان کیا گیا کہ اس کے دو وقت ہیں اور دو نمازیں ہیں۔ اور بعض ضحوۂ صغریٰ اور ضحوۂ کبریٰ بھی نام رکھتے ہیں (واللہ اعلم)۔

اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ علماء کا اختلاف نماز چاشت میں ہے بعض اثبات کرتے ہیں۔ اور بعض نفی کرتے ہیں اور بعض سنت کہتے ہیں اور بعض بدعت اور بعض اس جانب کی روایتوں کی ترجیح دیتے ہیں اور بعض اس جانب کی۔ ظاہر ہے کہ یہ اختلاف آخری نماز میں ہے جسے نماز چاشت کہتے ہیں۔ پہلی نماز میں نہیں ہے جسے نماز اشراق کہتے ہیں اس لئے کہ اسے بعض سنن موکدہ میں شمار کرتے ہیں۔

تعداد رکعات میں احادیث مختلف مروی ہیں۔ بعض روایتوں میں دو ہیں بعض میں چار، بعض میں چھ، بعض میں آٹھ، بعض میں دس

اور بعض میں بارہ، ہر ایک میں عظیم ثواب بیان کیا گیا ہے۔

مواہب لدنیہ میں ہے کہ شیخ ولی بن عراق نے کہا کہ نماز چاشت، احادیث صحیحہ، کثیرہ اور مشہورہ میں وارد ہوا ہے یہاں تک کہ محمد بن جریر فرماتے ہیں کہ اس بارے میں احادیث، تواتر معنوی کی حد تک پہنچ گئی ہیں۔ اور قاضی ابوبکر ابن العربی مالکی فرماتے ہیں کہ نماز چاشت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے انبیاء سابقین علیہم السلام کی نماز ہے جس کی خبر اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو یہ دی ہے کہ: اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ۔ ہم نے ان کے ساتھ پہاڑوں کو مسخر فرمایا جو صبح وشام تسبیح کرتے ہیں تو حق تعالیٰ نے اس تسبیح کو دین مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز عصر اور نماز اشراق کی صورت میں باقی رکھا۔ اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ داؤد علیہ السلام کی اکثر نماز چاشت کی تھی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ نماز چاشت ایسی نماز ہے جس کی محافظت حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ابراہیم حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کرتے تھے۔

بندۂ مسکین (صاحب مدارج) خصّہٗ اللہ بمزید الصدق والیقین کہتا ہے کہ چونکہ یہ عنایت الٰہی ہے کہ اس نے بندوں کے لئے آسانی رکھی۔ اور جب عام مسلمانوں کی ضروریات اور ان کے ان مشاغل کو ملاحظہ فرمایا جو فجر وظہر کے مابین انہیں لاحق ہوتی ہیں تو رخصت تخفیف فرمائی اور وہ بندگان خاص جو حق تعالیٰ کی عبادت کے لئے فارغ ومستعد ہیں ان کے لئے بھی اس خالی وقت میں طریقہ عبادت رکھ دیا کہ وہ مشغول عبادت ہوں اور یہ حق تعالیٰ کی جانب سے ندب واستحباب کی صورت میں ہے نہ کہ وجوب وفرض قرار دیکر۔ اس میں اس نے رخصت وتخفیف فرمائی اور یہ استحباب وفضیلت، نماز چاشت میں، علماء مذہب اور مشائخ عظام کی اکثریت کے قول پر ہے۔ اس لئے کہ ثابت کرنے والی روایتیں نفی کرنے والی خبروں پر مقدم ہوتی ہیں اور انہیں کو ترجیح ہوتی ہے۔ کیونکہ ثابت کرنے والی چیز میں علم کی زیادتی ہے جو نفی کرنے والی چیز سے پوشیدہ ہے۔ جیسا کہ اصول فقہ کے علم میں مسلم ومقرر ہے اور علماء کی ایک جماعت اس کی کراہیت کی قائل ہے وہ کہتے ہیں کہ اسے پڑھنا بدعت ہے۔ کیونکہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے بعد ایجاد ہوا ہے۔ اور یہ علماء کی جماعت اس کے بدعت ہونے پر ان احادیث وآثار سے استدلال کرتے ہیں جو اس کی نفی میں وارد ہوئی ہیں جیسا کہ بخاری میں سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ مورق عجلی جو طبقہ ثالث کے اکابر تابعین سے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر سے کہا کہ کیا آپ چاشت کی نماز پڑھتے ہیں؟ فرمایا نہیں میں نے کہا کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نے پڑھی ہے فرمایا نہیں۔ میں نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پڑھی ہے؟ فرمایا نہیں۔ میں نے کہا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی ہے؟ فرمایا نہیں میرے خیال میں۔ مطلب یہ کہ میرا خیال نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی ہو یعنی میرا گمان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پڑھی۔ اگرچہ جزم ویقین نہیں رکھتا۔ اور ابوبکر ثقفی سے جو اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں مروی ہے کہ انہوں نے ایک جماعت کو دیکھا جو نماز چاشت پڑھ رہی تھی انہوں نے کہا: اِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلٰوةً مَّا صَلَّتْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا عَامَّةَ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ یقیناً تم وہ نماز پڑھ رہے ہو جسے نہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا اور نہ اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے، اور سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز چاشت نہیں پڑھی۔ اور ایک روایت میں ہے نہ سفر میں نہ حضر میں۔ اور میں اسے پڑھتی ہوں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا تھا حالانکہ آپ اسے محبوب رکھتے تھے اس خطرہ کی بنا پر کہ وہ ہم پر فرض قرار نہ دے دی جائے۔ اور ہم پر لازم نہ ہو جائے اور قیس بن عبید، جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ میں ایک سال برابر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے پاس آتا جاتا رہا لیکن کبھی میں نے ان کو نماز چاشت پڑھتے نہیں دیکھا۔ اور مسروق فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے سامنے قرآن پڑھا

کرتے تھے اور ان کے چلے جانے کے بعد اپنی جگہ بیٹھا رہا کرتے تھے۔ اس کے بعد میں اٹھتا اور نماز چاشت پڑھا کرتا۔ پھر جب ہمارا یہ قصہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کو سنایا گیا تو فرمایا بندگان خدا ایسی چیز کی تکلیف اٹھاتے ہیں جس کی خدا نے انہیں تکلیف نہیں دی ہے اگر وہ اس نماز کے پڑھنے والوں میں سے ہیں تو انہیں اپنے گھروں میں پڑھنا چاہئے۔

مجاہد سے منقول ہے انہوں نے کہا کہ میں اور عروہ بن زبیر مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں آئے۔ میں نے دیکھا کہ حضرت ابن عمر، مسجد نبوی میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں اور لوگ مسجد میں چاشت کی نماز پڑھ رہے ہیں۔ اس کے بعد ہم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس قوم کی نماز کے بارے میں پوچھا کہ کیا یہ سنت ہے یا بدعت؟ فرمایا بدعت ہے لیکن یہ ایسی اچھی بدعت ہے جسے مسلمانوں نے نماز چاشت سے بہتر و افضل کوئی اور بدعت ایجاد نہ کی۔''

یہ وہ اخبار و آثار ہیں جو نماز چاشت کی نفی میں مروی ہیں ان کے سوا اور بھی ہیں لیکن، ان آثار و اخبار اور احادیث سابقہ کے درمیان جمع و تطبیق میں فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز چاشت کی مداومت نہیں کی ہے۔ اگرچہ امت کو اس کی مداومت و محافظت کی ترغیب و تحریص فرمائی ہے یہ اس بنا پر کہ ان پر فرض نہ ہو جائے اور مشقت میں نہ پڑ جائیں۔ پھر انجام کار وہ اس سے عہدہ برآ نہ ہو سکیں۔ جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی تصریح فرمائی ہے لیکن صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کے پڑھنے میں کوئی شبہ نہیں ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ اس پر ناطق ہیں۔ لہٰذا جس نے نفی کی ہے یا تو اس نے روایت کی نفی کی ہے یا نفی دوام مراد لی ہے۔ لہٰذا جس جگہ ''مَا كَانَ يُصَلِّيْ'' (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پڑھی) یا ''مَا سَبَّحَ رَسُوْلَ اللهِ'' (رسول اللہ نے یہ نماز نہ پڑھی) وارد ہوا ہے اس سے مراد ''مَادَامَ عَلَيْهِمَا'' یعنی ہمیشہ اس پر مداومت نہیں کی مراد لی ہوگی۔ یہی احتمال ہے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے نہ پڑھنے اور قیس بن عبید کا ایک سال تک نہ پڑھتے دیکھنے میں۔ اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ چونکہ حضرت ابن مسعود، فقہ اور علم میں مشغول رہتے تھے اور چونکہ علم میں مشغول ہونا نفلی عبادت سے افضل ہے اس لئے وہ نماز چاشت کی فضیلت و استحباب کے باوجود اس پر، علم میں مشغولیت کو ترجیح دیتے تھے۔ (واللہ اعلم) اور ممکن ہے کہ اس باب میں وارد شدہ اخبار میں عدم وثوق کی بنا پر نفی ہو۔ جیسا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ''لَا اَخَالُهُ'' یعنی میرا خیال ہے کہ نہیں۔ چونکہ انہوں نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو اسے پڑھتے نہ دیکھا تھا اس لئے ان دونوں کے بارے میں خبر دینے میں وثوق کا اظہار فرمایا۔ اور جب لوگوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھنے کی بابت سنا تو وہ وثوق ناپید ہو گیا۔ اور توقف کیا اور عدم وثوق کی خبر دی۔ جو لوگ اسے بدعت کہتے ہیں وہ ان لوگوں کے مجتمع ہونے اور مسجد میں علی الاعلان پڑھنے کی بنا پر ہے۔ مطلب یہ کہ یہ نماز حد ذات میں تو مشروع ہے لیکن اس کا ایسا اجتماع و اظہار جیسا کہ فرائض میں ہے بدعت ہے اس لئے کہ نوافل میں سنت اور اس کی فضیلت، چھپانے اور گھر میں پڑھنے میں ہے جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے۔ غرض کہ اس کی مشروعیت کی نفی میں کوئی خبر اور اثر معلوم نہ ہوا بلکہ نفی ایک مخصوص صفت کی ہے جو کہ علی الاعلان یا مداومت یا اجتماع میں ہے کیونکہ ابن ابی شیبہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے جب ایک قوم کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا تو ان کی نفی کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر یہ ضروری ہی پڑھنا ہے تو اپنے گھروں میں پڑھیں اور مسروق نے بھی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے ایسا ہی نقل کیا ہے۔ جیسا کہ گزر چکا ہے۔

علماء کی ایک اور جماعت، روایتوں کی تطبیق و توفیق کے قصد سے کہتی ہے کہ مستحب ہے کہ اسے کبھی کبھی پڑھ لیا جائے۔ اور بعض دنوں میں اسے چھوڑ دینا چاہئے۔ یہ جماعت، حضرت عبداللہ بن شقیق (جو مشاہیر تابعین سے ہیں۔) کی حدیث سے استدلال کرتی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز چاشت پڑھی ہے فرمایا نہیں پڑھی مگر کبھی کبھی سفر سے واپسی کے بعد اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے انہوں نے بیان کیا کہ حضور

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے یہاں تک کہ ہمیں گمان ہوا کہ اب کبھی اسے ترک نہ فرمائیں گے اور جب ترک فرماتے تھے تو ہم خیال کرتے تھے کہ اب کبھی اسے پڑھیں گے ہی نہیں۔ اور اکثر نوافل وتطوعات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ ایسی ہی تھی اور اسلاف صحابہ وتابعین کی عادت بھی اس نماز کے پڑھنے میں ایسی تھی۔ چنانچہ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی عادت یہ تھی کہ چاشت کی نماز ایک دن پڑھتے تو دو دن اسے ترک کرتے اور منصور بن معمر سلمٰی نے فرمایا کہ سلف صحابہ وتابعین کی عادت تھی کہ وہ نماز چاشت کی ایسی مداومت اور محافظت کو مکروہ جانتے تھے جس طرح کہ نماز فرض کی مداومت کی جاتی ہے تو وہ حضرات، کبھی پڑھتے اور کبھی چھوڑ دیتے تھے۔ اور نفلی عبادتوں کے قیام خصوصاً نماز وروزہ وغیرہ بھی علمائے سلف کی عادت ایسی ہی تھی تاکہ علم میں مشغولیت اور دیگر صفات حسنہ میں مانع نہ ہو۔ بخلاف آخر زمانہ کے عابدوں اور زاہدوں کے کہ ان کا ان نفلی عبادتوں سے تعلق وتعبد اس حد تک ہے کہ ان میں کے کچھ لوگ علم ومعرفت کی نسبت میں قاصر ونابلد ہیں اور وہ بہت سی ایسی نیکیوں اور خوبیوں کو چھوڑے ہوئے ہیں جو ان نفلی عبادتوں سے زیادہ اہم ومقصود ہیں۔ هٰذَا لَيْسَ بِشَيْءٍ وَبِاللهِ التَّوْفِيْقِ۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ نماز چاشت کی مداومت ومحافظت کرنا بھی مستحب ہے لیکن اس پر مسجدوں میں اجتماع اچھا نہیں ہے بلکہ اولیٰ یہ ہے کہ تنہا گھر میں پڑھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ فرمایا اگر میرے لئے میرے ماں باپ بھی زندہ کر دیئے جائیں تو میں چاشت کی نماز کو نہ چھوڑوں گی۔ مطلب یہ کہ وہ لذت وسرور جو ماں باپ کے زندہ ہونے سے حاصل ہوگا وہ لذت و سرور جو اس نماز میں پاتی ہوں ہرگز برابری نہ کرے گا۔

تنبیہ: نماز چاشت کی تعداد رکعات میں مختلف عدد مروی ہوئے ہیں تو یہ باعتبار اختلاف ایام واحوال اور بسبب نشاط وکسل یا اہتمام مہمات دیگر کی وجہ سے ہوں گی۔ اکثر علماء چودہ رکعت کو اختیار کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اس کی تمام حدیثیں صحیح ہیں اور دیگر تعداد کی حدیثیں یا تو ان میں سے کچھ صحیح ہیں یا کچھ ضعیف ہیں (واللہ اعلم) اور اس نماز کی قرات میں مشائخ کے اوراد میں سورۂ والشمس، سورۂ والضحیٰ، سورۂ واللیل اذا یغشیٰ اور سورۂ الم نشرح، مرقوم ہے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا سو مرتبہ پڑھنا بھی ماثور ہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ اور یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

نماز عید: وصل: جاننا چاہئے کہ روز عید کو اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ عود کر کے اور اپنے وقت میں بار بار لوٹ کے آتا ہے لیکن یہ مثال عام ہے جو دیگر موسموں پر بھی صادق آتی ہے۔ اسی بنا پر اس پر بعض نے کچھ دیگر قیود کا بھی اضافہ کیا ہے۔ اور کہا کہ یہ فرحت وسرور کے ساتھ عود کرتا ہے۔ اور عید الفطر کا یہ فرحت وسرور، نعمت صیام کے مکمل ہونے پر شکرانہ ہے۔ اور عید الاضحیٰ میں نعمت عظمیٰ کا پورا ہونا ہے کیونکہ وقوف عرفہ میں اس کا بہترین مرکز ہے۔ اور وہ مکمل کا حکم رکھتا ہے اور جمعہ جو کہ ہر ہفتہ کی عید ہے یہ ہفتہ بھر کی تمام نمازوں کی تکمیل پر شکرانہ ہے۔ لہٰذا اسلام کے تمام ارکان کی تکمیل میں بطور شکرانہ ایک دن عید کا مقرر کیا گیا ہے۔ جو اہل اسلام کے لئے فرحت وسرور کے اجتماع کا باعث ہے۔ عید منانے اور شکرانہ ادا کرنے کا حکم اس آیت میں ہے کہ: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ. اگر تم نے شکران نعمت کیا تو تمہیں اور زیادہ دیں گے" اور اس عید وشکرانہ کو بھی طاعت وعبادت بنا دیا۔

اور زکوٰۃ، چونکہ اس کی ادائیگی کا کوئی وقت معین نہ تھا اور اتفاق واجتماعی صورت اس میں نہ تھی لہٰذا اس کے شکرانہ اور عید کی فرحت و سرور سے لطف اٹھانے کا وہی وقت رکھ دیا جب حاجت مند، فقراء اور مساکین کو دے کر سرور وفرحت حاصل ہوتا ہے۔ وہی وقت اس کی عید کا ہے اور یہی کافی ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ عید کو بطور نیک فالی کے سال آئندہ لوٹ کر آنے کی وجہ سے کہا ہے۔ مطلب یہ کہ اس کو بقا ہے اور سال آئندہ پھر آئے گا جس طرح ابتداء میں قافلہ کے نکلتے وقت بطور تفاؤل کے کہتے ہیں کہ خیریت وسلامتی کے ساتھ لوٹ کر آؤ۔ ہدایہ کے بعض حواشی میں ہے ک اس کو عید اس بنا پر کہتے ہیں کہ پروردگار عالم نے اس دن میں بندوں کے ساتھ فرحت وسرور اپنے فضل وکرم کا وعدہ فرمایا ہے۔ اس توجیہہ سے عید کا وعد سے ماخوذ ہونا لازم آتا ہے۔ اور یہ بعید ہے۔ کیونکہ ''عید'' جوف'' یعنی معتل عین ہے۔ اور ''وعد'' مثال ہے یعنی معتل فاء ہے۔ البتہ یہ اس وقت صحیح ہوسکتا ہے جب کہ اس کے قلب کے قائل ہوں جیسا کہ جذب اور جذ میں قلب ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ نماز عید، عیدگاہ میں ادا فرماتے اور یہ عیدگاہ مدینہ منورہ کے باہر جانب غرب، مصری دروازے کے باہر ہے۔ اور اسی جانب سے مکہ کے قافلے مدینہ منورہ میں داخل ہوتے ہیں۔ اس عیدگاہ اور مسجد نبوی شریف کے درمیان ہزار گز کا فاصلہ ہے (کذا فی تاریخ المدینہ) یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز عید کے لئے میدان میں نکلنا مسجد میں نماز عید گزارنے سے افضل ہے۔ اس لئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باوجود اس فضل وشرف کے جو آپ کی مسجد شریف کو حاصل ہے نماز عید کے لئے عیدگاہ (میدان) میں باہر تشریف لے جاتے تھے۔ لہٰذا دیگر بلاد وامصار میں تو یہ بطریق اولیٰ ہے۔ اسی پر شہروں میں عمل ہے۔ اور بعض شہروں میں جو مسجد میں نماز عید پڑھتے ہیں یہ خلاف سنت ہے مگر یہ کہ کوئی عذر لاحق ہو تو ٹھیک ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ بارش کی وجہ سے ایسا کیا اور یہ صرف ایک مرتبہ ہوا۔ مکہ مکرمہ کے حضرات تو پہلے سے ہی اس کے عادی ہیں اور مسجد حرام میں عید ادا کرتے ہیں وہ شہر کے باہر نہیں نکلتے اور اب تو مدینہ منورہ کے حضرات بھی وقت مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں عید کی نماز پڑھتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت وشرف سے مفارقت گوارا نہیں کرتے۔ اس وقت مسجد نبوی شریف کی وسعت بھی بہت کافی ہے اور اہل شہر کی آبادی سے زیادہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مدینہ منورہ کی آدی زیادہ تھی اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت کم۔

ابن الہمام اپنی شرح میں فرماتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ امام شہر کے نوجوانوں، صحت مندوں کو لے کر عیدگاہ جائے اور شہر میں کمزوروں اور ناتوانوں کے لئے اپنا قائم مقام امام بنائے۔ اس لئے کہ نماز عید ایک شہر میں دو جگہ پڑھنا باتفاق جائز ہے اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تین جگہ بھی جائز ہے اگرچہ امام کسی کو اپنا قائم مقام نہ بنائے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید کے دن خوبصورت اور عمدہ لباس زیب تن فرماتے اور حضور کا ایک حلہ فاخرہ تھا جو عید و جمعہ کے موقع پر عزت وشعائر اسلام کے لئے زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ حلہ جوڑے کو کہتے ہیں جس میں ازار وچادر دونوں شامل ہیں نہ یہ کہ وہ ریشمی وغیرہ کپڑوں کے لئے ہی بولا جائے۔ جیسا کہ بعض لوگ خیال کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی سبز وسرخ دھاری دار چادر شریف اوڑھتے یہ چادر یمن کی ہوتی اور بنت ''برد یمانی'' کہا جاتا ہے وہ یہی چادر ہے۔ اور عید کے لئے زیب وزینت کرنا مستحب ہے مگر لباس مشروع کے ساتھ ہو۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ یہ تھی کہ روز عید، عیدگاہ جانے سے پہلے چند کھجوریں افطار فرماتے ان کی تعداد طاق ہوتی یعنی تین، پانچ، سات وغیرہ۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ کھجوروں کے کھانے میں استحباب کی حکمت اس کی وہ شیرینی ہے جو نگاہوں کو تقویت دیتی ہے۔ کیونکہ روزہ بینائی کو کمزور کرتا ہے اور شیرینی مزاج ایمان کے موافق ہے کیونکہ ''المومن حلو'' اگر خواب میں کوئی میٹھی چیز دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ لذت ایمان پائے گا اور شیرینی دل کو نرم بناتی ہے۔ اس لئے کہتے ہیں کہ شیریں چیز کے ساتھ افطار افضل ہے۔ رہا گنتی میں طاق کی رعایت رکھنا تو یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سب چیزوں میں عادت کریمہ تھی اور فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ بے شک اللہ اکیلا ہے اور وہ طاق کو پسند کرتا ہے۔

عید الاضحیٰ کے دن نماز سے واپس آنے سے پہلے کچھ نہ کھاتے چنانچہ حدیث میں ہے کہ عید الفطر کو بغیر کچھ کھائے نہ نکلتے اور

عیدالاضحیٰ کو بغیر کچھ کھائے نکلتے جب تک کہ نماز عید نہ پڑھ لیتے۔ اہل علم نماز عیدالفطر سے پہلے کھانے کی حکمت میں فرماتے ہیں کہ روزے کے وجوب کے بعد، چونکہ فطرہ واجب ہے تو حضور فطر میں فطر کی جلدی فرماتے۔ تاکہ حکم الٰہی کو بسرعت بجالایا جائے ورنہ اگر محض حکم الٰہی بجالانا ہی مقصد ہوتا تو خوب سیر ہوکر کھاتے۔ بعض کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دونوں عیدوں میں کھانا صدقہ نکالنے کی مشروعیت کے وقت میں تھا جو ہر ایک پر لازم ومخصوص ہے اور چونکہ صدقہ فطر کا نکالنا عیدگاہ جانے سے پہلے ہوتا ہے اس لئے صدقہ نکالتے وقت چند دانے کھالئے اور عیدگاہ تشریف لے گئے۔ اور عیدالاضحیٰ میں صدقہ کا اخراج چونکہ بعد از ذبح تھا اور اس کا وقت نماز کے بعد ہے اس لئے نماز کے بعد ذبح کرتے اس کے بعد صدقہ فرماتے اور اس کے بعد کھاتے۔

غسل در روز عیدین: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دونوں عیدوں میں غسل کرنے کے سلسلے میں دو حدیثیں مروی ہیں ایک فاکہ بن سعد سے جن کی صحبت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے صحت کو پہنچی ہوئی ہے اور یہ درجہ شہرت کو پہنچ گئی ہے اور بجز اس حدیث کے اور کسی طرح ان کی صحابیت جانی پہچانی نہیں گئی وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ روز عیدالفطر، یوم النحر، یوم عرفہ میں غسل فرمایا کرتے تھے۔ دوسری حدیث زیاد بن عیاض اشعری سے مروی ہے کہ انہوں نے ایک قوم سے کہا کہ جس فعل کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے اسے تم بھی کرتے ہو مگر تم لوگ دونوں عیدوں میں غسل نہیں کرتے لیکن محدثین دونوں حدیثوں کو ضعیف بتاتے ہیں اور میں نے ان دونوں حدیثوں کے سوا کوئی اور حدیث کسی کتاب میں بالکل نہیں پائی اور نہ کتب ستہ میں کچھ منقول ہے۔ بجز حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے فعل کے جس کو جامع الاصول میں موطا سے نقل کیا گیا ہے۔ چنانچہ مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما عیدگاہ جانے سے پہلے غسل کرتے تھے اور حضرت ابن عمر کا سنت کی پیروی میں خوب مبالغہ کرنا اس کا مقتضی ہے کہ حدیث اس باب میں صحیح ہو۔ (کذا قالوا) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تمام راستہ بآواز بلند تکبیر کہتے تھے اور یہ حکم یعنی تکبیر کا بلند آواز سے راستہ میں عیدالاضحیٰ کی نماز میں تو متفق علیہ ہے اور عیدالفطر میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے لیکن آہستہ کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ تک پا پیادہ تشریف لے جاتے اور اس پر عمل کرنا سنت ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک مستحب ہے کہ عیدگاہ پا پیادہ جائے۔ سواری وغیرہ سے نہ جائے۔ مگر کسی عذر سے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے زہری سے روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ عید میں نہ جنازہ میں کبھی سوار ہوکر تشریف نہ لے جاتے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز عیدالفطر میں تاخیر فرماتے اور نماز عیدالاضحیٰ کو جلد تر پڑھتے۔ غالباً عیدالفطر میں اس تاخیر کی حکمت یہ ہو گی کہ چونکہ صدقہ فطر بھی ادا کر چکتے اور کچھ طعام بھی ملاحظہ فرمالیا ہوتا اور کوئی امر مہم بھی درپیش نہ ہوتی اس لئے اجتماع کی زیادتی کی خاطر تاخیر فرماتے ہوں گے بخلاف عیدالاضحیٰ کے۔ (واللہ اعلم)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب عیدگاہ پہنچ جاتے تو فوراً ہی نماز شروع کر دیتے، نہ اذان ہوتی نہ اقامت اور نہ الصلوٰۃ جامعۃ وغیرہ کی ندا۔

تکبیرات عید میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل میں اختلاف ہے اور مذہب حنیفہ میں مختار یہ ہے کہ تین تکبیریں رکعت اول میں قرات سے پہلے اور تین تکبیریں دوسری رکعت میں قرات کے بعد ہے اور ہمارے مشائخ واساتذہ فرماتے ہیں کہ چونکہ تکبیرات عید کے سلسلہ میں روایتیں مختلف مروی ہیں تو ہم نے بھی کم سے کم کو اختیار کیا ہے اس لئے کہ تکبیرات اور رفع یدین نماز عید میں خلاف معہود وشرع ہے بنابریں کم سے کم کو لینا اولیٰ ہوگا۔ (کذا فی الہدایہ)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عیدگاہ میں منبر نہ تھا۔ سب سے پہلے جس نے عیدگاہ میں منبر کا رواج دیا وہ مروان بن

علیہ السلام سے لے کر آج تک کے تمام عارفوں' نبیوں' ولیوں اور صالحوں کا عمل رہا ہے شاعر نے ایک حرف بزبان مجاز کہا ہے اس قیاس پر حقیقت میں بھی تصور کر سکتے ہیں بیت

دیدم کہ خاطرش زمن آزاری کشد　　کردم از و قبول گناہ نبودہ را

اس شعر میں آزار خاطر' دعوی ہستی کے توہم سے کنایہ ہے کہ اس سے اپنے وجود کو پاک رکھنا چاہیے۔ اور ذنب کا اسی سے کنایہ ہے اور غفر کے معنی ڈھانپنے کے ہیں۔ کسی عارف نے کیا خوب کہا ہے

از خدا خواہند سر ذات خود در ذات او　　ایں بود ساعت بساعت سر استغفار شاں

یہ فنافی اللہ سے کنایہ ہے۔ بات اس جگہ اس اصطلاح علم وزبان اور وقت سے باہر نکل گئی جو اس کتاب کے وضع وترتیب سے متعلق ہے اور جو اس روش پر جاتا ہے اس کی بات طویل ہو جاتی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشہد کے بعد داہنے اور بائیں جانب سلام دیتے۔ چنانچہ آپ کے رخسار ہائے مبارک کی سفیدی دیکھی جاتی آپ فرماتے ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُه'' اور اس میں فرشتوں اور قوم کو مخاطب قرار دیتے اور جماعت میں داہنی جانب کھڑے ہونے کی فضیلت کے وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کیونکہ معارج قرب سے نزول اور مشہد انوار ونور سے رجوع کے بعد جو کہ نماز ہے' پہلی نظر اسی جانب کے لوگوں پر پڑتی ہے اور درود وسلام کرنا بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دائمی عادت تھی۔ جسے مشاہیر وعظماء صحابہ میں سے پندرہ حضرات نے روایت کیا ہے اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ' امام شافعی اور دیگر ائمہ کا ہے۔ لیکن امام مالک کے نزدیک' مقابل وجہ ایک سلام ہے۔ رحمہم اللہ اور وہ حدیث جو اس باب میں روایت کی گئی ہے صحیح نہیں ہے اور اگر بعض وقت ہو بھی تو رات کی نماز میں ہوگی چنانچہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں جگانے کے لیے ایک سلام کرتے محدثین کہتے ہیں کہ یہ حدیث ''معلل'' ہے اور اگر ''معلل'' نہ ہو تو یہ عبارت اس میں صریح نہیں ہیں کہ دوسرا سلام نہ کہتے تھے۔ اس میں یہ حدیث خاموش ہے۔ اور ممکن ہے کہ دوسرا سلام بھی ہو مگر اس میں آواز کی بلندی اتنی ہو جس سے اہل بیت کو جگانا مقصود ہو اور اس جگہ امام احمد سے منقول وہ وجہ بھی ظاہر ہوگئی کہ وہ ایک سلام کی تاویل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ بلند آواز سے اعلام وخبردار کرنے کے لیے ایک سلام کہتے اور دوسرا سلام آہستہ فرماتے۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ مقابل وجہ سے مراد یہ ہے کہ سلام کی ابتدا جانب قبلہ سے کرتے اس کے بعد داہنی اور بائیں جانب توجہ والتفات فرماتے کیونکہ اس میں رفع صوت نہ فرماتے۔ اور ایک سلام کے [illegible] میں سہل رضی اللہ عنہ بن سعد سے بھی ایک حدیث مروی ہے جو کہ محدثین کے نزدیک مطعون ہے اور امام شافعی سے اہل علم نقل کرتے ہیں کہ نمازی کو اختیار ہے چاہے ایک سلام کہے چاہے دو سلام کہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں التفات نہ فرماتے اور صحابۂ کرام کو بھی اس سے منع فرماتے۔ خصوصاً نماز فرض میں التفات کے معنی گردن پھیر کر داہنے یا بائیں جانب دیکھنا' لہٰذا گوشۂ چشم سے دیکھنا التفات نہیں نہ یہ مکروہ ہے۔ کذا فی النہایہ۔ اور ابن الہمام شرح میں فرماتے ہیں کہ اس حد تک التفات کرنا مکروہ ہے کہ گردن کو اتنا گھمائے کہ مواجہ قبلہ سے باہر ہو جائے۔ اس کے ساتھ اگر اپنے تمام بدن کو پھیر دے تو اس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ لہٰذا التفات کی ایک قسم مفسد ہے اور ایک قسم مکروہ' جیسا کہ عمل کثیر مفسد ہے۔ اور عمل قلیل مکروہ (انتہی)۔

اور شمنی فرماتے ہیں کہ سینہ کو گھمائے بغیر گردن گھمانا مکروہ ہے اور اگر سینہ گھمائے تو نماز باطل ہو جاتی ہے اور اگر گوشۂ چشم یعنی کنکھیوں سے دیکھے تو مکروہ نہیں' ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا' رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں

الحکم ہے جب کہ وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ان کی جانب سے امیر مدینہ تھا اور ایک روایت میں ہے کہ امیر المومنین سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس کی بنا پڑی یہ کثیر بن الصلت سے مروی ہے جس کا گھر عیدگاہ کے قریب تھا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید خطبہ سے پہلے پڑھتے اور جب نماز سے فارغ ہوتے تو کھڑے ہو کر خطبہ شروع فرماتے۔ تمام اصحاب کتب کا اس روایت پر اتفاق ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید الاضحیٰ اور عید الفطر خطبہ سے پہلے پڑھتے اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے بعد ایسا ہی کرتے رہے۔ ترمذی نے کا اسی پر تمام اہل علم صحابۂ کرام کا عمل ہے اور کہا گیا ہے کہ سب سے پہلے جس نے نماز سے پہلے خطبہ دیا وہ مروان تھا جب کے وہ امیر مدینہ تھا۔ فتح الباری میں منقول ہے کہ علماء کا اختلاف ہے کہ جس نے سب سے پہلے خطبہ دیا کون ہے۔ مشہور یہ ہے کہ مروان تھا جیسا کہ صحیح میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، کی حدیث میں ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے پہلے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے بھی کیا تھا اور اپنے اوائل خلافت میں آپ پہلے نماز پڑھتے پھر خطبہ دیتے تھے۔ اور آخر زمانہ میں۔ جب دیکھا کہ لوگ نماز میں نہیں پہنچ سکتے تو اس مصلحت کے پیش نظر خطہ کو نماز پر مقدم فرمایا اور یہ مصلحت مروان کی اس علت کے برخلاف ہے جس کی بنا پر اس نے خطبہ مقدم کیا تھا وہ یہ کہ لوگ نماز کے انتظار میں بیٹھے رہیں۔ اور اس کا خطبہ سن لیں اور اس کا خطبہ ان لوگوں کی مذمت و برائی میں ہوتا جس کے وہ لائق نہیں تھے۔ اور ان لوگوں کی تعریف و مدح پر ہوتا جس کے وہ مستحق نہ تھے جیسا کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس کی صراحت مذکور ہے کہ مروان نے کہا کہ میں نے خطبہ کو اس لئے مقدم کیا ہے کہ لوگ خطبہ کے سننے کا انتظار نہیں کرتے تھے اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایسی تقدیم کبھی کبھی فرمائی ہو۔ اور مروان نے چونکہ اس پر ہمیشگی اختیار کر رکھی تھی اس لئے مروان کے اس فعل کی شہرت ہوگئی۔ اور عبدالرزاق ابن جریج سے نقل کرتے ہیں کہ سب سے پہلے جس نے خطبہ کو نماز پر مقدم کیا وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تھے۔ (واللہ اعلم)

ابن الہمام، فتح القدیر شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں کہ حنانہ کا منبر بنانے میں علماء اختلاف کرتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ مکروہ ہے۔ اور خواہرزادہ نے کہا کہ حسن ہے اور ہمارے زمانے میں حضرت امام ابوحنیفہ سے ''لا باس بہ'' یعنی کوئی حرج نہیں مروی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس راہ سے عیدگاہ تشریف لے جاتے اس راہ سے واپس تشریف نہ لاتے بلکہ دوسرے راستے سے واقت تشریف لاتے۔ علماء نے اس میں کئی نکتے ظاہر فرمائے ہیں۔ ممکن ہے کہ ان میں سے کچھ یا تمام ہی نکتے حضور کے پیش نظر اور متصور ہوں (واللہ اعلم) حق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال میں جو اسرار و معانی پنہاں ہیں ان تک مخلوق کی رسائی دشوار ہے اور ان کو پانا محال ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ راہ کی تبدیلی اس بنا پر تھی تا کہ مقامات مختلفہ، اماکن متعددہ اور مواضع متفرقہ اور وہاں کے رہنے والے انسان و جنات اور فرشتے طاعات و نیکیوں پر گواہ بن جائیں یا یہ وجہ ہو کہ دونوں راستے حضور کو سلام کر سکیں اور اس عمل کے ثواب و بزرگی سے مشرف ہو سکیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام کے جواب دینے میں جو خیر و برکت اور خوش نصیبی مضمر ہے اس سے دونوں راستوں کے لوگ متمتع اور بہرہ ور ہو سکیں۔ یا یہ وجہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکتیں دونوں راستوں اور وہاں کے رہنے والوں کو حاصل ہو سکیں اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لے جانے کی فضیلت و برکت اور شرف حضوری میں برابر کے شریک ہو جائیں۔ یا یہ وجہ ہو کہ دونوں راستے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طیب و طاہر جانفزا خوشبو کو سونگھیں یا یہ وجہ ہو کہ دونوں راستوں کے رہنے والوں کی ضرورتیں، تعلیم و ارشاد فرما کر، صدقات و خیرات عطا فرما کر اور اپنے جہاں فزا جمال کے مشاہدے سے سرور مرحمت فرما کر ان کی خواہشیں پوری فرمائیں۔ یا یہ وجہ ہے کہ دونوں راستوں میں شعائر و شرائع اسلام کا اظہار حاصل ہو اور دونوں راستوں کو ذکر الٰہی اور اس کی برکتیں ان کو شامل ہو جائیں یا

یہ وجہ ہے کہ اہل کفر ونفاق کو مشاہدۂ عزت اسلام اور رفعت اعلام دین کے ذریعہ بکم لِیَغِیظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ اور قُلْ مُوتُوا بِغَيْظِكُمْ (آلایات) سے انہیں غمناک واندوہگیں بنائیں۔ اور لشکر اسلام کی کثرت اور اس کی عزت سے ان کے دلوں میں رعب ڈالا جائے۔ نیز علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عیدگاہ تشریف لے جانا داہنی جانب تھا اور اگر واپسی بھی اسی راستے سے ہوتی تو یہ بائیں جانب واقع ہوتا اس بنا پر واپسی کے لئے دوسری راہ اختیار فرماتے۔ تاکہ وہ بھی داہنی جانب واقع ہو جائے اس کی تفصیل یہ ہے کہ مدینہ طیبہ میں سمت قبلہ جانب جنوب ہے اور عیدگاہ جانب غرب ہے۔ اس سے لازم آتا ہے کہ عیدگاہ تشریف لے جانا داہنی جانب سے تھا اور منزل شریف عیدگاہ میں تشریف لے گئے تھے تو واپسی جانب شمال سے واقع ہوتی۔ اور یہ جو صاحب مواہب لدنیہ نے کہا ہے کہ یہ دلیل کی محتاج ہے لہٰذا ساقط ہے اس لئے کہ ظاہر ہے کہ شروع میں داہنی جانب کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار کیا ہوگا۔ نیز یہ معانی جسے علماء نے بیان کیا ہے۔ برسبیل ہیں اور ابتداء میں داہنی جانب کو اختیار فرمانا خود متحمل ہے اور لوگوں میں مشہور وجہ یہ ہے کہ راستہ کی تبدیلی کو اختیار فرمانا اعداء دین کے مکر سے خوف کی بنا پر تھا تاکہ وہ ہلاکت کی گھات میں نہ بیٹھیں۔ حالانکہ یہ وجہ خود محل نظر ہے اس لئے کہ اگر یہی وجہ ہوتی تو بار بار یہ روش اختیار نہ فرماتے۔ اور اپنی عادت کریمہ نہ بناتے تاکہ دشمنان دین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ سے واقف ہو کر دوسری راہ میں گھات لگا کر نہ بیٹھیں۔ اس نظریہ کا یہ جواب دیتے ہیں کہ جداگانہ راستہ کی ہمیشہ عادت بنا لینے سے یہ لازم نہیں آتا کہ دوسرا راستہ کوئی خاص معین فرمالیا ہے یا یہ وجہ ہے کہ زندہ اور وفات پائے ہوئے اقارب سے ملاقات اور صلہ رحمی کے لئے دوسرا رستہ اختیار فرماتے یا یہ وجہ ہے کہ تخفیف اژدہام اور ہجوم خلائق کی بنا پر یہ عادت تھی یا یہ وجہ ہے کہ تشریف لے جاتے وقت فقراء کو صدقہ عطا فرماتے تھے اور واپسی کے بعد کچھ باقی نہ رہتا تھا اس لئے واپسی پر ایسا دوسرا راستہ اختیار فرماتے جہاں فقیروں اور سائلوں کا ہجوم نہ ہوتا کہ سائلوں کو جھڑکنا اور منع کرنا لازم نہ آئے اس وجہ کو صاحب مواہب نے کمزور اور بعید قرار دیا ہے اور معاملہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ راستوں کی یہ تبدیلی برطریق تفاول اختیار فرماتے تھے مطلب یہ کہ جس طرح کہ پہلے راستہ میں مغفرت ورضا اور مقام قرب ووصال میں ترقی کی جانب ایک حالت تھی یہ حالت دوسرے راستہ بھی برقرار رہے یہ وجہ باریکی وخفا سے خالی نہیں ہے۔ یا یہ وجہ ہو کہ عیدگاہ کی جانب جاتے وقت راستہ طول وطویل ہوتا تھا۔ اور واپسی میں ایسا نہ ہوتا تھا تاکہ جاتے وقت قدموں کے زیادتی سے جو کہ عبادت کے لئے جانا تھا اس سے زیادتی ثواب کا حصول مقصود تھا لیکن جب منزل شریف کی جانب واپسی ہوتی تو جلدی سرعت دکھاتے کیونکہ اس میں عبادت کا مقصد شامل نہ تھا علماء اس وجہ میں اس امر سے کلام کرتے ہیں کہ واپسی کے وقت میں قدموں کی زیادتی پر اجر وثواب بھی ثابت ہے جیسا کہ حج وغزوہ میں ثابت ہو چکا ہے اگر اس وجہ کے برعکس کہیں تو کوئی صورت ممکن تھی۔ یعنی یہ کہا جاتا کہ شاید جاتے وقت راستہ مختصر اور تھوڑا تھا اور چاہتے تھے کہ طاعت میں جلدی کا اظہار فرمائیں اور اول وقت کی فضیلت پائیں بخلاف واپسی کے وقت کے، کہ اگر دیر سے بھی منزل شریف پر پہنچیں تو کوئی چیز فوت نہیں ہوتی۔ غرضیکہ ان تمام وجوہات کی بنیاد احتمال پر ہے اور ابن حمزہ نے کہا ہے کہ راستہ میں تبدیلی کی وجہ، حضرت یعقوب علیہ السلام کے قول مبارک کی موافقت ہے جو انہوں نے اپنے گیارہ فرزندوں سے فرمایا تھا کہ ''لَا تَدْخُلُوا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ آلایة (تم سب ایک دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ مختلف دروازوں سے داخل ہونا) حالانکہ انہوں نے بدنظری سے بچنے کے لئے نصیحت فرمائی تھی (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال) میں نے نماز عید سے پہلے اور نماز عید کے بعد نوافل پڑھنے کے بارے میں شرح سفر السعادۃ میں ذکر کر دیا ہے۔ چونکہ اس جگہ مقصود اصلی، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال افعال کا ذکر کرنا ہے۔ اس لئے اس سے اس جگہ تعرض نہیں کیا گیا۔

نماز استسقاء: وصل: صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ نماز استسقاء کے سنت ہونے میں کسی عالم نے اختلاف نہیں کیا ہے

مگر امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان حدیثوں سے جن میں نماز کا ذکر نہیں آیا ہے اس کے خلاف سنت ہونے پر استدلال کیا ہے۔ اور علماء جمہور ان حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں جو صحیحین وغیرہما میں ثابت ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے استسقاء میں دو رکعتیں پڑھیں اور وہ حدیثیں جن میں نماز کا ذکر نہیں ہے ان میں سے کچھ تو راوی کے نسیان پر محمول ہیں اور کچھ ان میں سے خطبہ جمعہ سے متعلق ہیں کیونکہ اس کے بعد نماز جمعہ ہے لہٰذا اسی پر اکتفا کیا گیا۔ اور اگر استسقا کے لئے نماز ہی نہ پڑھی تو یہ دعا کے ساتھ، بیان جواز استسقاء کے لئے ہے اور اصل جواز میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے اور مقررہ قاعدہ کے بموجب، ثابت کرنے والی حدیثیں مقدم ہیں۔ کیونکہ قول مثبت، نافی پر مقدم ہوتا ہے یہ سب شوافع کا کلام ہے۔ اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک استسقاء میں کوئی مسنون نماز نہیں ہے اور ارشاد باری تعالیٰ کے بموجب یہی دعا و استغفار کا نام استسقاء ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ۙ — اپنے بخشنے والے رب سے تم استغفار کرو وہی آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش برساتا ہے۔

نیز جن حدیثوں میں استسقاء کی وجوہات مذکور ہیں ان میں نماز کا ذکر نہیں ہے۔ بجز اس ایک وجہ کے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے کھلی جگہ (میدان) میں تشریف لے گئے اور دو رکعت پڑھ کر خطبہ دیا۔ اور یہ حدیث اپنی تمام خصوصیات کے ساتھ یا تو پایۂ صحت ہی کو نہیں پہنچتی یا یہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے۔ نیز سنت وہ ہوتی ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کبھی ترک کرنے کے ساتھ اس پر ہمیشگی فرمائی ہو حالانکہ اس جگہ ترک صلوٰۃ، اکثر ہے اور یہ فعل ایک مرتبہ کے سوا ہے ہی نہیں اور یہ روایت تو صحت کو پہنچ چکی ہے کہ امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ، نے استسقاء کی اور وہ بھی دعا و استغفار سے آگے نہ تھی اور اگر استسقاء میں کوئی مسنون نماز ہوتی تو اس سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ، کا عدم علم یا عموم بلوی باوجود قرب عہد بزمان نبوت یا ان سے باوجود علم کے اس کا ترک کرنا کوئی اور صورت نہیں رکھتا اور علماء فرماتے ہیں کہ استسقاء میں کسی نماز کے نہ ہونے سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی مراد یہ ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز، ان تمام خصوصیات کے ساتھ جو نماز عید میں ہیں مسنون نہیں ہے ورنہ اگر ہر ایک جدا جدا اور تنہا تنہا نماز پڑھے گر یہ وزاری کرے اور دعا و استغفار میں گڑگڑائے تو درست ہے۔ اور حسن و محمود ہے۔

غرضیکہ باب استسقاء میں احادیث مرویہ میں سے ہر ایک، کسی نہ کسی اضطراب سے خالی نہیں ہے اور ہر اس حدیث کی سند جو ان خصوصیات و کیفیات پر مشتمل ہے بغیر ضعف کے نہیں ہے لہٰذا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے مغز اور مقصود کو اختیار فرمایا اور وہ دعا و استغفار ہے اور نماز کو بھی جائز رکھا اور جماعت خطبہ اور اس قسم کی دیگر باتیں، یقینی نہ ہونے کی وجہ سے اختیار نہ فرمائیں (واللہ اعلم)۔

صاحبین اور ائمہ ثلثہ رحمہم اللہ کے نزدیک استسقاء میں جماعت کے ساتھ نماز اور خطبہ ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ قول امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ، امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک پر ہیں۔ اور اب فتویٰ مذہب حنفیہ میں بھی صاحبین کے مذہب کے عمل پر ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کی دعا میں بہت تضرع و ابتہال فرماتے اور اپنے دست ہائے مبارک کو مبالغہ کے ساتھ اٹھاتے یہاں تک کہ آپ کے بغل ہائے شریف کی سفیدی ظاہر ہو جاتی اور آپ کے دست ہائے مبارک، سر مبارک سے اونچے اٹھ جاتے، علماء فرماتے ہیں کہ چونکہ واقعہ بہت دشوار تر ہے اور سوال و طلب بھی قوی تر ہے اس لئے دست ہائے مبارک بھی بلند تر ہیں۔

صاحب مشکوٰۃ، مسلم سے حدیث نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے استسقاء یعنی باران رحمت کی دعا کی اور اپنے دونوں ہاتھوں کی پشت کو آسمان کی طرف پھیلایا۔ مطلب یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے استسقاء میں دونوں ہاتھ اس طرح اٹھائے کہ دونوں ہتھیلیوں کا باطنی رخ، زمین کی جانب تھا اور اس کا ظاہر آسمان کی طرف، اور یہ کیفیت اس کے برعکس تھی جو عام طور پر دعا کرتے

وقت ہوتی تھی۔ابوداؤد کی روایت میں بھی ایسا ہی ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ جب دعا کسی مطلب کے لئے ہو اور کسی نعمت کی قسم کا سوال ہو تو مستحب یہ ہے کہ ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو آسمان کی طرف کرے اور جب فتنہ و بلا کے دفع کرنے کے لئے دعا ہو تو ہاتھوں کی پشت کو آسمان کی طرف کرے اس میں اشارہ ہے کہ غضب، فتنہ و بلا کے جوش کو ٹھنڈا کرے۔اور پیدا شدہ قوت و غلبہ کو پست و فروتر کرے۔

طیبی نے کہا کہ حالت کے بدلنے میں نیک فالی بھی ہے مثلاً چادر کو بدلنے میں جو استسقاء میں منقول و مروی ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ یہ چادر کا الٹنا پلٹنا تغیر حالت اور بارش کے نہ ہونے کی تبدیلی کے لئے تفاول ہے۔اور تنگی کو فراخی سے اور خشک سالی کو باران رحمت سے بدلنے کی جانب نیک فالی ہے اور بعض فرماتے ہیں بلکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کردہ حکم کا بجالانا ہے اور حکم دیا گیا ہوگا کہ ایسا کرو تا کہ حالت بدل جائے اور محض نیک فالی ہی نہ رہے اس لئے کہ تفاول کی شرط یہ ہے کہ قصد و اختیار سے نہ ہو بلکہ خارج میں کسی چیز سے ہو نہ کہ محض قصد و اختیار سے اس شخص کے واقع ہو اور بالکل بجا تفاول لیتے ہیں۔(کذا قیل)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی استسقاء چند مرتبہ ہوئی۔ایک مرتبہ اس قحط کے وقت جو کہ آپ کے زمانہ مبارک میں لاحق ہوا تھا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ میں مصروف تھے۔اس وقت ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر فریاد کی یارسول اللہ: هَلَكَ الْمَالَ وَجَاعَ الْعِيَالُ فَادْعُ لَنَا (مال تباہ ہو گیا۔گھر والے بھوک سے بلکنے لگے ہمارے لئے دعا فرمایئے)۔

اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی: اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا۔(اے خدا ہم پر بارش فرما، اے خدا ہمیں سیراب فرما) تو پہاڑوں کی مانند بادل اٹھے اور برسنے لگے پھر جب دوسرا جمعہ آیا تو اسی اعرابی نے فریاد کی اور کہا یارسول اللہ: تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ۔(مکانات منہدم ہو گئے اور مال ڈوب گئے) اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست ہائے مبارک کو اٹھایا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ بنی آدم کی زود رنجی پر تبسم فرمایا اور دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ الظِّرَابِ بُطُوْنَ الْاَوْدِيَةِ. (اے خدا ہمارے گرداگرد بارش فرما ہم پر نہیں۔ اے خدا ہمارے باڑوں پر کھیتوں پر اور جنگلوں پر) اور جس طرف بھی انگشت ہائے مبارک کا اشارہ فرماتے جاتے بادل کھلتا جاتا اور ایک روایت میں ہے کہ مدینہ منورہ کے اوپر سے ابر کھل گیا اور گرداگرد برستا رہا اور مدینہ منورہ میں ایک قطرہ تک نہ برسا۔

دوسری مرتبہ حضور، تواضع و خشوع اور کامل نگونساری کے ساتھ نماز پڑھنے کی جگہ میدان میں تشریف لائے یہاں منبر رکھا گیا اور خطبہ دیا اس خطبہ کا اتنا حصہ محفوظ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَ نَحْنُ الْفُقَرَاءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّ بَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ

آپ نے دعا مانگی اور منبر شریف سے اتر آئے۔اور بغیر اذان و اقامت کے دو رکعت نماز پڑھی۔اور قرأت جہر سے فرمائی۔پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں: هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ پڑھی جیسا کہ روز عید و جمعہ میں پڑھتے تھے اس کے بعد حق تعالیٰ نے رعد و کڑک کے ساتھ ابر بھیجا اور خوب بارش ہوئی۔یہاں تک کہ مسجد شریف میں آتے آتے سیل رواں ہو گیا اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بھاگتے دوڑتے اور کونوں میں چھپتے ملاحظہ فرمایا تو تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا: وَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنِّيْ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور یہی وہ حدیث ہے جس کو ائمہ کرام استسقاء میں دلیل کے طور

پر لاتے ہیں۔ اور تیسری مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں منبر شریف پر جمعہ کے علاوہ دعائے استسقا فرمائی۔ جیسا کہ بیہقی دلائل النبوۃ میں نقل کرتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لائے تو بنی فزارہ کا ایک وفد حاضر ہوا اور اس نے قحط کی شکایت کی اور عرض کیا یا رسول اللہ اپنے رب سے دعا مانگیے تا کہ ہم پر وہ بارش فرمائے اور آپ کو اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت کرنی چاہیے۔ اور حق تعالیٰ کو بھی آپ کی شفاعت قبول کرنی چاہیے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ویلکم'' افسوس ہے تم پر، سب حق تعالیٰ کی شکایت کرتے ہو کون ہے کہ اس کی پروردگار شفاعت قبول کرے: لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی برتر و عظمت والا ہے۔ پھر فرمایا تمہاری اس فریاد و زاری اور خوف پر حق تعالیٰ خندہ فرماتا ہے۔ ان میں سے ایک اعرابی کھڑا ہوا اس نے کہا ہمارا رب خندہ فرماتا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں خندہ فرماتا ہے۔ اس اعرابی نے کہا اب تو ہم اپنے رب سے مانگنے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں گے کیونکہ وہ ہمارے مانگنے پر خندہ فرماتا اور ہمارے حال پر خوش ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعرابی کی بات پر تبسم فرمایا اس کے بعد منبر شریف پر تشریف لائے اور دعا کے لئے دست ہائے مبارک اٹھائے اور بارش کی دعا کی یہاں تک کہ پورے ایک ہفتہ بارش ہوئی (الحدیث) اس دعائے استسقاء میں نماز محفوظ و مروی نہیں ہے بلکہ محض خطبہ اور دعا ہے۔

اور چوتھی مرتبہ مسجد مدینہ مطہرہ میں تشریف رکھ کر استسقا فرمائی نہ قیام فرمایا نہ دعا کے لئے منبر شریف پر قدم رنجہ ہوئے۔ اس مرتبہ کی دعا میں سے صرف اتنا محفوظ ہے: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُّرِیْعًا طَبَقًا عَاجِلاً غَیْرَ رَائِثٍ نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ اے خدا ہم کو سیراب فرما۔ بہتے ہوئے مینہ سے بغیر دیر کے اپنی مرضی کے موافق جو نفع رساں ہو ضرر رساں نہ ہو۔

اور پانچویں مرتبہ مدینہ منورہ کے اس مکان میں جسے ''الحجار الزیت'' کہتے ہیں۔ اس مکان میں کھڑے ہو کر استسقا فرمائی اور دست ہائے مبارک کو چہرۂ انور کے مقابل یہاں تک اٹھایا کہ سر مبارک سے اونچے ہو گئے۔ یہ واقعہ اس غزوہ کا ہے کہ مشرکوں نے پانی پر قبضہ کرنے میں سبقت کی تھی۔ اور پانی کے کنارے پڑاؤ ڈالا تھا اور مسلمانوں کا لشکر بغیر پانی کے رہ گیا تھا اور سب پر پیاس غالب آ چکی تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگوں نے اپنا حال عرض کیا اور منافق جو اکثر یہود یوں میں سے تھے مشرکوں سے کہنے لگے کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی ہوتے تو اپنی قوم کے لئے پانی طلب کرتے (استسقاء فرماتے) جس طرح کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے استسقاء کیا تھا اور پتھر پر عصا مار کر بارہ چشمے نکالے تھے اور ہر چشمہ ہر ایک کے لئے جدا نکالا تھا کیونکہ ان کے لشکر میں بارہ فرقے تھے۔ جیسا کہ قرآن میں بھی مذکور ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو فرمایا وہ ایسی بات کہتے ہیں تو تم غمزدہ نہ ہو حق تعالیٰ یقیناً تم کو پانی عطا فرمائے گا۔ اس کے بعد حضور نے دعا کے لئے ہاتھوں کو اٹھایا اور دعا مانگی اسی وقت ایسا ابر نمودار ہوا کہ چاروں طرف اندھیرا چھا گیا اور خوب زور کی بارش ہوئی اور بڑے بڑے جنگل پانی سے بھر گئے۔ یہی چند مواقع ہیں جو استسقاء میں حضور سے مذکور و مشہور ہیں۔ بخاری و مسلم اور ترمذی میں باختلاف الفاظ مروی ہے کہ جب قریش نے اسلام لانے میں دیر کی اور تمرد و سرکشی اختیار کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف دعا کی اور ایک روایت میں ہے کہ ''سِنِیْنَ کَسِنِیْ یُوْسُفَ'' یعنی ان کو حضرت یوسف علیہ السلام کے قحط کی مانند قحط میں مبتلا کر۔ تو ان کو قحط نے پکڑ لیا۔ اور وہ اس میں ہلاک ہونے لگے اور مرداروں، کھالوں اور ہڈیوں کو کھانے لگے۔ وہ آسمان میں دھوئیں کی مانند کوئی چیز دوڑتی دیکھتے تھے۔ اس پر ابوسفیان آئے اور کہنے لگے اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ تو صلہ رحمی کا حکم کرنے تشریف لائے ہیں یہ قوم ہلاک ہوئی جاتی ہے تو خدا سے بارش کی دعا مانگیے۔'' پھر حضور نے دعا فرمائی اور بارش ہوئی قحط دور ہوا۔ اس قصہ کی تفصیل سورۂ حم الدخان کی تفسیر میں اس آیۂ کریمہ کے تحت ہے کہ ''یوم تاتی السماء بدخان'' تو وہ قحط حضور کی دعا سے دور کر دیا گیا تھا۔

علماء فرماتے ہیں کہ قریش کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بددعا کی ابتدا اس روز سے ہوئی جب کہ ان بدبختوں نے نماز

کی حالت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت اطہر پر اونٹ کی اوجھری رکھ دی: لَعَنَ اللّٰہُ عَلَی الْکَافِرِیْنَ وَالْمُنَافِقِیْنَ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصہ مکہ مکرمہ کا ہے۔ اور علماء فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطالب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف میں اس قصہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اپنے قول میں کہا تھا: وَاَبْیَضُ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ورنہ وہ تمام وجوہات جو پہلے مذکور ہوئیں وہ سب مدینہ منورہ سے متعلق ہیں۔ اور اس وقت ابوطالب موجود نہ تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ ابوطالب کے قول میں جو اشارہ ہے وہ اس زمانہ کی طرف ہے۔ جب حضرت عبدالمطلب کے زمانے میں قحط پڑا تھا اور انہوں نے قریش کے لئے استسقا کیا تھا اور حضور اس زمانے میں صغیر السن تھے۔

مخفی نہ رہنا چاہئے کہ ابوطالب کا قول ''یستسقی الغمام بوجہہ'' وقوع استسقاء کا طالب نہیں ہے۔ مطلب یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان عالی اور آپ کی عادت شریفہ اس کی مقتضی ہے کہ اگر استسقاء کریں تو پانی مرحمت فرمایا جائے گا۔ اور یہ آسمان سے پانی دینا حق تعالیٰ کا کام ہے کہ خلق کو اپنے حبیب کی دعا سے دیتا ہے۔ اور زمین سے پانی دنیا پہ آنحضرت کا الگ معجزہ ہے۔ تو اسے پتہ چل گیا کہ آپ کا تصرف اللہ تعالیٰ کی رضا وتائید سے زمین وآسمان کو شامل ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تصرف حسی وروحانی رزق اور ظاہری وباطنی تمام نعمتیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے واسطے اور طفیل سے ہیں مصرعہ آخرے بادصبا اینہمہ آوردۂ تست۔

بیت شکر فیض تو چمن چوں کند اے ابر بہار — کہ اگر خار گر گل ہمہ پروردۂ تست

اور شیخ العالم، عارف باللہ محمد بکری رحمۃ اللہ علیہ پڑھا کرتے تھے۔ نظم

مَا اَرْسَلَ الرَّحْمٰنُ اَوْ یُرْسِلُ — مِنْ رَّحْمَتِهٖ یَصْعَدُ اَوْ یَنْزِلُ
فِیْ مَلَکُوْتِ اللّٰهِ اَوْ مُلْکِهٖ — مِنْ کُلِّ مَا یَخْتَصُّ اَوْ یُشْمِلُ
اَلْاَوْطَهُ الْمُصْطَفٰی عَبْدُهٗ — وَنَبِیُّهُ الْمُخْتَارُ الْمُرْسَلُ
وَاسِطَ فِیْهَا وَاصِلٌ لَهَا — یَعْلَمُ هٰذَا کُلُّ مَنْ یَّعْقِلُ

گہن میں نماز: فصل: صلوٰۃ کسوف کے بیان میں۔ جاننا چاہئے کہ لغت میں چاند گہن کے لئے خسوف اور سورج گہن کے لئے کسوف مشہور ہے لیکن حدیث کی روایتوں میں دونوں جگہ کاف سے مروی ہے اور کہیں کہیں دونوں جگہ خاء سے بھی ہے۔ اور جماعت محدثین حاء سے چاند میں اور کاف سے سورج میں گہن لگنے کو استعمال کرتی ہے۔ اور جس قدر حدیثیں اس بارے میں مروی ہیں وہ سب سورج گہن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل مبارک کی خبر دیتی ہیں بجز اس حدیث کے جسے شیخ ابن حجر نے اپنی مشکوٰۃ کی شرح میں چاند گہن پر محمول کیا ہے اور اس امر کی خبر جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں واقع ہے یہ ہے کہ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا رَاَیْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ۔ سورج اور چاند خدا کی نشانیوں میں سے دو نشانی ہیں جب تم اس نشانی کو دیکھو تو خدا کا ذکر کرو۔

اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے: فَادْعُوا اللّٰهَ وَکَبِّرُوْا وَصَلُّوْا وَتَصَدَّقُوْا تو اللہ سے دعا مانگو، کبریائی بیان کرو، نماز پڑھو اور صدقہ دو۔

لیکن ان دونوں حدیثوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل نہیں معلوم ہو سکا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کسوف میں درازی فرمائی اور معمول سے زیادہ قیام ورکوع اور سجود کو طویل کیا اور قرأت سورۂ بقر کے انداز پر فرمائی اور اسی کے مطابق رکوع وسجود بھی کیا اور حدیث میں ہے کہ ہر رکعت میں دو رکوع کئے۔ اور ایک روایت میں تین چار اور پانچ بھی ہے رکوع کو طویل فرماتے پھر سر مبارک اٹھاتے پھر رکوع فرماتے اسی طرح تین چار مرتبہ کیا اور امام شافعی کے نزدیک یہ نماز دو رکوع

اور خطبہ کے ساتھ ہے اور اسی طرح امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور قول پر ہے۔ اور اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک بغیر جماعت کے ایک رکوع اور بغیر خطبہ کے معمول کے مطابق نماز ہے۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ناطق ہے۔ جو ہمارا مذہب ہے۔ اور ہدایہ میں کہا گیا ہے کہ مردوں پر حال زیادہ روشن ہے۔ کیونکہ وہ اگلی صف میں کھڑے ہوتے ہیں اور عورتیں و بچے پچھلی صف میں کھڑے ہوتے ہیں۔ شیخ ابن الہمام ایسی احادیث کو روایات صحیحہ اور حسنہ کیساتھ لائے ہیں جو مذہب حنفی کو ثابت کرنے والی ہیں اور تعداد رکوع والی حدیثوں پر جرح کی ہے کیونکہ ان کے راویوں میں اضطراب بیان کیا گیا ہے۔ بعض نے دو رکوع روایت کئے۔ اور بعض نے تین اور چار اور بعض نے پانچ۔ اس لئے لازم ہے کہ اس طریقہ پر نماز پڑھی جائے جو معمول کے مطابق وموافق ہے۔ اور جیسا کہ راویوں نے مطلق بیان کیا ہے چنانچہ فرمایا: فَاِذَا كَانَ كَذٰلِكَ فَصَلُّوْ (پھر جب ایسا ہو تو نماز پڑھو) اور اسی اضطراب کی وجہ سے بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ اس اضطراب کا سبب وہ اشتباہ ہے جو کثرت اژدہام کی بناء پر پچھلی صفوں میں ہونے کی وجہ سے رونما ہوا۔ اور ظاہر ہے یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک ہی مرتبہ گہن واقع ہوا تھا اور کسی نے بھی کئی مرتبہ گہن واقع ہونے کی روایت نہیں کی ہے دس سال کی قلیل مدت میں اس کا تعدد بعید از قیاس اور خلاف عادت ہے اور حدیثوں میں یہ جو آیا ہے کہ اس کا وقوع حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند جلیل حضرت ابراہیم کی وفات کے وقت ہوا تھا۔ حضرت ابراہیم حضرت ماریہ قبطیہ سے 8 ہجری میں پیدا ہوئے تھے۔ اور 10 ہجری میں ایام رضاعت میں ہی انتقال فرما گئے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ان کی موت کے سبب سورج میں گہن پڑا تھا۔ چونکہ لوگوں میں مشہور تھا کہ کسی عظیم حادثہ کے سبب گہن واقع ہوتا ہے۔ چنانچہ صاحبزادۂ رسول کی وفات ایک عظیم حادثہ تھی اسی بنا پر گہن واقع ہوا۔ چنانچہ فرمایا سورج و چاند خدا کی نشانیوں میں سے دو نشانی ہیں جو قدرت الٰہی اور اس کی صنعت کمال پر دلالت کرتی ہے۔ حالانکہ کسوف وخسوف بجائے خود حق تعالیٰ کی کمال قدرت وسلطنت پر دلالت کرتے ہیں اور اہل بصیرت کے لئے موجب عبرت ونصیحت ہیں کہ جس طرح حق تعالیٰ ایک گھڑی میں ان کی نورانیت وتابانیوں کو سلب کر کے تاریک وسیاہ بنا دیتا ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ قادر ہے (العیاذ باللہ) کہ وہ لوگوں کے علم وایمان کے نور کی روشنی کو سلب کر کے تاریک وسیاہ کر دے۔

اور روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت ابراہیم فرزند رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات دسویں محرم (عاشورہ) یا دسویں ربیع الاول کو ہوئی تھی۔ اس میں منجموں کے اس قول کا رد ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ سورج گہن ہمیشہ مہینے کے آخری تین دنوں میں واقع ہوتا ہے البتہ عادۃً ایسا ہو تو ممکن ہے مگر یہ گہن خلاف عادت تھا اور اگر وہ یہ کہیں کہ ان تین دنوں کے سوا میں محال ہے تو ان کی یہ بات باطل ہے: وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

حالت خوف کی نماز: وصل: خوف کے وقت نماز پڑھنا، کتاب وسنت سے ثابت ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ (الایة و ایة) اِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ.

اور جب تم ان میں ہو تو ان کو نماز کے لئے کھڑا کرو اور ایک جماعت اٹھتی ہے (ایک آیت میں یہ ہے) اور جب تم زمینی سفر میں ہو تو تمہارے لئے مضائقہ نہیں کہ تم نماز میں قصر کرو۔

اور اکثر حضرات کا مذہب یہ ہے کہ چار رکعت والی نماز کو دو رکعت سے قصر کریں۔ اور بعض حضرات اس آیت کو خوف کی نماز پر محمول کرتے ہیں کہ اس میں بھی بعض افعال وکیفیات کے ترک سے قصر کرنا وارد ہے جس طرح کہ سفر میں عدد وکمیت میں قصر کرنا آیا ہے۔ بعض دونوں کو شامل قرار دیتے ہیں۔ امام ابو یوسف کی ایک روایت کے بموجب اور حسن بن زیاد احناف سے اور مزنی شوافع سے یہ قول نقل کرتے ہیں کہ یہ نماز زمانہ نبوت کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کی فضیلت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھنے کی بنا پر ہے

اور آیہ کریمہ وَاِذَا کُنْتَ فِیْهِمْ. کا ظاہر مفہوم بھی یہی ہے۔ اور جمہور ائمہ کے نزدیک مختار، بعد از زمانہ نبوت میں اس کا جواز ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابۂ کرام میں سے حضرت علی مرتضےٰ، ابوموسیٰ اشعری اور حذیفہ بن الیمان وغیرہ رضی اللہ عنہ نے قائم فرمائی اور اِذَا کُنْتَ فِیْهِمْ۔ اس امر کے ساتھ قید اتفاقی ہے کہ: ''کُنْتَ'' ''اَنْتَ'' ''او'' مَنْ یَّقُوْمُ مَقَامَكَ ہے۔ مطلب یہ کہ آپ بذات خود تشریف فرما ہوں یا آپ کے قائمقام کوئی اور امام موجود ہو جیسا کہ آیہ کریمہ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ سے ثابت ہے یعنی صدقہ کے اموال یا تو آپ خود لیں یا آپ کے نائبین لیتے رہیں اور نماز خوف کو اپنی کیفیات کے ساتھ پڑھنا غایت درجہ مؤکد اور اس نماز کی محافظت ایسی شدید واقع ہے کہ جس میں کسی عذر کی گنجائش نہیں ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز خوف، مصلحت وقت کے موافق اور سامنے دشمن کی موجودگی کے وقت، متعدد وجوہات پر صحیح و ثابت شدہ ہے۔ اور ہر ایک امام نے ان وجوہات میں سے کوئی ایک وجہ اختیار کی ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان وجوہات میں سے وہ وجہ مختار ہے جسے تمام کتب ستہ نے حضرت ابن عمر سے روایت کیا ہے اور اگر ہم اسی کو بیان کریں تو بعید نہ ہوگا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نجد کی جانب جہاد میں تھے تو ہم روبرو ہو کر صف باندھ کر آپ کے سامنے کھڑے ہو گئے اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے اور ہماری امامت فرمائی۔ اس وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت حضور کے ساتھ نماز میں شریک تھی اور دوسری جماعت دشمنوں کے خلاف نگہداشت کے طور پر کھڑی رہی پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ رکوع کیا۔ اور دو سجدے کئے۔ اس کے بعد پہلی جماعت، دوسری جماعت کی جگہ جا کر کھڑی ہو گئی۔ اور دوسری جماعت ان کی جگہ آ گئی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ایک رکوع اور دو سجدے کئے اور سلام پھیر دیا اور حضور کھڑے ہو گئے اسکے بعد ان دونوں جماعتوں نے اپنی اپنی وہ رکعت جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیچھے نہ پڑھی تھی ادا کی۔ یہ ترجمہ بخاری کے لفظ کا ہے۔ اور باقی دیگر کتب ستہ میں بھی باختلاف الفاظ و عبارات ایسا ہی مروی ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ یہ طریقہ لفظ قرآن کے زیادہ موافق ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں اس کی تصریح نہیں ہے کہ کون سی نماز تھی لیکن سفر میں تھے اس بنا پر دو رکعتیں پڑھیں لیکن مذہب حنفی زیادہ عام ہے۔ خواہ سفر میں ہو یا حضر میں۔ نماز خوف جائز ہے۔ لہٰذا فرماتے ہیں کہ دو رکعت والی نماز خواہ حضر میں ہو یا قصر میں۔ امام ہر ایک جماعت کے ساتھ ایک ایک رکعت پڑھے اور چار رکعت والی نمازوں میں (حالت حضر میں) ہر جماعت کو دو رکعتیں امام پڑھائے گا۔ اور مغرب میں پہلی جماعت کو دو اور دوسری جماعت کو ایک رکعت پڑھائے گا۔ امام احمد شافعی رحمہما اللہ کا مذہب بھی یہی ہے۔ بر بنائے عموم ارشاد باری تعالیٰ اِذَا کُنْتَ فِیْهِمْ جیسا کہ کہتے ہیں اور ممکن ہے کہ حضر میں اس کا اثبات قیاس کے ذریعہ (واللہ اعلم) امام مالک کے نزدیک سفر کے ساتھ مخصوص ہے۔

اور دیگر وجوہات بھی حدیث کی کتابوں میں متعدد اسناد اور صحیح روایت کے ساتھ مذکور ہیں چونکہ ان کی تفصیل سے ہماری غرض متعلق نہیں ہے اور یہ بھی ہے کہ ان اسباب کی وجہ سے آخر زمانے میں نماز خوف کا وجود بہت ہی نادر ہوگا۔ ہم اسی قدر پر اکتفا کرتے ہیں۔ اور یہ بھی اس تقدیر پر ہے جب کہ اس طرح نماز ادا کرنے کی قدرت ہو۔ اور اگر خوف زیادہ ہے اور قدرت کا دائرہ تنگ ہو تو جس طریقہ سے بھی ممکن ہو نماز پڑھے خواہ پیدل خواہ سوار ہو کر، خواہ اشارے کے ساتھ رکوع و سجود کرے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث کی بعض سندوں میں اس معنی و مفہوم کی تصریح بھی واقع ہوئی ہے۔ اگر میدان کارزار اس حد تک گرم ہو کہ نماز پڑھنا کسی صورت میں بھی ممکن نہ ہو تو قضا کرے۔ جیسا کہ غزوۂ خندق میں واقع ہوا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: حَبَسُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰی صَلٰوةُ الْعَصْرِ مَلَاَ اللّٰهُ بُیُوْتَهُمْ وَ قُبُوْرَهُمْ نَارًا۔ ان کافروں نے ہمیں نماز عصر پڑھنے سے روکے رکھا۔ اللہ تعالیٰ ان کے گھروں اور

ان کی قبروں کو آگ سے بھرے۔ یہ بد دعا دنیا و آخرت میں عذاب الٰہی کے لئے ہے (اللہ اکبر)۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ احد میں کیسی سختی و مشقت اٹھائی، دندان مبارک شہید ہوا چہرۂ انور لہولہان ہوا مگر اس وقت کافروں کے لئے دعائے بد نہ فرمائی بلکہ یہ فرمایا: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَھُمْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْرِفُوْنِیْ اے خدا انہیں معاف فرمادے۔ کیونکہ یہ مجھے پہچانتے نہیں۔'' کیوں کہ اس مقام میں اپنی ذات شریف کے حق کا معاملہ تھا اور اس جگہ خدا کے حق اور دین کے حق میں معاملہ تھا۔ (مطلب یہ کہ غزوۂ احد میں اپنی ذات شریف کے حق کے لئے درگزر کی دعا مانگی اور غزوۂ خندق میں نماز عصر کے فوت ہونے پر حق خدا اور حق دین کے بارے میں دعائے بد فرمائی۔ (مترجم)

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ، کی حدیث میں ہے کہ کافر کہنے لگے کہ اگر ہم مسلمانوں کی نماز پر ٹوٹ پڑتے تو ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مسلمانوں کی ایک نماز ایسی ہے جسے وہ مال و اولاد سے زیادہ محبوب رکھتے ہیں اور وہ نماز عصر ہے۔ لہٰذا اس وقت مسلمانوں پر حملہ کرنا چاہئے۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر دی اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف پڑھی۔

سفر میں عبادت: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سفر میں عبادت کرنا، سفر کے آداب اور سواری پر چڑھنے اور سواری سے اترنے اور منزل پر قیام فرمانے اور وطن کی طرف لوٹنے کے بارے میں جو دعائیں اور ذکر و اذکار مروی ہیں وہ حدیث کی کتابوں میں مذکور ہیں ان میں سے اس جگہ صرف دو مسئلے بیان کئے جاتے ہیں ایک قصر دوسرا جمع۔ لیکن قصر کا مسئلہ جو چار رکعت والی نماز کو دو رکعت کر کے ادا کرنا ہے یہ مسئلہ تمام علماء امت کے درمیان متفق علیہ ہے کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے۔ لیکن مذہب حنفی میں قصر عزیمت ہے اور چار رکعت درست نہیں ہے اگر چار رکعت پڑھے اور وہ پہلے تشہد میں بیٹھا ہے تو جائز ہو جاتی ہے۔ اگر نہیں بیٹھا ہے تو فاسد ہو جاتی ہے۔ امام مالک کے مذہب میں بھی یہی ہے لیکن امام شافعی کے نزدیک رخصت ہے اور چار پڑھنی بھی جائز ہے حالانکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چار رکعتی نماز سفر میں پوری پڑھی ہو۔ اور وہ حدیث جو ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور قصر بھی کرتے اور پوری نماز بھی پڑھتے اور افطار بھی کرتے اور روزہ بھی رکھتے۔'' یہ روایت صحت کو شامل نہیں ہے اور صحابۂ عظام میں سے کسی نے بھی چار رکعتیں نہیں پڑھیں مگر امیر المومنین حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، نے اپنی خلافت کے آخری دنوں میں موسم حج میں چار پڑھیں اور علماء اس کی متعدد تاویلیں کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا مذہب بھی یہی ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ سفر میں نماز فرض پر اکتفا فرماتے۔ اور یہ محفوظ نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی دو رکعت سنت اور چار وتر کے سوا سفر میں فرض سے پہلے یا فرض کے بعد سنتیں پڑھی ہوں اور ظہر کے فرض کے بعد سنت پڑھنا بھی مروی ہے اور جماعت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے کہ سفر میں نماز سنت کو پڑھتے تھے۔ مگر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ادا نہ کرتے۔ اگرچہ بعض روایتوں سے ان کا پڑھنا بھی آیا ہے۔ نیز مروی ہے کہ جو سنت پڑھتا اسے منع نہ کرتے اور بعض کہتے ہیں کہ سنن رواتب میں اختلاف ہے لیکن تطوع غیر راتبہ میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز (تہجد) کو ترک نہ فرماتے اگرچہ سفر میں ہوتے۔ اور کبھی تہجد کو سواری کی پیٹھ پر اشارہ سے پڑھتے۔ اور وتر بھی پڑھتے اور سواری کی پشت پر نوافل کو اشارے سے پڑھنا جائز ہے۔ خواہ سواری کسی طرف کو جا رہی ہو بشرطیکہ تکبیر تحریمہ کے وقت استقبال قبلہ کیا ہو۔

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام تنگ راستے میں سفر کر رہے تھے اوپر سے بارش تھی اور نیچے کیچڑ اور دلدل تھی۔ سب سواری پر سوار تھے۔ نماز کا وقت آ گیا اذان و اقامت کہی گئی او حضور نے اپنی سواری کو سب سے آگے بڑھا کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ جماعت کر کے اشارے سے نماز پڑھائی اور سجود کو رکوع سے زیادہ نیچا کیا اور یہ ان مقامات میں سے ایک مقام ہے جہاں علماء

کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس خود اذان کہی اور بعض کہتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ اذان کہنے کا حکم دیا اور بعض میں صراحت سے بھی آیا ہے کہ: فَاَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ. پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے موذن کو حکم دیا اور اس نے اذان کہی۔

لیکن جمع، یعنی دو نمازوں کو اکٹھا کر کے پڑھنے کے مسئلے کی صورت میں یہ ہے کہ جب زوال آفتاب سے پہلے کوچ کرنا واقع ہوتا تو ظہر کو تاخیر کر دیتے۔ یہاں تک کہ عصر کے وقت میں اقامت فرماتے ظہر و عصر کے درمیان جمع فرما دیتے اسے جمع تاخیر کہتے ہیں اور اگر سفر شروع کرنے سے پہلے ظہر کا وقت داخل ہو جاتا تو اس صورت میں کبھی ظہر پڑھ کر سوار ہوتے بعد ازاں جب وقت عصر آتا تو اتر کر نماز عصر ادا کرتے اسی صورت میں جمع واقع نہیں ہوتا اور بعض اوقات ظہر کو عصر سے ملا دیتے اور دونوں کو ایک ساتھ پڑھتے اور اس وقت سوار ہوتے اس کا ''جمع تقدیم'' نام رکھتے ہیں اور مغرب و عشاء میں ایسا ہی ہوتا۔ یعنی اگر قبل از غروب کوچ واقع ہوتا اور نماز مغرب کا وقت راہ میں آتا تو نماز مغرب میں تاخیر کرتے یہاں تک کہ نزول کے وقت مغرب و عشاء ملا کر پڑھتے یہ جمع تاخیر ہے اور اگر کوچ سے پہلے مغرب کا وقت ہو جاتا تو مغرب و عشاء دونوں کو جمع کر کے پڑھتے اور سوار ہو جاتے یہ جمع تقدیم ہے۔

جاننا چاہئے کہ احادیث میں ''جمع بین الصلوٰتین'' واقع ہوا ہے اور بعض حدیثوں میں مطلق ہے اور بعض میں مقید بحالت روانگی اور سفر ہے اور بعض میں قطع مسافت کو جلد تر کرنے کی قید ہے اور یہی وہ محل ہے جس میں ان علماء کا اختلاف ہے جو جمع کے جواز کے قائل ہیں۔ بعض علی الاطلاق قائل ہیں۔ اور امام شافعی انہیں میں سے ہیں۔ اور بعض حالت روانگی اور سفر میں مخصوص قرار دیتے ہیں نہ کہ نزول کی حالت میں اور کہتے ہیں کہ سفر میں جمع کی عادت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دائمی نہ تھی بلکہ جب سفر رواں دواں ہوتا تو جمع کرتے لیکن حالت نزول و قرار میں جمع مروی نہیں ہے اور بعض قطع مسافت میں جلدی کی صورت کے ساتھ مخصوص گردانتے ہیں۔ فتح الباری میں ہے کہ امام مالک سے مشہور یہی ہے۔ نیز بعض حالت عذر، زائد سفر کے ساتھ مخصوص قرار دیتے ہیں۔ اور بعض جمع تاخیر کو جائز قرار دیتے ہیں اور جمع تقدیم کو ناجائز۔ اور یہ امام احمد سے مروی ہے نیز ان کے نزدیک بھی ایک بحالت سیر ہے مگر ان کے مذہب میں مشہور مطلقاً جواز ہے اور فتح الباری میں ہے کہ امام مالک سے بھی جمع تاخیر کا جواز مروی ہے نہ کہ جمع تقدیم۔ اور امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک مطلقاً جائز نہیں ہے۔ ان کے قول کی وجہ یہ ہے کہ اوقات نماز تعیین قطعی ہے اور تواتر کے ساتھ ثابت ہے جس میں کسی شک و شبہہ کی گنجائش نہیں ہے۔ یہاں تک کہ وقت سے نماز کو تاخیر کرنا اور اس پر اسے مقدم کرنا کبائر میں سے شمار کرتے ہیں۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''موطا'' میں نقل کرتے ہیں کہ ہمیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت پہنچی ہے کہ انہوں نے ہر طرف کے اپنے حکام کو خط لکھا اور انہیں منع فرمایا کہ وہ جمع بین الصلوٰتین ایک وقت میں نہ کریں اور ان کو خبردار کیا کہ ایک وقت میں جمع بین الصلوٰتین کبائر میں سے ہے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ خبر ہمیں ثقہ علماء سے پہنچی ہے کہ انہوں نے علا ابن الحارث اور انہوں نے مکحول سے روایت کی ہے اور چونکہ تعیین اوقات قطعی اور متواتر ہے لہٰذا خبر واحد اس کے معارض نہیں ہو سکتی۔ بخلاف سفر میں افطار و قصر کے کہ یہ نص قرآنی سے ثابت ہوئی ہیں۔

بخاری و مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے اپنے غیر وقت میں کوئی نماز پڑھی ہو مگر مغرب و عشا کی دو نمازیں جن کو مزدلفہ میں جمع فرمایا۔ اور احادیث میں عرفات میں ظہر و عصر کی جمع بھی مروی ہے اور یہ جمع بر بنائے مناسک حج تھی نہ کہ سفر۔ نیز رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے وقوع فعل دائمی نہ تھا بلکہ اس کی تصریح غزوۂ تبوک کی احادیث میں آ چکی ہے اور اس میں بھی یہ ثابت نہیں ہے کہ آپ وہاں یہ عمل روزانہ کرتے ہوں اور تحقیق یہ ہے کہ کلمہ ''کان'' دوام و استمرار پر دلالت نہیں کرتا۔ جس طرح کہ اس بات کو اس مقام پر بیان کیا ہے اور جامع الاصول میں بروایت ابوداؤد از ابن عمر رضی اللہ عنہما مروی ہے کہ کہا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی سفر میں مغرب و عشاء کو ملا کر نہیں پڑھا مگر ایک مرتبہ۔ اور حضرت

گوشہ چشم سے داہنے بائیں ملاحظہ فرماتے اور علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز میں گوشہ چشم سے ملاحظہ فرمانا مقتدیوں کے احوال پر مطلع ہونے کے قصد سے تھا یا اس تعلیم امت کی غرض سے کہ یہ مبطل نماز نہیں ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو حق تبارک وتعالیٰ اپنے وجہہ کریم سے اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور جب بندہ التفات کرتا ہے اور غیر کی جانب توجہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! جس جانب تو دیکھ رہا ہے وہ مجھ سے بہتر نہیں ہے تو اپنے رخ کو میری طرف لا اور جب بندہ دوبارہ التفات کرتا ہے تو حق تعالیٰ پھر ایسا ہی فرماتا ہے اور جب تیسری مرتبہ بندہ غیر کی طرف ملتفت ہوتا ہے تو حق تعالیٰ اپنے وجہ کریم کو اس سے پھیر لیتا ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ: لَا صَلٰوۃَ لِمُلْتَفِتٍ. التفات کرنے والے کی نماز ہی نہیں۔ لیکن اس قدر ثابت شدہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دشمن کی جانب ایک راہ پر مقرر فرمایا وہ شخص تمام رات گھوڑے پر سوار ہو کر پاسبانی کرتا رہا اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں مشغول ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کی حالت میں اس راہ پر نظر ڈالی جس راہ پر اس شخص کو مقرر فرمایا تھا اور اس گھاٹی کی طرف التفات فرمایا اور یہ قضیہ بر سبیل ندرت اور نفلی نماز میں تھا خواہ وہ سنت فجر ہی ہو جیسا کہ بعض کہتے ہیں اور اگر فرض بھی ہو کہ وہ فجر نماز فجر ہے جیسا کہ ''جامع الاصول'' سے مفہوم نکلتا ہے تو یہ برائے مہم اور مصلحت اسلام تھا کیونکہ محافظت' نگہبانی اور سلامتی اور ان کی جمعیت کے لیے ہے۔ لہٰذا یہ تداخل عبادات کے باب سے ہے کہ نماز بھی عبادت ہے اور مصلحت مذکورہ کی خاطر اس شخص کی طرف التفات فرمانا بھی دوسری عبادت ہے اور وہ جہاد اور اس کی تدبیر ہے اور نماز خوف بھی اس قبیل سے ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے تھے۔ اِنِّیْ لَاُجَھِّزُ جَیْشِیْ وَاَنَا فِی الصَّلٰوۃِ۔ ''یقیناً میں نماز میں ہوتے ہوئے اپنے لشکر کی تیاری کرتا' اور بخاری نے اپنی صحیح میں اس کے لیے ایک باب باندھا ہے جس کا عنوان ہے: تَفَکُّرُ الرَّجُلِ فِی الصَّلٰوۃِ۔ اور اس عنوان کے تحت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول کو لائے ہیں اور اس باب میں اس حدیث کو لائے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ سلام کے بعد نہایت تیزی سے اٹھے اور کاشانہ اقدس میں تشریف لے گئے پھر باہر تشریف لائے اور فرمایا گھر میں تھوڑا سا سونا تھا جو نماز میں یاد آیا لہٰذا میں نے مکروہ جانا کہ وہ رات بھر گھر میں رہے۔ میں نے اسے تقسیم کر دینے کا حکم دے دیا۔ یہ سب امور تداخل عبادات کے قبیل سے ہیں اور علماء فرماتے ہیں کہ خیالات انسانی' جبلت وخصلت ہے اور اس جگہ سے معلوم ہو گیا کہ وہ ردی خیالات مذموم ہیں جو عبادات وطاعات کے قبیل سے نہ ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی بچہ کے رونے کی آواز سننے سے نماز کو خفیف فرما دیتے۔ تاکہ اس کی ماں نماز کو توڑ کر یا خشوع زائل کر کے فتنہ میں نہ پڑ جائے۔ اور کبھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں کسی بچہ کے ساتھ متعلق ہو جاتے اور وہ اسے اٹھا لیتے اور اپنے مبارک کندھوں پر بٹھا لیتے اور کبھی امام حسن یا امام حسین رضی اللہ عنہ آتے اور وہ سجدے میں آپ کی پشت مبارک پر بیٹھ جاتے اور ان کی خاطر سجدے کو طویل فرما دیتے۔ اور توجہ خاطر ان کی جانب ان کے حال کی رعایت کے مطابق فرماتے اور کبھی نماز میں ہوتے اور سیّدہ عائشہ آتیں اور دروازہ بند ہوتا تو چند قدم مبارک رکھ کر ان کے لیے دروازہ کھول دیتے۔ کاشانہ اقدس جانب قبلہ تھا۔ اسی قسم کی بکثرت مثالیں احادیث کریمہ میں مروی ہیں۔

عمل کثیر کی تعریف: تمام علماء کا عمل کثیر کی تعریف میں اختلاف ہے۔ مختار یہ ہے کہ جس کام میں دونوں ہاتھ محتاج ہوں وہ عمل کثیر ہے اس سے مراد یہ ہے کہ عادۃً وہ کام دو ہاتھوں کے بغیر نہ ہو۔ اس تعریف کے بموجب اگر بالفرض ایک ہی ہاتھ سے ایسا کام کرے تب بھی مفسد ہے۔ مثلاً عمامہ باندھنا' قمیص پہننا، اور ازار باندھنا وغیرہ اور وہ کام جس میں ایک ہی ہاتھ کی ضرورت ہے اگر اتفاقاً اسے دو ہاتھ سے کر لے تو عمل قلیل ہے یہ مفسد نہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ایسا کام جسے دیکھنے والا' فاعل کو غیر نمازی خیال کرے تو وہ

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ انہوں نے کبھی دونمازوں کو ملا کر نہیں پڑھا مگر اس ایک رات میں جب کہ انہیں کسی جگہ سے ان کی زوجہ کے انتقال کی خبر پہنچی تو وہاں چلے گئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ایک یا دو مرتبہ کے سوا ایسا کبھی نہیں کیا۔ ترمذی سے منقول ہے کہ سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے لوگوں نے پوچھا کہ کیا عبداللہ رضی اللہ عنہ سفر میں کسی رات نماز کو ملا کر پڑھتے تھے کہا نہیں مگر مزدلفہ میں۔

جمع تقدیم کی حدیثیں، صحاح میں بہت ہی کم ہیں اور صحیح بخاری کی روایتوں میں اختلاف ہے۔ اسی لئے بکثرت ائمہ کرام اس کے قائل نہیں ہیں۔ لہٰذا اب بعض وقتوں میں جمع تاخیر پر عمل کرنا باقی رہا تو اس کی تاویل یہ ہے کہ ''جمع بین الصلوتین'' سے مراد یہ ہے کہ پہلی نماز کو اتنا موخر کیا جائے کہ اسے اس کے آخری وقت میں پڑھا جائے اور دوسری نماز میں اتنی تعجیل کی جائے کہ اسے اس کے شروع وقت میں پڑھا جائے اور بعض اسے ''جمع صوری'' کا نام دیتے ہیں کیونکہ یہ ظاہر اصورت میں تو جمع ہے مگر حقیقت و معنی میں جمع نہیں ہے۔ اور یہی وہ صورت ہے جس پر احناف سفر میں جمع کے اطلاق کی صورت بناتے ہیں جس کا استحاضہ کے باب میں حمنہ بنت جحش کی حدیث میں آیا ہے۔ اگر چہ لفظ حدیث میں، بعض روایتوں میں ایسا ہے کہ ظہر و عصر کے درمیان، ایک وقت میں جمع کیا اور عصر کے وقت میں ادا کیا تو یہ ان دلائل کے بموجب جن کا ہم نے ذکر کیا اسی پر محمول ہے۔ بلاشبہ ابوداؤد میں امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ آپ جب غروب آفتاب کے بعد سفر کرتے ہوتے اور قافلہ رواں دواں ہوتا تو جس وقت اندھیرا خوب پھیل جاتا تو نزول فرماتے اور نماز مغرب ادا کرتے پھر رات کا کھانا طلب فرماتے اور کھاتے اس کے بعد عشا کی نماز پڑھتے اور سفر شروع کر دیتے۔ فرماتے ہیں کہ ایسا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور امام محمد اپنی ''مؤطا'' میں فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے خبر پہنچی ہے کہ وہ مغرب کو اپنے وقت میں پڑھتے کیونکہ وہ غروب شفق کے پہلے تک تاخیر کرتے تھے برخلاف امام مالک کی روایت کے وہ فرماتے ہیں: حَتّٰی غَابَ الشَّفَقُ. یہاں تک کہ شفق غروب ہو جاتی۔

جامع الاصول میں ابوداؤد سے بروایت نافع اور عبد بن واقدی، مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے موذن نے کہا الصلوٰۃ۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا چلتے رہو یہاں تک کہ غروب شفق سے پہلے اترے اور نماز مغرب ادا کی۔ اس کے بعد انتظار کیا یہاں تک کہ شفق غائب ہو گئی پھر عشا کی نماز پڑھی اور اس کے بعد فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر میں جب جلدی ہوتی تو ایسا ہی حکم فرماتے۔ جیسا کہ میں نے کیا ہے اور نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ: حَتّٰی اِذَا کَانَ اٰخِرُ الشَّفَقِ۔ یہ وہ روایتیں ہیں جو جمع میں اس طریقہ پر جو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے دلیل و نظیر ہیں اور ان کا ظاہر یہ دکھا رہی ہیں کہ عدم جمع و جمع در وقت واحد، و جمع بمعنی تاخیر تا آخر وقت و تعجیل در اول کی تمام روایتیں مروی ہیں اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے عدم جمع کو لیا ہے یا جمع بمعنی تاخیر کو محافظت وقت کے لئے احتیاطاً اختیار کیا ہے۔

شیخ ابن حجر فتح الباری میں فرماتے ہیں کہ بعض شوافع کہتے ہیں کہ ترک جمع افضل ہے امام مالک سے ایک روایت میں ہے کہ جمع مکروہ ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل مبارک محض جواز کے لئے تھا (واللہ اعلم)۔

تنبیہ: یہ جو کچھ بیان کیا گیا ہے مسافروں کے لئے جمع بین الصلوتین میں تھا لیکن مقیم کے لئے جمع کرنے کے بارے میں ترمذی فرماتے ہیں کہ بعض تابعین، مریض کے لئے جمع بین الصلوتین کے قائل ہیں اور ان میں امام احمد و اسحٰق بھی ہیں۔ اور بعض بارش میں بھی جمع کے قائل ہیں اس کے قائل امام شافعی و احمد و اسحٰق ہیں اور امام شافعی مریض کے لئے جمع کے قائل نہیں ہیں۔ یہ عبارت ترمذی کی ہے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں جو بغیر عذر کے دونمازوں کو ملاتا ہے بلاشبہ وہ گناہ کبیرہ کے دروازوں میں سے ایک دروازہ میں داخل ہوتا ہے اور جمہور اُمت کے نزدیک اسی پر عمل ہے کہ وہ دونمازوں کو جمع نہیں کرتے مگر سفر اور

عرفات میں (انتہیٰ)۔

نمازِ جنازہ: وصل: نمازِ جنازہ کے مسائل، کتاب الجنائز اور احادیث میں وارد ہیں اور اس کے مقدمات و آداب بہت ہیں جو مرض کی فضیلت اور اس کے ثواب اور اس مرض میں عیادت یعنی بیمار پرسی کرنے کے ثواب اور اس کے آداب سب کو شامل ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بیماری پرسی (عیادت) کے لئے کوئی دن معین نہ فرماتے تھے جیسا کہ عالم لوگوں کا خیال ہے کے سنیچر اور منگل کے دن عیادت کرنا مبارک نہیں ہے۔ مواہب لدنیہ میں ہے کہ سنیچر کے دن عیادت کو چھوڑنا مخالف سنت ہے اور کہا کہ یہ بدعت ہے جسے ایک یہودی طبیب نے ایجاد کیا تھا اور بعد میں لوگوں میں مشہور ہو گیا اور اس ایجاد کی وجہ یہ ہے کہ ایک بادشاہ بیمار ہوا۔ اور اس طبیب کو اپنے علاج کے لئے ہمہ وقت حاضر رہنے کا حکم دیا اور حکم دیا کہ جب یہ باہر جائے اس کی گردن ماردی جائے اس پر اس یہودی نے چاہا کہ جمعہ کے دن کی رخصت مانگے اور ہفتہ کے دن اپنے یہودی دین کے لئے چھٹکارا مل جائے۔ چنانچہ اس نے عرضی گزاری کہ ہفتہ کے دن بیمار کے پاس نہ رہنا چاہئے کیونکہ اس میں بیمار کی ہلاکت کا خوف ہے اس پر بادشاہ نے اپنی جان کے خوف سے اسے رخصت دے دی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم درد چشم کی وجہ سے بھی عیادت کرتے۔ امام احمد اور ابوداؤد زید ابن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میری آنکھ کی تکلیف میں عیادت فرمائی۔ اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور اس حدیث میں اس کے لئے ثبوت ہے جو آشوب چشم میں عیادت کرنے کو مسنون و مستحب ہونے کا قائل نہ ہو۔ اس باب میں ایک اور حدیث بیہقی و طبرانی سے بھی نقل کرتے ہیں کہ تین چیزیں ہیں جن میں عیادت نہیں ہوتی۔ ایک آنکھ کی تکلیف۔ دوسرے پھوڑے پھنسی۔ تیسرے درد دندان اور یہ حدیث ضعیف ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میت پر ایسے امور سے احسان فرماتے جو اس کے لئے قبر اور قیامت میں سودمند و نافع ہو جائے اور اس کے اقارب اور گھر والوں کے ساتھ تعزیت طعام، پرسش احوال اور تجہیز و تکفین میں مدد کے ساتھ احسان فرماتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت کے ساتھ نمازِ جنازہ پڑھتے اس کے لئے استغفار فرماتے اور اس کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مدفن تک جنازہ کے ساتھ جاتے اور قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر اس کے لئے دعا فرماتے۔ اور کلمہ ایمان پر ثابت رہنے کی تلقین فرماتے اور منکر و نکیر کے سوال و جواب سکھاتے۔ اور اس کی قبر پر مٹی وغیرہ ڈال کر تیار کرتے اور حصول روح و راحت کے بموجب اور رحمت و مغفرت کے نزول کی خاطر سلام و دعا سے مخصوص فرماتے۔ ایک عرصہ تک صحابۂ کرام کا یہ عادت رہی کہ جب کسی کے انتقال کا وقت قریب آتا اور سکرات کا عالم طاری ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بلاتے اور حضور تشریف لاتے تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری میں وہ جان قربان کرے اس کے بعد تجہیز و تکفین فرماتے نماز پڑھتے اور قبر تک جنازہ کے ساتھ مشایعت فرماتے۔ اور جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دیکھا کہ اس میں بڑی مشقت و دشواری ہے تو انہوں نے اس میں اختصار سے کام لیا۔ چنانچہ جب کوئی انتقال کر جاتا تو حضور کو اطلاع دیتے تاکہ تجہیز و تکفین اور نماز و دفن میں تشریف فرما ہوں اس کے بعد جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دیکھا کہ یہ بھی مشقت سے خالی نہیں ہے تو میت کی تجہیز و تکفین کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا انتظار کرتے تاکہ نماز پڑھائیں اور نادر اوقات میں مثلاً رات ہوتی یا کوئی اور مانع ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نماز کے لئے بھی خبر نہ دیتے۔ اور خود ہی نماز پڑھا دیتے۔ اور دفن کر دیتے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جاتے اور اس کی قبر پر نماز پڑھتے۔ ابتدائی زمانہ میں ایسا تھا کہ جب میت کو لایا جاتا تو دریافت فرماتے کہ اس پر کوئی قرض کا بار ہے یا نہیں اور کچھ مال چھوڑا ہے جس سے بار قرض اتارا جا سکے یا نہیں۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ کچھ مال چھوڑا ہے یا کسی نے اپنے ذمہ قرض کو لے لیا ہے تو پڑھاتے ورنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فرماتے کہ اپنے ساتھی کی نماز تم ہی پڑھاؤ اور خود نہ

پڑھاتے اور جب حق تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے شہروں کو فتح فرمایا اور اموال میں وسعت بخشی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بار قرض کے بارے میں سوال کرنا اور پوچھنا چھوڑ دیا۔ اور فرماتے ہیں جس کسی نے مال چھوڑا ہے وہ اس کے اہل وعیال کا ہے اور جس نے قرض چھوڑا ہے یا اہل وعیال چھوڑے ہیں وہ میرے ذمہ کرم پر ہے۔

نمازِ جنازہ میں کبھی چار، کبھی پانچ، کبھی چھ تکبیریں فرماتے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل بھی مختلف مروی ہے اور جو حضرات چار سے زیادہ تکبیر کہنے سے منع کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ثابت شدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آخری نمازِ جنازہ پڑھائی اس میں چار تکبیریں تھیں اور یہی مقرر و متعین ہوگیا۔ اس باب میں اخبار و آثار چار تکبیروں کی ہی مستفیض و مشہور ہے اور یہی روایات کثیرہ اور طرق متعددہ سے ثابت ہو چکا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی جب نمازِ جنازہ گزاری تو انہوں نے چار تکبیریں کہیں اور کہا: هٰذَا سُنَّتُكُمْ يَا بَنِيْ اٰدَمَ ۔ اے بنی آدم! یہ تمہارے لئے تمہاری سنت ہے اسے حاکم نے مستدرک میں اور ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے اور دو سلام کے ساتھ نمازِ جنازہ سے باہر نکلتے۔ اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کا ہے۔ اور کبھی ایک سلام پر اختصار فرماتے اور یہ امام مالک و امام احمد کے مذہب میں ہے ایک روایت میں ان سے دو سلام ہیں اور ''جمع الجوامع'' میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا عمل منقول ہے کہ وہ ایک سلام پھیرتے اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی ایسا ہی کرتے اور ہر تکبیر کے وقت ہاتھوں کو اٹھاتے یہ امام شافعی و احمد کا مذہب ہے۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر و ابن عباس و زید بن ثابت رضی اللہ عنہم اور امام مالک رحمہم اللہ سے تین قول مروی ہیں۔ رفع در کل و عدم رفع در کل اور در اول رفع و در بواقی عدم رفع اور امام ابواعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی یہی ہے کیونکہ ترمذی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، سے ایک حدیث اور دیگر مختلف حدیثیں اس باب میں مروی ہیں۔ اور ممکن ہے کبھی اس طرح ہوا ہو۔ اور کبھی اس طرح صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ تکبیرات نمازِ جنازہ میں رفع یدین کے بارے میں کوئی چیز صحیح مروی نہیں ہوئی۔ (واللہ اعلم)۔

پہلی تکبیر کے بعد قراۃ فاتحۃ الکتاب بھی مروی ہے۔ شیخ ابن الہمام شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں کہ نمازِ جنازہ میں قرأت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثبوت کو نہیں پہنچی ہے لیکن بخاری و مسلم، ابوداؤد و ترمذی اور نسائی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث مروی ہے اور اس میں حضرت ابن عباس کا قول و عمل مروی ہوا ہے۔ اور بعض روایتوں میں قرأت فاتحۃ الکتاب اور کسی سورۃ کا جہر سے پڑھنا ان سے ماثور ہوا ہے اور کہتے ہیں کہ جہر بقصد تعلیم تھی تاکہ لوگ جان لیں یہ سنت ہے۔ جیسا کہ اس معنی کی تصریح حدیث میں بھی آتی ہے۔ اور مذہب شافعی و احمد اور اسحٰق ہی ہے لیکن مذہب امام ابوحنیفہ اور امام مالک و ثوری اس کے برخلاف ہے۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی اس بارے میں اختلاف مروی ہے۔

امام طحاوی فرماتے ہیں کہ سورہ فاتحہ کا نمازِ جنازہ میں پڑھنا بطریق ثنا و دعا تھی نہ کہ قرأت کی صورت میں اور شمنی کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر ثنا کی نیت سے پڑھنا مراد ہو تو ہمارے نزدیک بھی جائز ہے اور فتح الباری کے کلام سے مستفاد ہوتا ہے کہ قرأت فاتحہ کے قائلین مشروعیت کے قائل ہیں نہ کہ وجوب کے۔ لیکن کرمانی کہتے ہیں کہ واجب ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے کلام میں جو سنت ہونا واقع ہوا ہے اس سے مراد طریقہ مسلوکہ در دین ہے اور کہا گیا کہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک واجب نہیں ہے اور وہ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازِ جنازہ میں دعا پڑھنا محفوظ ہے یہ ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مَدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ

وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ۔

اس حدیث کو مسلم وترمذی اور نسائی نے حضرت عوف رضی اللہ عنہ بن مالک سے روایت کیا ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ جنازہ پڑھی تو حضور نے اس میں یہ دعا پڑھی اور میں نے اسے یاد کرلیا ہے اور حضرت عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے اس دعا کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازِ جنازہ میں پڑھتے سنا تو میں نے آرزو کی کہ کاش یہ میرا جنازہ ہوتا۔

اور اب اس دعا کا پڑھنا رائج ومتعارف ہے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ، مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ لَاتَحْرِمْنَا اَجْرَنَا وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ

اور ایک اور روایت میں وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ ہے اور بعض روایتوں میں اتنا زیادہ ہے: اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِهٖ اسے موطا میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ نابالغ لڑکوں کی نمازِ جنازہ میں اتنا اور بڑھاتے ہیں: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔

اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازِ جنازہ فوت ہوجاتی تو حضور قبر پر نماز ادا کرتے ایک مرتبہ ایک دن رات کے بعد اور ایک مرتبہ تین دن کے بعد بلکہ ایک ماہ کے بعد آیا ہے۔ حدیث میں ایسا ہی آیا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جب تک میت پھولے پھٹے نہیں جائز ہے۔ اور اس کا اندازہ تین دن کا کرتے ہیں اور بعض کے نزدیک اس وقت تک جائز ہے جب تک کہ میت گل سڑ نہ جائے۔ اور ایسا ایک ماہ سے زیادہ کا بھی احتمال رکھتا ہے اس مسئلہ میں فقہاء اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض اسے خصائص نبوت میں شمار کرتے ہیں کیونکہ حدیث میں ہے کہ فرمایا قبر تاریکی سے لبریز ہے اور میری نماز اسے روشن بنانے والی ہے۔ اور حق وصواب یہ ہے کہ یہ عام ہے اور بعض کہتے ہیں کہ جس کی نمازِ جنازہ پڑھی گئی ہو اور بغیر نماز کے دفن کردیا گیا ہو تو درست ہے ورنہ نہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنازہ کے ساتھ پاپیادہ تشریف لے جاتے۔ ترمذی وابوداؤد، حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا ہم ایک جنازہ میں گئے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سواروں کی ایک جماعت دیکھی جو ہمراہ جارہی تھی۔ فرمایا یہ لوگ شرم نہیں رکھتے کہ حق تعالیٰ کے فرشتے تو پیدل جارہے ہیں اور یہ سواری کی پشت پر سوار ہیں۔ ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک گھوڑا سواری کے لئے پیش کیا گیا تاکہ سوار ہوں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سواری سے انکار فرمادیا مگر واپسی پر سواری سے تشریف لائے۔

اور جب تک جنازہ کندھوں سے اتارا نہ جاتا نہ بیٹھتے۔ فرماتے ہیں: اِذَا اَتَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَلَا تَجْلِسُوْا حَتّٰى تُوْضَعَ۔ جب جنازہ آئے تو جب تک اٹھایا ہوا ہے نہ بیٹھو اور ایک روایت میں ہے کہ جب تک لحد میں نہ رکھا جائے نہ بیٹھو۔

نیز اس میں اختلاف ہے کہ جنازہ کے آگے چلنا مستحب ہے یا پیچھے چلنا۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جنازہ کے پیچھے چلنا مستحب ہے اور یہی مذہب اوزاعی کا بھی ہے اس لئے کہ یہ موت کی یاد اس میں غور وفکر کرنے اور عبرت حاصل کرنے کے لئے زیادہ موثر ہے نووی اور دیگر جماعتیں کہتی ہیں کہ دونوں برابر ہیں۔ امام مالک وشافعی اور احمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ جنازے کے آگے چلنا افضل ہے اس لئے کہ قوم شفیع ہے اور شفیع عادت میں مقدم ہوتا ہے۔ ترمذی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما جنازہ کے آگے چلا کرتے تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ وہ جنازہ کے پیچھے چلا کرتے تھے۔ ایک اور حدیث میں یہ ہے کہ سوار سب سے پیچھے چلے اور پیدل کو اختیار ہے جس طرح چاہے چلے۔ آگے پیچھے داہنے بائیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غائبانہ نمازِ جنازہ نہیں پڑھتے تھے لیکن یہ صحیح ہے کہ شاہ حبشہ نجاشی کے جنازہ کی نماز پڑھی حالانکہ حبش میں انتقال ہوا تھا اور آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا تمہارے ایک بھائی کا انتقال ہوگیا ہے۔ اسکی نمازِ جنازہ پڑھو تو نماز پڑھنے کی جگہ میدان میں تشریف لائے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی اور چار تکبیریں کہیں اور معاویہ لیثی رضی اللہ عنہ پر بھی نماز پڑھی ہے۔ جس وقت آپ غزوۂ تبوک میں تھے اور معاویہ لیثی رضی اللہ عنہ مدینہ میں۔ تو جبریل علیہ السلام آئے خبر دی اور کہا کیا آپ پسند فرماتے ہیں کہ آپ کے لئے زمین لپیٹی جائے اور حضور ان پر نماز پڑھیں فرمایا ہاں۔ اس پر جبریل علیہ السلام نے اپنے پر مار کے درمیان سے پہاڑ، ٹیلے، درخت وغیرہ تمام حجابات اٹھا دئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اس کے جنازے کو اٹھا کر بارگاہ رسالت میں پیش کر دیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور فرشتوں کی دو صفیں آپ کے پیچھے تھیں اور ہر صف ستر ہزار فرشتوں کی تھی۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے پوچھا انہیں یہ مرتبہ کس عمل کی بدولت ملا جبریل علیہ السلام نے کہا یہ ''قل ہو اللہ احد'' کو محبوب رکھتا تھا اور اٹھتے بیٹھتے آتے جاتے ہر وقت اسے پڑھتا رہتا تھا۔

غائب پر نمازِ جنازہ پڑھنے میں فقہا اختلاف رکھتے ہیں امام شافعی و احمد فرماتے ہیں کہ غائب پر نمازِ جنازہ مطلقاً سنت ہے اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ مطلقاً منع کرتے ہیں اور بعض اس طرح تفصیل بیان کرتے ہیں کہ میت اگر ایسے شہر میں ہے جہاں کوئی نماز پڑھنے والا نہیں ہے تو نماز غائبانہ پڑھیں اور اگر نماز پڑھنے والے ہیں تو فرض ساقط ہو جاتا ہے اب اس نماز غائبانہ کی حاجت وضرورت نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا جواز اسی دن میں ہے جس دن وہ مرا ہے یا اس کے دوسرے روز، مگر اس کا طول طویل زمانہ تک جواز نہیں ہے۔

اور احناف اور مالکیہ جو مطلقاً منع کے قائل ہیں نجاشی کے قصہ کا جواب یہ دیتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نجاشی کا جنازہ عیاں کر دیا گیا تھا اور درمیان سے تمام حجابات اٹھا دئے گئے تھے۔ یا جنازے ہی کو لا کر حضور کے آگے رکھ دیا گیا ہوگا۔ اور تمام مسافت کو دور کر دیا گیا ہوگا۔ اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز پڑھی تو اسے ملاحظہ فرما رہے تھے مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس جنازہ کو نہیں دیکھ رہے تھے تو یہ ایسی صورت بن گئی کہ امام تو جنازہ کو دیکھتا ہے اور مقتدی و قوم جنازہ کو نہیں دیکھ رہے ہوتے تھے۔ اس صورت میں باتفاق جائز ہے نیز لیثی کے جنازے میں بھی ایسی صورت واقع ہوئی ہوگی اور بعض کہتے ہیں کہ یہ محض نجاشی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ معاویہ لیثی رضی اللہ عنہ کے قصہ سے خصوصیت جاتی رہی۔ اور یہ بھی مروی ہے کہ جعفر بن ابی طالب اور زید بن حارثہ اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھی جو کہ غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے تھے۔

(افادہ: امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک جنازہ غائب پر مطلقاً نماز جائز نہیں ہے اور ائمہ حنیفہ کا اس کے عدم جواز پر اجماع واتفاق ہے۔ اس کی علت ایک تو یہ ہے کہ مرنے والا شخص اگر بلاد اسلام میں فوت ہوا ہے تو یقیناً وہاں کے اہل اسلام نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی ہوگی اور دوسری جگہ اس کے بعد ہی خبر پہنچے گی اس طرح نمازِ جنازہ کی تکرار لازم آئے گی حالانکہ کسی میت پر دو دفعہ نماز پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ اگر ولی آئے تو یہ اس کا حق ہے۔ کوئی اور شخص اس کا حق ساقط نہیں کر سکتا۔ جب ولی نے نماز ادا کر لی تو اگر دوبارہ پڑھیں تو نفل ہوگی اور یہ نماز بطور نفل جائز نہیں ہے۔ چنانچہ ہدایہ، کافی شرح وافی للامام الراجل ابی البرکات النسفی، جوہرہ نیرہ، دُرر شرح ملتقی الابحر، مستخلص الحقائق شرح کنز الدقائق، اور کبیر علی المنیر میں ہے''

اَلْفَرْضُ یَتَاَدّٰی بِالْاَوَّلِ وَالتَّنَفُّلَ بِهَا غَیْرُ مَشْرُوْعٍ ''اور تبیین میں اتنا زیادہ ہے وَلِهٰذَا لَا یُصَلِّیْ عَلَیْهِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ مَرَّةً'' فرض تو پہلی نماز سے ادا ہو جاتا ہے اور یہ نماز نفلی طور پر جائز نہیں اور علامہ شرنبلالی مراقی الفلاح میں فرماتے ہیں کہ ''اَلتَّنَفُّلُ

بِصَلٰوةِ الْجَنَازَةِ غَيْرُ مَشْرُوْعٍ ''دوسری علت یہ ہے کہ غائب کی نمازِ جنازہ اس بنا پر بھی ناجائز ہے کہ فتح القدیر، حلیہ، غنیۃ، شلبیہ، بحرالرائق، وغیرہ کتب فقہ حنفیہ میں ارکان نمازِ جنازہ کے سلسلے میں ہے کہ: وَشَرْطُ صِحَّتِهَا اِسْلَامُ الْمَيِّتِ وَطَهَارَتُهُ وَوَضْعُهُ اِمَامَ الْمُصَلِّيْ فَلِهٰذَا الْقَيْدِ لَا تَجُوْزُ عَلٰى غَائِبٍ یعنی نمازِ جنازہ کے صحت کی شرط یہ ہے کہ میت مسلمان ہو، جنازہ نمازی کے آگے زمین پر رکھا ہو۔ اس شرط کے سبب کسی غائب کی نمازِ جنازہ جائز نہیں ہے اس لئے ہمارے علماء نے فرمایا کہ مطلقاً کسی غائب پر نمازِ جنازہ جائز نہیں ہے چونکہ متن تنویر البصار میں ہے۔ جنازہ کا نمازی کے سامنے حاضر ہونا صحت نمازِ جنازہ کی شرط ہے۔ غائب چونکہ جنازہ نمازی کے آگے نہیں ہوتا لہٰذا کسی غائب پر نمازِ جنازہ صحیح نہیں۔ مفصل تصریحات فقہ حنفیہ کی کتابوں میں ملاحظہ فرمائیں۔ از مترجم)

اور قبر کو اونچا نہ بناتے اور اسے اینٹ پتھر وغیرہ سے پختہ تعمیر نہ کرتے اور اسے قلعی یا سخت مٹی سے نہ لیپتے۔ قبر کے اوپر کوئی عمارت و قبہ نہ بناتے اور یہ سب بدعت و مکروہ ہے ایسا ہی سفر السعادۃ میں ہے۔ مطالب المومنین میں کہا گیا ہے کہ سلف مباح جانتے ہیں کہ مشہور علماء و مشائخ کی قبروں پر قبے تعمیر کئے جائیں تا کہ لوگ زیارتیں کریں اور ان میں استراحت فرمائیں اور اس کے سایہ میں بیٹھیں اسے مفاتیح شرح مصابیح سے نقل کیا گیا ہے اور کہا کہ میں نے بخارا میں ایسی قبروں کو دیکھا ہے جن کو تراشی اینٹوں سے بنایا گیا ہے اور اسے اسماعیل زاہد نے جو کہ مشاہیر فقہاء میں سے ہیں جائز رکھا ہے۔ (انتہی)۔

اور بعض اہل علم جن میں سے حضرت حسن بصری بھی ہیں قبروں کو گوندھی مٹی سے بنانے کی اجازت دیتے ہیں اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی پر ہیں۔ اور قبروں پر چلنے اور اس پر بیٹھنے کی ممانعت فرمائی ہے۔ چنانچہ مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبرستان میں ایک شخص کو جوتے پہنے چلتے ملاحظہ کیا تو فرمایا اپنی جوتیوں کو اتار دو۔

مسلم، ترمذی اور ابوداؤد، ابوالمنہاج سے روایت کرتے ہیں کہ مجھ سے سیدنا علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ میں تمہیں اس اجازت کے ساتھ بھیجتا ہوں جس اجازت کے ساتھ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا تھا۔ فرمایا جاؤ۔ کسی تصویر کو مٹائے بغیر نہ چھوڑنا اور کسی اونچی قبر کو پست کئے بغیر نہ چھوڑنا اور قبر اتنی اونچی اور بلند ہونی چاہئے کہ وہ زمین سے ممتاز رہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور اور آپ کے دونوں صحابہ و خلفاء کی قبریں بھی زمین کے برابر ہیں۔ اور سرخ سنگریزے اس پر چسپاں ہیں۔ نیز حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فرزند حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی قبر پر پانی چھڑکا اور اس پر چند سنگریزے رکھے۔ اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو دفن کیا (یہ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں مہاجرین میں سب سے پہلے انتقال فرمانے والے ہیں) تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بھاری پتھر اٹھایا اور ان کی قبر پر رکھ دیا۔

حدیث صحیح میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہودیوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو کہ انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا اور ان عورتوں پر خدا کی لعنت ہو جو قبروں کی زیارت کو جاتی ہیں بعض کہتے ہیں کہ یہ منع و لعنت ابتدائے عہد میں تھا اور رخصت کے بعد عورتیں بھی داخل ہیں اور ان کے لئے یہ ممانعت ان کی کم صبری اور بکثرت رونے پیٹنے کی وجہ سے ہے۔

قبروں پر چراغ جلانا بھی ممنوع ہے مگر یہ کہ اس کی روشنی میں کام کیا جائے یا اس کے قریب چلنے والے آتے جاتے ہوں۔ اور قبر کے مواجہ میں نماز پڑھنا مکروہ ہے اور بعض قبرستان میں بھی مکروہ جانتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ یہ تھی کہ گزرے ہوؤں کی زیارت اس لئے کرتے تھے کہ آپ دعا و ترحم اور استغفار فرمائیں اور حدیث صحیح میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اہل بقیع کی زیارت کرنے کا حکم فرمایا تا کہ ان کے لئے دعا و استغفار کریں۔ اور یہ حکم شب برات یعنی نصف شعبان کی رات میں ہوا تھا جیسا کہ گزر چکا ہے۔ اور ایسی زیارت جو معنی و غرض کے لئے

ہو اور اس میں کسی بدعت و کراہت کے ارتکاب کی راہ نہ ہو تو یہ زیارت مسنون و مستحب ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اپنے والدین کی یا ان میں سے کسی ایک کی ہر جمعہ کے دن زیارت کرے گا حق تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور اسے نیک بخت لکھے گا۔ اور والدین کے لئے استغفار و صدقہ و خیرات کرنے کے سلسلے میں بھی یہی حکم ہے۔

اور فرمایا جب قبرستان کو دیکھو تو کہو: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْشَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ۔ نیز حدیث میں ہے کہ حضور مدینہ منورہ کے قبرستان کی طرف تشریف لائے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی جانب رخ انور کر کے فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ. نیز اخبار و آثار میں ہے کہ آیۃ الکرسی گیارہ بار، سورۂ اخلاص، معوذتین، سورۂ یٰس اور سورۂ تبارک پڑھے۔ اور یہ عادت شریفہ نہ تھی کہ میت کے لئے جمع ہوتے اور ختم وغیرہ پڑھتے نہ قبر پر اور نہ کسی اور جگہ، یہ سب بدعت (حسنہ) ہیں۔ ہاں اہل میت کی تعزیت کے لئے جمع ہونا اور صبر و تسلی کی انہیں تلقین کرنا سنت و مستحب ہے لیکن یہ اجتماعات خصوصاً تیسرے روز اور دیگر رسومات وغیرہ اور بغیر وصیت کے یتیموں کے اموال کو خرچ کرنا وغیرہ بدعت ہے۔ اور بعض حرام ہیں۔ تعزیت کی حد تین دن ہے اس کے بعد مکروہ ہے۔ اور بعض سات دن تک بھی جائز رکھتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ حاضر میت کی تعزیت تین دن اور غائب میت کی تعزیت ایک دن ہے۔ ایک مرتبہ کے بعد نہ کرے۔ جیسا کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا گیا ہے۔ اور قبر کے سرہانے قرآن قریم پڑھنے میں اختلاف ہے مگر یہ کہ بوقت زیارت پڑھا جائے۔ لیکن قبر کے گرداگرد جو بیٹھتے ہیں اور اس کے سرہانے پڑھتے ہیں یہ مکروہ ہے اور شیخ ابن الہمام شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں کہ قاریوں کے بٹھانے میں تاکہ قبر کے پاس پڑھیں اس میں اختلاف ہے لیکن مختار عدم کراہت ہے (واللہ اعلم)۔

اور یہ معروف نہ تھا کہ اہل میت ان لوگوں کے لئے جو تعزیت کے لئے آئیں کھانا کھائیں اور بعض کتب فقہ میں ہے کہ اگر تہائی مال تک ان لوگوں پر خرچ کریں جو دور سے آئے ہیں اور زیادہ عرصے تک ٹھہریں تو جائز ہے اور ان لوگوں پر جو اقربائے میت اور اس کے ہمسائے ہیں خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ اہل میت کے لئے کھانا بھیجیں کیونکہ مصیبت میں مبتلا ہونے کی وجہ سے وہ معذور ہوتے ہیں اور انہیں کھانا پکانے اور اس کا انتظام کرنے کی فرصت نہیں ہوتی جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت اپنے گھر والوں سے فرمایا کہ جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کے لئے کھانا تیار کرو کیونکہ ایسی مصیبت درپیش ہے جس کی وجہ سے وہ معذور و مجبور ہیں۔ اور اس کھانے کو غیر اہل میت کے کھلانے میں اختلاف ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ جو لوگ میت کی تجہیز و تکفین اور اس کے دفن میں مصروف ہوں ان کو بھی کھلانا جائز ہے۔

سنن رواتب و مؤکدہ: اس جگہ سنن رواتب سے مراد وہ غیر فرائض نمازیں ہیں جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دن رات میں بطریق عبادت ادا فرماتے تھے زیادہ تر ان میں سے موکدہ اور غیر موکدہ ہیں اس لئے کے عصر سے پہلے کی چار رکعتوں کو رواتب میں تو ذکر کرتے ہیں لیکن ان کو موکدات میں شمار نہیں کرتے اس کے باوجود بعض علماء ان پر اطلاق مواظبت، بر رواتب کرتے ہیں لہٰذا یا تو مواظبت کو تاکید کے زیادہ عام معنی پر محمول کرتے ہیں یا عصر کی چار رکعتوں کو بھی موکدات میں سے جانتے ہیں۔ اگرچہ دیگر موکدات میں اسے کمتر خیال کرتے ہوں اور تمام موکدات ایک مرتبہ میں نہیں ہیں جیسا کہ معلوم ہوا لیکن یہ بات مشہور کے خلاف ہے اور رواتب میں دوام کے معنی معتبر ہیں۔ اور یہ راتوب سے ماخوذ ہے جس کے معنی دوام و ثبوت کے ہیں۔

لیکن ظہر کی سنتیں رواتب میں ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے دو رکعت فرض ظہر سے پہلے اور دو رکعت اس کے بعد مروی ہے۔ اور یہی مذہب شافعی کا ہے اور امیر المومنین سیدنا علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے سنن رواتب میں چار رکعت، فرض ظہر سے پہلے اور دو

رکعت، اس کے بعد مروی ہے اسی پر اکثر اہل علم صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے تابعین کا عمل ہے اور یہی قول سفیان ثوری، ابن مبارک اور اسحٰق کا ہے۔ اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی حدیث سے ہے وہ فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی چار رکعت کو فرض ظہر سے پہلے ترک نہیں فرمایا لہٰذا یہ اس بنا پر ہے کہ حضور چار رکعت سنت کو گھر میں ادا فرماتے۔ اور جب مسجد میں گزارتے تو دو رکعت پڑھتے اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض روایتوں میں ایسا آیا ہے۔ یا یہ کہ کبھی چار پڑھتے اور کبھی دو۔ اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جو دیکھا اسے بیان کر دیا۔ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ اور ان میں سے کوئی مطعون نہیں ہے۔ نیز حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم زوال کے بعد چار رکعت پڑھ کر فرماتے اس وقت آسمان کے دروازے کھلتے ہیں۔ اور میں پسند کرتا ہوں کہ اس وقت میں میرا عمل صالح صعود کرے۔ لہٰذا بعض علماء ظہر سے قبل کی سنتوں کو اسی پر محمول کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ ایک مستقل نماز ہے جو ظہر کی سنتوں کے سوا ہے جسے آپ زوال کے فوراً بعد پڑھتے تھے اور اسے صلوٰۃ فی الزوال کہتے ہیں۔ اکثر حالتوں میں اسے گھر میں ہی پڑھتے تھے اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما زوال کے بعد آٹھ رکعت پڑھتے اور فرماتے کہ یہ آٹھ رکعت قیام لیل کی آٹھ رکعت کی برابری کرتے ہیں۔ اور یہ دو وقت یعنی وقت زوال اور وقت تہجد، نزول رحمت کے وقت ہیں اس لئے کہ رحمت کے دروازے بعد از زوال کھلتے ہیں۔ یہ وقت آدھے دن کے بعد ہے۔ اور رات میں نزول رحمت کا وقت آدھی رات کے بعد ہے۔ اس طرح دونوں وقتوں کے درمیان مناسبت ظاہر ہوئی اور ایک وقت کی نماز، فضل میں دوسرے وقت کی عدیل و ہم پلہ ہے اور چونکہ نزول رحمت، وقت سحر میں زیادہ مشہور و ظاہر تھا تو وقت زوال کی نماز کو اس کا عدیل بنایا اور اس کے ساتھ مشابہت دی۔

امیر المومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ زوال کے بعد ظہر سے پہلے کی چار رکعتوں کو نماز سحر کی مانند شمار کیا جاتا ہے اور ہر ایک شے حق تعالیٰ کے لئے اس وقت سجدہ کرتی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے اس آیت کریمہ کو پڑھا: يَتَفَيَّؤُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلَّهِ۔ یعنی اللہ کے سجدے کے لئے داہنے اور بائیں سائے ڈھلتے ہیں۔

شیخ ابن الہمام، سنن سعید بن منصور سے حضرت براء رضی اللہ عنہ بن عازب کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز ظہر سے پہلے چار رکعت پڑھی گویا اس نے تہجد کی چار رکعت شب میں پڑھی اور جس نے اس کی مانند بعد نماز عشاء گزاری گویا کہ اس نے شب قدر میں پڑھی اور نماز ظہر کے بعد حضور دو رکعت ادا فرماتے یہ دو رکعتیں سفر و حضر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فوت نہ ہوئیں۔ بس ایک مرتبہ مال کی تقسیم میں انہماک اور مصروفیت کی وجہ سے فوت ہوئی تھی پھر اس کی قضا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد عصر فرمائی جیسا کہ بخاری میں آیا ہے۔ اور مشکل یہ ہے کہ حدیث صحیح میں یہ بھی آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بعد نماز عصر ہمیشہ اس جہان سے تشریف لے جانے کے وقت تک دو رکعت پڑھتے تھے اور مروی ہے کہ دو نمازیں ایسی تھیں جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر و حضر میں ترک نہیں فرمایا ایک فرض فجر سے پہلے دو رکعت، دوسری بعد نماز عصر دو رکعت۔ ان نمازوں کو ہمیشہ پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ رب العزت سے ملاقی ہوئے اور اس باب میں بطریق متعددہ احادیث مروی ہے۔ اور ان میں سب سے زیادہ صریح عصر کی سنتیں ہیں اب اس کے سوا خلاصی کی کوئی صورت ممکن نہیں کہا جائے کہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے تھے۔ اور دوسروں کے حق میں مکروہ جیسا کہ ابوداؤد کی روایت میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعد عصر دو رکعت پڑھا کرتے اور دوسروں کو اس سے منع فرمایا کرتے۔ اور صوم وصال رکھا کرتے اور دوسروں کو اس سے منع فرمایا کرتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ ان دو رکعتوں

کو اپنے کاشانہ اقدس میں ادا کرتے اور تخفیف امت کی خاطر مسجد میں ادا نہ فرماتے تھے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو امت کی سہولت و آسانی بہت محبوب تھی۔

ظہر کے بعد بھی چار رکعتیں مروی ہیں۔ مسند امام احمد اور سنن نسائی و ترمذی میں مروی ہے کہ جس نے ظہر سے پہلے ہی چار رکعت اور اس کے بعد کی چار رکعت کی محافظت کی حق تعالیٰ اس پر آتش دوزخ حرام فرمائے گا۔ اور شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ اس زمانے کے علماء اختلاف کرتے ہیں کہ یہ چار رکعتیں ان دو راتبہ رکعتوں کے ماسوا ہیں یا انہیں میں سے ہیں اور دوسری تقدیر کی صورت میں آیا ہے کہ ان کو ایک سلام سے ادا کر سکتا ہے یا نہیں۔ میرے نزدیک واضح ہے کہ اگر کوئی ظہر کے بعد کی چار رکعتوں کو ایک سلام سے گزارے یا دو سلام سے تو عدد مذکور حاصل ہو جاتا ہے خواہ اسے راتبہ شمار کیا جائے یا نہیں۔ اس لئے کہ حدیث کا مفاد یہ ہے کہ ظہر کے بعد چار رکعتیں پڑھی جائیں۔ اور ان کے راتبہ ہونے کے لئے یہ صادق ہے (انتہی)۔

بندۂ مسکین عفا اللہ عنہ (صاحب مدارج رحمتہ اللہ) فرماتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ یہ چار رکعتیں ظہر کے بعد دو رکعت کے ماسوا ہیں جیسا کہ عشاء کے بعد ہیں اور اس پر مشائخ کا عمل ہے کہ ایک سلام سے پڑھا جائے۔ (واللہ اعلم)۔

رہیں عصر کی سنتیں، تو امیر المومنین سیدنا حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ، سے مروی ہے فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے دو رکعت پڑھا کرتے تھے" رواہ ابوداؤد" نیز انہیں سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے چار رکعت پڑھتے تھے اور ان کے درمیان مقرب فرشتوں اور مسلمان فرماں برداروں پر سلام بھیج کر فصل فرماتے تھے اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحمت کرے جس نے عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں اس حدیث کو مسند احمد و ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ اور ابن خزیمہ اور ابن حبان اپنی اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں۔ روایتوں میں ان اختلافات کی وجہ سے مذہب حنفی میں اختیار دیا گیا ہے کہ چاہے چار رکعت پڑھے چاہے دو رکعت۔ دونوں حدیثوں کو جمع کرنے کی خاطر۔ لیکن چار افضل ہے جیسا کہ اصول فقہ کی کتابوں میں محقق ہے۔

لیکن مغرب کی سنتیں دو اس کے بعد نفل دو رکعتیں ہیں۔ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا میں نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے اس کو تمام مہ بیان نہیں کر سکتا۔ صرف اتنا بتا سکتا ہوں کہ مغرب کے بعد کی دو رکعتوں میں اور فجر سے پہلے کی دو رکعتوں میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھا کرتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کبھی قرأت کو طوالت دے دیتے۔ چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کے بعد کی دو رکعتوں میں قرأت کو اتنا طول دیا کہ مسجد کے تمام لوگ چلے گئے اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ اور عشاء کی سنتوں میں بھی دو رکعت بعد فرض عشاء ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔" فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر تشریف لا کر ہمیشہ چار رکعت یا چھ رکعت کے بغیر عشاء نہ پڑھتے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا اور یہ دو رکعتیں، ظہر کے بعد کی چار رکعتوں کی مانند ہیں۔ جو دو رکعتوں کے ساتھ چھ ہو جاتی ہیں۔ اور مسلم کی حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کو لوگوں کے ساتھ پڑھتے اس کے بعد میرے گھر میں تشریف لا کر دو رکعت پڑھتے۔ لیکن عشاء سے پہلے چار رکعت کا پڑھنا احادیث میں نظر نہیں آتا۔ اور اہل حرمین کا عمل ان کے نہ پڑھنے پر ہے۔ اور کتب فقہیہ میں اسے مستحب قرار دیا ہے (واللہ اعلم)۔

سفر السعادۃ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام سنن و رواتب کو گھر میں پڑھا کرتے۔ نیز آپ ایسا کرنے کی ترغیب دیتے اور فرماتے مجھے اس کی نماز زیادہ محبوب ہے جو فرض نماز کے بعد اپنے گھر جا کر نماز پڑھے۔ بالخصوص مغرب کی دو رکعت سنت اسے کبھی بھی

مسجد میں نہ ادا فرمایا۔

گھر میں ان سنتوں کو پڑھنے کی ترغیب دینا اور اس کی تاکید فرمانے کی وجہ سے بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر کسی نے ان سنتوں کو مسجد میں پڑھا تو وہ اس سنت کے مسنون طریقہ پر واقع نہ ہونے کی بنا پر اس کے ثواب کا مستحق نہ ہوگا۔ اور امام مروزی فرماتے ہیں کہ سنت کی مخالفت کی وجہ سے گناہگار ہوتا ہے۔ اور حکم، حکم ہی ہے۔ کیونکہ فرمایا: اِجْعَلُوْهَا فِیْ بُیُوْتِکُمْ انہیں گھروں میں پڑھو اور ہمارے اکثر علماء کے نزدیک وہ مستحق ثواب ہوگا۔ لیکن مخالفت فعل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے اول ہی افضل ہے۔ اور حکم استحباب کے لئے ہے نہ کہ وجوب کے لئے اور ان دو رکعتوں کے ادا کرنے کے لئے جلدی کھڑے ہو جاتے۔ اور فرماتے ہیں کہ فرشتے اس انتظار میں رہتے کہ اسے بھی ساتھ لے جائیں اور فرمایا: مَنْ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ قَبْلَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ رُفِعَتْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ. جس نے مغرب کے بعد بات کرنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھیں تو اس کی یہ نماز علیین میں اٹھائی جاتی ہے۔ سنت فجر کی اس حد تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے محافظت و تاکید کی تھی کہ سفر میں بھی اس پر مواظبت فرماتے اور یہ مروی نہیں ہے کہ سنت فجر کے سوا کوئی اور سنن رواتب پڑھی ہوں اور بعض روایتوں میں دو رکعت سنت ظہر کے بارے میں بھی ہے اور بعض کے نزدیک سنت فجر واجب ہے۔ جس طرح کہ وتر واجب ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ سنت فجر ابتدائی عمل ہے اور وتر آخری عمل، لامحالہ ان کی رعایت و اہتمام دونوں میں معروف ہوئی ہیں بغیر عذر کے ان کو بیٹھ کر پڑھنا جائز نہیں ہے۔

سنتوں میں سب سے زیادہ قوی سنت فجر ہے۔ اس کے بعد سنت مغرب۔ اس کے بعد ظہر کی سنت، اس کے بعد عشاء کے بعد کی سنت، اس کے بعد قبل ظہر کی سنت، بعض کہتے ہیں قبل از ظہر کی سنتیں بعد از ظہر کی سنتوں کی مانند مرتبہ میں اور اس کا مرتبہ بعد از سنت فجر ہے۔ اسے شمنی نے بیان کیا۔

تنبیہ: عام لوگوں میں متعارف ہے کہ ظہر کے بعد کی سنتوں کے بعد اور مغرب و عشاء کے بعد کی دو رکعت سنتوں کے بعد، دو رکعت نفل پڑھتے ہیں اس کی وجہ معلوم نہیں ہوتی مگر ظہر و عشاء میں چونکہ ان کے بعد چار رکعتیں مروی ہیں اور بعض روایتوں میں سنت کے ساتھ اور بعض میں بغیر سنت کے تو کاش کہ چار رکعت گزاریں تاکہ چھ سنت کے ساتھ شامل ہو جائے لیکن ان کو بیٹھ کر پڑھنا ندرت و غرابت سے خالی نہیں ہے جیسا کہ عام لوگ بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔

نوع سیوم در زکوٰۃ

زکوٰۃ کے لغوی معنی نمو، افزونی اور طہارت و پاکی کے ہیں: زَکَی الزَّرْعُ اِذَا نَمَا. (کھیتی کو جب بڑھتی ہے تو چھانٹتے ہیں) کا مقولہ مشہور ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یُزَکِّیْهِمْ اَیْ یُطَهِّرُهُمْ اور شریعت میں زکوٰۃ کے معنی، مال پر سال کے گزر جانے کے بعد حاجت اصلیہ کے سوا پر صاحب نصاب کو ادائے حق کے وجوب کے ہیں اور نفس مال واجب پر بھی بولا جاتا ہے اور زکوٰۃ، مال کی زیادتی اور اس کے اچھے اور پاک ہونے کا موجب ہوتی ہے اور صاحب مال کے اجر میں زیادتی اور اسے برائی و گناہ کے میل سے پاک و صاف کرنے کا سبب اور باعث ہوتی ہے اور بعض نے زکوٰۃ کو تزکیہ سے ماخوذ مانا ہے۔ جس کے معنی مشاہدہ کرنے کے ہیں۔ کیونکہ یہ صاحب زکوٰۃ کا تزکیہ کرتا ہے اور اس کے صحت ایمان کی شہادت دیتا ہے زکوٰۃ کو صدقہ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ صاحب صدقہ کے دعویٰ ایمان کی صحت میں اس کے صدق پر دلیل ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ زکوٰۃ کا وجوب ہجرت کے بعد ۲ ہجری میں وجوب رمضان سے پہلے یا اس کے بعد ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ زکوٰۃ اور دیگر صدقات میں مثلاً عشر وغیرہ میں فقراء کی مراعات تھی۔ چنانچہ

فعل کثیر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ فعل کثیر وہ ہے جسے نمازی کثیر جانے۔ اور بعض کے نزدیک مختار یہ ہے کہ پے در پے تین بار فعل کثیر ہے اور اس سے کم قلیل۔ اور اگر کوئی شخص نماز کی حالت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام عرض کرتا تو حضور دست مبارک کے اشارے سے سلام کا جواب مرحمت فرماتے۔ اس طریقہ پر کہ دست مبارک اس طرح اٹھاتے کہ اس کی پشت اوپر ہی رہتی۔ اور کبھی انگلی کے اشارے پر ہی اکتفا فرماتے اور یہ دونوں طریقے حدیث میں صراحت سے واقع ہوئے ہیں اور کبھی سر مبارک سے اشارہ فرماتے۔ نیز ہم نے دو سلام میں اور اس کے سوا میں اور جواب سلام کے لیے سر کے اشارہ کرنے میں کوئی صریح حدیث نہیں پائی بجز اس روایت کے جو ترمذی میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے واقع ہوئی ہے کہ ''کان یرد اشارۃ'' (آپ اشارے سے سلام کا جواب دیتے) اس کو بھی سر کے اشارے یا مطلق اشارے پر محمول کرتے ہیں۔ لیکن ''جامع الاصول'' میں مروی روایتوں کے سیاق کلام سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ دست مبارک کے ساتھ ارشاد فرمانا ہے اور بعض شارحین حدیث نے سر سے اشارہ فرمانے کا بھی ذکر کیا ہے مگر کسی حدیث کو بیان نہیں کیا۔ لامحالہ اس خصوص میں کوئی حدیث وہ نہ پاتے ہوں گے۔ (واللہ اعلم)۔

اب رہا جواب سلام کے علاوہ نماز میں اشارہ فرمانا' تو صلوٰۃ کسوف میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں مشغول تھے اور لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد کھڑے تھے ان میں سے ایک نے پوچھا کہ یہ کیا حال ہے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے جواب کے قصد سے آسمان کی طرف سر مبارک سے اشارہ فرمایا (رواہ مسلم) اور دوسری حدیثوں میں جواب سلام کے سوا میں ہاتھ سے اشارہ فرمانا بھی آیا ہے۔ چنانچہ بیٹھنے اور صبر کرنے کے لیے زمین کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام کے لیے بھیجا جب واپس آیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تھے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے زمین کی طرف اشارہ فرمایا مطلب یہ کہ بیٹھ جاؤ۔

ایک مرتبہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے باندی کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تا کہ وہ ان دو رکعت نماز کی حقیقت حال دریافت کرے جو حضور بعد نماز عصر پڑھتے تھے۔ جب باندی آئی تو حضور نماز میں تھے آپ نے باندی کو اشارہ کیا کہ صبر کرے۔ اس نے صبر کیا۔ یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز تمام فرمائی اور جواب میں فرمایا یہ دو رکعت ظہر کی وہ سنتیں ہیں جن کو میں وفود کے اجتماع کے سبب ادا نہ کر سکا تھا پھر میں نے انہیں قضا کیا تھا۔

اور اوائل اسلام میں حضور حالت نماز میں سلام کا جواب دیتے تھے اس کے بعد وہ منسوخ ہو گیا اور بخاری و مسلم اور ابوداؤد و نسائی میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ہم نماز کی حالت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرتے تو ہمیں سلام کا جواب عنایت فرماتے تھے جب ہم بعد، ہجرت نجاشی شاہ حبش کے یہاں سے واپس آئے تو ہم نے حضور پر نماز کی حالت میں سلام عرض کیا۔ تو آپ نے سلام کا جواب مرحمت نہیں فرمایا۔ اس پر ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پہلے ہم سلام عرض کرتے تو آپ جواب مرحمت فرماتے تھے فرمایا: اِنَّ فِی الصَّلٰوۃِ لَشُغْلاً۔ بعض روایتوں میں ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے حکم میں جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اب حکم فرمایا کہ نماز میں بجز ذکر باری تعالیٰ کے کچھ کلام نہ کرے۔ بعد فراغ نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم سلام کا جواب مرحمت فرماتے اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اس قدر تضرع فرماتے گویا کہ آپ کے شکم اطہر سے ایسی آواز برآمد ہوتی جیسے دیگ میں جوش کی آواز آتی۔ مطلب یہ کہ اندر اندر آپ ایسا گریہ فرماتے جیسے دیگ میں جوش آتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ آپ کے سینے سے ایسی آواز معلوم ہوتی جیسے چکی کی آواز۔ یہ رونے کے سبب ہوتا۔

فقہ حنفی میں مذکور ہے کہ اگر آہ و بکا میں آواز بالکل نہ ہو تو مفسد نماز نہیں ہے اور اگر آواز ہو تو اگر کسی درد دنیاوی مصیبت کے سبب ہو

نصیحت فرماتے اور ترغیب دیتے کہ اسے دیانت وامانت، ذوق وشوق اور بغیر محنت ومشقت کے مستحقین کو پہنچایا جائے اور انہیں بغیر احسان جتلائے دے۔ اور خود کو مستحق ستائش بنائے بغیر دینا چاہئے اور قریبی خاندان کی عورتیں اس کی زیادہ مستحق ہیں کیونکہ مردوں کی بہ نسبت ان کی ضرورتیں زیادہ ہوتی ہیں اور عاملوں اور مال زکوٰۃ وصول کرنے والوں کو بھی نصیحت فرمائی ہے کہ وہ صاحبان مال پر حد سے تجاوز اور ظلم وزیادتی نہ کریں۔ اور کھرے مال کا انتخاب اور مقدار فرض سے زیادہ کا مطالبہ نہ کریں۔ اور ہدیے اور ضیافتیں قبول نہ کریں اور مال کی کثرت سال گزر جانے کی شرط جو کہ نرمی وآسانی کی دلیل ہے اس وجہ سے ہے کہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رعایت، حکمت اور آپ کے انصاف کا تقاضا ہے کیونکہ زکوٰۃ کو ان چار قسموں پر واجب قرار دیا ہے جو لوگوں میں بیشتر اور ان میں ان کی حاجتیں بہت زیادہ ہیں اور ان کا رواج ان میں بکثرت ہے تاکہ انہیں زکوٰۃ دینے میں آسانی ہو اور آسانی کے ساتھ لے کر مستحقین اپنی ضرورتیں پوری کرسکیں۔ مال کی پہلی قسم، کھیتی اور پھل ہیں مثلاً کھجور اور انگور ومنقے وغیرہ ترکاریوں اور سبزیوں پر نہیں ہے کیونکہ یہ تھوڑے زمانہ میں خراب ہوجاتی ہیں۔ دوسری قسم مال کی، جانور اور چوپائے ہیں جیسے اونٹ، گائے، بھینس اور بکری وغیرہ اور تیسری قسم مال کی، سونا چاندی ہے کیونکہ اہل جہاں کی تجارت اور معاشی زندگی ان کی ثمنیت اور ان کے سکے وغیرہ سے وابستہ ہے۔ اور چوتھی قسم مال تجارت ہے خواہ کسی قسم کا ہو۔ مثلاً کپڑے، برتن، بچھونے اور تمام ساز وسامان وغیرہ اور ان تمام اموال کی قسموں میں زکوٰۃ ہر سال ایک مرتبہ مقرر فرمائی ہے۔ اور کھیتوں اور پھلوں کی زکوٰۃ ان کے کاٹنے اور توڑنے کے وقت مقرر فرمائی۔ جب وہ اپنے تمام وکمال کو پہنچ جائیں کیونکہ یہی وقت غلہ کے حاصل ہونے کا ہے اور اس میں بھی حد درجہ عدل وانصاف کی رعایت ہے۔ سال بھر میں نرخوں میں جو اختلاف اور قیمتوں میں تغیر وتبدل ہوتا ہے اور یقینی طور پر مال میں کمی وبیشی ہوتی رہتی ہے ان تمام مرحلوں کے بعد جو منفعت حاصل ہو اور مال میں کثرت ہو اس پر زکوٰۃ ہے اور غلے اور پھلوں کی کٹائی وتوڑنے کا وقت جو کہ اس کے کمال کا وقت ہے۔ ادائیگی زکوٰۃ میں سب سے زیادہ آسان وقت ہے اور مستحقین کی رعایت بھی مقصود ہے کہ مبادا کھیتی اور پھلوں کے کاٹنے اور توڑنے میں دیر ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ کی ادائیگی میں سستی راہ پائے اور ادا کرنے میں دشواری ہو۔ اور صاحب مال کی رعایت انصاف میں سے یہ ہے کہ صاحب مال کو حصول مال میں جیسی محنت ومشقت یا سہولت وآسانی برداشت کرنی پڑتی ہے اسی اندازے کے مطابق مقدار واجب میں تفاوت رکھا ہے۔ اسی وجہ سے وہ مال جو بغیر محنت ومشقت اور کدوکاوش کے حاصل ہوتا ہے جیسے دفینہ یا کانی معدنیات وغیرہ جو خود بخود پیدا ہوتے ہیں ان میں زکوٰۃ کا پانچواں حصہ مقرر فرمایا ہے۔ اور اس سال گزرنے پر موقوف نہ رکھا۔

اور وہ مال جس کے حصول میں کسی قدر مشقت ومحنت ہے اگرچہ زیادہ مشقت نہیں ہے مثلاً کھیتی اور پھل جو کہ بارش کے پانی سے حاصل ہوتے ہیں ان میں عشر واجب فرمایا اور جو محنت ومشقت کی زیادتی کے محتاج ہوں جیسے وہ کھیتی اور پھل جن کو رہٹ اور ڈول سے سیراب کیا جاتا ہے اور اونٹ وغیرہ سے پانی نکالا جاتا ہے۔ ان میں نصف عشر مقرر فرمایا اور جو اموال اس کے محتاج ہیں کہ ان کے لئے ہمیشہ سفروں کی مشقتیں اور دریاؤں کے عبور اور عالم کے دور دراز علاقوں میں جانے کی ضرورت پڑتی ہے تو ان میں چالیسواں حصہ مقرر فرمایا لازمی ہے کہ ان اعداد کی تقرری میں بھی اسرار ہوں گے جسے بجز شارع علیہ السلام کے علم کے دوسرا کوئی احاطہ نہیں کرسکتا اور ہر مال کی قسم میں بحسب مصلحت حال اور ایسی حکمت کے جس کو علم شارع کے سوا کوئی نہیں جان سکتا۔ ہر ایک کے لئے ایک نصاب مقرر فرمایا۔ نصاب کے لغوی معنی اصل ومرجع کے آتے ہیں اور ہر چیز کا نصاب وہ ہوتا ہے جب وہ چیز اپنے مرتبہ کمال کو پہنچ کر تمام ہوجائے اور وہ خاص اثر وحکمت جو اس پر مرتب کیا گیا ہے پورا ہوجائے۔ نصاب زکوٰۃ، مال کا ایک اندازہ اور تخمینہ ہے کہ جب اس حد پر پہنچ جائے تو شرع شریف میں زکوٰۃ واجب ہوجاتی ہے۔

چنانچہ سونے چاندی کا زکوٰۃ یہ ہے کہ چاندی جب ساڑھے باون تولہ کو پہنچ جائے اور سونا جب ساڑھے سات تولہ کو پہنچ جائے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے۔ اور غلے اور پھلوں میں نصاب پانچ وسق ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ آٹھ سو من شرعی وزن ہے۔ اور ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے (اور ایک صاع ہمارے ملک میں تین سو اکیاون تولہ کا ہوتا ہے، مترجم)۔

اور گوسفند میں چالیس گائے بھینس میں تیس اور اونٹ میں پانچ عدد نصاب ہے۔ اور مقدار نصاب زکوٰۃ کی تعین میں اصل و مدار، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کتاب یعنی فرض قرار دینا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدین کا اس پر عمل ہے اور ان کے بعد اس پر امت کا اجماع ہے اور یہ مقادیر و اعداد، منتہی بعلم شارع اور وحی آسمانی ہے۔ ان کے تمام مسائل و تفصیل کتب فقہ میں مذکور ہیں اس جگہ اتنے پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی مال زکوٰۃ لاتا تو حضور بحکم نص قرآنی اس کے لئے دعائے خیر فرماتے۔ چنانچہ ارشاد باری ہے: خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ۔ آپ ان کے صدقہ کا مال لے کر انہیں پاک و ستھرا بنائیں اور ان کے لئے دعائے غیر فرمائیں۔ صلوٰۃ کے اس جگہ معنی دعا کہ ہیں اور دعا میں بھی لفظ صلوٰۃ کو مستعمل کریں تو لفظ منصوص سے زیادہ موافق و انسب ہوگا۔ چنانچہ فرمایا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰى اور اسی قبیل سے وہ دعا ہے جو بعض حدیثوں میں مذکور ہوئی ہے کہ فرمایا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ کیونکہ وہ صدقہ کو برجبہ مصلوب و مرغوب لاتے تھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ کوئی اپنے صدقہ کو واپس لے اور فرمایا صدقہ کو واپس لینے والا اس کتے کے حکم میں ہے جو اپنی قے کو کھاتا ہے اور یہ کراہت برتقدیر ملک اختیاری ہے۔ مثلاً بیع و ہبہ، لیکن اگر میراث سے پہنچتے تو کراہت نہیں ہے۔ اس لئے کہ وراثت کی ملکیت میں اختیار کو کوئی دخل نہیں ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صدقے کے اونٹوں کو اپنے دست مبارک سے داغ دیتے۔ اور غالباً یہ داغ کان پر دیتے تھے اور جانوروں کے داغنے کے بارے میں بھی علماء کا اختلاف ہے صحیح یہ ہے کہ اگر اس میں کوئی مصلحت ہو جیسے علامت قرار دینا یا تمیز پیدا کرنا تا کہ مختلط نہ ہو جائیں تو جائز ہے اور جانوروں کے داغنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ کے اونٹوں کو داغ دینا حجت ہے لیکن ضروری ہے کہ داغ چہرے پر نہ دے۔ کیونکہ اس سے منع کیا گیا ہے۔ اور انسان کو بغرض علاج داغ دینے میں بھی یک گونہ اختلاف ہے اور صحیح حرمت و کراہت ہے مگر بقول طبیب حاذق جب اس میں ہی علاج منحصر ہو اس وقت یہ حکم نہیں ہے۔ لیکن ایسا دشوار ہے اس مسئلہ کی تحقیق اپنے مقام میں کی گئی ہے۔

اور صدقہ فطر ہر مسلمان مرد و عورت، آزاد و غلام اور چھوٹے بڑے پر واجب ہے غلام اور بچے پر واجب ہونے کا مطلب، آقا اور باپ پر واجب ہوتا ہے اور امام مالک کے مذہب میں صدقہ فطر کے واجب ہونے کی شرط یہ ہے کہ صاحب نصاب ہو اور حاجت اصلی سے یعنی کپڑے مکان اور خادم و قرض سے زائد ہو، اور صدقہ فطر نصف صاع گندم ہے یا ایک صاع جو ہے جو گندم کا دوگنا ہے۔ اور افضل یہ ہے کہ نماز عید پڑھنے سے پہلے صدقہ فطر ادا کر دے اور یہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی۔ اور روز عید سے پہلے بھی دینا جائز ہے اور ہمارے نزدیک مدت کی کمی بیشی میں کوئی فرق نہیں ہے اور بعض ایک دو روز تک جائز کہتے ہیں رمضان کے آخری عشرہ سے مقدم نہ کرے اور جواز تاخیر میں بھی کئی قول ہیں۔

صدقات نافلہ: وصل: پہلے جزو میں صدقات واجبہ کا ذکر تھا اب صدقات نافلہ کو بیان کیا جاتا ہے اگرچہ وجوبی حکم ان کے ساتھ متعین نہیں ہے اور اس کے ترک پر وعید بھی نہیں فرمائی گئی ہے مگر ان کو از حد پسند و محبوب قرار دیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دینے سے اتنا خوش ہوتے تھے جتنا اسے لینے والا خوش ہوتا ہے اور راہ خدا میں جس قدر بھی خرچ فرماتے اسے زیادہ نہ شمار فرماتے اور آپ سے جو کچھ

کوئی مانگتا آپ اسے عطا فرما دیتے انکار نہ فرماتے۔ فرزدق شاعر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں کیا خوب شعر کہا ہے ؎

مَا قَالَ لَا قَطُّ اِلَّا فِیْ تَشَهُّدِهٖ لَوْ لَا التَّشَهُّدُ كَانَتْ لَاؤُهُ نَعَمٖ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی لا یعنی ''نہیں'' نہ فرمایا بجز اپنی تشہد کے۔ اگر تشہد نہ ہوتا تو آپ کی لا نعم یعنی ہاں ہوتی۔ اس مقام میں بڑی تفصیل و تحقیق ہے جو اخلاق شریف کے کی بیان میں گزر چکی ہے وہاں ملاحظہ کرنا چاہئے۔ اور آپ کی عطا و بخشش قسم قسم کی تھی اور طرح طرح سے انعام و احسان فرماتے کبھی کسی کو کچھ عطا فرماتے اور کبھی ہبہ فرماتے یا اپنے اس حق اور قرض کو جو کسی پر ہوتا اسے معاف فرما دیتے اور کبھی مال خریدتے اور اس کی قیمت عطا فرماتے پھر وہی مال اسے عنایت فرما دیتے اور کبھی مال خریدتے اس کی قیمت اسے زیادہ مرحمت فرما دیتے اور کبھی قرض لیتے اور اس سے زیادہ عنایت فرما دیتے اور کبھی ہدیہ قبول فرماتے اور اس سے زیادہ انعام و اکرام فرماتے۔ غرض کہ جس طرح بھی مخلوق کو نفع پہنچایا جا سکتا۔ ان پر احسان و نفع فرماتے۔ اور جو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں زیادہ قریب رہا اس میں احسان و کرم کی صفت غالب ہو جاتی۔ اگر بخیل و کنجوس، آپ کے حال مبارک کا مشاہدہ کرتا تو اس میں جود و سخا کی صفت اثر کر جاتی۔ غرض کہ سخاوت و سماحت اور جود و کرم، کسی دنیاوی تعلق کے بغیر اس کے مال و منال میں تمام افراد انسانی سے فائق تھی۔ اور جہان میں کوئی آپ کا مثل و ہمسر نہ تھا اسی وجہ سے آپ ہمیشہ بلند حوصلہ، خوش دلی، خوش مزاج اور شاداں رہا کرتے اس لئے ہر قسم کا انقباض، غم، تنگی و ترشی، اور بد خلقی ظلمات نفس اور اس کی صفات رذیلہ بخل سے ہے اور بخل و کنجوسی، دنیا اور ماسوی اللہ سے علاقہ جوڑتا ہے اور شرح صدر، حضور کے صفات کریمہ اور خواص عظیمہ میں سے ہے ان صفات میں کوئی فرد بشر آپ کا شریک و سہیم نہیں ہے۔ مگر بعض وہ کامل اولیاء کرام جنہیں آپ کے اتباع کے طفیل یہ خوبی میسر آئی۔

نوع چہارم در صوم

صوم کی تعریف، کھانے پینے اور جماع سے باز رہنا ہے۔ اور کامل روزہ وہ ہے جس میں اعضاء و جوارح، معاصی اور حرکات شنیعہ سے باز رہیں۔ بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ پانچ چیزیں روزے کو توڑتی ہیں۔ جھوٹ، غیبت۔ یہ مفسد روزہ نہ ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے تو ہم میں کون ہے جس کا روزہ سالم و باقی رہتا ہوگا۔ علماء کا اختلاف ہے کہ روزہ افضل ہے یا نماز، جمہور کا مذہب یہ ہے کہ نماز افضل ہے اس بنا پر کہ حدیث میں آیا ہے کہ اِعْمَلُوْا اَنَّ خَیْرُ اَعْمَالِکُمُ الصَّلٰوۃُ جان لو کہ بلاشبہ تمہارا سب سے بہتر عمل نماز ہے اسے ابوداؤد وغیرہ نے روایت کیا۔ یہ جو نسائی میں ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا مجھے ایسا عمل بتائیں جس کو میں آپ سے حاصل کروں فرمایا تم خود پر روزہ لازم کر لو کیونکہ اس کے برابر کوئی عمل نہیں ہے۔ غالباً اس سے مراد نفی مماثلت درجہ مخصوص ہوگی۔ کیونکہ روزے کے فوائد و ثمرات میں سے کہ روزہ دار کے حال کے مناسب ہوتی ہے۔ (واللہ اعلم)۔ صحیح بخاری میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا ایک اور روایت میں ہے کہ بنی آدم کا ہر عمل اسی کے لئے ہے اور روزہ میرے لئے ہے اور یہ جو فرمایا کہ میں ہی اس کی جزا دوں گا تو یہ روزے کے کثرت ثواب اور اس کے جزائے وافر کی طرف اشارہ ہے اور موطا میں ہے کہ ابن آدم کی ہر نیکی کی جزا دس سے سات سو گنا تک ہے مگر روزہ تو وہ میرے لئے ہے اور میں اس کو اتنی جزا دوں گا جس کی قدر و قیمت میرے سوا کوئی نہ جان سکے گا۔ اور میں اس پر کسی کو خبردار نہیں کروں گا۔ کیونکہ میں اسے فرشتوں کی وساطت کے بغیر عنایت فرماؤں گا اور یہ جو فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہے۔ حالانکہ ساری عبادتیں حق تعالیٰ جل شانہ، کے لئے ہی ہیں تو اس سے مقصود، اس کی شرافت و بزرگی کی زیادتی اور اس کی

کرامت ہے۔

نیز فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کے سوا کسی غیر کے لئے روزے سے عبادت نہیں کی گئی ہے اور کسی کافر نے کسی زمانہ میں اپنے معبودان باطل کی پرستش روزے سے نہیں کی۔ اگرچہ نماز سجدہ اور مال کے بھینٹ کی شکل میں ان کی پرستش کی جاتی ہے دور و دراز علاقے سے ان بتوں کی زیارت کے لئے آتے ہیں اور ان کے چاروں طرف گھوم کر اس کی تعظیم کرتے ہیں، نیز روزے میں اس ریاکاری کی جو شرک اصغر ہے کی بھی راہ نہیں ہے یعنی وہ ایک مجرد و خالص عمل ہے اگر وہ کہے کہ میں روزے دار ہوں (حالانکہ وہ روزے دار نہ ہو) تو یہ اپنے قول میں ریاکاری ہوگی نہ کہ نفس فعل میں۔ نیز روزے دار کے اپنے نفس کے لئے بھی اس میں کوئی لذت نہیں ہے۔ جیسا کہ بخاری کی حدیث میں آیا ہے کہ بندہ میرے لئے کھانے پینے اور اپنی نفسانی خواہشات کو چھوڑتا ہے۔ اسی بنا پر وہ فرماتا ہے کہ روزہ میرے لئے ہے۔ اور میں ہی اس کی جزا دوں گا اور شہوت یعنی نفسانی خواہش سے مراد یا تو جماع ہے (جیسی کہ بعض حدیثوں میں اس کی تصریح وارد ہے) یا ہر قسم کی نفسانی خواہشیں مراد ہیں۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ اپنے تمام اعضاء و جوارح کو معاصی سے روکے۔

بعض محققین فرماتے ہیں کہ کھانے پینے سے بچنا ربوبیت کی صفات میں سے ہیں۔ اور جب بندے نے بارگاہ رب العزت میں اس صفت کے ذریعہ تقرب کی تلاش کی جو اس کی صفت ہے تو حق تعالیٰ نے اس بندے کو اپنی طرف منسوب فرمایا۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ تمام عبادتوں میں عبادت صیام کی عظیم شان ہے۔ خصوصاً رمضان کے روزے کیونکہ یہ فرض ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یوں تو ہمیشہ ہی ساری مخلوق سے بہت زیادہ بخشش و سخاوت فرمانے کی عادت کریمہ تھی مگر خاص کر رمضان مبارک میں سب سے زیادہ تھی۔ مطلب یہ کہ آپ کی سخاوت و بخشش تمام لوگوں پر ہمہ وقت ہی زیادہ تھی مگر رمضان مبارک کے دن اور رات میں خیرات و صدقات بہت ہی زیادہ فرماتے اور ذکر، نماز، اعتکاف اور تلاوت سے دن رات کی ہر گھڑی کو معمور و لبریز رکھتے جب کہ یہ ماہ مبارک عظیم ہے اور برکات و کرامات کا منبع ہے اور نعم الٰہیہ و فیوضات ربانیہ، بندوں پر بہت اجل و اعظم ہے تو اس کا شکرانہ بھی انواع عبادات میں بہت زیادہ اکثر و اوفر فرماتے۔ اور چونکہ حضرت واہب البرکات جل وعلیٰ کی بخشش اس ماہ دونی ہوتی تو حضور سید کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات جو مظہر انوار و صفات اور محل آثار کمالات حق سبحانہ وتعالیٰ ہیں آپ کا جود و سخا بھی اتنا ہی متکاثر و وافر ہوتا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کی ہر رات میں جبریل علیہ السلام سے ملاقات کرتے تھے اور جبریل علیہ السلام سے ملاقات کے وقت خیر و احسان کی تیز تر ہوائیں اتنی چلتیں کہ وہ سبکو ہی پہنچتیں اور شامل حال بنتیں اور حضور جبریل علیہ السلام کو قرآن کریم سناتے اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سناتے اسی طرح باہم دور کرتے۔ بس طرح کہ مفاظ ایک دوسرے کے ساتھ دور کرتے ہیں ان سب باتوں میں آدمی کے لئے تنبیہ ہے کہ اسے چاہئے کہ ان برگزیدہ دنوں میں اور خیر و برکت کی گھڑیوں میں نیک آدمیوں کی صحبت حاصل کرنے کی (جہاں تک ممکن ہو) کوشش کرے اور نیک اعمال کرنے اور شر و فساد اور گناہ و معصیت کی بچنے میں پوری پوری کوشش کرے۔ باللہ التوفیق۔

رمضان مبارک کے روزوں کی فرضیت ۲ ہجری میں ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ماہ رمضان میں روزے رکھا کرتے تھے اور نزول قرآن کی ابتداء ماہ رمضان میں ہوئی اسی طرح اس کا نزول آسمان دنیا کی طرف یکبارگی ماہ رمضان میں ہوا۔ علماء کہتے ہیں کہ صحف ابراہیم علیہ السلام کا نزول رمضان کی پہلی رات میں ہوا۔ اور توریت کا نزول رمضان کی چھٹی رات میں ہوا اور انجیل کا نزول رمضان کی تیرھویں رات میں ہوا۔ اور قرآن کریم کا نزول چوبیسویں رات میں ہوا۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غروب آفتاب کے یقین ہو جانے پر افطار میں جلدی فرماتے اور سحری تناول فرمانے میں تاخیر کرتے

اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی اس تعجیل و تاخیر کا شوق دلاتے اور تعریف فرماتے تھے اور چند کھجوروں سے افطار فرماتے۔ اگر کھجوریں نہ ہوتیں تو چند گھونٹ پانی پیتے اور فرمایا: نِعْمَ سُحُوْرُ الْمُؤْمِنُ التَّمْرُ۔ مسلمان کی بہترین سحری کھجور ہے۔ اور افطار کے وقت پڑھتے اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ. اور یہ کلمات بھی پڑھتے: ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَ ثَبَتَ الْاَجْرُ. یعنی پیاس گئی، رگیں تر ہوئیں اور اجر ثابت ہوا۔ افطار کے وقت دعا پڑھنا مستحب ہے۔ اور روزے دار کو فحش کلامی اور غیبت کرنے اور لڑنے جھگڑنے اور مخالف کو جواب دینے سے منع فرماتے۔ اگر رمضان میں سفر کرتے تو کبھی افطار کرتے اور کبھی روزے رکھتے اور دوسروں کو بھی سفر میں روزہ و افطار کا اختیار دیتے۔ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ سفر میں روزہ افضل ہے یا افطار۔ امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور اکثر ائمہ رحمہم اللہ کا مذہب یہ ہے کہ سفر میں اس شخص کا روزہ افضل ہے جو طاقت رکھتا ہے۔ اور مشقت نہ بڑھاتا ہو۔ اور کوئی ضرر بھی لاحق نہ ہو اگر ضرر کرے تو افطار اولیٰ ہے۔ اگر رمضان کی راتوں میں غسل کی حاجت ہوتی تو رات میں ہی غسل فرما لیتے۔ اور بعض راتوں میں تاخیر بھی کرتے اور صبح صادق کے بعد غسل فرماتے۔ علماء فرماتے ہیں کہ رات میں غسل کرنا افضل و اولیٰ ہے۔ اور رمضان کے دنوں میں پچھنے لگواتے، مسواک کرتے، کلی کرتے اور ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ نہ کرتے۔ رمضان میں مسواک اور سرمہ لگانے کی ممانعت میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے اور امام ابوحنیفہ کا مذہب بھی اس کے جواز میں ہے۔ اور نفلی روزے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی اتنے پے در پے مسلسل رکھتے کہ لوگوں کو گمان ہوتا کہ اب افطار کریں گے ہی نہیں اور کبھی افطار کرتے تو لوگوں کو گمان ہوتا کہ کبھی روزہ رکھیں گے ہی نہیں کیونکہ کوئی مہینہ روزہ سے خالی نہ گزرتا۔ اور ایام بیض (چاندنی راتوں) میں روزہ رکھنے کا خوب اہتمام فرماتے حتی کہ سفر میں بھی نہ چھوڑتے اور دائمی روزے سے منع فرماتے اور صائم الدہر کے بارے میں فرمایا: لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ۔ نہ وہ روزے سے ہے اور نہ افطار سے۔ پیر اور جمعرات کے دن بھی روزے رکھتے اور عشرۂ ذوالحجہ کے نو روزے رکھتے اور فرماتے کہ عشرہ ذی الحجہ سے بہتر روزہ رکھنے کے لئے اور کوئی دن افضل نہیں ہے البتہ عاشورہ یعنی محرم کی دسویں کا روزہ ضرور رکھتے۔ اور آخر عمر شریف میں فرمایا اگر باقی رہا تو آئندہ نویں محرم کا بھی روزہ رکھوں گا اور روز عرفہ یعنی نویں ذوالحجہ کو اگر حج میں ہوتے تو افطار فرماتے۔ صاحب سفر السعادہ کہتے ہیں کہ وہ تین مہینے جس میں عوام روزے کہتے ہیں کوئی چیز خاص نہیں ہے اور ماہ شوال کے چھ روزوں کے بارے میں فرمایا کہ یہ چھ روزے رمضان کے ساتھ صیام دہر کے برابر ہیں اور تمام رمضانوں میں صرف آخری عشرہ میں اعتکاف فرماتے۔ صرف ایک رمضان میں آپ سے اعتکاف فوت ہوا۔ اور ماہ شوال میں قضا فرمائی۔ اور ایک مرتبہ اول عشرہ میں اعتکاف فرمایا اور ایک مرتبہ درمیانی عشرہ میں اور ایک مرتبہ عشرۂ اخیر میں اور جب یہ معلوم ہوا کہ شب قدر آخری عشرہ میں ہے تو اس کے بعد آخر عمر شریف تک عشرۂ اخیرہ میں ہی اعتکاف فرمایا اور اعتکاف کے لئے مسجد میں خیمہ لگایا۔ اور کبھی تخت بچھایا جاتا اور اس پر فرش بچھایا جاتا اور ہر سال دس دن معتکف رہتے۔ اور آخری سال میں بیس دن اعتکاف فرمایا اور چالیس روزہ اعتکاف مروی نہیں ہوا اور ہر سال جبریل کے ساتھ ایک مرتبہ قرآن کا دور فرماتے اور آخری سال دو مرتبہ کیا اس کا تذکرہ ''وفات'' کے ضمن میں انشاء اللہ آئے گا۔

صوم وصال: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان مبارک کی بعض راتوں میں وصال فرماتے یعنی پے در پے روزے رکھتے۔ بغیر اس کے کہ کچھ کھائیں یا پئیں اور افطار کریں۔ اور صحابۂ کرام کو رحمت و شفقت اور دور اندیشی کی خاطر اس سے منع فرماتے اور ناپسند کرتے جیسا کہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ جب آپ صوم وصال رکھتے ہیں تو ہمیں کیوں منع فرماتے ہیں باوجود یہ کہ ہم حضور کی متابعت کی تمنا رکھتے ہیں فرمایا: لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ. میں تم میں سے کسی کی مانند نہیں۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ: اَيُّكُمْ مِثْلِیْ تم میں سے کون

میری مثل ہے۔ اِنِّیْ اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ۔ میں اپنے رب کے حضور شب باشی کرتا ہوں کیونکہ وہ میرا پالنے والا اور تربیت فرمانے والا ہے: یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِیْ۔ وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور ایک روات میں ہے وہ کھلانے والا اور پلانے والا ہے۔ جو کھلاتا اور پلاتا ہے۔

علماء کے اس کھانے پینے کے بارے میں کئی قول ہیں ایک یہ کہ یہی محسوس کھانا پینا مراد ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہر شب جنت سے کھانا پینا آتا ہے تاکہ حضور کھائیں اور پئیں۔ اور یہ خدا کی جانب سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر خاص اکرام تھا۔ اور یہ نہ صوم وصال کے منافی ہے اور نہ بطلان صوم کا موجب ہے اس لئے کہ، جو چیز شرعاً افطار کا موجب ہے وہ عام دنیاوی چیزیں ہیں۔ لیکن جو چیز بطریق معجزہ اور خارق عادت جنت سے پروردگار کی جانب سے آئی وہ موجب افطار اور بطلان صوم نہیں بناتی اور یہ درحقیقت اجر و ثواب کی جانب سے ہے۔ نہ کہ اعمال کی قبیل سے اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اس کھانے پینے سے مراد قوت ہے گویا فرماتے ہیں کہ مجھے حق تعالیٰ کھانے پینے کی قوت مرحمت فرماتا ہے اور ایسی چیز افاضہ فرماتا ہے جو کھانے پینے کے قائم مقام ہوتی ہے جس کی بدولت طاعت و عبادت کی قوت پاتا ہوں اور کسی قسم کا فتور یا عارضہ لاحق نہیں ہوتا اور اس میں کوئی استحالہ نہیں ہے اور محققین کے نزدیک مختار یہ ہے کہ غذائے روحانی مراد ہے جو از قسم ذوق ولذت مناجات اور فیضان معارف ولطائف الٰہی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اطہر پر اور آپ کی روح پر فتوح پر وارد و نازل ہوتا ہے۔ جس سے احوال شریف کو ایسی خوشی و مسرت اور شادمانی حاصل ہوتی ہے کہ وہ اس کی وجہ سے غذائے جسمانی سے مستغنی ہو جاتی ہے۔ اور یہ بات مجازی محبتوں اور ظاہری خوشیوں سے بھی تجربے میں آتی رہتی ہے کہ غذائی احتیاج ہی لاحق نہیں ہوتی اور اس کی یاد تک نہیں آتی تو جو محبت حقیقی اور مسرت معنوی سے تعلق رکھتی ہو اس کا کیا اندازہ۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)۔

اُمتی کیلئے صوم وصال کا مسئلہ: فرع: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا دوسروں کے لئے صوم وصال کے جواز و حرمت اور کراہت میں علماء کا اختلاف ہے۔ ایک جماعت کہتی ہے کہ ہر اس شخص کیلئے جائز ہے جو اس کی قدرت رکھے اور یہ صوم دوام کی مانند ہے۔ چنانچہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ پندرہ دن تک صوم وصال رکھتے تھے۔ اور ابراہیم قلمی تابعی سے منقول ہے کہ وہ چالیس دن تک ایک یا چند دانے انگور کے کھاتے تھے۔ پھر یہ کہ عوارف میں منقول ہے کہ بعض ریاضت و مجاہدہ کرنے والی ''طی اربعین''، یعنی چالیس روزہ کاٹتے ہیں گویا کہ چالیس دن ان کے لئے ایک دن کا حکم رکھتا ہے۔

منقول ہے کہ بعض اصحاب نبوی نے مخالفت کے بعد بھی صوم وصال رکھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے برقرار رکھا اس سے معلوم ہوا کہ مخالفت، رحمت وشفقت اور تخفیف کی بناء پر تھی نہ کہ حرام قرار دینے کے لئے جیسا کہ شروع کلام میں اس کی جانب اشارہ گزرا اور اکثر کا مذہب یہی ہے کہ جائز نہیں ہے۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کا مذہب یہی ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے صراحت سے مکروہ قرار دیا ہے اور ان کے شاگردوں کا کراہت تحریمی اور کراہت تنزیہی میں اختلاف ہے اور اول صحیح تر ہے۔ امام احمد و اسحٰق بن راہویہ یہ فرماتے ہیں کہ سحر تک جائز ہے جیسا کہ حضرت ابوسعید خدری کی حدیث بخاری میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وصال نہ کرو اگر کوئی تم میں سے چاہتا ہے تو وہ سحر تک وصال کرے۔ اور یہ تاخیر افطار کے معنی میں ہے نہ کہ وصال کے لئے اور یہ بھی اس تقدیر پر ہے کہ مشقت اور تعذیب نفس کا باعث نہ ہو ورنہ داخل قربت وعبادت نہیں ہے۔ اور گزشتہ حدیث کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ وصال، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ہے اگرچہ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا پر حرام ہے کیونکہ حضور کے ارشاد میں ممانعت عام ہے کہ فرمایا: لَا تُوَاصِلُوْا. صوم وصال نہ کرو اور رحمت وشفقت، تحریم کے منافی نہیں ہے۔ اس کی علت یہ ہے کہ حرمت بر بنائے رحمت ہے اور وہ اہل سلوک جو ریاضت و مجاہدے کے ذریعہ نفس کو مارتے ہیں وہ ایک ہتھیلی پانی سے افطار کرتے ہیں تاکہ وصال کی حقیقت بھی پوری ہو جائے۔ (واللہ اعلم)۔

نوع پنجم در حج وعمرہ

حج کے لغوی معنی قصد وارادے کے ہیں اور شریعت مطہرہ میں مخصوص شکل میں بیت اللہ کی طرف قصد کرنے کا نام ہے۔ اور لفظ حج بفتح حاء اور بکسر حاء دونوں سے ہے۔ اور آیۃ کریمہ: وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ، میں دونوں قرأتیں آئی ہیں۔ اور عمرہ کے لغوی معنی زیادتی کے ہیں اور عمرہ حج پر اضافہ ہے اور اس کے معنی عمارت اور عورت سے زفاف کرنے کے بھی آتے ہیں۔ اور عمرہ مسجد حرام پر تعمیر وتعظیم ہے۔ اور یہ موجب عمارت، بنائے محبت وداد ہے اور شریعت میں افعال مخصوصہ کا نام ہے جو طواف اور سعی ہے اس میں وقوف عرفہ نہیں ہے کیونکہ یہ حج کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور حج کے ساتھ عمرے کی نسبت ایسی ہے جیسی نماز فرض کے ساتھ نماز نفل کی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد ایک حج کیا جسے حجۃ الوداع اور حجۃ الاسلام کہتے ہیں۔ اور لوگوں کو تعلیم احکام ومسائل فرمائی اور فرمایا شاید تم مجھے آئندہ سال نہ پاؤں اور ان کو سفر آخرت کی بنا پر رخصت فرمایا اور خطبہ دیا۔ اور فرمایا کہ وہ وقت قریب ہے جب تم اپنے رب کے حضور حاضر ہوگے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی پرسش فرمائے گا۔ آگاہ وخبردار ہو جاؤ میرے بعد گمراہ نہ ہونا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ پھر کفر کی طرف نہ لوٹ جانا کیونکہ تم میں سے کچھ لوگ ایک دوسرے کو قتل کریں گے۔ اور آگاہ وخبردار ہو جاؤ میں نے تم کو تمہارے رب کے احکام پہنچا دئے ہیں۔ اور فرمایا خداوندتو گواہ رہ۔ تمہیں لازم ہے کہ یہ حاضرین غائب کو احکام پہنچائیں اور جس کو یہ احکام پہنچائے جائیں وہ پہچانے والے سے زیادہ یاد رکھنے والا اور زیادہ جاننے والا ہے۔ اور فرمایا حج کے مناسک ومسائل سیکھ لو شاید کہ میں دوسری بار حج نہ کروں۔ اور فرمایا اپنے رب کی عبادت کرو۔ پنجگانہ نمازیں پڑھو، ماہ رمضان کے روزے رکھو اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو تا کہ حق تعالیٰ تمہیں جنت میں داخل کرے۔ یہ ہجرت کا دسواں سال تھا۔ لیکن ہجرت سے پہلے بعض کہتے ہیں کہ حضور نے دو حج کئے اور بعض کہتے ہیں تین۔ اور بعض اس سے زیادہ کہتے ہیں۔ قول محقق یہ ہے کہ کوئی عدد معین ومحفوظ نہیں ہے۔ اور حج کی فرضیت جمہور کے نزدیک ہجرت کے آٹھویں سال میں ہوئی ہے اور تحقیق یہ ہے کہ نویں سال میں ہے اور اسی سال اسباب سفر کی تیاری میں مشغول ہوئے لیکن غزوات کی بنا پر اس سال آپ کو تشریف لے جانا میسر نہ آیا اور بارگاہ نبوت میں مسلسل وفود کے آنے کی وجہ سے احکام کی تعلیم نہ فرما سکے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، کو امیر الحجاج بنا کر مکہ مکرمہ بھیج دیا اور ان کے پیچھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کو سورۂ برات کا حکم، مشرکوں پر سنانے کے لئے بھیجا۔ جب علی رضی اللہ عنہ مرتضےٰ مکہ مکرمہ پہنچے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا تم ''امیر ہو یا مامور۔ فرمایا: نہیں مامور ہوں اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سورۂ برات کا حکم لے کر خاص طور سے بھیجنا اس وجہ سے ہوا کہ اس سورۃ میں مشرکوں کے نقض عہد اور عقد عہد کا ذکر ہے کہ نقض عہد کا ذمہ دار خود وہ شخص ہوگا یا اس کے گھر والے ہوں گے۔

لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمرے کی تعداد چار بتاتے ہیں۔ پہلا عمرہ حدیبیہ کا ہے جو ہجرت کے چھٹے سال بقصد عمرہ نکلے تھے اور جب حدیبیہ کے مقام پر پہنچے جو مکہ مکرمہ سے ایک منزل کے فاصلے پر ہے تو یہاں تمام مشرکین جنگ کے لئے نکل کھڑے ہوئے اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے باز رکھا۔ چونکہ فتح کی معیاد ابھی پوری نہ ہوئی تھی تو حضور بحکم الٰہی صلح کر کے احرام سے باہر آ گئے۔ اور مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے اور قرار پایا کہ سال آئندہ تشریف لائیں اور عمرہ بجالائیں۔

اور دوسرا عمرہ ۷ ہجری میں قرارداد صلح کے بموجب ہے۔ آپ مکہ مکرمہ تشریف لائے عمرہ کیا اور تین دن کے بعد مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے۔

اور تیسرا عمرہ ۸ ہجری میں ہوا جو فتح مکہ کا سال ہے آپ نے حنین کی غنیمتوں کی تقسیم کے بعد جعرانہ سے جو مکہ سے ایک منزل کے فاصلے پر ہے شبا شب آئے اور عمرہ کیا اور اسی رات جعرانہ واپس تشریف لے آئے۔

اور چوتھا عمرہ دسویں سال اس حج کے ساتھ ہے جسے حجۃ الوداع کہتے ہیں اس کی تفصیل غزوات کے بیان میں انشاءاللہ آئے گی۔

بعض علماء تین عمرے کہتے ہیں کیونکہ حدیبیہ میں حقیقتاً عمرہ نہ ہوا تھا اس لئے کہ مکہ مکرمہ میں داخلہ نہ ہوا تھا اور حدیبیہ میں ہی احرام کھول کر مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے تھے۔ لیکن جمہور علماء اسے عمرہ کا حکم دیتے ہیں۔

اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا ارادہ فرمایا اور صحابۂ کرام کو اس کی خبر دی تو سب کے سب حج کے لئے تیاری کرنے لگے اور یہ خبر جب شہروں اور دیہاتوں میں پہنچی تو اطراف و جوانب سے لوگ مدینہ منورہ پہنچنے شروع ہو گئے اور سب ہی مسلمان یا تو مدینہ منورہ آ گئے یا مکہ کی راہ میں ہر طرف سے آ آ کر ملنے لگے۔ اور حجاج کی اتنی تعداد ہوگئی جو حد حصر و حساب سے باہر ہوگئی۔ یہاں تک کہ لوگ کہتے ہیں کہ آگ پیچھے، داہنے بائیں جس طرف بھی نظر اٹھائی جاتی آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے کتنے پیادہ تھے اور کتنے سوار، ان کی تعداد معلوم ہی نہیں ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار تھے۔ غرضیکہ ذوالحجہ میں احرام باندھ کر نکلے مکہ پہنچے اور حج ادا کیا اس کے احکام و احوال کتب احادیث میں مسطور ہیں۔

ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کی رات میں اپنی امت کی بخشش کی دعا مانگی تو جواب آیا میں نے بخش دیا مگر ظالموں کو نہیں کیونکہ اسے ضرور مظلوم کی حمایت میں پکڑوں گا۔ پھر حضور نے عرض کیا اے رب تو قادر ہے کہ اگر چاہے تو مظلوم کو جنت میں داخل کر دے اور ظالم کو اس وقت بخش دے، اس دعا کا جواب نہیں آیا۔ اور جب مزدلفہ میں صبح فرمائی تو اس دعا کو دوبارہ مانگا جواب آیا میں نے قبول فرمایا جو کچھ آپ چاہتے ہیں اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا۔ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خندۂ فرحاں رکھے یہ گھڑی تو کوئی خاص تبسم کی نہ تھی؟ فرمایا دشمن خدا ابلیس نے جب جانا کہ حق تعالیٰ نے میری دعا کو قبول فرمالیا اور میری امت کو بخش دیا تو وہ سر پر خاک ڈال کر واویلا کرتا چیختا چلاتا بھاگ کھڑا ہوا اس پر مجھے اس کا جزع و فزع دیکھ کر ہنسی آ گئی۔

علماء فرماتے ہیں کہ اس جگہ امت سے مراد، مقام عرفات میں ٹھہرنے والے ہیں اور اسی بنا پر علماء کہتے ہیں کہ حج سے حقوق العباد کا کفارہ بھی ہو جاتا ہے۔ اور طبرانی کہتے ہیں کہ یہ ان ظالموں پر محمول ہے جو ظلم سے توبہ کر کے حق عباد ادا کرنے سے لاچار رہے۔ اور بیہقی بھی اسی روایت کی مانند ابوداؤد و ابن ماجہ سے نقل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس کی نظیریں بکثرت ہیں۔ اگر صحیح ہیں تو حجت ہے ورنہ حق تعالیٰ کا یہ قول کافی ہے کہ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذَالِكَ (شرک کے سوا سب بخش دے گا) تو ظلم بھی ماسوا شرک ہے۔ خلاصہ یہ کہ حج سے حقوق اللہ تو بخش دئے جاتے ہیں لیکن حقوق العباد میں اختلاف ہے مگر فضل خدا وسیع ہے اور ظاہر حدیث عام ہے۔

ترمذی میں صحیح حدیث ہے کہ: مَنْ حَجَّ وَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمٍ وَّلَدَتْهُ اُمُّهٗ۔ جس نے حج کیا اور بدی و فسق نہ کیا تو وہ گناہوں سے ایسا جا نکلتا ہے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔ کہا گیا ہے کہ یہ حقوق اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں حقوق العباد کو شامل نہیں۔ اور کہا گیا کہ حقوق اللہ سے متعلق تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں مگر خاص حقوق اللہ ساقط نہیں ہوتے لہٰذا جس پر کوئی نماز یا کفارہ وغیرہ ہے چونکہ یہ حقوق اللہ سے ہے اس لئے ساقط نہیں ہوتے۔ اس لئے کہ یہ حقوق اللہ سے تعلق رکھتے ہیں نہ کہ گناہوں سے۔ اور گناہ نماز کی تاخیر ہے لہٰذا تاخیر و مخالفت کا گناہ حج سے ساقط ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ حج مخالفت کے گناہ کو ساقط کرتا ہے نہ کہ حقوق کو۔

ابن تیمیہ کہتے ہیں کہ جو یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ حج ان چیزوں کو ساقط کر دیتا ہے جو اس پر واجب ہیں مثلاً نماز وغیرہ تو اس سے توبہ کرائی جائے ورنہ قتل کر دیا جائے۔ اور حقوق العباد تو حج سے بالاجماع ثابت ہے ساقط ہی نہیں ہوتے۔ ایسا ہی مواہب لدنیہ نے نقل کیا ہے۔ یہ بات ندرت سے خالی نہیں (واللہ اعلم)۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حجۃ الوداع میں) اپنے دست مبارک سے تریسٹھ اونٹ ذبح فرمائے اور تریسٹھ کا عدد، آپ کی عمر مبارک کے سال کا عدد تھا۔

ابوداؤد میں ہے کہ پانچ چھ اونٹ خود قریب ہوتے اور ہجوم کر کے آتے تاکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے انہیں ذبح فرمائیں اور ہر اونٹ قریب ہونے کی کوشش کرتا اور دوسروں کو دھکا دیتا۔ تاکہ اسے پہلے ذبح فرمائیں۔ امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور نے تقریباً سینتیس اونٹ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ذبح فرمائے جن میں سے تین اونٹ خود ان کے تھے یہ تمام اونٹ اپنے اور دوسروں کے حضور اپنے ساتھ لائے تھے یہ سو اونٹ ذبح فرمائے۔

اور مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی جانب سے گائے ذبح فرمائی اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے ایک اونٹ ذبح فرمایا۔ اس کے بعد "حلاق" کو بلایا جن کا نام معمر بن عبداللہ تھا اور انہیں داہنی جانب سے حلق یعنی سر مونڈنے کا اشارہ فرمایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان موئے مبارک کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں تقسیم فرمایا جو ایک یا دو بال مبارک حصے میں آئے اور بائیں جانب کے تمام موئے ہائے مبارک، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ انصاری کو عطا فرمائے اس کے بعد ناخن مبارک کو ترشوایا اسے بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں تقسیم فرما دیا۔ اور اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حلق کرایا اور کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قصر یعنی بال ترشوائے اس کے بعد حضور نے دعا فرمائی "اَللّٰھُمَّ ارْحِمِ الْمُحَلِّقِیْنَ" (اے خدا! سر منڈانے والوں پر رحم فرما) اور آخر میں عرض پر اضافہ فرمایا "والمقصرین" (اور بال ترشوانے والوں پر)۔

اور جب حضور چاہ زمزم پر تشریف لائے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد نے (چونکہ چاہ زمزم ان کی تحویل میں تھا) پانی کھینچا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبدالمطلب کی اولاد پانی نکالو کیونکہ یہ نیک عمل ہے اگر اس کا خطرہ نہ ہوتا کہ لوگ تم پر غلبہ کریں گے تو میں خود اتر کر چاہ سے پانی نکالتا اور پانی پلانے میں تمہاری مدد و اعانت کرتا کیونکہ پانی پلانے میں فضل و برکت اور بزرگی ہے۔ مطلب یہ کہ اگر میں خود اس کو کروں تو میرے بعد میری امت پر سنت ہو جائے گا اور تمام لوگ میرے اتباع کے ارادے سے اختیار کر لیں گے اور تم پر غالب آ جائیں گے اور تمہاری نوبت نہ آئے گی۔ اور یہ منصب تمہارے ہاتھ سے چلا جائے گا۔ تو انہوں نے ایک ڈول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کھڑے ہو کر پانی پینا یا تو بیان جواز کے لئے تھا یا ضرورت و حاجت کی وجہ سے تھا۔ کیونکہ ہجوم کی زیادتی سے بیٹھنے کی جگہ نہ تھی یا کوئی اور ضرورت و حاجت ہوگی۔ (واللہ اعلم)

بعض کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پینا آب زم زم اور آب وضو کے ساتھ خاص ہے جیسا کہ عادت شریفہ کے باب میں آئے گا۔

چاہ زم زم کے نام کی وجہ یہ ہے کہ اس کا پانی بہت زیادہ ہے اور زمزم یا زازم، کثیر پانی کو کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ لفظ کسی چیز سے مشتق نہیں ہے۔ بلکہ شروع ہی سے اس کا یہی نام ہے سب سے پہلے جس نے زمزم کو نمودار کیا وہ جبریل علیہ السلام تھے۔ جس وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام پیاسے ہوئے اور زمین پر اپنا قدم مبارک مارا تو اس جگہ چشمہ نمودار ہو گیا اور مشکیزہ بھرنے کے لئے پانی کو احاطہ میں لے لیا۔ تاکہ پھیلے نہیں۔ اگر اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیا جاتا تو چشمہ جاری ہو جاتا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اس کے بعد

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس جگہ کنواں بنایا اور جب قبیلہ جرہم نے مکہ مکرمہ میں سکونت اختیار کی تو انہوں نے اسے پاٹ دیا یہاں تک کہ اس کا کوئی نشان تک نہ چھوڑا۔ بعدازاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب کو جب حق تعالیٰ نے اس کرامت کے ساتھ مخصوص فرمایا تو خواب میں یہ کنواں دکھایا تو انہوں نے عام الفیل میں اسے کھودا۔ ایک روایت میں ہے کہ عام الفیل سے پہلے۔ اس کے بعد ابوطالب نے اسے تعمیر کیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود بہ نفس نفیس پتھر لاتے تھے جیسا کہ تاریخ مکہ میں مذکور ہے اور اس کے فضل وخواص میں اخبار وآثار بکثرت ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہیں۔ جاننا چاہئے کہ ذبح میں جہاں تقرب وعبادت مقصود ہے وہ تین ہیں۔ ایک ہدی یعنی حج کی قربانی، جسے حرم میں جانور ساتھ لے جا کر یا بھیج کر ذبح کرتے ہیں۔ دوسرا ضحیہ یعنی روز عید اضحیٰ قربانی دی جاتی ہے۔ تیسرا عقیقہ جو نومولود بچہ کے لئے ذبح کرتے ہیں۔

اور عقیقہ، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ اور مذہب مشہور میں سنت ہے اور ان کی ایک روایت میں واجب ہے اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سنت نہیں ہے۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ موطا میں فرماتے ہیں کہ ہمیں ایسی روایت پہنچی ہے کہ عقیقہ، جاہلیت کی رسوم میں سے تھا ابتدائے اسلام میں یہی رائج رہا۔ اس کے بعد اضحیہ یعنی بقرعید کی قربانی نے ہر اس ذبح کو منسوخ کر دیا۔ جو اس سے پہلے تھا اور ماہ رمضان نے ہر اس روزے کو منسوخ کر دیا جو اس سے پہلے تھے اور غسل جنابت نے ہر اس غسل کو منسوخ کر دیا جو اس سے پہلے تھے۔ اور زکوٰۃ نے ہر اس صدقہ کو منسوخ کر دیا جو اس سے پہلے تھے ہمیں ایسی ہی خبر ملی ہے۔ (انتہی)۔

جاننا چاہئے کہ مسلم، ابوداؤد اور ترمذی ونسائی نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم ماہ ذی الحجہ کو دیکھو اور کوئی تم میں سے قربانی کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ اپنے جسم سے بال اور ناخن کو قربانی کے وقت تک دور نہ کرے اور بعض علمائے مذہب اور امام احمد کا مذہب اسی پر ہے کہ یہ نہی اور ممانعت بر سبیل تحریم ہے اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ یہ بر طریق کراہت ہے۔ جامع الاصول میں مسلم بن عمار لیثی سے نقل کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم روز اضحیٰ کے قریب حمام میں تھے اور موئے زیر ناف دور کرنا چاہتے تھے کہ بعض لوگوں نے کہا اس سے تم منع کئے گئے ہو پھر جب ہم سعید بن المسیب سے ملے تو ان سے میں نے اس بات کا تذکرہ کیا فرمایا اے بھتیجے یہ ایک حدیث ہے جسے لوگوں نے فراموش کر رکھا ہے اور اسے چھوڑ رکھا ہے۔ مجھ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم ماہ ذی الحجہ کو دیکھ لو تو .....الحدیث۔

مخفی نہ رہنا چاہئے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے جو کچھ معلوم ہوتا ہے یہی ہے کہ بالوں اور ناخنوں کو نہ ترشوائے نہ یہ کہ احرام والوں کی مانند چیزیں لازم کر لے۔ لہٰذا صاحب سفر السعادۃ کا یہ قول جو انہوں نے کہا کہ بالوں اور ناخنوں میں کچھ دور نہ کرے اور اسی روز سے احرام والوں کی مانند صورت بنا لے۔ یہ محل نظر ہے (واللہ اعلم)۔

نوع ششم در عبادات واذکار، دعوات واستغفار وقرأت

ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم: لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر فرمانے کے بارے میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حق تعالیٰ کا ذکر ہر لحہ اور تمام اوقات میں کرتے تھے اور ہمیشہ یاد الٰہی میں مشغول رہتے تھے اور کوئی چیز آپ کو ذکر الٰہی سے باز نہ رکھتی تھی اور آپ کی ہر بات، یاد حق، حمد وثنا، توحید وتمجید، تسبیح وتقدیس اور تکبیر وتہلیل میں ہوتی تھی اور اسماء وصفات الٰہی، وعد، وعید، امر ونہی، احکام شرع کی تعلیم، ذکر جنت ونار، اور ترغیب وترہیب کا بیان، یہ سب ذکر حق تھا اور خاموشی کے

تو مفسد ہے اور اگر امر آخرت کے خوف سے ہو اور اس کی امید و رغبت اور ہیبت میں ہو تو مفسد نہیں۔ بلکہ زیادتی حضور و خشوع پر دلالت کرتی ہے جیسا کہ مطرف کی حدیث میں ان کے والد سے مروی ہے۔ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے کہ امر آخرت کے سبب آواز سے رونے میں اگر اس کے ضبط کی طاقت رکھتا ہے تو مفسد نماز ہے اور ضبط کی طاقت نہیں رکھتا مفسد نہیں۔ ایسا ہی شمنی نے بیان کیا ہے ''اور کبھی ضرورت سے کھنکھارتے اور بے ضرورت نہیں'' اسی بنا پر فقہا بے ضرورت کھنکارنے کو مفسد نماز قرار دیتے ہیں اور اگر عذر سے ہے تو مفسد نہیں اور عذر و مجبوری یہ ہے کہ مضطر و بیقرار ہو اور اجتناب و احتراز کی طاقت اس میں نہ رہی ہو۔ اور طبع کے ابھارنے یا علت مرض سے ہو۔ لہٰذا یہ چھینک اور ڈکار کے حکم میں ہوگا۔ اور اگر آواز کو اچھا بنانے کے لیے کرے تو بھی مفسد نہیں ہے اور اگر مقتدی اپنے امام کو ہدایت و تنبیہ کے لیے کھنکارے تو آیا امام اسے قبول کرے یا نہیں اور اس کی مانند نماز میں ہے یا نہیں تو جواب یہ ہے کہ یہ بات نماز کو فاسد نہیں کرتی۔ ایسا ہی شمنی نے بیان کیا ہے اور نیز فرماتے ہیں کہ تنحنح یعنی کھنکارنے سے مراد یہ ہے کہ اس سے حروف پیدا ہوں اور ہدایہ میں ایسا ہی ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اپنی چشم مبارک کھلی رکھا کرتے۔ بند نہ کرتے۔ صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک پردہ رنگین و منقش بنا کر قبلہ کی جانب ایک دریچہ پر لٹکایا تھا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اس پردہ کو اتار لو کیونکہ اس کے نقوش و تصاویر نماز میں خلل انداز ہوتے ہیں۔ تصاویر سے مراد تو نقوش ہیں یا یہ حرمت تصاویر سے پہلے کا واقعہ ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ دریچہ پر پردہ اس لیے لٹکایا تھا کہ طاقچہ میں ان کی گڑیاں رکھی ہوئی تھیں۔ اور اس سے انہوں نے اس کو پوشیدہ کیا تھا ورنہ دیوار پر پردہ لٹکانے کی ممانعت واقع ہے۔ ایسا ہی ابہری نے شرح مشکوٰۃ میں کہا ہے اور مجمع البحار میں ہے کہ دلہن کے گوشہ کی مانند اسے مزین و منقش کر رکھا تھا (واللہ اعلم)۔

اور بخاری و مسلم میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کامدار لباس زیب تن کر رکھا تھا۔ جب نماز میں اس پر نظر پڑتی تھی تو خلل واقع ہوتا تھا۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس لباس کو جسم اطہر سے اتار دیا اور فرمایا اسے ابوجہم رضی اللہ عنہ کو دے دو کیونکہ انہوں نے ہی اسے پیش کیا تھا اور اس کی کملی میرے لیے لے آؤ کیونکہ اس لباس کے نقوش و کام نے مجھے نماز میں اپنی طرف متوجہ کر لیا تھا اور مقام خشوع و خضوع اور حضور قلب کے بلندی سے فروتر لے آیا ہے درحقیقت یہ ارشاد تعلیم امت کے لیے تھا۔ واللہ اعلم۔

نیز ایک حدیث شریف میں ہے کہ سلام کا جواب دست مبارک کے اشارہ سے دیتے۔ یہ بھی اس پر دلیل ہے کہ نماز میں چشم ہائے مبارک کھلی رکھتے تھے بند نہ رکھتے تھے۔ کَذَا قَالُوْا مخفی نہ رہنا چاہیے کہ یہ حدیثیں دلالت نہیں کرتیں مگر یہ کہ چشم ہائے مبارک ہمیشہ اور ہمہ وقت بند نہ رکھتے تھے اور اس سے یہ بھی لازم نہیں آتا کہ آپ چشم ہائے مبارک کو وا یم و مستمر کشادہ ہی رکھتے لہٰذا اگر مقصود یہ ہو کہ پوری نماز میں آنکھیں بند نہ ہوتیں تو یہ دلائل مکمل ہیں۔ لیکن ظاہر یہ ہے کہ مقصود کشادگی چشم میں اثبات دوام ہے کہ کبھی بند نہ فرماتے۔ (واللہ اعلم)

اور نماز کی حالت میں آنکھیں بند رکھنے میں کراہت پر فقہا کا اختلاف ہے اور ہمارے نزدیک مکروہ ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ حق یہ ہے کہ اگر کسی کو نماز میں آنکھیں کھلی رکھنے سے تفرقہ و پریشانی لاحق ہوتی ہو مثلاً جانب قبلہ کوئی ایسی چیز ہو جس سے حضور قلب میں خلل واقع ہوتا ہو تو آنکھیں بند رکھنا مکروہ نہیں ہے بلکہ استحباب کے زیادہ قریب ہوگا۔ یہ حکم دلائل کے عموم پر نظر کر کے ہے کیونکہ حضور و برقرار رکھنے کی ترغیب میں احادیث واقع ہیں اور صراحت سے آنکھیں بند رکھنے کی ممانعت میں کوئی حدیث واقع نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

وقت اللہ تعالیٰ ہی کی یاد، قلب اطہر میں رہتی تھی اور حضور کا ہر سانس اور آپ کے قلب وزبان اور آپ کا اٹھنا، بیٹھنا، کھڑا ہونا، لیٹنا، چلنا، کھانا پینا، سونگھنا، آنا جانا، سفر واقامت۔ پیدل وسواری، غرض کہ کسی حالت میں ذکر حق سے جدا نہ تھا اور ذکر کے معنی یاد کرنے کے ہیں اور نسیان جس کے معنی فراموشی کے ہیں۔ اس کی ضد ہے۔ جو بھی صورت یاد کرنے کی ہوتی خواہ دل میں یا زبان سے ہر فعل میں یا شان میں ذکر الٰہی ہوتا۔ لازمی ہے کہ اگر زبان، دل کے ساتھ موافقت کرے تو یہ افضل واتم وکمیل ہوگا۔ اور یہ جو بعض فقہاء کے کلام میں آیا ہے کہ جو زبان پر نہ ہو وہ ذکر نہیں ہوتا۔ اور نہ اس کا اعتبار ہے ان کی مراد وہ ذکر لسانی ہے جس کا زبان سے ذکر کرنا شریعت نے واجب قرار دیا ہے جیسے تسبیحات واذکار جو نماز میں واقع ہیں اور وہ اذکار جو نماز میں واقع ہیں اور وہ اذکار واوراد جو بعد نماز وارد ہیں نہ کہ مطلق ذکر۔ قاموس میں ذکر کو نسیان کی ضد بتایا گیا ہے لہٰذا یہ ذکر قلبی کو بھی بلاشبہ شامل ہے۔ اور فعل قلب پر ثواب کا مترتب نہ ہونا اور اس کا اعتبار نہ کرنا باطل ہے اور اسے ان چیزوں پر قیاس کرنا جسے شرع نے بغیر زبانی اقرار کے معتبر قرار نہیں دیا ان ہے بغیر دلیل شرع اور نص شارع کے صحیح نہیں ہے۔

دن ورات کے اعمال واشغال، وقت تہجد سے سونے کے وقت تک مختلف اوقات ولمحات اور حالات واوضاع اور اطوار میں حضور دعائیں وغیرہ پڑھا کرتے تھے۔ وہ تمام کتب احادیث میں مذکور ومسطور ہیں اور ادعیہ ماثورہ جو تمام مقاصد ومطالب اور حاجات کو شامل و حاوی ہیں اور ہر خاص مقصد ومطلب کے لئے بھی جداگانہ بیان فرمانے سے نہیں چھوڑی ہیں۔ اور دعا کی فضیلت میں اور اس کی ترغیب و تحریص میں اس قدر آیات واحادیث اور آثار مروی ہیں جن کا کوئی حد وشمار نہیں اس خصوص میں حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہی کافی ہے کہ فرمایا: اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ دعا مانگو میں قبول کروں گا اور حضور کا ارشاد ہے: اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ دعا عبادت کا مغز ہے اور حضور کا ارشاد کہ: مَنْ لَّمْ یَسْئَلِ اللّٰہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ جو بندہ اس سے دعا نہیں کرتا وہ اس پر غضب فرماتا ہے۔ اور دعا میں توجہ واخلاص ہے کیونکہ بندہ ہر طرف سے منہ پھیر کر جناب باری تعالیٰ سے لو لگاتا ہے اور دعا حق تعالیٰ کے لئے حمد وشکر ہے۔ اور اس کے کمالات کا اثبات ہے خواہ صراحت سے ہو یا ضمن سے۔ اور توحید ورغبت ومناجات وتضرع وتذلل اور استعانت واستغاثت، یہ تمام باتیں عبادتوں کا خلاصہ اور مغز ہیں اور اسی وجہ سے وارد ہوا کہ: اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ.

ابوالقاسم قیشری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ دعا افضل ہے یا سکوت ورضا۔ بعض کا خیال ہے کہ دعا افضل ہے کیونکہ دعا فی نفسہ عبادت ہے اور عبادت کرنا اور اس پر قیام کرنا اس کے نہ کرنے سے افضل واولیٰ ہے۔ اور یہ کہ یہ حق تعالیٰ کا حق ہے اگر وہ بندے کے حق میں اسے قبول نہ فرمائے اور اس کی خواہش کے مطابق دعا کا اثر مرتب نہ ہو تو کوئی نقصان وحرج نہیں اس لئے کہ بندہ پر جو حق تعالیٰ کا حق تھا وہ اس نے ادا کر دیا اس لئے کہ دعا کا مقصود، اظہار فقر واحتیاج اور بندگی ہے اور یہ اس سے حاصل ہوتا ہے۔ ابوحازم اعرج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک دعا سے محروم ہونا اس کی قبولیت سے محروم ہونے سے زیادہ سخت ہے۔ امیر المومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں دعا مانگتا ہوں اور اس کی قبولیت کا امیدوار رہتا ہوں بلکہ جب دعا کو ختم کرتا ہوں تو میں یقین رکھتا ہوں کہ قبولیت بھی اس کے ساتھ ہی شامل ہے۔ اور بعض کا خیال ہے کہ حکم وتقدیر کی محرومی کے تحت سکوت وخاموشی زیادہ اتم اور خدا کے فرمان پر رضا وتسلیم کو اختیار کرنا اولیٰ ہے۔ ان میں سے کچھ لوگوں کا یہ حال ہے کہ بارگاہ ایزدی کا اتنا ادب ملحوظ رکھتے ہیں کہ طلب وسوال میں زبان تک نہیں کھولتے۔ اور ہمہ وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔ اور وہ اسی میں مستغرق رہتے ہیں اور جو کچھ حق تعالیٰ کی جانب سے ظہور میں آتا ہے۔ وہ اس پر راضی رہتے ہیں۔ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب تعالیٰ کی جانب سے حکایت کرتے ہوئے فرمایا: مَنْ شَغَلَ ذِکْرِیْ عَنْ مَّسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ. جو میری یاد میں اپنے لئے سوال کرنے

سے مستغنی رہے میں اسے مانگنے والے سے زیادہ دیتا ہوں۔

اور بعض کا خیال ہے کہ زبان کو دعا میں مشغول رکھے اور دل کو مقام رضا پر قائم رکھے۔ تا کہ اس میں دونوں خوبیاں جمع ہوسکیں۔ اور اس حال کے صحت کی علامت یہ ہے کہ دعا بحکم عبودیت وتذلل اور امتثال امر الٰہی میں ہو اور کسی خواہش کے ارادے اور حصول مقصد کی تمنا کے بغیر ہو۔ اور قبولیت کی تاخیر سے ناراضگی کا اظہار نہ کرے۔ اور اپنے رب کریم پر تہمت نہ رکھے۔ کیونکہ قبول فرمانا اور نہ قبول فرمانا دونوں اس کے حضور برابر ہیں۔

امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اوقات مختلف ہیں: بعض حالتوں میں سکوت سے دعا بہتر ہوتی ہے اور وقت کا ادب اسی میں ہوتا ہے اور بعض حالتوں میں دعا سے سکوت افضل ہوتا ہے اور اس میں ادب یہی ہوتا ہے اور اس بات کی شناسائی بھی وقت میں ہی ظاہر ہوتی ہے اس لئے کہ علم بھی وقت میں ہی حاصل ہوتا ہے اور اگر اپنا دل دعا کی جانب اشارہ کرے تو دعا اولیٰ ہوتی ہے۔ اور اگر سکوت کی جانب اشارہ کرے تو سکوت اولیٰ۔ نیز اگر علم، وقت میں غالب ہو تو دعا اولیٰ ہے۔ اس لئے کہ اس کا ہونا عبادت ہے اور اگر غالب، معرفت و حال ہے تو سکوت وسکون اولیٰ ہے۔ نیز جو کچھ مسلمانوں کے نصیب میں ہے بامر الٰہی اس میں دعا حق ہے اور جہاں نفس کی لذت اور خواہش ہو وہاں سکوت احسن و بہتر ہے۔ (انتہی)۔

بندۂ مسکین خصہ اللہ بمزید لیقین (صاحب مدارج) کہتا ہے کہ دعا کبھی بزبان قال ہوتی ہے جیسا کہ زبان سے اپنی حاجت کا مانگنا اور کبھی بزبان حال کہ بندے کی حالت خود عرض کناں ہوتی ہے اور کبھی بزبان تعرض ہوتی ہے جیسے حق تبارک وتعالیٰ کی مدح وثنا اس کی صفات کرم واحسان اور جود وعطا سے کرنے اور یہ بھی دعا ہی ہے اس لئے کہ حضرت کریم حق کی مدح وثنا کرنا ہی دعا وسوال کا عرض کرنا ہے۔

اور سکوت کا دعا سے فائق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس میں خالص تسلیم ورضا ہے اور بعض عرفاء نے دعا، استعداد کی زبان سے بھی مانگی ہے۔ اور یہ بزبان حال کی دعا سے فائق ہے اور یہ سکوت میں بھی حاصل ہے۔ (فافہم)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء کے آداب وشرائط بیان فرمائے ہیں جو کتابوں میں مذکور ہیں۔ ان میں سے کچھ عمدہ ترین آداب یہ ہیں کہ حلال روزی، راست گو، دعا میں گڑگڑانا قبولیت کے لئے جلدی نہ کرنا، شروع میں خدا کی حمد وثنا کرنا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنا، آپ کے آل واصحاب پر بھی سلام بھیجنا وغیرہ ہیں۔ دعا کے آداب میں سے ایک یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو کھول کر چہرہ کے مقابل اٹھانا۔ ایک روایت میں ہے کہ کندھے کے محاذ میں رکھنا ہے یہ روایت اس بات کی دلیل ہے کہ دونوں ہاتھ جدا جدا ہوں۔ اور کھلے ہوئے ہوں جس طرح کہ چلو بنا کر پانی پیتے ہیں اسی طرح مواہب میں مذکور ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب دعا کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان کے بطون کو چہرے کے مقابل کرتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کو اتنا بلند کیا کہ بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی (یہ دعائے استسقار میں ہے)۔ علماء فرماتے ہیں ہر چند کہ یہ اس صورت میں زیادہ ہاتھوں کو بلند فرمانا ہے جب کہ معاملہ نہایت سخت و دشوار ہو جاتا ہے۔ اور ختم دعا کے بعد ہاتھوں کو چہرے پر ملنا بھی آداب دعا میں سے ہے جب کے حالت نماز کے سوا میں ہو۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کے لئے دعا مانگی اور وہ سب کے لئے مقبول ہوئی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام دعاؤں کا یہی حال تھا۔ بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کے لئے ایک دعا مستجاب ہے۔ مگر میں چاہتا ہوں کہ اپنی اس دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لئے محفوظ کر کے آخرت کے لئے اٹھا رکھوں۔

بظاہر یہ مشکل ہے اس لئے کہ ہر نبی سے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے شمار مقبول دعائیں واقع ہوئی ہیں اور اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر نبی کے لئے صرف ایک ہی مقبول دعا ہوتی ہے۔ اس اشکال کا علماء یہ جواب دیتے ہیں کہ مقبول دعا کا مطلب یہ ہے کہ اس کی مقبولیت کو قطعی اور یقینی طور پر ذکر کر دیا گیا ہو اور ان کے ماسوا ان کی جتنی دعائیں ہیں وہ قبولیت کی امید کے درجہ میں ہیں۔ اور بعض علماء یہ جواب دیتے ہیں کہ ان کی تمام دعاؤں میں افضل دعا ایک ہی ہے۔ اگرچہ ان کے لئے اور بھی دعائیں ہوں اور بعض کہتے ہیں کہ ہر نبی کے لئے ایک دعائے عام ہے جو ان کی امت کے حق میں مستجاب ہے خواہ امت کی ہلاکت میں ہو یا ان کی نجات میں، لیکن مخصوص دعائیں لو کچھ مقبول ہیں اور کچھ نہ مقبول یا یہ مراد ہے کہ ہر نبی کے لئے ایک دعا ہے خواہ امت کے بارے میں ہو جیسا کہ حضرت نوح علیہ السلام نے مانگی:

رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا ۔ اے میرے رب روئے زمین پر کسی کافر کو بستا نہ چھوڑ۔ یا نبی کی وہ دعا جو اپنی ذات خاص کے لئے ہو جیسا کہ حضرت زکریا علیہ السلام نے مانگی: فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ تو میرے لئے اپنی طرف سے ایسا ولی دے جو میرا وارث ہو۔ یا جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے مانگی: رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ اے میرے رب مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لئے سزاوار نہ ہو۔

کرمانی نے شرح بخاری میں سوال کیا ہے کہ کیا نبی کے حق میں یہ جائز ہے کہ اس کی دعا مقبول نہ ہو اس کا جواب دیا کہ ہر نبی کی ایک دعا ضرور مقبول و مستجاب ہے اور باقی دعائیں مشیت باری تعالیٰ میں ہیں۔ علامہ عینی حنفی شارح بخاری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ یہ سوال اچھا معلوم نہیں ہوتا کیونکہ اس میں ایک قسم کی شناعت ہے اور ہم شک نہیں رکھتے کہ انبیاء علیہم السلام کی تمام دعائیں مقبول و مستجاب ہیں۔ اور حضور کا یہ ارشاد کہ ''ہر نبی کی ایک خاص دعا ہوتی ہے اس سے حصر مراد نہیں ہے۔ انتہی۔

بعض محققین فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے زیادہ معزز و مکرم ہیں کہ آپ اپنے رب سے کوئی دعا مانگیں اور وہ اسے قبول نہ فرمائے اور ایسی کوئی دعا منقول نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی دعا مانگی ہو اور وہ قبول نہ ہوئی ہو یا رب۔ مگر یہ کہ اس میں کوئی کامل مصلحت ہو جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ میں نے اپنی امت کے لئے تین دعائیں مانگیں۔ ایک یہ کہ میری امت کو زمین میں نہ دھنسایا جائے دوسرے یہ کہ ان کو قحط سے ہلاک نہ کیا جائے۔ تیسرے یہ کہ ان میں آپس میں خونریزی واقع نہ ہو تو پہلی دو دعاؤں کو تو شرف قبول حاصل ہوا۔ اور تیسری دعاء سے منع کر دیا گیا۔ یہ احتمال رکھتا ہے کہ منع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے آپ سے فرمایا ہوگا کہ آپ ایسی دعا نہ کریں یہ مطلب نہیں کہ دعا کرنے کے بعد قبولیت سے منع کر دیا گیا۔ اگرچہ یہ بات اس عبارت میں غیر متعارف ہے۔ (واللہ اعلم)۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خادم خاص حضرت انس رضی اللہ عنہ کے لئے دعا فرمائی جب کہ ان کی والدہ ام سلیم رضی اللہ عنہ ان کو لے کر آئیں۔ دعا کی درخواست کرتے ہوئے عرض کیا یا رسول اپنے خادم انس رضی اللہ عنہ کے لئے دعا فرمایئے۔ حضرت انس جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو وہ آٹھ یا نو سال کے تھے۔ اور انہوں نے حضور کی دس سال خدمت کی اس پر حضور نے ان کے لئے دعا مانگی اور فرمایا: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْ مَالِهٖ وَ وَلَدِهٖ وَاَطِلْ حَيَاتَهٗ اغْفِرْ لَهٗ۔ اے خدا اس کے مال و اولاد میں برکت دے۔ اور اس کی عمر میں درازی دے اور اسے بخش دے۔'' اور ایک روایت میں ہے: و ادخله الجنة۔ اور اسے جنت میں داخل فرما دے تو ان کی عمر ایک سو سال سے متجاوز ہوئی۔ تین سال یا سات سال اور کم سے کم جو روایت کی گی ہے وہ ننانوے سال ہے۔ اور ان کے کھجوروں کے باغوں میں سال میں دو مرتبہ پھل لگا کرتے تھے۔ ترمذی نے ابوالعالیہ سے روایت کی ہے کہ حضرت

انس رضی اللہ عنہ کا ایک باغ ایسا تھا جس میں سال میں دو مرتبہ پھل آتے تھے اور ان میں ایسی خوشبو آتی تھی جو مشک نافہ سے فائق تھی۔ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں اور ان کی اولاد پوتے پر پوتے یہ سب سو سے متجاوز تھے۔ وہ خود بیان کرتے ہیں کہ میری بیٹی امینہ نے جو کہ میری آخری صلبی اولاد ہے اس نے میری اولاد میں سے ایک سو دو کو دفن کیا ہے۔ اور ایک روایت میں ایک سو بیس ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے تین دعاؤں کو پالیا ہے یعنی کثرت مال واولاد اور طول حیات کو اب چوتھی دعا کا امیدوار ہوں۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ جنت کا داخلہ ہے۔

اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مالک رضی اللہ عنہ بن ربعیہ سلولی کے لئے دعا فرمائی کہ ان کی اولاد میں برکت دی جائے تو ان کے ستر لڑکے پیدا ہوئے اسے ابن عسا کر نے روایت کیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ مرتضےٰ کے پاس کسی کو بھیجا تو اس نے آ کر عرض کیا وہ آشوب چشم میں مبتلا ہیں پھر حضور نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اس وقت ان کا درد جاتا رہا اور یہ دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنْہُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ ۔ اے خدا ان سے گرمی وسردی کو دور رکھ تو وہ نہ گرمی پاتے نہ سردی۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ عنہ مرتضےٰ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو انہوں نے عرض کیا میں قضا جانتا نہیں کہ کس طرح مقدمات کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس پر حضور نے اپنا دست مبارک ان کے سینے پر رکھ کر دعا فرمائی اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَلْبَہٗ وَسَدِّدْ لِسَانَہٗ اے خدا ان کے دل کی ہدایت فرما اور ان کی زبان کو سیدھا چلا'' حضرت علی رضی اللہ عنہ مرتضےٰ فرماتے ہیں خدا کی قسم مجھے دو شخصوں کے درمیان فیصلہ کرنے میں کبھی شک وتردد نہ ہوا اسے ابوداؤد وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ مرتضیٰ کی ایک بیماری میں عیادت کرتے ہوئے دعا کی: اَللّٰھُمَّ اشْفِہُ اَللّٰھُمَّ عَافِہٖ. اے خدا! انہیں شفا دے دے اس کے بعد فرمایا کھڑے ہو جاؤ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد درد نے کبھی عود نہ کیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت ابوطالب بیمار ہوئے تو انہوں نے کہا اے میری بھتیجے اپنے رب سے میرے لئے دعا کیجئے کیونکہ آپ نے میری بیمار پرسی کی ہے کہ وہ مجھے صحت دے پھر حضور نے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَمِّیْ. اے خدا میرے چچا کو شفا دے تو ابوطالب فوراً کھڑے ہو گئے گویا کہ ان کے بندھے پاؤں کھول دئے گئے۔ پھر ابوطالب نے کہا اے بھتیجے آپ جس رب کی عبادت کرتے ہیں وہ آپ کو دیتا ہے اور جو آپ چاہتے اور جو دعا مانگتے ہیں اسے قبول فرماتا ہے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا اے میرے چچا اگر تم بھی اس رب کی عبادت کرو اور اس کی اطاعت کرو تو وہ تمہیں بھی جو چاہو گے دے گا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لئے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ اَللّٰھُمَّ اَعْطِہِ الْحِکْمَۃَ وَعَلِّمْہُ التَّاوِیْلَ. اے رب انہیں دین کی سمجھ دے۔ اے خدا حکمت عطاف فرما اور انہیں تفسیر کا علم سکھا۔ اسے بیہقی اور ابونعیم نے روایت کیا۔ بخاری میں ہے: اَللّٰھُمَّ عَلِّمْہُ الْکِتٰبَ اے خدا! انہیں قرآن کا علم سکھا۔ اسی دعا کا ثمرہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما عنہما'' حبر الامتہ'' بحر علم، رئیس المفسرین، ترجمان القرآن، بلند درجہ، صاحب مقام رفیع ہوئے۔ (رضی اللہ عنہ)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نابغہ جعدی کی بتیسی بہت پسند آئی تو آپ نے ان کے لئے دعا فرمائی، اے خدا! ان کے دانتوں کو نہ گرائے تو ان کی عمر سو سال سے متجاوز ہوئی۔ ایک روایت میں ہے ایک سو سے کچھ اوپر ہوئی مگر ان کا ایک دانت نہ گرا اور تمام لوگوں سے ان کے دانتوں کی آب وتاب اور خوبصورتی زیادہ تھی۔ ایک روایت میں ایسا آیا ہے کہ جب کوئی دانت گرتا تو دوسرا دانت اس جگہ نمودار ہو جاتا تھا۔

ایک مرتبہ عمرو بن اخطب نے حضور کو پیالے میں پانی پلایا انہوں دیکھا کہ پانی میں بال پڑا ہے، بال نکال کر پھینک دیا اس پر حضور

صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی ''اَللّٰھُمَّ جَمِّلْہُ'' اے خدا انہیں صاحب جمال بنا اور انہیں خوبصورتی عطا فرما تو ان کی عمر ننانوے سال کی ہوئی مگر ان کے سر اور داڑھی کا ایک بال سفید نہ ہوا۔ ظاہر تعلق اور پانی کے پیالہ سے بال نکالنے سے مناسبت حسن و جمال اور جوانی ہے۔ اور اسی حسن و جمال کی ان کے لئے دعا مانگی۔ اکثر جوانی کے حسن و جمال سے داڑھی کی سیاہی مراد لیتے ہیں۔ اول کتاب میں حلیہ شریف اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے ہائے مبارک میں سفیدی نہ ہونے کے ضمن میں بحث لکھی جا چکی ہے۔

بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ ایک یہودی نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک سے کوئی چیز نکال جو داڑھی مبارک میں تھی مثلاً تنکا وغیرہ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَللّٰھُمَّ جَمِّلْہُ۔ تو اس یہودی کے داڑھی کے بال باوجود یہ کہ سفید تھے سیاہ ہو گئے نیز مروی ہے کہ ایک یہودی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اونٹنی کا دودھ دوہا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ جَمِّلْہُ تو اس کے بال سیاہ ہو گئے اور وہ نوے سال تک زندہ رہا مگر بوڑھا نہ ہوا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کافر و بیگانے لوگ بھی حضور کے دستر خوان نعمت و برکت سے محروم نہ رہتے تھے تو مسلمانوں اور محبت کرنے والوں کا کیا اندازہ۔

نیز اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بزرگوں کی خدمت و رضا جوئی میں خاص تاثیر ہے اور کافروں پر بھی خیر و برکت کا افاضہ ہوتا ہے اگرچہ اخروی خیر و برکت سے محروم، مایوس رہیں مگر دنیا میں محروم نہیں رہتے۔ اگرچہ اونٹنی کے دودھ دوہنے اور حسن و جمال کی دعا دینے میں کوئی معنوی و مناسبت ظاہری نہیں ہے لیکن اتفاق ایسا ہی پڑا۔ ممکن ہے وہ یہودی ظاہری حسن و جمال رکھتا ہو۔ اس پر مزید زیادتی کے لئے دعا فرمائی ہو (واللہ اعلم)۔

ایک اور شخص کے لئے فرمایا: اَللّٰھُمَّ مَتِّعْہُ بِشَبَابِہٖ. اے خدا اسے جوانی نصیب فرما۔ اس پر اسی سال گزر گئے مگر ایک بال سفید نہ نکلا۔ مروی ہے کہ ایک دن حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا اس حال میں آئیں کہ ان کے چہرۂ انور پر بھوک کی زردی پھیلی ہوئی تھی جب حضور نے ان کی طرف نظر اٹھائی تو اپنا دست مبارک ان کے سینہ پر رکھ کر دعا کی۔ اے خدا بھوکوں کو سیر فرما۔ اے خدا فاطمہ رضی اللہ عنہ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو بھوکا نہ رکھ فوراً ان کے چہرے پر سرخی دوڑ آئی۔ سیّدہ زہرہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں اس کے بعد میں کبھی بھوکی نہ رہی اسے ابن یعقوب اسفرائی نے ''دلائل الاعجاز'' میں بیان کیا ہے۔

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عروہ بن ابی الجعد بارقی کے لئے دعا فرمائی کہ: اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَہٗ فِی صَفْقَتِہٖ اے خدا ان کی خرید و فروخت میں برکت دے تو وہ جو چیز خریدتے اس میں انہیں نفع ہوتا اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے اموال میں غنا و برکت کی دعا فرمائی تو وہ تونگری کے اس مقام پر پہنچے کہ وہ خود فرماتے ہیں اگر میں پتھر کو بھی اٹھاتا تھا تو امید رکھتا تھا کہ اس کے نیچے سونا چاندی ہوگا۔ اور مصر پر قحط کی دعا کی تو وہ قحط میں ایسے مبتلا ہوئے کہ کھالیں اور مردار کھانے لگے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا کا قصہ جو عتبہ بن ابولہب پر فرمائی کہ: اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ عَلَیْہِ كَلْبًا مِّنْ كِلَابِكَ. اے خدا اس پر اپنے کتوں میں سے کوئی کتا مسلط کر دے۔'' مشہور ہے ایک شخص نے حضور کے سامنے بائیں ہاتھ سے کھایا۔ حضور نے اسے داہنے ہاتھ سے کھانے کا حکم فرمایا۔ اس نے کہا میں نہیں کر سکتا فرمایا کبھی تو نہ کر سکے گا تو وہ کبھی اس کے بعد اپنے داہنے ہاتھ کو منہ تک نہ اٹھا سکا۔

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے درخت کے آگے نماز پڑھ رہے تھے تو ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان سے گزرا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ہماری نماز کو قطع کیا اللہ تعالیٰ اس کے قدموں کو قطع کرے۔ تو وہ شخص بیٹھ گیا اور کبھی کھڑا نہ ہو سکا ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو بلایا انہوں نے آنے میں دیر لگائی لوگوں نے کہا وہ کھانا کھا رہے ہیں فرمایا اللہ عزوجل اس کے پیٹ کو کبھی سیر نہ کرے تو معاویہ رضی اللہ عنہ اس کے بعد کبھی شکم سیر نہ ہوئے۔ یہ وہ باتیں ہیں جنہیں

علماء نے بیان کیا ہے اور یہ سب آپ کے دریائے معجزات کا ایک قطرہ ہے ان کے ماسوا بے شمار مثالیں ہیں۔ اور دعا کی اجابت وقبولیت تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے متبعین اور پیروؤں میں سے اولیاء وصلحاء امت کو بھی حاصل ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا کیفیت ہو گی؟ حق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام دعائیں مقبول مستجاب ہیں جیسا کہ کہا گیا۔

اب رہا استغفار فرمانا، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر گھڑی استغفار کرتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ کُلَّ یَوْمٍ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً بلاشبہ میں اللہ تعالیٰ سے روزانہ ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں ایک روایت میں ستر مرتبہ سے زیادہ ہے۔ اور ایک روایت میں سو مرتبہ ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ کثرت استغفار اور اس میں مبالغہ مراد ہے نہ کہ یہ مخصوص عدد (واللہ اعلم)۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے وہ فرماتے ہیں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مجلس میں کھڑے ہونے سے پہلے سو مرتبہ اسے پڑھتے گنا کرتے تھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ ایک روایت میں ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمِ الخ۔ اور ایک روایت میں ہے ابن عمر ہی سے یہ ہے کہ ہم گنا کرتے تھے کہ حضور ایک مجلس میں اسے سو مرتبہ پڑھتے تھے رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ۔ بخاری میں شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا ''سید الاستغفار'' یہ ہے کہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اور ایک روایت میں اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ. الخ۔ آیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اسے دن میں یقین کامل کے ساتھ پڑھے اور شام ہونے سے پہلے مر جائے تو وہ جنت میں جائے گا اور جو اسے رات میں کہے صبح ہونے سے پہلے مر جائے تو جنت میں جائے گا۔

علماء فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا استغفار کرنا امت کی تعلیم وتشریع کے لئے ہے۔ تاکہ وہ ہمیشہ استغفار کرنے اور توبہ کرنے والے رہیں۔ ورنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو معصوم ومغفور ہیں آپ کو استغفار وتوبہ کی کیا ضرورت ہے۔ یا یہ استغفار امت کے لئے فرماتے تھے (واللہ اعلم)۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّہٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ وَاِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ (الحدیث) بلاشبہ بعض اوقات میرا دل در پردہ ہوتا ہے تو میں خدا سے استغفار کرتا ہوں۔ یغان غین سے ماخوذ ہے غین اس رقیق ولطیف پردے کو کہتے ہیں جو آفتاب پر آجاتا ہے اور اس غین ودر پردہ کی حقیقت کو پانے سے علماء وعرفاء عاجز وحیران ہیں۔ اکثر کا یہ خیال ہے کہ یہ غین ایک پردۂ رقیق ولطیف ہے جو بحکم بشریت لوگوں سے ملنے جلنے، دین وملت کے امور کا اہتمام کرنے، مخلوق کو دعوت دینے اور احکام شریعت بیان کرنے سے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدۂ شہود پر مشاہدۂ وحدت سے یک گونہ فرق وغفلت طاری ہوتا ہے نور وحدت کے ظہور وذکر کی آگ سے جو اشتغال واضمحلال رونما ہوتا ہے اس حالت کے پیش آنے پر حضور استغفار کرتے تھے: حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّاٰتُ الْمُقَرَّبِیْنَ. نیکوکاروں کی نیکیاں مقربین کی بدیاں ہوتی ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر لحہ مقام قرب میں ترقی در ترقی تھا۔ اور تجلیات حق کے رنگ میں آپ کے مشاہدات کی حد ونہایت نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر آن نور جلال کا پردہ دکھائی دیتا تھا اور نورانی تجلی پر اور نورانی تجلی کا اضافہ ہوتا جاتا تھا آگے کے مقام کے مقام منکشف ہو جانے کے بعد پہلے مقام کے توقف

پر استغفار کرتے تھے کہ کیوں اس وقت تک اسی مقام میں توقف ہے۔ آپ اسے اپنی خطا جانتے ہیں۔ بعض صوفیاء اسے کہتے ہیں غَیْنُ الْاَنْوَارِ لَاغَیْنُ الْاَغْیَارِ انوار کا پردہ ہوتا تھا نہ کہ غیریت کا پردہ۔ طیبی شرح مشکوٰۃ میں شیخ ابوالوقت شیخ شہاب الدین سہروردی سے نقل کر کے فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح اقدس ہمیشہ مقام ترقی وشوق اور رفیق اعلیٰ سے ملنے اور عالم ملکوت سے ملحق ہونے میں جو ان کا مقام اصلی ہے رہتی تھی۔ اور قلب روح کے تابع اور نفس قلب کے تابع ہوتا ہے۔ اور شک نہیں ہے قلب کی حرکت و رفتار، نفس کی حرکت سے زیادہ تیز اور قائم ہے تو لامحالہ نفس مقام قرب اور حریم عزت کے عروج میں روح اور قلب کے مصاحبت و رفاقت سے جدا ہو جاتا ہے جو علاقہ عنصری سے انقطاع کا موجب ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی حکمت بالغہ اور اس کی غیر متناہی رحمت و مہربانی ہے خلق کی تکمیل وارشاد کے لئے آپ کے عنصر شریف کی بقاء کا اقتضا فرماتی ہے۔ اور جلد ہی یہ غین اور اس پردہ کو قلب شریف کی حرکت کم کرنے کے لئے ڈالتی تھی تا کہ بالکلیہ قلب، روح کی طرف چلا نہ جائے۔ اور عالم قدس سے نہ مل جائے۔ اور حضور کمال شوق اور جہان میں جذب ہونے کی وجہ سے قلب کی حرکت کے کم ہونے کے باعث استغفار کرتے تھے۔ باوجود اس بات کے کہ اس میں حکمت و مصلحت ہے۔ اور تکمیل امت کی خواہش کمال درجہ ہے مگر ترقی کے لئے استغفار اور عذر خواہی کرتے تھے۔

اصمعی سے جو علم لغت کے بڑے عالم ہیں لوگوں نے غین کے بارے میں پوچھا کہ یہ کیا ہے اور اس سے کیا مراد ہے فرمایا سائل اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غین کے سوا، کے بارے میں پوچھتا تو میں اس کا جواب جو کچھ میں جانتا دے دیتا۔ لیکن قلب مصطفیٰ اور اس کے احوال وصفات کے بارے میں دم مارنے کی سکت نہیں ہے۔ مجھے اصمعی کی یہ بات بہت اچھی معلوم ہوئی اللہ تعالیٰ نے اس کو قلب مصطفوی کے اداب واحترام کی توفیق مرحمت فرمائی جس کو سوا خدا کے کوئی نہیں جان سکتا۔ اور جو بھی جو کچھ کہتا ہے اپنی معرفت وقیاس کے مطابق کہتا ہے۔ اور آپ کا مقام ان سب سے بلند وارفع ہے جو کوئی مقام کی خبر دیتا ہے۔ اور حقیقت حال کا انکشاف کرتا ہے وہ متشابہات کی تاویل کے درپے ہوتا ہے۔ حالانکہ متشابہات کا علم اور اس کی تاویل بجز خدا کے کوئی نہیں جانتا۔

قرأت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت ترتیل وتفسیر کے ساتھ ایک ایک حرف صاف ہوتی تھی۔ حروف مد میں مد کرتے اور آیت کے سرے پر وقف کرتے تھے۔ چنانچہ پڑھتے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور وقف فرماتے اس کے بعد پڑھتے: اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وقف کرتے اس کے بعد پڑھتے مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اور وقف کرتے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اسے وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں۔ اہل فن قرأت کے وقف میں کچھ قاعدے ہیں جو باعتبار تمام کلام اور اس کے مابعد سے عدم تعلق اور مابعد کا ماقبل سے انقطاع تعلق، تقسیم کرتے ہیں اسی بنا پر وقف کو وقف تام، وقف حسن اور وقف کافی نام رکھتے ہیں۔ جیسا کہ تجوید کی کتابوں میں مذکور ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سورت کو ترتیل سے پڑھتے حتیٰ کہ وہ سورت اس سورت سے بھی بڑھ جاتی جو سورۃ دراز تر ہے اور حضور کی خوش آوازی اور خوش قرأت سے زیادہ کوئی دوسرا نہ تھا اور حضور اپنی قرأت میں تغنی یعنی لحن صوت کا بھی لحاظ فرماتے۔ اور بسا اوقات اس سے آواز کو بلند فرماتے۔ جیسا کہ فتح مکہ کے روز، سورۂ انا فتحنا کی قرأت میں آواز کی خوش اسلوبی کا لحاظ فرمایا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مغفل نے حضور کی ترجیع کو تین الف سے تعبیر کیا ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے ظاہر ہے کہ حضور کی ترجیع کا عمل یعنی آواز کو بڑھا بڑھا کر پڑھنا آپ کا اختیاری عمل تھا نہ کہ بطریق اضطرار اور اونٹنی کی جنبش سے۔ جیسا کہ لوگ خیال کرتے ہیں۔ اگر اونٹنی کی جنبش سے ہوتا تو عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مغفل اسے بیان نہ کرتے۔ اور اس کی خبر نہ دیتے تا کہ لوگ اس میں آپ کی پیروی کرتے۔ اور ترجیع کو فعل رسول کی طرف نسبت نہ کرتے۔ اور یہ نہ کہتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ترجیع فرمائی جیسا کہ ظاہر ہے۔

صحیح حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زَیِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ یعنی اپنی خوش آوازی سے قرآن کو آرائش دو

فرمایا: لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ یعنی وہ ہم میں سے نہیں جس نے قرآن کو خوش آوازی سے نہ پڑھا اور فرمایا حق تعالیٰ کسی چیز کو ایسا نہیں سنتا۔ اور متوجہ نہیں ہوتا جیسا کہ نبی کی خوش آواز سے پڑھنے کو سنتا اور متوجہ ہوتا ہے یعنی وہ قرآن کو خوش آوازی اور جہر سے پڑھتا ہے۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لِکُلِّ شَیْءٍ حِلْیَةٌ وَّحِلْیَةُ الْقُرْاٰنِ حُسْنُ الصَّوْتِ یعنی ہر چیز کی ایک زیبائش ہے اور قرآن کی زیبائش خوش آوازی ہے۔ مروی ہے کہ ایک رات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرأت توجہ سے سماعت فرمائی کیونکہ وہ حد درجہ خوش آواز اور خوش خواں تھے۔ ان کی مدح میں حضور نے فرمایا: اُعْطِیَ مِزْمَارٌ مِّنْ مَّزَامِیْرَ آلِ دَاوٗدَ۔ یعنی آل داؤد کے لحنوں میں سے ایک لحن انہیں عطا کیا گیا ہے۔ جب دن ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی سماعت فرمانے کی خبر دی، حضرت ابوموسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا افسوس، اگر میں جانتا کہ یارسول اللہ آپ سن رہے ہیں تو میں اس سے زیادہ تحسین وتزئین کے ساتھ پڑھتا۔

علماء نے تغنی بالقرآن کے مسئلہ میں اختلاف کیا ہے بعض نے مطلقاً جائز رکھا ہے یعنی اگرچہ مد میں زیادتی اور حرکات میں اشباع وغیرہ لازم آئے اگرچہ وہ علم موسیقی کے قوانین پر ہو اور بعض مطلقاً منع کرتے ہیں اور حق جو دائرۂ انصاف کا مرکز ہے یہ ہے کہ خوش آوازی اور تغنی دو وجہ پر ہے ایک یہ کہ طبعیت اسے چاہے، تکلف، بناوٹ اور تعلیم کے بغیر ادا کرے۔ بلکہ جب اسے اس کی طبعیت پر چھوڑ دیا جائے تو وہ اسے خوش آوازی، خوش الحانی کے ساتھ ادا کرے تو یہ جائز ہے۔ اگرچہ تزئین وتحسین کی زیادتی کے ساتھ ادا کرے۔ جیسا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر میں جانتا کہ حضور سن رہے ہیں تو اور زیادہ تزئین وتحسین یعنی آراستہ اور سنوار کے پڑھتا۔ اور جس پر خوشی، بیخودی اور شوق کا غلبہ ہو وہ اپنے نفس کا مالک نہ رہے اور قرأت میں خوش آوازی، آراستگی اور تزئین صوت میں اختیار نہ رہے۔ وہ مطبوع ہے۔ یعنی طبعی صفت ہے منطبع نہیں یعنی اس میں بناوٹ نہیں ہے۔ صوت عرب اور لحن عرب سے یہی مراد ہے اور یہ ایک قسم کی تغنی ہے جسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کرتے اور سنتے تھے یہ تغنی محمود ہے کیونکہ اس سے پڑھنے والے اور سننے والے دونوں متاثر ہوتے ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ علم موسیقی کی صنعتوں میں سے کوئی صنعت ہو وہ از قسم طبائع نہیں ہوا اور تصنع بناوٹ اور تکلف سے حاصل ہوتا ہو۔ جیسا کہ طرح طرح کے مرکب وغیر مرکب موسیقی کے سر ہیں جو مخصوص تھاپ اور اختراعی آوازوں کے قواعد واصول سے بنتے ہیں۔ اور یہ بغیر تعلیم وتکلف کے حاصل نہیں ہوتا تو اس قسم کو علماء سلف مکروہ جانتے ہیں اور اس وجہ سے قرأت کرنے سے منع کرتے ہیں۔ اور جسے اسلاف کے احوال کا علم ہے وہ بخوبی جانتا ہے کہ اسلاف موسیقی کے سروں سے بیزار تھے کیوں کہ اس کی تمام باتوں میں تکلف اور بناوٹ ہوتی ہے یہ حضرات اس طریقے پر قرآن پڑھنے سے بیزار ومجتنب ہیں اور اسے جائز نہیں رکھتے۔ بلکہ سوز وگداز، خوش آوازی اور خوش خوانی سے پڑھنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور یہ ایسی بات ہے جو سب طبعیتوں میں موجود ہے۔ اور شارع علیہ اسلام نے اس کی ممانعت نہیں فرمائی۔ بلکہ اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ اور لوگوں سے اس طرح پڑھوایا ہے اور خبر دی ہے کہ حق تعالیٰ ایسے پڑھنے کو خوب سنتا ہے۔ اور فرمایا جو خوش آوازی سے قرآن نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں۔

ابن ابی شیبہ، عقبہ رضی اللہ عنہ بن عامر سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا ہے قرآن کو سکھاؤ اور اسے خوش آوازی سے پڑھو اور حدیث کو لکھو۔ یہ سب مواہب لدنیہ میں مذکور ہے۔

حکایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت داؤد علیہ السلام جب چاہتے کہ بنی اسرائیل سے کلام فرمائیں اور انہیں زبور سنائیں تو سات دن بھوکے رہتے اور اپنی ازواج پر تشریف نہ لاتے اس کے بعد سلیمان علیہ السلام سے فرماتے کہ اطراف وجوانب، دشت وجبل ہر جگہ اعلان کر دو کہ داؤد فلاں دن اجلاس کریں گے اور کلام کریں گے۔ اس کے بعد منبر نکال کر میدان میں بچھایا جاتا اس پر حضرت داؤد

تشریف فرما ہوتے ان کے پیچھے حضرت سلیمان علیہ السلام کھڑے رہتے۔ جن وانس، وحش وطیور اور حشرات الارض جمع ہو کر چاروں طرف بیٹھ جاتے۔ کنواری اور پردہ نشین عورتیں آتیں۔ ذکر کو سنتیں اس کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام حمد وثنائے الٰہی سے ابتدا فرماتے اور زبور کی تلاوت کرتے اس پر سننے والوں کی ایک جماعت مر جاتی۔ اس کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام گنہگاروں کی طرف متوجہ ہو کر نصیحت شروع فرماتے۔ اس پر بھی ایک جماعت سننے والوں کی مر جاتی۔ اس کے بعد جب کثیر تعداد مرنے والوں کی ہو جاتی تو حضرت سلیمان علیہ السلام عرض کرتے اے اللہ کے نبی لوگوں کی موتیں بہت کثرت سے ہوگئی ہیں۔ اور سننے والوں کے جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہیں تو حضرت داؤد علیہ السلام چہرے کے بل گر پڑتے اور بیہوش ہو جاتے اور انہیں اٹھا کر گھر لاتے۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام لوگوں میں اعلان فرماتے کہ جس کا خویش واقارب اور دوست ہے وہ لاشوں کو تلاش کر کے نکال کے لئے جائے تو عورتیں تختوں کو لے کر آتیں اور اپنے شوہروں، فرزندوں اور بھائیوں کو اٹھا کر بستی میں لے جاتیں۔ اور جب حضرت داؤد علیہ السلام دوسرے دن ہوش میں آتے تو حضرت سلیمان علیہ السلام سے دریافت کرتے کہ بنی اسرائیل کے لوگوں کا کیا حال ہے؟ عرض کرتے اے اللہ کے نبی فلاں فلاں مر گیا ہے اور سب کے نام گناتے۔ اس کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں کو سر اور منہ پر مار کر مناجات کرتے، اے خدا! تو کیا داؤد علیہ السلام سے ناراض ہے کہ ان لوگوں کے ساتھ اسے موت سے ہمکنار نہیں کیا۔ جو تیرے خوف اور شوق میں مر گئے ہیں تو حضرت داؤد علیہ السلام کا دوسری مجلس تک یہی حال رہتا۔ اور وہ ہمیشہ اسی حال پر قائم رہے۔ جبتک کہ اللہ عزوجل نے چاہا۔

کوئی یہ گمان نہ کرے کہ بنی اسرائیل کا حال، اس امت کے حال سے اکمل واعلیٰ تھا۔ لیکن غنا اور مزمار میں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اشعری کا حال بہت کافی ہے۔ جو کہ ان کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انہیں آل داؤد کے مزامیر میں سے ایک مزمار دیا گیا ہے۔ لیکن خوف وشوق سے مرنا تو اس کا جواب دو طرح پر ہے۔ ایک یہ کہ ہم کہتے ہیں کہ اس امت کو وہ قوت عطا فرمائی گئی ہے جو ہر اس حالت کو جو درپیش ہو برداشت کر لیتی ہے۔ اور اس کی قوت جسمانیہ فنا نہیں ہوتی۔ بلکہ تائیدات الٰہیہ سے قوت روحانیہ پیدا ہوتی ہے۔ یہ اس امت کی قوت کی زیادتی اور اس پر قائم رہنے کی بنا پر ہے کہ سماع موعظہ کا حال اور عدم سماع کا حال برابر ہے۔ بلکہ پے درپے احوال ذکر واطوار سے یقین ہی بڑھتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا گیا ہے: لَوْ كُشِفَ الْغِطَاءُ مَا ازْدَادَتْ يَقِيْنًا اگر حجابات اٹھا دئے جائیں تو یقین ہی زیادہ ہو۔ یا جس طرح کہ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا حال ہے کہ باوجود یہ کہ وہ اصحاب مزامیر اور اس کے اخص اخواص تھے۔ امت سے افضل ہیں۔ موت کا انہیں اتفاق نہ ہوا جس طرح کہ دوسروں کو موت کا اتفاق پڑا۔ یہ نہ تھا مگر اس بنا پر کہ ان کا حال تمکین وقوت اور اس ربانی قوت کی بناء پر جو ان کی مدد کر رہی تھی لیکن حضرت داؤد علیہ السلام کا نہ مرنے پر توجہ فرمانا اور اس سے ان کا معذرت خواہ ہونا تو یہ تواضع وانکسار اور امت پر ان کی شفقت میں سے ہے نہ یہ کہ اپنے کسی امتی کے مرتبہ سے کمتر ہونے میں ہے۔ (معاذ اللہ) اور اس قوت الٰہیہ اور قلب کے متحمل ہونے کی جانب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اشارہ فرمایا ہے کہ ایک دن ایک شخص کو قرآن کریم سننے کے وقت روتے اور بیچین وبے خود ہوتے دیکھا تو فرمایا ہم بھی ایسے ہی تھے لیکن اب ہمارا دل سخت ہو گیا ہے انہوں نے قوت وتحمل کو بر بنائے تواضع وانکسار، قسوۃ وسختی سے تعبیر فرمایا حالانکہ ان کا مرتبہ محفوظ ان کی منزلت بہت بلند اور وہ ہر برائی سے مرفوع ہیں۔

منقول ہے کہ حضرت سہیل تستری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دن کسی سے قرآن کریم سنا تو ان کے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔ اور بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے۔ بعد کو لوگوں نے پوچھا کہ کیا بات ہے۔ پہلے تو کبھی ایسا حال نہ تھا۔ فرمایا حال کی کمزوری ہے۔ لوگوں نے کہا اگر یہ کمزوری ہے تو قوت پھر کیا ہے؟ فرمایا۔ ''قوت یہ ہے کہ سب جذب کرے اور اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ اور قائم رہے۔

اور دوسرا طریقہ اس کے جواب کا یہ ہے کہ اس امت میں بھی بہت سے اگلے پچھلے لوگ، سماع قرآن کی مجلس میں خوف وشوق میں مرے ہیں۔ اور ذوق وشوق میں اس جہان سے چل بسے ہیں۔ مواہب لدنیہ میں لکھا ہے کہ ابواسحٰق ثعلبی نے ایسے حضرات کے اسماء میں کئی جلدیں لکھی ہیں اور کتاب ''نفحات الانس'' میں بھی ان حضرات کا ذکر ہے جو سماع قرآن کی مجلس میں جان، جان آفریں کے سپرد کر چکے ہیں۔

مسئلہ سماع: وصل: اب جب کہ قرآن کو خوش آوازی سے پڑھنے کی بات چل نکلی ہے تو اگر مجملاً مسئلہ سماع کا بھی اشارہ کر دیا جائے تو بعید نہ ہوگا۔

واضح رہنا چاہئے کہ اس مسئلہ میں قدیم وجدید اور قول وفعل میں بہت اختلاف ہے۔ بعض اباحت پر قائم ہیں۔ اور بعض شک وتردد میں ہیں اور کہتے ہیں نہ ہم اسے کرتے ہیں اور نہ انکار کرتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ سماع کا مَشَارٌ اِلَیْہِ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: اَلَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ جو بات کو سنتے اور اس پر خوب پیروی کرتے ہیں۔ ارشاد باری ہے: وَاِذَا سَمِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰی اَعْیُنَھُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ اور جب سنتے ہیں جو رسول پر نازل ہوا تو دیکھئے کہ عرفان حق سے ان کی آنکھیں ابل پڑتی ہیں۔ عوارف میں کہتے ہیں کہ یہ وہ سماع ہے جس کی حقانیت پر سب کا اتفاق ہے اور کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے۔ یہ سماع اپنے رب سے رحمت کے حصول کا موجب ہے۔ البتہ اختلاف، اشعار وقصائد کو بالحان مطربہ موسیقیہ کے سماع میں ہے اور اس میں کثرت اقوال اور تباین احوال ہے۔ بعض اسے ممنوع قرار دیتے ہیں اور فسق وفجور کے ساتھ ملاتے ہیں اور بعض اسے جائز اور اسے حق واضح شمار کرتے ہیں اور دونوں گروہ میں افراط وتفریط ہے (انتہی کلام العوارف)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس مسئلہ میں تین راہیں ہیں۔ ایک مذہب فقہاء کا ہے یہ حضرات اس کا شدت وسختی کے ساتھ انکار کرتے ہیں۔ اور مسلک تعصب وعناد کی راہ پر گامزن ہیں۔ اور اس فعل کو ذنوب وکبائر کے ساتھ ملاتے ہیں۔ اور کفر وزندقہ اور الحاد سے اسے اعتقاد کرتے ہیں۔ اور یہ افراط وزیادتی ہے اور طریقہ اعتدال وانصاف سے خروج ہے انہیں اس پر اتنی جرأت نہ کرنی چاہئے۔ خصوصاً اختلافی مقامات میں۔ ہاں اس پر علماء مذہب کے جو حرمت وکراہت پر دلائل ہیں اسے نقل کیا جا سکتا ہے۔ اور دوسرا مذہب محدثین کا ہے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اس کی حرمت میں حدیث صحیح اور نص صریح کوئی ثابت نہیں ہے بلکہ اس ضمن میں جتنی حدیثیں مروی ہیں وہ یا تو موضوع ہیں یا مطعون، اسی طرح آیات قرآنیہ میں ہے اگرچہ بعض مفسرین نے ایسی تفسیریں کی ہیں جو حرمت غنا پر دلالت کرتی ہیں لیکن ان کی تاویلیں اور محملات اور بھی ہیں جن کو ان کے سوا دیگر مفسرین وعلماء نے بیان کیا ہے لہٰذا جب حرمت ثابت نہ ہو تو حل واباحت ثابت ہو جاتی ہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ کا ارشاد دلیل ہے کہ وَاُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبَاتُ تمہارے لئے طیبات حلال بنائی گئیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ دلیل قطعی سے نہ ان کی حرمت ثابت ہوتی ہے اور نہ ان کی اباحت، لہٰذا مسئلہ مبنی بر اصل اشیاء میں جو حظر واباحت ہے قرار پائے گا۔

اور تیسرا مذہب، سادات صوفیائے کرام کا ہے۔ اس مسئلہ میں ان کا مذہب مختلف اور افعال مجتذب مروی ہیں۔ بعض اجتناب کرتے ہیں اور بعض اس میں شغف رکھتے ہیں اور چاہئے کہ ان کا انکار اشد اور ان کا اجتناب وتشدید اقوی ہو اس لئے کہ ان کا مذہب، عزیمت کو اختیار کرنا اور تمام اوقات واحوال میں اقوال وافعال میں احتیاط کرنا ہے لیکن ان میں سے کچھ حضرات شغف وشوق سکر محبت، صفح حال اور وجد وہیجان وغیرہ میں اتنے مغلوب ہیں کہ ان کا حکم فریفتہ ودلدادہ اور مدہوشی کا حکم رکھتا ہے۔ اور نغمات کا نفوس میں اثر انداز ہونے میں شک وشبہ نہیں ہے کہ یہ دلوں کو طرب انگیز کرتا اور باطن میں سرایت کرتا ہے۔ اس کا مشاہدہ ظاہر وعیاں ہے حتیٰ کہ

بعد نماز ذکر و دعا: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد اذکار و دعائیں پڑھا کرتے تھے۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے یعنی سلامت کرتے تو تین بار استغفار کرتے اور دعا مانگتے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اتنی دیر بیٹھے رہتے جب تک آپ یہ دعا پڑھتے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ان دونوں حدیثوں کو مسلم نے روایت کیا ہے اور بخاری میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں کہ جب آپ سلام کرتے تو تھوڑی دیر اپنی جگہ ٹھہرے رہتے تھے۔ ہم گمان کرتے ہیں کہ یہ ٹھہرانا اس لیے تھا کہ مسجد سے عورتیں پہلے نکل جائیں تاکہ مردوں سے ان کا اختلاط نہ ہو۔

اس نفی سے مراد کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس ہیئت پر جس میں سلام سے پہلے تھے زیادہ دیر نہ بیٹھتے تھے مگر اسی قدر اس کے بعد حضور کبھی داہنی جانب اور کبھی بائیں جانب اور کبھی صحابہ کی طرف رخ انور کر کے پھر جاتے تھے۔ اور دعا و ذکر فرماتے تھے۔ علماء فرماتے ہیں کہ صحابہ کی جانب رخ انور کرنا اس وقت ہوتا جب آپ قرآنی آیت یا کوئی نازل شدہ حکم بیان فرماتے۔ اور نماز کے بعد ادعیہ اور اذکار ان کتب احادیث میں بکثرت مذکور ہیں جو اس ضمن میں مرتب کی گئی ہیں۔ جیسے جزری کی ''حصن حصین'' اور امام نووی کی ''الاذکار'' وغیرہ کتابیں۔ یہ لازم نہیں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان سب دعاؤں کو ہمیشہ ہی پڑھا کرتے تھے بلکہ ان میں سے جو چاہا پڑھا کبھی کل کو اور کبھی بعض کو۔ جتنا بھی اجر و فضیلت اور اتباع سنت کے لیے ضروری ہوتا اس مفہوم کی تصریح امام محی الدین نووی نے دعاؤں کے شروع میں اور ان کے سوا مقامات میں فرمائی ہے اور ظاہر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل شریف بھی اسی نہج پر تھا نہ یہ کہ تمام دعاؤں کو اور تمام اوقات میں لازماً پڑھتے۔ اسی بنا پر بعض کتابوں میں کچھ ایسی دعائیں ہیں جو دوسری کتابوں میں نہیں ہیں۔ اور صحابۂ کرام نے ان میں سے جس دعا کو سنا وہ اسی پر عمل کرنے لگے اور اسی کی روایت کرنے لگے۔ اسی طرح تمام اعمال، نوافل اور مستحبات میں یہی صورت حال ہے۔ اور ان میں اختلاف کا موجب بھی یہی صورت حال ہے۔ نیز علما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مستحبات کو یاد دلانے اور ان کے پڑھنے میں رغبت و شوق پیدا کرنے اور اذکار و دعوات میں ترغیب دینے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ان کا وجوب لازم نہیں آتا۔ (واللہ اعلم)

اب ہم اس جگہ بعض ایسے اذکار اور دعاؤں کو بیان کرتے ہیں جن میں کوئی نکتہ اور بات مذکور ہے ان میں پہلی دعائے استغفار ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تین مرتبہ ان لفظوں سے پڑھتے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اور مسلم و ترمذی میں مطلقاً آیا ہے کہ جب سلام پھیرتے تو تین بار استغفار کرتے، اوزاعی سے جو کہ امام اہل شام ہیں پوچھا گیا کہ استغفار کی کیفیت کیا ہے فرمایا۔ فرماتے: استغفر اللہ، استغفر اللہ، استغفر اللہ۔'' اور بعض نادان لوگ اس میں استحالہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نماز کے بعد استغفار کرنا اس امر کا وہم پیدا کرتا ہے کہ نماز بھی گناہوں کے زمرے میں سے ہے جیسا کہ اس گمراہ فرقہ سے جسے مہدویہ کہتے ہیں منقول ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ جو کوئی نماز کے بعد کلمہ توحید پڑھتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے اور ان غلطیوں کا صدور، جو نماز میں درپیش آئیں نماز خود ہی استحباب استغفار میں کافی ہے حالانکہ سنت صحیحہ کے وارد ہونے کے بعد ایسی باتیں ساقط الاعتبار ہیں۔

نماز کے بعد پڑھتے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اسے مسلم نے روایت کیا اور بعض روایت میں ''منک السلام'' کے بعد ''والیک یرجع السلام'' بھی زیادہ آیا ہے اور مشائخ کے وردوں میں اس سے بھی زیادہ ہے وہ کہتے ہیں: فَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَالسَّلَامِ اور صحیح روایتوں میں یہ مروی نہیں مگر اسی قدر جتنا گزرا۔ جیسا کہ شیخ ابن حجر مکی

جانوروں میں نادانوں میں اور بچوں میں بھی اس کا اثر دیکھا گیا ہے۔ اور جوان میں سے متمکن و متحمل اور بساط حکم و آداب پر ثابت قدم رہنے والے ہیں ان کے نہ قدم ڈگمگائے ہیں اور نہ اہل شوق کی مانند متلون، مترنح اور غلبہ وجد و عزام سے متشعر ہیں۔

بعض عرفاء فرماتے ہیں کہ سماع ان لوگوں کے لئے ہے جو تجلیات صفات کے اہل اور ارباب وجد میں سے ہیں جن پر احوال مختلفہ اور صفات متبانیہ کا گزر ہوتا رہتا ہے لیکن جن پر ذات کی تجلی ہوتی ہے ان کا مقام سب سے بلند وارفع ہے۔

اس جماعت اہل طریقت نے سماع کے آداب و شرائط کی تحقیق کی ہے جو طالب اتباع کے لئے کافی ہیں اور وہ احکام و معارف کے درمیان جامع ہیں۔ ان کو کتاب ''عوارف'' میں ملاحظہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ اس میں ایک باب رد و انکار میں، ایک باب قبول و ایثار میں ایک باب سماع سے ترفع و استغفار میں ذکر آداب و اعتنا میں باندھا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

صاحب کتاب ''الامتاع باحکام السماع'' فرماتے ہیں کہ سماع کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی قسم وہ ہے جو عام طور پر رائج ہے۔ اور اسے دلوں کی خوشی، کاموں کی آسانی، بوجھوں کے اٹھانے اور حج کی مسافت کو طے کرنے میں استعمال کرتے ہیں اس میں خانہ کعبہ اور زمزم شریف کے اوصاف بیان کرتے ہیں۔ رزمیہ اشعار پڑھتے ہیں جس میں مقام جنگ و جہاد اور اس کی تعریف و توصیف ہوتی ہے جیسے حداد، نصب وغیرہ یا بچوں کو بہلانے کے لئے عورتوں کا گنگنانا وغیرہ یہ سب مباح ہیں۔ اگر ان میں فواحش و محرمات کا ذکر نہیں ہے۔ بلکہ مندوب و مستحب ہے کیونکہ اعمال مرفوع پر موجب نشاط ہے دوسری قسم وہ استحال و گانا ہے جسے فنکار فن موسیقی کے تحت گاتے اور اشعار میں گدازگی اختیار کرتے ہیں اور آوازوں میں ایسا اتار چڑھاؤ کرتے ہیں جس سے نفس میں ہیجان و سرور آتا اور دلوں کو خوشی و مسرت سے گرماتا ہے، یہ قسم علماء کے درمیان مختلف فیہ ہے۔ ایک گروہ مباح رکھتا ہے۔ اور ایک گروہ حرام قرار دیتا ہے۔ اور ایک گروہ مکروہ بتاتا ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ امام مالک امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور احمد رحمہم اللہ سے زیادہ مشہور واصح قول کراہت میں ہے۔ اگرچہ حرام کا اطلاق بھی ہے۔ چنانچہ قاضی ابوالطیب، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے حرمت کا قول نقل فرماتے ہیں۔ اور شیخ شہاب الدین سہروردی عوارف میں فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ غنا کو ذنوب و معصیت سے شمار کرتے ہیں۔ اسی طرح قاضی ابوالطیب اس کی حرمت، عامر شعبی، سفیان ثوری، حماد، نخعی اور فاکہی رحمہم اللہ سے اس سند کے ساتھ جو ان کی ہو نقل کرتے ہیں۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ کسی نے ان سے گانے کے بارے میں مسئلہ پوچھا تو فرمایا یہ اس ہوا کی مانند ہے جو ایک کان سے داخل ہو کر دوسرے کان سے نکل جاتی ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ یہ اس کے اباحت کی جانب اشارہ ہے۔ اور اہل کوفہ، اہل مدینہ اور اہل عراق سے اس کی حرمت نقل کی گئی ہے۔ اور ایک جماعت اس کی اباحت کی طرف گئی ہے۔ اس میں انہوں نے قول کو مطلق رکھا اور مرد، عورت اور لڑکوں کے درمیان تفصیل نہیں کرتے ان سب کو برابری دیتے ہیں لیکن اس میں واقع ہونے اور فتنہ سے محفوظ رہنے کی شرط لگاتے ہیں اور بعض قلیل و کثیر اور مرد و عورت کے درمیان کرتے ہیں اور اباحت کے قائل حضرات کہتے ہیں کہ صحابۂ کرام کی جماعت کثیرہ جس میں عشرہ مبشرہ کے بھی کچھ حضرات ہیں اور تابعین و تبع تابعین و اتباع تبع اور دیگر علماء محدثین و علماء دین کا جم غفیر جو صاحبان زہد و تقوی اور ارباب علم و عبادت ہیں ان سے غنا اور اسکا سماع مروی ہے اور انہوں نے ان سے اس باب میں اتنی روایات و حکایات بیان کی ہیں۔ جو بہت کافی ہیں۔ اور بلاشبہ پتہ چل جاتا ہے کہ یہ اس میں ائمہ دین اور اکابر اہل یقین اختلاف رکھتے ہیں۔ لیکن عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کا سماع غنا میں مشغول ہونا مستفیض و مشہور ہے اور ان کو جن فقہا حفاظ اور ارباب تواریخ نے دیکھا ہے اسے نقل کیا ہے اور ابن عبدالبر ''استیعاب'' میں فرماتے ہیں کہ ان کے سماع میں کوئی قباحت نہیں دیکھتا اور ان کے زمانہ میں ان کے چچا حضرت علی مرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ عنہ امیر المومنین تھے اور وہ جمیلہ کے گھر جاتے جو بہترین گانے والی تھیں اس نے قسم کھا رکھی تھی کہ ان کے سوا کسی کے لئے اپنے گھر میں نہیں غنا کروں گی تو وہ ان کے

لئے گاتی اور اس نے چاہا کہ اس کے گھر میں آ کر ان کو سنائے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دے تو انہوں نے اس سے منع فرما دیا۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن جعفر کے ہمسایہ بتاتے ہیں کہ وہ گاتی تھیں اور ان کے لئے بربط بجائی جاتی تھی۔

منقول ہے کہ حضرت سعید بن المسیب جو کہ افضل تابعین تھے اور تقویٰ اور پرہیز گاری میں ضرب المثل تھے غنا سنتے اور اس کے سماع سے لطف اندوز ہوتے تھے اسی طرح حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اور قاضی شریح رضی اللہ عنہم جلالت شان اور کبرسنی کے باوجود باندیوں سے غنا سنا کرتے تھے۔ اور حضرت سعید بن جبیر جو کہ اعاظم تابعین سے تھے باندیوں سے سنتے تھے جو گاتی اور دف بجاتی تھیں اسی طرح عبدالمالک بن جریج جو کہ علماء وحفاظ اور فقہاء عباد میں سے تھے جن کی عدالت وجلالت پر اجماع ہے۔ وہ غنا کو سنتے اور قواعد موسیقی سے واقف تھے اور ابراہیم بن سعد وہ شخص تھے جو فقہ اور روایت میں امام عصر تھے وہ طلبا کو حدیث اس وقت تک نہ سناتے جب تک کہ انہیں غنا نہ سنواتے۔ اور ہارون رشید کی محفل میں غنا کی حلت کا فتویٰ دیا۔ ان سے لوگوں نے امام مالک کا احوال دریافت کیا تو فرمایا مجھے معلوم ہوا ہے کہ یربوع کے قبیلے میں ان کی دعوت تھی اور اس قبیلہ کے لوگوں کے پاس بربط وغیرہ ساز تھے جو گاتے اور اس سے کرتب دیکھاتے ہیں اور امام مالک کے پاس چوکور دف تھا جسے بجایا جاتا۔ اور گایا جاتا تھا (واللہ اعلم)۔

صاحب تذکرہ نے حکایت نقل کی ہے کہ لوگوں نے امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ سے غنا کا مسئلہ پوچھا تو دونوں نے فرمایا غنا نہ کبائر میں سے ہے نہ صغائر میں سے۔ منقول ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہم اللہ کا ایک ہمسایہ تھا جو ہمیشہ رات کو اٹھ کر گاتا بجاتا تھا اور امام اس کے غنا پر کان دھرتے تھے ایک رات اس کی آواز نہ سنی تو اس کے گھر والوں سے پوچھا کیا بات ہے آج رات اس کی آواز نہیں آ رہی تھی۔ بتایا کہ آج وہ باہر نکلا تو سپاہیوں نے پکڑ کر جیل میں ڈال دیا اس کے بعد امام صاحب نے اپنا عمامہ باندھا امیر کے پاس تشریف لے گئے اور اس کے چھڑانے کی سفارش فرمائی۔ امیر نے پوچھا اس کا نام کیا ہے؟ فرمایا عمر رضی اللہ عنہ ہے اس پر امیر نے عمر نام کے تمام قیدیوں کو چھوڑ دیا۔ امام صاحب نے اس شخص سے فرمایا رات کو تو جو کچھ کرتا ہے کرنا۔ چونکہ امام صاحب کا اس کے غنا پر کان رکھنا اور اسے منع نہ فرمانا ان کے نزدیک غنا اور اس کے سماع کے مباح ہونے پر دلالت ہے اور اس کے برعکس حکم کو اس غنا پر محمول کرتے ہیں جو فحش کلامی پر مبنی ہے۔ اور یہ آپ کے قول وفعل کی جمع تطبیق میں ہے حالانکہ اس کی حرمت نہیں پائی جاتی مگر ان کے فعل کے اقتضاء سے نہ کہ ان کے قول کے نص سے جیسا کہ دعوت ولیمہ میں مروی ہے کہ ایک دن امام ابویوسف کے سامنے غنا کا مسئلہ بیان کیا گیا تو انہوں نے امام صاحب کے پڑوسی کے غنا کا قصہ بیان کیا۔ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ وہ اکثر ہارون رشید کی محفل میں ہوتے تھے اور اس کی مجلس میں غنا ہوتا تھا تو آپ سنتے اور اثر پذیر ہوتے تھے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے غنا کا مسئلہ پوچھا گیا تو فرمایا اپنے شہروں میں میں نے علماء کو پایا ہے جو اس کے منکر نہیں ہیں اور وہ اس میں بیٹھتے ہیں اور فرمایا اس کا منکر وہی ہے جو اندھا، جاہل اور عراقی ہے اور جس کی طبیعت مردہ ہے اسی طرح امام غزالی نے اس میں نقل فرمایا ہے۔ اور امام قشیری، استاد ابوالمنصور اور قفال وغیرہ سے اس کی اباحت کی حکایت کی گئی ہے۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے یہ جو مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا اسے فاسق وفاجر ہی سنتے ہیں تو یہ اس غنا پر محمول ہے جس میں فحش کلامی اور منکر باتیں ہوں یہ ان کے قول وفعل میں جمع وتطبیق میں ہے۔ لیکن امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ فرمان جسے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ان کے مذہب میں غنا حرام نہیں ہے۔ میں نے بھی اس قول کو ان کی کتابوں میں بہت تلاش کیا مگر اس کی حرمت میں ان کی کوئی نص نہ دیکھی۔ اور استاد ابوالمنصور بغدادی فرماتے ہیں کہ ان کے مذہب میں سماع کی اباحت ہے اس شرط کے ساتھ کہ مرد، مرد سے یا باندی سے یا بیوی سے یا اس عورت سے جس پر نظر ڈالنا حلال ہے اس کی آواز سے یا تو اپنے گھر میں سنے یا اپنے مخصوص دوستوں کے گھر میں سنے اور سر راہ اسے نہ سنے اور کوئی خلاف شرع، منکر چیز کو سماع میں شامل نہ کرے اور اس کے سبب نماز کے اوقات کو ضائع نہ کرے۔

ابو منصور بغدادی، یونس بن عبدالاعلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ایسی مجلس میں شریک ہونے کے لئے بلایا جس میں ایک شخص گا رہا تھا جب گانا ختم ہوا تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کیا تمہیں پسند آیا میں نے کہا نہیں۔ فرمایا اگر تم ٹھیک کہتے ہو تو تمہاری حس صحیح نہیں ہے مطلب یہ کہ غنا کو پسند کرنا سلامتی حس وطبع کی علامت ہے اور اسے ناپسند کرنا طبیعت کی کجی اور حس کی کمی کا نشان ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی دلیل شرعی اس کی حرمت یا کراہت میں نہیں ہے اگر ہوتی تو طبیعت کو اسے پسند کرنا کیا کام دیتی ہے۔ اس لئے کے طبیعت میں نغمہ کی تاثیر سے کسی کو کلام نہیں ہے۔ یہ تاثیر تو جانوروں میں بھی ہوتی ہے۔ چہ جائیکہ آدمی، امام شافعی سے منقول ہے کہ ''اَلْغِنَاءُ لَهْوٌ مَّكْرُوْهٌ يُّشْبِهُ الْبَاطِلَ'' غنا ایک کھیل ہے جو مکروہ ہے اور باطل کے مشابہ ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ ممکن ہے مکروہ سے مراد یہ ہے کہ اس کا ترک اولیٰ ہے۔ کیونکہ اس کا اطلاق اس معنی میں بھی آتا ہے اور امام غزالی فرماتے ہیں کہ یہ قول حرمت وکراہت پر دلالت نہیں کرتا۔ بلکہ اگر صرف باطل ہی فرماتے تب بھی اس پر دلالت نہ ہوتی۔ اس لئے کہ باطل کے معنی یہ ہیں کہ جس میں فائدہ نہ ہو۔ اور مباح وہ ہوتا ہے جس میں فائدہ نہ ہو۔ (امام غزالی فرماتے ہیں کہ وہ روایتیں جن کے الفاظ غنا کی تغلیظ پر دلالت نہیں کرتا۔ بلکہ اگر صرف باطل ہی فرماتے تب بھی اس پر دلالت نہ ہوتی۔ اس لئے کہ باطل کے معنی یہ ہیں کہ جس میں فائدہ نہ ہو۔ اور مباح وہ ہوتا ہے جس میں فائدہ نہ ہو)۔ امام غزالی فرماتے ہیں کہ وہ روایتیں جن کے الفاظ غنا کی تغلیظ پر دلالت رکھتے ہیں۔ وہ ان پر محمول ہیں جو فحش یا منکر کلام پر مبنی ہیں۔ لہٰذا حرمت کسی عارضی کی بنا پر ہے نہ اس معنی میں کہ غنا اپنی ذات میں حرام ہے۔ خلاصہ بحث یہ ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے قول وفعل سے تحقیق کے ساتھ وہ چیز صحت کو پہنچتی ہے جو اس کے مباح ہونے میں صریح ہے اور حرمت میں کوئی نص نہیں ہے۔

لیکن امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے صحت کے ساتھ مروی ہے کہ انہوں نے اپنے فرزند حضرت صالح کے یہاں گانا سنا ہے۔ چنانچہ ابوالعباس فرغانی روایت کرتے ہیں کہ میں نے صالح بن امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے انہوں نے بیان کیا کہ میں سماع کو پسند کرتا تھا اور میرے والد ناخوش جانتے تھے تو میں نے ابن حنادہ سے وعدہ لیا کہ ایک رات تم میرے یہاں رہو۔ تو وہ میرے ہاں رہا۔ جب میں نے اطمینان کرلیا کہ میرے والد سو گئے ہیں تو ابن حنادہ نے گانا شروع کیا اتنے میں' میں نے چھت پر چلنے کی آواز سنی تو میں نے چھت پر جا کر دیکھا کہ میرے والد چھت پر چادر لپیٹے گانا سن رہے ہیں اور آہستہ ٹہل رہے ہیں۔ گویا کہ وجد کی کیفیت میں ہیں۔ اسی قصہ کی مانند عبداللہ بن امام احمد بن حنبل سے بھی منقول ہے یہ دلالت کرتی ہے کہ ان کے نزدیک سماع مباح ہے اور اس کے برعکس جو ان کا قول منقول ہے وہ غنائے مذموم پر محمول ہے جو فحش ومنکر پر مبنی ہے۔ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے قوالی کو اپنے فرزند صالح کے پاس سنا اور انکار نہ کیا اس پر ان کے صاحبزادے نے عرض کیا اے پدر بزرگوار! کیا آپ اس کا انکار نہ فرماتے اور مکروہ نہ جانتے تھے فرمایا مجھے ایسی خبر دی گئی ہے کہ اس کے ساتھ منکرات کا استعمال کرتے ہیں۔

حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ سماع میں تشریف لاتے تو ان کی کمر سماع میں سیدھی ہو جاتی تھی باوجود یہ کہ کبرسنی کے باعث ان کی کمر جھک گئی تھی۔ یہ حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ بڑے عالم، فقیہہ، حنفی اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد خاص تھے۔

فقیہہ وعالم ناصر الدین ابوالمنیر اسکندری اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں کہ اگر سماع اپنے شرائط کے ساتھ اپنے محل اور اپنے اہل میں ہو تو صحیح ہے اور اس قول کو ابوبکر فلال صاحب جامع اور ان کے مصاحب عبدالعزیز رحمہما اللہ نے جو کہ دونوں حنبلی ہیں اختیار کیا ہے اور کتاب ''مستوعب'' کے مصنف نے حنبلیوں کی ایک جماعت سے سماع کو نقل کیا ہے جن میں سے حضرت صالح اور حضرت عبداللہ امام احمد کے صاحبزادے بھی ہیں اور اسے حافظ ابوالفضل مقدسی وغیرہ، ظاہریہ نے اختیار کیا ہے۔ اور اسے ابومحمد خرم نے اپنی تصانیف میں بیان کیا ہے۔ اور ان کا اس ضمن میں ایک رسالہ ہے۔ اور ابن طاہر نے اپنی تصنیف میں صحابہ وتابعین کا اس پر اجماع نقل کیا ہے۔ اور اپنی

روایتوں کے راویوں کو مضبوط کیا ہے اور شیخ تاج الدین عبدالرحمٰن فرادی شافعی دمشق کے شیخ ومفتی نے نقل کیا ہے کہ ابن قتیبہ سماع پر اہل حرمین کا اجماع نقل کرتے ہیں اور ابن قتیبہ نے اکثر اہل عراق سے نقل کیا ہے۔ اور ابن طاہر اپنی سند سے روایت کرتے ہیں کہ جب تم اہل مدینہ کو کسی چیز پر اجماع کرتے دیکھو تو جان لو کہ یہ سنت ہے۔ یونس عبدالاعلیٰ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام شافعی سے اہل مدینہ کا سماع کی اباحت کے بارے میں پوچھا تو فرمایا میں حجاز کے کسی ایسے عالم سے واقف نہیں جس نے سماع کو مکروہ جانا ہو۔ البتہ انہیں جانتا ہوں جنہوں نے اس کی تعریفیں کی ہیں۔

اور ابویعلیٰ حنبلی نے بیان کیا ہے کہ یوسف بن یعقوب ماجشون اور ان کے دیگر بھائیوں نے سماع کی اجازت دی ہے اور یحییٰ بن معین نے جو کہ اعاظم علمائے حدیث ہیں فرمایا کہ ہم یوسف ماجشون کے پاس آتے تو وہ ہمیں گھر میں حدیث سنایا کرتے اور ان کے ہمسائے کے دوسرے گھر سے گانے باجے کی آوازیں آیا کرتی تھیں۔ یہ وہ ثقہ علماء ومحدثین ہیں جن کی حدیثیں صحاح میں شامل ہیں اور عبدالعزیز بن سلمہ ماجشون جو کہ مفتی اہل مدینہ تھے فرماتے ہیں کہ ان سے ائمہ محدثین نے روایتیں لی ہیں اور ان سے تخریج کرنے کے بعد حدیثوں کو بخاری ومسلم میں شامل کیا ہے۔ یہ حضرات بربط کی اجازت دیتے تھے صاحب نہایہ نے شرح ہدایہ میں احناف سے حرمت کا قول نقل کرنے کے بعد بیان کیا ہے کہ بعض احناف اس وقت میں غنا کی اباحت کے قائل ہیں۔ جب کہ استعارات حاصل کرنے اور نظم کے قوافی درست کرنے اور زبان کو فصیح بنانے کے لئے گنگنایا جائے اور کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور بعض احناف کہتے ہیں کہ اگر تنہا ہو اور وحشت کو دور کرنے کے لئے اپنے آپ میں گنگنائے تو اس میں مضائقہ نہیں۔ اسے شمس الائمہ سرخسی نے اخذ کیا ہے اور اس سے استدلال کرتے ہیں کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں ہوتے تھے تو اُسے بطریق کھیل کے نہ کرتے تھے اور فرماتے ہیں کہ جو مطلقاً کراہت کا قائل ہے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کو مباح اشعار پر محمول کرتے ہیں اور صاحب بدائع نے جزم کیا ہے کہ احناف سے شمس الائمہ سرخسی نے جو چیز ذکر کی ہے اور اسے سماع غناء بزم سے معلول کیا ہے کہ وہ دل میں گنگنائے اور صاحب ذخیرہ نے احناف سے نقل کیا ہے کہ بعض احناف عرسوں میں سماع کو کوئی مضائقہ نہیں بتاتے۔ اور بعض نے عیدین اور تمام مباح خوشی کے اوقات میں کوئی مضائقہ نہیں کیا ہے۔ اسے علماء متقیین میں سے شیخ اسلام ابومحمد بن عبدالسلام اور ان کے مصاحب شیخ محمد بن دقیق العید نے اختیار کیا ہے۔

صاحب کتاب ''امتاع'' فرماتے ہیں کہ بلاشبہ صوفیائے کرام میں بکثرت فقہاء ومحدثین اور علوم شرعیہ کے انواع کی معرفت رکھنے والے ہوئے ہیں جیسے استاد ابوالقاسم قیشری، شیخ ابوطالب مکی اور شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہم اللہ، یہ تمام حضرات اپنے رسائل و تصانیف میں وہ چیزیں بیان کرتے ہیں جو سماع کی اباحت پر قول وفعل سے دلالت کرتے ہیں اور حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ایسے فقیہہ تھے جو مذہب ابوثور پر فتویٰ دیتے تھے اور ان سے امام قشیری اور شیخ سہروردی وغیرہ رحمہما اللہ نقل کرتے ہیں کہ حضرت جنید رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ صوفیائے کرام کی جماعت پر رحمت الٰہی کا نزول تین وقتوں میں ہوتا ہے ایک کھانے کے وقت اس لئے کہ وہ نہیں کھاتے مگر فاقہ کے وقت۔ دوسرے ہم نشینی اور مکالمت کے وقت، اس لئے کہ یہ حضرات صدیقین انبیاء ومرسلین کے مقامات میں ان کے قائم مقام ہو کر کلام فرماتے ہیں اور تیسرے سماع کے وقت اس لئے کہ یہ حضرات اس وقت حق وتعالیٰ کے وجد وشہود میں ہوتے ہیں۔ اور صحابۂ کرام کے علماء کی جماعت نے اس باب میں بہت زیادہ حکایتیں نقل کی ہیں جن کا ذکر ان حضرات نے اپنی کتابوں میں کیا ہے۔

مسئلہ سماع میں نصیحت: وصل: جاننا چاہئے کہ صاحب کتاب ''متاع'' نے سماع کے بارے میں تین قول ذکر کئے ہیں۔ حرمت، کراہت اور اباحت۔ اس کے بعد ہر مذہب کے دلائل بیان کرنے کے بعد مذہب اباحت کو ترجیح دیتے ہیں۔ جیسا کہ ان کا مدعا ہے اور حرمت وکراہت کے استدلات اور تمسکات کا جواب دیا ہے۔ اور مذہب اباحت کے اثبات میں کلام کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔

اور اسے کتاب وسنت، اجماع اور قیاس سے ثابت کیا ہے اور قیام کی بنیاد یہ ہے کہ چونکہ سنت صحیحہ میں تغنی بالقرآن کا جواز ثابت ہے تو شعروں میں بھی جائز ہوگا اور اجتماع سے اس طرح ثابت کرتے ہیں کہ چونکہ قرآن میں تغنی یعنی خوش آوازی سے سوز وگداز اور شوق بڑھتا ہے۔ اور خشوع وخضوع کو خوب پیدا کرتا ہے تو یہ بات اشعار میں بھی ہے کیونکہ یہ طاعات ومناجات اور دنیا میں زہد اور آخرت کے شوق کو خوب اضافہ کرتا ہے اور محبت الٰہی عزاسمہ اور متابعت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادتی کا موجب ہے تو یہ بھی جائز ہوگا اور بعض اہل عرب کی حدی، نصب اور نشید وغیرہ کی قسموں پر قیاس کر کے کہتے ہیں کہ چونکہ یہ تمام اقسام باتفاق جائز ومباح ہیں تو یہ بھی جائز ہے۔ یہ سب بحثیں اسی تقدیر وصورت میں رونما ہو رہی ہیں کہ غنا کی حرمت وکراہت پر کوئی قطعی نص ثابت نہیں ہے۔ ورنہ نص کے مقابلے میں قیاس کرنا لازم آتا ہے اور اباحت کے قائلین کہتے ہیں کہ اس جانب یعنی حرمت وکراہت پر کوئی نص نہیں پائی جاتی۔ اگر کوئی نص پائی بھی جاتی ہے تو وہ مرتبہ صحت کو نہیں پہنچتی۔ اور کاتب الحروف کا اباحت کے قائلین کے اقوال کے نقل کرنے کا مقصد یہ ہے تاکہ معلوم ہو جائے یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اور ایک جانب جزم کرنا اور اس کی ترجیح دینا اور اس میں تعصب دکھانا طریقہ اختلاف کے مناسب نہیں ہے۔ اگر کسی کو اس میں وقت کی اصلاح نظر آتی ہے تو توقف کرے۔ اور احتیاط ملاحظہ کی روش اختیار کرے اور خلاف ونزاع کے بھنور میں نہ پڑے۔ اور اس میں اپنے حال کی سلامتی دیکھے اور اس میں احتیاط وتقوی نظر آئے تو مبارک ہے لیکن چاہئے کہ قال وحال کی زبان کو بزرگان دین پر طعن وتشنیع اور تضلیل وتفسیق سے آلودہ نہ کرے اور ان کے حالات میں پڑے بھی نہیں باوجود یہ کہ دلائل متعارض ہیں اور طریقے متباین ہیں اور دوسری جانب بھی علماء وفقہا اور عرفا موجود ہیں تو کسی ایک جانب کو ترجیح دینے اور دوسرے کو مرجوح کرنے سے باز رہے اور انصاف کے دامن کو ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ بیت

صحبت وعافیت است گرچہ خوش افتاد اے دل　　جانب عشق عزیز است فرومگزارش

اور اباحت کے قائلوں کو مناسب نہیں ہے کہ تعصب برتیں اور علماء کے اقوال کے منکر ہو جائیں خصوصاً وہ حضرات جو دیانت و نصیحت کے طریقے کے مالک ہیں: وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ اور ہر ایک کے لئے ایک رخ ہے جسے وہ اختیار کرتا ہے تو تم بھلائی میں سبقت کرو۔ دونوں گروہوں کو چاہئے کہ تمیز وتفصیل کے طریقہ کی رعایت کو ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ تمام کاموں میں توقف واحتیاط محمود ہے اور ہر جگہ افراد وتفریط مذموم وبرا ہے وَبِاللّٰهِ التوفيق و منه العصمة.

ساز ومزامیر: اسی طرح صاحب کتاب ''امتاع'' نے ساز ومزامیر میں بھی بحث کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ چاروں ائمہ کے مذاہب میں مزامیر حرام ہے۔ اس کے باوجود بعض علماء شوافع اور اصحاب ظواہر اور امام غزالی وغیرہ نے ان کے خلاف نقل کر کے آلات و مزامیر کے اقسام کا ذکر کیا ہے۔ لیکن دف مختلف فیہ ہے۔ بعض نے مطلقاً مباح کہا اور بعض نے مطلقاً حرام رکھا ہے اور بعض نے جھانجہ دار اور بغیر جھانجہ سے تفریق کی اور درست بات یہ ہے کہ نکاح میں یہ مباح ہے اور بعض بوقت اعلان دف کو مستحب قرار دیتے ہیں اور شباتہ یعنی بانسری میں بھی اختلاف مذکور ہے اور مزامیر میں سے عود ہے جسے بربط بھی کہتے ہیں اور اس میں بہت سے تار ہوتے ہیں۔ جس سے آواز میں اتار چڑھاؤ ہوتا ہے۔ اس میں اختلاف ذکر کیا گیا ہے اور فرماتے ہیں کہ مذاہب اربعہ میں معروف یہ ہے کہ ان کا بجانا اور سننا دونوں حرام ہیں اور علماء کی ایک جماعت اس کے جواز کی طرف گئی ہے۔ اور وہ حضرت عبداللہ بن جعفر اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا سننا بیان کرتے ہیں وہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو ان کے آگے باندی کو بربط بجاتے دیکھا اس پر حضرت عبداللہ بن جعفر نے حضرت عبداللہ بن عمر سے کہا آپ اس میں کوئی مضائقہ دیکھتے ہیں۔ فرمایا اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ اور علماء حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان، حضرت عمرو بن العاص اور حسان

بن ثابت رضی اللہ عنہم اور غیر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے عبدالرحمٰن بن حسان، خارجہ بن زید جو کہ فقہاء سبعہ مدینہ میں سے ہیں اس کا سننا نقل کرتے ہیں۔ استاد ابو منصور نے زہری سے اور سعید بن المسیّب نے ابن ابی رباح، شعبی اور عبداللہ بن ابی العتیق وغیرہ فقہا مدینہ منورہ سے نقل کیا ہے۔ اور خلیلی، عبدالعزیز بن ماجشون سے نقل کرتے ہیں کہ وہ عود یعنی بربط کی اجازت دیتے تھے اور ابن سمعانی نے طاؤس سے نقل کیا ہے اور ابراہیم بن سعد سے مروی ہے کہ خلیفہ رشید کے پاس انہوں نے کہا عود لاؤ۔ اس پر رشید نے کہا عود جلانے کی یا عود باجے کی۔ فرمایا عود، باجے کی، پھر رشید نے عود یعنی بربط منگایا اور اسے ابراہیم بن سعد نے بجایا اور غنا اور عود کے مباح ہونے کا فتویٰ دیا۔ اور فاکہی نے تاریخ مکہ میں باسناد خود نقل کیا کہ موسیٰ بن الغرہ الحجی سے منقول ہے کہ انہوں نے عطا بن ابی رباح کو بلایا جب وہ آئے تو وہاں کچھ لوگوں کو بربط بجاتے اور گاتے پایا اس پر لوگوں نے انہیں آتے دیکھ کر گانا باجا بند کر دیا انہوں نے فرمایا میں نہیں بیٹھوں گا جب تک بربط نہ بجاؤ اور جو گا رہے تھے نہ گاؤ تو وہ بیٹھے اور لطف اندوز ہوئے۔

صاحب ''امتاع'' نے اس عود و بربط کو اصل قرار دے کر تمام آلات و مزامیر کو بھی اس پر قیاس کر کے نقل کیا۔ اور فرمایا کہ حرمت کے قائلوں کے درمیان اس میں اختلاف ہے کہ یہ باجا گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ متاخرین شوافع کا مذہب یہ ہے کہ یہ صغیرہ ہے۔ یہ چند کلمے کتاب مذکور سے نقل کئے گئے ''والعہدۃ علیہ۔'' اس نقل کرنے سے مقصد و غرض یہی ہے کہ اگر کبھی اس جماعت صوفیا سے کوئی ایسی چیز منقول ہو جائے تو تشدید و تجہیل، تشنیع و تفسیق اور تضلیل میں مبالغہ نہ دکھانا چاہئے اور قوم کے عیوب و لغزشوں کے چھپانے کا شیوہ اور اپنا شعار بنانا چاہئے۔ اور عوام کی حفاظت میں مشغول رہنا چاہئے۔ ان کی اس میں پیروی نہ کریں: فَالْحَقُّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَحْکَمُ اس ضعیف نے اس مسئلہ میں متعدد جگہوں میں بحث کی ہے۔ اور ہر جگہ تفصیل و تردید اور توسط کے طریقہ کو ملحوظ رکھا ہے یا قدرے حرمت و کراہت کی جانب میلان کیا ہے لیکن اس کتاب میں اقوال کے نقل میں اباحت کی جانب غلبہ ہو گیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ دوسرا رخ ذہنوں میں مشہور و مقرر ہو چکا ہے ان کے نقل کی حاجت نہ تھی۔ ہماری نیت یہی ہے کہ جو کسی نے کہا ہے شعر ؎

عیب می چوں ہمہ گفتی ہنرش نیز بگو نفی حکمت مکن از بہر دل عامی چند

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ وَالْعَاقِبَۃُ بِالْخَیْرِ

جاننا چاہئے کہ ہر زمانہ میں ابتدائے حال سے لے کر آج تک جو بھی تغنی و سماع کی اباحت کی جانب قول و فعل سے گیا ہے۔ اور جس نے اس کا انکار و استبعاد کیا اور اس کی طرف توجہ دی ہے اس نے ان تمام حکایتوں اور روایتوں کو جو اس باب میں مروی ہیں واضح کیا ہے۔

مشکوٰۃ میں مروی ہے کہ ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ جن کو بدری بھی کہتے ہیں یا تو اس سبب سے کہ وہ غزوۂ بدر میں حاضر ہوئے یا اس سبب سے کہ ان کا مسکن بدر میں تھا وہ اور ایک اور صحابی ساتھ بیٹھتے تھے اور وہ گاتے تھے یہ سنتے تھے۔ ایک اور شخص جو موجود تھا اسے ان کا گانا سننا گراں گزرا اس نے اعتراض کیا اور کہا ''اے صاحبی رسول اللہ انتم'' مطلب یہ کہ تم دونوں رسول اللہ کے صحابی ہو اور گانا سن رہے ہو تو انہوں نے فرمایا اگر تم چاہتے ہو تو تم بھی سنو اور ہمارے ساتھ بیٹھ جاؤ اور سنو ورنہ چلے جاؤ۔ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی ہے کہ ہم سنیں، اور یہ شادی کا موقع تھا اس میں باتفاق تغنی مباح ہے اور اس سے بالاتر حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ تھے وہ تو اس میں بہت ہی شغف رکھتے تھے۔ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بھی اس میں ان کے ساتھ شریک و موافق تھے اور ان دونوں میں باہمی بہت محبت و دوستی تھی۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن جعفر پر اعتراض کیا اور ان کو برا کہا اور کہا کہ ان کا تو یہ حال ہے تم کس بنا پر ان کے معتقد ہو گئے ہو۔ دوسرے دن حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھر آئے تو انہوں نے کثرت کے ساتھ نماز پڑھی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ سے کہا اب انہیں دیکھو کہ یہ کیا کر رہے

ہیں۔اس کے بعدان کی زوجہ نے زبان اعتراض بند کرلی۔

اس حقیقت حال اور منشاء اختلاف سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گانا سننا اور آلات ومزامیر کا بجانا زمانہ قدیم میں بے قید لوگوں، فاسقوں اور شراب خوروں اور لہوولعب میں مشغول لوگوں کا کام تھا اسی بنا پر حدیث صحیح میں آیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے بھیجا گیا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ میں معازف یعنی آلات ومزامیر کو جو کھیل کود میں بجتے ہیں مٹاؤں اور شراب پینے اور زنا کرنے سے روکوں۔

دراصل غنا کا نام ہی لہو ہے اور اس کا ذکر ملاہی میں کرتے ہیں۔اور ان ملاہی کے محو وفنا ہونے اور ان ممنوعات ومنکرات کے رفع وازالہ ہو جانے کے بعد جو عام رسم وعادت تھی نہ رہی تو مسلمان وصلحاء اور پارسا حضرات اس سے محفوظ ہوئے اور فسق ومنکرات کی آمیزش اور فساق وفجار سے اختلاط کے بغیر اس سے لطف اندوز ہوئے۔اور جب دوسری جماعت نے دیکھا کہ یہ تو بے قید فاسقوں کی عادت وعلامت ہے۔اور ان کی حالت کے مشابہ ہے تو اس خوف سے کہ کہیں اس کا سرا ان سے نہ مل جائے۔بچنے لگے اور ڈرانے لگے۔ اور شارع علیہ السلام نے بھی اگر اسی کے پیش نظر ڈرایا اور وعید صادر فرمائی ہو تو بعید نہیں۔اور یہ جو محدثین فرماتے ہیں کہ شارع علیہ السلام کی ممانعت ثبوت تک نہیں پہنچتی۔اور اس باب میں کوئی صحیح حدیث نہیں ملی۔اسے برقرار رکھتے ہوئے بات یہ ہے کہ دائرۂ صحت، ان کی اصطلاح کے بموجب بہت تنگ ہے۔اور ان کی مراد یہ ہوگی کہ اس کی مطلقاً ممانعت اور اس کی حرمت فی نفسہٖ غنا میں ثابت نہیں ہے جس طرح کہ شراب اور زنا وغیرہ میں فی نفسہ حرمت ہے۔اور یہ جو اہل ظواہر کہتے ہیں کہ کوئی حدیث وارد نہیں ہوئی ہے تو یہ مکابرہ سے خالی نہیں اس کی مثال ان برتنوں اور پیالوں کے قضیہ کی سی ہے جن کا نام خم، فرقت، نقیر اور دبا ہے۔جسے وہ اباحت خمر کے وقت استعمال کرتے تھے۔اور ان میں شراب پیتے تھے۔اور جب شراب حرام ہوئی تو اس قسم کے برتن و پیالے جن میں وہ شراب پیتے تھے ان کا استعمال بھی کچھ عرصے تک حرام رہا۔تاکہ ان کے آثار کا قطعی طور پر قلع قمع ہو جائے۔جب شراب کی حرمت رچ بس گئی اور ثابت ومقرر ہوگئی اور اس کی علامتوں اور نشانیوں کے قلع قمع کرنے کی حاجت نہ رہی تو ان برتنوں سے ممانعت اٹھالی گئی۔اس کے باوجود علماء دائمہ دین کے دو فرقے ہو گئے۔ایک جماعت تو ان کی ممانعت پر قائم رہی اور دوسری جماعت اس کے جواز کی جانب آ گئی جیسا کہ اس کے مقام میں بیان کیا گیا ہے۔اسی طرح اس میں بھی دو فرقے ہو گئے۔ایک فرقہ تو قدیم عادت کے پیش نظر کہ یہ فساق وفجار کا کام تھا ممانعت اور احتیاط کی روش کو اختیار کرنے میں ثابت قدم رہا ہے۔اور دوسرا فرقہ اس کی حقیقت حال اور معنی کے پیش نظر اس سے ملحق رہا ہے کیونکہ اگر اس میں فسق وفجور اور ممانعت شرعی کی آمیزش ہے تو حرام ہے اور اگر ایسا نہیں ہے تو مباح ہے (واللہ اعلم وعلمہ حکم)۔

اس کے بعد ان حضرات کے درمیان تعصب وتشدد رونما ہو گیا۔مانعین افراط سے کام لیتے ہوئے ان کے مرتکبین کو مطلقاً فسق وکفر اور زندقہ سے منسوب کرنے لگے اور اسے مباح جاننے والے اس کو خاص طاعت اور محض عبادت قرار دینے لگے۔اور ہر وقت خود بھی اس میں مشغول رہنے لگے۔اور دوسروں کو بھی مشغول رکھنے لگے۔اور مجمع اور معرکہ بنانے لگے۔اور یہ دونوں گروہ ایک دوسرے کو اہل ونا اہل قرار دینے لگے اور انصاف کا رشتہ جس کے معنی ''نِصْفٌ لِیْ وَنِصْفٌ لَكَ'' ہے ہاتھ سے چھوڑ دیا اور طریقہ ادب کو جس کی حقیقت ہر چیز کی حدوں کو محفوظ رکھنا ہے ملحوظ نہ رکھا۔ایک کا منشائے اختلاف یہ ہے کہ ایک گروہ نے باطن میں نغمے کے تصرف وتاثیر پر نظر رکھی اور وہ بے خود ہو گئے۔اور دوسرے گروہ کو فقہی جواز وعدم جواز نظر آیا تو وہ اپنی جگہ قائم رہا۔

شیخ ابن العربی فرماتے ہیں کہ بالذات نغمہ کی تاثیر، روح حیوانی پر ہوتی ہے۔اور حرکت واضطراب میں لانا اس کا کام ہے۔اور روح انسانی اس سے منزہ وپاک ہے۔کیونکہ وہ معانی کا محل ورود ہے اور سکون وتوانائی اس کی صفت ہے۔لیکن اس جگہ کسی کو یہ بات کہنے کا کہاں حق ہے۔ہاں نغمہ کی تاثیر بالذات، روح حیوانی پر ہوگی لیکن اگر اتصال وہمسائیگی کی واسطہ سے جو روح حیوانی اور روح انسانی

میں ہے یہ حالت اس میں سرایت کر جائے تو کون مانع ہے۔

شیخ ابن العربی فرماتے ہیں کہ باطن میں قرآن کی تاثیر کی علامت ہے کہ غنا اور بغیر غنا کے یکساں ہو اور وہ جو نغمہ سے اثر نمودار ہوتا ہے تو وہ قرآن کی تاثیر نہیں ہے بلکہ یہ نغمہ کی تاثیر ہے نہ کہ قرآن کی۔ یہ بات تکلف سے خالی نہیں ہے۔ نغمہ قرآن کا زیور اور اس کی زینت ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ زَیِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِکُمْ۔ اپنی خوش آوازی سے قرآن کو زینت دو۔ اور نغمہ اور بغیر نغمے کے دونوں حالتوں میں یکساں ہونا دائرۂ امکان سے خارج ہے۔ مگر وہ شخص جسے مجرد ذات وصفات الٰہی مکشوف ومشہود ہے۔ اس میں یہ تاثیر ممکن ہے۔

فائدہ: صاحب ''امتاع'' فرماتے ہیں کہ علماء کا اختلاف ہے کہ عرب میں سب سے پہلے کس نے نغمہ گایا۔ اس پر ابو بلال عسکری کہتے ہیں کہ اکثر اہل علم کا خیال ہے کہ اس کا نام ''طویس'' ہے یہ اس طرح شروع ہوا کہ جب ابن زبیر کعبہ کی تعمیر کرا رہے تھے تو فارس وروم کے لوگ خوش آوازی سے گاتے جاتے تھے۔ اور جب عرب کے گانے والوں نے اسے سنا تو انہوں نے اس کو عربی میں منتقل کر لیا سب سے پہلے جس نے پہل کی وہ طویس تھا اور طویس کو ''میشوم'' بھی کہتے ہیں جس کے معنی نامبارک کے ہیں۔ یہ اس بنا پر کہ اس کی پیدائش اس دن ہوئی جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وفات کے دن اس کا دودھ چھوٹا تھا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وفات کے دن وہ بالغ ہوا تھا اور حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے وفات کے دن اس نے نکاح کیا اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی وفات کے دن اس کے لڑکا پیدا ہوا۔ اور کہتے ہیں کہ اس غنائے موسیقی کے نقل سے پہلے عرب میں غنا از قسم حسن صوت تھا۔ مثلاً نصب، نشید اعراب، حدی اور رکبانی وغیرہ یہ تمام قسمیں مباح ہیں اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ اور جو لوگ حرمت کے قائل ہیں وہ گانے کو غنائے موسیقی پر محمول کرتے ہیں۔ اور وہ جو صحابۂ کرام، تابعین وغیرہ اسلاف سے جو اخبار وآثار مروی ہیں اور جو ان کے سیاق سے ظاہر ہوتا ہے انہیں غنائے موسیقی پر محمول نہیں کرتے بلکہ قدیم اہل عرب کی خوش آوازی میں سے نصب، نشید حدی وغیرہ پر حمل کرتے ہیں البتہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے جیسے عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ وغیرہ کا باندی سے غنائے موسیقی سننا مروی ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بعض گانے والیوں سے بھی سنتے تھے۔ حقیقت میں ایسے تمام گانوں کی صورتیں ایک ہی ہیں جو صوت حسن کی طرف راجع ہیں۔ اور ان میں کوئی فرق نہیں ہے (قواعد موسیقی کے زمرے میں نہیں ہیں۔) البتہ قرأت قرآن میں فرق کرتے ہیں کیونکہ غنائے موسیقی میں تمطیط وتغییر یعنی مد وجزر بہت ہے۔ لیکن غنا وسماع اس اعتبار سے کہ اس میں سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع اور اصحاب وتابعین کا اقتضاء ہے۔ اس تقرب وتعبد کے طریقے پر اس کا اجتماع کر رہے ہیں۔ اس میں خلجان اور اشتباہ باقی ہے۔ اس کا جواب یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محل ومقام دوسروں کے اوضاع ومشارب سے برتر واعلیٰ اور مختلف ہے۔ دوسروں میں کہیں تو ورع واتقاء غالب ہے اور دامن احتباط ملحوظ خاطر ہے۔ اور طاعت وعبادات میں ذوق وشوق اور اس کی جمعیت میں مستغرق ہیں۔ اور کہیں سکر ومستی نے غلبہ کر رکھا ہے۔ اور ان کا ذوق وشوق سماع میں پڑ گیا ہے۔ مدعا یہ ہے کہ یہ ایسا معاملہ ہے۔ جو مختلف فیہ ہے اور مختلف فیہ معاملہ میں ایک دوسرے پر عیب جوئی اور نکتہ چینی نہیں ہونی چاہئے ہر ایک کو اپنے اپنے حال میں رہنا چاہئے: فَرَبُّکُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰی سَبِیْلاً. تو تمہارا رب ہی خوب جانتا ہے کہ کون شریعت میں زیادہ ہدایت یافتہ ہے:

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَیْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَاٰبُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلْقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اَجْمَعِیْنَ هُدَاةِ طَرِیْقِ الْحَقِّ وَمُحْیِ عُلُوْمِ الدِّیْنِ اٰمِیْنَ.

باب یازدہم

کھانے، پینے، پہننے، نکاح کرنے اور سونے میں عبادت شریف

نوعِ اوّل در طعام و آب: جاننا چاہئے کہ کھانا پینا ضروریات زندگی میں سے ہے اور قوت و طاقت کا قیام اور عبادات میں صدور حرکات اس کے بغیر محال عادی کے قسم سے ہے۔ لہٰذا عبادت گزاروں پر لازم ہے کہ بقدر احتیاج ان کا استعمال کریں اور حرص و طمع سے اجتناب کریں۔ اور ان کی شہوتوں میں مبتلا نہ ہوں۔ مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تا عمر شریف شکم سیری نہ فرمائی۔ عطاء فرماتے ہیں کہ شکم سیری ایسی بدعت ہے جو قرن اول کے بعد ظاہر ہوئی اسے امام نووی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ اور حاکم نے مقدام رضی اللہ عنہ بن معدی کرب کی اس حدیث کی صحت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم نے اپنے پیٹ سے بدتر کسی برتن کو نہیں بھرا ہے۔ حالاں کہ اسے اتنے لقمے کافی تھے کہ جس سے اس کی ریڑھ کی ہڈی کھڑی ہو سکے۔ اگر وہ زیادہ ہی کھانا چاہتا ہے تو پیٹ کے برتن کے تین حصے کرے۔ ایک حصہ کھانے کے لئے اور ایک حصہ پانی کے لئے اور ایک حصہ سانس کے لئے بنائے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ اگر بقراط اس تقسیم کو سنتا تو حیرت و تعجب کرتا۔ صحیح حدیث میں ہے کہ مسلمان ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔ اہل تشریح کہتے ہیں کہ آدمی کی سات آنتیں ہیں ایک معدہ اور تین اس کے قرب کی آنتیں جن کو بواب، صایم اور رقیق کہتے ہیں۔ اور تین اور ہیں جن کو اعور، قولون اور مستقیم کہتے ہیں اور مستقیم پخانہ کی آنت ہے۔ اور اس کے قریب دبر یعنی مقعد ہے۔ اور یہ غلیظ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان فرمانے کا مقصد، مسلمان کی کم خوری اور کافر کی بسیار خوری ہے۔ اور بسیار خوری کی جانب مبالغہ فرمانا ہے۔ حقیقۃً آنتوں کی گنتی مراد نہیں ہے۔ مطلب یہ کہ مسلمان جب کھاتا ہے تو عبادت کے اسباب کی حفاظت کرتا ہے اور وہ جانتا ہے کہ کھانے سے بھوک کو مارنا اور عبادت پر مدد کرنا ہے نہ کہ تن پروری وہ قدر ضرورت سے زیادہ نہیں کھاتا۔ رہا کافر تو اس کا مقصود و مطلوب بدن پروری اور نفسانی شہوت کی تکمیل ہے۔ اس کی حالت مسلمان کے برخلاف ہے لیکن واضح رہنا چاہئے کہ یہ بات ہر مسلمان اور ہر کافر میں نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ کوئی مسلمان اپنی عادت کے موافق یا کسی طبعی عارضہ سے یا اپنے کسی مرض کے باعث بسیار خوری کرتا ہو اور کافر کم خور ہو خواہ وہ ضعف معدہ کی وجہ سے یا اطباء کے اصول صحت کی وجہ سے یا راہبوں کے طریقہ پر ریاضت کی وجہ سے ہو۔ علماء فرماتے ہیں جس کی فکری قوت زیادہ ہوتی ہے اس کی غذا کم ہوتی ہے اور اس کا دل نرم ہوتا ہے۔ اور جس کی فکری قوت کم ہوتی ہے اس کی غذا زیادہ ہوتی ہے اور وہ سخت دل ہوتا ہے۔ نیز فرماتے ہیں کہ جس کا معدہ کھانے سے بھرا رہتا ہے اس میں حکمت و دانائی پیدا نہیں ہوتی اور جس کا معدہ کھانے سے کم پر ہے اس کا پینا بھی کم ہے اور اس کا سونا بھی کم ہے۔ اور جس کا سونا کم ہے اس کی عمر میں برکت ہے اور جس کا سونا بہت زیادہ ہے اس کی عمر میں بے برکتی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا میں شکم سیر لوگ، آخرت میں بھوک والے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی شکم سیری نہ فرمائی۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل و عیال میں تشریف فرما ہوتے تو آپ ان سے نہ کھانا طلب فرماتے اور نہ خواہش کا اظہار فرماتے اگر وہ کھانا پیش کر دیتے تو نوش فرما لیتے۔ اور جو کچھ بھی پیش کرتے قبول فرما لیتے۔ اور جو پلاتے پی لیتے۔ علماء فرماتے ہیں کہ پیٹ کا نہ بھرنا اور شکم سیری کی نفی فرمانا یہ اس شکم

سیری پر محمول ہے جس سے گرانی لاحق ہو۔ جو بسا اوقات عبادت سے روک دیتی ہے۔ اور کاہل اور سست بنا دیتی ہے۔ اور نیند غالب کر دیتی ہے۔ ایسی شکم سیری مکروہ ہے۔ اور کبھی ایسی تحریم پر منتہی ہوتی ہے جس پر فساد و بطلان مرتب ہوتا ہے اور عادۃً شکم سیری مکروہ نہیں ہے۔ غرض کہ اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم میں مروی ہے کہ بھوک کی حالت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ باہر تشریف لائے اور ایک انصاری کے گھر تشریف لے گئے۔ اس نے بکری ذبح کی اور سب نے کھایا اس میں ہے کہ خوب شکم سیری ہو گئے۔ (الحدیث) شیخ محی الدین نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں شکم سیری کا جواز ہے۔ اور دیگر احادیث جو اس کی کراہت میں ہیں وہ مداومت پر محمول ہیں۔ (انتہی) اور جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے شکم سیری ثابت ہے تو دوسروں کے لئے بھی بلاشبہ درست ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی مسلسل تین دن پیٹ بھر کر کھانا نہ کھایا یہاں تک کہ حضور اس دنیا سے تشریف لے گئے اسے شیخین نے روایت کیا ہے اس حدیث کے دو مفہوم ہیں ایک یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیری مسلسل تین دن تک نہ تھی۔ اگر تھی تو اس سے کم تر میں تھی۔ دوسرا مفہوم یہ ہے کہ تین روز تک بھوکے رہتے اور کسی دن سیری نہ ہوتی۔ ظاہر یہ ہے کہ مراد دوسرا مفہوم ہے۔ (واللہ اعلم) جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل و عیال کو مسلسل راتیں گزر جاتیں مگر رات کے کھانے کو کچھ نہ ہوتا۔ حالانکہ جو کی روٹی غذا تھی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا۔ اور صحیح کہا ہے۔ مسلم میں ہے کہ آل محمد دو روز تک گندم سے شکم سیر نہ ہوتے مگر یہ کہ ان دو دنوں میں ایک دن کھجور کی غذا ہوتی تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے اس حالت میں تشریف لے گئے کہ آپ کا شکم اطہر ایک دن میں دو کھانوں سے نہ بھرا اگر کھجور سے سیر ہوئے تو جو کی روٹی سے سیر نہ ہوئے اور اگر جو کی روٹی سے سیر ہوئے تو کھجوروں سے شکم سیری نہ فرمائی۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ میں ارشاد فرمایا کہ قسم ہے خدا کی آل محمد میں ایک صاع کھانے سے شام نہ ہوئی۔ حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نو گھر تھے۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات رزق الٰہی کو کم سمجھنے میں نہیں فرمائی بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ امت اس میں آپ کی پیروی کرے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دنیا کی تین چیزیں پسند آتی ہیں ایک خوشبو، دوسرے ازواج، تیسرے طعام، تو اول دو چیزیں یعنی خوشبو اور ازواج تو موجود تھیں لیکن تیسری چیز طعام نہ تھا۔

ترمذی، شمائل میں حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ، سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ کو ''دقل'' میں سے اتنی چیز نہ ہوتی کہ اس سے آپ شکم سیر ہوتے ''دقل'' ایک قسم کا ایسا کھانا جس میں کھجوروں کے ساتھ دوسری اجناس ملی ہوتی ہیں اور یہ فقراء کی خوراک ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اہل بیت ہیں جہاں ایک ایک مہینے تک گھر میں آگ نہ جلتی تھی اور ہمیں سوائے کھجور و پانی کے کوئی غذا میسر نہ ہوتی تھی ایک روایت میں ہے ہمیں دو ماہ اس حال میں گزر جاتے۔ ہمارے بعض انصاری ہمسایہ دودھ بھیج دیا کرتے اسی کو ہم سب پی لیا کرتے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ راہ خدا میں اتنی بلا و مشقت پہنچی ہے کہ اتنی کسی کو نہ پہنچی ہوں گی اور دین خدا میں مجھے اتنی ایذائیں پہنچائی گئی ہیں کہ اتنی کسی کو نہ پہنچی ہوں گی اور یقیناً مجھے اور بلال رضی اللہ عنہ کو دن رات گزر جاتے مگر اتنا کھانا نہ ہوتا جسے کوئی ذی روح کھا سکتا مگر اتنا جسے بلال رضی اللہ عنہ کی بغل چھپا لیتی۔ مطلب یہ کہ اتنی کم مقدار میں ہوتی جو بلال رضی اللہ عنہ کی بغل میں چھپ جاتی اسے ترمذی نے روایت کیا اور صحیح کہا ہے۔

نے شرح مشکوٰۃ میں بیان کیا ہے۔

اور پڑھتے لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْـدَهٗ لَاشَـرِيْكَ لَـهٗ لَـهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ لَايَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

دونوں جگہ الجد، جیم کے زیر سے ہے جس کے معنی بخت وغنی کے ہیں یا اس کے معنی آباء واداد کے ہیں مطلب یہ کہ خدا کے حضور غناونسب کام نہیں آئیں گے۔ وہاں عمل درکار ہوگا اور بعض جیم کے زبر سے بھی پڑھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ کام، فضل ورحمت سے نکلے گا۔ کوشش ومحنت، علت وسبب سے نہیں علماء فرماتے ہیں کہ زیر کے ساتھ پڑھنا ضعیف ہے اور مختار زبر ہے اور پڑھتے:

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَـعْبُـدُ اِلَّا اِيَّاهُ وَلَهُ النِّعْمَةُ وَلَـهُ الْفَضْلُ وَلَـهُ الثَّنَآءُ وَالْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَـهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ

امام نووی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سلام کے بعد تمام انواع ذکر پر مروی شدہ استغفار کو مقدم رکھنا چاہیے اس کے بعد اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ اس کے بعد لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْـدَهٗ قَدِيْرٌ تک پڑھنا چاہیے۔ جیسا کہ حدیث میں ہمارے شیخ الشیوخ، شیخ ابن حجر مکی نے شرح مشکوٰۃ میں بیان کیا ہے اور مسلم کی حدیث میں ہے کہ اس ذکر کو بلند آواز سے پڑھتے تھے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ ذکر ودعا کے تمام اقسام میں افضل، اخفاء یعنی آہستہ سے پڑھنا ہے خواہ امام ہو یا منفرد اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جہر فرمانا تعلیم امت کے لیے تھا اور اگر کسی جگہ امام جہر واعلان میں مصلحت دیکھے اور تعلیم واعلام مقصود ہو تو درست ہے بلکہ مستحسن ہے۔

اور ہر نماز کے بعد معوذتین پڑھنا بھی آیا ہے اور یہ حدیث حد درجہ صحیح ہے اور موذتین، واؤ کے زیر سے، مراد معوذتین یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہے۔ یہ اقل قلیل مذہب کے بموجب دونوں کو جمع کرتا ہے۔ کیونکہ حضرات سورۂ اخلاص بلکہ سورۂ قل یا ایہا الکفرون کو بھی داخل کرتے ہیں۔ اس لیے کہ اس میں شرک سے برات ہے اور یہ استعاذہ کے معنی میں ہے یا وہ آیتیں مراد ہیں جو متضمن معنی استعاذہ، تفویض اور توکل کو شامل ہیں۔ معوذتین بھی انہیں میں شامل ہیں جیسے قول باری تعالیٰ: قُلْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنَ. یا جیسے اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَرَبَّكُمْ ۔ یا جیسے: وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۔ وغیرہا یہ کلمات معوذہ مراد ہیں اور ایک روایت میں معوذتین بھی آیا ہے۔

ہر نماز کے بعد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' پڑھنا بھی آیا ہے اس میں فضل عظیم ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نصیحت فرمائی کہ ہر نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ اَعِنِّـىْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ'' پڑھو اور فرمایا: اے معاذ رضی اللہ عنہ! بخدا میں یہ تمہارے پسند کرتا ہوں لہٰذا تم ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنا نہ چھوڑنا۔ یہ حدیث علماء کے درمیان معروف ہے اور ''وَاللّٰهِ اِنِّـىْ لَاُحِبُّكَ'' کے ساتھ مسلسل ہے۔ اور یہ فقیر بھی علماء کے طریقہ پر اس کی برکت سے مشرف ہوتا ہے اور نماز فجر ونماز مغرب کے بعد مشہور وردوں میں سے ایک ورد یہ مروی ہے کہ کلام کرنے سے پہلے اور ایک روایت میں ہے کہ بعد کے دوگانہ کے لیے اٹھنے سے پہلے نشست بدلے بغیر دس مرتبہ پڑھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْـدَهٗ لَاشَـرِيْكَ لَـهٗ لَـهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ یہ ورد نیکیوں کو قائم رکھنے، بدیوں کو مٹانے اور درجات کی بلندی کے لیے عظیم تاثیر رکھتی ہے۔

اور بعض فرائض کے مشہور ترین ورد ذکر معقبات (بکسر وتشدید قاف) ہے یہ وہ کلمات ہیں جو کے بعد دیگرے مسلسل آتے ہیں وہ یہ کہ ''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ'' 33 بار اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 بار واَللّٰهُ اَكْبَرُ 33 بار اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْـدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَـهُ لَـهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ'' ایک مرتبہ پڑھ کر سو کی تسبیح مکمل کرے اسے مسلم نے

اور بعض غزوات میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ حال تھا کہ وہ درختوں کے پتے کھاتے یہاں تک کہ ان کے گلے زخمی ہو جاتے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چپاتیاں اور میدہ کی روٹیاں کبھی نہ دیکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چھانی بھی نہ تھی۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ میں نے کتابوں میں بہت تلاش کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوراک کی روٹیاں چھوٹی ہوتی تھیں یا بڑی۔ لیکن میں نے اس بارے میں کوئی صحیح روایت نہیں پائی۔ بعض روایتوں میں اتنا حکم واقع ہوا ہے کہ چھوٹی روٹی بناؤ کیونکہ یہ برکت کا موجب ہے۔ ان کی سندیں ضعیف ہیں اور حضور کا سالن سرکہ ہوتا اور فرماتے ہیں کہ: نعم الادام الخل سرکہ بہترین سالن ہے۔

جاننا چاہئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کی یہ تنگی اور معیشت میں کمی جو مذکور ہوئی دائمی نہ تھی اور سبکو نہ تھی اور اگر تھی بھی تو احتیاج وافلاس اور نہ پانے کی وجہ سے نہ تھی بلکہ کبھی جود وایثار کی وجہ سے نہ ہوتا اور کبھی شکم سیری کو برا جاننے کی وجہ سے۔ اور ایک ماہ مسلسل نہ کھانا ریاضت کے اختیار کرنے کی وجہ سے تھا۔ یہ ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں حال تھا۔ اور جب ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے تو اہل مدینہ نے مکانات، عطیات، اموال، باغات اور کھیتیاں انہیں نذر کیں۔ اور صاحب ثروت صحابۂ کرام مثلاً حضرت ابوبکر، عمر عثمان، طلحہ، سعد بن ابی وقاص وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین یہ سب حضرات اپنا جان و مال حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کرتے اور حضور نے انہیں مال پیش کرنے کا حکم فرمایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تمام مال اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نصف مال پیش کیا۔ حضور نے جیش عسرت میں اغنیاء صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مدد دینے کی ترغیب دی اور انہیں ابھارا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ہزار اونٹ مع ساز وسامان کے پیش کئے۔ اور یہ ثابت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک سال تک کھانے کا انتظام اپنے گھر والوں کے لئے رکھا کرتے تھے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج کے موقع پر سو اونٹ لے کر چلے اور ان کی قربانی دی۔ اور اما کین کو کھانا کھلایا اور بحرین سے آئے ہوئے ایک لاکھ درہم اسی گھڑی تقسیم فرمائے اور ہوازن اور حنین میں اونٹ بکری اور سونا چاندی کی اتنی زیادہ بخشش فرمائی جو احاطہ قیاس سے باہر ہے۔ جس کی تفصیل واحوال اس کے مقام میں آئے گی۔ مگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وسعت و کشادگی کے امکان کے باوجود، فقر کو اختیار فرمایا جیسا کہ ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ بطحا اور مکہ کی پہاڑیاں میرے لئے سونے کی کر دیں جائیں مگر میں نے عرض کیا نہیں اے رب! شکم سیر ہوتا ہوں تو تیرا شکر بجالاتا ہوں اور بھوکا رہتا ہوں تو تیری ثنا کرتا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور جبریل علیہ السلام کوہ صفا پر تشریف فرما تھے تو ایک ہولناک آواز سنی جس سے خوف معلوم ہوا۔ فرمایا جبریل علیہ السلام یہ دہشتناک آواز کیسی ہے کیا قیامت قائم ہوگئی ہے۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا قیامت نہیں ہے لیکن آپ کے رب نے حضرت اسرافیل علیہ السلام کو حکم دیا ہے کہ اتر کر زمین کی کنجیاں لے جاؤ اس کے بعد اسرافیل علیہ السلام آئے اور عرض کیا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کروں کہ تہامہ کے پہاڑ آپ کے ہمراہ کر دوں۔ اور انہیں زمرد، یاقوت اور سونے چاندی کا بنا دوں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا رب فرماتا ہے کہ آپ کی تمام قدر ومنزلت اور اس ثواب کے باوجود جو آپ کو حاصل ہے اور جبریل علیہ السلام نے عرض کیا آپ نبی سلطان ہونا چاہتے ہیں یا نبی بندہ ایک روایت میں آیا ہے کہ اس وقت آپ کا ایک غلام موجود تھا اس نے کہا یا رسول اللہ اسے اختیار فرمایئے تا کہ کچھ دن تو آسائش سے گزاریں اس پر جبریل علیہ السلام نے حضور کو اشارہ کیا کہ تواضع اختیار فرمایئے اور بندگی پسند کیجئے۔ علماء راضی نہیں ہیں کہ حضور کو فقر واحتیاج سے موصوف کریں اور زہد وضرورت کے ساتھ تعریف کریں۔

صاحب مواہب لدنیہ حلیمی در ''شعب الایمان'' سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم یہ ہے کہ آپ کو

تمام صفتوں سے یاد کر سکتے ہیں لیکن ان اوصاف سے جو ضعیف و مساکین کی صفتیں ہیں ان سے تعریف نہ کی جائے۔ اور یہ نہ کہا جائے کہ آپ فقیر تھے یا آپ مفلس تھے اور بعض علماء نے تو آپ کے حق میں زہد کے اطلاق سے بھی منع کیا ہے۔

صاحب ''نثر الدار'' محمد بن واسع سے حکایت کرتے ہیں کہ ان کے سامنے کہا گیا کہ فلاں زاہد ہے انہوں نے پوچھا دنیاوی مال کتنا رکھتا ہے جسمیں وہ زہد کرتا ہے۔ اسے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا میں نقل کیا ہے اور شیخ تقی الدین سبکی نے ''السیف المسلول'' میں نقل کیا ہے کہ فقہائے اندلس نے متفقہ طور پر اس شخص کے قتل کرنے اور سولی چڑھانے کا فتویٰ دیا جس نے مناظرہ کے دوران، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا استخفاف کیا اور آپ کو یتیم کہہ کر نام لیا اور کہا کہ آپ کا زہد ضروری تھا۔ اور قصد و اختیار سے نہ تھا اگر اچھے کھانوں پر قدرت پاتے تو کھاتے'' (انتہی)

نیز منقول ہے کہ ایک مصری شخص نے دوسرے سے بطریق طعن و استخفاف کہا تو کون ہے تیرا باپ تو بکریاں چراتا تھا اس نے کہا اگر میرا باپ بکریاں چراتا تھا تو نبی نے بھی بکریاں چرائی ہیں۔'' اس پر بعض علماء نے تعزیر کا حکم دیا اور بعض نے اس کے قتل کا حکم دیا کیونکہ اس نے اپنی ذات سے عیب و عار کو اٹھانے کے لئے اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا استخفاف کیا ہے ہاں اگر بطریق مسئلہ یا بیان حکم کے کہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بکریاں چرائی ہیں تو درست ہے۔

نیز صاحب مواہب، درالدین زرکشی سے نقل کرتے ہیں کہ بعض فقہائے متاخرین کہے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مال سے کبھی بھی فقیر نہ تھے لیکن آپ کا حال فقراء کے حال کے مشابہ تھا۔ بلکہ تمام لوگوں سے کہیں زیادہ غنی تھے۔ اللہ تعالیٰ دنیاوی امور میں آپ کی اور آپ کے اہل و عیال کی کفایت فرماتا تھا اور آپ اپنی دعا میں فرمایا کرتے۔ اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا اے خدا مجھے مسکینی کی زندگی عطا فرما۔ اس سے مراد دل کی تسکین و طمانیت ہے نہ کہ وہ مسکینی جو دنیاوی مال کے نہ ہونے سے ہوتی ہے اور وہ جو آپ کے کفایت کے ضمن میں آیا ہے اور جو اس کے برخلاف اعتقاد رکھے اس کے انکار میں شدت کرتے تھے۔ (انتہی)۔

اور یہ جو لوگوں میں مشہور ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَبِہٖ اَفْتَخِرُ ۔ (فقر میرا فخر ہے اور میں اس پر فخر کرتا ہوں) شیخ الاسلام حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ (فتدبر واللہ اعلم)۔

فائدہ: حدیثوں میں آیا ہے اور مشہور ہو چکا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھوک کے وقت میں شکم مبارک پر پتھر باندھے ہیں۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی پتھر باندھنا روایت کیا گیا ہے۔ حضرت ابن جبیر سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھوک معلوم ہوئی آپ نے پتھر کو شکم اطہر پر رکھ کر فرمایا خبردار رہو۔ بہت سے طمع کرنے والے اور نعمتوں والے دنیا میں ایسے ہیں جو آخرت میں بھوکے اور ننگے ہوں گے۔ اور آگاہ رہو بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اپنے نفس کی بڑائی کرتے اور خود کو بزرگ بناتے اور تکبر کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ نفس ان کی اہانت کرنے والا ہوتا ہے اور بہت سے ایسے ہوتے ہیں جو نفس کو ذلیل کرنے والے اور اس کو جھکانے والے ہیں حالانکہ وہ نفس ان کی عزت کرنے والا ہوتا ہے اسے ابن ابی الدنیا نے روایت کیا۔

حضرت انس، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور ہم میں سے ہر ایک نے اپنا پتھر کھول کر دکھایا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے شکم اطہر پر دو پتھر دکھائے۔ ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی اس حدیث کو میں نہیں جانتا۔ البتہ اس مفہوم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو غزوۂ خندق کے دن کی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کدال لئے کھڑے دیکھا حالانکہ آپ کے شکم اطہر پر پتھر بندھا ہوا تھا۔ صاحب قصیدہ بردہ شریف فرماتے ہیں شعر

وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ اَحْشَاءَهٗ وَ طَوٰی تَحْتَ الْحِجَارَةِ كَشْحًا مُتْرَفَ الْاَدَمِ

صاحب مواہب کہتے ہیں کہ ابوحاتم بن حبان نے ان حدیثوں کا انکار کیا ہے جو بطن شریف پر بھوک سے پتھر باندھنے میں ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل ہے اور انہوں نے صوم وصال کی حدیث سے تمسک واستدلال کیا ہے کہ فرمایا: یُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَیَسْقِیْنِی میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو کھلاتا پلاتا ہے۔ جب صوم وصال رکھتے ہیں تو آپ بھوک میں پتھر باندھنے کے کیوں محتاج ہوں گے۔ اور کہا کہ بھوک میں پتھر باندھنا نہ کوئی فائدہ پہنچاتا ہے نہ اثر رکھتا ہے۔

ابن حبان فرماتے ہیں کہ لفظ حجر، زاء سے ہے اور حجز کے معنی اس پٹکے کے ہیں جسے بھوک کے وقت مضبوط کر کے باندھتے ہیں جس طرح کہ کمزوری میں کمر کو باندھتے ہیں۔ (انتہی)۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ درست یہ ہے کہ حدیثیں صحیح ہیں اور اس کا باندھنا بھوک کی بعض تکلیفوں سے تسکین پہنچاتا ہے۔ اس لئے کہ بھوک کی تکلیف، معدے کی حرارت غریزی کی شدت سے ہے اور جب معدہ کھانے سے بھر جاتا ہے تو وہ حرارت کو کھانے کی طرف مشغول کر دیتی ہے اور جب معدے میں کھانا نہ ہو تو حرارت، جسم کی رطوبات حاصل کر کے جلاتی اور اسے کھاتی ہے تو انسان اس حرارت سے درد و تکلیف محسوس کرتا ہے۔ اور جب کوئی چیز پیٹ پر لپیٹ لی جائے تو معدے کی حرارت کسی قدر دب جاتی ہے۔ اور تکلیف کو کم کر دیتی ہے اور تسکین پہنچاتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بھوک سے تکلیف اٹھانا اجر کو اس سے مزید بڑھانے کے لئے ہے جو حفظ قوت، نضارت جسم اور رنگت کے نکھار کو زیادہ کرنے کے مقابلہ میں ہے جیسا کہ خوشحالی اور اہل تنعم رکھتے ہیں اور یہ حضور کا ایسا عجیب معجزہ ہے کہ اہل دنیا تو جسم کے رنگ روپ اور اس کے نکھار کو مرغوب ولذیذ کھانوں کے کھانے سے اور نرم ونازک لباسوں کے پہننے سے اور گدیلے فرشوں پر بیٹھنے سے حاصل کرتے ہیں مگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس چیز کو نان جویں کی خوراک اور کھردرے کپڑوں کے لباس اور سخت و درشت بستر سے حاصل فرماتے تھے اور آپ کے حسن و جمال اور لطافت ونظافت کی کوئی حد وغایت ہی نہیں۔ صلے اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ علی قدر حسنہ و جمالہ وحسب فضلہ وکمالہ۔

بعض کہتے ہیں کہ اہل عرب کی عموماً اور اہل مدینہ کی خصوصاً عادت تھی کہ جب ان کے بطون یعنی پیٹ خالی ہوتے اور ان کے شکم اندر دھنس جاتے تو تکلیف کی تسکین تخفیف کے لئے اس پر پتھر باندھتے تھے۔ اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی باندھا تا کہ آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جان لیں اور معلوم ہو جائے کہ آپ کے پاس کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس سے بھوک کو ختم کر سکیں اس لئے اس حال سے اظہار فرماتے تھے۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ صواب و درست یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فعل اپنے اختیار اور حصول ثواب کے لئے تھا نہ کہ محض حال کے بتانے اور اظہار کرنے کے لئے (واللہ اعلم)۔

بندۂ مسکین نور اللہ قلبہ بنور الیقین (صاحب مدارج رحمۃ اللہ علیہ) کہتے ہیں کہ ابن حبان کا یہ کہنا کہ رب تعالیٰ اپنے حبیب کو صوم وصال میں کھلاتا پلاتا تھا تو بھوک کی درد و تکلیف کی تسکین کے لئے پتھر باندھنے سے کیا فائدہ۔ یہ اس بات میں داخل ہو سکتا ہے کہ وہ فرمان صوم وصال کے ساتھ خاص ہے۔ کیونکہ یہ حالت ذوق وشوق کی ہے۔ اور دائمی نہیں ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال مختلف تھے کبھی ایسا اور کبھی ویسا اور حق تعالیٰ کی حکمتیں تصرف وتحویل میں اپنے حبیب کے ساتھ ایسی خاص ہیں جو عقل وقیاس میں نہیں سما سکتیں۔ ہاں اگر ان حدیثوں کی سندوں میں کلام کریں تو بات دوسری ہے (واللہ اعلم)۔

غذائے مبارک: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ریاضت نفس، طعام کی جانب عدم التفات اور قضائے شہوت اور اس کی مقتضیات کو پورا نہ کرنے کے باوجود جس نفس میں کسی مخصوص غذاؤں کا تکلف نہ فرماتے تھے اور تکلف کی روش اختیار نہ کرتے اور امت پر

وسعت ملحوظ خاطر رکھنے اور رہبانیت کی راہوں کو مسدود کرنے کی وجہ سے اہل مدینہ کی عادت کے موافق تناول فرماتے تھے اور جو کچھ موجود ہوتا، گوشت، ترکاری، پھل اور کھجور وغیرہ میں سے جو کچھ آتا تو نوش فرماتے تھے۔ نیز علماء فرماتے ہیں کہ کسی مخصوص غذا کو خاص کر لینا طبیعت کے لئے مضر ہے۔ اگر چہ وہ غذا کتنی ہی بہترین اور بھوک بڑھانے والی ہو اسی بنا پر شیرینی اور شہد کو نوش فرماتے اور انہیں پسند کرتے تھے۔ اسے بخاری وترمذی نے روایت کیا ہے۔ ''حلو'' ہر وہ میٹھی چیز جو کھائی جائے اسے کہتے ہیں۔

خطابی کہتے ہیں کہ حلو اس مٹھائی کو کہتے ہیں جو کاریگری سے بنائی گئی ہو (اسی وجہ سے مٹھائی بنانے والے کو حلوائی کہتے ہیں) لہٰذا شہد کو حلوہ نہ کہیں گے اور کبھی پھلوں پر بھی بولا جاتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو پسند فرمانا، کثرت خواہش، شدت میلان اور طبیعت کا اس کو چاہنے کے معنی میں نہ تھا بلکہ اگر موجود ہوتا تو شوق کے ساتھ مزہ بدلنے کی حد تک نوش فرماتے۔ تاکہ اس سے لوگوں کو معلوم ہو جائے اور انہیں پتہ چل جائے کہ آپ اسے پسند فرماتے ہیں۔

صاحب مواہب نے ثعلبی سے فقہ کی لغت میں نقل کیا ہے کہ وہ حلوہ (شیرینی) جسے حضور پسند فرماتے تھے اس کا نام ''مجمع'' (بفتح میم وکسر جیم) تھا یہ ایک قسم کی کھجور تھی جسے دودھ کے خمیر سے بناتے تھے۔ نیز مروی ہے کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کا ایک قافلہ آیا جس کے ساتھ شہد اور آٹا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ آٹا، میدہ، گھی اور شہد تھا تو آپ ان میں سے تھوڑا تھوڑا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے پھر حضور نے ان کے لئے برکت کی دعا فرمائی اور دیگچی منگائی اور آگ پر رکھی اور حلوہ تیار کر کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا اسے کھاؤ یہ وہ چیز ہے جسے اہل فارس ''حیص'' کہتے ہیں۔ نیز مروی ہے کہ حضور شکر کو پسند فرماتے اور اسے صدقہ میں دیتے تھے۔ طحاوی میں ایک حدیث مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری شخص کی شادی میں تشریف لائے اس کے بعد باندیاں بادام وشکر کے طباق لائیں تو لوگوں نے اپنے ہاتھوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی بنا پر اس میں ڈالنے سے باز رکھا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اسے لوٹتے نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ ہی نے تو لوٹنے کی ممانعت فرمائی ہے فرمایا شادی میں اسے منع نہیں فرماتا اس کے بعد حضور قوم کی جانب اُسے اچھالتے تھے اور قوم اسے لوٹتی تھی۔ امام طحاوی اس حدیث کو لٹانے کے مکروہ نہ ہونے پر حجت میں لائے ہیں۔ جیسا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اس جانب مذہب ہے اور انہوں نے اس حدیث سے ان صحیح حدیثوں پر جو لوٹنے اور مٹانے کی ممانعت میں وارد ہیں حکم فرمایا ہے لیکن بیہقی نے اس حدیث کو ثابت نہ گردانا اور اس بنا پر امام طحاوی پر لوٹنے کے قائل ہونے میں تشنیع کی بندۂ مسکین خصہ اللہ بمزید الیقین (صاحب مدارج رحمتہ اللہ) کہتا ہے کہ بلاشبہ حج کی قربانی میں لوٹنے کا حکم وارد ہوا ہے یہ بھی امام صاحب کے قول کی موافقت میں ایک حجت ودلیل ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کے گوشت کو تناول فرمایا اور گائے کے گوشت کو خصوصی طور سے تناول فرمانا معلوم نہیں ہوا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ حضور نے اپنی ازواج مطہرات کی جانب سے ایک گائے ذبح فرمائی۔ ظاہر ہے کہ اسے آپ نے بھی تناول فرمایا ہوگا (واللہ اعلم)

گوشت کی تعریف: گوشت کی تعریف میں متعدد حدیثیں وارد ہوئی ہیں مثلاً اَللَّحْمُ سَیِّدُ الطَّعَامِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ جنتیوں کے لئے گوشت کھانے کا سردار ہے ایک روایت میں آیا ہے: سَیِّدُ الطَّعَامِ اَھْلِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ دنیا اور آخرت والوں کے لئے گوشت کھانے کا سردار ہے۔ اس حدیث کو ابن ماجہ اور ابن ابی الدنیا نے روایت کیا ہے اور اس کی سند ضعیف ہے لیکن اس کی شاہد وہ حدیث ہے جسے علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ نے بیان فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''دنیاوی کھانے کا سردار گوشت ہے اس کے بعد چاول۔'' اسے ابونعیم نے ''الطب النبوی'' میں نقل کیا ہے اور اس کے کھانے سے ستر قوتیں بڑھتی ہیں اسے زہری نے کہا ایسا ہی مواہب میں ہے۔

نیز علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ گوشت کھانا، خون کو صاف کرتا اور خصلت کو اچھا بناتا ہے اور جو شخص اسے چالیس دن تک نہ کھائے اس کی خصلت بری ہو جاتی ہے کذا فی المواہب۔ جس طرح کہ مسلسل اتنی مدت تک نہ کھانے میں یہ خاصیت واقع ہوئی ہے اسی طرح مسلسل اتنی مدت تک کھانے میں قساوت قلب اور سختی طبع کی تاثیر بھی وارد ہوئی ہے۔

نیز بعض آثار میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک کھانوں میں پسندیدہ تر گوشت تھا فرمایا کرتے گوشت کھانا سماعت کو زیادہ کرتا ہے اور دنیا میں گوشت تمام کھانوں میں بہترین ہے اگر میں اپنے رب سے چاہوں کہ وہ گوشت کھلائے۔ تو وہ روزانہ مجھے گوشت کھلائے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ گوشت کھانا عقل کو بڑھاتا ہے مروی ہے کہ حضور کو دست کا گوشت بہت پسند تھا نیز اسی بنا پر ایک یہودیہ نے زہر آلود دست بھیجی تھی۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دست کے گوشت کی پسندیدگی اس وجہ سے تھی نہ تو روزانہ گوشت ہوتا تھا اور نہ روزانہ نوش فرماتے تھے البتہ کبھی کبھی تناول فرماتے تھے تو دست کا گوشت جلدی پک جاتا ہے تو حضور اس کے تناول فرمانے میں جلدی کرتے تھے۔

ترمذی کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَطْیَبُ اللَّحْمِ لَحْمُ الظَّهْرِ بہترین گوشت پیٹھ کا گوشت ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ دست کے گوشت کی پسندیدگی اس وجہ سے تھی کہ وہ مواضع نجاست سے بہت دور ہے اس توجیہہ کی تائید میں وہ روایت ہے کہ حضور گردوں کو ناپسند فرماتے تھے کیونکہ وہ پیشاب کی جگہ سے قریب ہے لیکن حافظ عراقی نے کہا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم گوشت کو نہش فرماتے۔ یعنی ہڈی سے گوشت کو دانتوں سے چھڑا کر تناول فرماتے اور نہش، شین معجمہ اور مہملہ دونوں سے آیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ معجمہ کے ساتھ، تمام دانتوں سے کھانا اور مہملہ کے ساتھ، دانتوں کے سروں سے کھانا اور گوشت کو چھری سے کاٹ کر بھی تناول فرماتے بخاری یک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک میں چھری لے کر بکری کے شانہ سے گوشت چھیل کر تناول فرمایا۔ پھر نماز کے لئے ندا کی گئی تو دست مبارک سے اس چھری کو چھوڑ دیا جس سے چھیل رہے تھے اور نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ وضو نہ کیا۔ (دست مبارک نہ دھوئے) اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گوشت کو چھری سے نہ کاٹو کیونکہ یہ عجمیوں کا کام ہے اور اسے دانتوں سے کھاؤ کیونکہ یہ بہت ہاضم اور زیادہ دل پسند ہے۔ ابوداؤد فرماتے ہیں کہ یہ حدیث قوی نہیں ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے کہ اس حدیث کی شاہد، صفوان بن امیہ کی مروی حدیث ہے جسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ بعض روایتوں میں نہش کا حکم آیا ہے بغیر قطع کی ممانعت کی صراحت کے علماء ان میں اس طرح تطبیق کرتے ہیں کہ نہش یعنی دانتوں سے کاٹنا چھوٹی ہڈی سے ہے اور قطع یعنی چھری سے کاٹنا بڑی ہڈی سے ہے اور حضور نے گوشت کو بھنا ہوا تناول فرمایا ہے۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے بھنا ہوا بازو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا آپ نے اس میں سے تناول فرمایا۔ اس کے بعد بغیر وضو کئے نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ (یعنی دست مبارک نہ دھویا) یہ حدیث صحیح ہے اسے ترمذی نے روایت کیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید کو یعنی خشک شدہ گوشت کو تناول فرمایا جیسا کہ سنن میں مروی ہے کہ ایک صحابی نے بیان کیا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بکری ذبح کی اور ہم مسافر تھے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس گوشت کی اصلاح کرو تو میں اس میں سے حضور کو گوشت تناول کرتا رہا یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ گوشت کی اصلاح سے مراد قدید بنانا ہے۔ اور حضور نے بھنا ہوا جگر تناول فرمایا ہے۔ اور مرغی کا گوشت تناول فرمایا ہے۔ اسے بخاری و مسلم اور ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ

وسلم نے حمار وحشی کا گوشت تناول فرمایا ہے اسے گورخر اور نیل گائے بھی کہتے ہیں۔ شیخین نے اسے روایت کیا ہے اور اونٹ کا گوشت تو سفر وحضر میں تناول کیا ہے۔ خرگوش کا گوشت بھی تناول کیا ہے اور بحری دواب یعنی دریائی جانور تناول کئے ہیں اسے مسلم نے روایت کیا ائمہ کرام کی دریائی جانوروں کے کھانے میں تفصیل ہے۔ بعض کے نزدیک تو مطلقاً جائز ہے اور بعض کے نزدیک غیر السنان بحری وخزیر بحری۔ لیکن ہمارے مذہب میں بجز مچھلی کے کچھ جائز نہیں ہے۔

ثرید: حضور نے ثرید تناول فرمایا ہے فارسی میں ثرید کو شکنہ کہتے ہیں۔ ثرید۔ روٹی کو توڑ کر گوشت کے شوربے میں اور کبھی گوشت کے ساتھ بھی تیار کرتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَآءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ عورتوں پر عائشہ کی فضیلت ایسی ہے جیسی تمام کھانوں پر ثرید کی فضیلت۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تمام کھانوں میں پسندیدہ ثرید خبز اور ثرید حیس تھا۔ ثرید خبز تو روٹی اور شوربے سے بنایا جاتا ہے اور ثرید حیس کھجور، گھی اور روٹی سے بنایا جاتا ہے۔ اور حضور نے گھی اور مکھن سے روٹی تر کر کے تناول فرمایا ہے اور روغن زیتون چپڑ کر بھی روٹی تناول فرمائی ہے اور ہریسا تناول فرمانے میں بہت سی حدیثیں مروی ہیں۔ جسے محدثین وضع کے ساتھ منسوب کرتے ہیں۔ طبرانی نے اوسط میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل علیہ السلام نے مجھے اتنا ہریسہ کھلایا کہ میری کمر قیام کے لئے قوی ومضبوط ہوگئی۔ کہا گیا ہے کہ اس حدیث کی سند میں محمد بن حجاج لخمی ہے اس نے اس حدیث کو وضع کیا ہے۔

کدو: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کدو کو تناول فرمایا۔ اور اسے پسند فرمایا ہے۔ اگر کسی سالن میں پکا ہوتا تو پیالے کے کناروں سے تلاش فرما کر اسے نوش فرماتے یہ اسے پسند کرنے کی بنا پر ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل کو دیکھا ہے مجھے کدو سے محبت ہوگئی ہے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ مستحب ہے کہ کدو سے محبت رکھیں اور ہر اس چیز سے محبت رکھیں جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا ہے اور حضور نے سلق یعنی چقندر کو جو کی روٹی کے ساتھ تناول فرمایا ہے۔ چقندر ایک مشہور ترکاری ہے اسے ترمذی نے شمائل میں اس طرح روایت کیا ہے کہ ایک دن امام حسن بن علی، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم سلمٰی رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے جو حضور کی خادمہ تھیں انہوں نے کہا اے سلمٰی رضی اللہ عنہ ہمارے لئے وہ کھانا تیار کرو جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت پسند تھا۔ سلمٰی رضی اللہ عنہ نے کہا اے صاحبزادو آج میں تمہیں اس کھانے سے خوش نہیں کر سکتی۔ مطلب یہ کہ تم لذیذ ومرغوب کھانے کھاتے ہو یہ کھانا تمہیں کیا خوش کرے گا۔ انہوں کہا کہ ہاں ہمیں اچھا معلوم ہوگا ہمارے لئے تیار کرو۔ اس کے بعد آش جو کے لے کے اسے دیگچی میں ڈال کر اوپر سے کچھ زیتون کا تیل اور مرچ اور دیگر ضروری چیزیں ڈال کر تیار کر دیا اور دیگچی ان کے سامنے رکھ کر کہا یہ وہ کھانا ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت سے تناول فرماتے اور پسند فرماتے تھے۔

لپٹا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حزیرہ یعنی لپٹے کو بھی نوش فرمایا ہے۔ جسے آٹے سے پتلا کر کے بنایا جاتا ہے ایسا ہی طبری نے کہا ہے۔ اور جوہری کہتے ہیں کہ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے بہت سا پانی ڈال کر پکایا جاتا ہے۔ جب پک کر نرم وملائم ہو جاتا ہے تو آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔ اگر گوشت نہ ہو تو اسے عصید کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ آٹے کو گھول کر چھانتے ہیں تا کہ بھوسی نکل جائے پھر پکاتے ہیں۔ حزیرہ، خاء کے ساتھ وہ ہے جو بھوسی سے بنایا جاتا ہے۔ اور حزیرہ حاء کے ساتھ وہ ہے جو دودھ سے بنایا جاتا ہے۔ کہا گیا ہے کہ میرے پاس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، چاشت کے وقت خوب دن چڑھے تشریف

لائے تو میں نے خزیرہ کو ان کے لئے تیار کیا۔ اور حضور نے اقط یعنی پنیر کو نوش فرمایا جسے دودھ سے مسکہ نکال کر جماتے ہیں جو ترش اور سخت ہوتا ہے پھر پگھلا کر کھانوں اور سالنوں میں ڈالتے ہیں۔

پھل: اور حضور خشک کھجور، تر کھجور اور گدری کھجور تناول فرمائی ہے۔ اور حضور نے کباث کو نوش فرمایا ہے۔ کباث اراک کا پھل ہے جو پکا ہو۔ اور اراک مسواک کے درخت کو کہتے ہیں جسے ہندی میں پیلو کہتے ہیں اور کھجور کے گودے کو بہت پسند فرماتے تھے جو کھجور کے درخت سے گوند کی مانند نکلتا ہے۔ اسے شحمۃ النخل کہتے ہیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جبن نوش فرمایا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ غزوۂ تبوک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبن لایا گیا۔ تو آپ نے چھری منگا کر بسم اللہ کہہ کر اسے کاٹا اور ابوداؤد نے روایت کیا اور بعض فقہاء نے اس میں کلام کیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خربوے کو کھجور سے نوش فرمایا۔ اور خربوزہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پسندیدہ پھلوں میں سے تھا۔ خربوزے کی تعریف میں کئی حدیثیں آئی ہیں۔ اور اس میں رسالے لکھے گئے ہیں۔ مگر محدثین ان پر وضع کا حکم دیتے ہیں (واللہ اعلم)۔ اور عجیب بات یہ ہے کہ محمد بن اسلم خربوزہ کو نہ کھاتے تھے۔ اس لئے کہ منقول نہیں ہوا ہے کہ اسے حضور کس طرح نوش فرماتے تھے۔ ایک روایت میں ککڑی نوش کرنا کھجور کے ساتھ اس طرح آیا ہے کہ ایک دست مبارک میں ککڑی تھی اور دوسرے دست مبارک میں کھجور تھی کبھی اسے نوش فرماتے اور کبھی اسے۔ اسی طرح خربوزے اور کھجور کو۔ کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ کھجور اور خربوزہ ملا کر نوش کرتے اس کے دو احتمال ہیں۔ یا تو دونوں کو منہ میں رکھ کر چباتے تھے۔ یا کبھی اسے اور کبھی اسے اور نادر حدیثوں میں سے ایک حدیث یہ ہے جسے ابن ماجہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔ فرماتی ہیں میری والدہ میرے مٹاپے کا اعلاج کرتی تھیں اور میری والدہ اس میں جلدی کرتی تھیں تاکہ حضور کی خدمت میں مجھے بھیجا جائے مگر کوئی علاج درست نہ بیٹھتا تھا۔ یہاں تک کہ میں نے کھجور اور ککڑی ملا کر کھائی تو میرا مٹاپا ٹھیک ہو گیا ایسا ہی مواہب نے بیان کیا ہے۔ جاننا چاہئے کہ شارحین راویان حدیث کا خیال ہے کہ حضور کا اس سے مقصد یعنی ککڑی اور تر کھجور کو ملا کر نوش کرنے سے تر کھجور کی گرمی مارنا تھی نہ کہ ککڑی کی برودت کو کم کرنا اور اسے اعتدال پر لانا یہ طبی اصول سے تھا جیسا کہ ابی امامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ظاہر ہوتا ہے۔ جو بروایت ہشام آئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ککڑی کو تر کھجور کے ساتھ اس لئے نوش فرماتے تھے کہ ککڑی کی برودت کو کھجور کی گرمی سے اور کھجور کی گرمی کو ککڑی کی برودت سے اعتدال پر لائیں۔ کہتے ہیں کہ ترکیب اطعمہ میں یہ ایک بڑی اصل و قاعدہ ہے حتیٰ کہ کہتے ہیں کہ بطیخ کو تر کھجور سے ملا کر کھانے سے مراد، بطیخ اخضر یعنی ککڑی ہے جو سرد ہے نہ کہ بطیخ اصفر یعنی خربوزہ جو گرم ہے۔ جواب میں یہ بھی کہا گیا ہے بطیخ اصفر (خربوزہ) بمقابلہ تر کھجور کے یک گونہ سرد ہے اگرچہ شیرینی کی وجہ سے قدرے حرارت ہے۔ اس مسکین کا خیال ہے کھجور اور بطیخ کو ملانے سے ایک دوسرے کی حرارت و برودت کو توڑنے اور معتدل بنانے کی جو علت بیان کی ہے جب کہ قوم کہتی ہے تو یہ ایک تکلف ہے ظاہر یہ ہے کہ یہ ملانا اتفاقی امر تھا ممکن ہے کہ خربوزہ میٹھا نہ ہو اور ککڑی تو بالکل ہی میٹھی نہیں ہوتی ملا کر نوش فرمایا تاکہ شیریں ہو جائے۔ اسی طرح یہ بھی کہتے ہیں کہ جو سرد اور خشک ہے اور کھجور گرم و تر۔ لہٰذا دونوں کو ملا کر کھانا بنانا جو کی سردی اور کھجور کی گرمی مارنا ہے یہ اچھی تدبیر و تعدیل ہے (واللہ اعلم بحقیقتہ الحال)۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کو مکھن کے ساتھ نوش فرمایا اور اسے پسند فرمایا آج بھی یہ غذا ہمارے شہروں میں رائج اور بازاروں میں فروخت ہوتی ہے۔ اور کھجور کے سرے پر مکھن رکھتے ہیں اکثر تر کھجور ساتھ کھاتے ہیں تاکہ مکھن کی چکناہٹ تر کھجور کی عفونت کو مار دے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم روٹی کو سالن کے ساتھ نوش فرماتے جو بھی موجود ہوتا کبھی گوشت کا سالن کبھی ترکاری کا کبھی کھجور کا اور مروی ہے کہ کھجور اور جو کی روٹی کے ٹکڑے کو زبان پر رکھ کر فرمایا ''نانخورش'' یہ ہے۔ اور کبھی سرکہ سے نوش کرتے اور فرماتے ''نِعْمَ الْاِدَمُ الْخَلُّ''

سرکہ بہترین سالن ہے۔اسے مسلم، خطابی اور قاضی عیاض رحمہم اللہ نے روایت کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس ارشاد سے مراد کھانے کی چیزوں میں میانہ روی اور لذیذ کھانوں سے اجتناب کرنے کی تلقین ہے۔ مطلب یہ کہ روٹی کے ساتھ سالن، سرکہ وغیرہ ہوتا تھا اور بآسانی دستیاب ہو جاتا ہے۔ نادر الوجود نہیں ہے اور شہوت میں رغبت نہ کرے۔ کیونکہ یہ دین کو فاسد کرتا ہے اور بدن کو بیمار بناتا ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ تعریف خاص سرکہ کے لئے ہے کیونکہ اس میں منافع بکثرت ہیں رہا کھانے پینے میں میانہ روی اور شہوت کو ترک کرنا تو یہ دوسری حدیثوں اور دیگر قواعد سے ظاہر ہے۔

ابن قیم کہتے ہیں کہ سرکہ کی یہ تعریف وقتی اقتضائے حال کے بموجب ہے اس سے دیگر سالنوں پر فضیلت دینا مقصود نہیں ہے۔ جیسا کہ بعض حضرات خیال کرتے ہیں۔ اس حدیث کی شان وقوع یہ ہے کہ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم آگے پیچھے گھر تشریف لائے اور خشک روٹی لاکر پیش کی اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پاس سالن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا ہمارے پاس سالن تو نہیں ہے البتہ سرکہ ہے فرمایا ''**نعم الادام الخل**'' سرکہ بہترین سالن ہے۔ مقصود یہ ہے کہ سالن کے ساتھ روٹی کھانا حفظ صحت کے اسباب میں سے ہے۔ کیونکہ یہ روٹی کی اصلاح کرتا اور اسے نرم بناتا ہے۔ جو حفظ صحت کے لئے ہے بخلاف ان دونوں میں سے کسی ایک پر اکتفا کرنا۔ اس میں سرکہ کی فضیلت، دودھ، گوشت، شہد اور شوربے پر نہیں ہے اور اگر دودھ یا گوشت موجود ہوتا تو اور زیادہ تعریف فرماتے لہٰذا حضور کا یہ فرمانا ان کی خاطر اور ان کے دلوں کو خوش کرنے کے لئے ہے۔ دیگر سالنوں پر اسے فضیلت دینے کے لئے نہیں ہے۔ اور حضور اپنے شہر مبارک کی ترکاریوں اور پھلوں کو پکنے کے بعد تناول فرماتے اور ان سے اجتناب نہ فرماتے تھے۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ یہ حفظ صحت کے اسباب میں بہت بڑی چیز ہے اس لئے کہ حق تعالیٰ نے اپنی حکمت سے ہر بستی میں ایسے پھل پیدا فرمائے ہیں جس سے ان کے وقت میں وہاں کے رہنے والوں کو نفع پہنچتا ہے۔ اس بنا پر اسباب صحت اور اپنی عافیت کے لحاظ سے انہیں کھاتے ہیں۔ اور بہت سی دواؤں کے استعمال سے بے نیاز رہتے ہیں بہت کم لوگ ہیں جو بیماری و کمزوری کے خوف سے اپنے شہروں کے پھلوں سے بچتے اور پرہیز کرتے ہوں مگر یہ کہ کوئی بہت ہی زیادہ بیمار اور بہت ہی کمزور و ناتواں ہو اور ان کی صحت و قوت اس کی متحمل نہ ہو لہٰذا جو کوئی ان کو ان کی فصل میں کھائے گا وہ بہت سی بیماریوں کے لئے نافع و مفید رہے گا۔ (انتہی)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انگور کے خوشے تناول کرتے دیکھا ہے۔ یہ اس طرح کہ خوشہ منہ میں رکھ کر اس کے دانے توڑتے اور تنکوں کو باہر خالی کر کے کھینچ لیتے۔ اور متعارف یہ ہے کہ ہاتھ سے دانے توڑ کر منہ میں ڈالتے ہیں بعض کہتے ہیں اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پیاز کو تناول نہیں فرمایا اور نہ امت کو اس سے منع فرمایا۔ اور جو پیاز کھاتا ہے اسے چاہئے کہ مسجد میں نہ آئے۔ اسی پر دیگر اجتماعات کو بھی قیاس کیا گیا ہے ابوداؤد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ حضور نے جو آخری کھانا تناول فرمایا ہے اس میں پیاز تھی۔ ظاہر ہے کہ یہ اثبات اور تاکید جواز کے لئے تناول فرمایا ہے یا پکی ہوئی تھی۔ اور اس کی بو دور کر دی گئی تھی۔ کراہت تو کچی پیاز کے کھانے میں ہے۔ کیونکہ اس سے بو آتی ہے۔ ابتدائے ہجرت کے وقت جتنے عرصے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان میں رہے وہ جب ایسا کھانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتے جس میں پیاز کی بو ہوتی تو حضور خود تناول نہ فرماتے دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھیج دیتے۔ لہسن کا بھی یہی حکم ہے بلکہ اس کا حکم اس سے زیادہ ہے۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لہسن پیاز اور گندنے کے حکم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں علماء اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر حرام تھا لیکن اصح یہ ہے کہ مکروہ تھا کراہت تنزیہی کے ساتھ نہ کہ کراہت تحریمی کے

ساتھ۔اس بنا پر کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پوچھنے پر کہ کیا یہ حرام ہے؟ فرمایا نہیں یہ عام ہے اور جو حضور کے لئے حرمت کے قائل ہیں کہتے ہیں کہ ''نہیں''۔فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ تم پر حرام نہیں ہے (واللہ اعلم)۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ محبت صادق میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت میں لہسن و پیاز کے نہ کھانے اور اسے مکروہ جاننے میں واجب ہے اور ہر اس چیز کو مکروہ جاننے میں جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکروہ جانا۔اس لئے کہ یہ محبّ صادق کے اوصاف میں سے ہے کہ جس چیز کو محبوب پسند کرے وہ محبوب ہو اور جس چیز کو محبوب مکروہ جانے وہ مکروہ ہے انہوں نے جو کچھ فرمایا سچ فرمایا اللہ تعالیٰ ان پر رحمتیں نازل فرمائے۔

بسا اوقات حضوّر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عنایت و مہربانی کی خاطر، رخصت و اباحت کو اختیار فرماتے کیونکہ خدا کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے کہ انہیں رخصت عطا فرمائے جس طرح کہ وہ پسند فرماتا ہے کہ انہیں عزیمتیں دے۔اس بنا پر ان کا صدور واقع ہو جاتا ہے۔وہ چیزیں اور ہیں جن کے بارے میں حق تعالیٰ نے فرمایا عفا اللہ۔بعض روایتوں میں آیا ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہ کسی دور جگہ میں تھے۔حضرت علی مرتضےٰ نے اپنے آپ کو ایک باغ میں پانی سینچنے کی مزدوری میں ایک شخص کو دے دیا۔اس شخص نے روٹی اور گندنا آپ کو پیش کیا۔حضور نے روٹی خود تناول فرمائی اور گندنا حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔کذا ذکرہ فی تاریخ مدینہ۔

کھانے کا مسنون طریقہ: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ آپ تین انگلیوں سے یعنی انگوٹھا، کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے کھانا نوش فرماتے تھے اسے ترمذی شمائل میں روایت کیا ہے اس لئے کہ ایک انگلی یا دو انگلی سے کھانا متکبروں کا کھانا ہے اور اس طرح کھانے میں لذت بھی معلوم نہیں دیتی۔اور اس سے معدہ سیر نہیں ہوتا مگر طویل زمانے کے بعد اور پانچوں انگلیوں سے کھانا حرص و طمع کی علامت ہے صاحب مواہب ایک حدیث مرسل لاتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچوں انگلیوں سے کھایا ہے۔یہ حدیث ماسبق حدیث کے ساتھ اس طرح جمع ہو سکتی ہے کہ اکثر اوقات تین انگلیوں سے نوش فرماتے۔اور بعض اوقات پانچوں سے اور کھانے کے بعد حضور انگلیوں کو چاٹ لیا کرتے تھے۔اس سے پہلے کہ رومال سے پونچھیں اور بعض روایتوں میں چاٹنے اور برتن صاف کرنے کا حکم آیا ہے۔مروی ہے کہ برتن کو پونچھنے کی بنا پر وہ برتن اس کے لئے استغفار کرتا ہے اور چاٹنے کی علت میں یہ آیا ہے کہ یہ بات نہیں جانی جا سکتی کہ کھانے کے کون سے جزو میں برکت ہے اور سب انگلیوں سے چاٹنا شرط نہیں ہے۔ایک ایک انگلی کو زبان پر رکھ کر یا ہونٹوں پر رکھ کر چاٹنا کافی ہے۔بعض اوقات حضور انگلیوں کو بچوں یا خادموں کو چٹایا کرتے تھے اور کھانے کے درمیان انگلیوں کو چاٹنا مکروہ ہے اور کھانے کے دوران جو چیز دستر خوان یا پیالہ سے گر جائے اسے اٹھا کر کھا لینا بھی ثواب ہے۔بعض روایتوں میں آیا ہے کہ اس میں محتاجی، برص اور کوڑھ سے حفاظت ہے۔اور جو اسے کھاتا ہے اس کی اولاد حماقت سے محفوظ رہتی ہے اور انہیں عافیت دی جاتی ہے۔دیلمی نے عباس خلفا کے رشید سے باسناد نسب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ فرمایا جو دستر خوان پر گری ہوئی چیز اٹھا کر کھاتا ہے اس کی اولاد حسین و جمیل پیدا ہوتی ہے۔اور اس سے محتاجی دور کر دی جاتی ہے۔متکبروں سے ان باتوں کی پیروی ظہور میں نہیں آتی اور وہ اسے مکروہ جانتے ہیں۔اگر وہ حقیقت سے غور کریں تو اس میں کوئی کراہت کی وجہ نہیں ہے۔اسی کھانے ہی کے تو اجزاء ہیں۔جسے انہوں نے انگلیوں سے کھایا تو انگلیوں اور پیالوں کو چاٹنا کیوں برا معلوم ہوتا ہے آخر اسی کھانے کا یہ حصہ ہے خصوصاً اس وقت جب کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل مبارک کو بھی سن لیا۔حقیقت یہ ہے کہ جو شخص اس بات سے گھن کھاتا اور برا جانتا ہے جس کی نسبت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے تو اس پر سخت چیز لازم آتی ہے۔(نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ)۔

صاحب مواہب ایک بزرگ سے نقل کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ ایک شخص کلی کرتا ہے اور اپنے منہ میں انگلیاں ڈالتا ہے اور انگلیوں سے دانتوں کو ملتا ہے اس سے کوئی بھی گھن نہیں کھاتا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگا کر کھانا تناول نہ فرماتے آپ فرماتے ہیں میں بندہ ہوں اور بندوں کی مانند بیٹھتا ہوں۔ اور ایسے ہی کھاتا ہوں جیسے بندے کھاتے ہیں۔ ٹیک لگانے کی تفسیر میں اختلاف کیا گیا ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ جو محققین شراح حدیث میں سے ہیں شفاء میں فرماتے ہیں کہ اتکاء یعنی ٹیک لگانے سے مراد جم کر بیٹھنا اور کھاتے وقت چوکڑی مار کے سرین پر بیٹھنا ہے۔ یہ اس بیٹھنے کی مانند ہے جو کسی چیز کو اپنے نیچے رکھ کر ٹیک لگا کر بیٹھے۔ اس ہیئت پر بیٹھنے والا کھانا زیادہ کھاتا ہے۔ اور اس طرح اظہار تکبر کرتا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نشست اس قسم کی تھی کہ گویا گھٹنوں کے بل ابھی کھڑے ہو جائیں گے۔ بطریق اقعا، کہا گیا ہے کہ حدیث کے یہ معنی نہیں ہیں کہ کسی جانب جھک کر ٹیک لگائی جائے۔ جیسا کہ محققین کے نزدیک ہے۔ (انتہی)۔

''اقعا'' سے مراد یہ ہے کہ سرین کو زمین کی جانب کرے۔ اور پنڈلیوں کو کھڑا کرے اور پیٹھ کے بل سیدھا رہے۔ یہی وہ نشست ہے جسے نماز میں منع فرمایا گیا ہے۔ صاحب مواہب کہتے ہیں کہ اسی معنی کو نقل کیا گیا ہے جس کی تفسیر قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے اور اتکاء کی تفسیر میں یہی بات، اکمال میں خطابی سے جو ائمہ شراح حدیث اور معتمد علیہ ہیں منقول ہے۔ اور خطابی فرماتے ہیں کہ اتکاء کی ایک جانب جھکنے کی جنہوں نے تفسیر کی ہے اس کی مخالفت کی گئی ہے۔ خطابی فرماتے ہیں کہ عوام کا خیال ہے کہ متکی وہ ہوتا ہے جو ایک جانب جھک کر کھانا کھاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ متکی وہ ہے کہ جو چیز اس کے نیچے بچھی ہوئی ہو اس پر جم کر بیٹھے۔ (انتہی)۔ ابن جوزی کے نزدیک اتکاء کے معنی یہی ہیں کہ ایک جانب جھک کر بیٹھے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اتکاء کا مطلب یہ ہے کہ کسی چیز سے ٹیک لگائی جائے۔ خواہ دیوار سے یا تکیہ وغیرہ سے۔ اور بعضوں نے کہا بائیں ہاتھ سے ٹیک لگانا مراد ہے۔ اور بعض حدیثوں میں اس کی صراحت سے ممانعت بھی آئی ہے۔ ابن اثیر نے نہایہ میں کہا ہے کہ جس نے اتکاء کے معنی ایک جانب جھکنے کے لئے ہیں اس نے فن طب کے موافق تاویل کی ہے ابن قیم نے کہا کہ ٹیک لگا کر کھانا، کھانے والے کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے کہ طعام کے لئے اس کے راستے سے گزرنے میں یہ ہیئت مانع ہوتی ہے۔ اور بسرعت معدے میں کھانا نہیں پہنچتا۔ اور معدہ میں گردش کرتا ہے۔ اور مستحکم نہیں ہوتا۔ اور معدہ کا منہ غذا کے لئے نہیں کھلتا۔ اور معدہ ایک جانب جھک جاتا ہے۔ سیدھا نہیں رہتا۔ اور بسرعت غذا معدے میں نہیں جاتی۔ لیکن کسی چیز سے ٹیک لگانا یہ متکبروں اور فرعونوں کی نشست سے ہے۔ جو طریقہ عبودیت کے خلاف ہے۔ اسی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اُکُلُ کَمَا یَاْکُلُ الْعَبْدُ. بعض کہتے ہیں کہ ٹیک لگا کر کھانے کی ممانعت، حضور کی خصوصیات میں سے ہے مگر حق یہ ہے کہ یہ عام ہے ہاں اگر مجبوری ہو اور اس سے ادب کی رعایت ممکن نہ ہو تو یہ دوسری بات ہے۔ (تبیح المحدذورات)۔

صاحب سفر السعادۃ لکھتے ہیں کہ اتکاء کی پانچ صورتیں ہیں۔ یہ سب ہیئتیں جن کا ذکر ہوا انہوں نے شمار کیں۔ صاحب مواہب کہتے ہیں کہ جب ثابت ہو گیا کہ ٹیک لگانا مکروہ ہے یا خلاف اولیٰ۔ تو کھانے کے وقت اس ہیئت پر بیٹھنا مستحب ہوا۔ جو یہ ہے کہ دونوں رانوں کو کھڑا کرے۔ اور دونوں قدموں کی پشت پر نشست کرے۔ یا اس طرح کہ داہنے پاؤں کو کھڑا کرے اور بائیں پاؤں پر بیٹھے۔ اور ابن قیم نے بیان کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تواضع و ادب کی خاطر بائیں قدم کے اندر کی جانب کو داہنے قدم کی پشت پر رکھتے تھے۔ یہ ہیئت کھانا کھانے کی دوسری نشستوں سے زیادہ مفید و نافع ہے۔ اس لئے کہ تمام اعضا اپنی اس طبعی حالت پر برقرار رہتے ہیں جس پر حق تعالیٰ نے انہیں پیدا فرمایا ہے۔ اور جب حضور اپنے دست مبارک کو کھانے کی جانب بڑھاتے تو بسم اللہ کہتے۔ اور افضل یہ ہے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہے۔ اور اگر محض بسم اللہ کہے تو کافی ہے اور سنت کا مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔ اور حضور کھانے کے بعد

حمد الٰہی کہتے۔حمد کے کلمات متعدد ماثور ہیں۔اتنا پڑھنا ہی کافی ہے کہ کہے:اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اور یہ دعا بھی صحت کے ساتھ پہنچتی ہے کہ فرمایا:اَللّٰهُمَّ اَطْعَمْتَ وَسَقَیْتَ وَاَغْنَیْتَ وَاَقْنَیْتَ وَهَدَیْتَ وَاَحْیَیْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا اَعْطَیْتَ اور داہنے ہاتھ سے تناول فرماتے۔اور اس کا حکم دیتے اور فرمایا:غُلَامَ سَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِیَمِیْنِكَ وَمِمَّا یَلِیْكَ۔اے بندے اللہ کا نام لے اور داہنے ہاتھ سے کھا اور جو تیرے قریب ہے اس طرف سے کھا۔اور بعض شوافع نے اس حکم کو مستحب پر محمول کیا ہے اور صواب یہ ہے کہ اس کے ترک پر وعید وارد ہونے کی وجہ سے واجب ہے۔جیسا کہ صحیح مسلم میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنے بائیں ہاتھ سے کھا رہا ہے تو فرمایا داہنے ہاتھ سے کھا اس نے کہا میں کھا نہیں سکتا۔فرمایا کبھی نہ کھا سکے گا۔اس کے بعد وہ کبھی اپنے داہنے ہاتھ کو منہ تک لا ہی نہ سکا اور جو حضرات مستحب ہونے پر استدلال کرتے ہیں وہ اس قرینہ سے کہ حضور نے فرمایا ''وَكُلْ مِمَّا یَلِیْكَ'' (جو تیرے قریب ہے اس سے کھا۔) اور یہ واجب نہیں ہے تو اس کا جواب وہ حضرات جو وجوب کے قائل ہیں یہ دیتے ہیں کہ اس کا ترک،ممانعت کے معلوم ہونے کے بعد گناہ و معصیت ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اگر کھانا ایک ہی ہو تو اپنے قریب سے کھائے اور اگر متعدد کھانے ہوں مثلاً فواکہ وغیرہ تو جائز ہے اور ایک حدیث بھی اس ضمن میں روایت کرتے ہیں مگر وہ حدیث ضعیف ہے (کذا قیل) اگر کوئی یہ کہے کہ پہلے گزر چکا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیالوں کے کناروں سے کدو کے قتلوں کو تلاش فرماتے تھے۔تو یہ حدیث اپنے قریب سے کھانے کی حدیث سے معارض ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ممانعت اس تقدیر پر ہے۔کہ اگر ساتھی راضی نہ ہوں اور کون ہے جو حضور سے راضی نہ ہو اور بعض کہتے ہیں کہ حضور تنہا تناول فرما رہے تھے۔مگر ظاہر یہ ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ شامل تھے (واللہ اعلم)۔اور حضور کھانے سے پہلے دست ہائے مبارک کو دھویا کرتے اور بعد طعام بھی۔اور فرمایا بَرَكَةُ الطَّعَامِ فِی الْوُضُوْءِ قَبْلَهٗ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ۔'' کھانے سے پہلے بھی وضو ہے اور کھانے کے بعد بھی وضو۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھانا لایا گیا۔اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کیا حضور کے لئے پانی نہ لاؤں کہ وضو فرمائیں۔فرمایا میں مامور نہیں ہوں کہ وضو کروں مگر اس وقت جب کہ نماز کے لئے کھڑا ہوں۔اس جگہ وضو سے مراد،وضوء شرعی ہے جو نماز کے لئے ہیں۔اور جن حدیثوں میں ہاتھ دھونے کو وضو کہا گیا ہے وہ لغوی معنی میں ہے۔جس کے معنی نظافت و پاکیزگی کے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم گرم کھانا نوش نہ فرماتے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور کی خدمت میں کھانے کا ایک پیالہ لایا گیا۔جس سے بھاپ اٹھ رہی تھی اس پر آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہمیں آگ کھانے کا حکم نہیں فرمایا ہے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور گرم کھانے اور اسے بگھار یعنی داغ دینے کو مکروہ جانتے اور فرماتے ٹھنڈا کر کے کھانا کھاؤ کیونکہ اس میں برکت ہے اور گرم کھانے میں برکت نہیں ہے اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب حضور کے پاس گرم کھانا لایا جاتا تو آپ اسے اس وقت تک ڈھانپ کے رکھے رہتے جب تک کہ اس کا جوش نہ ختم ہو جاتا۔اور فرمایا کہ میں نے حضور سے سنا ہے کہ سرد کھانے میں عظیم برکت ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لکڑی کا پیالہ تھا۔جس پر لوہے کی چادر منڈھی ہوئی تھی۔حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور کو اس پیالے میں پانی۔نبیذ اور شہد وغیرہ تمام مشروبات پلائے ہیں۔اور بخاری میں عاصم احوال کی حدیث ہے کہ میں نے حضور کے اس پیالہ کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس دیکھا ہے میں نے اس میں پانی پیا ہے۔وہ کچھ شکستہ ہو گیا تھا۔حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس پر چاندی کا خول چڑھا دیا تھا۔اور وہ پیالہ چوڑا اور اچھی لکڑی کا تھا۔علماء بیان کرتے ہیں کہ وہ پیالہ جھاؤ کی لکڑی کا تھا اور اس کا رنگ زردی مائل تھا اور ابن سیرین کہتے ہیں کہ اس پر لوہے کا حلقہ چڑھا ہوا تھا پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے چاہا کہ اس حلقے کے بجائے سونے یا چاندی کا حلقہ چڑھائیں تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اس

سے باز رکھا۔ اور کہا کہ جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رکھا ہے اسی طرح رہنے دو۔ اور امام ابوعبداللہ بخاری روایت کرتے ہیں کہ میں نے اس پیالے کو بصرہ میں دیکھا ہے۔ اور میں نے اس میں پانی پیا ہے اسے نضر بن انس کی اولاد سے آٹھ ہزار درہم میں خریدا گیا ہے۔ (کذا فی المواہب)۔ اور حضور نے کبھی خوان پر کھانا نہ کھایا چپاتیاں کھائیں لیکن سفرہ پر نوش کیا اور وہ سفرہ چمڑے یا پتے کا ہوتا تھا اور آج بھی حرمین شریفین میں خرمے کے پتے کے سفرے رائج ہیں۔ مواہب میں کتاب ہدیٰ سے نقل کیا گیا ہے کہ بعض طبیبوں نے کہا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ صحت محفوظ رہے تو رات کے کھانے کے بعد سو قدم کی تعداد میں ٹہلا کرے۔ اور کھانے کے فوراً بعد نہ سو جائے۔ کیونکہ یہ مضر ہے۔ اور کھانے کے بعد نماز پڑھنا ہضم میں آسانی پیدا کرتا ہے۔

پانی پینا: وصل: اب رہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پینے کی کیفیت، تو بلاشبہ حضور آب شیریں وسرد کو پسند فرماتے تھے۔ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہ اجمعین آپ کے لئے بیر سقیا سے پانی لاتے تھے۔ بیر سقیا مدینہ سے دو منزل کے فاصلے پر ہے۔ اور چھتیس میل کی مسافت ہے۔ اور ٹھنڈا و شیریں پانی طلب کرنا زہد کے منافی نہیں ہے اور نہ ترفہ مذموم میں داخل ہے۔ اور ایسا کیسے ہوسکتا ہے۔ حلانکہ سید الزاہدین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہے لیکن پانی کو مشک وگلاب سے خوشبودار بنانا ترفہ اور تنعم میں داخل ہے۔ اور یہ مذموم ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے اس کی کراہت منقول ہے کہ انہوں نے اپنے شاگرد سے فرمایا اے فرزند من! پانی کو ٹھنڈا کر کے پیو۔ کیونکہ ٹھنڈے پانی سے دل کی گہرائیوں سے شکر ادا ہوتا ہے۔ شاگرد نے عرض کیا اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جس نے پانی کو دیوار پر ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھا اور پھر اس پر دھوپ آ گئی۔ اور اسے نہ اٹھایا اور گرم ہو گیا اور اسی گرم پانی کو پی لیا اور کہا کہ اے بھائی میں اپنے نفس کی لذت کے لئے نہیں چاہتا۔ فرمایا وہ شخص صاحب حال ہے اس کی پیروی نہیں چاہئے۔ کہتے ہیں کہ اس شخص سے مراد، حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

منقول ہے کہ حضور نے شہد میں پانی ملا کر نوش فرمایا اور علی الصباح نوش جان فرماتے۔ اور جب اس پر کچھ گھڑی گزر جاتی اور بھوک معلوم ہوتی تو جو کچھ کھانے کی قسم سے موجود ہوتا تناول فرماتے صاحب مواہب ابن قیم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا اس میں حفظ صحت ہے اس پر فاضل طبیبوں کے سوا کسی کو دسترس نہیں ہوسکتی۔ اس لئے کہ شہد کا شربت یا شہد کو ناشتے میں چاٹنا بلغم کو چھانٹتا اور معدے کے حمولات کو دھوتا اور اس کے لزوجت سے پاک وصاف کرتا اور اس ک فضلات کو دور کرتا اور اعتدال کے ساتھ معدے کو گرم کرتا ہے۔ اور جوڑوں کو کھولتا ہے اور ٹھنڈا پانی، سردتر ہے جو گرمی کو کاٹتا ہے اور صحت کی حفاظت کرتا ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ یہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں آیا ہے کہ ''حضور سرد و شیریں پانی کو پسند فرماتے تھے'' اس سے مراد یہی شہد ملا شربت ہے یا کھجور و منقی کا نقع یعنی تر کردہ شربت یا نبیذ ہے اس میں عظیم نفع ہے اور قوتوں کو زیادہ کرتا ہے۔

نقیع و نبیذ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ کھجور یا منقیٰ کو کوٹ کر پانی میں ڈال کر رکھ دیتے ہیں تا کہ پانی شیریں ہو جائے۔ اگر اسے دو روز رکھے رہیں تا کہ شیرینی سے لب چپکنے لگیں تو اسے نبیذ کہتے ہیں اور اگر فوراً بنا کر پی لیں تو اسے نقیع کہتے ہیں۔ اس سے تیز کرنا مکروہ ہے۔ اور اگر کف یا جھاگ اٹھ آئے تو حرام وخمر ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم دودھ کو پسند فرماتے تھے آپ نے فرمایا کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو کھانے اور پینے دونوں کا کام دے بجز دودھ کے۔ کھانے کے بعد دعا کرتے: زِدْنَا خَيْرًا مِّنْهُ. (اس سے ہماری بھلائی زیادہ کر) اور دودھ پینے کے بعد فرماتے زونا منه (اس سے ہمیں زیادہ کر) نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ایسی ہیں اگر کوئی دے تو منع نہ کرنا چاہئے۔ دودھ، تکیہ اور خوشبو دار تیل۔ ایک اور حدیث میں تیل کی جگہ طیب یعنی خوشبو آیا ہے یہ اس سے زیادہ معروف ہے اور آپ کبھی خالص دودھ نوش فرماتے اور

کبھی سرد پانی ملا لیتے۔ یعنی ''لسی'' اس لئے کہ دوہتے وقت دودھ گرم ہوتا ہے اور ان ممالک میں گرمی غالب ہے تو دودھ کی گرمی کو پانی کی سردی سے مارتے ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ٹھنڈا دودھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاج لطیف کے مناسب و موافق تر آتا ہے۔ بخاری میں حضرت جابر سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے۔ آپ کے ساتھ ایک صحابی تھے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ وہ انصاری اپنے باغ میں پانی دے رہا تھا۔ حضور نے انصاری سے فرمایا اگر تمہارے پاس پرانے مشکیزہ میں رات کا بھرا ہوا ٹھنڈا پانی ہو تو لاؤ ورنہ اس کیاری سے پانی پیتا ہوں۔ اس انصاری نے عرض کیا ہاں میرے پاس باسی پانی ہے جو پرانے مشکیزہ میں ہے پھر اس نے پیالے میں پانی لیا اور اپنے جھونپڑے میں جا کر بکری کا دودھ دوہ کر اس میں ملایا۔ پھر حضور نے اس پانی کو نوش فرمایا۔ جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں لفظ کرع آیا ہے۔ اس کے معنی ہیں پانی میں منہ ڈال کر پینا۔ جیسے کوچوپائے پیتے ہیں۔ لیکن شراح حدیث فرماتے ہیں کہ اس جگہ مراد یہ ہے کہ ہاتھوں سے پانی پینا نہ کہ منہ ڈال کر۔ گویا کرع کی حقیقت کو حضور کے مقام رفیع، درجہ بلند کے مناسبت پر محمول کرنا بعید جانا۔ حالانکہ حضور کی بے تکلفی سے یہ بعید نہ تھا۔ ممکن ہے کہ اس طرح پانی پینے میں کوئی ذوق پاتے ہوں (واللہ اعلم)

یہ فقیر یعنی شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ ایک بزرگ زمانہ، صالح کی صحبت میں تھا۔ جو علم حدیث کے جاننے والے تھے۔ (رحمۃ اللہ علیہ) باغ میں اسی طرح پانی کیاریوں میں بہہ رہا تھا اس عزیز نے کرع کیا۔ یعنی منہ سے پانی پیا۔ اس وقت تو حقیقت حال منکشف نہ ہوئی۔ لیکن جب مجھے حضرت جابر رضی اللہ عنہ، کی یہ حدیث معلوم ہوئی تو جانا کہ اس عزیز کا وہ فعل اس حدیث کے اتباع میں تھا۔ حضور کھانے کے بعد پانی نوش نہ فرماتے کیونکہ مفسد ہضم ہے۔ جب تک کہ کھانا ہاضمہ کے قریب نہ ہو پانی نہ پینا چاہئے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ پانی بیٹھ کر نوش فرماتے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا ہے۔ اور مسلم میں ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں چاہئے کہ کوئی کھڑے ہو کر پانی نہ پئے۔ اگر بھول کر پی لیا ہے تو قے کر دے اور پانی کو پیٹ سے خارج کر دے۔ بخاری و مسلم میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور کی خدمت میں آب زمزم کا ڈول لایا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے وضو فرمایا پھر کھڑے ہو کر بقیہ آب وضو کو نوش فرمایا۔ اور فرمایا لوگ کھڑے ہو کر پانی پینے کو مکروہ جانتے ہیں حالانکہ میں نے اللہ کے نبی کو ایسا کرتے دیکھا ہے جیسا کہ میں نے کیا۔ اور یہ سب حدیثیں صحیح ہیں ان میں جمع و تطبیق اس طرح ہے کہ کھڑے ہو کر پانی پینا مکروہ تنزیہی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مبارک بیان جواز کے لئے تھا۔ اور شارع علیہ السلام کو جائز ہے کہ بیان جواز کے لئے فعل مکروہ کو اختیار کریں۔ کیونکہ یہ آپ پر واجب ہے۔ اور اس کی نسبت آپ کی جانب مکروہ نہیں ہے اور قے کرنے کا حکم مذہب و استحباب پر محمول ہے۔ لہٰذا جو کھڑے ہو کر پئے اسے مستحب ہے کہ اس صحیح و صریح حدیث کے بموجب قے کر دے۔ خواہ بھول کر پئے یا قصداً اور حدیث میں نسیان یعنی بھولنے کی تخصیص سے، اس طرف اشارہ ہے کہ مومن سے جس چیز کا ترک کرنا افضل و اولیٰ ہے اس سے قصداً کیسے واقع ہوگا۔ (کذا قالوا)۔ اور مالکیوں کا مذہب ہے کہ کھڑے ہو کر پانی پینے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ وہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہو کر پانی پیتے دیکھا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ یہ تمام حضرات کھڑے ہو کر پانی پیتے تھے۔ اور شیخ عبدالحق جو ائمہ حدیث میں سے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، کی حدیث کا جواب دیتے ہیں کہ اس کی سند ضعیف ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ

کھڑے ہوکر پانی پینا آب وضو اور آب زمزم کے ساتھ خاص ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ممکن ہے یہ ممانعت خاص اس شخص کے لئے ہو جو اپنے ساتھیوں کے لئے پانی لایا اور ان کے پلانے سے پہلے خود کے پینے میں جلدی کی اور اس نے اس قاعدہ واصول کی خلاف ورزی کی کہ: سَاقِیُ الْقَوْمِ اٰخِرُھُمْ مُشْرَبًا ۔قوم کو پانی پلانے والا اپنے پینے میں ان سب کے بعد ہے اس وجہ پر حمل کرنا محض احتمال ہے۔اور حدیث کی عبارت اس طرف دلالت نہیں کرتی۔

اور آب وضو کو کھڑے ہوکر پینے میں یہ بات ہے کہ یہ حدیثیں اصل جواز پر دلالت کرتی ہیں اور وہ حدیثیں جس میں ممانعت ہے استحباب میں ہیں۔بشرط اس قاعدے کہ بیٹھ کر پینا افضل واولیٰ ہے۔اور شراح حدیث کے بعض کلام سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ کھڑے ہو کر پینے کی ممانعت قواعد طبیہ پر مبنی ہے۔اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی رعایت فرماتے ہوئے ایسا ارشاد فرمایا۔مقتضائے کلام یہ ہے کہ اس کو اپنی عادت نہ بنائے اگر کبھی پی لے تو ممنوع نہ ہوگا۔(واللہ اعلم۔)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے دیکھا ایک شخص کھڑے ہوکر پانی پی رہا ہے تو انہوں کہا اس پانی کو قے کردے۔اس شخص نے کہا کس لئے میں قے کروں۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا'' کیا تمہیں اچھا معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے ساتھ بلی پانی پیئے۔'' اس شخص نے کہا میں اچھا نہیں جانتا۔فرمایا بلاشبہ تیرے ساتھ جس نے پانی پیا ہے وہ بلی سے بدتر ہے کہ وہ شیطان ہے۔''

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی آپ تین سانسوں میں پانی نوش فرماتے اور فرماتے کہ یہ سیراب کرنے والا۔پسندیدہ تر اور شفا بخشنے والا ہے۔ہر سانس میں منہ سے پیالہ جدا کرتے پھر سانس لیتے۔اور پیالے میں پھونکنے سے منع فرماتے۔اور جب دہن شریف سے پیالے کو قریب لاتے تو بسم اللہ پڑھتے۔اور جب جدا فرماتے تو حمد بجالاتے۔اسی طرح تین مرتبہ کرتے۔

مروی ہے کہ پہلے سانس میں ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَهٗ عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَةٍ وَلَمْ یَجْعَلْهُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا ۔'' نیز مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پانی کو چوس چوس کر پیو۔اور غٹ غٹ کر کے نہ پیو اس سے معلوم ہوا کہ لوٹے کی ٹوٹی خوب منہ کے اندر نہ لینی چاہئے۔جیسا کہ لوگ کرتے ہیں یہ ممنوع ہے اس لئے کہ مص یعنی چسکی ہونٹوں اور لبوں سے ہوتی ہے لیکن ٹوٹی کو منہ سے علیحدہ رکھنا یا منہ سے دور رکھنا بھی چسکی کے معنی کے موافق نہیں ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مہمانوں سے کھانے کے لئے اصرار فرماتے اور بار بار کہتے ایک مرتبہ ایک شخص کو دودھ پلانے کے بعد اس سے بار بار فرمایا'' اشرب اشرب'' اور پیو اور پیو۔یہاں تک کہ اس شخص نے قسم کھا کر عرض کیا۔قسم ہے اس خدائے برتر کی جس نے آپکو حق کے ساتھ بھیجا اب اور گنجائش نہیں ہے۔اسے بخاری نے روایت کیا۔اور جب آپ جماعت کو کھانا کھلاتے پلاتے تو آپ ان سب کے بعد تناول فرماتے۔مطلب یہ کہ ابتداء میں تناول نہ فرماتے آخر میں ان کے ساتھ موافقت فرماتے۔اور حدیث میں آیا ہے کہ جب دسترخوان بچھایا جائے تو چاہئے کہ جب تک سب فارغ نہ ہوں نہ تو اٹھے اور کھانے سے ہاتھ نہ کھینچے اگرچہ سیر ہو چکا ہو۔کیونکہ یہ ساتھیوں کی شرمندگی کا موجب ہے اور ممکن ہے کہ ابھی اسے کھانے کی احتیاج باقی ہو اور اگر کوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کرتا اور میزبانی کا شرف پاتا اور کوئی اور شخص آپ کے پیچھے پیچھے آجاتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم میزبان کو خبر کردیتے کہ یہ شخص میرے ساتھ چلا آیا ہے اگر تم چاہو تو لوٹ جائے۔(الحدیث)۔

اکابر و پیشواؤں کے ساتھ خدام و توابع اور طفیلی ہوتے ہیں اور یہ جائز ہے اور اس حدیث کا اقتضاء یہ ہے کہ صاحب خانہ کو بتا کر اس سے اجازت لے لے۔

اورحضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جماعت کے ساتھ کھانا تناول فرماتے تو جب تک ان کے لئے دعائے خیر نہ فرماتے باہر تشریف نہ لاتے اور فرماتے: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔''

نوع دوم- درلباس مبارک

وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ، لباس شریف میں وسعت اور ترک تکلف تھا۔ مطلب یہ کہ جو پاتے زیب تن فرمالیتے اور تعیین کی تنگی اختیار نہ فرماتے۔ اور کسی خاص قسم کی جستجو نہ فرماتے۔ اور کسی حال عمدہ ونفیس کی خواہش نہ فرماتے۔ اور نہ ادنی وحقیر کا تکلف فرماتے۔ جو کچھ موجود ومیسر ہوتا پہن لیتے۔ اور جو لباس ضرورت کو پورا کردے اسی پر اکتفا فرماتے۔ اکثر حالتوں میں چادر پیرہن اور ازار ہوتا جو کہ سخت اور موٹے کپڑے کے ہوتے اور پشمینہ بھی پہنتے۔ منقول ہے کہ آپ کی چادر شریف میں متعدد پیوند لگے ہوئے تھے۔ جسے آپ اوڑھا کرتے تھے۔ اور فرماتے میں بندہ ہی ہوں اور بندوں ہی جیسا لباس پہنتا ہوں اسے شیخین نے روایت کیا ہے۔ اگر کبھی شاہان عجم عمدہ اور نفیس بیش بہا ہدیے میں بھیجتے تو ان کی تالیف قلوب کی خاطر زیب تن فرماتے مگر جلد ہی بدن شریف سے اتار دیتے۔ اور لوگوں کو عطا فرمادیتے۔ اور لوگوں میں انصاف اور علو ہمتی کے پیش نظر تقسیم میں برابری فرماتے۔ اور عمدہ ونفیس پہننا اور اس کے ساتھ مزین کرنا اور اس پر فخر ومباہات کرنا صاحبان شرف وجلالت کے شایان شان نہیں ہے۔ بلکہ عورتوں کی صفات اور ان کی نشانیاں ہیں لیکن صاف ستھرا اور پاکیزہ لباس رکھنا اور اس میں میانہ روی اختیار کرنا ہم جنسوں کے مشابہ ہونا محمود ہے یہ خلاف مروت نہیں ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن کی تمام خوبیوں میں لباس کا ستھرا رکھنا اور کم پر راضی ہونا بہت پسند ہے۔ اور حضور میلے اور گندے کپڑوں کو مکروہ وناپسند جانتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور نے ایک شخص کو دیکھا جو بہت میلے اور غلیظ کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ فرمایا کیا یہ شخص کوئی ایسی چیز نہیں رکھتا جس سے یہ کپڑوں کو دھولے اور آپ نے ایک شخص کو دیکھا جس کے بال الجھے ہوئے اور میل بھرے ہوئے ہیں اور بری حالت میں ہے۔ فرمایا کیا تم میں کوئی ایسا آیا ہے؟ مطلب یہ کہ شیطان ہے۔ اور حضور تزئین میں تکلف اور مبالغہ کو بھی محمود نہ جانتے تھے۔

سفر السعادۃ میں ہے کہ حضور کی عادت کریمہ، لباس میں ترک تکلف تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگ دو قسموں میں بٹ گئے بعض نے تزئین وآرائش اور نفیس لباس پہننے کو اختیار کیا اور وہ اس کے دلدادہ ہوکر رہ گئے اور بعض نے سخت ودرشت لباس پہننے اور خستہ حالت میں رہنے کو اختیار کیا۔ اور وہ اسی میں مست ہوکے رہ گئے۔ یہ دونوں روشیں، طریقہ نبوی کے خلاف ہیں۔ میانہ روی۔ عدم فریفتگی اور عدم تکلف ہر حالت میں محمود ہے اس میں شک نہیں کہ اسلاف کی سیرت اور ان کے علماء وزہاد اور عبادت گزاروں کی خستہ حالی میں رہی ہے۔ اور حدیثوں میں بھی ان کی مدح وتعریف اور ترغیب آئی ہے۔ اور مروی ہے کہ: اَلْبَذَاوَةُ مِنَ الْاِيْمَانِ. خستہ حالی ایمان میں سے ہے اور آراستگی، تحسین ہیئت اور صاف ستھرے کپڑوں کے باب میں بھی حدیثیں آئی ہیں۔ اور جب حضور تکبر وغرور کی مذمت فرماتے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عرض کرتے یارسول اللہ آدمی پسند کرتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں اور اس کی جوتیاں عمدہ ہوں۔ اس پر حضور نے اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ وَّيُحِبُّ الْجَمَالَ الْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ بلاشبہ اللہ جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔ اور تکبر حق تعالیٰ سے سرکشی کرنا ہے۔ مطلب یہ کہ لباس وہیئت میں تجمل وتحسین مستلزم تکبر نہیں ہے کبر تو حق تعالیٰ کے ساتھ سرکشی کرنا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ نَظِيْفٌ يُّحِبُّ النَّظَافَةَ۔ بلاشبہ اللہ پاک وصاف ہے اور وہ پاکی وصفائی کو پسند فرماتا ہے۔ ایک صحابی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس حال میں دیکھا کہ میرے جسم پر کم قیمت کے کپڑے تھے فرمایا کیا تیرے پاس از قسم مال ہے؟ میں نے

عرض کیا ہاں! اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر قسم کے مال و دولت سے نوازا ہے۔ اونٹ بھی ہیں اور بکریاں بھی ہیں۔ فرمایا پھر تو خدا کی نعمت اور اس کی بخشش کو تمہارے جسم سے ظاہر ہونا چاہئے۔ مطلب یہ کہ تونگری کی حالت کے مناسب کپڑے پہنو۔ اور خدا کی نعمت کا شکر ادا کرو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو چاہئے کہ خدا کی نعمت کا شکر ادا کرو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو چاہئے کہ خدا کی نعمت کا اثر تمہارے جسموں سے دیکھا جائے اور اس کی غایتیں تم سے ظاہر ہوں۔ اور الجھے ہوئے بالوں والے پریشان حال سے فرمایا کیا یہ شخص کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جس سے اپنے سر کو تسکین دے۔ اور اس شخص کو دیکھا جس پر میلے اور غلیظ کپڑے تھے۔ فرمایا کیا یہ شخص کوئی ایسی چیز نہیں پاتا ہے جس سے اپنے کپڑوں کو دھو لے۔ مروی ہے کہ اللہ پسند فرماتا ہے کہ بندے پر اپنی نعمتوں کا اثر دیکھے۔ لہٰذا یہ ظاہری جمال و آرائش اس شکر نعمت کا موجب ہے جو جمال باطن ہے اور ''لِبَاسُ التَّقْوٰی'' کا اشارہ اسی جانب ہے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: یَا بَنِیْ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا وَلِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِکَ خَیْر. اے بنی آدم ہم نے تم پر ایسا لباس اتارا جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا اور زینت بخشتا ہے اور تقوے کا لباس اتارا یہ بہت بہتر ہے۔ لہٰذا آدمی کو چاہئے کہ اپنے ظاہر و باطن کو صاف و ستھرا اور پاک رکھے اور دل و زبان کو صدق و اخلاص کے زیور سے آراستہ بنائے اور اعضاء و جوارح کو زیور طاعت و نظافت سے مزین کرے۔ اسی مقام پر نجاستوں اور ناپاکیوں سے بدن کی طہارت کا حکم اور مکروہ بالوں کو مونڈنا یعنی بغلوں کے بال اور موئے زیر ناف کو صاف کرنا، ختنے کرانا، ناخنوں کو ترشوانا وارد ہوا ہے۔ یہ سب باتیں منسون ہیں اور فطرت اس کی خواستگار ہے۔ فطرت کے معنی گزشتہ نبیوں کی سنتیں ہیں۔ اس کا مدار نیت پر ہے۔ اگر عمدہ لباس پہننے سے مقصود، نفسانیت کبر، غرور، دنیاوی کروفر کا اظہار، آرائش، شوکت نفس، فقراء پر فوقیت دکھانا، ان کے دلوں کو مجروح کرنا ہے تو مذموم اور بہت قبیح ہے۔ جیسا کہ منافقوں کی مذمت میں آیا ہے: وَاِذَا رَاَیْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ۔ اور جب تم انہیں دیکھو تو ان کے اجسام تمہیں حیرت میں ڈال دیں اور حدیث پاک میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَاِنَّمَا یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ. بیشک اللہ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تو تمہارے دلوں اور تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے۔ جیسا کہ مواہب میں مسلم کی حدیث سے مروی ہے اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ وَیَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ۔ بیشک اللہ تمہاری صورتوں اور تمہارے عملوں کو نہیں دیکھتا۔ وہ تو تمہارے دلوں اور تمہاری نیتوں کو دیکھتا ہے۔ اگر اس تجمل و تحسین سے تمہاری نیت، اظہار نعمت، شوکت علم، عزت دین، جمال و حال اور دینی احکام کی پیروی ہے تو ممدوح و محمود ہے۔ بکثرت علماء زہاد اور عابدوں نے نفیس ترین اور عمدہ ترین لباس پہنا ہے۔ اور ان کی نیت اس میں نیک تھی۔ چنانچہ خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وفود کے لئے تجمل فرماتے اور جمعہ و عیدین کے لئے بھی آرائش فرماتے تھے۔ اور مستقل جدا لباس محفوظ رکھتے تھے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس قسم کا لباس پہننا ایسا ہے جیسے قتال کے لئے ہتھیار لگانا۔ اور بیش بہا اور فاخر لباس پہننا اور ان چیزوں میں بڑائی اور کروفر دکھانا جو کلمۃ اللہ کی برتری اور دین کی فتح مندی کو شامل ہے۔ حقیقۃً یہ اعداء دین غلظت اور ان کو جلانے اور کڑھانے کے لئے ہے۔

بعض حضرات ایسا نفیس لباس اس لئے پہنتے ہیں کہ دولت مندی اور ثروت ظاہر ہوتا کہ ان کی جانب حاجت مند اور سائل متوجہ ہوں۔ اور اپنی ضرورتیں حاصل کر سکیں اسی کی مانند ادنیٰ و حقیر لباس پہننے میں بھی تفضیل کی جاتی ہے کہ اگر خست، بخل یا لوگوں کے اموال میں لالچ اور احتیاج دکھانے کی بنا پر پہنے تو مذموم و مقبوح ہے۔ اور اگر زہد اور دنیاوی زیب و زینت اور اس کے ساز و سامان سے عدم رغبت اور جو میسر ہو اس پر قناعت و ایثار کرنے کی وجہ سے پہنے تو محمود و حسن ہے۔ اور جس کی نیت ان دونوں سے خالی ہو وہ نہ مذموم ہوگی اور نہ محمود (کذا فی المواہب)

ظاہر یہ ہے کہ یہ قسم دائرہ اباحت سے خارج نہ ہوگی۔ بلکہ زیب وزینت کی تمام صورتوں میں فضیلت واستحباب میں تو کلام ہے لیکن اصل اباحت میں کلام نہیں ہے۔

مواہب لدنیہ میں ایک کلام بطریق سوال لاتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ سلف صالحین کی سیرت بد ہیئت اور لباس کی کہنگی میں رہی ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ صوفیائے شاذلیہ اپنے لباس میں حسن وجمال اور زیب وزینت کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ حالانکہ ان کا طریقہ سنت کا اتباع اور سلف صالحین کی اقتدا ہے۔ اس کے جواب میں اسے نقل کرتے ہیں جو بعض عرفاء نے جامع مفید اور فیصلہ کن بحث فرمائی ہے۔ وہ یہ ہے کہ سلف صالحین نے جب دیکھا کہ اہل غفلت اور دنیا میں مشغول ہونے والے ظاہری زیب وزینت میں مصروف رہتے ہیں اور دنیاوی مال ومتاع پر فخر ومباہات کرتے ہیں اور اس پر اطمینان رکھتے ہیں تو ان حضرات صوفیا نے ان کی مخالفت کی روش اس قصد وارادہ سے فرمائی کہ ظاہر کردیں کہ جس چیز کو یہ غافل لوگ اتنا عزیز جانتے ہیں وہ کتنی حقیر وذلیل ہے۔ اور حق تعالیٰ نے اس کی حقارت بیان فرمائی ہے۔ اور جس چیز کے اہل غفلت اتنے محتاج وضرورتمند ہیں وہ ان سے بے نیاز مستغنی ہیں اور ان کی مرغوب ومحبوب چیزوں سے نفرت وزہد اختیار کیا اور جو کچھ خدا ان حضرات قدس کو مرحمت فرمایا ان نعمتوں پر شکر گزار ہوئے اور جب اس حال پر زمانہ دراز گزر گیا اور اس امر میں فساد نے راہ پائی اور اس کی حقیقت کے جاننے میں دل سیاہ ہوگئے اور غفلت کی راہ نے دوسرا رخ اختیار کیا اور کچھ لوگوں نے بدہیئتی اور لباس کی بوسیدگی کے پردے میں تحصیل دنیا میں حیلہ جوئی شروع کردی اور معاملہ برعکس ہوگیا اور جو طریقہ ترک دنیا کا تھا وہ خود تحصیل دنیا کا ذریعہ بن گیا تو بعض محققین اہل طریقت نے جیسے مشائخ شاذلیہ اور ان کے ان پیروؤں نے جو ان کے مذہب پر چلتے ہیں اسے ترک کردیا اور بدہیئتی اور لباس کی کہنگی کی روش کو چھوڑ دیا۔ اور اس امر کو حکمت وحقیقت کی نظر سے سلف صالحین کی موافقت سمجھنے لگے اور ان کی مخالفت نہیں سمجھی۔ اگرچہ ظاہر بینوں کو یہ مخالف نظر آیا۔

استاد ابوالحسن شاذلی جو سلسلہ شاذلیہ کے رئیس ومقتدا ہیں ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی ان بدہیئتوں میں سے اس پر اعتراض کرتا ہے۔ اسے یہ جمال ہیئت اور تجمل لباس جواب دیتا ہے کہ اے شخص! میری یہ ہیئت اور میرا یہ لباس زبان حال سے الحمدللہ کہتا ہے کہ خدا کا شکر ہے کہ مجھے مخلوق سے مستغنی بنایا ہے اور تیری وہ ہیئت اور تیرا وہ لباس پکار پکار کر کہتا ہے کہ مجھے اپنی دنیا سے کچھ دو۔'' ان شاذلیوں کے افعال، دائر برحکمت یعنی برمعنی اور مقرون بہ نیت ہیں۔ اب ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس مبارک کے بیان اور اس کے انواع میں چند وصل بیان کرتے ہیں۔

عمامہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: وصل: جاننا چاہئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمامہ شریف نہ اتنا وزنی وبڑا ہوتا جس سے سر مبارک پر بار معلوم ہوتا اور نہ اتنا چھوٹا اور ہلکا ہوتا کہ سر مبارک پر تنگ ہو۔ مروی ہے کہ عمامہ شریف چودہ گز شرعی سے متجاوز نہ ہوتا۔ اور کبھی سات گز شرعی ہوتا۔ شرعی گز ایک ہاتھ کا ہے۔ جو بیچ کی انگلی سے کہنی تک ہے اس کی مقدار دو بالشت ہے یعنی چوبیس انگل۔ بمقدار ''لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' کے حروف کی گنتی کے۔ چوبیس حروف ہیں۔

اور بعض مقامات میں جیسے حوض کو ناپنے میں، ذراع کرماسی یعنی کپڑے ناپنے کے گز کا بھی اعتبار کیا گیا ہے۔ یہ گز ہر قوم اور ہر زمانہ میں رائج ہے۔ (جو تین فٹ یا 36 انچ کا ہوتا ہے) لیکن اس کا اعتبار، عمامہ میں بھی جائز ہوسکتا ہے۔ (واللہ اعلم)۔

علماء فرماتے ہیں کہ قدر معہود پر کچھ زیادہ کرلے تو اس میں مسامحت کی جاتی ہے اور وہ جو ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ عمامہ، مشرکوں اور مسلمانوں کے درمیان حاجز ہے۔ یعنی امتیاز ہے تو وہ عمامہ، عذبہ یعنی شملہ کے ساتھ ہے جیسا کہ سیاق حدیث اس میں شاہد ہے (عذبہ یا شملہ اسے کہا جاتا ہے جو عمامہ کے سرے کو دونوں شانوں کے درمیان چھوڑ جاتا ہے۔) اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک

عمامہ تھا جس کا نام ''سحاب'' رکھا ہوا تھا اور حضور کے پاس جتنے کپڑے، گھوڑے اور سواری کے جانور تھے ہر ایک کے اپنے تجویز کردہ نام ہوتے تھے جیسا کہ آخر کتاب میں آئے گا اور عمامہ کے نیچے سر مبارک سے چمٹی ہوئی ٹوپی تھی۔ یہ ٹوپی سر سے پست و پیوست تھی بلند نہ تھی۔ طاقیہ (جسے آج کل کلاہ کہتے ہیں) کی مانند اور حضور کی ٹوپی تھی۔ مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور مشرکوں کے درمیان فرق، ٹوپیوں پر عمامہ باندھنا ہے۔ یہ عبارت دو معنی کا احتمال رکھتی ہے ایک یہ کہ ہمارے عمامے ٹوپیوں پر باندھے جاتے ہیں اور ان کے عمامے ٹوپیوں پر نہیں ہوتے دوسرے معنی یہ کہ وہ بغیر عماموں کے ٹوپیاں پہنتے ہیں اور مراد پہلے ہی معنی ہیں اس لئے کہ عمامہ پہننا مشرکوں سے بھی ثابت ہے۔ (واللہ اعلم)۔

اور جب عمامہ باندھتے تو سدل فرماتے۔ یعنی سرا چھوڑتے۔ اسے ترمذی نے شمائل میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔ مسلم نے اتنا زیادہ کیا کہ: قَدْ اَرْخٰی طَرْفَهَا بَیْنَ کَتِفَیْهِ. بے شک عمامہ کے سرے کو دونوں شانوں کے درمیان لٹکاتے۔ اسے عذبہ، ذوابہ اور شملہ بھی کہتے ہیں اور اسے سنت عمامہ کہتے ہیں۔ نیز حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم عمامہ باندھنے میں تدویر یعنی گولائی فرماتے۔ اور دستار کے پیچ کو سر مبارک پر لپیٹتے اور اس کے سرے کو عمامہ سے اڑستے اور دوسرے کو چھوڑتے اور لٹکاتے تھے۔ صحیح مسلم میں عمرو بن حریث کی حدیث مروی ہے کہ کہا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر شریف پر اس حال میں دیکھا کہ حضور کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا اور اس کے ایک سرے کو دونوں شانوں کے درمیان چھوڑا ہوا تھا اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ رونق افروز ہوئے تو سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذوابہ یعنی شملہ کا ذکر نہیں ہے۔ یہ دلالت کرتی ہے کہ ذوابہ ہر جگہ دائمی نہ تھا۔ (کذا فی المواہب) بلکہ حدیث بخاری میں ہے کہ روز فتح مکہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے تر سر مبارک پر خود تھا علماء فرماتے ہیں کہ دخول مکہ کے وقت جسم اطہر پر ہتھیار لگائے ہوئے تھے اور سر مبارک پر خود تھا اور دستار نہ تھی اور ہر جگہ اس کی مناسبت سے لباس زیب تن فرماتے تھے۔ بعض علماء نے دونوں قولوں کے درمیان اس طرح تطبیق دی ہے کہ عمامہ خود کے اوپر تھا۔ اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے جمع میں فرمایا کہ اول دخول مکہ کے وقت سر مبارک پر خود تھا اور داخل ہونے کے بعد سیاہ عمامہ کے اوپر خود باندھا بدلیل قول عمرو رضی اللہ عنہ بن حریث کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور آپ کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا اس لئے کہ خطبہ کعبہ کے دروازے پر تھا جس وقت کہ فتح مکمل ہوگئی ابن اعرابی کہتے ہیں کہ جمع میں بہ نسبت اول کے یہ اولیٰ و اظہر ہے۔ مکمل تذکرہ فتح مکہ کے ضمن میں آئے گا۔ (انشاء اللہ)۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، کی حدیث میں ہے فرماتے ہیں کہ میرے سر پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عمامہ باندھا تو میرے پشت پر دونوں شانوں کے درمیان سرا لٹکایا۔ مروی ہے کہ بدر و حنین کے دن فرشتے مسلمانوں کی مدد کے لئے آئے۔ تو اسی طرح پر عمامہ باندھے ہوئے تھے۔

علماء فرماتے ہیں کہ کم سے کم شملہ چار انگل ہے اور زیادہ سے زیادہ نصف کمر تک۔ اس سے زیادہ اسبال میں داخل ہے جو حرام و مکروہ ہے اور عذبہ یعنی شملہ کی جگہ تحنیک بھی روی ہے۔ تحنیک یہ ہے کہ شملہ کو بائیں جانب سے تالو اور ٹھوڑی کے نیچے سے نکال کر داہنی جانب عمامہ میں اڑس لینا۔ علماء فرماتے ہیں کہ بغیر تحنیک اور عذبہ کے عمامہ باندھنا مکروہ ہے یہ اس تقدیر پر ہے کہ یہ سنت موکدہ ہے۔ اگر مراد کراہت تنزیہی لیں تو اس کا مآل ترک اولیٰ اور ترک افضل ہوگا۔ (واللہ اعلم)

پیرہن مبارک اور تہبند شریف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیرہن مبارک کی آستین پہنچے تک ہوتی تھی اس سے زائد لمبی، سرعت حرکت اور گرفت میں مانع ہوتی تھی۔ اور اس سے کم ہاتھ کو گرمی و سردی سے نہیں بچاتی۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام

افعال واوضاع میں معانی وحکمتیں ہوتی ہیں جو اعتدال ومناسبت پر مبنی ہیں۔اسی طرح حضور کے پیرہن اور چادر مبارک کا دامن نصف پنڈلیوں تک ہوتا تھا اور تہبند کو گٹوں سے نیچا نہ رکھتے تھے اور گویا انصاف لفظ جمع کے ساتھ اس طرف اشارہ ہے کہ نصف کی حقیقت جو وسط حقیقی ہے شرط نہیں ہے۔طبرانی سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میرا تہبند گٹوں سے نیچے ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن عمر رضی اللہ عنہما! جو کپڑا زمین سے چھو جائے وہ آتش دوزخ میں سے ہے اور بخاری میں ہے تہبند کا جو حصہ ٹخنوں کے نیچے ہے وہ آگ میں ہے یہ حکم مردوں کے لئے ہے اور عورتوں کو لٹکانا اور لمبا رکھنا جائز ہے۔اور جب سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! عورتیں کیا کریں؟ فرمایا ایک بالشت تک بڑھالیں۔عرض کیا اب بھی پاؤں برہنہ رہتے ہیں ایک ہاتھ تک بڑھالیں۔اس سے زیادہ نہ کریں۔یہ حکم تہبند اور قمیص کے دامن کا ہے۔ظاہر ہے کہ زمین سے دامن چھوانا عورتوں کے لئے جائز ہے۔

جاننا چاہئے کہ اسبال یعنی لٹکانا تہبند کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ قمیص اور عمامہ کو بھی شامل ہے۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں اس کی صراحت آئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسبال، تہبند، قمیص اور عمامہ میں ہے جو کوئی ان میں بطریق رعونت وتکبر گھسیٹتا ہے وہ..... (الحدیث) لیکن اکثر حدیثوں میں اسبال، تہبند میں آیا ہے یہ کثرت وجود کے اعتبار سے ہے اور لفظ ثوب کے ساتھ بھی مطلق آیا ہے لیکن حدیث کے مفہوم کا وجود، عمامہ میں مخفی رہتا ہے تو اس سے مراد عذبہ یعنی شملہ کی حد سے درازی ہے۔اور آستین کو بڑھانا جیسا کہ اہل حجاز کی عام عادت ہے وہ بھی اس حکم میں داخل ہے۔

صاحب مواہب، ابن قیم سے نقل کرتے ہیں انہوں نے کہا یہ فراغ و دراز آستینیں تھیلوں کی مانند اور برجوں کی مانند عمامے باندھنے کی رسم نو ایجاد ہے۔نہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا نہ کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے کیا۔یہ سنت کے خلاف، غرور وتکبر کے زمرے میں ہے۔اور بعض دیگر علماء سے نقل کر کے کہتے ہیں کہ کسی اہل فہم وبصیرت پر مخفی نہیں ہے کہ یہ لمبی لمبی آستینیں جو عام طور پر لوگوں میں رواج پا گئی ہیں اس میں اسراف اور مال کا ضیاع ہے جس کی ممانعت کی گئی ہے لیکن لوگوں کی ایک اصطلاح بن گئی ہے کہ ہر قوم کے کچھ شعار اور علامتیں ہوتی ہیں۔جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔لیکن ان میں جو چیز، خیلا یعنی غرور وتکبر کے طریقہ پر ہے اس کے حرام ہونے میں کوئی شک نہیں ہے اور جو چیز بطریق عادت ہے اس میں حرمت اس وقت تک نہیں ہے جب تک کہ اس حد تک نہ پہنچے جس کا حکم لباس میں درازی وکشادگی میں ممانعت سے متعلق ہے اور قاضی عیاض سے منقول ہے کہ جو عادت سے زیادہ ہو اور لباس کی عام لمبائی وکشادگی سے اس میں کراہت ہے (انتہی) مذکورہ علماء کے اقوال، درازی وکشادگی کی حرمت وکراہت میں صریح ہیں لیکن لفظ عادت ومعتاد کے دخل کرنے میں ایک قسم کے جواز کا اشارہ ہے۔اس میں انہیں معذور گردانتے ہیں۔

حرمین شریفین زادہما تَعْظِیْمًا وتَشْرِیْفًا کے بعض اکابر سے سنا گیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ لباس کا یہ انداز ہمارا عرف وشعار ہو گیا ہے اگر نہ کریں تو ہم پہچانے نہ جائیں اور ہماری عزت ختم ہو جائے لیکن کلام اس میں ہے کہ ایسا عرف وشعار کیوں بنایا گیا ہے۔جو خلاف سنت ہے واللہ اعلم۔بہر تقدیر تہبند وغیرہ میں اسبال ودرازی کی حرمت وکراہت کے سلسلے میں جو کچھ آیا ہے وہ خیلاء تکبر اور تزئین کے قصد کے ساتھ مقید ہے۔اور جہاں ایسا قصد نہ ہو مثلاً سردی وغیرہ سے بچنا یا کوئی اور عذر وغیرہ تو وہ اس حکم میں داخل نہیں ہے۔حدیث مبارک میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عادت ووضع ایسی ہو گئی تھی کہ آپ کا تہبند نیچے لٹکا کرتا تھا اور اسبال ہی کی صورت میں بیٹھ جایا کرتے تھے۔جب اس بارے میں ممانعت واقع ہوئی تو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اظہار کیا کہ میرے تہبند کی یہ حالت ہے میں کیا کروں۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ان میں سے نہیں ہو جو مغرور متکبر لوگوں کی عادت بنی ہوئی ہے۔

جاننا چاہئے کہ اس جگہ ازار کا لفظ استعمال فرمایا گیا ہے جس کے معنی تہبند کے ہیں لیکن وہ ازار جو عجمیوں کے عرف میں ہے اور اہل عرب اسے سراویل کہتے ہیں اور جسے ہم پائجامہ کہتے ہیں۔ اس میں اختلاف ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہنا ہے یا نہیں۔ اس پر بعض علماء نے جزم و یقین کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نہیں پہنا ہے اور ابو یعلیٰ موصلی اپنی مسند میں بسند ضعیف، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت لاتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک دن بازار گیا تو حضور بزاز کی دکان میں تشریف فرما ہوئے پھر ایک سراویل (پائجامہ) چار درہم میں خریدا اور اہل بازار کا ایک وزان یعنی تولنے والا تھا جو درہم کو تولا کرتا تھا اس سے حضور نے ارشاد فرمایا وزن کر اور خوب اچھی طرح ٹھیک وزن کر اس پر اس وزّان نے کہا میں نے یہ کسی سے نہیں سنی۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے وزّان سے فرمایا افسوس ہے تجھ پر تو نہیں جانتا آپ ہمارے نبی ہیں۔ پھر تو وہ ترازو چھوڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کی طرف جھکا اور چاہا کہ حضور کے دست مبارک کو بوسہ دے۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا۔ اور فرمایا: اے فلاں! ایسا عجمی لوگ اپنے بادشاہوں کے ساتھ کرتے ہیں۔ میں بادشاہ نہیں ہوں میں تمہیں میں کا ایک شخص ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سراویل لے لی۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ میں اٹھالوں۔ فرمایا مال کا مالک زیادہ حق دار ہے کہ وہ خود اپنے مال کو اٹھائے مگر یہ کہ وہ کمزور یا مجبور ہو۔ اور اٹھانے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ایسے مسلمان بھائی کی مال کے لے جانے میں مدد دینی چاہئے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا پہننے کے لئے سراویل خرید فرمائی ہے۔ فرمایا ہاں! میں اسے سفر و حضر اور دن اور رات میں پہنوں گا۔ اس لئے کہ مجھے خوب ستر پوشی کا حکم دیا گیا ہے۔ اور اس سے بہتر ستر پوش دوسرا لباس نہیں دیکھا اس حدیث کو بکثرت محدثین نے بسند ضعیف روایت کیا ہے۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کو خریدنا صحت کے ساتھ ثابت ہے۔ اور ہدایہ میں ہے کہ اس کا خریدنا پہننے کے لئے تھا۔ روایت کیا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہنا اور آپ کی اجازت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی پہنا۔ (واللہ اعلم)۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب ترین لباس قمیص مبارک تھی۔ اگرچہ تہبند اور چادر شریف بھی بہ کثرت زیب تن فرماتے تھے لیکن قمیص کا پہننا زیادہ پسندیدہ تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور کا پیرہن مبارک سوتی اور تنگ دامن و آستین والا تھا اور آپ کی قمیص مبارک میں تکمے یعنی گھنڈیاں لگی ہوئی تھیں۔ بلاشبہ علماء محدثین اور دیار عرب کے تمام حصوں میں معروف ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مبارک میں سینہ کے مقام پر جیب تھی۔ اور یہ قمیص کی سنت ہے۔ یہ جو ماوراء النہر اور پاک و ہند کے لوگوں میں معروف مشہور ہے کہ گردن کے دونوں طرف دو تکمہ لگاتے ہیں عرف عرب میں یہ عورتوں کے ساتھ مشہور ہے۔ اور مردوں کے سینہ پر تکمے ہوتے ہیں اور ان شہروں میں اصطلاح اس کے برعکس ہے۔

حکایت: مجھے یاد ہے کہ ایک دن میں حرم شریف میں ایک ہندی رفیق کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا جس کی قمیص میں ہمارے ملک کے دستور کے مطابق تکمے لگے ہوئے تھے تو ایک عربی عالم بار بار میرے آگے آتا جاتا تھا اور اس ہندی شخص کو دیکھتا۔ اس عرب سے کہا گیا یا سیدی کیا دیکھتے اور کیا جستجو فرماتے ہو! اس عالم نے کہا اس شخص کو شرم نہیں معلوم ہوتی کہ عورتوں جیسا لباس پہنے حرم آلٰہی میں بیٹھا ہوا ہے۔

معاویہ بن قرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تا کہ حضور کی متابعت کروں اس وقت میں نے دیکھا کے حضور کے پیرہن شریف کے تکمے کھلے ہوئے ہیں تو میں نے آپ کی قمیص مبارک کی جیب میں ہاتھ ڈال کر مہر نبوت کو چھوا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا۔ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بتا رہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مبارک میں جیب تھی اور جسے اس کا علم نہیں وہ اس کے برعکس خیال کرتا ہے۔ (انتہی)

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر شریف کی لمبائی چار گز شرعی اور اس کا عرض دو گز شرعی اور ایک بالشت تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ ازار لئے ہوئے تھے۔ جو جنبش کرتا تھا۔ مروی ہے کہ حضور کے اپنے تہبند کو سامنے کی جانب لٹکاتے۔ اور عقب میں اونچا رکھتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زیر ناف تہبند باندھے دیکھا ہے اور آپ کی ناف ظاہر تھی۔ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو ناف کے اوپر تہبند باندھے دیکھا ہے ابو بردہ بن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہمارے لئے درشت مرقع تہبند اور چادر نکال کر دکھایا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی حالت کے ساتھ ان کپڑوں میں رحلت فرمائی ہے۔ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عنہما فرماتی ہیں کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضور کا جبہ شریف تھا جب ان کا وصال ہوا تو اسے میں نے لے لیا اور ہم بیماریوں کی شفا کی خاطر اسے دھو کر پلاتے تھے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رومی جبہ تنگ آستین کا پہنا ہے اور وضو کے وقت دستہائے مبارک کو آستین سے نکال کر جبہ کو کندھوں پر یا پشت پر ڈال لیتے اس کے بعد ہاتھوں کو دھوتے۔ یہ حالت سفر کی تھی۔ کیونکہ سفر میں آپ تنگ لباس پہنا کرتے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حرہ پہننے کو پسند فرماتے تھے۔ یہ ایک قسم کی چادر ہے جسمیں سرخ دھاریاں تھیں۔ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات میں دیکھا اور آپ کے جسم اطہر پر سرخ جوڑا تھا تو میں کبھی آپ کو دیکھتا تھا۔ اور کبھی چاند کو۔ میرے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم چاند سے زیادہ حسین تھے۔ براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کسی کو نہ دیکھا ایک روایت میں ہے کہ کسی چیز کو نہ دیکھا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سرخ جوڑے میں آپ سے زیادہ حسین ہو۔ ایک روایت میں ہے کہ میں نے کسی خمدار زلفوں والے کو سرخ جوڑے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ خوشتر نہیں دیکھا۔ اس کی تحقیق حلیہ شریف کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عیدین اور جمعہ پر اپنے سرخ حلہ کو پہنا کرتے تھے۔ حلہ جوڑے کو کہتے ہیں جس میں چادر اور تہبند ہوتا ہے۔ حلہ یعنی جوڑا دو کپڑے کو کہتے ہیں۔ یا اس کپڑے کو جو استر دار ہو۔ اور حمراء یا احمر اس کپڑے کو کہتے ہیں جس میں سرخ دھاریاں ہوں۔ جیسا کہ آج بھی ہمارے ملک میں ہوتا ہے۔ اور یہی وہ چادر شریف ہے جو ''بردیمانی'' کے نام سے مشہور ہے کیونکہ اس میں سرخ دھاریاں تھیں۔ اس سے وہ خالص سرخ ہونا مراد نہیں ہے۔ جس کی ممانعت کی گئی ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم پر سرخ رنگ کا لباس دیکھ کر فرمایا یہ کفار کا لباس ہے اسے نہ پہنو۔ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اس وقت میرے جسم پر سرخ رنگ کا لباس تھا۔ حضور نے فرمایا تم نے اسے کہاں سے لیا ہے۔ میں نے عرض کیا میری بیوی نے میرے لئے بنا ہے فرمایا اسے جلا دو۔

بعض لوگوں کو اس حدیث سے اشتباہ ہوتا ہے کہ سرخ لباس جائز ہوگا یہ خطا ہے سرخ سے مراد وہی ہے کہ سرخ دھاریاں تھیں۔ اسی طرح سبز رنگ کے بارے میں حضرت امنہ کی حدیث واقع ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے آپ کے جسم اطہر پر دو سبز چادریں تھیں اور عطاء بن ابی یعلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ طواف میں سبز چادر شریف سے اضطباع کئے ہوئے تھے۔ اس سے مراد ایسی چادر ہے جس میں سبز دھاریاں تھیں۔ اگرچہ یہ جگہ خالص سبز ہونے کا بھی احتمال رکھتی ہے۔ لیکن دیار عرب میں یہی معنی مشہور و معروف ہیں اور زرد رنگ بھی اسی معنی میں ہے کہ زرد رنگ کی

دھاریاں تھیں۔ بعض لوگ حلہ یعنی جوڑے کے معنی ریشمی کپڑا سمجھتے ہیں۔ یہ بھی خطا ہے۔ تحقیق وہی ہے جو مذکور ہو چکی ہے۔

صاحب مواہب نے امام نووی سے سرخ رنگ کے بارے میں علماء کا اختلاف نقل کیا ہے۔ چنانچہ صحابہ و تابعین اور ان کے بعد کے علماء کی ایک جماعت نے مباح قرار دیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اس کے قائل، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ ہیں۔ لیکن امام مالک نے فرمایا ہے کہ غیر سرخ لباس افضل ہے۔ اور ایک روایت میں سرخ کپڑا گھروں میں اور سراؤں میں پہننا جائز رکھا ہے۔ اور محفلوں اور بازاروں میں مکروہ قرار دیا ہے۔ اور ایک جماعت اس پر ہے کہ یہ مکروہ بکراہت تنزیہی ہے اور ممانعت کو اسی پر محمول کرتے ہیں۔ اس لئے کہ حضور سے سرخ جوڑا پہننا ثابت ہو چکا ہے۔ اس کا جواب دیا جا چکا ہے۔ یعنی خالص سرخ نہ تھا۔ بلکہ سرخ دھاریاں تھیں اور بعض نے اس ممانعت کو حج و عمرے کے احرام پہننے والوں پر محمول کیا ہے یہ بھی ایک تکلف ہے اس تخصیص پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور مذہب حنفی میں بھی کئی قول ہیں مگر صحیح یہ ہے کہ یہ مکروہ بکراہت تحریمی ہے اور اس کے ساتھ بکراہت نماز جائز ہے اور شیخ قاسم حنفی جو ائمہ احناف اور ان کے محققین میں سے ہیں مصر میں تھے انہوں نے تحقیق کی ہے کہ سرخ لباس رنگ کی بنا پر مکروہ ہے۔ خواہ معصفر ہو یا غیر معصفر۔

صاحب مواہب کہتے ہیں کہ بیہقی نے ''معرفت سنن'' میں مسئلہ کا اتفاق کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ امام شافعی نے ایک شخص کو مزعفر یعنی زعفران میں رنگے ہوئے کپڑے سے منع کیا ہے اور معصفر کو مباح قرار دیا ہے۔ امام شافعی نے فرمایا میں نے معصفر کپڑے پہننے کی اجازت اسی بنا پر دی ہے کہ میں نے کسی ایک کو ایسا نہ پایا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ممانعت اس بارے میں بیان کرے۔ بجز اس قول کے جو علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس سے منع فرمایا اور ہم نہیں کہتے کہ تمہیں بھی منع کیا ہے اور بیہقی فرماتے ہیں کہ بلاشبہہ ایسی حدیثیں وارد ہیں جو علی العموم مخالفت پر دلالت کرتی ہیں اور بیہقی نے مسلم کی حدیث بیان کی کہ ''یہ کفار کے لباس میں سے ہے'' اس کے بعد بیہقی نے اور حدیثیں بیان کر کے کہا کہ اگر یہ حدیثیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچتی ہے تو یقیناً وہ اس کے قائل ہو جاتے اس کے بعد بیہقی نے اپنی سندوں کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ نے فرمایا جس وقت میرے قول کے خلاف کوئی حدیث صحت کو پہنچے تو اس حدیث پر عمل کرو اور میرے قول کو چھوڑ دو اور بیہقی فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے مزعفر میں سنت کا اتباع کیا ہے اور فرمایا میں نے جو اس شخص کو منع کیا ہے وہ زعفرانی رنگ کے ساتھ ہے اور میں اسے حکم دیتا ہوں کہ وہ زعفرانی رنگ کو دھو ڈالے۔ حالانکہ ان کی متابعت معصفر میں اولیٰ تھی (انتہی)۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ معصفر اور مزعفر کپڑا ممنوع ہے۔ اور حدیث صحیح میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مزعفر سے باز رہنے کا حکم دیا ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زرد رنگ سے کپڑا رنگا ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ زعفران سے اپنے کپڑوں کو رنگا کرتے تھے۔ یعنی اپنی قمیص مبارک اور اپنے عمامہ کو اسے دمیاطی نے روایت کیا ہے۔ اور ابوداؤد کے نزدیک اس طرح کے حضور اپنے لباس کو زعفران سے رنگا کرتے تھے یہاں تک کہ عمامہ کو بھی۔ اسی طرح حضرت زید بن اسلم اور ابن سلمہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی حدیث روایت کی گئی ہے۔ لیکن علماء فرماتے ہیں کہ یہ حدیثیں، ممانعت کی حدیثوں سے معارض نہیں ہوتیں یا یہ منسوخ ہیں (واللہ اعلم)۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفید لباس پہننے کو پسند رکھتے تھے۔ اور فرماتے حسین ترین لباس، سفید کپڑوں کا ہے چاہئے کہ تم میں سے اسے زندہ لوگ بھی پہنیں اور اپنے مردوں کو بھی اس کا کفن دیں۔ اور حضور کبھی کالی کملی بھی اوڑھا کرتے تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت باہر تشریف لے جاتے تو آپ پر کالی کملی ہوتی اور عمامہ شریف کے ذکر میں گزر چکا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن داخل ہوئے تو سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا اور سیاہ لباس مستحب ہے۔ اور مذہب حنفی بھی یہی ہے۔ اور پشمینہ یعنی اونی کپڑے بھی پہنتے ہیں

لیکن تطلیس، جس کی تعریف یہ ہے کہ سر پر چادر اس طرح اوڑھنا کے چادر کے دونوں کنارے کندھوں پر پڑے رہیں تو اس کے بارے میں ابن قیم جوزی نے کہا ہے کہ یہ مکروہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے اور نہ اصحاب نبی سے بلکہ مسلم کی حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ دجال کے ساتھ ستر ہزار اصبہان کے یہودی نکلیں گے جن کے اوپر طیالسہ ہوگا۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک جماعت دیکھی ہے جن پر طیالسہ تھا۔ پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا عجب ہے کہ یہود ان کے مشابہ ہوں۔ جس کی خبر دی گئی ہے اور ابوداؤد و حاکم کی حدیث میں ہے کہ: مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔ جس نے جس قوم کی مشابہت اختیار کی وہ اسی میں سے ہے۔ اور ترمذی کی حدیث میں ہے: لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ لِغَيْرِنَا۔ وہ ہم میں سے نہیں جس نے ہمارے غیروں کی مشابہت اختیار کی اور وہ جو ہجرت کی حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر اس روز تشریف لائے تو چادر لپیٹے ہوئے تھے۔'' تو یہ چھپانے کے لئے تھا تا کہ کوئی آپ کو پہچان نہ ہو سکے۔ اس لئے نہیں کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی (انتہی)۔

ابن قیم نے یہ بات جو کہی ہے خطا ہے کیونکہ علماء کہتے ہیں کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے کہ ضرورت کی بنا پر یہ عمل تھا۔ اور عادت نہیں تھی۔ اس لئے کہ سہل بن ساعدی کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اکثر چادر لپیٹا کرتے تھے اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔ نیز بیہقی شعب الایمان میں اور ابن سعد، طبقات میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ لفظ ہیں کہ كَانَ يُكْثِرُ التَّقَنُّعَ حضور اکثر چادر لپیٹا کرتے تھے۔ لہٰذا یہ حدیث اور اس کے علاوہ دیگر حدیثیں ابن قیم کے قول کو رد کر رہی ہیں جو یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے کہ چادر لپیٹی، یہ بھی اس حدیث سے مروی ہے جسے حاکم نے مستدرک میں بشرط بخاری قرہ بن کعب سے روایت کیا ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک فتنہ کا ذکر کرتے سنا اور اس کا بہت جلد رونما ہونا بیان فرمایا۔ اتنے میں ایک شخص چادر لپیٹے اور خود کو چھپائے گزرا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن یہ شخص ہدایت پر ہوگا۔ پھر میں کھڑا ہوا۔ تا کہ اس شخص کو دیکھوں کہ وہ شخص کون ہے تو دیکھا کہ وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، تھے اور سعید بن منصور، اپنی سنن میں ابوالعلاء سے روایت کرتے ہیں۔ ابوالعلاء بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو اپنے سر پر چادر ڈالے منہ لپیٹے نماز پڑھتے دیکھا ہے اور ابن سعد، سلمان بن مغیرہ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو چادر میں ڈھانپے ہوئے دیکھا ہے۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ میں نے امام حسن کو اندقی طیلسان یعنی چادر اوڑھے دیکھا ہے۔ ابن قیم نے یہ جو یہود کے قصہ سے بیان کیا ہے اس کے بارے میں حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس سے استدلال اس وقت صحیح ہے جبکہ طیالسہ یہود کا شعار ہو۔ بلاشبہ اب زمانے کے طور و طریق بدل چکے ہیں۔ لہٰذا یہ اب عام اباحت میں داخل ہوگا۔ اور شیخ عزالدین بن عبدالسلام فرماتے ہیں کہ کو عادت مسلمانوں میں عام طور پر رائج ہو جائے اس کا چھوڑنا بے مروتی ہے جیسا کہ فرمایا کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا انکار چادر کے رنگ کی بنا پر تھا کہ وہ زرد تھی۔ یہ سب مواہب لدنیہ میں مذکور ہے۔ اور کبائر مشائخ و صلحا سے منقول ہے کہ وہ چادر سے ڈھانپا کرتے تھے۔ اور بہجۃ الاسرار میں ہے وَكَانَ الشَّيْخُ عَبْدِ الْقَادِرِ يَتَطَلْسُ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ خود کو چادر سے ڈھانپا کرتے تھے۔'' غالباً ابن قیم کا انکار اسی پر تھا۔ اور حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے فعل شریف کی بنا پر اس کے انکار میں مبالغہ تھا اس لئے کہ ابن جوزی اور انکے پیروکار حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ، کے انکار میں گرفتار تھے۔ (تاب اللہ علیہم واللہ اعلم)۔

اور چونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں میں اطیب و الطف تھے اس لئے اس کی علامت آپ کے بدن شریف میں ظاہر تھی کہ آپ کے جسم اطہر سے لگنے کی وجہ سے آپ کے کپڑے میلے نہ ہوتے تھے۔ اور نہ آپ کے لباس مبارک میں جوں پڑتی تھی اور نہ

کپڑوں پر اور نہ آپکے جسم اطہر پر مکھی بیٹھتی تھی جیسا کہ حدیث مبارک میں آیا ہے لیکن اس حدیث سے اشکال کیا جا سکتا ہے جسے امام احمد نے اپنی مسند میں اور ترمذی نے شمائل میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ جس وقت ان سے دریافت کیا گیا کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا شانہ اقدس میں تشریف فرما ہوتے تو کیا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْلِيْ ثَوْبَهُ وَيَحْلِبُ شَاتَهُ وَيَخْصِفُ نَعْلَه ۔ یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کپڑوں میں جوں تلاش کرتے اور اپنی بکری کا دودھ دوہتے۔ اور اپنی نعلین مبارک کو سیا کرتے تھے۔ علماء فرماتے ہیں کہ شاید حضور کے کپڑوں میں کسی دوسرے شخص سے جوں آ گئی ہو، بغیر اس کے بدن لطیف سے پیدا ہوئی ہو اور یہ بات بھی ممکن ہے کہ یوں کہا جائے کہ اس جگہ لفظ ''فلی'' کا اطلاق خس و خاشاک کے چننے پر اور ان چیونٹیوں کے تلاش کرنے پر ہے جو زمین سے عموماً کپڑوں میں چڑھ آتی ہیں بطور مجاز ہو۔ یہ بھی ایک ''فلی'' کی ہی صورت ہے مطلب یہ کہ حضور اپنے لباس مبارک کو دیکھ بھال فرمایا کرتے اور اسے اس طرح پاک و صاف فرماتے تھے جس طرح عام طور پر لوگ کپڑوں میں جوں تلاش کرتے ہیں۔ اس مسکین (صاحب مدارج النبوۃ) کے ذہن میں یہی معنی بیٹھتے اور قرار پکڑتے ہیں۔ (واللہ اعلم بحقیقۃ الحال علی وجہ الکمال)۔ مواہب میں اسے اس طرح تعبیر کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم کے لحاظ سے جوں آپ کو ایذا نہ دیتی تھی۔ مگر یہ عبارت جوں کی ایذا کی نفی تو ظاہر کرتی ہے لیکن اس کے وجود کی نفی ظاہر نہیں کرتی۔ ممکن ہے کہ ملزوم کی نفی سے لازم کی نفی کی طرف اشارہ ہو۔

انگشتری مبارک: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لبا سہائے مبارک میں سے انگشتری بھی تھی۔ جسے آپ پہنا کرتے تھے۔ صحیحین میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتری چاندی کی تھی۔ اور وہ انگشتری آپ کے دست مبارک میں ہی رہی آپ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں اس کے بعد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی۔ یہاں تک کہ وہ بیر اریس میں گر پڑی۔ بیر اریس ایک کنوئیں کا نام ہے جو مسجد قبا کی جانب ہے۔ ترمذی میں ہے کہ یہ انگشتری معیقب کے ہاتھ سے بیر اریس میں گر پڑی، معیقب، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، کے خادم کا نام تھا۔ یہ بھی صحابی ہیں (رضی اللہ عنہ،) سے مروی ہے کہ اس انگشتری کو بہت تلاش کیا گیا اور کنوئیں کا پانی تک نکالا گیا اور اسے صاف کیا گیا مگر دستیاب نہ ہوئی۔ علماء فرماتے کہ اس انگشتری میں کچھ اسرار تھے جس سے کار ہائے ملک و ملت کا انتظام وابستہ تھا جس طرح کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری میں صفت تھی۔ کیونکہ اس انگشتری کے گم ہو جانے کے بعد ان کے ملک میں تفرقہ و فتور نے راہ پائی۔ جیسا کہ مشہور ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتری گم ہو جانے کے بعد تفرقے اور فتنے ظہور پذیر ہوئے۔ اور اس کی ابتدا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل و شہادت سے ہوئی اور قیامت تک فتنے اور خون خرابے ہوتے رہیں گے۔ نیز صحیحین میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتری مبارک چاندی کی تھی اور اس میں حبشی نگینہ تھا۔ حبشی کے معنی میں کئی قول ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ سنگ سیاہ تھا بعض کہتے ہیں کہ وہ پتھر تھا جو حبشہ میں ہوتا ہے اور اس کی کان حبشہ میں تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کا بنانے والا حبشی تھا اور حضور انگشتری کے رنگ کو ہتھیلی کی جانب رکھتے اور متعدد حدیثوں میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی دیکھی۔ فرمایا کیا بات ہے کہ میں تیرے پاس جہنمیوں کا زیور دیکھتا ہوں اس کے بعد اس سے فرمایا چاندی کی انگوٹھی بنا اور اسے ایک مثقال یعنی ساڑھے تین ماشے سے زیادہ نہ کر۔ ایک روایت میں ہے کہ پورے ساڑھے تین ماشہ نہ کرنا یعنی اس سے کچھ کم رکھنا۔ اسی طرح سے ایک شخص آیا اس کے ہاتھ میں پیتل کی انگوٹھی تھی جس سے بتوں کو ڈھالا جاتا تھا۔ پیتل چونکہ سونے کا ہم رنگ ہوتا ہے اس لئے عربی میں پیتل کو ''شبہ'' کہتے ہیں۔ حضور نے فرمایا مجھے کیا ہوا کہ بتوں کی بو پاتا

ہوں۔اس پر اس شخص نے انگوٹھی کو پھینک دیا۔اور ترمذی کی حدیث میں ''من صفر'' (زرد رنگ) آیا ہے صفر کے معنی بھی پیتل کے ہیں۔ اسی طرح رانگ اور پیتل کی انگوٹھی مکروہ ہے۔اور لوہے کی انگوٹھی جائز ہونا بظاہر صحیحین کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا جس نے اپنے نفس کو شوہر کے سپرد کیا کہ: اُطْلُبْ وَلَوْ خَاتِمًا مِنْ حَدِیْدٍ۔مانگو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔اس حدیث سے جواز پر استدلال صحیح نہیں کیونکہ یہ ضعیف ہے اور اس لئے بھی کہ اس سے اس کا پہننا معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ مراد قلیل و حقیر چیز ہے۔اور سنن ابوداؤد میں معیقب سے باسناد جید مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتری لوہے کی تھی جس پر چاندی لپیٹی ہوئی تھی۔(واللہ اعلم)

اب رہی سونے کی انگوٹھی تو اس میں صحیحین میں براء ابن عازب اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی کو منع فرمایا ہے۔نیز صحیحین میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نے سونے کی انگوٹھی بنوائی۔اس کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوائیں۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے اور دست مبارک سے اس انگوٹھی کو نکال کے پھینک دیا۔اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی نکال کے پھینک دیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوانے سے منع فرمایا۔یہی ہے ائمہ اربعہ اور اکثر علما کا مذہب۔اور یہ جو بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ وہ سونے کی انگوٹھی رکھتے تھے ''غریب'' ہے جسے بخاری نے اپنی تاریخ میں نقل کیا ہے کہ ابی اسید رضی اللہ عنہ، بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہاتھ سے ان کی موت کے وقت لوگوں نے سونے کی انگوٹھی اتار دی۔(واللہ اعلم)

ایک روایت میں ہے کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی سونے کی انگوٹھیاں نکال کے پھینکیں تو کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے اسے نہ اٹھایا۔بعض نے کہا بھی کہ کیوں نہیں اٹھاتے تمہارا مال ہے انہوں نے جواب دیا ہم اسے ہرگز نہ اٹھائیں گے جس کی حضور نے ممانعت فرمائی ہے اور اسے مکروہ جانا ہے۔

عقیق کی انگوٹھی کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم عقیق کی انگوٹھی پہنو اور داہنا ہاتھ زینت کا زیادہ مستحق ہے۔ایک روایت میں ہے کہ عقیق کی انگوٹھی پہنو کیونکہ یہ محتاجی کو دور کرتا ہے۔اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ وہ مبارک ہے اور سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی وہ خیر دیکھے گا۔اور حدیثیں بھی مروی ہیں لیکن علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیق کی انگوٹھی پہننے کے بارے میں کچھ ثابت نہیں ہے۔اور امیر المومنین حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یاقوت زرد کی انگوٹھی پہننا طاعون سے محفوظ رکھتا ہے۔اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔

اور چاندی کے نگ کی انگوٹھی کے بارے میں بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انگوٹھی بھی چاندی کی تھی اور رنگ بھی چاندی کا تھا اور مسلم میں ہے کہ انگوٹھی چاندی کی تھی اور رنگ حبشی تھا جیسا کہ گزرا علماء فرماتے ہیں کہ ممکن ہے دو انگوٹھی ہوں۔ایک ایسی اور دوسری ویسی کبھی اسے پہنتے اور کبھی اسے۔اور انگوٹھی کے نقش کے بارے میں صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ'' نقش کریا۔اور لوگوں کو منع فرما دیا کہ اپنی انگوٹھیوں میں اُسے نقش نہ کریں۔اور بخاری و مسلم میں ہے کہ انگوٹھی کا نقش تین سطر میں تھا۔ایک سطر میں محمد دوسری سطر میں رسول، اور تیسری سطر میں اللہ۔اور فتح الباری میں ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ کتابت اس طرح ہوگی کہ محمد کی سطر اوپر اور رسول کی سطر درمیان میں اور اس کے بعد اللہ، اور فرمایا، (لیکن بعض مشائخ کا یہ کہنا ہے) کہ اسم جلالت اوپر تھا اور اسم حضور صلی اللہ علیہ وسلم نیچے اور درمیان میں رسول

تھا۔ میں نے کسی حدیث میں اس کی تصریح نہ پائی۔ بلکہ بخاری کی روایت کا ظاہر اس کے خلاف ہے۔ اس لئے کہ کہا گیا ہے کہ سطر اول محمد، سطر ثانی رسول اور سطر ثالث اللہ جیسا کہ صاحب مواہب نے فرمایا۔ لیکن انگوٹھی پہننے کے باب میں اکثر اخبار و آثار اس طرح ہیں کہ داہنے ہاتھ میں بھی پہننا مروی ہے۔ اور بائیں ہاتھ میں بھی۔ اور صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ خواہ داہنے ہاتھ میں پہنے خواہ بائیں ہاتھ میں جائز ہے۔ البتہ لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ کون سے ہاتھ میں افضل ہے بعض کہتے ہیں کہ بائیں ہاتھ میں یہ نص امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی ہے اور صالح بن امام احمد رحمتہ اللہ کی روایت میں ان سے مروی ہے کہ میرے نزدیک بائیں ہاتھ میں پہننا اچھا ہے اور یہی مذہب امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا ہے کہ بائیں ہاتھ میں پہنے۔ اسی طرح امام احمد و امام شافعی کا مذہب ہے۔ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا ظاہر مذہب بھی یہی ہے۔ (واللہ اعلم)

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس انگلی میں انگشتری پہنتے تھے اور بائیں ہاتھ کی چھنگلیا کی طرف اشارہ کیا۔ اسی طرح ابوداؤد میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔ بعض حفاظ حدیث بیان کرتے ہیں کہ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا عام صحابہ و تابعین سے مروی ہے اور بعض علماء داہنے ہاتھ کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ قول حضرت ابن عباس اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ اجمعین کا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کو روایت کرتے ہیں۔ اس لئے بعض حضرات کہتے ہیں کہ ممکن ہے کبھی داہنے ہاتھ میں پہنتے ہوں اور کبھی بائیں ہاتھ میں اور بعض کہتے ہیں کہ بائیں ہاتھ میں پہننا دونوں میں آخری ہے یعنی داہنے ہاتھ میں پہننا منسوخ ہے اور حق یہ ہے کہ اس کی صحت میں کلام ہے۔ یہ سب باتیں مواہب میں مذکور ہیں۔

اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور کبھی انگشتری میں یادداشت کیلئے دھاگہ باندھتے تھے تاکہ فراموش نہ کر سکیں۔ دو انگوٹھی یا زیادہ پہننا مکروہ ہے۔ خصوصاً چاندی کی۔ صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ عبارت سے کراہت ظاہر ہوتی ہے یعنی حرام نہیں ہے۔

دراصل انگوٹھی پہننے میں بھی اختلاف ہے اکثر اس کو مباح رکھتے ہیں اور غیر مکروہ یعنی جائز اور بعضے بقصد زینت مکروہ قرار دیتے ہیں اور بعضے مطلقاً مکروہ کہتے ہیں مگر بادشاہ، صاحب سلطنت اور حکم کے لئے مکروہ نہیں ہے۔ حدیث میں بھی ایسا ہی آیا ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جو انگوٹھی بنوائی تھی وہ اسی غرض کے لئے تھی۔ مطلب یہ کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بادشاہوں اور امرائے وقت یعنی قیصر و کسریٰ اور حبشہ کو فرمان لکھنا چاہا تو آپ سے عرض کیا گیا کہ یہ لوگ بغیر مہر کے خط کو قبول نہیں کرتے اور نہ اسے پڑھتے ہیں اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی بنوائی اور اس میں محمد رسول اللہ نقش کرایا۔ اور ابن عبدالبر نے مطلقاً کراہت نقل کی ہے۔ اور وہ حدیث لائے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی بنوائی مگر پہنی نہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ چند روز پہنی پھر اتار دی (واللہ اعلم)

خفین شریف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزے پہنے ہیں اور اس پر مسح کرنا صحت کو پہنچا ہے ترمذی نے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ نجاشی شاہ حبش نے حضور کے لئے بطور نذرانہ سیاہ دسادہ دو موزے بھیجے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پہنا اور ان پر مسح فرمایا۔ مغیرہ رضی اللہ عنہ بن شعبہ سے مروی ہے کہ حضرت دحیہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دو موزے بھیجے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پہنا۔

نعلین مبارک: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نعلین شریف پہنا کرتے تھے اگر پاؤں کو بالکل ڈھانپ لے تو وہ موزہ کہلاتا ہے ورنہ نعلین کہتے ہیں۔ بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین دو قبال کی تھیں۔ قبال جوتی کے فیتوں کو کہتے ہیں اور فیتے دو تسمے دو انگلیوں کے درمیان ہوتے ہیں۔ ترمذی نے شمائل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت

کی ہے کہ دو تسمے تھے جو دوتہ کے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں جو کوئی جوتی پہنے اسے چاہئے کہ پہلے دائیں پیر سے شروع کرے اور جب اتارے تو بائیں سے (الحدیث) اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جوتی پہن کر چلنے سے منع فرمایا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ غیر عادی عمل ہے اور گرنے کا بھی احتمال رکھتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ایسا بعض امراض کے پیدا کرنے کا باعث ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ حضور نے اپنے کاشانہ میں ایک نعل مبارک پہنی ہے۔ احتمال ہے کہ ایسا شاید کسی چیز کو اٹھانے کے لئے کیا ہو اور فاصلہ کم ہو اور ایک جانب کے پاؤں متلوث ہو جانے کا خطرہ ہو اور تب انہوں نے ایسا دیکھا کہ اسی جانب نعل شریف پہنے ہوئے ہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ بیان جواز کے لئے ہو خصوصاً ایسی صورت حال میں۔ اور مواہب میں ابوداؤد و ترمذی سے منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر جوتی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ اور بعض علماء نے نعلین شریف کی تمثال و نقشے میں علیحدہ رسالے لکھے ہیں اور اس سے برکت و نفع اور فضل حاصل ہونا بیان کیا ہے۔ اور مواہب میں اس کا تجربہ لکھا ہے کہ مقام درد پر نعلین شریفہ کا نقشہ رکھنے سے درد سے نجات ملی ہے اور پاس رکھنے سے راہ میں لوٹ مار سے محافظت ہو جاتی ہے اور شیطان کے مکروہ فریب سے امان میں رہتا ہے اور حاسد کے شر و فساد سے محفوظ رہتا ہے مسافت طے کرنے میں آسانی ہوتی ہے اس کی تعریف و مدح اور اس کے فضائل میں قصیدے لکھے گئے ہیں۔

بستر مبارک: وصل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر مبارک کے بارے میں صحیحین میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ کا بستر مبارک جس پر آپ استراحت فرماتے تھے چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے درخت کے ریشے کوٹے ہوئے بھرے تھے اور بیہقی نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا انہوں نے فرمایا میرے پاس ایک انصاری عورت آئی اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر شریف دیکھا کہ دوتہ کی ہوئی ٹاٹ کا بستر ہے تو اس عورت نے میرے پاس ایسا بستر بھیجا جس میں اون بھری ہوئی تھی جب حضور تشریف لائے اور اسے ملاحظہ فرمایا تو فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا یہ کیا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ فلاح انصاری عورت میرے پاس آئی تھی اس نے آپ کا بستر شریف دیکھا تو یہ بستر اس نے بھیج دیا۔ فرمایا اسے واپس کر دو اے عائشہ رضی اللہ عنہا! اس کے بعد فرمایا اگر میں چاہتا تو اللہ تعالیٰ میرے ساتھ سونے چاندی کے پہاڑ حاضر کر دیتا۔ مطلب یہ کہ میرا بستر میرا زہد اور میری ریاضت ہے۔ فقر و ناپیدی کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اپنے رب کی محبت میں اور اس کی رضا میں میں نے اسے اختیار کیا ہے۔ امام احمد نے اپنی مسند میں ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم چٹائی پر آرام فرما تھے اور چٹائی کا نشان آپ کے پہلوئے مبارک پر پڑا ہوا تھا اس پر انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ، کاش کہ آپ اس سے بہتر و نرم بستر پسند فرماتے؟ فرمایا مجھے دنیا سے کیا لینا ہے۔ میرا قصہ اور میری داستان، اور دنیا کی داستان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی سوار گرامی میں سفر کر رہا ہو پھر ستانے کے لئے کچھ دیر ایک درخت کے نیچے بیٹھ جائے اس کے بعد وہ سفر کو چل دے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ایک گرم کوٹھری میں (گویا کہ وہ حمام ہے) چٹائی پر سو رہے تھے اور اس کا نشان آپ کے پہلوئے مبارک پر پڑ گیا میں یہ حالت دیکھ کر رونے لگا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے۔ کس نے تمہیں رلایا اے عبداللہ رضی اللہ عنہ! میں نے عرض کیا قیصر و کسریٰ تو دیبا و حریر کے فرش پر سوئیں اور آپ چٹائی پر فرمایا اے عبداللہ رضی اللہ عنہ! ''روؤ نہیں ان کے لئے دنیا ہے اور ہمارے لئے آخرت۔'' اس حدیث کا مضمون حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اس سے زیادہ مفصل مذکور ہے۔ فرمایا کہ جب حضور چٹائی پر استراحت فرما رہے تھے۔ اس وقت آپ کے جسم اطہر پر بجز تہبند کے کچھ نہ تھا اور چٹائی کے نشان آپ کے پہلوئے اقدس پر پڑ

گئے تھے اور آپ کے کاشانہ اقدس کے گوشے میں ایک صاع کے برابر جو پڑے ہوئے تھے۔ اور ایک کھال دیوار پر آویزاں تھی۔ یہ دیکھ کر میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اے خطاب کے فرزند! کس چیز نے تمہیں رولایا۔ میں نے عرض کیا ''یا نبی اللہ! میں کیوں نہ روؤں جب کہ قیصر و کسریٰ تر باغوں اور نہروں میں سونے کے تختوں پر دیبا و حریر کے بستر پر سوئیں اور آپ خدا کے نبی چٹائی پر اس حال میں آرام فرمائیں۔'' فرمایا اے ابن خطاب! کیا تم اس پر راضی نہیں کہ ان کے لئے دنیا ہے اور ہمارے لئے آخرت۔'' ایک اور روایت میں ہے کہ چٹائی پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہوئی تھی اور سر مبارک کے نیچے ٹاٹ کا تکیہ کھجور کی چھال سے بھرا ہوا رکھا تھا، مروی ہے کہ فرمایا یہ وہ قوم ہے جن کو دنیا میں اچھی اچھی چیزیں دینے میں جلدی کی گئی ہے۔ اور ہم وہ قوم ہیں جنہیں آخرت میں اچھی اچھی چیزیں دینے کے لئے دیر کی گئی ہے۔ منقول ہے کہ اگر حضور کے لئے بستر بچھا دیا جاتا تو اس پر آرام فرما لیتے تھے ورنہ زمین پر ہی استراحت فرمالیت تھے۔

نوع سوم، در نکاح مبارک

وصل: اب ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح اور جماع کے بارے میں عادت کریمہ کا ذکر کرتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ جماع، حفظ صحت کے اسباب میں سے ہے اور منی کا روکنا اور اس کے اخراج سے باز رہنا اور اس کی عادت بنالینا، ضعف قویٰ اور اس کی رگوں کا خشکی اور قسم قسم کے امراض ردیہ کے پیدا ہونے کا موجب و باعث ہے۔ مثلاً وسواس، جنون اور مرگی وغیرہ لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ قوت اور اعتدال مزاج اور اس میں زیادتی اور کثرت نہ ہو جس کی قوت زیادہ ہے اسے ترک جماع بہت زیادہ مضر ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت تمام مردوں سے زیادہ تھی۔ ابن سعد نے طاؤس و مجاہد سے روایت کیا ہے کہ آپ کو چالیس مردوں کے جماع کی قوت دی گئی تھی۔ ایک روایت میں ہے کہ جنتی چالیس اور چند مردوں کے کھانے پینے اور جماع کی قوت دی گئی ہے امام احمد و نسائی اور حاکم نے زید رضی اللہ عنہ بن ارقم کی حدیث مرفوعاً روایت کی ہے کہ ایک جنتی مرد کو سو مردوں کے کھانے پینے اور شہوت و جماع کی قوت دی جاتی ہے۔ صفوان بن سلیم سے مرفوعاً مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام ایک دیگ پکی ہوئی لائے اور میں نے اس میں سے کچھ کھایا تو مجھے چالیس مردوں کے جماع کی طاقت دی گئی اور بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ وہ دیگر ہریسہ کی تھی۔ محدثین ان حدیثوں کو وضعی قرار دیتے ہیں جیسا کہ گزرا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے کہ نکاح کرو کیونکہ جس کی ازواج زیادہ ہیں وہ سب سے افضل ہے۔ یا تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب اشارہ ہے یا عام بات ہے شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی خوبی بیان کرنا ہے۔ بندۂ مسکین (صاحب مدارج) کہتا ہے کہ مراد تمام امت ہے کیونکہ اس میں اتفاق ہے کہ اہل عرب، مردوں میں جماع کی قوت پر فخر و مباہات کرتے تھے۔ اور یہ بات مسلم ہے اور اس سے زیادہ کیا دلیل ہوگی کہ حضور سید الانبیاء صلوات اللہ علیہ وعلیہم اس فعل کو شرف بخشتے تھے اور وظیفہ نکاح کی زیادتی میں حد، چار آزاد عورتیں ہیں اور اسے مباح کیا گیا ہے۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس جہان سے تشریف نہ لے گئے جب تک کہ آپ کے لئے جتنی چاہیں عورتیں حلال نہ ہوئیں اور آپ میں ازواج کی محبت پیدا کی گئی۔ فرمایا: اَصْبِرُ عَنِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ وَلَا اَصْبِرُ عَنْهُنَّ میں کھانے پینے سے تو رک سکتا ہوں لیکن ازواج سے نہیں رک سکتا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے چار خصلتوں میں لوگوں پر فضیلت دی گئی ہے سماحت (جود و سخا) کثرت جماع، شجاعت، اور شدت گرفت، اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ عورتوں سے جماع کی قوت انسانیت کا کمال ہے۔ اور

حضرت خلیل اللہ صلوٰت اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ جو کہ ابوالملت اور امام الحنفاء ہیں اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا جو کہ جہان کی تمام عورتوں میں سب سے زیادہ حسین وجمیل تھیں اور حضرت ہاجرہ جوان کی زوجہ تھیں آپ ہاجرہ رضی اللہ عنہا سے صحبت کے لئے روزانہ براق پر شام سے تشریف لاتے تھے کیونکہ ان سے آپ کو خاص لگاؤ اور محبت تھی اوزان سے صبر کی تاب کم تھی اور حضرت داؤد علیہ السلام کی ننانوے بی بیاں تھیں انہیں اچھا معلوم ہوا کہ سو کی تعداد پوری ہو جائے۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام ننانوے ازواج پر تشریف لے جاتے اور آپ کے صلب میں سو مردوں کی طاقت تھی۔ یہ ان کا معجزہ تھا ان کی تین سو بیبیاں اور ایک ہزار باندیاں تھیں۔ (کذا فی المواہب)۔

اس جگہ یہ وہم نہ کرنا چاہئے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس خصوص میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فوقیت تھی اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اتنے فضائل کے پہلو میں یہ محو ومستور ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم جماع کو بقدر کفایت اختیار فرماتے تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام نبی اور بادشاہ تھے اور انہیں ایسا ملک دیا گیا جو ان کے بعد کسی کو نہ دیا گیا۔ اور عورتوں کی کثرت تعداد بھی ان کے ملک کی قسم میں تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نبوت، عبودیت اور فقر کو اختیار کئے ہوئے تھے اور یہ قوت جماع جو آپ کو حاصل تھی معجزے میں داخل ہے کہ ایک رات میں تمام ازواج مطہرات پر دورہ فرماتے وہ ازواج گیارہ تھیں اور ایک روایت کے مطابق نو تھیں۔ یہ قوت کثرت سے روزے رکھنے اور صوم وصال فرمانے اور شدت بھوک میں اپنے شکم اطہر پر پتھر باندھنے کے باوجود ہے۔ اور عادت کے مطابق کھانے پینے کے قسم سے مقویات کا استعمال حضور کے حق میں نادر تھا یا معدوم۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حسن وجمال، رنگت کا نکھار اور رخ انور کی چمک ودمک کی حالت میں جو کہ عام طور سے لذیذ ومشتہی کھانوں کے استعمال اور نرم ونازک لباسوں کے پہننے اور مخملی بستر پر سونے سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ تمام باتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے عالم ظاہر میں نہ تھیں اس کے باوجود عالم ظاہر میں آپ کی یہ حالت معجزات میں سے ہے البتہ بعض انبیاء کرم علیہم السلام اصلاح وقت کی خاطر اور حکم الٰہی سے عدیم النکاح اور قلیل الازواج بھی گزرے ہی لیکن ان میں یہ شان اور یہ کثرت نہ ہوتی اور اس میں ان کے مبالغہ کرنے کو عیب ونقص کی نظر سے نہ دیکھنا چاہئے۔ حَاشَآ لِلّٰہِ وَعَیَاذًا بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ. بلکہ دوسروں کے اعتبار سے ان میں اس فضیلت وکمال کے وجود کو زیادہ افضل واکمل ماننا چاہئے۔ اور بعض متقشع زاہد جن میں جہالت اور رہبانیت کی صفت ثابت ہے اس معاملہ میں حسن اعتقاد ومعقولیت کے برعکس راہ چلتے ہیں اور اس خصلت کو محض لذات حسیہ سے خیال کرتے ہیں اور وہ یہ نہیں جانتے کہ اس میں ایسے اسرار وفوائد اور منافع مضمر ہیں جو اس کے ماسوا میں نہیں ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل مبارک حسن لطافت اور کثرت ازواج کے وجود کی دلیل کافی ہے نکاح وجماع کے فوائد ومنافع بہت ہیں ان میں سے عمدہ ترین، سلسلہ تناسل اور نوع انسانی کا دوام اور اس کی بقا ہے یہ سلسلہ اس وقت تک رہے گا جب تک خدا کو منظور ہے۔ اس کے سوا قضاء حاجت، حصول لذت وشوق از مباشرت اور تمتع بہ نعمت الٰہی ہے اور یہ ایسی نعمت ومنفعت ہے، جو جنت میں بھی ہوگی لیکن وہاں سلسلہ تناسل اور اخراج منی نہ ہوگی۔ اس کے سوا منی کے روکنے سے متعدد امراض پیدا ہوتے ہیں اور اسکے منافع میں سے یہ بھی ہے کہ نگاہ میں تیزی اور منی کا اخراج ہوتا ہے جس سے ضرر رساں چیزوں کا ازالہ ہو کر صحت کی حفاظت ہوتی ہے جیسا کہ گزرا اور عورت ومرد کا نفس کسی گناہ میں مبتلا ہونے سے محفوظ رہتا ہے اور عورت ومرد کی محبت نکاح کے فوائد میں سے یہ ہی کہ بیویوں کے حقوق کی ادائیگی میں زیادہ تکلیف اٹھائی جاتی ہے اور ان کی کج خلقی اور دکھ دینے والی باتوں پر صبر کرنا پڑتا ہے اور یہ وہ فائدہ ہے جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتم واشد طریقہ سے حاصل فرماتے تھے کیونکہ یہ اتم واکمل عبادت ہے۔ کیونکہ اس میں بہت زیادہ اجر وثواب ہے اور مذہب حنفی میں مجرد رہنے سے مطلق نکاح کرنا افضل ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو اس کی ترغیب دی ہے چنانچہ فرمایا، محبت کرنے والی اور بچے پیدا کرنے والی عورت سے نکاح کرو اس لئے کہ میں روز قیامت اپنی امت کی کثرت اور ان کی زیادتی پر دیگر امتوں پر فخر ومباہات

فرماؤں گا۔حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے انہوں نے فرمایا میں عورتوں سے صحبت کرتا ہوں باوجود ان کی جانب میلان نہ ہونے کے۔اس امید پر کہ اللہ تعالیٰ میری پشت سے اسے پیدا فرمائے جس کی وجہ سے روز قیامت دیگر امتوں کے سامنے حضور کثرت امت پر فخر فرمائیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو روزہ رکھنے کا حکم فرمایا جو نکاح کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو کیونکہ روزہ، قوت باہ کو توڑتا اور اس کے مادہ کو فنا کرتا ہے۔اس سے ظاہر ہوا کہ اجر وثواب میں روزے سے نکاح اعظم ہے اس لئے کہ حضور نے روزہ رکھنے کا حکم اسی بنا پر فرمایا کہ وہ نکاح کی استطاعت نہ رکھتا تھا۔اس میں شک نہیں کہ جب نکاح سے امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی کثرت مقصود ہو تو نکاح افضل ہوگا۔بلاشبہ حضور کا ارشاد ہے: لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْإِسْلَامِ اسلام میں رہبانیت نہیں ہے اور رہبانیت سے مراد ترک نکاح ہے۔اگر ترک نکاح افضل ہوتا تو یقین ہے کہ ہمارے دین میں جو سب دینوں سے افضل و برتر ہے اسے شروع کیا جاتا۔

وجہ حکمت کثرت تزویج رسول صلی اللہ علیہ وسلم: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کثرت سے نکاح فرمانا جو حضور کے ساتھ خاص ہے اس کا مقصد اندرون خانہ کے احکام کی تبلیغ تھی اور یہ کہ انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوبیاں معلوم ہوں۔اور آپ کی اس سیرت پاک سے مطلع ہو جائیں چند مرد مطلع نہیں ہو سکتے اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض ازواج مطہرات ایسی تھیں جن کے باپ اور چچا مر چکے تھے۔مثلاً سیّدہ ام صفیہ رضی اللہ عنہ اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہ کے والد اس زمانے میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے دشمن تھے وغیر ذالک۔اگر یہ ازواج مطہرات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ اور آپ کے کمال حسنِ خلق پر مطلع نہ ہوتیں تو انسانی طبیعتیں اپنے آباء واقارب کی طرف مائل ہونے کا اقتضاء کرتیں لہٰذا ازواج کی کثرت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اور آپ کے ظاہر و باطنی کمالات کا اظہار و بیان ہے۔(صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین)۔

تنبیہ: حدیث مبارک حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ ثَلَاثٌ (مجھے تمہاری دنیا کی تین چیزیں محبوب کی گئی ہیں) یہ حدیث اسی طرح تمام زبانوں پر مشہور ہے۔لیکن امام غزالی، احیاء العلوم میں اور صاحب کشاف۔''آل عمران کی تفسیر میں اور فقہ کی اکثر کتابوں میں اس طرح واقع ہوا ہے۔اس عبارت پر ایک اعتراض وارد ہے وہ یہ کہ ''نماز دنیا میں سے نہیں ہے۔'' اس کے جواب میں ارباب تحقیق، محدثین فرماتے ہیں کہ طرق حدیث کے تتبع وتلاش کے بعد ہمیں پتہ چلا ہے کہ حدیث میں لفظ ثلث نہیں ہے۔لہٰذا اعتراض جاتا رہتا ہے اور اکثر طرق میں لفظ ''من الدنیا'' بھی نہیں ہے۔اس تقدیر پر تو اعتراض وارد ہی نہیں ہوتا۔ہم نے اس معنی کی تحقیق اور اس حدیث کی شرح اور اس کے معنی ونکات کا بیان مشکوٰۃ شریف کی شرح میں کر دیا گیا ہے۔وہاں دیکھنا چاہئے۔

خواب واستراحت رسول صلی اللہ علیہ وسلم: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند، بقدر اعتدال تھی۔قدر ضرورت سے زیادہ آپ سویا نہ کرتے تھے اور نہ آپ قدر ضرورت سے زیادہ اپنے آپ کو باز رکھا کرتے تھے اسی ضمن میں یہ ہے جو حدیثوں میں بھی مروی ہے کہ جو چاہتا کہ خواب میں حضور کو دیکھے تو وہ آپ کو خواب میں پاتا اور جو چاہتا کہ حضور کو نماز میں دیکھے تو وہ آپ کو نماز میں پاتا۔مطلب یہ کہ حضور قیام بھی فرماتے اور خواب بھی فرماتے جیسا کہ نوافل وعبادات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی اور کبھی رات میں خواب بھی فرماتے۔پھر اٹھ کر نماز پڑھتے اس کے بعد پھر سو جاتے اسی طرح چند مرتبہ سوتے اور اٹھتے تھے۔اس صورت میں بھی یہ بات درست ہے کہ جو خواب میں دیکھنا چاہتا وہ بھی دیکھ لیتا اور جو بیدار دیکھنا چاہتا وہ بھی دیکھ لیتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں داہنی جانب قبلہ رو ہو کر آرام فرماتے۔رخسار شریف کو داہنی ہتھیلی پر رکھتے اور بصورت تعریس ہاتھوں کو کھڑا کر کے ہتھیلی پر سر مبارک رکھتے تاکہ بیداری اور نماز کے لئے کھڑے ہونے میں آسانی ہو اور داہنی جانب کو ابتداء خواب میں اختیار فرمانا جیسا کہ مشہور ہے اس وجہ سے ہے کہ بائیں جانب میں دل معلق رہے اور جب بائیں پہلو پر سویا جائے گا تو دل قائم رہے گا

بیدار رہتا ہے۔'' یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس سوال کے جواب میں ہے کہ انہوں نے عرض کیا تھا کہ یارسول اللہ آپ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں؟ حالانکہ یہ سوال، وضو کے ٹوٹنے کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا بلکہ مطلق سوال ہے جو وتر سے متعلق ہے۔ بغیر ایک حالت سے دوسری حالت کے ساتھ مقید کرنے کے۔

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ تم باتیں کرتے ہو میں سب سنتا ہوں اس کا حق جواب وہی ہے جو شیخ ابن حجر نے دیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ کے بل اوندھے لیٹ کر سونے سے منع فرمایا ہے۔ سنن ابوداؤد میں مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص پر گزرے جو اپنے منہ کے بل اوندھا سو رہا تھا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پائے اقدس سے ٹھوکر مار کر فرمایا ''اٹھ، بیٹھ جا، یہ جہنمیوں کا سونا ہے۔''

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ چت لیٹ کر سونا بہت برا ہے اور منہ کے بل اوندھے ہو کر سونا تو بہت ہی بدتر ہے۔ کہا گیا ہے کہ بغیر سونے کی غرض کے استراحت کے لئے چت لیٹنا نقصان دہ نہیں ہے۔

امام غزالی احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ سونے کی چار ہیئتیں ہیں۔ چت لیٹنا، معبروں کے لئے ہے جو آسمان اور اس کے ستاروں کو دیکھتے ہیں اور اس کی نشانیوں پر غور کرتے ہیں۔ اور داہنے پہلو سونا عابدوں اور شب بیداروں کے لئے ہے۔ اور بائیں پہلو پر سونا پرخوروں کے لئے ہے جو کھانے کی ہضم کے لئے راحت و آرام حاصل کرتے ہیں اور منہ کے بل اوندھے سونا بدبختوں اور احمقوں کے لئے ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی فرش پر اور کبھی چمڑے پر، کبھی ٹاٹ پر اور کبھی زمین پر سوتے تھے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرش یعنی بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے درخت کی چھال بھری ہوئی تھی یہ وہ عادات کریمہ تھیں جو کھانے پینے اور لباس و نکاح اور خواب سے متعلق تھیں۔ جنہیں مواہب لدنیہ سے نقل کیا گیا ہے اور اس ضمن میں جزائیات، آداب اور ابواب وغیرہ بہت ہیں۔ جسے کتاب شرح سفر السعادہ اور شرح مشکوٰۃ وغیرہ میں بیان کر دیا گیا ہے اور بقدر ضرورت اس جگہ اسی پر اکتفا کیا گیا ہے۔ فقط

الحمد للہ کہ مدارج النبوۃ کی جلد اوّل کا ترجمہ ختم ہوا

ہوتا ہے اگر واقعتہً اولیاء کرام کے لئے یہ صورت صحیح ہے تو اس کے احکام کا ترتب مثلاً وضو کا نہ ٹوٹنا اور دیگر احکام ان پر منتفی ہوں گے کیونکہ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ہے سنا گیا ہے کہ عہد رسالت کے قریب زمانے میں بعض صوفیاء اپنی ولایت کے پندار میں خواب سے اٹھتے ہی بغیر وضو کئے نماز پڑھنے لگتے تھے اور اس مسئلہ میں ادعائے فقاہت بھی کرتے تھے کیونکہ علت مشترک ہے جو قیاس کو صحیح بناتا ہے حالانکہ یہ جہالت کی نشانی ہے اس لئے کہ قیاس کی شرط یہ ہے کہ منصوص علیہ کے حکم کے ساتھ مختص نہ ہو وباللہ التوفیق وہ اتنا نہیں جانتے کہ حدیث لاینام قلبی پر لیلۃ التعریس میں سو جانے کی حدیث سے جو ایک وادی میں نماز صبح سے سورج نکلنے اور اس کے گرم ہونے تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اور لشکریوں کا سوتے رہنا اور بیدار نہ ہونا ہے۔ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر بیدار رہتے تو سورج نکلنے کا پتہ کیوں نہ چلا۔ امام نووی نے اس اعتراض کے دو جواب دئے ہیں ایک یہ کہ قلب اپنے متعلقات کا ہی ادراک کرتا ہے لذات مسرت اور رنج والم وغیرہ محسوسات کا ادراک نہ کرتا یعنی اس کا نہیں جو آنکھیں دیکھتی ہیں اور طلوع وغروب کا ادراک آنکھ کا کام ہے اور آنکھ تو خود سو رہی تھی اگر چہ قلب بیدار تھا اس کی مثال یوں سمجھو کہ کوئی بیدار تو ہے لیکن آنکھیں بند ہیں تو وہ طلوع آفتاب کو نہ جان سکے گا اگر چہ وہ خود بیدار ہو۔ دوسرا جواب اس طرح دیتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو حالتیں ہیں ایک یہ حالت کہ آپ کا قلب بیدار رہے اور یہ حالت حضور کی اکثر و بیشتر تھی اور دوسری حالت وہ ہے جبکہ دل بھی محو خواب ہوتا تھا۔ چنانچہ لیلۃ التعریس کا واقعہ اسی دوسری حالت کا ہے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ پہلا جواب ہی صحیح اور قابل اعتماد ہے اور دوسرا ضعیف ہے۔ مطلب یہ کہ مذہب مختار یہی ہے کہ حضور کا قلب اطہر ہمیشہ ہی بیدار رہتا تھا اور ہر حالت میں ثابت و برقرار رہتا تھا اور حدیث کی عبارت بھی اسی مفہوم و مطلب پر واقع ہے بعض لوگ اب بھی اعتراض کرتے ہیں کہ اگر چہ طلوع کا تعلق آنکھ سے ہے اور قلب اس کا ادراک نہیں کرتا لیکن اتنا تو معلوم ہونا چاہئے کہ وقت بہت ہو گیا ہے اس لئے کہ طلوع فجر کی ابتدا سے آفتاب کے طلوع ہونے تک مدت طویل ہے یہ کیسے پوشیدہ رہ سکتا ہے بجز اس شخص کے جو نیند میں مستغرق ہو، فتح الباری میں کہا گیا ہے کہ یہ استحالہ اور استبعاد مردود ہے اس لئے کہ ممکن ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قلب انور اس وقت وحی میں مستغرق ہو، اس سے خواب میں مستغرق ہونا لازم نہیں آتا جس طرح کی بیداری کی حالت میں القائے وحی کے وقت استغراق کا عالم ہوتا تھا اور حکمت، فعل کے ذریعہ شریعت اور حصول اتباع کا بیان تھا اور یہ بات آپ کے منصب رفیع کے لئے زیادہ صحیح ہے جس طرح کہ نماز میں سہوئے وقوع پر علماء کہتے ہیں اسی بنا پر صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں ہوتے تھے تو ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار نہیں کرتے تھے اس لئے کہ ہمیں کیسے معلوم ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس حال میں اور کس مقام میں ہیں لہٰذا حضور کی نیند، حضور کی نماز اور حضور کے نسیان کی وجہ یہی تھی۔ قلب انور کے سو جانے کے باعث نہ تھا بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت کی جانب متوجہ ہو جانے کے باعث تھا۔ یا اس سے بھی بلند تر مقام کے باعث تھا وہ یہ کہ تا کہ ہم لوگوں کیلئے سنت بن جائے جیسا کہ صاحب مواہب نے قاضی ابوبکر عربی مالکی سے نقل فرمایا ہے۔

بعض صوفیاء کہتے ہیں کہ حضور کو اس ابتلا میں اس وجہ سے پڑنا پڑا کہ آپ نے اپنی تدبیر پر اعتماد کیا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اس پر مقرر فرمایا اور رب تبارک وتعالیٰ کی تقدیر کے سپرد نہ فرمایا حالانکہ یہ بات بھی بالکل بودی اور کمزور ہے۔ اس لئے کہ یہ توثیق وتوکیل اور تاکید واہتمام حق سبحانہ وتعالیٰ کے حکم کو بجالانے کے لئے تھا نہ کہ تدبیر پر بھروسہ کرنا۔

اور بعض یہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد: لاینام کے معنی یہ ہیں کہ مجھ پر وضو ٹوٹنے کی حالت پوشیدہ نہیں رہتی ہے مطلب یہ کہ میں نیند میں اتنا مستغرق نہیں ہوتا ہوں کہ حدث کے وجود کا پتہ ہی نہ معلوم ہو۔ گویا کہ یہ قائل دل کی بیداری کو وضو کے ٹوٹنے کی حالت کے ادراک کے ساتھ مخصوص جانتا ہے۔ حالانکہ یہ بھی بعید ہے اس لئے کہ حضور کا ارشاد ''میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل

بیدار رہتا ہے۔'' یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس سوال کے جواب میں ہے کہ انہوں نے عرض کیا تھا کہ یارسول اللہ آپ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں؟ حالانکہ یہ سوال، وضو کے ٹوٹنے کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا بلکہ مطلق سوال ہے جو وتر سے متعلق ہے۔ بغیر ایک حالت سے دوسری حالت کے ساتھ مقید کرنے کے۔

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ تم باتیں کرتے ہو میں سب سنتا ہوں اس کا حق جواب وہی ہے جو شیخ ابن حجر نے دیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ کے بل اوندھے لیٹ کر سونے سے منع فرمایا ہے۔ سنن ابوداؤد میں مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص پر گزرے جو اپنے منہ کے بل اوندھا سو رہا تھا اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پائے اقدس سے ٹھوکر مار کر فرمایا ''اٹھ، بیٹھ جا، یہ جہنمیوں کا سونا ہے۔''

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ چت لیٹ کر سونا بہت برا ہے اور منہ کے بل اوندھے ہو کر سونا تو بہت ہی بدتر ہے۔ کہا گیا ہے کہ بغیر سونے کی غرض کے استراحت کے لئے چت لیٹنا نقصان دہ نہیں ہے۔

امام غزالی احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ سونے کی چار ہیئتیں ہیں۔ چت لیٹنا، معبروں کے لئے ہے جو آسمان اور اس کے ستاروں کو دیکھتے ہیں اور اس کی نشانیوں پر غور کرتے ہیں۔ اور داہنے پہلو سونا عابدوں اور شب بیداروں کے لئے ہے۔ اور بائیں پہلو پر سونا پرخوروں کے لئے ہے جو کھانے کی ہضم کے لئے راحت و آرام حاصل کرتے ہیں اور منہ کے بل اوندھے سونا بدبختوں اور احمقوں کے لئے ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی فرش پر اور کبھی چمڑے پر، کبھی ٹاٹ پر اور کبھی زمین پر سوتے تھے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرش یعنی بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے درخت کی چھال بھری ہوئی تھی یہ وہ عادات کریمہ تھیں جو کھانے پینے اور لباس و نکاح اور خواب سے متعلق تھیں۔ جنہیں مواہب لدنیہ سے نقل کیا گیا ہے اور اس ضمن میں جزائیات، آداب اور ابواب وغیرہ بہت ہیں۔ جسے کتاب شرح سفر السعادہ اور شرح مشکوٰۃ وغیرہ میں بیان کر دیا گیا ہے اور بقدر ضرورت اس جگہ اسی پر اکتفا کیا گیا ہے۔ فقط

الحمد لله كه مدارج النبوة كى جلد اوّل كا ترجمه ختم هوا